مصباح اللغات
مکمل عربی اردو ڈکشنری
ابوالفضل مولانا عبدالحفیظ بلیاوی

مصباح اللغات

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اَلۡحَمۡدُ لِلّٰہِ وَکَفٰی وَسَلَامٌ عَلٰی عِبَادِہِ الَّذِیۡنَ اصۡطَفٰی

اَمَّا بَعۡدُ! تقریباً دس سال ہوئے میں مدرسہ مصباح العلوم بریلی میں طلبہ کی خدمت پر مامور تھا کہ بعض بزرگوں اور عزیز طلبہ نے اصرار کے ساتھ خواہش کی کہ المنجد کی طرز پر ایک لغت کی کتاب ترتیب دی جائے جس میں ترجمہ اُردو میں ہو' ایک مدت سے ایسی کتاب کی ضرورت میں خود محسوس کرتا تھا' لیکن اپنی کم مائیگی اور بے بضاعتی کی وجہ سے اس اہم کام کی ہمت اپنے اندر نہیں پاتا تھا اور ہمیشہ اپنے آپ کو بچانے کی کوشش کرتا رہا اسی اثناء میں ایک مکتبہ نے تمنا ظاہر کی' پھر کیا تھا بزرگوں اور عزیزوں کو موقع مل گیا اور انہوں نے پھر اصرار شروع کیا اُن کے اصرار کے سامنے مجبور ہونا پڑا۔ کسی ایک زبان کو دوسری زبان میں منتقل کرنا جتنا دشوار کام ہے اس سے کچھ وہی حضرات واقف ہیں جن کو اس قسم کے کام سے سابقہ پڑا ہو۔ اس کو وہی شخص کر سکتا ہے جو دونوں زبانوں کا ماہر اور دونوں کے ادب پر پوری طرح حاوی ہو اور اپنی حالت یہ ہے کہ عربی زبان تو بہرحال مادری زبان نہیں ہے جو مادری زبان ہے اسی سے پوری طرح واقفیت نہیں۔ بہرکیف اس احساس کے ساتھ کام شروع کیا اور کام کرتے ہوئے تاج العروس' جمهرة اللغة' اقرب الموارد' قاموس كتاب الافعال لابنِ قوطيه' تاج اللغات' مفرداتِ امام راغب ' مجمع البحار' نهايه ابنِ اثير' منتهی الارب المنجد' صراح یہ سب کتابیں پیش نظر رہیں۔ ہر لفظ کے معنی و مُراد کی نہایت تحقیق کے ساتھ تعیین کی گئی پھر بھی ناظرین سے التماس ہے کہ اگر کہیں غلطی نظر آئے تو دامن عفو سے چھپائیں اور ہو سکے تو مجھے اطلاع کر دیں تاکہ آئندہ ایڈیشن میں تصحیح کر دی جائے' چونکہ یہ کام مدرسہ مصباح العلوم میں شروع ہوا تھا اس لیے اس کتاب کا نام بعض بزرگوں نے مصباح اللغات تجویز کیا ہے۔

سالہا سال کی عرق ریزی کے بعد تالیف سے فارغ ہوا تو طباعت کا دشوار گزار مرحلہ درپیش تھا۔ وہ مکتبہ جس کے اظہارِ تمنا کی بنیاد پر میں نے کام شروع کیا تھا اب اس کے انتظام و انصرام سے انکار کر چکا تھا۔ اسی پریشانی میں تھا کہ عین وقت پر ندوۃ المصنفین اور مکتبہ برہان کے بانی جناب مولانا مفتی عتیق الرحمٰن صاحب عثمانی مدظلہ' نے دست گیری فرمائی اور اسے مکتبہ برہان سے شائع کرنے کا وعدہ کر لیا' ایسے نازک اور انتہائی مشکل وقت میں جناب مفتی صاحب موصوف اس خدمت کا بار اپنے ذمے نہ لیتے تو ظاہری اسباب کے تحت میں اس کی تکمیل و اشاعت سے قاصر رہتا' اس لیے میں موصوف کا جتنا بھی شکریہ ادا کروں کم ہے' دہلی کے ۴۷ء کے ہنگاموں میں ندوۃ المصنفین اور مکتبہ برہان کا دفتر جو اُن دنوں قرولباغ میں تھا وحشت و بربریت کے نذر ہو گیا یہاں تک کہ اس عظیم الشان ادارے کی زندگی کا نقشہ ہی بدل گیا' تاہم مفتی صاحب مدظلہ اپنے وعدہ پر قائم رہے اور اتنے بڑے کام کو پایہ تکمیل تک پہنچایا۔

نیز بڑی ناشکری ہو گی اگر صدیق مکرم جناب مولانا مولوی حکیم صدیق احمد صاحب امروہی وارد حال بریلی اور جناب مولانا عبدالقدیم صاحب صدر مدرس مدرسہ مصباح العلوم بریلی اور فاضل جلیل جناب مولانا مولوی جلیل احسن ندوی صاحب کے احسانات سے اپنے آپ کو سبکدوش سمجھوں کہ اوّل الذکر دو حضرات نے اپنی کتابوں سے مؤخر الذکر نے اپنے علمی فیوض سے فائدہ پہنچایا خدا تعالیٰ ان حضرات کو ہمیشہ اپنے حفظ و امان میں رکھے۔

ابوالفضل عبدالحفیظ بلیاوی غفرلہ

دارالعلوم ندوۃ العلماء ۔ بادشاہ باغ لکھنؤ

۱۰/ شعبان المعظم ۱۳۶۹ھ مطابق ۲۸/ مئی ۱۹۵۰ء

مصباح اللغات کے رُموز و اِشارات

فا سے مُراد اسم فاعل — مص سے مُراد مصدر — (س) سے مُراد باب سمع یسمع

مفو سے مُراد اسم مفعول — (ض) سے مُراد باب ضرب یضرب — (ک) سے مُراد باب کرم یکرم

ج سے مُراد جمع — (ن) سے مُراد باب نصر ینصر — (ح) سے مُراد باب حسب یحسب

جج سے مُراد جمع الجمع — (ف) سے مُراد باب فتح یفتح

اگر کسی کلمہ کی تلاش ہو اور وہ مجرد ہو یا اگر مزید ہو تو مجرد بنا کر یا پہلا حرف بدلا ہوا ہو تو اصل کی طرف لوٹا کر پہلے حرف کے باب میں تلاش کرو۔

بعض قیاسی اَحکام

لغت عربی کے متعلم کو فن صرف کے قواعد سے اچھی طرح واقف ہونا چاہئے تاکہ جن قیاسی چیزوں کے ذکر کو چھوڑنے کی عام عادت ہے ان کے استعمال میں غلطی نہ ہونے پائے۔ لیکن پھر بھی بعض قواعد فائدہ کے لیے یہاں لکھ دیئے جاتے ہیں۔

مجرد کو مزید بنا دینے سے حسب ذیل فوائد حاصل ہوتے ہیں:

(۱) **تعدیہ**: لازم سے متعدی ہونا یا اگر فعل متعدی ہو تو ایک اور مفعول کو اضافہ ہونا۔

(۲) **تصییر**: صاحب ماخذ بنا دینا۔

(۳) **تعریض**: مفعول کو ماخذ کے محل اور موقع میں لے جانا۔

(۴) **وجدان**: کسی چیز میں ماخذ کی صفت کا پایا جانا۔

(۵) **ابتدا**: کسی فعل کی ابتداء اسی باب سے ہونا بغیر اس کے کہ وہ فعل ثلاثی مجرد سے آیا ہو اور اگر وہ مادہ مجرد سے آیا ہو تو وہاں وہ معنی نہ ہوں جو ثلاثی مزید میں ہیں۔

(۶) **اتخاذ**: کسی چیز کو ماخذ بنانا یا ماخذ میں لینا۔

(۷) **اشتراک**: دو شخصوں کا کسی کام میں شریک ہونا اس طرح کہ ہر ایک فاعل اور مفعول دونوں کی حیثیت رکھتا ہو۔

(۸) **اقتضاب**: کسی فعل کی ابتداء اسی باب سے ہونا اور ثلاثی مجرد مطلقاً کسی باب سے نہ آنا۔

(۹) **الباس ماخذ**: کسی چیز کو ماخذ پہنانا۔

(۱۰) **بلوغ**: ماخذ میں آنا یا ماخذ میں پہنچنا۔

(۱۱) **تجنب**: ماخذ سے بچنا۔

(۱۲) **تحول**: کسی چیز کا عین ماخذ ہونا یا مثل ماخذ ہونا۔

(۱۳) **تحویل**: کسی چیز کو ماخذ یا مثل ماخذ بنا دینا۔

(۱۴) **تحلیط**: کسی چیز کو ماخذ سے آراستہ کرنا۔

(۱۵) **تخییر**: فاعل کا کسی فعل کو اپنی ذات کے لیے کرنا۔

(۱۶) **تخیل**: فاعل کا اپنی ذات میں ماخذ کا حصول دکھانا یا جتانا جس سے صرف دکھاوا یا بناوٹ مقصود ہو۔

(۱۷) **تدریج**: کسی فعل کو آہستہ آہستہ کرنا۔

(۱۸) **تصرف**: ماخذ کے حصول میں کوشش کرنا۔

(۱۹) **تعمل**: ماخذ کو کام میں لانا یا ماخذ سے کام لینا۔

(۲۰) **تکلف**: ماخذ میں تصنع یا بناوٹ ظاہر کرنا۔

فائدہ۔ تکلف اور تخیل میں فرق یہ ہے کہ تکلف میں جو تصنع ہے وہ مرغوب فعل ہوتا ہے مگر تخیل میں جس فعل کا ارتکاب ہوتا ہے وہ محض دکھاوا اور جعل ہوتا ہے۔

(۲۱) **حسبان**: کسی چیز کے متعلق یہ گمان کرنا کہ وہ ماخذ کے معنی سے موصوف ہے۔

فائدہ۔ حسبان اور وجدان میں فرق یہ ہے کہ وجدان میں یقین پایا جاتا ہے اور حسبان میں شک و گمان۔

(۲۲) **صینونت**: کسی امر کا ماخذ کے وقت میں واقع ہونا یا اس وقت میں پہنچنا۔

(۲۳) **سلب**: کسی چیز سے ماخذ کو دور کرنا۔

(۲۴) **صیرورت**: صاحب ماخذ ہونا۔

(۲۵) **طلب**: ماخذ کو طلب کرنا، چاہنا۔

(۲۶) **قصر**: اختصار کے لیے کسی کلمہ کا مرکب سے اشتقاق کے طور پر بنانا۔

(۲۷) **لزوم و علاج**: فعل میں جوارح یعنی اعضاء کے کام کا اثر پایا جانا۔

(۲۸) **لیاقت**: کسی چیز کا ماخذ کے لائق ہونا۔

(۲۹) **مبالغہ**: کسی امر کی کیفیت یا اس کی مقدار کی زیادتی کو بیان کرنا۔

(۳۰) **مطاوعت**: ایک فعل کے دوسرے فعل کو لانا۔ جس سے ظاہر ہو کہ مفعول نے فاعل کے اثر کو قبول کر لیا۔

(۳۱) **موافقت**: کسی فعل کا ہم معنی ہونا۔

(۳۲) **نسبت بماخذ**: کسی چیز کا ماخذ سے منسوب ہونا۔

(۳۳) **اعطاء ماخذ**: ماخذ دینا۔

(۳۴) **تشارک**: دو چیزوں کا فعل کے صدور میں شریک ہونا۔

باب افعال

(تعریف کے لیے سامنے لکھے ہوئے نمبر کو دیکھو)

(۱) **ابتداء**: جیسے اَشْفَقَ وہ ڈر گیا (مجرد شفق۔ مہربانی کرنا) (۵)

(۲) **بلوغ**: جیسے اَعْرَقَ۔ عراق میں پہنچا (۱۰)

(۳) **تصییر**: جیسے اَشْرَكَ النَّعْلَ۔ اس نے تسمہ دار جوتا بنایا۔ (ماخذ شراک بمعنی تسمہ) (۲)

(۴) **تعدیہ**: جیسے اخرج۔ نکالا۔ (۱)

(۵) **تعریض**: جیسے اَبَعْتُ الحِمارَ۔ میں گدھے کو بیچنے کی جگہ لے گیا۔ (۳)

(۶) **حینونت**: جیسے اَحْصَدَ الزرعُ۔ کھیتی کے کٹنے کا وقت آ گیا۔ (۲۲)

(۷) **لیاقت**: جیسے اَلامَ الفَرعُ۔ سردار قابل ملامت ہوا (۲۸)

(۸) **سلب**: جیسے اَشْكَيْتُهُ۔ میں نے اس کی شکایت دور کی۔ (۲۳)

(۹) **صیرورت**: جیسے اَلْبَنَ البَقَرُ۔ گائے دودھ والی ہو گئی (۲۴)

(۱۰) **مبالغہ**: جیسے اَثْمَرَ النخلُ۔ کھجور کے درخت میں بہت سی کھجوریں لگیں۔ (۲۹)

(۱۱) **نسبت بماخذ**: جیسے اَكْفَرْتُهُ = میں نے اسے کفر سے نسبت دی۔ (۳۲)

(۱۲) **وجدان**: جیسے اَبْخَلْتُهُ۔ میں نے اسے بخیل پایا۔ (۴)

(۱۳) **موافقت**: مجرد جیسے اَقَلْتُ البیع بمعنی قلتہ یعنی فسختہ (۳۱)

باب تفعیل

(۱) **ابتداء**: جیسے كَلَّمَ۔ اس نے کلام کیا (مجرد کلم۔ زخمی کرنا) (۵)

(۲) **الباس ماخذ**: جیسے جلل الفرس = اس نے گھوڑے کو جھول پہنائی۔ (۹)

(۳) **بلوغ**: جیسے خَيَّمَ۔ وہ خیمہ میں آیا۔ (۱۰)

(۴) **تحویل**: جیسے نَصَّرَ۔ اس نے نصرانی بنایا۔ (۱۳)

(۵) **تخلیط**: جیسے ذَهَّبَ۔ اس نے سنہری بنایا۔ (۱۴)

(۶) **تصییر**: جیسے وَتَّرَ القَوْسَ۔ اس نے کمان کو زہ دار بنایا۔ (۲)

(۷) **تعدیہ**: جیسے فَرَّحَنِيْ = اس نے مجھے خوش کیا۔ (۱)

(۸) **سلب**: جیسے قَرَّدَ الإبِلَ۔ اس نے اونٹ سے چیچڑی کو دور کیا۔ (۲۳)

(۹) **صیرورت**: جیسے نَوَّرَ الشَّجَرُ۔ درخت شگوفہ دار ہو گیا۔ (۲۴)

(۱۰) **قصر**: جیسے هَلَّلَ۔ اس نے لا اله الا الله کہا۔ (۲۶)

(۱۱) **مبالغہ**: جیسے جَوَّلَ = وہ بہت گھوما (۲۹)

(۱۲) **نسبت بماخذ**: جیسے فَسَّقَنِيْ = اس نے مجھے بدکار کہا۔ (۳۲)

باب مفاعلہ

(۱) **اشتراک**: جیسے قَاتَلَ زَيْدٌ عمروًا = زید نے عمرو سے مقاتلہ کیا اور عمرو نے زید سے (۷)

(۲) **موافقت مجرد**: جیسے سَافَرَ بمعنی سفر۔
موافقت اَفعَلَ: جیسے بَاعَدْتُهُ بمعنی اَبْعَدْتُهُ
موافقت فَعَّلَ: جیسے ضَاعَفَ بمعنی ضَعَّفَ (۳۱)

باب تفعل

(۱) **ابتداء**: جیسے تَكَلَّمَ = اس نے کلام کیا (۵)

(۲) **اتخاذ**: جیسے تَوَسَّدَ الحَجَرَ = اس نے اپنے پتھر کو تکیہ بنایا۔ (۶)

(۳) **تجنب**: جیسے تَأَثَّمَ۔ اس نے گناہ سے پرہیز کیا۔ (۱۱)

(۴) **تحول**: جیسے تَنَصَّرَ۔ وہ نصرانی ہو گیا۔ (۱۲)

(۵) **تعمل**: جیسے تَخَتَّمَ اس نے انگوٹھی پہنی۔ (۱۹)

(۶) **تدریج**: جیسے تَجَرَّعَ۔ اس نے گھونٹ کر کے پیا۔ (۱۷)

(۷) تکلف : جیسے تَشَجَّعَ = وہ بہادر بنا۔(۲۰)

(۸) صیرورت : جیسے تموّل = وہ مالدار ہو گیا(۲۴)

(۹) مطاوعت فعل : جیسے علمته فتَعَلَّمَ ۔ میں نے اسے سکھایا اور وہ سیکھ گیا۔(۳۰)

باب تفاعل

(۱) ابتداء : جیسے تَبَارَکَ اللّٰہُ = اللہ بڑی برکت والا ہے (مجرد برک = اُونٹ کا بیٹھنا) (۵)

(۲) تشارک : جیسے تشاتَما۔ دونوں نے ایک دوسرے کو گالی دی۔(۳۴)

(۳) تخیل : جیسے تَمَارَضَ = اس نے اپنے آپ کو مریض ظاہر کیا (۱۶)

(۴) مطاوعت فاعل : جیسے بَاعَدتُہٗ فتَبَاعَدَ ۔ میں نے اُسے دور کیا وہ دُور ہو گیا۔(۳۰)

باب انفعال

(۱) ابتداء : جیسے اِنْطَلَقَ = وہ گیا (مجرد طَلَقَ)(۵)

(۲) لزوم وعلاج : جیسے اِنْکَسَرَ = وہ ٹوٹ گیا۔

مطاوعت فعل : جیسے کَسَرْتُہٗ فَانْکَسَرَ = میں نے اسے توڑا وہ ٹوٹ گیا۔

مطاوعت اَفْعَلَ : جیسے اَغْلَقَ الباب فَانْغَلَقَ = اس نے دروازہ بند کیا اور وہ بند ہو گیا۔(۳۰)

فائدہ ۔ باب انفعال ہمیشہ لازم ہوتا ہے متعدی نہیں اور ہمیشہ ایسے معانی کے لیے آتا ہے جن کا تعلق اعضاء ظاہری سے ہو۔

باب افتعال

(۱) اتخاذ : جیسے اِخْتَجَرَ الفارُ = چوہے نے بل بنایا۔(۶)

(۲) تخییر : جیسے اِکْتَالَ الشَّعِیْرَ = اُس نے اپنے لیے جو ناپے (۱۵)

(۳) تصرف : جیسے اکتسب الفضل = اس نے کوشش کر کے فضیلت حاصل کی۔(۱۸)

(۴) مطاوعت فعل : جیسے غممته فاغتمّ ۔ میں نے اسے غمگین کیا اور وہ غمگین ہوا۔(۳۰)

(۵) طلب : جیسے اِکْتَدَّ فُلَانًا ۔ اس نے فلاں سے مشقت طلب کی۔(۲۵)

(۶) موافقت فعل : جیسے اجتذب بمعنی جذب

موافقت تفاعل : جیسے اِخْتَصَمَ بمعنی تَخَاصَمَ (۳۱)

باب استفعال

(۱) طلب : جیسے استطعمته ۔ میں نے اس سے کھانا طلب کیا (۲۵)

(۲) لیاقت : جیسے استرقع الثوب ۔ کپڑا قابل پیوند ہوا۔(۲۸)

(۳) وجدان : جیسے استکرمته ۔ میں نے اس کو کرم سے متصف پایا۔(۴)

(۴) حسبان : جیسے اِسْتَحْسَنْتُہٗ ۔ میں نے اس کو اچھا گمان کیا(۲۱)

(۵) تحول : جیسے اِسْتَحْجَرَ الطین = مٹی پتھر بن گئی (۱۲)

(۶) اتخاذ : جیسے استوطن القریٰ ۔ اس نے دیہاتوں کو وطن بنالیا (۶)

(۷) تکلف : جیسے اِسْتَجْرَأَ ۔ اُس نے جرأت دکھلائی۔(۲۰)

(۸) قصر : جیسے اِسْتَرْجَعَ ۔ اس نے اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ کہا۔ (۲۶)

(۹) مطاوعت افعل : جیسے اَقَمْتُہٗ فَاسْتَقَامَ ۔ میں نے اُسے سیدھا کیا وہ سیدھا ہو گیا۔(۳۰)

(۱۰) موافقت مجرد : جیسے قَرَّ واسْتَقَرَّ (۳۱)

موافقت افعل : جیسے اَجَابَ واسْتَجَابَ (۳۱)

(۱۱) ابتداء : جیسے اِسْتَعَانَ ۔ زیر ناف کے بال کاٹے (۵)

باب افعلال

(۱) مبالغہ : جیسے اِسْوَدَّ اللیلُ ۔ رات بہت تاریک ہو گئی (۲۹)

فائدہ ۔ اکثر یہ باب الوان و عیوب کے لیے آتا ہے جیسے اِحْمَرَّ ' ابیضّ ' اِحْوَلَّ اور ہمیشہ لازم ہوتا ہے۔

باب اِفْعِیْعَال

(۱) مبالغہ : جیسے اِحْدَوْدَبَ ۔ بہت کبڑا ہو گیا۔(۲۹)

(۲) موافقت مجرد : جیسے اِحْلَوْلَی التَّمْرُ بَمعنی حَلاَ (۳۱)

باب اِفْعِوَّال

(۱) مبالغہ : جیسے اِجْلَوَّذَ ۔ وہ بہت تیز دوڑا۔(۲۹)

باب افعیلال

(۱) مبالغہ : جیسے اِحْمَارَّ ۔ بہت سرخ ہوا۔(۲۹)

یہ باب الوان و عیوب کے لیے مخصوص ہے۔

باب تفعلل

(۱) مطاوعت : جیسے دَحْرَجْتُہٗ فَتَدَحْرَجَ ۔ میں نے اسے لڑھکا

زیادہ لڑھک گیا۔ (۳۰)

علماء صرف کے نزدیک ان کے علاوہ اور بھی فوائد ہیں جن کو تطویل کے خوف سے نظرانداز کر دیا گیا۔

اور ان ابواب مزید فیہ کے لیے یہ ضروری نہیں کہ ہر مجرد سے بنالیا جائے بلکہ اس کا مدار سماع اور کتب لغت پر ہے۔

مشتقات

فعل سے جو اسماء مشتق ہوتے ہیں وہ دس ہیں' (۱) مصدر' (۲) اسم' مرۃ' (۳) اسم نوع' (۴) ظرف مکان و ظرف زماں' (۵) اسم آلہ' (۶) اسم فاعل' (۷) اسم مفعول' (۸) صفت مُشبہ' (۹) اسم تفضیل' (۱۰) مبالغہ۔

ثلاثی مجرد کے مصادر قیاسی نہیں ان کے بہت سے اوزان ہیں۔ اور ان کا مدار سماع پر ہے لیکن یوں ضبط میں لایا جا سکتا ہے کہ عموماً :

(۱) جو پیشہ کے معنی پر دلالت کرتے ہوں ان کا وزن فِعالۃ ہے جیسے زِراعۃ' تجارۃ' حیاکۃ۔

(۲) جو امتناع کے معنی پر دلالت کرتے ہوں ان کا وزن فعال ہے۔ جیسے آباء' شراد' جماع۔

(۳) جو اضطراب کے معنی پر دلالت کرتے ہوں ان کا وزن فَعَلاَن ہے جیسے غَلَیَان' جَولاَن' خفقان۔

(۴) جن کی دلالت امراض پر ہو ان کا وزن فعال ہے جیسے صُداع' زکام' دوار۔

(۵) جن کی دلالت سیر پر ہو ان کا وزن فَعَال اور فَعِیل ہے جیسے رَحِیْل' وذمیل

(۶) جن کی دلالت آواز پر ہو ان کا وزن فُعَال اور فَعِیل ہے جیسے صُراخ' خُوار' زَئِیر' نَئِیم۔

(۷) جن کا مدلول رنگ ہو ان کا وزن فُعْلَۃ ہے جیسے حُمرَۃ' زُرقۃ' خُضرۃ۔

اور اگر ان معانی پر دلالت نہ ہو تو عموماً :

(۱) فعل کا مصدر فُعُولَۃ اور فَعَالۃ کے وزن پر آتا ہے جیسے سُھُولَۃ' نَباھَۃ' فَصَاحۃ۔

(۲) فعِل لازمی کا مصدر فَعَلٌ کے وزن پر ہے جیسے فَرَحٌ' عَطَشٌ' بَلَجٌ۔

(۳) فَعَل لازمی کا مصدر فُعُولٌ کے وزن پر جیسے قُعُودٌ' خُرُوْجٌ' نُھُوْضٌ۔

(۴) فَعِلَ اور فَعَل کے وزن پر جیسے فَہم' نَصر۔

غیر ثلاثی کے مصادر

ثلاثی کے علاوہ سارے مصادر قیاسی ہیں۔ فَعَّل کا مصدر تفعیل ہے جیسے قَبَّلَ تقبیلا اور تَفعِلَۃ کے وزن پر بھی آتا ہے مگر کم جیسے وَسَّعَ توسعۃ' قَدَّمَ تقدمۃ۔ اگر مہموز اللام ہو تو تفعلہ کا وزن زیادہ اور تفعیل کا کم آتا ہے جیسے نَبَّأ تَنبِئَۃ وطَّأ توطِئَۃ' ھنَّأ تھنئۃ اور اگر ناقص ہو تو صرف تفعلہ ہی کا وزن آتا ہے۔ جیسے حلَّی تحلیہ' زکّی تزکیۃ اور اگر اجوف ہو تو صرف تفعیل کا وزن آتا ہے جیسے قوَّمَ' تقویمًا' سَوَّدَ تسویدا۔

فَاعَلَ کا مصدر فعال و مفاعَلَۃ ہے جیسے قَاتَلَ قِتالاً و مُقَاتَلَۃ ہے لیکن جن مواد میں فاء کلمہ یاء ہو وہاں مُفَاعَلۃ کا وزن متعین ہے جیسے یَاسَرَ مُیاسَرَۃً' یَامَنَ مُیامَنَۃً اور یَاوَمَ مُیاوَمَۃً و یَوامًا شاذ ہے۔

اَفعَلَ کا مصدر اِفعَالٌ ہے جیسے اَکرَمَ اِکرَامًا اور اگر عین کلمہ میں حرفِ علت ہو تو اس کی حرکت ما قبل کو نقل کر کے الف سے بدل دیتے ہیں' دو الف کے جمع ہونے کی وجہ سے ایک کو حذف کر دیتے ہیں اور اس کے عوض میں آخر میں تا بڑھا دیتے ہیں جیسے اماتَ' اماتۃ' اغاث اغاثۃ' اشار اشارۃ۔

تَفَعَّلَ کا مصدر تَفَعُّلٌ اور تَفَاعَلَ کا تَفاعُلٌ ہے لیکن ان دونوں میں جب لام کلمہ حرفِ علت ہو تو یا سے بدل کر ما قبل کو کسرہ دیتے ہیں جیسے تَانَّی' تَانِّیًا' تغاضی تَغَاضِیًا۔

اِفْتَعَلَ کا مصدر اِفْتِعَال' اِنْفَعَلَ کا اِنْفِعَال' اِفْعَوعَل کا افعیعال اور اِفْعَلَّ کا افعلال ہے جیسے اشترک اشتراکًا۔ انطلق اِنْطِلاَقًا' اِخْدَوْدَبَ اِخْدِیْدَابًا اور اِسْوَدَّ اِسْوِدَادًا۔

اِسْتَفْعَلَ کا مصدر اِسْتِفْعَال ہے لیکن عین کلمہ حرف علت ہو تو الف سے بدل کر حذف کر دیتے ہیں اور آخر میں تا بڑھا دیتے ہیں جیسے اِستَقَامَ اِستِقَامَۃً۔

فَعْلَلَ کا مصدر فَعْلَلَۃ اور فِعْلاَل ہے جیسے دَحْرَجَ دَحْرَجَۃ وَدِحْرَاجًا۔ دوسرا وزن صرف مضاعف ہونے کی صورت میں

تَفَعْلَلَ کا تَفَعْلُلٌ۔ اِفْعَنْلَلَ کا اِفْعِنْلاَلٌ اِفْعَلَّلَ کا اِفْعِلاَّلٌ ہے جیسے تدحرج تدحرجًا۔ احرنجم احرنجامًا۔ اِقْشَعَرَّ اِقْشِعْرارًا۔

فعل مجہول کے لیے مصدر کا کوئی خاص وزن مقرر نہیں۔ فعل معروف کا مصدر ہی اس کا کام بھی دیتے ہیں جیسے ضُرِبَ ضَرْبًا جیسا کہ کہا جاتا ہے۔ ضَرَبَ ضربًا

مصدر میمی

ثلاثی مجرد سے مصدر میمی مفعل کے وزن پر آتا ہے جیسے منظر، مضرب، مرمی اس قاعدہ سے سات الفاظ مَجِیْءٌ، مَرْجِعٌ، مَسِیْرٌ، مَصِیْرٌ، مَشِیْبٌ، مَرْفِقٌ، مَقِیْلٌ مستثنٰی ہیں۔

مثال واوی سے مفعِل کے وزن پر خواہ مضارع کا عین کلمہ مکسور ہو یا مفتوح جیسے موردٌ، مَوْعِدٌ، مَوْجِلٌ ثلاثی مجرد کے علاوہ دوسرے ابواب سے مضارع مجہول کے وزن پر بجائے علامت مضارع کے میم مضموم لگا کر جیسے مُنْحَدَر، مصطبَر، مزدحم۔

اسم مرۃ واسم نوع

اسم مرۃ وہ مصدر ہے جو ایک مرتبہ فعل کے واقع ہونے کو ظاہر کرے اور اسم نوع وہ ہے جو فعل کی ہیئت اور نوع کو بتلائے۔ ثلاثی مجرد سے اسم مرۃ کا وزن فعلۃ کے وزن پر آتا ہے جیسے ضَرَبْتُ ضَرْبَۃً، جَلَسْتُ جَلْسَۃً۔

ثلاثی مجرد کے علاوہ دوسرے ابواب سے جس باب کا اسم مرۃ بنانا مقصود ہو اسی باب کے مصدر کے وزن پر تاء کی زیادتی کے ساتھ لاتے ہیں جیسے اِلْتَفَتُّ اِلتِفاتَۃً، انطلقتُ انطلاقَۃً۔ اور اگر ثلاثی وغیرہ کے مصادر کے آخر میں تاء ہو تو اسم مرۃ لانے کی صورت میں کسی ایسی چیز کا لانا ضروری ہے جس سے وحدت ظاہر ہو جیسے ضربتہ ضربۃ واحدۃ، قاتلتہ مقاتلۃ، لا غیر وما التفت الیہ الا التفاتۃ وَاجِبَۃً اجابۃ فقط۔

اسم نوع کا وزن ثلاثی مجرد سے فِعْلَۃٌ کے وزن پر جیسے وقف وِقفۃ الاسد ومشی مِشْیَۃَ الْمُخْتَالِ۔

ثلاثی مجرد کے علاوہ دوسرے ابواب سے اسم مرۃ کے وزن پر جیسے حَسَنُ الانطلاقۃ قبیح المعاشرۃ

ظرفِ مکان وظرفِ زمان

ظرفِ مکان وہ ہے جو فعل کے واقع ہونے کی جگہ کو بتلائے اور ظرف زمان وہ ہے جو فعل کے واقع ہونے کے زمانہ کو ظاہر کرے۔

ثلاثی مجرد سے ظرف خواہ زمانی ہو یا مکانی مَفْعَل کے وزن پر آتا ہے جبکہ مضارع کا عین مضموم ہو یا مفتوح جیسے مَنْصَر، مَفْتَحٌ، مَنْمَعٌ اور اگر مضارع کا عین مکسور ہو تو مَفْعِل کے وزن پر جیسے مَجْلِس، مَنْزِل۔

اس قاعدہ سے الفاظ مندرجہ ذیل مستثنٰی ہیں، ان سب کا وزن مفعل ہے باوجودیکہ ان کے مضارع کا عین مضموم ہے مَسْجِدٌ، مَشْرِقٌ، مَغْرِبٌ، مَطْلِعٌ، مَجزِرٌ، مَرْفِقٌ، مَفْرِقٌ، مَسْکِنٌ، مَنْسِكٌ، مَنْبِتٌ، مَسْقِطٌ۔

مثال سے ظرف زمان و مکان ہمیشہ مَفْعِل کے وزن پر اور ناقص سے ہمیشہ مَفْعَل کے وزن پر جیسے مَوْعِد، مَوْجِل، مَطْوٰی، مرمٰی۔

اور ثلاثی مجرد کے علاوہ دوسرے ابواب سے مصدر میمی کی مانند جیسے اَدْخَلَ سے مُدْخَلٌ۔ اَخْرَجَ سے مُخْرَجٌ۔ اَخْدَعَ سے مُخْدَعٌ۔

کسی جگہ میں کسی چیز کی کثرت کو ظاہر کرنے کے لیے مفعلۃ کا وزن مقرر ہے، جیسے مقبرہ جہاں قبریں زیادہ ہوں۔ مابلۃ۔ جہاں اونٹ زیادہ ہوں۔ مفعاۃ۔ جہاں سانپ زیادہ ہوں۔ مسبعۃ۔ جہاں درندے زیادہ ہوں۔ کہا گیا ہے کہ یہ وزن ثلاثی مجرد و مزید سے قیاسی ہے اور بعض کا قول ہے کہ کثرت سے آتا ہے مگر قیاسی نہیں۔

اسم آلہ

کام کرنے کے آلے اور اوزار کا نام اسم آلہ ہے یہ صرف ثلاثی مجرد متعدی سے بنتا ہے اس کے تین وزن ہیں۔ مِفْعَلٌ جیسے مِبْرَد۔ مِفْعَالٌ جیسے مفتاحٌ۔ مِفْعَلَۃٌ جیسے مِکْنَسَۃٌ اور یہ اوزان بھی قیاسی نہیں۔ مُنْخُلٌ، مُدْھُن، مکحلۃ، مدق، مُسْعُط، مَنَارَۃٌ، مُشْط وغیرہ الفاظ اسماء جامدہ کے مانند ہیں۔ ان کا فعل اسے اشتقاق نہیں اور اسم آلہ جو فعل سے مشتق نہ ہو اس کے لیے

کوئی ضابطہ نہیں۔ بہت سے مختلف اوزان پر آتے ہیں جیسے قَدُوْم' سِکیّن' فاس وغیرہ۔

اسم فاعل واسم مفعول

اسم فاعل وہ ہے جو ایسی ذات پر دلالت کرے جس سے فعل واقع ہو ثلاثی مجرد سے فَاعِلٌ کے وزن پر آتا ہے جیسے ضَارِبٌ' قَاتِلٌ' نَاصِرٌ۔

ثلاثی مجرد کے علاوہ دوسرے ابواب سے مضارع معروف کے وزن پر علامت مضارع کے بجائے میم مضموم لگانے سے بنتا ہے اور ماقبل آخر مکسور ہوتا ہے جیسے مُجْتَنِبٌ' مُسْتَخْرِجٌ' مُصَرِّفٌ۔

اسم مفعول وہ ہے جو ایسی ذات پر دلالت کرے جس پر فعل واقع ہوا ہو ثلاثی مجرد سے مفعول کے وزن پر آتا ہے جیسے مَنْصُوْرٌ' مَضْرُوْبٌ' مَفْتُوْحٌ ثلاثی مجرد کے علاوہ دوسرے ابواب سے مضارع مجہول کے وزن پر علامت مضارع کے بجائے میم مضموم لگانے اور ماقبل آخر کو مفتوح کر دینے سے بنتا ہے جیسے مُقْبَلٌ۔ مُکْرَمٌ۔ مُدَحْرَجٌ

تنبیہ (۱) قیاس کا تقاضا ہے کہ اسم فاعل اور اسم مفعول کا اشتقاق اپنے ہی فعل سے ہو خواہ مجرد ہو خواہ مزید۔ لیکن کچھ الفاظ بطور شذوذ کے دوسرے سے مشتق ہیں۔ مثلاً اَمْحَلَ سے مَاحِلٌ۔ أَمْلَحَ سے مَالِحٌ۔ ایفَعَ سے یَافِعٌ۔اَعْشَبَ سے عَاشِبٌ۔ اَحَبَّهُ سے مَحْبُوْبٌ۔ أَجَنَّهُ سے مَجْنُوْنٌ۔ حَمَّهُ سے مَحْمُوْمٌ۔اَزْكَمَهُ سے مَزْكُوْمٌ۔ اَسَلَّهُ سے مَسْلُوْلٌ۔

(۲) اسم مفعول مصدر میمی ظرف زمان و مکان ثلاثی مجرد کے علاوہ دوسرے ابواب سے سب ایک ہی وزن پر آتے ہیں۔ امتیاز قرائن کی بناء پر ہوتی ہے۔

صفت مُشبہ

صفت مُشبہ وہ ہے جو ایسی ذات پر دلالت کرے جس میں صفت بطور ثبوت کے ہو۔ ثلاثی سے اس کے اوزان سماعی ہیں مثلاً حَسَنٌ' كَرِيْمٌ' لَيِّنٌ' سَهل' صَعْبٌ' لقيان' غضبان' كسول' عطشی' رؤف اگر مادہ کی دلالت لون یا عیب یا حلیہ پر ہو تو اس کے لیے وزن افعل کا ہے جیسے اَسْوَدُ' اعوج' ابلج اور ثلاثی مجرد کے علاوہ دوسرے ابواب سے اسم فاعل کے وزن پر آتا ہے اور صفت مُشبہ صرف ابواب لازمہ سے آتا ہے جیسے مطمئن۔ مستقیم

اسم تفضیل

اسم تفضیل وہ ہے جو بہ نسبت دوسرے کے موصوف کی صفت کی زیادتی پر دلالت کرے اس کو افعل التفضیل بھی کہتے ہیں۔ مذکر کا وزن افعل کا اور مؤنث کا وزن۔ فعلی کا مقرر ہے اور صرف ثلاثی مجرد کے ابواب سے بنتا ہے اور وہ مادے جو رنگ' عیب یا حلیہ پر دلالت کرتے ہوں ان سے اسم تفضیل کا صیغہ نہیں آتا بلکہ اسی وزن پر صفت کا صیغہ آتا ہے۔ وہ ابواب یا وہ مادے جن سے اسم تفضیل کا صیغہ افعل کے وزن پر نہیں آسکتا ان سے اسم تفضیل کے معنی کو ظاہر کرنا ہو تو اس کے لیے قاعدہ یہ ہے کہ لفظ اشد یا اکثر یا انہی جیسے الفاظ کے بعد اس باب کا مصدر منصوب استعمال کرتے ہیں اشد سواداً۔ اشد استِخرَاجًا۔

اسم تفضیل کا صیغہ معروف سے اور ثلاثی مجرد سے بنا کرتا ہے لیکن بعض الفاظ بطور شذوذ کے مجہول اور ابواب غیر ثلاثی سے آتے ہیں مثلاً "العود احمد" میں احمد' حُمِدَ سے اور "حاتم اعطی من عمرو" میں اعطی سے اور "هذا اسفر اَخْصَرُ مِن ذَالِكَ" میں اَخْصَرُ' اِخْتَصَرَ سے ماخوذ ہے اور کبھی اسم تفضیل اسم جامد سے بھی آتا ہے جیسے "مابا لبادية انوا منه" میں انواء' نوء سے ماخوذ ہے جس کے معنی بچھتر کے ہیں۔

خیرو شر اصل میں اَخْیَر اور اَشَرَّ تھے۔ کثرت استعمال کی بنا پر دونوں سے ہمزے ساقط ہو گئے کبھی اصل کے لحاظ سے مع ہمزہ کے بھی آتے ہیں۔

اوزانِ مبالغہ

مبالغہ وہ ہے جو موصوف کی زیادتی صفت پر دلالت کرے اس کے مشہور وزن یہ ہیں :

فَعَّالٌ جیسے عَلَّامٌ۔ نَصَّار۔ فَعَّالَةٌ جیسے عُلَّامَةٌ وَفهامة۔ فِعِّيل جیسے صِدِّيق و سِكِّير۔ مفعيل جیسے مِسْكِيْنٌ وَ مِعْطِيْرٌ۔ مِفْعَالٌ جیسے مکسال و مقدام۔ فعلة جیسے ضحكة وضُجْعَةٌ۔ فَعَلٌ جیسے شَرِهٌ' وَحَذِرٌ۔ فَعِيْلٌ جیسے رَحِيْمٌ' وَعَظِيْمٌ۔ فَعُوْلٌ جیسے

كَذُوْبٌ۔ وَدُوْدٌ۔ فَاعِلَةٌ جیسے رَاوِیَةٌ ۔ فُعَلٌ جیسے غُفَلٌ۔ فَعُوْلَةٌ جیسے فَرُوْقَةٌ۔ مَفْعَلٌ جیسے مِحْرَبٌ۔ فَاعُوْلٌ جیسے فَارُوْقٌ۔ فُعَّالٌ جیسے کُبَّارٌ۔ مبالغہ اوزان سماعی ہیں اور صرف ثلاثی مجرد سے آتے ہیں لیکن دَرَّاكٌ اَدْرَكَ سے۔ معطاء اعطی سے۔ مهوان اهان سے مِحْسَانٌ احسن سے۔ مِتْلَافٌ اَتْلَفَ سے مِمْلَاقٌ۔ اَمْلَقَ سے مِخْلَافٌ اَخْلَفَ سے اور سَمِيْعٌ اَسْمَعَ سے۔ نَذِيْرٌ اَنْذَرَ سے۔ زَهُوْقٌ۔ اَزْهَقَ سے شاذ ہیں۔

تنبیہ

(۱) بعض الفاظ مبالغہ میں تا تانیث کے لیے نہیں بلکہ تاکید مبالغہ کے لیے ہے جیسے علامہ' فہامۃ

(۲) فعیل اگر فاعل کے معنی میں ہو تو مذکر و مؤنث میں فرق کیا جائے گا۔ خواہ موصوف کا ذکر ہو یا نہ ہو جیسے "رجل نصیر' امراۃ نصیرۃ"۔ "جاء نصیر و نصیرہ"۔

(۳) فعیل اگر مفعول کے معنی میں ہو تو موصوف کے ساتھ مذکر و مؤنث میں ایک ہی حالت ہو گی جیسے "زید قتیل"۔ وانت المرأة جریحا اور بغیر موصوف کے فرق کیا جائے گا جیسے جاء حبیب وحبیبة۔

(۴) فعول اگر فاعل کے معنی میں ہو تو موصوف کے ساتھ مذکر و مؤنث دونوں میں ایک ہی جیسے یحییٰ البتول' مریم البتول اور موصوف نہ ہو تو فرق کیا جائے گا۔ جیسے جاء بتول وبتولةٌ اور اگر مفعول کے معنی میں ہو تو مذکر و مؤنث میں فرق کیا جائے گا خواہ موصوف ہو یا نہ ہو جیسے "ھذا رسول وتلک رسولة۔ وجاء رسل و رسولة۔

مذکر و مؤنث

اسم مذکر میں کسی علامت کی ضرورت نہیں۔ مؤنث کی تین علامتیں ہیں۔ تاء جیسے ظلمة' قوة' نعمة' قدرة' الف مقصورہ جیسے عذریٰ' فضلیٰ' کبریٰ' عظمیٰ الف ممدودہ جیسے حمراء' سوداء' بیضاء' زرقاء۔

یہ تینوں علامتیں اسم کے آخر میں زائد ہوتی ہیں ہر وہ اسم جس کے آخر میں ان تینوں علامتوں میں سے کوئی ایک ہو وہ مؤنث ہے لیکن وہ اسماء جو مردوں کے نام ہوں مذکر ہی رہتے ہیں اگرچہ اُن کے آخر میں ان علامات میں سے کوئی علامت ہو جیسے طلحة' نخلة' ارطی وغیرہ۔

مؤنث کی دو قسمیں ہیں مؤنث لفظی' مؤنث معنوی' مؤنث لفظی وہ ہے جس میں علامت تانیث پائی جائے جیسا کہ اوپر کی مثالوں سے ظاہر ہے۔

مؤنث معنوی وہ ہے کہ جس میں کوئی علامت تانیث نہ ہو اور اسے اہل زبان مؤنث مانتے ہوں۔

وہ سارے اسماء جو مؤنث کے اعلام ہوں جیسے مریم زینب وغیرہ یا وہ اسماء جو طبقہ اُناث کے ساتھ مختص ہوں' جیسے اُخت' اُم وغیرہ یا وہ سارے اسماء جو شہر اور قبیلہ کے نام ہوں جیسے شام' مصر' قریش وغیرہ۔ یا اعضاءِ انسانی میں سے تمام وہ اعضاء جو دو دو ہوں سب مؤنث معنوی ہیں لیکن اخیر کا حکم اکثری ہے' اس لیے کہ صدغ' مرفق' حاجب' خد' مؤنث نہیں۔

ان کے علاوہ کچھ اور بھی الفاظ مؤنث ہیں جن کو ائمہ لغت نے جمع کیا ہے۔ (مولانا ذوالفقار احمد صاحب بھوپالی مرحوم و مغفور کی کتاب المبتکر فی ما یتعلق بالمؤنث والمذکر اس سلسلہ میں بہت جامع کتاب ہے) یہاں پر سارے کا استقصاء تو بہت دشوار ہے' مشہور اسماء درج ذیل ہیں :

اتان' اذن' ارض' ارنب' اروی' است' اصبع' افعی' افق' بئر' باع' بنصر' ثعلب' جحیم' جهنم' حرب' خنصر' دار' دبر' ذراع' رجل' رحی' ریح' سعیر' سقر' سن' ساق' شمس' شمال' ضبع' عروض' عصا' عقب' عین' غول' فاس' فخذ' فلک' قدم' قدوم' قوس' کاس' کتف' کرش' کف' نار' نعل' ناب' ورک' ید' یمین' ینبوع۔

ہوا کے لیے جو اسماء ہیں (مثلاً صباء' قبول' جنوب' دبور' شمال' ہیف' حرور' سموم' صرصر' نکباء) وہ بھی مؤنث سماعی ہیں' ابن الانباری فرماتے ہیں الریح مُؤنثة لاعلامة فیھا وکذلک سائر اسمائھا الا الاعصار فانه مذکر۔

ان کے علاوہ کچھ اسماء ہیں جن میں تذکیر و تانیث دونوں جائز ہیں ان میں سے مشہور یہ ہیں : ابط' ابہام' ازار' بلد' جراد' حال' حانوت' خمر' درع' دلو' روح' زقاق' سبیل' سری' سراویل' سلاح' سکین' سلم' سلم' سماء' سوق' صاع' ضحیٰ' طرس' طریق' عجز' عضد'

عقاب، عقرب، عنق، عنکبوت، فردوس، فرس، فہر، قدر، قفا، قیص، کبد اللسان، مسک، ملح، منجنیق، موسیٰ، نفس، وراء،
انہی کے ساتھ حروفِ تہجی کے اسماء بھی لاحق ہیں۔

مثنیٰ

مثنیٰ وہ اسم ہے جو دو پر دلالت کرے۔

کسی اسم کو مثنیٰ بنانا ہو تو اس کے آخر میں حالتِ رفعی میں الف اور حالتِ نصبی و جری میں یاء ماقبل مفتوح اور دونوں حالتوں میں نونِ مکسور لائیں گے۔ جیسے "جاء الرجلان" - رایت الرجلین و مررت بالرجلین۔

اگر کوئی علم مرکب اضافی ہو تو جزء اوّل یعنی مضاف کو مثنیٰ لائیں گے جیسے "عبدالاحد، عبدالرحمٰن"

اور اگر مرکب بنائی یا مرکب اسنادی ہو تو اپنی حالت پر رہیں گے اور ان سے پہلے مذکر میں ذوا اور مؤنث میں ذواتا لائیں گے۔ جیسے ذوا معدی کرب، ذواتا بعلبک۔

اسم منقوص (یعنی وہ اسم معرب جس کے آخر میں یاء ماقبل مکسور ہو جیسے القاضی) میں اگر یاء حذف ہو گئی ہو تو تثنیہ کی حالت میں پھر لوٹ آئے گی جیسے رامٍ رامیان، داعٍ داعیان۔

اسم مقصور (یعنی وہ اسم معرب جس کے آخر میں الف ہو اور اس کے بعد ہمزہ نہ ہو جیسے عصا۔ رحی) میں اگر الف تیسری جگہ ہو اور کسی سے بدل کر آیا ہو تو تثنیہ بنانے کی حالت میں تو اصل کی طرف لوٹ جائے گا جیسے عصاء سے عصوان۔ فتی سے فتیان۔

اور اگر چوتھی جگہ یا اس سے زائد ہو تو یاء سے بدل جائے گا جیسے ذکریان، قھقرآن، خوزلان شاذ ہیں، قیاس کا تقاضا تھا کہ قھقھریان، خوزلیان ہوتے۔

اسم ممدود (یعنی وہ اسم معرب جس کے آخر میں ہمزہ ہو اور اس سے پہلے الف زائدہ ہو جیسے صفراء خضراء) میں الف اگر تانیث کے لیے ہو تو ہمزہ کو واؤ سے بدل لیں گے جیسے خضرا سے خضراوان۔ بشرطیکہ الف سے پہلے واؤ نہ ہو، اور اگر ہو تو ہمزہ کا باقی رکھنا ضروری ہے تاکہ دو واؤ جمع نہ ہو جائیں۔ جیسے عشواء سے عشواء ان۔

اور اگر ہمزہ اصلی ہو تو اس وقت بھی باقی رکھنا ضروری ہے جیسے لا لا سے لالاء ان۔ قُرّاء سے قُرّاء ان۔

اور اگر ہمزہ نہ تو اصلی ہو اور نہ تانیث کے لیے تو دونوں صورتیں جائز ہیں، ہمزہ کو واؤ سے بدلنا بھی اور باقی رکھنا بھی جیسے سماء سے سماء ان اور سماوان۔

ایسے اسماء جن کا لام کلمہ محذوف ہو اور اس کے عوض میں کچھ نہ ہو تو تثنیہ بنانے میں لام کلمہ واپس آئے گا جیسے "اب" کہ اصل میں ابو تھا تثنیہ کی حالت میں ابوان ہو گا ایسے ہی اخوان، حموان، غدوان لیکن دم اور ید میں واپس نہیں آئے گا۔ دمان اور یدان ہی کہا جائے گا۔

اور ایسے اسماء جن کے محذوف کے عوض میں کچھ ہو تو تثنیہ اپنی حالت پر بنایا جائے گا مثلاً سنۃ، ابن، اسم ہیں سنتان، ابنان، اسمان کہیں گے۔ کچھ ایسے اسماء ہیں جن کا تثنیہ نہیں آتا۔ مثلاً: بعض، اجمع، جمعا، کل، اور عریب، دَیار، اور اسماءِ عدد اور اسم تفضیل جس کا استعمال من سے ہو جیسے الیدان افضل من الرجلین۔

جمع

جمع کی دو قسمیں ہیں جمع سالم اور جمع مکسر۔ جمع سالم وہ ہے جس میں واحد کا وزن باقی رہے، زیادتی جو کچھ ہو وہ آخر میں اور جمع مکسر وہ ہے جس میں واحد کا وزن باقی نہ رہے کچھ نہ کچھ تغیر ہو جائے جمع سالم کی دو قسمیں ہیں جمع مذکر سالم، جمع مؤنث سالم۔

جمع مذکر سالم

جمع مذکر سالم وہ ہے جس میں کلمہ کے آخر میں حالتِ رفعی میں واو ماقبل مضموم اور حالتِ نصبی و جری میں یاء ماقبل مکسور اور ان دونوں کے بعد نون ہو جیسے "جاء مسلمون رأیت مسلمین ومررت بِمُسلِمِینَ"۔

اس وزن پر جمع بنانے کے لیے شرط یہ ہے کہ اگر اسم محض ہو صفت کے معنی ملحوظ نہ ہوں تو تاء تانیث سے خالی ہو اور مرکب نہ ہو۔ اسی لیے طلحہ باوجودیکہ مذکر کا علم ہے مگر واونون سے جمع نہیں آئے گا اسی طرح معدیکرب اور بعلبک وغیرہ میں یہ وزن نہیں آئے گا، بلکہ جمع بنانا ہو تو لفظ ذو کی جمع بنا کر اس کلمہ کی طرف

اضافت کریں گے مثلاً ذو و معدی کرب' ذوو، علبک۔

اور اگر صفت ہو تو شرط یہ ہے کہ مذکر ہو' ذوی العقول میں سے ہو اور افعل فعلاء یا فعلان فعلی کے وزن پر نہ ہو اور ایسا اسم بھی نہ ہو جس میں مذکور و مؤنث دونوں برابر ہوں جیسے جریح و صبور اور ایسا بھی نہ ہو کہ تاء تانیث سے التباس کا خوف ہو جیسے علامۃ کچھ ایسے اسماء ہیں کہ ان میں شرطیں نہیں پائی جاتیں مگر جمع مذکر سالم کے وزن پر ان کی جمع آتی ہے۔ مثلاً ارضون' عالمون' عِلِیُّوْنَ' اھلوُن' بنون' سنون اور اسی طرح ہر وہ کلمہ ثلاثی جس کا لام کلمہ حذف کر دیا گیا ہو اور اس کے عوض میں تاء لایا گیا ہو اس کی جمع بھی واؤ نون سے آتی ہے جیسے عضون' سبون' مئون۔

جمع مؤنث سالم

جمع مؤنث سالم وہ ہے کہ جس کے آخر میں الف و تاء کی زیادتی ہو جیسے ثمرات و شجرات۔ اگر مفرد کے آخر میں پہلے ہی سے تاء ہو تو جمع بناتے ہوئے اس کو حذف کر دیتے ہیں جیسے طالبة سے طالبات' مسلمة سے مسلمات۔

اس وزن پر مندرجہ ذیل اسماء کی جمع آتی ہے۔

(۱) ہر وہ اسم جس کے آخر میں تاء ہو جیسے ثمرۃ سے ثمرات' شجرۃ سے شجرات' امراۃ' شاۃ' قلۃ' أَمَةٌ' مِلَّةٌ' شفۃ اس سے مستثنیٰ ہیں۔

(۲) ہر وہ اسم جو مؤنث کا علم ہو جیسے زینب سے زینبات' مریم سے مریمات۔

(۳) ہر وہ اسم جو مصدر ہو اور تین حرف سے زائد ہو جیسے تعریفات اختیارات' امتیازات۔

(۴) ہر وہ اسم جس کے آخر میں الف تانیث مقصورہ یا ممدودہ ہو۔ جیسے صحراء سے صحراوات' حمی سے حمیات۔

اور ان اسماءِ مقصورہ یا ممدودہ میں الف کی تبدیلی یا بقا کے متعلق وہی صورتیں اختیار کی جائیں گی جن کا ذکر تثنیٰ میں ہو چکا ہے۔ اسماء مذکورہ بالا کے علاوہ میں اس وزن پر جمع کا آنا سماعی ہے' جیسے سماوات' ارضات' سجلات' حمامات' سُرادقات' شمالات' امہات' سراویلات وغیرہ۔

الفاظ اعجمیہ میں سے بعض کی جمع اسی وزن پر آتی ہے جیسے تلغرافات اور بعض کی جمع جمع مکسر آتی ہے جیسے اساکل' فناصل' بطارکۃ' کراولۃ۔

تنبیہ :۔ اگر کلمہ ثلاثی ہو اور اس کا عین کلمہ صحیح ہو اور فَعلَ اور فَعلَةٌ کے وزن پر ہو تو جمع بناتے ہوئے عین کلمہ کو فتحہ دینا ضروری ہے۔ جیسے تمرۃ تمرات۔ رَحْمَةٌ رَحَمَاتٌ۔

اور اگر فِعْلٌ یا فُعْلٌ کے وزن پر ہو تو فتحہ دینا ساکن رکھنا اور فا کلمہ کی حرکت جیسی حرکت دینا بھی جائز ہے جیسے کِسرَةٌ سے کِسَرات' کِسْرات' کِسِرات' حُجْرَةٌ سے حُجَرَات' حُجرَات' حُجُرَات۔

اور اگر کلمہ اجوف ہو تو عین کلمہ جمع میں ہمیشہ ساکن رہے گا خواہ فا کی حرکت کیسی ہی ہو جیسے جَوزَةٌ سے جَوزَات' بیعۃ سے بیعات

اور اگر ناقص ہو تو اس کا حکم وہی ہے جو صحیح کا ہے جیسے رمیۃ سے رَمَیات اور زُقوۃ سے زُقَوات' زُقْوات۔ لیکن اگر فا کلمہ مکسور اور لام کلمہ واوی ہو تو صرف فتحہ دینا اور ساکن رکھنا جائز ہے اور ہم شکل فا بنانا جائز نہیں جروات شاذ ہے۔ اسی طرح اگر فا مضموم ہو اور لام یائی ہو تو بھی دونوں صورتیں ہوں گی اتباع جائز نہیں۔

اور اگر کلمہ مدغم ہو تو جمع بناتے ہوئے فک ادغام نہیں ہو گا۔ جیسے ضَمَّة سے ضَمَّات۔ عِزَّة سے عزات۔

جمع مکسر

اوپر بتلایا جا چکا ہے کہ جمع مکسر وہ ہے جس میں واحد کا وزن اپنی حالت پر باقی نہ رہے کچھ نہ کچھ تغیر ہو جائے۔ اس تغیر کی تین صورتیں ہیں کبھی تو زیادتی سے جیسے رَجُل سے رجال۔ کبھی حذف سے جیسے رسول سے رُسُل۔ کتاب سے کتب اور کبھی محض حرکت کی تبدیلی سے جیسے اَسَد سے اُسْد۔ بَعْث سے بُعث۔

جمع مکسر کی دو قسمیں ہیں : جمع قلت' جمع کثرت۔

جمع قلۃ وہ ہے جس سے تین سے دس تک کی تعداد معلوم ہوتی ہے اس کے چار وزن ہیں :

اَفْعَال جیسے طِفلٌ سے اَطْفَالٌ۔ اَفْعُل جیسے نہر سے انھر۔ اَفْعِلَةٌ جیسے رغیف سے اَرْغِفَةٌ۔ فِعْلَةٌ سے فعلۃ جیسے فتی سے فتیۃ۔

افعال کی دوبارہ جمع افاعیل کے وزن پر ہے جیسے انعام کی جمع اناعیم اور افعُل کی جمع افاعِل کے وزن پر جیسے اکلب کی جمع اکالب آتی ہے اس کو جمع منتہی الجموع کہتے ہیں اور اس سے مُراد تمام وہ اوزان ہیں جن میں الف جمع کے بعد دو حرف متحرک یا تین حرف ہوں اور درمیان میں یاء ساکن ہو جیسے مساجد' منابر' اناعیم' قنادیل۔

(تنبیہ) جمع قلت پر الف لام استغراق داخل ہو اور یا ایسی چیز کی طرف اضافت ہو جس کی دلالت کثرت پر ہو تو کثرت کا فائدہ دیتی ہے جیسے ایها الشُّيُوْخُ لَا تَكُوْنُوا كَالفِتيَةِ۔ احفَظُوا اَنْفُسَكُمْ۔

جمع کثرت وہ ہے جو تین سے زیادہ الیٰ غیر النہایہ کے لیے استعمال ہوتی ہے۔ اس کے اوزان بہت ہیں' صرف چند قیاسی ہیں جن کا ذکر آگے آئے گا۔ جمع سالم کی دونوں قسمیں بعض کے نزدیک جمع قلة کا فائدہ دیتی ہیں اور بعض کے نزدیک مطلق جمع کا بغیر قلت و کثرت کا لحاظ کیے ہوئے جس کا مآل یہ ہے کہ قلت و کثرت دونوں کا فائدہ دیتی ہیں۔

جمع کثرت کے قیاسی اوزان

(۱) فُعَل فُعْلَةٌ کی جمع جیسے غُلْبَةٌ کی جمع غُلَب۔ صورت کی جمع صور صُرَّةٌ کی جمع صُرَر۔

(۲) فِعَل فِعْلَةٌ کی جمع جیسے قِطعَةٌ کی جمع قِطَع۔ لیکن فِعلة کی جمع کبھی فُعَل بھی آتی ہے جیسے حلیة کی جمع حلی۔ لحیة کی جمع ۔لحی۔

(۳) فعالل ہر رباعی مجرد کی جمع جیسے بلبل کی جمع بلابل' حندس کی جمع حنادس' اور خماسی مجرد و مزید کی جمع بھی جیسے سفرجل کی جمع سفارج' اور خندریس کی جمع خدارس۔

(۴) فواعِل ہر ثلاثی کی جمع جس کے فا کلمہ کے بعد واؤ یا الف کی زیادتی ہو جیسے جوہر کی جمع جواہر۔ خاتم کی جمع خواتم۔

(۵) فعائل مؤنث کی جمع جس کا تیسرا حرف مدہ ہو جیسے صحیفہ کی جمع صحائف' رسالہ کی جمع رسائل۔

(۶) افَاعِل افعل (بتثلیث الھمزہ) کی جمع افَاعِل اِصبَعُ کی جمع جیسے اصابع اُنملة کی جمع اَنَامِل' اجدل کی جمع اجادل۔

(۷) افاعیل افعول اور افعولة کی جمع جیسے اسلوب کی جمع سالیب اجوزة کی جمع اراجیز۔

(۸) فعالیل ہر اس رباعی کی جمع جس کے حرف آخر سے پہلے مدہ ہو جیسے قرطاس کی جمع قراطیس۔ عصفور کی جمع عصافیر۔

(۹) مَفاعِل مِفْعَل اور مِفعَلَة کی جمع جیسے مبضع کی جمع مباضع۔ مکنسة کی جمع مکانس۔

(۱۰) مفاعیل مَفاعیل اور مَفعِیل مَفْعُول کی جمع مفتاح کی جمع مفاتیح۔ مسکین کی جمع مساکین' مقدور کی جمع مقادیر۔

اسم جمع وشبہ جمع

اسم جمع وہ ہے جس سے جمع کے معنی ظاہر ہوں اور اس کے لیے اسی مادہ سے مفرد نہ ہو جیسے خیل' قوم' رہط' جیش۔

شبہ جمع وہ ہے جو جمع کے معنی کو ظاہر کرے اور واحد جمع میں تاء کی وجہ سے امتیاز ہو مثلاً: ورق کہ اس کا مفرد ورقہ۔ ہے' ثمر کہ اس کا واحد ثمرة ہے۔ اور اسی قبیل سے ہے وہ کہ واحد اور جمع میں یاء نسبتی کی وجہ سے فرق ہو جیسے الروی۔ رومیوں میں کا ایک۔ المجوسی۔ مجوسیوں میں سے ایک۔ لیکن اس کا لحاظ رہے کہ پہلا غیر ذوی العقول کے لیے اور دوسرا ذوی العقول کے لئے۔

ہر اسم جمع اور شبہ جمع کی جمع مفردات کے طرز پر آتی ہے جیسے قوم کی جمع اقوام' رفقہ۔ کی جمع رفق' نجم کی جمع انجم اور روم کی جمع اروام۔

صفت

صفت ہر وہ اسم ہے جو ایسی ذات پر دلالت کرے جس کے ساتھ کوئی وصف ہو اس کی پانچ قسمیں ہیں۔ (۱) اسم فاعل' (۲) اسم مفعول (۳) صفت مُشبہ' (۴) اسم تفضیل' (۵) اوزان مبالغہ۔

صفت کی تانیث

صیغہ صفت کو اگر مؤنث بنانا ہو تو آخر میں تا لگا دو' جیسے صادق صادقہ۔' عالم' عالمہ' لیکن وہ صفت جو فعلان یا افعل کے وزن پر یا اسم تفضیل ہو اس کے احکام جداگانہ ہیں۔

(۱) جو صیغہ صفت کا فعلان کے وزن پر ہو اس کے لیے مؤنث فعلیٰ کے وزن پر آتی ہے جیسے عطشان سے عطشی سکران سے سکریٰ' ظمآن سے ظمای لیکن بعض کلمات ایسے ہیں کہ ان کی تانیث تاء کے ساتھ آتی ہے اور وہ یہ ہیں: الیان' حبلان' خمصان' سخنان' صوجان' ضوجان' قشوان'

مَصّان' موتان' ندمان' نصران اور بعض کلمات کی تانیث فعلی کے وزن پر بھی اور تاء کے ساتھ بھی آتی ہے جیسے عطشان سے عطشٰی اور عطشانۃ' غضبان سے غضبٰی اور غضبانۃ۔

(۲) صفت کا صیغہ جو افعل کے وزن پر ہو اس کی تانیث فعلاء کے وزن پر ہو جیسے ابیض سے بیضاء' اسمر سے سمراء۔

(۳) اسم تفضیل کے لیے مؤنث کا صیغہ فعلی ہے جیسے اکرم سے کُرمٰی۔ اصغر سے صغریٰ لیکن اگر کلمہ ناقص واوی ہو تو واؤ کو یاء سے بدل دیتے ہیں۔ جیسے احلی سے حُلیاء۔ ادنیٰ سے دنیا۔

کچھ صفات کے صیغے ایسے ہیں جن میں تذکیر و تانیث برابر ہے اور وہ یہ ہیں :

(۱) فَعَّالَۃٌ جیسے رَجلٌ' فَهَّامَۃٌ' اِمْرَأۃٌ' فَهامَۃٌ۔

(۲) مِفعَالٌ جیسے رَجلٌ مِفْضَالٌ' امراۃٌ مِفْضَالٌ اور میقانۃ شاذ ہے۔

(۳) مِفعِیل جیسے رجل مِعطِیرٌ' امراۃٌ مِعْطِیرٌ اور مسکینہ شاذ ہے۔

(۴) مِفْعَلٌ جیسے رَجُلٌ مِغْشَمٌ' اِمْرَأَۃٌ مِغْشَمٌ۔

(۵) فُعَلَۃٌ اور فُعْلَۃٌ جیسے رجل ضُحَکَۃٌ امراۃ ضحکۃ اور اگر عین کو فتحہ دے دیا جائے تو فاعلیت کے معنی ہوں گے جیسے ضحکۃ۔ بہت ہنسنے والا۔ ہمزۃ۔ بہت عیب لگانے والا هُزْأَۃٌ۔ بہت ٹھٹھا کرنے والا۔

(۶) فعول جو فاعل کے معنی میں اور فعیل جو مفعول کے معنی میں ہو جیسے رجل صبور' غُلَامٌ قتیلٌ' امراۃ قتیلٌ لیکن یہ اس وقت ہے جبکہ موصوف معروف ہو ورنہ تاء کے ساتھ فرق کرنا ضروری ہے ہاں عدوۃ شاذ ہے۔

کبھی فعیل جو مفعول کے معنی میں ہو باوجود معروف ہونے کے مؤنث کو تاء کے ساتھ لاتے ہیں خاتمۃ سعیدۃ' عاقبۃ حمیدۃ اور کبھی فعیل فاعل کے معنی میں مؤنث بغیر تاء کے جیسے امراۃ عقیم' یُحیی العِظام وهی رَمِیمٌ۔

جو صفات کہ طبقہ اُناث ہی کے ساتھ مخصوص ہیں جب معنی حدوث کا لحاظ نہ ہو تو عموماً آخر میں تاء نہیں آتی جیسے طالق' مرضع' حامل اور حدوث کے معنی کا لحاظ ہو تو تاء آتی ہے جیسے ارضعت فِهِیَ مُرضِعَۃٌ۔

صفت کی جمع

اگر صفت کا صیغہ ذوی العقول کے لیے ہو خواہ مذکر خواہ مؤنث اس کی جمع جمع سالم لاتے ہیں جیسے رجال صادقون' نساء صادقات جو صفت افعل فعلاء یا فعلان فعلی کے وزن پر یا اسم فاعل ناقص کا یا فعیل بمعنی مفعول ہو ان کے احکام جداگانہ ہیں۔

(۱) جو صیغہ صفت کا افعل فعلاء کے وزن پر ہو اس کی جمع فُعل کے وزن پر آتی ہے جیسے احمر کی حمر۔ ازرق کی زُرْقٌ' اَعْرج کی عُرْجٌ' اعمٰی کی عمی لیکن اگر کلمہ اجوف یائی ہو تو فاء کو کسرہ دے دیتے ہیں۔ غِید' بِیض' هِیف' اِغید' اِبیض' اہیف کی جمع۔

(۲) جب صفت فعلان فعلی کے وزن پر ہو تو اس کی جمع فعالی یا فِعَالٌ کے وزن پر آتی ہے جیسے سکاریٰ و حیاریٰ سکران و حیران کی جمع اور جیاع و غضاب جوعان اور غضبان کی جمع۔

(۳) اسم فاعل ناقص کی جمع فُعَلَۃٌ کے وزن پر آتی ہے جیسے دعاۃ' رماۃ' غزاۃ کہ اصل ان کی دُعَوَۃٌ رُمَیَۃٌ غزیۃ ہے۔

(۴) ایسے مادہ سے جو ہلاکت' درد یا تَشَتُّتْ کے معنی پر دلالت کرے اس سے فعیل بمعنی مفعول کی جمع فعلی کے وزن پر آتی ہے جیسے جریح کی جمع جرحی' صریع کی جمع صرعیٰ' شتیت کی جمع شتی اور اسی پر حمل کیا گیا ہے اس کو بھی جو معنی میں اس سے مشابہت رکھتا ہو اور فعیل بمعنی فاعل ہو جیسے مریض کی جمع مرضیٰ —— یا فعل کے وزن پر ہو جیسے زمن کی جمع زمنی یا فاعل کے وزن پر ہو جیسے ہالک کی جمع ہلکی۔

صفات کی جمع کے بقیہ قیاسی اوزان چھ ہیں۔ فُعَّالٌ' فَعَلَۃٌ' فُعَّل' فَوَاعِلُ' فُعَلاءُ اور إِفعِلاء۔

(۱) فُعَّال اور فَعَلَۃ ہر اس اسم کی جمع ہے جو فاعل کے وزن پر ہو اور اس کا لام کلمہ صحیح ہو جیسے زائر کی جمع زُوَّار۔ صائم کی جمع صُوَّام اور کاتب کی جمع کَتبۃ' ظالم کی جمع ظَلَمَۃٌ۔

فَعَلَۃٌ کا وزن عموماً اس فاعل کی جمع کے لیے ہے جو اجوف نہ ہو اور کسی پیشے پر دلالت کرتا ہو جیسے ساقۃ' باعۃ' حاکۃ'

صاغة کہ اصل میں سوقة' بیعة' حیکة' صوغة تھے۔

(۲) فُعَّل بھی فاعل کی جمع جیسے سُجَّدٌ ساجد کی جمع نُوَّمٌ نائم کی جمع جُوَّعٌ جائع کی جمع۔

(۳) فَوَاعِل فاعلة کی جمع جیسے صواحب صاحبة کی جمع عواذل عاذلة کی جمع اور فاعل کے وزن پر اس فاعل کی جمع بھی آتی ہے۔ جو طبقہ اُناث کے صفات کے لیے ہو جیسے عواقر' عَاقِر کی جمع حوامل حامل کی جمع طوالق طالق کی جمع۔

(۴) فعلاء فعیل کی جمع جو معنی میں فاعل کے ہو جیسے کرماء کریم کی جمع۔ عُلَمَاءُ علیم کی جمع۔

(۵) افعلاء فعیل کی جمع جو مضاعف یا معتل اللام ہو جیسے اغنیاء غنی کی جمع اقویا قوی کی جمع۔

مذکر اسم تفضیل کی جمع جمع سالم افعلون کے وزن پر آتی ہے جیسے اعظمون اکرمون اور جمع مکسر افاعل کے وزن پر جیسے اصاغر۔ اکابر

مؤنث اسم تفضیل کی جمع سالم فعلیات کے وزن پر جیسے عظمیات' کرمیات اور جمع مکسر فعل کے وزن پر جیسے صُغر' کُبر۔ صیغہ منتہی الجموع کی جمع مکسر تو نہیں آتی لیکن جمع سالم آتی ہے جیسے ضوارب کی جمع ضواربات۔ افاضل کی جمع الافاضلون

نسبة

کسی چیز کی طرف نسبت ظاہر کرنے کے لیے اسم کے آخر میں یاء مشدد لاحق کرنے کا نام نسبت ہے۔ اس کا حکم یہ ہے کہ ماقبل یاء کو مناسبت کی وجہ سے کسرہ دیا جائے جیسے رجل مِصْرِیٌّ۔

اگر اسم ثلاثی مکسور العین ہو تو نسبت کرتے وقت عین کو فتحہ دیا جائے گا۔ مثلاً فخذ میں فَخَذِیٌّ اور مَلِكٌ میں مَلَكِیٌّ کہا جائے گا اور اگر رباعی ہو تو افصح یہ ہے کہ عین پر کسرہ باقی رہے گا۔ جیسے مشرق میں مشرقی مغرب میں مغربی یثرب میں یثربی۔

اگر کسی ایسے اسم کی طرف نسبت ہو جس کے آخر میں تاء ہو تو اس کا حذف کرنا ضروری ہے جیسے قاہرہ سے قاہری۔

اگر اسم کے آخر میں تیسرا حرف الف مقصورہ ہو تو واو سے بدل دیا جائے گا۔ جیسے عصا سے عَصَوِیٌّ۔ فتی سے فَتَوِیٌّ۔

اور اگر چوتھا حرف ہو اور اصلی ہو تو واؤ سے تبدیلی زیادہ ہے جیسا کہ مَرْمِیٌّ سے مرموی اور حذف کرنا بھی جائز ہے جیسے مَرْمِیٌّ اور اگر اصلی نہ ہو بلکہ زائد ہو تو خواہ تانیث کے لیے ہو خواہ الحاق کے لیے تو وہاں پر حذف مختار ہے حِبلِّی اور ذِفْرِیٌّ کہا جائے گا اور واو سے بدل دیں تو یہ بھی جائز ہے اس صورت میں حبلوی' ذفروی کہا جائے گا لیکن الف تانیث کو جب واؤ سے بدلتے ہیں تو اکثر اس سے پہلے ایک الف بڑھا دیتے ہیں جیسے طوباوِیٌّ۔ دُنیَاوِی۔

اور اگر الف مقصورہ ایسے اسم میں واقع ہو جس کا دوسرا حرف متحرک ہو تو حذف کر دیا جاتا ہے جیسے مصطفیٰ سے مُصْطَفِیٌّ اور بعض واؤ سے بدلنا بھی جائز کہتے ہیں اس صورت میں کہا جائے گا مُصطفوِیٌّ اگر اسم کے آخر میں الف ممدودہ تانیث کے لیے ہو تو واؤ سے بدل دیا جائے گا جیسے صفراء سے صفراوی۔ بیضاء سے بیضاوِی اور اگر اصلی ہو تو اس کا باقی رکھنا ضروری ہے جیسے قراء سے قرائی۔ ابتداء سے ابتدائی۔ انتہاء سے انتہائی۔

اور اگر اصلی نہ ہو تو باقی رکھنا اور واو سے بدلنا دونوں جائز ہے جیسے رداء سے ردائی یا رداوی' سماء سے سمائی یا سماوی۔

اور اگر اسم منقوص ہو اور یاء تیسری جگہ میں ہو تو اس کو واو سے بدل دیتے ہیں اور اس کے ماقبل کو فتحہ دیتے ہیں جیسے عمی سے عموی۔ اور اگر چوتھی جگہ یا اس سے زائد ہو تو حذف کرنا جائز ہے جیسے قاضٍ سے قاضِیٌّ۔ ماضٍ سے ماضِی اور واؤ سے بدلنا بھی جائز ہے اور اس صورت میں ماقبل کو فتح دیا جائے گا کہا جائے گا قاضَوِیٌّ' ماضویٌّ اور اگر پانچویں جگہ یا اس سے زائد ہو تو حذف کرنا ضروری ہے جیسے مستعلی سے مستعلِیٌّ' معتدی سے معتدِیٌّ۔

اگر کلمہ فعیل کے وزن پر ہو اور آخر میں حرف صحیح ہو تو وزن اپنی حالت پر باقی رہے گا۔ جیسے حنیف سے حنیفی خلیل سے خلیلی اور اگر ناقص ہو تو ایک یاء کو حذف کر دیا جائے گا اور دوسرے کو واؤ سے بدل دیا جائے گا اور ماقبل کو فتحہ دیا جائے گا جیسے غَنِیٌّ سے غَنَوِیٌّ۔ عَلِیٌّ سے عَلَوِیٌّ۔

اور اگر فعیلہ کے وزن پر ہو مضاعف اور معتل نہ ہونے کی صورت میں یاء کو حذف کر دیا جائے گا اور ماقبل مفتوح ہو گا جیسے

مدینہ سے مدنی، فریضہ سے فرضی۔ بعض الفاظ میں یاء کا باقی رہنا شاذ ہے جیسے طبیعی، سلیقی۔

اور اگر مضاعف یا معتل عین ہو تو کچھ حذف نہیں ہو گا طویلہ کی نسبت میں کہا جائے گا طویلی اور عزیزہ میں عزیزی۔

جو حکم فعیل و فعیلۃ کا بیان کیا گیا ہے یہی فعیل و فعیلۃ میں بھی جاری ہو گا جیسے عقیل سے عُقَیْلِیٌّ۔ قصی سے قُصَوِیٌّ۔ قُلَیلَۃٌ سے قُلَیْلِیٌّ۔ اُمَیْمَۃٌ سے اُمَیْمِیٌّ۔

اگر اسم کے آخر میں واو چوتھی جگہ یا اس سے زائد پر ہو اور اس کے ماقبل ضمہ ہو تو نسبت کرتے ہوئے واو کو حذف کر دیا جائے گا۔ قلنسوۃ سے قَلَنِسِیٌّ اور ترقوۃ سے ترقی کہا جائے گا اور نہیں تو واو باقی رہے گا جیسے عدو سے عدوی دلو سے دلوی۔

اگر اسم کے آخر میں یا مشدد ہو اور اس سے پہلے دو حرف ہوں تو یاء کا حذف کرنا ضروری ہے جیسے شافعی کی طرف نسبت کرتے ہوئے شافعی ہی کہا جائے گا اور اسکندریہ کی طرف نسبت کرتے ہوئے اسکندری۔

اور اگر یاء سے پہلے ایک ہی حرف ہو جیسے حی تو دوسرے حرف کو فتحہ دینا اور تیسرے کو واو سے بدل دینا واجب ہے جیسے کہ حی سے حَیَوِیٌّ۔

اور اگر دوسری یاء واو سے بدل کر آئی ہو تو نسبت کرتے ہوئے پھر واؤ ہو جاوے گی جیسے طی سے طَوَوِیٌّ اگر کسی کلمہ سے آخر حرف کا حرف حذف ہو گیا ہو اور محذوف منہ میں دو حرف باقی ہوں تو نسبت کرتے ہوئے اس محذوف حرف کو واپس لایا جائے گا جیسے اب سے ابوی، اخ سے اخوی۔

لفظ اخت اور بنت کی طرف نسبت تاء کے ساتھ ہوتے ہوئے کہا جاتا ہے اختی و بنتی اور بعض حذف کر دیتے ہیں اور کہتے ہیں اخوی بنوی اور لفظ ابنۃ کی نسبت میں ابنی اور بنوی کہا جاتا ہے۔ ید اور دم جیسے الفاظ میں محذوف کو لوٹا دینا افصح ہے کہا جائے گا یَدَوِیٌّ دَمَوِیٌّ اور بغیر واؤ کے لائے ہوئے بھی نسبت کرنا جائز ہے جیسے یدیٌّ۔ دمیٌّ۔

اور اگر کسی کلمہ میں محذوف کے عوض میں ہمزہ وصل لایا گیا ہو جیسا کہ ابن اور اسم میں تو عوض کو حذف کر دینا اور محذوف کو لوٹانا جائز ہے۔ اسم اور ابن کی نسبت میں سمویٌّ اور بنویٌّ کہنا جائز ہے اور ابنیٌّ و اسمیٌّ بھی کہنا جائز ہے۔

اور اگر محذوف کے بدلے میں تاء تانیث ہو تو تاء کو حذف کر دیا جائے گا اور محذوف کو دوبارہ لایا جائے گا جیسے سنۃ سے سنوی، لغۃ سے لغوی اور زِنَۃ سے وَزْنِیٌّ اور صِلَۃ سے وصلی۔

تثنیہ اور جمع کی طرف نسبت کرنا ہو تو مفرد کی طرف لوٹا دیا جائے گا جیسے عراقین سے عراقی، مسلمین سے مسلمی۔

یہی حکم ہے کہ ان کا جو تثنیہ اور جمع کے ساتھ لاحق ہیں جیسے اثنین سے اثنی اور ثنوی۔ عشرین سے عشری، اربعین سے اربعی۔

ایسے جمع جن کے لیے مفرد نہیں جیسے ابابیل و عبادید اور یا مفرد تو ہیں لیکن اسی لفظ سے نہیں جیسے مخاطر، مناجذ، نساء، نسبت کرتے ہوئے اپنے حال پر باقی رہیں گے جیسے مخاطری، مناجذی، نسائی۔

بعض علماءِ صرف کے نزدیک جمع مکسر نسبت کی حالت میں اپنی وضع پر رہے گا جیسے ملائکۃ سے ملائکی۔ ملوک سے ملوکی۔

اور جو جمع مکسر علم ہو گیا ہو وہ بھی نسبت کی حالت میں مفرد کی طرف لوٹایا نہیں جائے گا۔ جیسے انبار سے انباری، انصار سے انصاری، اھواز سے اھوازی۔

اور مرکب بنائی میں نسبت کرتے ہوئے آخر کا جزء حذف کر دیا جائے گا اور اوّل جزء کی طرف نسبت کریں گے جیسے بعلی و معدی جبکہ بعلبک اور معدی کرب کی طرف نسبت کرنا ہو اور کبھی مجموعہ کی طرف نسبت کرتے ہیں جیسے بعلبکی و معدی کربی۔

اور مرکب اضافی کی صورت میں کسی میں جزءِ اوّل کی طرف نسبت کرتے ہیں اور کسی میں جزء ثانی میں جیسے امراء القیس سے امرئی دیر القمر سے دیرانی، عبد الاشہل سے اشہلی، ابوبکر سے بکری عبد مناف سے منافی۔ کبھی مرکبات اضافیہ میں پورے کی طرف نسبت کرتے ہیں جیسے عین ابل سے عینی، ابلی وادی آش سے وادی آشی، عین حور سے عین حوری۔

اور مرکب اسنادی میں صدر یعنی جزء اوّل کی طرف نسبت ہوتی ہے اور عجز یعنی جزء ثانی کو حذف کر دیا جاتا ہے جیسے تابط شرا سے تابطیٌّ، ذرحبًا سے ذریٌّ۔

حروفِ تہجی کے لحاظ سے ان اسماء کے تفصیل جو قواعد نسبت کے خلاف مستعمل ہیں

اسم		نسبت	اسم		نسبت	اسم		نسبت
الف کبیر	سے	أنالِيٌّ	حروراء	سے	حَرُوْرِيٌّ	رَوحاء	سے	رَوْحانِيٌّ
أُمَيَّه	"	أمَوِيٌّ	حرمین	"	حِرْمِيٌّ	رے	"	رَازِيٌّ
بادِيَه	"	بَدَوِيٌّ	حضر موت	"	حَضْرَمِيٌّ	رباب	"	رُبِيٌّ
بحرین	"	بِحرَانِيٌّ	خُزينة	"	خُزَنِيٌّ	سهل	"	سهلِيٌّ
بهراء	"	بَهْرَانِيٌّ	دَهر	"	دُهَرِيٌّ	سليقة	"	سَلِيقِيٌّ
تهامة	"	تهامِيٌّ یا تهَام	دَير	"	دَيَرانِيٌّ	سليمة الازد	"	سُلَيمِيٌّ
تيم اللات	"	تيمَلِيٌّ	داريًا	"	دَارَانِيٌّ	سُلَيمُ	"	سُلَمِيٌّ
ثقيف	"	ثَقَفِيٌّ	رب	"	رَبَّانِيٌّ	شام	"	شامٍ
جمة عظيمةٌ		جُمَّانى	رقبة عظيمة	"	رقبانِيٌّ	شعر كثير	"	شعرانِيٌّ
جذيمة	"	جذمِيٌّ	رامهرمز	"	رامِيٌّ	صدر كبير	"	صدرانِيٌّ
جلولاء	"	جَلْوَلِيٌّ	ردينه	"	رُدِيْنِيٌّ	صنعاء	"	صنعانِيٌّ
بنی الحبلی	"	حُبَلِيٌّ	روح	"	رُوحَانِيٌّ	طبيعة	"	طبيعِيٌّ
طيِّى	"	طَائِيٌّ	فُقيم كنانه	"	فُقَمِيٌّ	مرو الشاهجهانى		مَرْوَزِيٌّ
عميرة كلب	"	عُمَيْرِيٌّ	فراهيد	"	فُرهُودِيٌّ	امرؤا القيس	"	مَرْقِسِيٌّ
بنی عبيده	"	عَبَدِيٌّ	قويم	"	قُوَمِيٌّ	هجر	"	هَاجِرِيٌّ
عبد شمس	"	عَبشَمِيٌّ	قريش	"	قُرَشِيٌّ	هُذَيْلٌ	"	هُذَلِيٌّ
عبدالدار	"	عَبْدَرِيٌّ	كنت	"	كُنِتِيٌّ	انباط	"	نُبَاطِيٌّ يا نباطٍ
عبد قيس	"	عَبقَسِيٌّ	لحية عظيمة	"	لُحيانِيٌّ	ناصره	"	نَصْرَانِيٌّ
عبدالله	"	عبدلِيٌّ	مُليح خزاعة	"	مُلَحِيٌّ	يمن	"	يَمَانٍ

تصغیر

قلت یا حقارت ظاہر کرنے کے لیے اسم میں کچھ تغیر کرنے کا نام تصغیر ہے۔ ثلاثی مجرد سے فُعَیل کے وزن پر آتا ہے جیسے کلب سے کلیب۔ عبد سے عُبَید۔ رُجَل سے رجیل۔ ثلاثی مزید رباعی اور خماسی سے اگر چوتھا حرف مدہ نہ ہو تو فُعَیلِل کے وزن پر جیسے جَعفَر سے جُعَیفَر۔ سفرجل سے سفیرج اور اگر مدہ ہو تو فُعَیلِیلٌ کے وزن پر جیسے قرطاس سے قُرَیطِس مضراب سے مُضَیرِبُ اگر اسم کے آخر میں علامت تانیث کا یا الف نون زائدتان ہو تو علامت تانیث یا الف نون سے متصل ہو تو حرف ہو گا وہ اسی حالت پر رہے گا جس پر تصغیر سے پہلے تھا۔ جیسے ثمرة کی تصغیر ثَمِیرَ' بشریٰ کی بشیری۔ سمرا کی سمیراء۔ سکران۔ سکیران۔ غضبان کی غضیبان اگر کلمہ مؤنث معنوی کا ہو تو تصغیر بنانے میں تاء۔

اگر کلمہ مؤنث معنوی کا ہو تو تصغیر بنانے میں تاء مقدرہ کا ظاہر ہونا ضروری ہے جیسے ارض سے اریضة۔ شمس سے شمیسة لیکن شرط یہ ہے کہ التباس سے امن ہو ورنہ جہاں التباس کا خوف ہو گا ظاہر نہیں کریں گے' مثلاً خمس جبکہ معدود مؤنث ہو تو تصغیر میں خمیس کہیں گے خمیست نہیں تاکہ معدود مذکر کے لفظ خمسة کی تصغیر سے التباس نہ ہو۔

اگر کلمہ میں حرفِ علت ہو اور تعلیل ہو چکی ہو تو تصغیر بنانے میں اصل کی طرف لوٹ جائے گا۔ مثلاً باب کی تصغیر بُوَیب اور ناب کی تصغیر نییب ہوگی۔ اس لیے کہ باب کا الف واو اور ناب کا الف یاء تھا اس وجہ سے کہ ان کی جمع ابواب اور انیاب آتی ہے اور قاعدہ ہے کہ جمع تکسیر اسماء کو اصل کی جانب لوٹا دیتی ہے۔

اور اگر کلمہ ایسا ہو کہ یہ معلوم نہ ہو کہ اس کا الف واو سے بدلا ہوا ہے یا یاء سے تو وہاں پر ماقبل کے ضمہ کا لحاظ کرتے ہوئے تصغیر میں واو لایا جائے گا۔ جیسے عاج سے عویج کہا جائے گا۔

لفظ عید کی تصغیر عیید شاذ ہے۔ قیاس کے لحاظ سے عُوید ہونا چاہیے تھا اور اگر واو' یاء بدلے ہوئے نہ ہوں تو اپنی حالت پر رہیں گے مثلاً سور سے سویر۔ بیت سے بییت۔

اگر اسم کا دوسرا حرف الف زائدہ ہو تو واو سے بدل دیا جائیگا۔ جیسے خالد سے خویلد۔ ضارب سے ضویرب۔

اور اگر تیسرا حرف الف یا واو ہو تو یاء سے بدل کر یاء تصغیر میں مدغم ہو جائے گا جیسے عصا سے عُصَیَّ' دلوٌ سے دُلَیَّ۔ عجوز سے عُجَیِّز۔ کتاب سے کُتَیِّب۔

اور اگر واو متحرک ہو اور لام کلمہ نہ ہو تو یاء سے بدلنا اور باقی رہنا دونوں جائز ہے جیسے جدول سے جُدَیِّل یا جُدَیول' ادور سے اُدَیر یا اُدَیور۔

اگر تیسرا حرف یاء ہو تو یاء تصغیر میں ادغام کر دیا جائے گا جیسے نُصَیر سے نُصَیِّر۔ جَمِیل سے جُمَیِّل۔

اور اگر چوتھا حرف واو یا الف ہو تو یاء سے بدل دیا جائے گا جیسے عصفور سے عصیفر اور سلطان سے سُلَیطِین۔

اسم تفضیل اگر ناقص ہو تو تصغیر میں تو یاء تصغیر کا مابعد فعل تعجب کی مانند مفتوح رہے گا جیسے ہو احیلی من العسل۔

اسماء محذوفۃ الاعجاز کی تصغیر اس طرح پر ہوگی۔ اُبَیّ' اُخَیّ' دُمَیّ اور اگر ایسا اسم ہو کہ اخیر کا حرف حذف کر کے شروع میں ہمزہ وصل لگایا گیا ہو تو تصغیر بنانے میں ہمزہ وصل حذف کر دیا جائے گا۔ اور محذوف حرف واپس آ جائے گا جیسے ابن کہ اس کی تصغیر بُنَی ہوگی۔

اور اگر محذوف کے عوض میں تاء ہو تو صرف محذوف کو واپس لائیں گے اور عوض کو حذف نہیں کریں گے جیسے زنۃ عدۃ کی تصغیر و زینۃ وُعَیدَۃٌ ہوگی اور اخت اور بنت کی تصغیر اُخَیَّۃٌ بُنَیَّۃ آئے گی۔

مثنی اور جمع سالم کی تصغیر اس طرح پر آئے گی مؤمنان کی مویمنان' مومنون کی مویمنون' مومنات کی مویمنات۔

اسی طرح جمع قلت کی تصغیر ارغفۃ کی اریغفۃ ہوگی۔

اور جمع کثرت کی تصغیر بنانے کا قاعدہ یہ ہے کہ مفرد کی تصغیر بنا کر واو نون لگا دیا جئے گا جیسے غلام کی جمع غلمان کی تصغیر کی صورت یہ ہوگی کہ غُلام کی تصغیر غُلَیِّم بنا کر واو نون لگا کر غلیمون کہا جائے گا۔ اسی طرح شاعر کی جمع شعراء کی تصغیر شویعرون ہوگی اور اگر مذکر لا یعقل یا مؤنث ہو تو آخر میں اسی طرح الف تاء لگائیں گے جیسے جاریۃ کی جمع جوار کی تصغیر جویریات درہم کی جمع دراہم کی دریہمات اور مرکب اضافی کی تصغیر اس طرح پر ہوگی کہ پہلے جزء کی تصغیر بنا کر دوسرے جزء کو اپنی حالت پر چھوڑ دیں گے مثلاً عبداللہ کی تصغیر عبید اللہ ہوگی۔ اور یہی حالت مرکب بنائی کی ہوگی جیسے معدیکرب کی تصغیر معیدیکرب۔ حضر موت کی تصغیر حضیر موت' نفطویہ کی تصغیر نفیطویہ' خمسۃ عشر کی خمیسۃ عشر' بعلبک کی بعیلبک۔

اور مرکبِ اسنادی مثلاً تابط شرا کی تصغیر نہیں آتی۔

تنبیہ:

کچھ الفاظ ایسے ہیں جن کی تصغیر خلافِ قیاس آتی ہے۔ ابیحر' بحر کی۔ انیسیان' انسان کی۔ رویجل' رجل کی' اصیلال' اصیل کی۔ عشیشیۃ' عشیۃ کی۔ اُصَیبِیَۃ۔ صبیۃ۔ اغیلمۃ غلمۃ کی۔ اسی طرح قویس۔ ذُرَیع۔ حریب۔ نعیل۔ عریس۔ ذوید کہ ان سب میں قیاس کے مطابق آخر میں تاء ہونے چاہیے تھی۔

ہمزہ کی کتابت کے قواعد:

ہمزہ اگر ابتداء میں واقع ہو تو ہمیشہ الف کی صورت میں لکھا جائے گا جیسے اسماء' ابناء' اکرام' اسی طرح اگر ابتداء میں ہو مگر اس کے ساتھ کوئی دوسرا حرف متّصِل ہو جیسے باجمل' لافضل۔ لیکن لئلا اور لئن اور یومئذ اور حینئذ میں تخفیف کے لیے کثرتِ استعمال کی بنا پر اپنی حرکت کے موافق لکھا جائے گا۔

اور اگر ہمزہ وصل ہو اور فاء یا واو کے بعد واقع ہو تو حذف کر

دیا جائے گا بشرطیکہ اس کے بعد ہمزہ ہو جیسے فائتنی' وائذن لی۔

اور اگر ہمزہ درمیان میں واقع ہو اور ساکن ہو تو اپنے ماقبل کی حرکت کے موافق حرف علت کی صورت میں لکھا جائے گا۔ جیسے بأس بوئس بئس لیکن ہمزہ وصل کے بعد ہو اور بدلا ہوا ہو تو اثنائے کلام میں اصل کی طرف لوٹا دیا جائے گا اور اسی حرف کی صورت میں لکھا جائے گا جس سے تبدیلی ہوئی تھی جیسے "یارجل ائذن" اور "هذا الذی اؤ تمنت علیه" اور ہمزہ متوسطہ متحرکہ اپنی حرکت کے موافق حرف کی صورت میں لکھا جائے گا خواہ اس سے پہلے ساکن ہو یا متحرک۔ جیسے لؤم رؤف سال۔

اور اگر مفتوح ہو اور بعد ضمہ و کسرہ کے ہو تو ماقبل کی حرکت کے موافق حرف کی صورت میں لکھا جائے گا جیسے سؤال' رمال' مؤنث اور اگر ہمزہ الف اور یاء کے درمیان واقع ہو تو ہمزہ اور یا دونوں کی صورت میں لکھنا جائز ہے جیسے بقاءی یا بقائی۔

اور اگر ہمزہ الف اور ضمائر میں سے یا کے علاوہ کسی اور کے درمیان واقع ہو اور مکسور یا مضموم ہو تو اپنی حرکت کے موافق حرف کی صورت میں اور مفتوح ہو تو ہمزہ کی صورت میں لکھا جائے گا جیسے بقاؤہ بقائہ بقاءہ۔

ہمزہ اگر کلمہ کے آخر میں واقع ہو اور اس کے ماقبل ساکن ہو تو ہمزہ کی صورت میں لکھا جائے گا جیسے جُزءٌ' شیءٌ۔

اور اگر ماقبل متحرک ہو تو ماقبل کی حرکت کے موافق حرف کی صورت میں لکھا جائے گا جیسے ھَیُؤ' لکأ' ظَمِیَ۔

اگر ہمزہ طرف میں واقع ہو اور تاء تانیث لاحق ہو اور ہمزہ سے پہلے حرف صحیح ساکن ہو تو ہمزہ کو الف کی صورت میں لکھا جائے گا۔ مثلاً نشاۃ۔ اور اگر متحرک ہو تو ماقبل کی حرکت کے مشابہ حرف سے لکھا جائے گا جیسے فِئۃٌ' لُؤلُؤۃٌ۔

اور اگر ماقبل معتل ہو تو یاء کے بعد یاء کی صورت میں اور الف اور واو کے بعد ہمزہ کی صورت میں لکھا جائے گا جیسے:
خطیئۃ بریئۃ قراءۃٌ' صلاءۃٌ' مروءۃٌ' سوءۃٌ۔

ابدال کے قواعد:

ایک حرف کی جگہ میں دوسرے حرف کے رکھنے کا نام ابدال ہے کثیر الوقوع قواعد حسب ذیل ہیں۔

اگر الف ضمہ کے بعد واقع ہو تو واو سے بدل جائے گا۔ جیسے ضَارَبَ سے ماضی مجہول کا صیغہ ضورب اور قَاتَلَ سے قُوتِلَ۔

اگر یاء ساکن ضمہ کے بعد واقع ہو تو واو سے بدل جائے گی جیسے ایقن سے مُوقِنٌ۔ ایسر۔ مُوسِرٌ۔

اسی طرح اگر واو ساکن کسرہ کے بعد واقع ہو تو یاء سے بدل جائے گا جیسے موزان سے میزان۔ موعاد سے میعاد۔

واو یا یاء متحرک ہوں' اور ماقبل مفتوح ہو تو الف سے بدل جاتے ہیں' جیسے قال' باع' بابٌ' نابٌ۔

الیافُوف : تیتر کا بچہ۔ کڑوا کھانا۔ تیز رفتار۔ ج یَافِیف :الیافُوفَة :پروانہ۔
اَفَخه۔ تالو پر مارنا۔
الیافُوخ : تالو۔ بچے کے سر کا وہ نرم حصہ جو حرکت کرتا رہتا ہے۔ ج یَآفِیخ۔ کہا جاتا ہے "ضَرب یَافُوخَ اللَّیْلِ" رات کے اول حصہ میں چلا "وَرَکِبَ یَافُوخَ فُلَانٍ" وہ اس پر غالب اور فائق ہوگیا۔
اَفِدَ(س) اَفَدًا۔ جلدی کرنا۔ صفت آفِد ــــ و اِستَافَد :التَّرَحُّلُ :کوچ قریب ہونا۔
الآفَد :مدت۔ غایت۔
الاَفَدَة۔ دیر۔ تاخیر۔
اَفَرَ(ض) افرًا و اُفُورًا : خدمت کرنے میں چستی دکھلانا ــــ القَوْمَ :دھتکارنا۔ دفع کرنا۔
اَفِرَ(س) اَفَرًا۔ البَعِیرُ :لاغری کے بعد موٹا ہونا۔
الاَفُرَة :جماعت۔ بلا۔ سختی۔
المِئفَر :خادم۔ خدمت میں تیز لڑکا۔
الاِفْرَنْجُ و الاِفْرَنْجَةُ : فرنگی۔ رومیوں اور ترکوں کے علاوہ یورپین۔
اَفَزَ(ض) اَفْزًا۔ کودنا۔ اُچھلنا۔
الاَفْسَنْتِین :ایک قسم کی دوا کا نام۔
اَفَقَ(ض) اَفْقًا۔ آفاق میں جانا ــــ الجِلْدَ : دباغت دینا۔ صفت مفعول اَفِیق۔ ج آفِقَة و اُفُق۔
اَفِقَ(س) اَفَقًا :کرم اور علم میں انتہا تک پہنچنا صفت اَفِق و اَفِیق۔
اُفُقُ الطَّرِیق :راستہ کا درمیانی حصہ۔
الاُفْقُ وَالاُفُقُ :کنارہ کنارہ آسمان۔ ہواؤں کے چلنے کی جگہ۔ ج آفَاق۔
الاَفِیقَة : دباغت دی ہوئی کھال۔ سخت مصیبت۔
الاُفَاقِ۔ کمانے کے لیے آفاق میں پھرنے والا۔
الاَفَقَة و الاَفَقَةُ۔ پہلو۔ کوکھ۔
الاَفِیق :چمڑے کا بڑا ڈول۔
اَفَكَ(ض) اَفْكًا و اُفُوکًا و اَفِكَ(س) اَفَکًا و اَفَكَ : جھوٹ بولنا۔ صفت اَفِیک ج اُفَکَاء و افوک۔ ج اُفک و افاک ج افّاکون و اَفِکَه
اَفَکَهٗ عَنْ رَأیه :رائے سے پھیرنا۔
اُفِکَ۔ المَکَانُ : بے بارش والی ہونا۔ اُفِكَ الرَّجُلُ :ضعیف العقل ہونا۔
اِئتَفَكَ۔ البَلَدُ بِاَهلِهِ : الٹ جانا ــــ الاَرْضُ :خشک سالی سے جل جانا۔
الاِفْک و الافکَة و الاَفِیکَةُ : جھوٹ۔ گناہ۔ اَفِیکَه کی جمع اَفَائِكُ۔
الاَفِیک و المَافُوک : خیر سے محروم عاجز رائے والا۔
الآفِکَة۔ من السِّنِینِ :خشک سال ج اَوَافِک۔
المُؤتَفِکَات : ہوائیں جو مختلف سمت سے چلیں۔ وہ بستیاں جن کو اللہ تعالیٰ نے اُلٹ کر تباہ کر دیا۔
اَفَلَ(ض ن) و اَفِلَ(س) اُفُولًا۔ القَمَرُ :غائب ہونا۔ غروب ہونا۔ صفت آفِلٌ۔ ج اُفَّل و اُفُول۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ کَعْبُهٗ سَافِلٌ وَ نَجْمُهٗ آفِلٌ" یعنی وہ بد نصیب اور برگشتہ قسمت ہے۔
اَفَلَ(ض ن) اُفُولًا و اَفِلَ(س) اَفَلًا۔ الرَّجُلُ : شاداں ہونا ــــ المُرْضِعُ : دودھ کا ختم ہو جانا۔
اَفَّلَهٗ: تعظیم کرنا۔
تَاَفَّلَ: تکبر کرنا۔
الاَفِیل :اونٹ کا بچہ۔ ج اِفَال و افائل۔ مؤنث افیلة۔
اَفَنَ(ض) اَفْنًا۔ النَاقَةَ :بے وقت دوہنا ــــ اللّٰهُ فُلَانًا :ضعیف العقل بنا دینا۔
اَفِنَ (س) اَفَنًا و اُفِنَ : ضعیف العقل ہونا۔ صفت اَفِینٌ و مَافُونٌ۔
تَاَفَّنَ : تکلفًا کسی عادت کو اختیار کرنا۔ گھٹنا۔ ــــ اواخر الامور :انجام کی فکر کرنا۔
الاِفَّان۔ وقت۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ فِی اِفَّانِ ذٰلِكَ" وہ اس کے دوران میں آیا۔
الاَفْیُون :افیم۔
الاَفَالِیَا۔ دوا کا نام۔
الاُقَّة :نصف رطل کا وزن۔
الاُقْحُوَان و القُحْوَان۔ بابونہ۔ واحد اُقْحُوَانه و قُحْوَانه۔ ج اقاحِیّ و اقاح۔ اَقَاحِی الاَمْرِ: امر کا آغاز۔
الاَقِط و الاِقْط و الاَقْط و الاُقُط و الاَقِط و الاُقْط۔ اِقط۔ پنیر۔
الاِقِطَات۔ پنیر کا ٹکڑا۔
الاَقْنَا و الاَقْنُوس۔ ایک قسم کی خوبصورت پتوں والی گھاس۔
اَکَدَ و وَکَّدَ۔ العهد و السَّرَاجَ :مضبوط کرنا۔ مضبوط باندھنا۔ الشَّیءَ :ثابت کرنا۔
تَاَکَّدَ و تَوَکَّدَ۔ مضبوط ہونا۔ ثابت ہونا۔
الاَکِید :مضبوط۔ موثق۔ ثابت۔
الاَکَائِد و التَاکِید :وہ تسمے جس سے زین کے اگلے حصہ کو باندھیں۔
اَکَرَ(ن) اَکْرًا و تَاَکَّرَ۔ الاَرْضَ :جوتنا اور کاشت کرنا۔
الاَکَّار :کاشتکار۔ ج اَکَرَة و اَکَّارُون۔
الاُکْرَة۔ گیند۔ گڑھا۔ ج اُکَر۔
اَکَفَ و آکَفَ اِیکَافًا۔ الحِمَارَ :گدھے پر پالان باندھنا ــــ الاُکَاف :پالان بنانا۔
الاُکَاف :پالان۔ ج اُکُف و آکِفَة۔
الاِکَّاف :پالان بنانے والا۔ پالان بیچنے والا۔
اَکَلَ (ن) اَکْلًا وَ مَاکَلًا۔ الطَّعَامَ :کھانا ــــ الشَّیءَ :فنا کرنا۔
اَکَلَهٗ(ن) اِکْلًا و اُکَالًا و اَکَالًا۔ رَأسُهٗ :سر کھجلانا۔
اَکِلَ (س) اَکَلًا و تَاَکَّلَ۔ السِّنُّ او العُودُ : دانت یا لکڑی کا کھوکھلا ہو کر گر جانا۔
اَکَّلَهٗ و آکَلَهٗ اِیکَالًا۔ الشَّیءَ :کچھ کھلانا۔
آکَلَهٗ مُوَاکَلَةً۔ ساتھ کھانا۔ کھلانا۔
اِئتَکَلَ۔ بعض کا بعض کو کھانا۔ مِنَ الغَضَبِ : غصہ سے جل اُٹھنا۔ غصہ سے تمتما جانا۔
اِئتَکَلَتِ النَّارُ :آگ کا سخت لپٹ والی ہونا۔
اِستَاکَلَهٗ۔ الشَّیءَ :کھانا تیار کرنے کو کہنا "فُلَانٌ یَستَاکِلُ الضُّعَفَاءَ" :فلاں غریبوں کا مال کھا رہا ہے۔
الاُکْل و الاُکُل : پھل۔ خوراک۔ کشادہ رزق۔
الاُکْلَة :لقمہ۔ غیبت۔
الاَکْلَة :اکل کا اسم مرة۔

الأكِلَة: خارش-کھانے کی ہیئت-غیبت-
الآكِلَة: خارش-
الآكِلَة: وہ بیماری جو عضو کو سڑادے-
الأكَال: کھانا-اسی سے ہے "مَاذُقْتُ إِكَالاً" میں نے کچھ نہیں چکھا-
الأُكَال: خارش-
الأُكَّال والأكِيل والأكُول والأُكْلَة: بہت کھانے والا-
الأكُولَة: بکری جو کھانے کے لیے موٹی کی جائے-
الأكُولَة والأكِيل: بکری جو بھیڑیئے وغیرہ کے شکار کے لیے کھڑی کی جائے-
المَاكَل: خوراک-ج مَآكِلُ-
المَاكَلَة: خوراک-جو چیز کھائی جائے-
المِكَلَة: چھوٹا پیالہ-
المِكَال: چمچہ-ج-ماکیل-
المَاكُول: خوراک- جو چیز کھائی جائے-ج ماکیل-
اِستَاكَمَ: المَوْضِعُ: ٹیلہ بن جانا-
الأكَمَة: ٹیلہ- چھوٹی پہاڑی- ج اكَمٌ واكَمَاتٌ جج اكام واكم واكام-
المَاكَمُ والمَاكَمَةُ- سرین کا گوشت-
المَاكُوم: غمگین-
الأُكْنَة: آشیانہ-گھونسلا-
الإِكَاءُ: مشک وغیرہ کا سربند-
اكى(ض)اكيًا: دستاویز لینا-
اَلْ- حرف تعریف ہے کبھی عہدی ہوتا ہے جیسے "اِشْتَرَيْتُ عَبْدًا ثُمَّ بِعْتُ الْعَبْدَ" میں نے غلام کو خریدا اور پھر اسی غلام کو بیچ دیا-اور کبھی جنسی جیسے "خُلِقَ الْإِنْسَانُ ضَعِيفًا" انسان کو کمزور پیدا کیا گیا ہے-اور کبھی اسم موصول ہوتا ہے-جب کہ اسم فاعل واسم مفعول پر داخل ہو جیسے "جَاءَ نِي الضَّارِبُ وَالْمَضْرُوبُ" اور صفت مشبہ پر جو داخل ہوتا ہے اس میں صحیح مذہب یہ ہے کہ وہ حرف تعریف ہے-
اَلَّ(ن) اَلًّا: نیزے سے مارنا-دھتکارنا-
____ الرَّجُلُ: دوڑنا ____ اللَّوْنُ: رنگ صاف ہونا-چمکنا-

اَلَّ(ض) الَّاً وَاَلَلاً وَاَلِيلاً-المَرِيضُ: کراہنا-
____ الرَّجُلُ فِي دُعَائِهِ: گڑگڑانا-
أَلِلَت(س) اَلَلاً-الأَسْنَانُ: دانتوں کا خراب ہونا-
اَلَّلَ-الشَّيْءَ: کسی چیز کو نوک دار بنانا-
الإِلُّ: عہد-پڑوسی-عمدہ اصل-عداوت وکینہ-
الأَلُّ: پہلا-
الأَلُّ: نالہ وزاری-
الأَلَّة: چھوٹا نیزہ-جنگ کا سارا سامان-
الإِلَّة: نالہ وزاری کرنے کی ہیئت- قرابت ج اِلَلٌ-
الأُلَّة: مویشی جس کی چراگاہ دور ہو-ج أُلَل-
الأَلِيلَة: مویشی جس کی چراہ گاہ دور ہو-
فَرَسٌ مِئَلٌّ- تیز رفتار گھوڑا-
اَلَا- ایک لفظ ہے جو کلام کے شروع میں مخاطب کو متوجہ کرنے کے لیے اور مابعد کی چیزوں پر زور دینے کے لیے مستعمل ہے جیسے "اَلَا اِنَّهُمْ هُمُ السُّفَهَاءُ" خبردار رہو یقیناً یہی بیوقوف ہیں- حرف تنبیہ جیسے "اَلَا يَاصَاحِ قُمْ" خبردار اے ساتھی کھڑا ہو جا- حرف عرض جیسے "اَلَا تَنْزِلُ بِنَا" یعنی براہ کرم ہمارے پاس آیئے- حرف تحضیض جیسے "اَلَا تَتُوبُ وَتَرتَدِعُ عَن غَيِّكَ" تمہیں توبہ کر لینی چاہیے اور اپنی شرارت سے باز آجانا چاہیے-
اَلَّا- حرف تحضیض جیسے "اَلَّا تُكْرِمُ اَبَوَيْكَ" تو تم کو اپنے والدین کی عزت کرنی چاہیے-
اِلَّا- حرف استثناء: جیسے "جَاءَ الْقَوْمُ اِلَّا زَيْدًا" زید کے علاوہ سب لوگ آئے اور کبھی صفت کے لیے غیر کے معنی میں بھی آتا ہے جیسے "لِي رِجَالٌ اِلَّا رِجَالُكَ" میرے آدمی تمہارے آدمیوں کے علاوہ ہیں-اور کبھی نفی کے بعد حصر کے لیے آتا ہے جیسے "مَاضَرَبَ اِلَّا زَيْدٌ" یعنی زید ہی نے مارا-
اَلَبَ (ن ض) اَلْبًا وتَأَلَّبَ- جمع ہونا- اَلَبَتِ السَّمَاءُ- پیہم برسنا-
اَلَبَ (ن ض) اَلْبًا واَلَّبَ- جمع کرنا- اَلَّبَ بَيْنَهُمْ: فساد انگیزی کرنا-
الإِلْب- کسی شخص کی عداوت پر اکٹھا ہونے والی قوم کہا جاتا ہے "هُمْ عَلَيَّ اِلْبٌ وَاحِدٌ" وہ سب میری عداوت پر ایک ہیں-انگشت شہادت او انگوٹھے کے درمیان کا فاصلہ-
الأَلْب- بکری کے بچے کی کھال- زہر- بخار کی شدت- گرمی کی شدت- پیاس- پھوڑے کے اچھے ہونے کی ابتداء-
الأَلْبَةُ- بھوک-
الأَلُوب: سرد ہوا جو خاک کو اڑائے- رَجُلٌ اَلُوبٌ: ڈول کو جلدی نکالنے والا مرد-
المِئْلَب: تیز رفتار-
اَلَت(ض) اَلْتًا واَلَتَ اِيلَاتًا-الرَّجُلَ حَقَّهُ: حق میں سے گھٹانا- اَلَتَ الشَّيْءُ: گھٹنا-(لازم و متعدی اَلَتَهُ يَمِينًا: قسم دلانا- الرَّجُلَ: کسی کو اس کے ارادے سے باز رکھنا-
الأَلْتَة: تھوڑا عطیہ- گزرے ہوئے واقعہ پر جھوٹی قسم-
اَلَّذِي: اسم موصول- تثنیہ اَلَّذَانِ- ج اَلَّذُونَ- تصغیر اَللَّذَيَّا واللَّذَيَّانِ واللَّذَيُّون مؤنث اَلَّتِي- ج اَللَّوَاتِي واللَّاتِ واللَّاتِي تثنیہ اللَّتَانِ واللَّتَانِ-تصغیر اَللُّتَيَّا واللُّتَيَّا-
اَلِزَ(ض) اَلْزًا: لازم ہونا- چمٹ جانا-
اَلِزَ(س) اَلَزًا: بے قرار ہونا-
اَلَسَهُ(ض) اَلْسًا: خیانت کرنا- دھوکا دینا-
اُلِسَ: دیوانہ ہونا- صفت مَالُوسٌ-
آلَسَهُ مُوَالَسَةً: غدر کرنا- خیانت کرنا-
الأَلْس: دیوانگی- خیانت-
الأَلَاس: دیوانگی-
المَالُوس: دیوانہ- خلل دماغ والا-
الأَوْلَق: دیوانگی-
المَالُوق: دیوانہ-
اَلِفَهُ(س) اَلْفًا- مانوس ہونا- محبت کرنا- صفت اِلْف ج اُلَّاف وَاَلِيف ج الالف و آلف ج اُلَّاف اور اسم الأُلْفَة- اَلِفَ المَكَانَ وَآلَفَهُ اِيلَافًا: کسی جگہ سے مانوس ہونا-
اَلَفَهُ(ن ض) اَلْفًا- ایک ہزار دینار دینا-
آلَفَهُ اِلَافًا ومُؤَالَفَةً- باہم اُنس و محبت کے ساتھ رہنا و آلَفَهُ المَكَانَ اِيلَافًا: کسی جگہ سے کسی کو مانوس بنا دینا- اَلَّفَهُمْ: ہزار بنانا- آلَفُوا: ہزار ہونا-

اَلَفَ الكِتابَ : مسائل کو جمع کرنا ____ الشَّیَٔ :ایک کو دوسرے سے ملانا بَیْنَهُمْ : محبّت ڈالنا۔ محبّت واقع کرنا ____ الْأَلْفَ :پورے ہزار کرنا۔

تَاَلَّفَ۔ اکٹھا ہونا۔ تَاَلَّفَ الشَّیَٔ : اجزاء کا مرتب طور سے اکٹھا ہونا۔

تَاَلَّفَهٗ :اوپری دل سے محبت کرنا۔

اِئْتَلَفُوْا و تَاَلَّفُوْا۔ اکٹھا ہونا۔

اِسْتَاْلَفَ :دوست و ساتھی ڈھونڈھنا۔

الْإِلْف و الْأُلْفَة :دوستی۔

الْأَلْف :ہزار۔ ج اُلُوف و آلَاف۔

الْأَلِف :حروف تہجی کا پہلا حرف۔ ہر چیز میں کا ایک مرد جس کی بیوی نہ ہو۔ بازو کے اندرونی حصّہ کی ایک رگ کا نام۔

اَوَالِفُ : الطَّیْر : گھروں میں رہنے والے پرندے۔

الْأَلِفِیَّة :الف کی طرف نسبت۔ اور اصطلاحاً اس قصیدہ کو کہتے ہیں جس میں کسی فن کے قواعد بیان کئے گئے ہوں۔ جس کے اشعار کی تعداد ہزار ہو اور ان میں مشہور تر "الفیہ ابن مالک" ہے۔

الْإِیْلَاف :عہد۔ پروانہ راہداری۔

التَّاْلِیْف :مصدر۔ کتاب۔

الْأَلُوْف :بہت محبت کرنے والا۔ ج اُلُف۔

الْمَاْلَف :مرغوب و مانوس چیز۔ ج مآلِف۔

الْمُؤَلِّف :مصنف۔ ہزار کا مالک۔

اَلَقَ (ض) اَلْقًا و تَاَلَّقَ وَ ائْتَلَقَ۔ البَرْقُ :بجلی چمکنا۔ کوندنا۔

اَلَقَ الرَّجُلُ :جھوٹ بولنا۔

اُلِقَ اَلْقًا: دیوانہ ہونا۔ صفت مِئْلَق وَ مَمَالُوْق۔

الْإِلْق۔ بھیڑیا۔ ج اِلَق۔ بدخلق۔ الْإِلْقَة :بندریا۔

الْأَوْلَق :دیوانگی۔ جنون۔

الْإِلَاق :بغیر بارش کے بجلی۔

الْأَلَّاق :جھوٹا۔

الْمَاْلُوْق :دیوانہ۔

الْمِئْلَق :بے وقوف۔

اَلَكَ (ض) اَلْكًا و اُلُوْكَةً و اُلُوْكًا و مَاْلَكًا۔ و اَلَكَ اِلَاكَةً :پیغام پہنچانا۔ اَلْفَرَسُ اللِّجَامَ : گھوڑے کا لگام کو چبانا۔

اِسْتَاْلَكَ :اَلْوَكَةَ :کسی کا پیغام لے جانا۔

الْمَلَكُ۔ وَ الْمَلَاكُ : فرشتہ ۔ ج مَلَائِكُ وَ مَلَائِكَة۔

الأَلُوْكُ و الْأَلُوْكَة و الْمَاْلَكُ و الْمَاْلَكَةُ : پیغام۔ ج الْأَئِکْ و مَآلِک۔

الْمَاْلُوْكُ :دیوانہ۔

اَلِمَ (س) اَلَمًا۔ دکھی ہونا۔ صفت اَلِم۔

اَلَّمَ تَاْلِیْمًا و آلَمَهٗ اِیْلَامًا۔ دکھ دینا۔

تَاَلَّمَ۔ دکھی ہونا۔

الْأَلَم۔ دکھ۔ ج آلَام۔

الْأَلِیْم۔ دردناک۔

الْإِلْمَاس۔ ہیرا۔

اَلَهَ (ف) اُلُوْهَةً و اِلَاهَةً و اُلُوْهِیَّةً۔ پرستش کرنا۔ بندگی کرنا۔

اَلِهَ (س) اَلَهًا۔ متحیر ہونا۔ کہا جاتا ہے "اَلِهْتُ عَلَیْهِ" میں نے اس پر بہت زیادہ جزع فزع کیا۔

اَلَّهَهٗ :غلام بنانا۔ خدا کا مرتبہ دینا۔ پرستش کرنا۔

تَاَلَّهَ۔ معبود بن جانا۔ باخدا ہونا۔

اِسْتَاْلَهَ۔ معبود سے مشابہ ہونا۔

الْإِلٰه۔ معبود۔ ج آلِهَة۔

اَللّٰهُ :ذات واجب الوجود کا نام۔ اَللّٰهُمَّ :اے اللہ۔

الْأُلُوْهَة وَ الْأُلَاهَةُ وَ الْإِلٰهِیَّةُ وَ الْأُلُوْهِیَّةُ وَ الْأُلْهَانِیَّةُ۔ معبودیت۔

الْإِلَاهَة۔ بڑا سانپ۔ نیا چاند۔

الْأَلِیْهَة و الْأَلَاهَة۔ آفتاب۔

عِلْمُ الْإِلٰهِیَّات۔ وہ علم جس میں اللہ تعالیٰ کی ذات و صفات سے بحث کی جائے۔

اَلَا (ن) اَلْوًا و اُلُوًّا و اُلِیًّا و اِلِیًّا تَاْلِیَةً و ائْتَلٰی اِیْتِلَاءً۔ فِی الْأَمْرِ :کوتاہی کرنا۔ سستی دکھلانا۔ کہا جاتا ہے "لَمْ یَاْلُ جُهْدًا" اس نے اپنی کوشش میں ذرا بھی کوتاہی نہیں کی۔

آلٰی اِیْلَاءً و تَاَلّٰی و ائْتَلٰی۔ قسم کھانا۔

الْأَلُوْ۔ عطیہ۔ بکری کی مینگنی۔

الْأَلُوُّ۔ و الْأَلُوَّة و الْإِلْیَة : اگر کی لکڑی ج آلْاَوِیَہ۔

الْأَلْوَة و الْأُلْوَة و الْأَلِیَّة۔ قسم۔ اَلِیَّة کی جمع اَلَایَا۔

الْأَلِیُّ۔ بہت قسمیں کھانے والا۔

الْمِئْلَاة۔ وہ کپڑے کا ٹکڑا جس کو نوحہ کرنے والی عورت اپنے ہاتھ میں لے کر ہلاتی جاتی ہے۔ ج مَآلِیْ۔

اَلِیَ (س) اَلْیًا۔ الكَبْشُ :مینڈھے کا بڑی چکی والا ہونا۔ صفت اَلْیَان و آلٰی۔ مؤنث اَلْیَاء و اَلْیَانَة۔ ج اُلْی۔

الْأَلْیَة۔ دنبہ کی چکی۔ مثنی اَلْیَان بغیر تاء کے۔ ج الْأَلَایَا و اَلْیَات۔

الْإِلْیُ و الْإِلٰی و الْأَلٰی۔ نعمت ج آلَاء۔

الْأَلَاء و الْأَلٰی۔ ایک قسم کا درخت جو ہمیشہ سبز رہتا ہے اور اس کا پھل کڑوا ہوتا ہے۔ واحد الْأَلَاءَةُ۔

الْأَلَایُ۔ فوج کا دستہ ج الایات۔ ترکی کلمہ ہے۔ اس کے لیے عربی "فیلق" ہے۔

اِلٰی۔ حرف جر ہے۔ معانی ذیل میں مستعمل ہے انتہاء زمانہ کے لیے جیسے "دَرَسَ اِلَی الْمَسَاءِ" اس نے شام تک پڑھا۔ انتہاء مکان کے لیے جیسے "سَارَ اِلَی الْبَیْتِ" وہ گھر تک چلا۔ بمعنی عند جیسے "كَلَامُهٗ اَشْهٰی اِلَیَّ مِنَ الرَّحِیْقِ" اس کی گفتگو میرے نزدیک شراب سے زیادہ مرغوب ہے۔ بمعنی لام جیسے "اَلْاَمْرُ اِلَیْكَ" معاملہ تیرے اختیار میں ہے۔ بمعنی مع جیسے "ضُمَّ هٰذَا اِلٰی ذَاكَ" اس کو اس کے ساتھ ملالو۔

اِلَیْكَ۔ اسم فعل بمعنی دور رہو۔ ہٹو جیسے "اِلَیْكَ عَنِّیْ" یعنی تو مجھ سے دور ہو جا۔ اور بمعنی خذ جیسے "اِلَیْكَ الْكِتَابَ" یعنی کتاب کو لے لو۔

اَلٰی۔ اُوْلٰی کی جگہ استعمال ہوتا ہے جیسے اَلْعَرَبُ الْاَلٰی "قدماء عرب۔ اُوْلٰی اسم اشارہ جمع قریب کے لیے ہے۔

اَمْ۔ حرف عطف ہمزہ استفہام کے بعد تسویہ اور برابری کے مفہوم کے لیے آتا ہے۔ جیسے "اَقَرِیْبٌ اَمْ بَعِیْدٌ مَّا تُوْعَدُوْنَ"۔ اور کبھی بل کے معنی میں آتا ہے۔ جیسے هَلْ یَسْتَوِی الْاَعْمٰی وَالْبَصِیْرُ اَمْ تَسْتَوِی الظُّلُمَاتُ وَالنُّوْرُ"۔

اَمَّ (ن) اَمًّا و اَمَّمَ و تَاَمَّمَ و ائْتَمَّ : قصد کرنا

وَاَمَّه :چندیا پر مارنا-دماغ پر صدمہ پہنچانا-

____ اِمَامَةً وَاَمًّا وَاِمَامًا- اَلْقَوْمُ وَبِالْقَوْمِ : امام بننا-

اَمَّتْ اُمُوْمَةً-ماں ہونا-

تَاَمَّمَ-الْمَرْاَةَ : ماں بنانا-

اِئْتَمَّ-بہ :اقتدا کرنا ____ وَاِسْتَاَمَّ-ہ :امام بنانا-اِسْتَامَّ الْمَرْاَةَ :ماں بنانا-

اَلْاُمُّ : ماں - کسی چیز کی اصل ج اُمَّهات واُمَّات اور بقول بعض اُمَّهات انسان کے لیے' اور اُمَّات بہائم کے لئے- اُمُّ اَرْبَعٍ وَاَرْبَعِیْنَ : کن کھجورا- اُمُّ اَوْرَاص : سختی- جنگلی چوہا- اُمُّ الْبَیْض : شتر مرغ- اُمُّ التَنَائِف :دور کا جنگل- اُمُّ تَولَبْ : گدھی- اُمُّ جَابِر : ہریسہ- اُمُّ جُنْدَب : ظلم و بے انصافی- اُمُّ الجرافْ :ڈول-ڈھال- اُمُّ جَعَّارِ : بجو- اُمُّ جَعْرَان : گدھ- اُمُّ الجَیْش : جھنڈا- اُمُّ حُبَاب :دنیا- اُمُّ حبیب : گرگٹ- اُمُّ حَزْب : جھنڈا- اُمُّ حَفْصَة : مرغی- اُمُّ حلِس : گدھی- اُمُّ الْخَبَائِثِ : شراب- اُمُّ خناف : سختی- اُمُّ خِنَّور : بجو- اُمُّ دَرَن :دنیا- اُمُّ دَرِیْن : قحط زدہ سرزمین- اُمُّ وَرزَة :دنیا- اُمُّ دفر و اُمُّ دَفَارِ : دنیا- اُمَّ الدِمَاغ : دماغ کی جھلی- اُمَّ الرَّاسِ :دماغ یا دماغ کی جھلی- اُمُّ راشد :چوہا- اُمَّ الرُّبَیْق : سختی وبلا- اُمَّ الرُمْح : جھنڈی- اُمُّ سـمْحة : بکرا- اُمُّ سُوَیْد : دبر- اُمُّ صَبَّار و اُمُّ صبُور :بلا و سخت لڑائی- اُمُّ الصِبْیَان :ایک قسم کی بیاری جو بچوں کو لاحق ہوتی ہے اور جس سے بچے بے ہوش ہو جاتے ہیں- اُمُّ طَبَق : سختی وبلا- سانپ- اُمُّ الطَّرِیْق : شارع عام- اُمُّ الطَّعام : معدہ- گیہوں اُمُّ عَامِر :بجو- اُمُّ عَرِیط :بچھو- اُمُّ عَزْم :دبر- اُمُّ فَرْوة :بھیڑ- اُمُّ الْفَرَجْ :ایک قسم کا کھانا جو گوشت چاول شکر سے تیار کرتے ہیں اور بقول بعض ایک قسم کی روٹی جس میں پرند اور بکری کا گوشت بھر کر تنور میں پکاتے ہیں- اُمُّ الْقُرٰی : مکہ معظمہ- اُمُّ الْقُرْآن :سورۃ فاتحہ- اُمُّ قَشم : سختی- جنگ- موت- بجو- مکڑی- اُمُّ الْقَوم : سردارِ قوم اُمُّ الْکِتَاب : لوحِ محفوظ- سورۃ فاتحہ یا کل قرآن پاک- اُمُّ کَلْب : ایک پہاڑی درخت کا نام- اُمُّ کَلْبَة :بخار- اُمُّ مازن : چیونٹی- اُمُّ الْمَثْوی : بیوی- اُمُّ مِلْدَم : بخار- اُمُّ النجوم : کہکشاں- اُمُّ الولید : مرغی- اُمُّ هُبَیْره : مینڈکی- لَا اُمَّ لكَ : کلمہ ذم ہے اور کبھی مدح واستحسان کے موقعہ پر بھی بولتے ہیں-

اَلْاَمَام : آگے- وَاَمَامَكَ : کلمہ تحذیر ہے- بمعنی بچو-

اَلْاِمَام :(مذکر و مؤنث دونوں کے لیے) پیش امام - جس کی اقتداء کی جائے- پیشوا- ڈوری جس سے معمار عمارت کی سیدھ قائم کرتے ہیں- نمونہ- واضح راستہ- سبق جتنا ہر روز لڑکے پڑھیں- قرآن- خلیفہ- امیر لشکر- مصلح اور منتظم-

اَلْاِمَامَة-خلافت و پیشوائی-

اَلْاُمَّة جماعت-لوگوں کا گروہ' طریقہ-وقت-قد و قامت-

اَلْاُمِّی :ان پڑھ-

اَلْاُمِیَّة و الْاُمُوْمَة :ماں ہونا-مادریت-

اَلْاَمِیْمُ و الْمَامُوْم-جس کی گدی پر مارا گیا ہو-

اَلْاُمَیْمَةُ-لفظ اُمّ کی تصغیر-ہتھوڑا-ج اَمَائِم-

اَلْاَمِیْمَة :پتھر جس سے سر کچلا جائے-

اَمَا- حرف تنبیہ ہے اس کے بعد اکثر قسم آتی ہے جیسے اَمَا وَاللّٰهِ : حرف عرض جیسے "اَمَا تَنْزِلُ بِنَاَ"-

اَمَّا- حرفِ شرط و تاکید جیسے "اَمَّا الَّذِیْنَ آمَنُوْا فَیَعْلَمُوْنَ اَنَّهُ الْحَقُّ" جو لوگ ایمان لائے وہ اس کے حق ہونے پر یقین رکھتے ہیں- حرفِ تفصیل جیسے "اَمَّا زَیْدٌ فَرَبِحَ" اس کے جواب میں فاء کا آنا ضروری ہے-

اِمَّا- حرفِ تفصیل ہے جیسے اِنَّا هَدَیْنَاهُ السَّبِیْلَ اِمَّا شَاكِراً وَاِمَّا كَفُوْرًا" ہم نے انسان کو راستہ دکھلا دیا اس کے بعد وہ شکر گزار بندہ بنے یا ناشکرا بنکر جیئے- اور اس کے مواقع استعمال میں سے موضع شک وابہام واباحت وتخییر ہے جیسے "جَاءَ اِمَّا زَیْدٌ وَاِمَّا عَمْرٌو" یعنی یا زید آیا یا عمرو- جبکہ یہ معلوم نہ ہو کہ ان دونوں میں سے کون آیا- اور جیسے تَعَلَّم اِما الْفِقْهَ وَاِمَّا اللُّغَةَ یعنی یا فقہ یا لغت سیکھو-

اَمَتَهُ(ض) اَمْتًا و اَمَّتَه :اندازہ کرنا- قصد کرنا-

اَلْاَمْت- کمزوری- بلند جگہ - شک- خالی ہونا- نشیب و فراز-ج اَمات و اُمُوْت-

اَمِجَ (س) اَمَجًا- گرم ہونا- پیاسا ہونا-(ض) اَمْجًا- تیز چلنا-

صَیْفٌ اَمَج :سخت گرمی-

اَمَحَ(ض) اَمْحَانًا- الْجُرْحُ :درد کرنا-

اَمِدَ(س) اَمَدًا-عَلَیْهَ :غضبناک ہونا-

اَمَّدَ- مدت بیان کرنا ____ السِقَاءَ :ایک قطرہ نہ چھوڑنا-

اَلْاَمَد- غایت' آخری حد- غصہ-ج آماد- کہا جاتا ہے "طَال عَلَیْهِمُ الْاَمَدُ" ان کے اوپر مدت طویل ہو گئی-

اَلْاٰمِدُ و الْاٰمِدَة- بھری ہوئی کشتی-

اَمَرَهُ (ن) اَمْرًا و آمِرَةً وَاِمَارًا- حکم دینا- صفت آمِر اور صفت مفعولی مَاْمُوْر- کہا جاتا ہے "اَمَّرَهُ الشَیَ و بِالشَیْ وَاَمَرَهُ اَنْ یَفْعَلَ وَبِاَنْ یَّفعَلَ" اس نے اس کو کسی کام کے کرنے یا بنانے کا حکم دیا-

اَمِرَ(س) اَمْرًا و اَمُرَ(ک) اِمْرَةً و اِمَارَةً :امیر و حاکم ہونا ____ عَلَیْه :والی ہونا-

اَمِرَ (س) اَمَرًا و اَمَرَةً الشَیْئَ : بہت ہونا- الرَّجُلُ :بہت مویشی کا مالک ہونا- صفت آمِر-

اَمَّرَهُ- امیر و حاکم بنانا-

آمَرَهُ مُؤَامَرَةً- فِی اَمْر :مشورہ کرنا-

آمَرَه اِیْمَارًا- حکم دینا ____ هُ اللّٰهُ :مال یا نسل بڑھانا-

تَاَمَّرَ و اِئْتَمَرَ و اِسْتَاْمَرَهُ- مشورہ کرنا- تَاَمَّرَ عَلَیْهِ :تسلط ہونا- زبردستی کرنا- اِئْتَمَرَ الْاَمْرَ وَبِهِ :فرماں برداری کرنا-

اِئْتَمَرُوا وَ تَآمَرُوا- باہم مشورہ کرنا- اِئْتَمَرُوا بِفُلَانٍ : کسی کے قتل کی سازش کرنا-

اَلْاَمْر-ج اَوَامِر : حکم- فرمان-ج- اُمور- کام- واقعہ- چیز جیسے "لِاَمْرٍ مَا كَانَ كَذَا" کسی چیز کی وجہ سے ایسا ہوا- "اُولُوا الْاَمْرِ :اسلامی حکومت کے حکام و علماء-

اَلْاَمْرَة- امر کا اسم مرۃ-

اَلْاِمْرَة- امر کا اسم نوع- حکومت- ولایت-

اَلْاَمَرَة- بیابان میں پتھر کا چھوٹا نشان- چھوٹا ٹیلہ- ج اَمَرٌ-

الْاَمَارَۃ۔ علامت۔ ج اَمَارَات۔
الْاِمْر۔ عجیب۔ خلافِ شرع وخلافِ عقل سلیم بات۔
الْاِمَّرُ والْاِمَّرَۃ۔ کمزور رائے والا۔ کہا جاتا ہے "مَالَہٗ اِمَّرٌ ولا اِمَّرَۃٌ" یعنی اس کے پاس کچھ نہیں۔
الْاَمَّار۔ بہت حکم دینے والا۔ برائی پر اُکسانے والا۔ مؤنث: اَمَّارَۃ۔
التَّامُوْر۔ برتن۔ دل۔ بادشاہ کا وزیر۔
التَّامُوْرَۃ۔ راہب کا صومعہ۔ شیر کا کچھار۔
التَّامُرِیُّ والتَّامُورِیُّ والتُوْمُرِیُّ۔ انسان۔
الْاَمِیْر۔ حکم دینے والا۔ والیٔ قوم۔ شریف آدمی۔ اس کلمہ کا اطلاق اس شخص پر ہوتا ہے جو شریف الاصل ہو اگرچہ صاحب امر نہ ہو۔ پڑوسی۔ وہ شخص جس سے مشورہ کیا جائے۔
اَمِیْرُ الْبَحْرِ: بحری کمانڈر۔
اَمِیْر اَلای: فوج کے ایک دستہ کا افسر یا بحری بیڑے کا کپتان۔ ج اُمَرَاء۔
اَلْمَالُ الْاَمِیْرِیُّ۔ شاہی ٹیکس۔
اَلْمُؤتَمَر۔ کانفرنس۔
اَلْمُؤتَمِر۔ فا: خود رائے۔ ایام عجوز کا آخری دن۔
الْمِئْمَر۔ مشورہ۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ بَعِیْدٌ مِنَ الْمِئْمَرِ قَرِیْبٌ مِنَ الْمِئْبَرِ" وہ مشورہ سے بعید اور چغلی سے قریب ہے۔
اَمْسِ۔ مبنی علی الکسر: کل گذشتہ۔
اَلْاَمْسُ۔ (اعرابی حالت میں) گذشتہ ایام میں سے کوئی دن۔ ج آمس واُموس وآماس۔ نسبت کے لئے اِمْسِیٌّ خلافِ قیاس۔
الْاَمِصُ والْاَمِیْصُ: وہ گوشت جس کو باریک کر کے کچا کھاتے ہیں۔ اور کبھی ذرا آگ دکھلا لیتے ہیں۔
اَمِضَ (س) اَمَضًا۔ الرَّجُلُ: کسی کام کا پختہ ارادہ کرنا اور کسی کی ناراضی کو خاطر میں نہ لانا۔ مافی الضمیر کے خلاف بے باکانہ بولنا۔
الْاِمَّعُ والْاِمَّعَۃ: ہر ایک کی رائے کی پیروی کرنے والا۔ لوگوں کے ساتھ بغیر بلائے ہوئے دعوت میں شریک ہونے والا۔ ج اِمَّعُوْنَ۔ اور اِمَّع کی اصل وَاِنِّیْ مَعَكَ ہے۔ اِمَّعَۃ کی تا تا تانیث کی نہیں مبالغہ کے لئے ہے۔
تَاَمَّعَ واِسْتَاْمَعَ: ہر ایک کی رائے کا تابع بننا۔
اَمَقُ۔ العَیْنِ: ناک کی طرف کا آنکھ کا گوشہ ج آماق۔
اَمَلَہٗ (ن) اَمَلًا واَمَّلَہٗ تَامِیْلًا: اُمید کرنا۔
تَاَمَّلَ۔ الْاَمْرَ وَفِیْہِ: غور کرنا۔ دیر تک سوچنا۔
الْاَمَلُ والْاُمُلُ۔ اُمید ج آمال۔
الْاِمْلَۃ: اُمید۔
الْاَمَلَۃ۔ وہ لوگ جن کی مدد کی اُمید رکھی جائے واحد آمِل۔
الْمَامَل: اُمید۔ جس کی اُمید رکھی جائے۔
الْمُؤَمَّل۔ گھوڑدوڑ میں آٹھویں نمبر کا گھوڑا۔
اَمُنَ (ک) اَمَانَۃً۔ امین ہونا۔ امانت دار ہونا۔ معتمد علیہ ہونا۔ صفت امین۔ ج اُمَنَاء۔
اَمَنَ (ض) اَمْنًا۔ اعتماد کرنا۔ بھروسہ کرنا۔ مائل ہونا۔ صفت آمن۔
اَمِنَ (س) اَمْنًا واَمَنًا واَمَانًا واَمَنَۃً: مطمئن ہونا۔ صفت آمِن واَمِیْن وآمِن۔
____ الْاَسَدَ ومِنْہُ: محفوظ رہنا۔
اَمَّنَ۔ آمین کہنا ____ ہٗ: امن واطمینان میں کرنا۔
اَمَّنَ وائْتَمَنَ۔ فُلَانًا عَلٰی کَذَا: کسی کو کسی چیز کا امین بنانا۔ اِئْتَمَنَہٗ: امین سمجھنا۔
آمَنَہٗ اِیْمَانًا۔ امن دینا ____ بِہٖ: تصدیق کرنا۔ اعتماد و بھروسہ کرنا ____ لَہٗ: تابعدار و مطیع ہونا۔
اِسْتَامَنَہٗ: امن طلب کرنا۔ امین سمجھنا ____ عَلٰی کَذَا۔ امین بنانا۔
الْاَمَنَۃ۔ اطمینان۔ دل کا سکون۔ امانت۔ ہر ایک پر بھروسہ کرنے والا۔
الْاُمَنَۃ۔ معتمد علیہ۔
الْاُمْنِیَۃ: آرزو ج اَمَانِیُّ واَمَان۔
الْاَمَانَۃ: امانت۔ ودیعت۔ ج اَمَانات فریضۂ خداوندی۔
الْاِیْمَان: مان لینا۔ تصدیق کرنا۔
الْاَمُوْن: سواری جس کے ٹھوکر کھانے کا خوف نہ ہو۔ ج اُمُن۔
الْاَمِیْن: امانت دار۔ وہ شخص جس کے پاس امانت رکھی جائے۔ ج اُمَنَاء۔
البَلَدُ الامِیْن۔ مکہ معظمہ۔
الْاُمَّان: امانت دار۔ معتمد علیہ۔ کاشتکار۔ وہ شخص جو لکھنا نہ جانتا ہو۔
آمین وامِیْن: اسم فعل بمعنی قبول کر۔
المُؤمِن: مان لینے والا۔ تصدیق کرنے والا نیز اللہ تعالٰی کے اسماء حسنٰی میں سے ہے۔
المَامُوْن: معتمد علیہ۔
المَامَن۔ امن وبے خوفی کی جگہ۔
اَمِہَ (س) اَمَہًا واَمْہًا۔ الشَّیْئَ: بھولنا۔
اَمَہَ (ن) اَمْہًا۔ اِلَیْہِ فِی الْاَمْرِ: عہد وپیمان کرنا۔
تَاَمَّہَ۔ الْمَرْاَۃَ: ماں بنانا۔
الْاَمِیْہَۃ۔ بکری کی چیچک یا پھنسیاں جو بکری کو ہوتی ہیں۔
اَمَا (ن) واَمِیَ (س) واَمِیَ (ض) اُمُوَّۃً۔ اَمَتِ الجَارِیَۃُ: باندی ہونا۔
اَمَتَ (ن) اُمُوَّۃً۔ السِّنَّوْرُ: میاؤں میاؤں کرنا۔
اَمِیَ۔ الجَارِیَۃَ: باندی بنانا۔
تَاَمِّیْ واِسْتَامٰی۔ الجَارِیَۃَ: باندی بنانا۔
الْاَمَۃُ: اردی۔ اتذی۔ ج اِماء واموات و آم۔ نسبت کے لیے اُمَوِیٌّ۔ تصغیر اُمَیَّۃ۔
اُمَیَّۃ: قریش کا ایک قبیلہ۔ نسبت کے لیے اُمَوِیٌّ اور بسا اوقات اَمَوِیٌّ بھی کہتے ہیں۔
اَنْ (۱) حرفِ مصدری ہے فعل مضارع کو نصب دیتا ہے جیسے "اَنْ تَصُوْمُوْا خَیْرٌ لَّکُمْ" یہ کہ تم روزہ رکھو تمہارے لیے بہتر ہے۔
(۲) مخفف ہے اَنَّ مثقلہ سے اور افعال یقین یا ان کے مشابہ کے بعد آتا ہے جیسے "عَلِمَ اَنْ سَیَکُوْنُ مِنْکُمْ مَرْضٰی" اللہ نے جان لیا کہ تم میں سے بیمار ہوں گے۔ "حَسِبُوْا اَنْ لَّا تَکُوْنَ فِتْنَۃٌ" لوگوں نے گمان کر لیا کہ آزمائش نہیں ہوگی۔
(۳) مفسرہ بمعنی اَیْ جیسے "فَاَوْحَیْنَا اِلَیْہِ اَنِ اصْنَعِ الْفُلْكَ" پس وحی بھیجی ہم نے طرف اس کی یہ کہ بنا کشتی کو۔
(۴) زائدہ تاکید کے لیے جیسے "لَمَّا اَنْ جَاءَ

الْبَشِيْرُ "جب آیا خوشخبری لانے والا-

اِنْ- حرفِ شرط ہے دو فعلوں کو جزم دیتا ہے جیسے "اِن تضرِبْ تُضرَبْ" اگر تو مارے گا مارا جائے گا-

حرفِ نفی ہے- جملہ اسمیہ پر داخل ہوتا ہے اور بعضوں کے نزدیک لَیْسَ کا عمل کرتا ہے جیسے "اِنْ احدٌ خیراً مِنْ اَحَدٍ اِلَّا بالعَافِیۃِ" یعنی عافیت کے بغیر کوئی کسی سے بہتر نہیں-

اور کبھی جملہ فعلیہ پر داخل ہوتا ہے جیسے "اِنْ اَدْرِیْ اَقَرِیْبٌ اَمْ بَعِیْدٌ مَّا تُوْعَدُوْنَ" میں نہیں جانتا کہ جس چیز کا تم سے وعدہ کیا گیا ہے وہ قریب ہے یا بعید-

☆ مخففہ ہے اَنَّ مثقلہ سے اور اس صورت میں زائدہ ہوتا ہے جیسے "مااِنْ زَیْدٌ قَائِمٌ"

اِنَّ- حرفِ تاکید ہے اسم کو نصب اور خبر کو رفع دیتا ہے جیسے "اِنَّ زَیْدًا قَائِمٌ"

حرفِ جواب ہے جیسے کوئی کہے "لَعَنَ اللّٰہُ نَاقَۃً حَمَلَتْنِی اِلَیْکَ" یعنی اللہ اس اونٹنی پر لعنت کرے جو مجھ کو تیرے پاس لائی ہے- اس کے جواب میں کہا جائے "اِنَّ وَرَاکِبَھَا" یعنی ہاں اور اس کے سوار پر بھی-

اَنَّ- حرفِ تاکید ہے جو خبر کو رفع اور اسم کو نصب دیتا ہے اور جملہ کو بتاویل مفرد کر دیتا ہے جیسے "بَلَغَنِی اَنَّ زَیْدًا قَائِمٌ" مجھ کو زید کے قیام کی خبر پہنچی-

اَنَّ (ض) اَنِیْنًا و اَنًّا و اَنَانًا و تَاْنَانًا: کراہنا- آہ آہ کرنا-

اَنَّنَہٗ و تَاَنَّنَہٗ: منانا-

الْاَنَّانُ و الْاُنَانُ و الْاُنَنَۃُ: بہت کراہنے والا-

الْاَنَّۃُ و الْاَنَانَۃُ: کراہنا (حاصل مصدر)

اَنَا- میں (واحد متکلم کی ضمیر مرفوع منفصل)

الْاَنَانَتُ: نانا کہنا-

الْاَنَانِیَّۃُ: ڈینگ خود غرضی- اِدّعاء-

اَنَّبَہٗ: جھڑکنا- ملامت کرنا-

الْاَنَبُ: بیگن-

الْمُؤْتَنِبُ: وہ شخص جس کو کھانے کی خواہش نہ ہو-

الْاَنَابُ: مشک یا ایک قسم کا عطر-

الْاِنْبِیْق: عرق کشید کرنے کا آلہ- ج انابیق (جدید)

اَنْتَ و اَنْتِ- تو (واحد حاضر مذکر و مؤنث کی ضمیر مرفوع منفصل) ج انتم و انتُنَّ-

اَنَتَ (ض) اَنِیْتًا- اَلْمَرِیْضُ: بیمار کا کراہنا- آہ آہ کرنا ___ فُلَانًا: حسد کرنا ___ الشَّیَٔ: اندازہ کرنا-

اَنُثَ (ک) اَنَاثًا- الحَدِیْدُ: لوہے کا کچا ہونا- نرم ہونا- مخنث ہونا- صفت (اَنِیث) مکَانٌ اَنِیْثٌ: جس زمین میں گھاس وغیرہ جلدی اُگے- سَیْفٌ اَنِیْثٌ: کند تلوار-

اَنَّثَہٗ: مؤنث بنانا- مؤنث سمجھنا- مخنث بنانا

اَنَّثَ لَہٗ: نرم ہونا- نرمی برتنا-

آنَثَتْ اِینَاثًا- المرأۃُ: مادہ جننا- صفت (مؤنث)

تَاَنَّثَ: مادہ ہونا ___ لَہٗ: نرم ہونا- ڈھیلا ہونا-

الْاُنْثٰی: مادہ ___ ج اِنَاث و اَنَاثٰی و ج اُنُث

الْمُؤَنَّث: مادہ- ہیجڑا-

المِئْنَاث: وہ عورت جس کی عادت لڑکیاں جننے کی ہو- مرد کے لیے بھی اس کا اطلاق ہوتا ہے اس لیے کہ مفعال کا وزن دونوں کے لیے یکساں ہے اور اس کے مقابلہ میں مِذْکَار ہے ___ یعنی وہ عورت جس کی عادت لڑکے جننے کی ہو-

الْاَنَاث: چھوٹے چھوٹے ستارے-

الْاَنْجَر: جہاز کا لنگر-

الْاِنْجِیْل: وہ آسمانی کتاب جو عیسیٰ علیہ السلام پر نازل ہوئی تھی- ج اناجیل- (کلمہ یونانی ہے جس کے معنی بشارت کے ہیں)

اَنَحَ (ض) اَنْحًا و اَنِیْحًا و اُنُوْحًا: کانکھنا

الْاَنِح و الْاُنُح و الْاَنُوْح- سوال کرنے پر بخل کی وجہ سے کانکھنے والا-

الْاَنِحَۃُ: پست قد عورت-

اَنِسَ (س) و اَنُسَ (ک) اَنَسًا و اَنَسَۃً و اَنَسَ (ض) اُنْسًا- مانوس ہونا ___ بِہٖ و اِلَیْہِ: محبت کرنا- سکونِ قلب پانا-

اَنَّسَہٗ: مانوس کرنا- اَنَسَ الشَّیَٔ: دیکھنا اور جاننا-

آنَسَہٗ یُؤَانِسُہٗ مُؤَانَسَۃً: لطف و مہربانی کرنا- محبت کرنا- تسلی دینا-

آنَسَہٗ یُؤْنِسُہٗ اِیْنَاسًا- مانوس کرنا- آنس الصَّوْتَ: سننا ___ الشَّیَٔ: دیکھنا- اور اسی سے ہے "آنَسَ مِنْ جَانِبِ الطُّوْرِ نَارًا" موسیٰ علیہ السلام نے طور کی جانب آگ کو دیکھا-

تَاَنَّسَ: انسان ہونا- مانوس ہونا- السبعُ: دُور سے شکار کی آہٹ معلوم کر لینا ___ بِہٖ: مانوس ہونا-

اِسْتَاْنَسَ: وحشت کا دُور ہونا ___ بِہٖ و اِلَیْہِ: مانوس ہونا ___ لَہٗ: کان لگانا- دیکھنا-

الْاَنَس: وہ شخص جس سے تم اُنس حاصل کرو- بڑی جماعت ج آنَاس-

الْاِنْس: آدمی- واحد (اِنْسِیّ و اَنَسِی) ج اُنَاس و اَنَاسِیّ- اِنْسُکَ و ابْنُ اِنْسِکَ و ابْنُ اِنْسِکَ: تمہارا دوست اور حلیف-

الْاُنْس و الْاُنْسَہ: اُنسیت-

الْاَنِیْسَۃُ: پاکیزہ طبیعت والی لڑکی- ج اَوَانِس-

الْاِنْسَان: آدمی- جنس بشری کے افراد پر اس کا اطلاق ہوتا ہے- اور مولدین کے اشعار میں انسانۃ بھی آیا ہے غیر مزروعہ زمین- انسان العین: آنکھ کی پتلی ج اناسیّ و اناسیۃ و آناس- پہاڑ کا سلسلہ-

الْاِنْسَانِیَّۃ: انسان کی خصوصیات- اکثر اس کا استعمال اخلاق محمودہ کے لیے ہوتا ہے-

الْاَنُوْس: بہت اُنس کرنے والا ___ مِنَ الکِلَابِ: نہ کاٹنے والا کتا- ج اُنُس-

الْاَنِیْس: اُنس کرنے والا- وہ شخص جس سے اُنس حاصل ہو کہا جاتا ہے- "مَا بِالدَّارِ مِنْ اَنِیْسٍ" یعنی گھر میں کوئی نہیں ___

الْاَنِیْس: ایک آبی پرندہ جس کی آواز گائے کی آواز سے مشابہ ہے- مرغ-

الْاَنِیْسَۃ و المَاْنُوْسَۃ: آگ-

الْمُؤْنِس: اُنس دینے والا- پنج شنبہ کے دن کا نام- اَبُو مُؤْنِس: شمع-

الْمُؤْنِسَات: ہتھیار-

الْاَنِیْسُوْن۔ انیسون (ایک دوا کا نام)

اَنَضَ (ض) اَنِیْضًا۔ اللَّحْمُ : خراب ہونا۔ بگڑ جانا۔

اَنَضَ (ن) اَنِیْضًا۔ خوف کی وجہ سے آنتوں کا حرکت کرنا۔

آنَضَ اِیْنَاضًا۔ اللَّحْمَ : نیم بریاں کرنا۔

اَنِفَ (س) اَنَفًا۔ مِنَ الْعَارِ : خوددار ہونا۔ ناپسند کرنا۔ صفت (اَنُوْف) اور اسم (الاَنَفَة)

___ الْبَعِیْرُ : ناک میں درد ہونا۔ صفت (آنِف)

اَنَفَه (ن ض) اَنْفًا : ناک پر مارنا۔

اِئْتَنَفَ و اِسْتَاْنَفَ۔ الشَّیْءَ : از سر نو کرنا۔ اور اسی سے ہے "اسْتَاْنَفَ الدَّعْوٰی" یعنی اس نے اپیل کی۔

الْاَنْف : ناک۔ اَنْفُ الْجَبَلِ : پہاڑ کا نکلا ہوا گوشہ۔ "اَنْفُ کُلِّ شَیْءٍ" ہر چیز کی ابتدا۔ کہا جاتا ہے "مَاتَ حَتْفَ اَنْفِه" ہو اپنی طبعی موت مرا۔ رَغِمَ اَنْفُهٗ : وہ ذلیل ہوا۔ حَمِیَ اَنْفُهٗ : وہ غالب و زبردست ہوا۔ ج آناف و انوف و آنُف۔

آنِفًا : ابھی۔ کہا جاتا ہے "ذَکَرْتُه آنِفًا" میں نے اس کو ابھی یاد کیا۔ یہ ہمیشہ برنائے ظرفیت منصوب ہوتا ہے۔

آنِفَةُ الشَّبَابِ : آغازِ جوانی۔ کہا جاتا ہے "مَضَتْ آنِفَةُ الشَّبَابِ" جوانی کی مستی ختم ہو گئی۔

الْاُنُف : مِنَ الرِّیَاضِ : وہ سرسبز و شاداب حصہ زمین جس کو کسی جانور نے چرا نہ ہو۔ کَاْسٌ۔

اُنُف : وہ پیالہ جس سے کسی نے پیا نہ ہو۔

الْاَنِیْف : نرم لوہا۔ تمام زمینوں سے پہلے پیداوار اگانے والا پہاڑ۔

رَجُلٌ اَنَافِیٌّ۔ بڑی ناک والا مرد۔

الْمُسْتَاْنَف۔ مِنَ الْاَمْرِ : وہ کام جس کو ابھی کسی نے نہ کیا ہو۔

اَنِقَ (س) اَنَقًا : خوش ہونا۔ الشَّیْءَ : پسند کرنا ___ بِه : پسند کرنا اور ما سوا پر ترجیح دینا ___ الشَّیْءُ : خوبصورت و تعجب انگیز ہونا۔ صفت اَنِقٌ و اَنِیْقٌ و مُوْنِقٌ۔ کہا جاتا ہے "رَوْضَةٌ اَنِیْقٌ و اَنِیْقَةٌ" خوبصورت باغ۔

آنَقَهٗ : تعجب میں ڈالنا۔

آنَقَهٗ اِیْنَاقًا و نِیْقًا : تعجب میں ڈالنا۔ نِیْقًا مصدر خلاف قیاس ہے۔

تَاَنَّقَ : نفاست پسند ہونا ___ فِی الْکَلَامِ اَوِ الْعَمَلِ : اچھی طرح کرنا ___ الْمَکَانَ : پسند آنے کی وجہ سے جدا نہ ہونا۔

الْاَنَاقَةُ و الْاِنَاقَة : حسن پسندیدہ۔

الْاَنُوْق : عقاب "هُوَ اَعَزُّ مِنْ بَیْضِ الْاَنُوْقِ" وہ عقاب کے انڈے سے زیادہ کمیاب ہے۔ بطور مثل کے اس چیز کے لیے بولتے ہیں جس کا حصول محال ہو۔

اَنَکَ (ن) اَنْکًا۔ الشَّیْءُ : بڑا اور موٹا ہونا۔

الْاَنُکُ : سیسہ۔ ایک ٹکڑے کو انکة کہتے ہیں۔

الْاَنْکَلِیْس : مارماہی۔

الْاَنَامُ و الْاُنَامُ و الْاَنِیْمُ : مخلوق۔ انیم کا استعمال صرف اشعار میں ہوتا ہے۔

اَنٰی (ض) اَنْیًا و اِنًی و آنَاءً و اَنًّی تَانِیَة : قریب ہونا۔ آنَا ___ النَّبَاتُ : پک جانا۔

اَنٰی یَاْنِی و اَنِیَ (س) اَنْیًا و اِنًی : دیر کرنا۔ پیچھے رہنا۔ صفت اَنِیٌّ

آنٰی اِیْنَاءً۔ فُلَانًا : دیر کرنا۔ پیچھے ڈالنا۔

تَاَنّٰی و اِسْتَاْنٰی۔ فِی الْاَمْرِ و بِه : اچھی طرح غور و فکر کرنا ___ الرَّجُلَ : مہلت دینا۔

الْاَنَاة : وقار۔ بردباری۔ انتظار و مہلت۔

الْاَنَاءُ و الْاَنْیُ و الْاِنْیُ : وقت کا آپہنچنا۔ پختگی۔

الْاَنٰی : بردباری۔ نرمی۔ پورا دن یا اس کا ایک جزو۔ ج آناء و اُنِیٌّ کہا جاتا ہے "آنَاءَ اللَّیْلِ وَ اَطْرَافَ النَّهَارِ" یعنی رات اور دن۔

رَجُلٌ آنٍ : بردبار اور سنجیدہ مرد۔

الْاِنَاءُ : برتن۔ ج آنِیَةٌ و جج اَوَانٍ۔

اَنّٰی۔ (۱) ظرف مکان ہے اور دو فعلوں کو مجزوم کرتا ہے جیسے "اَنّٰی تَجْلِسْ اَجْلِسْ" جہاں تو بیٹھے گا میں بیٹھوں گا۔

(۲) بمعنی کہاں سے جیسے "اَنّٰی لَکَ هٰذَا" یعنی تمہیں یہ کہاں سے حاصل ہوا؟

(۳) ظرف زمان بمعنی کب جیسے "اَنّٰی جِئْتَ" تم کب آئے؟

(۴) استفہامیہ بمعنی کیف جیسے "اَنّٰی یُحْیِی هٰذِهِ اللّٰهُ بَعْدَ مَوْتِهَا" اللہ اس بستی کو کیونکر زندہ کرے گا اور اسی سے ہے "فَاْتُوْا حَرْثَکُمْ اَنّٰی شِئْتُمْ"

اَوْه و اَوِّه و آوْه و آوِّه و آوَه و آهًا۔ آہ آہ۔

اَهَّ (ن) اَهًّا و اَهَّةً و اِهَّةً و اَهَّةً و تَاهَّةً۔ آہ آہ کرنا۔

اَهَّبَ و تَاَهَّبَ۔ لِلْاَمْرِ : تیار و آمادہ ہونا۔

الْاُهْبَةُ : سامان۔ کہا جاتا ہے "اَخَذَ لِلسَّفَرِ اُهْبَةً" اس نے سامان سفر لیا۔

الْاِهَابُ : کھال۔ کچی کھال۔ ج اُهُبٌ و اَهَبٌ و آہبة۔

الْاَهَرَةُ : گھریلو سامان۔ اچھی حالت۔ ہیئت۔ ج اَهَرٌ و اَهَرَات۔

اَهَلَ (ن ض) اَهْلًا و اُهُوْلًا۔ الرَّجُلُ : شادی شدہ ہونا ___ اِمْرَاَةً : نکاح کرنا۔ صفت مفعولی (مَاهُوْلَة)

اَهِلَ (س) اَهَلًا۔ بِه : انس حاصل کرنا۔

اَهِلَ۔ الْمَکَانُ اَوِ الْبَلَدُ : آباد ہونا۔ صفت آہل و ماهول۔

آهَلَهٗ اِیْهَالًا۔ شادی کر دینا (___ و اَهَّلَهٗ لِلْاَمْرِ : لائق بنانا یا سمجھنا۔ اَهَّلَ بِه : کسی سے اَهْلًا وَ سَهْلًا کہنا۔

تَاَهَّلَ و اِتَّهَلَ : شادی شدہ ہونا۔ تَاَهَّلَ لِلْاَمْرِ : لائق ہونا۔

اِسْتَاهَلَ الشَّیْءَ : کسی چیز کا اہل ہونا۔ *

___ الرَّجُلَ : لائق سمجھنا۔ اسْتَاهَلَ : پگھلی ہوئی چربی لینا یا کھانا۔

اَهْلًا وَ سَهْلًا۔ خوش آمدید۔ تقدیر عبارت کی یوں ہے "صَادَفْتَ اَهْلًا لَا غُرَبَاءَ وَ وَطِئْتَ سَهْلًا لَا وَعْرًا" تو نے اپنے لوگوں کو پایا اجنبیوں کو نہیں اور نرم زمین میں آیا سخت میں نہیں۔

الْاَهْل : کنبہ۔ رشتہ دار۔ ج اَهْلُوْنَ وَ اَهَالٍ و آہال و اہلات و آهَلَات۔ اَهْلُ الرَّجُلِ : بیوی۔ اَهْلُ الْاَمْرِ : حکام۔ اَهْلُ الْمَذْهَبِ : متبعین مذہب۔ اَهْلُ الْوَبَرِ : بدو۔ اَهْلُ الْمَدَرِ وَ الْحَضَرِ : عرب کے شہری۔

الْاَهْلِیَّة : قابلیت۔

الْاَهِلُ وَ الْاَهْلِی۔ پالتو جانور وغیرہ۔

اَلْآهِلُ :بال بچوں والا۔
اَلْإِهَالَةُ :پگھلی ہوئی چربی۔ ہر وہ روغن جس کو بطور سالن کے استعمال کیا جائے۔
اَلْمَاهُوْلُ :آباد مکان۔
اَوْ۔ حرفِ عطف میں سے ہے اور اس کے مواقع استعمال حسب ذیل ہیں۔
(۱) شک جیسے "لَبِثْنَا يَوْمًا اَوْ بَعْضَ يَوْمٍ" ہم ایک دن یا دن کے کچھ حصہ میں ٹھہرے۔
(۲) ابہام جیسے "نَحْنُ اَوْ اَنْتُمْ عَلَى الْحَقِّ" ہم یا تم حق پر ہیں۔
(۳) اباحت جیسے "جَالِسِ الْحَسَنَ اَوِ ابْنَ سِيْرِيْنَ" حسن کے پاس بیٹھو یا ابن سیرین کے پاس۔
(۴) تخییر جیسے "سِرْ رَاكِبًا اَوْ مَاشِيًا" سوار چلو یا پیدل چلو۔
(۵) تقسیم جیسے اَلْكَلِمَةُ اِسْمٌ اَوْ فِعْلٌ اَوْ حَرْفٌ (کلمہ یا اسم ہے یا فعل یا حرف) کبھی الیٰ کے معنی میں آتا ہے جیسے "لَاَلْزِمَنَّكَ اَوْ تَقْضِيَنِيْ حَقِّيْ" میں تمہارے ساتھ لازم رہوں گا یہاں تک کہ تم میرا حق پورا کر دو اور کبھی الَّا کے معنی میں آتا ہے جیسے "لَاَقْتُلَنَّ الْعَدُوَّ اَوْ يَخْضَعَ" میں دشمن کو یقیناً قتل کروں گا مگر یہ کہ وہ تابع ہو جائے۔
آبَ(ن) اَوْبًا وَ مَآبًا۔ مِنَ السَّفَرِ :لوٹنا۔ واپس ہونا۔ صفت (آئب) ج اَوْب و أُيَّاب و اُوَّاب ـــــ الْمَاءَ : رات میں کسی چشمہ پر اُترنا ـــــ الشَّمْسُ : آفتاب کا غائب ہونا۔ غروب ہونا ـــــ اِلَى اللّٰهِ :توبہ کرنا۔
آبَهُ(ن) اَوْبًا۔ قصد کرنا۔ آبَ اِلَيْهِ : کسی کے پاس رات کے وقت جانا۔
اَوِبَ(س) اَوَبًا۔ غضبناک ہونا۔
اَوَّبَ وَ اَيَّبَ۔ عَنْهُ :لوٹنا۔ اَوَّبَ الْاَدِيْمَ : بیچ میں سے گول کاٹنا۔
اَوَّبَ و آوَبَ مُؤَاوَبَةً۔ الْقَوْمُ : سارے دن چلنا اور رات میں قیام کرنا۔
تَاَوَّبَ وَ تَاَيَّبَ وَ ائْتَابَ :لوٹنا ـــــ الْمَاءَ :رات میں کسی چشمہ پر اُترنا۔
الْاَوْبُ وَ الْاَوْبَةُ وَ الْاِيَابُ :واپسی و الْاَوْبُ : قصد۔ عادت۔ راستہ۔ جہت۔ کہا جاتا ہے "جَاءُوْا مِنْ كُلِّ اَوْبٍ" وہ لوگ ہر جہت سے آئے۔ "وَكُنْتُ عَلَى صَوْبِ فُلَانٍ وَ اَوْبِهِ" میں فلاں کی روش اور طریقے پر تھا۔ الْاَوْبَةُ :جانور کی ٹانگ۔ ج اَوْبَات۔
الْاَوَّابُ :توبہ کرنے والا۔ ج اَوَّابُوْنَ۔
الْمَآبُ۔ لوٹنے کی جگہ۔ ج مَآوِب۔ کہا جاتا ہے "بَيْنَهُمَا ثَلَاثَةُ مَآوِبَ" ان دونوں کے درمیان تین منزل کا فاصلہ ہے۔
الْآئِبَةُ :وہ پانی جس کو دوپہر کے وقت پئیں۔
الْاَوْجُ :بلندی۔ فن موسیقی کا ایک سُر۔
الْآحُ :انڈے کی سفیدی۔
آدَهُ(ن) اَوْدًا و اُوُوْدًا۔ الْاَمْرُ :گرانبار کرنا۔ تھکا دینا ـــــ الْحِمْلُ : بوجھل کرنا صفت (آئد) اور صفت مفعولی (مَوُوْد)۔ (اَوْدًا) الْفَیْءُ : لوٹنا۔ الْعَشِيُّ : مائل ہونا (ـــــ اَوْدًا و اَوَدًا) ـــــ الْعُوْدَ :جھکانا۔ ٹیڑھا کرنا۔
اَوِدَ(س) اَوَدًا و تَاَوَّدَ۔ ٹیڑھا ہونا۔ مڑنا۔ صفت (اَوِد) مؤنث (اَوْدَاء) و تَاَوَّدَهُ الْاَمْرُ : شاق گزرنا۔ گراں ہونا۔
اِنْآدَ اِنْئِيَادًا :مڑنا۔ جھکنا۔ ٹیڑھا ہونا۔
الْاَوَدُ :مشقت۔ ٹیڑھا پن۔
الْاَوْدَةُ :بوجھ۔
الْمَآوِدُ : مصیبتیں۔
الْاُوَارُ :گرمی۔ پیاس۔ دھواں۔ ج اُوْر۔
الْآرَةُ :چولہا۔ آگ جلانے کی جگہ۔
الْاَوَزَّةُ :بط۔ مرغابی۔ ج اَوَز۔
الْمَاْوَزَةُ :وہ جگہ جہاں بطخیں زیادہ ہوں۔
آسَ يَؤُوْسُ اَوْسًا و اِيَاسًا :دینا۔ بدلہ دینا۔
اِسْتَآسَهُ : عطیہ مانگنا۔ مدد طلب کرنا۔ ساتھ رہنے کو کہنا۔
الْاَوْسُ۔ عطیہ۔ بھیڑیا۔
الْآسُ :ایک درخت کا نام ہے جو ریحان کے نام سے مشہور ہے۔ واحد آسَة ہے۔
الْآسُ :چولہے کی بقیہ راکھ۔ شہد۔ چھتہ میں باقی ماندہ شہد۔ قبر۔
اُوَيْسٌ :بھیڑیا۔
اَفَهُ(ن) اَوْفًا۔ نقصان پہنچانا۔ فاسد کرنا "آفت اَوْفًا و آفَةً و اُوُوْفًا۔ الْبِلَادُ :آفت زدہ ہونا۔
الْآفَةُ :آفت۔ مصیبت۔ ہر وہ عارضہ جو کسی چیز کو فاسد کر دے۔ ج آفات۔
آقَ(ن) اَوْقًا۔ عَلَيْهِ :اُوپر سے جھانکنا۔ جھکنا۔ مبتلائے مصیبت کرنا۔ نحوست لانا۔
اَوَّقَ۔هُ : کسی پر مشقت ڈالنا۔ کھانا کم کرنا۔
تَاَوَّقَ :رکنا۔
الْاَوْقُ :بوجھ۔ نحوست۔ بدبختی۔ کہا جاتا ہے "اَلْقَى عَلَيَّ اَوْقَهُ" اس نے اپنا بوجھ مجھ پر ڈال دیا۔ "وَبِهِ اَوْقٌ" وہ منحوس ہے۔
الْاَوْقَةُ :جماعت۔ اس سے ہے "جَاءَ الْقَوْمُ بِاَوْقَتِهِمْ" قوم پوری کی پوری آئی۔
الْاُوْقَةُ :گڑھا جس میں پانی جمع ہو جائے ج اُوْقَات و اُوَق۔
الْاُوْقِيَةُ :نصف رطل کا چھٹا حصہ۔ ج اَوَاقٍ و اَوَاقِي۔ الْاَوَاقِي :ڈھری۔
الْمَوُوْقُ : منحوس : الْمُوَوِّقُ۔ کھانے میں دیر کرنے والا۔
الْاُوْقِيَانُوْسُ :بحر اٹلانٹک۔ بحر محیط۔
الْاَوْكَةُ :غصہ۔ بدی۔
الْاُوْكْسِيْجَن :آکسیجن
الْآلُ : سراب۔ یا وہ سرابی کیفیت جو چلچلاتی دھوپ میں زوال سے پہلے محسوس ہوتی ہے۔ آلُ الرَّجُلِ : اہل و عیال۔ اس کا استعمال صرف اشراف ہی میں ہوتا ہے خواہ شرافت دینی ہو یا دنیوی جیسے آلُ النَّبِيِّ و آلُ فِرْعَوْنَ" اور آلُ الْحَجَّامِ و آلُ الْاِسْكَافِ۔ نہیں کہا جاتا۔
آلُ الْجَبَلِ :پہاڑ کے اطراف۔
الْآلَةُ : اوزار۔ ج آل و آلات۔ الْآلَةُ الْحَدْبَاءُ : تابوت۔ الْآلَةُ الْخِيَاطَةِ : سینے کی مشین۔ الْآلَةُ الْكِتَابَةِ : ٹائپ رائٹر۔ الْآلَةُ : حالت شدت۔ چوب خیمہ۔
الْآلَاتِيُّ :سازندہ۔ اوزار کے کارخانہ کا منتظم۔
الْاَوَّلُ۔ پہلا۔ ج اَوَائِل و اَوَالٍ و اَوَّلُوْنَ مؤنث اُوْلَى ۔ ج اُوَل و اُوْلَيَات۔ اَوَّلُ جب صفت واقع ہوتا ہے تو غیر منصرف ہوتا ہے جیسے "لَقِيْتُهُ عَامًا اَوَّلَ" اور اس کے ماسوا صورتوں میں منصرف ہوتا ہے۔ جیسے مَا رَاَيْتُ لَهُ اَوَّلًا وَ لَا

آخِرًا" اور کہا جاتا ہے :لَقِیْتُہٗ اَوَّلَ ذِی یَدَیْنِ" یعنی صبح کو سب سے پہلے میں اس سے ملا۔ اور بولتے ہیں :"اَعْمَلُ کَذَا اَوَّلَ ذِی یَدَیْن "یعنی یہ کام میں سب سے پہلے کروں گا۔

آلَ (ن) اَوْلًا و مَآلًا۔اِلَیْہِ :لوٹنا۔(ــــ اِیَالًا واولًا) الرعیۃَ :انتظام کرنا۔(ــــ اَوْلًا و اِیالًا و اِیَالَۃً عَلَی الْقَوم :حاکم ہونا۔

اَوَّلَہٗ : اِلَیْہ : واپس کرنا (ــــ و تَاَوَّلَ) الکَلَامَ۔ تفسیر کرنا۔ وَتَاَوَّلَ فِیْہِ الْخَیْرَ : خیر وصلاح محسوس کرنا۔

اِئْتَالَ :المالَ :انتظام کرنا۔

المَآلُ :لوٹنے کی جگہ۔ نتیجہ۔ مَآلُ الْکَلَام : مفاد۔

الْاِیَالَۃ : حکومت۔ سیاست۔ صوبہ۔ ج ایالات۔

اُولَآءِ و اُولٰی۔ جمع قریب کے لیے اسم اشارہ ہیں مذکر و مؤنث دونوں کے لیے۔ اور اولاء پرھا تنبیہ داخل ہوتا ہے اور ھٰؤلَاءِ کہا جاتا ہے' اور آخر میں ک خطاب بھی لاحق ہوتا ہے۔ کہا جاتا ہے اُولٰئِكَ اور اُولَآءِ و اُولٰی الَّذِیْنَ کے معنی میں بھی مستعمل ہیں۔

اُولُوْ :ذو کی جمع۔ مؤنث اُولَاتَ۔ اس کی واحد ذات ہے۔ تم کہتے ہو جَاءَنِی اُولُو العِلْمِ و اُولَاتُ الفَضْلِ"

آمَ (ن) اَوْمًا : سخت پیاسا ہونا۔ (آمَ (ک) اَوْمًا و اُیَامًا و اِیَامًا) النحلَ وعَلَیْھَا :شہد نکالنے کے لیے چھتہ کے نیچے دھواں کرنا۔

اَوَّمَہٗ :پیاسا کرنا۔

الْاُوَام :پیاس۔ دورانِ سر (ــــ والایام) دھواں۔ ج اُیُم۔

آنَ (ن) اَوْنًا۔ علٰی نَفْسِہٖ :نرمی کرنا۔

اَوَّنَ (ن) و تَاَوَّنَ :الرَّجُلُ : سنجیدہ و پُر وقار ہونا۔

الْاَوْنُ :نرمی۔ آرام۔ سکون۔ وقار کے ساتھ چلنا۔

الْآن و الْاَوَان۔ وقت۔ ج آوِنَۃٌ۔

الْآن :ابھی۔

الْاِیْوَان : محل۔ ج ایوانات و اَوَاوِیْن۔

الْاَوَان : کچھوے (اس کے لیے واحد نہیں)

آہ (ن) اَوْھًا و اَوَّہَ و تَاَوَّہَ :دردمند ہونا۔ آہ آہ کرنا۔

الْاَوَّاہ :بہت آہیں کرنے والا۔

الْآھَۃ۔ آہ۔ کراہ۔ کھسرہ۔

اَوَی (ض) اَوِیًّا و اِوَاءً۔ البَیْتَ و اِلَی البَیْتِ : ٹھکانا لینا۔ پناہ دینا۔ اُترنا۔ (و آوَیٰ و اَوَّی) ہٗ البَیْتَ وَ اِلَی الْبَیْت :ٹھکانا دینا۔ پناہ دینا۔ اُتارنا۔

اَوَیٰ (ض) اَوْیَۃً و اِیَّۃً و مَاوِیَۃً و مَاوَاۃً۔ لہٗ : رحم کھانا۔ نرم دل ہونا۔ ترس کھانا۔

تَآوَیٰ و تَاَوَّیٰ۔ الطُّیُوْرُ :اکٹھا ہونا۔

اِئْتَوَیٰ و اِتَّوَیٰ :پناہ لینا ــــ لَہٗ :ترس کھانا۔

المَاوَیٰ و المَاْوَاۃ :ٹھکانا۔ جائے پناہ۔

اِبْنُ آوَیٰ :گیدڑ۔ بعض اس کی کنیت ابوزُھْرَہ کہتے ہیں۔ ج بنات آوَیٰ۔

الْآیَۃُ: علامت ــــ مِنَ الکِتَاب : آیت

الْآیَۃ :عبرت۔ آیٌ و آیَاتٌ۔

آیَۃُ الرَّجُلِ :وجود۔ کہا جاتا ہے "خَرَجَ الْقَوْمُ بِآیَتِھِمْ" قوم پوری جماعت کے ساتھ نکلی۔

اَیْ۔ حرفِ نداء ہے جیسے "اَیْ زیدُ" حرفِ تفسیر جیسے "رَاَیْتُ غَضَنْفَرًا اَیْ اَسَدًا"

اِیْ :ہاں۔ ہمیشہ قسم سے پہلے واقع ہوتا ہے جیسے "اِیْ وَاللّٰہِ"

اَیٌّ :اس کے مختلف مواقع استعمال ہیں۔

(۱) شرط کے لیے اس صورت میں دو فعلوں کو مجزوم کرتا ہے۔ جیسے "اَیًّا تَضْرِبْ اَضْرِبْ" جس کو تو مارے گا میں ماروں گا۔

(۲) استفہام کے لیے جیسے "اَیُّکُمْ اَتٰی" تم میں سے کون آیا؟

(۳) اسم موصول جیسے "سَلِّمْ عَلٰی اَیِّھِمْ اَفْضَلُ" ان میں سے جو افضل ہے اس کو سلام کر۔

(۴) کمال کے معنی پر دلالت کرنے کے لیے اس صورت میں نکرہ کی صفت واقع ہوتا ہے۔ جیسے "زَیْدٌ رَجُلٌ اَیُّ رَجُلٍ" زید بہت کامل آدمی ہے۔ اور کبھی موصوف باللام منادی پر یا کے بعد مخاطب کو متنبہ کرنے کے لیے آتا ہے۔ جیسے یَا اَیُّھَا الرَّجُلُ۔

اِیَّا :وہ حرف جو ضمائر منصوبہ منفصلہ کے شروع میں لگایا جاتا ہے جس سے مقصد تخصیص پیدا کرنا ہوتا ہے جیسے "اِیَّاكَ اَعْنِیْ"

اَیَا۔ بعید کے لیے حرفِ ندا ہے اور کبھی ہمزہ کو ہ سے بدل کر ھَیَا بولتے ہیں۔

آدَ یَئِیْدُ اَیْدًا و آدًا۔ مضبوط و سخت ہونا۔

اَیَّدَہٗ تَاْیِیْدًا و آیَدَہٗ مُؤَایَدَۃً :قوی کرنا۔ ثابت کرنا۔ صفت (مُؤَیِّد و مُؤْیِد) صفت مفعولی مُؤَیَّد و مؤید (تَاَیَّدَ) :قوی ہونا۔

الْآدُ و الْاَیْدُ : قوت۔

الْاِیَاد : ہر وہ چیز جو کسی چیز کے لیے باعث تقویت ہو۔ پردہ۔ پناہ۔ فضاء آسمانی۔ مضبوط پہاڑ۔

اِیَادُ الْجَیْشِ :فوج کا دایاں و بایاں بازو۔

الْاَیِّد :قوی۔

المُؤَیِّدُ : بڑا معاملہ۔ مصیبت۔ ج مَآوِدُ مُؤَایِد۔

گ　اَیَّار :ماہ مئی (رومی مہینے کا نام)

اَیِسَ (س) اِیَاسًا۔ مِنْہ : ناامید ہونا۔ صفت (آیِس)

اَیَّسَہٗ و آیَسَہٗ اِیْئَاسًا :ناامید کر دینا۔

الْآئِسَۃ : پچاس یا اس سے زائد عمر والی عورت۔

آضَ یَئِیْضُ اَیْضًا :لوٹنا۔ کہا جاتا ہے۔ "فَعَلَہٗ اَیْضًا" اس نے اس کو بھی کیا۔ ایضًا پر نصب مصدریت یا حالیت کی بنا پر ہے۔ ایک حالت سے دوسری حالت پر ہونا۔ کہا جاتا ہے "آضَ سَوَادُ شَعْرِہٖ بَیَاضًا" اس کے بالوں کی سیاہی سفیدی سے بدل گئی۔

الْاَیْقُوْنَۃُ : مجسمہ' اسٹیچو۔ اس کے مقابل میں عربی لفظ اَلنَّصْمَۃُ ہے۔

اَیِكَ (س) اَیْکًا و اِسْتَایَكَ۔ الشجَرُ : گنجان ہونا۔

الْاَیْكَ : گنجان درخت۔ واحد (اَیْکَۃ)

الْاَیِكَ :پھل دار۔

اِیْل۔ عبرانی میں اللہ تعالٰی کا نام۔ معنی قوی' قدیر۔

الْاَیِّل و الْاَیَّل و الْاُیَّل۔ بارہ سنگھا ج اَیَائِل۔

اَیْلُول :ماہ ستمبر (رومی مہینے کا نام)

آمَ یَئِیْم اَیْمَۃً و اُیُوْمًا و اَیْمًا۔ الرَّجُلُ مِنْ

زَوْجَتِهِ اَوِ الْمَرْاَۃُ مِنْ زَوْجِھَا :رانڈ و بیوہ ہونا۔ صفت مذکر و مؤنث (اَیِّم) ج اَیَائِم و اَیَامٰی واَیِّمُوْن واَیِّمَات۔

اَیَّمَه :رانڈ بیوہ کرنا۔

تَاَیَّمَ :عرصہ تک بے نکاح کے رہنا۔

الْاَیْم :سانپ۔نر اژدہا۔ج ایوم۔

اَیْمُ اللّٰه :اللہ کی قسم۔

الْاَمَة: عیب و نقص۔ کہا جاتا ہے "اَلْحَرْبُ (مَاْیَمَةٌ) مَیْتَمَةٌ" لڑائی عورتوں کو رانڈ کرنے والی اور بچوں کو یتیم بنانے والی ہے'

آن یَئِیْنُ اَیْنًا :وقت آنا۔کہا جاتا ہے "آنَ لَكَ اَنْ تَفْعَلَ كَذَا" تمہارے لیے ایسا کرنے کا وقت آگیا۔

الْاَیْنَ : تھکن۔ماندگی۔

الْآن و الْاَوَان۔مادہ اون دیکھو۔

اَیَّانَ :اسم شرط ہے۔ دو فعلوں کو جزم دیتا ہے جیسے "اَیَّانَ تَضْرِبْ اَضْرِبْ" جب تم مارو گے میں ماروں گا۔اسم استفہام جیسے "اَیَّانَ تَرْجِعُ" تو کب واپس ہو گا؟ اور متٰی کے معنی میں بھی آتا ہے بمعنی کب۔

اَیْنَ :اسم ظرف ہے بمعنی کہاں ــــــ جیسے "اَیْنَ یُوْسُفُ" یوسف کہاں ہے؟ اور معنی شرط کو متضمن ہو کر دو فعلوں کو جزم دیتا ہے خواہ ما اس کے ساتھ لاحق ہو یا نہ ہو جیسے "اَیْنَ اَوْ اَیْنَمَا تَقِفْ اَقِفْ" تو جہاں کھڑا ہو گا میں کھڑا ہوں گا۔

اِیْه :کچھ اور کہو۔یا کرو۔یا سناؤ۔

اَیَا و اَیَاءُ و أَیَاۃُ و اِیَاۃُ۔ الشَّمْسِ : آفتاب کی روشنی۔اور ایسا ہی نباتات کی رونق کے معنی میں بھی آتا ہے۔و الایاۃ: آفتاب کے گرد کا دائرہ۔

ب- حروفِ جر میں سے ہے- معانی ذیل کے لیے مستعمل ہے-

(۱) اِلْصَاق : جیسے اَمْسَکْتُ بِالغُلَامِ" میں نے غلام کو پکڑ لیا-

(۲) اِسْتِعَانَة : جیسے "کَتَبْتُ بِالْقَلَمِ" میں نے قلم سے لکھا-

(۳) مُصَاحبت : "اِذْهَبْ بِسَلَامٍ" سلامتی کے ساتھ جاؤ-

(۴) ظَرْفِیَّت : جیسے "سَارَ بِاللَّیْلِ" وہ رات میں چلا-

(۵) بَدَلْ : جیسے "بَاعَ الكُفْرَ بِالْاِیْمَانِ" اس نے ایمان کے بدلے کفر لیا-

(۶) تَعْدِیَه : جیسے "ذَهَبْتُ بِهٖ اِلَی الْبَیْتِ" میں اس کو گھر تک لے گیا-

(۷) قَسَمْ : جیسے "بِاللّٰهِ" اللہ کی قسم-

(۸) سببیت : "لَقِیْتُ بِزَیْدٍ الْاَهْوَالَ" میں زید کی وجہ سے خطرات میں پڑ گیا-

(۹) تاکید- اور یہ زائدہ ہوتا ہے اور زیادتی کے مواقع حسب ذیل ہیں-

کَانَ منفی کی خبر میں جیسے "وَمَا کَانَ بِمُنْکَرٍ" یہ منکر نہیں- لیس کی خبر میں جیسے "لَیْسَ زَیْدٌ بِقَائِمٍ" زید کھڑا نہیں ہے- مَا مشابہ بلیس کی خبر میں جیسے "مَا اللّٰهُ بِغَافِلٍ" اللہ غافل نہیں ہے-

اور افعل صیغہ تعجب کے فاعل پر جیسے "اَکْرِمْ بِهٖ اَحْسِنْ بِهٖ" اور نفس وعین کے تاکید لانے میں جیسے "جَاءَ الْوَزِیْرُ بِنَفْسِهٖ" وزیر خود آیا-

اور کفٰی کے فاعل پر جیسے "کَفٰی بِاللّٰهِ شَهِیْدًا"

اور مفعول پر جبکہ اس کا تعدیہ ایک مفعول کی طرف ہو جیسے "کَفٰی بِالْمَرْءِ کَذِبًا اَنْ یُحَدِّثَ بِکُلِّ مَا سَمِعَ" اور مبتدا پر سماعی حیثیت سے جیسے "بِحَسْبِک دِرْهَمٌ" بجائے "حَسْبُكَ دِرْهَمٌ" کے-

اور اِذا فجائیہ کے بعد قیاسی حیثیت سے جیسے "خَرَجْتُ فَاِذَا بِزَیْدٍ فِی الطَّرِیْقِ"-

اور اس حال پر جس کا عامل منفی ہو جیسے "فَمَا رَجَعَتْ بِخَائِبَةٍ رِکَابٌ"-

اور کبھی عن و علٰی وَاِلٰی کے معنی میں آتا ہے-

البَابَا : بوپ ج بَابَوات نسبت کے لیے (بابویٌ)

بَابَأَ- هُ وَبِهٖ : کسی سے بابی وانت وامی کہنا- الوَلَدُ :باپا کہنا-

البُؤْبُؤ :اصل درمیانی حصہ- آنکھ کی پتلی-عالم- خوش طرح سردار-

بَابِل : فرات کے کنارے کا وہ مشہور شہر جو کلدانیوں کا دارالسلطنت تھا- جس کو نمرود نے بسایا تھا-

البَابِلِیّ :جادوگر- شراب- زہر-

البَابُوج والبَابُوش : جوتہ کی ایک قسم- ج بَوابیج

البَابُور :اسٹیمر- اس کی عربی باخرہ ہے'

البَابُوْنَج والبَابُونِج :بابونہ-

بَأَجَ(ف)بَأْجًا وبَأَجٍ :چلّانا-

البَأْج والبَاج : قسم- شکل- کہا جاتا ہے- "اَلنَّاسُ بَأْجٌ وَاحِدٌ" لوگ ایک روش' طریقہ پر ہیں- والبَاج : ٹیکس جو بھیڑ بکری کے مالک سے لیا جائے-

البَادِزهر :زہر باد (ایک بیماری کا نام)

البَادَل- ہنسلی اور گردن کے درمیان کا فاصلہ

اَلْبَادِلَةُ :بغل اور پستان کے درمیان کا گوشت-

البَاذِنْجَان والبَادِنْجَان- بینگن-

بَأَرَ(ف)بَأْرًا واِبْتَأَرَ : کھودنا ــــ الشَّیْءَ : چھپانا- ذخیرہ کرنا ــــ الخَیر : پوشیدہ طور پر کرنا-

اَبْأَرَ- هُ : کسی کے لیے کنواں بنانا-

البِئْر- کنواں- ج آبَارٌ واَبْآرٌ وبِئَارٌ وَاَبْؤُر- (کلمہ مؤنث ہے)

البَآار :کنواں کھودنے والا-

البُؤْرَة- گڑھا- آتشدان- ذخیرہ-

البِئْرَة والبَئِیْرَةُ- ذخیرہ-

البَارَة :قرش کا چالیسواں حصہ- ج بارات-

البَارِنَامَجْ والبَرْنَامَجْ- بجٹ- فہرست حدیث کے راویوں اور اسنادِ کتب کی فہرست-

البَارُوْد- بارود-

البَارُوْدَة :بندوق- ج بَوَارِیْد-

البَأْز- ج بِئزان و بُؤُوز و اَبْؤُز و (اَلبَازُو البَازِی) ج اَبْوَاز وبوَاز وبِیْزَان وبُزَاة :باز-

البَأْزَدَار- باز وغیرہ شکاری پرندہ رکھنے والا- ج بَزَادِرَة-

البَازَار- بازار-

البَازِرْکَان- سوداگر-

البَازَهْر- دیکھئے- بادزہر-

بَؤُسَ(ک)بَأْسًا- مضبوط و بہادر ہونا- صفت (بَئِس وبَئِیْسٌ)

بَئِسَ(س)بُؤْسًا وبَئِیْسًا وبُؤُوسًا وبُؤْسی- سخت حاجت مند ہونا- صفت- (بائِس) ج بُؤَس-

بئسَ- فعل ماضی جامد ہے- مذمت کے لیے مستعمل ہے اور بَئِسَ الرَّجُلُ سے بنا ہے-

اَبْأَسَ- مصیبتیں پڑنا ــــ هُ : مصیبتوں اور سختیوں میں مبتلا کرنا-

تَباءَس- بتکلف مفلس بننا-
اِبْتَأَسَ- ناپسند کرنا- غمگین ہونا- اور اسی سے ہے "لَا تَبْتَئِسْ بِمَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ" جو کچھ وہ کرتے ہیں اس پر غم نہ کیجیے-
البَأس- بہادری- قوت- خوف- عذاب- لَا بَأسَ بِهٖ: اس پر کوئی اعتراض نہیں لَا بَاْسَ عَلَيْكَ: تمہارے اُوپر کوئی خوف نہیں- لَابَاْسَ فِيْهِ: اس میں کوئی حرج نہیں- لَابَاْسَ اَنْ تَعْرِفُوْا: تمہارے جاننے میں کوئی دشواری نہیں-
البُؤس- ج اَبْؤُس و (البَاسَاء و البُؤسیٰ) شدت و محتاجی- و البَاسَاء: لڑائی- بھوک-
بَنَاتُ بِئْسٍ: مصیبتیں-
بِئْسَ- و بِئْسَ العَذَابِ: سخت عذاب-
الْبَاسَلِيْقِ- کہنی کے قریب ایک رگ کا نام-
بَاشْ- رئیس- باش کاتب- ہیڈ کلرک-
البَاشَا- پاشا کا معرب- جو ایک معزز لقب ہے جس کو سلطان ترکی مخصوص مراتب کے لحاظ سے دیا کرتا تھا- ج باشادات و بَاشَات-
البَاشَق: ایک شکاری پرندہ-
تَبَاْطَ- لیٹنا- فارغ البال ہونا- مطمئن ہونا-
____ عَنْهُ: اعراض کرنا-
بَاقَهُ (ن) بُوُوْقًا و اِنْبَاقَ- عَلَيْهِ الْوَيْلُ: اچانک آنا-
البَاقَة: گلدستہ-
بَؤُلَ (ک) بَؤُوْلَة و بَالَة- کمزور اور ذلیل ہونا- صفت (بَئِيْلٌ)
البَالُ- وہیل مچھلی-
البَالَةُ- عِنْدَ التُّجَّارِ: کپڑوں کا بنڈل- اس کی فصیح عربی اَمَالَة ہے-
البَالُوْ- ناچ گھر- اس کی فصیح عربی مرقص ہے (جدید)
البَالُوْن- غبارہ- اس کی فصیح عربی مُنْطَاد ہے- (جدید)
اَلْبَامِيَا- بھنڈی ترکاری- (جدید)
بَاهَ (ف) بَاْهًا- سمجھنا- کہا جاتا ہے "مَابَاَهَ لِلْاَمْرِ اَوْ بِالْاَمْرِ" اس نے معاملہ کو نہیں سمجھا-
بَأَي (ف) بَأْوًا- عَلَيْهِمْ: فخر کرنا- تکبر کرنا-

البَبُّ- طریقہ-
البَبْرُ و البَبَر- شیر ببر ج بُبُوْر-
البَبْغَاء و البَبَّغَاء و البَبَغَاء- طوطا- ج بَبْغَاوَات
بَتَأَ (ف) بَتْأً- بِالْمَكَانِ: اقامت کرنا-
بَتَّهُ (ن ض) بَتًّا و اَبَتَّهُ اِبْتَاتًا: کاٹنا ____ الْاَمْرَ: نافذ کرنا ____ النِّيَّةَ: پختہ ارادہ کرنا- الرَّجُلَ: مشقت میں ڈالنا-
بَتَّتَهُ- ٹکڑے ٹکڑے کرنا- توشہ دینا- الوَعْدَ: پختہ وعدہ کرنا-
تَبَتَّتَ- ٹکڑے ٹکڑے ہونا- توشہ لینا-
اِنْبَتَّ: کٹ جانا-
البَاتُّ- کاٹنے والا- دُبلا- بَيْعٌ بَاتٌّ: لازمی بیع
البَتُّ- موٹا کپڑا- ج بُتُوْتٌ-
البَتَاتُ- توشہ- سامان- گھریلو سامان- ج اَبِتَّة- کہا جاتا ہے- هُوَ عَلٰى بَتَاتِ اَمْرٍ "وہ کام کے قریب جا لگا-
اَلْبَتَّة: بَتَّ کا اسم مرۃ- اَلْبَتَّةَ و بَتَّةً و بتاتًا: یقینًا- کہا جاتا ہے "لَا اَفْعَلُهُ اَلْبَتَّةَ" میں اس کو یقینا نہیں کروں گا-
البَتَّات و البَتِّي- موٹا کپڑا بننے والا یا بیچنے والا-
البَتِّيَّة: لکڑی کا بڑا پیپا- ج بَتَاتِيّ-
البَتِّيُّ: اُونی رومال-
بَتَرَهُ (ن) بَتْرًا- کاٹنا-
بَتِرَ (س) بَتَرًا و انْبَتَرَ- کٹ جانا-
اَبْتَرَهُ- اللّٰهُ: بے اولاد کر دینا-
البَاتِرُ و البَتَّارُ و البَتَّار- شمشیر براں- ج بَوَاتِر-
الْاَبْتَرُ- کٹا ہوا- دُم کٹا ____ مِنَ الْحَيَّاتِ: چھوٹا یا زہریلا سانپ- لا ولد- الْاَبْتَرَان: غلام و جنگلی گدھا- مؤنث بَتْرَاء- و البَتْرَاءُ مِنَ الخُطَبِ: وہ خطبہ جو حمد الٰہی سے خالی ہو-
بَتِعَ (س) بَتَعًا- مضبوط گردن یا مضبوط جوڑوں والا ہونا- صفت (اَبْتَع) مؤنث بَتْعَاء ج بُتْع-
بَتَعَ (ن) بُتُوْعًا- مِنْهُ: پیچھے رہ جانا- کہا جاتا ہے "بَتَعَ فِي الْاَرْضِ" وہ دُور تک چلا گیا-
بَتَعَ (ض) بَتْعًا- النَّبِيْذَ: شراب بنانا-
الْاَبْتَع- پُر گوشت، گٹھا ہوا- کہا جاتا ہے "جَاءُوْا كُلُّهُمْ اَبْتَعُوْنَ" وہ سب کے سب آئے-

البِتْعُ و البِتَعُ- شراب- شہد یا عصارہ- کھجور کی تیز نبیذ- المِتَع: دراز قامت-
بَتَكَهُ (ن ض) بَتْكًا و بَتَّكَهُ- کاٹنا-
تَبَتَّكَ و انْبَتَكَ- کٹنا-
البِتْكَة- ٹکڑا- ج بِتَكٌ-
البَاتِكُ و البَتُوْكُ: کاٹنے والا- تلوار-
بَتَلَ (ن ض) بَتْلًا و بَتَّلَ- الشَّيْءَ: کاٹ کر جدا کرنا-
بَتَّلَ و تَبَتَّلَ: دنیا سے بے تعلق ہو کر خدا کی طرف متوجہ ہونا- شادی نہ کرنا-
اِنْبَتَلَ: کٹنا-
عَطَاءٌ بَتْلٌ: بے مثل عطیہ- آخری عطیہ-
البَتُوْلُ: غیر شادی شدہ عورت جو شادی کی طرف رغبت نہ کرے- لقب حضرت مریم و حضرت فاطمہ علیہما السلام-
البُتُوْلَة و البُتُوْلِيَّة: تجرد کی حالت-
البَتِيْلُ: دنیا سے بے تعلق- وادی کے نچلے حصے کی نالی- خصرٌ بَتِيْلٌ: پتلی کمر ج بُتُل-
البَتِيْلَة: بمعنی بتول (____ و البَتْلَاءُ) کھجور کا چھوٹا پودہ جو ایک جگہ سے اٹھا کر دوسری جگہ لگایا گیا ہو-
المُبْتِلُ: وہ کھجور جس کی شاخیں کاٹ کر دوسری جگہ لگائی گئی ہوں-
بَثَّ (ن ض) بَثًّا و بَثَّثَ- الخَبَرَ: خبر پھیلانا ____ الشَّيْءَ: بکھیرنا ____ الغُبَارَ: غبار اُڑانا-
بَثَّ و بَاثَّ و اَبَثَّ- فُلَانًا الخَبَرَ: آگاہ کرنا- بتانا-
تَبَاثَّ- القَوْمُ الْاَسْرَارَ: ایک دوسرے کو راز بتانا-
اِنْبَثَّ: پھیلنا- متفرق ہونا- غبار وغیرہ کا اُڑنا-
اِسْتَبَثَّهُ- الخَبَرَ: کسی سے خبر پوچھنا-
البَثُّ: پراگندگی حال- سخت غم-
بَثْبَثَ: الخَبَرَ: پھیلانا ____ الغُبَارَ: اُڑانا-
بَثَرَ (ض) و بَثِرَ (س) و بَثُرَ (ک) بَثْرًا و بَثَرًا و بُثُوْرًا و تَبَثَّرَ- وَجْهُهُ: چہرے پر پھنسیاں نکلنا- صفت (بَثِرٌ و بَثِيْر)
البَاثِرُ: بغیر کھودے ہوئے نکلنے والا پانی-

حاسد۔

البَثْر۔ پھنسی واحد (بَثْرَة) ج بُثُور۔

البَثِیْر۔ بہت۔ کہا جاتا ہے "کَثِیْرٌ بَثِیْرٌ"

المَبْثُور : بہت مالدار۔ وہ شخص جس پر حسد کیا جائے۔

بَثِعَتْ (س) بَثَعًا۔ الشَّفَةُ خاصَّةً : کثرتِ خون سے سرخ ہونا۔

الاَبْثَع : وہ شخص جس کے ہونٹ کثرتِ خون سے سرخ ہو گئے ہوں۔ مؤنث بَثْعاء ج بُثْع۔

بَثَقَ (ن) بَثْقًا و تَبْثاقًا و بَثَّقَ۔ السَّیْلُ الْمَوْضِعَ : سیلاب کا جگہ کو پھاڑ دینا۔ بَثَقَ النَّهْرَ : پانی اچھی طرح بہنے کے لیے دریا کے بند کو توڑ دینا۔

اِنْبَثَقَ : اَلْمَاءُ : بہہ پڑنا ___ بِالْكَلَامِ : تیز بولنا۔

اَلْبَثْق و البِثْق : دریا کے کنارے کی ٹوٹی ہوئی جگہ۔ ج بُثُوق۔

بَجَّه (ن) بَجًّا : پھاڑنا۔ نیزہ مارنا۔ بَجَّ الكَلَاءُ النَّاقَةَ : موٹا کرنا۔

اِنْبَجَّ۔ پھٹنا۔

الاَبَجّ۔ کشادہ آنکھ والا۔ مؤنث بَجَّاء ___ کہا جاتا ہے "عَيْنٌ بَجَّاءُ" کشادہ آنکھ۔

اَلْبَجَّةُ : پھنسی جو آنکھ میں نکلتی ہے۔

بَجْبَجَ : الصَّبِيَّ : بچے کو بہلانا۔

تَبَجْبَجَ : اللَّحْمُ : ڈھیلا ہونا۔

بَجِحَ (س) بَجَحًا۔ بِهِ : خوش ہونا۔

تَبَجَّحَ۔ فخر کرنا۔ بڑا بننا۔

البَجَّاحُ۔ بہت فخر کرنے والا۔

بَجَدَ (ن) بُجُودًا و بَجَّدَ۔ بِالْمَكَانِ : اقامت کرنا۔

اَلْبَجْد۔ مِنَ النَّاسِ : جماعت ___ مِنَ الْخَيْلِ : سو اور سو سے زائد گھوڑے۔

بُجْدَةُ الأَمْرِ و بَجْدَتُه و بُجُدَتُه۔ حقیقت۔ اصلیت۔ کہا جاتا ہے : "عِنْدَهُ بُجْدَةُ الأَمْرِ" وہ حقیقت شناس ہے۔ "وَهُوَ ابْنُ بُجْدَةِ الأَمْرِ" وہ معاملہ کی حقیقت کا جاننے والا ہے۔

البِجَاد : دھاری دار کپڑا۔ ج بُجُد۔

بَجِرَ (س) بَجَرًا۔ الرَّجُلُ : موٹی جڑ والی اور باہر کو نکلی ہوئی ناف والا ہونا۔ بڑے پیٹ والا ہونا۔ دودھ اور پانی سے پیٹ بھرنے کے باوجود سیراب نہ ہونا۔ صفت (بَجِر و اَبْجَر)

تَبَجَّرَ : النَّبِيذَ : پینے میں زیادتی کرنا۔

البَاجِر : فا۔ پھولے ہوئے پیٹ والا۔ ج بَجَرة۔

البُجْرَة : ناف۔ چہرہ۔ عیب ج بُجَر۔ کہا جاتا ہے "ذَكَرَ عُجَرَهُ و بُجَرَهُ" اس نے اس کے عیوب ظاہری و باطنی سب بیان کر دیئے۔

البُجْر۔ ج اَبَاجِر و اَبَاجِير و (البُجْرِی) ج بَجارِيّ۔ برائی۔ مصیبت۔ بڑا معاملہ۔ کہا جاتا ہے "لَقِيْتُ مِنْهُ الْبَجَارِيَّ" اس سے مجھے مصیبتیں حاصل ہوئیں۔

البَجْرَاء : سخت اور بلند زمین۔ زمین جس میں گھاس نہ اُگے۔

البَجَارِم۔ مصیبتیں۔

بَجَسَ (ن ض) بَجْسًا و بَجَّسَ۔ اَلْمَاءَ : پانی جاری کرنا ___ الجُرْحَ : زخم چیرنا ___

بَجَسَ فُلَانًا : گالی دینا۔

بَجَسَ وانْبَجَسَ و تَبَجَّسَ۔ الماءُ : پانی جاری ہونا۔ بہنا۔

اَلْبَجْس و البَجِيْس : بہنے والا۔ عَيْنٌ بَجِيْسٌ : بہت پانی والا چشمہ۔ ماءٌ بَجِيْسٌ : بہتا ہوا پانی۔

بَجَعَهُ (ف) بَجْعًا۔ تلوار سے کاٹنا۔

البَجَعُ۔ ایک قسم کا پرندہ جس کی چونچ لمبی اور چوڑی ہوتی ہے اور اس کی چونچ کے نیچے بڑا سا پوٹا ہوتا ہے۔ واحد بجعة

بَجَلَ (ن) و بَجِلَ (س) بَجَلًا و بُجُولًا : خوش ہونا۔ خوش حال ہونا۔ صفت (باجِل)

بَجُلَ (ک) بَجَالَةً و بُجُولًا : معزز ہونا۔ صفت (بَجِيْل)

اَبْجَلَهُ الشَّيْءُ : کافی ہونا۔

بَجَّلَهُ : تعظیم کرنا۔

اَلْبُجْل : بہتان، تعجب، دناءت، دون ہمتی۔

بَجَلِ۔ حرف جواب مثل نعم کے۔ اسم فعل بمعنی حَسْب۔ تم کہتے ہو۔ "بَجَلُكَ" یعنی تمہارے لیے کافی ہے۔

البُجْل : بڑا بہتان۔

البَجِيْل : وسیع و فراخ۔

الاَبْجَل : ہاتھ یا پاؤں کی ایک موٹی رگ کا نام۔ ج۔ اَبَاجِل۔

بَجَمَ (ض) بَجْمًا و بُجُومًا : گھبراہٹ یا عاجزی سے خاموش ہو جانا۔

بَجَّمَ : بمعنی مجرد۔ دیر کرنا۔ تیز نظر ڈالنا۔ منقبض ہونا۔

البَجْم : جھاؤ کا پھل۔ واحد بَجْمَة۔

اَلْبَجْم : بڑی جماعت۔

بَحَّ (س) بَحًّا و بَحَحًا و بُحُوحًا و بَحَاحًا و بُحُوحَةً و بَحَاحَةً : گلو گرفتہ ہونا۔ بیٹھی ہوئی آواز والا ہونا۔ صفت (اَبَحّ) مؤنث بحّاء۔ ج بُحّ۔

اَبَحَّهُ و بَحَّحَهُ : کسی کی آواز کو بھاری کر دینا۔

البُحَّة : آواز میں بھاری پن اور خشونت۔

بَحْبَحَ و تَبَحْبَحَ : اچھی طرح ٹھہرنا۔ تَبَحْبَحَ الدار : گھر کے وسط میں ٹھہرنا۔ "تَبَحْبَحَتِ الْعَرَبُ فِي لُغَاتِهَا" توسع کرنا۔

بُحْبُوحَة : الدار : وسط۔ درمیان۔ ___ اَلْعَيْش : فراخی زندگانی۔

البَحْبَحَة : جماعت۔

اَلْبَحْبَاحَةُ : بدخو عورت۔

بَحُتَ (ک) بُحُوتَةً : خالص ہونا۔

بَاحَتَه۔ الوُدَّ : خالص دوستی کرنا ___ فُلَانًا : بتانا۔

اَلْبَحْت : محض خالص۔ شَرَابٌ بَحْتٌ : سادہ بغیر کسی چیز سے ملا ہوا۔ مِسْكٌ بَحْتٌ : خالص مشک۔ عَرَبِيٌّ بَحْتٌ : خالص نسب والا عربی مؤنث بَحْتَة۔ بحت کا لفظ واحد، تثنیہ، جمع، مذکر، مؤنث سب کے لیے آتا ہے۔ اگر چاہو تو مؤنث تثنیہ جمع لا سکتے ہو۔

اَلْبُحْتُر و البُحْتُرِی : پست قد گٹھے بدن والا۔

بَحَثَ (ف) بَحْثًا۔ فِي الأَرْضِ : کھودنا۔ اور اسی سے مثل ہے "كَالْبَاحِثِ عَنْ حَتْفِهِ بِظِلْفِهِ" یعنی وہ اپنی ہلاکت و بربادی کا سامان خود پیدا کرتا ہے ___ عَنْهُ : تفتیش کرنا۔

بَاحَثَهُ : خطاب کرنا۔ گفتگو کرنا۔

تَبَاحَثُوا : باہم گفتگو کرنا۔

تَبَحَّثَ وابْتَحَثَ و اِسْتَبْحَثَ۔ عَنْهُ: تفتیش کرنا۔

اَلْبَحْث: مص۔ مٹی کے نیچے کسی چیز کا تلاش کرنا۔ تفتیش۔ تحقیق۔ سونے وغیرہ کی کان۔ ج اَبْحَاث ـــــ ج بُحُوث: بڑا سانپ۔

البَحِيْث: بھید۔ کہا جاتا ہے "ہٰذَا بَحِيْثُهُمْ" ان کا بھید ظاہر ہوگیا۔

اَلْبَحَّاث: بہت بحث کرنے والا۔

المَبْحَث۔ بمعنی بحث۔ یا کھود کرید۔ ج مَبَاحَث ـــــ مَبَاحِثُ البَقَر: غیر معلوم جگہ۔ بے آب و گیاہ زمین۔

اَلْمَبْحَثَة: بحث و تدقیق۔

بَحْثَر الشَّيْءَ بَحْثَرَةً: متفرق کرنا۔ بکھیرنا۔ کھولنا۔

تَبَحْثَرَ۔ بکھرنا۔ جدا جدا کرنا۔ ظاہر ہونا۔

بَحِرَ (س) بَحَرًا: سمندر دیکھ کر ڈر سے حیران یا مبہوت ہونا۔ سخت پیاسا ہونے کی وجہ سے سیراب نہ ہونا۔ صفت (بَحِرٌ)

بَحَرَ (ف) بَحْرًا۔ الأَرْضَ: شق کرنا ـــــ النَّاقَةَ: کان چیرنا۔ صفت مفعولی (بحیرۃ) بَحَائِر و بُحُر۔

اَبْحَرَ۔ سمندر میں سفر کرنا ـــــ الْمَاءُ: کھاری ہونا ـــــ الْأَرْضُ: زمین میں متعدد پانی کے گڑھے ہونا۔

تَبَحَّرَ۔ فِي العِلْمِ: بہت وسیع علم والا ہونا۔

اِسْتَبْحَرَ۔ فِي الْعِلْمِ والْمَالِ: وسیع العلم یا کثیر المال ہونا۔

اَلْبَحْر: سمندر۔ کھاری پانی۔ بڑا دریا۔ تصغیر اُبَيْحِر۔ ج اَبْحُر: بُحُور و بِحَار۔ اَلْبَحْرُ الْمُتَوَسِّط او بَحْرُ الرُّوم: یورپ ایشیا اور افریقہ کے درمیان کا سمندر۔ اَلْبَحْرُ الْمُحِيْط: پانچ براعظموں کو گھیرنے والا سمندر۔ بَحْرُ الظُّلُمَاتِ: بحر اٹلانٹک جو یورپ افریقہ اور امریکہ کے درمیان ہے۔

البَحْرَة: پانی کے جمع ہونے کی جگہ۔ پست علاقہ۔ بڑا باغ۔ حوض۔ ج بِحَار و بُحَر۔

اَلْبَحْرِيّ: بحر کی جانب منسوب (ـــــ وَالْبَحَّارُ: ملاح۔

البُحَيْرَة: جھیل۔

اَلْبَاحِر۔ مبہوت۔ بیوقوف۔ فضولی۔

اَلْبَاحُوْر و البَاحُوْرَاءُ: ماہ جولائی کی سخت گرمی۔ اَلْبَاحُوْرُ: چاند۔

الْبُحْرَان: فی عرف الاطباء: امراضِ حادہ کا وہ تغیر جو اچانک پیدا ہوتا ہے۔ نیز شدتِ مرض سے قوتِ مدرکہ میں خلل پیدا ہونا۔

اَلْبَحْرَيْن: ایک شہر کا نام نسبت کے لیے (بحرانی) خلافِ قیاس۔

بَخَّ (ن) بَخًّا۔ فِي النَّوْمِ: خراٹے لینا۔ غصہ ٹھنڈا کرنا۔

بَخْ: اسم فعل ہے تعریف اور اظہارِ خوشنودی کے لیے مستعمل ہے اور تاکید کے لیے مکرر بولتے ہیں۔ کہتے ہیں بَخٍ بَخٍ کسرہ سے۔ یا تنوین سے بمعنی واہ واہ۔ آفریں شاباش۔

بَخْبَخَ۔ فِي النَّوْمِ: خراٹے لینا ـــــ اَلْبَعِيْرُ: اُونٹ کا بلبلانا اور منہ کا جھاگ سے بھر جانا۔ ـــــ الرَّجُلَ: کسی کو شاباش دینا۔

بَخْبَخَ و تَبَخْبَخَ۔ اَلْحَرُّ: کم ہو جانا۔

بَخَتَه (ن) بَخْتًا: مارنا۔

بَخَّعَهُ: لاجواب کر دینا۔

بُخِتَ: بزدل ہونا۔

اَلْبَخْت: نصیبہ (فارسی کلمہ ہے جس کے لیے فصیح لفظ اَلْحَظُّ ہے)

اَلْبَخِيْت وَالْمَبْخُوْت: نصیبہ ور۔

بَخْتَرَ بَخْتَرَةً و تَبَخْتَرَ: خوش رفتاری سے چلنا۔ متکبرانہ چال چلنا۔

اَلْبَخْتَرِيَّةُ والتَّبَخْتُرِيَّةُ: متکبرانہ چال۔

بَخَرَت (ف) بَخْرًا۔ اَلْقِدْرُ: بھاپ نکلنا۔

بَخِرَ (س) بَخَرًا۔ اَلْفَمُ: گندہ دہن ہونا۔ صفت (اَبْخَر)

بَخَّرَ: بھاپ نکالنا۔ بَخَّرَهُ و بَخَّرَ عَلَيْهِ: دھونی دینا۔ دھونی دے کے خوشبودار بنانا۔

تَبَخَّرَ۔ دھونی لینا۔ دھونی سے خوشبودار ہونا۔

اَلْبُخَارُ: بھاپ۔ ج اَبْخِرَة

البَاخِرَة۔ اسٹیمر۔

اَلْبَخُوْر: ہر وہ چیز جس سے دھونی دی جائے۔ ج اَبْخِرَة و بَخُوْرَات۔

بَخُوْرُ مَرْيَمَ و بَخُوْرُ الْأَكْرَادِ و بَخُوْرُ الْبَرِّ و بَخُوْرُ السُّوْدَانِ و بَخُوْرُ الْبَرْبَرِ۔ مختلف قسم کے نباتات کے نام۔

اَلْمِبْخَرَة۔ عود سوز۔

اَلْمَبْخَرَة۔ باعث گندہ دہنی۔ اسی سے وہ روایت ہے جو حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے منقول ہے "اِيَّاكُمْ و نَوْمَةَ الغَدَاةِ فَاِنَّهَا مَبْخَرَةٌ مَجْفَرَةٌ مَجْعَرَةٌ" صبح کو سونے سے پرہیز کرو اس لیے کہ اس سے گندہ دہنی پیدا ہوتی ہے (مجفرۃ) بدن کے فساد کا سبب اور (مجعرۃ) طبیعت کی خشکی۔

بَخَزَ (ن) بَخْزًا۔ عَيْنَهُ: آنکھ پھوڑنا۔

بَخَسَه (ف) بَخْسًا۔ گھٹانا اور اسی سے ہے "لَاتَبْخَسْ اَخَاكَ حَقَّهُ" اپنے بھائی کا حق مت گھٹاؤ۔ ظلم کرنا۔ بَخَسَ عَلَيْهِ: آنکھ پھوڑنا۔

تَبَاخَسَ۔ اَلْقَوْمُ: ایک دوسرے کو نقصان پہنچانا۔

اَلْبَخْس۔ مص۔ ناقص۔ قرآن عزیز میں ہے۔ "وَشَرَوْهُ بِثَمَنٍ بَخْسٍ" ان کو بہت ہی کم قیمت کو بیچ ڈالا۔

البَخْس۔ وہ زمین جو بغیر سیراب کئے ہوئے پیداوار اگائے۔

اَلْبَخْسِيُّ۔ مِنَ الزَّرْعِ: وہ کھیتی جو بغیر آبپاشی کے پیدا ہو۔

الأَبَاخِس۔ انگلیاں۔

اَلْبَخْشِيْش۔ بخشش۔ انعام (اس کے لیے فصیح لفظ الراشن اور الحلوان ہیں۔

بَخَصَ (ف) بَخْصًا۔ عَيْنَه: آنکھ نکال لینا۔

بَخِصَ (س) بَخَصًا۔ الرَّجُلُ: کسی کی آنکھ کے اُوپر یا نیچے غدہ ہونا۔ صفت (ابخص) مؤنث بَخْصَاء ج بُخْص۔

تَبَخَّصَ۔ تیز نظر سے دیکھنا۔ پلکوں کا اُلٹ جانا۔

اَلْبَخَص۔ قدم کا گوشت۔ انگلیوں کی جڑ کا گوشت۔

مَبْخُوْص۔ اَلْقَدَمَيْنِ: وہ شخص جس کے قدموں میں گوشت کم ہو۔

بَخَعَ (ف) بَخْعًا۔ نفسه: غم یا غصہ سے اپنے آپ کو ہلاکت میں ڈالنا۔ الشَّاةَ: ذبح کرنے میں گدی تک کاٹ دینا ـــــ لَهُ نُصْحَه: خالص خیر

خواہش کرنا ___ الرَّکِیَّةَ: کنواں پانی نکلنے تک کھودنا ___ "فُلَانًا خَبَرَهٗ" تصدیق کرنا۔

بَخَعَ (س) بُخُوْعًا و بَخَاعَةً۔ بِالْحَقِّ: اقرار کرنا۔ حق کے سامنے جھک جانا۔

بَخَقَ (ف) بَخْقًا و اَبْخَقَ۔ عَیْنَهٗ: کانی کرنا، پھوڑنا۔

رَجُلٌ (اَبْخَقُ و بَاخِقٌ و بَخِیْقٌ و مَبْخُوْقٌ) کانا مرد۔

عَیْنٌ (بَخْقَاءُ و بَاخِقَةٌ و بَخِیْقَةٌ و مَبْخُوْقَةٌ) کانی آنکھ۔

اَلْبُخَاقُ۔ نر بھیڑیا۔

بَخِقَتْ (س) بَخَقًا۔ عَیْنُهٗ: بری طرح کانی ہونا۔

بَخِلَ (س) بَخَلًا و بَخُلَ (ک) بُخْلًا۔ بخیل ہونا۔ کنجوس ہونا۔ صفت بَخِیْلٌ ج بُخَلَاءُ عَلَیْهِ و عَنْهُ: کسی سے بخل کرنا۔ صفت بَاخِلٌ ج بُخَّلٌ۔

بَخَّلَه: بخل کی جانب منسوب کرنا۔

اَبْخَلَه۔ بخیل پانا۔

اَلْبَخَّالُ و الْبَخَّالُ و الْمُبَخَّلُ و الْبَخَلُ۔ بہت کنجوس۔

اَلْمَبْخَلَةُ۔ باعث بخل۔ اور اسی سے ہے "اَلْوَلَدُ مَبْخَلَةٌ مَجْبَنَةٌ" لڑکا باعث بخل اور باعث بزدلی ہوتا ہے۔

اَلْبُخْنُقُ۔ کنٹوپ۔ ایک قسم کا زنانہ سربند۔

بَخَا (ن) بَخْوًا۔ غَضَبُهٗ: غصہ تھمنا۔

بَدَّ (ن) بَدًّا۔ رِجْلَیْهِ: ٹانگیں پھیلانا ___ الرَّجُلُ عَنِ الشَّیْءِ: دور کرنا۔ روکنا۔

بَدَّ (س) بَدَدًا۔ زیادتی گوشت کی وجہ سے دونوں رانوں میں فاصلہ ہونا۔

بَدَّدَ۔ الشَّیْءَ: متفرق کرنا۔ بکھیرنا۔ الرجلُ: تھکنا۔

بَادَّ مُبَادَّةً و بِدَادًا۔ مبادلہ کے طور پر بیچنا۔

___ الْقَوْمُ فِی السَّفَرِ: ہر ایک کا اپنا اپنا زاد سفر لانا اور پھر مل کر خرچ کرنا۔

اَبَدَّ۔ الشَّیْءَ بَیْنَهُمْ: ہر ایک کا حصہ دینا ___ یَدَهٗ: زمین کی طرف ہاتھ بڑھانا۔

تَبَدَّدَ۔ متفرق ہونا ___ الْقَوْمُ الشَّیْءَ: آپس میں حصے تقسیم کرنا۔

اِبْتَدَّ۔ الرَّجُلَانِ فُلَانًا بِالضَّرْبِ۔ دو آدمیوں کا کسی کو دونوں جانب سے مارنا۔

تَبَادَّ۔ الْقَوْمُ: باہم مقابلہ کے لیے نکلنا اور اپنے اپنے حریف کو پکڑنا۔ دو دو آدمیوں کا فاصلہ سے گذرنا۔

اِسْتَبَدَّ۔ بِکَذَا: اپنے آپ کو ترجیح دینا۔

___ الْاَمْرُ بِفُلَانٍ: کسی معاملہ کا بے قابو ہو جانا۔

اَلْبِدُّ و الْبَدِیْدُ۔ مثل و نظیر۔

اَلْبُدُّ۔ چارہ کار۔ بھاگنے کی جگہ۔ تم کہتے ہو "لَابُدَّ مِنْ هٰذَا" یہ لازمی ہے۔ بدلہ

___ و الْبُدَّةُ و الْبِدَادُ۔ حصہ۔

اَلْبِدَادُ۔ مقابلے کے لیے نکلنا۔ ہمسر لوگ۔ کہا جاتا ہے "لَقُوْا اَبْدَادَهُمْ" وہ لوگ اپنے حریفوں سے ملے۔ "وَ بَدَادِ اَوْ بَدَادِ بَدَادِ" یہ اس وقت بولا جاتا ہے جب یہ کہنا مقصود ہو کہ ہر شخص اپنے اپنے قرین کو پکڑے۔ "وَجَاءَتِ الْخَیْلُ بَدَادِ" گھوڑے متفرق متفرق آئے۔

اَلْبَدْدُ و الْبَدَّةُ۔ طاقت۔ حاجت۔

اَلْاَبَدُّ۔ وہ شخص جس کے ہاتھ یا رانوں میں فاصلہ ہو۔ بڑے جسم والا۔ مؤنث بَدَّاءُ۔ کہا جاتا ہے "ذَهَبُوْا اَبَادِیْدَ تَبَادِیْدَ" یعنی وہ لوگ متفرق ہو گئے۔ "وَ طَیْرٌ اَبَادِیْدُ و تَبَادِیْدُ" متفرق پرندے۔

اَلْمُسْتَبِدُّ۔ کام شروع کر کے خاتمہ ہی پر دم لینے والا۔

بَدَأَ (ف) بَدْءًا و اِبْتَدَأَ و تَبَدَّأَ۔ الشَّیْءَ وَ بِهٖ: شروع کرنا۔ پہلے کرنا۔ بَدَأَ بِفُلَانٍ: آگے بڑھانا۔

بَدَأَ الشَّیْءَ: شروع کرنا۔ پیدا کرنا۔

بَدَأَ و اَبْدَأَ۔ اللّٰهُ الْخَلْقَ: پیدا کرنا۔

صفت (بَادِئٌ و مُبْدِئٌ) اَبْدَأَ الرَّجُلُ: عجیب چیز لانا۔ تعجب انگیز کام کرنا اور کہا جاتا ہے۔ "فُلَانٌ مَا یُبْدِئُ وَ مَا یُعِیْدُ" یعنی فلاں کچھ بھی نہیں بولتا۔

بَدَّأَهٗ۔ شروع کرانا۔ فضیلت دینا۔

اَلْبَدْءُ و الْبَدْأَةُ و الْبِدَاءَةُ و الْبَدِیْئَةُ: شروع۔ ابتداء۔ کہا جاتا ہے "اَفْعَلُهٗ بَدْءًا اَوْ بَدْءَ بَدْءٍ و اَوَّلَ بَدْءٍ و بَادِیَ بَدْءٍ و بَدْأَةَ ذِیْ بَدْءٍ" یعنی میں اس کو ساری چیزوں سے پہلے کروں گا۔

و الْبَدَاءَةُ: کسی جگہ کے لیے سفر کی ابتداء۔ تم کہتے ہو "اِکْتَرَیْتُ الْفَرَسَ لِلْبَدَاءَةِ وَ الرَّجْعَةِ" میں نے گھوڑے کو آمد و رفت کے لیے کرایہ پر لیا۔ بدوٌ کی جمع اَبْدَاءٌ و بُدُوْءٌ۔

اَلْمَبْدَأُ۔ اصل۔ سبب ج مَبَادِئُ۔

اَلْمُبْتَدَاءُ۔ پہلا۔ وہ اسم مسند الیہ جو عوامل لفظیہ سے خالی ہو۔

بَدَحَ (ف) بَدْحًا۔ هٗ بِالْعَصَاءِ: لاٹھی سے مارنا ___ بِالسِّرِّ: ظاہر کرنا۔

تَبَادَحُوْا۔ بِالشَّیْءِ: باہم مل کر پھینکنا۔

اَلْبَدْحُ۔ ج بُدُوْحٌ و بِدَاحٌ و (اَلْبَدَاحُ) ج بُدُحٌ و (اَلْبُدْحَةُ): وسیع زمین۔

بَدَخَ (ف ض) و بَدُخَ (ک) بَدْخًا و بَدَاخَةً: عالی مرتبہ ہونا۔ صفت (بَدِیْخٌ) ج بُدَخَاءُ۔

تَبَدَّخَ۔ عَلَیْهِ: بڑا بننا۔

بَدَرَ (ن) بُدُوْرًا۔ اِلَی الشَّیْءِ: جلدی کرنا ___ هٗ اِلَی الشَّیْءِ: کسی چیز کے لیے کسی سے سبقت کرنا۔

بَادَرَ مُبَادَرَةً و بِدَارًا۔ اِلَی الشَّیْءِ: جلدی کرنا ___ الشَّیْءَ: وقوع سے پہلے کرنا۔ "بَادَرَ فُلَانًا الشَّیْءَ وَ اِلَیْهِ: کسی چیز کے لیے کسی سے سبقت کرنا۔ آگے بڑھ جانا۔

تَبَادَرَ۔ الْقَوْمُ: جلدی کرنا۔

تَبَادَرَ و اِبْتَدَرَ۔ الْقَوْمُ اَمْرًا: بعض کا بعض سے سبقت کرنے کے لیے بڑھنا۔

اَبْدَرَ۔ ماہ کامل طلوع ہونا۔ چودھویں رات میں چلنا۔

اَلْبَدْرُ۔ ماہِ کامل۔ چودھویں رات کا چاند طبق۔ ج بُدُوْرٌ۔

اَلْبَادِرُ۔ جلدی کرنے والا۔ سبقت کرنے والا۔ ج بَوَادِرُ۔

اَلْبَدْرِیُّ۔ جاڑے سے کچھ پہلے کی بارش۔

اَلْبِدْرٰی۔ مسابقت۔ کہا جاتا ہے۔ "اِسْتَبَقْنَا الْبِدْرٰی" ہم نے ایک دوسرے سے سبقت لے جانے کے لیے دوڑ کی۔

اَلْبَدْرَةُ۔ دس ہزار درہم ___ مِنَ الْمَالِ: بڑی مالیت۔ دس ہزار درہم کی تھیلی۔ ج بِدَرٌ و بُدُوْرٌ کہتے ہیں فُلَانٌ یَهَبُ الْبُدُوْرَ "فلاں دس ہزار کی تھیلیاں ہبہ کرتا ہے۔

اَلْمَبْدَرَة :بکری کے بچہ کی کھال-

اَلْبَادِرَة- تیزی یا تیزی کے وقت کی خفیف الحرکتی- ج بَوَادِر- کہا جاتا ہے "بَدَرَتْ منه بوادِرُ غَضَب" اس سے غصہ کی حرکتیں صادر ہوئیں- البَادِرَة : تیر کی نوک- کہا جاتا ہے "اَصَابَتْهُ بَادِرَةُ السَهْمِ" اس کو تیر کی نوک لگی- مونڈھے اور گردن کے درمیان کا گوشت-

بَدَارِ- اسم فعل بمعنی اسرع- یعنی جلدی کر-

البَيْدر- کھلیان- ج بَيَادِر-

بَدَعَ(ف) بَدْعًا- الشَّئَ :گھڑنا- بغیر نمونہ کے کوئی چیز بنانا- ابتداء کرنا- ایجاد کرنا-

بَدُعَ (ک) بَدْعًا و بَدَاعَةً وبُدُوْعًا : بے مثال ہونا- انوکھا ہونا-

بَدِعَ(س) بَدَعًا- موٹا ہونا- صفت (بَدِيْع)

بَدَّعَهُ- بدعت کی نسبت کرنا-

اَبْدَعَ- کسی کام کو خوش اسلوبی سے کرنا ــــــ بِهٖ :چھوڑ دینا(ــــــ وابْتَدَعَ) الشَّئَ :ایجاد کرنا ــــــ الرَّجُلُ :بدعت نکالنا-

تَبَدَّعَ- بدعتی ہونا-

اِسْتَبْدَعَ- الشَّئَ :عجیب و نادر سمجھنا-

اَلْبِدْعُ- انوکھا- ناتجربہ کار مرد- کہا جاتا ہے "فُلَانٌ بِدْعٌ فِي الْاَمْرِ" فلاں نے اس کام کو پہلی مرتبہ کیا- ج اَبْدَاع وبُدُوع-

اَلْبِدْعَة :بغیر نمونہ کے بنائی ہوئی چیز- دین میں نئی رسم- وہ عقیدہ یا عمل جس کی کوئی اصل قرونِ ثلاثہ مشہود لہا بالخیر میں نہ ملے- ج بِدَع-

البَدِيْع :اللہ تعالیٰ کے اسماء حسنیٰ میں سے ہے- کہا جاتا ہے "اللّٰه بَدِيْعُ السَّمٰوات وَالْاَرْض" اللہ نے آسمان و زمین کو بغیر کسی نمونہ کے پیدا کیا ہے- انوکھی چیز- انوکھی چیز بنانے والا- موٹا- نئی مشک-

عِلْمُ الْبَدِيْع :وہ علم جس سے کلام کی محسناتِ لفظیہ و معنویہ معلوم ہوں-

اَلْمُبْتَدِعُوْنَ :بدعتی لوگ-

بَدِغَ(س) بَدَغًا :زمین پر گھسٹنا- بالشَّرِّ او بالاَقْذَار :آلودہ ہونا-

بَدَغَ(ف) بَدْغًا- الْجَوزَ اَو اللَّوزَ :اخروٹ یا بادام توڑنا-

بَدُغَ (ک) بَدَاغَةً : پائخانہ میں پائخانہ کرنا- صفت (بَدِيْغ)

بَدَلَ (ن) بَدْلًا و اَبْدَلَ وبَدَّلَ- الشَّئَ :بدلنا- بدلہ میں لینا-

بَدِلَ (س) بَدَلًا- ہڈیوں یا جوڑوں میں درد والا ہونا-

بَدَّلَ و اَبْدَلَ- الشَّئَ مِنْه :بدلہ میں لینا وَبَدَّلَ الشَّئَ شيئًا- آخر- بدل دینا- کہا جاتا ہے "بَدَّلَ اللّٰهُ الخوفَ اَمْنًا" اللہ نے خوف کو امن سے بدل دیا-

بَادَلَهُ- بِكَذَا :بدلہ دینا-

تَبَدَّلًا و تَبَادَلًا- ثَوْبَيْهِمَا :ایک دوسرے سے بدل لینا- تَبَدَّل :بدل جانا- متغیر ہونا-

تَبَدَّلَهُ و اِسْتَبْدَلَهُ- بِكَذا : بدلہ میں لینا جیسے "تَبَدَّلَتِ الدَّارَ بِاُنْسِهَا وَحْشًا" مکان کی انسیت وحشت سے بدل گئی-

اَلْبِدْلُ والبَدَلُ والْبَدِيْلُ :بدلہ- جانشیں- سخی- فیاض- شریف- کہا جاتا ہے "رجلٌ بِدْلٌ وبَدَلٌ" ج اَبْدَال و بُدَلاء البَدَل :جوڑوں یا ہاتھ پیروں یا ہڈیوں کا درد- اور اسی سے ہے- "رُبَّ بَدَلٍ شر مِنْ بَدَل" بہت سے عوض ہڈی کے درد سے برے ہیں- اَلْاَبْدَال :صالحین کی وہ جماعت جن سے دنیا کبھی خالی نہیں رہی- کہتے ہیں کہ جب ان میں سے کوئی مرتا ہے تو فوراً دوسرا اس کا قائم مقام ہو جاتا ہے-

البَدَّال : کھانے پینے کی چیزوں کا بیچنے والا- بنیا- عوام- بقال کہتے ہیں-

البَادِلَة :بغل اور پستان کے درمیان کا گوشت-

بَدَنَ (ن) بَدَنًا وبُدْنًا وبُدُوْنًا وبَدُنَ (ک) بَدَانَةً وبَدَانًا- موٹے بدن والا ہونا- صفت (بَادِن) مؤنث (بادِن :بَادِنَة) ج بُدَّن و (بَدِين) ج بُدْن-

بَدَّنَه :زرہ پہنانا- وبَدَّن :بڑی عمر کا ہونا-

البَدَن :جسم- ج ابدان- چھوٹی زرہ ج بُدُون-

البَدَنَةُ :وہ گائے یا اونٹ جس کی قربانی مکہ میں حج کے موقعہ پر کی جائے- عورتوں کی بغیر آستین والی قمیص- ج بَدَنات- وبُدُن-

المِبْدَان و المُبَدَّن- موٹے جسم والا- تنومند-

بَدَهَ(ف) بَدْهًا و بَادَهَ- الرَّجُلَ : کسی کے پاس اچانک آنا- صفت (بادِه) مؤنث (بَادهة) ج بَوَادِه-

تَبَادَهُو :الشِعْرَ او الخُطَبَ :باہم بے فکر و تامل کے شعر پڑھنا یا تقریر کرنا-

اِبْتَدَهَ- اَلْخُطْبَةَ : بے فکر و تامل کے تقریر کرنا- صفت (مُبْتَدِه و مِبْدَه)

البُدَاهَة و البَدَاهَة : ہر چیز کا آغاز- کہا جاتا ہے "لَحِقَهُ فِي بُدَاهَةِ جَرْيِهٖ" دوڑ کے آغاز ہی میں اس سے جا ملا- اچانک-

بَدِيْهًا وَعَلَى الْبَدِيْهَةِ- في البديہہ

البَدِيْهَةُ :اچانک- فوری بے غور و فکر کہا جاتا ہے "اَجَابَ عَلَى البَدِيْهَةِ" اس نے بے غور و فکر جواب دیا- ج بَدَائِه- کہا جاتا ہے "هٰذَا مَعْلُوْمٌ فِيْ بَدَائِهِ العُقُوْلِ" یہ بدیہی طور پر معلوم ہے- "و لِفُلَانٍ بَدَائِهُ فِي الْكَلَامِ" یعنی فلاں کی گفتگو بہت عجیب و غریب ہے-

البَدِيْهِيّ :بدیہی- (وہ چیز جس کے جاننے کے لیے غور و فکر کی ضرورت نہ ہو-

المِبْدَه : فی البدیہہ بولنے والا- اچانک آنے والا-

بَدَا(ن) بُدُوًّا و بَدَاءً و بَدْوًا و بَدَاءَةً :ظاہر ہونا- صفت (بادٍ) ج بَادُوْن و بُدًّى و بُدَّى ــــــ لهٗ فِي اَمْر :خیال سوجھنا-

بَدَا (ن) بَدَاوَةً و بِدَاوَة و تَبَدَّى :بادیہ کی طرف جانا- بادیہ میں اقامت اختیار کرنا- صفت (البَدَوِيّ و تَبَدَّى) :ظاہر ہونا-

اَبْدَى- الْاَمْرَ :ظاہر کرنا ــــــ فِي كَلَامِهٖ : جرأت دکھلانا- اسی سے ہے "السُّلْطَان ذُوْعَدَوان وَ ذُوْبَدَوَان" بادشاہ جرأت و دلیری والا ہے-

بَادَىٰ :بالعَدَاوَة : کھلم کھلا دشمنی ظاہر کرنا ــــــ ہ :کوئی بات کسی سے صفائی سے کہنا- کھلم کھلا مقابلہ کرنا-

تَبَادَى :بدوی صفت ہونا-

البَدْوُ و البَادِيَةُ و البَدَاوَة : صحراء، جنگل- ج بَادِيَات و بَوَادِو البَدْو :خانہ بدوش ــــــ عربی قبائل- اور بدو کی طرف نسبت کے لیے (بَدَوِيّ

وبَذَوِیٌّ) مؤنث بَذَوِیَّۃٌ ج بَذَاوِیٌ۔
اَلْبَذْوَۃ :وادی کا کنارہ۔
اَلْبَذَاۃ : کھیتی۔ خاک۔ قائم کردہ رائے۔ ج بَذَوات۔
بَذَاوَۃ الْاَمْرِ : آغازِ معاملہ۔ والبداوات : مختلف رائیں۔
بَذَّ (س) بَذَذًا و بَذَاذًا و بَذَاذَۃً و بُذُوذَۃً : بد حال ہونا۔ شکستہ حال ہونا۔ صفت (بَذٌّ و بَاذٌّ) مؤنث (بَذَّۃٌ و بَاذَّۃٌ)
بَذَّہ (ن) بَذًّا : غالب ہونا۔ فائق ہونا۔
بَاذَّہٗ : سبقت کرنا۔
اِبْتَذَّ مِنْہُ حَقَّہٗ : لینا۔
اَلْبَذُّ و اَلْبَذِیْذُ : شکل ___ اور کہا جاتا ہے۔ "رَجُلٌ بَذِیْذٌ بِھَا" : روزگار مرد۔
بَذَأَ (ف) بَذْأً۔ الشَّیْئَ : ناپسند کرنا ___ الشَّخْصَ وَ عَلَی الشَّخْصِ : حقارت کرنا، مذمت کرنا۔
بَذَأَ (ف) و بَذِیَٔ (س) و بَذُؤَ (ک) بَذَاءَۃً : فحش گو ہونا۔ بیوقوف ہونا۔ صفت (بَذِیٌّ)
اَرْضٌ بَذِیْئَۃٌ : وہ زمین جس میں گھاس نہ ہو۔
اَبْذَأَ : فحش گوئی کرنا۔
بَاذَأَہٗ : جھگڑا کرنا۔ فحش گوئی کرنا۔
اَلْبَذَجُ : بکری کا بچہ۔ ج بِذْجَان۔
بَذَحَہٗ (ف) بَذْحًا : چیرنا ___ الجِلْدَ عَنِ الْعُرُوقِ : کھال ہٹانا۔
تَبَذَّحَ۔ السَّحَابُ : برسنا۔
اَلْبَذْحُ : پھٹن۔ ج بُذُوحٌ : کہا جاتا ہے۔ "فِی رِجْلِہٖ بُذُوْحٌ" اس کے پاؤں میں بوائی ہے۔
اَلْبَذَحُ : رانوں کی خراش۔
بَذِخَ (س) بَذَخًا و بَذَخَ (ف) بَذْخًا و بَذَخ (ک) بَذَاخَۃً و تَبَذَّخَ : بلند ہونا۔ تکبر کرنا۔ بڑی شان والا ہونا۔ صفت (بَاذِخٌ) ج بَوَاذِخُ و (بَذِیْخٌ) ج بُذَخَاءُ۔
بَاذَخَہٗ : فخر کرنے میں مقابلہ کرنا۔
اَلْبَذَّاخُ : تکبر کرنے والا ___ مِنَ الْاِبِلِ : بہت بلبلانے والا اونٹ۔
اَلْبُذَاخِیُّ : بڑا۔
اَلْبَھْذَخُ : موٹے جسم والی عورت۔

بَذَرَ (ن) بَذْرًا۔ الحَبَّ : بونا ___ اَلْمَالَ : فضول خرچی میں اڑانا ___ العِلْمَ : پھیلانا۔ اشاعت کرنا۔
___ الاَرْضَ : اگانا۔
"ذَھَبُوْا شَذَرَ بَذَرَ و شِذَرَ بِذَرَ" وہ لوگ ہر طرف بکھر گئے۔
بَذَّرَ۔ اَلْمَالَ : فضول خرچی میں بکھیرنا۔ صفت (بَذْرٌ و بَیْذَار و بَیْذَارَۃ)
تَبَذَّرَ و اِبْتَذَرَ : متفرق ہونا۔ تَبَذَّرَ الْمَاءُ : رنگ بدل کر بگاڑ جانا۔
اَلْبَذْرُ : تخم ریزی کے لیے بیج۔ نسل۔ کہا جاتا ہے "اِنَّہٗ بَذْرُ سُوْءٍ" وہ بری نسل کا ہے۔ ج بُذُوْر و بِذَار۔
اَلْبَذِرُ و اَلْبَذَّار و البِیذَارۃ و البَیذَار۔ بہت بک بک کرنے والا۔ فضول خرچی کرنے والا۔
اَلْبَذُوْرُ وَ البَذِیر : چغل خور۔ وہ شخص جو اپنے راز کو چھپا نہ سکے۔ ج بُذُر۔
اَلْمُبَذِّر : فضول خرچی کرنے والا۔
البُذَّرَی : باطل۔ بہت فضول خرچ۔
المَبْذُور : بہت۔
بَذْرَقَ۔ اَلْمَالَ : بکھیرنا۔ فضول خرچی کرنا۔ نگہبانی کرنا۔
المُبَذْرِق : راہبر۔ دیدبان۔ رہنما۔
بذعَہ (ف) بَذْعًا : گھبراہٹ میں ڈالنا۔ ڈرانا۔
بَذَعَ الْاِنَاءُ : برتن کا ٹپکنا۔
اَبْذَعَہٗ : ڈرانا۔ خوف دلانا۔ گھبراہٹ میں ڈالنا۔
البَذْع : برتن سے ٹپکا ہوا پانی۔
البَذَع : خوف۔ ڈر۔
المَبْذُوْع : خوفزدہ۔
اِبْذَعَرَّ : متفرق ہونا۔ اِبْذَعَرَّتِ الْخَیْلُ : کسی چیز کی طلب میں دوڑنا۔
البَاذَقُ و البَاذِقُ : انگور کا شیرہ تھوڑا سا پکایا ہوا۔
البَیَاذِقَۃ : پیادے۔
البَیْذَقُ : سفر کا رہنما۔ پیادہ۔ ج بَیَاذِق۔
المُبَذِّقَۃ : وہ شخص جس کا قول عمل سے بہتر ہو۔
اِبْذَقَرَّ : متفرق ہونا۔ بھاگنا۔ کہا جاتا ہے۔ "مَا اِبْذَقَرَّ الدَّمُ فِی الْمَاءِ" یعنی خون پانی میں نہیں ملا۔
بَذَلَ (ن ض) بَذْلًا۔ الشَّیْئَ : دینا۔ سخاوت کرنا۔

کہا جاتا ہے "بَذَلَ نَفْسَہٗ دُوْنَ اَوْ عَنْ فُلَانٍ" اس نے فلاں کی حمایت میں اپنی جان لڑا دی۔ صفت (بَاذِل و بَذُوْل) اور صفت مفعولی (مَبْذُوْل) بَذَلَ جُھْدَہٗ : پوری کوشش کرنا (___ و اِبْتَذَلَ) الثَّوْبُ : کام کے وقت پہننا یا روزانہ استعمال کرنا۔ کَلَامٌ مُبْتَذَلٌ : گھٹیا بات۔ کثیر الاستعمال۔ سَیْفٌ صَدْقُ الْمُبْتَذَلِ : تیز دھار والی تلوار۔
تَبَذَّلَ وَ اِبْتَذَلَ : چھچھورا ہونا۔ وقار کے خلاف کرنا۔ اِبْتَذَلَ : روزانہ پہننے کے کپڑے استعمال کرنا۔ پرانے بوسیدہ کپڑے پہننا۔
البَذْل : عطا۔ بخشش۔ رَجُلٌ بَذْلٌ : فیاض مرد۔
البِذْلَۃ۔ مِنَ الثِّیَابِ : روزانہ استعمال کپڑے۔
البَذَّال و المِبْذَال : بہت فیاضی کرنے والا۔
اَلْمِبْذَل و المِبْذَلَۃ۔ روزانہ استعمال کپڑے۔ پرانا بوسیدہ کپڑا۔ ج مَبَاذِل۔
بَذْلَخَ بَذْلَخَۃً و بِذْلَاخًا۔ قول کے مطابق عمل نہ کرنا۔ صفت مُبَذْلِخ و بِذْلَاخ۔
بَذُمَ (ک) بَذَامَۃً : کسی رائے پر پختگی کے ساتھ ڈٹ جانا۔ صفت بذیم۔
البُذْم : دور اندیشی۔ قوت۔ طاقت۔ رائے کی عمدگی۔ مروت۔
اَلْمِبْذَم : مضبوط اونٹنی۔
بَذَا (ن) بَذْوًا و اَبْذَی اِبْذَاءً ___ عَلَیْہِ : فحش بکنا۔
بَذُوَ (ک) بَذَاءً و بَذَاءَۃً۔ فحش گو ہونا۔ صفت (بَذِیٌّ) ج اَبْذِیَاء۔ مؤنث (بَذِیَّۃ)
البَذَاءُ : بیہودہ کلام۔
بَرَّ (ن) بِرًّا و مَبَرَّۃً۔ و الِدَہٗ : اطاعت کرنا۔ حسن سلوک کرنا۔ خدمت کرنا۔ صفت (بَرٌّ) ج اَبْرَار و (بَارٌّ) ج بَرَرَۃ۔
بَرَّ (س ض) بَرًّا و بِرَارًا و بُرُوْرًا۔ فِی قَوْلِہٖ : سچ بولنا ___ خَالِقَہٗ : اطاعت کرنا ___ بَرَّتِ الْیَمِیْنُ : قسم پوری ہونا۔ بَرَّتِ الصَّلَاۃُ : نماز کا مقبول ہونا۔ بَرَّ اللّٰہُ الصَّلٰوۃَ : نماز کو قبول کرنا۔
بَرَّرَہٗ : نیک چلن قرار دینا۔ وجہ جواز پیدا کرنا۔
بَارَّہٗ : حسن سلوک کرنا۔ مہربانی کا برتاؤ کرنا۔
اَبَرَّ : خشکی کا سفر کرنا ___ عَلَیْہِ : غالب ہونا۔

فائق ہونا ___ اللّٰہَ حَجَّتَهُ : قبول کرنا ___ اَلْيَمِيْنَ : قسم پوری کردینا۔
تَبَرَّرَ : نیک ہونا۔ نیکی کے اظہار کا ارادہ کرنا۔
تَبَرَّرَهُ : اطاعت کرنا۔
تَبَارَّ۔ القَوْمُ : ہر ایک کا دوسرے کے ساتھ نیکی کرنا۔
اِبْتَرَّ۔ ساتھیوں سے کنارہ کش ہونا۔
اَلبَرُّ : اللہ تعالیٰ کے اسمائے حسنیٰ میں سے ہے۔ نیکو کار۔ خشک زمین۔ ج بُرُوْر۔ کہا جاتا ہے "جلَسْتُ بَرًّا" میں گھر سے باہر بیٹھا۔ "خَرَجَ بَرًّا" وہ بیابان کی طرف نکلا۔ وأُرِيْدُ جَوًّا و يُرِيْدُ بَرًّا" میں پوشیدگی چاہتا ہوں اور وہ علانیہ (یہ قدیم محاورہ نہیں ہے)
البِرُّ۔ عطیہ۔ طاعت۔ صلاحیت۔ سچائی۔ نیک دل۔ لومڑی کا بچہ۔ چوہا۔ بڑا چوہا۔
اَلْبُرَّ۔ گیہوں۔ واحد (بُرَّة)
البَرُّ و البَارُّ۔ نیکو کار۔ بھلائی کرنے والا۔ بہت نیکی کرنے والا۔ سچا ج اَبْرَار و بَرَرة۔
البَرِّی : ضد بحری ___ مِنَ النَّبَاتِ : جنگلی ___ مِن الْحَيَوَانِ : وحشی۔
البَرِّيَّةُ : جنگل بیابان۔ ج بَرَارِیّ۔
الْبَرَّانی : ظاہر۔ کہا جاتا ہے "مَنْ اَصْلَحَ جَوَّانِيَّه اَصْلَحَ اللّٰهُ بَرَّانِيَّهُ" جو شخص اپنے باطن کو درست کرلے گا اللہ اس کے ظاہر کو درست کردے گا۔
البَرِّيْت : جنگل۔ بیابان۔ ج بَرَارِيْت۔
اَبَرُّ : اسم تفضیل۔ عرب کے قول "اَصْلَحُ العَرَبِ اَبَرُّهُمْ" کا مقصد یہ ہے کہ عرب کا سب سے زیادہ فصیح وہ بدوی ہے جو شہر سے بہت دور ہو۔
البُرِّی : اچھی بات۔
المَبَرَّة : جو نیکی پر ابھارے۔ عطیہ۔ ج مَبَرَّات و مَبَار۔
المَبْرُوْر۔ مِنَ الْاَفْعَالِ : شبہ۔ جھوٹ خیانت سے خالی۔
اَلْبَرِيْر : درخت پیلو کا پہلا پھل۔ واحد بَرِيْرَة
بَرَأَهُ (ف) بَرْءًا و بُرُوْءًا : نیست سے ہست کرنا۔

بَرِئَ (س) بُرُوْءًا و بَرَاءًا و بَرَاءَةً۔ مِنَ الْعَيْبِ والدَّيْنِ : خلاصی پانا۔ نجات پانا۔
بَرِئَ (س) و بَرَأَ (ف) و بَرُوَ (ک) بَرْءًا و بُرُوْءًا۔ مِنَ الْمَرَضِ : شفایاب ہونا۔ چنگا ہونا۔
بَرَّأَهُ تَبْرِئَةً۔ بری کرنا۔ پاک کرنا ___ من التُّهْمَةِ : دور کرنا۔
اَبْرَأَ۔ المَرِيْض : شفا دینا ___ هُ مِنَ الدَّيْن : بری کردینا ___ اَلرَّجُلُ : مہینے کی پہلی رات میں داخل ہونا۔
بَارَأَ۔ شَرِيْكَهُ : شریک سے جدائی اختیار کرلینا۔
تَبَرَّأَ۔ مِنَ الذَّنْبِ : گناہ سے بیزار ہونا۔
تَبَارَأَ۔ الزَّوْجَانِ : شوہر بیوی کا ایک دوسرے سے جدا ہونا۔
اِسْتَبْرَأَ : قرض یا گناہ سے براءۃ طلب کرنا۔
اَلْبَرِی و البَرِیّ : خالص۔ خالی۔ گناہ و تہمت سے پاک۔ ج بَرِيْئُون و بُرَآء و بِرَاء و اَبْرَاء واَبْرِيَاء۔ مؤنث بَرِيْئَة و بَرِيَّة ج بَرِيْئَات و بَرِيَّات و بَرَايَا۔
البَرَاء : مہینے کی پہلی رات۔ "اِبْنُ البَرَاءِ" مہینے کی آخری رات۔ کہا جاتا ہے "اَنَا بَرَاءٌ مِنْ كَذَا" میں اس سے بری ہوں۔ (اس کا تثنیہ جمع نہیں اور نہ اس کے لیے مؤنث ہے)
البُرْأَة : شکاری کی جھونپڑی۔ ج بُرَآء
البَرَاءَة : بَرِئَ کا مصدر۔ فرمان۔ پروانہ۔ ج بَرَاءَات۔
البَارِئُ : پیدا کرنے والا۔ صحت یاب جس کی لاغری باقی ہو۔
البَرِيَّة : مخلوق۔ ج بَرَايَا۔
البُرَائِل و البُرَائِلِیّ۔ پرندہ کی گردن کے پر۔
البَرَائِلِیّ : مرغ۔
بَرْأَلَ و تَبَرْأَلَ و ابْرَأَلَّ۔ الطَّائِرُ : پرندہ کا لڑنے کے لیے گردن کے پر کھڑے کرنا۔
البَرْنَج : مٹی کا پرنالہ۔ ج بَرَانِج
بَرْبَرَ : بک بک کرنا۔ بڑبڑانا۔ صفت (بَرْبَار)
تَبَرْبَرَ : وحشی ہونا۔
البَرْبَرِی : قوم بربر کا ایک فرد۔
البَرْبَر : مغربی افریقہ کی ایک قوم۔ اور بسا اوقات اس لفظ کا اطلاق زنگیوں اور حبشیوں پر بھی ہوتا ہے۔ ج بَرَابِر و بَرَابِرَة۔

المُبَرْبَر : شیر۔
بَرْبَسَهُ : طلب کرنا۔
تَبَرْبَسَ : کتے کی مانند چلنا۔
البَرْبَاس : گہرا کنواں۔
بَرْبَصَ۔ الاَرْضَ : سینچنا۔
البَرْبَط : بربط (باجہ)
بَرَتَ (ض) بَرْتًا۔ الشَّئَ : کاٹنا۔
بَرِتَ (س) بَرَتًا : حیران ہونا۔
البَرْت و المِبْرَت۔ چینی۔ شکر سفید البَرْت : کلہاڑا۔
البُرْت و البِرِّيْت : ماہر راہبر۔ ج اَبْرَات۔
البُرْتقان : نارنگی۔ نارنگی کا درخت۔ واحد (بُرْتقانة)
بَرْتَكَ بَرْتَكَةً۔ الثَّوْبَ : پھاڑنا۔ ٹکڑے ٹکڑے کرنا ___ الشَّئَ : چیونٹی کی مانند کاٹنا۔
اَلْبَرَاتِكُ۔ چھوٹے ٹیلے (جمع ہے اس کا واحد نہیں)
بَرِثَ (س) بَرَثًا : خوش حالی میں زندگی بسر کرنا۔
البَرْث : نرم و ہموار زمین ج بِرَاث و اَبْرَاث و بُرُوث۔
البُرْثُن : مِنَ السِّبَاعِ وَالطَّيْرِ : پنجہ۔ چنگل ج بَرَاثِن۔
البُرْثُنَة : شوکت و قوت۔
بَرِجَ (س) بَرَجًا : کھاتا پیتا ہونا۔ بَرِجت عَيْنُه : آنکھ کا سیاہ اور کشادہ ہونا۔ خوبصورت ہونا۔ صفت (اَبْرَج) اور آنکھ کی صفت (بَرْجَاء) ج بُرْج۔
بَرَجَ۔ الشَّئُ : ظاہر ہونا۔ بلند ہونا۔
بَرَّجَ و اَبْرَجَ : برج بنانا۔
تَبَرَّجَتِ۔ اَلْمَرْاَةُ : اجنبیوں کے سامنے آراستہ ہو کر نکلنا۔
اَلْبَرَج : خوبصورت۔ نمایاں۔ روشن۔ ج اَبْرَاج۔
البُرْج : ستون۔ قلعہ۔ محل۔ منار۔ گنبد۔ ج بُرُوْج و اَبْرَاج و اَبْرِجَة۔ اَلْبُرْج : آسمانی برجوں میں سے ایک۔ آسمانی برج بارہ ہیں جن کے نام یہ ہیں۔ حمل۔ ثور۔ جوزاء۔ سرطان۔ اسد۔ سنبلہ۔

میزان-عقرب-قوس-جدی-دلو-اور حوت-

البَارِج :ماہر کشتی بان-

البَارِجَة : بڑی جنگی کشتی-ج بوارج- کہتے ہیں "مَا فُلَانٌ اِلَّا بَارِجَةٌ قَدْ جَمَعَ فِيْهِ كُلَّ الشَّرِ" یعنی فلاں بڑا شریر ہے-"سَفِيْنَةٌ بَارِجَةٌ" کھلی ہوئی کشتی-

تَبَارِيْجُ النَّبَات :نباتات کے پھول-

اَلْاِنْبِرِيْجُ :دودھ بلونے کا آلہ-

البُرْجُد :موٹا دھاری دار کمبل-

اَلْبِرْجِيْس :ایک ستارہ کا نام جس کو مشتری کہتے ہیں-بہت دودھ والی اونٹنی-

البُرْجُمَة-ج بَرَاجِم :انگلیوں کے جوڑ-ہاتھ پیر کی چھوٹی چھوٹی ہڈیاں- انگلیوں کے جوڑ کی پشت-

اَلْبَرَاجِم: قبیلہ تمیم کی ایک شاخ- "اِنَّ الشَّقِيَّ وافِدُ الْبَرَاجِمِ" امثلہ عرب میں سے ہے اس شخص کے حق میں بولتے ہیں جو لالچ کی وجہ سے اپنی جان کو ہلاکت میں ڈالے- اس کا واقعہ یوں ہوا کہ جب سوید بن ربیعہ نے عمرو بن ہند کے بھائی کو مارڈالا تو عمرو بن ہند نے بنو تمیم کے سو آدمیوں کو جلانے کی قسم کھائی اور بنو دارم (قبیلہ بنی تمیم کی ایک شاخ) کے ننانوے آدمیوں کو قتل کرکے جلانے لگا تو ایک شخص جو براجم میں سے تھا گوشت کے جلنے کی بو پاکر وہاں آموجود ہوا- عمرو بن ہند نے اس کو بھی قتل کرکے اپنی قسم پوری کرلی-

بَرِحَ (س) بَرَاحًا وبَرَحًا- المَكَانَ وَمِنْهُ: ہٹنا- جدا ہونا- زائل ہونا- کہا جاتا ہے "مَابَرِحَ وَلَابَرِحْتُ حَنِيًّا" بمعنی مَازَالَ وَلَازِلْتُ-بَرِحَ الخفاءُ :ظاہر ہونا-

بَرَحَ (ن) بَرْحًا- الرَّجُلُ: غضبناک ہونا ___ (___بُرُوحًا) الصَّيْدُ :داہنی جانب سے گزرنا-صفت (بارِح وبَرُوح وبَرِيْح)

بَرَّحَ-بِهِ الْاَمْرُ :تھکانا- سخت تکلیف دینا- ___اللّٰهُ عَنْكَ تکلیف دور کرنا-

اَبْرَحَهُ :ہٹانا- تعظیم کرنا- تعجب میں ڈالنا-

بَارَحَ- الْمَكَانَ :چھوڑ دینا-

اَلْبَرْح :ج اَبْرَاح و(التَّبْرِيْح والبُرَحَاءُ): سختی- تکلیف- برائی-

الْبَرَحُ :وحشت انگیز معاملہ-

اَمْرٌ(بَرِح) : تکلیف دہ معاملہ-

الْبَرَاح : کشادہ زمین جس میں درخت اور عمارت نہ ہو- کہا جاتا ہے- "لَا بَرَاح" کوئی چارہ کار نہیں- "وجَاءَنَا الْاَمْرُ بَرَاحًا" معاملہ نمایاں طور پر سامنے آگیا- "وجَاءَ بِالْكُفْرِ بَرَاحًا" اس نے کھلم کھلا کفر کا اظہار کیا-

بَرَاحِ :بروزن قَطَامِ : آفتاب کے لیے عَلَم ہے-

اَلْبَارِحُ والبَارِحَة :گذشتہ رات- اَلْبَارِحَةُ الْاُوْلٰى :گذشتہ رات سے پہلی رات- کہا جاتا ہے "هٰذه فَعْلَةٌ بَارِحَةٌ" یہ فعل غلط اور غیر ارادی ہے-

بَرْحٰى :ایک کلمہ جس کو نشانہ میں غلطی کے وقت بولتے ہیں اور مَرْحٰى اس کے خلاف ہے-

البَارِحُ-گرم ہوا-ج بَوَارِح-

ابن بُرَيْح- کوا-

اَلتَّبَارِيْحُ : مشقت ہائے زندگانی- کہا جاتا ہے "تَبَارِيْحُ الشَّوْقِ" سوزشہائے عشق-

بَرَدَ(ن) بَرْدًا و بَرُدَ(ک) بُرُوْدَةً : ٹھنڈا ہونا- صفت (بَرْدٌ وَ بَارِدٌ وبَرُوْدٌ وبُرَادٌ) بَرِدَتِ الْاَرْضُ : اولے پڑنا- بُرِدَ الْقَوْمُ : سردی لگنا یا اولے پڑنا- بَرَدَ الْحَقُّ عَلَيْهِ اَوْلَهُ : ثابت ہونا- بَرَدَ فُلَانٌ :سونا- سُست ہونا- کہا جاتا ہے "جَدَّ فِي الْاَمْرِ ثُمَّ بَرَدَ" اس نے معاملہ میں کوشش کی پھر ٹھنڈا پڑ گیا-

بَرَدَ (ن) بَرْدًا : الْحَدِيْدَ : ریتی سے رگڑنا- الْخُبْزَ ___ روٹی پر پانی ڈالنا ___ الْعَيْنَ : ٹھنڈا سرمہ لگانا-

بَرَدَهُ (ن) بَرْدًا اَوْ بَرَّدَهُ : ٹھنڈا کرنا ___ الْوَجْعَ : تکلیف کو ہلکا کرنا- سکون دینا ___ الْحَقَّ :ثابت کرنا- واجب کرنا ___ بردنا اللیل وبَرَدَ عَلَيْنَا: رات کو ٹھنڈک لگنا-

اَبْرَدَ- موسم سرما یا اولوں میں داخل ہونا ___ اِلَيْهِ الْبَرِيْدَ- قاصد بھیجنا ___ الشَّيْءَ :ٹھنڈا کرنا- اَبْرَدَهُ الْمَرَضُ :کمزور کردینا-

تَبَرَّدَ : ٹھنڈک چاہنا- کہا جاتا ہے "نَزَلَ فِي الْمَاءِ يَتَبَرَّدُ" وہ ٹھنڈک حاصل کرنے کے لیے پانی میں اترا-

تَبَارَدَ : کسی کام میں سست ہو جانا- ٹھنڈک ظاہر کرنا-

اِبْتَرَدَ :ٹھنڈے پانی سے غسل کرنا-

اِسْتَبْرَدَهُ : ٹھنڈا پانا- اِسْتَبْرَدَ عَلَيْهِ لِسَانَه : اس نے اس پر زبان درازی کی-

الْبَرْد- سردی- نیند-

الْبَرْدَانِ وَالْاَبْرَدَانِ : صبح شام

الْبَرَد :اولہ-

الْبَرَدَة :ایک اولہ- بدہضمی-

الْبَرُوْد : سرمہ جس سے آنکھ کو ٹھنڈک پہنچے-

ثَوْبٌ بَرُوْدٌ :وہ کپڑا جس کی درز ابھری ہوئی ہو-

الْبَرُوْد :پانی میں ترکی ہوئی روٹی-

الْبُرْد :دھاری دار کپڑا-ج بُرُوْدٌ و اَبْرَادٌ و اَبْرُد- کہا جاتا ہے "وَقَعَ بَيْنَهُمْ فَلَمَّا بُرُوْد يَمَانِيَّةٍ" یعنی چادریں ان کے درمیان پھٹیں- یعنی سب آپس میں جھگڑے-

الْبُرْدَة :کالا کمبل- واحد بُردة ج بُرَد-

الْبَرْدِيُّ :ایک قسم کا پودا جس کی چھال کو قدماء مصر کتابت کے لیے استعمال کرتے تھے-

الْبَرْدِيُّ :ایک قسم کی عمدہ کھجور-

الْبُرَادَة : ریتی کرتے ہوئے لوہے وغیرہ سے جو کچھ گرے-

الْبُرَدَاء :جاڑا بخار-

الْبَرَّادَة :پانی ٹھنڈا کرنے کا برتن-

الْبَرِيْد : قاصد- ج بُرُد- تقریباً بارہ میل کی مسافت- ڈاک خانہ-

الْبَارِد : فا- عَيْشٌ بَارِدٌ : خوشگوار زندگی- "غَنِيْمَةٌ بَارِدَةٌ" بغیر جنگ اور مشقت کے حاصل کی ہوئی غنیمت- حُجَّةٌ بَارِدَةٌ : کمزور دلیل- الْمُرْهَفَاتُ الْبَوَارِدُ : تیز کاٹنے والی تلوار-

الْاَبْرَد :چیتا-ج اَبَارِد- مؤنث الْاَبْرَدَة

الْمِبْرَد :ریتی-

الْمَبْرَدَة :وہ چیز جو ٹھنڈک پیدا کرنے والی ہو- کہا جاتا ہے "هٰذا مَبْرَدَةٌ لِلْبَدَنِ" یہ بدن کو ٹھنڈک پہنچانے والی ہے-

بَرْذَعَة والبَرْذعَة : پالان کے نیچے ڈالنے کا کمل۔

البِرذَون۔ ٹٹو۔ گھوڑا۔ ترکی گھوڑا۔ ج بَرَاذِین۔

بَرْذَنَ الفَرَسُ : ترکی گھوڑے کی طرح چلنا۔ ٹٹو کی طرح چلنا ـــــ الرَّجُلَ : مغلوب کرنا۔

بَرَزَ (ن) بُرُوزًا۔ میدان کی طرف نکلنا۔

بَرَزَ (ن) وبَرِزَ (س) بَرَزًا : گمنامی کے بعد مشہور ہونا۔ صفت (بَارِزٌ)

بَرُزَ (ک) بَرَازَةً۔ فضل یا شجاعت میں اپنے ہمسروں سے بڑھ جانا۔ صفت (بَرْزٌ) مؤنث (بَرْزَةٌ)

اَبْرَزَه : نکالنا۔ الکِتَابَ : شائع کرنا۔ الرجلُ : ارادۂ سفر کرنا۔

بَرَّزَ۔ پاخانہ کرنا۔ الشَّیَ : نکالنا۔ ظاہر کرنا۔ الفَرَسُ : گھوڑ دوڑ کے میدان میں آگے بڑھ جانا۔ الرَّجُلُ فِی العِلْمِ : ہمسروں سے فائق ہونا۔

بَارَزَ مُبَارَزَةً وبِرَازًا : لڑائی کے لیے مقابلہ پر نکلنا۔

تَبَرَّزَ : قضائے حاجت کے لیے میدان میں جانا۔

تَبَارَزَا : مقابلہ پر نکل کر لڑنا۔

اِسْتَبْرَزَه : نکالنا۔

اَلْبِرَاز : بارز کا مصدر۔ آدمی کا پاخانہ۔

اَلْبَرَاز : درختوں سے خالی کشادہ میدان۔ (اس کو قضائے حاجت کے لیے بطور کنایہ کے استعمال کرتے ہیں)

المَبْرَزُ والمُتَبَرَّز۔ قضائے حاجت کی جگہ۔

ذَهَبٌ (اِبْرِیز) : خالص سونا۔

البَرْزَخ۔ دو چیزوں کے درمیان کی روک۔ مرنے کے وقت سے دوبارہ اُٹھنے تک کا زمانہ۔ ج بَرَازِخ۔ بَرَازِخُ الإِیْمَانِ : ایمان کی ابتداء اور آخر کے درمیان کی حالت۔ یا شک و یقین کے درمیان کی حالت۔

البُرْزُغ وَالْبِرْزَاغ وَالْبُرْزُوغ : نشاط۔ جوانی۔ کڑیل جوان۔

تَبَرْزَقَ۔ الْقَوْمُ : بغیر گھوڑوں اور اُونٹوں کے جمع ہونا۔

البَرَازِیق : لوگوں کی جماعتیں۔ بڑے راستہ کے اردگرد چھوٹے راستے۔ واحد بَرْزِیق۔

بَرِسَ (س) بَرَسًا : مقروض پر سختی کرنا۔

بَرَّسَ۔ الارضَ : نرم بنانا۔

البُرْس والبِرْس : روئی۔

البِرْسِیَان : ایک قسم کی کھجور۔

بَرْسَمَهُ : برسام میں مبتلا کر دینا۔

البِرسَام : ایک ہذیانی بیماری۔

بُرْسِم۔ برسام میں مبتلا ہونا۔ صفت (مُبَرْسَم)

بَرِشَ (س) بَرَشًا وابْرَشَّ : سفید داغوں والا ہونا۔ صفت (اَبْرَش ومُبْرِش) مکان۔ ابرش : مختلف رنگوں کی بہت نباتات والی زمین۔ سَنَةٌ بَرْشَاءُ : سال جس میں گھاس کی پیداوار بہت ہو۔

البُرْشَه والبَرَش : سفید داغ۔

البَرِیْش : سفید داغوں والا۔

بَرْشَطَ۔ اللَّحْمَ : کاٹنا۔

البِرْشِعُ والبِرْشَاع : بد خلق۔

بَرْشَقَ۔ اللَّحْمَ : کاٹنا۔ ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔ فُلَانًا بالسَّوْطِ : کوڑے سے مارنا۔

اِبْرَنْشَقَ : شاداں ہونا۔ صفت (مُبْرَنْشِقٌ) ـــــ الشَّجَرُ : کلی نکلنا ـــــ النَّوْرُ : کھلنا۔

بَرْشَكَ الجَزُوْرَ : ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔

بَرْشَمَ بَرْشَمَةً وبِرْشَامًا۔ الرَّجُلُ : غم کی وجہ سے خاموش ہونا۔ اِلَیْهِ : گھورنا۔ تیز نظر سے دیکھنا۔

البُرْشُم : برقع۔

البُرَاشِم۔ تیز نظر والا۔

بَرْشَنَ۔ الرِّسَالَةَ : گوند سے چپکانا۔

البَرْشَان : گوند۔ لیئی۔

بَرِصَ (س) بَرَصًا۔ برص کی بیماری والا ہونا۔ صفت (اَبْرَص) مؤنث بَرْصَاء ج بُرْصٌ۔

اَرْضٌ بَرْصَاء : مختلف جگہوں سے چری ہوئی زمین۔ حَیَّةٌ بَرْصَاء : سفید داغوں والا سانپ۔

اَبْرَصَهُ : برص کی بیماری میں مبتلا کر دینا۔

تَبَرَّصَ۔ الارْضَ : چرا کر بالکل صاف کر دینا۔

البَرَص۔ ایک بیماری ہے جس کی وجہ سے جلد سفید ہو جاتی ہے اور سخت تکلیف دہ خارش پیدا ہو جاتی ہے۔

سَامُّ اَبْرَص۔ چھپکلی۔ تثنیہ کی صورت میں "هذان سَامَّا ابْرَص" اور جمع کی صورت میں "هٰؤُلَاءِ سَوامُّ اَبْرَص واَبَارِص" بولتے ہیں۔

اَبُوْ بُرَیْص : چھپکلی۔

الْاَبْرَص : چاند۔

البُرْصُوْم : کپڑے کا وہ ٹکڑا جس سے شیشی بوتل وغیرہ کے سر کو باندھیں۔

بَرَضَ (ن) بَرْضًا۔ اَلْمَاءُ مِنَ الْعَیْنِ : تھوڑا نکلنا۔

بَرَضَ (ن) بُرُوضًا۔ النَّبَاتُ : اکھوا نکلنا۔

بَرَّضَ واَبْرَضَ۔ المَکَانُ : بہت اکھوا والی ہونا۔

تَبَرَّضَ : تھوڑی چیز پر زندگی گذارنا۔ الشَّیَ : تھوڑا تھوڑا لینا ـــــ الماء : چوسنا ـــــ الْاَرضَ : روئیدگی ظاہر ہونا۔

البَرْضُ۔ تھوڑا ج بِرَاض وبُرُوض واَبرَاض ـــــ کہا جاتا ہے "هذا بَرْضٌ مِنْ عِدَّة" یہ بہت میں سے تھوڑا ہے۔

اَلبُرْضَة : زمین جس میں کچھ نہ اُگے۔

البَارِض : اکھوا۔

عَیْنٌ (بَرُوْضٌ) تھوڑے پانی والا چشمہ۔

البُراض والبُرَاضَه : تھوڑا۔

المَبْرُوْض : کثرتِ داد و دہش کی وجہ سے تنگ دست۔

المُبَرْطِس والمُبَرْطِش : بائع اور خریدار کے درمیان دلال۔ المُبَرْطِس : کرایہ پر گھوڑوں اور گدھوں کو چلانے والا۔

البُرْطَاش۔ پتھر کی چوکھٹ۔ فصیح عربی الأُسْکُفَّة ہے۔

بَرْطَلَهُ بَرْطَلَةً : رشوت دینا۔

تَبَرْطَلَ : رشوت لینا۔

اَلْبُرْطُل : ٹوپی۔

اَلْبِرْطِیْل : رشوت۔ لمبا پتھر ج بَرَاطِیْل

بَرْطَمَ : اللَّیْلُ : تاریک ہونا۔ الرَّجُلُ : غصہ کی وجہ سے ہونٹ لٹکانا (ـــــ وتَبَرْطَمَ) غصہ سے پھولنا۔

البِرْطَام والبُرَاطِم : موٹے ہونٹ والا۔

بَرَعَ (ن) وبَرِعَ (س) وبَرُعَ (ک) بَرَاعَةً وبُرُوْعًا : علم یا فضیلت یا جمال میں کامل ہونا۔

صفت (بارع)
بَرَعَهٗ: علم یا فضیلت یا جمال میں غالب ہونا۔
بَرَعَ الْجَبَلَ: پہاڑ پر چڑھنا۔
تَبَرَّعَ بِالْعَطَاءِ: صدقہ کرنا۔ تبرع کرنا۔
اَلْبَرِيْع: عقل و جمال میں کامل۔ بَرْقٌ بَرِيْعٌ: دور سے چمکنے والی بجلی۔
الْبُرْعُث: حلقہ در۔
الْبِرْعِس وَالْبِرْعِيْس: بہت دودھ دینے والی اونٹنی۔ اَلْبُرْعِيْس: سختیوں پر صبر کرنے والا۔
تَبَرْعَصَ الرَّجُلُ: کسی کے پیچھے تلملانا۔
تَبَرْعَصَتِ الْحَيَّةُ: کنڈلی مارنا۔
الْبُرْعُلُ: بجو کا بچہ۔
بَرْعَمَ بَرْعَمَةً وتَبَرْعَمَ۔ الشَّجَرُ: شگوفہ نکلنا۔
الْبُرْعُم والْبُرْعُمَة: ج بَرَاعِم و (الْبُرْعُوم والْبُرْعُوْمَة) ج بَرَاعِيم: شگوفہ ناشگفتہ۔ پھل کا غلاف۔
بَرِغَ (س) بَرَغًا: نازو نعمت سے زندگی بسر کرنا۔
الْبَرَغ: لعاب۔
بَرْغَثَ۔ الْمَكَانُ: بہت پسوؤں والا ہونا۔
الْبُرْغُوْث: پسو۔ ج بَرَاغِيث۔
بُرْغُوْثُ الْبَحْرِ: جھینگا۔
الْبَرْغِز والْبُرْغُوْز والْبَرْغَاز: گائے یا نیل کا بچہ۔ ج بَرَاغِز و بَرَاغِيز۔
الْبَرْغَش: مچھر۔ واحد (بَرْغَشَةٌ)
البرغِي والْبُرْغِيُّ۔ پیچ والی کیل۔ ج براغی فصیح عربی لولب ہے۔
الْبِرْفِير۔ ارغوانی رنگ۔ ارغوانی رنگ سے رنگا ہوا کپڑا۔
بَرَقَ (ن) بَرْقًا و بُرُوْقًا وبَرَقَانًا وبَرِيْقًا۔
الْبَرْقُ: ظاہر ہونا ــــ الشَّئُ: چمکنا۔ روشن ہونا ــــ السَّمَاءُ: چمکتی ہوئی بجلی والا ہونا۔
الرَّجُلَ: دھمکانا۔
بَرَقَتْ (ن) بَرْقًا وبَرَّقَتْ وأَبْرَقَتْ۔
اَلْمَرْأَةُ: آراستہ ہونا۔
بَرِقَ (س) بَرَقًا: متحیر ہونا۔ چندھیا جانا۔ خیرہ چشم ہونا۔
بَرَّقَهٗ۔ آراستہ کرنا۔ بَرَّقَ عَيْنَيْهِ وبِعَيْنَيْهِ: آنکھ پھاڑ پھاڑ کر دیکھنا۔
أَبْرَقَ: برق زدہ ہونا۔ دھمکانا۔ دور کا سفر کرنا ــــ بِسَيْفِهٖ: چمکانا ــــ عَنْ وَجْهِهٖ: ہٹانا۔
اَبْرَقَتِ السَّمَاءُ: چمکتی ہوئی بجلی والا ہونا۔
اَلْبَرْق: بجلی ج بُرُوْق ــــ کہا جاتا ہے بَرْقٌ خُلَّبٌ و بَرْق خُلَّبٍ و برقُ الخُلَّبِ" بے بارش کی بجلی۔
البَارِقَةُ: بجلی والا بادل۔ تلواریں۔ سَحَابَةٌ (بَرَّاقَة) بجلی والی بدلی۔
الْبَرْقَة: دہشت۔ خوف۔
الْبَرَق: گھبراہٹ۔ دہشت۔ بھیڑ کا بچہ۔ ج أَبْرَاق و بُرْقَان۔
الْبُرَق: کوہ۔
رَجُلٌ (بَرُوق): بزدل۔
الْبُرْقَة: ج بُرَق و (الْأَبْرَق) ج أَبَارِق: سخت ترین زمین جس میں ریت گارا پتھر ہو۔ اس کی تصغیر (أُبَيْرِق) ہے۔ الْأَبْرَق: سیاہ سفید رنگ والا۔
الْبُرَاق: اس جانور کا نام ہے جس پر نبی کریم ﷺ شب معراج میں سوار ہوئے تھے۔ اُس جانور کا قد گدھے سے بڑا اور خچر سے چھوٹا تھا۔
التَّبَارِيْق: تھوڑا سا تیل یا گھی جو کھانے میں ڈالا جائے۔
مَبْرَقُ۔ الصُّبْحِ: صبح طلوع ہونے کی جگہ۔ ج مَبَارِق و مَبَارِيْق۔
بَرْقَحَ بَرْقَحَةً و تَبَرْقَحَ۔ وَجْهُهٗ: بدصورت ہونا ــــ الثَّوْبُ: آلودہ ہونا۔
بَرْقَشَهٗ بَرْقَشَةً: مختلف رنگوں سے آراستہ کرنا ــــ فِي الْكَلَامِ: بے سر پیر کی باتیں کرنا۔
تَبَرْقَشَ: مختلف رنگوں سے آراستہ ہونا۔
الْبِرْقِش: ایک لطیف آواز اور رنگین پروں والا پرندہ۔
أَبُوْ بَرَاقِش: ایک چھوٹا سا پرندہ جس کے پر کا بالائی حصہ خاکی اور بیچ کا حصہ سرخ اور نیچے کا سیاہ ہوتا ہے اور جب وہ پر نکالتا ہے تو مختلف رنگ دکھائی دیتے ہیں۔ مجازاً متلون المزاج کو کہتے ہیں۔
الْبَرْقُوش: پرانا جوتا۔
بَرْقَطَ: قریب قریب قدم سے چلنا۔ مڑ مڑ کر دیکھنا ــــ الْكَلَامَ: بے ترتیب بولنا۔
بَرْقَعَهَا: برقع اوڑھنا۔
تَبَرْقَعَتْ: برقع اوڑھنا۔
الْبُرْقُع: برقع۔
بَرْقَلَ: جھوٹ بولنا۔
اَلْبَرْقَلَة: قول جو عمل سے خالی ہو۔
الْبِرْقِيْل: ایک قدیم قلعہ شکن آلہ۔
الْبُرْقُوْق: شفتالو۔
بَرَكَ (ن) بُرُوكًا وتَبْرَاكًا وبَرَّكَ واسْتَبْرَكَ۔ الْبَعِيْرُ: بیٹھنا۔ بَرَكَ بِالْمَكَانِ: اقامت کرنا۔
بَرَّكَ۔ فِيْهِ: برکت کی دعا کرنا۔
بَارَكَ۔ الرَّجُلُ: برکت کی دعا کرنا۔ راضی ہونا۔
بَارَکَ اللّٰهُ لَكَ وَفِيكَ وعَلَيْكَ وبَارَكَكَ: برکت دینا۔ بولتے ہیں "بَارَكَ عَلَى الْأَنْبِيَاءِ وَآلِهِمْ" یعنی ان کی عزت و عظمت جو تو نے انہیں بخشی ہے برقرار رکھ۔ اور بُوْرِكَ فِيكَ اس سائل سے کہتے ہیں جس کو دفع کرنا منظور ہوتا ہے۔
أَبْرَكَهٗ: اونٹ کو بٹھانا۔
تَبَرَّكَ۔ بِهٖ: برکت حاصل کرنا۔
تَبَارَكَ۔ بِهٖ: نیک شگون لینا ــــ اللّٰهُ: مقدس ہونا۔
اِبْتَرَكَ۔ الْقَوْمُ: گھٹنوں کے بل بیٹھ کر جنگ کرنا۔ اِبْتَرَكُوا فِي الْعَدْوِ: تیز دوڑنے کی کوشش کرنا ــــ فُلَانًا: پچھاڑنا اور اپنے سینہ کے نیچے دبا لینا ــــ فِي عِرْضِهٖ وَعَلَيْهِ: گالی دینا۔ اہانت کرنا۔
اِسْتَبْرَكَ: برکت کی فال لینا۔
الْبَرْک۔ سینہ۔ اونٹوں کا گلہ۔ واحد (بارک) مؤنث (بارِكَةٌ) ج بُرُوک۔
اَلْبَرَكَةُ۔ زیادتی۔ بہتات۔ نیک بختی۔ نمو
اَلْبِرْكَة: اونٹ کے بیٹھنے کی ہیئت۔ پانی جمع ہونے کی جگہ۔ حوض۔ ج بِرَک۔ دودھ دینے والی بکری۔ ج بِرْكَات۔
الْبُرْكَة: ایک چھوٹا سفید آبی پرندہ۔ پیسنے والے کی اجرت۔ ج بُرَک و أَبْرَاک و بُرْكَان۔
الْبَرِيك: اونٹ۔
الْبَارُوْک: بزدل۔ کابوس۔

البَرّاک: پہائی لینے والا۔ پینے والا۔
اَلْمَبْرَک: اُونٹ کے بیٹھنے کی جگہ۔ کہا جاتا ہے "لَیْسَ بِفُلَانٍ مَبْرَک جَمَلٍ" یعنی فلاں کے پاس کچھ نہیں۔
اَلْبَرُوْکَة۔ مادہ سیپی۔
البِرْکَار و البِیکَار۔ پرکار (جدید)
البُرْکَان: آتش فشاں پہاڑ۔ جوالا مکھی (جدید)
بَرْکَعَة: کاٹنا۔ پچھاڑنا۔ بَرْکَعَ الْفَرَسُ: چاروں پیروں پر کھڑا ہونا اور گھٹنوں کے بل گر پڑنا۔
بَرْکَعَ و تَبَرْکَعَ۔ اَلرَّجُلُ: چوتڑ کے بل گرنا۔
البُرْکُعُ۔ پست قد مرد۔
جُوْعٌ (بُرْکُوْعٌ) سخت بھوک۔
بَرَمَ (ن) بَرْمًا و بَرَمَ۔ الحَبْلَ: دولڑیوں کو بٹنا۔ صفت مفعولی (مَبْرُوْم و بَرِیْم)۔ اَلْاَمْرَ: مضبوط کرنا۔
بَرِمَ (س) بَرَمًا۔ تنگ دل ہونا۔ زچ ہونا۔
____ بِحُجَّتِهِ: دلیل کا نہ ملنا۔
اَبْرَمَ۔ الحَبْلَ: بمعنی بَرَمَ الْحَبْلَ ____ ہ: زچ کرنا ____ عَلَیْهِ فِي الْجِدَالِ: خاموش کرنے کے ارادے سے بحث کئے جانا۔
تَبَرَّمَ: زچ ہونا۔
اِنْبَرَمَ۔ الْحَبْلُ: رسّی کا بٹ جانا۔
اَلْبَرَمُ۔ درخت خصاہ کا پھل (دیکھئے غضاہ)
بخیل لئیم۔ وہ شخص جو بخل کی وجہ سے جوئے میں شریک نہ ہو۔ ج ابرام۔
البُرْمَة: پتھر کی ہانڈی۔ ج بُرَم و بِرَام۔
البَرِم: بداخلاق لوگ۔
البِرَام: چیچڑی۔ ج اَبْرِمه۔
البَرَّام۔ رسّی بٹنے والا۔
البَرِیْم و البِرَام: دھاگا۔ ہر وہ چیز جو بٹی جائے۔ بٹی ہوئی رسّی۔ البریم۔ لشکر۔
البَرِیمَة: سوراخ کرنے کا اوزار۔ برما۔
المِبْرَم۔ تکلا۔ ج مَبَارِم۔
المُبْرَم۔ منع قضاء مُبْرَم: اٹل فیصلہ۔
البِرْمِیل۔ پیپا۔ ج بَرَامِیل۔ (جدید)
البَرْنَامَج۔ سیزانیہ۔ بجٹ (جدید)
بَرْنَسَة: برنس پہنانا۔
تَبَرْنَسَ۔ برنس پہننا۔

البُرْنُس: وہ لمبی ٹوپی جو عرب میں پہنی جاتی تھی۔ وہ لباس جس کا کچھ حصّہ ٹوپی کی جگہ کام دے۔
البُرْنَیْطَة: انگریزی ٹوپی۔ ہیٹ (جدید)
البَرْنِیَّة: مٹی کا برتن۔ ج بَرَانِیُّ۔
بَرِهَ (س) بَرَهًا۔ بیماری کے بعد جسم کا اصلی حالت پر آنا۔ صفت (اَبْرَهُ) مؤنث (بَرْهَاء) ج بُرْه۔
اَبْرَهَ۔ دلیل لانا۔
البُرْهَة و البَرْهَة: عرصہ۔ زمانے کا ایک حصّہ۔ ج بُرَه و بُرُهَات۔
البَرَاهِمَة: ہندوؤں کی ایک ذات ____ مفرد (بَرْهَمَن)
بَرْهَنَ۔ الشَّيْءَ و عَلَیْهِ و عَنْهُ: دلیل قائم کرنا۔
تَبَرْهَنَ: دلیل سے ثابت ہونا۔
البُرْهَان: دلیل۔ ج بَرَاهِین۔
اَلْبُرْوَاز: چوکھٹا (جدید) اس کے لیے فصیح لفظ کفاف اور اطار ہے۔
البَرْوَاق و البَرْوَق: ایک قسم کی گھاس جو محض بادل ہی سے سرسبز ہو جاتی ہے اور اسی وجہ سے مثل ہے "اَشْکَرُ مِنْ بَرْوَقَة" یعنی وہ تھوڑی چیز کا بھی شکریہ ادا کرتا ہے۔
بَرَا (ن) بَرْوًا و اَبْرَی اِبْرَاءً۔ النَّاقَةَ: اونٹنی کی ناک میں حلقہ ڈالنا۔
البُرَة: حلقہ (خواہ کنگن ہو یا بالی یا پازیب) ج بُرًی و بُرَات و بُرُوْن و بِرِیْن۔ کہا جاتا ہے "اَعْطَتْهُ الدُّنْیا اَبْرَتَهَا" یعنی دنیا اس کے ہاتھ میں آگئی ہے۔
بَرَیَ (ض) بَرْیًا و ابْتَرَی۔ السَّهْمَ اَوِ الْقَلَمَ: تیر یا قلم تراشنا۔ صفت مفعولی (بَرِیٌّ و مَبْرِیٌّ)
____ الشَّخْصَ: دبلا کرنا۔ کمزور کرنا۔
بَارَیَ۔ اَلرَّجُلَ: آگے بڑھنے کی کوشش کرنا
____ اِمْرَأَةَ: فراق کی شرط پر صلح کرنا۔
اَبْرَیَ۔ مٹی لگنا۔
تَبَارَیَا: باہم آگے بڑھنے میں مقابلہ کرنا۔
تَبَرَّیَ۔ لِمَعْرُوْفِهِ: بھلائی کے درپے ہونا۔
اِنْبَرَیَ: تراشا جانا ____ لَهُ: پیش آنا۔
اَلْبَرَی: مٹی۔
البَارِي۔ فا۔ پیدا کرنے والا۔ اللہ تعالیٰ کے اسماء حسنیٰ میں سے ہے۔ تیر کا تراشنے والا۔ امثال عرب میں سے "اَعْطِ الْقَوْسَ بَارِیَهَا" کمان تراشنے والے کو دو۔ یعنی کام اس شخص کے سپرد کرو جو اس کی اہلیت رکھتا ہو۔
البُرَایَة و البُرَاء: تراشہ۔ چھیلن۔
البَرِیَّة: مخلوق۔ ج بَرَایَا۔
اَلْاِبْرِیَة و التِّبْرِیَة: سر کی بھوسی جو کنگھی کرتے وقت گرے۔
البَرَّاءَة و المِبْرَاء و المِبْرَاة: چاقو۔ تراشنے کا اوزار۔
بَزَّهُ (ن) بَزًّا و بِزِّیْزَی۔ چھیننا۔ غالب ہونا ____ الشَّيْءَ مِنْهُ: زبردستی لے لینا۔
اِبْتَزَّ۔ مِنْهُ الشَّيْءَ: زبردستی چھین لینا۔
البَزُّ: کتاں یا روئی کے کپڑے۔ ہتھیار۔ ج بُزُوْز۔
البِزَّة: کپڑے۔ ہتھیار۔ ہیئت۔
البَزَّاز۔ پارچہ فروش۔
البِزَازَة: پارچہ فروشی۔
البَزَابُوْرط: پاسپورٹ (جدید) پروانہ راہداری۔ اس کے لیے فصیح لفظ الجَوَازُ ہے۔
بَزْبَزَ: تیز چلنا۔ سخت ہانکنا۔ بھاگنا۔ بہت حرکت کرنا۔
البَزْبَاز: بھٹی کے سرے پر لوہے کی جوفدار سلاخ۔
بَزَجَ (ن) بَزْجًا۔ فخر کرنے میں مقابلہ کرنا ____ عَلَیَّ فُلَانًا: بھڑکانا۔ اکسانا۔ برانگیختہ کرنا۔
بَزَّجَهُ: آراستہ کرنا۔ خوبصورت بنانا۔
بَازَجَهُ: فخر کرنے میں مقابلہ کرنا۔
تَبَازَجَا: باہم فخر کرنا۔
بَزِخَ (س) بَزَخًا: نکلے ہوئے سینہ اور دھنسی ہوئی پیٹھ والا ہونا۔ صفت (اَبْزَخ) مؤنث (بَزْخَاء) ج بُزْخ۔
بَزَخَ (ف) بَزْخًا۔ ظَهْرَهُ بِالْعَصَاءِ: لاٹھی سے پشت پر مارنا ____ فُلَانًا: رسوا کرنا۔
تَبَازَخَ۔ عَنِ الْاَمْرِ: پیچھے ہٹنا۔ نکلے ہوئے سینہ اور دھنسی ہوئی پیٹھ والے کی طرح چلنا یا بیٹھنا۔
تَبَازَخَتِ الْمَرْأَةُ: بڑے سرین والی ہونا۔
بَزَخَ۔ لَهُ: فروتنی کرنا۔
بَزَرَ (ض) بَزْرًا۔ الْحُبُوْبَ: بونا۔ بیج چھینٹنا (____ و بَزَّرَ) الْقِدْرَ: مسالہ ڈالنا۔ بَزَرَ الْاِنَاءَ:

بھرنا۔ کہتے ہیں "فُلَانٌ بَزَرَ کَلَامَہ وَتَوْبَلَہٗ" فلاں نے اپنی گفتگو میں نمک مرچ ملاتا۔
اَلْبِزْر۔ بیج۔ تخم۔ واحد (بِزْرَۃ) ج بُزُوْر۔ مسالہ۔ ج اَبْزَار۔ ج اَبَازِیْر کہتے ہیں "مِثْلِی لَا یَخْفٰی عَلَیْہِ اَبَازِیْرُکَ" یعنی مجھ جیسے پر تمہاری گھیں پوشیدہ نہیں رہ سکتیں۔ البَزْر: رینٹ۔
اَلْمَرْأَۃُ الْبَزْرَاءُ: بہت اولاد والی عورت۔
البَزَّار: بیج اور مسالہ کا بیچنے والا۔
اَلْبِیْزَر: سِل کا بٹہ۔ دھوبی کا تختہ (___ والمِبْزَر): دھوبی کی موگری۔
اَلْبَیْزَار: باز پالنے والا۔ کاشتکار۔ ج بیازرۃ (معرب)
بَزَعَ (ک) بَزَاعَۃً۔ الغُلَامُ: خوش طبع ذکی اور چست ہونا۔ صفت (بَزِیع) مؤنث (بَزِیْعَۃ)
تَبَزَّعَ۔ الْغُلَامُ: چست و پھرتیلا ہونا۔ الشرُّ: شروفتنہ کا بھڑکنا۔
البَزَّاع: بغیر جھجک کے گفتگو کرنے والا لڑکا (___ والبَزِیْعُ) من الغِلْمَانِ: تیز خاطر۔ چرب زبان لڑکا۔ اَلْبَزِیْعُ: شریف آدمی۔
بَزَغَتْ (ن) بَزْغًا و بُزُوغًا۔ الشَّمْسُ: طلوع ہونا۔ بَزَغَ الْحَاجِمُ: نشتر لگانا دَمَہ: خون بہانا۔
اِبْتَزَغَ: الرَّبِیْعُ: فصل بہار کا شروع ہونا۔
نُجُوْمٌ (بَوَازِغ) طلوع ہونے والے ستارے۔
اَلْمِبْزَغُ: نشتر۔
بَزَقَ (ن) بَزْقًا۔ تھوکنا ___ الْاَرْضَ: بونا۔
اَلْبُزَاق: تھوک۔
البَزَّاق: ایک قسم کا گھونگا۔ واحد۔ بَزَّاقَۃ
بَزَلَ (ن) بَزْلًا و بَزَّلَ۔ الشَّیْءَ: سوراخ کرنا۔ الشَّرَابَ: صاف کرنا۔ بَزَلَ الْاَمْرَ: کسی کام کو کر گزرنا۔ رَایَہٗ: کوئی نئی رائے پیش کرنا۔ کسی رائے پر جم جانا۔
بَزَلَ (ن) بُزُوْلًا۔ البَعِیْرُ: اونٹ کا جوان ہونا ___ نَابُ الْبَعِیْرِ: کچلی کا نکلنا۔ صفت مذکر و مؤنث (بَازِل) ج بَوَازِل و بُزَّل و بُزُل۔
تَبَزَّلَ وَابْتَزَلَ: سوراخ ہونا۔
تَبَزَّلَ وابْتَزَلَ: الْخَمْرَ: شراب کے برتن میں سوراخ کرنا ___ الجَسَدُ: جسم سے خون ٹپکنا۔
___ السِّقَاءُ: مشک کا ٹپکنا ___
اِسْتَبْزَلَ: الشَّیْءَ: کھولنا ___ الْخَمْرَ: صاف کرنا۔
البِزْل۔ تختی۔
البُزْلَ: ایک قسم کا پہاڑی بکرا۔
البِزَال: برما۔ سوراخ کرنے کا اوزار۔
البُزَال: شراب کے مٹکے کا سوراخ۔
البَازِل: اونٹ کی کچلیوں کا دانت۔ تجربہ کار مرد۔ کہتے ہیں "رُمِیَ بِاَشْهَبِ بَازِلٍ" وہ دشوار معاملہ میں پھنس گیا۔
البَزْلَاءُ: بڑی مصیبت۔ عمدہ رائے۔ کہا جاتا ہے "اِمْرَأَۃٌ بَزْلَاءُ الرَّأْيِ" عمدہ رائے والی عورت۔ "وخُطَّۃ بَزْلَاءُ" صاف و واضح طریق کار۔
المِبْزَل: شراب صاف کرنے کا آلہ۔ سوراخ کرنے کا اوزار۔
رَجُلٌ (بِنْزَلَۃ و بِنْزِیْلَۃ): مرد کوتاہ قامت۔
بَزَمَ (ن ض) بَزْمًا۔ عَلَیْہِ: اگلے دانتوں سے کاٹنا ___ بِالشَّیْءِ: اٹھانا ___ فُلَانًا ثَوْبَہٗ: چھین لینا ___ النَّاقَۃَ: انگوٹھے اور شہادت کی انگلی سے دوہنا ___ وتر القوس: کمان کے تانت کو انگوٹھے اور شہادت کی انگلی سے پکڑ کر تیر چلانا۔
البَزِیْم: ساگ یا ترکاری وغیرہ کا مٹھا باندھنے کے لیے پتے یا چھلکا۔
المِبْزَم: دانت۔
بَزْمَخَ بَزْمَخَۃً: تکبر کرنا۔
بَزَا (ن) بَزْوًا۔ عَلَیْہِ: دراز دستی کرنا (بَزَاہ وابْزَاہُ وابْزَی بِہٖ) غالب آنا (بَزَا و بَزِی یَبْزَی بَزًا واَبْزَی اِبْزَاءً) نکلے ہوئے سینے اور دھنسی ہوئی پیٹھ والا ہونا صفت (اَبْزَی) مؤنث بَزْوَاءُ۔
تَبَازَی: باز کے مشابہ ہونا۔ سرین اٹھا کر ہلاتے ہوئے چلنا۔
البَزْو: مثل و نظیر
البَزِیُّ: دودھ پیتا بچہ۔ کہا جاتا ہے "هُوَ بَزِیِّیْ" وہ میرا دودھ شریک بھائی ہے۔
البَزَّاء: ڈینگ۔
البَازُ والبَازِی: باز۔
بَسَّ (ن) بَسًّا واَبَسَّ۔ الْاِبِلَ: آہستہ آہستہ ہانکنا اور بس بس کہنا۔ "بَسَّ الْمَالَ فِی الْبِلَادِ" ملک میں مال کا پھیلا دینا۔ "بَسَّ السَّوِیْقَ": گھی یا زیتون کے تیل میں ستو ملانا ___ القَوْمَ عَنْہُ دھتکارنا۔ "واَبَسَّ بِالنَّاقَۃِ": دوہنے کے لیے چمکارنا۔
اِنْبَسَّ۔ زمین پر پانی کا بہنا۔ الگ ہٹنا۔
البَسُّ والبِسُّ۔ بلا۔ گوشش۔ ج بِسَاس
البَسِیْس: تھوڑا کھانا۔
البَسِیْسَۃ: گھی یا زیتون کے تیل میں ملا ہوا ستو یا آٹا۔
البَسُوْس: اونٹنی جو بغیر بس بس کہے ہوئے دودھ نہ دے۔ ج بُسُس۔
بِسْ بِسْ وبُسْ بُسْ: بکریوں، اونٹوں، بلیوں کے بلانے یا ڈانٹنے کے لیے کلمہ۔
بَسْبَسَ: بِالْغَنَمِ اَوِ الْاِبِلِ: بس بس کہہ کے بلانا ___ بِہٖ: کسی سے بس کہنا۔
البَسْبَس: بیابان، بے گھاس پانی والی زمین۔ ج بَسَابِس۔ تُرَّهَاتُ الْبَسَابِسِ والتُّرهاتُ
البَسَابِس: جھوٹی اور باطل باتیں۔
البُسْتَان: باغ۔ ج بَسَاتِین۔ (جدید)
البُسْتَانِی: باغ والا۔ باغبان۔ البُسْتَانِیُّ مِنَ النَّبَاتِ: لگائے ہوئے پودے۔
بَسَتَ (ن) بَسْتًا۔ چلنا۔ کشادہ قدم رکھنا۔ دوڑنے میں سبقت کرنا۔
البُسْتَق۔ خادم۔
البُسْتُوقَۃ: مٹی کا مرتبان۔
بَسَرَہٗ (ن) بَسْرًا۔ جلدی کرانا۔ مغلوب کرنا (___ واَبْسَرَ) القَرْحَۃَ: نچوڑ کر باندھنا ___ الحَاجَۃَ: بے وقت طلب کرنا ___ النَّخْلَۃَ: درخت خرما میں قبل از وقت پیوند لگانا ___ النَّبَاتَ: تر گھاس چرانا۔ واَبْسَرَ النَّخْلُ: گدر کھجور والا ہونا۔
بَسَرَ (ن) بَسْرًا وبُسُوْرًا: ترش رو ہونا۔ صفت (بَاسِر) اور اسی وجہ سے شیر کو (البَسُوْر) کہا جاتا ہے۔
تَبَسَّرَ وابْتَسَرَ۔ الْحَاجَۃَ: بے وقت طلب کرنا۔ اِبْتَسَرَ بِالْاَمْرِ: شروع کرنا ___ الشَّیْءَ: تازہ لینا۔ اُبْتُسِرَ لَوْنُہٗ: بدل جانا۔
البُسْر: ٹھنڈا پانی۔ کہا جاتا ہے "وَجْہٌ بُسْرٌ"

تیوری چڑھا ہوا چہرہ۔
البُسْر : تازہ چیز۔ گدر کھجور۔ واحد بُسْرَۃ ج بِسَارٌ۔ البُسْرَۃ : طلوع کے وقت کا آفتاب۔
البَاسُوْرُ ج بَوَاسِیْرُ : بواسیر کی بیماری۔
المَبْسُوْر : بواسیر کی بیماری والا۔
المُبْسِرَات : ہوائیں جن کا چلنا بارش کی علامت ہو۔
بَسَطَ (ن) بَسْطًا۔ الثَّوْبَ : پھیلانا ___ الرَّجُلَ کسی کا دل بڑھانا ___ الیَدَ : ہاتھ کشادہ کرنا ___ العُذْرَ : عذر ظاہر کرنا یا قبول کرنا ___ المَکَانُ القَوْمَ : وسیع ہونا ___ فُلَانًا عَلَیْہِ : فضیلت دینا ___ السَّیْفَ : تلوار سونتنا۔
بَسُطَ (ک) بَسَاطَۃً : بسیط ہونا۔ پُرمذاق ہونا۔
بَسَّطَ۔ الثَّوْبَ : پھیلانا۔
بَاسَطَہٗ : کسی سے کھل کر باتیں کرنا۔
تَبَسَّطَ و انْبَسَطَ : پھیلنا۔ دراز ہونا۔ بے تکلف ہو جانا۔ سیر و تفریح کرنا۔
البَاسِط : قا۔ اللہ تعالیٰ کے اسمائے حسنیٰ میں سے ہے۔
البَاسِطَۃُ : دور کی مسافت۔
یَدٌ بَسْطٌ و بُسُطٌ : کھلا ہوا ہاتھ۔
البَسْطَۃُ : وسعت۔ دسترس۔ کمال۔
بَسْطَۃُ العَیْشِ : فراخی زندگانی۔
البِسَاطُ : بچھونا۔ فرش۔ ج بُسُط۔
البَسَاطُ : کشادہ زمین۔
البَسِیْط۔ مفرد۔ کشادہ زمین۔ ہر پُرمذاق۔ بسیط الوجہ : کشادہ رو۔ ہنس مکھ۔
بَسِیْطُ الیَدَیْنِ : فیاض۔ سخی۔ ج بُسَطَاء۔
اَلبَسِیْطَۃ : زمین۔ زمین کا ہموار حصہ۔
بَسَقَ (ن) بَسْقًا۔ تھوکنا۔
بَسَقَ (ن) بُسُوْقًا۔ النَّخلُ : لمبے تنے اور لمبی ٹہنیوں والا ہونا۔ صفت (بَاسِق) ___ اَصْحَابَہٗ وَعَلٰی اَصْحَابِہٖ : فضیلت میں بڑھ جانا ___ فِی عِلْمِہٖ : ماہر ہونا۔
بَسَّقَہٗ : لمبا کرنا۔
تَبَسَّقَ : لمبا ہونا۔
البَاسِقَۃُ : مؤنث۔ سفید صاف رنگ کا بادل۔

مصیبت۔ ج بَوَاسِق ___ و بَوَاسِقُ السَّحَابِ : ابتدائی بادل۔
بَسُلَ (ک) بَسَالًا و بَسَالَۃً : بہادر ہونا صفت (بَسِیْلٌ و بَاسِلٌ ج بُسْلٌ و بُسَلَاءُ و بُسُلٌ)۔
بَسَلَ (ن) بُسُوْلًا۔ الرَّجُلُ : غصہ یا بہادری سے تیوری چڑھانا۔ صفت (بَسْلٌ و بَسِیْلٌ) ___ النَّبِیْذُ : نبیذ کا تیز ہونا ___ اللَّحْمُ : گوشت کا بدبودار ہونا۔
بَسَلَہٗ (ن) بَسْلًا۔ ملامت کرنا۔ حلال کرنا۔ جائز کرنا ___ عَنْ حَاجَتِہٖ : منع کرنا۔ روکنا۔
اَبْسَلَہٗ : ہلاکت کے لیے چھوڑ دینا۔ رہن رکھنا ___ اللہُ الشَّیْءَ : حرام کرنا ___ ہٗ لِکَذَا : پیش کرنا اَبْسَلَ نَفْسَہٗ لِلْمَوْتِ : مرنے کے لیے تیار ہو جانا۔
بَسَّلَہٗ : ناپسندیدہ بنا دینا۔ (بَسَّلَ وَ اِبْتَسَلَ) نَفْسَہٗ لِلْمَوْتِ : اپنے آپ کو موت کے لیے پیش کر دینا۔
بَاسَلَہٗ : لڑائی میں حملہ کرنا۔
تَبَسَّلَ : غصہ یا بہادری سے تیوری چڑھانا۔
اِسْتَبْسَلَ : مرنے یا مارنے کے لیے جنگ میں کود پڑنا۔
البَسْلُ : سخی۔ حلال۔ حرام (واحد جمع مذکر و مؤنث مساوی ہیں) کہا جاتا ہے۔ "ھٰذَا بَسْلٌ عَلَیْکَ" یہ تمہارے اوپر حرام ہے۔ اور کہا جاتا ہے "بَسْلًا لَہٗ" اس کے لیے خرابی ہو۔
البَاسِلُ : شیر۔ ج بَوَاسِل۔ اور کہا جاتا ہے "یَوْمٌ بَاسِلٌ" سخت دن۔ "وغَضَبٌ بَاسِلٌ" تیز غصہ۔
البَسُوْلُ : شیر۔
البَسَالَۃُ : دلیری۔ بہادری۔ کراہت۔
اَلبِسِلّٰی : ایک قسم کی نباتات۔
البَسِیْلُ : حرام۔ مکروہ چہرہ والا۔ برتن میں شراب کا بقیہ۔
البَسِیْلَۃ : سخی۔ کسی چیز کا بقیہ۔
البُسْلَۃ : افسوں کرنے والے کی اُجرت۔
بَسَمَ (ض) بَسْمًا و تَبَسَّمَ و ابْتَسَمَ : مسکرانا۔ صفت (بَاسِمٌ و مُبْتَسِمٌ)
المَبْسِم : دانت۔ ج مَبَاسِم۔
البَسَّام و المِبْسَام : بہت مسکرانے والا۔
بَسْمَلَ۔ بسم اللہ کہنا۔

اَبْسَنَ۔ خوش رنگ و خوش وضع ہونا۔
البَاسِنَۃ۔ کاریگروں کے آلات۔ ہل کا پھار۔ ج بَاسِن۔
بَشَّ (س) بَشًّا و بَشَاشَۃً : ہنس مکھ ہونا۔ کشادہ رو ہونا ___ لِلشَّیْءِ : کسی چیز کو دیکھ کر بشاشت ظاہر کرنا ___ بِالصَّدِیْقِ : دوست کو دیکھ کر خوش ہونا۔ صفت (بَشٌّ و بَاشٌّ و بَشُوْشٌ و بشَاشٌ)
اَبَشَّتِ : الاَرْضُ : نباتات کا آپس میں گتھ جانا۔
بَشْبَشَ۔ الرَّجُلُ : بشاشت ظاہر کرنا۔
تَبَشْبَشَ۔ بِہٖ : کسی سے کشادہ روئی سے پیش آنا۔
البِشْتَخْتَۃ۔ چھوٹا صندوق۔
بَشَرَ (ن) بَشْرًا۔ الجِلْدَ : چمڑا چھیل دینا ___ الشَّارِبَ : مونچھ مونڈ کر کھال ظاہر کر دینا ___ الجَرَادُ الاَرْضَ : ٹڈی کا سب کچھ کھا جانا۔
بَشِرَ (ض) و بَشَرَ (س) و اَبْشَرَ و اِسْتَبْشَرَ بِہٖ : خوش ہونا۔ اَبْشَرَتِ الاَرْضُ : اکھوا نکالنا۔ کہا جاتا ہے۔ "بَشَرَنِی بِوَجْہٍ حَسَنٍ" وہ مجھ سے کشادہ روئی سے ملا۔
بَشَّرَہٗ : خوش کرنا۔ خوشخبری دینا۔
اَبْشَرَ : فُلَانًا : خوشخبری دینا۔ خوش ہونا۔ قرآن میں ہے ﴿وَاَبْشِرُوْا بِالْجَنَّۃِ الَّتِیْ کُنْتُمْ تُوْعَدُوْنَ﴾ ___ الاَمْرُ وَجْہَہٗ : حسین پُر رونق بنا دینا ___ الشَّیْءَ : چھیلنا۔
بَاشَرَ۔ الاَمْرَ : کسی کام کو خود کرنا۔ بَاشَرَہٗ النَّعِیْمُ : نعمتوں میں پلنا ___ المَرْأَۃَ : جماع کرنا۔
تَبَاشَرُوْا۔ بِالاَمْرِ : ایک دوسرے کو خوش خبری دینا۔
البِشْر : چہرہ کی رونق۔ کشادہ روئی۔
البَشِیْر : خوش خبری دینے والا۔ ج بُشَرَاء۔
البَشَارَۃ : حسن و جمال۔
البُشَارَۃ : کھال کا تراشہ۔ ہدیہ جو خوشخبری دینے والے کو دیا جائے۔
اَلبِشَارَۃ : خوشخبری۔ ج بَشَارَات و بَشَائِر۔

بَشَائِرُ الْوَجْهِ: چہرہ کی خوبیاں۔ بَشَائِرُ الصُّبْحِ: آغازِ صبح۔

الْبُشَار: کمینہ آدمی۔

الْبَشَر: انسان (مذکر، مؤنث، واحد، جمع) اَبُو الْبَشَر: حضرت آدم نبینا وعلیہ الصلوٰۃ والسلام کی کنیت۔

الْبَشَرَة: کھال کا اوپر کا حصہ، ساگ گھاس۔ ج بَشَر۔

التَّبَاشِير: خوش خبری۔ ہر چیز کی ابتداء۔

الْبُشْرٰی: خوشخبری۔

الْمُبَشِّرَات: بارش کی اُمید دلانے والی ہوائیں۔

بَشِعَ (س) بَشَعًا و بَشَاعَةً۔ الشَّیْءُ: بدمزہ ہونا ___ الْمَرْءُ: زشت رو ہونا ___ فُلَانٌ بِالْاَمْرِ: ضیق میں ہونا۔

تَبَشَّعَ: بے مزہ ہونا، بد صورت ہونا۔ ناپسندیدگی ظاہر کرنا۔

اِسْتَبْشَعَهُ: بے مزہ سمجھنا۔

بَشَقَهُ (ض) وَبَشِقَهُ (س) بَشْقًا بِالْعَصَاءِ: لاٹھی سے مارنا۔

الْبَاشَق: ایک شکاری پرندہ۔ ج بَوَاشِق

بَشَكَ (ن ض) بَشْكًا: جلدی کرنا۔ الْخَبَرَ: گھڑنا ___ الثَّوْبَ: دور دور سینا ___ فِي عَمَلِهِ: بُرے طریقہ سے کرنا۔

اِبْتَشَكَ: جھوٹ بولنا ___ الْكَلَامَ: گھڑ لینا۔

الْبَشَّاك: بڑا جھوٹا۔

بَشِمَ (س) بَشَمًا۔ مِنَ الطَّعَامِ: بدہضمی ہونا ___ مِنَ الشَّیْءِ: اُکتا جانا۔ صفت (بَشِمٌ)

الْبَشَام: ایک خوشبودار درخت کا نام جس کی لکڑی سے خلال بناتے ہیں۔ واحد اس کا بَشَامَة ہے اور دوا فروش اس کے بیج کو حَبُّ الْبَلَسَان کہتے ہیں۔

بَصَّ (ض) بَصِيصًا و بَصًّا۔ چمکنا۔ روشن ہونا ___ الْمَاءُ: رسنا۔ کہا جاتا ہے "بَصَّ لِيْ بِيَسِيْرٍ" اس نے مجھے تھوڑا دیا۔

بَصَّصَ: الْجَرْوُ: پلے کا آنکھیں کھولنا ___ الْاَرْضُ: اکھوا نکلنا ___ الشَّجَرَةُ: کونپل نکلنا۔

الْبَصَّاصَة: آنکھ۔

الْبَصِيص: چمک۔ کپکپی۔ اور اسی سے ہے "اَفْلَتَ وَلَهُ بَصِيصٌ"

بَصْبَصَ بَصْبَصَةً۔ بمعنی بَصَّصَ۔ (___ و تبصبص) الْكَلْبُ: دُم ہلانا ___ فُلَانٌ: چاپلوسی کرنا۔

بَصُرَ (ک) بَصِرَ۔ (س) بَصَرًا و بَصَارَةً وَبِهِ: جاننا۔ دیکھنا۔

بَصَرَ (ن) بَصْرًا الشَّیْءَ: کاٹنا۔

بَصَّرَ۔ هُ الْاَمْرَ: پہنچوانا۔ معلوم کرانا۔ وبَصَّرَ: بصرہ میں آنا ___ الجروُ: پلے کا آنکھیں کھولنا۔

بَاصَرَ۔ الشَّیْءَ: دور سے جھانک کر دیکھنا۔ دیکھنے میں مقابلہ کرنا۔

اَبْصَرَه: دیکھنا۔ بینا بنانا ___ الرَّجُلُ: بصرہ میں آنا۔ اَبْصَرَ الطَّرِيْقُ: واضح ونمایاں ہونا۔

تَبَصَّرَ۔ الشَّیْءَ: غور سے دیکھنا ___ فِي الشَّیْءِ: سوچنا، غور کرنا۔

تَبَاصَرُوْا: کسی چیز کو پہلے دیکھ لینے میں مقابلہ کرنا۔

اِسْتَبْصَرَ۔ الْاَمْرُ: ظاہر ہونا ___ الْاَمْرَ: ظاہر کرنا۔ اچھی طرح دیکھنا ___ فِيْهِ: سوچنا۔ غور کرنا۔

الْبَصَر: دیکھنے کی قوت۔ آنکھ۔ علم۔ ج ابصار ___ کہا جاتا ہے "اَتَيْتُهُ بَيْنَ سَمْعِ الْاَرْضِ وَبَصَرِهَا" میں اس کے پاس اس وقت پہنچا جبکہ کوئی نہیں تھا صرف زمین ہی دیکھنے والی سننے والی تھی۔

الْبَصْرَة: ایک شہر کا نام جو باہم ملے جلے دریائے دجلہ و فرات کے مغربی کنارہ پر واقع ہے۔

الْبَصْرَتَان: بصرہ وکوفہ۔ و الْبَصْرَة: سخت زمین۔ لیس دار مٹی جس میں کنکریاں بھی ہوں۔ ج بِصَار۔

الْبَصِيْر: دانا۔ بینا۔ ج بُصَرَاء۔

الْبَصِيْرَة: عقل۔ زیرکی۔ دانائی۔ عبرت۔ شاہد۔ حجت۔ کہا جاتا ہے "جَوَارِحُهُ بَصِيْرَةٌ عَلَيْهِ" اس کے اعضاء اس کے اوپر گواہ ہیں۔ و فِرَاسَةٌ ذَاتُ بَصِيْرَةٍ: سچی فراست۔

الْبَاصِرَة: آنکھ۔ ج بَوَاصِر۔ کہتے ہیں "خَيْرُ الْعَشَاءِ بَوَاصِرُهُ" بہترین کھانا وہ ہے جو تاریکی سے پہلے کھالیا جائے۔

الْبَاصِر: چھوٹا گول پالان۔ ج بَوَاصِر۔

الْبُصْر: کنارہ۔ روئی۔ چھال۔ بُصْرُ كُلِّ شَیْءٍ: موٹائی۔ حدیث میں ہے "بُصْرُ كُلِّ سَمَاءٍ مَسِيْرَةُ خَمْسِمِائَةِ عَامٍ" ہر آسمان کی موٹائی پانچ سو برس کی مسافت کے برابر ہے۔

الْبِصْر: نرم سفید پتھر۔

الْمَبْصَر وَالْمَبْصَرَة: واضح روشن دلیل۔

الْمُبْصِر: نگہبان۔ کہا جاتا ہے "رَتَّبْتُ عَلٰى بُسْتَانِيْ مُبْصِرًا" میں نے اپنے باغ کے لیے ایک نگہبان مقرر کیا۔

بَصَعَهُ (ف) بَصْعًا۔ جمع کرنا ___ الْمَاءُ: پانی بہنا یا رسنا۔

الْبِصْع: رات کا کچھ حصہ۔

الْبَصْع: بے وقوف۔ انگشت شہادت اور بیچ والی انگلی کے درمیان کا فاصلہ۔

الْبَصِيْع: پسینہ جو جسم سے ٹپک رہا ہو۔ ج بُصْع۔

الْاَبْصَع: بے وقوف۔ اس کو تاکید کے موقعہ پر بھی استعمال کرتے ہیں کہتے ہیں "اَخَذْتُ حَقِّيْ اَجْمَعَ اَبْصَعَ" مؤنث (بَصْعَاء) ج اَبْصَعُوْنَ و بُصَعُ ___ اور اس کو اجمع پر مقدم نہیں کرتے۔

بَصَقَ (ن) بَصْقًا۔ تھوکنا ___ الشَّاةُ: حاملہ بکری کو دوہنا۔

الْبُصَاق: تھوک۔ اور جب تک منہ میں ہو اس کو ریق کہتے ہیں۔

الْبَصْقَة: بلند سنگلاخ زمین۔ ج بِصَاق۔

بَصَّلَهُ و تَبَصَّلَهُ۔ مِنْ ثِيَابِهِ: ننگا کرنا۔

تَبَصَّلَ۔ الْقِشْرُ: چھلکے کا موٹا ہونا۔

الْبَصَل: پیاز۔ واحد بَصَلَة۔ الْبَصَلَة: لوہے کا خود، اور اسی سے ہے "خَرَجُوْا كَاَنَّهُمُ الْاَصَلُ وَعَلٰى رُؤُوْسِهِمُ الْبَصَلُ" وہ لوگ نکلے گویا کہ ڈسنے والے سانپ ہیں اور ان کے سروں پر خود ہیں۔ اس قول میں اصل: جمع اَصَلَة کی ہے جو ایک قسم کا زہریلا سانپ ہے۔

بَصَلُ الفَارِ : جنگلی پیاز- عوام اس کو بِصَّيْلَة کہتے ہیں-

بَصَم (ن) بَصْمًا- القُمَاشَ : سامان پر علامت لگانا-

البُصْم : خنصر اور بنصر کے درمیان کا فاصلہ-

ثَوْبٌ ذُوْبُصْمٍ : موٹا غف کپڑا-

رَجُلٌ ذُوْبصْمٍ : موٹا مرد-

البُصْمَة : علامت-

البُصَان والبُصَّان : ماہ ربیع الآخر ــــ ج بُصَانَات وابْصنَة-

بَصَا (ن) بَصْوًا- غَرِيمَه : قرضدار سے سب کچھ لے لینا-

البَصْوَة : چنگاری- انگارہ-

بَضَّ (ض- س) بَضَاضَةً و بَضُوضَةً : موٹاپے کے ساتھ پتلے اور نرم چمڑے والا ہونا- صفت (بَضٌّ وبَاضٌّ وَبَضِيْضٌ) مؤنث بضَّةٌ وَبَاضَّةٌ وَبَضِيْضَةٌ-

بَضَّ (ض) بَضًّا وبُضُوضًا وَبَضِيْضًا- الْمَاءُ : تھوڑا تھوڑا بہنا ــــ الحَجَرُ : پانی رسنا بخیل کے لیے کہا جاتا ہے "فُلَانٌ مايَبِضُّ حَجَرُه" یعنی فلاں کے خیر کو حاصل نہیں کیا جا سکتا ــــ العينُ : آنسو نکلنا ــــ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ مَاتَبِضُّ عَيْنُهُ" فلاں کی آنکھوں سے آنسو نہیں نکلتا- یعنی وہ مصیبتوں پر صبر کرنے والا ہے ــــ "اَوْتَارَ العُوْدِ" بجانے کے لیے چھیڑنا-

ــــ لَهُ : دینا-

بَضَضًا وبُضَاضَةً : تھوڑا دینا یا تھوڑا پانی دینا-

اَبَضَّ- لَهُ : تھوڑی سی چیز دینا-

بَضَّضَ تَبْضِيْضًا : ناز و نعمت کی زندگی بسر کرنا-

اِبْتَضَّ- الْقَوْمَ : ساری قوم کو تباہ کر دینا-

تَبَضَّضَ- فُلَانًا : سب کچھ لے لینا- حَقَّهُ مِنْ فُلَانٍ : تھوڑا تھوڑا کر کے وصول کرنا-

بِئْرٌ (بَضُوْضٌ) : کم پانی والا کنواں- ج بِضَاضٌ-

البَضَضُ والبُضَاضَة : تھوڑا پانی-

البَضُّ : موٹائی کے ساتھ نرم جسم اور پتلی کھال والا- مؤنث بَضَّة- البَضُّ والبَضَّةُ : کھٹا دودھ-

البَضِيْضَة : جو کچھ کسی کے قبضہ میں ہو ــــ کہا جاتا ہے "اَخْرَجْتُ لَهُ بَضِيْضَتِیْ" میں نے اپنی تمام مملوکہ چیزیں اسے دیدیں-

البَضَرَة : رائیگاں- اور اسی سے ہے- "ذَهَبَ دَمُه بِضْرًا مِضْرًا" : اس کا خون رائیگاں گیا-

بَضَعَ (ف) بَضْعًا وبَضَّعَ- الشَّئَ : کاٹنا- چیرنا- نشتر لگانا-

بَضَعَ (ف) بُضُوْعًا- الْكَلَامَ : سمجھنا ــــ الْكَلَامُ : واضح ہونا ــــ مِنْ فُلَانٍ : اکتا جانا- تنگ دل ہونا-

اَبْضَعَهُ- الكَلَامَ : واضح طور سے بیان کرنا-

اَبْضَع الشَّئَ : سرمایہ بنانا ــــ المرأةَ : نکاح کرنا- المَاءُ فُلَانًا : سیراب کرنا-

تَبَضَّعَ واِسْتَبْضَعَ : سرمایہ لینا ــــ الشَّئَ : سرمایہ بنانا- تَبَضَّعَ العَرَقُ : پسینہ کا تھوڑا تھوڑا بہنا- اِسْتَبْضَعَ الرَّجُلَ الشَّئَ : کسی کے لیے سرمایہ بنانا-

اِنْبَضَعَ : کٹنا- چیرا جانا- شگاف دیا جانا-

بَاضَعَ مُبَاضَعَةً وبِضَاعًا- الْمَرْأَةَ : جماع کرنا-

اَلْبَاضِع : لوگوں کے سامان کو اٹھانے والا شمشیر بُراں-

اَلْمِبْضَع- : نشتر- ج مَبَاضِع-

اَلْاَبْضَعُ مِنَ الرِّجَالِ : لاغر-

البِضْعَة والبَضْعَة : گوشت کا ٹکڑا- ج بِضَع وبَضَع وبِضَاع وبضَعَات-

البِضْع والبَضْع : رات کا کچھ حصہ- تین سے نو تک کی تعداد- کہا جاتا ہے "بِضْع سِنِيْن وَبِضْع عَشْرةَ مِنَ النِّسَاءِ وَبِضْعٌ وَعِشْرُوْنَ اِمْرَأَةً" اور مذکر کے لیے بِضْعَةَ عشر مِنَ الرِّجَالِ و بِضْعَةٌ وعِشْرُوْنَ اور بضع کی تقدیم واجب ہے اس لیے عِشْرُوْنَ وبِضْعُ : کہنا جائز نہیں-

البَضِيْعُ : گوشت- جزیرہ-

البِضَاعَة : سرمایہ- پونجی- ج بِضَائِع-

بَضَم (ن) بَضْمًا- الزَّرْعُ : موٹے دانہ والا ہونا-

البُضْم : خوشہ- نفس- کہا جاتا ہے "هُوَ كَرِيْمُ البُضْم" وہ کریم النفس ہے-

بَطَّ (ن) بَطًّا- الْجُرْحَ : زخم کو چیرنا- شگاف کرنا-

بَطْبَطَ : عاجز ہونا- تھکنا-

البَطُّ : واحد (البَطَّة) بطخ (نر و مادہ دونوں کے لئے) ج بُطُوط وبِطَاط-

البَطَّة : بطخ کے شکل کی شیشی-

المِبَطُّ ج مَبَاطّ و (المِبَطَّة) : نشتر- شگاف دینے کا اوزار-

البَطَاطَا : آلو (جدید)

بَطْبَط- البَطُّ : آواز کرنا- پانی میں غوطہ لگانا ــــ الرَّجُلُ : کمزور رائے والا ہونا-

بَطُؤَ (ک) بُطْاءً وبِطَاءً وبُطُوْءًا واَبْطَأَ : دیر کرنا- صفت (بَطِئٌ) مؤنث بَطِيْئَة ج بِطَاء

اَبْطَأَ وبَطَّأَ- عَلَيْهِ وَبِالْاَمْرِ : دیر کرنا- مؤخر کرنا-

بَاطَاَهُ : ٹال مٹول کرنا-

تَبَطَّأَ و تَبَاطَأَ- فِی سَيْرِهِ : پیچھے رہنا-

اِسْتَبْطَأَهُ : دیر کرنے والا پانا- یا سمجھنا-

اَلْمَبْطَأَةَ : باعث دیری-

بَطَحَهُ (ف) بَطْحًا : بچھانا- منہ کے بل گرانا-

بَطَّحَ- الْبَيْتَ : سنگریزی بچھا کر ہموار کرنا-

تَبَطَّح وانْبَطَحَ واِسْتَبْطَحَ- الوَادِی : پھیلنا- کشادہ ہونا- اِنْبَطح الرَّجُلُ : منہ کے بل گرنا-

البَاطِح : فا- منہ کے بل گرنے والا-

البَطْحَاء ج بَطَاحٌ وبِطَائِح وبَطْحَاوَات و (الْاَبطح ج اَبَاطِح- والبَطِيْحة) ج بَطَائِح و (البَطِّح) : کشادہ نالہ جس میں ریت اور چھوٹی کنکریاں ہوں-

البَطْحَة : قد و قامت- مسافت-

البُطْحَة : خصلت- عادت- کہا جاتا ہے "هٰذِهِ بُطْحَة صِدْقٍ"

البُطَاح : ایک بیماری جو بخار سے پیدا ہوتی ہے اور برسام کے مشابہ ہوتی ہے ___ اور اسی سے ہے (البُطَاحِیُّ)

بَطَخَه (ف) بَطْخًا : چاٹنا۔

أَبْطَخَ : بہت خربوزے والا ہونا۔

البِطِّيخ : خربوزہ۔ خربوزہ کی بیل۔ واحد بِطِّيخَةٌ۔

المَبْطَخَة : خربوزوں کی فالیز۔ ج مَبَاطِخ

بَطَرَهٗ (ن ض) بَطْرًا : چیرنا۔ شگاف دینا۔ صفت مفعولی (مَبْطُور و بَطِير)

بَطِرَ (س) بَطَرًا : زیادتی نعمت کی وجہ سے حیران ہونا۔ اترانا ___ الْحَقَّ : تکبر سے قبول نہ کرنا ___ الشَّيْءَ : ناپسند کرنا حالانکہ وہ چیز ناپسندیدگی کے قابل نہ ہو ___ النِّعْمَةَ : جہالت یا تکبر سے حقیر سمجھنا اور ناشکری کرنا۔ صفت (بَطِر)

أَبْطَرَهٗ : دہشت میں ڈالنا۔ ناشکر گزار بنانا کہتے ہیں "أَبْطَرَهٗ ذَرْعَه" : اس پر اس کی طاقت سے زیادہ لاد دیا۔ ذَرْعَه أَبْطَرَهٗ کی ضمیر مفعولی سے بدل اشتمال ہے۔

بِطْرًا : رائیگاں۔ کہا جاتا ہے "ذَهَبَ دَمُهٗ بِطْرًا" : اس کا خون رائیگاں گیا۔

بَيْطَرَ۔ الدَّابَّةَ : جانور کا علاج کرنا۔ نعل بندی کرنا۔ صفت (مُبَيْطِر و بَطِير وبيطار) ج بَيَاطِرَة۔

البَيْطَرَة : سالوتری کا پیشہ۔

البِطْرِير : زبان دراز۔ بہت چیخنے والا۔ مؤنث بطريرة۔

البَطْرَشِيل و البَطْرَشِين : ایک قسم کا لمبا کپڑا جس کو کاہن ڈیوٹی کے وقت استعمال کرتا ہے۔

البِطْرِيق : رومیوں کا جرنیل۔ ج بَطَارِق وبطاريق وبطارقة۔

البَطَارِق : لمبا۔

البَطْرَك والبَطْرِيَرك والبَطْرِيَك : پادریوں کا سردار۔ عیسائیوں کے کسی گروہ کا مذہبی سردار۔ ج بَطَارِكَة و بَطَارِيك۔

بَطَشَ (ن ض) بَطْشًا۔ بِهٖ : سختی سے پکڑنا ___ عَلَيْه : حملہ کرنا۔ ٹوٹ پڑنا۔ صفت (بَاطِش وبَطَّاش وبَطِيش) : کہا جاتا ہے "فُلَانٌ يَبْطِشُ فِي الْعِلْمِ بِبَاعٍ بَسِيطٍ" : یعنی فلاں علم کو بہت جلدی حاصل کر لیتا ہے۔

بَاطَشَهٗ : ایک دوسرے کو سختی سے پکڑنا یا حملہ کرنا۔

الأَبْطَع : وہ شخص جس کے نیچے کے سامنے والے دانت گر گئے ہوں۔

البِطَاقَة : خط' پرچہ' پرزہ۔ بِطَاقَةَ الثَّوْبِ : کاغذ کی وہ چٹ جس میں کپڑے کی قیمت لکھی ہوئی ہوتی ہے۔ ج بَطَائِق۔

بَطَلَ (ن) بُطْلًا وبُطُولًا و بُطْلَانًا : فاسد ہونا۔ بیکار ہونا۔ باطل ہونا۔ صفت (بَاطِل) (___ بَطَالَةً فِي كَلَامِهٖ : تمسخر کرنا۔ ___ الفَاعِلُ مِنَ الْعَمَلِ : بیکار ہونا۔ صفت (بَطَّال)

بَطُلَ (ک) بَطَالَةً و بُطُولَةً : دلیر ہونا' بہادر ہونا۔ صفت (بَطَلٌ) ج أَبْطَال۔ : مؤنث بَطَلَة۔ ج بَطَلَات۔

بَطَّلَهٗ : باطل کرنا۔ بیکار کرنا۔

أَبْطَلَ : لغو کام کرنا۔ صفت (مُبْطِل) ___ الشَّيْءَ : ضائع کر دینا۔ باطل کرنا ___ الرَّجُلَ : تمسخر کرنا۔

تَبَطَّلَ : بہادر بننا۔ بیکار رہنا۔ کہا جاتا ہے "تَبَطَّلُوْا بَيْنَهُمْ" انہوں نے اپنے درمیان لغو اور باطل امور کیے۔

البِطَالَة : بیکاری۔ کام سے فراغت۔

البَطَالَة : بہادری۔

البَاطِل : فنا۔ ناحق۔ ج اباطيل : شیطان۔ جادوگر۔ ج بَطَلَة۔

البُطْل : باطل۔ جھوٹ۔ اور کہا جاتا ہے "ذَهَبَ دَمُهٗ بُطْلًا" : اس کا خون رائیگاں گیا۔

البُطْلَات : لغویات۔ فضولیات۔

الأُبْطَالَة والأُبْطُوْلَة : باطل۔

البُطْم والبُطُم : بن۔ بن کا پھل۔

بَطَنَ (ف) بُطُوْنًا و بَطْنًا : پوشیدہ ہونا صفت (بَاطِن)

بَطَنَ (ن) بَطْنًا۔ الْوَادِيَ : داخل ہونا ___ هٗ وَلَهٗ : پیٹ پر مارنا۔ بَطَنَ الْأَمْرَ : کسی معاملہ کی تہ کو پہنچنا۔ (___ بُطُونًا و بَطَانَةً بِفُلَانٍ وَمِنْهُ : کسی کے خواص میں سے ہونا۔

بَطِنَ (س) بَطَنًا و بَطُنَ (ک) بَطَانَةً : بڑے پیٹ والا ہونا۔ صفت (بَطِنٌ و بَطِينٌ و مَبْطَانٌ)۔

بُطِنَ بَطْنًا : مبتلائے درد شکم ہونا۔ صفت مَبْطُوْن۔

بَطَّنَ و أَبْطَنَ۔ الثَّوْبَ : استر لگانا۔ الدَّابَّةَ : تنگ کسنا۔ أَبْطَنَ الشَّيْءَ : پوشیدہ کرنا۔

بَاطَنَهٗ : سرگوشی کرنا۔ دوستی کرنا۔

تَبَاطَنَ : الْمَكَانُ : دور ہونا۔

تَبَطَّنَ و اِسْتَبْطَنَ : الشَّيْءَ : اندر داخل ہونا ___ الْأَمْرَ : معاملہ کی تہ معلوم کرنا۔

البَطْن : پیٹ۔ ہر چیز کا اندرونی حصہ۔ بَطْنُ الْأَرْضِ : زمین کا پست حصہ ___ مِنَ الْقَوْمِ : گروہ جو قبیلہ سے کم اور عمارة سے زائد ہو۔ ج بُطُون و أَبْطُن و بُطْنَان کہا جاتا ہے "أَلْقَتِ الدَّجَاجَةُ ذَابَطْنِهَا" یعنی مرغی نے انڈے دیئے۔ "وَصَاحَتْ عَصَا فِيرِ بَطْنِهٖ" یعنی وہ بھوکا ہوا۔

البَطَن : پیٹ کی بیماری۔

البَطِن : حریص جس کا نصب العین صرف پیٹ ہو۔

البِطْنَة : دبر۔

البِطْنَة : زیادتی خوراک کی وجہ سے بہت زیادہ شکم پری۔

البِطَان ج أَبْطِنَة و بُطْن : تنگ' جس کو جانور کے پیٹ کے نیچے سے باندھتے ہیں۔ کپڑے کا ایک ٹکڑا جس کو گھوڑے پر مکھیوں سے بچانے کے لیے ڈالتے ہیں۔ کہا جاتا ہے۔ "فُلَانٌ عَرِيْضُ الْبِطَانِ" فلاں غنی یا آسودہ حال ہے "وَالْتَقَتْ حَلْقَتَا الْبِطَانِ" معاملہ سنگین ہو گیا اور مصیبت سخت ہو گئی۔

بِطَانَةُ۔ الثَّوْبِ : کپڑے کا استر۔ الرَّجُلِ : اہل و عیال خاص لوگ۔ بھید۔ ج بَطَائِن : راز دار۔

البَاطِن : اللہ تعالیٰ کے اسمائے حسنیٰ میں سے

ہے۔ ہر چیز کا اندرونی حصہ۔ پوشیدہ۔ مِنَ الْاَرْضِ: پست حصہ ـــــ مِنَ الْقَدَمِ: تلوا۔ ج اَبْطِنَة و بُطْنَان۔

اَلبَاطِنَة: بعید۔

البَطِيْن: دور۔ کہا جاتا ہے "شَأوٌ بطين" مسافت بعیدہ "کِيْسٌ بَطِيْنٌ" بھری ہوئی تھیلی۔

البِطِّيْن: بڑے پیٹ والا۔

البُطَيْن: چاند کی منازل میں سے ایک منزل کا نام۔

المُبَطَّن: پتلے پیٹ والا۔

المُبَطَّنَة: ایک قسم کی کشتی۔

البَاطِيَة: بڑا پیالہ۔ شراب کے لیے شیشہ کا برتن۔ ج بَوَاطِ۔

بَظَّ (ن) بَظًّا۔ العُوْدَ: بجانے کے لیے چھیڑنا۔ درست کرنا۔

اَبَظَّ: الرَّجُلُ: موٹا ہونا۔ صفت (بَظِيْظ)

البَظُّ۔ فَظٌّ کا تابع ہے۔ کہا جاتا ہے "هُوَ فَظٌّ بَظٌّ" وہ سخت مزاج ہے۔

بَظِرَ (س) بَظَرًا۔ الرَّجُلُ: غیر مختون ہونا صفت اَبْظَر: مؤنث بَظْرَاء۔ ج بُظْر۔

البَظْر: انگوٹھی۔

البِظْر: رائیگاں۔ کہا جاتا ہے "ذَهَبَ دَمُه بِظْرًا": اس کا خون رائیگاں گیا۔

المُبَظِّر: ختنہ کرنے والا۔ مؤنث مُبَظِّرَة۔

بَعَّ (ن ض) بَعًّا۔ الْمَاءَ: کثرت سے بہانا۔

البَعَاع: سامان۔ بادل کا پانی جو ابھی نہ برسا ہو۔ کہا جاتا ہے "اَلْقَى السَّحَابُ بَعَاعَه": بادل نے سارا پانی برسا دیا۔ "اَلْقَى بَعَاعَه عَلَيْه" اس نے اپنا بوجھ اس پر ڈال دیا۔

البَعْبَعَة: جلدی جلدی بولے جانا۔

البَعَابِعَة: فقرا جن کے پاس کچھ بھی مال وجائیداد نہ ہو۔

بَعَثَهُ (ف) بَعْثًا و تَبْعَاثًا: تنہا بھیجنا ـــــ بِه: دوسرے کے ساتھ بھیجنا ـــــ هُ: برانگیختہ کرنا۔ جوش دلانا۔ کہا جاتا ہے "بَعَثَهُ مِنْ نَوْمِه" اس نے اس کو نیند سے بیدار کیا۔ "وَبَعَثَه عَلَى الشَّيْءِ" اس نے اس کو فلاں کام کرنے پر اکسایا ـــــ المَيِّتَ: دوبارہ زندہ کرنا۔ اور اسی سے "يَوْمُ الْبَعْثِ" ہے بمعنی روزِ قیامت۔

بَعِثَ (س) بَعَثًا: نیند سے بیدار ہونا۔

تَبَعَّثَ۔ الشَّيْءُ: کسی چیز کا تیزی سے ظاہر ہونا ـــــ الشِّعْرُ مِنْهُ: شعر کی آمد ہونا۔

تَبَاعَثُوا۔ عَلَى الشَّيْءِ: ایک دوسرے کو کرنے پر برانگیختہ کرنا۔

اِنْبَعَثَ۔ بھیجا جانا۔ کسی چیز کا تیزی سے ظاہر ہونا ـــــ فِي السَّيْرِ: جلدی کرنا۔

اِبْتَعَثَهُ: بھیجنا۔

البَعْث و البَعَث: فوج: ہر وہ جماعت جو کہیں بھیجی جائے۔ ج بُعْث و بُعُوث۔

البَعْث و البَعِث: جس کو غم بیدار رکھے اور نیند سے اٹھاوے۔

البَاعُوث: عیسائیوں کی اصطلاح میں استسقاء کی نماز (کلمہ سریانیہ ہے)

البَاعِث و البَاعِثَة: سبب ج بَوَاعِث۔

البَعِيْث و المَبْعُوْث: بھیجا ہوا۔ اٹھایا ہوا۔

يَوْمُ بُعَاث: ایک جنگ کا نام جو اوس و خزرج کے درمیان زمانہ جاہلیت میں ہوئی تھی۔

بَعْثَرَهُ بَعْثَرَةً: بکھیرنا ـــــ المَتَاعَ: الٹنا پلٹنا۔

تَبَعْثَرَ: الٹا پلٹا جانا۔ کہا جاتا ہے "تَبَعْثَرَتْ نَفْسِي" یعنی میرا نفس مضطرب ہو گیا اور متلی ہونے لگی۔

بَعَجَ (ف) بَعْجًا۔ الْبَطْنَ: پھاڑنا۔ صفت (بَاعِجٌ) صفت مفعولی (مَبْعُوْجٌ وَبَعِيْجٌ): بعیج ـــــ مذکر و مؤنث دونوں کے لیے مستعمل ہے۔ ج بَعْجَى ـــــ الْاَرْضَ آبارًا: بہت کنوئیں کھودنا ـــــ المَطَرُ الْاَرْضَ بَعَجَ فِيْهَا: شدتِ وقوع کی وجہ سے پتھروں کو ظاہر کر دینا ـــــ بطنه له: خیر خواہی میں مبالغہ کرنا۔

تَبَعَّجَ و انْبَعَجَ۔ السَّحَابُ: برس کر کھل جانا ـــــ السَّيْلُ: سیلاب کا تیزی کے ساتھ بڑھنا ـــــ عَلَيَّ بالکلام: بہت زیادہ باتیں کرنا۔

البَاعِجَة: وادی کا کشادہ حصہ۔ ج بَوَاعِج۔

بَعُدَ (ک) بُعْدًا و بَعِدَ (س) بَعَدًا: دور ہونا۔ ہلاک ہونا۔ مرنا۔ صفت (بَاعِد) ج بَعَد و (بَعِد) مفرد و جمع دونوں کے لیے و (بعید) ج بُعَدَاء و بُعُد و بُعْدان۔

اَبْعَدَ: دور ہونا۔ (اَبْعَدَهُ و بَعَّدَهُ وَبَاعَدَهُ): دور کرنا۔

تَبَاعَدُوْا: ایک دوسرے سے دور رہنا۔

تَبَعَّدَ: دور رہنا۔

تَبَاعَدَ و ابْتَعَدَ و اسْتَبْعَدَ۔ عَنْهُ: دور ہونا۔

اِسْتَبْعَدَ الشَّيْءَ: دور پانا یا سمجھنا۔

البُعْد و البَعْد و البُعْدَة: دوری۔ رائے و دور اندیشی۔ بُعْدًا لَهُ: بد دعا ہے۔ یعنی اللہ اس کو ہلاک کرے یا خیر سے محروم کرے۔

البِعَاد: بعید کی مانند صفت ہے۔ دور۔

بَعْدُ: ظرفِ زماں ہے بمعنی پیچھے۔ اور اس کے لیے اضافت لازم ہے اور اگر اضافت نہ ہو تو ارادہ اضافت کی صورت میں مبنی بر ضمہ ہوتا ہے اور اگر اضافت نیت میں بھی نہ ہو تو منصوب ہوتا ہے۔ کہا جاتا ہے۔ بَعْدُ و بَعْدًا وَ مِنْ بَعْدُ۔

الاَبْعَدُ: بہت دور۔ خیانت کرنے والا۔ ج اَبَاعِد۔

رَجُلٌ (مِبْعَدٌ): بہت دور دور کا سفر کرنے والا۔

بَعِرَ (س) بَعَرًا۔ الجَمَلُ: نو (۹) سالہ یا چار (۴) سالہ اونٹ ہونا۔

بَعَرَ (ف) بَعْرًا: مینگنی کرنا۔

بَعَّرَ المِعٰى و اَبْعَرَهُ و تَبَعَّرَهُ: ساری مینگنی نکال دینا۔

البَعْر و البَعَر۔ ج اَبْعَار: مینگنی۔ واحد (بَعْرَةٌ) ج بَعَرَات۔

البَعِيْر: نو(۹) سالہ یا چار(۴) سالہ اونٹ یا اونٹنی ج بُعْرَان و اَبْعِرَه و جج اَبَاعِر و اَبَاعِير۔

المَبْعَر وَالمِبْعَر: مینگنی نکلنے کا عضو۔ آنت کی چربی۔

بَعْزَقَهُ بَعْزَقَةً: پراگندہ کرنا۔ بکھیرنا۔

بُعِضَ۔ الرَّجُلُ: مچھروں سے تکلیف اٹھانا۔ صفت (مَبْعُوْض)

بَعَّضَهُ: حصے بنانا۔ جزء جزء کرنا۔

تَبَعَّضَ : جزء جزء ہونا۔
اَبْعَضَ۔ الْمَكَانُ : مچھر والی ہونا' بہت مچھروں والی ہونا۔ صفت (بَعِض و مَبْعوض)
بَعْضُ۔ الشَّئ : کسی چیز کا ایک جزء۔ اور کبھی ایک فرد کے لیے بھی استعمال کیا جاتا ہے۔ جیسے "بَعْضُ اللَّيَالِي" : یعنی راتوں میں سے ایک رات۔ ج اَبْعَاض۔
البَعُوض : مچھر۔ واحد (بَعُوضَة)
بَعَطَ (ف) بَعْطًا۔ فِي الْجَهْلِ وَالشُّؤْمِ : مبالغہ کرنا۔ زیادتی کرنا ___ الْحَيْوَانَ : ذبح کرنا۔
اَبْعَطَ۔ فُلَانٌ : حد سے بڑھ جانا ___ الرَّجُلُ : طاقت سے زیادہ کی تکلیف دینا ___ فِي الْجَهْلِ : زیادتی کرنا۔
بَعَقَ (ف ن) بُعَاقًا۔ الْمَطَرُ الْاَرْضَ : تریڑے سے پڑکر دراڑ ڈال دینا۔
(___ بَعْقًا) الْجَمَلَ : اونٹ ذبح کرنا ___ البِئْرَ : کنواں کھودنا۔
بَعَّقَ۔ الزِّقَّ : مشک پھاڑ دینا۔
تَبَعَّقَ وَانْبَعَقَ وَاِبْتَعَقَ۔ فِي الْكَلَامِ : تیزی کے ساتھ بہت گفتگو کرنا ___ السَّحَابُ : زور سے برسنا۔
الْبَاعِق : مؤذن۔
الْبُعَاق : زور سے برسنے والا بادل۔ چیخ۔
مَبْعَق۔ الْمَفَازَةِ : بیابان میں کشادہ جگہ۔
الْبُعْقُط وَالْبُعْقُوط : پست قد۔
الْبُعْقُوطَة : گبریلا کی گولی۔
بَعِكَ (س) بَعَكًا۔ الْجِسْمُ : بدن کا خشک اور کھردرا ہونا۔
الْبَاعِك : بیوقوف۔
بُعْكُوكَةُ۔ النَّاسِ : لوگوں کے جمع ہونے کی جگہ ___ الصَّيْفِ : گرمی ___
اَلْبُعْكُوكَةُ : کسی چیز کا درمیانی حصہ۔
بَعَلَ (ن) بَعَالَةً وَبُعُولَةً۔ الرَّجُلُ لِلْمَرْأَةِ : شوہر ہونا۔ بَعَلَتِ الْمَرْأَةُ : شوہر والی ہونا۔
بَعِلَ (س) بَعَلًا۔ بِاَمْرِهِ : متحیر ہونا۔ صفت (بَعِل) مؤنث بَعِلَة۔
تَبَعَّلَتِ۔ الْمَرْأَةُ : شوہر کی اطاعت کرنا۔

بَاعَلَ۔ الْقَوْمُ قَوْمًا : آپس میں شادی بیاہ کرنا۔
اِسْتَبْعَلَ : الْمَكَانُ : بارانی ہونا۔ الرَّجُلُ لِلْمَرْأَةِ : شوہر ہونا۔
الْبَعْلُ۔ ج بُعُول وبِعَال و بُعُولة : شوہر۔ بیوی کو بَعْل اور بَعْلَة بھی کہتے ہیں۔ الْبَعْلُ : مالک۔ سردار۔ کہتے ہیں۔ "من بَعْلُ هٰذِهِ النَّاقَةِ" اس اونٹنی کا مالک کون ہے۔ اسی کے لحاظ سے کنعانی وغیرہ بُت پرست اپنے معبودوں پر لفظ بعل کا استعمال کرتے تھے۔
الْبَعْلُ مِنَ الْاَرْضِ : بارانی زمین۔
بَعْلَبَكُّ : ملک شام کے ایک شہر کا نام۔ نسبت کے لیے بَعْلَبَكِّي و بعلِيّ۔
الْبَعِيم : ایک بُت کا نام۔ لکڑی کی بنی ہوئی مورت۔ موم کی گڑیا۔ رَجُلٌ بَعِيمٌ : شعر نہ کہہ سکنے والا مرد۔
بَغَايَبْغِي وَيَبْغُو بَغْوًا وبَغِي يَبْغَى بَغْيًا : گناہ کرنا۔ خطا کرنا ___ هُ بِالْعَيْنِ : نظر بد لگانا ___ عَلَيْهِمُ الشَّرَّ : کسی کے ساتھ برائی کرنا ___ الشَّيْءَ : منگنی لینا۔
بَغَّ (ن) بغًّا۔ الدَّمُ : خون کا جوش میں آنا۔
بَغْبَغَ بَغْبَغَةً۔ البِسَاطَ : بچھونا روندنا۔
الْمُبَغْبِغ : گفتگو میں گڑبڑی کرنے والا۔ بہت جلد باز۔
بَغَتَ (ف) بَغْتًا وبَاغِتَةً : اچانک آنا۔ کہا جاتا ہے "لَسْتُ آمَنُ مِنْ بَغَتَاتِ الْعَدُوِّ" میں دشمن کے اچانک آجانے سے مامون نہیں ہوں۔
بَغِثَ (س) بَغَثًا : سبزی مائل سفید ہونا۔ گرد آلود ہونا۔ صفت (اَبْغَث) : مؤنث بغثاء
الْاَبْغَثُ : ایک آبی پرندہ ج بُغْث و اَبَاغِث۔ الْاَبْغَث : شیر۔
الْبُغْثَه : سبزی مائل سفیدی۔
الْبَغْثَاء۔ مِنَ النَّاسِ : لوگوں کا مخلوط گروہ۔ کہا جاتا ہے۔ "دَخَلْنَا فِي الْبَغْثَاءِ" ہم لوگوں کی جماعت میں داخل ہوگئے۔
البُغَاث : بتثلیث الباء : سبزی مائل سفید رنگ کا ایک پرندہ۔ جو گدھ سے چھوٹا اور اڑنے میں سست ہوتا ہے۔ ج بِغْثَان' عرب کے قول "اِنَّ الْبُغَاثَ بِاَرْضِنَا يَسْتَنْسِرُ" کا مطلب یہ ہے کہ جو ہمارے پڑوس میں رہتا ہے وہ ہماری وجہ سے معزز بن جاتا ہے۔

الْبَغِيث : گیہوں۔
بَغْثَرَ۔ الْقَوْمُ : جوش میں آنا۔ آپس میں مخلوط ہونا۔ بَغْثَرَة : جدا جدا کرنا۔ متفرق کرنا۔ بَغْثَرَتْ نَفْسُه و تَبَغْثَرَتْ : جی متلانا۔
البُغْثُر : بیوقوف۔ بڑے ڈیل ڈول کا اونٹ۔
بَغْدَاد : عراق کے ایک شہر کا نام جس کو مدينة السّلام اور زوراء اور دار السّلام بھی کہتے تھے۔
تَبَغْدَدَ : بغداد کی جانب منسوب ہونا۔ بغداد والوں کی مشابہت اختیار کرنا۔
بَغِرَ (س) بَغَرًا و بَغْرًا : پانی پینا اور سیراب نہ ہونا۔ صفت (بَغِير و بُغِير) ج بَغَارَیٰ و بُغَارَیٰ
بَغَرَتْ (ن) بُغُورًا۔ السَّمَاءُ : برسانا ___ النَّجْمُ : ستارہ کرنا۔
بُغِرَتِ۔ الْاَرْضُ : بارش ہونا۔
البَغَر : پیاس جس میں سیرابی نہ ہو۔ (والبغر) : سخت بوچھار۔ کہا جاتا ہے۔ "تَفَرَّقُوْا شَغَرَ بَغَرَ" وہ لوگ ہر طرف متفرق ہوگئے۔
البَغْرة : پانی کی قوت۔
بَغَزَه (ف) بَغْزًا : لاٹھی سے مارنا۔
البَغْز : سرعت حرکت۔ چستی۔
البَاغِز : چست۔ فسق وفجور میں منہمک۔
البَاغِزِيَّة : حریر کی مانند ایک قسم کا کپڑا۔
البُوْغَاز : آبنائے۔ ج بَوَاغِز۔
بَغَشَت (ف) بَغْشًا۔ السَّمَاءُ : ہلکی بارش برسانا ___ الصَّبِيُّ اِلَى اُمِّهِ : روانسا ہوکر متوجہ ہونا۔
بُغِشَتِ۔ الْاَرْضُ : ہلکی بارش پڑنا۔
البَغْشَة : ہلکی بارش۔
بَغَضَ و بَغُضَ (ن ک) وبَغِضَ (س) بَغَاضَةً : دشمنی کرنا۔ نفرت کرنا (مااَبْغَضَنِي لَهٗ

وَمَا اَبْغَضَهُ اِلَيَّ) سیبویہ نے کہا کہ جب تم "مَا اَبْغَضَنِیْ لَهُ" کہو تو اس کا مطلب یہ ہے کہ میں اس کے نزدیک بہت زیادہ مبغوض ہوں اور جب مَا اَبْغَضَهُ اِلَیَّ : کہو تو اس کا مطلب یہ ہے کہ وہ میرے نزدیک بہت زیادہ مبغوض ہے۔

بَغَّضَهُ۔ اِلَیْهِ : نفرت دلانا۔ دشمنی دلانا۔

اَبْغَضَهُ : دشمنی کرنا۔ نفرت کرنا۔

تَبَغَّضَ۔ اِلَیْهِ : دشمنی کرنا۔

تَبَاغَضُوْا : ایک دوسرے سے دشمنی کرنا۔

البُغْض : نفرت۔ دشمنی۔

اَلْبِغْضَةُ والبَغْضَاءُ والبَغَاضَة : سخت دشمنی۔ البِغْضَة : دشمنی کرنے والے لوگ۔

البَغِیض : سخت دشمنی رکھنے والا۔

بَغَلهُم (ف) بَغْلاً : باپ کی طرف سے کسی کی اولاد کو دوغلا قرار دینا۔

بَغَّلَ : بمعنی بَغَلَ ـــــ فِی الْمَشْیِ : تھک جانا۔ عاجز ہونا۔

البَغْل : خچر۔ ج بِغَال وَاَبْغَال۔ مؤنث بَغْلَة ج بَغَلات وبِغَال۔

البَغَّال : خچر والا۔ یا خچر ہانکنے والا۔

بَغَمَتْ (ف ن ض) بُغُوْمًا و بُغَامًا و تَبَغَّمَتْ۔ الظَّبْیَةُ : بہت نرم آواز نکالنا۔ صفت (بَاغِمَة وبَغُوم) بَغَم الرَّجُلُ صَاحِبَه : مبہم گفتگو کرنا۔

بَاغَمَهُ : نرم آواز سے گفتگو کرنا۔

البُغَام : ہرن کی آواز۔

البُغْمَة : عورتوں کا ہار (کلمہ ترکی ہے) ج بُغَم۔

بَغَا (ن) بَغْوًا۔ الشَّیْءَ : غور سے دیکھنا ـــــ عَلَیْهِ : تعدی کرنا۔ زیادتی کرنا۔ صفت (بَغُوٌ) البَغْوَة : کچا پھل ـــــ مِنَ النَّبَاتِ : شگوفہ جو سفید نکلا ہو۔

بَغَی (ض) بُغَاءً و بُغْیًا و بُغًی و بُغْیَةً و بِغْیَةً۔ الشَّیْءَ : طلب کرنا ـــــ الرَّجُلُ : حق سے ہٹ جانا۔ نافرمانی کرنا ـــــ عَلَیْهِ : درازدستی کرنا۔ ظلم کرنا۔ صفت (بَاغٍ) ج بُغَاة وبغیان ـــــ السَّمَاءُ : سخت برسانا ـــــ الْاَمَةُ : زنا کرنا ـــــ الْجُرْحُ : سوجنا، خراب ہونا ـــــ پیپ سے بھرنا۔

اِبْتَغَی وتَبَغَّی۔ الشَّیْءَ : طلب کرنا۔

اَبْغَاهُ الشَّیْءَ : طالب بنانا۔ طلب کرنے میں مدد دینا۔ کہا جاتا ہے "اَبْغِنِیْ ضَالَّتِیْ" : میری گم شدہ چیز کی تلاش میں مدد کرو۔

بَاغَتِ الْاَمَةُ بِغَاءً و مُبَاغَاةً : زنا کرنا۔

تَبَاغَی : القومُ : بعض کا بعض پر ظلم کرنا۔

اِنْبَغَی : سہل ہونا۔ آسان ہونا۔ کہا جاتا ہے "لَایَنْبَغِیْ لَكَ اَنْ تَفْعَلَ ذٰلِكَ" : تمہارے لیے مناسب نہیں کہ ایسا کرو۔ (اس فعل کا ماضی مستعمل نہیں)

اِسْتَبْغَی : الشَّیْءَ : طلب کرنا ـــــ الْقَوْمَ : طلب کرنے میں مدد چاہنا۔

اَلْبَغْیُ : ظلم۔ جنایت۔ گناہ۔ بہت بارش۔ فساد۔ کہا جاتا ہے "بَرِیَٔ جُرْحُه عَلٰی بَغْیٍ" : یعنی اس کا زخم مندمل تو ہوا لیکن اندر فاسد مادہ باقی رہ گیا ہے۔

البُغْیَةُ والبِغْیَة والبَغِیَّة والبُغَاء : مرغوب و مطلوب۔ البُغْیَة : حاجت۔

البَغِیُّ : بدکار و زناکار عورت۔ ج بَغَایَا۔ بَغَایَا الجَیْش : فوج کے ہراول دستے۔

المَبْغَی والمَبْغَاة : طلب کرنے کی نوعیت یا جگہ۔ کہا جاتا ہے "بَغَیْتُ الْمَالَ مِنْ مَبْغَاتِه" میں نے مال کو اس کے موقع سے تلاش کیا۔ جیسے کہتے ہیں "اَتَیْتُ الْاَمْرَ مِنْ مَّاْتَاتِه" : میں نے کام کو اس طرح انجام دیا جیسا دینا چاہیے۔

المُبْتَغِی : مُشیر۔

فِئَةٌ (بَاغِیَةٌ) : امام عادل کی اطاعت سے نکلنے والی جماعت۔

بَقَّ (ن) بَقًّا۔ الماءَ مِنْ فِیْهِ : پانی کو منہ میں سے زور سے پھینکنا ـــــ لَنَا الْعَطَاءَ : بخشش وسیع کرنا ـــــ مَالَهُ : بکھیرنا۔ متفرق کرنا ـــــ الْجِرَابَ : پھاڑنا (ـــــ بَقًّا وَبُقُوقًا) النَّبْتُ : اُگنا ـــــ السَّمَاءُ : لگاتار کثرت سے بارش ہونا ـــــ الْمَرْاَةُ : بہت اولاد والی ہونا ـــــ الْبَیْتُ : بہت کھٹمل والا ہونا۔ (ـــــ بَقَاقًا وَبَقًّا وَاَبَقَّ) عَلَی الْقَوْمِ : بہت بک بک کرنا۔

بَقَّقَ۔ مَالَه : متفرق کرنا۔ (وَاَبَقَّ) الْبَیْتُ : بہت کھٹمل ہونا۔ وَاَبَقَّ ولدُ فُلَانٍ : بہت ہونا۔ اَبَقَّتِ الْمَرْاَةُ : بہت اولاد والی ہونا ـــــ السَّمَاءُ : لگاتار بہت بارش ہونا۔

البَقُّ : کھٹمل۔ پسو۔

البَقَاق : گھر کا ردی سامان۔ رَجُلٌ بَقَاقٌ وَبَقَاقَة : بہت بولنے والا مرد۔

بَقْبَقَ بَقْبَقَةً۔ الْکُوْزُ فِی الْمَاءِ : بق بق کی آواز نکلنا ـــــ الْقِدْرُ : ابلنا ـــــ الرَّجُلُ : بہت بک بک کرنا۔

البَقْبَاق : بہت بولنے والا۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ لَقْلَاقٌ بَقْبَاقٌ" : بہت بکواس کرنے والا۔

البُقْجَة : کپڑے وغیرہ کی گٹھری۔ (جدید)

البَقْدُوْنس : ایک قسم کی نباتات۔

بَقَرَه (ف) بَقْرًا : پھاڑنا۔ کھولنا۔ وسیع کرنا۔

بَقِرَ (س) بَقَرًا : نگاہ کا پتھرا جانا۔

اَبْقَرَ۔ الْمَرْاَةَ عَنْ جَنِیْنِهَا : پیٹ چیر کر بچہ نکالنا۔

اِنْبَقَرَ : پھٹنا۔ کھل جانا۔ وسیع ہونا۔

تَبَقَّرَ۔ الرَّجُلُ : علم یا مال میں زیادتی والا ہونا۔

البَقَر : گائے۔ بیل (اسم جنس) واحد (بَقَرَةٌ) ج بَقَرَات و بَقَر و بُقُر و اَبْقُر و اَبْقَار و اَبَاقِر و اَبَاقِیْر۔ بَقَرُ الْوَحْشِ اَوِ الْبَقَرِ الْوَحْشِیِّ : نیل گائے۔ جُوْعُ البَقَر : سخت بھوک۔ عُیُوْنُ البَقَر : ایک قسم کا انگور۔ بَقَرُ الْمَاءِ : گائے کے مشابہ ایک قسم کی مچھلی۔

البُقَر والبُقَارَی : جھوٹ۔ مصیبت۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ فُلَانٌ بِالصُّقَرِ والبُقَرِ اَوِ الصُّقَّارَی والبُقَّارَی" : فلاں شخص جھوٹ اور

مصیبت لایا۔ یعنی مصیبت کا سبب بنا۔

البُقَیْرَیٰ: بچوں کا ایک کھیل۔

البَقَّار: گائے والا۔ گائے کا چرواہا۔

البَاقِر و البَاقُوْر والبَقُوْر: گایوں کا ریوڑ۔ یہ اسماء جمع ہیں۔

فِتْنَةٌ (بَاقِرَةٌ): محبت کو ختم کر دینے والا بڑا فتنہ۔

البَقِیْرَة و البَقِیْر: بغیر آستینوں والی عورتوں کی قمیص۔ **نَاقَةٌ بَقِیْرَةٌ**: اونٹنی جس کا پیٹ چاک کرکے بچہ نکالا گیا ہو۔

البَقْس: ایک درخت کا نام جس کی لکڑی سخت ہوتی ہے اور اس سے تختے بنائے جاتے ہیں۔ واحد (بقسہ)

بَقَطَ (ن) بَقْطًا۔ مَتَاعَهٗ: سفر کے لیے جمع کرنا۔ متفرق کرنا ____ **فُلَانًا بُسْتَانَه**: تہائی یا چوتھائی پیداوار کی شرط پر دینا۔

بَقَّطَ۔ فِی الْجَبَلِ: چڑھنا۔

الشَّیْئَ: متفرق کرنا۔

تَبَقَّطَ: الشَّیْئَ: تھوڑا تھوڑا لینا ____ **الْخَبَرَ**: تھوڑا تھوڑا حاصل کرنا۔

البَقَط: توڑنے کے وقت کی گری ہوئی کھجوریں۔ متفرق جماعت۔

البُقَاط: پنیر کا ٹکڑا۔

البُقْطَة: زمین کا ایک حصہ۔

بَقِعَ (س) بَقَعًا۔ الطَّیْرُ: مختلف رنگ والا ہونا۔ صفت (اَبْقَع) مؤنث بقعاء ج بُقْع ____ **فُلَانٌ بِالشَّیْئِ**: اکتفا کرنا ____ **الْأَرْضَ مِنْهُ**: خالی ہونا۔

بَقَعَ (ف) بَقْعًا وبَقَّعَ: جانا۔ تم کہتے ہو "مَا اَدْرِی اَیْنَ بَقَعَ" میں نہیں جانتا وہ کہاں گیا۔

بَقَّعَ الثَّوْبَ: رنگتے ہوئے سفید داغ چھوڑنا۔

تَبَقَّعَ: داغدار ہونا۔ **تَبَقَّعَتِ الثِّیَابُ**: کپڑوں پر پانی کے چھینٹے اس طرح ڈالے گئے کہ باقی رہے ہوئے بے رنگ خشک حصے بھی تر ہو گئے۔

اِنْبَقَعَ: تیز جانا۔

اُنْتُقِعَ۔ لَوْنُه: خوف یا غم سے بدلے ہوئے رنگ والا ہونا۔ (اُمْتُقِعَ میم سے زیادہ افصح ہے)

البُقْعَة و البَقْعَة: زمین کا ٹکڑا۔ ج بِقَاع و بُقَع۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ حَسَنُ الْبُقْعَةِ عِنْدَ الْأَمِیْرِ" فلاں امیر کے پاس اچھے رتبہ والا ہے۔ **وَالبَقْعَةُ**: پانی جمع ہونے کی جگہ۔

البَقِیْع: وہ جگہ جہاں مختلف قسم کے درختوں کی جڑیں ہوں۔ **اِبْنُ بَقِیْعٍ**: کتا۔

البَاقِعَة: الباقع کا مؤنث۔ ہوشیار و زیرک مرد جس کو فریب نہ دیا جا سکے۔ ج بَوَاقِع کہا جاتا ہے "مَا فُلَانٌ اِلَّا بَاقِعَةٌ مِنَ الْبَوَاقِعِ" یعنی فلاں بڑا چالاک ہے۔

الْأَبْقَع: سیاہ سفید داغوں والا۔ مؤنث بقعاء۔ ج بُقْع: کوا جس میں سیاہی سفیدی ہو۔ ج بُقْعَان۔ **سَنَةٌ بَقْعَاء**: سال جس میں سرسبزی و خشک سالی دونوں ہوں۔

الْأُبَیْقِع: کم بارش والا سال۔

بَقَلَ (ن) بَقْلًا وبُقُوْلًا وَاَبْقَلَ: ظاہر ہونا ____ **نَابُ الْبَعِیْرِ**: نکلنا ____ **الْمَکَانُ**: سبزی اُگنا۔ صفت (بَاقِل و بَقِل وبَقِیْل)۔ **وَجْهُ الْغُلَامِ**: سبزہ آغاز ہونا۔ **بَقَلَ لِبَعِیْرِہٖ بَقْلًا**: ساگ پات جمع کرنا۔ **وَاَبْقَلَ الْقَوْمُ**: سبزی پانا۔ قوم کے مویشی کا سبزی کو چرنا۔

بَقَّلَ: وجهُ الغُلام: سبزہ آغاز ہونا۔

تَبَقَّلَ وابْتَقَلَ: سبزے کی تلاش میں جانا ____ **المَاشِیَةُ**: سبزہ چرنا۔

البَقْلُ: سبزی۔ ترکاری۔ ج بُقُول و اَبْقَال

البَقْلَة: البَقْل کا واحد (بَقْلَةُ الْحَمْقَاء وَ بَقْلَةُ الزَّهْرَاء وَ بَقْلَةُ اللَّیِّنَةِ) خرفہ کا ساگ۔

البَقْلَةُ البَارِدَة: عشق پیچہ۔

بَقْلَةُ الْأَنْصَار: کرم کلا۔

البَاقِلَاء والبَاقِلِیُّ والبَاقِلِی: لوبیا۔ **اَرْضٌ (بَقِلَة و بَقِیْلَة و بَقَّالَة و مَبْقَلَةٌ)** سبزی والی زمین۔

البَقَّال: سبزی فروش۔

المَبْقَلَة: سبزی کی جگہ۔

البُوْقَال و البَاقُوْل: بویام۔ مٹی کی دوات۔ ج بَوَاقِیل۔

بَقَّمَ۔ الثَّوْبَ: کپڑے کو بقم سے رنگنا۔

البَقَّم: ایک قسم کی لکڑی جو کپڑے رنگنے میں کام آتی ہے۔

البُقْم: دھتورا۔

البُقَامَة: مِنَ الصُّوْف: اون جو دھننے میں گر جائے اور کاتنے کے قابل نہ ہو۔ کمزور بے عقل مرد۔

بَقَا (ن) بَقَاوَةً و بَقْی (ض) بَقْیًا۔ فُلَانًا بِعَیْنِهٖ: دیکھنا۔ نظر ڈالنا ____ **هٗ**: انتظار کرنا۔

بَقِیَ (س) بَقَاءً و بَقْی (ض) بَقْیًا: ہمیشہ رہنا۔ ثابت رہنا۔

اَبْقَی۔ عَلَیْهِ: رحم کرنا۔ مہربانی کرنا۔ (____ وبَقَّی وتَبَقَّی واِسْتَبْقَی) هٗ: ثابت کرنا۔ باقی رکھنا۔ **اِسْتَبْقَی مِنْه**: کچھ باقی رکھنا۔ **تَبَقَّی**: باقی رہنا۔

البَاقِی: فا۔ اللہ تعالیٰ کے اسمائے حسنیٰ میں سے ہے۔

البَاقِیَة: البَاقِی کا مؤنث۔ ج البَاقِیَات والبَوَاقِی۔

البَقْوَی و البُقْوَیٰ و البُقْیَا و البَقِیَّة: باقی ماندہ۔ ج بَقَایَا: کہا جاتا ہے "فُلَانٌ بَقِیَّةُ قَوْمِهٖ" فلاں اپنی قوم کے بہتر لوگوں میں سے ہے۔

المَبْقَی: بقا۔ زندگانی۔ ج المَبَاقِی۔

بَکَّهٗ (ن) بَکًّا: مزاحمت کرنا۔ **الشَّیْئَ**: پھاڑنا۔ فسخ کرنا ____ **الدَّابَّةَ**: چلا کر تھکانا۔

بَكَّ الرَّجُلُ: محتاج ہونا۔

تَبَاكَّ۔ القَوْمُ: ہجوم کرنا ____ **الشَّیْئُ**: تو بر تو ہونا۔

البَاكُّ: فا۔ بیوقوف۔

بَکَّة: مکہ مکرمہ۔

بَکْبَكَ و تَبَکْبَكَ۔ الْقَوْمُ عَلَیْهِ: ہجوم کرنا جمع (بَکْبَاک): بہت بڑی جماعت۔ رَجُلٌ

بَکْبَاکٌ: سخت مزاج مرد۔

بَکَاءَ (ف) وبَکُؤَتْ (ک) بُکُوأً و بَکَاءَۃً و بَکأً و بُکَاءً۔ الناقۃُ: کم دودھ والی ہونا ___ البِئرُ: کم پانی والا ہونا ___ العَینُ: کم آنسو والی ہونا۔ صفت (بَکِیٌّ و بَکِیئَۃٌ وَبَکِیٌّ و بَکِیَّۃٌ) ج بِکَاء و بَکَایَا۔ اَیْدٍ بِکَاءٌ: کم دادودہش والے ہاتھ۔

بَکِیَ (س) بَکأً: اپنی حاجت سے محروم رہنا۔

اَبکَاَ۔ الدَّر: کم پانا۔

البَکْءُ والبَکَا: ایک قسم کی نباتات۔ واحد بَکأَۃ۔

بَکَتَہٗ (ن) بَکتًا: تلوار یا لاٹھی سے مارنا۔ حجت میں غالب ہونا۔ کہا جاتا ہے "بَکَتَہ حَتّٰی اَسکَتَہ" وہ اس پر حجت میں غالب رہا یہاں تک کہ اس کو خاموش کردیا۔

بَکَّتَہٗ: بمعنی بَکَتَہ: زجر کرنا۔ سرزنش کرنا۔ جھڑکنا۔ اور اسی سے ہے تَبکِیتُ الضَّمِیرِ۔

بَکِرَ (س) بَکَرًا۔ اِلَی الشَّیِٔ: جلدی کرنا۔

بَکَرَ (ن) بُکُورًا۔ آگے بڑھنا ___ عَلَیہِ وَاِلَیہِ: صبح کے وقت آنا ___ فِی الشَّیِٔ: صبح سویرے کرنا۔

اَبکَرَ وبَکَّرَ: آگے بڑھنا۔ جلدی کرنا ___ فُلَانًا: صبح کے وقت آنا۔ بَکَّرَہٗ عَلَیہِم: کسی کو صبح سویرے بھیجنا۔ بَکَّرَ المُصَلِّی: اول وقت میں نماز کے لیے آنا۔

بَاکَرَہٗ: صبح کے وقت آنا۔

تَبَکَّرَ: آگے بڑھنا۔

اِبتَکَرَ: کسی چیز کے ابتدائی حصہ پر قابض ہونا ___ فُلَانًا: صبح کے وقت آنا۔

البَاکِر: فا: اَتَاہُ بَاکِرًا: وہ اس کے پاس صبح کے وقت آیا۔

البِکرُ: والدین کا پہلا بچہ۔ (مذکر و مؤنث دونوں کیلئے ہے) جوان گائے: کنواری۔ ہر چیز کا اول۔ ج اَبکَار۔ البِکرُ: ہر فعل کہ اس جیسا اس سے پہلے نہ ہوا ہو۔ الضَّربَۃُ البِکرُ: تلوار کا وار جو قاتل ہو۔ کَرْمٌ بِکرٌ: پہلا دانہ انگور کا۔ نَارٌ بِکرٌ: آگ جس میں سے ابھی کچھ لیا نہ گیا ہو۔ خَلٌّ بِکرٌ: تیز سرکہ۔ الدُّرَّۃُ البِکرُ: در ناسفتہ۔

البَکرُ۔ جوان اونٹ۔ ج اَبکُرٌ و بُکرَان وبِکَارٌ و بِکَارَۃ۔ مؤنث بَکرَۃ ج بِکَار۔

البُکرَۃ۔ صبح۔ تم کہتے ہو "اَتَیتُہٗ بُکرَۃً" میں اس کے پاس صبح کے وقت آیا۔

البَکرَۃ والبَکَرَۃ: وزنی سامان اتارنے چڑھانے کی چرخی۔ ج بَکَر و بَکَرَات۔ کہا جاتا ہے "وَالبَکَرَاتُ شَرُّہُنَّ الصَّائِمَۃُ" چرخیوں میں سے بری وہ ہے جو گھومے نہیں۔ البَکرَۃ: جماعت۔ اور اسی سے ہے "جَاءُوا عَلٰی بَکرَۃِ اَبِیہِم" وہ سب کے سب آئے کوئی بھی باقی نہیں رہا۔

البَکَارَۃ: دوشیزگی۔ کنوارا پن۔

البِکرِیَّۃ والبُکُورِیَّۃ۔ البِکر کا اسم۔

البَاکُورَۃ: پہلا میوہ۔ ہر چیز کا پہلا۔ ج بَوَاکِیر و بَاکُورَات۔

البَکِیر والبَاکُور والبَکُور۔ ہر چیز میں سے پہلے تیار ہونے والا۔ موسم بہار کی ابتدا کی بارش۔

البَکِیرَۃ: پھل یا درخت خرما جو پہلے تیار ہو جائے۔ ج بَکَائِر۔

المُبکِر: فا۔ موسم بہار کی پہلی بارش۔

المِبکَار۔ پھل یا درخت خرما جو پہلے تیار ہو جائے۔ اَرضٌ مِبکَارٌ: جلدی اگانے والی زمین۔ ج مَبَاکِیر۔

بَکَسَہٗ (ن) بَکسًا۔ مغلوب کرنا۔

بَکَعَہٗ (ف) بَکعًا۔ بدن کے مختلف حصوں پر سخت مارنا۔ حجت سے مغلوب کرنا' بدسلوکی سے پیش آنا۔ کہا جاتا ہے "مَا اَدرِی اَینَ بَکَعَ" میں نہیں جانتا کہ وہ کہاں گیا۔ وبَکَعَ الشَّیَٔ: بخش دینا۔

بَکَّعَہٗ۔ ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔ حجت سے مغلوب کرنا۔ رَجُلٌ (اَبکَعُ) ہاتھ کٹا مرد۔

بَکَلَ (ن) بَکلًا و بَکَّلَ۔ الشَّیَٔ: ملانا ___ الرَّجُلُ: آٹا' ستو' گھی ملا کر کھانا تیار کرنا۔

تَبَکَّلَ۔ فِی الکَلَامِ: گڑبڑ گفتگو کرنا ___ ہٗ وَعَلَیہِ: گالی گلوچ مارپیٹ سے غالب آنا۔ ___ الشَّیَٔ: غنیمت سمجھ کر لینا ___ الرَّجُلُ: خوش عیشی کی زندگی بسر کرنا ___ فِی مِشیَتِہٖ: ناز سے چلنا۔

اِبتَکَلَ۔ الشَّیَٔ: غنیمت سمجھ کر لینا۔

اَلبِکلَۃ: حال۔ ہیئت۔ شکل و صورت۔ طبیعت۔ ج بِکَل۔

البَکَالَۃ والبَکِیلَۃ۔ ایک قسم کا کھانا جو آٹا' ستو' گھی یا روغن زیتون ملا کر تیار کیا جاتا ہے۔

البَکِیلَۃ: غنیمت۔

بَکِمَ (س) بَکَمًا و بَکَامَۃً: گونگا ہونا۔ صفت (اَبکَم) ج بُکم و (بَکِیم) ج بُکمَان۔

بَکُمَ (ک) بَکَامَۃً: جان بوجھ کر خاموش ہونا۔

تَبَکَّمَ۔ الکَلَامُ عَلَیہِ: گفتگو کا بند ہوجانا۔

بَکٰی (ض) بُکَاءً وَ بُکًی۔ رونا۔ صفت (بَاکٍ) ج بُکَاۃ۔ مؤنث بَاکِیَۃ ج بَاکِیَاتٌ و بَوَاکٍ۔

بَکّٰی و بَکٰی۔ المَیِّتَ: میت پر رونا۔

بَکّٰی واَبکٰی واِستَبکٰی۔ الرَّجُلَ: رلانا۔

تَبَاکٰی: رونے کی صورت بنانا۔ بتکلف رونا۔

البَکَّاءُ والبَکِیُّ: بہت رونے والا۔

التَّبکَاءُ والتِّبکَاء: گریہ یا کثرت گریہ۔

المَبکٰی: رونے کی جگہ ج مَبَاکٍ۔

بَلْ۔ حرف عطف ہے۔ سابق سے اضراب کیلئے آتا ہے جیسے "مَا ذَہَبَ زَیدٌ بَل عَمرٌو" میں حکم عمرو کے لیے ہے اور زید مسکوت عنہ کے حکم میں ہے۔

بَلَّہٗ (ن) بَلًّا و بِلَّۃً و بَلَلًا۔ بِالمَاءِ: تر کرنا

بَلَّ یَدَہٗ: دینا۔

بَلَّ (س) بَلَلًا وَ بَلَالًا۔ بِکَذَا: فتح مند ہونا۔ کامیاب ہونا۔ پالینا' جیسے "اِذَا بَلَّتْ بِقَائِمِہٖ

یَدِیْ" یعنی جبکہ اس کے قبضہ پر میرا ہاتھ پہنچے۔

بلَّ (ض) بَلَلاً وَ بَلاً وَ بُلُولاً۔ مِنْ مَرَضِہٖ : صحت یاب ہونا۔ چنگا ہونا (ـــــ بَلاً فِی الْاَرْضِ) جانا (ـــــ بُلُولاً) الرِّیْحُ : سرد ہوا کا چلنا۔

اَبَلَّ۔ الشَّجَرُ : پھلدار ہونا ـــــ الْعُوْدُ : لکڑی میں تری کا ہونا۔ مِنْ مَرَضِہٖ : صحت یاب ہونا۔ اَبَلَّہٗ فِی الْاَرْضِ : لے جانا۔

بَلَّلَ۔ الثَّوبَ : تر کرنا۔

تَبَلَّلَ وَابْتَلَّ۔ تر ہونا ـــــ وَاسْتَبَلَّ مِنْ مَرَضِہٖ : صحت یاب ہونا۔

البِلُّ : صحت و شفا۔ مباح۔ اور اسی سے عباس ؓ کا قول ہے "لَا اُحِلُّھَا لِمُغْتَسِلٍ وَھِیَ لِشَارِبٍ حِلٌّ وَبِلٌّ" میں اس کو نہانے والے کے لیے حلال قرار نہیں دیتا اور وہ پینے والے کیلئے حلال و مباح ہے۔ چالاک۔ کہا جاتا ہے "ھُوَ بِلُّ اَبْلَالٍ" وہ بڑا چالاک ہے۔

البَلَّۃُ : جوانی کی تروتازگی۔

البِلَّۃُ : تری۔ رزق۔ خیر۔

البَلَالُ وَالْبِلَالُ وَالْبُلَالُ : تری، پانی، دودھ یا پانی کا اتنا حصہ جو حلق کو تر کر دے۔

البُلَالَۃُ : اتنی مقدار جس سے کوئی چیز تر کی جا سکے۔ تھوڑی سی چیز۔ تری۔

البَلَلُ : بیج۔

البَلِیْلُ وَالْبَلِیْلَۃُ۔ نمی کے ساتھ ٹھنڈی ہوا۔

البَلِیْلَۃُ : صحت۔

ذُوْ بِلِّیٍّ و بِلِّیٍّ و بِلِّیَّانٍ : دور کی غیر معلوم جگہ۔ کہا جاتا ہے "ھُوَ بِذِیْ بِلِّیٍّ" وہ دور کی غیر معلوم جگہ میں ہے۔

الاَبَلُّ : بدکار۔ بڑا جھگڑالو۔ سخت بخیل۔ مونث بَلَّاءُ۔ ج بُلٌّ۔ اور کہا جاتا ہے "لَا شَیْءَ اَبَلُّ لِلْجِسْمِ مِنْ کَذَا" جسم کے لیے اس سے زیادہ کوئی چیز موافق نہیں۔ صَفَاۃٌ بَلَّاءُ : چکنا پتھر۔

البَلَّانُ : حمام میں نہلانے والا۔ مونث بَلَّانَۃٌ۔ والبَلَّانُ ج بَلَّانَاتٌ : حمام۔

البُلْلَۃُ : ہیئت و حال۔ کہا جاتا ہے "طَوَیْتُ السِّقَاءَ عَلٰی بُلُلَتِہٖ وَ بَلَلَتِہٖ" مشک کو باوجود اس کی تری کے میں نے لپیٹ لیا۔ وَطَوَیْتُ فُلَانًا عَلٰی بَلَلَتِہٖ وَ بُلُلَتِہٖ وَ بَلَّتِہٖ و بُلَّتِہٖ و بُلَالَتِہٖ : باوجود عیب کے میں نے فلاں کو برداشت کیا۔

المِبَلُّ۔ بروزن مِفْعَلٍ : مستقل۔ کہا جاتا ہے "خَصْمٌ مِبَلٌّ" یعنی مستقل جھگڑالو۔

البَالُوْلُ۔ تھوڑا پانی۔

البَلْبَالُ وَالْمُبَلْبِلُ۔ بہت شور کرنے والا مور۔

مُتَبَلْبِلٌ : شیر۔

بَلْبَلَ بَلْبَلَۃً وَ بَلْبَالاً۔ القَوْمَ : بھڑکا دینا۔ جوش دلانا۔ غم میں مبتلا کر دینا ـــــ الْاَلْسِنَۃَ : مخلوط کرنا ـــــ الْاَمْتِعَۃَ : متفرق کرنا۔ بکھیرنا ـــــ الْاِرَاءَ : خراب کرنا۔ بگاڑنا۔

تَبَلْبَلَ۔ بھڑکنا۔ غم میں مبتلا ہونا۔

البُلْبُلُ۔ بلبل۔ ج بَلَابِلُ۔ بُلْبُلُ الْاِبْرِیْقِ : لوٹے کی ٹونٹی۔ عوام کے نزدیک بلبل بچوں کا ایک کھیل بھی ہے جس کے لیے فصیح لفظ "دُوَّامَۃٌ" (لٹو) ہے۔

البَلْبَالُ : شدتِ غم۔ بھیڑیا۔

بَلَتَ (ض) بَلْتًا۔ الشَّیْءَ : کاٹنا۔

بَلَتَ (ن) بَلْتًا وَ بَلِتَ (س) بَلَتًا وَانْبَلَتَ۔ کٹنا۔

بَلُتَ (ک) بَلَاتَۃً : فصیح ہونا۔

اَبْلَتَہٗ : یَمِیْنًا : قسم دلانا۔ اَبْلَتَ الرَّجُلُ : گفتگو سے رک جانا۔

البَلِیْتُ وَالْبِلِّیْتُ۔ مختصر کلام کرنے والا۔ فصیح۔ خوش بیان۔ عقلمند۔

المُبَلَّتُ : آراستہ کلام۔

البَلْتَعُ : ماہر۔ ہر چیز کا جاننے والا۔

البَلْتَعِیُّ : زبان آور۔ فصیح۔

البَلِیْثُ : دو سالہ پرانا چارہ جو سیاہ ہو گیا ہو۔

بَلَجَ (ن) بُلُوْجًا وَ اَبْلَجَ وَ تَبَلَّجَ وَانْبَلَجَ وَابْتَلَجَ۔ الصُّبْحُ : روشن ہونا۔

بَلِجَ (س) بَلَجًا۔ صَدْرُہٗ : مطمئن ہونا ـــــ الْحَقُّ : واضح ہونا۔ ظاہر ہونا۔ صفت (ابلج) مونث بَلْجَاءُ وَ الْاَبْلَج : علیحدہ علیحدہ ابروؤں والا۔

تَبَلَّجَ۔ اِلَیْہِ : ہنسنا۔ خوش ہونا۔

اِبْلَاجَّ وَابْلَاجَّ اِبْلِیْجَاجًا : ظاہر ہونا۔ واضح ہونا۔

البُلْجَۃُ وَالبَلْجَۃُ : سپیدۂ صبح (ـــــ والبَلَجَ) ابروؤں کے درمیان کشادگی۔

البَلْجَۃُ : دبر۔ اور بَلْحَۃ بالحاء افصح ہے۔

البَلْجُ وَالبَلِیْجُ۔ کشادہ رو۔

بَلَحَ (ف) بَلْحًا۔ الثَّرٰی : خشک ہونا۔ ـــــ الْبِئْرُ : پانی ختم ہونا۔ صفت (بَلُوح) ـــــ الرَّجُلُ بِالْاَمْرِ : انکار کرنا ـــــ الغَرِیْمُ : مفلس ہونا ـــــ الرَّجُلُ بِشَھَادَتِہٖ ـــــ چھپانا۔ (ـــــ بُلُوْحًا و بَلَّحَ و تَبَلَّحَ) تھکنا۔ عاجز ہونا۔ کہا جاتا ہے "بَلَحَ وَبَلَّحَ عَلَیَّ" یعنی میں نے اس کے پاس کچھ نہیں پایا۔

اَبْلَحَ۔ النَّخْلُ : کچی کھجوروں والا ہونا۔

بَالَحَ۔ القَوْمَ : حق نہ ہوتے ہوئے جھگڑنا اور غالب ہو جانا۔

تَبَالَحَا : باہم انکار کرنا۔

البَالِحُ : زمین جس میں کچھ نہ اُگے۔ ج بَوَالِح۔

البَلَحُ : کچی کھجور۔ کھجور کی ابتدائی حالت کو طلع کہتے ہیں، پھر اس کے بعد خَلال پھر بَلَح پھر بُسْر، پھر رُطَب، پھر تَمْر۔

البُلَحُ : ایک پرندہ جو گدھ سے بڑا ہوتا ہے۔ ج۔ بِلحان۔

البَلُوح : اندھا کنواں۔ قطع رحمی کرنے والا۔

بَلِخَ (س) بَلْخًا و تَبَلَّخَ۔ تکبر کرنا۔ بیوقوف ہونا۔ صفت (اَبْلَخ) مونث بَلْخَاء و (بِلْخ و بَلِخ)

البَلْخُ والبَلَاخُ۔ ایک قسم کا درخت جس کو شاہ بلوط کہتے ہیں۔

البَلَخْشُ۔ ایک قسم کا قیمتی جوہر۔

بَلَدَ (ن) بُلُوْدًا۔ بِالْمَکَانِ : اقامت کرنا۔ شہر بنانا۔ صفت (بَالِد) ج بَلَدَۃ۔

بَلِدَ (س) بَلَدًا : کشادہ ابرو ہونا۔ صفت (ابلد)

بَلُدَ (ک) بَلَادَۃً۔ سست و کند خاطر ہونا۔ صفت (بَلِیْد و اَبْلَد)

بَلَّدَ : کمزور رائے والا ہونا۔ کم ہمت ہونا۔ ـــــ الفَرَسُ : آگے نہ بڑھنا ـــــ السَّحَابَۃُ : نہ برسنا۔ ـــــ الرَّجُلُ : بخل کرنا ـــــ ہٗ اِلَی اِضْطِلَاحِ الْبَعْضِ : مسکونہ جگہ کی آب و ہوا کا

عادی بنانا۔ اور اسی سے ہے "حَدِیْقَةُ التَّلْبِیْدِ" وہ باغ جس میں غیر جگہ کے حیوان یا نباتات کو آب و ہوا کا عادی بنایا جائے۔

اَبْلَدَ : اَلْقَوْمُ : شہر میں ہمیشہ رہنا۔ اَبْلَدَهُ الْبَلَدَ : شہر میں ہمیشہ رکھنا۔

بَالَدَ : تلوار یا ڈنڈوں سے جنگ کرنا۔

تَبَلَّدَ : سست و کند خاطر ہونا۔ کند ذہنی ظاہر کرنا۔ افسوس کرنا ___ الرَّجُلُ : دونوں ہاتھوں سے تالی بجانا ___ الصُّبْحُ : روشن ہونا۔

___ الْقَوْمُ : غیر آباد شہر میں آباد ہونا۔

الْمَبْلُود : متحیر۔

الْبَلْدَةُ و الْبَلَدُ۔ ج بِلَاد و بُلْدَان : ہر ایک جگہ آباد یا غیر آباد۔ الْبَلَد : قبر۔ و الْبَلْدَة : سینہ۔ کہا جاتا ہے "هُوَ وَاسِعُ الْبَلْدَةِ" وہ کشادہ سینہ والا ہے۔ شہر۔ ہتھیلی۔ کہا جاتا ہے "ضَرَبَ بَلْدَتَه عَلٰی بَلْدَتِه" یعنی اپنی ہتھیلی کو اپنے سینہ پر مارا۔

الْبُلْدَان۔ بصرہ و کوفہ۔

الْبَلُّوْرُ و الْبِلَّوْر۔ ایک قسم کا شیشہ۔ ایک قسم کا سفید و شفاف جوہر۔

تَبَلَّرَ و تَبَلْوَرَ۔ بلور کے مشابہ ہونا۔

الْاِبْلِیْزُ وَطِیْنُ الْاِبْلِیْزِ : مصر کی وہ مٹی جو دریائے نیل زمین سے بہالا کر چھوڑ جاتا ہے۔

اَبْلَسَ : بے خیر ہونا۔ شکستہ دل ہونا۔ غمگین ہونا ___ مِنْ رَحْمَةِ اللّٰهِ : مایوس ہونا ___ فِیْ اَمْرِهٖ : متحیر ہونا۔ صفت (بَلِسٌ و مُبْلِسٌ)

___ فُلَانٌ : غم کی وجہ سے خاموش ہونا۔

اَبْلَسَهٗ : متحیر کر دینا۔

الْبَلَس : بے خیر آدمی۔

الْبَلَاس : ٹاٹ۔ بالوں سے بنا ہوا فرش ج بُلُس۔

الْبَلَّاس : ٹاٹ بیچنے والا۔

مَا ذُقْتُ عَلُوْسًا وَلَا بَلُوْسًا۔ یعنی میں نے کچھ نہیں چکھا۔

اِبْلِیْس : شیطان کا عَلَمِ جنس۔ ج اَبَالِیْس و اَبَالِسَة۔

بَلْسَمَ : مکروہ چہرہ والا ہونا۔ مبتلائے برسام ہونا۔

بَلْسَمَ و تَبَلْسَمَ۔ گھبراہٹ کی وجہ سے خاموش ہونا۔ و بَلْسَمَ : مکروہ چہرہ والا بنا دینا۔

الْبَلَسْم : گوند کی قسم کا ایک مادہ ہے۔ جس کا زخم پر لیپ لگایا جاتا ہے۔

الْبِلْسَام : برسام (ایک بیماری کا نام)

الْبُلْسُن : مسور۔ مسور کے مشابہ ایک قسم کا دانہ۔

الْبَلَسَان : ایک درخت ہے جس کے پھول چھوٹے سفید رنگ کے ہوتے ہیں اور پتے تلی کے مانند اور اس سے خوشبودار تیل نکلتا ہے۔

الْبَلَشُوْن۔ بگلا۔

بَلَصَ۔ فُلَانًا مِنْ مَالِهٖ : لے لینا۔

بَالَصَهٗ۔ کسی پر کود پڑنا۔ حملہ کر بیٹھنا۔

تَبَلَّصَ۔ الشَّیْءَ : پوشیدہ طور سے طلب کرنا۔

تَبَلَّصَتِ الْغَنَمُ : کم دودھ والی ہونا۔

الْبَلَصُوْص : ایک قسم کا پرندہ۔ ج بَلَنْصٰی۔

بَلَطَ (ن) بُلُوْطًا و بَلَّطَ و اَبْلَطَ۔ الدَّارَ : پتھروں کا فرش لگانا۔ "و بَلَّطَ الرَّجُلُ" چلنے میں تھکنا۔ بَلَّطَ اُذُنَهٗ : گوشمالی کرنا۔ کہا جاتا ہے "اِذَا هَفَا صَبِیُّكَ فَبَلِّطْ لَهٗ" جب تمہارا بچہ بکے تو اس کی گوشمالی کرو۔

اَبْلَطَ۔ اللِّصُّ الرَّجُلَ : سب کچھ چرا لینا۔ ___ و اُبْلِطَ) محتاج و فقیر ہونا۔

بَالَطَ و تَبَالَطَ۔ الْقَوْمُ : تلوار سے لڑنا۔ وَبَالَطَهٗ : چھوڑ کر بھاگ جانا۔ بَالَطَ فِیْ اَمْرِهٖ : مبالغہ کرنا ___ السَّابِحُ : تیراکی میں کوشش کرنا۔

الْبَلَاط : ہموار زمین۔ پتھر کے چوکے جو فرش لگانے کے کام میں آتے ہیں اور اسی سے بَلَاطُ الْمَلِك ہے بمعنی محل شاہی اور مجازاً بمعنی مجلس شاہی۔

الْبُلُط۔ لشکر سے بھاگنے والے۔

الْبَلُّوْط : ایک بڑا درخت ہے جس کا تنہ موٹا اور لکڑی مضبوط ہوتی ہے اور اس کی چھال سے دباغت دیتے ہیں اور اس کا پھل کھایا جاتا ہے۔ بلوط کا پھل۔

بَلُّوْطُ الْاَرْضِ : ایک قسم کی گھاس ہے جس کے پتے کاسنی کے مانند ہوتے ہیں۔

بَلُّوْطُ الْمَلِك : اخروٹ' و شاہ بلوط : ایک قسم کا جنگلی درخت جس کی لکڑی سخت اور مضبوط' پھل گول اور پتیوں کے کنارے کٹاؤ دار ہوتے ہیں۔

الْبَلْطِیّ : ایک قسم کی مچھلی۔

بَلْطَحَ : اپنے آپ کو زمین پر پھینکنا۔

___ الشَّیْءَ : چوڑا کرنا۔

تَبَلْطَحَ : چوڑا ہونا۔

بَلِعَ (ف) بَلْعًا و اِبْتَلَعَ۔ الشَّیْءَ : نگلنا۔

بَلَّعَهٗ و اَبْلَعَهٗ : نگلوانا۔ اور کہا جاتا ہے "بَلِّعْهُ رِیْقَهٗ" اس نے اس کو تھوک نگلنے کی مدت کی مہلت دی۔ (بَلَّعَ و تَبَلَّعَ) :

الشَّیْبُ فِیْ رَاْسِهٖ : بڑھاپا ظاہر ہونا۔

وَ تَبَلَّعَهٗ : گھونٹ لینا۔

الْبُلْعَة : چکی کا سوراخ۔ ج بُلَع۔

الْبُلَعَة : بہت کھانے والا امرد۔

الْبَلُوْع : بہت نگلنے والا۔

الْمَبْلَع : حلق۔

الْمِبْلَع : بہت کھانے والا۔

الْبَالُوْعَةُ و الْبَلَّاعَةُ و الْبَلُّوْعَة ج بَوَالِیْع و بَلَالِیْع : موری۔ بدرو۔

بَلْعَمَ : اللُّقْمَةَ : نگلنا۔

الْبُلْعُم و الْبُلْعُوم : حلق۔ ج بَلَاعِم۔

الْبَلْعَم : بہت کھانے والا۔ تیز نگلنے والا۔

بَلَغَهٗ (ن) بُلُوْغًا : پہنچنا ___ الثَّمَرُ : پکنا ___ الْغُلَامُ : بالغ ہونا۔ صفت (بَالِغ) مؤنث (بَالِغَةٌ و بَالِغ) ___ الْعِلَّةُ : تیز ہونا۔ اور کہا جاتا ہے "بَلَغَ مِنِّیْ كَلَامُكَ" تمہاری گفتگو سے میں بہت متاثر ہوا۔

بُلِغَ۔ الرَّجُلُ : مبتلائے مشقت ہونا۔

بَلُغَ (ک) بَلَاغَةً : بلیغ ہونا۔ صفت (بَلِیْغ) ج بُلَغَاء۔

بَلَّغَهٗ و اَبْلَغَهٗ۔ اِلَیْهِ : پہنچانا۔ بَلَّغَ عَنْهُ الرِّسَالَةَ اِلَی الْقَوْمِ : پیغام رسانی کرنا۔ بَلَّغَ الْفَارِسُ : تیز دوڑنے کے لیے لگام کو بڑھانا۔

بَالَغَ۔ فِی الْاَمْرِ : مبالغہ کرنا۔

تَبَلَّغَ۔ بِالشَّیْءِ : اکتفا کرنا۔ قناعت کرنا۔

___ بِهِ الْعِلَّةُ : تیز ہونا۔

تَبَالَغَ۔ فِیْهِ الْمَرَضُ : سخت ہونا اور انتہا کو پہنچنا ___ الرَّجُلُ فِی الْكَلَامِ : بتکلف بلاغت سے کام لینا ___ الدَّبَّاغُ فِی الْجِلْدِ : دباغت کا کمال میں اچھی طرح سے ہونا۔

الْبِلْغَ والبَلْغ :بلیغ-خوش بیان-انتہا کو پہنچنے والا- کہا جاتا ہے "هُوَ اَحْمَقُ بِلْغ" وہ انتہائی بیوقوف ہے-ایساہی "هِيَ حَمْقَاءُ بِلْغَةٌ" اور کہا جاتا ہے "اَمْرُ اللّٰهِ بَلْغٌ" اللہ تعالیٰ کا حکم نافذ ہے- "وجَيْشٌ بَلْغٌ" ہر جگہ کو پہنچنے والا لشکر-

رَجُلٌ (بِلْغٌ مِلْغٌ) خبیث مرد-

البَلْغَة-انتہائی بیوقوفی-

البُلْغَةُ و البَلاَغ و التَبَلُّغ :گزارہ کی مقدار-

البَلاَغ : پیغام ــــ کسی چیز تک پہنچنا- کفایت-کتاب جس میں کسی مسئلہ کا حکم بیان کیا جائے- ج بَلاغات- البَلاغات : چغل خوریاں-

البَالِغ- سن بلوغ کو پہنچنے والا- کہا جاتا ہے "غُلاَمٌ بَالِغٌ و جَارِيَةٌ بَالِغٌ وَ بَالِغَةٌ-وَ اَمْرٌ بَالِغٌ" نافذ حکم-

البَالغَاء :جانور کے پائے-

البَلاغِي و البُلاَغِي-مافی الضمیر کو فصیح و بلیغ عبارت میں ادا کرنے والا-

الْاَبْلَغ : ہر وہ چیز جس کو انتہا درجہ تک پہنچا دیا گیا ہو-

المَبْلَغ :روپے پیسے کی مقدار- کسی چیز کی حد وانتہا-ج مَبالغ-

التَبْلِيغ و التَبْلِغة : چھوٹی رسی جس کو بڑی رسی میں باندھیں تاکہ پانی تک پہنچ جائے-

البَلْغَمْ- قدماء اطباء کی اصطلاح میں اخلاط اربعہ میں سے ایک خلط کا نام-

بَلَقَ (ن) بُلُوقًا : جلدی کرنا (ــــ و اَبْلَقَ) البَابَ :چوپٹ کھول دینا یا جلدی سے بند کر دینا-

بَلَقَ الجَارِيَةَ :بکارت زائل کرنا-

بَلِقَ (س) وَبَلُقَ (ک) بَلَقًا وَ اَبْلَقَ وَ اِبْلَقَّ و اِبْلاَقَّ و اِبْلَوْلَقَ-سیاہ اور سفید داغوں والا ہونا- صفت (اَبْلَق) مؤنث بَلْقَاء-ج بُلْقٌ-

بَلِقَ (س) بَلَقًا- متحیر ہونا-ششدر رہنا-

اِنْبَلَقَ :البَابُ :بالکل کھلنا-

اِبْتَلَقَ :چمکنا-

البَلَقَ : سنگ مرمر- بڑا خیمہ- بالوں کا خیمہ (ــــ و البُلْقَة) سیاہی و سفیدی-

الْاَبْلَقُ الفَرْد : سموال بن عادیا کا قلعہ جو سفید سیاہ پتھروں سے بنا ہوا تھا- کہا جاتا ہے "طلب الابلق العقُوقَ" یعنی اُس نے غیر ممکن چیز کو طلب کیا-اس لیے کہ ابلق نر کو اور عقوق حاملہ کو کہتے ہیں-

البَلُّوق و البَلُّوقَة :جنگل- زمین کا وہ حصہ جہاں کچھ نہ اُگے-ج بَلاَلِيق-

البَالُوقَة : موری- بدرو (بالوعہ میں ایک لغت ہے)

المُبَلَّق :سیاہ سفید داغوں والا-

بَلْقَعَ :الْمَكَانُ : خالی ہونا- صفت (بَلْقَع) کہا جاتا ہے "دَارٌ بلقَعٌ" خالی مکان-

البَلْقَع و البَلْقَعَة- خالی زمین- ج بَلاَقِع (البلقع والمرأة البَلْقَعَة) ہر خیر سے خالی عورت-

البَلْقَعِيّ :صاف- کہا جاتا ہے "سهم او سِنان بلقعي" یعنی صاف پھل والا تیر یا نیزہ-

بَلَّمَ :الرَّجُلَ :بُرائی بیان کرنا-

اُبْلِمَتْ : شَفَتُهُ : سوجے ہوئے ہونٹ والا ہونا-صفت(اَبْلَم) البَلْمَةَ :ہونٹ کی سوجن-

البَلَم :ایک قسم کی چھوٹی مچھلی-

البَلْمَاء :پورے چاند کی رات-

بَلِهَ (س) بَلَهًا و بَلاَهَةً ضعیف العقل ہونا- کمزور رائے والا ہونا- صفت(اَبْلَه) مؤنث بَلْهَاء ج بُلْه-

اَبْلَهَ-الرَّجُلَ :بیوقوف پانا-

تَبَلَّهَ :بیوقوف ہونا- حجت میں عاجز ہونا-

ــــ الطَّرِيقَ : بغیر رہنمائی اور پوچھ پاچھ کے چلنا-گم شدہ چیز کو ڈھونڈنا-

بَالَهَهُ :فریب دینا-

تَبَالَهَ :بتکلف بیوقوف بننا-

بَلْهَ :چھوڑ دے(اسم فعل ہے)

بُلَهْنِيَة :الْعَيْشِ :زندگی کی فراخی و آسودگی-

بَلْهَسَ- تیز چلنا-

بَلْهَصَ-خوف سے بھاگنا-

بَلاَ (ن) بَلْوًا و بَلاَءً-الرَّجُلَ : آزمانا- تجربہ کرنا- امتحان لینا-

بَلِيَ (س) بِلًى و بَلاَءً- الثَوْبُ :بوسیدہ ہونا- صفت(بَالٍ و بَلِيٌّ)

بَلّٰى تَبْلِيَة و اَبْلَى اِبْلاَءً- الثَوْبَ : بوسیدہ کرنا-

بَالَى مُبَالاَةً و بلاءً و بَالَةً و بَالاً- الامْرَ وَ بِالْاَمْرِ :پروا کرنا-

بَالاَه :مقابلہ پر فخر کرنا-ایک دوسرے کو گھٹانا-

اَبْلَى- فُلاَنًا عُذْرَه : کسی کے سامنے عذر پیش کرنا اور اس کا قبول کرنا- ملامت زائل کرنے کیلئے عذر بیان کرنا ــــ فِي الْحَرْبِ بَلاَءً حَسَنًا :میدان جنگ میں شجاعت ظاہر کرنا-

ــــ هُ يَمِينًا : قابل اطمینان قسم کھانا-

تَبَالاَه : آزمائش کرنا-

اِبْتَلَى- قسم کھلانا ــــ هُ : آزمائش کرنا-

ــــ الشَّيئَ :پہچاننا-

اِستَبْلَى-هُ : آزمائش کرنا-

اِبْلَوْلَى-العُشْبُ :دراز ہونا-

اَلْبَلْوَى و البَلْوَة و البِلْيَةُ و البَلِيَّة مصیبت- آزمائش-ج بَلاَيَا-

البَلاء- غم جو جسم کو گھلا دے- آزمائش خواہ خیر سے ہو یا شر سے-

البِلْوُ و البِلْيُ :پُرانا' بوسیدہ- کہا جاتا ہے "هُوَ بِلْوُ اَسْفَارٍ وَ بِلْيُهَا" وہ سفر اور تجربہ میں پرانا ہوا ہے- یعنی بڑا تجربہ کار ہے "وَبِلْوُ شَرٍّ وَ بِلْيُهُ" وہ شر میں مبتلا ہے اور اس پر غالب ہے-ج اَبْلاء-

البَلِيَّةُ- وہ اُونٹنی جس کو اس کے مالک کی قبر پر زمانہ جاہلیت میں باندھ دیا کرتے تھے اور چارہ پانی کچھ نہیں دیتے تھے یہاں تک کہ وہ مرجاتی تھی-

المُبَلِّيَات : میت کے تابوت کے اِرد گرد نوحہ کرنے والی عورتیں-

بَلَى : حرفِ تصدیق ہے- بمعنی ہاں- اکثر استفہام کے جواب میں واقع ہوتا ہے- اور ایجاب کیلئے مختص ہے خواہ اس سے پہلے مثبت ہو یا منفی- جیسے "أَقَامَ زَيْدٌ" کیا زید کھڑا ہوا-اس کے جواب میں "بَلَى" کا مطلب ہے کہ ہاں کھڑا ہوا- "اَمَا قَامَ زَيْد" کیا زید نہیں کھڑا ہوا- اُس کے جواب میں "بَلَى" کا مطلب یہ ہے کہ ہاں کھڑا ہوا-

البَمُّ- مِنَ العُود : بربط کا موٹا تار- بربط کی موٹی آواز-ج بُمُوم (جدید)

بَنَّ (ض) بَنًّا و اَبَنَّ - بِالْمَكَانِ : اقامت کرنا۔ اَبَنَّتِ السَّحَابَةُ : کئی روز تک برسنا۔

بَنَّنَ : الشَّاةَ : بکری کو موٹا کرنے کیلئے باندھنا۔

تَبَنَّنَ : جلدی نہ کرنا۔

البَنَان : پورے۔ انگلیوں کے اطراف۔ انگلیاں۔

البَنَانَة۔ البنان کا واحد۔ انگلی۔ اوپر کا پورا۔ ج بَنَانَات۔

البُنَانَة : سرسبز باغ۔

اَلْبُنُّ۔ ایک درخت کا دانہ ہے جس سے قہوہ بنایا جاتا ہے۔

مَكَانٌ (بِنٌّ) بدبودار جگہ۔ البِنُّ : چربی۔ فربہی۔

البِنَّة : خواہ اچھی ہو یا بری۔

البَنِين : موٹا۔ دور اندیش، عاقل۔

بَنَّتَ۔ عَنْه : خبر دریافت کرنا ــــــ هُ بِكَذَا : خاموش کر دینا۔

بَنَجَ (ن) بَنْجًا۔ اصل کی طرف لوٹنا۔

بَنَّجَهُ : بھنگ پلا کر سلا دینا۔

البَنْج : بھنگ۔

البِنْج : اصل۔ جڑ۔

البَنْجكِشْت : لونگ۔ (جدید)

البَنْجَرَة۔ توپ کا دہانہ ج بَنَاجِر (جدید)

البَنْد : بڑا جھنڈا۔ جمیل۔ کتاب کی فصل یا فقرہ۔ قید۔ حیلہ۔ ج بُنُود۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ كَثِيرُ البُنُود" فلاں بہت حیلوں والا ہے۔ (جدید)

البَنْدَر۔ بندگارہ۔ سمندر کے کنارے کا شہر۔ شہر میں تاجروں کے قیام کی جگہ ج بَنَادِر (جدید) (الشَّاهبَنْدَر) سوداگروں کا رئیس۔

بَنْدَقَ۔ اِلَيْهِ : تیز نظر ڈالنا۔

البُنْدُق۔ بندوق کی گولی۔ ایک درخت کا نام۔ واحد بُنْدُقَة۔ بندق درخت کا پھل۔

البُنْدُقِيَّة۔ بارود۔ اٹلی کے ایک شہر کا نام۔

بَنِسَ (س) بَنَسًا وَاَبْنَسَ۔ برائی سے گریز کرنا۔

بَنَّسَ : عَنْه : پیچھے ہٹنا۔

البِنْصِر۔ چھنگلیا اور بیچ کی انگلی کے درمیان کی انگلی۔ ج بَنَاصِر (مؤنث) خِنْصِرٌ۔

البَنَفْسَج : بنفشہ (البَنَفْش)

بَنَقَ (ن) بَنْقًا و اَبْنَقَ و بَنَّقَ۔ اِلَيْه : پہنچنا۔ بَنَّقَ الكَلَامَ : جمع کرنا۔ درست کرنا۔

ــــــ الكَذِبَ : گھڑنا ــــــ بِالْمَكَانِ : اقامت کرنا ــــــ الشَّيْءَ : کسی چیز کا قلادہ ڈالنا ــــــ ظَهْرَهُ بِالسَّوطِ : زخمی کرنا ــــــ القَمِيصَ : گریبان لگانا۔

البَنِيقَةُ و البَنِقَةُ : گریبان۔

طَرِيْقٌ (مُبَنَّق) کشادہ راستہ۔

البُنْقُوس۔ خربوزہ کا شگوفہ۔ ج بَنَاقِيس۔

بَنَّكَتِ الْجَارِيَتَانِ : قبیلہ سے باہر ہو کر دونوں کا ایک دوسرے کو اپنے اپنے قبیلہ کی خبر بتانا۔

تَبَنَّكَ۔ بِالْمَكَانِ وَفِيهِ : اقامت کرنا۔

ــــــ فِي عِزِّهِ : جاگزیں ہونا۔

البُنْك : جڑ۔ رات کا حصہ۔ کہا جاتا ہے "مَضَى بُنْكٌ مِنَ اللَّيْلِ" رات کا حصہ گزر گیا۔

البَنْك : بینک۔ ج بُنُوك (اس کی عربی معرف ہے۔)

البَنَام : پورا (بنان کے نون کو میم سے بدل لیا گیا ہے۔)

بَنَى (ض) بَنْيًا و بِنَاءً و بُنْيَانًا و بِنْيَةً و بِنَايَةً۔ البَيْتَ : تعمیر کرنا ــــــ الأَرْضَ : آباد کرنا۔ مکانات بنانا ــــــ علی اَهْلِهِ و بِهَا : پہلی رات میں بیوی کے پاس جانا ــــــ الرَّجُلُ : بہتر سلوک کرنا ــــــ الطَّعَامُ بَدَنَه : موٹا کرنا ــــــ الكَلِمَةَ : مبنی بنانا ــــــ عَلٰى كَلَامِهِ : کسی کے کلام کی نقل کرنا۔

بَنَّاهُ تَبْنِيَةً۔ بنانا۔ تشدید کثرت کیلئے ہے۔

اَبْنَاهُ۔ عمارت بخشنا۔ یا سامان تعمیر دینا۔ مکان بنوانا۔

بَانَاهُ۔ تعمیر میں مقابلہ کرنا۔

تَبَنَّى۔ هُ : بیٹا بنانا ــــــ الرَّجُلُ : بنے ہوئے گھر کی مانند ہونا۔ اسی سے ہے "إِذَا جَلَسَتْ تَبَنَّتْ" یعنی جب بیٹھتی ہے تو گھر کے مانند معلوم ہوتی ہے۔

اِبْتَنَى۔ بَيْتًا : بنانا ــــــ الرَّجُلُ : بیٹوں والا ہونا ــــــ الرَّجُلَ : احسان و سلوک کرنا۔

ــــــ عَلٰى اَهْلِهِ وَبِهَا : پہلی رات میں بیوی کے پاس جانا۔

اِسْتَبْنَى۔ المَنْزِلَ : گرا کر بنانا ــــــ الرَّجُلُ : دلہن لانا۔

البِنَاء : عمارت۔ ج اَبْنِيَة و جج اَبْنِيَات۔ اور کہا جاتا ہے "بِنَاءً عَلَيْهِ" نصب کے ساتھ اس وجہ سے کہ مفعول لہ ہے۔

البِنَايَة : مص۔ شرف۔

البُنْيَة وَالْبِنْيَة۔ عمارت۔ ج بُنًى و بِنًى وَالْبِنْيَة : ڈھانچہ۔ شکل۔ فطرت۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ صَحِيحُ الْبِنْيَةِ" فلاں صحیح الفطرت ہے بِنْيَةُ الْكَلِمَةِ : صیغہ اور مادہ۔

البُنْيَان۔ مص۔ عمارت۔ کہا جاتا ہے "كَاَنَّهُمْ بُنْيَانٌ مَرْصُوْص" گویا وہ لوگ مضبوط عمارت کی مانند ہیں۔

البَانِي : فا۔ ج بُنَاة۔ مؤنث بَانِيَةٌ ج بَوَانِي۔

البَوَانِي۔ سینہ کی پسلیاں۔ اونٹنی کی ٹانگیں اور اسی سے ہے "بَنَى البَيْتَ عَلٰى بَوَانِيهِ" اس نے گھر کو اس کی بنیاد پر بنایا۔

البَنَّاء۔ معمار۔ ج بَنَّاؤُون۔

الإِبْن۔ بیٹا۔ ج بَنُون و اَبْنَاء۔ تصغیر بُنَيٌّ اور نسبت کیلئے اِبْنِيّ اور بَنَوِيٌّ (اصل کے لحاظ سے اور ہمزہ وصل کو ساقط کر کے) مؤنث ابنة۔ اِبْنُ السَّبِيلِ : مسافر۔ اِبْنُ جَلَا : مشہور آدمی۔ اِبْنُ لَيْلِهَا : بڑے کام والا۔ اِبْنُ ذُكَاء : صبح اِبْنُ الطَّوْد : آواز بازگشت۔ "هُوَ اِبْنُ يَوْمِهِ" وہ ایسا شخص ہے جو کل آئندہ کی فکر نہیں کرتا۔ "هُوَ اِبْنُ بَطْنِهِ" وہ ایسا شخص ہے جس کو ہمیشہ اپنے پیٹ ہی کی فکر رہتی ہے۔

الإِبْنَم۔ بیٹا۔ میم زائد ہے اور اعراب میں نون میم کے تابع رہتا ہے۔

البِنْت : ج بَنَات : بیٹی۔ اور نسبت کیلئے بِنْتِي وبنوِيّ۔ بِنْتُ الشَّفَة : کلمہ ــــــ الأَرْضِ : کنکری ــــــ اليَمَنِ : قہوہ ــــــ العَيْنِ : آنسو ــــــ العُنْقُود اَوِ الكَرْم : شراب۔ بَنَاتُ الدَّهْر : وَبَنَاتُ طَبَق : سختیاں۔ بَنَاتُ اللَّيلِ وَ بَنَاتُ الصَّدْر : افکار۔ بَنَاتُ اَخْدَر : جنگلی گدھے۔ بَنَاتُ الْمِجَالِ : عورتیں۔ بَنَاتُ الأَرْضِ : چھوٹی چھوٹی ندیاں۔

بَنَاتُ نَعْشِ الْكُبْرٰى : سات ستارے جو

قطب شمالی کی جانب دکھائی دیتے ہیں۔ اور اسی کے مانند بَنَاتُ نَعْشِ الصُّغْرٰی ہیں۔

البَنِيَّة : عمارت۔ خانہ کعبہ۔ (البَنِيَّةُ الْخَضْرَاء) آسمان۔

بُنَيَّاتُ الطَّرِيْقِ : چھوٹے چھوٹے راستے جو بڑے راستے سے نکلے ہوں۔ اور اسی سے ہے "دَعْ بُنَيَّاتِ الطَّرِيْقِ" یعنی اپنے اوپر بڑے بڑے امور کو لازم سمجھو اور مکر و فریب کو چھوڑ دو۔

المَبَانِي۔ شرافتیں۔ حُرُوْفُ الْمَبَانِي : حروفِ تہجی۔

البُنُوَّة۔ فرزندی۔

بَهَأَ(ف) وَبَهِيَ(س) و بَهُؤَ(ک) بَهْأً وَبَهَاءً وبُهُوْأً۔ بِهٖ : مانوس ہونا ــــ لَهٗ : سمجھنا۔ کہا جاتا ہے "مَابَهَاتُ لَهٗ وَمَابَاهَتُ لَهٗ" میں نے اس کو نہیں سمجھا۔

بَهَأَ(ف) بَهْأً و اَبْهَأَ۔ البَيْتَ : سامان سے خالی کرنا۔

اِبْتَهَأَ۔ بِهٖ : مانوس ہونا۔

بَهِتَ(س) و بَهُتَ(ک) و بُهِتَ بَهْتًا وَبَهَتًا۔ ہکا بکا رہنا۔ متحیر ہو کر خاموش ہونا (مجہول افصح اور مشہور ہے۔)

بَهَتَهٗ(ف) بَهْتًا۔ اچانک پکڑنا (ــــ ہ بَهْتًا و بُهْتَانًا) تہمت لگانا۔ صفت (بَهَّات) و (بَهُوت) ج بُهُت۔

بَهَّتَهٗ و بَاهَتَهٗ۔ جھوٹی تہمت لگا کر ہکا بکا کر دینا۔

بَاهَتَ الرَّجُلَ : بہتان لگانا۔

البَهِيْتَة : حیرانی (ــــ و البُهْت و البُهْتَان) جھوٹ، تہمت۔

البَهُوْت : جھوٹی تہمت لگا کر ہکا بکا کر دینے والا۔ ج بُهُت۔

البُهْت و البُهْتَان : جھوٹ۔

البُهْتُر : پست قد۔ ج بَهَاتِر۔

البَهْتَرَة : جھوٹ۔

البُهْثَة : جنگلی گائے۔

بَهَثَ(ف) بَهْثًا۔ اِلَيْهِ : کشادہ روئی سے پیش آنا۔

بَهَجَهٗ(ف) بَهْجًا و اَبْهَجَهٗ۔ خوش کرنا۔

بَهِجَ(س) بَهَجًا۔ بِهٖ : خوش ہونا۔ صفت (بَهِجٌ و بَهِيْجٌ)

بَهُجَ(ک) بَهَاجَةً وَبَهَجَانًا : خوبصورت ہونا۔ صفت مذکر (بَهِيْج) و صفت مؤنث (مِبْهَاج)

بَهَّجَهٗ۔ خوبصورت بنانا۔

بَاهَجَهٗ۔ خوبصورتی میں مقابلہ کرنا اور فخر کرنا۔

اَبْهَجَ و تَبَاهَجَ۔ الْمَكَانُ : سرسبز ہونا۔

اِبْتَهَجَ و تَبَهَّجَ و تَبَاهَجَ و اسْتَبْهَجَ بِهٖ : خوش ہونا۔ تَبَهَّجَ : خوبصورت ہونا۔

البَهْجَة : خوبصورتی۔ تر و تازگی۔ خوشی یا ظہورِ خوشی۔

البَهِج۔ خوش۔

البَوَاهِد : بلائیں۔ سختیاں۔

البَهْدَلُ : بجو کا بچہ۔ البَهْدَلَة : پستان کی جڑ۔

بَهَرَه(ف) بَهْرًا : غالب ہونا۔ فضیلت میں بڑھ جانا ــــ فُلَانًا : بہتان لگانا ــــ الحمل فُلَانًا : بوجھ کی وجہ سے ہانپنے لگنا۔

ــــ الرَّجُلُ : ہمسروں سے فائق ہونا (ــــ الْقَمَرُ :) ستاروں کی روشنی پر غالب ہونا (ــــ بَهْرًا و بُهُوْرًا) الشَّمْسُ : روشن ہونا۔

بُهِرَ و انْبَهَرَ۔ سخت دوڑنے سے ہانپنا۔ صفت (بَهِيْر و مَبْهُوْر) و انْبَهَرَ : پوری کوشش کرنا۔

بَاهَرَهٗ مُبَاهَرَةً و بِهَارًا۔ فخر کرنے میں مقابلہ کرنا۔

اَبْهَرَ۔ عجیب کام کرنا۔ فقیری کے بعد مالدار ہونا۔ دوپہر کی گرمی میں داخل ہونا۔ متلون الاخلاق ہونا۔

اِبْتَهَرَ۔ پوری پوری کوشش کرنا۔ جھوٹا دعویٰ کرنا ــــ ہ : واقعی عیب لگانا ــــ السَّيْفُ : تلوار کے دو ٹکڑے ہونا۔

اِبْهَارَّ۔ اللَّيْلُ اَوِ النَّهَارُ : آدھا ہونا ــــ عَلَيْنَا اللَّيْلُ : رات کا دراز ہونا (ــــ وَاسْتَبْهَرَ) اللَّيْلُ : رات کا بہت تاریک ہونا۔

تَبَهَّرَ۔ الْاِنَاءُ : برتن کا بھر جانا ــــ السَّحَابَةُ : بادل کا چمکنا۔

البُهْر : تھکن سے ہانپنا۔ کہا جاتا ہے "بُهْرًا لَهٗ" : اس کیلئے ہلاکت ہو۔ لَيْلَةُ البُهْر : مہینے کی ساتویں، آٹھویں، نویں رات۔

البُهْرَة : مِنَ الْمَكَانِ وَالزَّمَانِ : وسط۔ درمیان۔

البَهَار : خوبصورتی۔ ایک قسم کا خوشبودار پھول جس کو "عَيْنُ الْبَقَرِ" (گاؤ چشم) بھی کہتے ہیں۔

البُهَار۔ بت۔ ابابیل۔ دھنی ہوئی روئی۔ ایک قسم کی سفید مچھلی۔

البَهِيْرَة۔ موٹے سرینوں والی شریف عورت۔ ج بَهَائِر۔

الْاَبْهَر : پیٹھ۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ شَدِيْدُ الْاَبْهَرِ" فلاں مضبوط پیٹھ والا ہے۔ گردن کی شہ رگ۔ و (الابهران) دو رگیں ہیں جو قلب سے نکلتی ہیں اور انہی سے ساری شریان جسم میں پھیلی ہوئی ہیں اور اسی سے ہے "مَازَالَ يُرَاجِعُهُ الْاَلَمُ حَتّٰى قَطَعَ اَبْهَرَهٗ" اس کو تکلیف بار بار ہوتی رہی یہاں تک کہ اُسے ہلاک کر دیا۔

البَهْوَر : شیر۔

الْاَبَاهِر : پرندوں کے پر جو خوافی اور کلی کے درمیان ہوتے ہیں۔ پہلے پروں کو قَوَادِم کہتے ہیں پھر اس کے بعد والوں کو مناکب اس کے بعد والوں کو اَبَاهِر اور بالکل اخیر والوں کو کُلی کہتے ہیں۔

بَهْرَجَ۔ الدِّمَاءَ : رائیگاں کرنا ــــ الْمَكَانَ : جگہ کو رفاہِ عام کیلئے کر دینا ــــ بِهِمُ الدَّلِيْلُ : رہنما کا سیدھے راستے سے ہٹ جانا۔

تَبَهْرَجَ۔ تکبر کرنا ــــ الْمَرْأَةُ : آراستہ ہونا۔

ــــ الْمَكَانُ : رفاہ عام کیلئے ہونا۔

البَهْرَج : باطل۔ ردی۔ کہا جاتا ہے "لُؤْلُؤٌ بَهْرَجٌ" ردی موتی۔ کھوٹا درہم۔ مکان۔ بَهْرَجٌ : رفاہِ عام، جگہ۔

تَبَهْرَسَ : تکبر سے اکڑتے ہوئے چلنا۔

بَهْرَمَ بَهْرَمَةً۔ شَعْرَه : مہندی کا خضاب لگانا۔

تَبَهْرَمَ : مہندی لگانے سے سرخ ہونا۔

البَهْرَمَة : مص۔ برہمنوں کی عبادت۔

البَهْرَم : مہندی۔

بَهَزَه(ف) بَهْزًا و اَبْهَزَهٗ۔ سختی سے دھکیلنا۔ غلبہ کرنا۔

المبہر : سختی سے بہت دھکیلنے والا۔
بَہَشَ (ف) بَہْشًا۔ عَلَیْہِ : دلیری کرنا۔
بَہَشَ اِلَیْہِ (ف) بَہْشًا۔ خوشی سے متوجہ ہونا۔ مشتاق ہونا ـــــ بِیَدِہٖ اِلَیْہِ : لینے کیلئے ہاتھ بڑھانا ـــــ لِلْبُکَاءِ : رونے کیلئے آمادہ و تیار ہونا ـــــ عَنْہُ : کھود کرید کرنا۔
بَہَّشَ و تَبَہَّشَ۔ الْقَوْمُ : اکٹھا ہونا۔
البَہْشُ : ترگوگل (گوگل ایک دوا کا نام ہے)
رَجُلٌ بَہْشٌ : ہشاش بشاش مرد۔
بَہِصَ (س) بَہَصًا : پیاسا ہونا۔
البَہَص۔ پیاس۔
بَہْصَلَ و تَبَہْصَلَ : کپڑے اتار کر جوئے کی بازی پر لگانا۔ بَہْصَلَ الْقَوْمَ مِنْ مَالِہِمْ : علیحدہ کر دینا۔ نکال دینا۔
البُہْصُم : بہت سخت۔
بَہَظَہٗ (ف) بَہْظًا و اَبْہَظَہٗ۔ الْحَمْلُ اَوِ الْاَمْرُ : بوجھل کرنا۔ باعث مشقت ہونا۔ اَبْہَظَ حَوْضَہٗ : بھر دینا۔
الباہِظَۃ : مؤنث۔ باعث مشقت و تکلیف۔ مصیبت۔
المَبْہُوْظ : طاقت سے زیادہ تکلیف دیا ہوا۔
القِرْنُ المَبْہُوظ : مغلوب۔
بَہَغَ (ف) بُہُوْغًا۔ الرَّجُلُ : سونا۔ صفت (بَاہِغٌ)
البَہَق : برص کی بیماری کے علاوہ جسم پر سفید داغ۔
بَہَقُ الْحَجَرِ : پتھر پر اُگی ہوئی ایک قسم کی گھاس جو کائی کی مانند ہوتی ہے۔
بَہْکَتَ بَہْکَتَۃً۔ فِی الْعَمَلِ : جلدی کرنا۔
البَہْکَل : نازک اندام پر گوشت جوان۔ مؤنث بَہْکَلَۃ۔ شَبَابٌ بَہْکَلٌ : نئی جوانی۔
البَہْکَن : نازک اندام پر گوشت جوان۔ مؤنث۔ بَہْکَنَۃ۔ ج بَہَاکِن۔ شَبَابٌ بَہْکَنٌ : نئی تروتازہ جوانی۔
بَہَلَہٗ (ف) بَہَلَہُ اللّٰہُ : لعنت کرنا۔
ـــــ وَ اَبْہَلَہٗ : چھوڑنا۔ (ـــــ وَاسْتَبْہَلَ) الْوَالِیُ رَعِیَّتَہٗ : بلا روک ٹوک چھوڑ دینا۔
بَہَلَتِ۔ النَّاقَۃُ : اُونٹنی کے تھن سے بندش کھول دینا اور بچہ کو دودھ پینے دینا۔
اِبْتَہَلَ۔ اِلَی اللّٰہِ : گڑگڑا کر دعا کرنا۔
بَاہَلَ۔ بَعْضُہُمْ بَعْضًا : ایک دوسرے پر لعنت کرنا۔
تَبَہَّلُوْا و تَبَاہَلُوْا : باہم لعنت کرنا۔
اِبْتَہَلَا۔ ایک دوسرے پر لعنت کرنا۔
البَہْلُ و البُہْلَۃ۔ لعنت۔
البَاہِل۔ بغیر کسی کام کے آنے جانے والا۔ بغیر ڈنڈے کے چرانے والا۔ بے ہتھیار۔ نَاقَۃٌ بَاہِلٌ : وہ اُونٹنی جس کے تھنوں پر بندش نہ ہو۔ ج بُہْل و بُہَّل۔ مؤنث بَاہِلَۃ۔ البَاہِلَۃ : بیوہ عورت۔
البُہْلُوْل : بہت ہنسنے والا۔ ہنسوڑ۔ جامع فضائل سردار۔ ج بَہَالِیْل۔
البَہْلَوَان۔ مداری۔ رسی پر چلنے والا۔
بَہْلَقَ بَہْلَقَۃً۔ تکبر کرنا۔ ڈینگ مارنا۔ روبرو گفتگو کرنا۔ جھوٹ بولنا۔
تَبَہْلَقَ : جھوٹ بولنا۔
البَہَالِیْق۔ جھوٹی باتیں۔
البَہْلَق۔ سختی و بلا۔
بَہَمَ۔ بِالْمَکَانِ : مستقل اقامت کرنا۔
ـــــ البَہْمَ : ماں سے علیحدہ کر کے چرانا۔
اَبْہَمَ۔ الْبَابَ : بند کرنا ـــــ الْمَکَانَ : بَہْمی گھاس والی ہونا۔ (ـــــ و تَبَہَّمَ وَاسْتَبْہَمَ) الْاَمْرُ عَلَیْہِ : مشتبہ ہونا۔ دشوار ہونا۔
اُسْتُبْہِمَ عَلَیْہِ : شور مچا دینے کی وجہ سے گفتگو پر قادر نہ ہونا۔
البَہْمُ و البِہَمُ و الْبِہَام : گائے، بھیڑ، بکری کے بچے۔ واحد (البَہْمَۃ و البَہَمَۃ)
البُہْمَۃ : دلیر جس پر کوئی قابو نہ پا سکے۔ پتھر کی چٹان۔ سخت و مشکل کام۔ ج بُہَم۔ البُہَم : مشکل اُمور۔
البُہْمَی : جو کی مانند ایک قسم کی نباتات۔
البَہِیْم : کالا۔ فَرَسٌ بَہِیْمٌ : ایک ہی قسم کا گھوڑا۔ لَیْلٌ بَہِیْمٌ : پوری تاریک رات۔ ج بُہْم و بُہُم۔
البَہِیْمَۃ۔ چارپایہ۔ ج بَہَائِم۔ البَہِیْمَۃ : ہر وہ جس میں قوت گویائی نہ ہو۔
الْاَبْہَم : گونگا۔ ج بُہْم : خاموش۔
الْاِبْہَام : مع۔ انگوٹھا (مؤنث) کبھی مذکر استعمال کیا جاتا ہے۔ ج اَبَاہِمُ و اَبَاہِیْم۔
المُبْہَم۔ مفع۔ اَمْرٌ مُبْہَمٌ : غیر معروف معاملہ۔ کَلَامٌ مُبْہَمٌ : غیر معروف کلام۔ طَرِیْقٌ مُبْہَمٌ : غیر واضح راستہ۔ حَائِطٌ مُبْہَمٌ : دیوار جس میں دروازہ نہ ہو۔
بَہِنَ (س) بَہْنًا : بہت خوش ہونا۔
البَہْنَانَۃ : اچھی طبیعت کی عورت جو گفتگو وغیرہ میں نرم ہو۔ ج بَہْنَانَات۔
البَیْہَن : نسترن۔
تَبَہْنَسَ : ناز سے چلنا۔
البَہْنَس : شیر۔
بَہَا (ن) و بَہِیَ (س) و بَہُوَ (ک) بَہَاءً حسین و خوبصورت ہونا۔ ظریف ہونا۔ صفت (بَہِیٌّ) مؤنث بَہِیَّۃ۔ بَہَاہُ : خوبصورتی میں غالب ہونا۔
بَہِیَ (س) بَہًی۔ البَیْتُ : ویران ہونا۔ خالی ہونا۔
بَہَّی۔ البَیْتَ : کشادہ کرنا۔
بَاہَاہُ۔ فِی الْحُسْنِ : حسن و خوبی میں مقابلہ پر فخر کرنا۔
اَبْہَی ۔ خوبصورت چہرہ والا ہونا ـــــ الْاِنَاءَ : خالی کرنا۔ الْخَیْلَ : جنگ کے لیے کام نہ لینا۔
اِبْتَہَی۔ بِہٖ۔ فخر کرنا۔
تَبَاہَوْا : باہم فخر کرنا۔
البَہْو۔ مکان یا خیمہ کے آگے کا کمرہ جو مہمان وغیرہ کے قیام گاہ کا کام دے۔ ملاقات کا کمرہ ج اَبْہَاء و بُہُوٌّ و بُہِیٌّ۔
بَاءَ یَبُوْءُ بَوْءًا۔ اِلَیْہِ : لوٹنا۔ بَاءَ ہٗ و بَاءَ بِہٖ : لوٹانا ـــــ بِالْحَقِّ اَوْ بِالذَّنْبِ : اقرار کرنا ـــــ فُلَانٌ بِفُلَانٍ بَوَاءً : بدلے میں قتل کیا جانا۔ کہا جاتا ہے "دَمٌ بَوَاءُ دَمٍ" خون خون کے برابر۔ بوء بہ : یعنی ان لوگوں میں سے ہو جا جن کو اس کے بدلے میں قتل کیا جائے اور اسی سے مہلل کا قول بجیر کیلئے ہے۔ "بُؤْ بِشِسْعِ نَعْلِ کُلَیْبٍ" یعنی کلیب کے جوتے کے تسمے کے برابر ہو جا۔
بَوَّأَ۔ المَکَانَ : اُترنا۔ نازل ہونا ـــــ

الرُّمْحَ نَحْوَهُ: کسی کی طرف سیدھا کرنا- بَوَّأَهُ وبَوَّأَ لَهُ مَنْزِلاً: کسی کیلئے تیار کرنا-

اَبَاءَ- مِنْهُ: بھاگنا ___ بِالْمَكَانِ: اقامت کرنا- الشَّيْءَ و بِالشَّيْءِ اِلَيْهِ و عَلَيْهِ: لوٹانا ___ وَ مَنْزِلاً وَ فِي الْمَنْزِلِ: اتارنا ___ القَاتِلَ بِالْقَتِيْلِ: مقتول کے بدلے میں قاتل کو قتل کرنا-

تَبَوَّأَ- الْمَكَانَ وَبِهٖ: اقامت کرنا-

تَبَاوَأَ- الشَّيْئَانِ: مساوی ہونا-

البَاءَةُ والبِيْئَةُ والمَبْوَأُ والمَبَاءَةُ- منزل- والبِيْئَةُ: حالت- کہا جاتا ہے "اِنَّهُ حَسَنُ الْبِيْئَةِ" وہ اچھی حالت والا ہے- حَاجَةٌ (مُبِيْئَةٌ) شدید حاجت-

بَابَ (ن) بَوْبًا- لَهُ: دربان ہونا-

بَوَّبَ- الْكِتَابَ: ابواب میں تقسیم کرنا-

تَبَوَّبَ- الرَّجُلَ: دربان بنانا-

البَابُ: دروازہ ___ مِنَ الْكِتَابِ: کتاب کاباب- ج اَبْوَاب و بِيْبَان-

البَابَةُ: فِي الْحِسَابِ وَالْحُدُوْدِ: غایت' انتہا- شرط- قسم- عادت- کہا جاتا ہے "هٰذَا شَيْءٌ مِنْ بَابَتِكَ" یہ چیز ایسی ہے جو تمہارے لیے مناسب ہے' ج بَابَات- بَابَاتُ الْكِتَابِ: سطریں-

البَوَّابُ: دربان- ج بَوَّابُوْنَ-

البَوَابَةُ: دربانی- دربانی کی اُجرت-

البَوْتُ: ایک پہاڑی گھاس کا نام-

البُوْتَقَةُ والبُوْدَقَةُ- کٹھالی-

بَاثَ (ن) بَوْثًا و اَبَاثَ و اِبْتَاثَ- الشَّيْءَ وَعَنِ الشَّيْءِ: کھود کرید کرنا- بَاثَ الْمَكَانَ: کھود کر مٹی ملانا- بَاثَ التُّرَابَ: متفرق کرنا- بَاثَ الرَّمَادَ: بکھیرنا-

اِسْتَبَاثَ- التُّرَابَ: مٹی نکالنا- کہا جاتا ہے "تَرَكَ دَارَهُمْ حُوْثًا (بُوْثًا)" یعنی ان کے گھروں میں ہل چلادیا اور ویران کردیا-

بَاجَ (ن) بَوْجًا- الشَّرُّ فُلَانًا وَ عَلَيْهِ: نازل ہونا- پہنچنا- آپڑنا ___ الْبَرْقُ: چمکنا- ___ البَعِيْرُ: تھکنا-

اِنْبَاجَ وَتَبَوَّجَ: الْبَرْقُ: زور سے چمکنا-

اِنْبَاجَتْ: عَلَيْهِمِ الدَّوَاهِي: مصیبتوں کا آپڑنا-

البَاجُ: دیکھئے لفظ بأج-

البَاجَةُ: اختلاط-

البَائِجُ: ران کی ایک رگ کا نام- ج بوائج-

البَائِجَةُ: مصیبت- ج بَوَائِج- البَائِجَةُ: کشادہ ریگستان-

بَاحَ (ن) بَوْحًا و بُؤُوْحًا و بُؤُوْحَةً- الشَّيْءُ: ظاہر ہونا- مشہور ہونا ___ اِلَيْهِ بِالسِّرِّ: ظاہر کرنا-

اَبَاحَ- السِّرَّ: ظاہر کرنا ___ شَيْئًا: جائز کرنا' مباح کرنا-

اِسْتَبَاحَ- الشَّيْءَ: جائز و مباح ٹھہرانا یا سمجھنا- کسی چیز پر اقدام کرنا- الْقَوْمَ: تباہ و برباد کردینا-

الْإِبَاحِيُّ: ممنوعات کو کرنے اور ماموارت کو چھوڑنے کی اجازت دینے والا-

البَاحَةُ: پانی یا اس کا بڑا حصہ- بہت سے کھجور کے درخت- صحن- بَاحَةُ الطَّرِيْقِ: وسط راستہ-

البَوَاحُ- کھلم کھلا- کہا جاتا ہے "فَعَلَهُ بَوَاحًا" اس نے اس کو کھلم کھلا کیا-

بُوْحَكَ: کلمہ ترحم ہے مانند وَيْحَكَ کے-

البَؤُوْحُ: دل کی بات ظاہر کرنے والا-

البُوْحَى- پچھاڑا ہوا- کہا جاتا ہے "تَرَكَهُمْ بُوْحَى-"

بُوْحُ: آفتاب کے لیے علم ہے-

البَبَاحَةُ: مچھلی کا جال-

الْمُبِيْحُ: جائز ٹھہرانے والا- شیر-

الْمُبَاحُ: جائز- روا-

بَاخَ (ن) بَوْخًا- تھکنا- کہا جاتا ہے "عَدَاحَتّٰى بَاخَ" وہ دوڑا یہاں تک کہ تھک گیا ___ الْحَرُّ وَالْغَضَبُ وَالنَّارُ: ٹھنڈا پڑنا- دھیما ہونا- بجھنا (___ بُؤُوْخًا) اللَّحْمُ: بگڑنا- خراب ہونا-

اَبَاخَ- النَّارَ: بجھانا- اور اسی سے ہے "اَبِخْ عَنْكَ الظَّهِيْرَةَ" ٹھہرو یہاں تک کہ دوپہر کی گرمی کم ہوجائے-

بَادَ (ن) بَوْدًا: ظاہر ہونا-

البَوْدُ: کنواں-

بَاذَ يَبُوْذُ بَوْذًا- محتاج ہونا- فروتنی کرنا- لوگوں پر ظلم کرنا-

بَارَ (ن) بَوْرًا و بَوَارًا- ہلاک ہونا ___ السُّوْقُ اَوِ السِّلْعَةُ: کساد بازاری ہونا ___ الْعَمَلُ: باطل ہونا ___ الْاَرْضُ: غیر مزروعہ ہونا ___ وابْتَارَ الرَّجُلَ: تجربہ کرنا- آزمائش کرنا-

بَوَّرَ- الْاَرْضَ: زمین کو بغیر کھیتی کے چھوڑ دینا-

اَبَارَهُ- ہلاک کرنا-

تَبَوَّرَ- نَفْسَهُ: اپنے آپ پر ہلاکت کی وجہ سے نوحہ کرنا-

البَائِرُ: غیر مزروعہ زمین- ج بُوْر- کہا جاتا ہے "حَائِرٌ بَائِرٌ" یعنی کسی رہنما کی اطاعت نہیں کرتا اور نہ کسی چیز کی طرف توجہ کرتا ہے-

البُوْرُ: تباہ و ہلاک ہونے والا- بے خیر- کہا جاتا ہے "اِمْرَأَةٌ بُوْرٌ وَ قَوْمٌ بُوْرٌ" ہلاک ہونے والی عورت یا قوم (مذکر مؤنث واحد جمع سب کے لیے یکساں) الْبُوْرُ مِنَ الْاَرْضِ: غیر مزروعہ زمین-

البَوْرُ: غیر مزروعہ خراب زمین- آزمائش ہلاکی- کساد بازاری-

البَوَارُ: ہلاکت- کساد بازاری- دَارُ الْبَوَارِ: دوزخ-

البُوْرَقُ: بورک- سہاگا- سوڑا-

البُوْرِيُّ: ایک قسم کی دریائی مچھلی- ج بَوَارِيُّ-

البُوْرِيَّةُ والبُوْرِيَاءُ- چٹائی-

البَوَّارِيُّ: چٹائی بیچنے والا-

البَازُ: باز- ایک قسم کا شکاری پرندہ- ج بِيْزَان و اَبْوَاز-

البُوْزُ و البُوْزَةُ: دودھ شکر کی جمائی ہوئی برف-

بَاسَهُ (ن) بَوْسًا: بوسہ لینا-

البُوْسِيْرُ- بواسیر-

البُوْسَطَةُ: ڈاک خانہ (جدید)

بَاشَ (ن) بَوْشًا و بَوَّشَ و تَبَوَّشَ- الْقَوْمُ: مل جل کر شور مچانا-

البَوْشُ و البُوْشُ- لوگوں کی ملی جلی جماعت- کہا جاتا ہے "تَرَكَهُمْ هَوْشًا بَوْشًا" اس نے ان لوگوں کو ملا جلا چھوڑا- اَوْبَاش اسی کی جمع مقلوب

ہے۔

البَوْشِيُّ و البَوْشِيُّ۔ محتاج جس کے بہت بال بچے ہوں۔

بَاصَهُ (ن) بَوْصًا: سابق ہونا۔ آگے بڑھنا ___ مِنْهُ: بھاگ کر چھپنا ___ فِي الْاَمْرِ: اصرار کرنا۔

بَوَّصَ: میدان میں آگے بڑھنا ___ الشَّيْئُ: صاف رنگ والا ہونا۔

اِنْبَاصَ: منقبض ہونا۔

البَوْص۔ دُوری (___ البُوْص) رنگ۔ صورت، شکل۔ چوتڑ۔ ریشم یا کتاں۔ ج اَبْوَاص

اَلْبُوصِيُّ: ایک قسم کی کشتی۔

طَرِيْقٌ (بَائِصٌ) دور کا راستہ۔

بَاضَ (ن) بَوْضًا۔ جھائیں پڑنے کے بعد خوبصورت چہرہ والا ہونا ___ بِالْمَكَانِ: اقامت کرنا۔

بَاطَ (ن) بَوْطًا: دولت مندی کے بعد محتاج یا معزز ہونے کے بعد ذلیل ہونا۔

البَوْطَه: کٹھالی۔ کپڑے وغیرہ میں گول نقشہ۔ ج بُوْط۔

بَاظَ (ن) بَوْظًا: لاغری کے بعد موٹا ہونا۔

بَاعَ (ن) بَوْعًا: عطیہ دینے کے لیے ہاتھ بڑھانا ___ الفَرَسُ: دور دور قدم ڈالنا۔

(___ و تَبَوَّعَ) الْحَبْلَ: باع سے اندازہ کرنا۔ دیکھئے لفظ باعَ و تَبَوَّعَ لِلْمَسَاعِي: باع پھیلانا۔

اِنْبَاعَ۔ الْعِرْقُ: بہنا ___ الحَيَّةُ: اچھلنے کے لیے لمبا ہونا۔ الشُّجَاعُ مِنَ الصَّفِّ: بہادر کا صف سے نکلنا ___ الرَّجُلُ اِلَيْهِ: کشادہ روئی سے بڑھنا۔ اِنْبَاعَ لَهُ فِي بِضَاعَة: بیچنے میں سہولت برتنا۔

البَاع: دونوں ہاتھوں کے پھیلانے کی مقدار، کہا جاتا ہے "طَوِيْلُ الْبَاعِ وَرَحْبُ الْبَاعِ" یعنی فیاض۔ "وَقَصِيْرُ البَاعِ وَضِيقُ الْبَاعِ" یعنی بخیل عاجز۔ ج اَبْوَاعٌ وَ بَاعَاتٌ و بِيْعَان۔

البَوْع: مص دونوں ہاتھوں کے پھیلانے کی مقدار۔ اور اسی سے مثل ہے "لَا يَعْرِفُ كَوْعَهُ مِنْ بُوْعِهِ" وہ کوع اور بوع کو نہیں پہچانتا۔ پوری جہالت کیلئے ضرب المثل ہے۔

بَاعَةُ: الدَّارِ: گھر کا صحن۔

البَيِّع: دُور دُور قدم رکھنے والا۔ کہا جاتا ہے "فَرَسٌ بَيِّعٌ" دُور دُور قدم رکھنے والا گھوڑا۔

بَوْغَاءُ الطِّيْبِ: خوشبو کی مہک۔

بَاغَه (ن) بَوْغًا: غلبہ کرنا۔ برابر ہونا۔ کہا جاتا ہے "اِنَّكَ لَعَالِمٌ لَا تُبَاغُ" یعنی تو ایسا عالم ہے جس کا مقابلہ نہیں کیا جا سکتا۔

تَبَوَّغَ۔ الدَّمُ بِهِ: جوش مارنا ___ فُلَانٌ عَلَيْهِ: غالب ہونا۔

البَوْغَاء: خاک۔ غبار۔ بُوغَاءُ الطِّيْبِ۔ خوشبو کی مہک۔

بَاقَ (ن) بَوْقًا و بُؤُوْقًا: لڑائی جھگڑا برپا کرنا ___ القَوْمَ: بیوفائی کرنا۔ چوری کرنا۔ بَاقَتِ البَائِقَةُ القَوْمَ: مصیبت پہنچنا۔ بَاقَ القَوْمُ عَلَيْهِ: اکٹھے ہو کر ظلماً قتل کرنا۔ بَاقَتِ السَّفِيْنَةُ: ڈوبنا۔ بَاقَ الشَّيْئُ: غالب ہونا۔ ظاہر ہونا۔ خراب ہونا۔

بَوَّقَ۔ فِي البُوْقِ: بگل بجانا۔

تَبَوَّقَ۔ جھوٹ بولنا ___ الوَبَاءُ فِي الْمَاشِيَة: جانوروں میں وبا پھیلنا۔

اِنْبَاقَ۔ عَلَيْهِمُ الشَّرُّ: برائی و مصیبت پہنچنا ___ بِهِ: ظلم کرنا۔

البُوْق۔ بگل۔ تُرہی۔ نرسنگھا۔ ج اَبْوَاق و بِيْقَان و بُوْقَات۔ اور کہا جاتا ہے "جَاءَ بِالْبُوْقِ وَ نَفَخَ فِي الْبُوْقِ" اس نے ڈنکے کی چوٹ اعلان کیا۔ نیز اس معنی میں آتا ہے کہ بیہودہ بکا اور لایعنی گفتگو کی۔

البُوْقَة: بارش کی سخت بوچھار۔ ج بُوَق۔

البَاقَة گلدستہ۔ ساگ پات کا مٹھا ج بَاقَاتٌ۔

البَائِق۔ مِنَ الْمَتَاعِ: بے قیمت۔ کہا جاتا ہے "مَتَاعٌ بَائِقٌ" بے قیمت سامان۔

البَائِقَة۔ مصیبت۔ شر و فساد۔ کہا جاتا ہے "رَفَعْتُ عَنْكَ بَائِقَةَ فُلَانٍ" یعنی میں نے تجھ سے فلاں کی لائی ہوئی مصیبت کو اٹھا دیا ج بَوَائِق۔

البَوَّاق۔ بگل بجانے والا۔

المُبَوَّق۔ کلام باطل۔

البُوْقِيْصَاء: ایک قسم کے درخت کا نام۔

بَاكَ (ن) بَوْكًا۔ الْمَتَاعَ: بیچنا یا خریدنا ___ الْاَمْرُ: مخلوط ہونا ___ القَوْمُ رَأْيَهُمْ: رائے میں گڑبڑی ہو جانے کی وجہ سے کوئی راستہ نہ پانا۔

الرَّجُلَ: مزاحم ہونا۔

اِنْبَاكَ۔ عَلَيْهِ الْاَمْرُ: گڑبڑ ہو جانا۔

بَالَ (ن) بَوْلًا و مَبَالًا۔ پیشاب کرنا۔

بَوَّلَهُ و اَبَالَهُ۔ پیشاب کرانا۔

البَال: دل۔ کہا جاتا ہے "مَا خَطَرَ الْاَمْرُ بِبَالِي" یہ معاملہ میرے دل میں نہیں گزرا۔ حال و شان۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ رَخِيُّ الْبَالِ" فلاں آسودہ حال ہے۔ خیال۔ کہا جاتا ہے "كَاسِفُ الْبَالِ" جس چیز کا اہتمام کیا جائے۔ کہا جاتا ہے "لَيْسَ هٰذَا مِنْ بَالِي" یعنی یہ ان چیزوں میں سے نہیں جن کی میں پروا کرتا ہوں۔ "وَاَمْرٌ ذُوْ بَالٍ" یعنی ایسا کام جو قابل اہتمام ہو۔ "وَمَا بَالُكَ" یعنی تمہاری کیا حالت ہے۔

البَال: سمندر کی مچھلیوں میں سے ایک مچھلی۔ ویل مچھلی۔

البَالَة۔ شیشی۔ خوشبو کی ڈبیہ۔

البَوْل: پیشاب۔ البول: لڑکا۔ عدد کثیر ___ بَوْلُ الْعَجُوْزِ: شراب۔

البَوْلَة: لڑکی۔

البُوَال: ایک بیماری جس میں پیشاب کثرت سے آتا ہے۔

البُوَلَة: بہت پیشاب کرنے والا۔

المَبْوَلَة: وہ چیز جو پیشاب لانے کا سبب ہو۔

المِبْوَلَة: پیشاب کرنے کا برتن۔

البُوْلِيْصَة اَوِ البُوْلِصَة: رسید۔ ہنڈی۔ ج بَوَالِص۔

البُوْلِيس: پولیس۔ اس کی عربی شُرْطِي اور جِلْوَاز ہے۔

البُوْمُ و البُوْمَة: اُلو۔ ج اَبْوَام (دونوں لفظ مذکر و مؤنث دونوں کے لیے مستعمل ہیں)

بَانَهُ (ن) بَوْنًا۔ فضل و زیادتی میں غالب ہونا۔

البَوْن و البُوْن: دُوری۔ فصل۔ دو چیزوں کے درمیان فرق۔

البُوْنَة۔ چھوٹی بچی۔

البَان: ایک قسم کا درخت جس کے پتے بید کے پتے کی طرح ہوتے ہیں اور اس کے پھل

سے خوشبودار تیل نکلتا ہے اور بوجہ طویل ہونے کے اس سے قد کو تشبیہ دی جاتی ہے۔

البَوَان و البُوَان : خیمہ کھڑا کرنے کا ستون ج اَبْوِنَہ و بُوْن و بُوَن۔

بَاهَ (ف ن) بَوْهًا۔ لِلشَّیْءِ : سمجھنا۔ کہا جاتا ہے "مابِهْتُ و ما بُهْتُ الْاَمْر" میں نے معاملہ کو نہیں سمجھا۔

بَاحَةُ :الدَّارِ :گھر کا صحن۔

البُوْه :اُلو یا اُلو کی مانند ایک پرندہ۔

البُوْهَة :البُوْه کا مؤنث۔ بیوقوف مرد۔ دوات میں ڈالنے کے لیے دھنکی ہوئی خشک اون۔ اور اگر دوات میں ڈال دیں تو اس کو "لِیْقَة" کہتے ہیں۔

البَوُّ۔ اُونٹنی کا بچہ۔ اونٹنی وغیرہ کے مُردہ بچہ کی کھال جس میں گھاس وغیرہ بھر کر اس کی ماں کے سامنے کر دیتے ہیں تا کہ دودھ دوہنے میں آسانی ہو۔

بَوَّیٰ یَبْوِیْ بَیًّا : دوسرے کے فعل کی نقل کرنا۔

البَوَیٰ : تقلید۔ نقالی۔ آرزو۔ طبیعت۔ الم۔

البُنْب :نابدان۔ حوض کی نالی۔

البَیَّاب :سقہ جو لوگوں کو پانی پلاتا پھرے۔

بَاتَ (ض س) بَیْتًا و بَیَاتًا و بَیْتُوْتَةً و مَبِیْتًا و مَبَاتًا۔ فِی الْمَکَانِ۔ شب باشی کرنا ___ فُلَانًا وَ بِهٖ وَ عِنْدَهٗ : کسی کے پاس رات میں آنا۔ کہا جاتا ہے "بَاتَ یَفْعَلُ کَذَا" جبکہ کسی کام کو رات میں کرے جیسا کہ جب دن میں کرے تو کہا جاتا ہے "ظَلَّ یَفْعَلُهٗ کَذَا۔"

بَاتَ یَبِیْتُ بَیْتًا۔ الرَّجُلُ : نکاح کرنا ___ الرَّجُلَ :نکاح کرانا۔

بَیَّتَ۔ الشَّیْءَ : رات میں کرنا ___ العَدُوَّ : شب خون ڈالنا ___ اَلْبَیْتَ : گھر بنانا ___ رَایَهٗ :رات میں سوچ بچار کرنا۔

بُیِّتَ :الشَّیْءُ :اندازہ کیا جانا۔

اَبَاتَهٗ۔ شب باشی کرانا۔ کہتے ہیں۔ اَبَاتَهُ اللّٰهُ اَحْسَنَ اَبِیْتَة :بمعنی اَبَاتَه۔

اِسْتَبَاتَ :رات کی خوراک مہیا کرنا۔

البَیْتُ۔ ج بُیُوْت و اَبْیَات و جج بُیُوْتَات و اَبَابِیْت۔ اور بقول بعض بُیُوتَات اور اَبَابِیْت اشراف کیلئے مختص ہیں۔ تصغیر بُیَیْت :گھر، مکان، شرافت۔ بَیْتُ الرَّجُلِ : اہل و عیال بَیْتُ الشِّعْرِ :وہ منظوم کلام جو دو مصرعوں پر شامل ہو۔ بَیْتُ الْقَصِیْدَةِ :قصیدہ کے بہترین اشعار یا وہ شعر جو شاعر کی غرض کو متضمن ہو۔

بَیْتُ الْمَقْدِسِ اَوِ الْبَیْتُ الْمُقَدَّسُ : ملک شام کے ایک شہر کا نام۔ بَیْتُ الْمَالِ : حکومت اسلامی کا خزانہ۔ بَیْتُ الْعَنْکَبُوْتِ : مکڑی کا جالا۔ اَلْبَیْتُ الْعَتِیْقِ اَوِ الْبَیْتُ الْحَرَامِ :کعبہ معظمہ۔ اور کہا جاتا ہے "هُوَ جَارِیْ بَیْتَ بَیْتَ" وہ میرا پڑوسی ہے جس کا گھر میرے گھر سے ملا ہوا ہے۔

البَیَات :شب خون ڈالنا۔

البِیْت و البِیْتَة : رات کی خوراک۔ کہا جاتا ہے "لَهٗ بِیْتُ لَیْلَةٍ" اس کے پاس ایک رات کی خوراک ہے۔

البَائِت وَ الْبَیُّوْت۔ باسی۔ ہر وہ چیز جس پر رات گزر چکی ہو اور وہ ٹھنڈی ہو چکی ہو۔ کہا جاتا ہے "اَسْقِنِیْ مِنْ بَیُّوت السقاء" یعنی مجھ کو اس دودھ میں سے پلاؤ جو رات کو دوہا گیا ہو اور مشکیزہ میں رکھا گیا ہو یہاں تک کہ ٹھنڈا ہو گیا ہو۔

البَیُّوْت :ایسا معاملہ جس کی وجہ سے صاحب معاملہ رات سوچ بچار میں گزارے۔ سِنٌّ بَیُّوْتَةٌ : مضبوط دانت۔

المَبِیْت :رہنے کی جگہ۔ شب باشی کی جگہ۔

المُبَیَّتَة۔ مِنَ النِّسَاءِ : گھر اور شوہر والی عورت۔

المُسْتَبِیْت :فقیر۔

بَیَّحَ تَبْیِیْحًا۔ بِهٖ :چپکے سے بھید بتلانا۔ ___ اللَّحْمَ :کاٹنا اور تقسیم کرنا۔

البِیَاح و البَیَّاح۔ ایک قسم کی چھوٹی مچھلی۔

البَیَّاحَة : مچھلی کا جال۔

البَیْحَان۔ راز ظاہر کرنے والا۔

بَادَ یَبِیْدُ بَیْدًا و بَیَادًا و بُیُوْدًا و بَیْدُوْدَةً۔ ہلاک ہونا۔ بَادَتِ الشَّمْسُ بیودًا :غروب ہونا۔

اَبَادَهٗ۔ ہلاک کرنا۔

بَیْدَ :بمعنی غیر۔ اس کی ہمیشہ اضافت اس جملہ کی طرف ہوتی ہے جس پر اَنَّ داخل ہوتا ہے جیسے "فُلَانٌ کَثِیْرُ المَالِ بَیْدَ اَنَّهٗ بخِیْلٌ" بمعنی غَیْرَ اَنَّهٗ بَخِیْلٌ۔

البَیْدَاء :بیابان۔ ج بِیْد و بَیْدَاوَات۔

البَیَادَة :فوج کے پیادے۔ واحد (بَیَّادِی)

البَیْدَانَة :گدھی۔ جنگلی گدھی۔

بَیْدَرَ :الحِنْطَة :ڈھیر لگانا۔

البَیْدَر :کھلیان۔ خرمن۔

البَیْدَق :ایک شکاری پرندہ۔

البَیْذَق :سفر کا رہنما۔ پیدل چلنے والا۔ اور اسی سے بیذق الشطرنج ہے۔ یعنی شطرنج کا مہرہ جس کو پیادہ کہتے ہیں ج بَیَاذِق۔

البَیْرَق : جھنڈا۔ ج بَیَارِق۔ و (البَیْرَقْدَار) جھنڈا بردار۔

البَیْزَار :باز رکھنے والا۔ کاشتکار۔ ج بَیَازِرَة۔

البَیْزَرَة :کاشتکاری۔ باز کی رکھوالی۔

بَیَّسَ۔ اللّٰهُ وَجْهَه :خوبصورت بنانا۔

اَبَاشَ :الشَّجَرَةَ : جڑ پھوٹنے دینا۔

البِیْش :ایک قسم کی زہریلی گھاس۔

البِیْش : تھالہ۔ گڑھا جس میں پودہ لگایا جاتا ہے۔ ج اَبْیَاش۔

البَیْص و البِیْص۔ تنگی۔ سختی۔ کہا جاتا ہے "وَقَعُوْا فِیْ حَیْصَ بَیْصَ" وہ لوگ تنگی اور سختی میں پڑ گئے۔

بَاضَ (ض) بَیْضًا۔ الطَّائِرُ : انڈے دینا۔ صفت مذکر (بَائِض) مؤنث بَائِضَة۔ ج بَوَائِض۔ اور اسم مبالغہ (بَیُوض) ج بُیُض و بِیْض ___ بَاضَ الحَرُّ: گرمی سخت ہونا ___ فُلَانًا : سفیدی میں غالب ہونا ___ السَّحَابُ : بارش ہونا ___ بِالْمَکَانِ :اقامت کرنا۔

بَیَّضَهٗ۔ سفید کرنا۔ اور اسی سے "تَبْیِیْض الْکِتَابَت" ہے۔ بمعنی مسودہ کو صاف کر کے لکھنا اور "تَبْیِیْضُ الانیة" بمعنی قلعی کرنا۔ اور کہتے ہیں "بَیَّضَ اللّٰهُ وَجْهَهٗ" اللہ اس کے چہرہ کو روشن کرے۔

اَبَاضَتِ :المَرْاَةُ :سفید بچے جننا۔

بَایَضَهٗ : سفیدی میں غالب ہونے پر مقابلہ کرنا۔

اِبْتَاضَ۔ خود پہننا ___ القَوْمُ :فنا کر دینا۔

قوم کے میدان میں داخل ہونا۔

اِبیَضَّ و ابیَاضَّ۔ سفید ہونا۔

البَیَاض : سفیدی۔ دودھ۔ بَیَاضُ العَینِ : آنکھ کی سفیدی۔ بَیَاضُ البَیْضَۃ : انڈے کی سفیدی۔ بَیَاضُ الجِلْدِ : بے بال چمڑا۔ بَیَاضُ الوَجْہِ : شہرت و نیک نامی۔ بَیَاضُ النَّھَار : دن کی روشنی ــــ الیَوم : تمام دن ــــ الاَرْض : عمارت سے خالی زمین ــــ البَطْنِ : گودہ کی چربی۔ اور کہتے ہیں فُلَانٌ یَلْبِس السَّوَادَ وَ البَیَاضَ : وہ سیاہ و سفید پہنتا ہے۔ اور کبھی سواد کو فساد کے لیے اور بیاض کو صلاح کے لیے مثال قرار دیتے ہیں۔

البَیْضَۃ : البیض کا واحد۔ انڈا۔ ج بیضات اور بَیَض کی جمع بُیُوض ہے۔ خصیہ۔ خود۔ بَیْضَۃُ القَوم : چوپال۔ بَیْضَۃُ البَلَد : شہر کا سب سے بڑا آدمی۔ گمنام نسب والا۔ بَیْضَۃُ الدِیْک۔ مرغ کا انڈا (جو چیز ناممکن الحصول ہو یا ایک ہی مرتبہ پائی جائے اس کے لیے یہ لفظ بولا جاتا ہے' جیسے اُردو میں بھینس کا انڈا)

ــــ الحَرِّ : گرمی کی شدت ــــ الخِدْر : لڑکی۔

ــــ العُقر : آخری اولاد۔

الاَبْیَض : مؤنث بَیْضَاء۔ ج بِیض : سفید۔ تلوار۔ المَوْتُ الاَبْیَض : ناگہانی موت۔ والخَیْطُ الاَبْیَض : کنایہ ہے سفیدۂ صبح سے۔ اَلیَدُ البَیْضَاء : نعمت و احسان۔ کہا جاتا ہے "اَتَیْتُہٗ فِی بَیْضَاءِ القَیْظ" میں اس کے پاس سخت گرمی میں آیا و کَلَّمْتُہٗ فَمَا رَدَّ عَلَیَّ بَیْضَاءَ وَلَا سَوْدَاءَ" میں نے اس سے گفتگو کی اس نے اچھا یا برا کوئی جواب نہیں دیا۔ اللَّیَالی البِیض : چاندنی راتیں۔ قمری مہینے کی تیرہویں' چودھویں' پندرہویں راتیں۔ وَاَیَّامُ البِیض : انہی راتوں کے دن۔ الاَبْیَضَان : دودھ اور پانی یا دودھ اور چربی یا روٹی اور پانی۔ اور کہا جاتا ہے "مَا رَاَیْتُہٗ مُنْذُ اَبْیَضَان" میں نے اس کو دو مہینے یا دو دن سے نہیں دیکھا اور ھٰذا ابیض مِنْ ذاک شاذ ہے۔ قیاس اَشَدُّ بَیَاضًا ہے۔ البَیْضَاء : چاندی۔ گیہوں۔

البَیَّاضَۃ : بہت انڈوں والی۔

البِیْضَان۔ مِنَ النَّاسِ : سفید فام لوگ۔

بَاظَ (ض) بَیْظًا : لاغری کے بعد موٹا ہونا۔

البَیْظ : چیونٹی کے انڈے۔

بَاعَ (ض) بَیْعًا و مَبِیْعًا۔ فُلَانًا کِتَابًا اَوْ مِنْ فُلَانٍ کِتَابًا۔ بیچنا۔ خریدنا۔ صفت (بائع) جمع باعۃ۔ صفت مفعول (مَبِیْع)

بَایَعَہٗ مُبَایَعَۃً : باہم عقد بیع کرنا۔ باہم معاہدہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "بَایَعُوْہُ بِالْخِلَافَۃِ وَ بُوْیِعَ لَہٗ بِالْخِلَافَۃِ" لوگوں نے اس کی خلافت کی بیعت کی۔

اَبَاعَ : الشَّیْئَ : بیچنے کے لیے پیش کرنا۔

تَبَایَعَا : باہم خرید و فروخت کرنا۔

اِبْتَاعَ : الشَّیْئَ : خریدنا۔

اِنْبَاعَ : الشَّیْئُ : رائج ہونا۔

البَیْع : فروختگی۔ خرید۔

البَیْعَۃ : عہد و پیمان۔

البِیْعَۃ : کلیسا۔ گرجا۔ یہودیوں کا عبادت خانہ ج بِیَع وَ بِیَعَات و بِیْعَات۔

البِیَاعَۃ : سامان فروختنی۔ ج بِیَاعَات۔

البَیِّع و البَیَّاع۔ بیچنے والا۔ خریدار۔

بَاغَ یَبِیْغ بَیْغًا وَ تَبَیَّغَ۔ الدَّمُ : جوش میں آنا۔

البِیْقَۃ : ایک قسم کی گھاس کا نام ہے۔

بَیْقَرَ۔ تھکنا۔ ہلاک ہونا۔ سر جھکائے ہوئے تیز چلنا۔ غیر معلوم جگہ میں جانا ــــ فِیْ مَالِہٖ : جلدی سے تباہ و برباد کر دینا ــــ الدَّار : اُترنا۔

الاُبَیْقِر : بے خیر و بے فیض آدمی۔

البِیْکَار۔ پرکار۔

البَیْلَسَان و البَلَسَان : ایک قسم کا درخت ہے جس سے خوشبودار تیل نکلتا ہے۔

البِیْمَارِسْتَان و المَارِسْتَان : شفا خانہ۔ اس کیلئے عربی لفظ "مُسْتَشْفیٰ" ہے۔

بَانَ (ض) بَیْنًا و بُیُوْنًا و بَیْنُوْنَۃً عَنْہُ : جدا ہونا۔

بَانَ (ض) بَیَانًا و تَبْیَانًا و تِبْیَانًا : ظاہر ہونا۔ واضح ہونا۔ صفت (بَیِّن و بَائِن) ج اَبْیِنَاء و بُیَنَاء و اَبْیَان۔

اَبَانَ۔ الشَّیْئَ : ظاہر کرنا۔ واضح کرنا۔ کاٹنا۔ جدا کرنا ــــ الشَّیْئُ : ظاہر ہونا' واضح ہونا۔ صفت (مُبِیْن) کہا جاتا ہے "ضَرَبَہٗ فَاَبَانَ رَاْسَہٗ مِنْ جَسَدِہٖ" اس نے اس کو مارا اور اس کے سر کو دھڑ سے جدا کر دیا۔

بَیَّنَ الشَّیْئُ : واضح ہونا۔ ظاہر ہونا۔

ــــ الشَّجَرُ : پتے نکلنا ــــ الشَّیْئَ : واضح کرنا۔

ــــ البِنْتَ : نکاح کر دینا۔

بَایَنَہٗ۔ چھوڑ کر جدا ہونا۔

تَبَیَّنَ۔ الشَّیْئُ : واضح ہونا ــــ الشَّیْئَ : واضح کرنا۔ غور و تامل کرنا۔

تَبَایَنَا : ایک دوسرے کو چھوڑنا۔ ایک دوسرے سے دور ہونا۔ تَبَایَنَ الشَّیْئَان : باہم متفاوت ہونا۔

اِسْتَبَانَ۔ الشَّیْئُ : واضح ہونا ــــ الشَّیْئَ : کسی چیز کی وضاحت طلب کرنا۔

بَیْنَ۔ درمیان (ظرف ہے)

بَیْنَ بَیْنَ (دونوں کلمے مبنی بر فتحہ ہیں) بمعنی درمیانہ۔ متوسط۔ اور کہا جاتا ہے "بَیْنَا اَوْ بَیْنَمَا نَحْنُ نَضْرِبُ۔"

البَیْن : جدائی۔ وصل۔ کہا جاتا ہے "تقطع بَیْنَھُمَا" یعنی ان کے میل ملاپ میں فصل واقع ہو گیا۔

ذَاتُ البَیْن : نسب۔ رشتہ داری۔ دوستی۔ عداوت۔ فساد۔ کہا جاتا ہے "سَعٰی فِیْ اِصْلَاحِ ذَاتِ بَیْنِھِم" یعنی ان کے اصلاحِ حال میں کوشش کی۔

البِیْن : گوشہ۔ دو زمینوں کے درمیان کا فاصلہ۔ حد نظر تک کی زمین کا ٹکڑا۔ ج بُیُون لفظ بین کے معنی ترکی زبان میں ہزار کے ہیں۔ بین باشی کے معنی ہزار کا سردار۔

البَیَان : مص۔ فصیح گفتگو جو مافی الضمیر کو ظاہر کرے۔

البَائِنَۃ۔ البَائِن کا مؤنث۔ دلہن کا جہیز (مولدۃ)

البَائِنَۃ۔ گہرا کنواں۔

البَیِّنَۃ : البَیِّن کا مؤنث۔ دلیل و حجت ج بَیِّنَات۔

بَاہَ یَبَاہُ بَیْھًا۔ لَہٗ : مطیع ہونا' واقف ہونا' جاننا۔

بَیَّاکَ اللّٰہُ۔ بمعنی بَوَّاکَ اللّٰہُ۔ خدا تم کو مالک

بتائے، تمہارے رتبہ کو بلند کرے۔ اور کہا جاتا ہے "هَیَّ بن بَیَّ" یا "هَیَّان، بَیَّان" یعنی وہ

مجہول النسب ہے، نہ وہ معلوم ہے نہ اس کا باپ، "وَلَسْتُ اَدْرِیْ اَیُّ هَیَّ بن بَیَّ هُوَ" میں

نہیں جانتا وہ کون آدمی ہے۔

التَاء : حروفِ مبانی کا تیسرا حرف (مؤنث) ج تاءات : نسبت کے لیے تائی وتاوِیّ وتَوِیّ : کہا جاتا ہے "قَصِیدَةٌ تَائِیَةٌ وتاوِیَّةٌ وتَوِیَّة" : اس کا استعمال کئی طرح سے ہوتا ہے۔

فعل کے آخر میں متکلم اور مخاطب کی ضمیر ہو کر جیسے قُمْتُ وقُمْتَ وقُمْتِ وقُمتُما وقمتم وقُمْتُن : اور کبھی تانیث کی علامت جیسے قَائِمَةٌ وذَهَبَتْ اور کبھی جنس میں سے واحد پر دلالت کے لیے جیسے شَجَرَةٌ۔

اور کبھی مبالغہ کے لیے جیسے فَهَّامَةٌ۔ علاَّمَة۔

اور کبھی یہ حرف جر ہوتا ہے اور قسم کے لیے آتا ہے اور لفظ اللہ کو جر دیتا ہے۔ جیسے تَاللّٰہِ۔

اور کبھی کبھی اس لفظ کے علاوہ دوسرے کو بھی جر دیتا ہے جیسے تَرَبِّی۔

اور کبھی صیغہ منتہی الجموع کے آخر میں نسبت پر دلالت کے لیے جیسے مهَالبة۔

اور کبھی حرفِ محذوف کے بدلہ میں جیسے زَنَادِقَه زندیق کی جمع۔

اور افعال کے اوائل اور وسط میں بھی زیادہ کیا جاتا ہے جیسے تَقَاتَلَ وَاقْتَتَل

اور کبھی اسماء کے آخر میں جیسے ملکوت کی تاء۔

اور کبھی اول کلمہ کے حرف محذوف کے بدلہ میں جیسے عِظَةٌ۔

اور کبھی آخر کلمہ سے جیسے شَفَةٌ۔

تا۔ مؤنث مفرد کے لیے اسم اشارہ ہے۔ اس کا مثنیٰ تَانِ۔ ج أُوْلاَءِ اور اس پر "هاء تنبیہ" بھی داخل ہوتا ہے جیسے هاتا' هاتانِ وهٰؤلاء۔

خطاب کی حالت میں کاف لاحق کرتے ہیں۔ جیسے تاک وتلک و تیكَ وتِلک (تلک میں تاء کا فتحہ لغت رویہ ہے) مثنیٰ کے لیے تانک وتانّک اور جمع کے لیے اولئک و أولاكَ و اولالكَ : اور تلک کے علاوہ ان سب پر ان سارے احوال میں هاءِ تنبیہ بھی داخل ہے۔

التَابُوْت : لکڑی کا صندوق۔ اور اسی سے تابوت میت ہے۔ کشتی۔ ج تَوَابِیْت۔

تَأتَأ تَأتَأةً و تَأتَاءً : بولتے ہوئی تتلانا۔ صفت تَأتاء ــــ الطِفْلُ : چلنا ــــ المحَارِبُ : لڑائی میں اظہارِ شجاعت کے لیے اکڑتے ہوئے چلنا۔

تَأرَهُ(ف)تَأرًا : جھڑکنا۔

اَتْأرَ اِتْآرًا : دیکھنا۔ ٹکٹکی لگانا ــــ بِالْعَصَاء : لاٹھی سے مارنا۔

التَّارَة : ایک مرتبہ۔ ہمزہ کا ترک کثرت استعمال کی وجہ سے ہے۔ کہا جاتا ہے۔ "فَعَلْتُ تَارَةً هٰذَا وَتَارَةً ذَاكَ" وَ "تَارَةً بَعْدَ تَارَةٍ" ج تَارَات وتِیَر وتِیْر

تَأزَ(ف)تَأزًا۔ الجُرْحُ : زخم کا بھر جانا۔ مندمل ہونا ــــ القَومُ فِي الْحَرْبِ : لڑائی میں ایک دوسرے سے قریب ہونا۔

تَئِقَ (س) تَأَقًا۔ الْأنَاءُ : برتن کا بھر جانا۔ الرَّجُلُ : غصہ سے بھر جانا۔ صفت (تَئِق ومِتْآق)

اَتْأقَ۔ الْأناء : برتن بھرنا۔

التَأقَة : غصہ کی تیزی۔ اور برائی کی طرف تیز تدی۔

اَتْأَمَت۔ المَرْأَةُ : جوڑواں جننا۔ صفت (مُتْئِم) اور اگر یہی عادت ہو تو ایسی عورت کو (مِتْآم) کہتے ہیں۔ ج مَتَائِیم۔

تَاءَ م۔ اَخَاهُ : جڑواں پیدا ہونا۔ صفت (تَئِم وتُؤْم و تَئِیم) الثَّوبَ : تانابانا دونوں میں دوسوتی بننا۔ صفت مفعولی (مِتْأم)

التَوْأم : جڑواں۔ ج تَوَائِم وتُؤَام۔ مؤنث تَوْأمة : کہا جاتا ہے "هٰذَا تَوْأَمُ هٰذَا وَهٰذِهِ تَوْأمةُ هٰذِهِ" اور جب دونوں جمع ہوں تو ان کو تَوْامَانَ و تَوْأم کہتے ہیں جیسے زَوجَانَ وَزَوج۔

التوأم : جوئے کے تیروں میں سے ایک تیر۔

تَوَائِمُ النُجُومِ اَوِ اللُؤلُؤ : ستارے یا موتی جو آپس میں گتھے ہوئے ہوں۔

تَبَّ (ن) تَبًّا۔ الشَّيَ : کاٹنا ــــ فُلاَنًا : ہلاک کرنا۔

تَبًّا و تَبَبًا و تَبَابًا و تَبِيْبًا : ہلاک کرنا۔ اور کہا جاتا ہے "تَبًّا لَهٗ" یعنی اللہ اس کے لیے خسران وہلاکت لازم کرے۔ "وتَبَّتْ يَدَاه" اس کے دونوں ہاتھ ٹوٹ جائیں۔

تَبَّبَ۔ فُلاَنًا : کسی سے تبالک کہنا۔ ہلاک کرنا۔

اَتَبَّهٗ : کمزور وضعیف کرنا۔

اِسْتَتَبَّ۔ الْأَمْرُ : درست ہونا۔ درست طریقے سے جاری رہنا۔ الرَّجُلُ : کمزور و عاجز ہونا ــــ الطَرِيْقُ : چلتا ہوا ہونا۔

التَبَاب : کمی۔ نقصان۔ ہلاکت۔

التِبَّة : سخت حالت۔

التَّاب : بوڑھا اور کمزور مرد۔ کہا جاتا ہے "كُنْتُ شَابًا فَصِرْتُ تَابًّا" میں جوان تھا اور اب بوڑھا ہوگیا۔ ج اَتْبَاب۔

تَبْتَبَ۔ الرَّجُلُ : بوڑھا ہونا۔

تَبِرَ(س)تَبَرًا : ہلاک ہونا۔

تَبَرَهٗ(ض)تَبْرًا۔ ہلاک کرنا۔ توڑنا۔

اَتْبَرَ۔ عَنِ الْأَمْرِ : پیچھے ہٹنا' باز رہنا۔

تَبَّرَهٗ : ہلاک کرنا۔

التَابُوْر : فوجی جماعت۔ ج تَوَابِیْر۔

التَّبَار :ہلاکت-
التِّبْر :سونے کا بغیر ڈھلا ہوا ڈھیلا-واحد تِبْرة-
التِّبْرِيَة : سر کی بھوسی (هبرية میں ایک لغت ہے)
المَتْبُوْر :ہلاکت شدہ-ناقص-
تَبِعَهٗ (س) تَبَعًا و تَبَاعَةً و اِتَّبَعَهٗ : پیچھے چلنا- ساتھ چلنا- فرمانبردار ہونا- صفت (تَبَع) واحد اور جمع دونوں کے لیے آتا ہے-ج اَتْبَاع و (تَابِع) ج تَبَع و تَبَعة و تَوَابِع و تُبَّاع-
التَّابِعُ نوکر- خادم- جن- تَبِع وَاتَّبَعَ الشَّيْئَ: پیروی کرنا-نشانِ قدم پر چلنا-
تَبَّعَهٗ :پیروی کرنا-تَبَّعَ بِهٖ كَذَا :لاحق کرنا
تَابَعَ- بَيْنَ الْاَعْمَالِ : لگاتار کرنا- ___ الْحَدِيْثَ :اچھی طرح بیان کرنا ___ العَمَلَ : محکم کرنا- مضبوط کرنا ___ فُلَانًا عَلَى الْاَمْرِ : موافقت کرنا- کہا جاتا ہے "تابَعَنِي بِمَالَهٗ عِنْدِي" یعنی اس کا جو کچھ میرے پاس تھا اس کا اس نے مجھ سے مطالبہ کیا-
اَتْبَعَهٗ : پیروی کرنا- لاحق ہونا- اَتْبَعَهٗ كَذَا : لاحق کرنا-
تَتَبَّعَ- الْاَمْرَ : دیر تک تلاش و جستجو کرنا- کہا جاتا ہے "تَتَبَّعْتُ اَحْوَالَهٗ" میں اس کے احوال کو ٹٹولتا رہا-
تَتَابَعَتِ- الْاَخْبَارُ :ایک دوسرے کے پیچھے آنا-
اِسْتَتْبَعَهٗ :پیچھے چلنے کو کہنا-
التِّبْع : تابع- عاشق- کہا جاتا ہے "هُوَ تِبْعُ الكرم" وہ فیاضی کا عاشق ہے-
التَّبِع :بہت تابعداری کرنے والا-
التَّبِعة ج تَبِعَات و (التَّبَاعَة) ج تَبَاعَات : تاوان- ڈانٹ- کہا جاتا ہے "لِهٰذَا الْفِعْلِ تَبِعَةٌ" یعنی اس فعل سے ضرر لاحق ہونے والا ہے-
تُبَّع :یمن کے بادشاہوں کا لقب-ج التبابِعَة
والتُّبَّع :سایہ-شہد کی بڑی مکھی ج تبابِيع-
التَّبِيْع :مددگار-پیروی کرنے والا-ج تِبَاع و تَبَائِع-
التَّابِعَة : تابع کا مؤنث-نوکرانی-خادمہ-جنیہ-
التَّابِعِي : تابع اور تابعہ کی جانب نسبت-وہ شخص جس نے بحالتِ ایمان صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی زیارت کی ہو اور بحالتِ ایمان ہی پر انتقال ہوا ہو-
التِّبَاع : تابع کا مصدر-اور کبھی صفت کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے جیسے "شهد ناهن ايا ها تباعًا"
الاتباع : مصدر کسی ایسے کلمہ کا لانا جو ماقبل کے کلمہ کے ہم وزن ہو- جیسے کثیر بثیر-خبیث نبیث-
التِّبْغ :تمباکو-
تَبَلَهٗ(ن) تَبْلًا و اَتْبَلَهٗ-الحُبُّ اَوِ الدَّهْرُ :بیمار کر دینا- عقل کو ضائع کر دینا- صفت مفعولی (مَتْبُول و تَبِيْل) ہے-
تَبَّلَ و تابَلَ و تَوْبَلَ-الطعامَ :مسالہ ڈالنا-
التَّبْل :مصدر- کینہ- دشمنی- کہا جاتا ہے "بينهما تَبْلٌ" ان دونوں کے درمیان عداوت ہے ج اَتْبَال و تُبُول-
التابَل و التابِل و التَّاْبُل :مسالہ-
التَّبَّال :مسالہ والا-مسالہ بیچنے والا-
التُّوْبَال-مِنَ النُّحاسِ وَ الحَدِيْدِ :ذرات جو کوٹنے میں گریں-
تَبَنَ(ض) تَبْنًا-الدَّابَّةَ :بھوسہ کا چارہ دینا-
تَبِنَ (س) تَبَنًا و تَبَانَةً : سمجھ دار و ذکی ہونا- صفت (تَبِن)
تَبَّنَ : بھوسے کے ذخیرہ میں بھوسہ رکھنا- الرَّجُلُ :باریک بین ہونا-
اِتَّبَنَ :جانگھیا پہننا-لنگوٹ باندھنا-
التِّبْن :بھوسہ' واحد (تِبْنَة) ج اَتْبَان و تُبُون : بڑا پیالہ-
التِّبْنِيّ :بھوسہ کے رنگ کا-
التَّبَّان :بھوسہ بیچنے والا-
التُّبَّان :لنگوٹ-جانگھیا-نیکر-
تَبَا(ض) تَبْوًا :غزوہ کرنا اور مالِ غنیمت حاصل کرنا-
التَّتَر : قوم تاتار- واحد (تَتَرِي) کہا جاتا ہے "جَاءَ الْقَوْمُ (تَتْرَى وَ تَتَرًى)" لوگ پے در پے آئے اس کی اصل وَتْرَى ہے-
التُّتن : تمباکو (یہ لفظ ترکی الاصل ہے اس کے معنی دھوئیں کے ہیں)-
تَجَرَ (ن) تَجْرًا و تِجَارَةً و تَاجَرَ و اتَّجَرَ و اِتَّجَرَ :سوداگری کرنا-
التِّجَارَة :سوداگری- سرمایہ-
التَّاجِر :سوداگر- عرب شراب بیچنے والے کو تاجر کہا کرتے تھے-ج تِجار و تُجَّار و تَجر-اور کہا جاتا ہے "بِضَاعَة تاجِرة" رائج سامان-ج تَوَاجِر-
المَتْجَر :سوداگری- سرمایہ-اور اسی سے ہے "وَصَنَعْتُهٗ فِي مَتْجَرِ الْحَمْدِ رَابِحَة"
المَتْجِرَة : منڈی- کہا جاتا ہے "اَرْضٌ مَتجرَة" تجارتی ملک-
تَحْتَ :نیچے-اس لفظ کے لیے اضافت لازم ہے اور جب اضافت سے علیحدہ کرتے ہیں تو مبنی برضمہ کر دیتے ہیں اور کہتے ہیں "جَاءَ مِن تَحْتُ" ج تحوت-
التُّحُوْت : کمینے-ادنیٰ درجہ کے لوگ-
التَّحْتَانِي : تحت کی جانب منسوب- نیچے کی چیز-
تَحْتَحَهٗ-مِنْ مَكَانِهٖ :حرکت دینا-کہا جاتا ہے "فُلَانٌ لَا يَتَحَتْحَتُ مِن مَكَانِهٖ" فلاں جگہ سے حرکت نہیں کرتا-
التَّحْتَحَة :حرکت- تسمہ کی حرکت کی آواز-
اَتْحَفَهٗ-الشَّيْئَ و بِالشَّيْئِ و (اتَّحَفَهٗ) بِهٖ :ہدیہ کرنا- تحفہ دینا-
التُّحْفَة و التُّحَفَة :ہدیہ- نفیس قیمتی چیز- ہر وہ چیز جو کسی کے سامنے لطف و مہربانی کے طور پر پیش کی جائے-ج تُحَف-
تَحَمَ(ن) تَحْمًا-الثَّوْبَ : نقش و نگار کرنا-
اِتْحَمَ اِتْحِمَامًا :سخت سیاہ ہونا-
التَّاحِمُ :جولاہہ-
الاَتْحَم :سخت سیاہ-
التاحِي :باغبان-
تَخَّ (ن) تُخُوخَةً-العَجِيْنُ :گندھے ہوئے آٹے کا ترش ہونا ___ (تَخَا العَجِيْنَ اَو الطِّيْنَ) :گندھے آٹے یا مٹی کو نرم ہونے کے لیے پانی بڑھانا-
اَتَخَّ-العَجِيْنَ :کھٹا کرنا- نرم ہونے کے لیے زیادہ پانی ڈالنا-

التخُّ : گندھا خمیر۔ تل کا عصارہ۔
التخت : تخت۔ تختُ المَلِک : تخت شاہی۔ تختُ المملکۃِ : دار السلطنت۔ جامہ دان۔ ج تخوت۔
التختخۃ : لکنت۔ ہکلاپن۔
التختاخ و التختانی : ہکلا۔
تخذہٗ (س) تخذًا : لینا۔
تخمہٗ (ض) تخمًا : حد مقرر کرنا۔
تخِم (س) تخمًا و اتّخم : بد ہضمی ہونا۔
اتخمہٗ۔ الطعامُ : مبتلائے بد ہضمی کرنا۔
تاخم : مُلکی مُلکک : سرحدیں متصل ہونا۔
التُّخم و التخم : سرحد۔ ج تُخوم۔
التدرج و التُّدرُج : ایک خوبصورت پرندہ جس کی دُم لمبی ہوتی ہے۔ ج تدارج۔
ترّ (ن ض) ترًّا و تروزًا۔ العظمُ : کٹ کر گرنا ___ عن قومِہ : الگ ہونا۔ دور ہونا۔ (___ ترارۃً) الرجلُ : موٹا اور ڈھیلا ہونا۔ صفت (تارّ)
اترّہ : دور کرنا۔ اترّ یدہٗ : ہاتھ کاٹ دینا۔
التُّرّ : اصل۔ جڑ۔ معمار کی ڈوری۔
التّریّ۔ مِنَ الایدی : کٹا ہوا ہاتھ۔
ترِب (س) تربًا۔ المکانُ : بہت مٹی والا ہونا ___ الشیءُ : مٹی لگ جانا۔
ترِب (س) تربًا و متربًا۔ الرجلُ : محتاج ہونا۔ صفت (ترِبٌ و تروبٌ) ج تراب۔ اور اسی سے ہے "ترِبَ بعد ان اترب" وہ مالدار ہونے کے بعد محتاج ہو گیا۔
ترّب و اترب : مالدار ہونا۔ کم مال والا ہونا۔
ترّب و اترب الشیءَ : خاک ڈالنا۔
تاربہٗ : ہمعصر ہونا۔ دوست ہونا۔
تترّب : مٹی ہونا۔ خاک آلود ہونا۔
التُّراب : مٹی۔ ج اتربہ و تُربان۔
التِّراب : بکری کا دست۔
التِّرب : ہم عمر۔ اکثر اس کا استعمال عورتوں کے لیے ہوتا ہے۔ کہا جاتا ہے "ھذہ ترب فلانۃ" یہ عورت فلانی کی ہم عمر ہے۔
التَّرباء : مٹی۔ زمین۔ کہتے ہیں "بینھما ما بینَ الجرباءِ و الترباءِ" ان دونوں کے درمیان آسمان زمین جیسا فرق ہے۔
التُّربۃ : مٹی۔ قبرستان۔ ج تُرب۔ تُربۃ الانسانِ : انسان کی قبر۔
التّرِب : فقیر۔ "ریحٌ ترِبۃ" خاک اڑانے والی ہوا۔ "لحمٌ ترِبٌ" : خاک آلود گوشت۔ "مکانٌ ترِبٌ" بہت مٹی والی جگہ۔
التّرِبۃ۔ ج ترِب : ایک قسم کی گھاس ___ ج ترِبات : انگلیوں کے کنارے۔ سرانگشت۔
التّریبۃ : سینہ کی ہڈی۔ سینہ کا بالائی حصہ۔ تریبۃ البعیر : اونٹ کے نحر کرنے کی جگہ۔ ج ترائب۔
المتربۃ : فقر و فاقہ۔ کہا جاتا ہے "مسکینٌ ذو متربۃ" یعنی خاک آلود مسکین۔
ترترَ ترترۃً : جلدی جلدی بولنا اور بہت بولنا۔ گفتگو میں نرم ہونا۔ بدن کے لحاظ سے ڈھیلا ہونا ___ الشیءَ : خوب ہلانا۔
تترترَ : ہل جانا۔
التراتِر : سختیاں۔
ترِجَ (س) ترجًا : الرجلُ : دشوار پانا۔ مشکل و مشتبہ پانا۔
ترَجَ (ن) ترجًا : چھپنا۔ پوشیدہ ہونا۔
الترِیج : مضبوط پٹھوں والا۔ مؤنث تریجۃ : اور کہا جاتا ہے "ریحٌ تریجۃ" تیز ہوا۔
ترجمَ۔ الکلامَ : ترجمہ کرنا۔ صفت (ترجمان و ترجُمان) ج تراجمۃ و تراجم۔ الرجلَ : عادات و اخلاق و بیان کرنا۔ عنہٗ : کسی کے معاملہ کو واضح کرنا۔ کہا جاتا ہے "ترجمہ بالترکیۃ" اس نے ترکی زبان میں ترجمہ کیا۔
ترُجمَ۔ الکلامُ : مشتبہ ہونا۔
الترجمۃ : ترجمہ۔ سوانح عمری۔ ج تراجم و ترجمۃُ الکتاب : کتاب کا دیباچہ۔
ترح (ف) ترحًا و تترّح : غمگین کرنا۔
ترّحہٗ و اترحہٗ : غمگین کرنا۔
الترح : غم۔ محتاجی۔ فقیری۔ ج اتراح۔
الترِح : کم خیر والا۔ بہت غم والا۔
المتراح۔ مِنَ النوقِ : اونٹنی جس کا دودھ جلدی سے ختم ہو جائے۔ ج متاریح۔
ترَزَ (ض) و ترِزَ (س) ترزًا و ترزًا و تروزًا۔ الشیءُ : خشک ہونا۔ مضبوط ہونا۔ سخت ہونا ___ الماءُ : پانی کا جم جانا۔
ترزہٗ (ض) ترزًا : پچھاڑنا۔
اترز۔ الشیءَ : سخت کرنا۔ خشک کرنا۔ کہا جاتا ہے "الجریُ یُترز لحمَ الدابۃِ" دوڑ جانور کے گوشت کو سخت کر دیتی ہے۔
التارز : سخت و قوی۔ اور اسی سے ہے "انّ عجینکم لتارزٌ" تمہارا خمیر سخت ہے۔ خشک چیز جس میں روح نہ ہو۔ مردہ۔
التُّراز : اچانک موت۔
ترّسہٗ : ڈھال پہنانا یا دینا۔ (___ تترّس) : ڈھال لگانا یا ڈھال سے اپنے آپ کو چھپانا صفت (تارس) کہا جاتا ہے "لا یستوی الراجلُ و الفارسُ والاکشفُ و التارسُ" پیدل اور سوار اور بے ڈھال والا اور ڈھال والا برابر نہیں۔
اترس الباب : دروازہ بند کرنا۔
اترس۔ بالترسِ او غیرِہ : ڈھال وغیرہ سے اپنی حفاظت کرنا۔
الترس : ڈھال۔ ج اتراس و تراس و تروس و ترسۃ۔ ترسُ الشمسِ : آفتاب کی ٹکیا۔ کہا جاتا ہے "غاب ترسُ الشمسِ"
المتراس و المترسۃ۔ ج متارس و (المتراس) ج متاریس : دروازے کے پیچھے لگانے کا ڈنڈا۔ دیوار وغیرہ جس کے پیچھے چھپ کر دشمن سے بچیں۔
التّرّاس : ڈھال بنانے والا۔ ڈھال والا۔
التِّراسۃ : ڈھال سازی۔
الترسانۃ و الترسخانۃ : اسلحہ خانہ۔ جہاز سازی کا کارخانہ۔
ترِش (س) ترشًا : بد خلق ہونا۔ صفت (ترِش)
ترُص (ک) تراصۃً۔ الشیءُ : سیدھا ہونا۔ مضبوط ہونا۔ صفت (تریص)
ترّص و اترص۔ المیزانَ : سیدھا کرنا۔ صفت مفعولی (تریص و مُترص) : کہا جاتا ہے "اترص میزانک فانّہ شائل" اپنی ترازو درست کرو اس لیے کہ وہ اُٹھی ہوئی ہے۔
المترصات : سیدھے کیے ہوئے نیزے۔
ترِع (ع) ترعًا : برائی کی طرف سبقت کرنا۔

صفت(تَرِع و تَرِیع) ـــــ الکُوزُ والحَوض: بھر جانا۔ صفت(تَرِعٌ)

تَرَعَهُ(ف) تَرْعًا۔ عَنِ الْاَمْرِ: کسی کام سے پھیرنا۔ باز رکھنا۔

تَرَّعَ۔ البَابَ: دروازہ بند کرنا۔

اَتْرَعَ: الإنَاءَ: برتن بھرنا۔

تَتَرَّعَ۔ اِلَیْهِ بِالشَّرِّ: کسی کو جلدی سے برائی پہنچانا۔

اِتَّرَعَ۔ الإنَاءُ: برتن کا بھر جانا۔

التُّرعَة: دروازہ۔ کہا جاتا ہے "فَتَحَ تُرعَةَ الدَّارِ" اس نے گھر کا دروازہ کھولا۔ باغ کی طرف جانے والی نالی۔ سیڑھی کا پایہ۔ منبر کے درجے۔ حوض کا دہانہ۔ دو دریاؤں یا دو سمندروں کے درمیان گہری نہر۔ ج تُرَع

التَّرَّاع: دربان (ـــــ والاَتْرَع) مِنَ السَّیْلِ: وہ سیلاب جو وادی کو بھر دے۔

التِرْغَلَّة: جنگلی کبوتر۔

تَرِفَ (س) تَرَفًا و تَتَرَّفَ: خوشحال ہونا۔ آسائش سے زندگی بسر کرنا۔ صفت (تَرِفٌ و تَرِیفٌ)

تَرَّفَهُ و اَتْرَفَهُ۔ الْمَالُ: سرکش بنا دینا۔ خراب کر دینا۔ اَتْرَفَ الرَّجُلُ: سرکشی و بغاوت پر اصرار کرنا۔

اِسْتَتْرَفَ: سرکشی کرنا۔ تکبر کرنا۔

التُّرْفَة: نعمت و آسائش۔ خوش ذائقہ کھانا۔ پیدائشی طور پر اُوپر کے ہونٹ کے درمیان میں اُبھار۔

الاَتْرَف: وہ شخص جس کے اُوپر کے ہونٹ میں پیدائشی کچھ اُبھرا ہوا ہو۔

المُتْرَف و المُتَتَرِّف: ظالم۔ خوش حال نعمت میں پلا ہوا۔ وہ شخص جو حسبِ منشا جو چاہے کرے اور کوئی روکنے والا نہ ہو۔

التَّرْقُوَة: ہنسلی کی ہڈی۔ ج "التَّرَاقِي و التَّرَائِق" کہا جاتا ہے "تَرْقَاهُ تَرْقَاةً" یعنی اس نے اس کی ہنسلی کی ہڈی پر مارا۔ "وبَلَغَتْ رُوْحُه التَّرَاقِي" وہ قریب الموت ہوا۔

تَرَكَهُ(ن) تَرْكًا و تِرْكَانًا و اِتَّرَكَهُ: چھوڑنا۔

تَارَكَه مُتَارَكَةً و تِرَاكًا: چھوڑنا ـــــ الرَّجُلُ: مصالحت کرنا۔

تَتَارَكُوا۔ الْاَمْرَ بَیْنَهُمْ: چھوڑنا۔

التَّرِکَة و التَّرِیکَة: شتر مرغ کا چھوڑا ہوا انڈا۔ انڈے کا خول جس میں سے بچہ نکل چکا ہو۔ خود۔ وہ عورت جس سے کوئی شادی نہ کرے۔

التِّرْکَة و التَّرِکَة: چھوڑی ہوئی چیز اور اسی سے "تَرِکَةُ المَیِّت"

التَّرِیک: چھوڑا ہوا ـــــ مِنَ الکَرْمِ اَوِ النَّخْلِ: خوشہ یا گچھا۔ جس میں سے کھا کر تھوڑا چھوڑ دیا گیا ہو۔

التَّرَّاک: بہت چھوڑنے والا۔

تَرْمَسَ: جنگ سے غائب رہنا۔

تَرْمَسَتِ الدَّابَّةُ: جانور کے جبڑے کے اندرونی حصہ میں ترمس کے مشابہ پھنسیاں نکلنا۔

التُّرْمُس: ایک قسم کا غلہ جو کڑوا ہوتا ہے اور چند دن پانی میں بھگو کر استعمال کیا جاتا ہے۔

التُّرْمُسَة: سرنگ۔ تہ خانہ۔

التَرامِس: چاندی کے مہرے۔

التُّرَامِس: گدھا۔

التُّرُنج: لیمو۔ لیمو کا درخت۔

تَرِهَ(س) تَرَهًا: باطل چیزوں میں پھنسنا۔

التُّرَهَة: باطل۔ مصیبت۔ ج تُرُّهات

التُّرُّهات: چھوٹے راستے۔

التُّرَه: باطل۔ ج تَرَارِیه۔

تَرَی(ض) تَرْیًا۔ فِی الْاَمْرِ: دیر کرنا۔

التِرْیَاق: دوا جو دافع زہر ہو (و التِریاقة): شراب۔

تَسَعَ(ف ض) تَسْعًا۔ القَومَ: نواں ہونا۔ اپنے کو ملا کر نواں بنا دینا۔ قوم کے مال کا نواں حصہ لینا ـــــ المالَ: نواں حصہ لینا۔

اَتْسَعَ۔ القَوْمُ: نو ہونا۔ التِّسْعَة: نو (۹)۔ مؤنث۔ تِسْعٌ کہا جاتا ہے تِسْعَةُ رِجَالٍ و تِسْعُ نِسَاءٍ وَ تِسْعَةَ عَشَرَ رَجُلًا و تِسْعَ عَشْرَةَ اِمْرَأَةً۔ ج تِسْعَات۔

التُّسْع و التَّسِیْع: نواں حصہ۔ تِسْع: کی جمع اَتْسَاع۔

التَّاسِع: نواں۔

تِسْعُوْن: نوے (۹۰)

التُّسَع: مہینہ کی ساتویں آٹھویں نویں راتیں۔

تُسَاع: نو نو: کہا جاتا ہے "جاء القومُ تُسَاعَ" قوم کے لوگ۔ نو نو آئے (یہ غیر منصرف ہے)

التُّسَاعِیّ: نو والا۔

التَّاسُوْعَاء: مہینہ کا نواں دن حبل (مَتسُوعٌ): نولڑی کی بٹی ہوئی رسی۔

تِشْرِیْنُ الاول: ماہ اکتوبر (ترکی مہینے کا نام)

تِشْرِیْنُ الثانی: ماہ نومبر۔ ج تَشَارِیْن: تشارین کو فصل خریف پر دلالت کے لیے استعمال کرتے ہیں۔

تَعَّ(ن) تَعَّةً و تَعًّا: ڈھیلا ہونا۔ قے کرنا۔

تَعِبَ (س) تَعَبًا: مشقت میں پڑنا۔ تھکنا۔ صفت(تَعِبٌ)

اَتْعَبَهُ: تھکانا: اَتْعَبَ الاناءَ: بھرنا: القومُ تھکے ہوئے جانوروں والے ہونا۔

التَّعَب: مشقت۔ تھکن۔ ج اَتْعَاب۔

المَتْعَب و المَتْعَبَة: تھکن۔ تھکانا۔ تھکن کی جگہ۔ باعث تھکن۔ کہا جاتا ہے "استخراج المعمیٰ مَتْعَبة لِلخَواطِرِ" معمہ کا حل کرنا طبیعت کی تھکن کا باعث ہوتا ہے۔ ج مَتَاعِب۔

تَعْتَعَهُ: جھنجوڑنا۔ حرکت دینا۔ تَعْتَعَ فی الکلام: ہکلانا۔

التَعَاتِع: خوفناک جھوٹی خبریں۔

تَعَسَ (ف) و تَعِسَ (س) تِعْسًا و تَعَسًا: ہلاک ہونا۔ پھسلنا اور منہ کے بل گرنا۔ صفت (تَعِسٌ و تَاعِسٌ و تَعِیْسٌ)

تَعَسَهُ و اَتْعَسَهُ۔ اللّٰهُ: بدنصیب بنانا۔ ہلاک کرنا۔ کہا جاتا ہے "تَعْسًا لَهُ" یعنی اللہ اس کو ہلاک کرے۔

التعس: مص ہلاکت۔ بدی۔ تنزل۔

التَّعْسَة: سختی سے گرنا۔

المَتْعَسَة: سبب ہلاکت۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا الْاَمْرُ مَنْحَسَةٌ مَتْعَسَةٌ" یہ معاملہ باعث نحوست و ہلاکت ہے۔

تَعِصَ (س) تَعَصًا: زیادہ چلنے سے پٹھوں میں درد ہونا۔

التّغل: حلق کی سوزش۔
تَغِبَ(س) تَغَبًا: ہلاک ہونا۔
اَتْغَبَهٗ: ہلاک کرنا۔
التّغب: ہلاکت۔ میل کچیل۔ بھوک۔ عیب وفساد۔
التّغب و التّغبة: گناہ۔ قبیح۔ کہا جاتا ہے "مَافِيهِ تَغْبَة" یعنی اس میں کوئی ایسا عیب نہیں جس کی وجہ سے اس کی شہادت رد کی جائے۔
تَغتَعَ۔ الْكَلَامَ: واضح طریقہ سے نہ بولنا۔
___ الضِّحْكَ: ہنسی کو چھپانا۔
التّغتغة: زیور کی جھنکار کی نقل۔ ہنسنے کی آواز کی نقل۔ زبان کی ثقافت۔
تَغَرَت (ف) تَغْرًا و تُغُورًا۔ السَّحَابَةُ: پانی بہہ پڑنا۔ تَغَرَ العِرْقُ: کثرت سے خون جاری ہونا۔
تَغْرَانًا۔ القِدْرُ: جوش مارنا۔ ابلنا۔ جُرْحٌ (تَغَّارٌ) کثرت سے خون بہانے والا زخم۔
تَفَّفَهٗ: کسی سے تھو تھو کہنا۔
التُّفُّ: ناخن کا میل۔ ج تِفَفَة۔
التِّفَّان: وقت۔ کہا جاتا ہے "اَتَيْتُكَ بِتِفَّانِهِ وَعَلٰى تِفَّانِهِ" میں مناسب وقت میں تمہارے پاس آیا۔
التُّفَّة: حقیر وذلیل عورت۔
التُّففة: ایک قسم کا چھوٹا کیڑا جو چمڑے کو خراب کر دیتا ہے۔
تَفِئَ(س) تَفْأً: سخت غضبناک ہونا۔
تَفِيئَة و تَفِيَّة۔ الشَّئِ: وقت۔
تَفِثَ (س) تَفَثًا: میل کچیل غالب ہونا۔ صفت (تَفِث)۔ کہا جاتا ہے "قَضٰى تَفَثَه" اس نے میل کچیل کو دور کیا۔
تَفَّثَتِ۔ الدِّمَاءُ مَكَانَه: آلودہ کرنا۔
التُّفَّاح: سیب۔ سیب کا درخت۔ واحد تُفَّاحَة ج تَفَافِيح۔
التُّفَّاحَتَانِ: دونوں ران کے سرے۔
المَتْفَحَة: سیب کی پیداوار کی جگہ۔
اَتْفَرَ۔ الشَّجَرُ: کونپلیں نکلنا ___ الرَّجُلُ: ناک کے بالوں کا ہونٹ کے گڑھے تک لمبا ہونا۔
الرَّجُلُ (التَّافِرُ والتَّفِرُ و التَّفْرَان): میلا۔ گندا۔
التِّفِرَة و التُّفْرَة و التَّفَرَة: اوپر کے ہونٹ کا گڑھا۔
تَفِرَةُ۔ الشَّجَرِ: کونپل۔ والتَّفِرَة: درخت کے نیچے اگنے والی گھاس۔ یا وہ گھاس جس کے چھوٹے ہونے کی وجہ سے جانور چر نہ سکے۔
التَّفَارِيج: چبوترے کے پائے کے فاصلے انگلیوں کے درمیان کی کشادگی' واحد تِفْرَاج۔
التُّفْرُوق: غلاف خرما۔
تَفَلَ (ن ض) تَفْلًا: تھوکنا۔
تَفِلَ (س) تَفَلًا۔ الرَّجُلُ: تیل وخوشبو نہ لگانے کی وجہ سے بدبودار ہونا۔ صفت (تَفِل) مؤنث (تَفِلَة و مِتْفَال)۔
اَتْفَلَهٗ: بدبودار کر دینا۔
المِتْفَلَة: پیک دان۔ ج مَتَافِل۔
التَّتْفُل و التِّتْفَل و التُّتْفُل: لومڑی۔ مؤنث تَتْفُلَةٌ۔
التَّفَن: میل۔
تَفِهَ (س) تَفَهًا و تُفُوهًا۔ الشَّئُ: کم ہونا۔ گھٹیا ہونا۔ حقیر ہونا۔ کہا جاتا ہے۔ "تَفِهَ عَطَاءُ فُلَانٍ" فلاں کی داد و دہش کم ہے۔ (___ تَفَاهَةً) الطَّعَامُ: بے مزہ ہونا۔ صفت (تَفِه وَتَافِه) (___ تُفُوهًا) الرَّجُلُ: کم عقل ہونا۔ صفت (تَافِه)
اَتْفَه۔ الشَّئَ: کم کرنا۔ کہا جاتا ہے۔ "اَعْطَيْتَ فَاَتْفَهْتَ" تم نے دیا اور کم دیا۔
التِّقْدَة و التَّقْدَة: دھنیا۔ زیرہ۔ روی۔ مسالہ۔
التِّقْر و التَّقَرَة: مسالہ۔ التِّقِرَة: دھینا۔ زیرہ روی۔
تَقِعَ(س) تَقَعًا: بھوکا ہونا۔
التَّقْع: بھوک۔
جُوْعٌ (تَقِع): سخت بھوک۔
اَتْقَنَ۔ الْاَمْرَ: مضبوطی سے کرنا۔
تَقَّنَ۔ الارض: پیداوار زیادہ ہونے کے لیے سینچنا۔
التِّقْن: طبیعت۔ کہا جاتا ہے "الفَصَاحَةُ مِنْ تِقْنِهٖ" فصاحت اس کی طبعی چیز ہے۔ گارا جو خشک ہو کر پھٹ جائے۔ حوض کا بقیہ گدلا پانی رَجُلٌ (تِقْن و تَقِن) کام کا اچھی طرح کرنے والا۔ کام میں ماہر۔ ج اَتْقَان۔
التِّقْنَة: حوض کا بقیہ گدلا پانی۔
تَقِي: (دیکھئے مادہ وق ی)
تَكَّهٗ (ن) تَكًّا: روند کر کچل دینا۔ تَكَّهُ النَّبِيذُ: مدہوش کر دینا۔
تَكَّ (ن) تُكُوْكًا۔ الرَّجُلُ: لاغر ہونا۔ بیوقوف ہونا۔ صفت (تَاك) ج تَاكُون و تُكَكَةٌ و تُكَّاك و تُكُك۔
اِسْتَتَكَّ۔ التِّكَّةَ: پائجامہ میں ازاربند ڈالنا۔
التِّكَّة: ازاربند۔ ج تِكَك۔
المِتَكَّة: پائجامہ میں ازاربند ڈالنے کی سلائی۔
التِّكِّي: ازاربند بیچنے والا یا بننے والا۔
تَكَأَ: (دیکھئے مادہ۔ وک أ)
تَكْتَكَهٗ تَكْتَكَةً: روند کر کچل دینا۔ ٹکڑے ٹکڑے کر دینا ___ السَّاعَة: ٹک ٹک کرنا۔
تَكِلَ: (دیکھئے مادہ۔ وک ل)۔
تَلَّهٗ (ن) تَلًّا: پچھاڑنا ___ الشَّئَ اِلَيْهِ: دفع کرنا۔ الْحَبْلَ فِي الْبِئْرِ: کنوئیں میں رسی لٹکانا۔ الشَّئَ فِي يَدِهٖ: رکھنا۔ کہا جاتا ہے "تَلَّه (بِتِلَّة) سُوْءٍ" اس نے اسے برے فعل کی تہمت لگائی۔ الیہ: عاجزی کرنا۔ گڑگڑانا۔
اَتَلَّ۔ الدَّابَّةَ: باندھنا۔ کھینچنا ___ المَائعَ: ٹپکانا۔
التَّلَال و التَّلَالَة: گمراہی۔
التَّلُّ۔ مِنَ الْاَرْضِ: چھوٹا ٹیلہ۔ ج تِلَال و تُلُوْل۔ واحد تَلَّة۔
التِّلَّة: حالت۔ (___ و التَّلَّة): لیٹنے کی حالت۔ گرنے کی حالت۔ اور کہا جاتا ہے "فِي خُلُقِهٖ تَلَّة" اس کی عادت میں کاہلی ہے۔
التَّلِيْل ج اَتِلَّة و تُلُل و تَلَائِل: گردن ___ ج تَلْي: پچھاڑا ہوا۔
المِتَلّ: وہ چیز جس سے کسی کو پچھاڑا جائے۔ کہا جاتا ہے "رُمْحٌ مِتَلٌّ" سیدھا اور سخت نیزہ قوی و مضبوط آدمی یا اونٹ۔
التَّلِّي: ذبح کی ہوئی بکری۔
اِتْلَابَّ اِتْلِئْبَابًا۔ الْاَمْرُ: درست ہونا ___ الْحِمَارُ: سر وسینہ اٹھانا۔ کہا جاتا ہے قِيَاسٌ مُتْلَئِبٌّ" یعنی قیاس مطرود "طَرِيْقٌ مُتْلَئِبٌّ"

سید ھا السبار استہ۔

اِنْجَزَع و تَجَزَّعَ : ٹکڑے ٹکڑے ہونا۔ ٹوٹنا۔
اِجْتَزَعَه : کاٹنا۔ توڑنا۔
الجَازِع۔ فا۔ ہر وہ لکڑی جس کو دو چیزوں کے درمیان عرض میں نصب کر کے اس پر کوئی چیز رکھیں۔ مؤنث جازِعَة۔
الجَزْع۔ مص : مہرہ جس میں سفیدی وسیاہی ہوتی ہے۔ واحد جَزْعَة۔
الجِزْع : لوگوں کے رہنے کی جگہ۔ شہد کی مکھیوں کا چھتہ۔ جِزْعُ الوادی : وادی کا موڑ ج اَجْزَاع۔
الجُزْع و الجَزْع : رہٹ کا دھرا۔
الجِزْعَة و الجُزْعَة : تھوڑی چیز۔ بقیہ۔ ج جِزَع۔ الجُزْعة : چھری کا دستہ۔
الجَزِیْعة : بھیڑوں کے ریوڑ کا ایک حصہ ج جَزَائِع۔
المِجْزَاع : بہت بے صبر۔ ج مَجَازِیْع۔
المُجَزَّع و المُجَزِّع۔ من الرُّطَب : نیم پختہ کھجور۔ وہ چیز جس میں سفیدی وسیاہی ہو۔ حوض مجزَّع : تھوڑے پانی والا حوض۔
جَزَفَ (ن) جَزْفًا و اِجْتَزَفَ۔ الشَّیَٔ : اٹکل سے بیچنا یا خریدنا۔ و (المجزاف) بتثلیث الجیم و (الجَزِیْف) اٹکل کی بیع۔ کہا جاتا ہے۔ "بیع جَزِیْف و بیع جُزَاف"
جَازَفه مُجَازَفَة : اٹکل سے خرید و فروخت کرنا۔ اور اسی سے ہے "جَازَفَ فِی کلامه" : اس نے بے تکی باتیں کیں۔ جَازَفَ بِنَفْسِه : اپنے آپ کو خطرہ میں ڈال دینا۔
الجَزْفة : چوپایوں کا گلہ۔
الجَزَّاف۔ شکاری۔
الجَزُوْف۔ من الحوامل : حد ولادت سے گزرنے والی۔
المِجْزَفَة : مچھلی کا جال۔
جَزُلَ (ک) جَزَالَةً۔ الشَیُٔ : بڑا ہونا۔ موٹا ہونا ____ المنطقُ : فصیح ہونا۔ صفت (جزْل) ج جَزَال و (جَزِیْل) ج اَجْزَال و جِزَال ____ الرَّجُلُ : صائب الرائے ہونا۔
جَزَلَ (ض) جَزْلًا۔ الشَیَٔ : دو ٹکڑے کرنا ____ القَتَبُ غَارِبَ البَعِیرِ : کاٹ دینا۔ زخمی کر

دینا۔

اَجْزَلَ۔ العَطاءَ وفی العَطَاء ومن العَطَاء لفلان وعلیہ: بہت دینا۔

اِسْتَجْزَلَهٗ: کسی چیز کو بڑا یا موٹا یا کسی کلام کو فصیح پانا۔ اِسْتَجْزَلَ رایَہ: کسی کو صائب الرائے پانا۔

الجَزْل۔ مہ: موٹا۔ بڑا۔ بہت۔ فیاض۔ بہت دینے والا۔ عمدہ رائے والا۔ عمدہ الفاظ۔

الجَزْل: خشک لکڑی۔

الجَزَال والجِزَال: کھجور کے پھل اُتارنے کا وقت۔ کہا جاتا ہے "ھذا زَمَن الجِزَال" یہ کھجور کے پھل اُتارنے کا زمانہ ہے۔

الجَزَّال والجَزِیْل: بہت بڑی۔

الجَوْزَل: کبوتر کا بچہ۔ ج جَوَازِل۔

جَزَمه (ض) جَزْمًا: کاٹنا۔ جَزَمَ الحرفَ: ساکن کرنا ــــ الفعلَ: جزم دینا یا حرفِ علت یا تثنیہ وجمع سے نون گرا دینا ــــ الیَمِیْنَ: پوری کرنا۔ تم کہتے ہو "حلف یمینًا جَزْمًا ــــ الامر: کسی امر کا قطعی فیصلہ کرنا۔ تم کہتے ہو "امر له امراً جَزْمًا" میں نے اس کو لازمی حکم دیا۔ "وھذا حکم جزمٌ" یہ لازمی و قطعی حکم ہے۔ جَزَم الی الامر: پختہ ارادہ کرنا۔ جَزَمَ علیه الشَیَٔ: واجب کرنا۔ ــــ الرَجُلُ: دن رات میں ایک ہی مرتبہ کھانا۔ (ــــ واجْتَزَمَ) النَخْلَةَ: پھلوں کا اندازہ کرنا۔ (ــــ وجَزَّمَ) عنه: بزدل ہونا' عاجز ہونا۔ ــــ علیه: خاموش ہونا۔ ــــ القِربة: بھرنا۔

تَجَزَّمَ العودُ: پھٹنا۔

اِنْجَزَمَ العظمُ: ٹوٹنا ــــ الحرفُ: ساکن ہونا۔

الجَزْمُ۔ مہ: کہا جاتا ہے "قلم جَزْم" برابر قط والا۔ و "امر جَزْم" وقت سے پہلے آنے والا معاملہ۔

الجِزْم: حصہ۔

الجَازِم۔ ف۔ جزم کا عمل کرنے والا۔ جیسے لَمْ۔

سِقَاءٌ جَازِم: بھری ہوئی مشک۔ بعیر جازِم: سیراب اونٹ۔ ج جَوَازِم۔

الجَزْمَة: دن رات میں ایک مرتبہ کھانا۔

الجِزْمَة: بھیڑوں کے ریوڑ کا ایک حصہ۔ سِقَاءٌ اوإنَاءٌ (مِجْزَم) بھری ہوئی مشک یا برتن۔

جَزَیٰ (ض) جَزَاءً۔ الرجلَ بکذا وعلی کَذَا: بدلہ دینا۔ جَزَیٰ فلانًا حقه: ادا کرنا۔ جزاه الشَیُٔ: کافی ہونا (ــــ وأَجْزَیٰ) الامرُ منه او عنه: قائم مقام ہونا۔ تم کہتے ہو۔ "یُجْزِی ہذا من اوعن ذاک" یہ اس کے قائم مقام ہے۔

جَازَاہ مُجَازَاةً وجِزَاءً: بدلہ دینا۔

تَجَازَیٰ تَجَازِیًا۔ دینه وبدینه علی فلان: طلب کرنا۔ تقاضا کرنا۔

اِجْتَزَاه: بدلہ مانگنا۔

الجِزَاء والجَزَاء والجَازِیة والمُجَازَاة: کسی چیز کا بدلہ۔ الجَازِیة کی جمع الجوازی۔ کہا جاتا ہے "جزتک الجَوازِی" یعنی تم نے اپنے فعل کا بدلہ پالیا۔

الجِزْیَة: زمین کا محصول۔ ٹیکس جو ذمی سے لیا جائے۔ ج جِزًی وجِزْیٌ وجِزَاء۔

الأَجْزَیٰ: بہت کافی۔ تم کہتے ہو "اللحم السمین أَجْزَیٰ من المهزُوْل" موٹا گوشت دبلے سے زیادہ بہتر ہے۔

جَسَّهٗ (ن) جَسًّا واجْتَسَّهٗ: معلوم کرنے کے لیے ہاتھ سے چھونا۔ ــــ الارضَ: روندنا۔ ــــ بعینیه: گھورنا۔ تیز نظر ڈالنا۔

جَسَّ وتَجَسَّسَ واجْتَسَّ۔ الاخبارَ او الامورَ: تفتیش کرنا۔

الجَسِیْس۔ ج أَجِسَّة و (الجاسوس) ج جواسیس والجَسَّاس): جاسوس۔ بُرائی کی نیت سے خبروں کی تفتیش کرنے والا۔

جَوَاسُّ۔ الانسان: انسان کے حواس خمسہ واحد (جَاسَّة)

المَجَسّ والمُجَسَّة: چھونے کی جگہ۔ سینہ۔ کہا جاتا ہے "فلان ضیق المَجِسّ او المجَسَّة" فلاں تنگ دل ہے۔ المجسَّة: نبض۔ کہا جاتا ہے۔ "مَجسَّته حارةٌ" اس کی نبض گرم ہے ج مَجَاسّ

المِجَسَّة: چھونے کا آلہ۔ ج مَجَاسّ و مِجَسَّات۔

جَسَأَتْ (ف) جَسْئًا وجُسُوْءًا او جُسْأَةً۔ الیدُ من العمل: کام کرنے کی وجہ سے سخت ہونا۔ صفت (جَاسِئَة وجَسْئَاء)

الجَسْء: سخت کھال۔ جما ہوا پانی۔

الجَاسِیُٔ۔ من النبات ونحوه: خشک

جَسِدَ (س) جَسَدًا۔ الدمُ به: چپکنا۔ (جَسِدَ وجَاسِد)

جَسَّدَهٗ: زعفران سے رنگنا۔

تَجَسَّدَ: تن آور ہونا۔

الجَسَد: بدن انسانی۔ زعفران۔ خشک خون ج أَجْسَاد نسبت کے لیے (جَسَدی و جُسْدَانی)

الجَسَاد: زعفران۔

الجُسَاد: پیٹ کا درد۔

الجَسِید: خشک خون۔

المِجْسَد: کرتہ جو بدن سے متصل ہو بنیان

جَسَر (ن) جَسَارَةً وجُسُوْرًا۔ علی الامر: اقدام کرنا (ــــ وتجَاسَر) فخر کرنا۔ جری ہونا۔

جَسَر (ن) جَسْرًا: پل بنانا واجْتَسَر المفازة: عبور کرنا۔

جَسَّرَهٗ: بہادر بنانا۔

الجَسْر والجِسْر: پل۔ ج جُسُور و أَجْسُر۔ الجَسْر من الابل: بڑا اونٹ ــــ مِن الرجال: بڑے ڈیل ڈول کا مرد مؤنث جَسْرة۔

الجَاسِر ج جُسَّارِ وجَاسِرُون و (الجَسُوْر) ج جُسُر وجُسْر: دلیر۔ پیش قدمی کرنے والا۔ مؤنث جَاسِرَة و جَسُوْر۔ ج جَوَاسِر۔

الجَسَرَة: دلیری۔ بہادری۔

الجَسَّار: بہت دلیری کرنے والا۔

جَسَع (ف) جُسُوْعًا۔ عن العطاء: باز رہنا۔ رُک جانا۔

الجَاسِع من السفر: لمبا سفر۔

جَسُمَ (ک) جَسَامَةً: تنومند ہونا۔ صفت (جُسَام وجَسِیْم) ج جِسَام مؤنث (جَسِیْمَة وجُسَامَة)

جَسَّمَهٗ: تن آور و موٹا کرنا۔

تَجَسَّمَ: تنومند و موٹا ہونا۔

تَجَشَّم في عيني كَذا :خیال میں آنا ___
الامرَ : کسی بڑے کام کی طرف اقدام کرنا ___
الرملَ : ریگستان کے بڑے حصے کو طے کر لینا
___ فلانًا من بین القوم : انتخاب کرنا
___ الارضَ : ارادہ کرنا۔ کہا جاتا ہے
"تجشم فُلانٌ مِنَ الکرمِ" فلاں بڑا فیاض ہے'
گویا کہ وہ کرم کا مجسمہ ہے۔
الجِسم :بدن۔ وہ چیز جس میں طول عرض'
عمق ہو۔ ج اَجسَام واَجسُم وجُسُوم۔ نسبت
کے لیے (جِسمِیّ وجِسمَانِیّ)
الجُسمان :بدن۔
الجُسَم :بڑے بڑے اُمور۔
الاَجسَم :تناور اور بڑا۔
المُجَسَّم : وہ عدد جو کسی جسم کی لمبائی کو
عرض وعمق میں ضرب دینے سے حاصل ہو۔ ہر
وہ چیز جس میں طول 'عرض' عمق ہو۔
جَسَا(ن)جَسوًا وجُسُوًّا :بمعنی جَسَأَ۔
جَاسَاهُ مُجَاسَاةً :دشمنی کرنا۔
جَشَّهُ (ن) جَشًّا : کوٹنا۔ توڑنا۔ جَشَّ
المکانَ : جھاڑو دینا۔ صاف کرنا۔ ___ ہ
بالعصاء :لاٹھی سے مارنا ___ دَمعَه :بہانا
___ القومُ :کوچ کرنا۔ اکٹھا ہونا۔
اَجَشَّ۔ الشیَٔ :کوٹنا۔ توڑنا ___ البُرَّ :
موٹا پیسنا۔ صفت مفعول (جَشِیش و
مَجشُوش)
اَجَشَّ واِجتَشَّ۔ المکانُ :گنجان گھاس والی
ہونا۔
الجَشّ۔ مہ ۔ مَوضعٌ جَشٌّ : سخت پتھریلی
جگہ۔
الجُشّ :پہاڑ۔ ج جِشاش۔
الجَشَّة والجُشَّة :لوگوں کا ایک ساتھ آنے
والا گروہ۔ بھدی آواز۔
الاَجَشّ : بھدی آواز والا آدمی۔ مؤنث
جَشَّاء۔
المِجَشّ والمِجَشَّة :چکی۔
جَشَأَت نفسه (ف) جُشُوءًا وجُشأً وجَشأً :
غم یا گھبراہٹ کی وجہ سے جی متلانا ___
المکانُ : خوب پیداوار ہونا ___ من
المکان :نکلنا ___ البحرُ :جوش میں آنا۔
جَشَّأ تَجشِئَةً وتَجَشَّأ تَجَشُّؤًا :ڈکار لینا۔
اِجتَشَأ۔ البلادَ واِجتَشَأَته البلادُ :ناموافق
ہونا۔
الجُشَاء :ڈکار۔ واحد جُشَأَة وجُشَاَة۔
جَشَبَ (ف) و جَشِبَ (س) جَشبًا و
جَشُبَ (ک) جَشَابَةً۔ الطعامُ : موٹا و بدمزہ
ہونا۔ صفت (جَشْبٌ و جَشِبٌ و جَشِیبٌ و
مِجشَابٌ و مَجشُوبٌ) وجَشُب الرَّجُلُ :بد
غذا ہونا۔
المِجشَب :موٹے جسم والا بہادر۔
جَشَر (ن) جَشرًا و جَشَّرَ۔ المواشی :
چرانے کے لیے لے جانا۔ وجَشَّر الاناءَ : خالی
کرنا۔
جَشَر (ن) جُشُورًا۔ الصبحُ :پوپھٹنا ___
الرَّجُلُ :سفر کرنا۔
جَشِر (س) جَشرًا و جُشرٍ : کھانسنا۔ آواز
بیٹھنا۔ صفت (اَجشَر) مؤنث جشراء۔ ج
جُشر۔
الجَشَر والجُشَار :مویشی جو چراگاہ سے لوٹ
کر شام کو گھر پر نہ آئیں۔ وہ لوگ جو چراگاہ ہی میں
رات گزاریں اور گھر پر واپس نہ آئیں۔
الجُشَارِیّ :چرواہا۔
المِجشَر :حوض۔ ج مَجَاشِر۔
الجَشِیر :چمڑے کا تیر دان۔
الجُشَار :کھانسی۔
الجُشرَة :سینہ کی تنگی۔ خشک کھانسی۔
جَشِع (س) جَشَعًا وتَجَشَّعَ :بدترین قسم کا
لالچی ہونا۔ صفت (جَشِع) ج جَشِعُون
وجَشَاعَی وجُشَعَاء وجِشَاع۔
تَجَاشَعَا۔ الماءَ :باہم تنگی کرنا اور پیاسا رہنا۔
جَشِمَ (س) جَشمًا و جَشَامَةً وتَجَشَّمَ
الامرَ : مشقت سے کام کرنا۔ کہا جاتا ہے
"جَشِمتُ الیک عرق القربة" تمہاری وجہ
سے بڑی مصیبت جھیلی۔ وتَجَشَّم الرملَ :
ریگستان کے بڑے حصہ کو طے کیا۔ "وتَجَشَّم
فلانًا من بین القوم :اس نے قوم سے فلاں کا
انتخاب کیا اور اسی کی روش پر چلا۔
جَشَّمَهُ واَجشَمَهُ۔ الامرَ :کوئی کام کرنے کی
تکلیف دینا۔ "مهما تجشمنی فانی جاشِم"
جس کا تو مجھ کو حکم دے گا میں کروں گا۔
الجَشَم والجُشَم : بوجھ۔ بھاری کام۔ کہا
جاتا ہے "القی علیّ جشمَه" اس نے میرے
اوپر اپنا بوجھ ڈال دیا ___ من البعیر :سینہ۔
الجَشِم والجَشِیم :موٹا۔ بھاری۔
الجَوشَن : سینہ۔ زرہ۔ جوشن اللیل :
آدھی رات۔
جَصَّ (ض) جَصًّا و جَصِیصًا : سخت بند ہو
جانے کی وجہ سے کراہنا۔
جَصَّصَ۔ البناءَ : گچ کرنا ___ الجروُ :
آنکھیں کھولنا ___ العنقودُ : پھوٹنا ___
علی العدو :حملہ کرنا۔
اِجتَصَّ وتَجَاصَّ۔ القومُ : قریب قریب
اکٹھا ہونا۔
الجِصّ والجَصّ :گچ۔ چونہ۔
الجَصَّاص :گچ والا یا گچ بیچنے والا۔
الجَصَّاصَة :گچ بنانے کا کارخانہ۔
الجَصِیص :فریاد ونالہ۔
الجَصِیصَة : آواز۔ شور وغوغا۔ پاس پاس
رہنے والا گروہ۔
جَضَّ (ن) جَضًّا علیه بالسیف :حملہ کرنا۔
جَعَبَه (ف ض) جَعبًا و جَعَّبَه تَجعِیبًا و
جَعبَاهُ جَعبَاةً و جَعبَلَة : اُلٹ دینا۔ پچھاڑ دینا۔
جَعَّبَ (الجَعبَة) ترکش بنانا۔
تَجَعَّبَ وانجَعَبَ وتَجَعبَی : پچھڑ جانا۔
تَجَعبَی الجیشُ :کثرت کے ساتھ جمع ہونا۔
الجَعبَة :ترکش۔ ج جِعَاب۔
الاَجعَب : بڑے پیٹ والا جو کام کرنے میں
سست ہو۔ مؤنث جَعبَاء۔ ج جُعب۔ الجَعبَاء :
دُبر۔
الجَعَّاب :ترکش بنانے والا۔
الجِعَابَة :ترکش بنانے کا پیشہ۔
الجُعبُوب :پست قد بدشکل۔ ج جعابیب۔
الجِعبِیّ والجَعبَاة :حلقہ دُبر۔
المِجعَب :ہر ایک کو پچھاڑ دینے والا۔
جَعجَعَ۔ البعیرَ :بٹھانے یا اٹھانے کے لیے

حرکت دینا۔ بٹھانا ___ البعیرَ : بٹھنا۔ ___ بالغریم : سختی سے مطالبہ کرنا ___ فی المکان : غیر مطمئن حالت میں بیٹھنا۔

تَجَعْجَعَ : درد کی وجہ سے زمین پر گر پڑنا۔

الجَعْجَعَۃ۔مہ۔ اکٹھے ہونے والے اونٹوں کی آواز۔ چکی کی آواز۔ اور اسی سے مثل ہے "اَسْمَعُ جَعْجَعَۃً ولا اَرٰی طِحْنا" چکی کی آواز سنتا ہوں اور آٹا دکھائی نہیں دیتا۔ اس شخص کے حق میں بولتے ہیں جو دھمکی تو دے اور کچھ کر کے نہ دکھلائے یا اس بخیل کے حق میں جو وعدہ تو کرے اور پورا نہ کرے۔

الجَعْجَاع : تنگ اور سخت جگہ۔ معرکہ جنگ۔ قحط زدہ زمین۔

جَعُدَ (ک) جَعَادَۃً و جُعُوْدَۃً۔ الشعرُ: گھنگھریالے ہونا۔

جَعَّدَ الشعرَ گھنگھریالے بنانا۔

تَجَعَّدَ۔ الشعرُ : گھنگھریالے ہونا۔ و تَجَعَّدَ الشیئَ : سکڑنا۔

الجَعْدُ۔ من الشعر : گھنگھریالا۔ کہا جاتا ہے "ھو جَعْدُ الید" وہ بخیل ہے۔ و جَعْدُ القَفَا" جس کے حسب میں کھوٹ ہو۔ ج جِعَاد۔ ترابٌ جَعْدٌ : نمناک مٹی۔ وجہ جعدٌ : کم ملاحت والا گول چہرہ۔ زَبَدٌ جَعْدٌ : تہ بر تہ مکھن۔ (ابو جَعْدَہ و ابو جَعَادَۃ ابو جُعَادَۃ) : بھیڑیئے کی کنیت۔

جَعَرَ (ف) جَعْرًا و اِنْجَعَرَ۔ السبعُ : پاخانہ کرنا۔

تَجَعَّرَ : کنوئیں میں گرنے کے خوف سے کمر میں رسّی باندھنا۔

الجَعْر۔مہ۔ درندے کا پاخانہ۔ ج جُعُور

الجِعَار : رسّی جس کو کنوئیں میں اُترنے کے وقت کمر سے باندھ لیں اور اس کا دوسرا کنارہ کسی کھونٹے سے تاکہ گرنے سے محفوظ رہیں۔ جانور کی رانوں کے داغ۔

جَعَارِ بروزن قطامِ و (ابو جَعارِ و اُم جَعَارِ) : بجو۔

اَبُو جِعْران : گبریلا۔

اُمّ جَعْرَان : بڑا گدھ۔

الجَاعِرتان : دونوں ران کے وہ حصے جہاں پر دُم ہلانے میں پہنچتی ہے۔

الجَعْرَاء و المَجْعَر : دبر۔

جَعَسَ (ف) جَعْسًا۔ الرَّجُلُ : پاخانہ کرنا۔

تَجَعَّسَ : گھن کھانا۔ فحش بکنا۔

جَعِظَ (س) جَعَظًا : غضبناک و بدخلق ہونا۔ صفت جَعْظٌ و جَعِظ۔

جَعَظَہٗ (ف) جَعْظًا و اَجْعَظَہ : دفع کرنا۔ ہٹانا۔

جَعَفَہٗ (ن) جَعْفًا و اَجْعَفَہٗ : پچھاڑنا۔

جَعَفَ و اِجْتَعَفَ۔ الشجرۃَ : جڑ سے اُکھیڑنا۔

اِنْجَعَفَت۔ الشجرۃ : جڑ سے اُکھڑ جانا۔

سیلٌ جَاعِفٌ و جُعَاف : تمام چیزوں کو بہالے جانے والا السیلاب۔

الجَعْف۔مہ۔ تھوڑی روزی جس سے کچھ نہ بچ سکے۔

الجَعْفَر : نالہ۔ ندی۔ بہت دودھ والی اونٹنی۔

جَعْفَلَ جَعْفَلَۃً : زین سے زمین پر گرا دینا۔

جَعَلَ (ف) جَعْلاً : بنانا۔ پیدا کرنا۔ جیسے "جعل اللّٰہ الظلمات" رکھنا۔ تبدیل کرنا۔ جیسے "جعل الحَسَن قبیحا" گمان کرنا جیسے "جعل الحقَّ باطلا" : اس نے حق کو باطل گمان کیا۔ مقرر کرنا جیسے "جعلہ حاکمًا" اس نے اسے حاکم مقرر کیا ___ لہ کذا علی کذا : شرط باندھنا۔ شروع کرنا۔ جیسے "جعل یکتب" وہ لکھنے لگا۔ اور دینے کے معنی میں بھی آتا ہے۔ جیسے "اجْعَلْ لِیْ لِسَانَ صِدْقٍ" مجھ کو نیک نامی دے۔

جَعِلَ (س) جَعَلاً۔ الماءُ : پانی میں کیڑوں کی کثرت ہو جانا ___ الغلامُ : موٹائی کے ساتھ پست قد ہونا۔ ___ الرَّجُلُ : جھگڑالو ہونا۔

جَاعَلَہٗ مُجَاعَلَۃً : رشوت دینا۔

اَجْعَلَ۔ لہ : مزدوری مقرر کرنا۔ ___ الماءُ : پانی میں کیڑوں کی کثرت ہونا ___ اَجْعَلَہ جُعْلا : مزدوری دینا۔

تجاعَلُوا۔ الشیئَ : آپس میں کرلینا۔

اِجْتَعَلَہٗ : گھڑنا۔ ___ الشیئَ : بنانا۔ لینا۔ تم کہتے ہو "جَعَلَہ الشیئَ فَاجْتَعَلَہ" اس نے اس کو ایک چیز دی اور اس نے لے لی۔

الجُعَل : گبریلا کی ایک قسم۔ ج جِعْلان۔

الجُعَل : سیاہ فام بدصورت مرد۔ یا جھگڑالو۔ نگہبان۔ مَاءٌ (جَعْل و جَعِل) وہ پانی جس میں کیڑے بہت ہوں۔

الجِعَال۔ ج جُعُل و (الجُعْل) ج اَجْعَال و (الجِعَالۃ) بتثلیث الجیم و (الجَعِیْلۃ) ج جَعَائِل : اُجرت۔ مزدوری۔ جنگ کرنے والے کا وظیفہ۔

الجِعَال : چولہے سے دیگ اُتارنے کا چیتھڑا۔ صافی۔

الجُعْوَل : شتر مرغ کا بچہ۔

جَعَمَہ (ف) جَعْمًا : جانور کے منہ پر تو تھنی چڑھانا۔

جَعَمَ و جَعِمَ (س ف) جَعْمًا : کھانے کی خواہش نہ ہونا۔ کھانے کی خواہش کرنا۔ کہا جاتا ہے "جَعِمَ الی اللحم" وہ گوشت کھانے کا بہت خواہش مند ہے۔ جَعِمَ و تَجَعَّمَ۔ فی الشیئَ : طمع کرنا۔ صفت (جَعِمٌ و جَعِم)

اَجْعَمَ۔ الشجرَ : درخت کے سارے پتے چر لینا۔ ___ الشیئَ : جڑ سے اُکھیڑنا۔

الجعم : بھوک۔

الجَیْعَم : بھوکا جو ہر چیز کو دیکھ کر کھانے کی خواہش کرے۔

المَجْعَم : جائے پناہ۔

الجُعْمُوس : گوبر۔

جَعَا (ن) جَعْوًا۔ البعرو نحوہ : ڈھیر لگانا۔

الجِعَۃ : جو کی شراب۔

الجَعْو۔مہ۔ ہاتھوں سے جمع کیا ہوا ڈھیر۔ کیچڑ۔ چوتڑ۔

الجِغْرَافِیَۃ : جغرافیہ۔

جَفَّ (ض) جَفَافًا و جُفُوْفًا : خشک ہونا صفت (جَافٌّ و جَفِیف) کہا جاتا ہے۔ "جفَّ لبدہ" یعنی اس نے اقامت اختیار کرلی اور سفر کرنا چھوڑ دیا۔

جَفَّ (ن) جَفًّا۔ المالَ : جمع کر کے لے کے چل دینا۔

جَفَّفَہ تَجْفِیْفًا و تَجْفَافًا : خشک کرنا۔ جَفَّفَ الفرسَ : پاکھر پہنانا۔

تَجَفَّفَ : خشک ہونا۔

اِجْتَفَّ- مافی الاناء : برتن کا سب کچھ کھا جانا-

الجَفُّ و الجَفَّة و الجُفُّ و الجُفَّة : لوگوں کی جماعت- بڑی تعداد- کہاجاتا ہے "جَاءَ القومُ جُفَّةً" ساری قوم آئی- الجُفُّ : کھوکھلی نالی والی چیز- بوڑھا- کہاجاتا ہے "هو جُفُّ مالٍ" وہ مال کا منتظم ہے- الجُفَّة : بڑا ڈول-

الجَفَف : سخت وخشک زمین-

الجَفِيف : خشک گھاس-

الجُفَاف : سوکھی ہوئی چیز-

التِجْفَاف و التَجْفَاف : برگستوان- پاکھر- ج تجافیف-

جَفَأ (ف) جَفْأً- النَّهرُ : جھاگ پھینکنا ــــ القدر : اُبلنا ــــ القدرَ : اُنڈیل دینا- جَفَأ الرجلَ و جَفَأَ بِهِ الارض : پٹک دینا-

اَجْفَأ- به : پٹک دینا- پچھاڑ دینا ــــ الناقة : چلا کر تھکا دینا ــــ الباب : بند کر دینا-

اَجْفَأ و تَجَفَّأَت- البلادُ : ــــ بے برکت ہونا-

اِجْتَفَأ- الشَّئَ : اُکھیڑ کر پھینکنا-

الجُفَاء : سیلاب کی خس وخاشاک- بیکار- بے فائدہ- کہاجاتا ہے- "ذَهَبَ جُفَاءً" رائیگاں گیا-

جَفْجَفَ- الابلَ : تیزی سے ہانکنا کہ ایک دوسرے کے اوپر چڑھنے لگیں-

تَجَفْجَفَ- الطائرُ : انڈے سینا- ــــ الثوبُ : خشک ہونا اور کچھ نمی باقی رہ جانا-

الجَفْجَف : بلند زمین- پست زمین- بہت بیہودہ بکنے والا-

الجَفْجَفَة : نئے کپڑے کی آواز- جَفْجَفَة الموکب : سواروں یا پیادوں کے چلنے کی آواز-

الجَفَاجِف : ہیئت ولباس-

جَفَخَ (ف ض) جَفْخًا : تکبر کرنا- فخر کرنا- صفت (جَفَّاخ)

جَافَخَهُ : فخر کرنے میں مقابلہ کرنا-

جَفَر (ن) جَفْرًا و تَجَفَّرَ و اِسْتَجْفَرَ- ولدُ الشاة : بڑا ہونا اور بڑے پیٹ والا ہونا- ــــ الشئُ : کشادہ ہونا- جَفَر من المرض : صحت یاب ہونا- جفر ماکان فیه : چھوڑنا- جفر صَاحِبَهُ : قطع تعلق کرنا-

الجَفْر- مہ : کشادہ کنواں- ج جِفَاء- کہاجاتا ہے "فلان مُتَهَدِّمُ الجَفْر" فلاں بے عقل ہے "و فَعَلْتُ ذلکَ مِنْ جَفْرِ او جَفْرِ کذا" میں نے اس کو اس کی وجہ سے کیا- علم الجَفْر : عِلمِ جفر ایک علم ہے جس میں اسرارِ حروف سے بحث کی جاتی ہے-

الجُفْرة- من الشَّئَ : وسط- درمیان- ــــ من الارض : گول کشادہ زمین-

الجَفِير : لکڑی کا ترکش جس میں چمڑا نہ ہو یا چمڑے کا جس میں لکڑی نہ ہو-

الجُفُرِّی : شگوفہ خرما کا غلاف-

المَجْفَرَة : بے تعلقی کا سبب-

جَفِسَ (س) جَفْسًا و جَفَاسَة : بدہضمی ہونا-

الجِفْس و الجَفْس و الجَفِيْس : کمزور- لئیم- کمینہ-

جَفَظَ (ن) جَفْظًا- الاناءَ : بھرنا-

اِجْفَاظَ و اِجْفَأَظَّ اِجْفِئْظَاظًا- المقتولُ : پھول جانا- صفت (جَفِيظ)

المُجْفَئِظّ : قریب بہ ہلاکت-

جَفَعَه (ف) جَفْعًا : پچھاڑنا-

جَفَلَ (ن) جَفْلاً- الطَّائرَ : ہشکانا- کہاجاتا ہے- جفل القَنَّاصُ الوحش عن مراعیها" شکاری نے وحشی جانوروں کو ان کی چراگاہوں سے ہشکادیا ــــ البحرُ السمكَ : کنارہ پر ڈال دینا ــــ الريحُ السحاب : اُڑالے جانا ــــ ہ : پچھاڑ دینا ــــ الطينَ : بیلچہ سے کھرچ لینا ــــ المتاعَ : بعض کو بعض پر رکھنا ــــ الفيلُ : لید کرنا-

جَفَلَ (ن ض) جُفُولاً و جَفْلاً و اِجْفَلَ ــــ البعيرُ بدکنا' بھاگنا' صفت جَافِل و جَفَّال ــــ النعامةُ بھاگنا ــــ الريحُ : تیز چلنا- (ــــ و انْجَفَلَ و تَجَفَّلَ) القومُ : تیز بھاگنا-

جَفَّلَهُ : بدکانا- بھگانا-

تَجَفَّلَ- الديک : کلغی کو پھڑکانا-

الجَفْل- مہ : بادل جو پانی برسا کر کھل جائے- شتر مرغ جو ہر چیز سے بدکے- ہاتھی کی لید- کشتی ج جفول-

الجَفْلَة- من الشجر : بہت پتوں والا درخت-

الجُفْلَة : اُون کا ٹکڑا-

الجُفَال : دودھ کی جھاگ- بہت اُون- سیلاب کا خس وخاشاک-

الجُفَالَة- من القدر : ہانڈی کی جھاگ-

الجُفَالَة : لوگوں کی جماعت- سیلاب کا خس وخاشاک-

ريح (جَفُول) ج جُفْل و (مُجْفِل و مَجْفَال و مِجْفَالَة) : تیز ہوا جو بادل کو اُڑالے جائے-

الجَفَلَى : دعوت عامہ- کہا جاتا ہے "دُعِيَ فلان فی النقرى لافی الجَفَلَى" : وہ دعوت خصوصی میں بلایا گیا نہ دعوتِ عمومی میں-

الجَفِيْل : بہت- زراعت کا اتنا بڑھا ہوا حصہ جو کاٹ دیا جائے-

الاجفلة : جماعت- کہا جاتا ہے "جاؤا اجفلة"

الإجْفِيْل : بزدل-

الجَفْلَق : بہت موٹی بڑھیا-

جَفَنَ (ن) جَفْنًا- الناقةَ : ذبح کرکے بڑے پیالوں میں کھلانا- ــــ نفسه : برائیوں سے روکنا (ــــ و تَجَفَّنَ) الكرمُ : جڑ پکڑنا-

جَفَّنَ : بڑے پیالوں میں کھلانا (ــــ و اَجْفَنَ) بہت جماع کرنا-

الجَفْن- مہ- اُوپر نیچے کا پپوٹہ- نیام- ج اَجْفَان و جُفُون و اَجْفُن- الجَفْنُ : انگور کی جڑیا ٹہنیاں- واحد جَفْنَة-

الجَفْنَة : بڑا پیالہ- وہ برتن جس میں شراب بنائی جائے- چھوٹا کنواں ج جفن و جِفَان و جَفَنَات-

جَفَا يَجْفُو جَفَاءً و جَفَاءَةً : ایک جگہ پر نہ ٹھہرنا ــــ عَلَيْهِ كَذا : گراں ہونا ــــ الثوبُ : موٹا ہونا- جنبهُ عن الفراش : قرار نہ پانا-

جَفَا (ن) جَفْوًا و جَفَاءً و جَفًا- صاحبه : اعراض کرنا- بد سلوکی سے پیش آنا-

تجافی-عن مکانہ : قرار نہ پانا۔
جَفَاہٗ : بداخلاقی برتنا۔
جَافٰی-الرجلَ : بد سلوکی سے پیش آنا۔ دور رکھنا۔
اَجْفٰی-العجیلَ : سخت محنت لینا اور کھانے نہ دینا ـــــ فلانًا : نہ دور کرنا۔
تَجَافٰی : علیحدہ ہونا۔ الگ ہونا۔ کہا جاتا ہے "تَجَافٰی السَّرجَ عن ظَھْرِ الفَرَسِ" زین گھوڑے کی پیٹھ سے ہٹ گئی۔ "و تجافی جَنْبُہ عنِ الفِراشِ" اس کا پہلو بچھونے سے دور رہا۔
اِجْتَفٰی-الشیئَ : جگہ سے ہٹانا۔ دور کرنا۔
اِسْتَجْفٰی اِسْتِجْفَاءً-الشَّیئَ : بد سلوک سمجھنا ـــــ ہ : دوری چاہنا۔
الجَفْوَۃُ و الجِفْوَۃ : اُجڈپن۔ بد سلوکی۔
الجَافِی : موٹا۔ جَافِی الخلق : اُجڈ بد اخلاق ج جفاۃ : مؤنث جَافِیۃ۔ ج جَافِیات و جَوافٍ
جَفَیٰ (ض) جَفْیًا-الرَّجلَ : پچھاڑ دینا۔ (ـــــ و اِجْتَفٰی) النباتَ : جڑ سے اکھیڑنا۔
جَقَّ (ن) جَقًّا-الطائرُ : بیٹ کرنا۔
الجِقَّۃُ : بوڑھیا اونٹنی۔
جَکِرَ (س) جکرًا و اَجْکَرَ : بیچنے میں اصرار کرنا۔
الجَکَرَۃ : حاجت۔
الجَکجَکَۃ : لوہے پر لوہا گرنے کی جھنکار۔
جَلَّ (ض) جلالًا و جَلَالَۃً : بڑے مرتبہ والا ہونا۔ تم کہتے ہو "جَلَّ فلان فی عینی" فلاں میری نظر میں عظیم المرتبہ ہو گیا۔ جسم میں بڑا ہونا۔ عمر میں بڑا ہونا۔ صفت (جَلِیْل) ج اَجلاءُ۔ و اَجَلّۃُ و جِلّۃ (جِلٌّ و جَلٌّ و جَلَالٌ و جُلَالٌ)
جَلَّ و تَجَالَّ-عن کذا : اپنے کو بالا و برتر سمجھنا۔ تَجَالَّ عَلَیْہِ : بڑا بننا۔ (جَلَّ جَلًّا و جَلَّلَ)۔
الفرسَ : جھول ڈالنا۔
جَلَّ (ن ض) جُلُوْلًا و جَلًّا : اپنے وطن سے دوسرے شہر کو چلا جانا۔ صفت (جَالٌّ) ج جَالَّۃ۔
جَلَّ (ن ض) جَلًّا و جِلَّۃً و اِجْتَلَّ-البعرَ : مینگنی چننا ـــــ الشیئَ : بڑے حصہ کو لینا۔

جَلَّلَ-الشیئُ : عام ہونا ـــــ الشیئَ : ڈھانپ لینا۔ اور اسی سے ہے "جَلَّلَ المَطَرُ الارضَ" بارش نے زمین کو ڈھانپ لیا۔ الرجلَ : تعظیم کرنا۔
اَجَلَّہٗ اِجلالًا : تعظیم کرنا۔ عن العیب : پاک کرنا ـــــ الرَّجُلُ : قوی ہونا۔ کمزور ہونا۔
عَمْرٌو زَیْدًا : بہت دینا۔ کہا جاتا ہے "اتیت فلانا فما اجلّنی و مَا اَدَقَّنی" میں فلاں کے پاس آیا تو اس نے مجھے زیادہ دیا نہ تھوڑا۔
تَجَلَّلَ : بڑا ہونا ـــــ بالثوب : اوڑھنا۔ تجلّلہ : غالب ہونا۔
الجَلُّ-مہ : چنبیلی۔ سفید۔ سرخ۔ زرد۔ گلاب کا پھول۔ واحد جَلَّۃ۔ بادبان۔ ج جُلول۔
الجُلُّ و الجَلُّ : جھول۔ ج جِلال و اَجْلال۔
جُلُّ الشیئِ : چیز کا بڑا حصہ۔ جُلُّ البیت : وہ جگہ جہاں خیمہ نصب کیا جائے۔ و الجُلُّ : موٹا۔ بھاری۔ کہا جاتا ہے "فعلہ من جُلّکَ" اس نے اس کو تیری وجہ سے کیا۔
الجِلُّ : بہت۔ کہا جاتا ہے "مالَہٗ دِقٌّ و لَاجِلٌّ" اس کے پاس نہ کم ہے نہ بہت ـــــ من المتاع : فرش بچھونا۔ چادر وغیرہ۔ رجل جِلٌّ : مرد بزرگ۔
اَمرٌ (جَلَلٌ) : بڑا معاملہ۔ آسان معاملہ۔ کہا جاتا ہے "فعلتہ من جَلَلِکَ و من اَجلَالِک و من تجِلّتِک" میں نے تمہاری وجہ یا تمہاری تعظیم کی وجہ سے یہ کیا۔
الجُلَّۃ : بتثلیث الجیم : مینگنی۔ اور کہا جاتا ہے "قوم جِلَّۃ" بڑے لوگ۔ یہ جلیل کی جمع ہے۔
الجُلَّۃُ : بڑا ٹوکرا۔ ج جِلال و جُلَل۔
الجَالَّۃ : وہ لوگ جو اپنے وطن سے چلے گئے ہوں۔
الجُلّٰی-الاجلُّ کا مؤنث۔ بڑا معاملہ۔ امر عظیم الشان۔ ج جُلَل۔
التجِلَّۃ : عظمت و بزرگی۔
المَجَلَّۃ : رسالہ۔ کاپی۔
الجَلَّالَۃ : پلیدی کھانے والی گائے۔
المُجَلِّل-قا-سحاب مُجَلِّل : عام بارش والا بادل۔ امرٌ مجلِّل : عام معاملہ۔

جلاہ (ف) جلاو جَلاو جَلَاءَۃً : پچھاڑ دینا۔ پٹک دینا۔ جلاہٗ بالثوب : پھینکنا۔
جلبہ (ن ض) جَلْبًا و جَلَبًا : ہانک کر لانا۔ الرَّجُلُ : جانا۔ الجرحُ : اچھا ہونا۔ (ـــــ و اَجْلَبَ) القومَ : جمع کرنا۔ جَلَبَہٗ و اَجْلَبَہ : دھمکانا۔ جَلَبَ و اَجْلَبَ لاہلہ : کمانا۔ جَلَبَ و اَجْلَبَ علی الفرس : چلا کر آگے بڑھنے پر اکسانا۔ جَلَبَ و اَجْلَبَ الدمُ : خشک ہونا۔ جَلَبَ و اَجْلَبَ القومُ : شور و غوغا کرنا۔
جَلِبَ (س) جَلَبًا : اکٹھا ہونا۔
جَلَبَ (ن) جَلْبًا-عَلَیْہِ : گناہ کرنا۔
جَلَّبَ-القومُ : چیخنا چلانا۔ علی الفرسِ : ڈانٹنا (ـــــ و اَجْلَبَ) القومُ : ہر طرف سے جنگ کے لیے اکٹھا ہونا۔
اِنْجَلَبَ : جانا۔
اِجْتَلَبَہ : لانا۔
اِسْتَجْلَبَہٗ : کسی چیز کو حاصل کرنا۔ یا سبب بن جانا۔
الجَلْب : مہ گناہ۔ جرم۔
الجَلَب-مہ مال جو ایک شہر سے دوسرے شہر میں لے جائیں۔ ج اَجْلَاب (ـــــ و الجَلَبَۃ) شور و غوغا۔
الجُلْب : بے پانی کا بادل۔ بادل جو پہاڑ کی طرح دکھائی دے۔ رات کی تاریکی۔ جُلْبُ الرَّحل و جِلبہٗ : کجاوہ کی لکڑیاں۔
الجُلْبَۃ : کھرنڈ۔ پتھر جو تہ بتہ ہوں جس میں جانوروں کے لیے راستہ باقی نہ رہے۔ گھاس کے متفرق قطعے۔ سبز کانٹے دار درخت۔ بادل کا ٹکڑا۔ چمڑا جو پالان پر لگایا جائے۔ جُلْبَۃُ الشتاء : سردی کی شدت۔ ج جُلَب۔
الجَلِیْب : لایا ہوا۔ کھینچا ہوا۔ کہا جاتا ہے۔ "عَبْدٌ جَلِیْبٌ" زر خرید غلام۔ ج "جَلْبٰی و جُلَباء و امرأۃ جَلِیب و جَلِیبَۃ" کہیں سے لائی ہوئی عورت۔ ج جَلْبٰی و جَلَائِب۔
الجَلُوْبَۃ : اونٹ جس پر سامان کو لادا جائے۔
الجَلَّاب : غلاموں کو تجارت کے لیے ایک شہر سے دوسرے شہر لے جانے والا۔
الجُلَاب و الجُلَّاب : گلاب اور شکر یا شہد کا

پتا ہوا شربت۔ گلاب کا عرق۔
الجُلُبّان: مٹر۔ چمڑے کا تھیلا۔ اور کہا جاتا ہے "رجل جُلُبّان و جَلَبّان" شور مچانے والا امرد۔
الجَلاّب و المُجلِب: بد خلق۔ بیہودہ گو۔ شور مچانے والا۔
المَجلبَة: کسی چیز کے حاصل کرنے کا سبب۔ باعث۔
جَلبَبَهُ: چادر یا قمیص پہنانا۔
تَجَلبَبَ: چادر یا قمیص پہننا۔
الجِلبَاب و الجِلبّاب: چادر یا قمیص ج۔ جَلاَبِیب۔
جَلتَه (ض) جَلتًا و اِجتَلتَهُ: مارنا۔
جَلجَلَ۔ الرَّجُلُ: زور سے بولنا ___ السحابُ: گرجنا۔ جَلجَلَةً: حرکت دینا۔
جَلجَلَ الوتر: مضبوط بٹنا۔ البَعِيرَ: جھانجھ لٹکانا۔
تَجَلجَلَت۔ قواعدُ البیت: ہل جانا۔
تَجَلجَل فی الارض: گھسنا ___ الامرُ فی نفسه: دل میں کسی خیال کا آنا۔
الجَلاجِل: گھونگھرو۔ واحد (جُلجُل)
جَلاجِل النفس: وہ خیالات جو دل میں آئیں۔ تم کہتے ہو "بَثَثتُه جَلاجِل نفسی" میں نے اس سے اپنے دل کی بات کہہ دی۔
الجُلجُل و الجُلاَجِل: پھرتیلا۔ چابک دست۔
الجَلجَلَة۔ مص۔ بادل کی گرج۔ گھنٹی کی آواز۔
الجُلجُلاَن: دھنیے کے دانے۔ تل کا دانہ۔
جُلجُلاَن الشیٔ: بڑی چیز۔ جُلجُلاَن القلب: سویداء قلب۔ کہتے ہیں۔ "خرج من جُلجُلاَن القلب الی قمع الاذن" یعنی دل سے جو بات نکلتی ہے اثر رکھتی ہے۔
المُجَلجِل: بڑا سردار یا وہ شخص جس کی آواز دور تک جائے۔ گرجنے والا بادل۔ بے عیب شریف۔ وعددٌ مُجلجِل: بڑی تعداد۔
جَلحَتْ (ف) جَلحًا۔ الماشیة الشجر: اُوپر کے حصے کو چر جانا۔
جَلِحَ (س) جَلَحًا: سر کے دونوں جانب سے گرے ہوئے بالوں والا ہونا۔ صفت (اَجلَح) ج جُلح و اجلاح و جُلحان مؤنث جَلحَاء ___ الثورُ: بے سینگ والا ہونا ___ الارضُ: زمین کی گھاس کا چر لیا جانا۔
القُرَی: حفاظتی قلعوں کا باقی نہ رہنا۔
جُلِحَت۔ الشجرة: اُوپر سے کھایا جانا ___ الارض: گھاس کا چر جانا۔
جَلَّحَ۔ علی الشیٔ: سخت پیش قدمی کرنا ___ فی الامر: پختہ ارادہ کرنا۔ السبع علی القوم: حملہ کرنا۔ جَلَّحَتِ الماشِیَةُ الشجرَ: اُوپر سے چرنا۔
جَالَحَهُ: کھلم کھلا دشمنی کرنا۔ جالح بالشیٔ: کھلم کھلا کرنا۔
الجَلَحَة: سر کے دونوں جانب بال گرنے کی جگہ۔
الجُلاَح: سخت سیلاب۔
اَرضٌ (جَلحَاء) بغیر درخت والی زمین۔ بقرة جَلحَاء: بے سینگ والی گائے۔ قریة جلحاء: بے قلعہ والی آبادی۔ سُطُوح جَلحَاء: بغیر پردہ کی دیوار والی چھتیں۔
سَنَةٌ (جَالِحَة) خشک سال۔ ج جَوَالِح۔
الجَوالِح: وہ چیز جو بانس کے اندر سے روئی کی مانند نکل کر اڑتی ہے۔ برف کے ٹکڑے جو ایک دوسرے پر گریں۔
المُجالِح۔ فا۔ شیرہ ___ و المِجلاَح و المُجَلِّحَة) جاڑے میں دودھ دینے والی اونٹنی۔ ج المَجَالِیح: قحط جس میں مویشی وغیرہ برباد ہو جائیں۔
المُجَلِّح: بہت کھانے والا۔
جَلَخَ (ف) جَلخًا۔ السیلُ الوادی: بھر دینا۔ دونوں طرف کے کناروں کو کاٹ دینا ___ الشیٔ: کھینچنا۔ دراز کرنا ___ به: پچھاڑنا ___ جلخه بالسیف: گوشت میں سے کچھ کاٹ لینا۔ ___ و جَلَّخَ الموسٰی: تیز کرنا۔ صیقل کرنا۔ (مولد)۔
اِجلَخَّ۔ الشیخ: کمزور ہونا اور اعضاء کا ڈھیلا پڑ جانا۔
الجُلاَخ: بڑا سیلاب۔ گہری وادی۔
جَلَدَه (ض) جَلدًا بالسیاط: کوڑے مارنا ___ وعلی الامر: مجبور کرنا ___ بالارض: پچھاڑنا۔ جلدت الحیة: ڈسنا۔
جَلُدَ (ک) جَلَدًا و جَلاَدَةً و جُلُودَةً و مَجلُودًا: صبر و استقلال و قوت دکھلانا۔
جَلِدَ (س) جَلَدًا و جُلد و اُجلِدَ۔ المکانُ: پالا پڑنا۔ صفت مفعولی (مَجلُود)
جَلَّدَ۔ الکتابَ: جلد باندھنا ___ الجزور: کھال اُتارنا۔
جَالَدَهُ بالسیف: تلوار سے مارنا۔
اَجلَدَهُ۔ الیه: محتاج بنانا۔ مجبور کرنا۔
تَجَلَّدَ: صبر و استقلال ظاہر کرنا۔
تَجَالَدُوا و اِجتَلَدُوا۔ بالسیوف: تلوار سے مارنا۔ اِجتَلَدَ الاناء: سارا پی جانا۔
الجَلَد۔ مص۔ مضبوط۔ قوی۔ ج اجلاد۔ مؤنث جَلَدَة۔ وَاَجلاَدُ الانسان و (تجالیده) جسم و اعضاء تم کہتے ہو "ما اشبه اجلادُ فلان با جلاد ابیه" فلاں کے اعضاء اس کے باپ کے اعضاء سے کس قدر مشابہ ہیں۔
الجَلَد۔ مص۔ آسمان یا نیلا گنبد۔ کھال (___ و الجَلَدَة) سخت زمین۔
الجِلد کھال۔ ج اَجلاَد و جُلُود و (الجِلدَة) کھال کا ٹکڑا یا کھال کی قسم۔ ج جِلَدٌ۔ کہا جاتا ہے "ہم من جِلدَتِنَا" وہ لوگ اپنے ہی مشابہ ہیں۔
الجَلِید: قوت والا۔ صابر۔ چالاک۔ ج جُلَدَاء و جِلاَد و جُلد۔ الجَلِید: پالا۔
الجِلاَد: بڑے بڑے سخت کھجور کے درخت۔ بہت دودھ والی اونٹنیاں۔
الجَلاَّد: کوڑے سے مارنے والا۔ تلوار سے مارنے والا۔ سزا دینے والا۔ کھال بیچنے والا۔
المِجلَد و المِجلاَد: چمڑے کا ٹکڑا جس کو نوحہ کرنے والی عورت اپنے منہ پر مارا کرتی ہے۔ کوڑا۔ ج مَجَالِد و مَجَالِید۔
المِجلَدَة: کوڑا۔
عَظمٌ (مُجَلَّد) صرف کھال لگی ہڈی۔ فرس مجلد: کوڑا مارنے سے نہ چونکنے والا گھوڑا۔
اِجلَوَّذَ اِجلِوَّاذًا: تیز جانا ___ اللیلُ: لمبی ہونا یا ختم ہونا ___ بِهِم السیرُ: تیزی کے

ساتھ چلنا ـــــ المطرُ : زمانہ بارش کے اختتام کے بعد تک برستا رہنا۔

الخُلْد : چھچھوندر۔ ج مناجذ۔ من غير لفظها۔

الجُلَذِيّ والجُلاَذِيّ : گرجا کا خادم۔ راہب۔ کاریگر۔ ج جَلاَذِيّ۔ الجُلْذِيّ و الجِلَّوْذ : قوی موٹا اونٹ۔

جَلَزَ (ض) جَلْزًا۔ الراسَ : پٹی باندھنا ـــــ الشئ الى الشئ : ملانا (ـــــ وجَلَّزَ) السكين : دستہ باندھنا۔ وجَلَزَ الرَجُلُ : تیز جانا۔

تَجَلَّزَ۔ الامر : آمادہ ہونا۔ مستعد ہونا۔

جَلْوَزَ۔ بين يدى الامير : امیر کے سامنے آنے جانے میں چستی دکھلانا۔

جَلْزُ۔ السنان : بھالے کے نیچے کا گول حلقہ۔

الجلاَز : کوڑے کے کنارے پر بندھا ہوا تسمہ۔ ج جَلاَئِز۔

الجَلْوَزَة : آمدورفت میں چستی۔

الجِلْوَاز : سپاہی۔ بادشاہ کے سامنے تیز تیز چلنے والا۔ ج جَلاَوِزَة۔

الجِلَّوْز : بڑے جسم والا بہادر۔ چلغوزہ۔

المَجْلُوْز : مضبوط۔ کہا جاتا ہے "فلان مجلوز العمل" فلاں کام میں مشاق ہے۔

جَلَسَ (ض) جُلُوْسًا ومَجْلَسًا : بیٹھنا۔ صفت جَالِس ج جُلُوس و جُلاَّس۔

جَالَسَهٗ مُجَالَسَةً : ساتھ بیٹھنا۔

جَلَّسَهٗ و اَجْلَسَهٗ : بٹھانا۔

تجَالَسُوْا۔ فى المحاكم : عدالتوں میں بیٹھنا اور بحث کرنا۔

اِسْتَجْلَسَه : بیٹھنے کو کہنا۔

الجَلْسَة : الجلوس کا اسم مرة - ایک بیٹھک۔

الجِلْسَة : بیٹھنے والے کی ہیئت۔

الجَلْس : بڑی اور سخت چٹان۔ بلند زمین جَمَلٌ جَلْس : مضبوط اُونٹ۔ ناقة جَلْس : مضبوط اُونٹنی۔ شهد جَلْس : گاڑھا شہد۔

الجَلِيْس۔ ج جُلَسَاء و جُلاَّس۔ (الجِلْس والجِلِّيْس) ہم نشین۔

الجُلْسَة : بہت بیٹھنے والا۔

المَجْلِس : بیٹھنے کی جگہ۔ بیٹھنے والے لوگ کچہری۔

المَجْلِسَة : بیٹھنے کی جگہ۔

جَلَطَ (ض) جَلْطًا : قسم کھانا اور جھوٹ بولنا ـــــ الراسَ : مونڈنا ـــــ السيفَ : سونتنا ـــــ الجلدَ : کھال اُتارنا۔ بسلحه : بیٹ کرنا۔

اِنْجَلَطَ۔ البعيرُ : تیز چلنا ـــــ الشئُ : پرانا ہونا۔ گھس ہونا۔

جَالَطَه : باہم مکر کرنا۔

اِجْتَلَطَه : اُچک لینا ـــــ مافى الاناء : سب پی جانا۔

الجُلْطَة : خون بستہ یا دہی کی تھوڑی مقدار۔

امرأة (جَلُوْط) بے حیا عورت۔

جَلِعَ (س) جَلَعًا : لبوں کے نہ ملنے کی وجہ سے کھلے ہوئے دانتوں والا ہونا۔ صفت (جَلِعَ و اَجْلع) مؤنث جَلِعَة جَلْعَاء۔

جَلَعَت (ف) جُلُوْعًا۔ المرأةُ : بے حیا ہونا۔ صفت (جَالِع و جَالِعَة)

جَالَعَ۔ القومُ : جھگڑا کرنا۔ فحش باتیں کرنا۔

اِنْجَلَعَ۔ الشئُ : کھلنا۔

الجَالِع : کھلے ہوئے چہرے والی عورت بے حیا۔

الجَلَعَة : ہنسنے کے وقت دانت کھلنے کی جگہ۔ کہا جاتا ہے "فلانٌ لَطِيْفُ الجَلَعة"

الجَلْعَم : بے حیا۔

اِجْلَعَبَّ و اِجْلَعَدَّ : بستر پر دراز ہو جانا۔

الجَلْعَد : سخت و مضبوط۔

الجُلاَعِد۔ مِنَ الابل : مضبوط اُونٹ۔ ج جَلاَعِد۔

جَلَغَه (ف) جَلْغًا۔ بالسيف : ٹکڑے کر دینا۔

جَالَغَ : تلوار سے مقابلہ کرنا۔

جَلَفَه (ن) جَلْفًا : کھرچنا۔ کہا جاتا ہے "جَلَفَ الطِيْنَ عن الحجر" اس نے مٹی کو پتھر سے کھرچ دیا۔ الظُفَر : جڑ سے اُکھیڑنا ـــــ ه بالسيف : گوشت میں سے ٹکڑا کاٹ لینا ـــــ ه الدهرُ : تباہ کر دینا۔

جَلِفَ (س) جَلَفًا و جَلاَفَةً : اُجڈ ہونا۔

جَلَّفَ۔ الويلُ اموالَهُمْ : تباہ کرنا۔

تَجَلَّفَ : لاغر و کمزور ہونا۔

اِجْتَلَفَهٗ : جڑ سے اُکھیڑنا ـــــ ه الدهرُ : تباہ کرنا۔

الجِلْف : اکھڑ اور اجڈ۔ بیوقوف۔ خالی مٹکا۔ برتن۔ بغیر سر کے دھڑ۔ روٹی کا کنارہ۔ ج اَجْلاَف و جُلُوف۔

الجَلِيْف : کھرچا ہوا۔ اکھڑ اور اجڈ۔ ظالم۔ مؤنث جَلِيْفَة۔ کہا جاتا ہے "اَصَابَتْهُمْ جَلِيْفَة عظِمية" ان کو سخت قحط سالی لاحق ہوئی جس نے اُن کے مال کو تباہ کر دیا۔ ج جَلاَئِف و جُلُف و جُلْف۔ الجَلاَئِف : طغیانیاں۔

الجُلْفَة : چمڑے وغیرہ کا تراشہ۔

الجِلْفَة : خشک روٹی کا ٹکڑا۔ ج جِلَف۔

الجَلْفَة و الجَلَفَة۔ من القلم : زبانِ قلم۔

الجُلاَف : گارا۔ کیچڑ۔

الجَلاَفِيّ : بڑا ڈول۔

المُجَلِّف : وہ شخص جس کا مال قحط سالی میں تباہ ہوا ہو۔ وہ چیز جس کا کچھ حصہ باقی ہو۔

جَلْفَطَ و جَلْفَظَ۔ السفِيْنَة : کشتی کے درز بند کرنا۔ عوام قَلْفَطَ : استعمال کرتے ہیں۔

الجلْفَاط و الجلْفَاظ : کشتی کے درز بند کرنے والا۔

جَلَقَ (ض) جَلْقًا۔ الراسَ : مونڈنا ـــــ القوم بالمنجنيق : آلہ سنگ انداز سے دشمن پر حملہ کرنا۔

تَجَلَّقَ : ہنسنے میں دانت نکالنا۔

الجُلاَقَة : گوشت کا ٹکڑا۔ کہا جاتا ہے "رجل جلاقة" دبلا مرد۔

الجُوالِق و الجَوَالِق : اُون یا بالوں کی گون۔ ج جَوَالِيْقُ۔ (معرب)

جَلِّق و جِلِّق : دمشق یا اس کے حوالی کے مرغزار۔

الجَلَكى و الجُلَكى : ایک قسم کی مچھلی مار ماہی کے مشابہ۔

جَلَمَهٗ (ض) جَلْمًا و اِجْتَلَمَهٗ : کاٹنا۔ الصوف : کترنا ـــــ الجَزورَ : ہڈیوں پر سے گوشت اُتارنا۔

الجَلَم و الجَلَمَان : اُون کترنے کی قینچی' جَلَمَان پر تثنیہ اور مفرد دونوں کا اعراب آتا ہے۔ جیسے شَرَيْتُ الجَلَمَيْن وشريت الجَلَمان۔

الجَلَم : بکرا۔ بکری کا بچہ۔ ج جِلاَم۔ الجَلَم : ایک قسم کا شکاری پرندہ۔

الجَلْمَة و الجُلْمَة و الجَلَمَة :سب' پوری چیز۔ تم کہتے ہو "اخذت الشئ بِجَلْمَته" میں نے پوری چیز لے لی۔ "وہذه جَلْمَةُ الجزور" یہ ذبح کیے ہوئے جانور کا سارا گوشت ہے۔

الجُلاَمَة :کتری ہوئی اُون۔

الجَيْلَم :چودھویں رات کا چاند۔

الجَلْمَد۔ ج جَلاَمِد و (الجلمود) ج۔ جلامید : پتھر' چٹان۔ رجل جَلْمَدٌ : قوی مضبوط مرد۔ ارض جَلْمَدَة : پتھریلی زمین "رشح او بضّ جَلْمَده" اس شخص کے حق میں بولتے ہیں جو بخل میں مشہور ہو اور کچھ دے بھاگے۔ الجُلْمُدو الجُلْمُود :اونٹوں کا بڑا گلہ۔

جَلْمَق۔ القوس :کمان پر تانت چڑھانا۔

الجِلْمَاق : پٹھا جس سے تانت بنائی جاتی ہے۔

الجلمق :قباج جَلاَمِق۔

الجُلَنَار :گل انار۔

الجَلَنْجَبِين :گل قند۔

جَلَه (ف) جَلْهًا۔ الشّئَ: ظاہر کرنا۔ دُور کرنا ___ المرءَ : باز رکھنا ___ العِمَامة : پیشانی سے بلند کرنا۔

جَلِهَ (س) جَلَهًا : سر کے اگلے حصہ کے بال کا اُڑ جانا۔ صفت(اَجْلَه)

الجَلْهَة۔ من الوادی :وادی کا کنارہ۔ وادی کے سامنے والی جہت۔ ج جِلاَه۔

بیت(مَجْلُوَه)بغیر دروازہ اور پردہ کے مکان۔

الجُلاَهِق : غلّہ۔ گولی۔ اور بقول بعض غلیل (فارسیہ)

الجُلْهُم :بڑا چوہا۔

الجُلْهُوْم :بڑی جماعت۔

جَلاَّ (ن) جَلاَءً : ظاہر ہونا۔ واضح ہونا ___ عن بلده ومنه :نکلنا ___ الشئ :بلند ہونا۔

جَلاَ (ن) جَلْوًا و جَلاَءً۔ الامرَ : واضح کرنا۔ ظاہر کرنا۔ الرجلَ عن بلده :جلا وطن کرنا ___ النحلَ : شہد نکالنے کے لیے دھواں کرنا ___ عنه الهَمَّ : زائل کرنا۔ دُور کرنا ___ السيفَ : صیقل کرنا ___ البَصَر بالكحل : روشن کرنا۔ (جلوة بتثليث الجيم وجِلاءً واِجْتَلٰى) العروسَ على زوجها : بناؤ سنگار کرکے پیش کرنا۔

جَلاَ (ن) وَجَلّٰى۔ الزوجُ عروسهٗ ہدية : شب زفاف میں ہدیہ دینا۔

جَلِيَ (س) جَلىً : سر کے اگلے حصہ کے بالوں کا اُڑ جانا۔ صفت (اَجْلٰى) مؤنث جَلْوَاء۔ جبهة۔ جَلْوَاء :کشادہ پیشانی۔

جَلّٰى۔ فلاناً وعن فلان الامرَ : کسی کی مصیبت کو دُور کر دینا۔ جَلّٰى بنظره : نظر ڈالنا۔ کہا جاتا ہے۔ "جلى البَازی" باز نے سر اٹھا کر شکار کو دیکھا ___ عن ضميره :مافی الضمیر ظاہر کرنا۔

جَالٰى۔ فلانا بامر : دُوسرے کے سامنے ظاہر کرنا۔ کھلم کھلا کرنا۔

اَجْلٰى عن بلده :نکلنا۔ اَجْلاَه عن بلده :نکالنا ___ الرَّجُلُ منزلَه :خوف کی وجہ سے چھوڑ دینا۔ تم کہتے ہو "اَجْلَوا عن القتيل" مقتول کو چھوڑ کر بھاگ گئے۔

تَجَلّٰى تَجَلِّيًا۔ الشئُ : اچھی طرح ظاہر ہونا ___ المكان : چڑھنا ___ الشّئَ :گردن بلند کرکے دیکھنا۔

تجالٰى۔ القومُ :ہر ایک کا حال دوسرے پر ظاہر ہونا۔

اِنجَلٰى : ظاہر ہونا۔ تم کہتے ہو "اِنْجَلَى الهَمُّ عن قلبي" غم میرے دل سے دُور ہو گیا۔

اِجْتَلٰى۔ الشّئَ:دیکھنا ___ العِمَامَة :عمامہ کو پیشانی سے بلند کرنا ___ النحل :شہد نکالنے کے لیے دھواں کرنا۔

اِستَجْلٰى۔ الشّئَ: ظاہر کرنے کو کہنا ___ العروسُ : آراستہ ہو کر خاوند کے سامنے ظاہر ہونا۔

اِجْلَوْلٰى اِجْلِيْلاَءً۔ الرَّجُلُ : ایک شہر سے دوسرے شہر کو جانا۔

الجَلاَ : سر کے بالوں کے گرنے کی ابتداء۔ ایک قسم کا سرمہ۔ ظہور وضوح۔

اِبْنُ جَلاَ : کھلی ہوئی چیز۔ صبح۔ چاند۔

الجَلاَء۔ مد۔ کھلا ہوا معاملہ۔ کہا جاتا ہے۔ "اقمت جلاءَ يومی" میں نے پورے دن اقامت کی۔

الجِلاَء :سرمہ۔

الجِلْوَة :شب زفاف کا ہدیہ جو شوہر دے۔

الجَالِيَة :الجالی کا مؤنث۔ مسافر لوگ جنھوں نے اپنے وطن کو چھوڑ دیا ہو۔ ذمی۔ جزیہ جو ذمیوں سے وصول کیا جائے۔ پھر اس کا استعمال ہر قسم کے خراج پر ہونے لگا۔ ج جوالی مفرد جال۔

الجَلِي :واضح۔ روشن۔ صیقل کیا ہوا۔ مؤنث جَلِيَّة۔ عينٌ جَلِيَّة :دیدۂ بینا۔

جَلِيَّة۔ الامر :کھلا ہوا معاملہ۔ یقینی خبر۔

الاَجْلٰى : روشن۔ واضح۔ نمایاں۔ خوبصورت چہرہ والا۔ وہ شخص جس کے سر کے اگلے بال اُڑ گئے ہوں۔ مؤنث جَلْوَا۔ جبهة جَلْوَاء" کشادہ پیشانی وسَمَاءٌ جَلْوَاء : آسمان بے ابر۔ تم کہتے ہو۔ "فعلته مِنْ اَجْلاَك" میں نے اُس کو تمہاری وجہ سے کیا۔ ابن اَجْلٰى : صبح۔

المَجْلٰى : سر کا اگلا حصہ جس سے بال گر گئے ہوں۔ ج مَجَالٍ

المَجْلُوّ: جس کی طرف دیکھا جائے۔

جَلِيَ (ض) جَلْيًا۔ السيفَ :صیقل کرنا۔

جَلّٰى۔ الامرَ : ظاہر کرنا ___ الفرسُ : میدان میں آگے بڑھنا۔

الجِلْي :چھت کا روشن دان۔

المُجَلِّي :میدان میں آگے رہنے والا۔

الجِلِّيَان :کشف واظہار۔

جَمَّ (ن ض) جُمُوْمًا۔ الماءُ : کثرت سے جمع ہونا ___ العظمُ : زیادہ گوشت والی ہونا۔ البئرُ :زیادہ پانی والا ہونا۔ صفت(جَمُوْم)

___ الفراقُ : قریب ہونا ___ القومُ : آرام پانا اور زیادہ ہونا۔ (___ جَمًّا و جمامًا و جُمَامًا و جَمَامًا۔ الكيلَ :لبالب بھر کرناپنا ___ الماءَ :جمع ہونے دینا ___ المِكْيَالَ : چوٹی تک بھرنا۔

(___ واَجَمَّ واُجِمَّ) الفرس : کوتل چھوڑ دینا۔

جَمَّمَ۔ المکیالَ : چوٹی تک بھرنا (___ وتَجَمَّمَ) النبتُ : گنجان ہونا۔ بکثرت بڑھنا۔ صفت(جَمِیْم)ج اَجِمَّاء۔

اَجَمَّ۔ الامرُ : قریب ہونا ___ الفراقُ : وقت آنا ___ الماءَ : جمع ہونے دینا۔ الفرسَ : کوتل چھوڑ دینا۔ اور اسی سے ہے۔ "اَجْمِمْ نفسک یومًا او یومین" اپنے آپ کو دو ایک روز آرام پہنچاؤ اور کام نہ کرو۔

اِسْتجمَّ۔ الماءُ : بکثرت جمع ہونا ___ الارضُ : اُگنا ___ البئرَ : بھر جانے کے لیے چھوڑ دینا۔ اور کہا جاتا ہے "اِنّی لَاَسْتَجِم قَلْبِیْ بشَیٔ من اللّھو" میں اپنے دل کو کھیل کود سے بہلاؤں گا۔

الجَمُّ۔ مہ۔ بڑی تعداد۔ کہا جاتا ہے "جَاؤوا جَمًّا غفیراً وجَمَّ الغفیر وجَمَّ الغَفِیْرة۔ والْجَمَّ الغَفِیْرة" یعنی پوری جماعت۔ شریف و رذیل سبھی بکثرت آئے۔ الجَمُّ من الماء : پانی کا بڑا حصہ۔ ج جِمَام وجُمُوم۔

الجَمَام۔ بتثلیث الجیم و (الجَمَم) وہ حصہ جو پیالے کے بھرنے کے بعد سرے پر ہو۔ کہا جاتا ہے "جِمَام القَدَحِ ماءً" یعنی پانی سے بھرا ہوا پیالہ۔ الجمم : بڑی تعداد۔

الجَمَام : تھکن کے بعد گھوڑے کا آرام لینا۔

الجَمَّة : بہت پانی والا کنواں۔ پانی جمع ہونے کی جگہ۔ کہا جاتا ہے "استقِ من جَمَّة البئر" زیادہ پانی والے کنوئیں سے پانی نکال۔ ج جِمَام۔

الجَمَّة والجُمَّة : اکثر حصہ۔ کہا جاتا ہے "جاؤا فی جمَّة کثیرة" وہ لوگ بڑی تعداد میں آئے۔ والجُمَّة : سر کے بالوں کی کثرت۔ لوسے نیچے تک کے بال۔ ج جُمم۔

الجِمَّ : شیطان۔

الجُمَّ : ایک قسم کی سیپی۔

الجَمَّام والجَمَّان : لبالب بھرا ہوا پیمانہ۔

الاَجَمَّ : بے سینگ والا مینڈھا۔ مؤنث جَمَّاء ج جُمَّ۔ بغیر نیزہ کے لڑنے والا۔ الحصن الاجمَّ : بغیر کنگرہ والا قلعہ۔ بنیان الاجمَّ : بغیر کنگرہ والی عمارت۔

الجَمَّاء : بھرا ہوا۔ کہا جاتا ہے۔ "اِمْرأة جَمَّاء العظامِ" بہت فربہ عورت۔ اَرْض جمَّاء : ہموار زمین۔ کہتے ہیں جَاءُوْا جَمَّاء الغفِیْر وجَمَّاءُ الغفِیْرة والجَمَّاء الغَفِیْرة وجَمَّاءَ غَفِیْرةً وبِجَمَّاءالغفیر الجمه" یعنی سب لوگ آئے۔

المَجَمُّ والجَمَم : سینہ۔ کہا جاتا ہے "ھو رَحْبُ الجَمَم" وہ فراخ دل ہے۔

الجَمَّانی والمُجمَّم : وہ شخص جس کے سر میں بال بہت ہوں۔

الجُمُّی : باقلی۔

جَمِیَ(س) جَمَأً۔ عَلَیْہِ : غضبناک ہونا۔

تَجَمَّأَ۔ فی ثیابہ : لپٹنا القومُ : اکٹھا ہونا۔

الجَمَأ والجَمَاء : شخص۔

جَمْجَم جَمْجَمة وتَجَمْجَم۔ الکلامَ : غیر واضح گفتگو کرنا۔ کہا جاتا ہے۔ تَجمجَم عن الامر : یعنی پیچھے ہٹ گیا۔ "وجَمْجَم شَیئًا فی صَدْرِہ" اس نے اپنے سینہ میں پوشیدہ رکھا۔

الجُمْجُمة : کھوپڑی۔ لکڑی کا پیالہ۔ کنواں جو زمین شور میں کھودا جائے۔ ج جَمَاجِم۔

الجَماجِم : سردار لوگ۔

جَمَحَ (ف) جَمْحًا و جَمَاحًا و جُمُوْحًا۔ الفرس : سرکشی کرنا۔ سوار کے قابو میں نہ آنا۔ صفت مذکر و مؤنث (جامِح) ج جوامح اور اسی سے ہے "جَمَحَتِ المرأةُ زوجھا" جبکہ شوہر کو چھوڑ دے اور اپنے میکہ چلی جائے۔ وجَمَحَ الرَّجُلُ : خود سر ہونا۔ خود رائے ہونا۔ کہا جاتا ہے۔ "جَمَحَتِ المَفَازَةُ بالقوم" بیابان نے قوم کو ہلاک کر دیا و "جَمَح بفُلانٍ مُرادُہ" یعنی اس نے اپنی مراد کو نہیں پایا۔

الجُمَّاح : جنگ کے شکست خوردہ لوگ۔ بے پھل کا تیر۔ ج جمامح وجمامیح۔

فرس (جَمُوْحٌ) سرکش گھوڑا۔ رَجُلٌ جَمُوْحٌ : خود سر مرد۔

جَمَخَ(ن) جَمْخًا : تکبر کرنا۔ صفت(جَامِخ) ج جُمَّخٌ و(جَمُوْخٌ وجَمِیْخ)

جَامَخَهٗ : فخر کرنے میں مقابلہ کرنا۔

جَمَدَ (ن) جَمْدًا وجُمُوْدًا۔ الماءُ : جم جانا ___ الدمُ : خشک ہونا ___ جَمَدتْ یَدہٗ : بخیل ہونا۔ عَیْنُہٗ : آنسو کا بند ہو جانا۔ صفت (جَمَاد و جَمُوْدٌ وجَمِیْدٌ) العین مؤنث (جَمُوْد)

اَجْمَدَ : بخیل ہونا۔ بے فیض ہونا۔ ماہ جمادی میں داخل ہونا۔ کہا جاتا ہے "اَجْمَدَ حَقَّهٗ عَلَیْہِ" اس نے اپنا حق اس پر ثابت کیا۔

اَجْمَدَہٗ وجَمَّدَہٗ : جمانا۔

جَامَدَہٗ مُجَامَدَة : پڑوسی ہونا۔ کہا جاتا ہے "ھو مجامدی" اس کے گھر کی دیوار میرے گھر سے متصل ہے۔

الجَمَدُ والجَمْدُ : جما ہوا پانی۔ برف (___ والجُمْد والجُمُد) سخت اور بلند زمین۔

الجَمَادُ ج جُمُدٌ : زمین۔ سَنَةٌ جَمَادٌ : بے بارش کا سال۔ اَرْضٌ جَمَادٌ : زمین جس پر بارش نہ ہوئی ہو۔ نَاقَةٌ جَمادٌ : سست رفتار اونٹنی۔ کہا جاتا ہے "فُلانٌ جَمَادُالکَفِّ" فلاں بخیل ہے" والجَمَادُ ج جَمَادَاتٌ و(الجَامِد) ج جَوَامِدٌ : وہ چیز جس میں زندگی نہ ہو جیسے پتھر وغیرہ و الفِعْلُ الْجَامِدُ : وہ فعل جس کی گردان نہ آتی ہو۔ جیسے لَیْسَ وعسٰی و "جَمَادِلَه" مبنی بر کسرہ بخیل کے لیے بددعا ہے یعنی ہمیشہ اسی حال پر رہے۔

جُمادیٰ۔ الاولی والْآخرة : ہجری سال کا پانچواں و چھٹا مہینہ۔ ج جُمَادَیَات۔ عین جُمَادٰی : وہ آنکھ جس سے آنسو نکلتے ہی نہ ہوں۔

الجَمَّادُ : برف بیچنے والا۔ سَیْفٌ جَمَّادٌ : شمشیر براں۔

المُجْمِد : بہت بخیل۔ جوئے کا امین۔ قوم کا امین۔

جَمَرَ (ض) جَمْرًا و جَمَّرَ واَجْمَر واِسْتَجْمَرَ۔ القوم علی امر : اکٹھا ہونا۔ جمرهٗ : چنگاری دینا۔ جمر القوم علی امر : جمع کرنا۔ جَمَّر النخلة : درخت خرما کا جُمَّار کاٹنا (دیکھو جُمَّارُ) ___ اللحمَ : انگارے پر رکھنا ___ الامرُ القومَ : اکٹھے ہونے پر مجبور

کرنا ___ المرأة شعرها: چوٹی گوندھ کر پیچھے ڈالنا۔

أَجْمَرَ: تیز چلنا۔ اور اسی سے ہے "أَجْمَرَ بَيْنَ يَدَيْهِ" وہ اس کے سامنے تیز چلا ___ الثوبَ: دھونی دینا ___ النارَ: تیار کرنا۔ الامرُ القومَ: کسی امر کا عام ہونا۔ المرأة: چوٹی گوندھ کر پیچھے ڈالنا۔

تَجَمَّرَ۔ الجیشُ: دشمن کے ملک میں گھر جانا اور نہ لوٹنا۔ بالمِجمرة: دھونی دینا۔ القبائل: اکٹھا ہونا۔

إِجْتَمر واستجمر۔ بالمِجْمَرَةِ: دھونی دینا۔

الجَمْرة۔ الجمر کا واحد۔ انگارہ۔ کنکری۔ تمام وہ لوگ جو آپس میں بالکل متحد ہو گئے ہوں۔ کہا جاتا ہے "بنو فلان جمرة" فلاں کی اولاد متحد ہے۔

الجَمار: جماعت۔ متفق لوگ۔

جمازی وجماریٰ بالتنوین وبدونه: بمعنی کل۔ کہا جاتا ہے "جاء القومُ جماریٰ" سب لوگ آئے۔ جاء القومُ (جُمارًا) سب لوگ آئے۔

الجُمّار والجامُور: درخت خرما کا گوند جو چربی کی طرح سفید ہوتا ہے۔

الجَمِير: قوم کے جمع ہونے کی جگہ۔ اِبْنُ جَمِير: تاریک رات۔ جَمِيرُ الشَّعر: بالوں کی گندھی ہوئی چوٹی۔

الجَمِيرَة: بالوں کی گندھی ہوئی چوٹی۔

المِجْمَرةُ والمِجْمَرُ: انگیٹھی۔ عود سوز۔ ج مَجَامِر۔

حافر۔ (مُجمِر ومُجْمَر) سخت کھر۔

جَمَزَ (ض) جَمْزًا: تیز دوڑنا۔ صفت (جَمَّاز) جمزۂ: ٹھٹھا کرنا۔

الجَمَزیٰ: تیز رفتاری۔ کہا جاتا ہے "يَعْدُو الجمزیٰ" وہ تیز دوڑتا ہے۔ "حِمارٌ جَمَزیٰ" تیز رفتار گدھا۔

الجُمْزة: پھلی جس میں دانہ ہوتا ہے۔

الجُمَّيزِ والجُمَّيزیٰ: گولر کا درخت۔

جَمُس وجَمَس (ک ن) جموسًا۔ السمنُ: جم جانا۔

الجَامِسُ۔ فا۔ نَبَاتٌ جامِسٌ: پژمردہ گھاس۔ دم (جَمِيس) خشک خون۔

الجَمْسَة: آگ۔

الجُمْسَة: اونٹوں کا گلہ۔

لَيْلَةٌ (جُمَاسِيَّة) بہت ٹھنڈی رات۔

الجَمَامِيس: ایک قسم کی سانپ کی چھتری۔

الجَمَست: ایک قسم کا قیمتی پتھر۔

الجَامُوس: بھینس۔ ج جوامیس۔

جَمَشَ (ن ض) جَمْشًا۔ الراسَ: مونڈنا اور اسی سے ہے مکان (جميش) نباتات سے خالی جگہ۔ جَمَشَ الناقة: انگلیوں سے دوہنا۔

جَمَّشَهٗ: محبت سے چٹکی لینا۔ پیار و محبت کا کھیل کھیلنا۔

الجَمْش۔ مص۔ آہستہ آواز۔

الجَمُوش والجَمِيش: بال صاف کرنے کی مرکب دوا۔

جَمَعَ (ف) جَمْعًا۔ المتفرق: اکٹھا کرنا۔ جمع کرنا۔ کہا جاتا ہے۔ "جُمِعَت الجُمُعَة" جمعہ کی نماز قائم کی گئی۔

جَمَّعَ: جمع کرنا (تشدید مبالغہ کے لیے ہے) ___ المسلمُ: جمعہ کی نماز میں حاضر ہونا۔

جَامَعَهٗ مُجَامَعَةً وجِمَاعًا۔ علی کَذَا: اتفاق کرنا۔ موافقت کرنا۔ جَامَعَها: ہم بستری کرنا۔

أَجْمَعَ۔ القومُ علی کَذَا: اتفاق کرنا ما کان متفرقًا: اکٹھا کرنا۔ الامرَ وعلی الامر: پختہ ارادہ کرنا ___ الابلَ: اکٹھے ہانکنا۔

اِجْتمع۔ الغلامُ: جوان وقوی ہونا۔ (اس کا استعمال عورتوں کے لیے نہیں ہے) (___ وتجمع) القومُ: اکٹھا ہونا ___ الشَّئُ المتفرق: متفرق چیز کا اکٹھا ہو جانا۔

اِنْجَمَعَ۔ الشئ: اکٹھا ہونا۔

اِسْتَجْمَعَ۔ له الامرُ: منشا کے مطابق ہونا۔ القومُ: سب کا چلا جانا۔ البقلُ: خشک ہونا ___ الفرسُ جَرْيًا: پوری طاقت سے دوڑنا۔

الجَمْع۔ مص: لوگوں کی جماعت۔ ج جُمُوْع۔

يَوْمُ الجَمْع: قیامت کا دن۔

جُمْع۔ الكَفِّ: مٹھی۔ کہا جاتا ہے "ضَرَبْتُه بِجُمْعِ كَفِّي" میں نے اس کو گھونسے سے مارا۔ مٹھی بھر چیز۔ ج أَجْمَاع۔

الجُمْعَة: ہفتہ۔ کہتے ہیں "اِسْتَاجر الأَجِيْرَ مُجَامَعَةً" اس نے مزدور کو ہفتہ واری پر رکھا۔ اجتماع۔ دوستی۔ جُمْعَةٌ مِنْ تَمرٍ: مٹھی بھر کھجور۔ (___ والجُمُعة) ہفتہ کا ساتواں دن ج جُمَعٌ وجُمُعَات۔

الجَمَاعَة: آدمیوں کا گروہ۔ ج جماعات

الجَماعَات والجِماعات: چنگی وغیرہ کا رجسٹر۔

الجِمَاع۔ مص۔ جماع الشئ: کسی چیز کی جمع۔ کہا جاتا ہے "جِمَاع الخَبَاءِ الأَخْبِيَة" خباء کی جمع اَخْبِيَة ہے۔ "والخَمرُ جماع الإِثم" شراب ہر قسم کے گناہوں کا جامع ہے۔ قِدْرٌ جِماع: بڑی ہانڈی بڑی دیگ۔

الجَامِع۔ فا۔ جامع مسجد۔ ج جوامع (الكلام الجَامع) کلام جس کے الفاظ کم اور معنی بہت ہوں۔ ج جَوَامِع۔ اَلْيوم الجامع: روزِ جمعہ۔ قِدْرٌ جَامِعٌ: دیگ۔ اَبُوْ جَامِع: دسترخوان کی کنیت۔

الجَامِعة۔ الجامع کا مؤنث۔ تعلق۔ طوق۔ قدر جامعة: بڑی دیگ۔

الجَمِيْع: لوگوں کی جماعت۔ جمع شدہ۔ لشکر۔ اور تاکید کے موقع پر بولا جاتا ہے "جاؤوا جميعهم" سب لوگ آئے۔ اور کہا جاتا ہے "رأی جميع" ٹھیک رائے۔

الجَمِيْعَة: اجتماع۔ ج جمایع۔

أَجْمَع: الفاظ تاکید میں سے ہے۔ اس لفظ سے ہر اس چیز کی تاکید لاتے ہیں جس کا افتراق حسی یا حکمی طور پر جائز ہو۔ کہا جاتا ہے "جاؤوا اجمعهم وباجمعهم" سب لوگ آئے۔ مؤنث جمعاء ج اجمعون۔

المجتمَع۔ فا: کہا جاتا ہے "رجلٌ مجتمع" جوان "ومشی مجتمعًا" ہاتھ پیر ہلاتے ہوئے وہ تیز تیز چلا۔

المَجْمَع: جمع کرنے یا جمع ہونے کی جگہ۔ اکیڈمی۔ کہا جاتا ہے۔ "اخذت محبته بمجامع قلبی" اس کی محبت میرے دل پر چھا

گئی۔

ارض (مَجمَعة و مُجمِعه و مُجمَعة) وہ زمین جس میں قافلہ اکٹھا ہو جائے اور بھٹکنے کے خوف سے علیحدہ نہ ہو۔

امرٌ (مُجمَعٌ) قطعی معاملہ۔

المَجمُوع۔ مذ : ہر کتاب جس میں مختلف چیزیں جمع کی گئی ہوں۔ جیسے اشعار قصص وغیرہ۔ ج مجامیع۔ اور نحویوں کے نزدیک جمع پر اطلاق کیا جاتا ہے۔

الجَامِكية۔ ج جامكيات و (الجَوَامك) ج جوامک :شاہی نوکر و فوجیوں کی تنخواہ۔

جمل (ن) جَملاً۔ الشیئ :جمع کرنا (____ واجتمل) الشحمَ :پگھلانا۔

جَمُل (ک) جَمالاً :خوبصورت ہونا۔ خوش خلق ہونا۔ صفت (جمیل) مؤنث (جمیلة)

جَمَّلَهٗ : خوبصورت بنانا۔ جَمَّل الشحمَ : پگھلانا ____ الجَیشَ :دیر تک روکے رکھنا۔

جَامَله :اچھا معاملہ کرنا۔ تواضع سرقدری کرنا۔

اَجمَل۔ الشَّیئَ: جمع کرنا یا مجملاً ذکر کرنا۔ کہا جاتا ہے "اجمل الحسابَ والکلامَ ثم فصَّله وبیّنه" اس نے حساب اور کلام کو مجملاً کہا پھر اس کی تفصیل کی ____ الشَّیئ :خوبصورت بنانا۔ زیادہ کرنا ____ الشحمَ: پگھلانا۔ فی العمل :عمدگی سے کام کرنا۔ فی الطلب :تلاش میں اعتدال اختیار کرنا ____ القومُ :لوگوں کے پاس اونٹوں کی کثرت ہونا۔

تَجَمَّلَ : آراستہ ہونا۔ خوبصورت ہونا۔ مصائب زمانہ پر صبر کرنا اور ذلت ظاہر نہ ہونے دینا۔ حیاء کی وجہ سے مصیبت میں پگھلی ہوئی چربی کھانا۔ فی الکلام : لطف و مہربانی سے باتیں کرنا۔

اِستَجمَلَ۔ البعیرُ :اُونٹ کا جوان ہونا ____ الشَّیئَ :خوبصورت سمجھنا۔

الجمَل : اُونٹ۔ ج جمال و اَجمال وجُمْل وجمالة۔ بتثلیث الجیم و جج جمالات۔ بتثلیث الجیم وجمائل ____ اور جمل کا اطلاق اُونٹنی پر شاذ ہے۔ کہا جاتا ہے۔ "شربت لبن جملی" میں نے اپنی اُونٹنی کا دودھ پیا۔ جمل الیهود : گرگٹ۔ جمل الماء :ایک آبی پرندہ جس کی چونچ لمبی ہوتی ہے۔ جمل البحر :ویل مچھلی۔ کہا جاتا ہے "اتخذ اللیلَ جَملاً" وہ ساری رات چلا۔

الجَمَل والجُمَلُ والجُمَل والجُمَّل والجُمَالة : موٹی رسّی۔ حساب الجمَّل : حروفِ ابجد کا حساب جو تاریخ ولادت یا وفات وغیرہ نکالنے میں کام آتا ہے اور اس کو حساب الابجدیہ بھی کہتے ہیں۔

الجامل (فا) اونٹوں کا ریوڑ مع چرواہوں کے۔ اونٹوں کا مالک۔

الجَمَّال :اونٹوں کا مالک یا ساربان ج جَمَّالَة۔

الجُمَّال :خوبصورت۔ یا زیادہ خوبصورت۔

الجَمَال (مص) خوبصورتی۔ کہتے ہیں "جمالک ان لاتفعل کذا" تمہارے لیے مناسب ہے تم ایسا نہ کرو۔

الجُملَة۔ مجموعة :جو مسند اور مسند الیہ سے مرکب ہو۔ ج جُمَل۔

الجُمَّل :لوگوں کی جماعت۔

الجَمِیل :احسان۔ نیکی۔ پگھلی ہوئی چربی۔

الجَملَاءُ : خوبصورت عورت (اس لفظ کے لیے اَفعَل کا صیغہ نہیں (جیسے دِیمَة هَطلَاءُ میں اَهطَل کا صیغہ نہیں)

الجُمَیل :بلبل۔ ج جِملان۔

الجُملانَةُ و الجُمَیلانة :بلبل۔

الجُمَان :موتی۔ واحد جُمانة۔

جَمهَرَ جَمهَرَةً۔ الشیَ :جمع کرنا۔ اکثر حصہ لینا ____ عَلَیهِ الخبر : تھوڑی سے خبر دینا اور مُراد کو چھپالینا (____ و تَجَمهَر) القومُ :اکٹھا ہونا۔ کہا جاتا ہے "تجمهر علَینا" اس نے ہمارے اُوپر دست درازی کی اور حقارت کی۔

الجُمهُور : ریت کا تودہ۔ قوم کے بڑے اور اشراف لوگ۔ قوم کی جماعت۔ ہر چیز کا بڑا حصہ۔ ج جَمَاهِیر۔

الجُمهُورِیُّ :جمہور کی جانب منسوب نشہ آور شراب۔

الجُمهُورِیَّة :ریپبلک۔ وہ سلطنت یا قوم جو اپنا صدر ایک معین مدت کے لیے بناتی ہے۔

المُجَمهَرات :زمانۂ جاہلیت کے طبقہ ثانیہ کے سات قصیدے جن کا مرتبہ سبع معلقات کے بعد ہے۔

الجَمَا و الجُما :ابھرا ہوا پتھر۔ جسم کا ابھرا ہوا حصہ جیسے پستان۔

جَمِی (ض) جَمیًا۔ الماءُ :بُسَت ہونا۔

تَجَمَّیَ۔ القومُ :اکٹھا ہونا۔

جَمَاءُ وجُمَاء وجَمَاءَة۔ الشئ : چیز کی دبازت۔

جَنَّ (ن) جَنًّا و جُنُونًا :دیوانہ ہونا۔ پاگل ہونا۔ صفت (مَجنُون) ج مَجَانِین ____ عنه : چھپنا ____ الارضَ :پھول اُگانا۔ النبتُ :لمبا ہونا اور گتھ جانا ____ الذُّبابُ : بُھن بُھنانا۔ کہا جاتا ہے "جُنَّ الذُّبابُ بالروضِ" ہریالی کو دیکھ کر مکھیاں بھنبھنا رہی ہیں۔

اَجَنَّ۔ عنه : چھپنا۔ اَجَنَّه اللَیلُ: چھپانا۔ ڈھانپ لینا۔ اَجَنَّ المَیِّتَ : کفن دینا، دفن کرنا۔ (اَجَنَّه و جنَّنَه) دیوانہ بنا دینا۔

تَجَنَّنَ و اِستَجنَنَ :دیوانہ ہونا۔

تَجَانَّ و تَجَانَنَ :بتکلف دیوانہ بننا۔

اِجتَنَّ۔ الشَّیَ: چھپانا (____ و اِستَجَنَّ) چھپنا۔ و اِستَجَنَّ فلانًا : کسی کو طرب کی طرف بلانا۔ (مَا اَجَنَّه) وہ کتنا مجنوں ہے فعل تعجب ہے اور شاذ ہے اس لیے کہ یہ مفعول کے معنی میں ہے اور فعل تعجب فاعلی معنی میں ہوتا ہے۔

الجِنّ و الجِنَّة :جنّ۔ پری۔ دیو۔ واحد (جِنّیّ) مؤنث (جِنّیة) الجِنَّة : دیوانگی ____ الجِنَّة والجِنّ من الشباب : آغازِ جوانی ____ من النبت : کلی۔ پھول۔ جِنّ اللیل : رات کی تاریکی۔ جِنُّ الناس :لوگوں کی بڑی جماعت۔ کہا جاتا ہے "لاجِنَّ بِهٰذَا الامر" یعنی اس معاملہ میں کوئی پوشیدگی نہیں۔

الجانّ (فا) جنّ کا اسم جمع۔ ج جِنَّان۔ الجان : ایک قسم کا سفید سانپ۔

الجَنَّة :باغ بہشت۔ ج جِنَان و جَنَّات۔

الجُنَّة : پردہ ج جُنَن (____ و المِجَنّ و المِجَنَّة) ہتھیاروں سے بچاؤ کی چیز۔ ڈھال۔ ج مَجَانّ۔ اور کہتے ہیں "قَلبُ مِجَنه" یعنی وہ بے

حیاو خود رائے ہو گیا۔ "و قلب له ظهر المجن" یعنی وہ اس کی دوستی سے دشمنی کی طرف پلٹ گیا۔
الجَنَن :قبر میت۔ کفن۔ ج اَجْنَان۔
الجُنَان و الجُنَانَة :ڈھال۔
الجَنَان :دل۔ رات یا اس کی شدتِ تاریکی۔ پوشیدہ معاملہ ــــ من کل شئ : ہر چیز کا جوف۔ ج اَجْنَان۔
الجُنُون و الجُنن و الجنّة :دیوانگی۔
الجَنِين :ہر پوشیدہ چیز۔ قبر۔ مدفون۔ بچہ جو ابھی رحم مادر میں ہو۔ ج اَجِنَّة و اَجْنُن۔
المَجَنَّة :جنوں والی زمین۔ دیوانگی۔ کہا جاتا ہے "به مَجَنَّة" وہ دیوانہ ہے۔ چھپنے کی جگہ۔
جَنِئَ (س) جَنَأً : کبڑا ہونا۔ صفت (اَجْنَأ) مؤنث جَنْئَاءُ)
جنأَ (ف) جُنُوءً ا و اَجْنَأَ اِجْنَاءً و جَانَأَ مُجَانَأَةً و اِجْتَنَأ و تَجَانَأ تَجَانُؤ اعلَيْهِ : کسی کو مارے بچانے کے لیے اس پر چھا جانا۔
جَنَبَهُ (ن) جَنْبًا : دفع کرنا۔ علیحدہ کرنا۔ دُور کرنا۔ پہلو پر مارنا۔ تم کہتے ہو "ضربه فَجَنَبَهُ" اس نے اسے مارا اور پہلو پر مارا" و جَنَبَهُ الشَّئَ : کسی سے کوئی چیز دُور کرنا (ــــ جَنْبًا و مَجْنَبًا) البعيرَ : کوتل ہانکنا۔ صفت مفعولی (جَنِيبٌ و مُجَنَّبٌ و مجنوبٌ) مؤنث جَنِيبَة۔ کہا جاتا ہے "فرس جَنِيب و خيل جنائب" (۔ جُنوبًا) الريحُ :جنوبی ہوا چلنا۔
جَنَبَ (ن) جَنْبًا و جَنِبَ (س) جَنَبًا۔ اليه : مائل ہونا۔ مشتاق مضطرب ہونا۔
جَنُبَ (ن س ض) جَنَابَةً۔ الرَّجُلُ : ناپاک ہونا۔
جُنِبَ :پہلو میں درد والا ہونا۔ نمونیا لاحق ہونا صفت (مَجْنُوب) (۔ واجنب و اُجْنِبَ) القومُ :جنوبی ہوا لگنا۔
جَنَّبَه و تَجَنَّبَهُ و تَجَانَبَهُ و اِجْتَنَبَهُ : دُور ہونا۔ جَنَّبَهُ الشئَ : کسی سے کوئی چیز دُور کرنا۔
جَانَبَهُ :پہلو میں چلنا۔
اَجْنَبَهُ :دُور کرنا۔ اَجْنَبَ الرَّجُلُ :دُور رہنا۔
اِسْتَجْنَبَ :ناپاک ہونا۔

اِلجَنْب۔ مـ ــــ ج اَجْنَاب و جُنُوب :پہلو۔ جہت۔ جانب۔ تم کہتے ہو "قَعَدت الى جَنْبِ فلانٍ و الى جَانِبِه و جَنَابِه" میں فلاں کے پہلو میں یا اس کی جانب میں بیٹھا۔ جارُ الجنب : ہمسایہ جو پہلو ہی میں ہو۔ ذاتُ الجَنْبِ :نمونیہ۔
الجَنَب :مـ۔ کچھ لنگڑا پن۔
الجُنُب :غیر فرماں بردار۔ اجنبی۔ مسافر۔ دور' ناپاک (واحد تثنیہ جمع مذکر و مؤنث سب کے لیے مستعمل ہے) الجار الجُنب :ہمسایہ جو غیر قوم کا ہو)
الجَنِب :گوشہ نشین۔ اجنبی۔ مسافر۔ بھیڑیا رجلٌ جَنِبٌ :مہمانوں کے ڈر سے راستہ میں کترا کر چلنے والا۔
الجَنْبَة :گوشہ نشینی۔ جانب۔ الجَنْبَة من النبات :ہر وہ جو درخت سے چھوٹا اور بیل سے بڑا ہو ج جُنَب۔ جَنْبَتَا الانف و جَنْبَتَاه و جَنَابَتَاه :ناک کے دونوں طرف۔
الجُنْبَة :وہ چیز جس سے پرہیز کیا جائے۔
الجَانِب۔ فا۔ غیر فرمانبردار۔ مسافر۔ گھوڑا۔ جس کے دونوں قدم کا فاصلہ دُور ہو ج جُنَّاب۔ انسان کا پہلو۔ گوشہ۔ جانب۔ ج جوانب۔ کہا جاتا ہے "هو لَيِّنُ الجَانِب" وہ معیشت کے لحاظ سے نرم ہے۔ "هُوَ رَقِيقُ الجَانِب" وہ لطیف ہے۔
الجَنَاب : صحن۔ گوشہ۔ قوم کے محلہ سے جو قریب ہو۔ کہا جاتا ہے "اَخْصَبَ جَنَابُ القوم" قوم کا مقام سرسبز و شاداب ہے۔ و "فُلان خصيبُ الجَنَاب اَوْ جَدِيْبُه" فلاں سرسبز ہے یا قحط زدہ ہے۔ ج اَجْنِبَة۔
الجِنَاب :جَانَبَ کا مصدر۔ کہا جاتا ہے "فرسٌ طول الجِنَاب" آسانی سے تابع ہونے والا گھوڑا۔
الجُنَاب :نمونیہ کی بیماری۔
الجَنُوب :دکھن۔ دکھنی ہوا۔ ج جَنَائِب۔
الجَنِيب :نمونیہ کی بیماری میں مبتلا۔ فرمانبردار۔ ایک قسم کی عمدہ کھجور۔
الجَنِيبَة :کوتل گھوڑا۔
الجَنَّاب :پہلو میں چلنے والا ساتھی۔
الاَجْنَب۔ ج اَجَانِب : غیر فرمانبردار۔

(الاَجْنَبُ و الاَجْنَبِيُّ)مسافر۔
المُجْنَب :بہت خیر ہو یا شر۔ کہا جاتا ہے "اِنَّ عندنا خَيْرًا مُجْنَبًا و شرًا مُجْنَبًا" ہمارے نزدیک بہت خیر اور بہتر شر ہے۔
المِجْنَب :پردہ۔ ڈھال۔
المُجَنِّبَة :فوج کا ہراول۔
المُجَنِّبَتَان۔ مِن الجيش : فوج کا میمنہ و میسرہ۔
الجُنْبُذ :انار کی کلی۔ غنچہ ناشگفتہ۔
الجُنْبُل :لکڑی کا پیالہ۔
تَجَنَّثَ۔ الرَّجُلُ :غیر قوم میں سے ہونے کا دعویٰ کرنا ــــ عَلَيْهِ : محبت کرنا۔ مہربانی کرنا ــــ الطائرُ :پَر پھیلا کر بیٹھنا۔
الجُنْثِي :عمدہ لوہا۔ تلوار۔ ج جُنْثِيَّة : زرہ ساز۔
جَنَحَ (ف ن ض) جُنُوحًا۔ اليه :مائل ہونا ــــ السفينةُ :کم پانی میں پہنچ کر زمین سے لگ جانا ــــ الليلُ : آنا (ــــ (ض) جَنْحًا الطائرُ :بازو پر مارنا۔
جَنَّحَهُ : بازو بنانا ــــ الرجلَ : گناہ کی نسبت کرنا۔
حَفَرَ(ض)حَفْرًا و اِحْتَفَرَ : گڑھا کھودنا حَفَر الطَرِيْقَ :چل کر نشان ڈالنا-حَفَر الشَّیَٔ :تہ تک معلوم کرنا ____ العَنزَ :دبلی کرنا۔

حَفَر(ض) حَفْرًا و حَفِر (س) حَفَرًا و حُفِر- زردی کی وجہ سے دانتوں کی جڑوں کا خراب ہونا۔

اَحْفَرَ-الصبیُّ :دودھ کے دانت گرانا۔ ____ هُ حَفْرًا :کھودنے میں مدد دینا۔

حَافَرَ-اليَرْبُوْعُ :جنگلی چوہے کا اپنے ڈھونڈنے والوں پر سوراخ کو ملتبس کردینا اور اسی سے مثل ہے "فُلَانٌ اَرْوَغُ مِن يَرْبُوعٍ مُحَافِرٍ"

تحفَّر-السيلُ :گڑھے ڈالنا۔

اِسْتَحْفَرَ- النهرُ : کھودنے کا وقت قریب پہنچنا۔

الحَفْر والحَفَر- کشادہ کنواں- دانتوں کی زردی- الحَفَر : مٹی جو کھودی ہوئی جگہ سے نکالی جائے-ج اَحْفَار وجج اَحَافِير۔

الحُفْرَة ج حُفَر و (الحَفِيْرَة) ج حَفَائِر و (الحَفِيْر) گڑھا- قبر۔

الحَافِر- فا- جانور کا کھر- ج حَوَافِر- اور "النَقْدُ عِنْدَ الحَافِر" کا مطلب یہ ہے کہ جب تم کسی جانور کو خرید و تو بغیر دام ادا کیے ہوئے وہاں سے جدا مت ہو۔

الحَافِرَة- الحافر کا مؤنث- کھودی ہوئی زمین- ابتدائی حالت- کہا جاتا ہے "الآن قَدْ تَعَسَّفَ وقَدْ كَانَ نَجِيبًا فی الحَافِرَةِ" اب وہ راہ راست سے ہٹ گیا ہے ابتداءمیں شریف تھا۔ کسی چیز کی طرف لوٹنا- اور اسی سے ہے "رَجَعَ علی حَافِرَتِهِ او فی حَافِرَتِه" یعنی وہ اسی راستہ سے لوٹا جدھر سے آیا تھا یا ایک کام میں تھا پھر اس سے علیحدہ ہوگیا اور پھر دوبارہ اسی میں مبتلا ہوگیا۔ "رجَعَ فی حَافِرَتِه" یعنی بوڑھا ہوگیا۔ "والتقی القَوْمُ فَاقْتَتَلُوْا عِنْدَ الحَافِرَةِ" یعنی قوم نے مڈبھیڑ ہوتے ہی جنگ کی۔

الحِفْرَی- ایک قسم کی ریگستانی نباتات جو ہمیشہ سبز رہتی ہے۔

الحَفَّار- کھودنے والا- عموماً گورکن کیلئے مستعمل ہے۔

المِحْفَر والمِحْفَرة والمِحْفَار- کدال۔

المَحْفُوْر-مہ- زرد دانتوں والا۔

حَفَزَهُ(ض)حَفْزًا- پیچھے سے دھکارنا- کہاجاتا ہے "حَفَزَ الليلُ النهارَ" یعنی رات نے دن کو ہٹایا- و "حَفَزوا عَلَيْنَا الخَيْلَ والرِكَابَ" انہوں نے ہمارے اوپر گھوڑوں اور سواروں کو جمع کردیا ____ هُ :بالرمح :نیزہ مارنا ____ ه عن كَذَا : دور کرانا اور جلدی کرانا ____ المرأةَ :جماع کرنا۔

حَافَزَۃ۔ زانو بزانو بیٹھنا اور قریب ہونا۔

تَحَفَّزَ و اِحْتَفَزَ۔ زانو پر یا سرین کے بل بیٹھنا۔ کودنے کیلئے آمادہ ہونا۔ کہا جاتا ہے "اِحْتَفَزَ فی مَشْیِہٖ" اس نے چلنے میں کوشش کی۔

الحَفْزُ۔ مدت۔ کہا جاتا ہے "جَعَلْتُ بینی و بَیْنَكَ حَفْزًا" میں نے اپنے اور تمہارے درمیان مدت مقرر کی۔

الحَفُوزُ۔ مِنَ القِسِیِّ تیر کو بہت تیزی سے پھینکنے والی کمان۔

حَفَسَ (ض) حَفْسًا۔ کھانا۔

تَحَیْفَسَ۔ بستر پر تلملانا۔

الحِیْفَس و الحَیْفَس۔ موٹا جس سے کسی چیز کی امید نہ ہو۔ بے وجہ غصہ اور راضی ہونے والا۔ الحَیْفَس: غضبناک۔

حَفَشَہٗ (ض) حَفْشًا۔ چھلکا اُتارنا۔

حَفَشَ السیلُ الوادی: بھر دینا۔ المَطر الارضَ: روئیدگی ظاہر کرنا ___ فلانًا: دھکا دینا۔

___ السیلُ: ایک جگہ میں سارا پانی جمع ہونا۔

___ القومُ علیہ: اکٹھا ہونا۔ حَفَشَ فی الامر: کوشش کرنا ___ الفرسُ: بار بار دوڑنا اور ہر مرتبہ اچھی طرح سے دوڑنا۔

حَفِشَ (س) حَفْشًا۔ السحابۃُ: یکبارگی زور کی بوچھار برسا کر رک جانا۔

حَفَّشَ و تَحَفَّشَ۔ الرجلُ: جھونپڑے میں رہنا۔

الحَافِشَۃ۔ پانی بہنے کی جگہ۔ ج حَافِشَات و حَوَافِش۔

الحِفْش۔ ٹوکری۔ جھونپڑا۔ بالوں کا بنا ہوا خیمہ۔ کوہان۔ بوسیدہ چیز۔ ج اَحْفَاش و حِفَاش۔ اَحْفَاش البَیْتِ: گھر کی معمولی چیزیں۔ اَحْفَاش الارضِ: سیہی۔ جنگلی چوہا۔ گوہ وغیرہ۔ الحِفش: اندام نہانی۔

حَفَصَ (ض) حَفْصًا۔ الشَّیءَ: جمع کرنا۔

___ الشَّیءَ من یدہ: ڈال دینا۔ گرا دینا۔

الحُفَاصَۃ۔ جمع کی ہوئی چیز۔

الحَفْص۔ مہ۔ چمڑے کا تھیلا۔ چھوٹا گھر۔ شیر کا بچہ۔ ج اَحْفَاص و حُفُوص۔

الحَفَص۔ بیر وغیرہ کی گٹھلی۔

المِحْفَصَۃ۔ چمڑے کا تھیلا۔

الحَفْصَۃ۔ بجو۔ (الحَفْصَۃ و اُمُّ حَفْصَۃ) ایک قسم کا گدھ۔ (اُمّ حفصۃ) مرغی۔

حَفَضَ (ن) حَفْضًا۔ العودَ: موڑنا ___ و حَفَّضَ الشَّیءَ: ہاتھ سے گرانا ___ الارضَ: خشک کرنا ___ القومَ: اپنے پیچھے چھوڑ دینا ___ اللّٰہُ عنہ: تخفیف کرنا۔

الحَفَض۔ گھر کا سامان جو بار کرنے کے لیے تیار کیا گیا ہو۔ گھر کا سامان اٹھانے والا۔ اونٹ۔ بورا جس میں قوم کا سامان ہو۔ خیمہ کا ستون۔ بالوں کا خیمہ۔ کمزور اونٹ۔ کہا جاتا ہے "انہ لَحَفَضُ عِلْمٍ" وہ کم علم ہے (اس قول میں علم کو حَفَض سے قلت کی بنا پر تشبیہ دی گئی ہے) اور کہا جاتا ہے۔ "نِعْمَ حَفَضُ العلمِ ھذا" یہ علم کا جاننے والا اچھا ہے۔ ج اَحْفَاض و حِفَاض۔

حَفِظَ (س) حِفْظًا۔ الشَّیءَ: ضائع ہونے سے بچانا۔ خراب و خستہ ہونے سے بچانا۔

___ الکتابَ: زبانی یاد کرنا ___ السِّرَّ: چھپانا۔

___ المالَ: حفاظت کرنا۔ نگہبانی کرنا۔

حَفَّظَہٗ۔ الکتابَ: یاد کرانا۔

حَافَظَہٗ حِفَاظًا و مُحَافَظَۃً۔ علی الامر: مداومت کرنا۔ نگہبانی کرنا ___ عنہ: مدافعت کرنا۔ ہٹانا۔ کہا جاتا ہے "اِنّہ لَذُو حِفَاظٍ و ذُو مَحَافَظَۃٍ" اس شخص کے حق میں جس کے اندر خودداری ہو۔

اَحْفَظَہٗ۔ غصہ دلانا۔

اِحْتَفَظَ۔ غضبناک ہونا ___ بہ: یاد کرنا۔

___ الشَّیءَ و بہ لنفسہ: اپنے لیے خاص کرنا۔

تَحَفَّظَ۔ عنہ و منہ: بچنا ___ بہ الکتابَ: تھوڑا تھوڑا یاد کرنا۔

اِسْتَحْفَظَہٗ۔ مالاً و سِرًّا: محفوظ رکھنے کو کہنا۔

الحِفْظ۔ مہ۔ یاد۔ ہوشیاری۔

الحَفِیْظَۃ۔ نگہبانی۔ تعویذ۔ جس کو بچے کے گلے وغیرہ میں ڈالتے ہیں۔ ج حَفَائِظ۔ اھل الحَفَائِظ: محارم کی نگہبانی کرنے والے۔

الحَفِیْظَۃ و الحِفْظَۃ۔ قابل حفاظت چیز کے لیے غضب و حمیت۔

الحَافِظ۔ فا۔ کسی چیز پر مقرر۔ الطریق الحافظ: واضح سیدھا راستہ جو ختم نہ ہو۔ کہا جاتا ہے "رجلٌ حافِظُ العَیْنِ" مرد بیدار چشم جس پر نیند کا غلبہ نہ ہو۔ ج حُفَّاظ و حَفَظَۃ و حَافِظُون۔

الحَافِظ و الحَفِیْظ۔ من الملائکۃ: نیکی بدی لکھنے والا فرشتہ۔ الحفیظ: محفوظ۔ نیز اللہ تعالیٰ کے اسمائے حسنیٰ میں سے ہے۔

الحَافِظَۃ۔ الحافظ کا مؤنث۔ یادداشت کی قوت۔

المُحْفِظَۃ۔ غصہ دلانے والا معاملہ۔ ج مُحْفِظَات۔ المُحْفِظَات۔ مصیبتیں۔

حَفَلَ (ض) حَفْلًا و حُفُولًا و حَفِیْلًا الماءُ: کثرت سے جمع ہونا ___ القومُ: اکٹھا ہونا ___ الدمعُ: بہت ہونا ___ الوادی بالسیل: لبالب بھرنا ___ السماءُ: بہت برسانا ___ الشَّیءَ: صیقل کرنا۔ کہا جاتا ہے "ما حَفَلَہٗ و مَا حَفَلَ بِہٖ" اس نے اس کی پروا نہیں کی۔

حَفَّلَہٗ۔ اچھی طرح جمع کرنا۔ زینت دینا ___ الشَّیءَ: صیقل کرنا ___ الناقۃَ: تھن میں دودھ جمع ہونے کے لیے چھوڑ دینا۔

تَحَفَّلَ۔ اللبنُ: اکٹھا ہونا ___ فلانٌ: آراستہ ہونا ___ المَجْلِسُ: مجلس کا بھر جانا۔

اِحْتَفَلَ۔ القومُ: جمع ہونا ___ المَجْلِسُ بالنَّاس: بھرنا ___ الوادی بالسَّیْل: لبالب بھرنا ___ الطریقُ: واضح ہونا ___ الشَّیءُ: روشن ہونا ___ بالامر: اچھی طرح انتظام کرنا ___ فی الامر: مبالغہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "ما احْتَفَل بہٖ" اس نے اس کی پروا نہیں کی۔

الحَافِل۔ فا۔ ضَرْعٌ حافِلٌ: بھرا ہوا تھن۔ وَادٍ حافِلٌ: سیلاب سے بھری ہوئی وادی۔ جَمْعٌ حافِلٌ: بڑی جماعت۔ ناقۃٌ او شاۃٌ حَافِلٌ: بہت دودھ والی اونٹنی یا بکری۔ ج حُفَّلٌ و حَوَافِلُ۔

الحَافِلَة- الحَافِل کامؤنث- دَارٌ حَافِلَةٌ بھرا بھرا گھر- سُوْقٌ حافلة- بھرا ہوا بازار-
الحَفَل- مہ- جماعت- کہا جاتا ہے "عنده حَفَلٌ مِنَ النَّاسِ" اس کے پاس لوگوں کی جماعت ہے- جمع حَفْل: بڑی جماعت-
الحَفِيْل- بہت- جیسے جمع "حَفِيْل" بہت جماعت "مَكَانٌ حَفِيْلٌ" بھری ہوئی جگہ "رَجُلٌ حَفِيْلٌ" ہر چیز میں مبالغہ کرنے والا-
الحُفُوْل- خوبصورت عورت- ج حفائل-
الحُفَال- بڑی جماعت- جمع شدہ بہت دودھ- ردی کھجور-
الحُفَالَة- ہر گھٹیا چیز- فرومایہ لوگ-
حُفالة الطعام- کھانے میں سے جو نکلے اور پھینک دیا جائے- حُفَالَةُ اللبن: جھاگ-
الحَفْلَة- اسم المرة- اور کہا جاتا ہے "اخذ للامر حفلته" اس نے معاملہ میں کوشش کی- وَجَاء وا بحفلتِهم و بِحَفِيْلَتِهِم" وہ سب کے سب آئے-
الحَفْلَى- عام دعوت-
المَحْفِل- مجلس- ج مَحَافِل (و المحتفل) جمع ہونے کی جگہ- مُحْتَفَلُ الأَمْرِ: معاملہ کا بڑا حصہ-
حَفْلَجَ حَفْلَجَةً- چلنے میں بدن ہلانا-
الحُفالِج- وہ شخص جو چلنے میں پاؤں کے اگلے حصہ کو قریب اور ایڑیوں کو دور رکھے-
الحَفَلَّج- چھوٹا اونٹ- جمع حَفَالِج-
الحَفَلَّج: بمعنی حُفَالِج-
الحِفْلِيج- پست قد-
الحَفَلَق- کمزور- بیوقوف-
حَفَنَ (ن) حَفْنًا- الشَّیَٔ: لپ بھر لینا ___ لهٗ: لپ بھر دینا-
اِحْتَفَنَ- الشجرة: جڑ سے اکھیڑنا- الشَّیَٔ لنفسه: لینا ___ من الشَّیَٔ: بہت لینا ___ الرجلَ: دونوں ہاتھ زانو کے نیچے ڈال کر اٹھانا-
الحَفْنَة و الحُفْنَة- لپ بھر- و الحُفْنَة: گڑھا- ج حُفَن-
الحَفَنَّج- پست قد-

الحَفَنْدَد- مالک مال جو مال کا بہتر منتظم ہو-
الحِفْنِس- بے حیا بدزبان عورت-
حَفَا (ن) حفوًا- فلانا: دینا- حَفَاه من الشَّیَٔ: روکنا- منع کرنا- حَفَاهُ اللّٰهُ بِهٖ: عزت دینا-
حَفَا البَرقُ: آہستہ آہستہ بادل کے اطراف میں چمکنا ___ شارِبَه: خوب اچھی طرح مونڈنا-
حَفِيَ (س) حَفًا- زیادہ چلنے سے پاؤں گھسنا- ننگے پاؤں چلنا- صفت (حفٍ و حَافٍ) ج حُفَاة ___ الفرس: گھسے ہوئے کھر والا ہونا (___ حِفَاوَة و حَفَاوَة و حِفَايَة و تَحْفَايَة و اِحتفى) بِهٖ: عزت و اکرام کرنے میں مبالغہ کرنا- کسی کے ساتھ خوشی ظاہر کرنے میں مبالغہ کرنا- حفِيَ عنه: حالت بہت پوچھنا-
حَافَاه مُحَافَاة- گفتگو کرنے میں جھگڑا کرنا-
اَحْفَى اِحْفَاءً- گھسے ہوئے کھر والے جانور کا مالک ہونا ___ السُّؤالَ: بار بار دہرانا ___ ه: اصرار کرنا- خبر کی تفتیش پر برانگیختہ کرنا ___ اِلَيْهِ فِي الوَصِيَّةِ: مبالغہ کرنا ___ بِهٖ: عیب لگانا ___ شارِبَه: کترنے میں مبالغہ کرنا-
تَحَفَّى- في الشَّیَٔ: کوشش کرنا ___ لهٗ: بہت اکرام کرنا-
تَحَافَيَا- الى السلطان: فیصلہ کیلئے جانا-
اِحْتَفَى- ننگے پاؤں چلنا- جوتا اتارنا ___ البَقْلَ: چھوٹی ہونے کی وجہ سے انگلیوں سے اکھیڑنا ___ القوم المرعى: چراگاہ میں کچھ نہ چھوڑنا-
اِسْتَحْفَى- ه عن كذا: کسی شخص سے کسی چیز کے متعلق مبالغہ سے دریافت کرنا-
الحَفَاء- کھر یا پاؤں کی گھسائی-
الحَفَايَة و الحُفُوَة و الحِفْيَة- بمعنی الحَفَاء-
الحَفِيُّ- کسی چیز کے متعلق پوری طرح علم رکھنے والا- عزت و اکرام و اظہار خوشی میں مبالغہ کرنے والا- کسی شخص کے حالات کے متعلق بہت سوال کرنے والا- سوال کرنے میں بہت اصرار کرنے والا- ج حُفَوَاء-
حَقَّهٗ (ن) حَقًّا- حق میں غالب ہونا-
حقَّ الامرَ: ثابت کرنا ___ الخبرَ: حقیقت پر مطلع ہونا ___ العقدةَ: باندھنا ___

الرجلَ: وسط سر یا مونڈھے کے گڑھے پر مارنا ___ الطريقَ: وسط راستہ چلنا-
حَقَّ (ض) حَقًّا- عليه ان يفعل كذا: واجب ہونا- کہا جاتا ہے "حَقَّ لَكَ ان تفعل كذا- و حَقِقْتَ اَنْ تَفْعَلَ كَذَا" یعنی اس کا کرنا تمہارے لائق ہے اور تم اس کے کرنے کے لائق ہو-
حَقَّ (ن ض) حَقًّا و حَقَّةً- الامرُ: ثابت و واجب ہونا ___ الحاجة: سخت پیش آنا-
حَقَّ (س) حَقَقًا- الفرسُ: دوڑنے میں اگلی ٹانگوں کی جگہ پچھلے پاؤں رکھنا- صفت (اَحَقُّ)
حَقَّقَهٗ- تاکید کرنا- واجب کرنا- حقق القولَ او الظَّنَّ: تصدیق کرنا-
حَاقَّهٗ مُحَاقَّةً و حِقَاقًا- في الامر: جھگڑا کرنا- اپنے حق دار ہونے کا دعوی کرنا- کہا جاتا ہے "اِنَّ لَهٗ كذا و كذا لا يُحَاقُّه فيه اَحَدٌ" یعنی اس کیلئے ایسا اور ایسا ہے کوئی اس بارے میں اس سے جھگڑا نہیں کر سکتا-
اَحَقَّ- حق کہنا- اَحَقَّه: حق میں غالب آنا اَحَقَّ الامرَ: ضروری و واجب ٹھہرانا- کہا جاتا ہے "اَحَقَّ عَلَيْهِ القَضَاءَ" یعنی قضا کو اس کے ذمہ واجب کیا- احق الرمية: تیر اندازی کے وقت ہی مار ڈالنا-
تَحَقَّقَ- الخبرُ: ثابت ہونا ___ الرجلُ الامرَ: یقین کرنا-
تَحَاقَّا- باہم جھگڑنا اور فیصلہ کے لیے جانا-
اِنْحَقَّ- الرباطُ: بندھ جانا-
اِحْتَقَّ- الفرسُ: دبلا ہونا- اِحْتَقَّتِ الطَّعْنَةُ بِهٖ: فوراً مار ڈالنا- احتقَّ القومُ: ہر ایک کا یہ کہنا کہ حق میرے پاس ہے-
___ الناقةُ: موٹی ہونا- کہا جاتا ہے "اِحْتَقَّهٗ اِلَى كذا" یعنی اسے مؤخر کیا اور اس پر تنگی ڈالی-
اِسْتَحَقَّهٗ- ضروری و واجب ٹھہرانا- الدينُ: ادائیگی کا وقت قریب آنا-
الناقةُ: موٹی ہونا ___ الرجلُ: مستحق سزا ہونا-
الحَقُّ- مہ- سچائی- راستی یقین- انصاف- ثابت شدہ حصہ- مال و ملک- ہوشیاری- فیصل شدہ معاملہ- موت- ج حقوق اور کہا جاتا ہے

"هو حق بكذا" وہ اس کے لائق ہے۔ "ولحَقُّ لا آتيك" بغیر تنوین کے یعنی قسم ہے حق اللہ کی میں تیرے پاس نہیں آؤں گا۔ "وحقًا لا آتيك" تنوین کے ساتھ بغیر لام کے حقوق الدار : گھر کے منافع۔

الحَقَّة۔ مٹ۔ حق۔ یہ لفظ حق سے خاص ہے اس وجہ سے کہ حصّہ معینہ پر دلالت کرتا ہے۔ تم کہتے ہو "هذه حَقَّتِي" یہ میرا خاص حصّہ ہے۔ حقیقت امر۔ تم کہتے ہو "وقفتُ على حِقَّةِ ذٰلِكَ الْأَمْرِ" میں اس امر کی حقیقت پر مطلع ہو گیا۔ مصیبت۔

الحُقُّ۔ مونڈھے کے سرے کا گڑھا۔ سُرین کا سرا۔ بازو کا سرا۔ گول زمین۔ یا پست زمین۔ مکڑی کا جالا۔ حُقُّ الطيب : خوشبو کی ڈبیہ۔ ج حِقَاق۔

الحُقَّة۔ چھوٹا برتن۔ مصیبت۔ عورت۔ ج حُقٌّ وحُقَق و حِقَاق۔

الحِقُّ۔ من الابل : چوتھے سال والا اونٹ نر ہو یا مادہ۔ اور یہ اس لیے کہ اب وہ بار برداری کے قابل ہو گیا۔ اونٹنی جس کے دانت بڑھاپے کی وجہ سے گر گئے ہوں۔

الحِقَّة۔ حق و واجب۔

الحَقِيق۔ لائق سزاوار کہا جاتا ہے۔ "هو حَقِيقٌ اَنْ يَفْعَلَ كَذَا" وہ فلاں کام کرنے کے لائق ہے۔ "هو حقيق بِكَذا" وہ اس کے لائق ہے۔ والحَقِيقُ على الشَّئِ : حریص۔ لالچی۔ ج أَحِقَّاء۔

الحَقِيقَة۔ وہ چیز جس کی حمایت واجب ہو کہا جاتا ہے "هو حَامِي الحَقِيقَة" وهو مِنْ حماة الحَقَائِق" یعنی وہ اس چیز کی حفاظت کرتا ہے جس کا دفاع اس کے ذمہ لازم ہے۔

حق۔ وہ لفظ جو اپنے موضوع لہ میں مستعمل ہو۔ حَقِيقَةُ الشَّئِ : چیز کا منتہیٰ اور اصل۔ ج حقَائِق۔

الحَاقُّ۔ فا۔ وسط۔ کہا جاتا ہے "سَقَطَ عَلى حَاقِّ رَاسِه" اس کے وسط سر پر گرا۔ "وجئته فى حَاقِّ الشِّتَاء" میں اس کے پاس جاڑے کے وسط میں آیا۔ و "رَكِبَ حَاقَّ الطَّرِيق" وہ وسط راستہ پر چلا۔ کسی چیز میں کامل۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ شُجَاعٌ حَاقُّ الشجاع" وہ شجاعت و بہادری میں کامل ہے۔ و "اَخَذَنِي حَاقُّ الجُوْعِ" مجھے خالص بھوک لگی۔

الحَاقَّة۔ الحاق کا مؤنث۔ مصیبت۔ قیامت۔ کہا جاتا ہے "هُوَ رجلٌ حَاقَّةُ الرَّجُل" وہ مردانگی میں کامل ہے۔ و "هو شجَاعٌ حَاقَّةَ الشُّجاع" وہ بہادری میں کامل ہے۔

الاَحَقُّ۔ اسم تفضیل۔ "هو اَحَقُّ مِنْ فُلَانٍ" کا مطلب یہ ہے کہ وہ فلاں سے زیادہ حق دار ہے اور کبھی بغیر شرکت کے صرف خصوصیت کے معنی کے لیے استعمال ہوتا ہے جیسے "زيد احق بماله" زید اپنے مال کا حق دار ہے کسی دوسرے کا اس میں حق نہیں۔

المُحَقَّق۔ مف۔ کلام مُحَقَّق : منظّم کلام۔ ثوب محقق : مضبوط بنا ہوا کپڑا۔

المَحْقُوق۔ مف۔ لائق۔ سزاوار۔ کہا جاتا ہے "هو محقوق بكذا" وہ اس کے لائق ہے۔ "هو محقوق ان يفعل كذا" وہ ایسا کرنے کے لائق ہے۔

الحَقَّانِي۔ حق کی جانب منسوب۔ جیسے ربانی رب کی جانب منسوب۔

حَقِبَ (س) حَقَبًا واَحْقَبَ۔ المطرُ : رُکنا ____ العامُ : بارش نہ ہونے سے خشک سالی ہونا ____ المعدنُ : ختم ہونا ____ نائلُ فلانٍ : کم اور منقطع ہونا ____ الامرُ : خراب ہونا۔

اَحْقَبَهٗ : پیچھے سوار کرنا۔

اِحْتَقَبَ۔ الاثم : مرتکب گناہ ہونا۔ زيدًا على ناقتِهٖ پیچھے سوار کرنا (____ واستَحْقَبَ) الشئ : ذخیرہ کرنا۔ کجاوہ یا پالان کے پیچھے باندھنا۔

الحُقْب۔ ج حِقَاب و (الحُقُب) ج احقاب واَحْقُبٌ : اسّی سال یا اس سے زائد کا عرصہ۔ زمانہ۔ ایک سال یا بہت سے سال۔

الحَقَب۔ اونٹ کا تنگ۔ وہ چیز جس کو عورت اپنی کمر پر باندھتی ہے اور اس میں زیور کو لٹکاتی ہے۔

الحِقْبَة۔ مدت۔ سال۔ ج حِقَب و حُقُوب۔

الحُقْبَة۔ ہوا۔

الحِقَاب۔ عورت کیلئے کمر پر باندھ کر زیور لٹکانے کی چیز۔ ناخن کے جڑ کی سفیدی۔ ج حُقُب۔

الحَقِيبَة۔ وہ چیز جس کو سوار گھوڑے پر اپنے پیچھے رکھے۔ مسافر کیلئے خوراک وغیرہ کا بیگ یا تھیلا۔ ج حقائب۔

الحَاقِب۔ وہ شخص جو پاخانہ روکے ہوئے ہو۔

الاَحْقَب۔ گورخر۔ مؤنث حَقْبَاء۔

المُحْقَب۔ لومڑی۔

حَقَدَ (ض) حِقْدًا و حَقْدًا و حَقِيدَةً وحَقِدَ (س) حَقَدًا و تَحَقَّدَ۔ عليه : کینہ رکھنا۔ صفت (حَاقِد) ج حَقَدَة۔ حَقِدَ المطرُ : رُکنا ____ المَعْدَنُ : کان کا ختم ہونا اور کچھ نہ ملنا ____ الناقةُ : چربی سے بھر جانا۔

اَحْقَدَهٗ۔ کینہ ور بنانا ____ القومُ : ____ کان میں تلاش کرنا اور کچھ نہ پانا۔

تَحَاقَدَ۔ القومُ : ایک دوسرے سے کینہ رکھنا۔

اِحْتَقَدَ۔ المطرُ : رکنا ____ على فلانٍ : کینہ رکھنا۔

الحِقْدُ۔ ج اَحْقَاد و حُقُود و (الحَقِيدَة) ج حَقَائِد : کینہ۔

الحَقُود۔ بہت کینہ ور۔

حَقَرَ (ض) حَقْرًا و حَقْرِيَةً۔ ہ : چھوٹا و ذلیل سمجھنا۔ حَقَرَ الشَّئُ والرَّجلُ : ذلیل ہونا۔ بے قدر ہونا۔

حَقِرَ (س) حَقَرًا و حَقُرَ (ک) حَقَارَةً۔ ذلیل ہونا۔ صفت (حَقِير و حُقْرٌ و حُقُر)

حَقَّرَهٗ۔ ذلیل کرنا۔

اَحْقَرَهٗ و اِحْتَقَرَهٗ و اسْتَحْقَرَهٗ۔ چھوٹا و ذلیل سمجھنا۔

تَحَاقَرَ۔ اپنے آپ کو ذلیل کرنا۔ کہا جاتا ہے "تَحَاقَرَتْ اِلَيْهِ نفسه" یعنی ذلیل ہو گیا۔

الحَقَارَة والحِقَارَة والحُقَارَة و المَحْقَرَة۔ ذلت و بے قدری۔ کہا جاتا ہے "هذا الامر مَحْقَرةٌ لك" یہ امر تمہارے لیے باعث ذلت ہے۔

المُحَقَّرات۔ چھوٹے چھوٹے۔

الحَفْقَطة- پست قد یا سبک جسم والی عورت-

الحَیْقُط و الحَیْقُطان- تیتر- اور بقول بعض نرتیتر- مؤنث الحَیْقُطانَة-

حقف (ن) حُقُوفًا- الظبیُ : ہرن کا ریگ کے تودہ میں بیٹھنا یا سونے کی حالت میں سُڑ کر ریگ کے تودہ کے مانند ہونا ___ الشّیُ : ٹیڑھا ہونا- صفت (حَاقِفٌ)

اِحْقَوْقَفَ- لمبا و ٹیڑھا ہونا-

الحِقْفُ- دراز و پیچیدہ تودۂ ریت- ج اَحْقَاف و حُقُوف و حِقَاف و حِقَفَة و ج حقائِف-

المِحْقَف- وہ شخص جو نہ کھائے نہ پئے-

حَقِلَ (س) حَقَلاً و حَقْلَةً- البعیرُ او الفرسُ : مٹی کھانے سے درد شکم میں مبتلا ہونا-

حَاقَلَهُ مُحَاقَلَةً- کھیتی کو خوشہ ہی میں بیچنا-

اَحْقَلَت- الارضُ : قابل زراعت ہونا-

اَحْقَلَ الزرعُ : پتے پھوٹنا ___ الرجلُ فی الرکوب : سواری کی پیٹھ پر جم کر بیٹھنا-

الحَقْلُ- عمدہ قابل کاشت زمین- کھیتی جب تک سبز رہے- ج حُقُول- واحد- حَقْلَة

الحِقْل- ہودج- (___ والحَقْلة) گھوڑے یا اونٹ کے پیٹ میں مٹی کھانے کی وجہ سے درد-

الحُقْلَة- مثلثة- الحاء : دودھ یا پانی کا بقیہ- ردی کھجور- کھجور کا بچا کھچا- الحَقْلَة : بالفتح- حوض کا باقی ماندہ صاف پانی-

الحِقْلَة : بالکسر : پیالہ بھر سے کم-

الحَاقِل- فا- کاشتکار-

المَحْقَلة- کھیتی- ج مَحَاقِل-

الحَقِيلَة و الحُقَال- ردی کھجور-

الحَاقُول- ایک قسم کی سبز رنگ کی لمبی مچھلی-

الحَیْقَل- بے خبر آدمی-

الحِقْلِد- بد خو-

الحَقَم- کبوتر یا کبوتر کی مانند ایک پرندہ-

الحَقِیمَان- کنپٹی کی طرف کے دونوں گوشہ چشم-

حَقَنَه (ن ض) حَقْنًا- روک لینا- اور اسی سے ہے "حَقَنَ بَولَهُ" اس نے پیشاب کو روک لیا- ___ دمَه : گرانے سے بچانا ___ ماءَ وجهه : آبرو کی حفاظت کرنا ___ اللبنَ : مکھن نکالنے کے لیے مشکیزہ میں جمع کرنا ___ المریض : حقنہ سے علاج کرنا-

اَحْقَنَ- مزیدار ہونے کے لیے مختلف قسم کے دودھ جمع کرنا-

اِحْتَقَنَ- المریض : پیشاب رکنا- حقنہ استعمال کرنا ___ الدمُ : بدن کے اندرونی حصہ میں نیزہ مارنے سے خون جمع ہونا-

الحُقْنَة- ہر دوا جو مریض کی مقعد سے پیٹ صاف کرنے کے لیے چڑھائی جائے- ج حُقَن-

الحَقْنَة- پیٹ کا درد- ج اَحْقَان-

الحَاقِن- فا- پیشاب روکنے والا- اور اسی سے مثل ہے- "لا رَأیَ لِحَاقِنٍ" یعنی پیشاب روکنے والے کی رائے کا اعتبار نہیں- اس لیے کہ وہ اس وقت اپنے اختیار میں نہیں ہوتا- یہ مثل مضطر کے لیے بولتے ہیں-

الحَاقِنَة- الحاقِن کا مؤنث- معدہ (اس معنی میں صفت غالبہ ہے اس وجہ سے کہ وہ کھانے کو روکتا ہے) ہنسلی کی دونوں ہڈیوں کے درمیان کا حصہ اور اسی سے مثل ہے "لأَلْحَقَنَّ حَوَاقِنَكَ بِذَوَاقِنِكَ" اس مثل کو تہدید کے موقع پر بولتے ہیں-

الحَقِيْن- روکا ہوا- کہا جاتا ہے "سَقَاهُ اللبنَ الحَقِيْنَ" اس نے اس کو مشکیزہ میں جمع کیا ہوا دودھ پلایا- ج حُقُنٌ-

المِحْقَن و المِحْقَنَة- حقنہ کی پچکاری

المِحْقَن : وہ مشکیزہ جس میں دودھ جمع کیا جائے-

المِحْقَان- پیشاب روکنے والا- عوام المِحْقَن اور المَحْقَان کو پانی کی ٹنکی کے لیے استعمال کرتے ہیں-

حَقَاهُ (ن) حَقْوًا- کوکھ پر مارنا-

حُقِيَ- درد کمر والا ہونا- گوشت کھانے سے درد شکم والا ہونا- صفت (مَحْقُوٌّ و مَحْقِيٌّ)

تَحَقَّى- درد کمر والا ہونا-

الحَقْو- کوکھ- ازار- پہاڑ کا کنارہ- ج حِقَاء و اَحْقٍ و اَحْقَاء و حُقِيٌّ- کہا جاتا ہے "لاَذَ بِحَقْوَيْهِ" اس نے اس سے فریاد رسی کی-

الحِقَاء و الحَقْوَة- ازار یا ازار باندھنے کی جگہ- گوشت کھانے سے پیٹ کا درد-

حَكَّ (ن) حَكًّا- الشیئَ بالشیئِ او علیه : رگڑنا- گھسنا ___ الشیئَ : چھلکا اتارنا-

(___ واَحَكَّ واحتكَّ) الکلام فی صدره : دل میں اثر کرنا- اور کہا جاتا ہے "ما حَكَّ فی صدری کذا" میرے دل میں یہ بات نہیں اتری-

حَكَّكَهُ واَحَكَّهُ اِحْكَاكًا واحْتَكَّهُ واسْتَحَكَّهُ- راسه : کھجلانا- واحتك بالشیئِ : کسی چیز کے ساتھ لازم ہونا-

حَاكَّ مُحَاكَّةً و حِكَاكًا- الرجلَ : برابری کرنا- مقابلہ کرنا-

تَحَكَّكَ- بِهِ : در پے برائی ہونا- امثلہ عرب میں سے ہے "تحککتِ العقربُ بالحیّةِ" اس کے حق میں بولتے ہیں جو اپنے قوی سے جھگڑا کرے-

تَحَاكَّا- ایک دوسرے کو کھجلانا- باہم مقابلہ کرنا-

الحِكّ- شک (___ والحِكَاك) خارشتی اونٹ کے کھجلانے کے لیے درخت کا تنہ- کہا جاتا ہے "فلانٌ حِكٌّ او حِكَاكُ شرٍّ" فلاں شر کے اوپر غالب ہے وہ بہت اس سے مقابلہ کرتا ہے-

الحُكّ- چار زانوں کا قطب نما (مولدة)

الحُكَّاكات- وسوسے- واحد (حُكَّاكَة)

الحَكْكَ- رخام کی مانند سفید پتھر- مونڈھے ہلاتے ہوئے چلنے والی عورت کی مانند رفتار-

الحِكْكَة- نرم پتھروں والی زمین-

الحُكُك- برائی والے- حاجات کے طلب کرنے میں اصرار کرنے والے- واحد (حَاكٌّ)

الحِكَّة- حک کا اسم- خارش- کھجلی- حكة الانف : ایک قسم کی سوزش جو ناک میں ٹھنڈی ہوا کے کھنچنے سے ہوتی ہے اور اس کا اثر دماغ تک ہوتا ہے اور آنکھوں میں آنسو آجاتے ہیں- شک-

الحَاكَّة- دانت- کہا جاتا ہے "ما بَقِيَ فی فِيهِ حَاكَّةٌ" اس کے منہ میں دانت نہیں-

الحُكَاك۔ سوڈا۔ ایک قسم کا مرض جس میں کھجلی ہوتی ہے۔
الحُكَاكة۔ وہ جو کسی چیز کے رگڑنے سے گرے۔
الحَكِيْكة: پہیلی۔ج حَكِيْكَات۔
الاَحْكَاك۔ ہم کفو لوگ۔ کہا جاتا ہے "لَسْتَ مِنْ اَحْكَاكِهٖ" یعنی تو اس کے مردوں میں سے نہیں۔
الاَحَكُّ۔ دانتوں سے خالی منہ والا۔ ترشا ہوا کھر۔
الحَكَّاك۔ بہت رگڑنے والا۔ امتحان کے لیے سونے کو رگڑنے والا۔
المِحَكّ۔ کسوٹی۔
المُحَكَّك۔ مذ۔ الجِذْلُ المُحَكَّك: خارشتی اونٹ کے کھجلانے کے لیے درخت کا تنہ۔ کہا جاتا ہے "انا جُذَيْلُها المُحَكَّك وعُذَيْقُها المُرَجَّب" یعنی میری رائے سے شفا حاصل کی جاتی ہے جیسے اونٹ تنہ سے شفا حاصل کرتا ہے۔
حَكَأَ(ف) حَكْأً و اَحْكَأَ و اِحْتَكَأَ۔ العقدة: باندھنا۔ اِحْتَكَأَتِ العقدةُ: سخت ہونا۔ کہا جاتا ہے "اِحْتَكَأَ الشَّئُ فی صدری" میرے دل میں جاگزیں ہوگیا۔ پس مجھے شک نہیں۔
الحُكَأَة و الحُكَاة۔ بڑا گرگٹ۔
حَكَدَ(ض) حَكْدًا۔ الی اصله: رجوع کرنا۔ اَحْكَدَ و حَاكَدَ۔ اِلَيْهِ: واپس ہونا اور بھروسہ کرنا۔
حَكَرَهٗ (ض) حَكْرًا۔ گھٹانا۔ ظلم کرنا۔ بری معاشرت اختیار کرنا۔ زندگی بسر کرنے میں تنگی و مشقت ڈالنا۔
حَكِرَ (س) حَكَرًا۔ اصرار کرنا۔ صفت (حَكِر) ___ بالامر: خودسر ہونا۔
حَاكَرَهٗ مُحَاكَرَةً۔ جھگڑا کرنا۔
تَحَكَّرَ و احْتَكَرَ۔ الشَّئَ: مہنگا بیچنے کے لیے روک رکھنا۔ و تحكّر عليه: افسوس کرنا۔
الحَكَرُ۔ مد۔ (و الحُكْر) تھوڑا پانی یا کھانا۔ چھوٹا پیالہ۔

الحَكَرُ و الحُكُر۔ گراں بیچنے کیلئے روکی ہوئی چیز۔ تھوڑا کھانا یا دودھ۔
الحُكْرَةُ۔ غلّہ کی بندش۔
الحَاكُوْرَة۔ پائیں باغ۔ (عامیہ)
حَكَشَ (ض) حَكْشًا۔ الرجلَ: ستانا۔ ___ الشَّئَ: جمع کرنا ___ الرجلَ: ظلم کرنا۔
الحَكِيْص۔ وہ شخص جس سے لوگ بدگمان ہوں۔
حَكَفَ (ض) حُكُوْفًا۔ الرجلُ: کام میں سست ہونا۔
حَكَلَ (ن) حَكْلًا و اَحْكَلَ و اِحْتَكَلَ۔ الامرُ عليه: دشوار و مشتبہ ہونا۔
تَحَكَّلَ۔ جہالت سے اصرار کرنا۔
الحُكْلُ۔ وہ جس کی آواز سنائی نہ دے۔ کہا جاتا ہے "تَكَلَّمَ كَلَامَ الحُكْلِ" اس نے غیر مفہوم گفتگو کی۔
الحَكَل۔ فی الفرس: گھوڑے کے ٹخنوں کا ڈھیلا پن۔
الحُكْلَة۔ کلام میں لکنت۔ کہا جاتا ہے "فی لِسَانِهٖ حُكْلَةٌ" اس کی زبان میں لکنت ہے۔ جہالت کی وجہ سے اصرار۔
حَكَمَ (ن) حَكْمًا۔ لوٹنا۔ واپس ہونا۔ کہا جاتا ہے "احكمه فحكم" اس نے اس کو واپس کیا اور وہ واپس ہوگیا ___ الفرسَ: گھوڑے کے منہ میں حکمہ لگانا (دیکھئے لفظ حکمہ) ___ ہ عن كَذَا: منع کرنا۔ باز رکھنا۔
حَكُمَ (ک) حِكْمَةً۔ دانا ہونا۔
حَكَّمَهٗ۔ حاکم بنانا۔ حكمه فی الامر: فیصلہ کرنے کیلئے سپرد کرنا ___ عن كَذَا: لوٹانا اور منع کرنا۔
حَاكَمَهٗ۔ جھگڑا کرنا۔ حَاكَمَه الی الْحَاكِم: جھگڑے کو حاکم کے سامنے لے جانا۔
اَحْكَمَ۔ الشَّئَ: مضبوطی سے کرنا۔ اَحْكَمَتْهُ التجاربُ: دانا و عقلمند بنانا۔ اَحْكَمَ السَّفِيْهَ: کسی برے کام کے کرنے سے ہاتھ پکڑ لینا یا برے انجام کو جتا دینا ___ ہ عن الامر: روکنا۔ منع کرنا ___ الفرسَ: گھوڑے کے منہ میں حکمہ لگانا۔ (دیکھئے الحکمہ)

تَحَكَّمَ۔ فی الامر: بغیر وجہ ظاہر ہوئے اپنی رائے سے فیصلہ کرنا۔ حکم جاری کرنا۔ خواہش کے مطابق تصرف کرنا۔
اِحْتَكَمَ۔ فی الامر: پنچ منظور کرنا ___ الناسُ الی الحاكم: مقدمہ لے جانا ___ علی فلان: ارادہ کے موافق طلب کرنا ___ فی الشَّئ: خواہش کے مطابق تصرف کرنا ___ الامرُ: مضبوط ہونا۔
تَحَاكَمُوْا۔ الی الحاكم: مقدمہ لے جانا۔
اِسْتَحْكَمَ۔ الامرُ: مضبوط ہونا ___ عليه الكلامُ: مشتبہ ہونا۔
الحُكْم۔ مد۔ فیصلہ۔ ج اَحْكَام۔
الحَكَم۔ حکم جاری کرنے والا۔ حاکم۔ فیصلہ کرنے والا۔ سرپنچ (مفرد و جمع دونوں کیلئے مستعمل ہے) رجلٌ حَكَمٌ۔ عمر رسیدہ مرد۔
الحِكْمَة۔ انصاف۔ علم۔ بردباری۔ فلسفہ۔ حق کے موافق گفتگو۔ کام کی درستی۔ ج حِكَم۔
الحَكَمَة۔ لگام کا وہ حصہ جو گھوڑے کے دونوں جبڑوں کی جانب ہو ___ من الانسان: چہرے کا سامنے کا حصہ۔ قدر و منزلت۔
الحُكُوْمَة۔ مد۔ گورنمنٹ۔
الحَاكِم۔ قاضی۔ حکم نافذ کرنے والا۔ ج حُكَّام و حَاكِمُوْن۔
الحَكِيْم۔ دانا، عالم۔ ج حُكَمَاء۔ مؤنث حَكِيْمَة۔ قصيدة حكيمة: دانائی آمیز قصیدہ۔ الحكيم: اللہ تعالیٰ کے اسمائے حسنیٰ میں سے ہے۔
الاُحْكُوْمَة۔ تحكم فی الامر کا اسم۔
المَحْكَمَة۔ کچہری۔ ج مَحَاكِم۔
المُحَكَّم۔ مذ۔ آزمودہ (___ و المُحَكِّم) اپنے نفس کے ساتھ انصاف کرنے والا۔
حَكَى (ض) حِكَايَةً۔ عنه الكلامَ: نقل کرنا ___ الخبرَ: بیان کرنا ___ فلانًا: مشابہ ہونا ___ الشَّئَ: مشابہ بنانا۔ حكی عليه: چغل خوری کرنا ___ العقيدةَ: باندھنا۔
اَحْكَى اِحْكَاءً۔ العقدةَ: باندھنا۔
حَاكَى مُحَاكَاةً۔ ہ: مشابہ ہونا۔

اِحْتَكَى اِحْتِكَاءً-الامرُ :مضبوط ہونا-
الحَكِيُّ-چغل خور-(مذکرومؤنث)
حَلَّ(ن)حَلاًّ-العقدةَ-کھولنا-
اِنْحَلَّتِ-العقدةُ :کھل جانا-
حَلَّ(ن ض)حُلُوْلاً-علیه امرُ الله :واجب ہونا-
حَلَّ(ن ض)حَلاًّ وحَلَلاً وحُلُوْلاً المكان وبالمكان :نازل ہونا ___بهٖ وفی المكان : اُتارنا-
حَلَّ(ض)حَلاًّ-الشَّیْئُ :حلال ہونا-
___الدینُ :ادائگی کاوقت پہنچنا-
___الیمینُ :قسم پوری ہونا ___الرجلُ :احرام سے نکلنا-
حُلَّ-الجامدُ :پگھلایا جانا ___المكانُ : آباد ہونا-
حَلَّ(س) حَلَلاً-پاؤں یا ٹخنے میں ڈھیلا پن ہونا-صفت(اَحَلُّ)ج حُلٌّ-
حَلَّلَ تَحْلِیْلاً وتَحِلَّةً وتَحِلاًّ-الشَّیْئَ : حلال ٹھہرانا ___الیمینَ :کفارہ ادا کرنا-
حَلَّلَهٗ بالمكان :اُتارنا-
اَحَلَّ اِحْلاَلاً-عہد و میثاق سے آزاد ہونا ___المُحْرِمُ :احرام سے نکل جانا-اشہرحرم کے علاوہ مہینوں میں داخل ہونا ___بنفسه : مستحق سزا ہونا-اَحَلَّهٗ بالمكان او المكانَ : اُتارنا ___الشَّیْئَ :حلال کرنا ___علیه الامرَ :واجب کرنا ___الناقةُ علی ولدها : دودھ جاری ہونا-
اِنْحَلَّ-کھل جانا-
تَحَلَّلَ-فی یمینه : شرطیہ قسم کھانا-جیسے واللّٰہ لا فعلن ذلک ان شاء اللّٰه' یا الا ان یکون کذا ___من یمینه :کفارہ ادا کرکے آزاد ہوجانا-تحَلَّلَهٗ :حلال کردینے کو چاہنا-
اِحْتَلَّ-المكان وبالمكان :اُترنا-اور ایسا ہی کہا جاتا ہے-اِحْتَلَّ القومَ وبالقومِ : وہ قوم کے پاس اُترا-
اِسْتَحَلَّ-الشَّیْئَ :حلال سمجھنا یا حلال کرلینا-
اِسْتَحَلَّهٗ الشَّیْئَ : حلال ٹھہرانے کی اجازت چاہنا-

الحَالُّ-فا-ج حُلَّل و حُلُوْل و حُلاَّل-و (الحَلاَّل)حَالٌّ کا اسم مبالغہ-کہا جاتا ہے-"فُلاَنٌ حَلاَّلٌ للعُقَدِ کافٍ للمُهِمَّات" فلاں گرہوں کا بڑا کھولنے والا اور مشکلات کیلئے کافی ہے-
الحَلُّ-تِل کا تیل-
الحِلُّ-مذ-حلال-مکہ مکرمہ کے اردگرد حرم محترم کے علاوہ جگہ-کسی جگہ میں اُترنے والا-جیسے "ما زلتُ حِلاًّ بهذا البلد" میں ہمیشہ اس شہر میں اُترنے والا ہوں-
والاشهرُ الحِلُّ :اشہر حرم کے علاوہ مہینے-
الحِلُّ :نشانہ-جس پر تیراندازی کی جائے-قسم سے بری ہونا-
الحِلُّ والحُلُّ-احرام سے نکلنے کاوقت-کہا جاتا ہے "فعله فی حِلِّه و حُرْمِه" اس نے اس کو احرام میں اور احرام سے نکلنے کے وقت کیا-
الحَلَّة-حلول کا اسم مرہ-نرکل کا بنا ہوا بڑا ٹوکرا-(ہ ___ والحِلَّة) اترنے کی جگہ-مجلس-جمع ہونے کی جگہ ___من الشَّیْئ :جہت وجانب-ج حِلَل و حِلاَل-اور کہا جاتا ہے "فیه حَلَّةٌ اَوْ حِلَّةٌ" اس میں کمزوری ہے-الحِلَّة :اترنے کی ہیئت-نازل ہونے والی قوم جو بہت زیادہ ہو-کہا جاتا ہے "حَیٌّ حِلاَل" اُترنے والا قبیلہ جن کے اندر بہت کثرت ہے-
الحُلَّة-نیا کپڑا-کپڑوں کا جوڑا-ہتھیار-کہا جاتا ہے "لَبِسَ المحاربُ حُلَّتَه وبِزَّتَه" جنگ کرنے والے نے اپنا لباس اور ہتھیار استعمال کیا-ج حُلَل وحِلاَل-
الحَلاَّلَة-ج خہ(مولدة)
الحَلاَل-ضد حرام-احرام سے نکلنے والا-والسحر الحَلاَل : تعجب انگیز امور جن سے عقل حیران ہوجائے-الحلو الحلال :کلام جس میں شک نہ ہو-
الحِلاَل-ضد حرام-کجاوہ کا سامان-عورتوں کی ایک سواری-
الحَلِیْل-حلال-شوہر(___ والحَلِیْلَة) بیوی-الحَلِیْل :گھر میں ایک ساتھ رہنے والا-ج اَحِلاَّء-مؤنث حَلِیْل و حَلِیْلَة ج حَلاَئِل-
الاَحَلُّ-ٹانگوں میں کمزوری والا-مؤنث حَلاَّء

ج حُلٌّ-
الاِحْلاَل-افعال حج سے فراغت-
الاِحْلِیْل-پیشاب نکلنے کا سوراخ-پستان میں دودھ نکلنے کا سوراخ-ج اَحَالِیْل-
التَّحِلَّة-قسم کا کفارہ یا قسم میں استثناء
التَّحْلِیْل-بمعنی الاحلیل-
المَحَلُّ-اُترنا-اُترنے کی جگہ-ج مَحَالٌّ-
مِحَلُّ-الدَّیْن :ادائگی قرض کا وقت-
المُحِلُّ-فا-رجل مُحِلٌّ :حرم کی پردہ دری کرنے والا-
المَحَلَّة-اُترنے کی جگہ(المُحِلَّتان)ہانڈی و چکی (المُحِلاَّت) ہانڈی و چکی و ڈول-مشک و پیالہ و چھری-کلہاڑی-اس لیے کہ جس کے پاس یہ سب چیزیں ہوں گی وہ ہر جگہ اُتر سکتا ہے-
المُحَلَّل-مفہ-ماء مُحَلَّل : اونٹوں کے اُترنے سے گدلا پانی-مکان مُحَلَّلٌ : وہ جگہ جہاں کثرت سے لوگ اتریں-روضة او مکان مِحلال : باغ یا مکان جہاں کثرت سے لوگ اتریں-
حلاه(ف)حَلاً-بالسیف :تلوار سے مارنا ___ه بالسوط :کوڑے سے مارنا ___به الارضَ :پچھاڑ دینا-حَلاَهُ الشَّیْئَ :دینا-حَلاَ الجلدَ :کھال اُتارنا (حَلاَه واَحْلاَه) کسی کو سرمہ یا انجن لگانا-حَلاَلَهٗ حَلْوءً ا :کسی کے لیے سرمہ یا انجن رگڑنا-
حَلِیَ (س) حَلاً-الادیمُ :کھال اُتارتے ہوئے چھری لگ کر خراب ہونا-حَلِئَتِ الشفةُ :ہونٹ پر چھالہ پڑجانا-
حَلاَّهُ تَحْلِیئًا و تَحْلِئَةً-عن الماء :دھتکارنا-پانی پر اُترنے سے روکنا ___ه الشَّیْئَ :دینا-
الحُلُوْءُ والحُلاَءَة-سرمہ-چمڑے پر کی جھلی جس کو دباغ اُتارتا ہے-ہر وہ چیز جس کو رگڑ کر آنکھ میں لگایا جائے-
الحَلا والتِّحْلِیْ والتِّحْلِئَة-چمڑے کے بال-یا چمڑے کا میل و سیاہی-التحلئ :چھری لگا ہوا چمڑہ-الحَلاَّء :بخار کے بعد ہونٹوں پر بننے والا چھالہ-

الحَالِقَة۔ بہت زہریلا سانپ۔

التِحْلِقَة۔ مہ۔ بوجھل۔ کہا جاتا ہے "رجلٌ تِحْلِقَة" بوجھل مرد۔

المِحْلا و المِحْلاة۔ چمڑا صاف کرنے کی چھری۔

حَلَبَ (ن ض) حَلْبًا و حَلَبًا و حِلاَبًا الشاةَ: دوہنا۔ کہا جاتا ہے "حَلَبَ الدهرَ اشطُرَهُ" اس نے زمانے کے امورِ خیر و شر کو آزمایا (اشطر اونٹنی کے تھن کے بالک کو کہتے ہیں) و "حَلَبْتَ بالساعد الاشد" جبکہ تم ایسے آدمی سے مدد لو جو تمہارے کام کو اچھی طرح انجام دے۔ "وَمَالَه حلبٌ ولا جَلَبٌ" اس کیلئے نہ اونٹنیاں ہیں نہ اونٹ۔ حَلَبَ الرجلُ: زانو کے بل بیٹھنا۔

حَلَبْتُ و اَحْلَبْتُ۔ الرجلَ: دوسرے کے لیے دوہنا۔ حَلَبْتُهُ و اَحْلَبْتُهُ ناقتی: دوہنے کے لیے دینا۔ حَلَبَ القومُ حَلْبًا و حُلُوْبًا و اَحْلَبُوْا: ہر طرف سے مدد کیلئے جمع ہونا۔

حَلِبَ (س) حَلَبًا۔ الشعرُ: کالا ہونا۔

حَالَبَه۔ ساتھ مل کر دوہنا (۔۔۔۔ و اَحْلَبَه) مدد کرنا۔

تَحَلَّبَ و انْحَلَبَ۔ العرق او الدمعُ: بہنا ۔۔۔۔ عینُه: آنسو بہانا ۔۔۔۔ فمه: تھوک ٹپکانا۔

اِحْتَلَبَ و اِسْتَحْلَبَ۔ دودھ نکالنا۔ اِحْتَلَبَ الناقةَ: دوہنا۔ اِسْتَحْلَبَ القومُ: مدد کے لیے جمع ہونا۔

الحَلَبُ۔ مہ۔ (۔۔۔۔ و الحَلِيْب) دوہا ہوا دودھ۔ کہا جاتا ہے "شَرِبتُ حَلَبًا" میں نے تازہ دودھ پیا۔ کھجور کی شراب۔ حَلَبُ الكَرْمِ و حَلَبُ العَصِيْرِ: شراب۔ کہا جاتا ہے "ذاقوا حَلَبَ امرِهم" یعنی انہوں نے اپنے کام کے وبال کا مزہ چکھا۔ و "دَمٌ حَلِيْبٌ" تازہ خون۔ کہا جاتا ہے "ناقةٌ (حَلْبَى) رَكْبَى او (حَلْبَانَة) رَكْبَانَةٌ" دودھ دینے والی اور سواری کے قابل اونٹنی۔

الحَلْبَة۔ ایک بار دوہنا۔ ایک دفعہ کی گھوڑوں کی دوڑ۔ کہا جاتا ہے "هُوَ يَرْكُضُ فِي كُلِّ حَلْبَةٍ مِن حَلَبَاتِ المَجْدِ" وہ مجد و بزرگی کی ہر دوڑ میں دوڑتا ہے۔ الحَلْبَة: گھوڑے جو دوڑانے کے لیے جمع کئے جائیں۔ ج حَلَبَات و حَلَائِب۔

الحَلْبَتَان۔ صبح شام۔ (چونکہ یہ دونوں اوقات دودھ دوہنے کے ہیں۔)

الحُلْبَة۔ میتھی۔ زچہ کی خوراک۔

الحُلْبَة۔ زچہ کی خوراک۔ بکریوں کا ایک حصہ جو ریوڑ سے علیحدہ ہو جائے۔

الحَالِب۔ فا۔ ج حَلَبَه۔

الحَالِبَة۔ تھن کے اردگرد کی رگیں۔ ج حَوَالِب حَوَالِبُ البئرِ: کنوئیں کا سوت۔ حَوَالِبُ العَيْنِ: آنکھ کی وہ رگیں جن سے آنسو نکلتے ہیں۔

الحَالِبَان۔ دو رگوں کا نام جن سے پیشاب گردے سے مثانہ کی طرف آتا ہے۔

الحِلاَب۔ دودھ دوہنے کا برتن۔

الحَلاَّب۔ بہت دوہنے والا۔ "يَوْمٌ حَلاَّب" نمناک دن۔

الحُلُوْب و الحَلُوْبَة۔ من الابل او الغنم: دودھ دینے والی اونٹنی یا بکری۔ دوہی ہوئی۔ ج حُلُب و حَلاَئِب۔

الحَلاَئِب۔ جماعتیں۔ کسی شخص کے مددگار لوگ جو چچا کی اولاد سے ہوں۔

الحُلْبُوْب۔ کالا رنگ۔ کہا جاتا ہے "اسودُ حلبوب" بہت کالا۔

الحِلْبَاب۔ عشق پیچہ کی بیل۔

الحُلَّب و الحُلَّبَان و الحِلْبَاب و الحُلْبُوْب۔ مختلف نباتات کے نام۔

شاة (تِحِلاَّبَة و تُحُلُبَة و تِحْلِبَة و تُحْلِبَة و تِحْلَبَة) حاملہ ہونے سے پہلے دودھ دینے والی بکری۔

المِحْلَب۔ دودھ دوہنے کا برتن۔ ج مَحَالِب۔

المَحْلَب۔ دودھ دوہنے کی جگہ۔ ج مَحَالِب ایک قسم کا درخت جس کے بیج سے خوشبو حاصل کی جاتی ہے۔

المُحْلِب۔ فا۔ کہا جاتا ہے "فلان مُحْلِبٌ مُحْلِبٌ" یعنی فلاں شخص کے اونٹ بچے ہوئے جن میں سے وہ مادہ سے دودھ دوہتا ہے اور نر کو بیچنے کے لیے لے جاتا ہے۔ المُحْلِب: مددگار اور بقول بعض مددگار جو اپنی قوم کا نہ ہو۔

الحِلْبِد۔ چھوٹا اونٹ۔ مؤنث حلبدة۔

الحَلْبَس۔ بہادر۔

الحَبَلْبَس۔ بہادر۔ کسی شے کو لازم ہو کر رہنے والا۔ شیر۔

الحِلْبِيْس۔ شیر۔

حَلَتَ (ض) حَلْتًا۔ الراسَ: مونڈنا۔ ۔۔۔۔ الصوفَ: نمک لگائے ہوئے چمڑے سے بال اکھیڑنا ۔۔۔۔ الدَّيْنَ: ادا کرنا۔ ۔۔۔۔ ظهرَ الخَيْلِ: چمٹ کے رہنا۔ بِسِلْحِه: پاخانہ کرنا۔

الحُلاَتَة۔ اون کا اکھیڑتے وقت گرا ہوا۔

الاَحْلَت۔ وہ جس کا بال یا اون اکھیڑ دیا گیا ہو۔

الحَلِيْت۔ ج اولہ پالا۔

الحَلِيْت و الحِلْتِيْت۔ ہینگ۔

الحِلْتِيْت۔ ہینگ۔

حَلَجَ (ن ض) حَلْجًا۔ الخبزةَ: بیلن سے بڑھانا اور گول کرنا ۔۔۔۔ في المشي: آہستہ آہستہ چلنا، دوڑنے میں قدم کشادہ رکھنا ۔۔۔۔ القومُ لَيْلَتَهُمْ: چلنا۔ کہا جاتا ہے "بَاتَ القوم يَحْلِجُوْنَ لَيْلَتَهُم" قوم ساری رات چلتی رہی۔ حَلَجَ القُطْنَ: دھن کر بنولے نکالنا۔ صفت (حلاَّج) اور صفت مفعولی (حَلِيْج و مَحْلُوْج) ۔۔۔۔ الحَبْلَ: بٹنا ۔۔۔۔ الرجلَ بالعَصَا: لاٹھی سے مارنا۔

تَحَلَّجَ۔ الحَلُوْجُ: بادل کا چمکنا ۔۔۔۔ في صدره: کھٹکنا۔

اِحْتَلَجَ۔ حَقَّه: لینا۔

الحَلْجَة و الحَلَجَة۔ مسافت۔

الحِلاَجَة۔ دھنے کا پیشہ۔

الحَلُوْج۔ چمکنے والا بادل۔

الحُلُج۔ بہت کھانے والے۔

الحَلِيْجَة۔ دودھ جس میں کھجور تر کی گئی ہو۔ ج حُلُج۔

المِحْلَج و المِحْلاَج۔ روئی دھننے کا آلہ۔ بیلن۔ ج مَحَالِج و مَحَالِيْج۔ المَحْلَج: لکڑی

جس پر چرخی گھومتی ہے۔

المِحْلَج والمِحْلَجَة: وہ چیز جس پر روئی دھنی جائے۔

حَلْحَلَ۔ الشَّیَٔ: حرکت دینا۔ ہٹانا ___ القومَ: قوم کو ان کی جگہ سے علیٰحدہ کردینا۔

تَحَلْحَلَ۔ عن مکانه: حرکت کرنا۔ دور ہونا۔ ہٹ جانا۔

الحُلاحِل۔ سردار۔ بہادر۔ کامل۔ ج حَلاحِل (انہی معانی میں مُحَلحَل و مُلَحْلَح بھی ہیں۔)

حَلَزَ (ن) حَلْزًا۔ الجلدَ او العودَ: چھیلنا۔

تَحَلَّزَ۔ الشَّیَٔ: باقی رہنا ___ القلب: درد مند ہونا ___ للامر: تیار ہونا ___ بالمکان: اقامت کرنا۔

اِحْتَلَزَ۔ منه حقه: لینا۔

الحِلِّز۔ بخیل۔ بدخلق۔ پست قد۔ الو۔ ایک قسم کا گلّہ۔ واحد (حلزة)

الحَلَزُون۔ ایک قسم کا آبی جانور جو سیپی میں ہوتا ہے۔ سنکھ۔

الحَلَزُونَة۔ فی عرف الحدادین والنجارین: لوہاروں اور بڑھیوں کے عرف میں پیچ دار کیل کو کہتے ہیں۔ شکل أو خط (حَلَزُونی) گھونگھے کی ہیئت کی شکل۔

حَلَسَ (ض) حَلْسًا۔ البعیرَ: ٹاٹ سے ڈھانپنا ___ الرجلُ بالشَّیٔ: بہت حریص ہونا ___ السماءُ: لگاتار نرم برسنا۔

حَلِسَ (س) حَلَسًا و تَحَلَّسَ۔ بالمکان: کسی جگہ میں جم کے رہنا ___ لِلأمرِ: کسی کام کے لیے چکر لگانا۔ کہا جاتا ہے "ما تَحَلَّسَ منه بشیئ وما تحلّس شیئًا" اس نے اس میں سے کچھ نہیں پایا۔

اَحْلَسَ۔ الرجلُ: مفلس ہونا ___ فلانا فی البیع: نقصان پہنچانا ___ ہ: عہد و میثاق کرنا۔ اَحْلَسَتِ السماءُ: لگاتار ہلکی بارش ہونا ___ الارض: سرسبز ہونا۔ اَحْلَسَه الخوفَ: خوف لازم کرنا۔

حَالَسَهٗ۔ لازم ہونا۔ حَالَسَ البعیرَ: ٹاٹ سے ڈھانپنا۔

اَحْلَسَ۔ سرخ مائل بسیاہی ہونا۔ صفت (اَحْلَس) مؤنث (حَلْسَاء)

اِسْتَحْلَسَت۔ الارضُ: سرسبز ہونا۔ ___ النبتُ: زمین کو ڈھانپ لینا ___ اللیلُ: سخت تاریک ہونا ___ الخوفُ فلانًا: خوف کا لازم رہنا۔

الحِلْس و الحَلَس ٹاٹ۔ زین یا کجاوہ کے نیچے بچھانے کا کپڑا۔ قیمتی فرش کے نیچے بچھانے کا کپڑا۔ ج اَحْلاس و حُلُوس و حِلَسَة۔ اَحْلاسُ الخیل: گھوڑوں پر ہی سوار ہونے والے اور کہا جاتا ہے "فلان حلس بیته" فلاں ہمیشہ اپنے گھر ہی میں رہتا ہے اور یہ عربوں کے نزدیک قابل مذمت ہے۔ "وهو حِلْسٌ من اَحْلاسِ البلادِ" یعنی وہ صاحب عزت و قوت ہے (اور یہ قابل مدح ہے) و "کونوا اَحْلاس بُیُوتِکُم" تم ہمیشہ خانہ نشین رہو و "هذا لَیْس مِن اَحْلاس فلان" یہ فلان کا کفو نہیں ہے۔ و "رَفَضْت کَذَا و نقضتُ اخلاسه" یعنی میں نے اسے چھوڑ دیا۔ الحِلْس: عہد و پیمان۔ جوئے کا چوتھا تیر۔ سردار۔ بہادر۔ اُم حِلْسٍ: گدھی۔

الحَلْس۔ مص۔ عہد و پیمان۔

الحَلِس۔ بہادر۔ حریص جو اپنی جگہ سے جدا نہ ہو۔ سرخ سیاہی مائل۔

الحَلُوس۔ حریص۔ لالچی۔

ارض (مُحْلِسَة) وہ زمین جس میں گھاس بہت اگی ہوئی ہو۔

الحِلْسِمُ۔ لالچی۔ حریص۔

حَلَطَ (ن) حَلْطًا۔ قسم کھانا ___ فی الامر: اصرار کرنا اور جلدی کرنا۔ غضبناک ہونا۔

حَلِطَ (س) حَلَطًا و اِحْتَلَطَ۔ علیه: غضبناک ہونا ___ منه: زچ ہونا۔

اَحْلَطَ۔ بمعنی حَلَط ___ ہ: غضبناک کرنا ___ بالمکان: اقامت ___ فی الیمین: کوشش کرنا۔

حَلَفَ (ض) حَلْفًا و حِلْفًا و حَلِفًا و مَحْلُوفًا و مَحْلُوفَةً و مَحْلُوفَاء۔ باللّٰه: قسم کھانا۔

اَحْلَفَهٗ و حَلَّفَهٗ و اِسْتَحْلَفَهٗ۔ قسم کھلانا۔

حَالَفَهٗ مُحَالَفَةً۔ معاہدہ کرنا۔ حالف فلانا حزنُهٗ: غم کا لازم ہونا۔

تَحَالَفُوْا۔ باہم عہد و پیمان کرنا۔

الحَلْف و الحِلْف و الاُحْلُوْفَة۔ قسم۔

الحِلْف۔ مص۔ عہد و پیمان۔ دوستی۔ دوست جو بیوفائی نہ کرنے کی قسم کھائے۔ ج اَحْلاف۔ کہا جاتا ہے "فلان حَلِف کذا" یعنی فلاں اس سے جدا نہیں ہوتا۔

الحَلْفَاء۔ ایک بوٹی تو کیلی جیسے کھجور کی شاخ پانی بہنے کی جگہ اگتی ہے۔ واحد حَلَفَة و حَلْفَاء۔

الحَلْفَاء۔ بہت چیخنے والی لونڈی۔ ج حُلْف و حُلُف۔

ارض (حَلِفَة و مَحْلِفَة) حلفاء گھاس والی زمین۔

الحُلافِیُّ۔ وہ جگہ جس میں حلفاء گھاس بہت اگے۔

الحَلّاف والحَلّافَة۔ بہت قسمیں کھانے والا۔

الحَلِیْف۔ عہد و پیمان کرنے والا۔ لازم۔ ساتھی۔ کہا جاتا ہے "فلانٌ حَلِیْفُ الجُوْد" فلاں جود و بخشش کا حلیف ہے، یعنی بڑا فیاض۔ "فلانٌ حَلِیْفُ اللِسَانِ" فلاں چرب زبان فصیح ہے۔ ج حُلَفَاء۔

المُحْلِف۔ شک کی چیز جس کے ثابت کرنے کے لیے قسم کی ضرورت ہو۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا غلامٌ مُحْلِف" یہ ایسا لڑکا ہے جس کے احتلام میں شک ہے۔

الحِلْقِس۔ بہت گوشت والی بکری۔

الحُلْقُق۔ جنگلہ۔

حَلَقَ (ض) حَلْقًا و تَحْلاقًا۔ الراسَ: مونڈنا۔

حَلَقَ (ن) حَلْقًا۔ الرجلَ: حلق پر مارنا ___ الحوضَ: بھرنا ___ الشَّیٔ: چھیلنا۔ الشِّدَّةُ القومَ: مصیبت میں ڈالنا۔ صفت (حَلْقَى) ___ القومُ بَعْضُهُمْ بعضًا: ایک دوسرے کو قتل کرنا۔

حَلِقَ (س) حَلَقًا۔ حلق کے درد والا ہونا۔

حَلَّقَ۔ الراسَ: مونڈنا (تشدید کثرت کے لیے ہے) ___ الطائرُ: اڑنے میں چکر لگانا

____ القمرُ: ہالہ پڑنا ____ الشیئَ: حلقہ کی مانند بنانا۔

____ الاناءُ مِن الشراب: بھرنا۔

الحوضُ: خشک ہونا ____ عَیْنُ الحیوان: دھنس جانا ____ النجمُ: بلند ہونا ____ ضرعُ الناقة: دودھ کا خشک ہوجانا۔

اَحْلَقَ۔ الاناءَ او الحوضَ: بھرنا۔

تَحَلَّقَ۔ القومُ: حلقہ بنا کر بیٹھنا ____ القمرُ: ہالہ پڑنا۔

اِحْتَلَقَ۔ الراسَ: مونڈنا۔

الحَلْق۔ مذ۔ گلا۔ ج اَحْلاق و حُلُوق و حُلُق۔ حُلُوق۔ الارض: نالیاں۔ وادیاں۔ کہا جاتا ہے "اَخَذُوا فِی حُلُوْقِ الطَّرِیْق" انہوں نے تنگ راستے اختیار کئے۔ الحَلْق۔ بدبختی۔

الحَلْقَة۔ ہر گول چیز۔ زرہ۔ رسّی۔ ج حَلَق و حَلَقَات۔ و حلقة القوم: قوم کا دائرہ ____ کہا جاتا ہے "سَأَلَهُ فِیْ حَلْقَتِهِ" اس نے اس سے مانگا جبکہ وہ مانگنے والوں کے حلقہ میں تھا۔

حلقةُ الحوض: حوض کا بھرنا۔

حَلِقَةُ۔ الباب او القوم: دروازہ کا حلقہ یا قوم کا دائرہ۔

الحِلَق۔ بادشاہ کی انگوٹھی۔ بغیر نگینہ کی انگوٹھی۔ بہت مویشی۔

الحَلِق۔ بے بال کا۔ راسٌ حَلِقٌ: بے بال کا سر۔

الحَلاقِ و حَلاقِ۔ بروزنِ قطام مبنی علی الکسر معدول از حَالِقَة: موت۔

الحِلاَق۔ گلا۔

الحُلاَق و الحُوَلِق۔ گلے کا درد۔

الحَلاَّق۔ نائی حجام۔

الحُلاَقَة۔ مونڈے ہوئے بال۔

الحِلاَقَة۔ نائی کا پیشہ۔

الحَالِق۔ فا۔ ج حَلَقَة ____ مِن الجبال: بلند پہاڑ جس میں پیداوار نہ ہو۔ کہا جاتا ہے "جاء مِنْ حَالِقٍ" وہ بلند جگہ سے آیا و "هَوَى مِنْ حَالِقٍ" وہ اونچی جگہ سے گرا یعنی ہلاک ہوگیا۔ "ضرعٌ حَالِق"۔ بھرا ہوا تھن۔ پیٹ سے سمٹا ہوا تھن (ضد) ج حُلَّق و حَوَالِق۔

الحَالِقَة۔ الحالق کا مؤنث۔ موت۔ بُرا قول۔ سخت سال۔ ج حَوَالِق۔

الحَالُوق۔ موت۔

الحَالُوقَة۔ مِنَ السیوف او الرجال: تیز۔

الحَوْلَق و الحَیْلَق۔ بلا و مصیبت۔

الحَوْلَقَة۔ "لاحول ولاقوة الاباللّٰه" کہنا۔

الحَلِیق۔ مونڈا ہوا۔ کہا جاتا ہے "شعر حَلِیق ولِحیةٌ حَلِیْقٌ" مونڈا ہوا بال مونڈی ہوئی داڑھی۔ ج حَلْقَی۔

المِحْلَق۔ اُسترہ۔ سخت کمبل۔

الحِلْقِد۔ بدخو۔

حَلْقَمَه۔ گلا کاٹنا۔

الحَلْقُوم۔ گلا۔ ج حَلاَقِیم۔

حَلِكَ (س) حُلُوْكَةً و حَلَكًا و حُلُوْكًا و اِحْلَوْلَكَ و اِسْتَحْلَكَ۔ سخت سیاہ ہونا۔ صفت (حَالِک و حَلِک)

الحَلَک و الحُلْکَة۔ سخت سیاہی۔

الحَلَکُوْ و الحُلَکَاءُ و الحُلُکَاءُ و الحَلَکَاء و الحُلَکَاءُ و الحُلُکَّیْ۔

الحُلْکُوْک و الحُلَکْلِک۔ سخت سیاہ۔

الحَلْکَم۔ سیاہ۔

الحَلْکَمَه۔ سیاہی۔

حَلَمَ (ن) حُلْمًا و حُلُمًا۔ فی نومه: خواب دیکھنا۔ کہا جاتا ہے "حَلَمَهُ و حَلَمَ بِهِ" اس نے اس کو خواب میں دیکھا۔ حَلَمَ الصبیُّ (و احتلم) بالغ ہونا۔ (____ حَلْمًا) الجلدَ: کیڑے نکالنا۔

حَلُمَ (ک) حِلْمًا۔ درگزر کرنا۔ بردبار ہونا۔ صفت (حلیم) ج حُلَمَاء و اَحْلاَم۔ مؤنث حَلِیْمَة۔

حَلِمَ (س) حَلَمًا۔ الجلدُ: خراب ہونا اور کیڑے پڑنا۔ صفت (حَلِم و حَلِیم)

اَحْلَمَتِ۔ المرأةُ: حلیم و بردبار بچے جننا۔

حَلَّمَهُ تَحْلِیْمًا و حِلاَّمًا۔ بردبار بنانا۔ حَلَّمَ الجلدَ: کیڑے نکالنا ____ القِرْبَةَ: بھرنا۔

تَحَلَّمَ۔ بردبار بننا ____ الحِلْمَ: بردباری سے کام لینا ____ الرجلُ: موٹا ہونا۔ تحلّمت القربةُ: پانی سے بھرجانا۔

تَحَالَمَ۔ تکلف سے بردباری ظاہر کرنا۔

اِنْحَلَمَ و اِحْتَلَمَ۔ فی نومه: خواب دیکھنا۔

الحِلْم۔ صبر و آہستگی۔ بردباری۔ اور کبھی جہل و بیوقوفی کے مقابلہ میں آتا ہے جیسے "وَاِنَّ سَفَاهَةَ الشیخ لاحِلمَ بَعْدَهُ" عقل۔ ج اَحْلاَم و حُلُوْم۔ کہا جاتا ہے "تَاْمُرُهُمْ اَحْلاَمُهُمْ بِهٰذَا" ان کی عقلیں اس کا حکم دیتی ہیں۔

الحُلْم۔ مذ۔ خواب۔ ج اَحْلاَم۔ اور کہا جاتا ہے "هٰذه اَحْلاَم نائِم" یہ جھوٹی آرزوئیں ہیں۔

الحَلَمَة۔ سرپستان۔ ایک قسم کا کیڑا جو چمڑے میں لگ جاتا ہے اور اس کو خراب کردیتا ہے۔ ج حَلَم۔

الحَلِیْم۔ اللہ تعالیٰ کے اسمائے حسنیٰ میں سے ہے۔ موٹائی کی چربی۔

الحُلاَّم۔ بکری کا بچہ۔

الحَالُوم۔ ایک قسم کا پنیر یا گاڑھا دودھ جو تازہ پنیر کے مشابہ ہوجائے۔

الحَیْلَم۔ چھوٹے جانور۔

التَحْلِمَة۔ بہت کیڑے والا۔ ج تَحَالِم۔

الاَحْلاَم۔ اجسام (جمع ہے بغیر مفرد کے)

حَلاَ (ن) و حَلُوَ (ک) و حَلِیَ (س) حَلاَوَةً و حُلْوَانًا۔ میٹھا ہونا ____ الفاکهةُ: پختہ ہونا حَلاَلَةُ الشَّیُٔ: لذیذ ہونا۔ صفت (حُلْو) اور کہا جاتا ہے۔ حَلِیَ فی عینی و بعینی" وہ میری آنکھوں میں بھلا معلوم ہوا۔ حَلاَ منه بخیر: خیر و منفعت حاصل کرنا۔

حَلاَهُ (ن) و حَلْوًا و حُلْوَانًا۔ تھوڑا یا پورا مہر وصول کرنے کی شرط پر لڑکی یا بہن کی شادی کرنا و حلاہ کذا او بکذا: دینا۔ کہا جاتا ہے "حلاه حلوانه" اس نے اسے بدلہ دیا۔

(____ و حَلَّیَ) الشَّیْءَ (تَحْلِیَة) میٹھا بنانا۔

(حالیٰ مُحَالاَةً) الرجلَ: خوش طبعی کرنا۔

اَحْلاَهُ اِحْلاَءً۔ میٹھا پانا یا میٹھا بنانا۔ کہا جاتا ہے "مایُمِرُّ ولا یُحْلِی" یعنی وہ نہ کڑوی باتیں کرتا ہے نہ میٹھی یا نہ اچھا کام کرتا ہے نہ برا۔

تَحَلَّتْ۔ المرأةُ: زیور پہننا۔ کہا جاتا ہے "تحلیٰ فلانٌ بِمَا لَیْسَ فِیْهِ" فلاں نے اپنے آپ کو ایسی چیزوں سے آراستہ کیا جو اس کے

اندر نہیں ہیں۔

تَحَلّٰی و اِحْلَوْلٰی و اِسْتَحْلٰی۔ الشَّیَٔ : میٹھا پانا۔ و اِحْلَوْلَی الشَّیُٔ : میٹھا ہونا۔

تَحَالٰی۔ حلاوت ظاہر کرنا۔

الحُلْو۔ میٹھا۔ لذیذ۔ خوشگوار۔ خوبصورت۔

الحُلْوَان۔ دلال و کاہن کی اُجرت۔ مہر ُبدلہ۔

الحَلاَءَة والحَلاَوَة والحَلاَوَاء والحُلاَوٰی۔ مِنَ القفاء۔ گدی کا درمیانی حصّہ۔ ج حَلاَوٰی۔

الحَلْوَاء والحَلْوٰی۔ حلوا۔ میٹھا میوہ۔ ج حَلاَوٰی۔

الحَلْوَانِی۔ حلوا فروش۔ حلوا بنانے والا۔

الحُلْوُ۔ مِنَ الرجال : دیکھنے میں اچھا معلوم ہونے والا۔

الحَلِیُّ۔ لذیذ اور میٹھا۔ ناقةٌ حلیّة :

حَلٰی (ض) حَلْیًا۔ المرأةَ : عورت کیلئے زیور بنانا۔ آراستہ کرنا۔

حَلِیَتْ (س) حَلْیًا۔ المرأةُ : زیور پہننا۔ صفت (حالٍ و حَالِیَة) ج حَوَالٍ۔ کہا جاتا ہے "شجرة حالیة" پتے والا پھل دار درخت۔

حَلِیَ منه بخیرٍ : خیر و منفعت پہنچانا۔

حَلّٰی تَحْلِیَة۔ المرأةَ : زیور پہنانا یا زیور بنانا۔ و حَلّٰی الشَّیَٔ : آراستہ کرنا۔

تَحَلّٰی۔ آراستہ ہونا یا زیور پہننا۔

الحَلٰی۔ پھنسیاں جو بچوں کے منہ میں نکلتی ہیں۔

الحَلْیُ۔ ج حُلِیٌّ و حِلِیٌّ و (الحِلْیَة) ج حِلًی و حُلًی (خلافِ قیاس) زیور۔ حِلْیَة الانسان : انسان سے جو رنگ اور ہیئت دکھلائی دے۔

الحَلِیُّ۔ خشک۔

حَمَّ (ن) حَمًّا۔ التنّورَ : گرم کرنا۔

الشحمة : پگھلانا ___ الماءَ : گرم کرنا ___ الارتحالَ : جلدی کرنا۔ حَمَّ اللّٰه له كَذَا : مقدر کرنا ___ الامرُ فلانًا : غم میں ڈالنا۔ کہا جاتا ہے "حَمَّ حَمَّه" اس نے اس کے ساتھ اس جیسا قصد کیا۔

حُمَّ۔ الامرُ : فیصلہ کیا جانا ___ الشَّیُٔ : قریب ہونا ___ الرجلُ : بخار زدہ ہونا ___ له كَذَا : مقدر کیا جانا۔

حَمَّ (س) حَمَمًا۔ کالا ہونا ___ الماءُ : گرم ہونا۔

حَمَّمَ۔ الغلامُ : سبزہ آغاز ہونا ___ الرأسُ : مونڈنے کے بعد بال نکلنا ___ المکانُ : روئیدگی ظاہر ہونا ___ الشَّیَٔ : کالا کرنا ___ الماءَ : گرم کرنا ___ الرجلَ : کوئلے سے منہ کالا کرنا۔

___ المرأةَ : طلاق کے بعد متعہ کے کپڑے دینا۔

اَحَمَّهُ۔ اللّٰهُ : بخار میں مبتلا کرنا۔ اَحَمَّ الشَّیُٔ : قریب ہونا ___ المکانُ : بہت بخار والی جگہ ہونا ___ الماءَ : گرم کرنا ___ اللّٰه له كَذَا : مقدر کرنا ___ الشَّیَٔ : کالا کرنا ___ الامرُ فلانًا : غم میں ڈالنا۔

تَحَمَّمَ۔ کالا ہونا۔

اِحْتَمَّ۔ غمگین ہونا۔ غم کی وجہ سے نہ سونا ___ العینُ : بغیر درد کے بیدار رہنا۔

اِسْتَحَمَّ۔ پانی سے غسل کرنا۔ حمام میں داخل ہونا۔ پسینہ والا۔

الحَمُّ۔ سہ۔ حَمُّ الظَّهِیرة : دوپہر کی سخت گرمی۔ کہا جاتا ہے "مَالَهُ حَمٌّ عن ذٰلک او منه" اس کے لیے اس سے کوئی چارہ نہیں۔ حَمُّ الشَّیِٔ و (حُمُّه) چیز کا بڑا حصّہ۔

الحُمِّیُّ۔ بخار۔ ج حُمَّیَات۔

الحَمَّة۔ گرم پانی کا چشمہ۔

الحُمَّة۔ سیاہی۔ سبزی اور سیاہی کے درمیان رنگ۔ بخار۔ ہر مقدور و فیصلہ شدہ چیز۔ اور اسی سے ہے "حُمَّةُ الفِرَاق" کہا جاتا ہے "عجلت بِنَادِیْكُمْ حُمَّةُ الفِرَاقِ" مقدر شدہ فراق نے تمہاری مجلس کے ساتھ جلدی کی۔ ج حُمَم و حِمَام۔

الحُمَم۔ حُمَّة کی جمع۔ کوئلہ۔ راکھ۔ ہر وہ چیز جو آگ میں جل جائے۔ واحد (حُمَمَة)

الحِمَّة۔ موت۔ پسینہ۔

الحَمَام۔ کبوتر۔ واحد (حَمَامة) اور کہا گیا ہے کہ حمامة کا اطلاق نر و مادہ دونوں پر ہوتا ہے۔ اس لیے کہ اس میں "تا" تانیث کیلئے نہیں بلکہ تائے وحدت ہے اور بسا اوقات حمام مفرد کے لیے بھی بولتے ہیں۔ ج حَمَائِم و حَمَامَات

حَمَامُ الزَّاجِل او الزَّجَّال : پیغام و خطوط لے جانے والے کبوتر۔

سَاقُ الحمام و رعیُ الحمام : دو قسم کی گھاس کے نام۔ بَیْضُ الحَمَام : انگور کی ایک قسم جس کے دانے بڑے ہوتے ہیں۔ عنق الحَمَام : ایک قسم کا رنگ جو سرخ اور نیلے کے درمیان ہوتا ہے۔

الحِمَام۔ موت۔

الحُمَام۔ جانوروں خصوصاً گھوڑوں کا بخار۔ سردار شریف۔

الحُمَامِی۔ ایک قسم کی گھاس۔ کمال کی سرخی۔

الحَمَّام۔ غسل کرنے کی جگہ۔ یہ بکثرت مؤنث مستعمل ہوتا ہے اور کبھی مذکر بھی۔ ج حَمَّامَات۔

الحَمَّامِی۔ حمام والا۔ حمام کا نگہبان۔

الحَامَّة۔ اپنے خاص لوگ۔ عمدہ اُونٹ۔

الحَمِیْم۔ قریبی رشتہ دار۔ دوست۔ ج اَحِمَّاء۔ گرم پانی۔ ٹھنڈا پانی۔ چنگاری جس سے دھونی دی جائے۔ ج حَمَائِم۔ الحَمِیْم : گرمی۔ پسینہ۔ سخت گرمی کے بعد بارش۔ کہا جاتا ہے "هو حَمِیْمٌ بِالحَاجَة" وہ حاجت پر فریفتہ ہے۔

الحَمِیْمَة۔ حمیم کا مؤنث۔ گرم پانی۔ گرم کیا ہوا دودھ۔ عمدہ نسل کا اُونٹ۔ ج حَمَائِم۔

الاَحَمُّ۔ بہت خاص و بہت قریبی۔ کالا۔ سفید (ضد) بے پھل کا تیر۔ ج حُمٌّ۔

المِحَمُّ۔ پانی گرم کرنے کا برتن۔

المُحِمُّ۔ قریب۔

المُحَامُّ۔ ثابت۔

المَحْمُوم۔ بخار والا۔ مقدر۔ کہا جاتا ہے "نزل بِهِ القَضَاءُ المَحْمُوْمُ" اس پر قضاء مقدر کا نزول ہوا۔

المُسْتَحَمُّ۔ غسل کرنے کی جگہ۔

الیَحْمُوْم۔ کالا دھواں۔

حَمَأَ (ف) حَمْأً۔ البئرَ : کنوئیں سے

کیچڑ نکالنا

حَمِئَ(س)حَمأً و حَمَأً-الماءُ :پانی میں کیچڑ ملی ہوئی ہونا۔صفت-حَمِئٌ۔

أَحْمَأَ-البئرَ :کنوئیں میں کیچڑ ڈالنا۔

الحَمْءِ والحَمَأُ والحمو والحما بلاهمزة : عورت کا خسر۔شوہر کی جانب سے عورت کا رشتہ دار جیسے دیور۔جیٹھ۔خسر۔

الحَمَأُو الحَمأَةُ۔کیچڑ۔

حَمَتَهُ(ض)حَمْتًا-اللّٰهُ عليه :

حَمِتَ (س) حَمَتًا-الجوزُ وغيره : اخروٹ وغیرہ کا خراب ہونا۔

حَمُتَ (ک) حُمُوْتَةً-اليومُ : دن کا سخت گرم ہونا۔

تَحَمَّتَ-اللونُ او الطَّعْمُ : رنگ یا مزہ صاف اور خالص ہونا۔

الحَمْت-سه-يَوْمٌ حَمْتٌ : سخت گرم دن۔ تمر(حَمْت وحامِتٌ)بہت میٹھی کھجور۔

الحَمِيْت-مِنَ اللون او الطعم : خالص و صاف رنگ یا مزہ۔کہا جاتا ہے"تمر حميت و عَسَلٌ حَمِيْت" اچھے رنگ والی کھجور۔خالص شہد-غضبٌ حَمِيْتٌ : سخت غصہ۔

الحَمِيْت : بال دار مشک جس میں گھی' شہد یا زیتون کا تیل رکھتے ہیں۔بعضوں نے کہا کہ حَميت وہ مشک ہے جس میں بال نہ ہوں۔

حَمَّحَت-العينُ : آنکھ کا اندر کو دھنس جانا۔

حَمَّجَ الْوَجهُ : چہرہ کا غصہ وغیرہ سے بدلنا۔

حَمَّجَ إِلَيْهِ : تیز نظر سے دیکھنا ـــــ عينه : گھور کر دیکھنا۔

الحُمُّوْج-ج-ہرن وغیرہ کا چھوٹا بچہ۔

حَمْحَمَ وتَحَمْحَمَ-البرذونُ او الفرسُ : ہنہنانا-تَحَمْحَمَ :کالا ہونا۔

الحَمَاحِم- چوڑے پتے کا پودینہ- واحد (حَمَاحِمَة)

الحِمْحِم والحُمْحُم-ایک قسم کا پرندہ گاؤ زبان- واحد(حِمْحِمَة و حُمْحُمَة)

حَمِدَهُ(س) حَمْدًا و مَحْمَدًا و مَحْمِدًا و مَحْمَدَةً و مَحْمِدَةً-فضیلت کی بنا پر تعریف کرنا ـــــ ه على امر : بدلہ دینا ـــــ الشیٔ : قابل تعریف پانا۔اور کہا جاتا ہے"حَمِدْتُ إِلَيْكَ اللّٰهَ" یعنی تیرے ساتھ اللہ کی تعریف کرتا ہوں یا تیرا شکریہ ادا کرتا ہوں اور اس کے ساتھ اللہ کی نعمتوں کا بھی۔

حَمَّدَ-اللّٰهَ :بار بار تعریف کرنا اور الحمد للہ کہنا۔

أَحْمَدَ- قابل تعریف کام کرنا ـــــ الشیٔ : قابل تعریف ہونا ـــــ الشیٔ : قابل تعریف پانا ـــــ ہ :فعل پر راضی ہونا۔تعریف کا حقدار ظاہر ہونا۔

تَحَمَّدَ-بِالشیٔ على فلان :احسان جتانا۔اور کہا جاتا ہے "يَتَحَمَّدُ الناسَ بِفَضْلِهِ" یعنی ان کے سامنے ظاہر کرتا ہے کہ وہ محمود ہے۔

إِسْتَحْمَدَ-اللّٰهُ الى خلقه۔مخلوق کو انعام و احسان کرکے اپنی حمد کی جانب بلانا۔

اَلْحَمْدُ-مه-تعریف-تعریف کیا ہوا-کہا جاتا ہے "رجل حَمْدٌ و امرأة حَمْدَة"تعریف کیا ہوا مرد' تعریف کی ہوئی عورت۔

حَمادِ-له :بمعنی حمدًا لهُ۔

الحَمَاد- غایت- انتہائی کوشش- کہا جاتا ہے "حُمَادُک أَوْحُمَادَاک أَنْ تَفْعَلَ كَذَا" تمہاری انتہائی کوشش یہ ہے کہ تم ایسا کرو۔

الحَمَّادو الحُمَدَة-بہت تعریف کرنے والا۔

المَحْمَدَة-قابل تعریف کام-ج مَحَامِد۔

المُحَمَّد-بہت عمدہ خصلتوں والا-نبی کریم ﷺ کا اسم گرامی۔

الحَمِيْد والحَمُوْد- تعریف کرنے والا- تعریف کیا ہوا-مؤنث حَمِيْدَة۔

الحُمَدَة-بہت تعریف کرنے والا۔

حَمَدَةُ-النار :آگ کے شعلہ کی آواز۔

حَمْدَلَ-الحمد للہ کہنا۔

الحُمَادِيُّ-گرمی کی سختی۔

حَمِرَ(س)حَمَرًا-الفرسُ :بدہضمی والا ہونا' یا بدبودار منہ والا ہونا- صفت (حَمِرٌ) ـــــ الرجلُ :غصہ سے بھڑک اٹھنا۔

حَمَرَ-الجلدَ :بری دباغت دینا-الشیٔ : سرخ رنگنا ـــــ ہ : کسی کو اے گدھے کہنا۔

أَحْمَرَ- سرخ بچہ والا ہونا ـــــ الدابةَ :چارہ دینا یہاں تک کہ منہ بدبودار ہو جائے۔

اِحْمَرَّ اِحْمِرَارًا- سرخ ہونا۔

اِحْمَارَّ اِحْمِيْرَارًا-بتدریج بہت سرخ ہونا۔

اِنْحَمَرَ-ماعلى الجلد :کھرچ جانا۔

الحُمَر-ایک قسم کی رال جس کو عوام الحُمَّر کہتے ہیں (ـــــ و الحُمَّر)ایک سرخ رنگ کا پرندہ واحد(حُمَرة و حُمَّرة)

الحُمْرَة- سرخ رنگ-ایک قسم کی وبائی بیماری جس کی وجہ سے بخار آتا ہے اور بدن پر سرخ رنگ کے دانے پڑ جاتے ہیں- حَشِيْشَةُ الحَمْرة :ایک قسم کا زہریلا پودہ۔

الحمار- گدھا- اس کی دو قسمیں ہیں- اہلی اور جنگلی- اسی وجہ سے جنگلی کو حمار وحش و حمار الوحش والحمار الوحشی کہتے ہیں- ج حَمِيْر وأَحْمِرَة وحُمُر وحُمُور وحُمُرات- مؤنث حِمَارَة ج حَمَائِر- حِمَارة القدم : پشت قدم- أُذُن الحمار وقِثَّاء الحمار : دو پودوں کے نام- حِمَارُ الزَّرَدِ :ایک قسم کا جنگلی سفید گدھا جس پر سیاہ دھاریاں ہوتی ہیں۔

الحَمَارَّة-گرمی کی شدت-ج حمارّ۔

الحَمَّارَة-گدھے والے- واحد حَمَّار- جیسے جَمَّال و بَغَّال-دوغلا گھوڑا۔

الأَحْمَر- جس کا رنگ سرخ ہو-ج أَحَامِر- سرخ رنگ سے رنگا ہوا-ج حُمْر و حُمْران- سونا- زعفران- گوشت- شراب- کہتے ہیں- "نحن مِنْ أهلِ الأَسْوَدين لامِنْ أهل الأَحْمَرَين" ہم کھجور اور پانی والے ہیں- گوشت اور شراب والے نہیں- الموت الاحمر : قتل-کنایہ ہے خون بہنے یا سخت موت سے-

الحَمْرَاء - الاحمر کا مؤنث- سخت سال- گرمی کی شدت- الحمراء أو القلعة الحمراء : غرناطہ کا ایک مشہور قلعہ جو مسلمانوں کے دور حکومت کی یادگار ہے اور جس کے اندر ایک عجیب نادرۂ روزگار محل ہے-

الحَمْرَاء : تین لکڑیاں جن کو آپس میں باندھ کر دودھ کا مشکیزہ یا پانی کی صراحی وغیرہ رکھ دیتے ہیں اور اس کو الحَمَائِر بھی کہتے ہیں-

الأَحْمَرِيُّ۔ سخت سرخ۔
الحِمِّر۔ گرمی کی سخت شدت۔ بڑا آدمی۔
غَيْثٌ حَمِر: تیز بارش۔
الحُمَّرة۔ ایک قسم کا پرندہ۔
المِحْمَر۔ کھال صاف کرنے کا آلہ۔ کنجوس۔ ج مَحَامِر۔ المِحْمَر: دوغلا گھوڑا۔
اليَحْمُور۔ سرخ۔ ایک قسم کا پرندہ۔ اور بقول بعض گورخر۔
الحَمْزَدَة۔ حوض کی تہ کی کیچڑ۔
الحُمَارِس۔ سخت۔ شیر۔ دلاور۔
الحِمْزِقَة۔ اُون۔
حَمَزَ (ض) حَمْزًا۔ الخرولُ اللسانَ: چرپراہٹ ڈالنا ___ الشفرة: تیز کرنا۔
حَمُزَ (ک) حَمَازَةً۔ سخت ہونا۔ الشراب: چرپراہٹ ڈالنے والی ہونا۔
الحَامِز۔ فا۔ حامز الفؤاد: تیز فہم، عقلمند۔
الحَمِيز۔ سخت۔ ذکی۔ تیز فہم۔
الحَمْزَة۔ شیر۔
حَمَسَهُ (ض ن) حَمْسًا۔ غضبناک کرنا ___ اللحمَ: بھوننا۔
حَمِسَ (س) حَمَسًا۔ دین یا جنگ میں سخت ہونا۔ دلیر ہونا۔ صفت (حَمِسٌ) حَمِسَ الوغی: گھمسان کی جنگ ہونا ___ الامرُ: سخت ہونا۔
حَمُسَ (ن) حَمَاسَةً و حمَسَ (ض) حَمْسًا۔ دلیر ہونا۔
حَمَّسَهُ و اَحْمَسَهُ۔ جوش دلانا۔ غضبناک کرنا ___ الدواءَ ونحوه: نیم گرم ہونا۔
تَحَمَّسَ۔ جوش میں آنا۔ غضبناک ہونا۔ سخت ہونا۔ نافرمانی کرنا۔
اِحْتَمَسَ۔ جوش میں آنا۔ اِحْتَمَسَ القِرنانِ: باہم جنگ کرنا۔
تَحَامَسَ۔ القومُ: ایک دوسرے پر حملہ کرنا اور جنگ کرنا۔
الحَمَاس۔ سختی۔ منع۔ جنگ کرنا۔
الحَمَاسَة۔ معاملہ میں سختی۔ دلیری۔
الأَحْمَس۔ دین یا جنگ میں سخت دلیر۔ مؤنث حَمْسَاء۔ ج حُمْس و اَحَامِس۔ سَنَةٌ حَمْسَاء: سخت سال۔ سِنُون اَحَامِس۔ حُمْس: بہت سے سخت سال۔ الحُمْس: سخت جنگیں۔
الحَمِيس۔ دلیر۔ سخت۔ تنور۔
الحَمِيسَة۔ بھونا ہوا۔
الحَمْس۔ آواز۔ کجاوہ کا گھنٹہ۔
الحُمْسَة۔ عزت۔
الحَمْسَة۔ ایک قسم کا دریائی جانور۔ کچھوا۔ ج حَمَس۔
حَمَشَهُ (ن) حَمْشًا۔ غضبناک کرنا۔ جوش دلانا۔ حَمَشَ الشَّیْءَ: جمع کرنا ___ القومَ: غصہ سے چلانا۔
حَمَشَتْ (ض) و حَمُشَتْ (ک) حُمُوشَةً۔ الساقُ باریک ہونا۔
حَمَشَ (ض) حَمْشًا و حَمْشَةً و تَحَمَّشَ واِحْتَمَشَ واِسْتَحْمَشَ۔ غضبناک ہونا۔
حَمِشَ (س) حَمَشًا و حَمْشًا۔ الرجلُ: باریک پنڈلیوں والا ہونا۔ صفت (حَمْشٌ و حَمِشٌ واَحْمَش) ج حِمَاش و حُمْش۔ کہا جاتا ہے۔ "رجالٌ حِمَاشُ السُّوْق" باریک پنڈلیوں والے مرد۔ "وسُوْقٌ حِمَاش" باریک پنڈلیاں۔
حَمَّشَهُ۔ غضبناک کرنا۔ جوش دلانا۔
حَمَّشَ الشَّیْءَ: جمع کرنا ___ الشحمَ: پگھلاتے ہوئے جلانے کے قریب کرنا۔
اَحْمَشَهُ۔ غضبناک کرنا۔ اَحْمَشَ النارَ: ایندھن ڈال کر بھڑکانا ___ القدرَ: ہانڈی کے نیچے بہت ایندھن لگانا ___ الحربَ: تیز کرنا۔
الحَمِيش۔ پگھلائی ہوئی چربی۔
حَمَصَ۔ (ن) حَمْصًا و حُمُوصًا۔ الجرحُ: زخم سے سوجن ختم ہونا۔ صفت (حمیص) الورمُ: ورم کا ختم ہونا ___ الارجوحة: جھولے کا ٹھہر جانا ___ الدابة: پسینہ خشک ہو جانا۔
حَمَّصَ۔ الحَبَّ: بھوننا۔
تَحَمَّصَ۔ الرجلُ: سمٹنا ___ اللحمُ: خشک ہونا۔
اِنْحَمَصَ۔ الورمُ: کم ہونا ___ منه: سکڑنا۔ لاغر ہونا۔
الحِمَّص و الحِمِّص۔ چنا۔ واحد (حِمِّصَة و حِمَّصَة)
الحَمِيص۔ بھونا ہوا۔
الحَمِيصَة و المَحْمُوصَة۔ چوری کی ہوئی بکری۔ حَمِيصَة کی جمع حَمَائِص۔
اِختَبَطَهُ۔ زور سے مارنا ــــ زَیدًا: بغیر کسی وسیلہ کے مانگنا۔ اِختَبَطَتِ البلادُ: فتنہ و فساد واقع ہونا۔

الخَبَط۔ درخت کے پتے جو ڈنڈے سے مار کر گرائے جائیں۔

الخَبطَة۔ زکام۔ تالاب یا برتن کا بقیہ پانی۔ مشک میں بقیہ دودھ۔ حقیر چیز' دیوانگی۔ ج خِبَط و خُبَط۔ کہا جاتا ہے "عَلَیْهِ خَبطَةٌ مِنَ الجَمَال" اس کے اوپر جمال و خوبصورتی کا کچھ اثر ہے۔

الخِبطَة۔ ہر چیز کا کچھ حصہ۔ کہا جاتا ہے۔ "کانَ ذٰلک بعد خِبطَةٍ مِنَ اللَّیْل" یہ رات کے کچھ حصہ کے بعد ہوا۔ الخِبطَةُ مِنَ الماءِ: پانی کا گھونٹ۔ ج خِبَط۔

الخَبَاط۔ غبار۔

الخِبَاط۔ چہرے کی چوڑائی میں لمبا داغ۔ ج خُبُط۔

الخُبَاط۔ دیوانگی۔

الخَبُوط و الخَبِیط والأَخبَط۔ مِن الخَیل: زمین پر پاؤں مارنے والا گھوڑا۔

الخَبِیط۔ حوض جس کو اونٹوں نے پاؤں مار مار کر گرا دیا ہو۔ دہی جس میں تازہ دودھ ڈال کر ملا جلا دیا گیا۔

المِخبَط والمِخبَطَة والمِخبَاط۔ پتے جھاڑنے کا ڈنڈا۔ دھوبی کی موگری۔

خَبَعَ (ف) خَبعًا۔ فی المکان: داخل ہونا ــــ الشیئَ: چھپانا۔ کہا جاتا ہے "جارِیَةٌ خُبَعَةٌ طُلَعَةٌ" کبھی اپنے آپ کو چھپانے والی اور کبھی ظاہر کرنے والی لڑکی۔ (ــــ خُبُوعًا) الصبیُّ: روتے روتے سانس رکنا۔

خَبَقَ (ض) خَبقًا۔ گوز کرنا ــــ ہ: اپنے سے حقیر جاننا۔

تَخَبَّقَ۔ الشیئُ: بلند ہونا۔

الخِبِقّ۔ بہت کودنے والا امرد۔ تیز رفتار گھوڑا۔

خَبَلَهُ (ن) خَبلاً و خَبَّلَهُ۔ خراب کرنا۔ بگاڑنا ــــ ہ الحزنُ: عقل کو تباہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "خَبَلَ الحُبُّ قَلبَهٗ" محبت نے اس کے دل کو تباہ کر دیا ــــ یدَہ: لنجا کرنا ــــ ہ عن کَذَا: روکنا۔ منع کرنا۔ کہا جاتا ہے "خَبَلَ عن فِعلِ أبِیهِ" اس نے اپنے باپ کے رویہ سے کوتاہی کی۔

خَبِلَ (س) خَبلاً و خَبَالاً۔ جنون لاحق ہونا۔ صفت (خَبِلٌ و أخبَلُ) خَبِلَتِ الیدُ: لنجا ہونا۔

أخبَلَهٗ۔ ناقةً: عاریت پر دینا۔

اِختَبَلَهٗ۔ عقل کو خراب کرنا۔ اِختَبَلَتِ الدَّابَّةُ: جانور کا اپنی جگہ میں نہ ٹھہرنا۔

تَخَبَّلَتِ۔ الیدُ: لنجا ہونا۔

اِستَخبَلَهٗ۔ الابلَ۔ عاریت پر مانگنا۔

الخَبل۔ مـ۔ قرض۔ مٹکی۔ فتنہ (ــــ والخَبَل) ہاتھ پاؤں کی تباہی ج خُبُول۔

الخَبَل۔ ایک پرندہ جس کی آواز الو کی آواز کے مشابہ ہے۔ دَهرٌ (خَبِل) بگڑا ہوا زمانہ۔

الخَبَال۔ فساد۔ نقصان۔ ہلاکت۔ زہر قاتل۔ کہا جاتا ہے "هُوَ خَبَالٌ عَلیٰ اهلِهِ" وہ اپنے لوگوں کے لیے بوجھ ہے۔

الخَابِل۔ فسادی۔ شیطان۔ جن۔ کہا جاتا ہے۔ "مَسَّهُ الخابِلُ" اس کو جن نے دیوانہ بنا دیا۔

الخابِلان: رات دن۔

المُخَبَّل۔ فالمُخَبَّل۔ بغیر الف لام کے زمانہ کے ناموں میں سے ہے۔

المُخَبَّل۔ دیوانہ۔ تھرولا۔ وہ شخص جو درد کی وجہ سے اچھی طرح چل نہ سکتا ہو۔

خَبَنَ (ض) خَبنًا و خِبَانًا۔ الثوبَ: موڑ کر سینا ــــ الشاعرُ: شعر میں خبن واقع کرنا (دیکھئے الخَبن) (ــــ و أخبَنَ) الطعامَ: کپڑے کی تہ میں چھپانا۔

اِختَبَنَ۔ الشیئَ: کپڑے کی تہ میں چھپانا۔

الخُبنَة۔ کپڑے کی تہ۔ خوراک جو دامن کی تہ میں لے جائے۔ ج خُبَن۔

الخَبن۔ فی العروض: علمِ عروض کی اصطلاح میں سبب خفیف سے ساکن کو حذف کر دینا۔ جیسے فَاعِلُن سے فَعِلُن۔ رجلٌ (خُبُنٌ) مرد کہ جس کے اعضاء سمٹے ہوئے ہوں۔

خَبَا (ن) خَبوًا و خُبُوًّا۔ خبت النارُ و الحِدَّةُ: بجھنا۔ دھیما پڑنا۔ کہا جاتا ہے "خَبَا لَهِیبُه" اس کے غصہ کا جوش ٹھنڈا پڑ گیا۔

أخبَی۔ النارَ: آگ بجھانا۔

خَبی۔ الشیئَ: چھپانا۔

أخبَی وخَبَّی و تَخَبَّی واستَخبَی۔ الخِباءَ: خیمہ لگانا۔ اِستَخبَی الخِباءَ: خیمہ میں داخل ہونا۔

الخِباء۔ اون یا اونٹ کے بالوں کا خیمہ۔ بالی میں جو یا گیہوں کا چھلکا۔ کلی کا غلاف ج أخبِیَة۔

خَتَّ (ن) خَتًّا۔ السنانَ الیه: پیاپے نیزہ مارنا۔

أخَتَّه۔ حصہ کم کرنا۔ أخَتَّ الرَّجُلُ: باپ کے ذکر پر شرمندہ ہونا۔

الخَتّ۔ بدن کی سستی۔

الخَتِیت۔ گھٹیا' ناقص۔

خَتَأهُ (ف) خَتأً۔ عن کَذَا: روکنا۔ منع کرنا۔

اِختَتَأَ۔ خوف وغیرہ سے رنگ بدل جانا ــــ مِن فُلانٍ: شرم' ڈر یا ذلت کی وجہ سے چھپنا ــــ لَهُ: فریب دینا ــــ الشیئَ: اُچک لینا۔

مفازة (مُختَتِئَةٌ) بیابان جس میں راستہ نہ ملتا ہو۔

خَتَرَہ (ض) خَترًا۔ بری طرح سے بیوفائی کرنا۔ صفت (خَاتِرٌ و خَتَّارٌ و خَتِیرٌ و خَتُورٌ و خِتِّیرٌ) ــــ (ن ض) خَترًا و خُتُورًا۔ نفسُهٗ: جی بگڑنا۔

خَتِرَ (س) خَتَرًا۔ زہر یا دوا وغیرہ پینے کی وجہ سے بے حس ہونا۔

تَخَتَّرَ۔ سست و ڈھیلا ہونا۔ مرض وغیرہ کی وجہ سے سست ہونا۔

خَتَّرَہُ۔ الشرابُ: بے حس کر دینا۔

خَتْرَبَهٗ۔ کاٹنا اور ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔

خَتْرَشَةُ۔ الجرادِ: ٹڈیوں کے کھانے کی آواز۔

خَتْرَفَهٗ-خَتْرَفَةً :مارنا اور کاٹنا۔
خَتْرَمَ خَتْرَمَةً-عاجزی یا گھبراہٹ کی وجہ سے چپ رہنا۔
خَتَعَ(ف)خَتْعًا و خُتُوْعًا-الدليلُ بالقوم : اندھیرے میں راہبری کرنا ___ على القوم : اچانک آجانا۔(___ وانْخَتَعَ) في الارض : دور تک نکل جانا۔
الخَوْتَع والخَتِع والخُتَع- ماہر راہبر- الخَوْتَع : خرگوش کا بچہ- الخُتَع :بجو-الخُتَعَة : مادہ چیتا-
الخِتَاع- چمڑے کا دستانہ جو باز پالنے والے باز کے پنجوں کے خوف سے ہاتھ میں پہنتے ہیں-
خَتْعَرَ خَتْعَرَةً- نیست و نابود ہونا-
الخَيْتَعُوْر-بدخو عورت- تپتی ہوئی ریت- ہر وہ چیز جو ایک حالت پر قائم نہ رہے اور نیست و نابود ہو جائے- ترمرے (یعنی وہ جو سخت گرمی کے زمانے میں مکڑی کے جالے کی مانند فضا میں اُترتا ہوا معلوم ہوتا ہے) بے وفا- دنیا- بھیڑیا- بھوت- تحتی- شیطان- شیر- مصیبت- دور کی مسافت- ایک قسم کا کیڑا جو پانی پر ہر وقت اِدھر اُدھر پھرتا رہتا ہے-
خَتَلَهٗ (ن ض) خَتْلًا و خَتَلَانًا و خَاتَلَهٗ مُخَاتَلَةً- فریب دینا- کہا جاتا ہے "خَاتَلَ الصیادُ" یعنی آہستہ آہستہ چلا تاکہ شکار کو احساس نہ ہو- صفت(خَاتِل و خَتُوْل)
تَخَاتَلُوْا- باہم ایک دوسرے کو فریب دینا-
اِخْتَتَلَ-لِاَسْرارِ الْقَوْمِ :چوری سے سننا-
اِخْتَتَلَ الرجلَ : فریب دینا-
الخِتَل- چھپنے کی جگہ- خرگوش کا سوراخ-
الخَوْتَل- خوش طبع دانا مرد-
الخَتَّال- بڑا فریبی- مؤنث خَتَّالَة-
خَتْلَعَ- الرَّجُلُ خَتْلَعَةً : دیہات کی طرف نکلنا-
خَتْلَمَ-الشّيئ :خفیہ طریقہ سے لینا-
خَتَمَ(ض)خَتْمًا و خِتَامًا-الشّيئ وعليه : مہر لگانا ___ العملَ : ختم کرنا ___ الكتابَ : پوری پڑھ لینا ___ الاناءَ : مٹی وغیرہ سے بند کرنا- کہا جاتا ہے "خَتَمَ عَلَيْكَ بَابَهٗ" یعنی اس نے تم سے اعراض کیا ___ الله لَهٗ بالخیر : اچھا انجام کرنا ___ على قلبه : بے سمجھ کر دینا ___ الزَّرْعَ وعليه : پہلی مرتبہ سیراب کرنا-
خَتَّمَ- اچھی طرح ختم کرنا- خَتَّمَهٗ : انگوٹھی پہنانا-
اَخْتَمَ- خاتمہ پر پہنچنا-
تَخَتَّمَ- الخاتمَ بِهٖ :انگوٹھی پہننا- کہا جاتا ہے "تَخَتَّم بالعَقِيْقِ" اس نے عقیق کی انگوٹھی پہنی ___ بامرہٖ : چھپانا ___ عنه : غفلت برتنا اور چپ رہنا- عمامہ باندھنا- کہا جاتا ہے "تَخَتَّمَ بِعَمَامَتِهٖ" اس نے اپنا عمامہ باندھا-
اِخْتَتَمَهٗ- پورا کرنا-
اَلْخَتْم- مہر- شہد-
الخَاتَام- انگوٹھی- مہر- ج-خَوَاتِيْم-
الخَاتَم والخَاتِم- ج خَوَاتِم و خُتُم : انگوٹھی- مہر- انجام- گدی کا گڑھا- ٹانگوں کی تھوڑی سی سفیدی-
الخَاتِمَة- الخَاتِم کا مؤنث- انجام- نتیجہ ج خَوَاتِم و خَاتِمَات-
الخَتَم- انگوٹھی-
الخِتَام- مُہر لگانے کی مٹی یا ہر وہ چیز جس سے مہر لگائی جائے- ج خُتُم-
المُخَتَّم- مِنَ الخيل : گھوڑا جس کی ٹانگوں میں تھوڑی سی سفیدی ہو-
خَتَنَ(ن ض)خَتْنًا-الشّيئ :کاٹنا-
___ الصبيّ : ختنہ کرنا- صفت مفعولی-(خَتِيْنٌ و مَخْتُوْنٌ) عَامٌ مَخْتُوْنٌ : خشک سال- و خَتَنَ الرجلَ :فریب دینا-
خَتَنَهٗ(ن) خُتُوْنًا و خُتُوْنَةً و خَاتَنَهٗ- داماد بننا-
خاتَنَ الرجُلَ :فریب دینا-
اِخْتَتَنَ- الصبيُّ : ختنہ شدہ ہونا-
الخِتَان و الخِتَانَة- ختنہ- الختانة : ختنہ کرنے کا پیشہ-
الخَتَن- عورت کی طرف سے رشتہ جیسے سسر، سالہ، داماد- ج اَخْتَان-
الخَتَنَة- الختن کا مؤنث- ساس-
الخَاتُوْن- بیگم- معزز عورت کا لقب- ج خَوَاتِيْن (کلمہ عجمی ہے)
خَتَا يَخْتُوْ خَتْوًا- غم یا بیماری سے شکستہ دل ہونا- خَتَاه :روکنا-
اَخْتَى- المتاعَ :ایک ایک کرکے بیچنا-
اِخْتَتَى اِخْتِتَاءً- مرض یا غم کی وجہ سے شکستہ دل ہونا-
خَثَّثَ- الشّيئ :جمع کرنا اور درست کرنا-
اِخْتَثَّ- شرم کرنا-
الخُثُّ- سیلاب کا کوڑا کرکٹ- یا خشک شدہ کائی-
الخَثَّة و الخُثَّة- آگ سلگانے کیلئے چھوٹی چھوٹی لکڑیوں کا مٹھا-
خَثَرَ (ن) خَثْرًا و خُثُوْرًا و خَثَرَانًا و خَثِرَ (س) خَثَرًا و خَثُرَ (ک) و تَخَثَّرَ اللبنُ :گاڑھا ہونا- دہی بننا- صفت(خَاثِر)
خَثِرَت (ض) خَثْرًا- نفسُ الرجل : جی متلانا- مضطرب ہونا- کہا جاتا ہے "اِسْتَيْقَظَ فلانٌ خَاثِرَ النَّفْسِ" فلاں شخص بیدار ہوا اس حال میں کہ وہ سست تھا-
خَثِرَ (س)خَثَرًا- شرم کرنا-
خَثَّرَ و اَخْثَرَ-اللبنَ :گاڑھا کرنا-
اَخْثَرَ الزبدَ :مکھن کو بغیر پگھلائے ہوئے چھوڑ دینا- اور امثلہ عرب میں سے ہے "ما یدری اَيُخْثِر ام يُذِيْبُ" اس شخص کے حق میں بولتے ہیں جو متردد و متحیر ہو-
الخَاثِرَة- جماعت-
الخُثَار- دسترخوان کا باقی ماندہ-
الخُثَارَة- چیز کا باقی ماندہ حصہ- دودھ کا گاڑھا گاڑھا حصہ جو باقی رہ جائے- کہا جاتا ہے "ذَهَبَ صَفْوُهٗ و بَقِيَت خُثَارَتُهٗ" اس کا خالص حصہ ختم ہو گیا اور تلچھٹ باقی رہ گیا-
تَخَثْعَمَ- خون سے آلودہ ہونا-
الخَثْعَم و المُتَخَثْعِم- شیر-
الخَثْعَمَة- جانور کو ذبح کرنا اور اکٹھے ہو کر کھانا پھر اسی جانور کے خون میں خوشبو ملا کر ہاتھ ڈال کر آپس میں ایک دوسرے کی مدد کرنے کا معاہدہ کرنا-
الخَثْلَة و الخَثَلَة- مِنَ البطن : پیڑو- کہا جاتا

ہے "طَعَنَه فی خَثْلَةِ بَطْنِهٖ" اس نے اس کے پیڑو پر نیزہ مارا۔ ج خَثَلَات و خَثْلَات۔

الخَثْلَة۔ موٹی عورت۔

خَثِمَ (س) خَثَمًا۔ موٹی یا چوڑی ناک والا ہونا۔ صفت (خَثِم و اَخْثَم) خَثِمتْ اَخْلَافُ النَّاقَةِ: اُونٹنی کے تھن کا بند ہونا۔

خَثَمَ (ن) خَثْمًا۔ اَنْفَه: کچل دینا۔

خَثَّمَ۔ الشَّیْءَ: چوڑا کرنا۔

الخُثْمَة۔ ناک کی چوڑائی یا موٹائی۔

خَثَی (ض) خَثْیًا۔ البقر: گوبر کرنا۔

الخِثْی۔ گوبر۔

خَجَّهٗ (ن) خَجًّا۔ ہٹانا۔ دفع کرنا ___ الحطبَ: پھاڑنا۔ چیرنا ___ برجله: پاؤں سے خاک اُڑانا ___ بِسَلْحِه: پائخانہ کرنا۔ ساعدہ: گھٹا ہوا ہونا ___ المرأةَ: جماع کرنا۔

اِخْتَجَّ۔ الجملُ: پیچ کھاتے ہوئے تیز دوڑنا۔

ریح (خَجُوْج) تیز ہوا۔

خَجَأَ (ف) خَجْأً۔ الرَّجُلُ: چھپ کے گھر میں داخل ہونا ___ اللَّیْلُ: ___ ہ: مارنا۔ المرأةَ: جماع کرنا۔

خَجِیَ (س) خَجَأً۔ شرم کرنا۔ بیہودہ بکنا۔

اَخْجَأَهٗ۔ سوال میں اصرار کرنا۔

تَخَاجَأَ۔ دیر لگانا۔

الخُجَأَة۔ موٹا سست۔ بیوقوف۔

الخَجَر۔ کھانسی کی بدبو۔

الخَجِرُ۔ بہت کھانے والا۔ بزدل۔

الخَاجِر۔ دامن پہاڑ میں پانی بہنے کی آواز۔

الخَجْف و الخَجِیْف۔ اوچھاپن۔

خَجِلَ (س) خَجَلًا۔ شرم سے سرگشتہ و بے خود ہونا۔ صفت (خَجِل و خَجْلان) ___ الثوبُ: کپڑے کے نیچے کا حصہ پھٹنا اور کشادہ ہونا۔

___ النَّبَاتُ: بہت اور گنجان ہونا۔ صفت (خَجِل) ___ البعیرُ بالحِمْل: بوجھل ہونا ___ بِاَمْرِهٖ: مشتبہ ہونا ___ مِنْ کَذَا: رنج ہونا ___ فی طلب الرزق: ___ سست ہونا۔

خَجَّلَهٗ و اَخْجَلَهٗ۔ شرمندہ کرنا۔ و اَخْجَلَ النَّبَاتُ: لمبا و گنجان ہونا۔

الخَجَل۔ سم۔ شرم۔

خَجَی (ض) خَجْیًا۔ الترابَ برجله: پاؤں سے خاک اُڑانا۔

خَجِیَ (س) خَجًا۔ شرم کرنا۔

خَدَّ (ن) خَدًّا۔ فیه الضربُ: بدھی پڑنا ___ الارضَ: کھودنا۔

خَدَّدَ تَخْدِیْدًا۔ لَحْمُه: دُبلا ہو کر جھری پڑنا ___ لَحْمَه: دُبلا کرنا۔

خَادَّهٗ مُخَادَّةً۔ کام میں مزاحم ہونا۔

تَخَادَّا۔ ایک دوسرے کی مزاحمت کرنا۔

تَخَدَّدَ۔ لحمه: لاغری سے جھری دار ہونا ___ القومُ: فرقے فرقے ہونا۔

الخَدُّ۔ چھوٹی ندی۔ طریقہ۔ لمبا گڑھا۔ لوگوں کی جماعت۔ ج اَخِدَّة و خِدَاد و خِدَّان۔ الخَدُّ مِنَ الوجه: رخسارہ۔ ج خُدُوْد۔

الخُدَّة۔ لمبا گڑھا۔ ج خُدَد۔

الاُخْدُوْد۔ لمبا گڑھا۔ ج اَخَادِیْد۔ الاَخَادِیْد: کوڑے کے مارنے کے نشانات۔ اور اسی سے ہے اَخَادِیْدُ الاَرْشِیَةِ فی البئرِ: کنوئیں میں رسی کھینچنے کے نشانات۔

المِخَدَّة: چھوٹا تکیہ جس پر سوتے ہوئے رخسارہ رکھتے ہیں۔ سرہانہ۔ ہل کا پھار۔

المِخَدَّان۔ دونوں کچلیاں۔

خَدَبَ (ن) خَدْبًا۔ جھوٹ بولنا ___ ہ بالسَّیْفِ: تلوار سے مارنا۔

___ ہ الحَیَّةُ: ڈسنا۔

تَخَدَّبَ۔ درمیانی چال چلنا۔

الخَدَب۔ لمبائی۔ کہا جاتا ہے "فی لِسَانِهٖ خَدَبٌ" اس کی زبان میں اوچھاپن اور حماقت ہے۔

الخَدِب و الاَخْدَب۔ بیوقوف۔ لمبا۔ جلد باز۔ سیفٌ خَدِبٌ: تلوار قاطع۔

طَعْنَةٌ او ضَرْبَةٌ خَدِبَةٌ و خَدْبَاءُ: سخت یا کشادہ زخم والی نیزہ کی مار۔

الخُدُبَّة۔ لمبائی۔

الخَدَّاب۔ بڑا جھوٹا۔ دِرْعٌ (خَدْبَاءُ) کشادہ زرہ۔ الخَدْبَاء: ہر وہ جانور جو کٹ کھنا ہو۔

خَدَجَتْ (ن ض) خِدَاجًا و اَخْدَجَتْ الدابةُ: ناتمام بچہ گرا دینا۔ صفت (خَادِج و مُخْدِجٌ) و صفت مفعولی خَدِیْج و خَدُوْجٌ و مُخْدَج) اور خَدُوْج کی جمع خُدُوْج و خِدَاج و خَدَائِج۔ اَخْدَجَ الشیءَ: گھٹنا ___ صلوٰتہ: نماز میں کچھ کمی کر دینا۔

خَدَّجَتِ الناقةُ: ناتمام بچہ گرانا۔

الخِدَاج۔ نقصان۔

خَدِرَ (س) خَدَرًا۔ العضوُ: سُن ہونا ___ العینُ: خارش یا تنکا پڑ جانے کی وجہ سے آنکھ کا بھاری ہونا ___ الحَرُّ او البَرْدُ: سخت ہونا ___ النهارُ: ہوا بند اور تیز گرمی ہونا۔

خَدَرَ (ن) خَدْرًا۔ متحیر ہونا ___ الظبیُ: ریوڑ سے پیچھے رہ جانا ___ الاَسَدُ فی عرینه: ماند میں رہنا ___ بالمکانِ: اقامت کرنا (___ و خَدَّرَ و اَخْدَرَ) البنتَ: پردہ میں رکھنا خَدَّرَ و اَخْدَرَ العُضْوَ: سُن و بے حس کر دینا۔ اَخْدَرَ بالمکان: اقامت کرنا ___ مع اهله: اپنے لوگوں کے ساتھ قیام کرنا ___ الاسدُ: جھاڑی میں رہنا ___ الاسدَ عرینه: کچھار کا شیر کو چھپا لینا۔

تَخَدَّرَ و اِخْتَدَرَ۔ چھپنا۔

الخَادِر۔ سست کاہل۔ حیران۔

الخِدْر۔ پردہ جو لڑکی کے لیے مکان کے گوشہ میں لگا دیا جائے۔ لڑکی کیلئے مکان کا مخصوص حصہ۔ شیر کی جھاڑی۔ رات کی تاریکی ج اَخْدَار و خُدُوْر۔ جج اَخَادِیْر۔

الخَدَر۔ عضو کی بے حسی۔ کاہلی، سستی۔ تاریکی۔ اندھیری جگہ۔

الخَدِر۔ بے حس عضو والا۔ لَیْلٌ خَدِرٌ: تاریک رات۔ مکانٌ خَدِرٌ: پوشیدہ اندھیری جگہ۔ نهارٌ خَدِرٌ: نمناک دن۔

الخَدَر۔ شیر کی جھاڑی۔

الخُدْرَة۔ سخت تاریکی۔

الاَخْدَر و الخُدَارِیُّ۔ تاریک رات

الخُدَارِیُّ: کالا اونٹ۔

الخُدَارِیَّة۔ عقاب۔

الأَخدَرُ والخُدرِيُّ والأَخدَرِيُّ۔ ایک قسم کا جنگلی گدھا۔
هَوْدَجٌ (مَخْدُوْر) پردہ پڑا ہوا ہودہ۔
الخَدَرْنَى۔ مکڑی۔
الخَدَرْنَق۔ نر مکڑی۔ اور بقول بعض بڑی مکڑی۔ ج خَدَارِن۔
خَدَشَهٗ (ض) خَدْشًا و خَدَّشَه۔ خراش لگانا۔ ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔ عیب لگانا۔
الخَدْش۔ مص۔ خراش۔ ج خُدُوْش و خِداش واخداش۔
الخَدُوش۔ بہت خراش لگانے والا۔ پسو۔ مکھی۔
المُخَادِش والمُخَدِّش۔ بلی۔
المُخَدَّش۔ انسان کی گردن میں کٹنے کی جگہ۔
خَدَعَه (ف) خِدْعًا و خَدْعًا۔ دھوکا دینا۔ فریب دینا ___ الضَبُّ فی جُحرہ: داخل ہونا ___ المطرُ: کم ہونا ___ الرَّجُلُ: کم مال والا ہونا۔ داد ودہش سے رُکنا ___ السوق: بازار کا ماند پڑنا۔ رائج ہونا (ضد) ___ الامورُ: مختلف ہو جانا ___ الشمسُ: غائب ہونا ___ الطریقُ: غیر معلوم ہونا۔
___ الشئُ: خراب ہونا ___ الثوبَ: موڑنا۔
___ الرجلَ: اخدع رگ کاٹ دینا۔
اَخْدَعَه۔ دغا بازی پر اُکسانا ___ الشَّئَ: چھپانا پوشیدہ کرنا۔
خَادَعَهٗ مُخَادَعَةً و خِدَاعًا و اِخْتَدَعَهٗ و تَخَدَّعَهٗ۔ دھوکا دینا۔ خَادَعَ العینَ: دیکھی ہوئی چیز میں شک ڈالنا۔ تَخَدَّعَ لَهٗ: بتکلف مدد کرنا۔
تَخَادَعَ۔ فریب خوردہ ظاہر کرنا ___ القومُ: ایک دوسرے کو فریب دینا۔
اِنْخَدَعَ۔ فریب خوردہ ہونا۔ دھوکے پر راضی ہونا ___ بِهٖ: دھوکا کھا جانا ___ السوقُ: بازار کا ماند پڑ جانا۔
الخَدِیْعَة۔ ج خَدَائِع و (الخُدْعَة والخِدَاع) فریب۔ دھوکا۔ مکروحیلہ۔
الخُدْعَة۔ لوگوں کو دھوکا دینے والا۔

الخُدَعَة و الخَدَّاع و الخَیْدَع۔ بہت دھوکا دینے والا۔ سَنَةٌ خَدَّاعَةٌ: کم پیداوار والا سال۔
الخَادِع۔ فا۔ طَرِیقٌ خَادِعٌ۔ راستہ جو کبھی ظاہر ہو اور کبھی پوشیدہ ہو جائے۔ دینار خَادِعٌ: کھوٹا دینا۔
الخَادِعَة۔ مؤنث۔ بڑے دروازہ میں چھوٹا دروازہ۔ مکان کے اندر کوٹھری۔
الأَخْدَع۔ اسم تفضیل۔ الأَخْدَعَان: گردن کی دونوں پہلوؤں پر دو پوشیدہ رگوں کا نام اور کہا جاتا ہے "لَأُقِیْمَنَّ أَخْدَاعَیْكَ" میں تمہارے تکبر کو دور کردوں گا۔ و "فلانٌ شَدِیْدُ الأَخْدَعِ" فلاں بڑا گردن کش ہے۔ ج أَخَادِع۔
الخَیْدَع۔ وہ شخص جس کی دوستی پر بھروسہ نہ کیا جائے۔ راستہ جو مقصد کے مخالف ہو۔ چمکتی ہوئی ریت۔ فریب دینے والا بھیڑیا۔
الخَدُوْع۔ بہت فریب دینے والا۔
طَرِیقٌ خَدُوْعٌ: راستہ جو کبھی ظاہر اور کبھی پوشیدہ ہو جائے۔ ج خُدُعٌ۔
المِخْدَع والمُخْدَع والمَخْدَع۔ کوٹھری جو بڑے کمرہ کے اندر ہو۔ ج مَخَادِع۔
المُخَدَّع۔ تجربہ کار جو بار بار دھوکا کھا چکا ہو۔
الخَدْعُوْنَة۔ کدو کا ٹکڑا۔
خَدَفَ (ض) خَدْفًا۔ تیز چلنا۔
خَدَفَتِ السَّماءُ بالثلج: برف گرانا ___ (و اِخْتَدَفَ) الشَّئَ: اُچک لینا۔
الخَدْف۔ مص۔ کشتی کا پتوار۔
الخَدَافِر۔ پرانے کپڑے۔
خَدْفَلَ: پرانا کرتا پہننا۔
الخَدَافِل۔ پرانے کپڑے (اس کا واحد نہیں)
خَدِلَتْ (س) خَدَلًا و خَدَالَةً و خُدُوْلَةً۔ السَّاقُ: پرگوشت ہونا۔
سَاقٌ خَدْلَةٌ۔ پرگوشت پنڈلی۔
خَدَمَه (ض ن) خِدْمَةً و خَدْمَةً۔ خدمت کرنا۔ صفت (خادم) ج خُدَّام و خَدَم۔ مؤنث خادِم و خادِمَة۔
اَخْدَمَهٗ۔ خادم دینا۔
خَدَّمَ۔ الرَّجُلُ امرأتَهٗ: پازیب پہنانا۔
تَخَدَّمَهٗ۔ خدمت لینا۔ خادم بنانا۔

اِخْتَدَمَ۔ اپنی خدمت کرنا ___ ہ: خادم مانگنا۔ خادم بنانا۔
اِسْتَخْدَمَهٗ۔ خادم بنانا ___ الرجلَ: خادم مانگنا۔
الخَدْمَة۔ وقت خواہ دن کا ہو یا رات کا۔
الخَدَمَة۔ پازیب۔ پنڈلی۔ لوگوں کا حلقہ۔ کہا جاتا ہے۔ "فَضَّ اللّٰهُ خَدَمَتَهُم" اللہ ان کی جماعت کو متفرق کردے۔
(___ والخِدَمَة) حلقہ کی مانند مضبوط چمڑے کا موٹا تسمہ جس کو اُونٹ کے گٹے پر باندھا جاتا ہے۔ ج خَدَم و خِدَام و خَدَمات۔
الخَادِمِیَّة۔ نوکری۔
المَخْدُوْمِیَّة۔ آقائی۔
الخَدَّام۔ نوکر۔
الخَدِیْم۔ نوکر۔ غلام۔
الأَخْدَم۔ گھوڑا جس کے پیر کی سفیدی کم ہو کر کھر کے کچھ اوپر گول سا ہو۔ مؤنث خَدْماء۔
الخدماء: بکری جس کی ایک ٹانگ سفید اور باقی سیاہ ہوں۔
المَخْدُوْم۔ مف آقا۔ مولیٰ۔ کِتَابٌ مَخْدُوْمٌ: وہ کتاب جس کی بکثرت شروح وحواشی ہوں۔
المُخَدَّم والمُخَدَّمَة۔ پازیب پہننے کی جگہ۔ تسمہ۔ عورت کے پاجامہ میں نیچے باندھنے کا دھاگا۔ قوم مُخَدَّمُوْن: بہت نوکر چاکر والے لوگ۔
خَادَنَهٗ مُخَادَنَةً۔ دوستی کرنا۔ ساتھی بننا۔
الخِدْن۔ دوست۔ یار، ساتھی (مذکر و مؤنث) ج أَخْدَان۔
الخَدِیْن۔ دوست، یار، ساتھی۔
الخُدَنَة۔ لوگوں سے بہت دوستی کرنے والا۔
خَدَى۔ (ض) خَدْیًا و خَدَیَانًا۔ الفرسُ ام البعیرُ: تیز دوڑنا۔
اَخْدَى اِخْدَاءً۔ آہستہ آہستہ چلنا۔
الخَدَا۔ کیڑا جو گوبر میں سے نکلتا ہے۔ واحد (خَدَاۃ)
الخَدِیْوِیُّ۔ عزیز مصر کا لقب۔ فارسی لفظ ہے بمعنی بادشاہ۔ وزیر۔ سردار۔
خَدَأَ و خَدِیَ (س) خَدْأً و خُدُوْءً او خَدَاءَةً

واستخذأ لہ: فروتنی کرنا۔ تابعدار رہنا۔
اَخذاہ۔ ذلیل کرنا۔ تابع بنانا۔
الخذأ۔ نفس کی کمزوری۔
خذّ (ن) خذیذا۔ الجرحُ: پیپ بہنا۔
الخُذرۃ۔ پھرکی۔
خذرف۔ جلدی چلنا ___ ہٗ بالسیف: جسم کے اطراف کاٹنا ___ الاناءَ: بھرنا۔
تجذرفتہ۔ النویٰ: پھینک دینا۔ تخذرف الثوبُ: پھٹنا۔
الخُذروف۔ تیز چلنے والا۔ پھرکی۔ اس کو خرّارہ بھی کہتے ہیں۔ اونٹوں کا گلہ۔ اونٹ جو گلہ سے علیحدہ ہو گیا ہو۔ "ترکت السیوف راسہ خذاریف" تلواروں نے اس کے سر کو ٹکڑے کر دیا۔ رجلٌ (مُتخذرف) اچھے اخلاق والا مرد۔
خذعَ (ف) خذعا وخذّعَ۔ اللحمَ او القرعَ: بغیر جدا کئے ہوئے قاشیں تراشنا۔
تخذّعَ۔ کٹنا۔ کہا جاتا ہے "ذھبوا خِذعَ مِذعَ" لوگ متفرق ہو کر چلے گئے۔
الخذعۃ۔ زمین وغیرہ کا ٹکڑا۔
الخذیعۃ۔ ایک قسم کا کھانا جو قیمہ سے تیار کیا جاتا ہے۔
المِخذعۃ۔ چھری۔
الخیذع۔ عیب۔
خذعبَ و خذعلَ۔ البطیخ و نحوہ: پھانکیں کرنا۔
الخُذعوبۃ والخُذعولۃ۔ پھانک۔ قاش۔
خذفَ (ض) خذفا۔ بالحصاۃ و نحوھا: انگلیوں سے پھینکنا۔ گوپھن سے پھینکنا۔
تخاذفت۔ عیناہ بالدموع: جلدی آنسو بہانا۔
الخذّافۃ۔ ڈبر۔
المِخذفۃ۔ گوپھن۔ غلیل۔
الخذوف۔ مِنَ الدّوابّ: تیز رفتار جانور جو دوڑنے میں کنکری اُڑائے، جو چلنے میں پیروں کو پیٹ تک اُٹھائے۔ ج خُذُف۔
الخذفان۔ تیز رفتاری۔
خذقَ (ن ض) خذقا۔ الدابۃ: تیز چلنے کیلئے چھونا ___ البازی: بیٹ کرنا۔
الخذق۔ گوبر۔ لید۔
خذلَ (ن) خذلا و خذلانا و خِذلانا۔ فلانا و عنہ: مدد چھوڑنا۔ صفت (خاذل) ج خُذّال۔ صفت مفعولی (مخذول) ج مخاذیل۔ خذلت الظبیۃ: ریوڑ سے علیحدہ ہو جانا۔ صفت (خاذل و خذول)
(خذّل عنہ اصحابہ: مدد چھوڑنے پر اُکسانا۔ ___ ہ پسپائی اور ترک جنگ پر آمادہ کرنا۔
خاذلہ مخاذلۃ۔ مدد چھوڑنا۔
تخاذلَ۔ القومُ: باہم مدد چھوڑنا۔ رِجلاہ: ٹانگوں کا کمزور ہونا۔
الخذّال۔ زیادہ مدد چھوڑنے والا۔
الخُذَلۃ۔ وہ شخص جس کی مدد ہمیشہ چھوڑ دی جائے۔
الخذول۔ بہت مدد چھوڑنے والا۔
رجلٌ خذول الرجل: وہ مرد جس کی ٹانگوں نے کمزوری یا کسی آفت یا نشہ کی وجہ سے جواب دے دیا ہو۔
خذمَ (ض) خذما و خذّمَ۔ الشیءَ: جلدی سے کاٹنا۔
خذِمَ (س) خذما۔ نشہ میں ہونا۔ صفت (خذِیم) کٹنا۔
خذِم (س) خذما۔ تیز چلنا۔ ٹکڑے ٹکڑے ہونا۔
اَخذمَ۔ ذلت کا اقرار کرنا ___ ہ الشرابُ: مست کر دینا۔
تخذّمَ۔ الشیءُ: ٹکڑے ٹکڑے ہونا۔ الشیءَ: تکلف سے کاٹنا۔
اِختذمَ۔ قاطع ہونا ___ الشیءَ: کاٹنا۔
الخذوم ج خُذُم و (الخذِم والمِخذم والمُخذّم) ___ مِنَ السیوف: کاٹنے والی تلوار۔
الخُذامۃ۔ چیز کا ٹکڑا۔
المِخذم۔ کاٹنے کا اوزار۔
خذا (ن) خذوا و خذِیَ (س) خذیً ڈھیلا ہونا ___ لحمُہ: گٹھا ہونا ___ الاذنُ: لٹکتا ہوا ہونا۔
اِستخذیٰ۔ تابعدار رہنا۔ فرمانبردار رہنا۔
الاَخذیٰ۔ ڈھیلے کان والا۔ اذنٌ (خذواء) لٹکے ہوئے کان۔
خرّ (ن ض) خریرا۔ الماءُ او الریحُ: پانی کے بہنے اور ہوا کے چلنے میں آواز ہونا۔ صفت (خرّار) النائمُ: خراٹے لینا۔
خرّ (ن ض) خرّا و خُرورا۔ اوپر سے نیچے گرنا خرّ لِلّٰہ ساجدا۔ سجدہ میں گر پڑنا ___ لِوجھہ گرنا ___ الرجلُ: مرنا ___ علیہ: غیر معلوم جگہ سے اچانک آپڑنا۔
اَخرّہٗ اِخرارا۔ گرانا۔ کہا جاتا ہے "ضربہٗ بالسیف فاخرّہٗ" اس نے اسے تلوار مار کر گرا دیا۔
اِنخرّ۔ ڈھیلا ہونا۔
الخُرّ۔ کان کی جڑ۔ زمین کا وہ حصہ جس میں سیلاب شگاف ڈال دے۔ ج خِرَرۃ
(___ والخُرّیّ) چکی کا سوراخ۔
الخرور۔ بلی کی آواز۔ جگہ جس میں پانی اور گڑھے ہوں۔
الخریر۔ مہ۔ سونے والے کا خراٹا۔ دو ٹیلوں کے درمیان پست جگہ۔ ج اَخِرّۃ۔
الخرّار۔ بہت خراٹے لینے والا۔ مؤنث خرّارۃ۔ الخرّارۃ: پھرکی۔
خرِئَ (س) خرأ و خِراءۃ و خراءۃ و خُروءا۔ پاخانہ کرنا۔ بیٹ کرنا۔ کہا جاتا ہے "خرئت بینھم الضبعُ" یعنی ان کے درمیان دشمنی ہو گئی۔
الخُرء۔ ج خُروء و (الخِراء) پلیدی۔ پاخانہ۔ بیٹ۔
المَخرأۃ والمَخرُأۃ والمِخرأۃ۔ پاخانہ کی جگہ۔ ج مخاری۔
خرِبَ (س) خربا و خرابا۔ البیتُ: اُجاڑ ہونا۔ صفت (خرِب) مؤنث خرِبۃ۔ (___ خربا) الرجلُ: پھٹے ہوئے یا چھدے ہوئے کان والا ہونا۔ صفت (اَخرب) مؤنث خرباء۔ ج خُرب۔
خربہٗ (ض) خربا۔ ڈھانا۔ ہلاک کرنا۔ پھاڑنا۔ سوراخ کرنا۔

خَرِبَ (س) خِرَابَةً و خَرَابَةً و خَرَبًا و خُرُوْبًا۔ چور ہونا۔ صفت (خَارِب) ج خُرَّاب۔
خَرَّبَ۔ البَيْتَ : ویران کرنا۔ ڈھانا ـــــ المزادةَ :سوراخ کرنا۔
اَخْرَبَ۔ البیتَ : غیر آباد کرنا ـــــ المکانُ :خالی ہونا۔
تَخَرَّبَ۔ الدُّوْدَةُ الشجرةَ :سوراخ کرنا۔
اِسْتَخْرَبَ۔ الرَّجُلُ :مصیبت سے شکستہ دل ہونا ـــــ اِلَيْهِ :مشتاق ہونا ـــــ السِّقَاءُ : سوراخ دار ہونا۔
الخَرِب۔ ویران جگہ۔ پہاڑ کا باہر کو نکلا ہوا کنارہ۔ بزدل۔ کہا جاتا ہے "هو خَرِبُ العِظامِ" یعنی اس کی ہڈیوں میں گودا نہیں ہے۔ "وهُوَ خَرِبُ الجَوْفِ" یعنی وہ خالی پیٹ بھوکا ہے۔ "وهُوَ خَرِبُ الاَمَانَةِ" یعنی وہ امانت دار نہیں ہے۔ رجلٌ (خِرِبّان) بزدل مرد۔
الخُرْب و الخُرَابَة و الخُرْبَة۔ سرین کا گڑھا۔ سوئی کا ناکہ اور بقول بعض ہر گول سوراخ جیسے کان کا سوراخ۔ ج خُرَب و اَخْرَاب و خُرُوْب۔
الخُرْب و الخَرْبَة و الخُرْبَة۔ چرواہے کا تھیلا۔ دین کی خرابی۔
الخَرْبَة۔ چغلی۔ عیب۔ لغزش۔ باعث شرم چیز۔ دینی خرابی۔ کہا جاتا ہے "هو صَاحِبُ خَرْبَةٍ" یعنی اس کے دین میں خرابی ہے اور اسی سے ہے "لحى الله ادنانا الى كل خَرْبَةٍ" اللہ تعالیٰ لعنت کرے کہ اس نے ہم کو دین کی ہر خرابی کے قریب کر دیا۔ "وما رَاَيْنَا مِنْ فلانٍ خَرْبَةً فى دِيْنِهٖ" ہم نے فلاں کے دین میں کوئی خرابی نہیں دیکھی۔ ج خَرَبات۔
الخِرْبَة و الخَرِبَة۔ ویران جگہ۔ ج خَرِبات و خِرَب و خَرِب و خَرَائِب الخِرْبَة : چور کی نیت۔
الخَرَاب۔ ویران۔ ج اَخْرِبَة و خِرَاب۔
خُرْبَة و خُرَابَة۔ الاِبْرَة :سوئی کا ناکہ۔
الخَرُّوْب و الخَرْنُوْب۔ ایک درخت کا نام واحد خَرُّوْبَة و خَرْنُوْبَة۔
التَّخَارِيْب۔ بھڑوں کے چھتے کے سوراخ۔ شہد کے چھتے کے سوراخ جس میں مکھیاں شہد جمع کرتی ہیں۔ اس کا مفرد تَخْرُوْب ہے (صحیح نخاریب بالنون ہے)

الخُرْبِد۔ کھٹا جما ہوا دودھ۔
الخِرْبِز۔ خربوزہ۔
ارض (خَرَبْسِيْس) سخت زمین۔ کہا جاتا ہے "هو ما يَمْلِكُ خَرَبْسِيْسًا" وہ کسی چیز کا مالک نہیں۔
خَرْبَشَ خَرْبَشَةً الكتابَ او العملَ بگاڑنا۔
خَرَابِيْش۔ الخطِ : تحریر جو بگاڑی گئی ہو۔
خَرْبَصَ۔ الاشياءَ۔ الگ الگ کرنا ـــــ المالَ :لے کر چپت ہو جانا۔
الخَرْبَصَة۔ جوان پر گوشت عورت۔
خَرْبَقَ۔ چلنے میں جلدی کرنا ـــــ الشَّيْءَ : ٹکڑے ٹکڑے کرنا ـــــ العملَ بگاڑنا۔ الثوبَ : پھاڑنا ـــــ النبتُ :ایک دوسرے سے متصل ہونا۔
الخَرْبَق۔ ایک قسم کی گھاس جس کی پتیاں بارتنگ کے مشابہ ہوتی ہے اور دو قسم کی ہوتی ہیں سیاہ و سفید۔
اِخْرَنْبَقَ۔ سر جھکانا۔ زمین سے چمٹنا۔
خَرَتَ (ن) خَرْتًا۔ الاُذُنَ :سوراخ کرنا ـــــ الارضَ :راستوں سے واقف ہونا۔
خَرِتَ (س) خَرَتًا۔ ہوشیار راہبر ہونا۔
الخَرْت و الخُرْت۔ سوئی وغیرہ کا سوراخ۔ کہا جاتا ہے "اَضْيَقُ مِنْ خَرْتِ الاِبْرَةِ" و "اِجْعَلِ العُوْدَ فى خَرْتِ الفَاسِ" سینہ کے نزدیک ایک چھوٹی ہڈی۔ ج اَخْرَات و خُرُوْت ذِئْبٌ خُرْت : تیز بھیڑیا۔
الخِرِّيْت۔ ماہر راہبر جو جنگل و بیابان کے مخفی راستوں سے بھی واقف ہو۔ ج خَرَارِيْت و خَرَارِت۔
المَخْرَت۔ واضح راستہ۔
المَخْرُوْت۔ مذ۔ پھٹے ہوئے کان یا ناک یا ہونٹ والا۔
الخَرْثَاء۔ بڑی کوکھ والی اور ڈھیلے گوشت والی عورت۔
الخُرْفَاء۔ سرخ چیونٹی۔
الخُرْثِيّ۔ ردی و گھٹیا سامان۔ خُرْثِيُّ الكلام : بے فائدہ گفتگو۔

الخَرْثَمَة۔ جوتے کی نوک۔
خَرَجَ (ن) خُرُوْجًا و مَخْرَجًا۔ مِن موضعه : نکلنا ـــــ فى العِلم : فائق ہونا ـــــ بِهٖ : نکالنا ـــــ عليه : جنگ کیلئے نکلنا ـــــ الرَّعِيَّةُ على المَلِكِ : سرکشی و بغاوت کرنا ـــــ الى فلان مِن دَيْنِهٖ :ادا کر دینا۔
خَرَّجَهٗ۔ مِنَ المکانِ : نکالنا ـــــ الارضَ : خراج مقرر کرنا ـــــ المسئلةَ : مسئلہ کی توجیہ کرنا۔
الولدَ فى الاَدَبِ : مہذب و تجربہ کار بنانا ـــــ العملَ : ایک دوسرے کے مخالف مختلف قسم کے کر دینا۔ الغلامُ اللوحَ :کچھ لکھنا اور کچھ چھوڑ دینا ـــــ الرَّاعِيَةُ المرتعَ :کچھ چرنا کچھ چھوڑ دینا۔
اَخْرَجَ۔ الشَّيْءَ : نکالنا ـــــ الرجلُ : خراج ادا کرنا ـــــ الرَّاعِيَةُ المرتعَ :کچھ چرنا کچھ چھوڑ دینا۔
خَارَجَ۔ السَّيِّدُ عَبْدَهٗ : ہر مہینہ رقم معین کی ادائیگی کا معاملہ کرنا۔
تَخَارَجَ۔ الشُّرَكَاءُ : آپس میں تقسیم کرنا۔
تَخَرَّجَ۔ الوَلَدُ فى الاَدَبِ : تربیت یافتہ ہونا۔ صفت مُتَخَرِّج۔
اِخْتَرَجَ۔ الشَّيْءَ : نکالنا۔ استنباط کرنا۔ ایجاد کرنا ـــــ فلانًا : نکلنے کو کہنا۔
اِخْرَجَّ و اِخْرَاجَّ۔ الحيوانُ : سیاہ و سفید رنگ والا ہونا۔ صفت (اَخْرَج) مؤنث خَرْجَاءُ۔
اِسْتَخْرَجَ۔ الشَّيْءَ : استنباط کرنا ـــــ ہ : نکلوانا ـــــ المسئلةَ : حل کرنا ـــــ اُسْتُخْرِجَتِ الارضُ : کھیتی کے قابل ہونا۔
الخَرْج۔ خراج۔ بعضوں کے نزدیک خَرْج اور خِرَاج میں فرق ہے۔ خرج وہ ہے جو انسان کے عوض میں ہو اور خراج عام ہے۔ خرج۔ اوّل اوّل گھرتے وقت کا بادل۔ ج اَخْرَاج۔
الخَرْجَة۔ خروج کا اسم مرة۔ جھروکا۔
الخُرْج۔ خرجی۔ ج خِرَجَة۔

الخُرَاج- مثلثة الخاء : زمین کا محصول- جزیہ-ج اَخرَاج واَخرِجَة وجج آخارِیج-

الخُرَاج- پھوڑا پھنسی- واحد (خُرَاجَة) ج خُرَاجَات-

خَرَّاج ولَاَّج وخُرَجَة وُلَجَة: بہت نکلنے والا-بہت داخل ہونے والا- بڑاہوشیار-حیلہ گر-

الخَارِج- ہرچیز کاظاہر-نکلنے والا-

الخَارِجَة- الخارج کا مؤنث - ج خَارِجَات و خَوَارِج-الخَوَارِج :باغی لوگ- جماعت سے نکلے ہوئے لوگ-

الخَارِجِيّ- بیرونی- وہ شخص جو بذات خود سرداری حاصل کرے بغیراس کے کہ پہلے سے اس کے خاندان میں سرداری ہو یاایسا شخص جو دلیراور باپ اس کا بزدل ہو اور اسی طرح اس گھوڑے کو بھی کہا جاتا ہے جو سابق ہو جائے اور اس کے ماں باپ ایسے نہ ہوں- بادشاہ کا باغی- جماعت کا مخالف-مذہب خوارج کا معتقد-

الخَارِجِيَّة-الخارجی کا مؤنث-وہ منصب جس کے تعلقات دوسری حکومتوں سے ہوں-

المُخَرَّج والخِرِّيج والمُتَخَرِّج- تربیت یافتہ-

الخُرُوج- مہ- یوم الخروج- عید کادن- قیامت کادن-

المَخرَج-مہ-نکلنے کی جگہ-پائخانہ کامقام-ج مَخَارِج- والمَخرج عند القُرَاء والصرفیین :مُنہ سے حروف نکلنے کی جگہ-

المُخرَج-مفہ نکلنے کی جگہ-

خَرخَرَ-النَائم :خراٹے لینا ___ النمرُ او السنَّوْرُ :آواز کرنا-

تَخَرخَرَ- بطنُهُ : بڑے ہونے کی وجہ سے پیٹ کاہلنا-

الخَرخَر-پانی بہنے یاہوا چلنے کی آواز-

الخَرخَار- کثرت سے بہتاہواپانی-

خَرِدَت(س)خَرَدًا و تَخَرَّدَت-الجَارِيَةُ : باکرہ ہونا-دوشیزہ ہونا-

خرِدَ و اَخرَدَ-الرَجُلُ :زیادہ خاموش رہنے والاہونا-کم گفتگو ہونا-ذلت کی وجہ سے شرم کرنا-

اَخرَدَالی اللَّهْوِ :مائل ہونا-

الخَرِيد والخَرِيدَة والخَرُود- باکرہ دوشیزہ- شرمیلی- زیادہ خاموش رہنے والی لڑکی- ج خَرَائِد و خُرُد و خُرَّد- صوتٌ خَرِيدٌ :نرم آواز جس میں شرم وحیا کی آمیزش ہو-لؤلؤةٌ خرِيدٌ :ناسفتہ موتی-

الخَرِيدَة- ناسفتہ موتی- ج خَرَائِد و خُرُد و خُرَّد-

الخُردَة- معمولی اسباب تجارت-

الخُردَجِی- خردہ بیچنے والا- معمولی تاجر- بساطی-

الخُردَاذِی- شراب-

خَردَق- العمل :بگاڑنا- کلمہ عامیہ ہے- فصیح خَربَق ہے-

الخُردُق-چرہ ج خَرَادِق(دخیل)

خَردَل- الطعام : اچھا حصہ کھانا ___ اللحمَ :چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کاٹنا-

الخَرَادِل-گوشت کے ٹکڑے-

لحمٌ(خَرَادِيلُ) ٹکڑے ٹکڑے کیاہواگوشت-

الخَردَل- رائی-واحد(خردلة)

خَرَزَ(ن ض)خَرزًا-الجلدَ :ستالی سے سینا-

خَرِزَ(س)خَرَزًا- کمزوری کے بعد مضبوط کرنا-

الخَرَز- پوتھ جس کو لڑی میں پرولیاجائے- شیشہ کے چھدے ہوئے دانے' پتھر کے نگ واحد (خَرزة) خَرزَة الظهر : ریڑھ کی ہڈی کے منکے-

خَرَزات الملک :شاہی تاج کے جواہر-

الخُرزَة- سوراخ اوراس کاوھاگا-ج-خُرَز-

الخِرَازَة- موچی کاپیشہ-

الخَرَّاز-موچی-

طائر (مُخَرَّزٌ) پرندہ جس کے بازوؤں پر نقطے ہوں-

المِخرَز- ستالی-ج مَخَارِز-

خَرِسَ (س) خَرَسًا- گونگا ہونا- خَرَسًا : مٹکے سے پینا-

اَخرسَهُ اللّٰهُ : گونگا کرنا- اَخرَسَتِ الاَرضُ واستَخرَسَت :ناقابل زراعت ہونا-

خَرَّسَ-علی النفساء :زچہ کو اس کی خوراک کھلانا-

تَخَارَسَ-گونگا بننا-

تَخَرَّسَت- النفساءُ :زچہ کو اپنے لئے کھانا تیار کرنا- اور اسی سے مثل ہے "تَخَرَّسِی یا نفس لا مُخَرِّسَة لكِ" یعنی تو اپنا کام خود ہی کر کوئی اور کرنے والا نہیں-

الخُرس والخِرَاس- بچہ کی پیدائش کاکھانا-

الخُرسَة والتَخرِسَة- زچہ کا کھانا-اچھوانی-

الخَرس والخِرس- مٹکا- ج خُرُوس

الخِرس :ناقابل زراعت زمین-

الخَرَّاس- مٹکابنانے والایابیچنے والا-

الخَرُوس-زچہ کہ جس کے لئے اچھوانی تیار کی جائے-

الاَخرَس- گونگا- ج خُرس و خُرسَان و اَخَارِس مؤنث خرساء-لَبَن اَخرَس :جماہوا دودھ کہا جاتا ہے- "ولّانی عُرْضًا اَخرَسَ اَمرَسَ" یعنی اس نے مجھ سے منہ پھیرلیا اور گفتگو نہیں کی-

الخَرسَاء- مصیبت- بغیر گرج و چمک کے بادل- رجل(خَرِس) رات کو نہ سونے والا مرد-

خَرَشَهُ (ض) خَرشًا و خَرَّشَهُ و خَارَشَهُ مُخَارَشَةً و خِرَاشًا و اِختَرَشَهُ- خراش لگانا ___ ه الذبابُ : کاٹنا- خَرَشَ و خَرَّشَ الغصنَ :ٹہنی کو ڈنڈے سے کھینچنا-

خارَشَ الکلبُ : برانگیختہ کرنا- خَرَشَ و اِختَرَشَ لِعِيَالِهِ :بال بچوں کے لئے کمائی کرنا-

اِختَرَشَتِ الجِرَاءُ :ایک دوسرے پر حملہ کرنا- خَارَشه الشَّیءَ و اِختَرش منه الشَّیءَ : زبردستی لے لینا-

تَخَارَشَت- الکلابُ : ایک دوسرے پر حملہ کرنا اور نوچنا-

الخَرَش- مکھی- واحد (خَرَشَة) گھر کا روی سامان-ج خُرُوش-

الخُرَاشَة- برادہ-

الخِرشَاء- سانپ کی کینچلی- انڈے کا چھلکا- غبار- خِرشَاء العَسَلِ :موم- شہد کہ جس میں مُردہ کھیاں پڑی ہوں- ج خَرَاشِی-

المِخرَش والمِخرَاش- مڑے ہوئے سر کا ڈنڈا- عوام اس کو بَعکُوزَة کہتے ہیں-

خَرْشَبَ-العملَ :کام کواچھی طرح نہ کرنا-
الخَرْشَعَة-پہاڑ کی چھوٹی چوٹی-ج خَرْشَع و خَرَاشِع-
الخَرْشَفَة-گفتگو کی گڑبڑی-حرکت-
____ (والخِرشاف) سخت زمین کہ جس میں چلنا دشوار ہو-
الخُرْشُوف-ایک قسم کی نباتات-
الخَرْشُوْم-وادی یا ہموار زمین پر نکلی ہوئی پہاڑ کی نوک-بڑا پہاڑ-ج خَرَاشِیْم-
خَرَصَ (ن ض) خَرْصًا- جھوٹ بولنا- فی الامر :اٹکل سے کہنا-قیاس کرنا-اندازہ کرنا-کہا جاتا ہے"خَرَصَ النخلةَ"اس نے درخت خرما کے پھلوں کا اٹکل سے اندازہ کیا-
خَرَصَ(ن)خِرَاصَةً-الشّئَ :درست کرنا-
خَرِصَ (س) خَرَصًا- بھوک و سردی والا ہونا-صفت(خَرِصٌ وخارِص)
تَخَرَّصَ و اِخْتَرَصَ- تہمت لگانا- جھوٹ بولنا-توشہ دان میں رکھنا-
الخَرْص- اندازہ- تم کہتے ہو"کم خرص ارضک" تمہاری زمین کا کیا اندازہ ہے-توشہ دان-چھوٹا نیزہ-بھالا-مٹکا-ٹوکری-
الخِرْص والخُرْص- ج خِرْصَان و خُرْصَان-سونے چاندی وغیرہ کا حلقہ ____ ج خِراص واَخراص :درخت خرما کی شاخ-
الخُرْص والخُرُص والخُرَص-شہد نکالنے کی لکڑی-ج اخراص-
الخُرْصَة-حصہ-زچہ کا کھانا-
الخَرِیْص-ٹھنڈا پانی-درختوں کی جڑوں میں جمع شدہ پانی-نہر کی ایک جانب-
الخَرَّاص-جھوٹا-
المِخْرَص-نیزہ-ج مَخارِص-
خَرَطَ(ن ض)خَرْطًا-الوَرَقَ :ہاتھ سے مار کر پتے جھاڑنا ____ العنقودَ :انگور کے گچھے کو منہ میں رکھ کر بغیر دانہ کے نکالنا ____ الشجرَةَ : کھینچ کر پتے جھاڑنا ____ العُوْدَ: خراد سے ہموار کرنا ____ الحدیدَ: عمود کی مانند لمبا کرنا- الجَوَاهِرَ: تھیلے میں جمع کرنا ____ البَازِیَ :شکار پر چھوڑنا ____ الرجلَ: فی الامرِ :کسی کام میں لگانا ____ الرَّجُلُ :جھوٹ بولنا ____ الدَّلْوَفی البئر :لٹکانا ____ الابلَ فی الرعی : چرنے کے لئے چھوڑنا ____ جَارِیَتَهُ : جماع کرنا ____ بِاسْتِهٖ : گوز کرنا ____ عبدَه علی النّاس :ایذارسانی کیلئے مقرر کرنا-
خَرَطَهُ(ن)وخَرَّطَهُ-الدواءُ :اسہال لانا-
خَرِطَت(س) خَرَطًا و اَخْرَطَت-الشاةُ او النَاقَةُ :بکری یا اونٹنی کو خرط کی بیماری لاحق ہونا
____ خَرِطَ بالطَّعَام :پھندا لگنا-
تَخَرَّطَ-فی الامور :دلیری وخودسری کرنا-
اِنْخَرَطَ- الجسمُ : لاغر ہونا- اِنْخَرَطَت الخَرَزَة فی السِلک : پرویا جانا- اِنْخَرَطَ فی المَکَانِ :جلدی سے داخل ہونا ____ مِن :نکلنا ____ الصقر :شکار پر ٹوٹ پڑنا-
بطنُ الانسان :پیٹ چلنا-کہا جاتا ہے-"اِنْخَرَطَ عَلَیْنَا بالقبیح"وہ ہمارے اوپر فحش گوئی کے ساتھ متوجہ ہوا-
اِخْتَرَطَ-السیفَ :سونتنا ____ العنقودَ : انگور کے گچھے کو منہ میں رکھ کر بغیر دانہ کے نکالنا-
اِسْتَخْرَطَ- فی البکاء : پھوٹ پھوٹ کے رونا-
الخَرَّاط-خراد کا کام کرنے والا-بڑا جھوٹا-
الخَرَط-سارے جسم کی کمزوری-جانوروں کی ایک بیماری جوان کے تھن میں ہوتی ہے اوراس سے جماہوا دودھ نکلتا ہے-
الخَرُوْط-منہ زور جانور-ج خُرُط-بے عقلی و نادانی سے کاموں میں دخل دینے والا-
الخِرَاطَة-خراد کے کام کا پیشہ-
الخُرَاطَة-برادہ-
الخَرِیْطَة-تھیلا-ملک کا نقشہ-اٹلس-خَرِیْطَه کو خارطه بھی کہتے ہیں اور عربی مُصَوَّر یا مُخَطَّط ہے-
المُخْرِط-وہ بکری یا اونٹنی جس کو خرط کی بیماری لاحق ہو-ج مَخَارِیْط-
المِخْرَطَة-خراد کرنے کا اوزار-ج مَخَارِط-
المَخْرُوْط-مف-کم داڑھی والا-لمبا چہرہ جس میں عرض کم ہو ____ عند اهل المَسَاحَةِ : گاؤ دم-گاجر کی شکل کا
بئرمخروطة :تنگ منہ کا کنواں-
الخِرْطِیْط- منقش پروں والا پروانہ- ج خَراطِیْط-
الخَرْطَل-ایک قسم کا غلہ-
الخُرْطُوم والخُرْطُم- سونڈ- جلدی نشہ لانے والی شراب- انگور کا پانی جو ملنے سے پہلے نکلے-خراطیم القوم :سرداران قوم-
خَرْطَمَه-سونڈ پر مارنا-
اِخْرَنْطَمَ- ناک بلند کرنا- غضبناک ہونا- تکبر کرنا-
الخِرْطِمان-لمبا-
الخِرْطِمَانی-لمبی ناک والا-
الخُرَاطِیْن-کینچوا-
خَرَعَه(ف)خَرْعًا-پھاڑنا-
خَرِعَ(س)خَرَعًا-الشّئُ :ٹوٹنا-
واِنْخَرَعَ و تَخَرَّعَ- الرَّجُلُ : سست ہونا- ناقص رائے ہونا- کمزور جسم ہونا- انخرعت القناة :پھٹنا- ٹکڑے ٹکڑے ہونا-
خَرُعَ(ک)خَرَاعَةً وخَرْعًا وخُرُوْعًا-ڈھیلے جوڑوں والا ہونا-صفت خَرِعٌ وخَرِیْعٌ-
خَرَّعَ-الثوبَ : عصفر(کسم) سے رنگنا-
اِخْتَرَعَ- الشّئَ : پھاڑنا- پیدا کرنا- ایجاد کرنا اوراسی سے(الخرعة)ہے-
____ فلانًا :خیانت کرنا-دھوکا دینا-
____ الدابةَ :دوسرے کے جانور کو چند دن کام میں لانا اور پھر واپس کر دینا-
الخَراعَة-سست-بے باکی-
الخِرْوَع- ارنڈی کا پودہ جس سے کسٹرائل تیار ہوتا ہے ____ ہر وہ پودہ جو نرمی سے دوہرا ہو جائے-واحد خِرْوَعَة-
الخُرَاع- اونٹنی کی دیوانگی- اونٹنی کی پیٹھ کی شکستگی-
الخُرُوْع والخَرِیْع والخِرْوَع- مِنَ النساء : نزاکت سے جھک جھک جانے والی عورت-ج خَرَائِع و خُرُوْع-عَیْشٌ خَرْوَعٌ-

آسودہ زندگی۔ رجلٌ خَرِفع : کمزور مرد۔ ناقۃ خرِفع و مَخرُوعَۃ : اُونٹنی جس کو دیوانگی لاحق ہو۔

الخَرعَبُ والخُرعُوب والخُرعُوبۃ۔ یک سالہ درخت کی نرم و نازک شاخ۔ جوان خوبصورت نازک عورت یا سفید نازک اندام پُر گوشت عورت۔ الخَرعَب : لمبا پُر گوشت مرد۔ الخرعُوب : لمبی۔ بڑی۔ زیادہ دودھ دینے والی اُونٹنی۔

خَرِفَ (س) و خَرُفَ (ک) خَرَفًا۔ بڑھاپے کی وجہ سے فاسد العقل ہونا۔ صفت (خَرِف) مؤنث (خَرِفۃ)۔

خَرَفَ (ن) خَرفًا و خِرَافًا و خَرافًا و مَخرفًا۔ الثمرَ : چننا۔

خُرِفَتِ۔ الارضُ : موسم خریف کی بارش ہونا۔ صفت (مَخرُوفَۃ) ـــــ البَهَائِمُ : موسم خریف کا آنا یا ان کے چرنے کے لائق گھاس اُگانا۔

خَرَّفَہ۔ خَرَف (فساد عقل) کی جانب نسبت کرنا۔

خَارَفَہ مُخَارَفَۃً و خِرَافًا۔ موسم خریف میں معاملہ کرنا۔

اَخرَفَہ۔ بگاڑنا۔ فاسد کرنا۔ اَخرَفَتِ الشاۃُ : موسم خریف میں بچہ دینا۔ اَخرف الرجلُ : موسم خریف میں داخل ہونا ـــــ الثمرَ : پھل توڑنے کا وقت آپہنچا۔

اِختَرَفَ۔ الثمرَ : چننا ـــــ فی مکان : موسم خریف میں اقامت کرنا۔

الخَراف والخِرَاف۔ پھلوں کے چننے کا زمانہ۔

الخَرَافَۃ : بے عقلی کی ہنسی لانے والی باتیں۔

الخَرُوف۔ بکری کا بچہ۔ ج خِرَاف و اَخرِفَۃ و خِرفَان۔

الخَرُوفَۃ۔ بکری کا مادہ بچہ۔ درخت خرما جس کا پھل توڑا جائے۔

الخُرفَۃ۔ چنا ہوا میوہ۔

الخَرِیف۔ موسم خریف۔ گرمی اور جاڑے کے درمیان کا زمانہ۔ موسم خریف کی بارش۔ اور نسبت کے لئے (خَرِیفِیٌّ و خَرَفِیٌّ و خَرَفِیٌّ۔ چنی ہوئی کھجور۔

الخَرِیفَۃ۔ درخت خرما جس سے تر کھجوریں چنی جائیں۔

الخُرَافَۃ۔ باطل بات۔ ج خُرَافَات۔ چنا ہوا پھل۔

المَخرَف۔ چھوٹی ٹوکری۔ جس میں عمدہ کھجوریں چن کے رکھی جائیں۔

المَخرَفَۃ۔ درخت خرما کی دو قطاروں کے درمیان کا راستہ۔ ج مخَارِف۔ بڑھاپے کی وجہ سے عقل کی خرابی۔

المُخَارِف مِن الرجال : محروم۔

خَرفَجَہ۔ بست لینا۔

الخُرفُج والخُرَافِج والخِرفَاج و الخِرفِنج۔ فراخی زندگی۔ الخِرفِیج : تروتازہ و نرم۔

الخُرفُج۔ موٹا۔

خَرفَشَ۔ الشَّئ : ملانا۔ خلط ملط کرنا۔

خَرَقَ (ن ض) خَرقًا۔ الثوبَ : پھاڑنا ـــــ فلانًا بالرمح : نیزہ مارنا ـــــ الکذبَ : جھوٹ گھڑنا ـــــ المفازۃَ : طے کر کے انتہا تک پہنچنا ـــــ العادۃَ : عادت کے خلاف کرنا ـــــ البناء و فی البناء : روشندان کھولنا ـــــ الریحُ : تیز چلنا ـــــ الرَّجُلُ : جھوٹ بولنا۔

خَرَقَ (ن) خَرُوقًا۔ فی البیت : لگاتار قیام کرنا۔

خَرِقَ (س) خَرَقًا۔ خوف یا شرم سے وحشت زدہ ہونا۔ صفت (خَرِق) ـــــ فی البیت : لگاتار قیام کرنا ـــــ الغزالُ او الطائر : اُٹھنے یا اُڑنے سے عاجز ہونا۔

خَرِقَ (س) خَرُقَ (ک) خَرَاقَۃً۔ بیوقوف ہونا۔ ادھورا کام کرنا۔ صفت (اَخرَق) مؤنث خَرقاء۔

خَرَّقَہ۔ پھاڑنا۔ خَرَّق الرَّجُلُ : بہت جھوٹ بولنا۔

اَخرَقَہ۔ وحشت زدہ کرنا۔

تَخَرَّقَ و اِنخَرَقَ و اِخرَورَقَ۔ پھٹنا و تَخَرَّقَ الکذبَ : جھوٹ گھڑنا۔ تَخَرَّقَ فی الکَرَم : بے حد فیاضی کرنا۔ تَخَرَّقَت و اِنخَرَقَتِ الریحُ : تیز چلنا۔

اِختَرَقَ۔ الارضَ : زمین میں ایک طرف کو بغیر راستہ کے چلنا ـــــ القومَ : قوم کے درمیان سے چلنا ـــــ الکذبَ : جھوٹ گھڑنا۔

الخَرق۔ مص۔ سوراخ۔ کشادگی۔ بغیر گھاس پانی کا بیابان۔ کشادہ زمین جس میں ہوائیں تیز چلیں۔ ج خُرُوق۔

الخِرق۔ ج اَخرَاق و خُرَّاق و خُرُوق و (الخِرِّیق) فیاض۔ سخی۔

الخُرق و الخَرَق و الخُرقَۃ۔ رائے کی کمزوری۔ نادانی و بیوقوفی۔ سختی۔ نومَۃُ الخُرق : چاشت کے وقت کی نیند۔ اس کو نومۃ الخُرق اس وجہ سے کہتے ہیں کہ اس وقت سونے سے حماقت بڑھتی ہے۔

الخِرقَۃ۔ کپڑے کا ایک ٹکڑا۔ ج خِرَق۔ چیتھڑا۔ دھجی۔

الخَارِق۔ فا۔ وہ چیز جو مقتضائے عادت کے خلاف ہو۔ ج خَوَارِق۔

الخَرِیق و الخَرُوق۔ ٹھنڈی تیز ہوا۔

الخَرِیق : نرم ہوا۔ ج خُرُق : وادی کا کشادہ حصہ۔ پانی بہنے کی جگہ۔

الخَرقَاء۔ اَخرق کا مؤنث۔ کشادہ زمین۔ تیز ہوا۔

المَخرَق۔ بے گھاس پانی کا بیابان۔ ج مَخَارِق۔ مَخَارِق کا استعمال عام طور پر بدن کے منافذ جیسے منہ، ناک وغیرہ پر ہوتا ہے۔

المَخرَقَۃ۔ جھوٹ۔

المِخرَاق۔ خوبصورت بدن والا۔ فیاض۔ تجربہ کار۔ ج مَخَارِیق۔ المخَارِیق : وہ کپڑا جس کو بٹ کر بچے کھیلا کرتے ہیں۔

المُنخَرِق : تیز رفتار۔

المُختَرَق۔ گزرگاہ۔ مُختَرَقُ الرِّیَاح : ہوا کے چلنے کی جگہ۔ اور کہا گیا ہے "مکانٌ خاوِیُ المُختَرَق" یعنی ایسی جگہ جہاں کوئی چلنے والا نہ ہو۔

الخُرَّق۔ ایک چھوٹا سا پرندہ۔ ج خَرَارِق۔

خَرَمَهٗ(ن)خَرْمًا- شگاف ڈالنا- سوراخ کرنا- خرم الخرزَةَ :توڑنا ـــــہ :ناک کی درمیانی ہڈی پھاڑنا ـــــ الاِبْرَةَ : ناکہ توڑ دینا ـــــ عن الطریق : ہٹ جانا- کہا جاتا ہے "خَرَمَتْه الخَوَارِمُ" یعنی وہ مرگیا- و "ماخَرَمْتُ مِنْهُ شيئًا" :میں نے اُس میں سے کچھ کم نہیں کیا-

خَرِمَ(س) خَرَمًا- نتھنوں کے بیچ کی چھدی ہوئی ہڈی والا ہونا- صفت(اَخْرَم)

خَرُم(ک)خَرَامَةً- شوخ وبیباک ہونا- صفت (خَارِم وخَرِيْم)

خَرَّم-الخَرْزَةَ :سوراخ کرنا-

تَخَرَّم-ٹوٹنا-

تَخَرَّمَهٗ واِخْتَرَمَهٗ- ہلاک کرنا- جڑ سے اُکھیڑنا- اِخْتَرمَه المرضُ :لاغر کرنا- تَخَرَّمَتْه و اِخْتَرمَتْه المَنِيَّةُ :اس کو موت لے لیا-

اُخْتُرِمَ-عنّا :مرنا-

اِنْخَرَمَ-انفُه : نتھنوں کے بیچ کی ہڈی کا چھدنا- کہا جاتا ہے "اِنْخَرَمَ ذٰلِکَ القَرْن" یہ زمانہ ختم ہوگیا-

الخَرْم- مہ - پہاڑ کی نکلی ہوئی نوک- ج خُرُوم-

الخُرْمَان- جھوٹ-

الخَرْمَة- ناک میں چھدنے کی جگہ-

الخَرْمَاء- چھدا ہوا کان- عنزة خرماء : بکری جس کا کان عرض میں پھاڑ دیا گیا ہو-

الخَوْرَمَة- انسان کی ناک کا بانسہ یا دونوں نتھنوں کا درمیانی حصہ-

الاَخْرَم- مونڈھے کا کنارہ- شاہ روم کا لقب-

الاَخْرَمَان : اُوپر کے جبڑے میں دو سوراخ دار ہڈیاں-

المَخْرِم- پہاڑ کی نوک کا آخری سرا- ج مَخارِم- مخارمُ اللیل : رات کے ابتدائی حصے-

الخِرْمِس -اندھیری رات-

خَرْمَشَ-الکتابَ :مٹانا-بگاڑنا-

اِخْرَمَّصَ-خاموش ہونا-

تَخَرْمَلَ-الثوبُ :پارہ پارہ ہونا-

الخِرْمَل- بیوقوف عورت- جوان عورت-

بڑھیا- لوگوں کا گروہ-

الخَرَامِل- پُرانے کپڑے-

الخِرْنَوص- سور کا بچہ-

خَرْنَقَهٗ-بالسیف : تلوار سے مارنا-

الخِرْنِف- روئی- بہت دودھ والی اُونٹنی-

الخُرَانِف- لمبا-

الخِرْنِق- جوان خرگوش- ج خَرَانِق-

الخَوَرْنَق- بادشاہ کے کھانے پینے کی مجلس- نعمان اکبر ابنِ امرأالقیس کے محل کا نام جو عراق میں تھا- ایک نباتات-

خَزَّ(ن) خَزًّا- الحائطَ : دیوار پر کانٹے رکھنا ـــــ خَزَّ التمرُ یَخِزّ : کچھ کھٹا ہونا- صفت (خَازٌّ) (ـــــ واِخْتَزَّه) بالرمح : نیزہ مارنا ـــــ کہا جاتا ہے "خَزَّهٗ واِخْتَزَّهٗ بِبَصَرِه :اس نے اس کو اپنی نگاہ میں رکھا-

الخَزّ- ریشم- ریشم اور اُون کا بنا ہوا کپڑا- ج خُزُوْز-

الخُزَز- نر خرگوش- ج خِزَّان واَخِزَّة-

الخَزِيْز- بہت ہی خشک عوسج (عوسج ایک کانٹے کا نام ہے)

الخَزَّاز- ریشم فروش-

المَخَزَّة- خرگوشوں کی جگہ-

خَزِبَ(س)خَزَبًا و تَخَزَّبَ-الجلدُ :بغیر درد کے سوجنا- صفت(خَزِب)

ـــــ الشاةُ : سوجے ہوئے تھنوں والی ہونا- صفت(خَزِبَة وخَزْباء)

الخَيْزَب والخَيْزَبَان- نرم گوشت- ایک ٹکڑے کو(خَيْزَبة وخَيْزَبَانَة) کہتے ہیں-

الخَيْزَبَان :شتر مرغ کا نر بچہ-

الخُزَيْبَة- سونے کی کان-

الخِزْبَاز والخَازِبَازِ- مبنی عَلَی الکَسْرَة : ایک قسم کی مکھیاں جو باغوں میں ہوتی ہیں- باغ کی مکھیوں کی بھنبھناہٹ-

خَزَرَ (ن) خَزْرًا- کنکھیوں سے دیکھنا- چالاک ہونا- صفت(خازِر)

خَزِرَتْ(س)خَزَرًا-عینُه :تنگ آنکھ والا ہونا- صفت (اَخْزَر) مؤنث خَزْراء ج خُزْرٌ- خَزِرَ الرَّجُلُ :بھاگنا-

خَزَّرَ-الشَّیَٔ :تنگ کرنا-

تَخَازَرَ- نگاہ تیز کرنے کے لئے پلکوں کو سمیٹنا-

الخَزَر- آنکھ کی تنگی- ایک قوم جن کی آنکھیں چھوٹی ہوتی ہیں اور اسی سے ہے "بَحْرُ الخَزَر" یعنی بحر کیسپین-

الخَزَرَة والخُزَرَة- پیٹھ کا درد-

الخُزَرَة- بدترین قسم کا بھینگاپن جس میں آنکھ کا ڈھیلا کنپٹی والے گوشے کی جانب اُلٹ جاتا ہے-

الخَيْزُرَان- بانس- نیزے- نرکل- ہر نرم لکڑی- لکڑی جس سے ملاح کشتی کو چلاتا ہے- واحد(خَيْزُرَانَة) ج خَيَازِر-

الخَيْزُوْر- نرکل-

الخَوْزَرَی والخَيْزَرَی- ایک قسم کی چال ناز و انداز کے ساتھ-

خَزْرَبَهٗ وخَزْرَبَةً- بیہودہ بکنا-

الخَزْرَج- ٹھنڈی ہوا- جنوبی ہوا- شیر-

خَزْرَفَ-فی مشیته :ہاتھوں کو ہلاتے ہوئے چلنا-

الخَزَرْنَق- مکڑی-

الخُزْرَانِق- کپڑا یا سفید کپڑے-

خَزَعَ (ف) خَزْعًا و تَخَزَّعَ- الشَّیَٔ : کاٹنا ـــــ عن القوم : پیچھے رہ جانا- خَزَعَ مِنْه شيئًا :لینا- تَخَزَّعُوا الشَّیَٔ :باہم تقسیم کرنا-

خَزَّعَ- الشَّیَٔ : کاٹنا ـــــ الشَّیَٔ بینهم : تقسیم کرنا-

اِنْخَزَعَ-الحبلُ :نصف سے کٹ جانا- ـــــ الرَّجُلُ : بڑھاپے یا کمزوری کی وجہ سے جھکنا-

اِخْتَزَعَهٗ-لینا ـــــہ عن القوم :جدا کر لینا-

الخُزَاع-موت-

الخَزَعَة-ایک پاؤں سے لنگڑاپن-

الخِزْعَة- گوشت کا ٹکڑا-

الخُزَاعَة- ٹکڑا جو کسی چیز سے کاٹا جائے-

الخَوْزَع-بڑھیا-

الخَوْزَعَة- ریگ کا تودہ جو بڑے تودہ سے جدا ہو-

الخَزُوْع- وہ شخص جو لوگوں کے مال کو اُڑا

لے۔
الخَزْعَبَل والخُزَعْبِل والخُزَعْبِيْل۔ خوش طبعی کی باتیں۔باطل باتیں۔
الخُزَعْبِلَة۔خوش طبعی ومذاق۔
خَزْعَلَ۔ فی مشیہ: لنگڑانا ــــ الماشی :پاؤں کو جھاڑنا۔
الخَزْعَل۔بجو۔
الخُزَعْالة۔خوش طبعی وکھیل کود۔
خَزَفَ(ض) خَزْفًا۔فی مشیہ :ہاتھ ہلاتے ہوئے چلنا ــــ الثوبَ: پھاڑنا ــــ الشّئَ :چیرنا۔
الخَزَف۔واحد(خزفة) ٹھیکری۔مٹی کے پکے ہوئے برتن۔
الخَزّاف والخَزَفِیّ۔ مٹی کے برتن بنانے والا یا بیچنے والا۔
خَزَقَہٗ(ض) خَزْقًا۔آہستہ نیزہ مارنا۔
خَزَقَہٗ بالسہم: تیر مارنا۔ خَزَقَ الطائرُ: بیٹ کرنا ــــ الشّئَ فی الارض :گاڑنا۔
تَخَزَّقَ وانْخَزَقَ۔چھدنا۔
اِخْتَزَقَ۔السیفُ :ننگی ہونا۔میان سے نکل پڑنا۔
الخَازِق۔فا۔نیزے کا پھل۔
الخَازُوْق۔ تیز سرے کا ایک لمبا لوڑا جس کو مجرم کی دبر میں داخل کرتے تھے اور وہ اس پر مر جایا کرتا تھا۔ج خَوَازِیق۔مولدین نے اسی سے فعل "خَوْزَق" بنایا ہے۔
المِخْزَقَة۔چھوٹا نیزہ۔
الخَیْزَقَة۔ایک ترکاری کا نام۔
خَزِكَ(س) خَزَكًا۔اصرار کرنا۔
خَزِلَ (س) خَزَلًا۔ شکستہ پشت ہونا۔ صفت (اَخْزَل ومَخْزُوْل)
خَزَلَ(ض) خَزْلًا۔الشّئَ :کاٹنا ــــ ہٗ عن حاجتہٖ :روکنا۔
تَخَزَّلَ۔کٹنا۔بوجھل چلنا ــــ السحابُ:
اِنْخَزَلَ۔ گرانباری سے چلنا ــــ فی کلامِہٖ: رک جانا ــــ عن الجواب: لاپروائی کرنا ــــ مِنَ المکان: علیحدہ ہونا۔
اِخْتَزَلَ۔الشّئَ :کسی چیز کو کاٹ لینا۔

ــــ ہٗ: عیب لگانا ــــ برایہ :علیحدہ رائے رکھنا ــــ ہٗ عن قومِہٖ: علیحدہ کرنا ــــ الودیعۃَ :واپسی سے روک کر خیانت کرنا۔
الخُزْلَة۔شکستگیٔ پشت۔
الخُزَلَة۔مراد سے روکنے والا۔
الخَوْزَلٰی والخَیْزَلٰی۔ایک قسم کی چال جس میں ناز وانداز ہو۔
خَزَمَ(ض)خَزْمًا۔اللآلی :پرونا۔
(ــــ وخَزَّمَ)البعیرَ :ناک میں حلقہ ڈالنا۔ کہا جاتا ہے "خَزَمَ انفَ فلانٍ" یا "جَعَل فی اَنفِہِ الخِزَامَة" فلاں کی ناک میں ناتھ ڈال دی۔ یعنی تابع ومسخر کرلیا۔
خَازَمَہٗ مُخَازَمَةً۔الطریقَ :دو مختلف راستوں سے چل کر ایک جگہ ملنا۔
تَخَزَّمَ۔الشوکُ فی رجلہ :چبھنا۔
تَخَازَمَ۔الجیشانِ :دو فوجوں کا ایک دوسرے کے مقابل ہونا۔
الخَزَم۔ایک درخت جس کی چھال سے رسی بناتے ہیں۔
الخُزَامٰی والخُزَام۔ایک قسم کی نباتات جس کا پھول بہت خوشبودار ہوتا ہے۔
الخِزَامَة۔ باریک چمڑا جس سے دو تسموں کو باندھا جائے۔ج خَزَائِم۔
الخَزُوْمَة۔ گائے۔یا چھوٹے قد اور زیادہ عمر والی گائے۔
الاَخْزَم۔نر سانپ۔
المَخْزَم۔ پہاڑی راستہ۔ج مَخَازِم۔ شراک (مَخْزُوْم) کٹا ہوا تسمہ۔
خَزَنَ(س)خَزْنًا واخْتَزَنَ۔ المالَ :ذخیرہ کرنا۔جمع کرنا ــــ السرَّ: چھپانا۔ اللسانَ: زبان روکنا۔اِخْتَزَنَ الطریقَ: قریب ترین راستہ اختیار کرنا۔
خَزِنَ(ن)خَزْنًا وخُزُوْنًا وخَزِنَ(س)خَزَنًا و خَزُنَ(ک)خَزَانَةً۔ اللحمُ :بدبودار ہونا۔صفت(خَزِیْنٌ)
اَخْزَنَ۔ محتاجی کے بعد مالدار ہوا۔
اِسْتَخْزَنَ۔ المالَ: ذخیرہ کرنے کو کہنا۔
اِسْتَخْزَنَ المالَ :ذخیرہ کرنا۔

الخِزَانَة والخَزِیْنَة۔ذخیرہ رکھنے کی جگہ۔ج خَزَائِن۔الخِزَانَة :خزانچی کا پیشہ۔
الخَازِن۔فا۔ذخیرہ کرنے والا۔خازن الامیر: خزانچی۔ج خَزَنَة وخُزَّان۔الخازن :زبان۔
الخِزَانَة والخَزِیْنَة۔خزانہ۔ذخیرہ کیا ہوا مال۔
الخَزَّان۔زبان۔
المَخْزَن۔ذخیرہ کرنے کی جگہ۔ج مَخَازِن۔ مَخَازِنُ الطریق۔ مقصود کی طرف قریب ترین راستہ۔
خَزَاہٗ(ن) خَزْوًا۔ غالب آنا۔ سیاست کرنا۔ خواہش نفسانی سے روکنا۔ دشمنی کرنا۔ خَزَ الدابۃَ :سدھانا۔
خَزِیَ (س) خِزْیًا و خَزًی۔ ذلیل ہونا۔ مصیبت میں مبتلا ہونا۔خَزِیَہٗ وخَزِیَ مِنْہُ خَزَایَةً وخَزًی : شرم کرنا۔صفت(خَزٍ)مؤنث خَزِیَةٌ و(خَزْیان)مؤنث خَزْیٰ۔ج خَزَایا۔
خَزَیٰ (ض) خِزْیًا۔ ہٗ: شرمندگی میں ڈالنا۔ رُسوا کرنا۔بہت زیادہ رُسوا ہونا۔
خَازَاہٗ مُخَازَاۃً۔شرمندگی میں ڈالنا۔
اَخْزَاہٗ اِخْزَاءً۔ شرمندگی میں ڈالنا۔ذلیل کرنا۔ اہانت کرنا۔اور جب کوئی شخص کوئی پسندیدہ فعل کرے تو کہا کرتے ہیں "اَخْزَاہُ اللّٰہُ مَا اَشْعَرہ" جیسے کہ کہتے ہیں "قَاتَلَہُ اللّٰہُ مَا اَشْجَعَہٗ" ان جیسی دُعاؤں میں معنی کا اعتبار نہیں ہوتا۔
اِسْتَخْزیٰ۔شرم محسوس کرنا۔
الخِزْی۔ذلت۔رسوائی۔عذاب۔دوری۔
الخَزْیَةُ والخِزْیَة۔بلاء۔مصیبت۔ذلیل کن عادت۔
المَخْزَاة۔باعث رسوائی وشرمندگی۔
خَسَّ (س) خَسَاسَةً و خُسُوْسَةً وخِسَّةً۔ رذیل ہونا۔ وزن یا اندازہ میں کم ہونا۔ صفت (خَسِیْس)ج خِسَاس واَخِسَّة۔
خَسَّ (ن)خَسًّا وخَسَسًا۔ نَصِیْبَہٗ :حصہ کم کرنا۔
اَخَسَّ۔ گھٹیا کام کرنا ــــ ہٗ: رذیل پانا۔ حقارت کرنا۔اَخَسَّ حَظَّہٗ :حصہ کم کرنا۔
تَخَاسُّوا۔الشّئَ :کسی چیز کو آپس میں لینا دینا اور اس کی طرف سبقت کرنا۔

اِسْتَخَسَّهٗ۔ رذیل پانا۔ حقارت کرنا۔

الْخَسُّ۔ خس۔ خَسُّ الحِمَارِ و خَسُّ البَقَرِ :دو جنگلی گھاس کے نام۔

الخِسَاس۔ ہر وہ چیز جس کو لوگ آپس میں دیں لیں۔

الخُسَاسَة۔ تھوڑا مال۔

الخَسِيْسَة۔ الخَسِيْس کا مؤنث - ج خَسَائِس و خَسَائِسُ الأمُور : حقیر باتیں۔ شیٌٔ (خُسَاسٌ ومَخْسُوْس) معمولی گھٹیا چیز۔

الخُسَّان۔ ستارے جو غائب نہ ہوں۔ جیسے بنات النعش۔

خَسَأَ (ف) خَسْأً۔ الكلبَ : دھتکارنا۔ (____ خَسْأً و خُسُوْءً ا) البصرُ : چندھیا جانا۔ نگاہ کا تھک جانا (____ وخَسِئَ (س) خَسَأً وَ اِنْخَسَأَ) الكلبُ :دُور ہونا۔ دھتکارا جانا۔

خَاسَا مُخَاسَأَةً و تَخَاسَأَ و تَخَاسُؤًا۔ القومُ : آپس میں ایک دوسرے کو پتھر مارنا۔

الخَسِئُ۔ گھٹیا اُون وغیرہ۔

الخَاسِئ۔ فا ____ مِنَ الخنازِير والكِلَاب : دھتکارے ہوئے کتے و سور جو لوگوں کے قریب نہ آنے دیئے جائیں۔

الخَسِيْج۔ خیمہ۔ اُون کا بنا ہوا کمبل۔

خَسِرَ (س) خَسْرًا وخَسَرًا وخُسْرًا وخَسَارًا وخَسَارَةً وخُسْرَانًا۔ نقصان اُٹھانا۔ گمراہ ہونا۔ ہلاک ہونا۔ صفت (خَاسِرٌ وخَسِرٌ و خَيْسَرىٰ)

خَسَرَ (ض) خَسْرًا و خُسْرَانًا۔ المِيْزَانَ : کم کرنا۔ گھٹانا ____ المالَ : ضائع کرنا۔

خَسَّرَهٗ و اَخْسَرَهٗ۔ نقصان کرانا۔ گمراہ کرنا۔ ہلاک کرنا۔ اَخْسَر الرجُل : نقصان میں پڑنا۔ اَخْسَر المِيْزَان :گھٹانا۔ کم کرنا۔

الخَاسِر۔ فا۔ كَرَةٌ خَاسِرَةٌ : غیر مفید حملہ۔

الخَنْسَر و الخَنْسَرِيُّ۔ وہ شخص جو نقصان میں ہو۔ ج خناسرة۔

خُسِعَ خَسْعًا۔ عنه كذا : کسی سے کسی چیز کو دُور کیا جانا۔

خَاسِعُ القَوْمِ و خَسِيْعَتُهُم۔ قوم کا خسیس ترین فرد۔

خَسَفَ (ض) خُسُوْفًا۔ المكانُ : دھنس جانا ____ القمرُ : گہن لگنا ____ العَيْنُ : آنکھ کا جاتا رہنا یا اندر کو دھنس جانا ____ السَقْفُ : گرنا ____ الشَّئُ : کم ہونا ____ الرَجُلُ : دُبلا ہونا۔ خَسَفَ فی الاَرْض و خُسِفَ بِهٖ : زمین میں دھنسنا (____ خَسْفًا) الشَّئَ : کاٹنا ____ العينَ : پھوڑنا ____ اللّٰهُ الارضَ : مع ساری چیزوں کے دھنسا دینا۔ اللّٰهُ الاَرْضَ بِفُلَانٍ : زمین میں دھنسا دینا۔ ____ البئر : پتھریلی زمین میں کنواں کھودنا جو ہمیشہ جاری رہے ____ فلانًا : ذلیل کرنا۔ ناپسندیدہ امر پر مجبور کرنا۔ خَسَفَ الشَّئَ فَخَسَفَ هُوَ : پھاڑنا اور پھٹنا۔ (لازی و متعدی)

اَخْسَفَت وانْخَسَفَت۔ عينُهٗ : اندھی ہونا ____ الارضُ : مع ساری چیزوں کے دھنس جانا ____ البئرُ : گر جانا۔

الخَسْف۔ مہ - عیب۔ ذلت۔ کہا جاتا ہے "سَامَهٗ خَسْفًا و خُسْفاً" اس نے اس کو ذلیل کیا اور اس کو مشقت کی تکلیف دی۔

الخَسْف :کنوئیں کا سوت۔

الخَاسِف۔ فا۔ دھنسی ہوئی آنکھ۔ دُبلا۔ بیماری کی وجہ سے لاغر۔ بھوکا۔ ج۔ خُسُف۔

الخَسْف والخُسْف اخروٹ واحد (خَسْفَة) کہا جاتا ہے "بَاتُوْا عَلَى الخَسْف" انہوں نے فاقہ سے رات گزاری۔ و "شَرِبْنَا عَلَى الخَسْفِ" بغیر کچھ کھائے ہوئے ہم نے پیا۔

الخَسِيْف۔ ج اَخْسِفَة و خُسُف و (الخُسُوف) ج خُسُف۔ مِنَ الابار : کنواں جو چٹان میں کھودا جائے اور اس کا پانی ختم نہ ہو۔ والخَسِيْفُ مِنَ العُيُون : دھنسی ہوئی آنکھ مِنَ النُوق : بہت دودھ والی اُونٹنی جس کا دودھ جاڑے میں جلدی ختم ہو جائے۔ مِنَ السَّحابِ : بہت پانی کو لے کر اُٹھنے والا بادل۔

الاَخَاسِف والاَخَاسِيْف۔ نرم زمینیں۔

الخَيْسَفُوْج والخَيْسَفُوْجَة۔ جوار۔

الخَيْسَفُوْج :بنولہ۔ پرانی لکڑی۔

خَسَق (ض) خَسْقًا و خُسُوْقًا۔ السهمُ : اچھی طرح نافذ نہ ہونا۔

الخَسَّاق۔ بڑا جھوٹا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ ذُوْ خَسَقَاتٍ فِی البَيْعِ" وہ کبھی بیع کو جاری کرتا ہے۔ کبھی فسخ کرتا ہے۔

خَسَلَهٗ (ن) خَسْلاً۔ رذیل کرنا۔ دُور کرنا۔

الخِسَالَة والخُسَالَة۔ ہر چیز کا ردی حصہ۔

الخَسِيْل۔ فرو مایہ۔ رذیل۔ ج خِسَال و خَسَائِل۔

الخُسَّل والخُسَّال۔ کمینے و کمزور لوگ۔

المُخَسَّل والمَخْسُوْل۔ رذیل۔ حقیر۔

خَاسَى مُخَاسَاةً واَخْسى اِخْسَاءً خَسّٰى تَخْسِيَةً ____ ہ :اخروٹ سے باہم طاق و جفت کھیلنا۔

الخَسَا۔ طاق۔ ج الاَخَاسِى (خلافِ قیاس) کہا جاتا ہے "خَسَا اَوْ زَكًا" یعنی طاق یا جفت۔

الخَسِيّ۔ اُون کا کپڑا یا خیمہ۔

خَشَّ (ن) خَشًّا۔ فيه : داخل ہونا ____ السحابُ : تھوڑی بارش برسنا ____ زيدًا : نیزہ مارنا ____ البَعِيَر :اُونٹ کی خشاش ڈالنا۔ (دیکھئے لفظ "خشاش")

اِنْخَشَّ۔ فيه :داخل ہونا ____ بَيْنَ القَوْمِ : گھل مل جانا۔

الخُشّ۔ مہ۔ تھوڑی بارش۔ شگاف۔ کھردری چیز۔ پیادے۔

الخُشّ۔ ٹیلہ۔

الخَاش۔ فا۔ الخَشّ کا واحد بمعنی پیادہ۔

الخِشَاش۔ کیڑے مکوڑے۔ پہاڑی سانپ۔ ایک قسم کی لکڑی جس کو اُونٹ کی ناک میں ڈالتے ہیں۔ واحد (خِشَاشَةٌ) غضب۔ کہا جاتا ہے "حَرَّكَ خِشَاشَهٗ" یعنی وہ غضبناک ہوا۔ خِشَاشَا الشَّئَ : چیز کے دونوں کنارے۔ ج اَخِشَّة۔

الخُشَاش۔ ردی۔ گھٹیا۔ بہادر۔

الخَشَّاء۔ گارے اور کنکر والی زمین۔ ج خَشَّاوَات و خَشَاشِيّ۔

الخُشَّاء۔ کان کے پیچھے اُبھری ہوئی ہڈی۔

المِخَشّ۔ دلیر مرد جو رات کی ہولناکیوں میں کام کرے۔ دلیر گھوڑا۔

الخشخش والخُشخوش۔ ہرن کا بچہ جو چلنے لگے۔
خَشَبَ (ض) خَشْبًا۔ الشَّیْءَ بِالشَّیْءِ: ملانا ___ الشَّیْءَ: چھانٹنا۔ صاف کرنا ___ السَّیْفَ: صیقل کرنا (___ واِخْتَشَبَ) الشِّعْرَ: آمد کے مطابق بغیر تنقیح کے اشعار کہنا۔
اِخْتَشَبَ السَّیْفَ: تلوار کو لکڑی جیسا بنانا۔
خَشُبَ۔ الشَّیْءُ: موٹائی میں لکڑی کی مانند ہونا۔
تخشَّبَ۔ چراگاہ سے سوکھی گھاس چرنا۔ ___ السَّیْفَ: تلوار کو لکڑی جیسا بنانا۔
اِخْشَوْشَبَ۔ لکڑی کی مانند سخت ہونا۔ ___ فِی عَیْشِهٖ: مشقت پر صبر کرنا۔
الخَشَب۔ موٹی لکڑی۔ ج خَشَب و خُشُب و خُشْبَان۔
الخَشِب والأخْشَب۔ موٹا کھردرا۔ عَیْشٌ خَشِبٌ: ناپسندیدہ زندگی۔
الخَشَّاب۔ لکڑی بیچنے والا۔ ج خَشَّابَة۔
الخَشْبَاء۔ سخت زمین جس میں پتھر کنکر اور گارہ ہو۔
الخَشِیب۔ مِنَ السُّیُوفِ: تلوار جو ابھی ڈھالی گئی ہو۔ صیقل کی ہوئی تلوار۔ ردی۔ گھٹیا۔ صاف کی ہوئی چیز ___ مِنَ القِسِیِّ: تراشی ہوئی کمان۔ ج خشب و خشائب۔
المَخشُوب۔ مخلوط نسب والا۔ وہ شخص جس کی تعلیم و تربیت اچھی نہ ہوئی ہو۔ وہ شخص جو اچھے طریقے سے کام نہ کرتا ہو۔
المِخشَاب۔ موٹا۔ پست قد۔
الخَشَنْبَلُ۔ سخت ٹیلہ۔
الخَشْتَق۔ کتان۔ ریشم۔ چوبغلہ۔
خَشْخَشَ خَشْخَشَةً و تَخَشْخَشَ۔ السِّلَاحُ او الحُلِیُّ: جھنکار ہونا ___ فلانٌ بَیْنَ الشَّجَرِ و بَیْنَ القَوْمِ: داخل ہو کر غائب ہو جانا۔
الخَشْخَاش۔ پوست کا پودا۔ واحد (خشخاشة)
خَشَر (ض) خَشْرًا۔ دسترخوان پر ردی چیز چھوڑنا ___ الشَّیْءَ: کسی چیز سے اس کے ردی حصہ کو دور کرنا۔
خَشِر (س) خَشَرًا۔ بزدلی سے بھاگنا۔ حریص ہونا۔
الخُشَار و الخُشَارَة۔ ہر چیز کا ردی حصہ۔ دسترخوان کا بچا کھچا۔ جو کا دانہ جس میں گودا نہ ہو۔ رذیل لوگ۔
خَاشِرَة۔ النَّاس: رذیل لوگ۔ واحد (الخَاشِر)
خَشْرَبَ خَشْرَبَةً۔ ادھورا کام کرنا۔
خَشْرَمَتِ۔ الضَّبُعُ: کھانے میں چپڑ چپڑ کرنا۔
الخَشْرَم۔ شہد کی مکھیوں یا بھڑوں کی جماعت۔ شہد کی مکھیوں کی ملکہ۔ شہد کی مکھیوں کا چھتہ۔ نرم پتھر جس سے چونہ بناتے ہیں۔ ج خَشَارِمَة۔
الخُشَارِم۔ موٹی آواز۔ بڑی ناک۔
خَشَعَ (ف) خُشُوعًا۔ لہ: فروتنی کرنا۔ عاجزی کا اظہار کرنا۔ صفت (خَاشِعٌ) ج خُشَّع و خَشَعَة و خَاشِعُوْن ___ بِبَصَرِهٖ: پست کرنا ___ بَصَرُهٗ: نگاہ کا پست ہونا ___ الصَّوْتُ: آواز کا پست ہونا ___ الشَّمْسُ: ڈوبنے کے قریب ہونا ___ الوَرَقُ: پتے مرجھانا ___ الارضُ: بارش نہ ہونے سے خشک ہونا۔
اِخْشَعَهٗ۔ کسی کو فروتنی کرنے پر برانگیختہ کرنا۔
تَخَشَّعَ۔ فروتنی کرنا۔ (___ و تَخَاشَعَ) فروتنی دکھانا۔
اِخْتَشَعَ۔ کسی کے سامنے سر جھکاتے ہوئے فروتنی کرنا۔
الخَاشِع۔ فا۔ مَکَانٌ خَاشِعٌ: وہ جگہ جس کا راستہ نہ ملے۔ بَلْدَةٌ خَاشِعَةٌ: وہ شہر جس میں اترنے کی کوئی جگہ نہ ہو۔ جِدَارٌ خَاشِعٌ: دیوار جو گر کر زمین کے ہموار ہو گئی ہو۔
الخِشْعَةُ۔ بچہ جو مردہ ماں کے پیٹ کو پھاڑ کر نکالا گیا ہو۔
الخُشْعَةُ۔ پست ٹیلہ۔ ج خُشَع۔
خَشَفَ (ن ض) خُشُوفًا و خَشَفَانًا۔ ملک میں جانا اور غائب ہو جانا۔ رات میں چلنا۔ الماءُ: جمنا ___ البردُ: تیز ہونا (___ و انْخَشَفَ) فِی الشَّیْءِ: داخل ہونا۔
خَشَفَ (ض) خَشَافَةً۔ بالقَوْمِ: ساتھ چلنا اور راہبری کرنا (___ خَشْفًا و خَشَفَةً) ___ الجَلِیْدُ: برف پر چلنے سے آواز نکلنا ___ فِی السَّیْرِ: تیز چلنا۔
خَشِفَ (س) خَشَفًا۔ البعیرُ: پورے بدن پر خارش والا ہونا۔ صفت (اَخْشَف) مؤنث خَشْفَاء۔ ج خُشْف۔
خَشَّفَ۔ راستہ بتلانا۔
خَاشَفَ۔ الی الشَّرِّ: برائی کی طرف سبقت کرنا۔ کہا جاتا ہے "خَاشَفَ فِی ذِمَّتِهٖ" اس نے بدعہدی کرنے میں جلدی کی۔
خَاشَفَ السَّهْمُ: سنسناہٹ سنائی دینا۔
اَخْشَفَتِ۔ الظَّبْیَةُ: بچہ والی ہونا۔
الخَاشِف۔ فا۔ سَیْفٌ خَاشِفٌ: تیز تلوار۔ مَاءٌ (خَاشِفٌ و خَشِفٌ) جما ہوا پانی۔
الخَشْف۔ بتثلیث الخاء: ہرن کا نوزائیدہ بچہ۔ ج خِشَفَةٌ (___ و الخُشَف) سبز رنگ کی مکھی۔ واحد (خُشَفَة)
الخَشْف و الخَشْفَة و الخَشَفَة۔ آواز۔ حرکت۔ آہٹ۔ الخَشْف: ذلت۔ الخِشْف و الخُشْف: گھٹیا قسم کا اون۔
الخَشْف و الخَشِیْف۔ سخت برف۔ نرم یخ۔
الخَشُوْف۔ معاملات میں دخل دینے والا ___ مِنَ الرِّجَالِ: رات کے وقت چلنے میں دلیر۔ تیز ___ مِنَ السُّیُوفِ: تیز تلوار۔
الخُشَّاف۔ چمگادڑ۔
المَخْشَف۔ وہ جگہ جہاں پانی جم گیا ہو۔
المِخْشَف۔ راہبر۔ معاملات میں دخل دینے والا۔ رات کے وقت چلنے میں دلیر۔ تیز۔
خَشَلَهٗ (ن) خَشْلًا و خَشَلَةً۔ حقیر بنانا۔
خَشَلَ الشَّرَابَ: صاف کرنا۔
خَشِلَ (س) خَشَلًا۔ الثوبُ: بوسیدہ ہونا۔
تَخَشَّلَ۔ ذلیل ہونا۔ سر جھکانا۔ ردی چیز لانا۔
الخَشْل و الخَشَل۔ ردی۔ الخَشْل: ہر جوفدار چیز۔ خالی کیا ہوا انڈا۔ واحد (خَشْلَة) کہا جاتا ہے۔ رَجُلٌ (خَشْلٌ فَشْلٌ و خَشِلٌ فَشِلٌ) کمزور مرد۔
خَشَمَهٗ (ض) خَشْمًا۔ ناک کی جڑ توڑنا۔
خَشِمَ (س) خَشَمًا و خُشُوْمًا۔ چوڑی ناک

والا ہونا ___ الانف: بدبودار ہونا۔

خَشِمَ (س) خَشَمًا و خَشِمَ و اَخْشَمَ و تَخَشَّمَ۔ اللحمُ: بدبودار ہونا۔ خَشَّمَه الشرابُ: ناک کی جڑ میں شراب کی بو پہنچ کر مست کر دینا۔

الاَخْشَم۔ چوڑی ناک والا۔ بو محسوس نہ کرنے والا۔ اَنْفٌ اَخْشَم: بدبودار ناک۔ مؤنث خَشْمَاء ج خُشْم۔

الخَیْشُوْم۔ ناک کی جڑ۔ ج خَیَاشِیْم۔ الخَیَاشِیْم: ناک کے اندر کی رگیں۔ خَیَاشِیْم الجبال: پہاڑوں کی چوٹیاں۔ کہا جاتا ہے۔ "اَشْرَفَتْ خَیَاشِیْمُ الجِبَال۔"

الخُشَام۔ شیر۔ بڑی ناک والا۔ بڑا پہاڑ جس کی بڑی چوٹی نکلی ہوئی ہو۔

رَجُلٌ (مَخْشُوْمٌ) مست مرد۔

خَشُنَ (ک) خُشْنَةً و خَشَانَةً و خُشُوْنَةً و مَخْشَنَةً۔ سخت و کھردرا ہونا ___ صفت (خَشِن) ج خِشَان۔

خَشَّنَهٗ۔ سخت و کھردرا بنانا۔ کہا جاتا ہے۔ "خَشَّنَ صَدْرَهٗ" اس نے اس کو غصہ دلا کر بھڑکا دیا۔

خَاشَنَهٗ۔ سختی کا برتاؤ کرنا۔

تَخَشَّنَ۔ سخت کھردرا ہونا۔ سخت زندگی بسر کرنا۔ موٹا کھردرا پہننا۔

تَخَاشَنَ۔ بتکلف سختی برتنا۔

اِسْتَخْشَنَ۔ الشَّیءَ: کھردرا پانا۔

اِخْشَوْشَنَ۔ سخت کھردرا ہونا۔ عَلَیْهِ صَدْرُهٗ: غضبناک ہونا۔

الخَشِیْن۔ سخت طبیعت والا۔

الاَخْشَن۔ سخت و کھردرا۔ مؤنث خَشْنَاء ج۔ خُشْن۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ اَخْشَن" بُرے حال والا۔ و "هُوَ اَخْشَنُ الجَانِب" وہ دشوار طاقت سے زیادہ ہے۔ "کَتِیْبَةٌ خَشْنَاء" بہت ہتھیار والی فوج۔

خَشِیَهٗ (س) خَشْیًا و خِشْیًا و خَشْیَةً و خَشَاةً و خَشْیَانًا و مَخْشِیَةً و مَخْشَاةً۔ ڈرنا۔ خَشَّاهُ تَخْشِیَةً و خَشَّاءً۔ ڈرانا۔ خَشَّاهُ فُلَانًا: کسی سے خوف دلانا۔

الخَشِي و الخَاشِي و الخَشْیَان و الخَشِيُّ۔ ڈرنے والا۔ مؤنث خَاشِیَةٌ و خَشِیَةٌ و خَشْیَانَةٌ و خَشْیَا۔ ج خَشَایَا۔ الخَشِي و الخَشِيُّ مِنَ النَّبَاتِ: خشک گھاس۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا المَکَانُ اَخْشٰی مِنْ ذَاکَ" یہ جگہ اس سے زیادہ خوفناک ہے۔

الخَشْیَةُ۔ خوف۔ ڈر۔ کلیات میں ہے کہ خشیة میں خوف سے زیادہ مبالغہ ہے' اس وجہ سے کہ خشیة "شَجَرَةٌ خَاشِیَةٌ" سے ماخوذ ہے جس کے معنی ہیں سوکھا درخت اور خوف "نَاقَةٌ خَوْفَاء" سے ماخوذ ہے جس کے معنی ہیں بیمار اونٹنی اور ظاہر ہے کہ سوکھے درخت میں درخت کا بالکل خاتمہ ہو جاتا ہے بخلاف بیمار اونٹنی کے کہ اس میں اونٹنی کا خاتمہ نہیں ہوتا' نقصان ہوتا ہے اور خوف کے معنی نقصان ہی کے ہیں۔ اور خوف خائف کی کمزوری کی وجہ سے ہوتا ہے بخلاف خشیة کے کہ جس سے ڈرا جائے اس کی عظمت کی وجہ سے ہوتا ہے۔

خَصَّ (ن) خَصًّا و خُصُوْصًا و خُصُوْصَةً و خُصُوْصِیَةً و تَخِصَّةً و خِصِّیَّةً و خِصِّیْصٰی و خِصِّیْصَاء۔ فلانًا ب الشَّیءِ: خاص کرنا۔ خصوصیت دینا۔ کہا جاتا ہے "خَصَّهٗ بِالْوُدِّ" یعنی اس نے اسی کے ساتھ محبت کی (___ خُصُوْصًا) الشَّیءُ: خاص ہونا ___ الشَّیءَ لِنَفْسِهٖ: اپنے لئے چھانٹ لینا۔

خَصَّ (س) خَصَاصَةً و خَصَاصًا و خَصَّاصَاءَ۔ محتاج ہونا۔

خَصَّصَ۔ الشَّیءَ: خاص کرنا ___ ہ بِالشَّیءِ: کسی کو کسی چیز کے ساتھ خاص کرنا ___ الغلام: لکڑی کے سرے پر آگ لے کر گھمانا۔ بنیٹھی گھمانا۔

اِخْتَصَّ۔ محتاج ہونا ___ بِالشَّیءِ: خاص ہونا ___ ہ بِالشَّیءِ: خاص کرنا اور اسی سے ہے۔ "اَللّٰهُ یَخْتَصُّ بِرَحْمَتِهٖ مَنْ یَّشَاءُ" اللہ جس کو چاہتا ہے اپنی رحمت کے ساتھ خاص کر لیتا ہے۔

تَخَصَّصَ۔ بِالشَّیءِ: خاص ہونا۔ تَخَصَّصَ الرَّجُلُ: خاص لوگوں میں سے ہونا۔

اِسْتَخَصَّ۔ الشَّیءَ: مخصوص ہونے کی درخواست کرنا۔

الخُصّ۔ بانس یا لکڑی کا جھونپڑا۔ شراب بیچنے والے کی دکان۔ ج اَخْصَاص و خُصُوْص و خِصَاص۔ شہر (خَصٌّ) ناقص مہینہ۔

الخَاصّ۔ فا۔ عام کی ضد۔ یکتا۔

الخَاصَّةُ۔ عَامَّةٌ کی ضد۔ وہ چیز جس کو تم اپنے لیے خاص کر لو۔ خَاصَّةُ المَلِک: بادشاہ کے مقرب لوگ۔ خَاصَّةُ النَّبَاتِ: نباتات کی قوت و اثر۔ ج خَوَاصّ (___ والخَوَاصّ والخُصَّان والخِصَّان) مِنَ القوم: برگزیدہ اور بڑے لوگ۔ کہا جاتا ہے "اِنَّمَا یَفْعَلُ هٰذَا خِصَّانُ النَّاسِ" اس کو بڑے بڑے لوگ ہی کرتے ہیں۔

الخَاصِّیَّةُ۔ خاصہ کی جانب نسبت۔ ج خَاصِّیَّات و خَصَائِص۔

الاَخَصّ۔ افضل۔ کہا جاتا ہے "لَمْ یَکُنْ فِي اَطْبَائِهٖ اَخَصُّ مِنْ هٰذَیْنِ"

الخُصَاصَةُ۔ انگور توڑنے کے بعد بیل میں چھوٹے ہوئے دانے۔ تھوڑا۔ قلیل۔ ج خُصَاص۔

الخَصُوْص و الخُصُوْص۔ علیحدگی۔ اس کے مقابلہ میں عموم ہے۔ انحصار۔ اس کے مقابلہ میں اطلاق ہے۔ اور کہا جاتا ہے "عَلَی الخُصُوْصِ و خُصُوْصًا" یعنی خاص طور پر جیسے حریری کا قول ہے۔ لَنْ یَّصْقُلَ الخَاطِرَ و یَنْشَطَ الفَاتِرَ کَقَائِلَةِ الهَوَاجِرِ و خُصُوْصًا فِي شَهْرَی نَاجِرٍ۔

الخَصَاص۔ مص۔ دروازہ کی جھری۔ برقع وغیرہ کا سوراخ۔ کہا جاتا ہے "بَدَرَ القَمَرُ مِنْ خَصَاصِ الغَیْمِ" چاند بادل کے درمیان سے ظاہر ہو گیا۔ وَلَمَحْتُهٗ مِنْ خَصَاصِ البَاب" میں نے اس کو دروازہ کی جھری سے دیکھا۔ مکان وغیرہ میں شگاف۔ واحد (خَصَاصَة) اور کہا جاتا ہے "سَدَدْتُ خَصَاصَةَ فُلَانٍ" میں نے فلاں کی محتاجی دور کر دی۔

خُوَیْصَّةُ۔ الانسان: وہ شخص جو خدمت کرنے کے لیے مخصوص ہو۔

خَصَبَ (ض) و خَصِبَ (س) خِصْبًا

المكانُ : سرسبز ہونا۔ زرخیز ہونا۔ صفت (خَصِب وخَصِيْب ومُخْصِب ومِخْصَاب)

اَخْصَبَ۔المكانُ : سرسبز ہونا ـــــ اللّٰهُ المكانَ : سرسبز کرنا ـــــ الشاةُ : سرسبزی میں پہنچنا ـــــ القومُ : سرسبزی پانا۔ کہا جاتا ہے "اَخْصَبَ جَنَابُ القَومِ" قوم کا مقام سرسبز و شاداب ہے۔

الخَصَب۔ شگوفہ خرما۔ بہت پھل دار درخت خرما۔ واحد (خَصَبَة)

الخِصْب۔ سبز گھاس کی کثرت۔ فراخی زندگانی۔ ج اَخْصَاب۔ کہا جاتا ہے "بَلَدٌ خِصْبٌ واَخْصَاب" (جمع کا صیغہ مبالغہ کے لئے) یعنی سرسبز شہر اور کہا جاتا ہے "اَرْضٌ خِصْبٌ واَرْضُوْنَ خِصْبٌ واَرْضٌ خِصْبَةٌ وخَصْبَةٌ"

الخُصْب۔ جانب۔ ایک قسم کا پہاڑی سفید سانپ۔

الخِصَاب۔ بہت پھل دار درخت خرما۔ واحد (خِصَابَة)

(رجل خَصِيب) بہت فیض والا مرد۔

خَصِرَ (س) خَصَرًا۔ اليومُ : ٹھنڈا ہونا۔ ـــــ الرَّجُلُ : ٹھنڈک کی وجہ سے اطرافِ اعضاء میں تکلیف پہنچنا۔

اَخْصَرَ۔ القُرُّ اَنَامِلَه : سردی کا انگلیوں کو ٹھنڈا کر دینا۔

خَاصَرَهُ مُخَاصَرَةً۔ ہاتھ پکڑ کر چلنا۔ کسی کے پہلو میں چلنا یا کسی کے کمر پر ہاتھ رکھ کر چلنا۔

اِخْتَصَرَ۔ اپنے پہلو پر ہاتھ رکھنا۔ الكلامَ : مختصر کرنا ـــــ الطَّرِيْقَ : قریب کا راستہ چلنا۔ فی الشَّیْءِ : زائد چیزیں حذف کرنا ـــــ الرَّجُلُ : ہاتھ میں لاٹھی وغیرہ لینا۔ بِالعَصَا : ٹیک لگانا۔

تَخَاصَرَ۔ اپنی کمر پر ہاتھ رکھنا ـــــ القومُ : ہاتھ میں ہاتھ ڈال کر اکٹھے چلنا۔

تَخَصَّرَ۔ اپنے پہلو پر ہاتھ رکھنا۔ بِالمِخْصَرَةِ۔ لاٹھی کو ہاتھ میں لینا۔

الخَصْر۔ کمر۔ خَصْرُ القَدَمِ : تلوے کا گہرا حصہ جو زمین سے نہ لگے۔ ج خُصُوْرٌ۔

الخَصَر۔ سردی۔

الخَصِر۔ ٹھنڈا۔

الخِصَار۔ ازار۔

الخَاصِرَة۔ من الانسان : پہلو۔ ج خَوَاصِر۔ پہلو کا درد۔

المِخْصَرَة۔ ٹیک لگانے کی چیز جیسے لاٹھی، چھڑی وغیرہ۔ عصائے شاہی جس کو بادشاہ تقریر کے وقت اپنے ہاتھ میں لے۔ ج مَخَاصِر۔ مَخَاصِرُ الطَّرِيْقِ : اقرب ترین راستہ۔

المُخْصَّر۔ باریک کمر والا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ مُخَصَّرُ القَدَمَيْنِ" وہ ایسا شخص ہے جس کا تلوا زمین سے نہیں لگتا۔

رَجُلٌ (مَخْصُوْرٌ) کمر یا پہلو میں درد والا۔

اَخْصَرَ۔ مختصر۔ اِخْتَصَرَ کا اسم تفضیل ہے اور شاذ ہے۔

خَصَفَ (ض) خَصْفًا واَخْصَفَ و اِخْتَصَفَ۔ النعلَ : جوتا سینا۔ جوتے پر ایک اور چمڑا چڑھانا۔ الشَّیْءَ علی الشَّیْءِ : چپکانا۔ کہا جاتا ہے "هُمْ يَخْصِفُوْنَ اَقْدَامَ القَوْمِ بِاَقْدَامِهِمْ" وہ لوگ قوم کی قدم بقدم پیروی کرتے ہیں۔

خُصِفَ۔ بہ پیچھے کیا جانا۔ لاحق کیا جانا۔

خَصَّفَ۔ بد خلق ہونا۔ جو کچھ اپنے پاس نہ ہو اس کے تکلف میں کوشش کرنا۔ کہا جاتا ہے "خَصَّفَهُ الشَّيْبُ" بڑھاپے نے اس کے نصف بال سفید کر دیئے۔

الخَصْف۔ مـ۔ جوتا۔

الخَصَف۔ سیاہ اور سفید سے مرکب رنگ۔

الخَصَفَة۔ کھجور کے پتوں کی بنی ہوئی ٹوکری۔ موٹا کپڑا۔ ج خَصَف وخِصَاف۔

الخَصَف والخَصَفَة۔ چمڑے کا ٹکڑا جس سے جوتے کو سیا جائے۔

الخُصْفَة۔ جوتے وغیرہ کا سوراخ۔

الخَصَّاف۔ بڑا جھوٹا۔ موچی۔

الخَصِيف۔ راکھ۔ سلا ہوا جوتا۔ تازہ دودھ جو دہی پر ڈالا جائے۔ (ـــــ والاَخْصَف) سفید و سیاہ۔ سفید پہلوؤں والا گھوڑا یا بکری۔ الاَخْصَف : شترمرغ۔ مؤنث خَصْفَاء۔

المِخْصَف۔ ستالی۔ ج مَخَاصِف۔ شاة (مَخْصُوْفَة) سفید و سیاہ رنگوں والی بکری۔

خَصَلَ (ن) خَصْلًا۔ الشَّیْءَ : کاٹنا۔ جدا کرنا۔

(خَصَلَ (ن) خَصْلًا و خِصَالًا) القومَ : فائق ہونا۔ مرتبہ میں بڑھ جانا۔

خَصَّلَهُ۔ ٹکڑے کرنا ـــــ الشَّجَرَ : چھانٹنا۔

خَاصَلَهُ خِصَالًا و مُخَاصَلَةً۔ تیر اندازی میں شرط لگانا۔

اَخْصَلَ۔ الرَّامِی : نشانہ پر ٹھیک لگانا۔

تَخَاصَلَ۔ القومُ : تیراندازی میں باہم شرط لگانا۔

الخَصْل۔ مـ۔ تیر کا نشانہ پر لگنا۔ شرط جو تیر اندازی میں مقرر ہو۔ جس پر جوا کھیلا جائے۔ کہا جاتا ہے۔ "اَحْرَزَ خَصْلَه واَصَابَ خَصْلَه" یعنی وہ غالب رہا۔ ج خُصُوْل۔

الخَصْلَة۔ عادت (حسنہ یا قبیحہ) غالب استعمال حسنہ کیلئے ہے) تیر کا نشانہ پر لگنا۔ ج خِصَال (والخُصْلَة) گچھا۔ کانٹے دار لکڑی۔ تر لکڑی کا کنارہ۔ ج خُصَل۔ الخُصَل : لٹکے ہوئے درخت کا کنارہ۔ الخُصْلَة۔ بالوں کا گچھا گوشت کا عضو۔

الخَصِيْلَة۔ بالوں کا گچھا۔ گوشت جس میں پٹھا بھی ہو۔ ج خَصِيْل و خَصَائِل۔ کہا جاتا ہے "اِرْتَعَدَتْ فَرَائِصُه واضْطَرَبَتْ خَصَائِلُه" اس کے شانہ کا گوشت کانپنے لگا اور پٹھے والا گوشت تھرتھرانے لگا۔

المِخْصَل۔ شمشیر براں (مفصل میں ایک ضعیف لغت)

المِخْصَال۔ دارنتی۔

خَصَمَهُ (ض) خَصْمًا۔ جھگڑے میں غالب آنا۔

خَاصَمَهُ خِصَامًا و مُخَاصَمَةً۔ جھگڑا کرنا۔ اسم (الخُصُوْمَة) ہے۔

اَخْصَمَهُ۔ جھگڑا کرنے کیلئے دلیل سمجھانا۔

تَخَاصَمَ واخْتَصَمَ۔ القومُ : ایک دوسرے سے جھگڑنا۔

الخَصْم۔ مـ۔ مد مقابل۔ مخالف۔ جھگڑا کرنے

والا- تثنیہ جمع اور مؤنث کے لیے بھی مستعمل ہے- کہاجاتا ہے "هُمَا وهُمْ وهِيَ خَصْمِيْ" ج خُصُوْم وخِصَام وأَخْصَام"

الخُصْم- جانب- گوشہ- ج أَخْصَام و خُصُوْم-

الخَصِيْم- جھگڑالو- ج أَخْصَام و خُصَمَاء و خُصْمَان-

الخَصِم- ج أَخْصَام و خَصِمُوْن و (الخَصُوْم) جھگڑالو- مخالف- مدمقابل-

الخَصِيْن- کلہاڑی- ج خُصُن و اخصُن (مؤنث ہے کبھی مذکر بھی استعمال کیاجاتا ہے)

خَصَى (ض) خِصَاءً- ہ : خصی کرنا-

الخَصِي- فوطوں میں دردوالا-

الخَصِيُّ- وہ شخص جس کے فوطے نکال لیے گئے ہوں- آختہ- ج خِصْيَةٌ و خِصْيَان-

الخُصْيَة- فوطہ- ج خُصًى- خُصْيَةُ البَحْرِ و خُصَى الثَّعْلَبِ و خُصْيَةُ الدِّيْكِ و خُصْيَةُ الكَلْبِ: مختلف نباتات کے نام-

خَضَّض- الجَارِيَةَ : سفید مہرے پہنا کر سنوارنا-

خاضَّهُ مُخَاضَّةً- بیع بالعوض کرنا-

الخَضَض- سفید مہرے- رنگ برنگ کے کھانے- بیہودہ گفتگو- کہا جاتا ہے "منطق خضض"

الخَضَاض- کم حیثیت زیور- روشنائی- قیدی کی بیڑی- کتے یا بلی وغیرہ کے گلے کا پٹا- رجلٌ خَضَاض و خَضَاضَةٌ : بیوقوف مرد- مکان (خَضِيْض) پانی سے ترجگہ-

خَضَبَ (ض) خَضْبًا و خَضَّبَ- الشَّيءَ : رنگین کرنا-

خَضَبَ (ض) وخَضِبَ (س) خُضُوْبًا وخُضِبَ وأَخْضَبَ الشجرُ او المكانُ : سرسبز ہونا-

تَخَضَّبَ واخْتَضَبَ- بالحِنَاء- رنگین ہونا- صفت (خَضِيْب) ج خُضُب و (مَخْضُوْب و مُخَضَّب)

اِخْضَوْضَبَ اِخْضِيْضَابًا- الشجرُ : سرسبز ہونا-

الخَاضِب شترمرغ جس کے پنج پر اور جس کی ٹانگیں موسم ربیع کی گھاس کھانے سے سرخ ہوگئی ہوں-

الخَضْب- مہ- درخت کی سبزی- بارش کے بعد نئی اُگی ہوئی سبزی- ج خُضُوْب-

الخِضَاب- رنگ- رنگ کرنے کی چیز-

الخُضَبَة- بہت خضاب لگانے والی عورت-

الخَضُوْب- بارش کے بعد نئی لگی ہوئی سبزی-

الخَضِيْب- رنگا ہوا- کہا جاتا ہے "كَفٌّ خَضِيْبٌ و امْرَأَةٌ خَضِيْبٌ" رنگی ہوئی ہتھیلی- خضاب لگائی ہوئی عورت- ج خُضُب- الكَفُّ الخَضِيْب :ایک ستارے کا نام-

المِخْضَب- کپڑے دھونے یا رنگنے کا برتن- لگن-

خَضْخَضَ خَضْخَضَةً- الماءَ و نحوه : ہلانا-

تَخَضْخَضَ- ہلنا-

الخُضَاخِض- مِنَ الأَماكِنِ : جگہ جس میں پانی و درخت زیادہ ہوں- بڑے پیٹ والا موٹا مرد (ـــــ والخُضْخُض) پچھوائی اور پروائی کے درمیان کی ہوا-

خَضَدَ (ض) خَضْدًا- العودَ : بغیر جدا کئے ہوئے توڑنا- موڑنا ـــــ الشجرَ : کانٹے کاٹنا ـــــ الرَّجُلُ : ککڑی گاجر وغیرہ کی مانند ترچیز کھانا-

خَضَّدَهُ- کاٹنا-

تَخَضَّدَ و انْخَضَدَ- العودُ : ٹوٹنا- انْخَضَدَتِ الثمارُ : پھلوں کا پارہ پارہ ہونا-

الخَضَد- کاٹی ہوئی یا ٹوٹی ہوئی لکڑی- پھلوں کی پژمردگی- نباتات کی کمزوری-

خَضَد البَدَن : کاہلی کے ساتھ بدن کا درد اور ٹوٹنا- خَضَد السَّفر : تکان سفر (ـــــ والخُضَاد) اعضاء کا درد-

الخَضِد و المَخْضُوْد- اُٹھنے سے عاجز- کمزور- کہاجاتا ہے "رجلٌ مَخْضُوْدٌ" ذلیل سے عاجز مرد-

الأَخْضَد و المُتَخَضِّد- دوہرا ہونے والا-

المِخْضَد- بہت کھانے والا-

خَضِرَ (س) خَضَرًا- سبز ہونا ـــــ الزَّرْعُ : سرسبز وشاداب ہونا-

خَضَرَ (ن) خَضْرًا- النخلَ : کاٹنا-

أَخْضَرَ- الريُّ النباتَ : سرسبز وشاداب کرنا-

خَضَّرَ- الشيءَ : سبز کرنا-

خَاضَرَهُ مُخَاضَرَةً- درخت کے اوپر ہی کچا پھل بیچ دینا-

اِخْضَرَّ و اخْضَوْضَرَ- سبز ہونا- و اِخْضَرَّ الليلُ : سیاہ ہونا-

اِخْتَضَرَ- الفاكهةَ : وقت سے پہلے کچا کھانا ـــــ العشبَ : سبز رہتے ہوئے کاٹنا ـــــ الجَارِيَةَ : بلوغ سے پہلے بکارت زائل کرنا-

أُخْتُضِرَ : جوان مرنا-

الخِضْر و الخَضِر- اس ذات گرامی کا نام جن سے سیدنا موسیٰ علی نبینا وعلیہ الصلوٰۃ والسلام کی ملاقات ہوئی تھی- اور اس کی کچھ تفصیل سورۃ کہف میں ہے-

الخَضِر- سبز- ٹہنی- کھیتی- سبز ترکاری- سبزہ زار-

الخَضَار- نئی سبزی- زیادہ پانی ملا ہوا دودھ-

الخَضِيْر- سبز- سبز ترکاری-

الخُضْرَة- سبز رنگ- ترکاری- نرمی و تازگی- کہاجاتا ہے "غُصْنٌ فِيْهِ خُضْرَةٌ" ٹہنی جس میں نرمی ہو- ج خُضَر و خُضَر و "خُضْرَةُ الدِّمَن" کوڑے کی سبزی (ایسی چیز جس کا ظاہر اچھا اور باطن خراب ہو اس کیلئے بطور کنایہ استعمال کرتے ہیں) و الخُضْرَةُ فِي أَلْوَانِ الإبلِ و الخَيْلِ : میلا جس میں سیاہی ملی ہوئی ہو ـــــ فِي أَلْوَانِ النَّاسِ : گندم گونی-

الخَضَّار- سبزی فروش-

الخُضَارَة- سبز ترکاریاں- خَضَارَةُ : سمندر کیلئے علم ہے اور تانیث اور معرفہ کی وجہ سے غیر منصرف ہے-

الخُضَارِيُّ و الخُضَيْرِيُّ- ایک قسم کا پرندہ جس کا رنگ سبزی مائل زرد ہوتا ہے اور اس کو اخیل بھی کہتے ہیں- ج خَضَارِيُّ-

الخَضْرَاء- أَخْضَر کا مؤنث- القُبَّةُ الخَضْرَاء : آسمان- و خَضْرَاءُ القَوْمِ : قوم کا بڑا

حصہ۔ ج خَضْرَاوَات۔ الخَضْرَاوَات: ترکاریاں۔ میوے۔
الاَخْضَرَان۔ گھاس و درخت۔
الاَخَاضِر۔ سونا۔ گوشت و شراب۔
الاُخَیْضِر۔ مکھی۔ آنکھ کی ایک بیماری۔
المُخْضَرَة۔ سبزہ زار۔
خَضْرَب خَضْرَبَةً۔ الماءُ: لہریں۔ ماءٌ (خُضَارِب۔ لہر لینے والا پانی)
المُخَضْرِب۔ فصیح و بلیغ مرد۔
الخِضْرِنج۔ ککڑی، خربوزہ وغیرہ کی فالیز۔
الخُضَارِع والمُتَخَضْرِع۔ بخیل جو تکلف سے سخاوت کرے۔
خَضْرَم۔ الاُذُنَ: کان کا کچھ حصہ کاٹ لینا۔
الخِضْرِم۔ بہت پانی والا کنواں۔ بہت بڑا سمندر۔ کہا جاتا ہے "بَحْرٌ خِضْرِمٌ" بہت پانی والا سمندر۔ و "رَجُلٌ خِضْرِمٌ" بہت فیاض مرد۔ (____ والخَضَارِم) ج۔ خِضْرِمُوْن وخَضَارِم وخَضَارِمَة:
الخُضْرُم: میٹھے اور کھاری کے درمیان کا پانی، گوہ کا بچہ۔
المُخَضْرَم۔ غیر مختون۔ وہ شخص جو خود کالا ہو اور اس کا باپ سفید رنگ کا ہو۔ وہ شخص جو حسب کے لحاظ سے ناقص ہو۔ وہ شخص جس نے جاہلیت و اسلام کے زمانوں کو دیکھا ہو۔ مُخَضْرَمُ الدَّوْلَتَیْن: وہ شاعر جو بنو اُمیہ اور بنو عباس دونوں کی حکومتوں میں رہا ہو۔ نَاقَةٌ مُخَضْرَمَة: اُونٹنی جس کے کان کا کنارہ کٹا ہوا ہو "مَاءٌ مُخَضْرَم: میٹھے اور کھاری کے درمیان کا پانی۔
خَضَع (ف) خُضُوْعًا وخَضْعًا وخُضْعَانًا۔ عاجزی کرنا۔ فروتنی کرنا۔ سر گندہ ہونا۔ صفت (خَاضِع) ج خُضَّع و (خُضُوْع) ج خُضْع ____ لَهُ: تابع و فرمانبردار ہونا ____ النجمُ: مائل بغروب ہونا ____ الرجلَ: ساکن کر دینا۔
خَضِع (س) خَضَعًا۔ الرَّجُلُ: جھکا ہوا ہونا۔ صفت (اَخْضَع) مؤنث خَضْعَاء۔
خَضَّعَهُ۔ عاجز کرنا ____ اللحمَ: ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔

اَخْضَع۔ عاجز ہونا ____ ہ: عاجز کرنا۔ کہا جاتا ہے "اَخْضَعَتْنِی اِلَیْکَ الحَاجَةُ" تمہارے سامنے حاجت نے مجھ کو عاجز بنا دیا۔ ____ الکِبَرُ فلانًا: بڑھاپے کا کسی کو پست گردن بنا دینا۔
خَاضَعَهُ۔ نرمی سے گفتگو کرنا۔
تَخَضَّعَ و اِخْضَوْضَعَ۔ بتکلف عاجزی ظاہر کرنا۔
اِخْتَضَعَ۔ عاجز ہونا ____ الصَقْرُ: لوٹ پڑنے کیلئے سر جھکانا ____ فی سَیْرِہ: تیز چلنا۔
الخَضَعُ۔ سہ۔ پیدائشی گردن کی پستی۔
الاَخْضَعُ۔ ذلت پر راضی۔ دبی ہوئی گردن والا۔
الخُضَعَة۔ ہر ایک سے عاجزی ظاہر کرنے والا۔ اپنے ہمسر پر غالب آنے والا۔ ج خُضَع۔
الخَضَعَة والخَضْعَة۔ تلواریں۔ کوڑے۔ تلواروں اور کوڑوں کی آواز۔ کہا جاتا ہے "سَمِعْتُ لِلسِّیَاطِ خَضْعَةً" میں نے کوڑوں کے پڑنے کی آواز سنی۔
الخَضِیْعَة۔ آواز جو جانور کے پیٹ سے سنائی دے۔ سیلاب کی آواز۔
الخَیْضَعَة۔ لڑائی کا شور۔ میدان جنگ اور اس کا غبار۔
الخَیْضَع۔ مِنَ الرِّجَالِ: ذلت پر راضی ہونے والا۔
خَضَف (ض) خُضَافًا و خَضْفًا۔ گوز کرنا۔ صفت (خَضِیْف و خَضُوْف و خَضَّاف)
الخَضْف۔ چھوٹا کدو یا ککڑی یا خربوزہ۔
الاَخْضَف۔ سانپ۔
المُخْضِفَة۔ شراب۔
خَضِلَ (س) خَضَلًا و اَخْضَلَ و اخْضَلَّ و اِخْضَوْضَلَ۔ تر ہونا۔ نمناک ہونا۔ صفت (خَضِل و خَاضِل) کہا جاتا ہے "عَیْشٌ خَضِلٌ" شاداب زندگی۔ و "شِوَاءٌ خَضِلٌ" اچھی طرح سے بھنا ہوا گوشت۔ و "سِنَانٌ خَضِلٌ" خون سے تر نیزہ۔
خَضَّلَ و اَخْضَلَ۔ الشیئَ: تر کرنا۔
اِخْضَالَّ و اِخْضَأَلَّ۔ تر ہونا۔
____ الشجرُ: بہت ٹہنی اور بکثرت پتے ہونا۔

الخَضَل و الخَضْل۔ صاف موتی۔ ایک قسم کے مہرے۔ واحد (خَضْلَة)
الخَضْلَةُ۔ ترو تازگی۔ آسودگی۔ نعمت۔ زندگی کا آرام و آسودگی۔
الخَضِیْلَة۔ سرسبز و شاداب باغ۔
المُخْضَل و المُخْضَلُّ۔ آسودہ زندگی والا۔
الخَضْلَاف۔ گوگل کا درخت۔
خَضَم (ض) وخَضِمَ (س) خَضْمًا۔ الطعامَ: انتہائی داڑھ سے کھانا۔ منہ بھر کے کھانا۔
اَخْضَم۔ لَهُ فی العَطَاء: زیادہ دینا۔
الخِضَمُّ۔ بڑا سمندر۔ سردار۔ بڑا فیاض (عورت کی صفت میں یہ نہیں آتا) بڑی جماعت۔ سان رکھنے کا پتھر۔ سَیْفٌ خِضَمٌّ: شمشیر بُراں۔
الخُضَام و الخُضَامَة۔ وہ چیز جو انتہائی داڑھ سے کھائی جائے۔
الخَضِیْمَة۔ سبز نباتات۔ بہت نباتات والی زمین۔ اُبلا ہوا گیہوں۔
الخُضْمَة۔ درمیان۔ چیز کا بڑا حصہ۔
المُخْضَم و المُخْضَم۔ آسودہ زندگی والا۔
خَطَّ (ن) خَطًّا۔ بالقلمِ: لکھنا۔
الخِطَّةَ لنفسِہ: نشان لگا کر اپنے لیے مخصوص کرنا۔
____ الشیئَ: قلم وغیرہ سے لکھنا ____ عَلَی الشیئ: نشان لگانا۔ علامت لگانا ____ الغلامُ: سبزہ آغاز ہونا ____ عذارُہ: رخسار پر بال نکلنا۔
____ القبرَ: کھودنا ____ الرِیَاحُ الرملَ: دھاری ڈالنا ____ فی الاَرْضِ: لکیر کھینچنا۔ کہا جاتا ہے "جَارَاہُ فَمَا خَطَّ غُبَارَہُ" اِس نے اُس کا مقابلہ کیا اور گرد کو بھی نہ پہنچا اور کہا جاتا ہے "فلانٌ یُخَطُّ فِی الاَرْضِ" فلاں اپنے معاملہ میں غور و فکر کر رہا ہے۔ خَطَّ الطعامَ و فی الطعامِ: تھوڑا کھانا ____ فی نَوْمِہ: خراٹے لینا۔
خَطَّطَ۔ لکیریں کھینچنا ____ الخُطُوْطَ: نقش کرنا ____ البلادَ: حدود مقرر کرنا۔
اِخْتَطَّ۔ الوجهُ او غیرُہ: دھاری دار ہونا ____ الغلامُ: سبزہ آغاز ہونا ____ الارضَ او الدارَ: اپنا معلوم ہونے کیلئے حد بندی کرنا ____ خُطَّةً: معین کرنا۔ علامت لگانا۔

الخَاطُّ-فا-جادوگر-

الخَطُّ- تحریر- کتابت- لمبا راستہ- خَطُّ الِاسْتِوَاء :وہ فرضی خط جو کرۂ زمین کو دو حصّوں شمالی و جنوبی میں تقسیم کرتا ہے- ج خُطُوط- وخُطُوْطُ الكَفِّ :ہاتھ کی لکیریں-

الخُطُّ و الخَطُّ-راستہ-سڑک-محلّہ-

الخِطُّ و الخِطَّة-وہ زمین کہ جس پر سب سے پہلے تم آئے اور تم سے پہلے کوئی نہیں آیا- زمین کا وہ حصّہ جو کوئی اپنے لیے خاص کر لے- ج خِطَط-

الخُطَّة-کام-کہا جاتا ہے"تِلكَ خُطَّةٌ لَيسَتْ مِنْ بَالِي" یہ کام میری شان کا نہیں ہے-"وفي رَاسِهِ خُطَّةٌ" اس کے سر میں کوئی خیال ہے- خصلت-جہالت-مشکل معاملہ جس کا کوئی حل نہ ملے-ج خُطَط-کہا جاتا ہے"فلانٌ يَبْنِي خُطَطَ المَكَارِم" فلاں شرافت اور بزرگی کے مقامات کی بنیاد رکھتا ہے-

الخَطِّيُّ- نیزہ جو خط کی جانب منسوب ہے- اور بحرین کی ایک بندرگاہ کا نام ہے جہاں نیزے بکتے تھے-خَطِّيَّة

الخَطُوْط- زمین پر پاؤں کا نشان چھوڑنے والا-عورت کے ابرو رنگنے کی چیز-جنگلی گائے-

الخَطَّاط-بہت لکھنے والا-

المِخَطُّ-کپڑے پر دھاری ڈالنے کی لکڑی-

المُخَطَّط-دھاری دار-خوبصورت-

خَطِئَ (س) خَطَأً- غلطی کرنا ــــــ في دِيْنِه :قصداً یا بلا قصد غلطی کے راستہ پر چلنا-(ــــــ خِطأً وخِطأَةً) گناہ کرنا-صفت(خَاطِئ) ج خَطَأَةٌ-مؤنث خَاطِئَةٌ ج خَوَاطِئ-

خَطَأَت(ف)خَطْأً-القِدرُ بِزَبَدِهَا :جھاگ پھینکنا-

خَطَّأَهُ تَخْطِئًا وتَخْطِئَةً- غلطی کی طرف نسبت کرنا-

اَخْطَأَ اِخْطَاءً وخَاطِئَةً- غلطی کرنا ــــــ الطريقَ :چوک جانا ــــــ الرجلَ : غلطی میں ڈالنا ــــــ الرامي الغرضَ : نشانہ پر نہ لگنا ــــــ في عَمَلِه :راہ راست سے ہٹ جانا-

تَخَطَّأَ وتَخَاطَأَ- غلطی کرنا- تَخَطَّأَ وتَخَاطَأَه : غلطی میں ڈالنا ــــــ السهمُ الرَّمِيَّةَ : نشانہ سے ہٹ جانا- تَخَطَّأَ لَهُ في المَسْئَلَةِ وبِهَا : کسی کی غلطی ڈھونڈھنے کے درپے ہونا-

الخِطْء-گناہ-

الخَطْء والخَطَأُ والخَطَاء- گناہ اور بقول بعض غیر ارادی گناہ- غلطی-

الخَطَّاء-بہت غلطی کرنے والا-بہت گناہ کرنے والا-

الخَطِيْئَة- گناہ اور بقول بعض ارادی گناہ-ج خَطَايَا و خَطِيْئَات-

خَطَبَ (ن) خُطْبَةً و خَطْبًا و خَطَابَةً- وعظ کہنا- تقریر کرنا-لیکچر دینا-حاضرین کے سامنے خطبہ پڑھنا-کہا جاتا ہے "خَطَبَ القومَ وفي القومِ" اس نے قوم کے سامنے تقریر کی-

خَطُبَ (ک) خَطَابَةً- واعظ ہونا- مقرر ہونا- لیکچرار ہونا-

خَطَبَ (ن) خَطْبًا وخِطْبَةً وخِطِّيْبَى الفَتَاةَ : منگنی کرنا- صفت (خَاطِب) کہا جاتا ہے "خَطَبَ الفَتَاةَ عَلٰى فلان" اس نے فلاں کے لیے لڑکی کی منگنی کی-

خَطِبَ(س) خَطَبًا-الشَّيْءُ : تیرہ مائل سرخ زرد ہونا-

خَاطَبَهُ خِطَابًا ومُخَاطَبَةً وتَخَاطُبًا- باہم گفتگو کرنا-کہا جاتا ہے"خَاطَبَهُ فِي فُلَان" اس نے اس سے فلاں کے بارے میں گفتگو کی-

اَخْطَبَ- الصيدُ فُلَانًا : قریب ہونا ــــــ الحِنْظَةُ : رنگین ہونا ــــــ الحِنْظَلُ : زرد ہونا اور سبز دھاریاں پڑنا-

اِخْتَطَبَ- الفَتَاةَ : منگنی کرنا ــــــ القومُ فلانًا : قوم کی لڑکیوں میں سے کسی لڑکی سے شادی کرنے کے لیے کسی کو بلانا عَلَى المِنْبرِ : خطبہ دینا-

الخَطْب- مہ - حالت- کہا جاتا ہے "ما خَطْبُك" تمہاری کیا حالت ہے اور کس چیز نے تم کو اس پر برانگیختہ کیا ہے-معاملہ خواہ چھوٹا ہو یا بڑا عموماً بڑے اور ناپسندیدہ معاملہ کے لیے مستعمل ہے-ج خُطُوْب-

الخِطَاب- گفتگو- فَصْل الخِطَاب : فصاحت- حکم جو دلیل یا قسم کے ساتھ دیا جائے- خطیب کا الحمدللہ کے بعد اَمَّا بَعْد کہنا-

الخُطْبَة- تقریر- گفتگو- خُطْبَةُ الكِتَاب : کتاب کا دیباچہ- الخُطْبة : تیرہ رنگ جس میں سرخی زردی ملی ہوئی ہو-

الخِطْب- منگنی کرنے والا مرد- عورت جس سے منگنی کی جائے- کہا جاتا ہے "هُو خِطْبُهَا وهِيَ خِطْبُهُ" ج-اَخْطَاب-

الخِطْبَة-مہ- منگنی کرنا-عورت جس سے منگنی کی جائے-

الخَطَّاب- منگنی کرنے والا-بہت تقریر کرنے والا-

الخَطَّابَة-بہت تقریر کرنے والا(مذکر مؤنث) الخَطَّاب کا مؤنث-

الخَطِيْب- منگنی کرنے والا-خطبہ پڑھنے والا- کہا جاتا ہے "رَجُلٌ خَطِيْبٌ" خوش بیان مرد- ج خُطَبَاء-

الخِطِّيْب- عورت کو پیغام نکاح دینے والا-ج خِطِّيْبُون-

الخِطِّيْبَى- عورت جس کو کوئی پیغام نکاح دے-

الاَخْطَبُ- شکرا- مِنَ الحَنْظَلِ : سبز دھاریوں والا اندراین- الاَخْطَبُ : خطابت کا اسم تفضیل ہے جیسے کتابت سے اَكْتَبُ اور شعر سے اَشْعَر- کہا جاتا ہے "كَانَ اَخْطَبَ اَهْلِ زَمَانِهِ" وہ اپنے زمانہ کے لوگوں میں بڑا مقرر تھا-

خَطَرَ (ض) خَطَرَانًا وخَطِيْرًا-فِي مِشْيَتِهِ : ہاتھوں کو اوپر نیچے کرتے ہوئے چلنا-الرُّمْحُ :ہلنا ــــــ بِسَيْفِهِ اورُمْحِهِ : فخر و غرور سے ہلانا ــــــ بِيَدِهِ : چلنے میں آگے پیچھے کرنا(ــــــ خَطْرًا و خَطَرَانًا وخَطِيْرًا)الجَمَلُ بِذَنَبِهِ :بار بار اٹھانا اور رانوں پر مارنا-

خَطَرَ (ن ض) خُطُوْرًا- الامرُ لَهُ : سوجھنا خَطَرَتِ الحَوَادِث : پیش آنا- خَطَرَ الامرُ بِبَالِهِ وعَلَى وفي بَالِهِ :بھولنے کے بعد یاد آنا-

خَطُرَ (ک) خَطَرًا و خُطُورَةً- عالی مرتبہ

ہونا- صفت (خَطِيْرٌ) ج خُطُرٌ-

خَاطَرَ مُخَاطَرَةً- بِنَفْسِهٖ : خطرہ میں ڈالنا ـــــ ہ علٰی کَذَا : شرط لگانا-

اَخْطَرَ- الشَّیْئَ فِی او علٰی او بِبَالِهٖ : یاد دلانا ـــــ ہ : بلند مرتبہ میں ہم مثل ہونا ـــــ المالَ : مال کو شرط پر رکھنا ـــــ المَرِيْضُ : خطرہ میں ہونا- صفت (مُخْطِر)

تَخَطّٰی- پھاندنا- تجاوز کرنا- کہا جاتا ہے "تَخَطّٰرَ اِنّیْ شَرُّ فُلَانٍ" فلاں کا شر مجھ سے تجاوز کر گیا-

تَخَاطَرَ- القومُ عَلَی الشَّیْئِ : شرط لگانا-

الخَطْر- غلہ کا ایک بڑا پیمانہ (ـــــ و الخَطَر) اونٹ کے سرینوں پر مینگنی اور پیشاب مل کر جما ہوا- بادل جو سامنے ظاہر ہو-

الخِطْر- بہت پانی ملا ہوا دودھ- بہت سے اونٹ- شاخ- ایک قسم کی گھاس جس کو بطور خضاب کے استعمال کرتے ہیں- ج اَخْطَار-

الخَطَر- قریب بہلاکت ج اَخْطَار- کہا جاتا ہے "رَكِبُوْا الاَخْطَار" وہ لوگ خطروں میں پڑ گئے- شرافت- بلندی- رتبہ- مثل- ہم پلہ (اور ذی رتبہ چیز ہی میں استعمال ہوتا ہے) جیسے فِیْ ظِلِّ عیشٍ خَطِیْرٍ مَالَهٗ خَطَر- شرط جو گھوڑ دوڑ میں لگائی جائے- ج خِطَار- جج خُطُر-

الخَطْرَة- ایک بار- تم کہتے ہو "مَا لَقِیْتُهٗ اِلَّا خَطْرَةً" میں اس سے ایک بار ملا-

الخَاطِر- فا- امر یا تدبیر جو دل میں گزرے خیال اور کبھی دل اور نفس پر بھی مجازاً اطلاق کیا جاتا ہے- کہا جاتا ہے "وَقَعَ فِیْ خَاطِرِیْ" میرے دل میں واقع ہوا- و "فُلَانٌ سَرِيْعُ الخَاطِرِ" فلاں تیز طبیعت ہے- و "جَاشَ الشِّعْرُ فِیْ خَاطِرِیْ" میرے دل میں شعر کی آمد ہوئی- ج خَوَاطِر-

الخَطَّار- الخاطِر کا اسم مبالغہ- عطر فروش- نیزہ مارنے والا- نیزہ- گوپھن- زیتون کا خوشبودار تیل- شیر

الخَطَّارَة- اونٹوں کا باڑہ-

الخَطِیْر- عالی مرتبہ- شریف- مہار- رسّی- ترمرے- رات کی تاریکی- دھمکی- شادمانی- بلند رتبہ چیز کا مثل- کہا جاتا ہے "لَیْسَ لَهٗ خَطِیْرٌ" اس کا کوئی ہم پلہ نہیں-

المَخَاطِر- خطرے (اس کیلئے مفرد نہیں)

الخُطْرُب و الخُطَارِب- افترا پرداز- جھوٹا-

خَطْرَف و تَخَطْرَف- چلنے میں جلدی کرنا- صفت (خِطْرِيْف و خُطْرُف) خَطْرَفَهٗ بِالسَّيْفِ : تلوار سے مارنا-

خَطِفَ (س) خَطْفًا- الشَّیْئَ : اُچک لینا ـــــ البَرْقُ البَصَرَ : چندھا کر دینا ـــــ السمعَ : چوری سے سننا-

خَطِفَ (س) و خَطَفَ (ض) خَطَفَانًا- تیز چلنا- صفت (خَطِيْف و خَيْطَف)

خَطَّفَ- اُچک لینا (تشدید مبالغہ اور تکثیر کے لیے ہے)

اَخْطَفَهٗ- خطا کرنا ـــــ ہ المرضُ : بیماری کا ہلکا ہونا یا بالکل زائل ہونا ـــــ الرجلُ : کچھ بیمار ہونا اور جلدی سے ٹھیک ہونا-

تَخَطَّفَ و اِخْتَطَفَ- الشَّیْئَ : چھین لینا- کھینچنا- نکال لینا- اُچک لینا-

الخُطْف و الخُطُف- لاغری اور پہلوؤں کا دُبلا پن-

الخَطْفَة- جھپٹا- عضو جس کو درندہ جھپٹا مار کر اتار لے یا انسان کسی زندہ جانور سے کاٹ لے-

الخَاطِف- فا- بھیڑیا- تیر جو زمین پر پڑ کر نشانہ پر لگے- ج خَوَاطِف-

اَخْطَفُ- الحَشٰی : دُبلا-

الخَاطُوْف- درانتی کی مانند جس کو جال میں باندھ کر ہرن وغیرہ کا شکار کرتے ہیں-

الخَطَّاف- الخاطِف کا اسم مبالغہ- چور- شیطان- ابابیل کی مانند ایک پرندہ- الخَطَّاف : آنکس کی مانند ایک قسم کا ٹیڑھا لوہا جس سے کسی چیز کو اُچک لیا جائے- ج خَطَاطِيْف و خَطَاطِيْف السِّبَاع : درندوں کے چنگل-

الخَطَفٰی و الخَيْطَفٰی- تیز رفتاری- کہا جاتا ہے "هُوَ يَمْشِی الخَطَفٰی" وہ تیز چلتا ہے-

الخَطِيْفَة- ایک قسم کا کھانا جو آٹے میں دودھ ملا کر پکاتے ہیں اور پھر چمچہ سے جلدی جلدی کھاتے ہیں-

خَطِلَ (س) خَطَلًا و اَخْطَلَ- فِی کَلَامِهٖ : بہت بولنا اور فحش بولنا- فِی مَنْطِقِهٖ اَوْ رَأْيِهٖ : غلطی کرنا- جیسے "اِصَالَةُ الرَّایِ صَانَتْنِیْ مِنَ الخَطَلِ" رائے کی اصالت نے مجھ کو غلطی سے بچایا-

تَخَطَّلَ- فِی المَشْیِ : ناز انداز سے چلنا-

الخَاطِل- باطل-

الخَطَل- مص- بیوقوفی- سبکی- سرعت- بہت ردی گفتگو- کہا جاتا ہے- "اَرٰی فِیْ مَشْيِهٖ خَطَلًا" میں اس کی چال میں ضعف محسوس کرتا ہوں- گفتگوئے پریشان-

الخَطِل- بیہودہ گفتگو والا- بیوقوف- سَهْمٌ خَطِلٌ : نشانہ سے خطا کرنے والا تیر- ثَوْبٌ خَطِلٌ : موٹا کھردرا کپڑا جو لمبائی کی وجہ سے زمین پر کھنچے- ج اَخْطَال اور کہا جاتا ہے "رَجُلٌ خَطِلُ اليَدَيْنِ" سخت ہاتھوں والا مرد و "رُمْحٌ خَطِلٌ" بے ڈول لمبا نیزہ-

الخَطِل : تیز اور جلدی نیزہ مارنے والا- جیسے "اَحْوَسُ فِی الهَيْجَاءِ بِالرُّمْحِ خَطِل" شجاع و بہادر لڑائی میں تیز اور جلدی نیزہ مارنے والا ہوتا ہے- خَطِلٌ بالمعروف : داد و دہش میں جلدی کرنے والا-

الاَخْطَل- لمبے اور لٹکے ہوئے کانوں والا- بیہودہ گفتگو والا- مؤنث خَطْلَاء ج خُطْل-

الخَيْطَل- کتا- بلی- مصیبت- عطر فروش- ٹڈی دل-

خَطَمَهٗ (ض) خَطْمًا و خَطَّمَهٗ- بِالخِطَامِ : نکیل لگانا- خَطَمَهٗ بِالكَلَامِ : خاموش کرنا- مغلوب کرنا- خَطَمَ الرَّجُلَ : ناک پر مارنا- (ـــــ خَطْمًا و خِطَامًا) القَوْسَ بِالوَتَرِ : کمان پر تانت چڑھانا-

اِخْتَطَمَ- الخِطَامَ : نکیل لگانا-

المَخْطِم و المِخْطَم- ناک-

الخَطْم- مص- ناک کا اگلا حصہ- چونچ ـــــ مِنَ الدَّابَّةِ : چوپایہ کی ناک اور منہ کے سامنے کا حصہ- اَمْرٌ عَظِيْمٌ : پہاڑ کی چوٹی-

الخِطَام- مہار- نکیل- کمان کی تانت- ج خُطُم-

الخَاطِم۔ فا۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ خَاطِمُ اَمْرِ بَنِیْ فُلَانٍ" فلاں بنو فلاں کا قائد ہے اور ان کے معاملات کا منتظم ہے۔

الخَطَّام۔ اسم مبالغہ۔ مِسْكٌ خَطَّامٌ: ناک کو خوشبو سے بھردینے والی کستوری۔

الاَخْطَم۔ لمبی ناک والا۔ کالا۔ مؤنث خَطْماء۔ ج خُطْم۔

الخِطْمِیُّ۔ ایک قسم کی نباتات جو دواؤں میں کام آتی ہے۔ واحد (خِطْمِیَّة)

خَطَا (ن) خَطْوًا۔ قدموں کے درمیان کشادہ کرکے چلنا۔

خَطَّا و اَخْطَی۔ الرجلَ: قدموں کو کشادہ کر کے چلانا۔ خُطِّیَ عَنْهُ الشَّیْئُ: زائل کیا جانا۔

تَخَطَّی تَخَطِّیًا و اِخْتَطَی اِخْتِطَاءً۔ ہ اِلٰی کَذَا: پھاندنا۔ تجاوز کرنا۔ آگے بڑھ جانا۔

الخُطْوَة۔ چلنے کے وقت دو قدموں کے درمیان کا فاصلہ۔ عوام اسے فشخه کہتے ہیں۔ مسافت۔ کہا جاتا ہے۔ قَرَّبَ اللّٰهُ عَلَیْكَ الخُطْوَةَ: اللہ تعالیٰ مسافت کو تمہارے لیے قریب کر دیں۔ ج خُطًی و خُطُوَات و خُطَوَات و خُطْوَات۔

الخَطْوَة۔ بمعنی خُطْوَة۔ خطا کا اسم مرۃ ___ فِی المَسَاحَةِ: چھ قدم۔

الخَطِیَّة۔ گناہ۔

خَظَا یَخْظُوْ اخُظُوًّا۔ لَحْمُه: گٹھا ہونا۔

اَخْظَی۔ الرَّجُلُ: موٹا ہونا۔ اَخْظَاه: موٹا کرنا۔

الخَظِی۔ گٹھے بدن والا۔ کہا جاتا ہے "اِمْرَأَةٌ خَظِیَةٌ بَظِیَةٌ" گٹھیلی بدن کی عورت۔

الخَیْعَل: بھیڑیا۔ چھلاوہ۔ بغیر آستینوں کی قمیص۔ کہا جاتا ہے "خَیْعَلَهٗ" یعنی اس نے اس کو بغیر آستینوں کی قمیص پہنائی۔ اور (تَخَیْعَلَ) اس نے بغیر آستینوں کی قمیص پہنی۔

خَفَّ (ض) خَفًّا و خِفَّةً و خَفَّةً۔ ہلکا ہونا۔ خفیف العقل ہونا۔ کم مال والا ہونا۔

___ المطرُ: کم ہونا (___ خَفًّا و خِفَّةً و خُفُوْفًا) اِلَی العَدُوِّ: جلدی کرنا ___ القومُ: جلدی کوچ کر کے کم ہونا۔

خَفَّفَ۔ الشَّیْئَ: ہلکا کرنا ___ الحرفَ: مشدد نہ کرنا ___ الثوبَ: باریک بنانا۔

اَخَفَّ۔ کم سامان والا ہونا۔ سبک حال ہونا ___ الرجلَ: جہالت پر اکسانا۔ عیب لگانا۔

تَخَفَّفَ۔ چمڑی موزہ پہننا۔ جلدی کرنا۔

تَخَافَّ۔ ہلکا پھلکا ہونا۔

اِستَخَفَّهٗ۔ ہلکا سمجھنا۔ جاہل سمجھنا۔ حق و صواب سے ہٹانا ___ ہ الغناءُ: طرب و نشاط میں ڈالنا ___ ہ الطَّربُ: ___

اِسْتَخَفَّ بِه: حقیر جاننا۔

الخِفُّ۔ ہلکا۔ تھوڑی جماعت۔ کہا جاتا ہے "خرجَ فِیْ خِفٍّ مِنْ اَصْحَابِه" وہ اپنے تھوڑے سے ساتھیوں کے ساتھ نکلا۔

الخُفُّ۔ للبَعِیْرِ و النَّعَامِ: اُونٹ اور شترمرغ کی ٹاپ۔ چمڑی موزہ۔ ج اَخْفَاف و خِفَاف۔ کہا جاتا ہے "خُفٌّ ضَاحِكٌ" پھٹا ہوا موزہ۔ الخُفُّ: قدم کا وہ حصہ جو زمین سے لگے۔ سخت زمین۔

الخِفَّة۔ ہلکا پن (جسم میں ہو یا عقل میں یا عمل میں)

الخَفِیْف۔ ہلکا۔ پھرتیلا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ خَفِیْفُ الرُّوْحِ" وہ لطیف اچھی صحبت والا ہے و "خَفِیْفُ القَلْبِ" ذکی و "خَفِیْفُ العَقْلِ" بیوقوف و "خَفِیْفُ الظَّهْرِ" کم اولاد والا و "خَفِیْفُ الیَدِ" پھرتیلا و "خَفِیْفُ العَارِضَیْنِ" داڑھی میں کم بال والا۔ ج اَخِفَّا و خِفَاف و اَخْفَاف۔ الخَفِیْفُ: علم عروض کی اصطلاح میں ایک بحر کا نام۔

الخُفَاف۔ ذکی، تیز فہم۔

الخَفَّاف۔ چمڑی موزوں کا بیچنے والا۔

الخَفُّوف۔ بجو۔

خَفَأَ (ف) خَفْأً۔ الشَّیْئَ: اکھیڑ کر زمین پر پٹکنا ___ البیتَ: ڈھا کر گرا دینا ___ القِرْبَةَ: مشک کو پھاڑ کر زمین پر بچھا دینا تاکہ پانی جذب نہ ہو۔

خَفَتَ (ن) خُفُوْتًا۔ الصوتُ: پست ہونا۔ صفت (خَافِتٌ و خَفِیْتٌ)۔ (___ خُفَاتًا۔) اچانک مرنا۔ (___ و خَفْتًا و خَافَتَ و تَخَافَتَ۔ بِكَلَامِه و بِصَوْتِه: پوشیدہ رکھنا۔ پست کرنا۔ آہستہ کرنا ___ بالقِرَاءَةِ: آہستہ پڑھنا۔ خَافَتَهٗ: پست گفتگو کرنا۔ تَخَافَتَ: بتکلف ضعف و سکون ظاہر کرنا۔

الخُفْت۔ ایک قسم کی نباتات۔

الخَفْتَان۔ جامہ (جنگ میں پہننے کا ایک لباس) (دخیل)

الخَافِتُ۔ بے پانی کا بادل۔ زرع خافت: کمزور پودہ جو ابھی لمبا نہ ہوا ہو۔

الخَفْثَل و الخُفَائِل۔ کم عقل۔ ضعیف البدن۔ ج خفائل۔

خَفِجَ (س) خَفَجًا۔ البعیرُ: خفج کی بیماری لاحق ہونا۔

الخَفِیْج۔ کمزور۔ سُست۔

الاَخْفَج۔ خفج کی بیماری والا۔ ٹیڑھے پاؤں والا۔ عمود اخفج: ٹیڑھا ستون۔

الخَفَج۔ ٹانگوں میں لڑکھڑاہٹ ہونا۔

خَفْخَفَ خَفْخَفَةً۔ الخِنْزِیْرُ او الضَّبُعُ: آواز کرنا ___ الرَّجُلُ قَمِیصَه الجَدِیْدَ اَوِ القِرْطَاسَ: حرکت دینے سے آواز نکلنا۔

الخَفْخَاف۔ وہ شخص جس کی آواز ناک سے نکلتی ہوئی معلوم ہو۔

خَفَدَ (ن) خَفْدًا و خَفَدَانًا و خَفِدَ (س) خَفَدًا۔ تیز چلنا۔

الخُفْدُد و الخُفْدُوْد۔ چمگادڑ یا چمگادڑ کی مانند ایک دوسرا پرندہ۔

الخَفَیْدَد۔ تیز چلنے والا۔ شترمرغ۔ ج خَفَادِد و خَفَادِیْد و خَفَیْدَدَات۔

خَفَرَ (ن ض) خَفْرًا و خَفَرًا۔ ہ و بِه و عَلَیْهِ: پناہ دینا۔ حفاظت کرنا۔ امن دینا ___ ہ: پناہ دینے کی اُجرت لینا۔ خَفَرَ بالعَهْدِ: وفا کرنا۔ عہد پورا کرنا۔ (___ خَفْرًا و خُفُوْرًا) فلانًا: عہد توڑنا۔ بیوفائی کرنا۔

خَفِرَت (س) خَفَرًا و خَفَارَةً الجَارِیَةُ: بہت شرمیلی ہونا۔ صفت (خَفِرٌ و خَفِرَةٌ و مِخْفَار)

خَفَّرَہ۔ امن دینا۔ حفاظت کرنا۔ شرمندہ کرنا۔ کسی کے ساتھ رہبر بھیجنا۔

تَخَفَّرَ۔ بِه: پناہ دینا۔ پناہ لینا۔ رہبر بننے کو کہنا۔

تَخَفَّرَتِ الجَارِیَةُ: بہت شرمیلی ہونا۔

الخَفَارَة- (بتثليث الخاء) رہبری- عہد-
الخُفَارَة :راہبر کی اُجرت-
الخُفْرَة- خفارة کے معنی میں اسم ہے- کہا جاتا ہے "هو فی خفرة الله" وہ اللہ کے ذمہ ہے "هَذَا خُفْرَتِیْ" یہ میرا رہبر ہے-
الخَفِیْر- پناہ دیا ہوا- پناہ دینے والا- حمایت و حفاظت کرنے والا- ج خُفَرَاء-
الخُفَرَة- پناہ دینے والا-
خَفَسَهُ(ن)خَفْسًا- ٹھٹھا کرنا-
خَفَسَ الطَّعَامَ او الشَّرابَ :تھوڑا کھانا یا پینا-
البناءَ :عمارت ڈھانا-
خَفَسَ (ض)خَفْسًا و اَخْفَسَ- بہت بدزبانی کرنا-
اِنْخَفَسَ-الماءُ :پانی کا متغیر ہونا-
تَخَفَّسَ-الرَّجُلُ :لیٹنا-
شرابٌ (مُخْفِسٌ) جلد مست کرنے والی شراب-
خَفَشَ (ن) خَفْشًا- بِهٖ : پھینکنا ـــــ البناءَ :ڈھانا-
خَفِشَ (س) خَفَشًا- کمزور ہونا- پیدائشی کمزور نظر والا ہونا- تنگ آنکھ والا ہونا- رتوندوالا ہونا- صفت (خَفِشٌ و اَخْفَش)
خَفَّشَ-البدنُ :بدن کا کمزور ہونا-
ـــــ البناءَ : عمارت ڈھانا ـــــ الرجلَ : پچھاڑ کر کچل دینا ـــــ بالارض : زمین سے چمٹنا-
الخُفَّاش- چمگادڑ- ج خَفَافِیْش-
خَفَضَهُ(ض)خَفْضًا- پست کرنا- الصوتَ : آہستہ کہنا ـــــ الکلمةَ : زیر دینا- خَفَضَ الصَّوْتُ : آہستہ ہونا ـــــ بالمکان : اقامت کرنا ـــــ الرَّجُلُ : مرنا ـــــ الابلُ :آہستہ چلنا ـــــ الجَارِیَةَ :ختنہ کرنا-
خَفُضَ (ک) خَفْضًا- العیشُ : آسودہ و خوشحال ہونا- صفت (خَفِیْضٌ و خَفْضٌ و خَافِضٌ و مخفوضٌ)
خَفَضَ-الشَّئَ : آسان کرنا- نرم کرنا اور اسی سے ہے "خَفِّضْ عَلَیْكَ" یعنی اپنے اوپر نرمی کرو-

تَخَفَّضَ-الامرُ :آسان ہونا-
اِنْخَفَضَ- بلندی کے بعد پست ہونا ـــــ الصوتُ :پست ہونا-
اِخْتَفَضَ-السعرُ :بھاؤ گرنا-
الخَافِض- فا- اللہ تعالیٰ کے اسمائے حسنیٰ میں سے ہے- اور کہا جاتا ہے "هُوَ خَافِضُ الطَّیْرِ و خَافِضُ الجَنَاحِ" وہ باوقار اور متحمل المزاج ہے- مؤنث خَافِضَةٌ- الخَافِضَة : لڑکیوں کی ختنہ کرنے والی-
الخَفْض- مد (ـــــ و الخَفِیْضَة) آسودگی- فراخی کی زندگی- کہا جاتا ہے "هُوَ فی خَفْضٍ مِنَ العَیْشِ" وہ آسودہ زندگی میں ہے-
خَفَعَ (ف) خَفْعًا- بھوک وغیرہ سے چکرا کر گرنا- خَفَعَهُ بالسَّیْفِ : تلوار سے مارنا- (خَفْعًا و خَفْعَانًا) السترُ :ہلنا-
اَخْفَعَهُ-الجُوْعُ :چکرا کر گرا دینا-
اِنْخَفَعَ-بیہوشی کے قریب ہونا-
المَخْفُوْع-دیوانہ-
خَفَقَه(ن ض)خَفْقًا-بالسَّیْفِ : آہستہ تلوار سے مارنا ـــــ النَّعْلُ : جوتے سے آواز نکلنا (ـــــ خَفْقًا و خُفُوْقًا و خَفَقَانًا) الفُؤَادُ :دھڑکنا ـــــ الرَّایَةُ : پھڑپھڑانا ـــــ البَرْقُ : کوندنا (ـــــ خُفُوْقًا) النجمُ : غروب ہونا ـــــ اللیلُ : اکثر حصہ گزر جانا ـــــ الطائرُ : اُڑنا ـــــ الرَّجُلُ فی البِلَادِ : سفر کرنا ـــــ المکان :خالی ہونا-
اَخْفَقَ- مضطرب ہونا- حاجت میں ناکام رہنا- محروم ہونا ـــــ القومُ : قوم کے توشہ کا ختم ہو جانا ـــــ بِرَاسِهٖ : اونگھ سے سر ہلانا ـــــ بِثَوْبِهٖ : کپڑے کو حرکت دے کر اشارہ کرنا ـــــ النجمُ :غروب ہونا ـــــ الطائرُ :بازو پھڑپھڑانا ـــــ ہ :پچھاڑنا-
اِخْتَفَقَ- العَلَمُ او السرابُ : جھنڈے کا یا سراب کا ہلنا-
الخَفْقَة-خَفَقَ کا اسم مرة-
الخِفْقَة-کوئی چیز جس سے مارا جائے- جیسے تسمہ وغیرہ-
الخَفِق و الخَفِقَة و الخُفَق و الخُفَقَة پتلی کمر کا گھوڑا (خَفِقَة اور خُفَقَة) میں تا تانیث کی نہیں مبالغہ کی ہے-) ج خِفَاق و خَفِقَات و خفقات-
الخَافِق- فا- مکانٌ خافِقٌ :انیس سے خالی جگہ- رَجُلٌ خافِقُ العَیْنِ : دھنسی ہوئی آنکھ والا-
الخَفَّاق-اسم مبالغہ-خَفَّاقُ القَدَم :وہ شخص جس کے قدم کا اگلا حصہ چوڑا ہو-
الخَفَّاقَة-ز بر-اِمْرَاَةٌ خَفَّاقَةُ الحَشَا :پتلی کمر والی عورت-
الخَافِقَان- پورب و پچھم-
الخَوَافِق و الخَافِقَات- خافِقَه کی جمع- جھنڈے- خَوَافِقُ السَّمَاءِ :ہوا چلنے کی چاروں سمتیں-
الخَیْفَق- مصیبت- بہت تیز رفتار گھوڑا یا اونٹنی- وسیع بیابان جس میں سراب چمکتا ہوا معلوم ہو-
المَخْفَق- ہموار زمین جس میں سیراب حرکت کرتا ہوا ہو-
المِخْفَق-چوڑی تلوار-
المِخْفَقَة- کوڑا جس سے مارا جائے- اور بقول بعض لکڑی کا کوڑا-
مخَافِق-النجم :ستاروں کے غروب ہونے کی جگہیں-
المَخْفُوْق-مف-پاگل-دیوانہ-
الخَافِل- بھاگنے والا-
الخَفْن-پیٹ کا ڈھیلا ہونا-
الخَیْفَان- ٹڈی-واحد(خیفانة)
الخَفَّان- شترمرغ کے چوزے-
الخُفَّان- ایک قسم کا نرم پتھر-یہ استعمال عوام سے ہے فصیح لفظ "الرخفة" ہے-
خَفَا (ن) خَفْوًا و خُفُوًّا- البرقُ : چمکنا ـــــ الشئ :ظاہر ہونا-
خَفَی (ض)خَفْیًا و خُفِیًّا-الشَّئَ :ظاہر کرنا- کہا جاتا ہے "خَفِیَ المَطَرُ الفَارَ" بارش نے چوہے کو بل سے نکال دیا- چھپانا- پوشیدہ کرنا- (ضد)
خَفِیَ (س) خَفَاءً و خُفْیَةً و خِفْیَةً- پوشیدہ

ہونا۔صفت(خَافٍ وخفیٌ)

خفَّی واَخْفَی۔ الشَّیَٔ: پوشیدہ کرنا۔ چھپانا۔ کہا جاتا ہے "اَخْفِ عنَّا" ہمارے متعلق جو تم سے دریافت کرے اس سے ہماری حالت چھپاؤ۔ واَخْفَی الرجُلُ: چھپنا۔ پوشیدہ ہونا۔ اَخفی الشَّیَٔ: سرپوش ہٹانا۔

تَخَفَّی واِسْتَخْفَی۔چھپنا۔پوشیدہ ہونا۔

اِخْتَفَی۔الشَّیَٔ: ظاہر کرنا۔ نکالنا ـــــ مِنْ فُلَانٍ: چھپنا ـــــ البِئْرَ: کھودنا۔

الخَفَّاء۔ مص۔ پوشیدگی۔ کہا جاتا ہے "بَرِحَ الخَفَّاء" یعنی معاملہ واضح ہوگیا۔ پردہ۔ چادر جو لباس کو چھپالے۔ پوشیدہ چیز۔ج اَخْفِیَةٌ۔ اَخْفِیَةُ الکَرَیٰ: آنکھیں۔ اَخْفِیَةُ الزَهْرَةِ: کلی کے غلاف۔

الخَفِیُّ۔لوگوں سے علیحدہ۔ مخفی جگہ میں رہنے والا۔ کہا جاتا ہے "رجُلٌ خَفِیُّ البَطْنِ" پتلے ہوئے پیٹ کا مرد۔

الخَافِی والخَافِیَاء۔جن۔

الخَافِیَة۔ الخافِی کا مؤنث۔ پوشیدہ چیز۔ پوشیدگی۔ جن۔ ج خَوَافٍ۔ اور کہا جاتا ہے "اَرْضُ خَافِیَةٍ" جنوں کی سرزمین۔

الخَوَافِیْ۔ پرندے کے بازوؤں کے نیچے چھپے ہوئے پر۔ اور امثال عرب سے ہے "لَیْسَ القَوادِمِ کالخَوَافِیْ" سخ پر چھوٹے پروں کی مانند نہیں۔

الخَفِیَّة۔ الخَفِیُّ کا مؤنث۔ گنجان۔ جھاڑی۔ کنواں جس میں پانی ہو۔ج خفایا و خفیّات کہا جاتا ہے۔"بِہٖ خَفِیَّةٌ" اس پر کچھ جنون و دیوانگی کا اثر ہے۔

المُخْتَفِی۔فا۔کفن چور۔

خَقَّتْ(ض)خَقًّا وخَقَقًا وخَقِیْقًا۔ القدرُ: جوش سے سنسانا۔خَقَّ السَّیلُ فِی الارضِ: گہرا گڑھا کر دینا(ـــــ واَخَقَّتْ)

البَکَرَةُ: چرخی کے سوراخ کا چوڑا ہونا۔

الخَقُّ۔ ج اَخْقَاق وخُقُوق و(الاُخقُوْق والاَخْقِیْق) زمین کا شگاف۔ تالاب جبکہ خشک ہو جائے۔

خَاقَان۔ ترکوں کے بادشاہ کا لقب۔ ج خَوَاقِیْن۔ کہا جاتا ہے (خَقَّنَهُ) القَوْمُ عَلٰی انفُسِہِمْ: لوگوں نے اس کو اپنا بادشاہ بنالیا۔

خَلَّ(ن ض)خَلاًّ و خُلُوْلاً۔لحمُهٗ: دُبلا ہونا۔ کم گوشت ہونا(ن خَلاًّ)الشَّیَٔ: سوراخ کرنا۔ ـــــ الفَصِیلَ: زبان کو چیر کر دودھ سے روکنے کیلئے لکڑی ڈالنا ـــــ فی دُعَائِہٖ: خاص کرنا۔

خَلَّ۔اِلَیْہِ: محتاج وفقیر ہونا۔

خَلَّلَ۔ العَصِیْرُ: کھٹا ہونا۔ سرکہ بننا ـــــ العَصِیْرَ: سرکہ بنانا ـــــ الاَسنَانَ: خلال کرنا۔

خَلَّلَ فِیْ دُعَائِہٖ: خاص کرنا۔

خَالَّهٗ مُخَالَّةً و خِلاَلاً وخَلاَلاً۔ دوستی کرنا۔ بھائی بندی کرنا۔

اَخَلَّ۔ محتاج ہونا ـــــ بالشَّیْئِ: کوتاہی کرنا۔ چھوڑ دینا ـــــ الوالی بالثُّغُوْرِ: لشکر کم کر دینا ـــــ بِمَرْکَزِہٖ: مرکز کو چھوڑ دینا ـــــ بِقَوْمِہٖ: غائب ہو جانا ـــــ بِالرَّجُلِ: پورا حق نہ دینا۔ بالاَمْرِ: برے طریقے سے انجام دینا۔ بگاڑ دینا۔ اَخَلَّهُ اللّٰهُ: محتاج کر دینا۔ اُخِلَّ بِالرجُلِ: محتاج ہونا۔

تَخَلَّلَ۔ القومَ: قوم میں مل جانا ـــــ ہ بالرُّمْحِ: پیاپے نیزے مارنا ـــــ الشَّیُٔ فیہ: نفوذ کرنا ـــــ المطَرُ: مخصوص جگہ میں برسنا ـــــ الرَجُلُ: خلال کرنا۔

اِخْتَلَّ۔ الامرُ: کمزور و فاسد ہونا ـــــ عَقلُه: خراب ہونا ـــــ اِلَیْہ: محتاج ہونا ـــــ العَصِیْرُ: سرکہ بننا ـــــ العَصِیْرَ: سرکہ بنانا ـــــ لَحْمُهٗ: لاغری کی وجہ سے کم ہونا ـــــ الرَجُلُ: اپنے لیے سرکہ بنانا۔

تَخَالُّوا تَخَالاًّ۔باہم دوستی کرنا۔

الخَلُّ۔ مص۔ سرکہ۔ ریگستانی راستہ۔ دُبلے جسم والا۔ لاغر۔ موٹا۔ بوسیدہ کپڑا۔ کپڑے کی پھٹن۔ ج اَخُلٌّ وخِلاَل۔ کہا جاتا ہے "مَالَهٗ خَلٌّ ولاَ خَمْرٌ" اس کے پاس نہ جید ہے نہ ردی "ولسْتُ مِنْ هٰذَا الاَمْرِ فِیْ خَلٍّ ولاَ خَمْرٍ" مجھ کو اس معاملہ کے نہ خیر سے مطلب نہ شر سے کام۔ اُمُّ الخَلِّ: شراب۔

الخِلُّ والخُلُّ۔ دوست۔ مؤنث خَلٌّ وخَلَّة۔ ج اَخلاَل۔

الخِلَل۔ سستی۔ فساد۔ رائے میں انتشار و پراگندگی۔شگاف۔دراڑ۔ج خِلاَل۔

الخِلَل۔ دانتوں کے درمیان خوراک کا بقیہ۔ واحد (خِلَّة) کہا جاتا ہے "هو خِلَل القَوْمِ" وہ قوم کے درمیان ہے۔

الخَلَّة۔عادت۔سوراخ۔ تھوڑا سرکہ، تھوڑی سی کھٹی شراب۔ حاجت۔ محتاجی۔ ج خِلاَل وخَلَل۔الخَلَّة: ہلکی پھلکی عورت۔

الخُلَّة۔ گھاس جس میں مٹھاس ہو۔ج خُلَل۔ دوستی۔عادت۔بیوی۔محبوبہ۔دوست(واحد تثنیہ جمع مذکر مؤنث سب کے لئے) تم کہتے ہو "هُوَ وَهِیَ وهُنَّ خُلَّتِی"

الخِلَّة۔ دوستی۔ بھائی بندی۔ تلوار کی میان جس پر چمڑا منڈھا ہوا ہو۔ چمڑا جو منقش ہو۔ج خِلَل وخِلاَل۔

الخِلاَل۔سوراخ کرنے کا آلہ۔لکڑی جو اُونٹ کے بچے کی زبان میں لگادی جاتی ہے تاکہ دودھ نہ پی سکے۔ج اَخِلَّة(ـــــ والخِلاَلَة)دانت صاف کرنے کا تنکا۔

الخِلاَل والخُلاَلَة۔ دانتوں کے درمیان خوراک کا بقیہ۔ و خِلاَلُ الدِّیارِ: شہروں کا اردگرد۔ گھروں کے درمیان۔ کہا جاتا ہے هو خِلاَلُهُم: وہ ان کے درمیان ہے۔

الخَلاَلَة والخِلاَلَة والخُلاَلَة۔ سچی دوستی۔

الخَلِیْل۔ خالص دوست۔ ج اَخِلاَّء و خُلاَّن۔ لاغر بدن۔ فقیر۔ مؤنث خَلِیْلَة۔ ج خلیلات وخلائل۔شیٌٔ خلیلٌ: چھدی ہوئی چیز۔

الخَلاَّل۔ سرکہ بیچنے والا۔ سرکہ بنانے والا۔

الاَخَلُّ۔ محتاج۔ دوسرے سے زیادہ محتاج۔ رجلٌ(مِخلٌّ) محتاج مرد۔

خَلا(ف) خُلُوْءً ا۔ جگہ سے نہ ٹلنا۔ خَلات النَاقةُ: اَڑ جانا۔

خَالا مُخَالاةً۔ القومُ: ایک چیز کو چھوڑ کر دوسری میں مشغول ہو جانا۔

خَلَبَه (ن ض) خَلْبًا۔ بِظُفْرِہٖ: خراش لگانا۔ زخمی کرنا ـــــ السَّبُعُ الفَرِیْسَةَ: چنگل سے پکڑنا ـــــ الفَتٰی: جوان کے دل کو چھین لینا۔

اور فتنہ میں مبتلا کرنا۔

خَلَبَه (ن) خَلْبًا و خِلاَبًا و خِلاَبَةً و خَالَبَه مُخَالَبَةً و خَلَّبَه و اِخْتَلَبَهُ: نرم کلامی سے فریفتہ کرنا۔ صفت (خَالِبٌ و خَلُوبٌ و خلاّبٌ و خَلَبُوت) مؤنث خَالِبَةٌ و خَلِبَةٌ و خَلُوْبٌ و خَلاَّبَةٌ و خَلَبُوْت۔

خَلِبَت (س) خَلَبًا۔ المرأة: بیوقوف ہونا۔ صفت خلباء۔

اَخْلَبَ۔ الماءُ: کیچڑ والا ہونا۔ صفت (مُخْلِب)

اِسْتَخْلَبَهٗ بِظُفْرِهٖ: خراش لگانا۔

الخِلْب۔ جگر کے اُوپر کی جھلی۔ انگور کے پتے۔ ج اَخْلاَب (___ والمِخْلَب) چنگل۔ ج مَخَالِب۔ المخلب: درانتی۔

الخُلْب والخُلُب۔ کیچڑ۔ کھجور کے درخت کا گودا۔ کھجور کے درخت کی چھال اور اس کی بٹی ہوئی رسّی۔

الخُلَّب۔ بے بارش کا بادل۔ والبرقُ الخُلَّب و بَرْقُ الخُلَّب: بے بارش کے بادل کی بجلی۔ "اِنَّمَا اَنْتَ کَبَرْقِ خُلَّب" اس شخص کے حق میں بولتے ہیں جو وعدہ کرے اور پورا نہ کرے۔

الخِلِّیْبٰی فریب۔

المُخَلَّب۔ مِنَ الثِّیَاب: بہت نقش و نگار والا کپڑا۔

الخُلْبُوْب۔ فریبی۔

خَلْبَسَه۔ او خَلْبَسَ قلبه: فریفتہ کرنا۔

الخِلاَبِس۔ نرم بات۔

الخُلاَبِس والخَلاَبِس والخَلاَبِیْس: باطل و جھوٹی باتیں۔ الخَلاَبِیْس: کمینے و فرومایہ لوگ۔

الخَلَنْبُوْس۔ چقماق۔

خَلْبَص۔ بھاگنا۔

الخَلْبُوْص۔ چڑیا کا ہم رنگ اس سے چھوٹا ایک پرندہ۔

خَلَجَه (ن ض) خَلْجًا۔ کھینچنا۔ کھینچ کر نکالنا ___ ہ بِعَیْنِهٖ: آنکھ سے اشارہ کرنا ___ الشَّیئَ: حرکت دینا ___ ہ بالسَّیف: تلوار سے مارنا ___ الولدَ: دودھ چھڑانا ___ ہ الامرُ: مشغول کرنا۔ کہا جاتا ہے "خَلَجَتْهُ اُمُوْرُ الدُّنْیَا" اس کو دنیا کے دھندوں نے پھنسالیا۔

خَلَجَت (ن ض) خَلَجًا و خُلُوْجًا و خَلَجَانًا۔ العین: پھڑکنا۔

خَلِجَ (س) خَلَجًا۔ چلنے یا تھکنے کی وجہ سے ہڈیوں کا درد کرنا ___ الشَّیئُ: بگڑنا۔ خراب ہونا۔

خَالَجَ۔ قلبه امرٌ: کسی معاملہ کا دل کو سوچ بچار میں ڈال دینا۔

اَخْلَجَ۔ حَاجِبَیْهِ: مٹکانا۔

تَخَلَّجَ۔ لڑکھڑانا۔ ہلنا' جھکنا ___ الشَّیئَ: کھینچنا۔

تَخَالَجَتْه۔ الهُمُوْمُ: کہا جاتا ہے "تخالج فی صدری شیٔ" یعنی میرے دل میں کچھ خلجان ہوا۔

اِخْتَلَجَ۔ جھڑ جانا ___ العینُ: پپوٹوں کا غیر ارادی طور پر پھڑکنا ___ الشیئ فی صدره: خلجان ہونا ___ الشَّیئَ: کھینچ کر نکالنا ___ الولدَ: دودھ چھڑانا۔

اُخْتُلِجَ۔ من بینهم: مرنا۔

الخَالِج۔ فا۔ موت۔

الخُلُج۔ کانپنے والے بدن کے لوگ۔ مشکوک نسب کے لوگ۔

الاَخْلَج۔ رسّی۔

الخَلِیْج۔ من البحر: کھاڑی۔ ندی۔ چھوٹی کشتی۔ رسّی۔ ج خُلُجَان و خُلُج۔ خَلِیْجَا النهر: دریا کے دونوں جانب۔

الخِلاَج۔ ایک قسم کی دھاری دار چادر۔

الخَلُوْج۔ اُونٹنی جس کا دودھ بچہ جدا کرنے کی وجہ سے کم ہو گیا ہو۔ تیز رو اُونٹنی۔ پراگندہ بادل۔ بہت پانی والا بادل۔

الاِخْلِیْج۔ ایک قسم کی گھاس ___ مِنَ الخَیل: تیز رفتار گھوڑا۔

خَلْخَلَ۔ العظمَ: گوشت چھڑا کر صاف کرنا ___ المرأةَ: پازیب پہنانا۔

تَخَلْخَلَ۔ الشَّیئُ: کسی چیز کے اجزاء کا ملا ہوا نہ ہونا۔ بیچ بیچ میں خالی ہونا ___ من مَکَانِهٖ: جگہ سے ہلنا ___ المرأة: پازیب پہننا ___ الثوبُ: بوسیدہ ہونا۔

الخَلْخَال۔ ج خَلاَخِیْل و (الخَلْخَل والخُلْخُل) ج خَلاَخِل۔ پازیب۔ ثوب (خَلْخَالٌ و خلخل) باریک کپڑا۔

المُخَلْخَل۔ پنڈلی پازیب پہننے کی جگہ۔ عسکر (مُتَخَلْخِل) بکھری ہوئی فوج۔

خَلَدَ (ن) خُلُوْدًا۔ ہمیشہ رہنا۔ (___ خَلْدًا و خُلُوْدًا) باوجود زیادتی عمر کے کمزوری و بڑھاپا نہ آنا۔ صفت (خَالِد و مُخْلَد و مُخْلِد و مُخَلَّد) ___ الی المَکَان و بالمَکَان: اقامت کرنا ___ الی الارضِ: چمٹنا۔

خَلَّدَ و اَخْلَدَ۔ الی المکان و بالمکان: اقامت کرنا ___ ہ: ہمیشہ کیلئے رکھنا۔ اَخْلَدَ بِصَاحِبِهٖ: ہمیشہ ساتھ رہنا۔ اَخْلَدَ اِلَیْهِ: مائل ہونا۔ جھکنا۔

الخُلْد۔ ہمیشگی۔ دوام۔ بقا۔ الخُلْد: چھچھوندر۔ مَنَاجِذُ الخلد: کنگن۔ بالی۔ ج خِلَدَة۔

الخَلَد۔ دل۔ ہمیشہ رہنے والا۔

الخَلَدَة۔ بالی۔ کنگن۔

الخَالِد۔ فا۔ اَبُوْخَالِد: کتا۔

الجزائرُ الخَالِدَات۔ جزائر کناری۔

الخَوَالِد۔ دیگ دان کے پائے۔ پہاڑ۔ پتھر۔

الخُلَّر۔ ایک قسم کی نباتات۔ بقول بعض لوبیا یا ماش۔

خَلَسَ (ض) خَلْسًا و خِلِّیْسٰی۔ الشَّیئَ: فریب سے جھپٹا مار لینا۔

اَخْلَسَ۔ النبتُ: سبز اور خشک ملا جلا ہونا ___ الرأسُ: بالوں کا کھچڑی ہونا۔ صفت خَلْس و خَلِیْس و مُخْلِس اَخْلَسَتِ الارضُ: کچھ ہریالی ہونا۔

خَالَسَهٗ مُخَالَسَةً۔ جلدی کرنا۔

تَخَالَسَ۔ القوم الشَّیئَ: ایک دوسرے سے چھینٹا۔ کہا جاتا ہے "هُمَا یَتَخَالَسَانِ اَنْفُسَهُمَا" وہ دونوں ایک دوسرے کے قتل کا ارادہ کرتے ہیں۔

اِخْتَلَسَ۔ الشَّیئَ: فریب سے جھپٹا مار لینا ___ القارئ الحَرَکَةَ: پورا نہ پڑھنا۔ اس کے

مقابلہ میں اشباع ہے جس کے معنی پر پڑھنے کے ہیں کہ جس سے بجائے حرکت کے حرفِ علت پیدا ہو جائے۔

الخُلْسَة۔ جھپٹ۔ جھپٹی ہوئی چیز۔ مناسب فرصت۔ اور اسی سے ہے "الخُلْسَةُ سَرِيعَةُ الفوتِ بَطِيئَةُ العَوْدِ" فرصت جلد ختم ہو جانے والی اور دیر میں آنے والی ہے۔

الخَلِيْس و الخَلاَّس۔ چوکنا، بہادر۔

الخَلِيْسَة۔ درندے کے منہ سے چھڑایا ہوا جانور جو ذبح کرنے سے پہلے مرجائے۔

الخِلاَسِیّ۔ وہ بچہ کہ جس کے ماں باپ میں سے ایک گورا ایک کالا ہو۔

خَلَص (ن) خُلُوصًا و خَلاَصًا۔ خالص ہونا ___ مِنَ الهلاک: نجات پانا۔ محفوظ رہنا ___ الماءُ مِنَ الكَدرِ: صاف ہونا ___ الی المكانِ و بالمَكَانِ: پہنچنا ___ مِنَ القَوْمِ: جدا ہونا۔

خَلِص (س) خَلَصًا۔ اللحمُ: گوشت میں ہڈی کا چورا ہونا۔

خَلَّصَه۔ من کذا: نجات دینا۔ خَلَّصَ الشَّیَٔ صاف کرنا۔ خالص کرنا۔ خلاصہ لینا۔ خَلَّصَ الرَّجُلَ: مثل شی دینا۔

خَالَصَه مُخَالَصَة۔ فی العِشْرَةِ او المَوَدَّةِ: خلوص برتنا۔ خَالَصَهُ الوِدَّ: خالص دوستی کرنا۔

تَخَالَصَا۔ باہم خالص دوستی کرنا۔

أَخْلَصَ۔ الشَّیَٔ: خلاصہ لینا۔ چن لینا۔

___ ہ اللّٰهُ: عیوب سے خالی کرنا ___ الطاعة و فی الطَّاعَةِ: بے نام و نمود کے کرنا ___ لہ الحبَّ او القول: کھوٹ سے خالی کرنا۔

تَخَلَّصَ۔ منہ: نجات پانا۔ جدا ہونا ___ من کذا الی کذا: منتقل ہونا۔

اِسْتَخْلَصَه۔ چن لینا ___ الشیٔ منه: اپنے لیے حاصل کرنا۔

الخَلاَص۔ مص (___ و الخِلاَص) کھوٹ سے خالی کیا ہوا۔ (سونا چاندی وغیرہ)

الخُلاَصَة و الخِلاَصَة۔ خالص گھی۔ پھر اس کا عام طریقہ سے استعمال ہر اس چیز پر ہونے لگا جو دوسرے سے خالص کر لیا گیا ہو۔ اور اسی سے ہے "خُلاَصَةُ الكَلاَمِ"

الإخْلاَص و الإخْلاَصَة۔ مکھن جو تلچھٹ سے جدا کر لیا جائے۔ "كَلِمَةُ الإخْلاَصِ" لا اِلٰہ الا اللّٰہ

الخَلَص۔ ہر سفید چیز۔

الخِلْص۔ ج خُلَصَاء و (الخُلْصَان) یار یا خالص دوست۔ خُلْصان مفرد و جمع دونوں کے لیے مستعمل ہے۔ کہا جاتا ہے "هُوَ خُلْصَانِیْ و هُم خُلْصَانِی"

الخَالِص۔ فا۔ بے کھوٹ۔ صاف رنگ۔ کہا جاتا ہے "هٰذا ثَوْبٌ خَالِصٌ" یہ صاف رنگ کا کپڑا ہے۔ ج خُلَّص۔

الخَالِصَة۔ خالص کا مؤنث۔ کہا جاتا ہے "هُوَ خَالِصَتِی" وہ میرا دوست ہے و "هٰذا الشَّیُٔ خَالِصَةٌ لَكَ" یہ چیز تمہارے لیے مخصوص ہے۔

الخُلُوْص۔ رُبّ جو کھجور سے تیار کی جائے۔ تلچھٹ جو خالص گھی کی تہ میں بیٹھ جائے۔ بالائی

المُخَلِّص۔ فا۔ نجات دہندہ۔

خَلَطَ (ض) خَلْطًا و خَلَّطَ۔ الشَّیَٔ بالشیٔ: ملانا۔ کہا جاتا ہے "خَلَّطَ المَرِيْضُ" بیمار نے مضر چیزیں کھائیں۔ و "خَلَّطَ فی الكَلاَمِ" اس نے بکواس کی۔ خَلَّطَ فی الشَّیِٔ: خراب و فاسد کرنا۔

أَخْلَطَ۔ الفرسُ: دوڑنے میں کوتاہی کرنا۔

خَالَطَه مُخَالَطَةً و خِلاَطًا۔ ملنا۔ میل ملاپ کرنا۔ ساتھ رہنا ___ الداءُ فُلاَنًا: بیماری لاحق ہونا۔

خُوْلِطَ۔ فی عَقْلِهِ: مخبوط الحواس ہونا۔

اِخْتَلَطَ۔ ملنا ___ الظَّلاَمُ: تاریکی کا چھا جانا ___ الرَّجُلُ: خراب عقل والا ہونا۔

___ الفرسُ: دوڑنے میں کوتاہی کرنا۔

تَخَالَطُوْا۔ باہم ایک دوسرے کے ساتھ گتھ جانا۔

الخَلْط۔ مص۔ لوگوں سے ملنے والا اور چاپلوسی کرنے والا۔

الخِلْط۔ ٹیڑھا تیر۔ ٹیڑھی کمان۔ بیوقوف۔ کہا جاتا ہے "هُوَ خِلْطٌ بَيِّنُ الخِلاَطَةِ" وہ بیوقوف ہے جس کی بیوقوفی ظاہر ہے۔ ہر وہ چیز جو دوسری چیز سے ملے۔ ج أَخْلاَط۔ حرامی۔ اور کہا جاتا ہے "رجل خِلْطٌ مِلْطٌ" مخلوط نسب کا مرد۔

الأَخْلاَط۔ ملی جلی قسمیں۔ أَخْلاَطُ الجَسَدِ فی عُرْفِ الأَقْدَمِيْنَ۔ خون۔ بلغم۔ سودا۔ صفرا۔ و أَخْلاَطُ القَوْمِ: قوم کے معمولی اور گھٹیا درجہ کے لوگ۔

الخَلِط۔ بیوقوف۔

الخُلْطَة۔ شرکت۔

الخِلاَط۔ آدمیوں اور جانوروں کا ملا جلا ہونا۔

الخَلاَطَة۔ عقل کی خرابی۔ بیوقوفی۔

الخَلِيْط۔ ج خُلُط و خُلَطَاء: خلط ملط رکھنے والا۔ شریک۔ وہ لوگ جن کا معاملہ ایک ہو۔ شوہر۔ پڑوسی۔ ساتھی۔ بھوسہ ملی ہوئی مٹی۔ خَلِيْطُ الرَّجُلِ: میل جول رکھنے والا۔ کہا جاتا ہے "خَلِيْطٌ مِنَ النَّاسِ" معمولی اور گھٹیا درجہ کے لوگ۔

الخُلَّيْطی و الخُلَيْطی۔ معمولی اور گھٹیا درجہ کے لوگ۔ کہا جاتا ہے و "قَعُوْا فی خُلَّيْطی" وہ لوگ گڑبڑی میں پڑ گئے۔

المِخْلاَط و المِخْلَط۔ بہت میل جول رکھنے والا۔ جمل (مُخْتَلِطٌ) موٹا اونٹ کہ جس کی چربی گوشت کے ساتھ مل گئی ہو۔

خَلَع (ف) خَلْعًا۔ الشَّیَٔ: اتارنا ___ كَتِفَه او وَرِكَه: عضو کو جگہ سے ہٹا دینا ___ القائدَ: معزول کر دینا ___ الدابةَ: بندش سے آزاد کر دینا ___ العِذَارَ: اپنے مرتبہ کو گرا دینا (کنایہ ہے بے حیائی سے) ___ عَلَيْهِ ثَوْبًا: خلعت دینا۔ خَلَعَ الشَّجَرُ: پتے جھڑنا، نئے پتے نکلنا۔

خَلَعَ (ف) خَلْعًا و خُلْعًا۔ ابنه: عاق کرنا۔ صفت مفعولی (خَلِيْع) زمانہ جاہلیت میں ایسا کیا کرتے تھے جس کی وجہ سے بیٹا باپ کے جرم میں ماخوذ نہیں ہوتا تھا۔

___ اِمْرَأَتَه: مال کے عوض میں طلاق دینا صفت مفعولی (خَالِعٌ) اسم (الخُلْعَة)

خُلِعَ۔ المَيِّتُ: کفن جدا کیا جانا۔

خَلُعَ (ک) خَلاَعَةً۔ خواہشاتِ نفسانی کا تابع ہونا۔ بے حیاء ہونا۔

خَالَعَ مُخَالَعَةً- الرَّجُلُ زَوْجَتَه اَوِ الْمَرْاَةُ زَوْجَهَا :مال کے شرط پر جدائی اختیار کرنا-
خَالَعَ الرجلَ :جوا کھیلنا-
خَلَعَ- جدا جدا- خالص کرنا-
اَخْلَعَ- السنبل : خوشہ میں دانے بیٹھنا ___الشجرُ :نئے پتے نکلنا-
تَخَلَّعَ- فِى الْمَشْىِ :چلنے میں پیروں کو علیحدہ علیحدہ رکھنا ___ فِى الشَّرَابِ : منہمک ہونا ___ القومُ :چپکے سے کھسک کر چلا جانا-
تَخَالَعَ- الزَّوْجُ وَالزَّوْجَةُ : مال پر جدائی اختیار کرنا ___ القومُ :باہم عہد توڑنا-
اِنْخَلَعَ- ہٹ جانا- اُکھڑ جانا- زائل ہو جانا-
اِخْتَلَعَ- الشئَ :نکال لینا- کھینچ لینا-
اِخْتَلَعُوا الرجلَ : مال لے لینا- اِخْتَلَعَتِ المرأَةُ مِنْ زَوْجِهَا :مال دے کر جدائی اختیار کرنا- اسم (الخُلْع)
الخِلْعَةُ- کپڑے جو عزت کے طور پر ملیں- اُتارا ہوا کپڑا- عمدہ مال-
الخُلْعَةُ- عمدہ مال- کمزوری- کہا جاتا ہے "فیه خُلْعة" اس میں کمزوری ہے-
الخُلاَعُ- ایک قسم کی دیوانگی جو انسان کو لاحق ہوتی ہے-
الخَلِيْعُ- بے حیائی کا کام کر کے اپنے مرتبہ کو گرا دینے والا- معزول شدہ- خبیث- جوئے باز- ج خُلَعَاء- بھیڑیا- بھوت- ثوبٌ خَلِيْعٌ بوسیدہ کپڑا-
الخَلِيْعَةُ- بے حیائی- الخليع کا مؤنث- من مانی عورت-
الخَوْلَعُ- بیوقوف- ایک قسم کا کھانا جو آٹے سے تیار کیا جاتا ہے- سرکہ میں جوش دیا ہوا گوشت- بھیڑیا (___ و الخَيْلَعُ) خوف جو دل پر طاری ہو- الخَيْلَع :بے آستینوں کی قمیص- رَجُلٌ خَيْلَعٌ :کمزور مرد-
المُخَلَّعُ- مفه ___ من الرجال : کمزور سُست- اکھڑے ہوئے جوڑوں والا- وہ شخص جس کا سارا بدن یا کچھ بدن بے حس ہو-
الخَلْعَاءُ و الخَلَعْلَعُ- بجو-
خَلَفَه (ن) خِلاَفَةً و خِلِّيْفَى- جانشین ہونا ___ رَبُّه فِى قَوْمِه :جانشین بنانا- الرجلَ : قائم مقام ہونا (___ خَلْفًا و خِلْفَةً) الفاكهةُ بَعْضُهَا بَعْضًا :ایک دوسرے کے قائم مقام ہونا (___ خَلاَفَةً و خُلُوْفًا) الغلامُ : بیوقوف ہونا- صفت (خَالِف خالِفَة) ___ عن خُلُقِ اَبِيْه : باپ کے عادات و اخلاق سے بدل جانا (___ خُلُوْفًا و خُلُوْفَةً) فم الصَّائم :منہ کی بو کا متغیر ہونا (خَلَفَ (ض) خَلْفًا) الرجلُ لِاَهْلِه : اپنے گھر والوں کے لیے پانی لانا ___ البيتَ :پچھلے حصہ میں ستون لگانا ___ اَبَاه :باپ کے قائم مقام ہونا- کہا جاتا ہے "خَلَفَ اللّٰهُ لَكَ وَ عَلَيْكَ" اللہ تعالیٰ تم کو بدلہ دیں ___ الثوبَ : مرمت کرنا ___ عَنْ اَصْحَابِه : پیچھے رہ جانا ___ فلانًا :پیچھے سے پکڑنا- جانشین ہونا- اور کہا جاتا ہے "خَلَفَ لَهُ بِالسَّيْفِ" اس کے پیچھے سے آکر اس نے اسے تلوار ماری- و "خَلَفَ لَهُ بِخَيْرٍ او شَرٍّ" اس کی غیر موجودگی میں اس نے اس کا بھلا یا برا ذکر کیا-
خَلِفَ (س) خَلَفًا- بائیں ہتھا ہونا- بھینگا ہونا- بیوقوف ہونا- خَلِفَتِ النَّاقَةُ : حاملہ ہونا- صفت (خَلِفَة)
خَلَّفَ- الشئَ :پیچھے چھوڑنا- مؤخر کرنا ___ ہ :جانشین بنانا-
خَالَفَهُ خِلاَفًا و مُخَالَفَةً- ناموافقت کرنا-
خَالَفَ عَنْ كَذَا : پیچھے رہنا ___ بَيْنَ رِجْلَيْهِ : آگے پیچھے کرنا اور تم کہتے ہو "خَالَفَنِى عَنْ كَذَا" جبکہ وہ اعراض کر رہا ہو اور تم قصد کر رہے ہو- اور "خَالَفَنِى اِلَى كَذَا" جبکہ وہ قصد کر رہا ہو اور تم اعراض کرتے ہو-
اَخْلَفَ- بُو کا بدلنا یا خراب ہونا ___ الثوبَ :مرمت کرنا ___ لِاَهْلِه :اپنے لوگوں کیلئے پانی کھینچنا ___ وَعْدَهُ و بِوَعْدِهِ : پورا نہ کرنا ___ ہ :وعدہ خلاف پانا ___ الغيثُ : امید کے بعد نہ برسنا ___ الشجرةُ : کٹی ہوئی شاخ کے بدلے دوسری شاخ نکلنا ___ الطَّائِرُ : پہلے پروں کے بعد دوسرے پر نکلنا ___ الغلامُ : قریب البلوغ ہونا ___ لنفسه :ایک چیز ضائع ہونے کے بعد دوسری کو اس کے قائم مقام کرنا ___ ہ : پیچھے ڈالنا ___ الدَّوَاءُ فلانًا : کمزور کرنا ___ اللّٰهُ عليه :ضائع شدہ کا بدلہ دینا-
تَخَلَّفَ- عنهم : پیچھے رہنا ___ القومَ : پیچھے چھوڑ کر آگے بڑھ جانا-
تَخَالَفُوْا و اِخْتَلَفُوْا- اختلاف کرنا- ناموافق ہونا- اِخْتَلَفَه : جانشین ہونا- پیچھے کرنا- پیچھے سے پکڑنا- و اِخْتَلَفَ اِلَى المكان :بار بار جانا-
اِسْتَخْلَفَهُ- اپنا جانشین بنانا ___ فلانًا من فلان : قائم مقام کرنا- اِسْتَخْلَفَتِ الارضُ : گرمی کی گھاس کو اُگانا- اِسْتَخْلَفَ الرَّجُلُ لِاَهْلِه : اپنے لوگوں کیلئے پانی یا میٹھا پانی لانا- پانی پلانا-
الخَلْفُ- مه- ایک گروہ جو ایک گروہ کے بعد ہو اور اسی سے ہے "هٰؤُلاَءِ خَلْفُ سُوْءٍ" ان لوگوں کے حق میں بولا جاتا ہے جو اپنے سے زیادہ کے ساتھ لاحق ہوں- ردی قول اور امثال عرب میں ہے "سَكَتَ اَلْفًا و نَطَقَ خَلْفًا" وہ ہزاروں باتوں سے خاموش رہا اور بولا تو ردی بات- کلہاڑی کی دھار، بڑا کلہاڑا- بے نفع شخص- پہلو کی سب سے چھوٹی پسلی- ج خلوف اور خلف قُدام کی نقیض ہے- بمعنی پیچھے و بعد ازاں-
الخُلْفُ- وعدہ پورا نہ کرنا- خلاف مفروض خليف کی جمع- قِيَاسُ الخُلْفِ : منطقیوں کی اصطلاح میں ایک نقیض کے امتناع سے دوسرے کے ثبوت پر استدلال کرنا-
الخِلْفُ- مختلف- اونٹنی کے تھن کا سرا- موسم بہار کی گھاس- ج اَخْلاَف و خِلْفَة
الخِلْفَانِ : دو مختلف صفات والے- کہا جاتا ہے "لَهُ وَلَدَانِ خِلْفَانِ" اس کے دو بچے ہیں جن میں سے ایک زیرک اور دوسرا بیوقوف یا ایک لمبا اور دوسرا پست قد ہے- اور کہا جاتا ہے "وَلَدَتِ النَّاقَةُ خِلْفَيْنِ" اونٹنی نے ایک سال نر اور دوسرے سال مادہ بچے دیئے- ذَاتُ الخِلْفَيْنِ" کلہاڑا جس کے دو سرے ہوں- ج ذَوَاتُ الخِلْفَيْنِ-
الخَلَفُ- ولد یا ولد صالح- بدلہ- کہا جاتا ہے "فى هٰؤُلاَءِ القومِ خَلَفٌ مِمَّنْ مَضَى" یعنی

اس قوم میں گزشتہ لوگوں کے جانشین ہیں۔ وہ چیز جو کسی کے بعد حاصل ہو۔ کہا جاتا ہے "أَعْطَاكَ اللّٰهُ خَلَفًا مِنْ تَلَفٍ" اللہ تعالیٰ تم کو تلف شدہ چیز کا بدلہ دیں۔ نسل۔ اولاد۔ کہا جاتا ہے "هُمْ كِرَامٌ خَلَفًا عَنْ سَلَفٍ" یعنی وہ لوگ اپنے باپ دادا سے کریم ہیں۔ و "هُوَ خَلَفُ صِدْقٍ عَنْ أَبِيْهِ" یعنی وہ اپنے باپ کا عادات و اخلاق میں سچا جانشین ہے۔

الخَالِف۔ فا۔ بیوقوف۔ وہ شخص جو تمہارے جانے کے بعد بیٹھا رہے۔ نَبِيْذٌ خَالِفٌ: بگڑی ہوئی شراب۔ الخَالِف: گوشت جس میں کچھ بو پیدا ہوگئی ہو اور کھانے کے قابل ہو۔

الخَالِفَة۔ الخالف کا مؤنث۔ گزری ہوئی جماعت کے بعد باقی ماندہ جماعت۔ مکان کے پچھلے حصہ کا ستون۔ رَجُلٌ خَالِفَةٌ: بیوقوف۔ جھگڑالو۔ بہت اختلاف کرنے والا۔ کہا جاتا ہے "مَا أَدْرِيْ أَيُّ خَالِفَةٍ هُوَ وَأَيُّ الخَالِفِ هُوَ" میں نہیں جانتا وہ کون شخص ہے۔

الخَوَالِف۔ عورتیں۔ وہ زمینیں جن کی پیداوار بعد میں اُگے۔

الخِلَاف۔ ناموافقت۔ بید کی ایک قسم۔ آستین۔ المَسَائِلُ الخِلَافِيَة: مختلف فیہ مسائل۔

الخِلَافَة۔ امارت۔ قائم مقامی۔ امامت۔

الخِلْفَة۔ مرض کی وجہ سے بھوک کا زائل ہونا۔ ج خِلَف۔

الخِلْفَة۔ آنا جانا۔ مخالفہ۔ مختلف۔ کپڑے کا پیوند۔ گھاس جو گرمی کے زمانہ میں اُگے۔ وہ چیز جو سوار کے پیچھے لٹکائی جائے۔ باقی ماندہ چیز۔ کہا جاتا ہے "هُنَّ يَمْشِيْنَ خِلْفَةً" وہ سب آگے پیچھے آجارہی ہیں و "جَعَلَ اللَّيْلَ وَالنَّهَارَ خِلْفَةً" اس نے دن رات کو ایک دوسرے کے پیچھے آنے جانے والا بنایا۔ و "قَوْمٌ خِلْفَةٌ" یعنی اختلاف کرنے والے لوگ۔ و "فِي البِئْرِ خِلْفَةٌ مِنَ المَاءِ" کنوئیں میں بقیہ پانی ہے۔

الخُلْفَة۔ مخالفت۔ بیوقوفی۔ عیب۔ کھانے کا آخری مزہ۔

الخَلِيْف۔ دو پہاڑوں کے درمیان کا راستہ یا پہاڑی راستہ۔ وعدہ سے پیچھے رہنے والا۔ وعدہ خلاف کرنے والا۔ ج خُلُف و خُلْف و خَلَف۔

الخَلِيْف: وہ عورت جو بالوں کو پیچھے لٹکالے۔

الخَلِيْفَة۔ جانشین۔ قائم مقام۔ بڑا بادشاہ کہ اس سے اوپر کوئی بادشاہ نہ ہو۔ یہ مذکر ہے۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا خَلِيْفَةٌ آخر" اور کبھی لفظ کی رعایت سے مؤنث استعمال کرتے ہیں اور کہتے ہیں "خَلِيْفَةٌ أُخْرٰى" ج خلفاء و خلائف۔ پہلے کے لحاظ سے عدد مذکر لاتے ہیں اور کہتے ہیں "ثَلٰثَةُ خُلَفَاء" اور دوسرے کے لحاظ سے مذکر و مؤنث دونوں لانا جائز ہے۔ تم کہوگے "ثَلَاثَةٌ اَوْ ثَلَاثُ خَلَائِف"

الأَخْلَف۔ بائیں ہتھا۔ بھینگا۔ کم عقل۔ سیلاب۔ نر سانپ۔

المِخْلَاف۔ بہت وعدہ خلاف۔ ج مَخَالِيْف۔

المِخْلَاف: پروا۔ اور اسی سے مَخَالِيْفُ اليَمَن ہے۔

المَخْلَفَة۔ بید اگنے کی جگہ۔ راستہ۔ مرحلہ۔ منزل۔

خَلَقَهُ (ن) خَلْقًا و خِلْقَةً۔ پیدا کرنا۔ عدم سے وجود میں لانا ___ الكَذِبَ: جھوٹ گھڑنا ___ الأَدِيْمَ: کاٹنے سے پہلے اندازہ کرنا ___ الشَّيْءَ: ہموار کرنا۔ چکنا کرنا۔ ملائم کرنا۔

خَلِقَ (س) خَلَقًا و خَلُقَ (ک) خُلُوْقًا و خُلُوْقَةً و خَلَاقَةً۔ چکنا و نرم ہونا۔

خَلَقَ (ن) و خَلِقَ (س) و خَلُقَ (ک) خُلُوْقَةً و خَلَقًا۔ الثوبُ: بوسیدہ ہونا۔

خَلُقَ الشَّيْءُ لَهُ۔ لائق ہونا۔ سزاوار ہونا۔ خَلُقَ الغُلَامُ: اچھے اخلاق والا ہونا۔

خَلَّقَهُ۔ خلوق (ایک قسم کی خوشبو) لگانا ___ العودَ: ہموار کرنا ___ القِدْحَ: نرم کرنا۔

خَالَقَهُمْ مُخَالَقَةً۔ خوش خوئی کے ساتھ معاشرت کرنا۔

أَخْلَقَ۔ الثوبُ: بوسیدہ ہونا ___ الشبابُ: جوانی کا ختم ہونا ___ الثَّوْبَ: بوسیدہ کرنا ___ ہ الثوبَ: بوسیدہ کپڑا پہنانا۔ کہا جاتا ہے "أَخْلَقْتُ لَهُ دِيْبَاجَتِيْ" میں نے اس کو اپنے ایسے راز پر مطلع کردیا جس کے ظاہر ہونے سے عار ہو۔

تَخَلَّقَ۔ خلوق سے خوشبودار ہونا۔ ___ بِغَيْرِ خُلُقِهِ: بناوٹ سے اخلاق ظاہر کرنا۔ اور اسی سے ہے "لَيْسَ التَّخَلُّقُ بِالأَخْلَاقِ كَالخُلُقِ" بناوٹی اخلاق طبعی عادات جیسے نہیں۔

(___ واخْتَلَقَ) الكذبَ: جھوٹ گھڑنا۔ افتراء کرنا۔

اِخْلَوْلَقَ۔ الثوبُ: بوسیدہ ہونا ___ الرسمُ: زمین کے برابر ہو جانا ___ متنُ الفرسِ: چکنی ہونا ___ الدَّارُ: ویران ہونا۔ اور عسٰی کے معنی میں اُمید کے لیے بھی مستعمل ہے۔ کہا جاتا ہے اِخْلَوْلَقَتِ السَّمَاءُ اَنْ تُمْطِرَ" اُمید ہے کہ بارش ہو۔

الخَلْق۔ مص۔ فطرت۔ لوگ۔ ہر چکنی چیز۔

الخِلْقَة۔ فطرت۔ ہیئت۔ ج خِلَق۔

الخُلْق والخُلُق۔ طبعی خصلت۔ طبیعت۔ مروّت۔ عادت۔ ج أَخْلَاق۔ علم الاخلاق: حکمت عملیہ کی ایک قسم جس کا نام حکمت خلقیہ ہے۔

الخَلَق۔ مص۔ بوسیدہ (مذکر و مؤنث) کہا جاتا ہے "ثَوْبٌ خَلَقٌ وجُبَّةٌ خَلَقٌ" ج أَخْلَاق و خُلْقَان اور کہا جاتا ہے "ثَوْبٌ أَخْلَاقٌ وثِيَابٌ أَخْلَاقٌ"

الخَلَق۔ بادل جس میں بارش کا اثر ہو۔

الخَلَاق۔ بھلائی کا وافر حصہ۔

الخَلَاق۔ چکنا۔

الخَلَاق والخُلُوْق۔ ایک قسم کی خوشبو جس کا جزء اعظم زعفران ہے۔

الخَلِيْق۔ لائق مناسب۔ کہا جاتا ہے "هُوَ خَلِيْقٌ بِهِ" وہ اس کے لائق ہے۔ کامل و معتدل اخلاق والا۔ ج خُلُق و خُلَقَاء۔

الخَلِيْقَة۔ طبیعت۔ مخلوق۔ کنواں جو کھودا جارہا ہو۔ ج خَلَائِق۔

الأَخْلَق۔ زیادہ لائق۔ چکنا۔ فقیر۔ مؤنث خَلْقَاء۔

المُخْتَلِق۔ کامل و معتدل اخلاق والا۔

المُخْتَلَق۔ اخلاق کریمانہ رکھنے والا۔ کہا جاتا ہے "هو (مَخْلَقَة) بِذَالِكَ وَلِذَالِكَ" وہ اس

کے لائق ہے۔

الخِلقِیْن۔ بڑا دیگ۔ ج خَلاقِیْن۔

خَلَّمَهُ تَخْلِیْمًا و اِخْتَلَمَهُ۔ اختیار کرنا۔ پسند کرنا۔

خَالَمَهُ مُخَالَمَةً۔ دوستی کرنا۔ صفت (مُخَالِمٌ)

الخِلم۔ دوست۔ ساتھی۔ ہرن کے چھپنے کی جگہ۔ ہڈی۔ بکری کی آنت کی چربی۔ ج اَخلام و خُلَمَاء۔

الخَالِم۔ ہموار۔

ابل (خِلَمَة) چرنے والے اونٹ۔

خَلاَ (ن) خُلُوًّا و خَلاَءً۔ الاناءُ : خالی ہونا ___ المکانُ : رہنے والوں سے خالی ہونا ___ الرَّجُلُ : مکان میں اکیلا ہونا ___ عَلَی الشیئ : اقتصار کرنا۔ بس کرنا ___ عَلٰی فلان : اعتماد کرنا ___ بِهٖ : فریب کرنا ___ الشیئ : گزرنا۔ کہا جاتا ہے "فَعَلْتُه لخَمْسٍ خَلَوْنَ مِنَ الشَّهرِ" میں نے اس کو پانچویں تاریخ کو کیا ___ عَنِ الْاَمْرِ و مِنْهُ : بیزار ہونا۔ عَنِ الشیئ : بھیجنا ___ بِالشَّیئِ : منفرد ہونا۔

خَلاَ (ن) خَلْوَةً و خَلْوًا و خَلاَءً۔ بِهٖ و مَعَهٗ و اِلَيْهِ : تنہائی میں ملنا۔ کہا جاتا ہے "خَلاَ الرَّجُلُ بِنَفْسِهٖ" منفرد ہونا ___ لِلاَمْرِ : کسی کام کے لیے فارغ ہونا ___ بِالمَکَانِ : لازم رہنا ___ بَالُه : مطمئن ہونا ___ الحُزْنُ : غم سے جدا ہونا۔ صفت (خَالٍ) ج خُلُوٌّ اور کہا جاتا ہے "اِفْعَل کَذَا و خَلاَكَ ذَمٌّ" یعنی تمہیں اس کام کے کرنے پر مذمت نہیں۔

خَلّٰی تَخْلِیَةً۔ الامرَ و عَنْهُ : چھوڑنا ___ مَکَانَهُ : مرنا ___ سَبِیْلَهٗ : چھوڑنا۔ آزاد کرنا ___ بَیْنَ المُشْتَرِی والمَبِیْعِ : سپرد کرنا ___ بینهما : دونوں کو اکٹھا ہونے کی حالت میں چھوڑنا۔

خَالاَهُ مُخَالاَةً۔ چھوڑ دینا۔

اَخْلٰی اِخْلاَءً۔ المکان : خالی کرنا یا پانا ___ المکانُ : خالی ہونا ___ ہ و بہ و مَعَهٗ : تنہائی میں ملنا ___ فُلاَنًا مَعَهٗ : کسی کو کسی کے ساتھ تنہائی میں ملنے دینا ___ عَنْهُ : چھوڑنا۔

تَخَلّٰی۔ تنہائی میں رہنا ___ مِنْه و عَنْهُ : چھوڑنا ___ لَهٗ : کسی کام کے لیے فارغ ہونا ___ خَلِیَّةً : اپنے لیے شہد کا چھتہ تیار کرنا۔

اِخْتَلٰی : تنہائی میں رہنا۔

اِسْتَخْلٰی۔ ہ : تنہائی میں ملاقات چاہنا ___ بالمَلِكِ : تنہائی میں ملنا ___ المکانُ : خالی ہونا۔

الخَلاَءُ۔ مص۔ خالی مکان۔ پائخانہ۔ مکان خَلاَءٌ : خالی جگہ جہاں کوئی نہ ہو۔ کہا جاتا ہے "باتَ فی البَلَدِ الخَلاَءِ" اس نے تنہا شہر میں شب باشی کی۔ و "خَلاَؤكَ اَقْنٰی لحَیَائكَ" یعنی تمہارا مکان میں تنہا ہونا تمہاری حیاء کا نگہبان ہے "و اَنَا مِنْه خَلاَءٌ" میں اس سے بری ہوں۔ مفرد تثنیہ جمع مذکر و مؤنث سب کیلئے مستعمل ہے۔

الخِلْو۔ خالی (مذکر و مؤنث) ج اَخْلاَءٌ اور کبھی مؤنث کے لیے خلوة استعمال کرتے ہیں۔

خَلا و مَاخَلا۔ اِلاَّ کے معنی میں کلمہ استثناء ہے۔ اگر فعلیت کا اعتبار ہو تو مستثنیٰ منصوب ہوگا جیسے "جَاءَ اَتْبَاعُ الاَمِیْرِ خَلا او مَاخَلاَ زَیْدًا" اور حرف جر ہونے کی صورت میں مجرور ہوگا جیسے "خلا زیدٍ" اور خلا سے پہلے اگر ما مصدریہ ہو تو اس کا فعل ہونا متعین ہے۔

الخَلْوَة۔ تنہائی کی جگہ۔ ج خَلَوَات۔

الخَلِیَّة۔ شہد کی مکھیوں کا چھتہ۔ بڑی کشتی۔ شیر کی جھاڑی۔ ج خَلاَیَا۔

الخَلِیُّ۔ فارغ۔ غم سے خالی۔ وہ شخص جس کی بیوی نہ ہو۔ اور کہا جاتا ہے "اَنَا خَلِیٌّ مِنْهُ" میں اس سے بری ہوں۔ ج اَخْلِیَاء و خَلِیُّوْن۔

الخِلْی : شہد کی مکھیوں کا چھتہ۔

الخَالِی۔ فا۔ کنوارا۔ کنواری۔ ج اَخْلاَء۔

خَلٰی (ض) خَلْیًا۔ النباتَ : کاٹنا۔ ___ المَاشِیَةَ : جانوروں کیلئے گھاس کاٹنا۔ ___ الفرسَ : منہ میں لگام دینا ___ اللِّجَامَ مِنَ الفرسِ : اتارنا ___ الشعیرَ فی المِخْلاَةِ : توبرا میں جو ڈالنا ___ القدرَ : ہانڈی کے نیچے ایندھن لگانا ___ ہانڈی میں گوشت ڈالنا۔

خَالٰی مُخَالاَةً۔ ہ : پچھاڑنا۔ فریب دینا۔

اَخْلٰی۔ المکانُ : زیادہ گھاس والی جگہ ہونا ___ الدَّابَّةَ : گھاس کا چارہ دینا۔

اِخْتَلٰی۔ العشبَ : کاٹنا۔

اِنْخَلٰی۔ الخَلٰی : کٹنا۔

اِخْلَوْلٰی اِخْلِیْلاَءً۔ الرَّجُلُ : دودھ پینے پر مداومت کرنا۔

الخَلٰی۔ تر گھاس۔ ج اَخْلاَء واحد (خَلاَة)

المِخْلٰی۔ گھاس کاٹنے کا اوزار۔ کھرپا۔

المِخْلاَة۔ توبرہ۔ ج مَخَالٍ۔

المُخْتَلِی۔ شیر۔

خَمَّ (ن ض) خَمًّا۔ البَیْتَ : جھاڑو دینا ___ البِئْرَ : کنواں صاف کرنا ___ الناقةَ : دوہنا ___ فلانا : تعریف کرنا۔ اور کہا جاتا ہے "هُوَ یَخِمُّ بِثِیَابِ فُلاَنٍ" یعنی وہ فلاں کی تعریف کرتا ہے (خَمًّا و خُمُوْمًا و اَخَمَّ) اللحمُ : بدبودار ہونا۔ صفت (خَامٌّ و خَمٌّ و مُخِمٌّ) ___ اللبنُ : بگڑنا۔ کہا جاتا ہے "فلانٌ لاَ یَخِمُّ" فلاں اپنے افعال کریمانہ سے جدا نہیں ہوتا۔

خُمَّ۔ الدجاجُ : دڑبہ میں بند کیا جانا۔

تَخَمَّمَ۔ مَا عَلَی الخِوَانِ : دسترخوان کا باقی ماندہ کھانا کھانا۔

اِخْتَمَّ۔ البیتَ : جھاڑو دینا ___ الشیئَ : کاٹنا۔

الخُمَامَة۔ کوڑا کرکٹ۔ کنوئیں کی صفائی میں جو نکلے۔ کھانے کا چورا جو بکھر جائے۔

الخُمُّ۔ دڑبہ۔ ج خِمَمَة۔

الخِمّ۔ خالی باغ۔

الخُمَّان۔ مثلثة الخاء : ادنیٰ درجہ کے لوگ۔ گھٹیا سامان۔ ناکارہ رخت۔

المِخَمَّة۔ جھاڑو۔

الخَمِیْم۔ تازہ دودھ۔ تعریف کیا ہوا۔ سست قلب (مخموم) حسد و کینہ سے پاک صاف دل۔

الخَمِیْت۔ موٹا۔

خَمِجَ (س) خَمَجًا۔ بیماری یا تھکن کی وجہ سے سست ہونا ___ اللحمُ : بدبودار ہونا ___ دِیْنُهٗ او خُلُقُهٗ : فاسد ہونا۔ خراب ہونا ___ فلانا : برائی سے ذکر کرنا۔

خَمْخَم۔ گنگنانا۔
الخُمْخُم۔ ایک سمندری چھوٹا جانور۔
الخِمْخِم۔ ایک قسم کی کانٹے دار گھاس۔
خَمَدَت (ن) وخَمِدَت (س) خَمْدًا و خُمُوْدًا۔النّارُ : آگ باقی رہتے ہوئے لپٹ کا ختم ہو جانا ـــــ الحُمیُّ :بخار کی تیزی کا کم ہونا۔ المَرِیْض :بیہوشی طاری ہونا۔ مرنا۔
اَخْمَدَ۔ الرَّجُلُ : بے حرکت ہونا۔ خاموش ہونا ـــــ اَنْفَاسَه :مارڈالنا یا ذلیل کرنا ـــــ النّارَ ـــــ لپٹ کو بجھانا۔
الخَمُوْد۔ آگ بجھنے کے لیے دبانے کی جگہ۔
خَمَرَه (ن ض) خَمْرًا۔ چھپانا ـــــ الشہادۃَ :پوشیدہ کرنا ـــــ الرجلَ : شراب پلانا ـــــ العَجِیْنَ : خمیر ڈالنا ـــــ فُلانًا : شرم کرنا۔
خَمِر (س) خَمَرًا۔ عَنْه : پوشیدہ ہونا' چھپنا ـــــ عَنْه الخبرُ : پوشیدہ رہنا ـــــ الشیئَ :سابقہ حالات سے بدل جانا۔
خَمَّرَ۔ العَجِیْنَ : خمیر ڈالنا ـــــ وَجْهَهٗ : ڈھانپ لینا ـــــ بَیْتَه : گھر میں جمے رہنا ـــــ
خَامَرَ مُخَامَرَۃً۔ بیع میں دھوکا دینا۔ ـــــ القلبَ : داخل ہونا ـــــ الشیئُ الآخر :باہم ملنا ـــــ ہ الداءُ :بیماری کا اندر تک اثر کرنا ـــــ بَیْتَهٗ : گھر میں جمے رہنا ـــــ بِه :چھپنا۔
اَخْمَرَ۔ چھپنا ـــــ له : کینہ رکھنا ـــــ الشیئَ : چھپانا ـــــ غافل کرنا ـــــ العَجِیْنَ: خمیر ڈالنا ـــــ الامرَ : پوشیدہ کرنا ـــــ الاَرْضُ : زمین میں گھنی جھاڑی بہت ہونا ـــــ ہ الشیئَ :تحفہ دینا۔
تَخَمَّرَتِ واِخْتَمَرَتِ۔ المرأۃُ : اوڑھنی ڈالنا۔ واِخْتَمرَ العَجِیْنُ : خمیر ہو جانا۔ اِخْتَمر العَصِیْرُ :شراب بن جانا۔
الخَمْر والخَمْرۃ۔ انگوری شراب۔ ہر نشلی چیز۔
الخِمْر۔ کینہ۔
الخَمَر۔ لوگوں کی جماعت و بھیڑ۔ گھنی جھاڑی۔ تم کہتے ہو "تَوَارَیٰ الصَّیْدُ عَنِّیْ فِیْ خَمَرِ الوَادِیْ" شکار مجھ سے وادی کی گھنی جھاڑی میں چھپ گیا۔
الخَمِر۔ وہ جگہ جہاں گھنی جھاڑی زیادہ ہو۔ رجلٌ خَمِرٌ :وہ شخص جس کو نشہ کا خمار لاحق ہو۔
الخُمَار۔ شراب کی وجہ سے درد سر ـــــ والخُمَار والخَمْرَۃ)لوگوں کی کثرت و ہجوم۔
الخِمَار۔ اوڑھنی۔ دوپٹہ۔ پردہ۔ ج اَخْمِرَۃ وخُمُر وخُمْر۔ کہا جاتا ہے "مَا شَمَّ خِمَارَكَ؟"یعنی کیا چیز تجھ کو لاحق ہوئی جس نے تجھ کو تیری حالت سے بدل دیا۔
الخَمِیْر والخَمِیْرَۃ۔ خمیر۔ الخَمِیْر : خمیری روٹی۔
الخُمْرَۃ۔ خمیر کرنے کا برتن۔ شراب کی تلچھٹ۔ شراب کی تکلیف و دوران سر۔ کھجور کی چھوٹی چٹائی۔ خُمْرۃُ اللَّبَن : وہ چیز جس کو دودھ میں ڈالنے سے جلدی جم جائے۔ ج الخُمَر (ـــــ والخُمْرۃ و الخِمْرۃ)بُو جو تمہیں پہنچے۔
الخَمْرِیُّ۔ مِن الالوان : سیاہ رنگ جو سرخی مائل ہو۔
الخَمَّار۔ شراب فروش و (الخَمَّارَۃ) شراب بیچنے کی جگہ۔
الخِمِّیْر والمُسْتَخمِر۔ بہت شراب پینے والا۔
المَخْمُوْر۔ شراب کی وجہ سے مست۔
الیَخْمُوْر۔ سمندری گھونگا۔
خَمَسَ (ن ض) خَمْسًا۔ القومَ :پانچواں ہونا۔ قوم کے مال کا پانچواں حصہ لینا۔ المالَ : پانچواں حصہ لینا ـــــ الحَبْلَ : پانچ لڑیوں سے بٹنا۔
خَمَّسَ۔ الشیئَ : پانچ رکن والا بنانا۔ اور اسی سے شعراء کے نزدیک تخمیس ہے جس کے معنی کسی شعر میں تین مصرعے بڑھا کر پانچ مصرعوں کا کر دینا ہے۔
اَخْمَسَ۔ القومُ :پانچ ہونا۔
الخُمْس والخُمُس۔ پانچواں حصہ۔ ج اَخْمَاس۔ کہا جاتا ہے "ضَرَبَ اَخْمَاسًا لِاَسْدَاسٍ"یعنی اس نے مکر و فریب میں کوشش کی۔
خُمَاس و مَخْمَس۔ پانچ پانچ (یہ خمسہ خمسہ سے معدول ہے) کہا جاتا ہے "جَاءُوْا خُمَاسَ و مَخْمَسَ" وہ پانچ پانچ آئے۔ یہ مذکر و مؤنث دونوں کیلئے مستعمل ہیں اور غیر منصرف ہیں۔
الخُمَاسِیُّ۔ پانچ حرفوں والا۔ کہا جاتا ہے "جَارِیَۃٌ خُمَاسِیَۃٌ" پنج سالہ لڑکی۔
الخَمْسَۃ۔ پانچ۔ مونث کے لیے خمس۔
خَمْسُوْن۔ پچاس۔
الخَمِیْس۔ و یَوْمُ الخَمِیْس :جمعرات۔ ج اَخْمِسَۃ و اَخْمِسَاء۔ الخَمِیْس : لشکر۔ اس لیے کہ اس میں پانچ جماعتیں میمنہ۔ میسرہ۔ قلب۔ ساقہ۔ مقدمۃ الجیش ہوتی ہیں۔ رُمح (خَمِیْسٌ و مَخْمُوْسٌ)پانچ گز کا نیزہ۔
المُخَمَّس۔ پانچ ارکان والا۔ بھاری بوجھ اُٹھانے کیلئے لوہے کا ایک آلہ۔
خَمَشَ (ن ض) خَمْشًا و خُمُوْشًا۔ الوجهَ :خراش لگانا۔ تھپڑ مارنا۔
خَمَّشَه۔ زیادہ خراش لگانا۔
الخَمْش۔ مہ۔ خراش۔ ج خُمُوْش۔
اَلْخَامِشَۃُ : چھوٹی نالی۔ ج خَوَامِش۔
الخُمَاشَۃ۔ خفیف زخم۔ ایسا زخم جس پر بدلہ مقرر نہ ہو۔ ج خُمَاشَات۔ یا وہ زخم جو پوری دیت واجب ہونے سے کم درجہ کا ہو۔ جیسے ہاتھ ' کان یا ناک وغیرہ کاٹنا۔
الخَمُوْش۔ مچھر۔
خَمَصَ (ن) خَمْصًا و خُمُوْصًا و اِنْخَمَصَ۔ الجرحُ :ورم کا جاتا رہنا۔
خَمَصَهٗ خَمْصًا و خُمُوْصًا و مَخْمَصَۃً الجوعُ : دُبلے پیٹ والا کر دینا (ـــــ و خَمِصَ (س) خَمَصًا و خَمُصَ (ک) خَمْصًا و خُمُوصًا و مَخْمَصَۃً) البطنُ : پیٹ کا خالی ہونا۔ دُبلا ہونا۔
تَخَامَصَ۔ اللیلُ : صبح کے قریب رات کی تاریکی کا کم ہونا ـــــ عَنْه :یکسو ہونا۔
الخَمْصَۃ۔ بھوک۔
خَمَطَ (ن) خَمْطًا و خُمُوْطًا و خَمِطَ (س) خَمَطًا۔ الخمرُ او اللبنُ : اچھی بُو کا ہونا۔ بُو میں تغیر پیدا ہو جانا۔ صفت (خَامِط و خَمِط) خَمِط

الرجُلُ: تکبر کرنا۔ غضبناک ہونا۔ (خَمَطَ (ض)
خَمْطًا)اللحمَ :بھونا۔صفت مفعولی خَمِیط
خَمَطَ(ن ض)خَمْطًا۔اللبَنَ :دودھ کو برتن
میں ڈالنا۔
تَخَمَّطَ۔ تکبر کرنا۔ غضبناک ہونا ____
البحرُ :موج مارنا ____ الفَحْلُ :بڑبڑانا۔
الخَمْط۔مہ۔ ہر کھٹی یا کڑوی چیز۔ ہر درخت کا
تھوڑا پھل۔ ہر بے کانٹے والا درخت۔ پیلو کا
پھل۔ایک قسم کی سانپ کی چھتری۔
الخَمْطَة و الخَمَطَة۔ مِنَ اللّبَنِ :دودھ کی
بُو۔
الخَمِیط۔بکری کا بچہ کھال اُتار کر بھونا ہوا اور
اگر بال اُتار کر بھونیں تو اس کو سَمِیط کہتے ہیں۔
الخَمَّاط۔بھوننے والا۔
خَمِعَ(ف) خَمْعًا و خُمُوْعًا و خَمَعَانًا۔
الضَبُعُ :لنگڑاتے ہوئے چلنا۔
الخَامِعَة۔بجو۔ج خَوَامِع۔
الخُمَاع۔لنگڑاہٹ۔
الخِمْع۔بھیڑیا۔چور۔ج اَخْمَاع۔
الخَیْمَعُ و الخَمُوْع۔بدکار عورت۔
خَمَلَ(ن)خُمُوْلاً۔ذِکرُہٗ اَوْصَوتُہٗ :پوشیدہ
و کمزور ہونا (خَمَلَ (ن) خَمْلاً) البُسْرَ : نرم
ہونے کے لیے گھڑے وغیرہ میں ڈالنا۔کہا جاتا ہے
"خَمَلَهُ اللّٰهُ" اللہ اس کو ہلاکت میں ڈال دے۔
خَمِلَ۔جوڑوں کی بیماری والا ہونا۔
اَخْمَلَهٗ۔ گمنام و بے قدر کرنا۔ اَخْمَلَتِ
الارضُ :بہت گنجان درختوں والی ہونا۔
اَخْمَلَ القَطِیْفَة :روئیں دار بنانا۔
اِخْتَمَلَتِ۔ المَاشِیَةُ : جانوروں کا اچھی
گھاس والی زمین میں چرنا۔
الخَامِل۔قا ____ مِنَ الرِّجَال :گمنام و بے
قدر۔ج خَمَل۔
الخُمْل۔کپڑے کا رُواں۔(____ و الخُمَالَة
و الخَمِیْلَة)شترمرغ کے پر۔
الخَمْلَة۔چادر۔روئیں دار کپڑا۔
الخَمْلَة۔ راز۔ اندرونی کیفیتیں۔ ج
خَمَلات۔
الخُمَال۔جوڑوں کا درد(____ و الخُمَالِیُّ
و الخِمْل و الخُمْل)خالص دوست۔
الخَمِیْل۔ روئیں دار کپڑے۔ نرم خوراک۔
گہرا بادل۔واحد خَمِیْلَة۔
الخَمِیْلَة۔ چادر۔ بہت گھنا درخت۔ بہت
درختوں والی پست زمین۔ج خَمَائِل۔
المُخْمَل۔روئیں دار کپڑا۔
خَمَنَ(ن ض) خَمْنًا و خَمَّنَ۔الشیئَ : تخمینہ
کرنا۔قیمت لگانا۔اندازہ کرنا۔
الخَامِن۔گمنام و بے قدر۔
الخُمَن۔بدبو۔
الخُمَّان۔ کمزور نیزہ۔گھٹیا درجہ کا آدمی۔کہا جاتا
ہے "هُمْ خُمَّانُ النَّاسِ" وہ گھٹیا درجہ کے لوگ
ہیں۔
الخُمَّانَة۔کمزور نیزہ کا چھڑ۔
خَنَّ(ض) خَنِیْنًا۔ناک میں رونا یا بولنا یا ہنسنا۔
صفت(اَخَنُّ)
خَنَّ(ن)خَنًّا۔المالَ :لینا۔
القومَ :قوم کے حریم میں داخل ہونا۔
اَخَنَّهٗ۔عقل چھین لینا۔صفت(مَخْنُوْن) قیاس
کے مطابق(مُخَنٌّ)ہونا چاہیے۔
اِسْتَخَنَّتِ۔البِئْرُ :بدبودار ہونا۔
الخِن۔خالی کشتی۔
الخُنَّة۔گنگناہٹ۔ناک کی آواز۔
الخَنَان۔ آسودگی۔ آرام۔
الخُنَان و الخِنَان۔ اُونٹوں کا زکام۔ ناک کی
ایک بیماری۔پرندوں کے گلے کی ایک بیماری۔
المِخَنُّ۔لمبا مرد۔
المَخَنَّة۔گنگناہٹ و ناک کی آواز۔ناک۔گھر کا
درمیان۔ صحن۔ واضح راستہ۔ راستہ میں داخل
ہونے کی جگہ۔ وادی کی تنگ جگہ۔کہا جاتا ہے
"فلانٌ مَخَنَّةٌ لِفُلانٍ" فلاں چیز فلاں کے کھانے
کی ہے۔
خَنَأَ(ف) خَنَأً۔الجذعَ۔کاٹنا۔
خَنِبَ (س) خَنَبًا۔ زکام والا ہونا۔ لنگڑا ہونا۔
ہلاک ہونا۔کمزور ہونا۔
اَخْنَبَ و اِخْتَنَبَ۔ ہلاک ہونا۔ اَخْنَبَ۔ ہلاک
کرنا۔کمزور کرنا۔
تَخَنَّبَ۔ تکبر کرنا اور ناک کے دونوں نتھنے بلند
کرنا۔
الخَنَب۔ایک قسم کی بیماری جو ناک میں ہوتی
ہے۔
الخِنْب۔ زانو کا باطنی حصہ۔ پسلیوں یا انگلیوں
کے درمیان کی کشادگی۔ج اَخْنَاب۔
الخِنَّاب۔لمبا۔بیوقوف۔
الخِنَابَة۔بڑا نشان۔برائی۔
الخِنَابَة و الخِنَّأْبَة۔ تکبر۔غرور۔
الخِنَّابَتَان و الخُنَّابَتَان۔ناک کے نتھنے۔
خَنِثَ(س) خَنَثًا۔الرَّجُلُ :ہیجڑا ہونا۔صفت
(خَنِث)
خَنَثَهٗ(ض) خَنْثًا۔ٹھٹھا کرنا ____ السقاءَ :
مشکیزہ کے سرے کو پھاڑ کر باہر کی طرف موڑ
دینا۔
خَنَّثَهٗ۔موڑنا۔نرم کرنا۔ہیجڑا بنانا۔
اَخْنَثَ۔دوہرا ہونا۔لچکنا۔
تَخَنَّثَ و اِنْخَنَثَ۔ ہیجڑا ہونا۔
خَنَاثِ۔مؤنث کیلئے وصف ہے اور صرف ندا
ہی کے موقع پر استعمال ہوتا ہے۔کہا جاتا ہے "یا
خَنَاثِ" یعنی اے لچکنے والی۔
خِنَاثُ۔الثوبِ و اَخْنَاثُهٗ :کپڑے کی تہیں،
کہا جاتا ہے "اِطْوِ الثوبَ عَلٰی خِنَاثِهٖ" کپڑے
کو اس کی تہ پر لپیٹو۔واحد(خِنْث)
الخُنُث۔لچک۔
الخُنْثٰی۔ہیجڑا۔ج خَنَاثَی و خِنَاث۔
المِخْنَاث۔وہ شخص جس میں بہت زیادہ لچک
ہو۔کہا جاتا ہے "رَجُلٌ مِخْنَاث و اِمْرَأَةٌ"
مِخْنَاث۔ج مَخَانِیْث۔
المُخَنَّث۔ہیجڑا۔وہ شخص جس میں لچک ہو۔
الخَنْجَر و الخِنْجَر۔ بڑی چھری۔ ج
خَنَاجِر۔
خَنْخَنَ خَنْخَنَةً۔ ناک میں بولنا ____ فی
کَلَامِهٖ :گنگنانا۔
الخُنْذُب۔بدخلق۔
الخَنْدَرِیْس۔پرانی شراب۔
الخُنْذُع۔خسیس۔لئیم۔
الخَنْدَق۔ کھائی۔ ج خَنَادِق و (خَنْدَق
خَنْدَقَةً)کھائی کھودنا۔

تَخَنْذَذَ۔ بے شرم دلیر ہونا۔

الخِنْذِیْذ۔ لمبا۔ سخت۔ پہاڑ کی بلند چوٹی۔ بلیغ شاعر۔ بہادر۔ سخی۔ بگولہ۔ بدزبان۔ خصی گھوڑا۔ ج خَنَاذِیذ۔

الخِنْذِیَان۔ بدزبان۔

الخُنْذُع۔ خسیس۔ لئیم۔

خَنِزَ (س) خَنَزًا و خُنُوزًا۔ اللحمُ: بدبودار ہونا۔ صفت (خَنِزو خَنَز)

الخُنْزُوَان و الخُنْزُوانَة۔ تکبر۔ غرور۔

الخُنْزُوَان۔ بندر۔ نر سور۔

الخِنْزِیر۔ سور۔ ج خَنَازِیر۔ الخَنَازِیر: کنٹھ مالا۔ خِنْزِیر البَحْر: مچھلی کی ایک قسم۔ خِنْزِیْرُ الهِندِ: خرگوش کی مانند اس سے چھوٹا ایک جانور جس کی کھال پر مختلف رنگ کے داغ ہوتے ہیں۔ خِنْزِیْرَةُ البِئْرِ: کنوئیں کی چرخی جس پر پانی نکالتے ہوئے رسی لپیٹتے ہیں۔

الخَنْزَرَة۔ موٹائی۔ پتھروں کے توڑنے کی بڑی کدال۔

خَنَسَ (ن ض) خَنْسًا و خُنُوْسًا و خِنَاسًا۔ عَنْه: پیچھے ہونا۔ علیحدہ ہونا۔ سکڑنا۔ کہتے ہیں "خَنَسَ الطَرِیْقُ عَنا" یعنی ہم راستہ سے گزر گئے اور اس کو اپنے پیچھے چھوڑ دیا۔ بَیْنَ اَصْحَابِهٖ: چھپنا۔

خَنَسَهٗ (ن ض) خَنْسًا۔ پیچھے کرنا ـــــ اِبْهَامَه: سمیٹنا۔ کہا جاتا ہے "اَشَارَ بِاَرْبَعٍ وَ خَنَسَ اِبْهَامَه" اس نے چار انگلیوں سے اشارہ کیا اور انگوٹھے کو سمیٹ لیا ـــــ القولَ: بُری بات کہنا ـــــ الشیئَ عَنْه: چھپانا ـــــ فُلاَنًا وبِهٖ: غائب کر دینا۔ چھپا دینا۔ صفت خَانِسٌ۔ ج خُنَّس۔

خَنِسَ (س) خَنَسًا۔ ناک کا چپٹا ہونا اور اس کے سرے کا اُٹھا ہوا ہونا۔ صفت (اَخْنَس) مؤنث خَنْسَاء ج خُنْس اسم الخَنَس۔

اَخْنَسَهٗ۔ عَنْهُ: روکنا۔ پیچھے کرنا۔ کہا جاتا ہے "اَخْنَسْتُ عَنْه بَعْضَ حَقِّهٖ" میں نے اس کے کچھ حصّہ کو روک لیا ـــــ اَوْعَارَ الطَّرِیْقِ: دشوار راستوں سے آگے بڑھ جانا۔

تَخَنَّسَ۔ بِهٖ: غائب کر دینا۔

اِنْخَنَسَ۔ عَنْه: پیچھے ہونا۔ سکڑنا۔

الخُنُس۔ ہرنیوں کے رہنے کی جگہ۔ ہرنیاں۔ جنگلی گائے۔

الخُنَّس۔ ستارے یا صرف سیارے۔ یا بقول بعض چند سیارے جن کے نام یہ ہیں۔ زحل، مشتری، مریخ، زہرہ، عطارد۔

الخَنْسَاء۔ نیل گائے۔ ایک مشہور شاعرہ کا لقب۔

الاَخْنَس والخِنَّوْس۔ شیر۔ الاَخْنَس: چیچڑی۔

الخَنَّاس۔ شیطان۔

الخِتِّیْس۔ فریبی۔ حیلہ گر۔

الخَنْسِر۔ لئیم۔ کمینہ۔

الخَنْسَر و الخَنْسَرِی۔ وہ شخص جو نقصان کے موقع میں ہو ج خَنَاسِرَة۔

الخَنَاسِیْر۔ مصیبتیں۔

الخِنْشَار۔ ایک قسم کی نباتات۔

الخِنَّوْص۔ مؤنث الخِنَّوْصَةُ: سور کا بچہ۔ ج خَنَانِیْص۔

الخِنْصِر و الخِنْصَر۔ چھنگلیا۔ ج خَنَاصِر۔ کہا جاتا ہے۔ "هٰذَا اَمْرٌ تُعْقَدُ عَلَیْهِ الخَنَاصِر" یعنی یہ ایسا معاملہ ہے جس کا اعتبار کیا جاتا ہے۔

خَنَطَه (ض) خَنْطًا۔ رنج و غم پہنچانا۔

خَنْطَثَ۔ تکبر و غرور کے ساتھ چلنا۔

الخِنْطِیْر۔ بہت بڑھیا۔ جس کی پلکیں لٹک آئی ہوں۔

الخَنْطَل۔ بلی۔ مصیبت۔ قطار۔ بُزدل۔

خَنَعَ (ف) خُنُوْعًا۔ لَهٗ و اِلَیْهِ: انکساری و فروتنی کرنا ـــــ اِلَی اللّٰهِ: بغیر عمل کے گڑگڑانا ـــــ بِفُلاَن: بیوفائی کرنا ـــــ اِلَی الاَمْرِ الشَّیئِ: مائل ہونا۔

خَنَّعَهٗ۔ کلہاڑی سے کاٹنا۔

اِخْنَعَتْهُ۔ الحاجةُ لَهٗ و اِلَیْهِ: ذلیل و پست کر دینا۔

الخَنْع۔ ذلت۔

الخَنْعَة۔ عار۔ تہمت۔

الخَانِع و الخَنُوْع۔ متہم۔ بدکار۔ بدگمانی میں ڈالنے والا۔ ج خَنَعَة و خُنُع۔

الخَنْعَابَة۔ کمینہ۔

شَعْرٌ (خَنْعَبٌ) لمبا بال۔

الخُنْعُبَة۔ چھوٹا گڑھا۔ مونچھوں کے درمیان کا گڑھا۔

الخَنْعَس۔ بجو۔

خَنَفَ (ض) خِنَافًا۔ البعیرُ: دوڑنے میں سر کو سوار کی طرف پھیرنا۔ صفت (مذکر و مؤنث) (خَنُوف) ج خُنُف۔ (ـــــ خُنُوفًا) غضبناک ہونا ـــــ الرَّجُلُ بِاَنْفِهٖ: تکبر کرنا۔ صفت (خَانِف) ـــــ المرأةُ: سینہ پر دوہتڑ مارنا۔

خَنِفَ (س) خَنَفًا۔ صَدْرُهٗ او ظَهْرُهٗ: ایک جانب دوسری کے مخالف پیٹھ یا سینہ والا ہونا۔ صفت (اَخْنَف) ج خُنْفٌ۔

الخُنُف۔ نشانات۔

خَنْفَسَ۔ عن القوم: نفرت کرنا۔ علیحدہ ہو جانا۔

الخُنْفُس و الخِنْفِس و الخُنْفَس و الخُنْفَسَا و الخُنْفَسَاءَ ةَ۔ گبریلا۔ ج خَنَافِس۔ و الخُنَافِس۔ شیر۔

خَنَقَه (ن) خَنْقًا و خَنِقًا و خَنَّقَه تَخْنِیْقًا۔ گلا گھونٹنا۔ کہا جاتا ہے "خَنَقَتْهُ العَبْرَةُ" یعنی اُسے روتے روتے پھندا لگ گیا۔ خَنَّقَ الاِنَاءَ: بھرنا۔ خَنَّقَ السَّرَابُ الجَبَلَ: پہاڑ کی چوٹی کو قریب قریب چھپا لینا۔ خَنَّقَ زَیْدٌ الاَرْبَعِیْنَ: قریب قریب ہونا۔

اِخْتَنَقَ۔ گلا گھٹنا۔

اِنْخَنَقَ۔ اپنا گلا گھونٹنا۔

الخَنِق و الخَنِیْق۔ گلا گھونٹا ہوا۔

الخُنَاق۔ ایک بیماری کا نام جس میں سانس لینا مشکل ہوتا ہے۔

الخُنَاقِیَّة۔ پرندوں اور گھوڑوں کے حلق کی بیماری کا نام۔

الخِنَاق۔ رسی وغیرہ جو گلا گھونٹنے کے کام میں آئے۔ گردن۔ کہا جاتا ہے "اَخَذَهٗ بِخِنَاقِهٖ" اس نے اس کی گردن پکڑلی۔

الخَانِق۔ فا۔ تنگ راستہ۔ گلی۔ خَانِقُ الذِّئْبِ و خَانِقُ النَّمِرِ و خَانِقُ الکَلْبِ: گھاسوں کے نام۔

الخَنَّاق۔ جس کی عادت گلا گھونٹنے کی ہو۔
المِخْنَقَة۔ گلوبند (ایک زیور) وہ چیز جس سے گلا گھونٹا جائے۔ ج مَخَانِق و مَخَانِيْق۔
المُخَنَّق۔ مذ۔ گلا گھونٹنے میں رسی کی جگہ گردن۔ کہا جاتا ہے "غُلَامٌ مُخَنَّقُ الخصرِ" پتلی کمر کا لڑکا۔
المُخْتَنَق۔ تنگ جگہ۔
المُخْتَنِق۔ گھوڑا جس کی پیشانی کی سفیدی رخساروں تک ہو۔
خَنَا (ن) خَنْوًا و خَنِي (س) خَنًى و اَخْنٰى۔ عَلَيْهِ فِي الْكَلَامِ: بد زبانی کرنا ___ اَخْنَى الجَرَادُ: بہت انڈے دینا ___ المَرْعَى: بہت گھاس والی ہونا۔ اَخْنَى عَلَيْهِ الدَّهْرُ: طویل ہونا۔ ہلاک کرنا۔ ظلم کرنا۔ بیوفائی کرنا اور کہا جاتا ہے "اَخْنٰى بِهٖ" اس نے اسے چھوڑ دیا اور اس کے ساتھ بد عہدی کی۔
الخَنٰى۔ بد زبانی۔ خَنَى الدَّهْرِ: مصیبتیں واحد (خَنَاة)
خَابَ (ن) خَوْبًا۔ محتاج ہونا۔
الخَوْبَة۔ بھوک۔ بغیر چارہ والی زمین یا وہ زمین جس پر بارش نہ ہوئی ہو۔
خَاتَ (ن) خَوْتًا و خَوَتَانًا۔ الرجلُ۔ عمر رسیدہ ہونا۔ عہد توڑنا۔ خلاف وعدگی کرنا ___ المالَ: کم کرنا (___ و انْخَاتَ و اِخْتَاتَ) البَازِي عَلَى الصَّيْدِ: ٹوٹ پڑنا۔
خَاتَ (ن) خَوَاتًا۔ العقابُ: عقاب کے بازوؤں میں سرسراہٹ ہونا۔
تَخَوَّتَ و اِخْتَاتَ۔ المالَ: کم کرنا ___ الشئَ: اُچک لینا ___ حَدِيْثَ القَوْمِ: سن کر یاد رکھنا ___ الشَّاةَ: فریب دے کر چرانا۔ کہا جاتا ہے "هُمْ يَخْتَاتُوْنَ اللَّيْلَ" وہ رات میں رہزنی کرتے ہیں۔
الخَوَّات۔ دلیر مرد۔
خَوِتَ (س) خَوَتًا۔ البطنُ: ڈھیلا ہونا۔ کھانے سے بھرا ہوا ہونا۔ صفت (اَخْوَت) مؤنث (خَوْتَاء)
اَخَاخَ اِخَاخَةً۔ العشبُ: پوشیدہ ہونا۔ کم ہونا۔

الخَوْخ۔ شفتالو۔ واحد (خَوْخَة)
الخَوْخَة۔ روشن دان۔ پھاٹک میں چھوٹا دروازہ۔
الخَوْخَاء و الخَوْخَاة و الخَوْخَاءَة۔ بیوقوف۔
خَوَّدَ۔ الرَّجُلُ: تیز چلنا ___ مِنَ الطَّعَامِ شَيْئًا: کچھ حاصل کرنا۔
تَخَوَّدَ۔ الغُصْنُ: جھکنا۔
الخَوْد۔ نازک بدن۔ جوان عورت۔ ج خَوْدَات و خُوْد۔
خَاوَذَهٗ مُخَاوَذَةً۔ الى الشئ: ایک کا دوسرے کے بعد آنا۔ کہا جاتا ہے "خَاوَذْنَا اِلَى المَاءِ" یعنی ہم واپس آرہے تھے اور وہ لوگ جا رہے تھے۔
خَاوَذَهٗ: بار بار زیارت کیلئے آنا۔ خَاوَذَتْهُ الحُمّٰى: غیر متعین وقت پر آنا۔ خَاوَذَ عَنْهُ۔ علیحدہ ہونا۔
تَخَاوَذَ۔ القَوْمُ: باہم عہد و پیمان کرنا۔
تَخَوَّذَ۔ نگہبانی کرنا۔ تم کہتے ہو "تخوذنا بالزيارة" اس نے ہم سے بار بار ملاقات کی۔
الخُوْذَة۔ خود۔ ج خُوَذ۔
خُوْذَانُ۔ النَّاسِ: لوگوں کے خادم۔
خِوَاذُ۔ الحُمّٰى: غیر معین وقت میں بخار آنا۔
خَارَ (ن) خُوَارًا۔ البقرةُ: آواز کرنا۔
(___ خُؤُوْرًا و خَوِرَ (س) خَوَرًا) ست و کمزور ہونا۔ ٹوٹنا ___ قوةُ المريضِ: کم ہونا۔
خَوَّرَ۔ کمزور ہونا۔ ڈھیلا ہونا ___ الاَرْضُ: کثرت بارش کی وجہ سے نرم ہو جانا ___ الرجلَ: کمزوری کی طرف نسبت کرنا۔
اَخَارَهٗ۔ مائل کرنا۔ موڑنا۔ پھیرنا۔ تم کہتے ہو "اَخَرْنَا الاِبلَ اِلَى مَوْضِعِ كَذَا" ہم نے اونٹوں کو فلاں مقام کی طرف پھیر دیا۔
تَخَاوَرَتْ۔ الثِّيْرَانُ: بیلوں کا باہم آواز نکالنا۔
اِسْتَخَارَهٗ۔ مہربانی چاہنا ___ المَنْزِلَ: صاف کرنا۔
الخَوْر۔ مذ۔ دو بلندیوں کے درمیان پست زمین۔
الخُوَار۔ مذ۔ گائے کی آواز۔ بکریوں، ہرنوں اور تیر کی آواز کے لیے بھی مستعمل ہے۔

الخَوَّار۔ بزدل۔ کمزور۔ سست۔ فَرَسٌ خَوَّارُ العِنَانِ: تابعدار تیز رفتار گھوڑا۔ الخَوَّار مِنَ الزِّنَادِ: چقماق۔
الخُوْرِي۔ کاہن۔ ج خَوَارِنَة (دَخِيْل)
الخُوْرُس۔ گرجا میں خادموں کے قیام کی جگہ (جدید)
خَازَهٗ (ن) خَوْزًا۔ دشمنی کرنا۔
خَاسَتْ (ن) خَوْسًا۔ الجِيْفَةُ: بدبودار ہونا ___ البِضَاعَةُ: مندا ہونا ___ خَاسَ العَهْدَ و بِالعَهْدِ: بدعہدی کرنا ___ بِالوَعْدِ: خلاف وعدہ کرنا ___ بِفُلَانٍ: بیوفائی کرنا۔
خَوَّسَ۔ الشئَ: کم کرنا۔ گھٹانا ___ الابلَ: ایک ایک کر کے پانی پر بھیجنا۔
خَاشَهٗ (ن) خَوْشًا۔ بالرُّمْحِ: نیزہ مارنا ___ الشئَ: لینا ___ الرَّجُلُ: ہجوم میں داخل ہونا۔
خَوَّشَ و تَخَوَّشَ۔ الشئَ: کم کرنا۔ گھٹانا۔ و تَخَوَّشَ الرَّجُل: موٹاپے کے بعد لاغر ہونا۔
الخَوْش۔ پہلو۔
الخَوْشَان۔ ایک قسم کی گھاس جس میں ترشی ہوتی ہے۔ واحد (خَوْشَانَةٌ)
المُتَخَوِّش و المُتَخَاوِش۔ چھریرا دبلے پیٹ والا۔
خَوِصَ يَخْوَصُ خَوَصًا۔ دھنسی ہوئی آنکھ والا ہونا۔ صفت (اَخْوَص) مؤنث خَوْصَاء ج خُوْص ___ الشَّاةُ: تمام جسم میں سفیدی کے ساتھ ایک سفید اور ایک سیاہ آنکھ والی ہونا۔
خَوَّصَ۔ پہلے شرفا کا پھر کمینوں کا اکرام کرنا ___ التَّاجَ: سونے کے پتروں سے مزین کرنا ___ ہ الشَّيْبُ: بڑھاپا شروع ہونا۔ کہا جاتا ہے "خَوِّصْ مَا اَعْطَاكَ" یعنی جو کچھ وہ دے اس کو لے لو اگرچہ تھوڑا ہو۔
خَاوَصَ و تَخَاوَصَ۔ آنکھوں کو بھینچ کر تیز دیکھنا ___ النجومُ: مائل بغروب ہونا۔
خَاوَصَهٗ مُخَاوَصَةً و خَاوَصَهُ البيعَ: بیچنے میں مقابلہ کرنا۔
اَخْوَصَ۔ النخلُ: پتے والا ہونا۔

تَخَوَّصَ-الشَّيْءَ : تھوڑے ہونے کے باوجود لے لینا ___ العَطِيَّةَ : تھوڑا تھوڑا کرکے لینا۔
الخَوَّاص۔ کھجور کے پتوں کا بیچنے والا۔ اور اس کے عمل کو (الخِيَاصَة) کہتے ہیں۔
الخُوْص۔ کھجور کے پتے۔ واحد (خُوْصَة)
الخَوْصَاء۔ گرم ہوا جو آنکھوں کو چندھا کر دے۔ کہا جاتا ہے "خَرَجُوا فِي الظَّهِيْرَةِ الخَوْصَاءِ" وہ دوپہر کی سخت گرمی میں نکلے۔
خَاضَ (ن) خَوْضًا وخِيَاضًا۔ المَاءَ : داخل ہونا۔ گھسنا ___ الشرابَ : ملانا ___ الغَمَرَاتِ : سختیوں میں کود پڑنا ___ فِي الحَدِيْثِ : مشغول ہونا ___ الجَوَادُ فِي المَيْدَانِ : کلیلیں کرنا۔ بِالْفَرَسِ : پانی پر لے جانا ___ بِالسَّيْفِ : زخم میں تلوار ہلانا۔ کہا جاتا ہے "إِنَّهُ يَخُوضُ المَنَايَا" وہ اپنے آپ کو ہلاکتوں میں ڈالتا ہے۔ وَهُوَ يَخُوْضُ اللَّيْلَ وہ رات کو ہولناکیوں کی پرواہ نہ کرتے ہوئے گھس پڑتا ہے۔
خَوَّضَ-المَاءَ : داخل ہونا۔ گھسنا۔
خَاوَضَ مُخَاوَضَةً وأَخَاضَ
إِخَاضَةً الفرسَ : پانی میں داخل کرنا۔
أَخَاضُوْا المَاءَ : جانوروں کو پانی میں ڈال دینا۔
تَخَوَّضَ۔ بتکلف گھسنا۔
اِخْتَاضَ-المَاءَ : داخل ہونا۔ گھسنا۔
تَخَاوَضَ۔ القومُ فِي الحَدِيْثِ : باہم مشغول ہونا۔
الخَوْضَة۔ خاضَ کا اسم مرۃ۔ موتی۔
الخَوَّاض۔ بہت گھسنے والا۔
المَخَاضَة۔ پانی میں گھسنے کی جگہ۔ ج مَخَاوِض ومَخَاض ومَخَاضَات۔
تَخَوَّطَهُ۔ وقتًا فوقتًا آنا۔
الخُوْط۔ نرم ٹہنی یا ہری شاخ۔ ج خِيْطَان۔
خَوَّعَ تَخْوِيْعًا۔ منه : کم کرنا۔ گھٹانا ___ فُلَانًا بِالضَّرْبِ : توڑ دینا۔ کمزور کر دینا ___ السَّيْلُ الوادِيَ : وادی کے دونوں پہلوؤں کو ڈھا دینا ___ دَيْنَه : ادا کرنا۔
تَخَوَّعَ-الشَّيْءَ : تھوڑا تھوڑا کم کرنا۔ کھنکھار کر تھوکنا۔

الخَوْع۔ وادی کا موڑ۔ ج أَخْوَاع۔
خَافَ (س) خَوْفًا وخِيْفًا ومَخَافَةً وخِيْفَةً وتَخَوَّفَ۔ گھبرانا۔ احتیاط کرنا۔ ڈرنا۔ کہا جاتا ہے "خَافَهُ وخَافَ مِنْهُ وخَافَ عَلَيْهِ"
صفت (خَائِف) ج خُوَّف وخُيَّف وخِيَّف وخَائِفُون۔ وتَخَوَّفَ الحقَّ : حق کو مار لینا۔ وتَخَوَّفَ الشَّيْءَ : تھوڑا تھوڑا کم کرنا۔ تَخَوَّفَ عَلَيْهِ شَيْئًا : خوف کھانا۔
خَوَّفَه۔ ڈرانا ___ الطَّرِيْقَ : ایسا کر دینا کہ لوگ ڈرنے لگیں۔
أَخَافَهُ إِخَافَةً۔ ڈرانا۔ أَخَافَ الطَّرِيْقُ : گھبراہٹ میں ڈالنا۔
خَاوَفَهُ۔ ڈرنے میں مقابلہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "خَاوَفْتُه فَخُفْتُه أَخُوْفُه" میں نے اس سے ڈرنے میں مقابلہ کیا تو میں غالب رہا یعنی میں اس سے زیادہ ڈرنے والا نکلا۔
الخَوَاف۔ شور۔
الخَاف۔ بہت ڈرنے والا۔
الخَافَة۔ چمڑے کا جبہ جس کو شہد نکالنے والا پہنتا ہے۔ جس کے ذریعہ سے پھلوں کو چنا جائے۔
الخِيْفَة۔ ڈرنے والے کی حالت۔ ج خِيَف۔
المَخُوْف۔ خوفناک۔ کہا جاتا ہے "طَرِيْقٌ مَخُوْفٌ" خوفناک راستہ۔
خَوِقَ (س) خَوَقًا وانْخَاقَ وتَخَوَّقَ۔ کشادہ ہونا۔ صفت (أَخْوَق) مؤنث خَوْقَاء ج خُوْق۔
أَخَاقَ إِخَاقَةً۔ ملک میں جانا۔
خَوَّقَهُ۔ کشادہ کرنا۔
تَخَوَّقَ۔ عَنْه : دور ہونا۔
الخَوْق۔ بالی کا حلقہ۔
الخَوَق۔ کشادگی۔ خارش۔
الأَخْوَق۔ خارش والا۔ کانا۔
مکان (مُنْخَاق) کشادہ جگہ۔
خَالَ يَخُوْلُ خَوْلًا وخِيَالًا۔ المَوَاشِيَ : نگہبانی کرنا ___ فلانٌ عَلَى أَهْلِه : تدبیر امور کرنا۔ انتظام کے لیے کافی ہونا۔
خَالَ يَخَالُ خَوَلًا۔ تنہائی کے بعد غلاموں والا ہونا۔
خَوَّلَهُ-الشَّيْءَ : عطا کرنا۔ بخشش کرنا یا مالک بنانا۔

أَخْوَلَ وأُخْوِلَ۔ ماموں والا ہونا۔
أَخَالَ۔ فيه خَالًا مِنَ الخَيْرِ وأَخَالَهُ : فراست سے بھلائی معلوم کرنا۔
تَخَوَّلَ فِيْهِ خَالًا مِنَ الخَيْرِ وتَخَيَّلَ۔
تَخَوُّلًا وتَخَيُّلًا۔ بھلائی معلوم کرنا۔ تَخَوَّلَ خَالًا : ماموں بنانا ___ فلانًا : نگہبانی کرنا۔
اِسْتَخْوَلَهُمْ۔ خادم بنانا۔ اِسْتَخْوَلَ واسْتَخَالَ فِيْهِمْ : ماموں بنانا۔
الخَوَل۔ خولی کی جمع۔ غلام۔ لونڈیاں۔ لفظ واحد ہی جمع کے لیے مستعمل ہے۔ اور کبھی واحد کے لیے (خائل) بولتے ہیں۔
الخَال۔ ماموں۔ ج أَخْوَال وأَخْوِلَة وخُؤُوْل وخُؤُوْلَة۔
الخَالَة۔ ماں کی بہن۔ موسی۔ ج خالات۔ تم کہتے ہو۔ "هُمَا ابْنَاء خالة" یہ دونوں ایک دوسرے کے خالہ کے بیٹے ہیں۔ الخال : خیر کا نشان۔ فوج کا جھنڈا۔ چیز کا مالک۔ تم کہتے ہو "انا خال هذا الفرس" میں اس گھوڑے کا مالک ہوں۔
الخَوَلِيّ۔ مال کا بہتر منتظم۔ ج خَوَل۔
الخَائِل۔ فا۔ الخول کا واحد۔ کہا جاتا ہے "هو خَائِلُ مَالٍ" وہ مال کا منتظم و نگہبان ہے اور کبھی حذف ہمزہ سے "خَالُ مَالٍ" کہتے ہیں۔
الخَوْلَة۔ ہرنی۔
الأَخْوَل۔ وہ شخص جس کے بہت سے ماموں ہوں۔ رَجُلٌ (مُخْوِلٌ ومُخْوَلٌ ومُخَال) شریف ماموں والا۔
خَامَتْ (ن) خَوَمَانًا۔ الأَرْضُ : ناموافق آب وہوا والی ہونا۔
أَخَامَ إِخَامَةً۔ الفرسُ : تین ٹانگوں پر کھڑا ہونا۔
الخَام۔ روئی کا کپڑا۔ ج أَخْوَام۔ أَرْضٌ (خَامَة) ناموافق آب وہوا والی زمین۔
خَانَهُ (ن) خَوْنًا وخِيَانَةً ومَخَانَةً وخَانَةً۔ فِي كَذَا : امانت میں خیانت کرنا۔ خَانَهُ سَيْفُه : اچٹ جانا۔ خَانَهُ الدَّهْرُ : آسودگی کو تنگی سے بدل دینا۔ خَانَتْهُ رِجْلَاهُ : چلنے پر قادر نہ ہونا۔ خَانَ الدلو الرشاءُ : ٹوٹ جانا۔ العهدَ : توڑ دینا۔ کہا

جاتا ہے "خَانَهُ العَهْدَ اَوِ الاَمَانَةَ" یعنی اس نے عہد یا امانت میں خیانت کی۔ صفت (خَائِن) ج خُوَّان و خَانَة و خَوَنَة (___ خَوْنًا) جسم میں کمزوری اور نظر میں ضعف ہونا۔

خَوَّنَهُ۔ خیانت کی نسبت کرنا۔

خَوَّنَهُ و خَوَّنَ مِنْهُ و تَخَوَّنَهُ۔ تھوڑا تھوڑا کر کے کم کرنا۔ خَوَّنَهُ و تَخَوَّنَهُ۔ نگہبانی کرنا۔ اور اسی سے ہے "کَانَتِ الحُمىٰ تَتَخَوَّنَهُ" اس کو وقت پر بخار آتا ہے۔ تَخَوَّنَهُ الدَهْرُ: آسودگی کو سختی سے بدل دینا۔

اِخْتَانَهُ۔ خیانت کرنا ___ المَالَ: چرانا۔

اِسْتَخَانَهُ۔ خیانت کرنے کا ارادہ کرنا۔

الخَان۔ دکان۔ سرائے۔ ج خَانَات۔ (دخیل) اور خان ترکوں کے بادشاہ کا لقب تھا۔

الخَائِنَة۔ الخَائِن کا مؤنث۔ الخَائِنَة: بہت خیانت کرنے والا۔ "ۃ" مبالغہ کے لیے ہے۔ جیسے رَاوِيَة بہت روایت کرنے والا۔

الخُوَان و الخِوَان۔ دسترخوان۔ عوام اس کو سفرہ کہتے ہیں۔ ج اَخْوِنَة و خُوْن۔

الخَؤُوْن و الخَوَّان۔ بہت خیانت کرنے والا۔

الخَوَّانَة۔ بہت خیانت کرنے والا۔ "ۃ" مبالغہ کے لیے ہے۔ دبر۔

خَوَّتِ الدَّارُ تَخُوُّ خَوًّا۔ گر جانا ___ النجومُ: بغیر بارش ہوئے غروب ہونا۔

الخَوُّ۔ بھوک۔ کشادہ وادی (___ و الخَوُّ) شہد۔

الخَوَّة۔ کشادہ زمین۔

خَوَىٰ (ض) خَوَاءً۔ البَيْتُ: گرنا۔ خالی ہونا ___ رَاسُهُ: کثرتِ نکسیر سے خون سے خالی ہونا (___ خَوىً و خَوَاءً) بھوکا ہونا ___ الزَّنْدُ: آگ نہ دینا (___ خَيًّا) النجومُ: بے بارش کے ہونا۔ مائل بغروب ہونا (___ خَوىً و خَوَايَةً) الشيَ: اُچک لینا۔

خَوِيَ (س) خَيًّا و خُوِيًّا و خَوَايَةً۔ المكان: خالی ہونا۔

خَوَّىٰ تَخْوِيَةً۔ البَعِيْرُ: بیٹھنے میں پیٹ کو زمین سے اونچا رکھنا ___ الطَائِرُ: اُڑنے میں بازو لٹکانا۔

اَخْوَىٰ اِخْوَاءً۔ الزَّنْدُ: آگ نہ دینا ___ النجومُ: بے بارش کے ہونا ___ الرجلُ: بھوکا ہونا ___ مَاعِنْدَ فُلَانٍ: سب کچھ لے لینا (___ و خَوَّت) المَاشِيَةُ: بہت موٹا ہونا۔

اِخْتَوىٰ اِخْتِوَاءً۔ بے عقل ہونا ___ البلدَ: عبور کرنا ___ مَاعِنْدَ فُلَانٍ: سب کچھ لے لینا ___ الفرسَ: اگلی پچھلی ٹانگوں کے درمیان نیزہ مارنا۔

الاَخْوَىٰ۔ عقل و ہوش رفتہ۔ مؤنث خَيَّا و خَوْيَاء۔

الخَوَىٰ و الخَوَاء۔ کھانے سے پیٹ کا خالی ہونا۔ دو چیزوں کے درمیان کا خلاء۔ خَوَاءُ الفَرَسِ: گھوڑے کے اگلے پچھلے پیروں کے درمیان کا فاصلہ۔

الخَوِيُّ۔ خالی پیٹ والا۔

الخَوِيُّ۔ نرم و پست زمین۔

خَابَ (ض) خَيْبَةً و تَخَيَّبَ۔ محروم ہونا۔ ناامید ہونا۔ کہا جاتا ہے "خَابَ سَعْيُهُ" یعنی وہ ناکامیاب ہوا۔

خَيَّبَهُ و اَخَابَهُ۔ محروم کرنا۔

قَدْحٌ (خَيَّابٌ) آگ نہ دینے والا چقماق۔

المَخْيَبَة۔ باعث محرومی۔

خَاتَ (ض) خَيْتًا و خُيُوْتًا۔ آواز کرنا۔

خَارَ (ض) خَيْرًا۔ صاحب خیر ہونا۔

اللّٰهُ لَكَ فِي الاَمْرِ: بہتری کرنا۔

خَارَ (ض) خِيَرَةً و خِيْرَةً و خِيَرًا و خَيَّرَ۔ الشيَ عَلَى غَيْرِهِ: فضیلت دینا۔ خَارَهُ: انتخاب کرنا اور اسی سے ہے "اَللّٰهُمَّ خِرْلِي" اے اللہ میرے لیے دو امر میں سے بہتر کا انتخاب کر۔

خَيَّرَهُ و خَايَرَهُ۔ فِي الاَمْرِ و بَيْنَ الاَمْرَيْنِ۔ پسند کرنے کے لیے اختیار دینا۔ و خَايَرَهُ فِي العِلْمِ فَخَارَهُ: علم میں مسابقت کرنا اور غالب رہنا۔

تَخَيَّرَهُ و اِخْتَارَهُ۔ چن لینا۔ انتخاب کرنا۔ ذخیرہ کرنا۔

اِسْتَخَارَ اِسْتِخَارَةً۔ طلب خیر کرنا۔

اللّٰهَ: طلب خیر کی دعا کرنا۔

الخَيْر۔ ج خُيُوْر: بھلائی، نیکی۔ کسی چیز کا اپنے کمال کو پہنچنا۔ مال ___ ج اَخْيَار و خِيَار: بہت نیکی والا۔ اور خیر اسم تفضیل کا صیغہ (اَخْيَر) کا مخفف ہے اور اس کی مؤنث (خَيْرَةٌ) ہے۔ کہا جاتا ہے "فُلَانَةٌ خَيْرَةُ النَّاسِ و خَيْرُهُم"

الخِيْر۔ شرف۔ بزرگی۔ کرم۔ اصل۔ ہیئت۔

الخَيْرَة۔ بہت خیر والی۔ ہر چیز سے بہتر۔ ج خَيْرَات۔

الخِيَرَة و الخِيْرَة۔ مِنَ الشيِ اوِ القَوْمِ: افضل۔

الخِيَار۔ پسندیدگی۔ کہا جاتا ہے "اَنْتَ بِالخِيَارِ" یعنی جو چاہو پسند کرو۔ خِيَارُ الشيِ: چیز میں کا افضل۔ الخِيَار: ککڑی۔ واحد (خِيَارَة) خِيَارُشَنْبَر۔ املتاس۔

الخَيْرِيُّ۔ ایک قسم کی پھولوں والی نباتات۔

الخَيْرِيَّة۔ عمدگی۔ فضل۔ عثمانی سلطنت کا ایک پرانا سکہ۔

الخَيِّر۔ فیاض۔ مؤنث خَيِّرَة۔

الاَخْيَر۔ زیادہ اچھا۔ مؤنث خِيْرىٰ و خُوْرىٰ ج اَخَائِر۔

الخِيْرىٰ و الخُوْرىٰ و الخُوْرَىٰ و الخِيْرِىٰ۔ بہت زیادہ اچھا۔ کہا جاتا ہے رجل خيرى۔ الخ۔ یعنی بہت خیر والا۔

المُخْتَار: مفعو۔ کہا جاتا ہے "اَنْتَ بِالمُخْتَارِ" یعنی تم جو چاہو پسند کرو۔

خَاسَ (ض) خَيْسًا۔ اللَّحْمُ: بدبودار ہونا ___ البَيْعُ: سرد بازاری ہونا۔ مندا ہونا ___ الرَّجُلُ: جھوٹ بولنا۔ ذلیل ہونا ___ الرَّجُلَ او الدابةَ: مطیع کرنا۔

خَاسَ (ض) خَيْسًا و خَيَسَانًا۔ بالعهد: بدعہدی کرنا ___ بِالوَعْدِ: خلاف وعدگی کرنا۔

خَيَّسَهُ۔ سدھانا۔ ذلیل کرنا۔ کہا جاتا ہے "خَيَّسَ الجَمَلَ" یعنی اس نے اونٹ کو سوار ہو کر سدھایا۔ روکنا۔

الخَيْس۔ غم۔ گمراہی۔ جھوٹ۔ خیر۔

الخِيْس۔ گنجان درخت۔ شیر کی جھاڑی۔ ج اَخْيَاس۔ دودھ۔

الخِيْسَة۔ شیر کے رہنے کی جگہ۔ ج خِيَس

المُخَيَّس و المُخَيِّس۔ جانور کے

سدھانے کی جگہ -قید خانہ-
خَاشَ (ض) خَیشًا-مافی الوعاء :نکالنا-
الخَیش- کتاں کا کھردرا کپڑا- ج خُیُوش
و اَخیَاش-واحد(خَیشَة) کمینہ آدمی-
الخَیَّاش- کتاں کا کھردرا کپڑا بیچنے والا-
خَاصَ (ض) خَیصًا- کم ہونا- صفت
(خَائِص)
خَیِصَ (س) خَیَصًا- ایک بڑی ایک چھوٹی
آنکھ والا ہونا- صفت (اَخیَص) مؤنث
(خَیصَاء)
الخَیص- تھوڑی چیز- کہا جاتا ہے "نِلتُ مِنهُ
خَیصًا خَائِصًا" میں نے اس سے تھوڑی چیز
حاصل کی-
الخَیصَی- تھوڑی چیز- کہا جاتا ہے "فِی
المَرعَی خَیصَی مِنَ العُشبِ" چراگاہ میں
تھوڑی سی گھاس ہے-
الخَیصَان- تھوڑا مال-
خَاطَ (ض) خَیطًا- الثوبَ : سینا- صفت
فاعلی (خَائِط و خَاطٌ و خَیَّاط) اور صفت مفعولی
(مَخِیط و مَخیُوط) ___ الحَیَّةُ : زمین پر
رینگنا اور اسی سے ہے "هٰذا مَخِیطُ الحَیَّة" یہ
سانپ کے رینگنے کی جگہ ہے- خَاطَ اِلَیهِ
خَیطَةً :ایک ہی دفعہ یا جلدی سے گزر جانا-
خَیَّطَ- الشَّیبُ فِی رَاسِهِ :بڑھاپا شروع ہونا-
تَخَیَّطَ- رَاسُهُ بالشَیبِ :بڑھاپا شروع ہونا-
اِختَاط و اِختَطَی- اِلَیهِ : ایک ہی دفعہ یا
جلدی سے گزر جانا-
الخَیط- مـ- دھاگہ- ج خُیُوط و خُیُوطَة و
اَخیَاط ___ مِنَ النَّعَام :شترمرغ کا ریوڑ-
مِنَ الجَرَادِ :ٹڈیوں کا دل- ج خِیطَان-
الخَیطُ الاَبیَضُ : صبح کی سفیدی- الخَیطُ
الاَسوَدُ : رات کی سیاہی- الخَیطُ مِنَ الرَّقَبَةِ :
حرام مغز- کہا جاتا ہے "جَاحَشَ عَن خَیطِ
رَقَبَتِهِ" اس نے اپنے خون سے مدافعت کی-
خَیطُ بَاطِلٍ : ترمرے یعنی وہ چیز جو گرمی کے
زمانہ میں دوپہر میں مکڑی کے جالے کی مانند فضا
میں اُترتی ہوئی معلوم ہوتی ہے-
الخِیطُ و الخَیطَی- مِنَ النَّعَامِ او الجَرَادِ :
شترمرغ کا ریوڑ- ٹڈیوں کا دل-
الخِیَاطَة- درزی کا پیشہ-
الخَیَّاط- درزی-
الخِیَاط و المِخیَط- سوئی-
خَیِفَ (س) خَیَفًا- ایک نیلگوں اور ایک
سرمگیں آنکھ والا ہونا- صفت (اَخیَف) مؤنث
خَیفَاء ج خِیف-
خَیَّفَ- عَنِ القِتَالِ :روگردانی کرنا-
___ القَومُ : کسی جگہ میں اُترنا- خَیَّفَتِ
المراۃُ بِاَولَادِهَا :اخیافی بھائیوں کی ماں ہونا-
تَخَیَّفَ- الوانًا : مختلف رنگوں والا ہونا-
الخَیف- دامن کوہ میں ہر بلند و پست زمین- پانی
بہنے کی جگہ سے بلند جگہ- تھن کی کھال-
الخَیفَة- چھری- شیر کی جھاڑی-
الخَیفَاء- کشادہ تھنوں والی- ج خَیفَاوَات
و خِیف-
الاَخیَاف- مختلف لوگ- کہا جاتا ہے "هم
اِخوَۃُ اَخیَاف اَو بَنُو اَخیَاف" یعنی ان کی ماں
ایک ہے اور باپ مختلف ہیں-
الخَیفَان- لوگوں کی کثرت- مختلف رنگوں والی
ٹڈی- ایک قسم کی پہاڑی گھاس- واحد(خَیفَانَة)
خَالَ یَخَالُ خَیلًا و خِیلًا و خَالًا و خَیلَةً
و خِیلَةً و خَیلَانًا و خَیلُولَةً و مَخِیلَةً و مَخَالَةً-
الشیَٔ : خیال کرنا- گمان کرنا اور واحد متکلم
مضارع کا صیغہ اِخَال و اَخَال اور بکسر ہمزہ زیادہ
فصیح ہے-
خَیَّلَ تَخیِیلًا و تَخَیُّلًا- علیه : تہمت لگانا و
(خَیَّلَ تَخیِیلًا) السحابُ : گرجنا، چمکنا اور
برسنے کے لیے تیار ہونا ___ فِیهِ الخَیرَ :
معلوم کرنا ___ عَنِ القَومِ :کمزور و بزدل ہونا-
خُیِّلَ- اِلَیهِ و لَهُ اَنَّهُ کَذَا : توہم ہونا کہ وہ ایسا
ہے-
خَایَلَهُ- فخر کرنے میں مقابلہ کرنا-
خَایَلَتِ السَّحَابَةُ :بارش کی اُمید دلانا-
اَخیَلَتِ- السماءُ :برسنے کیلئے تیار ہونا-
___ النَّاقَةُ : تھنوں میں دودھ والی ہونا-
(___ و اَخَالَ)القومُ :ایسے بادل کو دیکھنا جس
کے متعلق خیال ہو کہ برسے گا-(اَخیَل و اِختَالَ)
المَکَانُ بِالنَّبَاتِ : ہرا بھرا ہونا- اَخَالَ عَلَیهِ
الشیُٔ :دشوار و مشتبہ ہونا-
تَخَیَّلَتِ- السَّحَابَةُ : بارش کی علامتیں
معلوم ہونا ___ الرَّجُلُ : تکبر کرنا ___ لَهُ
اَنَّهُ کَذَا : توہم ہونا کہ وہ ایسا ہے ___ فیه
الخیرَ : معلوم کرنا ___ ہ : فراست سے
معلوم کرنا ___ علیه :پسند کرنا اور فراست
سے خیر معلوم کرنا-
تَخَایَلَ تَخَایُلًا و اِختَالَ و اِختِیَالًا- تکبر کرنا
اور اَکڑ کر چلنا-
اِستَخَالَ- السَّحَابَةَ :برستا ہوا خیال کرنا-
الخَال- مـ- بادل جس سے بارش ضروری ہو-
بے بارش کا بادل- بجلی- غرور- بڑا پہاڑ- جھنڈا-
نرم کپڑا- سخی و فیاض آدمی- مغرور- گمان و توہم-
بے بیوی والا- کمزور دل یا کمزور جسم والا- چھوٹا
ٹیلہ- گھوڑے کی لگام- کفن- بدن کا تل- ج
خِیلَان-
الخَالَة- مغرور عورت-
الخَیل- مـ- گھوڑوں کا گروہ- ج خُیُول
و اَخیَال- اور مجازاً خَیل کا اطلاق سواروں پر بھی
ہوتا ہے- کہا جاتا ہے "اَتی بِخَیلِهِ و رَجِلِهِ" وہ
اپنے سوار اور پیادوں کے ساتھ آیا-
الخِیل- ہینگ-
الخَیلَان- ایک دریائی جانور ہے جس کا نصف
حصہ انسان جیسا اور نصف حصہ مچھلی کا سا ہوتا
ہے-
الخَیَال- گمان و وہم- ج اَخیِلَة (___ و
الخَیَالَة) وہ صورت جو خواب میں نظر آئے-
انسانی شکل- ڈراوا- یعنی وہ چیز جس کو کھیتوں میں
کھڑا کر دیتے ہیں چوپائے اور پرندے اس کو
انسان خیال کرتے ہیں-
الخَائِل- مغرور- ج خَالَة-
المُخَیَّلَة و الخَیَالِیَّة- قوتِ خیالیہ-
الاَخیَل- مؤنث خَیلَاء- ج خِیل و اَخَائِل-
و (المَخِیل و المَخیُول) بدن میں تل والا-
الاَخیَل :ایک منحوس پرندہ کا نام-
الاَخَائِل- مغرور- کہا جاتا ہے "رَجُلٌ
اُخَائِلٌ"

الخیال۔ شہسوار۔ گھوڑے والا۔ ج خَیَّالَة۔
الخُیَلاَء۔ والخِیَلاَء والخَیْلَة۔ تکبر و غرور۔
السحابة (المُخِیْلَة والمَخِیْلَة والمُخَیِّلَة والمُخْتَالَة) بادل جس کے برسنے کی امید ہو۔
المُخِیْل: خیر سے ڈرانے والا۔ کَلاَمٌ مُخِیْلٌ: دشوار کلام۔
المَخَائِل۔ مِنَ السُحُب: بارش سے ڈرانے والے بادل۔ اور اسی سے ہے "ظَهَرَتْ فِیْه مَخَایِلُ النَجَابَةِ" اس کے اندر شرافت کی علامتیں ظاہر ہوئیں۔
اَرْضٌ (مُتَخَیِّلَةٌ و مُتَخَایِلَةٌ)
خَامَ یَخِیْمُ خَیْمًا و خَیَمَانًا و خُیُوْمًا و خُیُوْمَةً و خِیَامًا و خَیْمُوْمَةً۔ اقامت کرنا ___ عنه: بزدل ہونا۔ روگردانی کرنا ___ القومُ فِی القِتَالِ: جنگ میں کامیاب نہ ہونا ___ رِجلَه: پاؤں اُٹھانا۔
خَیَّمَ۔ خیمہ لگانا۔ خیمہ میں اقامت کرنا ___ بالمکان: اقامت کرنا۔ خَیَّمَتِ الکِرْمَةُ: خیمہ کی مانند ہونا۔ خَیَّمَتِ البَقر: اپنے تھان پر کھڑے رہنا ___ اَلرِیحَ فی الثَوْب: کپڑے میں خوشبو کو بسانا۔
اَخَامَ اِخَامَةً و اَخْیَمَ اِخْیَامًا۔ الخیمةَ نصب کرنا ___ الفرسُ: تین ٹانگوں پر کھڑا ہونا۔
تَخَیَّمَ۔ المَکَانَ و بِالْمَکَان و فِیْه: جگہ میں اپنا خیمہ نصب کرنا۔ تَخَیَّمتِ الرِیْحُ الصَبَةُ بِالثَوْبِ و فِیْهِ: بھڑک اُٹھنا۔
الخِیْم۔ طبیعت۔ خصلت۔ تلوار کا جوہر۔
الخَام۔ ہر وہ چیز جس میں ابھی ہاتھ نہ لگا ہو جیسے ہیرا جو ابھی صاف نہ کیا گیا ہو۔ پتھر جو تراشا نہ گیا ہو۔ چمڑا جس کی دباغت نہ ہوئی ہو۔ کپڑا جو ابھی دھویا نہ گیا ہو۔ روئی کا بنایا ہوا۔ ج اَخْوَام۔
الخَام مولی۔
الخَامة۔ تر و تازہ گھاس۔ ج خَام و خامات۔
الخَیمة ڈیرہ۔ ہر وہ مکان جو اینٹ، پتھر اور مٹی وغیرہ سے نہ بنا ہو۔ ج خِیَم و خِیَام و خَیمات و خَیم۔ الخِیَام: ہودے۔
الخَیَّام۔ خیمہ میں رہنے والا (___
الخیمی خیمہ بنانے والا یا بیچنے والا۔
المُخَیَّم۔ وہ جگہ جہاں خیمے نصب ہوں۔

دَأَبَ(ف)دَأْباً ودَأَبًا ودُؤُوبًا-في العَمَلِ: لگاتار جانفشانی سے کرنا- صفت (دَائِبٌ ودَؤُوبٌ) - (دَأْبًا ودَأَبًا) الدابةَ: تیز ہانکنا ـــــــ ہ: دھتکارنا-

اَدْأَبَہٗ اِدْآبًا- تھکانا- لگاتار کوشش کرنے کا حاجت مند بنانا-

الدَأْبِ والدَأَب-مص-عادت-حالت-

الدَائِبَان- رات دن-

الدَائِب- تھکاماندہ-

دَأَثَ (ف) دَأْثًا- بوجھل ہونا ـــــــ الثوبُ: میلا ہونا ـــــــ الثوبَ: میلا کرنا ـــــــ الطَعَامَ: کھانا-

الدِئْث- سخت کینہ-

الدَأَثَاء- باندی-لونڈی-ج دِآث اِبْنُ دَاَثَاء: بیوقوف-

دَأدَأدَأدَاۃً ودِئْدَاءً- تیز دوڑنا ـــــــ فِیْ اَثَرِہٖ: کھوج لگانے کیلئے پیچھے جانا ـــــــ الشَئَ: ڈھانپنا- حرکت دینا- ٹھہرانا ـــــــ القومُ: باہم ہجوم کرنا-

تَدَأدَأ- ہلنا- ٹھہرنا ـــــــ فِی مَشْیِہٖ: لڑکھڑانا- ـــــــ عَنْ فَرَسِہٖ: گرنا-

الدَأْدَأ والدَأدَاء والدَأدَاۃُ والدَأْدَاءَۃُ-مِنَ اللَّيَالِیْ: سخت تاریک رات-ج الدَآدِیٔ-

الدُؤدُؤ- مہینے کا آخر- بقول بعض پچیسویں، چھبیسویں، ستائیسویں رات- اور بقول بعض اٹھائیسویں، اُنتیسویں رات- ج دَادِیٔ- الدَّارَ صِیْنِیْ-دار چینی-

دَئِصَ (س) دَأْصًا- اترانا ـــــــ البَعِیْرُ: موٹا و پُرگوشت ہونا-

الدَأْص- موٹاپا-

دَأَظَ (ف) دَأْظًا- الاِنَاءَ: بھرنا ـــــــ الرجُلَ: باوجود شکم سیری کے کھانے پر مجبور کرنا- غصہ دلانا- گلا گھونٹنا ـــــــ القَرْحَةَ: دبا کر نچوڑنا-

دَأَظَ(ف)دَأْظًا- موٹا ہونا-

دَأَلَ (ف) دَأْلاً ودَأَلاً ودَأَلٰی- سُست چلنا- (ـــــــ لہ دَأْلاً ودَأَلاَنًا) فریب دینا-

دَاءَ لَہٗ مُدَاءَ لَۃً- دھوکا دینا- تیز چلنے میں مقابلہ کرنا-

دُؤَالَۃ-لومڑی کے لئے علم جنس ہے-

الدَأْل والدُئِل والدُؤُل والدَأَلاَن- گیدڑ- بھیڑیا-نیولے کی مانند ایک جانور-

الدُؤْلُوْل- مصیبت- ج دَآلِیْل- کہا جاتا ہے "وَقَعَ القَوْمُ فی دُؤلُوْل" لوگ مصیبت میں پڑ گئے-

دَأَمَ(ف)دَأْمًا-الحَائِطَ: سہارا دینا ـــــــ الرجُلَ: کود کر سوار ہونا-

تَدَأَّمَہٗ- الماءُ: ڈھانپ لینا- تَدَأَّمَتِ السَّمَاءَ: لگاتار برسنا-

تَدَاءَ مَتْ- عَلَيْہِ الهُمُوْمُ والأُمُوْرُ: ہجوم کرنا-

الدَأْم-مص- ہر وہ چیز جو تمہیں چھپالے-

الدَأْمَاء- سمندر-

دأی یَدْأُوویَدْأَی دَأْواً ودَأْيًا- الذِئبُ للصَيْد: دھوکے سے شکار کرنا-

الدَأْی- سینے کی پسلیوں کے ملنے کی جگہ- ج دَأَيَات-

(اِبْنُ دَايَۃ) کوا-

الدَايَۃ-دائی جنائی-ج دَايَات-

دَبَّ(ض)دَبًّا ودَبِيْبًا- رینگنا-ہاتھوں یا پیروں کے بل چلنا- کہتے ہیں "هُوَ اَكْذَبُ مِنْ دَبَّ و دَرَجَ" وہ زندوں اور مردوں سے زیادہ جھوٹا ہے ـــــــ السُقْمُ فی الجِسْمِ او البِلٰی فی الثوبِ: بیماری کا جسم میں اور کہنگی کا کپڑے میں سرایت کرنا، اثر کرنا ـــــــ الجِدْوَلُ: نہر کا جاری ہونا اور کہا جاتا ہے "دَبت عَقَارِبُہٗ" اس نے تفرقہ اندازی کیلئے چغل خوری کی-دَبَّ الشَيْخُ: آہستہ چلنا-

اَدَبَّ- الصَبِیَّ: ہاتھ پیروں پر چلانا ـــــــ اِلٰی اَرْضِہٖ جَدْوَلاً: نہر جاری کرنا- کہا جاتا ہے "اَدَبَّ البِلاَدَ" اس نے ملک کو عدل و انصاف سے بھر دیا- و "هُوَ يُدِبُّ عَلَيْنَا عَقَارِبُہٗ و يُحْرِشُ عَلَيْنَا اَقَارِبہ" یعنی وہ ہم سے دشمنی کرتا ہے اور تکلیف پہنچاتا ہے-

الدُبُّ- ریچھ-ج اَدْبَاب وَدِبَبَۃ- مؤنث دُبَّۃ-

الدُبُّ الاَكْبَرُ والدُبُّ الاَصْغَرُ: بنات النعش کے ستاروں کا مجموعہ- کہا جاتا ہے "رَكِبَ دُبَّ فُلان او دُبَّۃَ فُلانٍ" اس نے فلاں کا طریقہ اختیار کرلیا-

الدَبَّۃ- تیل وغیرہ کا برتن-بط کی شکل کا شیشہ کا برتن- بہت ریتلی جگہ- ج دِبَاب- منہ کا رُواں- ج دَبٌّ- کہا جاتا ہے "لَيْسَ فی الدَّارِ دُبِّیَّ اَوْدِبِّیَّ" یعنی گھر میں کوئی نہیں- اس کا استعمال صرف نفی کی صورت میں ہوتا ہے-

الدَبَب- رُواں-بال کی کثرت- گائے کا نومولود بچھڑا-

الدَبَّاب- تیز رینگنے والا- ناتوانی سے آہستہ چلنے والا-مؤنث دَبَّابَۃ-

الدَبَّابَۃ- ایک آلہ کا نام جس کو محاصرہ میں

استعمال کیا کرتے تھے اور اس کے جوف میں داخل ہو کر قلعہ کی دیوار کی جڑ میں پہنچ جاتے تھے اور جوف میں رہتے ہوئے نقب لگاتے تھے۔ ج دَبَّابَات۔ الدَّبَّابَة :ٹینک یعنی مسلح جنگی موٹر۔

الَدیِیْب۔ مہ۔ رینگنے والا۔ چھوٹا کیڑا جو پانی میں کھیلتا رہتا ہے۔

الدَبُوْب و الدَیْبُوْب۔ موذی۔ چغل خور۔ گہرا غار۔ ہر موٹی تازی چیز۔

الدَابَّة۔ الداب کا مؤنث۔ ہر رینگنے والا جانور۔ سواری کا جانور۔ بوجھ لادنے کا جانور۔ مذکر و مؤنث دونوں کے لئے مستعمل ہے اور اس میں تا وحدت کی ہے۔ ج دَوَابٌّ۔ تصغیر (الدُّوَیْبَّة)

الدَبَّاء۔ کدو۔ واحد (دَبَّاءَ ة)

الدَبَّان۔ زواں۔ بالوں کی کثرت۔

الاَدبُّ۔ بہت بالوں والا۔ بہت روئیں والا۔ مؤنث دَبَّاء۔ بہت بالوں والا اُونٹ۔

المَدَبُّ۔ جاری ہونے کی جگہ۔ کہا جاتا ہے "مَدَبُّ السَیْل" سیلاب بہنے کی جگہ۔ و "مَدَبُّ النَمَل" چیونٹیوں کے چلنے کی قطار۔

أَرْضٌ (مَدَبَّة) بہت ریچھوں والی زمین۔

دَبَأَهُ (ف) دَبْأً۔ لاٹھی سے مارنا ــــ الشئُ :ساکن ہونا۔

دَبَّأَه۔ وَ دَبَّأَعَلَیْهِ :چھپانا۔ پوشیدہ کرنا

دَبَجَه (ن) دَبْجًا و دَبَّجَهُ۔ نقش کرنا، مزین کرنا، خوبصورت بنانا ــــ الطَیْلَسَانَ : ریشمی کپڑا لگا کر مزین کرنا۔

الدِیْبَاج۔ ریشمی کپڑا۔ ج دَبَابِج و دَبَابِیْج۔ واحد (دِیْبَاجَة) و (الدِیْبَاجَة) چہرہ۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ یَصُوْنُ دِیْبَاجَتَهُ" فلاں اپنی آبرو کی حفاظت کرتا ہے۔ و "فُلَانٌ یَبْذُلُ دِیْبَاجَتَه" فلاں اپنی آبروریزی کرتا ہے۔ "دِیْبَاجَةُ الکِتَابِ" کتاب کا دیباچہ۔ الدِیْبَاجَتَانِ۔ دونوں رخسارے۔ دِیْبَاجَةُ الوَجْهِ : چہرہ کی رونق۔

الدِیْبَاجُ :جوان اونٹنی۔

الدَبَّاج۔ ریشمی کپڑے کا بیچنے والا۔

المُدَبَّج۔ ریشمی کپڑے سے مزین کیا ہوا۔ بدشکل۔ ایک بدشکل آبی پرندہ۔ اُلو۔

دَبَّجَ۔ سر جھکانا اور پیٹھ بچھانا۔ ذلیل ہونا۔

فِیْ بَیْتِهٖ :گھر میں جمے رہنا۔

دَبَخَ۔ بمعنی دَبَّخَ۔

دَبْدَبَ دَبْدَبَةً۔ الحَافِرُ عَلَی الاَرْضِ : ٹاپ سے آواز نکلنا۔

الدَبْدَابُ۔ ڈھول۔ طبل۔ ج دَبَادِیْب۔

دَبَرَ (ن) دَبْرًا و دُبُوْرًا۔ النهارُ اَو الصَیْفُ : گزر جانا۔ ختم ہونا ــــ الرَجُلُ : مرنا۔ پشت پھیرنا۔ بوڑھا ہونا ــــ الریحُ :پچھوائی رُخ پر ہو جانا۔ (ــــ دَبْرًا) السَهْمُ الهَدَفَ : نشانہ سے ہٹ جانا ــــ الکتابَ : نقل کرانا ــــ بِالشَّئِ : لے جانا ــــ ہ : پیچھے آنا ــــ الحَدِیْثَ عَنْ فلانٍ : کسی کے مرنے کے بعد اس کی بات بیان کرنا۔

دُبِرَ۔ پچھوائی ہوا لگنا۔

دَبِر (س) دَبَرًا۔ البَعِیْرُ : کجاوہ وغیرہ سے زخمی پیٹھ والا ہونا۔ صفت (دَبِر)

دَبَّرَ۔ الامرَ : غور کرنا۔ انجام سوچنا۔ انتظام کرنا ــــ الحَدِیْثَ : دوسرے سے روایت کرنا ــــ عَلٰی هَلَاکِهٖ : کسی کی ہلاکت کیلئے حیلہ اور کوشش کرنا۔

دَابَرَ مُدَابَرَةً و دِبَارًا۔ مرنا ــــ ہ : دشمنی کرنا۔

اَدْبَرَ۔ البعیرُ : زخمی پیٹھ والا ہونا۔ اَدْبَرَہ القَتَبُ : پیٹھ زخمی کرنا ــــ فلانٌ : مرنا۔ پچھوائی ہوا میں داخل ہونا ــــ عَنْهُ : پیٹھ پھیرنا ــــ ہ : پیچھے کرنا۔ اَدْبَرَتِ الدُّنْیَا : اقبال کا ختم ہونا۔ الامرُ : ختم ہونا ــــ الرَجُلُ :بدھ کے دن سفر کرنا۔

تَدَبَّرَ۔ الامرَ :انجام سوچنا۔

تَدَابَرَ۔ القومُ :باہم دشمنی کرنا۔ اختلاف کرنا اور قطع تعلقات کرنا۔

اِسْتَدْبَرَهُ۔ پشت دینا۔ اختیار کرنا اور جستجو کرنا ــــ الاَمْرَ :غیر متوقع طور پر نتیجہ کا سامنے آنا۔

الدَبْر۔ مہ۔ شہد کی مکھیوں یا بھڑوں کا جھنڈ۔ واحد (دَبْرة) ج اَدْبُر و دُبُوْر۔ بہت مال۔ موت۔ پہاڑ۔ سمندر میں جزیرہ کی مانند زمین کا ٹکڑا جس پر جوار بھاٹا ہوتا ہو۔ کسی چیز کے پیچھے۔ تم کہتے ہو "جَعَلَ کَلَامِی دَبْرَ اُذُنَیْهِ" اس نے میری بات سے غفلت کی اور متوجہ نہیں ہوا۔

الدِبْر۔ بمعنی الدَبْر۔ بہت مال۔ واحد ہے مفرد اور جمع دونوں کیلئے ہے۔ کہا جاتا ہے "مالٌ دِبْر واموالٌ دِبْر"

الدُبْر و الدُبُر۔ مِنْ کُلِّ شَئٍ : پچھلا حصہ۔ ج اَدْبَار۔ دُبُر الصَّلٰوة : نماز کا آخر۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ دُبُرًا لشَهْرِ وفِی دُبُرِهٖ و عَلٰی دُبُرِهٖ واَدْبَارَ الشهرِ وفِی اَدْبَارِهٖ" :وہ مہینہ کے آخر میں آیا۔ دُبُر البَیْتِ :گھر کا گوشہ۔

الدَبْرَة۔ انجام۔ لڑائی میں شکست۔ قابل کاشت زمین۔ ج دِبَار۔

الدَبِر۔ زخمی پیٹھ والا جانور۔

الدِبْرَة۔ جہت پشت۔ کہا جاتا ہے "لَیْسَ لهٰذا الامْرِ قِبْلَة و لادِبْرَة" یعنی اس معاملہ میں کوئی قطعی فیصلہ نہیں ہے۔

الدَبَرَة۔ جانور کی پیٹھ کا زخم جو کجاوہ وغیرہ سے ہو جائے۔ ج دَبَر و اَدْبَار۔

الدَبَار۔ ہلاکت۔

الدِبَار۔ کھیتوں کی نالیاں۔ لڑائیاں۔ شکستیں۔

الدَبُوْر۔ پچھوائی ہوا۔

الدَّبِیْر۔ مِنَ الرجُلِ :پیچھے۔ کہا جاتا ہے "هُوَلَا یعْرِف قَبِیْلَه مِنْ دَبِیْرِهٖ" وہ اپنے آگے پیچھے کو نہیں پہچانتا۔ زیادتی، جہالت کے لئے بطور کنایہ کے بولتے ہیں۔ گناہ۔ کہا جاتا ہے "عَرَفَ قَبِیْلَهٗ مِنْ دَبِیْرِهٖ" اس نے طاعت اور معصیت میں تمیز کرلی۔

الدَبُّوْر۔ شکل و صورت۔ ج دَبَابِیْر۔

الدَبُّوْرَة۔ پتھروں کو ہموار کرنے کا اوزار۔ فصیح لفظ "الصَاقُوْر" ہے۔

الدَّبَرَان۔ چاند کی ایک منزل کا نام جو برج ثور کے پانچ ستاروں پر مشتمل ہے۔

الدَابِر۔ فا۔ تابع۔ ہر چیز کا آخر۔ اصل۔ گزرا ہوا۔ جیسے "اَمْسُ الدَّابِر" گزشتہ کل۔ اور یہ تاکید کے لئے ہے جیسے "رَاَیْتُه بِعَیْنِیْ" بولتے ہیں۔ نشانہ پر نہ لگنے والا تیر۔ جوئے کے تیروں میں سے ناکامیاب تیر۔ کہا جاتا ہے "مَابَقِیَ فِی الکِنَانَةِ غَیْرَ الدَابِرِ" ترکش میں سوائے دابر کے کچھ باقی نہ رہا۔ اور کہتے ہیں "قَطَعَ اللّٰهُ دَابِرَهُمْ" اللہ ان

کی جڑ کو کاٹ دے۔

الدَّابِرَۃ۔ الدّابر کا مؤنث۔ شکست۔ بدفالی۔ نحوست۔ انسان کی ایڑی کا پٹھا۔ دَابِرَۃُ الطَّیْرِ: پرندے کے پاؤں کا خار۔ ج دَوَابِر۔

الدَّبَرِیُّ۔ نماز جو آخر وقت میں ادا کی جائے۔

الدَّبَرِیُّ۔ وقت ختم ہو جانے کے بعد آنے والا۔ "شَرُّ الرَّاْیِ الدَّبَرِیُّ" یعنی وہ رائے بری ہے جو وقت گزر جانے کے بعد سمجھ میں آئے۔ و "جَاءَ دَبَرِیًّا" وہ آخر میں آیا۔

المُدَابِر۔ ناکامیاب تیر والا۔

المُقَابَل و المُدَابَر۔ نجیب الطرفین۔ شریف ماں باپ والا۔

المَدْبُور۔ زخمی۔ بہت مال والا۔

الاَرَاجِیْح۔ بیابان۔ آہستہ قدم سے دوڑنے میں اونٹوں کی جنبش۔
اِمْرَأَۃٌ (رَجَاح) بڑے سرین والی عورت۔
رَجَدَ (ن) رَجَادًا۔ خوشوں کو کھلیان میں لے جانا۔ صفت (رَجَّاد)
رُجِدَ رَجْدًا و رُجِدَ و اُرْجِدَ۔ کانپنا۔
رَجْرَجَ۔ بے قرار ہونا اور تھکنا۔ رَجْرَجَہ:

حرکت دینا ___ الماءَ: کھود کر پانی نکالنا۔
تَرَجْرَجَ۔ ہلنا۔ بے قرار ہونا۔ کانپنا۔
___ الشئیُ فِیْ مَحَلِّهِ: آنا جانا۔
الرَّجْرَج۔ ہلنے والا۔ کانپنے والا۔
الرِّجْرِج۔ ہر مضطرب ہونے والی چیز۔ لعاب۔
الرُّجْرُج۔ ایک قسم کی گھاس۔
الرَّجْرَاج۔ ایک دوا۔ رِدْفٌ رَجْرَاجٌ: چلنے میں ہلنے والا سرین۔ نَاسٌ رَجْرَاجٌ: کمزور عقل والے۔
الرَجْرَجَة۔ حوض کا بقیہ مٹی سے ملا ہوا پانی۔ لڑائی میں بہت بڑی جماعت۔ تھوک۔ بے عقل۔
رَجَزَ (ن) رَجْزًا۔ رجز پڑھنا۔ صفت (رَاجِزٌ ورَجَّازٌ ورَجَّازَة) رَجَزَ بِهٖ: کسی کے سامنے رجز پڑھنا۔
رَجَّزَهٗ۔ کسی کے سامنے رجز پڑھنا۔
رَاجَزَ۔ صَاحِبَه: رجز پڑھنے میں مقابلہ کرنا۔
تَرَجَّزَ۔ رجز پڑھنا ___ الرَّعْدُ: لگاتار گڑگڑانا ___ السَّحَابُ: بادل کا پانی کی کثرت کی وجہ سے آہستہ حرکت کرنا۔
اِرْتَجَزَ۔ رجز پڑھنا ___ الرَّعْدُ: لگاتار گڑگڑانا ___ بِفُلَانٍ: کسی کے متعلق رجز کے اشعار کہنا ___ الرَّجَزَ فِي القِتَالِ: لڑائی میں رجز کے اشعار پڑھنا۔
تَرَاجَزَ۔ القَوْمُ: رجز پڑھنے میں باہم مقابلہ کرنا۔
الرُّجْز والرِّجْز۔ گندگی۔ عذاب۔ بتوں کی پرستش۔ بت۔ الرِجز: گناہ۔
الرَّجَز۔ اوزان شعر میں سے ایک وزن کا نام۔ اونٹوں کے سرین کی ایک بیماری کا نام۔
الرِّجَازَة۔ عورتوں کے لئے اونٹ پر کی ہودج سے چھوٹی ایک سواری۔ برتن یا کمبل جس میں پتھر ڈال کر بوجھ برابر کرنے کے لئے ایک طرف لٹکا دیا جاتا ہے۔
الأُرْجُوْزَة۔ بحر رجز کا قصیدہ۔ ج أَرَاجِيز۔
الأَرْجَز۔ رجز کی بیماری والا۔
رَجَسَ (ن ض) رَجْسًا۔ البَعِيْرُ: اونٹ کا آواز کرنا ___ السَّمَاءُ: آسمان کا گڑگڑانا۔
___ فلانًا عَنِ الأَمْرِ: روکنا (___ وارْتَجَسَ) پانی کی گہرائی کا اندازہ کرنا۔
رَجِسَ (س) ورَجُسَ (ک) رَجَاسَةً۔ بُرا کام کرنا۔ صفت (رَجِس)
اِرْتَجَسَتِ۔ السَّمَاءُ: گڑگڑانا۔ البِنَاءُ: عمارت کے ہلنے سے آواز سنائی دینا۔
الرِجْس والرَّجْس والرَّجَس۔ گندگی پلیدی۔ الرِجْس: برا عمل۔ برے عمل کی سزا۔ شیطان کا وسوسہ۔ خفیف حرکت۔
الرَّجَّاس۔ سمندر۔ کہا جاتا ہے "بَعِيْرٌ اوسَحَاب رَجَّاس" بہت تیز آواز والا بادل یا اونٹ۔
بَعِيْرٌ رَجُوْسٌ مِرجَس۔ تیز آواز نکالنے والا اونٹ۔
المِرْجَاس۔ پانی کی گہرائی ناپنے کا آلہ۔
المَرْجُوسَة۔ فساد وگڑبڑاہٹ۔
رَجَعَ (ض) رُجُوْعًا و مَرْجِعًا و مَرْجَعَةً ورُجْعَى ورُجْعَانًا۔ واپس آنا۔ لوٹنا۔ (___ رُجْعًا و مَرْجِعًا و مَرْجَعًا) الكَلَامُ فِيْهِ: فائدہ دینا۔ کہا جاتا ہے "مَا هُوَ اِلَّا سَجْعٌ لَيْسَ فِيْهِ رَجْعٌ" یہ صرف سجع ہے اس میں کوئی فائدہ نہیں۔ العلفُ فِيْ الدابةِ: چارہ کا جانور میں اثر کرنا۔ کہا جاتا ہے "رَجَعَ عَوْدُه عَلٰى بَدْئِهٖ" وہ جس راستہ سے آیا تھا اسی سے واپس گیا ___ الشئیَ عَنْه او اِلَيْهِ: پھیرنا۔ واپس کرنا۔ رد کرنا (___ رُجُوْعًا ورِجَاعًا) الطَّيْرُ: گرم جگہ سے سرد جگہ میں جانا۔
رَجَّعَ۔ فِي صَوْتِهٖ: حلق میں آواز کو گھمانا۔ (___ وتَرَجَّعَ) فِي المُصِيْبَةِ: ﴿اِنَّا لِلّٰهِ واِنَّا اِلَيْهِ رَاجِعُوْن﴾ کہنا۔ رَجَّعَتِ الدَابَّةُ: قدم رکھنا۔ تَرَجَّعَ النَاقَةَ: ایک اونٹنی کی قیمت سے اسی جیسی دوسری خریدنا۔
رَاجَعَهٗ۔ فِي الأَمْرِ: دوسرے سے معاملہ میں بات چیت کرنا ___ ہ الكَلَامَ: دوبارہ گفتگو کرانا ___ الرَّجُلُ: اپنی پہلی بھلی یا بری عادت کی طرف لوٹ جانا۔
اَرْجَعَهٗ۔ رد کرنا۔ پھیرنا ___ الدَابَّةُ: چوپایہ کا گوبر کرنا۔ النَاقَةُ: اونٹنی کا لاغر ہونا۔ لاغری کے بعد موٹا ہونا ___ الرَّجُلُ فِي المُصِيْبَةِ: ﴿اِنَّا لِلّٰهِ واِنَّا اِلَيْهِ رَاجِعُوْن﴾ کہنا ___ اللّٰهُ بَيْعَتَه: نفع کرانا۔
اِرْتَجَعَ۔ النَاقَةَ: ایک اونٹنی کی قیمت سے اس جیسی دوسری خریدنا۔ اِرْتَجَعَ اِلَى الشئیِ: واپس کرنا۔ اِرْتَجَعَهٗ: واپس کرنا۔
المَرْأَةُ جِلْبَابَهَا: چہرہ پر دوبارہ ڈال لینا۔
اِرْتَجَعَ عَلَى الغَرِيْمِ: مطالبہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "بَاعَ خَيْلَه فَارْتَجَعَ مِنْهَا رِجْعَةً صَالِحَةً" اس نے اپنے گھوڑے کو بیچ دیا اور اس کی قیمت کو نفع بخش کام میں خرچ کیا۔
تَرَاجَعَ۔ القَوْمُ: اپنے اپنے مقامات پر واپس آنا ___ القَوْمُ الكَلَامَ بَيْنَهُمْ: قوم کا آپس میں گفتگو میں الٹ پھیر کرنا۔
اِسْتَرْجَعَ۔ مِنْهُ الشئیَ: واپس لینا ___ فِي المُصِيْبَةِ: ﴿اِنَّا لِلّٰهِ واِنَّا اِلَيْهِ رَاجِعُوْن﴾ کہنا۔ الحَمَامُ فِيْ غِنَائِهٖ: کبوتری کا گٹ گری کرنا۔
الرَّجْع۔ مہ۔ خط کا جواب۔ بارش کے بعد بارش۔ نفع۔ موسم بہار کی سبزی۔ تالاب۔ ج رِجَاع ورُجْعَان ورِجْعَان۔ الرَّجْعُ: لید ___ مِنَ الأَرْضِ: زمین کا وہ حصہ جس میں سیلاب دور تک پھیلا ہو ___ مِنَ الكَتِفِ: مونڈھے کا نچلا حصہ۔ کہا جاتا ہے "كَوَاهُ عِنْدَ رَجْعِ كَتِفِهٖ" اس کی مونڈھے کے نچلے حصہ پر اس نے داغ لگایا۔ رَجْعُ الصَّدٰى: آواز بازگشت۔
الرَّجِيْعُ۔ مِنَ الكَلَامِ: واپس کی ہوئی گفتگو۔ لید۔ گوبر۔ تالاب۔ موسم بہار کی سبزی۔ اونٹ کی جگالی۔ ہر واپس کی ہوئی چیز۔ پرانا کپڑا۔ پسینہ۔ ٹھنڈا کھانا جو دوبارہ گرم کیا جائے۔ بَعِيْرٌ رَجِيْعٌ۔ سفر سے تھکا ہوا اونٹ۔ ج رَجَائِع۔ دَابَّةٌ رَجِيْعُ أَسْفَارٍ: بار بار سفر میں لوٹ لوٹ جانے والا چوپایہ۔
الرَّاجِع۔ فا۔ عورت جس کے شوہر کی وفات ہو چکی ہو اور وہ اپنے کنبہ میں چلی گئی ہو۔ ج رَوَاجِع۔
الرَّجْعَة۔ رجع کا اسم نوع۔ حجت۔ اونٹ چھوٹے چھوٹے معمولی جن کی قیمت سے دوسرے اونٹ خرید کر نفع اٹھائیں۔
الرَّجْعَة۔ واپسی۔

والرُّجْعَة والرُّجْعَی والرُّجْعَان و الرُّجُوْعَة- خط کا جواب- المَرْجِع- لوٹنے کی جگہ موونڈھے کا نچلا حصّہ-

المَرْجُوع والمَرْجُوْعَة- خط کا جواب- گودنے کے نشانات جو دوبارہ تازہ کئے گئے ہوں- کہا جاتا ہے "لَیْسَ هٰذَا الْبَیْعِ مَرْجُوْعٌ" اس بیع کی واپسی نہیں-

المُرَاجِع- مِنَ النِّسَاء: عورت جس کے شوہر کا انتقال ہوگیا ہو اور وہ اپنے کنبہ میں واپس آگئی ہو-

الرِّجَاع- مہار کا وہ حصّہ جو اونٹ کی ناک پر ہو- ج اَرْجِعَة و رُجُع-

رَجَفَهُ (ن) رَجْفًا و رَجَفَانًا و رَجِیْفًا- تیز ہلانا- ہلنا (لازمی و متعدی) الرَّجُلُ: بہت کانپنا- کسی خوف کے لاحق ہونے سے قرار نہ پکڑنا- الاَرْضُ: زمین میں بھونچال ہونا- القَوْمُ: لڑائی کے لئے تیار ہونا ___ الرَّعْدُ: گڑگڑانا ___ الاَسْنَانُ: دانتوں کا گرنا-

اَرْجَفَ- لوگوں کو بھڑکانے کے لئے بری خبروں کو پھیلانا ___ القَوْمُ: بالشیءِ وفیه: گھسنا ___ الرِّیْحُ الشَّجَرَ: ہوا کا درخت کو ہلانا-

اَرْجَفَتِ الاَرْضُ- زمین میں بھونچال ہونا- زلزلہ ہونا-

تَرَجَّفَ و اِرْتَجَفَ- بہت زیادہ کانپنا-

اِسْتَرْجَفَ- رَاْسَه: حرکت دینا- اور کہا جاتا ہے "خَرَجُوْا یَسْتَرْجِفُوْنَ الاَرْضَ نَجْدَةً" وہ لوگ نکلے اس حال میں کہ انہوں نے زمین میں شجاعت و دلیری کی وجہ سے زلزلہ ڈال دیا-

الرَّجْفَة- اسم مرة- زلزلہ- بھونچال-

الرَّاجِف- فا- جوڑی والا بخار-

الرَّاجِفَة- قیامت کے روز صور کا پہلا نفخہ-

الرَّجَّاف- بہت کانپنے والا- سمندر- قیامت کا دن-

الاَرَاجِیْف- گھڑی ہوئی جھوٹی خبریں- کہتے ہیں "اِذَا وَقَعَتِ المَخَاوِیْفُ کَثُرَتِ الاَرَاجِیْف" جب خوف بڑھ جایا کرتا ہے تو جھوٹی خبریں بہت اُڑتی ہیں-

التَّرْجَاف- اضطراب- بے قراری-

رَجَلَ (ن) رَجْلاً- الفَصِیْلَ: اونٹ کے بچے کو ماں کا دودھ پینے کیلئے آزاد چھوڑ دینا- الشَّاةَ: بکری کی ٹانگیں باندھ دینا- رَجَلَه: ٹانگ پر مارنا-

رَجِلَ (س) رَجَلاً- پیدل چلنا- بیمار ٹانگ والا ہونا ___ الدَّابَّةُ: ایک ٹانگ میں سفیدی والا ہونا- الشَّعْرُ: بال کچھ گھنگریالے ہونا- الفَصِیْلُ: اونٹ کے بچے کا ماں کا دودھ پینے کیلئے آزاد چھوٹنا-

رَجَّلَهُ- قوی کرنا ___ الشَّعْرَ: کنگھی کرنا-

اَرْجَلَهُ- مہلت دینا- پیدل چلانا- الفَصِیْلَ: اونٹ کے بچے کو ماں کا دودھ پینے کے لئے آزاد چھوڑنا-

تَرَجَّلَ- سواری سے اُتر کر پیدل چلنا ___ المَرْاَةُ: مرد جیسی ہونا ___ الشَّمْسُ: آفتاب کا بلند ہونا ___ البِئْرَ و فی البِئْرِ: بغیر کچھ لٹکائے ہوئے کنوئیں میں اُترنا ___ الزَّنْدَ: پاؤں کے نیچے رکھنا-

اِرْتَجَلَ- دیگچی میں پکانا- الشَّاةَ: ٹانگیں باندھنا ___ ہ: پاؤں سے پکڑنا ___ الزَّنْدَ: پاؤں کے نیچے رکھنا ___ الکَلاَمَ: فی البدیہہ کہنا- ___ بِرَاْیِه: منفرد ہونا ___ الرَّجُلُ: پیدل چلنا- ___ النَّهَارُ: دن کا چڑھنا ___ الفَرَسُ: درمیان دو رفتاروں کے آرام لینا- کہا جاتا ہے "اِرْتَجِلْ رِجْلَکَ" اپنی شان کو لازم پکڑ-

الرَّجِل- مہ پیدل چلنے والا- مرد- شَعْرٌ رَجِلٌ: کچھ گھنگریالے بال-

الرِّجْل- ج اَرْجُل: پاؤں- ج اَرْجَال- کسی چیز کا حصّہ- ٹڈی دل (یہ بغیر واحد کے جمع ہے) کہا جاتا ہے "جَاءَتْ رِجْلٌ دِفَاعٌ" یعنی بہت بڑا لشکر آیا (جو ٹڈی دل کے مشابہ ہے) عہد- زمانہ- کہا جاتا ہے "کَانَ ذَالِکَ فِیْ رِجْلِ فُلاَنٍ" یعنی فلاں کے عہد میں ایسا تھا- الرجل: پاجامہ- سفید کورا کاغذ- فقیری- آدمی کا پاخانہ- بہت سونے والا امرد- خوف- تم کہتے ہو "اَنَا مِنْ اَمْرِیْ عَلٰی رِجْلٍ" مجھے اپنے امر کے فوت ہونے کا خوف ہے- پیش قدمی- رِجْلُ البَحْرِ- کھاڑی- خلیج- رِجْلاَ السَّهْمِ: تیر کے دونوں کنارے- رِجْلُ الغُرَابِ و رِجْلُ الجَرَادِ: دو نباتات کے نام رِجْلُ الجَبَّار و رِجْلُ الجَوْزَاء و رِجْلُ قَنْطُوْرَس: ستاروں کے نام- کہا جاتا ہے "هُوَ یُقَدِّمُ رِجْلاً وَ یُؤَخِّرُ اُخْرٰی" یعنی وہ اپنے معاملہ میں متردد ہے کبھی ایک قدم اٹھاتا ہے کبھی دوسرا-

الرَّجُل- مرد- پیدل چلنے والا- ج رِجَال و رَجَلَة و رَجْلَة و اَرَاجِل و رِجَالاَت- کہا جاتا ہے "فُلاَنٌ رَجُلٌ فِی الرِّجَال" فلاں کامل مرد ہے-

الرَّجَل- مہ ___ مِنَ الشَّعْرِ: کم گھنگریالے بال- ج اَرْجَال و رَجَالٰی-

الرَّاجِل- پیدل چلنے والا- الرَّجِلُ مِنَ الشَّعْرِ: کم گھنگریالے بال-

الرَّاجِل- فا- پیدل چلنے والا- ج رَجْل و رَجَّالَةٌ و رُجَّالٌ و رِجَالٌ و رَجَالٰی و رُجَالٰی و رُجْلاَن- کہا جاتا ہے "جَاءَتِ الخَیَّالَةُ و الرَّجَّالَة" سوار و پیادے سب آئے- و "اَغَارَ عَلَیْهِم بِخَیْلِه و رَجْلِه" اس نے ان پر اپنے سوار و پیادوں سے لوٹ ڈالی- رَجُلٌ رَاجِلٌ: پیدل چلنے والا امرد-

الرِّجْلَة- خرفہ کا ساگ- خرفہ کا ساگ اُگنے کی جگہ- ج رِجَل-

الرُّجْلَة- چلنے کی قوت- مردانگی- الرُّجْلَة: جانور کی ایک ٹانگ کی سفیدی-

الرَّجُلَة- عورت-

الرَّجِیْل- ج- اَرْجِلَة و اَرَاجِل و اَرَاجِیْل: پیدل چلنے والا ___ ج رَجْلٰی و رُجَالٰی و رَجَالٰی- بہت چلنے پر قادر- کَلاَمٌ رَجِیْلٌ: فی البدیہہ کلام- رَجُلٌ رَجِیْلٌ: قوی مضبوط مرد- مکان رَجِیْلٌ: جگہ جس کے دونوں کنارے دور دور ہوں- فرسٌ رَجِیْلٌ: سدھا ہوا سواری شدہ گھوڑا جس کو پسینہ نہ آئے-

الاَرَاجِیْل- شکاری لوگ-

الرُّجُوْلَة والرُّجُوْلِیَّة والرَّجُوْلِیَّة و الرُّجْلِیَّة- مردی- مردانگی-

الرَّجْلاَن- پیدل چلنے والا- ج رُجَالٰی و رَجَالٰی و رَجْلٰی- مؤنث رَجْلٰی- ج رِجَال و رَجَالٰی-

الأَرْجَل۔ مِنَ الدَّوَابِّ :ایک ٹانگ میں سفید داغ والا جانور۔ رَجُل اَرْجَل۔ بڑے پاؤں والا مرد۔ مؤنث رَجْلاءِ ج رُجْل اور کہا جاتا ہے "هُوَ اَرْجَلُهُمْ" وہ ان لوگوں میں کامل مردانگی والا ہے۔

التَّرْجِيْل۔ مد جانور کے ایک ٹانگ کی سفیدی۔

التَّرَاجِيْل۔ کرفس (ایک دوا کا نام)

المِرْجَل۔ دیگ۔ کنگھی۔ ج مَرَاجِل۔

المُرَجَّل۔ مِنَ النَّسِيْجِ و نَحْوِهٖ : کپڑا جس پر آدمی کی تصویریں بنی ہوئی ہوں۔ شراب سے بھری ہوئی مشک۔

المُمَرْجَل۔ مِنَ الثِّيَابِ : کپڑا جس پر دیگ کی صورت بنی ہوئی ہو۔

اِمْرَأَةٌ (مُرْجِل) لڑکے ہی جننے والی عورت۔

رَجَمَهٗ (ن) رَجْمًا۔ سنگسار کرنا۔ پتھراؤ کرنا۔ لعنت کرنا۔ گالی دینا۔ چھوڑنا۔ دھکیلنا۔

____ القَبْرَ :نشان کے لئے پتھر لگانا۔

الرَّجُلَ : اٹکل سے بات کرنا۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ يَرْجُمُ" وہ تیز بھاگتا ہوا آیا۔

رَجَّمَ۔ اٹکل سے بات کرنا۔ کہا جاتا ہے "رَجَّمَ بِالغَيْبِ" اس نے اٹکل پچو باتیں کیں۔ القَبْرَ نشان کے لئے پتھر لگانا۔

رَاجَمَهٗ مُرَاجَمَةً۔ ایک دوسرے کو پتھراؤ کرنا۔ عَنْ قَوْمِهٖ : مدافعت کرنا ____ ہ فی الحَرْبِ او الكَلَامِ او المَعْدُوِ : لڑائی یا گفتگو یا دوڑنے میں سخت مقابلہ کرنا۔

تَرَاجَمُوْا۔ ایک دوسرے کو پتھر مارنا۔

بالكَلَامِ :ایک دوسرے کو گالی دینا۔

اِرْتَجَمَ۔ الشَّيْئُ :تہ بتہ ہونا۔

الرَّجْم۔ مد دوست۔ ہم نشین۔ وہ چیز جس سے پتھراؤ کریں۔ ج رُجُوم۔ الرَّجْم :اٹکل کی گفتگو۔ کہا جاتا ہے "رَجْمًا بِالغَيْبِ" اٹکل پچو۔ و صَارَ فُلَانٌ رَجْمًا۔ فلاں حقیقت حال سے واقف نہیں۔

الرَّجَم۔ کنواں۔ تنور۔ قبر۔ ج رِجَام۔

الرُّجُم۔ ستارے کی مانند جو آسمان سے گرتے ہوئے معلوم ہوں۔ کوئی علامت یا پتھر جو قبر پر لگایا جائے۔ واحد (رُجْم)

الرُّجْمَة الرَّجْمَة۔ قبر۔ قبر کا پتھر جو بطور نشان لگایا جائے۔ بجو کا بھٹ۔ ج رُجَم و رِجَام۔

الرَّجِيْم۔ سنگسار کیا ہوا۔ ملعون۔

الرِّجَام۔ کنوئیں کی من۔ پتھر یا پتھر کی مانند کوئی چیز جس میں رسّی باندھ کر کنوئیں کی گہرائی معلوم کی جائے۔ ٹیلے۔ واحد (رُجْمَةٌ)

الرِّجَامَان۔ کنوئیں کی من پر کی دو لکڑیاں جن میں چرخی لگائی جاتی ہے۔

المِرْجَم۔ مِنَ الرِّجَال :مضبوط قوی مرد۔

فَرَسٌ مِرْجَم :بہت روندنے والا گھوڑا۔

حَدِيْثٌ (مُرَجَّم) ظنی بات۔ بات جس کی حقیقت معلوم نہ ہو۔

المِرْجَام۔ پتھروں کے پھینکنے کا آلہ۔ مِنَ الابِلِ : مضبوط اونٹ۔

المَرَاجِم۔ قبیح کلمات۔ کہا جاتا ہے "تَرَامَوْا بِالمَرَاجِمِ" انہوں نے ایک دوسرے سے قبیح کلمات کہے۔

رَجَنَ (ن) و رَجِنَ (س) و رَجُنَ (ک) رُجُوْنًا۔ بالمَكَانِ :اقامت کرنا ____ الحَيَوَانُ : مانوس ہونا۔

رَجَنَ (ن) رَجْنًا و رَجَّنَ و اَرْجَنَ الدَّابَّةَ : چارہ کھانے کیلئے گھر پر روکنا۔ رجَنَ فُلَانًا : شرم کرنا۔ و اَرْجَنَتِ النَّاقَةُ :گھر پر ٹھہرنا۔

اِرْتَجَنَ۔ بالمَكَانِ : اقامت کرنا ____ الزُّبْدُ :پکانے سے صاف نہ ہونا اور خراب ہو جانا ____ عَلَى القَوْمِ اَمْرُهُمْ۔ گڑبڑ و فاسد ہونا۔

الرَّجِيْن۔ مہلک زہر۔

الرَّجِيْنَة۔ جماعت۔

المَرْجُوْنَة۔ ٹوکرا۔ خشک کدو اندر سے خالی جس میں عورتیں روئی رکھتی ہیں۔ کہا جاتا ہے "هُمْ فِيْ مَرْجُوْنَةٍ" وہ لوگ اقامت کرنے یا کوچ کرنے میں متردد ہیں۔

رَجَهَ (ض) رَجْهًا۔ ہلنا ____ بالشَّيْئِ :دانتوں سے پکڑنا۔

اَرْجَهَ۔ الاَمْرَ :وقت سے پیچھے ہٹانا۔

رَجَا (ن) رَجَاءً و رَجْوًا و رَجَاةً۔ و مَرْجَاةً و رَجَاوَةً و رَجَاةً۔ پُر اُمید ہونا ____ الشَّيْئَ : اُمید کرنا۔ خوف کرنا ____ الرَّجُلَ : کسی کے متعلق کچھ امید لگانا۔

رَجِيَ (س) رَجًا۔ کلام سے رک جانا۔

رُجِيَ۔ عَلَيْهِ۔ کلام منقطع ہونا۔

رَجَّيَ و تَرَجَّى و ارْتَجَى۔ الشَّيْئَ :امید کرنا۔

رَجَّى و ارْتَجَى فُلَانًا : اُمید لگانا۔ و ارْتَجَى الشَّيْئَ :خوف کرنا۔

اَرْجَى۔ الاَمْرَ :مؤخر کرنا ____ الصَّيْدَ :نہ پانا۔ اَرْجَى البِئْرَ : کنوئیں کا من بنانا اَرْجَتِ النَّاقَةُ :جننے کے قریب پہنچنا۔

الرَّجَا و الرَّجَاء۔ کنارا۔ رَجَوَا البِئْرِ : کنوئیں کے دونوں پہلو۔ الرَّجَاء : چھوٹا حمل کہ دیکھنے میں تو حمل معلوم ہو مگر واقعی نہ ہو۔

الرَّجِيَّة۔ امید کی چیز۔ کہا جاتا ہے "لَيْسَ لِيْ فِيْ فُلَانٍ رَجِيَّةٌ" فلاں سے مجھے کوئی امید نہیں۔

الأُرْجِيَّة۔ جو چیز مؤخر و ملتوی کی جائے۔

الرَّحَّة۔ سانپ جو کنڈلی مارے ہوئے ہو۔

الرَّحَح۔ کھر کی چوڑائی۔

الرُّحُح۔ چوڑے پیالے۔

الأَرَحّ۔ بھرے تلوے والا۔ مؤنث رَحَّاء ج رُحٌّ۔

رَحِبَ (س) رَحَبًا و رَحُبَ (ک) رُحْبًا و رَحَابَةً۔ المَكَانُ : جگہ کشادہ ہونا۔ صفت (رَحْبٌ و رَحِيْبٌ و رُحَابٌ) اور کہا جاتا ہے "رَحُبَكُمُ الاَمْرُ" یعنی معاملہ تمہارے لئے وسیع ہے (اور یہ شاذ ہے۔)

رَحَّبَ۔ المَكَانَ : کشادہ کرنا (____ بہ مَرْحَبَةً) بہتر طریقہ سے استقبال کرنا۔ خوش آمدید کہنا۔ مرحبا کہنا۔

اَرْحَبَ۔ المَكَانُ : کشادہ ہونا ____ المَكَانَ :کشادہ کرنا۔ اور کہا جاتا ہے "اَرْحِبْ يَا وَلَدُ" یعنی اے لڑکے ہٹ جا۔

تَرَاحَبَ۔ کشادہ ہونا۔

الرَّحْب۔ کشادہ۔ کہا جاتا ہے "مَكَانٌ رَحْبٌ و اَرْضٌ رَحْبَةٌ" کشادہ جگہ و کشادہ زمین۔ "و رَحْبُ الصَّدْرِ" کشادہ دل۔ و "رَحْبُ الفَهْمِ" زیادہ عقل والا۔ و "رَحْبُ البَاعِ او الذِّرَاعِ" فیاض۔ سخی۔

الرُّحْبَى۔ سب سے چوڑی پسلی۔ الرُّحْبَيَان :

بغل سے متصل دونوں طرف کی پسلیاں۔

الرَّحْبَة و الرُّحْبَة۔ کشادہ زمین جس میں بکثرت گھاس ہو اور بہت لوگ آتے ہوں۔ مکانوں کے درمیان کھلی ہوئی جگہ ____ مِنَ الدَّارِ: مکان کا صحن ____ مِنَ الوَادِي۔ وادی کے دونوں جانب پانی بہنے کی جگہ۔ ج رِحَاب و رَحْب و رَحْبَات و رَحَب و رَحَبَات۔

الرَّحِيْب۔ بہت کھانے والا۔

التَّرْحَاب۔ خوش آمدید۔

رَحَائِبُ۔ النُّجُوْمِ: کشادہ اطراف۔ واحد رَحِيْبَةٌ۔

المَرْحَب۔ کشادگی۔ اور مسافر سے خوش آمدید کہنے کے موقع پر کہا جاتا ہے "مَرْحَبًا بِكَ" یعنی تم نے کشادگی پائی۔ و "مَرْحَبَكَ اللّٰهُ و مَسْهَلَكَ" اللہ تم کو کشادہ اور نرم زمین میں اُتارے۔ "اَهْلًا و مَرْحَبًا" یعنی اپنے لوگوں میں نازل ہوئے اور کشادگی پائی اس لئے مانوس ہو جاؤ۔ وحشت مت کرو۔ اور بددعا کے موقع پر کہا جاتا ہے "لَا مَرْحَبًا بِكَ"

رَحْرَحَ۔ مراد کی گہرائی کو نہ پہنچنا ____ الشَّيَّ عَنْ فُلَانٍ: چھپانا ____ بِالكَلَامِ: واضح کلام نہ کرنا۔

تَرَحْرَحَ۔ الفَرَسُ: گھوڑے کا پیشاب کے لئے ٹانگیں پھیلانا۔

الرَّحْرَح و الرَّحْرَاح و الرَّحْرَحَان۔ پھیلا ہوا کشادہ۔ اتھلا۔ تھوڑی گہرائی والا۔ اور کہا جاتا ہے "عَيْشٌ رَحْرَحٌ و رَحْرَاحٌ" یعنی آسودہ و فراخ زندگی۔

رَحَضَ (ف) رَحْضًا و اَرْحَضَ۔ الثَّوْبَ: کپڑا دھونا۔

رُحِضَ۔ المَحْمُوْمُ: پسینہ آنا۔

اِرْتَحَضَ۔ الرَّجُلُ: رسوا ہونا۔

ثَوْبٌ (رَحْضٌ) کپڑا جو دھویا جائے یہاں تک کہ پرانا ہو جائے۔ الرَّحْضُ: مشک۔ پرانہ توشہ دان۔

الرُّحَاضُ۔ پسینہ کی آمد۔

الرُّحَاضَة۔ وہ پانی جو دھونے کے بعد گرے۔ دھوون۔

الرُّحَضَاء۔ بخار اترتے وقت کا پسینہ۔ پسینہ جو کھال کو شرابور کر دے۔

الرَّحِيْض۔ دھویا ہوا۔

المِرْحَاض۔ غسل خانہ۔ ہاتھ پاؤں دھونے کی جگہ۔ دھوبی کا تختہ جس پر کپڑے پٹک کر دھوتا ہے (عوام اس کو مِخْبَاط کہتے ہیں) پاخانہ۔ ج مَرَاحِيْض۔

المِرْحَضَة و المِرْحَاضَة۔ کوئی چیز جس میں وضو کیا جائے۔

اَرْحَفَ اِرْحَافًا۔ السِّكِّيْنَ: چھری تیز کرنا۔

الرَّحَاق و الرَّحِيْق۔ شراب۔ الرَّحِيْق: ایک قسم کی خوشبو۔ حَسَبٌ رَحِيْقٌ: بے داغ حسب ____ مِسْكٌ رَحِيْقٌ: خالص مشک۔

رَحَلَ (ف) رَحْلًا و رَحِيْلًا و تَرْحَالًا۔ عَنِ المَكَانِ: ترک وطن کرنا ____ اِلَى المَكَانِ: منتقل ہونا ____ البَعِيْرَ: کجاوہ کسنا۔ سوار ہونا۔ کہا جاتا ہے "رَحَلْتُ لَهُ نَفْسِي" میں نے اس کی تکالیف پر صبر کیا ____ ہ بِالسَّيْفِ: کسی پر تلوار اُٹھانا ____ البِلَادَ: پھرنا۔ گھومنا۔

رَحَّلَهُ۔ کوچ کرانا۔ کوچ کرنے میں کوشش کرانا ____ الثَّوْبَ: نقش و نگار کرنا۔

رَاحَلَهُ۔ کوچ کرنے میں مدد دینا۔

اَرْحَلَ۔ سواری کے بہت جانور والا ہونا ____ الدَّابَةُ: چوپائے کا کمزوری و لاغری کے بعد موٹا و مضبوط ہونا ____ ہ: سواری دینا۔

____ الاِبِلَ او النَّاقَةَ: اونٹ یا اونٹنی کو سواری کے لئے سدھانا۔

تَرَحَّلَ۔ القَوْمُ عَنِ المَكَانِ: منتقل ہونا۔ فلانا: کسی کے ساتھ ناپسندیدگی سے پیش آنا۔

اِرْتَحَلَ۔ عَنِ المَكَانِ: منتقل ہونا۔ کوچ کرنا ____ البَعِيْرَ: اونٹ پر کجاوہ کسنا۔ سوار ہونا۔

____ الاَمْرَ: کسی معاملہ پر غالب ہونا۔

اِسْتَرْحَلَهُ۔ سواری طلب کرنا۔ سواری پر کجاوہ کسنے کے لئے کہنا ____ النَّاسَ نَفْسَه: اپنے آپ کو لوگوں کے سامنے ذلیل کرنا۔

الرَّحْل۔ مع کجاوہ۔ منزل۔ قیام گاہ۔ تم کہتے ہو "عَادَ المُسَافِرُ اِلَى رَحْلِهِ" مسافر اپنی قیام گاہ پر واپس آیا۔ سامان سفر۔ کہا جاتا ہے "حَطَّ رَحْلَه و اَلْقَى رَحْلَه" اس نے اپنا کجاوہ اتارا اور سامان ڈال دیا۔ یعنی اس نے اقامت کر لی۔ ج رِحَالٌ و اَرْحُلٌ۔ الرِّحَال: مقام حیرہ کے بنے ہوئے غالیچے۔

الرِّحْلَة۔ کوچ۔ تم کہتے ہو "غَدًا رِحْلَتُنَا" کل ہمارا کوچ ہے۔ سفرنامہ۔

الرُّحْلَة۔ جہت سفر۔ تم کہتے ہو "دِمَشْقُ رُحْلَتُنَا" ہماری جہت و سفر دمشق ہے۔ سفر۔ عَالِمٌ رُحْلَةٌ: ایسا عالم جس کے پاس لوگ کوچ کر کے آئیں۔ بَعِيْرٌ ذُوْ رُحْلَةٍ و رِحْلَةٍ: مضبوط و قوی اونٹ۔

الرَّحِيْل۔ مع کوچ۔ اونٹ جس پر کجاوہ کسا جائے۔ جَمَلٌ رَحِيْلٌ و نَاقَةٌ رَحِيْلَة: چلنے میں قوی اونٹ۔

الرَّاحِل۔ فا۔ ج رَاحِلُوْن۔ و رُحَّل و رُحَّال۔

الرَّاحِلَة۔ مِنَ الاِبِلِ: سواری کے لائق اونٹ۔ سفر و باربرداری کے لئے مضبوط اونٹ و اونٹنی (تا مبالغہ کے لئے ہے) ج رَوَاحِل۔

الرِّحَالَة۔ بغیر لکڑی کے صرف چمڑے کا زین۔ ج رَحَائِل۔

الاَرْحَل۔ مِنَ الخَيْلِ وَ الشَّاءِ: سفید پیٹھ والا گھوڑا یا بکری۔

الرَّحَّال۔ کجاوے بنانے والا۔ بہت سفر کرنے والا۔ ج رَحَّالَة۔

الرَّحَّالَةُ۔ بہت سفر کرنے والا۔

الرَّحُوْل۔ بہت منتقل ہونے والا۔

الرَّاحُوْل۔ کجاوہ۔

المَرْحَلَة۔ مسافر کے ایک دن کا سفر۔ ج مَرَاحِل۔

المُرْحِل۔ بہت سواری کے جانور والا۔ (____ و المِرْحَل) مِنَ الجِمَالِ: مضبوط و قوی۔

المُرَحَّل۔ مِنَ الاِبِلِ: کجاوا کسا ہوا اونٹ۔ ____ مِنَ الثِّيَابِ: کجاوہ کے مانند نقش و نگار والا کپڑا۔

مُرْتَحَل۔ البَعِيْرِ: اونٹ کے کوچ کرنے کی جگہ۔

رَحِمَهُ (س) رَحْمَةً و مَرْحَمَةً و رُحْمًا

ورُحْمًا۔ نرم دل ہونا۔ مہربان ہونا۔ شفقت کرنا۔ بخش دینا۔

رَحِمَتْ (س) ورَحُمَتْ (ک) رَحْمًا و رَحَمًا و رَحَامَةً و رُحِمَتِ۔ المَرْأَةُ : ولادت کے بعد رحم میں درد والی ہونا۔ صفت (رَحُوْم ورَحِمَة ورَحْمَاء)

رَحَّمَ و تَرَحَّمَ۔ عَلَیْهِ : کسی کے متعلق "رَحِمَهُ اللّٰه" کہنا۔

تَرَاحَمَ۔ القَوْمُ : ایک دوسرے پر مہربانی کرنا۔

اِسْتَرْحَمَهٗ۔ مہربانی طلب کرنا۔

الرَّحِم والرِّحْم (مؤنث) بچہ دانی۔ قرابت۔ رشتہ داری۔ کہاجاتا ہے "ذُوالرَّحِمِ" یعنی رشتہ دار۔ ج اَرْحَام۔

الرُّحَام۔ بچہ دانی کے ایک مرض کا نام۔

الرَّحْمَة والرُّحْمٰی والرُّحْم۔ نرم دلی و مہربانی جس کا نتیجہ مغفرت واحسان ہے۔

الرَّحَمُوْت۔ بڑی مہربانی۔

الرَّاحِم والرَّحُوْم۔ مہربانی کرنے والا۔

الرَّحِیْم۔ مہربانی کرنے والا۔ جس پر مہربانی کی جائے۔ ج رُحَمَاء۔ الرَّحِیْم۔ اللہ تعالیٰ کے اسمائے حسنیٰ میں سے ہے۔

الرَّحْمٰن۔ مہربانی کرنے والا۔ یہ اسماء حسنیٰ میں سے ہے اور باری تعالیٰ کیلئے مخصوص ہے۔

المَرْحَمَة۔ مہربانی۔ ج مَرَاحِم

المُرَحَّم۔ جس پر مہربانی کی جائے (___ و المَرْحُوْم) مولدین کے نزدیک متوفی سے کنایہ ہے۔

الرَّخَامِس۔ دلاور مرد۔

رَحَا یَرْحُوْ رَحْوًا ورَحٰی یَرْحِیْ رَحْیًا و تَرَحّیٰ۔ الحَیَّةُ : کنڈلی مارنا۔ رَحَا الرَّحٰی : چکی چلانا۔

الرَّحٰی (مؤنث) چکی۔ تثنیہ رَحَوَان ورَحَیَان ج اَرْحَاء واَرْحِیَة واَرْحٍ ورُحِیّ ورِحِیّ واُرْحِیّ۔ الرَّحٰی : سینہ۔ گھسان کی جنگ۔ سردار قوم۔ کہاجاتا ہے "هُوَ رَحٰی قَوْمِهٖ" وہ اپنی قوم کا سردار ہے۔ داڑھ۔ کہا جاتا ہے "طَحَنَهُ بِاَرْحَائِهٖ" اس نے اس کو اپنی داڑھ سے پیس دیا۔ بادل۔ وہ قبیلہ جو نہ تو اپنی جگہ سے ٹلے اور نہ گھاس پانی کی طلب میں جائے۔ ج اَرْحَاء۔

المُرَحِّی۔ چکی ساز۔

المَرْحٰی۔ گھمسان کا رن۔

رَخَّهُ (ن) رَخًّا۔ پاؤں سے روند کر ڈھیلا کرنا ___ الشَّرَابَ : پانی ملانا۔

رَخَّ (ض) رَخًّا۔ العَجِیْنُ : گندھے ہوئے آٹے کا گیلا ہونا۔

اَرَخَّ۔ فِی الاَمْرِ : مبالغہ کرنا ___ العَجِیْنَ : گندھے ہوئے آٹے کا گیلا کرنا۔

اِرْتَخَّ۔ الرَّجُلُ : ڈھیلا ہونا۔ ست ہونا۔ متردد ہونا۔

الرَّخَخ۔ نرمی۔ سہولت۔

الرُّخّ۔ ایک خیالی بڑے جانور کا نام۔ (واحد)

رُخَّة۔ شطرنج کے ایک مہرے کا نام۔ ج رِخَاخ و رِخَخَة۔

الرَّخَاخ۔ نرم گھاس۔ عَیْشٌ رَخَاخٌ : آسودہ زندگی۔ رَخَاخُ العَیْشِ : زندگی کی فراخی و آسودگی۔ اَرْضٌ رَخَاخٌ : نرم زمین۔

اَرْضٌ (رَخَّاء) نرم زمین۔ ج رَخَاخِیّ۔

الرَّخْت۔ زین۔ ج رُخُوْت۔ (جدید)

الرَّخْرَخ والرَّخْرَاخ۔ پتلا گارا۔

تَرَخْشَ واِرْتَخَشَ۔ ہلنا۔ مضطرب ہونا۔

الرَّخْشَة۔ اضطراب۔ حرکت۔

رَخُصَ۔ (ک) رُخْصًا۔ الشَّیئُ : سستا ہونا۔ صفت (رَخِیْص) (___ رَخَاصَةً ورُخُوْصَةً) نرم و نازک ہونا۔ صفت (رَخْصٌ و رَخِیْصٌ) مؤنث رَخْصَةٌ۔ ج رَخَائِص۔

رَخَّصَ۔ السِّعْرَ : بھاؤ سستا کرنا ___ لَهٗ كَذَا وفِی كَذَا : ممانعت کے بعد اجازت دینا۔

اَرْخَصَهٗ۔ سستا کرنا۔ سستا پانا یا خریدنا۔

تَرَخَّصَ۔ فِی الاَمْرِ : کسی معاملہ میں رخصت پر عمل کرنا ___ فِی كَذَا : اجازت دیا جانا۔ فِی حَقِّهٖ : اپنے حق میں سے جو ممکن ہو وہ لے لینا اور پورا نہ لینا۔

اِرْتَخَصَهٗ۔ سستا سمجھنا یا سستا خریدنا۔

اِسْتَرْخَصَ۔ الشَّیئَ : سستا سمجھنا۔

الرُّخْصَة والرُّخُصَة۔ تخفیف۔ آسانی۔ کہاجاتا ہے "لَكَ فِی هٰذَا الاَمْرِ رُخْصَةٌ" تم کو اس معاملہ میں آسانی ہے۔ پینے کی باری۔

مَوْتٌ (رَخِیْص) جلدی آنے والی موت۔

رَخَفَ (ن) رَخْفًا و رَخِفَ (س) رَخَفًا ورَخُفَ (ک) رَخَافَةً ورُخُوْفَةً۔ العَجِیْنُ : گندھے ہوئے آٹے کا گیلا ہونا۔ صفت (رَخْفٌ ورَاخِفٌ)

اَرْخَفَ۔ العَجِیْنَ : گندھے ہوئے آٹے کا گیلا کرنا۔ پانی بڑھانا۔

الرَّخْف والرَّخْفَة۔ پتلا مکھن۔ گیلا گندھا ہوا آٹا۔ ج رِخَاف۔

الرَّخْفَة والرَّخِف۔ نرم و پتلا پتھر۔

الرِّخْل والرَّخِل والرِّخْلَة۔ بھیڑ کا مادہ بچہ۔ ج اَرْخُل ورُخَال ورِخَال ورِخْلَان ورَخَلَة ورِخَلَة۔

المُتَرْخِلُ۔ بہت بھیڑ کے مادہ بچوں والا۔

رَخَمَ (ن) رَخْمًا ورَخُمَ (ک) رَخَامَةً۔ الصَّوْتُ او الكَلَامُ : آواز یا گفتگو کا نرم ہونا۔ صفت (رَخِیْم) ___ الجَارِیَةُ : نرم گفتگو والی ہونا۔ صفت (رَخِیْمَة ورَخِیْم)

رَخَمَتْ (ن) رَخْمًا ورَخَمًا ورَخَمَةً۔ الدَّجَاجَةُ البَیْضَ و عَلَی البَیْضِ و (اَرْخَمَتْ) عَلَی البَیْضِ : مرغی کا انڈے سینا۔ صفت (رَاخِمٌ و مُرْخِمٌ و مُرْخِمَةٌ)

رَخِمَتْ (ف ن) رَخْمًا ورَخْمَةً ورَخَمَةً المَرْاَةُ وَلَدَهَا : کھیل کود کرنا۔ لاڈ پیار کرنا ورَخَمَهٗ : مہربانی کرنا۔

رَخِمَ۔ رَحِمَ میں ایک لغت ہے۔

رَخَّمَ تَرْخِیْمًا۔ الشَّیئَ : نرم کاٹ دینا۔ اور اسی سے نحویوں کے نزدیک ترخیم منادی ہے۔ نرم آواز کر دینا۔ الدَّجَاجَةَ : مرغی کو انڈوں پر بٹھانا۔

الرَّخَم۔ مہ گدھ۔ واحد (رَخَمَة) ج رُخْم۔ نرمی و محبت۔ گاڑھا دودھ۔

الرُّخَام۔ سنگ مرمر۔ ایک ٹکڑے کو (رُخَامَة) کہتے ہیں۔

الرُّخَامَی۔ نرم ہوا۔ ایک قسم کی نباتات۔

الاَرْخَم۔ مِنَ الخَیْلِ : گھوڑا جس کا سر سفید اور تمام بدن سیاہ ہو۔ مؤنث رَخْمَاء ج رُخْم۔

التَرْخُوم والیَرْخُم والیَرْخُوم- نرگدھ-
رَخِیَ(س)رَخَاورخوۃً ورَخُوَ(ک)رَخَاوَۃً-
نرم ہونا- آسان ہونا- آسودہ زندگی والا ہونا-
صفت(رَخْو ورُخْو ورِخْو)
رَخَا(ن)ورَخِیَ(ف)ورَخِیَ(س)ورَخُوَ
(ک) رَخَاء العَیْشُ : زندگی کا آسودہ ہونا-
صفت(رَاخٍ ورخِیّ)
رَاخَاہُ مُرَاخَاۃً- دور کرنا- جیسے کہتے ہیں
"خِلْتُ الفِرَارَ یُراخِیَ الأَجَلَ" میرا خیال تھا
کہ گریز موت کو دور کردے گی ___ الشیَٔ :
نرم کرنا ___ العُقْدَۃَ :گرہ کھولنا- کہا جاتا ہے
"رَاخِی خَنَاقَہٗ اور بَاقَہ" یعنی اس نے اسے
مہلت دی- رَاخَتِ المَرْأَۃُ :بچہ جننے کے قریب
ہونا-
اَرْخٰی اِرْخَاءً- الشیَٔ : نرم کرنا ___
الفَرَسَ ولِلْفَرَسِ :گھوڑے کی رسّی ڈھیلی کرنا-
کہا جاتا ہے "اَرْخِ لَہُ الحَبْلَ" اس کی رسّی
ڈھیلی کر دو- یعنی اس کو کام کرنے کا موقع دو
___ السِتْرَ :پردہ لٹکانا اور کہا جاتا ہے "اَرْخٰی
عِمَامَتَہٗ" یعنی وہ مطمئن و مامون ہوا ___
دَابَّتَہٗ : جانور کو آزادانہ چلنے دینا ___ زِمَامَ
النَاقَۃِ :اونٹنی کی لگام کو ڈھیلا چھوڑنا-
رَخّٰی-الشَّیَٔ بِالشَّیٔ :ملانا-
تَرَاخٰی تَرَاخِیًا- عَنْہُ :دور رہنا- پیچھے ہٹنا- دیر
کرنا- کہا جاتا ہے "تَرَاخَتِ السَّمَاءُ" یعنی
بارش میں دیر ہوئی- تَرَاخَی الفَرَسُ :گھوڑے
کا دوڑنے میں سست ہونا- کہا جاتا ہے "اِنَّ فِی
الأَمْرِ تَرَاخِیًا" معاملہ میں وسعت و گنجائش ہے-
اِرْتَخٰی واِسْتَرْخٰی- نرم ہونا-
استرخت بہ حالہٗ :تنگی اور سختی کے بعد اس کی
حالت اچھی ہو گئی-
الرَّخَاء- سہ فراخی زندگی-
الرُّخَاء- نرم ہوا-
الأُرْخِیَّۃ- ہر وہ چیز جو لٹکائی جائے- ج اَرَاخِیّ-
المِرْخَاء- تیز دوڑنے والا جانور- ج مَرَاخٍ
(مذکر و مونث دونوں کیلئے ہے) کہا جاتا ہے
"فَرَسٌ مِرْخَاءٌ وأَتَانٌ مِرْخَاءٌ"
رَدَّہٗ(ن)رَدًّا ومَرَدًّا ومَرْدُوْدًا ورِدِّیْدٰی-
عَنْ کَذَا : پھیرنا- واپس کرنا- لوٹانا رَدَّ فُلانًا :خطا
کار ٹھہرانا ___ البَابَ :بھیڑ دینا ___ عَلَیْہِ
الشیَٔ :پھیر دینا- قبول نہ کرنا-
___ اِلَیْہِ جَوَابًا : جواب بھیجنا ___ ہٗ اِلٰی
بَیْتِہٖ :لوٹا دینا اور کہا جاتا ہے "مَا یَرُدُّ ھٰذا عَلَیْکَ
شَیْئًا" یہ تم کو کچھ نفع نہیں دے گا ___
الشیَٔ :ایک حالت سے دوسری حالت پر کر دینا
جیسے "فَرَدَّ شُعُوْرَھُنَّ السُّوْدَ بِیْضًا" ان کے
کالے بالوں کو سفید کر دیا- رَدَّ القَوْلَ تَرْدَادًا :بار
بار دہرانا-
رَدَّدَ- القَوْلَ : بمعنی رَدَّ القَوْلَ (تشدید کثرت
کے لئے ہے)
رَادَّہٗ- الشیَٔ : واپس کر دینا ___ ہٗ فِی
الکَلَامِ :بحث کرنا-
اَرَدَّ- البَحْرُ :جوش میں آنا ___ الرَّجُلُ :
غصہ سے پھول جانا ___ الشَاۃُ : تھن والی
ہونا- صفت(مُرِدٌّ)
تَرَدَّدَ- رد ہونا ___ فِی الأَمْرِ :شک و شبہ
میں پڑ جانا ___ اِلَیْہِ :بار بار آنا ___ وتَرَادَّ
فِی الجَوَابِ :زبان کا لڑکھڑانا-
تَرَادَّا- البَیْعَ : بیع فسخ کرنے پر رضامند ہونا-
تَرَادَّ الماءُ :روک کی وجہ سے پیچھے ہٹنا-
اِرْتَدَّ- الشیَٔ : واپس کرنا- واپس کرنے کو کہنا
___ عَلٰی اَثَرِہٖ او عَنْ طَرِیْقِہٖ :لوٹنا ___
عَنْ دِیْنِہٖ :دین کو چھوڑنا- دین سے پھر جانا- عَنْ
ھِبَۃٍ : ہبہ کو لوٹا لینا ___ اِلَی الصَّوَابِ :
صواب کی جانب لوٹ جانا-
اِسْتَرَدَّ- الشیَٔ :واپس کرنے کو کہنا ___ ہٗ
الشیَٔ :واپسی چاہنا ___ الْھِبَۃَ :ہبہ کو لوٹا لینا-
الرَّدُّ- سہ زبان کی لڑکھڑاہٹ- نباتات کی کثرت-
کہا جاتا ہے "ضَیْعَۃٌ کَثِیْرَۃُ الرَّدِّ" بہت نباتات
والی جائیداد- شیٌٔ رَدٌّ ردی چیز- أَمْرٌ رَدٌّ : مخالف
سنت کام- دِرْھَمٌ رَدٌّ :کھوٹا درہم- کہا جاتا ہے "لَا
تُعْطِنِی مِنْ رُدُوْدِ الدَّرَاھِمِ" مجھے کھوٹے درہم
مت دو-
الرِدُّ- چیز کا سہارا-
الرَّدِیُّ- طلاق دی ہوئی عورت-
الرَّدَّۃ- رد کا اسم مرۃ- کچھ جمال کے ساتھ زشت
روئی- کہا جاتا ہے "فِی وَجْھِہٖ رَدَّۃٌ" اس کے
چہرہ میں کچھ جمال کے ساتھ بدصورتی ہے-
الرِدَّۃ- اِرتداد کا اسم- ٹھوڑی کا چھکنا- پہاڑ کی
گونج- بچہ جننے سے پہلے تھن کا بھرنا- کہا جاتا ہے
"شَرِبَتِ الإِبِلُ رِدَّۃً" اونٹ نے دوسری بار پانی
پیا-
الرَّدَاد والرِدَاد- واپسی-
الرَدِیْد- بادل جو برس چکا ہو-
التَرْدَاد- رد- تکرار-
الأَرَدُّ- نافع تر-
الرَادَّۃ والمَرَدَّۃ- فائدہ- کہا جاتا ہے "لَا رَادَّۃَ
او لَا مَرَدَّۃَ فِیْہِ" اس میں کوئی فائدہ نہیں-
المُرِدُّ- فا- مدت تک سفر میں رہنے والا یا زمانہ
دراز تک بغیر بیوی کے رہنے والا- غضبناک-
سوجے ہوئے تھنوں والی اونٹنی- اونٹ جس نے
پانی بہت پیا ہو- ج مَرَادُّ-
المِرَدُّ- مِنَ الرِجَالِ : بہت رد کرنے والا-
بہت حملہ کرنے والا-
المَرْدُوْد- مفعول- سہ زمانہ دراز تک بغیر بیوی کے
رہنے والا یا مدت تک سفر میں رہنے والا-
المَرْدُوْدَۃ- مردود کا مونث- استرا-
المُرَدَّد- حیران و سرگشتہ-
رَدَأَ(ف)رَدْأً- الحَائِطَ :دیوار کو ٹیک لگانا-
___ الرَّجُلَ :مدد کرنا- رَدَأَہٗ بِحَجَرٍ :پتھر مارنا-
رَدُؤَ(ک)رَدَاءَۃً- ردی ہونا- صفت(رَدِیٌٔ)
ج اَرْدِیَاء واَرْدَاء-
اَرْدَأَ- برا کام کرنا یا بری چیز پہنچانا ___ ہٗ :
خراب کرنا- بگاڑنا ___ السِتْرَ :لٹکانا ___
الحَائِطَ : دیوار کو تھم لگانا ___ فُلَانًا :
تسکین دینا- برقرار رکھنا ___ ہٗ عَلٰی مِائَۃٍ :
زیادہ کرنا- بڑھانا-
تَرَادَأَ- القَوْمُ :باہم مدد کرنا-
الرِدْءُ- مددگار- مدد- ایک جانب کا بھاری بوجھ
جو جانور پر لادیں- ج اَرْدَاء-
تَرَدَّبَہٗ- نرمی سے پیش آنا-
الرَدْب- راستہ جس کا آخری سرا بند ہو-
الإِرْدَبُّ- چوبیس صاع کا ایک بڑا پیمانہ- سطح
زمین پر بہنے والی- ج اَرَادِبُ-

الإِرْدَبَّة۔ چو بچہ۔ بڑی اینٹ۔
رَدَحَ(ن) رَدَحَانًا۔ جانا۔ گزرنا۔
الرَّدَح۔ نوپید میمنے کی مینگنی۔ نوپید بچھڑے کی لید۔
الأَرْدَاح۔ سیاہ چمڑا۔
رَدَحَ(ف) رَدْحًا۔ ثابت قدم رہنا۔ الشَّيْءَ: زمین پر پھیلا کر رابر کرنا۔ (وأَرْدَحَ) البَيْتَ: گاڑھا گاڑھا لیپنا۔
رَدَّحَ۔ الشَّيْءَ: زمین پر پھیلا کر ہموار کرنا۔
الرَّدْح۔ مہلکا درد۔
الرَّدَح۔ لمبی مدت کہا جاتا ہے "أَقَامَ رَدَحًا مِنَ الدَّهْرِ" اُس نے زمانہ دراز تک اقامت کی۔
الرَّدَاح۔ بہت بڑا لشکر۔ تاریکی بڑا درخت۔ بڑا پیالہ ــــ مِنَ الكِبَاشِ: بڑی چکی والا دنبہ۔ ج۔ رُدُح۔
الرُّدْحَة۔ خیمہ کے پچھلے حصہ کا پردہ۔ کشادگی رُدْحَةُ الصَّائِدِ: پتھر جن کو شکاری اپنے گھر کے اردگرد کھڑا کرلے۔
الرَّدَاحَة والرِّدَاحَة۔ بجو کے شکار کے لئے مکان۔
المُرْتَدَح۔ گنجائش۔ کشادگی۔
الرُّدْحِي۔ دیہات کا سبزی فروش۔
رَدَخَ(ف) رَدْخًا۔ رَاسَهُ: سر توڑنا۔
رَدَسَ(ن ض) رَدْسًا۔ القَوْمَ: پتھر مارنا ــــ الحَائِطَ: گرانا ڈھانا ــــ الرَّجُلَ: ذلیل کرنا ــــ الأَرْضَ: ہموار کرنا ــــ بِالشَّيْءِ: لے جانا ــــ الحَجَرَ بِالحَجَرِ: پتھر سے پتھر توڑنا۔
رَادَسَهُ۔ ایک دوسرے پر پتھر پھینکنا۔
تَرَدَّسَ۔ مِنْ مَكَانِهِ: گرنا۔
المِرْدَس والمِرْدَاس۔ پتھر توڑنے کا آلہ۔ سر۔ پتھر جو کنوئیں میں پانی معلوم کرنے کیلئے ڈالا جائے۔
رَجُلٌ(رَدُوس ورِدِّيس) بہت دفع کرنے والا۔
رَدَعَهُ(ف) رَدْعًا۔ عَنْ كَذَا: روکنا۔ ہٹانا ــــ ہ بِالشَّيْءِ: لتھیڑنا۔ کہا جاتا ہے "أَخَذَهُ فَرَدَعَ بِهِ الأَرْضَ" اس نے لے کر زمین پر پٹک دیا۔

ــــ السَّهْمَ: تیر کے پھل کو بیٹھ جانے کیلئے زمین پر مارنا ــــ المَرْأَةَ: جماع کرنا۔
رُدِعَ۔ رَدْعَةً: خاموش ہونا اور چہرے کا رنگ زرد پڑ جانا۔ رُدِعَ بِهِ: پچھاڑا جانا۔
رَدَّعَهُ۔ بِالزَّعْفَرَانِ: زعفران میں لت پت کرنا۔
تَرَدَّعَ۔ لت پت ہونا۔
تَرَادَعَ۔ القَوْمُ: ایک دوسرے کو باز رکھنا۔
اِرْتَدَعَ۔ باز رہنا ــــ بِالطِّيبِ: خوشبو سے لت پت ہونا ــــ السَّهْمُ: تیر کا نشانہ پر لگ کر ٹوٹنا۔
الرَّدْع۔ مہ گردن۔ زعفران۔ جسم میں خوشبو کا اثر۔ کہا جاتا ہے "رَكِبَ فُلَانٌ رَدْعَهُ" جبکہ روکا جائے اور وہ نہ رکے۔ و "رَكِبَ البَعِيرُ رَدْعَهُ" جبکہ وہ گر جائے اور اس کی گردن اس کے جوف میں داخل ہو جائے۔
قَمِيصٌ (رَادِع) قمیص جس میں خوشبو کا اثر ہو۔
الرِّدَاع۔ کیچڑ و پانی۔
الرُّدَاع۔ جسم میں خوشبو کا اثر۔ مرض کی واپسی۔
الرَّدِيع۔ پچھاڑا ہوا۔ ثَوْبٌ رَدِيعٌ: زعفران سے رنگا ہوا کپڑا۔ سَهْمٌ (رَدِيعٌ و مِرْدَع) تیر جس کا پھل گر گیا ہو۔
المِرْدَع۔ محروم واپس آنے والا۔ کاہل۔ پستہ قد۔ خوشبو کے اثر والا۔
الرِّدَعِل۔ چھوٹے بچے۔
رَدَغَتْ(ف) رَدْغًا۔ السَّمَاءُ: تھوڑی بارش برسانا۔ رَدَغَ بِهِ الأَرْضَ: پٹک دینا۔
أَرْدَغَ۔ المَكَانُ: بہت کیچڑ والی ہونا۔ صفت (رَدِغ)
اِرْتَدَغَ۔ کیچڑ میں پڑنا۔
الرَّدْغ والرَّدَاغ۔ کیچڑ۔ گارا۔
الرَّدْغَة والرَّدَغَة۔ سخت کیچڑ۔ ج رَدْغٌ رَدَغ ورِدَاغ۔ ورَدَغَات۔ مَاءٌ رَدَغَةٌ: کیچڑ ملا ہوا پانی۔
الرَّدِيغ۔ پچھاڑا ہوا۔ بیوقوف۔
المَرْدَغَة۔ گلے اور ہنسلی کی ہڈی کے درمیان کا حصہ۔ عمدہ بے رونق باغ۔ ج مَرَادِغ۔
رَدِفَهُ(ف) وَرَدِفَ لَهُ(س) رَدْفًا۔ پیچھے ہونا۔

رَدَفَهُ ورَدِفَ لَهُ: پیچھے سوار ہونا۔ ردیف بننا۔
رَدِفَ الأَمْرُ القَوْمَ: پیش آنا۔
رَادَفَهُ۔ ردیف بننا۔ کہا جاتا ہے "دَابَّةٌ لَا تُرَادِفُ" جانور جو ردیف نہیں سوار کراتا۔
أَرْدَفَ۔ پے در پے ہونا ــــ ہ: اپنے پیچھے سوار کرنا۔ کہا جاتا ہے "دَابَّةٌ لَا تُرْدِفُ" جانور جو ردیف کو نہیں سوار کراتا۔ أَرْدَفَ الشَّيْءَ و بِالشَّيْءِ وعَلَيْهِ: کسی چیز کے پیچھے کسی چیز کو کرنا۔ تم کہتے ہو "أَرْدَفْتُ خَيْلًا عَلَى خَيْلٍ لِي" میں نے اپنے گھوڑے کے پیچھے ایک گھوڑے کو کر لیا۔ أَرْدَفَ لَهُ: پیچھے آنا ــــ الأَمْرُ القَوْمَ: پیش آنا۔
تَرَادَفَا۔ ایک دوسرے کی مدد کرنا۔ ایک دوسرے کے پیچھے ہونا۔ ایک کا دوسرے کا پیچھے سوار ہونا۔ تَرَادَفَتِ الكَلِمَاتُ: کلمات کا ہم معنی ہونا۔
اِرْتَدَفَهُ۔ پیچھے ہونا۔ اِرْتَدَفَ العَدُوَّ: دشمن کو پیچھے سے پکڑنا ــــ ہ: اپنے پیچھے سوار کرانا۔
تَرَدَّفَهُ۔ پیچھے سوار ہونا۔
اِسْتَرْدَفَهُ۔ پیچھے سوار کرنے کی درخواست کرنا۔
الرِّدْف۔ پیچھے سوار ہونے والا۔ پیروی کرنے والا۔ کام کا نتیجہ۔ ہر چیز کا آخر فِي الجَاهِلِيَّةِ: زمانہ جاہلیت میں بادشاہ کا ہم نشین جو بادشاہ کی داہنی جانب بیٹھتا تھا اور تمام کاموں میں بادشاہ کا ثانی سمجھا جاتا تھا اور اگر بادشاہ جنگ میں چلا جایا کرتا تھا تو وہ بادشاہ کی قائم مقامی کرتا تھا اور جب فوج واپس آتی تھی تو مال غنیمت کی چوتھائی وصول کیا کرتا تھا۔ ج أَرْدَاف۔ الرِّدْف: نسر واقع ستارہ کے قریب ایک ستارہ کا نام۔ الرِّدْفَان: رات دن۔
الرِّدْف والرِّدَاف۔ مِنَ الدَّابَّةِ: جانور کا چوتڑ۔
الرَّدِيف۔ سوار کے پیچھے سوار ہونے والا۔ ج رِدَاف ورُدَفَاء نسر واقع ستارہ کے قریب ایک ستارہ کا نام۔ والرَّدِيفُ فِي اصْطِلَاحِ الجُنْدِيَّةِ: وہ فوجی جو آزاد کر دیا جائے اور ضرورت کے وقت بلا لیا جائے۔

الرَادِفَة والرَادُوف- رَوَادف کا واحد ہے اور رَوَادِف درخت خرما کے اس پودے کو کہتے ہیں جو درخت خرما ہی پر لگ جائے اور اس کی جڑ زمین میں نہ ہو- کوہان کے پیچھے حصّہ میں تہ بتہ چربی- اگر اگلے حصّہ میں ہو تو اس کو رَوَاکِب کہتے ہیں- کہا جاتا ہے "اِنَّ جَزُوْرَهُمْ لَذَاتُ رَوَاکِبَ وَرَوَادِفَ"

الرَوَادِف- سُرین- پیچھے رہنے والی قوم-

الرِوَادِفَة- بادشاہ کی قائم مقامی-

الرُدَافٰی- مددگار لوگ- کہا جاتا ہے "جَاءُوْا رُدَافٰی" وہ لوگ آگے پیچھے آئے-

الرَدْق- جانور کے نوزائیدہ بچّہ کا پاخانہ جو کچھ کھانے سے پہلے کرے-

رَوْدَکَهٗ- آراستہ کرنا- خوبصورت بنانا-

الرَوْدک- خوش شکل لڑکا- مؤنث رَوْدَکَة-

رَدَمَ (ن) رَدْمًا- الثلْمَة او البَابَ : رخنہ یا دروازہ بند کرنا ــــ القَوْسَ : کمان کو کھینچ کر آواز نکالنا ــــ البَعِيْرَ : چھوٹا-

رَدَمَ (ن) رَدْمًا- الشئُ : بہنا ــــ السَحَابُ : ہمیشہ گھرا رہنا ــــ الحمیُّ : ہمیشہ بخار رہنا ــــ الشَجَرَةُ : خشک ہونے کے بعد سبز ہونا- رُدِمَ الشئُ : کسی چیز کے ایک حصّہ کو دوسرے کے ساتھ جوڑا جانا-

اَرْدَمَ- السَحَابُ : ہمیشہ گھرا رہنا ــــ الحُمیُّ عَلَيْهِ : ہمیشہ بخار رہنا-

رَدَّمَ- الثَوْبَ : پیوند لگانا ــــ النَاقَةُ عَلٰی وَلَدِها : اونٹنی کا اپنے بچّہ پر مہربان ہونا-

تَرَدَّمَ- ثَوْبَه : کپڑے میں پیوند لگانا ــــ الثَوْبُ : کپڑے کا بوسیدہ و پرانا ہونا-

الخُصُوْمَةُ : جھگڑے کا طویل ہونا ــــ ہ : درپے ہو کر حقیقت معلوم کرنا ــــ النَاقَةُ عَلٰی وَلَدِهَا : اونٹنی کا اپنے بچّہ پر مہربان ہونا ــــ القَوْمُ الارضَ : زمین کی پیداوار کو بار بار کھانا-

الرَدْمُ- مص دیوار کا ملبہ- کمان کی آواز-

(ــــ والرُدَام والمَرْدام) ہر وہ چیز جو بے نفع ہو-

الرَدَم- رخنہ کی بندش- ج رُدُوْم-

الرَدِيْم- مِنَ الثِيَاب : پُرانا کپڑا- ج رُدُم-

الاَرْدَم- ماہر ملاح- ج اَلاَردَمُوْن-

ثَوْبٌ (مُرَدَّمٌ و مُرْتَدَم) پرانا کپڑا پیوند لگا ہوا-

المُتَرَدَّم- پیوند لگائی ہوئی جگہ- زمانہ جاہلیت کے شاعر عنترہ کے قول "هَلْ غَادَرَ الشُعَراءُ مِنْ مُتَردَّم" کا مطلب یہ ہے کہ پہلے شعراء نے کیا کوئی جگہ پیوند لگانے کی باقی چھوڑی ہے یعنی سب کچھ کہہ گئے ہیں اب کسی شاعر کے لئے کوئی چیز باقی نہیں رہی کہ اس پر کچھ کہہ سکے-

رَدَنَ (ض) رَدْنًا- الاشياءَ : تہ بتہ رکھنا- ــــ المرأةُ : تکلے پر کاتنا ــــ النارَ : آگ سلگانا-

رَدِنَ (س) رَدَنًا- الجلدُ : سکڑنا-

رَدَّنَ و اَرْدَنَ- القميصَ : آستین لگانا- اَرْدَنَتِ الحمیُّ : بخار کا مدت تک رہنا-

اِرْتَدَنَت- المرأةُ : تکلا بنانا-

الرُدْن- آستین کی جڑ- آستین کا کشادہ کنارہ- عرب اسی میں دراہم و دنانیر رکھا کرتے تھے- اسی وجہ سے محاورہ ہو گیا "ثقُل ردنه" یعنی وہ مالدار ہو گیا- ج اَرْدَان-

الرَدْن- مص ہتھیار کی جھنکار-

الرَدَن- سوت- ریشم- ج اَرْدَان-

الرَادِن- فا- زعفران-

احمر (رَادِنی) سرخ جس میں زردی ملی ہو-

الاردن- ایک قسم کا سرخ رنگ کا ریشم-

الرُدَيْنِی- نیزہ- ردینہ نامی عورت کی جانب منسوب جو عمدہ نیزہ بنانے میں مشہور تھی-

المِرْدَن- تکلا-

المُرْدِن- تاریک- اندھیرے والا- عرق مُردِن : بدبودار پسینہ-

خَيْطٌ (مَرْدُوْنٌ) ملایا ہوا دھاگا-

رَدَهَ- (ف) رَدْهًا- فلانا بحجر : سنگسار کرنا ــــ البَيْتَ : بڑا مکان بنانا-

رَدَّهَ- الرجلُ : شجاعت یا سخاوت وغیرہ کی وجہ سے سردار قوم بننا-

الرَدْهَة- پہاڑ یا چٹان کا گڑھا جس میں بارش کا پانی جمع ہو جائے سب سے بڑا گھر- گھر کی سب سے کشادہ جگہ- ج رَدْہ و رِدَاہ و رُدَّہ-

رَدَیٰ (ض) رَدْيًا و رَدْيَانًا- الشَئَ : توڑنا- ہ : دھکا دینا ــــ ہ بحَجَرٍ : پتھر مارنا ــــ الفَرَسُ : گھوڑے کا اُچھلتے ہوئے دوڑنا- الجَارِيةُ : لڑکی کا ایک پاؤں اُٹھا کر دوسرے پاؤں سے اُچکتے ہوئے چلنا ــــ فُلاَنٌ : جانا- تم کہتے ہو "مَا اَدْرِی اَيْنَ رَدَیٰ" میں نہیں جانتا کہاں گیا ــــ فِی البئْر : کنوئیں میں گرنا ــــ فُلاَن : بلند پہاڑ سے گرنا ــــ عَلٰی الخَمَسِيْنَ مِنْ عُمُرِهٖ : زائد ہونا-

رَدِیَ (س) رَدیً- ہلاک ہونا- گرنا-

رَدَّیٰ- الرَجُلَ : ہلاک کرنا : چادر اُڑھانا- ــــ ہ فی البئْر : کنوئیں میں گرانا ــــ مَالَهٗ : زیادہ ہونا ــــ عَلَی الخَمْسِيْن : زائد ہونا ــــ الفَرسَ : کدانا-

رَادَیٰ مُرَادَاة- الرَجُلَ : پھسلانا- نرمی برتنا ــــ عَنِ القَوْمِ : کسی قوم کی جانب سے دوسروں پر پتھراؤ کرنا-

تَرَدَّیٰ- چادر اوڑھانا- تَرَدَّیٰ فی البئر : کنوئیں میں گرنا-

اِرْتَدَیٰ- چادر اوڑھنا- گلے میں تلوار لٹکانا- اِرْتَدَتِ الجَارِيَةُ : لڑکی کا ایک پاؤں اُٹھا کر دوسرے پاؤں سے اُچکتے ہوئے چلنا-

الرِدَاء- چادر- عبا یا جبہ کی مانند اوپر کی پوشش- جمیل- تلوار- کمان- عقل- نادانی- باعث زینت- باعث عیب- رِدَاءُ الشَبَابِ : جوانی کی رونق- رِدَاءُ الشَمْسِ : آفتاب کی روشنی- کہا جاتا ہے "هُوَ غَمْرُ الرِدَاء" وہ فیاض اور بھلائی کرنے والا ہے و "خَفِيْفُ الرِدَاءِ" وہ کم مقروض اور کم عیال والا ہے- ج اَرْدِيَةٌ-

الرِدَاءَة- بڑی چادر-

الرَدَاة- چٹان- ج رَدًی-

الرَدِی- ہلاک ہونے والا-

الرَادِی- گونجنے والا شیر-

المِرْدَاة- لڑائی کا چکر- اور اسی سے ہے "طَحَنَتْهُ مِرْدَاةٌ طَحُوْنٌ" لڑائی کے چکر نے اُسے پیس کر رکھ دیا (ــــ والمِرْدَیٰ) بڑی چادر- ازار- پتھر توڑنے کا پتھر- ج مَرَادِی- المَرَادِی : گھوڑے یا اُونٹ کی ٹانگیں زمین پر

پاؤں کو ٹیکنے والا گھوڑا۔ المرادی :ہاتھی۔
المُرْدِیَّ۔ ملاح کا چپو۔ ج مَرَادِیَّ۔
رَذَّت(ن) رَذَاذًا و اَرَذَّت۔ السَّمَاءُ :پھوار برسانا۔ و اَرَذَّت القِرْبَۃُ :بہہ پڑنا۔
الرَّذَاذ۔ پھوار۔
الرَّوْذق۔ اتری ہوئی کھال۔ بھوننے کے لئے بالوں سے صاف کیا ہوا بکری کا بچہ۔ مسالہ ملا کر پکا ہوا گوشت۔ ج رَوَاذِق۔
الرَّوْذَکَۃ۔ بکری کے چھوٹے بچے۔ ج رَوَاذِک۔
رَذُلَ (ک) رَذِلَ (س) رَذَالَۃً۔ قابل حقارت ہونا۔ قبیح ہونا۔ صفت (رَذْلٌ) ج اَرْذَال و رُذَال و رُذُول و رُذْلُوْن و (رَذِیْل) ج رُذَلَاءُ و رِذَال۔
رَذَلَہٗ (ن) رَذْلًا و اَرْذَلَہٗ۔ حقیر کرنا۔ ناپسند کرنا۔ حقیر سمجھنا۔
اَرْذَلَ۔ برا کام کرنا۔ کمینوں کا ساتھی ہونا ـــــ ہ :حقیر کرنا۔ ناپسند کرنا۔ حقیر سمجھنا۔ الدَّرَاھِمَ :کھوٹے کر کے واپس کرنا۔
اِسْتَرْذَلَہٗ۔ حقیر سمجھنا۔
الرُّذَال۔ حقیر و کمینہ (ـــــ و الرُّذَالَۃ) چیز کا ردی حصہ۔ رُذَالَۃُ کُلِّ شَیئٍ :ہر چیز کا گھٹیا۔
الرَّذِیْلَۃ۔ نالائقی۔ بری عادت۔ ج رَذَائِل۔
الاَرْذَل۔ اسم تفضیل۔ گھٹیا۔ ردی۔ ج اَرَاذِل و اَرْذَلُوْن۔
المُرْذِل۔ رذیل ساتھیوں والا یا حقیر جانوروں والا۔
رَذَمَ (ن ض) رَذْمًا و رَذَمَانًا و رَذِمَ (س) رَذَمًا و اَرْذَمَ۔ الاِنَاءُ :لبالب ہو کر بہنا۔ صفت (رَذِم) و اَرْذَم عَلَی الخَمْسِیْنَ مِنْ عُمْرِہٖ :زائد ہونا۔
الرَذم و الرَذَمَان۔ مِنَ النَّاسِ :متفرق جماعت۔ کہا جاتا ہے "رَاَیْتُ رَذَمًا مِنَ النَّاسِ" میں نے لوگوں کی متفرق جماعت دیکھی۔ "وَکَانَ فِی رَذَمَانٍ مِنَ النَّاسِ" وہ ایسی جماعت میں تھا جس کے افراد بہت نہیں تھے۔
الرُّذَام و الرُّذَم۔ کمزور جس میں مروت نہ ہو۔
الرَّذُوْم۔ بہنے والا۔ لبالب پیالہ جس میں سے گرے۔ ج رُذُم و رَذَم۔
رَذِیَ (س) رَذَاوَۃً و اُرْذِیَ۔ بیماری سے نڈھال ہونا۔ صفت (رَذِیّ) رُذَاۃ۔ مؤنث رَذِیَّۃ۔
اَرْذَاہُ۔ نڈھال کر دینا۔ پھینک دینا۔ صفت مفعولی (مُرْذیٰ)
الرَّذِیَّ۔ بیماری سے نڈھال۔ کمزور۔ لاغر۔
رَزَّتِ (ن ض) رَزًّا۔ الجَرَادَۃُ :ٹڈی کا انڈے دینے کیلئے دم کو زمین میں چبھونا۔ السَّمَاءُ :گرجنا۔ ہ :نیزہ مارنا ـــــ البَابَ :دروازہ میں کنڈی لگانا۔ السَّھْمَ فِی الحَائِطِ :تیر کو دیوار میں گاڑنا۔
اَرَزَّتِ۔ الجَرَادَۃُ :ٹڈی کا انڈے دینے کے لئے دم کو زمین میں چبھونا۔
رَزَّزَ۔ الوَرَقَ :کاغذ کو چکنا کرنا ـــــ الاَمْرَ :کسی معاملہ کو درست کرنا۔
اِرْتَزَّ۔ السَّھْمُ فِی الحَائِطِ :تیر کا دیوار میں گڑ جانا۔ البَخِیْلُ عِنْدَ المَسْئَلَۃِ :بخیل کا سوال کے وقت بخل کرنا۔
الرُّزُّ۔ چاول (اَرُز میں ایک لغت ہے)
الرِزّ و الرِزِّیْزیٰ۔ دور کی آواز۔ پیٹ کی گڑگڑاہٹ۔ بادل کی گرج۔ آواز۔
الرَّزَّۃ۔ زنجیر کا حلقہ جس میں تالا لگایا جاتا ہے۔ کنڈا جس کو دیوار یا زمین میں گھوڑا وغیرہ باندھنے کے لئے ٹھونکتے ہیں۔ ج رِزَاز و رَزَّات و رُزَز۔
الرَّزَّۃ۔ پیٹھ میں ایک قسم کا درد۔
الرَّزَاز۔ سیسہ۔
الرَّزَّاز۔ چاول کا سوداگر۔
الاِرْزِیْز۔ کپکپی۔ نیزہ کا گھسنا۔ چھوٹے اولے۔ لمبی آواز والا۔
الرَّزِیْز۔ ایک قسم کی نباتات جو رنگنے کے کام میں آتی ہے۔ رَزِیْزُ الرَّعْدِ :گرج کی آواز۔
المُرَزَّز۔ مِنَ الطَّعَامِ :چاول سے تیار کیا ہوا کھانا۔
المَرَزَّۃ۔ چاول اگنے کی جگہ۔ یا وہ جگہ جہاں چاول جمع کئے جائیں یا جہاں چاول بہت ہوں۔
رَزَأَ (ف) رُزْأً و رَزْأً و مَرْزِئَۃً۔ الرَّجُلَ مَالَہٗ :کچھ حاصل کرنا۔ کم کرنا۔ کہا جاتا ہے "ھُوَ یُرْزَأُ" یعنی وہ سخی ہے لوگ اس کے فضل کو حاصل کرتے ہیں ـــــ و رَزِیَ (س) رَزْأً و اِرْتَزَأ۔ الرجل :بھلائی حاصل کرنا۔ اِرْتَزَاہُ الشَّیئَ :کم کرنا۔ و اِرْتَزَأَ الشَّیئُ :کم ہونا۔
الرُّزْء۔ ج اَرْزَاء و (الرَّزِیئَۃ و الرَّزِیَّۃ) ج رَزَایَا :بڑی مصیبت۔
المُرَزَّأ۔ فیاض سخی۔ ج مُرَزَّؤُوْنَ۔ و المُرَزَّؤُوْن :قوم جس کے منتخب لوگ مر گئے ہوں۔
المَرْزِئَۃ۔ بڑی مصیبت۔
رَزَبَہٗ (ن) رَزْبًا۔ چمٹے رہنا۔
الاِرْزَبّ۔ چھوٹا۔ بڑے ڈیل ڈول والا۔
الاِرْزَبَّۃ و المِرْزَبَۃ۔ لوہے کی سلاخ۔ لوہار کا ہتھوڑا۔ ج مَرَازِب۔
المِرْزَاب۔ پرنالہ۔ بڑی یا لمبی کشتی۔ ج مَرَازِیب۔
المَرْزُبَان۔ فارسیوں کا رئیس۔ ج مَرَازِبَۃ و (المَرْزُبَۃ) فارسیوں کی سرداری۔
رَزَحَ (ف) رَزْحًا و رُزُوْحًا و رُزَاحًا۔ الجَمَلُ :لاغری یا تھکن کی وجہ سے گر جانا۔ صفت (رَازِح) ج رُزَّح ـــــ الرَّجُلُ :کمزوری کی وجہ سے ہاتھ کی چیز چھوٹ جانا ـــــ الرَّجُلَ بِالرُّمْحِ :نیزہ مارنا (ـــــ و اَرْزَحَ) العِنَبَ :گرے ہوئے انگور اٹھانا (رَزَحَتْ و تَرَازَحَتْ) حالہ :برا حال ہونا۔
رَزَّحَ۔ النَّاقَۃَ :اونٹنی کو لاغر کرنا۔
اِبِلٌ (رَزَاحیٰ و رَزْحیٰ و رُزَّح و رَوَازِح) لاغر و کمزور اونٹ۔
المَرْزَح۔ ہموار زمین۔
المِرْزَح و المِرْزَحَۃ۔ انگور کی بیل کو زمین سے اٹھانے کیلئے لکڑی۔ ج مَرَازِح۔ المِرزح :آواز۔
المِرْزَاح۔ مِنَ الاِبِلِ :بہت ہی لاغر اونٹ جو ہلنے کی بھی طاقت نہ رکھتا ہو۔ ج مَرَازِیح۔
رَزَخَہٗ (ف) رَزْخًا۔ بِالرُّمْحِ :نیزہ چبھونا۔
الرَّزْدَق۔ لوگوں کی صف۔ درخت خرما کی قطار (جدید)
الرُّزْدَاق۔ دیہات اور اس کے ارد گرد کی زمینیں۔ ج رُزْدَاقَات و رَزَادِیْق۔
اَرْزَغَ۔ المَاءُ :پانی کم ہونا ـــــ المَکَانُ :بہت کیچڑ والی جگہ ہونا ـــــ المُحْتَفِرُ :کھودنے والے کا نمناک مٹی تک پہنچنا ـــــ

المَطَرُ الارضَ : بارش کا زمین کو تر کر دینا ____ الرَّجُلَ : عیب سے آلودہ کرنا ____ فِیْ فُلَانٍ : بہت تکلیف پہنچانا' حقارت کرنا' عیب لگانا' طعن و تشنیع کرنا۔

رَازَغَه۔ کشتی کرنا اور فریب دینا۔

اِسْتَرْزَغَهٗ۔ کمزور سمجھنا۔

الرَّزَغَة۔ پتلا گارا۔ کیچڑ۔ ج رَزَغ رِزَاغ۔

الرَّزَغ : تری۔

الرَّزِغ والرَّازِغ۔ کیچڑ میں پھنسا ہوا۔

رَزَفَ (ض) رَزِیْفًا و رَزَّفَ و اَرْزَفَ اِلَیْهِ : آگے بڑھنا ____ الجَمَلُ : اونٹ کا بلبلانا۔ دوڑنا۔ رَزَفَ الاَمْرُ : قریب ہونا۔ اَرْزَفَ النَّاقَةَ : ڈُلکی چلانا۔ اُرْزِفَ القَوْمُ : جلدی سے شکست وغیرہ میں پھنسانا۔

نَاقَةٌ (رَزُوْف) کشادہ قدم' تیز رفتار اونٹنی۔

رَزَّافَاتُ البَلَدِ : شہر کے قریب کی جگہیں۔

رَزَقَهٗ (ن) رَزْقًا۔ روزی پہنچانا۔ کہا جاتا ہے "رَزَقَه اللّٰه الغنی" اللہ اسے تونگری دے۔

رُزِقَ۔ روزی پانا۔ خوش نصیب ہونا۔

اِرْتَزَقَهٗ۔ روزی مانگنا ____ الجُنْدُ : روزی لینا۔

اِسْتَرْزَقَهٗ۔ روزی مانگنا۔

الرِّزْق۔ روزی۔ ج اَرْزَاق۔ بارش۔

الرِّزْقُ الحَسَن : بغیر محنت و مشقت کے حاصل ہونے والی روزی (____ والرَّزْقَة) ج رَزَقَات۔ سپاہیوں کی رسد۔ کہا جاتا ہے "اَخَذْتُ رَزْقَةَ هٰذَا الشَّهْرِ او هٰذا العَامِ" میں نے اس مہینے یا اس سال کی رسد لے لی۔

الرَّازِقِیُّ۔ کمزور۔ ایک قسم کا لمبا سفید انگور۔ شراب۔

الرَّازِقِيَّة۔ کتاں کے سفید کپڑے۔ شراب۔

الرَّزَّاق۔ روزی دینے والا۔ اللہ تعالیٰ کے اسماء حسنٰی میں سے ہے (صرف باری تعالیٰ پر اطلاق ہوتا ہے)

المُرْتَزَق۔ مفہ۔ جس سے فائدہ اٹھایا جائے۔

المُرْتَزِقَة۔ وہ لوگ جنہوں نے اپنی رسد حاصل کر لی ہو۔

المَرْزُوْق۔ مفہ خوش نصیب۔

رَزَمَ (ن) رَزْمًا۔ الشَّیْئَ : جمع کر کے باندھنا ____ بِالشَّیْئِ : پکڑنا ____ عَلٰی عَدُوِّهٖ : دشمن پر غالب ہونا اور چڑھ بیٹھنا ____ الرَّجُلُ : مرنا ____ الاُمُّ بِهٖ : جننا۔

رَزَمَ (ض ن) رُزُوْمًا و رُزَامًا۔ البَعِیْرُ۔ اونٹ کا لاغری کی وجہ سے اٹھ نہ سکنا۔ صفت (رَازِم) ج رُزَّام (____ رَزْمَةٌ) الشِّتَاءُ : سرد ہونا۔

رَزَّمَ۔ الثِّیَابَ : کپڑوں کا گٹھڑی میں باندھنا۔

____ القَوْمُ : کسی جگہ میں چمٹ کر رہنا۔

رَازَمَ۔ بَیْنَهُمَا : جمع کرنا ____ فِی المَطَاعِمِ : بدل بدل کر کھانا کھانا ____ الدَّارَ : دیر تک رہنا۔

اَرْزَمَ۔ الرَّعْدُ : سخت گرجنا۔ اَرْزَمَتِ النَّاقَةُ : بچہ کیلئے آواز نکالنا۔ کہا جاتا ہے "لَا اَفْعَلُهٗ مَا اَرْزَمَتْ اُمُّ حَائِلٍ" میں اس کام کو جب تک اونٹنی آواز نکالتی رہے گی نہیں کروں گا۔

اِرْزَأَمَّ اِرْزِئْمَامًا۔ غضبناک ہونا۔

الرَّزْمَة۔ دن میں ایک مرتبہ کھانا۔

الرِّزْمَة۔ مِنَ الثِّیَابِ و غَیْرِهَا : گٹھری۔ ج رِزَم۔

الرَّزَمَة۔ بچے کی آواز۔ تیز آواز۔ بچہ پر مہربان ہونے کے وقت بغیر منہ کھولے ہوئے صرف حلق سے نکلنے والی اونٹنی کی آواز اور اسی سے مثال ہے "لَا خَیْرَ فِیْ رَزَمَةٍ لَا دِرَّةَ فِیْهَا" اس اونٹنی کی آواز سے کوئی فائدہ نہیں جس سے دودھ حاصل نہ ہو۔ اس شخص کے حق میں بولتے ہیں جو وعدہ کرے اور پورا نہ کرے یا اس کے حق میں جو چاپلوسی کرے اور کوئی فائدہ نہ پہنچائے۔

غَیْثٌ (رَزِم) وہ بارش جس میں بادل کی گرج ختم نہ ہو۔

الرُّزَام۔ سخت مرد۔ ج رُزَّم۔

اَسَدٌ (رَزَامَةٌ و رُزَامٌ) اپنے شکار پر چڑھ بیٹھنے والا شیر۔

الرَّزِیْم۔ شیر کی گونج۔

الرَّزَّام و المُرْزِم۔ اپنے شکار پر چکر لگانے والا اور غرانے والا شیر۔ کہا جاتا ہے "تَرَكْتُهٗ بِالمُرْتَزِم"

المِرْزَم۔ گٹھری باندھنے کی چیز جیسے رسّی۔

اُمُّ المِرْزَم : بادِ شمالی یا مطلقاً ہوا۔

المِرْزَمَان۔ دو ستارے جو دونوں شعری کے ساتھ ہوتے ہیں اور ان دونوں کو منحوس سمجھا کرتے تھے اور کہا کرتے تھے "لَا خَیْرَ فِی الزَّمَانِ مَا طَلَعَ المِرْزَمَان" یعنی اس زمانہ میں خیر نہیں جب مرزمان طلوع ہوں۔

رَزَنَ (ن) رَزْنًا۔ الشَّیئَ : ہاتھ سے اٹھا کر وزن کا اندازہ کرنا ____ بِالمَكَانِ : اقامت کرنا۔

رَزُنَ (ک) رَزَانَةً۔ سنجیدہ ہونا۔ باوقار ہونا۔ بھاری بھرکم ہونا۔ بوجھل ہونا۔ صفت مذکر (رَزِیْن) صفت مؤنث (رَزَان) رزینہ نہیں بولا جاتا۔

رَازَنَ۔ الرَّجُلَ : دوست ہونا۔ ساتھ اترنا۔

تَرَازَنَا۔ ایک دوسرے کے مقابل ہونا۔

تَرَزَّنَ۔ فِی الاَمْرِ او فِیْ مَجْلِسِهٖ : سنجیدہ و صاف رائے ہونا۔

الرَّزْن و الرِّزْن۔ بلند جگہ جس میں پانی رک جائے۔ ج رُزُوْن و رِزَان و اَرْزَان۔ الرَّزْن : کنارہ۔

الرِّزْنَة۔ پانی جمع ہونے کی جگہ۔ ج رِزَان۔

الاَرْزَن۔ سخت لکڑی کا ایک درخت جس کی لکڑی سے لاٹھی بناتے ہیں۔

الرَّزِیْن۔ ساکن۔ پختہ رائے والا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ رَزِیْنُ الرَّاْیِ"

الرَّوْزَنَة۔ روشن دان۔ ج رَوَازِن۔

رَزَیَ (ض) رَزْیًا۔ فُلَانًا : احسان قبول کرنا۔

اَرْزَیٰ اِرْزَاءً۔ اِلَیْهِ و اَرْزَیٰ اِلَیْهِ ظَهْرَهٗ : سہارا لینا۔ پناہ لینا۔

رَسَّ (ن) رَسًّا۔ البِئْرَ : کنواں کھودنا ____ الشَّیئَ : دھنسانا ____ لَهُ الخَبَرَ : بیان کرنا ____ المَیِّتَ : میت کو دفن کرنا ____ خبرهم : معلوم کرنے کی کوشش کرنا۔ بَیْنَهُمْ : صلح کرانا۔ فساد ڈالنا ____ (ضد) (____ رَسًّا و رَسِیْسًا و اَرَسَّ) السَّقَمُ فِیْ جَسَدِهٖ : بیماری کا لازم ہو کر ٹھہر جانا۔

رَاسَّهٗ مُرَاسَّةً۔ بِالاَمْرِ : کسی کام کی کسی کے ساتھ ابتداء کرنا۔

تَرَاسَّ۔ القَوْمُ الخَبَرَ : رازدارانہ کہنا۔

اِرْتَسَّ۔ الخَبَرُ فِی النَّاسِ : پھیلنا۔ ظاہر ہونا۔

الرَّسُّ-مہ-پرانا کنواں-علامت-معدن ہر چیز کی ابتداء-بخار کی ابتداء-کہا جاتا ہے "بِہٖ رَسٌّ حُمّٰی" اسے بخار کی ابتداء ہے-رَسُّ الحُبِّ: آغازِ محبت-بقیہ محبت-اثر محبت-کہا جاتا ہے "بَلَغَنِی رَسٌّ مِنَ الخَبرِ" مجھے خبر کا کچھ حصہ پہنچا-

الرَّسَّة-مضبوط ستون-

الرُّسَّة والأُرْسُوْسَة-ٹوپی-

الرَّسِیْس-مہ-ثابت-عاقل-غیر صحیح خبر-رِیحٌ رَسِیْسٌ: نرم ہوا-رَسِیْسُ الحُمّٰی: بخار کی ابتداء-رَسِیْسُ الحُبِّ: آغازِ محبت-بقیہ محبت-اثر محبت-

الرُّسّٰی-ٹیلہ-بڑی بوند کی بارش-

رَسَبَ ورَسُبَ (ن و ک) رُسُوْبًا و رَسَبًا-الشَیْئُ فِی المَاءِ: تہ نشین ہونا ــــ العَیْنُ: آنکھ اندر کو دھنس جانا-

اَرْسَبَہ-نیچے اُتارنا-

الرَّاسِب والرَّسُوْب-مِنَ الرِجَال: حلیم-بردبار-ثابت قدم-

الرُّسَب والرَّسَب والرَّسُوْب و المِرْسَب-مِنَ السُیُوْفِ: اندر کو گھس جانے والی تلوار-

الرُّوْسَب-بلا-مصیبت-

الرُّسْتَاق-دیہات-ج رَسَاتِیْق-

رَسِحَ (س) رَسَحًا-دبلے چوتڑ اور دبلی ران والا ہونا-صفت مذکر (اَرْسَحُ) صفت مؤنث (رَسْحَاء) ج رُسْحٌ-اِمْرَأَۃٌ رَسْحَاءُ: بدصورت عورت-

اَرْسَحہ-لاغر کرنا-

رَسَخَ (ن) رُسُوْخًا-گڑ جانا-کہا جاتا ہے "رَسَخَ الْحِبْرُ فِی الصَّحِیْفَة" روشنائی کتاب میں جم گئی-"ورَسَخَ العِلْمُ فِی القَلْبِ" علم دل میں جاگزیں ہوگیا-و فُلَانٌ رَاسِخٌ فِی العِلْمِ فلاں مضبوط علم والا ہے ــــ الغَدِیْر: تالاب کا پانی نیچے اُتر گیا-

اَرْسَخَہُ-گاڑ دینا' ثابت کرنا' مضبوط کرنا-

تَرَسَّخَ-فی التُقٰی: پرہیزگاری میں راسخ ہونا-

الرَّسْدَق والرُّسْدَاق بمعنی الرَّزْدَق والرُّزْدَاق-

رَسَعَ (ف) رَسْعًا-العَضْوُ: خراب اور ڈھیلا ہونا ــــ عَیْنُہ: چپٹے ہوئے پپوٹے والی ہونا ــــ الصَّبِیَّ: بچّہ کو نظرِ بد سے بچانے کے لئے ہاتھ یا پیر میں مہرہ باندھنا-

رَسِعَ (س) رَسَعًا-خراب پپوٹوں والا ہونا-صفت (اَرْسَع) ــــ عَیْنُہ: خراب پپوٹوں والی ہونا-صفت (رَسْعَاء) ــــ بِہٖ الشَیْئَ: چمٹنا-

رَسَّعَ-خراب گوشہ چشم والا ہونا-کسی مقام پر جم کے رہنا ــــ الشَیْئُ: چپکانا ــــ السَیْرَ: ایک تسمہ کو پھاڑ کر اس میں دوسرے تسمہ کو داخل کرنا ــــ الصَّبِیَّ: بچّہ کو نظرِ بد سے بچانے کے لئے ہاتھ یا پیر میں مہرہ باندھنا-

الرِسَاعَة-ج رَسَائِع: تلوار کی پرتلے کے نچلے حصّہ میں گندھے ہوئے تسمے-

الرُّسْوْع-کمان کے وسط میں گندھے ہوئے تسمے-

الرَّسِیْع-چپکایا ہوا-ایک تسمہ میں داخل کیا ہوا دوسرا تسمہ-

رَسَغَ (ن) رَسْغًا-البَعِیْر: اگلی ٹانگوں کے گٹّے میں رسّی باندھنا-

رَسَّغَ-المَطَرُ: ٹخنے تک برسنا ــــ العَیْشَ: وسیع کرنا ــــ الکلاَمَ: دو قسم کی باتوں کو ایک میں ملانا-

رَاسَغَہٗ-گٹّا پکڑ کے پچھاڑ دینا-

اِرْتَسَغَ-عَلٰی عِیَالِہٖ: نفقہ میں وسعت کرنا-

الرُّسْغ والرُّسُغ-گٹّا-پہنچا-ج اَرْسَاغ واَرْسُغ-

الرَّسِیْغ-مِنَ العَیْشِ: کشادہ زندگی-مِنَ الطَعَام: بہت خوراک-

الرِسَاغ-وہ رسّی جس کو جانور کی اگلی ٹانگ کے گٹّے میں باندھ کر کھونٹے وغیرہ میں باندھ دیتے ہیں-

المُرَسَّغ-مِنَ الاٰراءِ: کمزور و نادرست رائے-

رَسَفَ (ن ض) رَسْفًا و رَسِیْفًا و رَسَفَانًا-پاؤں بندھے ہوئے کی طرح چلنا-

اَرْسَفَ-الدَّابَّۃَ: بندھے ہوئے پاؤں والے جانور کو ہانکنا-

اِرْتَسَفَ-الشَیْئُ: بلند ہونا-

رَسِلَ (س) رَسَلًا و رَسَالَۃً-الشَعْرُ: بالوں کا سیاہ لٹکا ہوا ہونا ــــ البَعِیْرُ: اونٹ کا نرم چال والا ہونا-

رَسَّلَ-فِی القِرأَۃِ: خوش آوازی سے پڑھنا-آہستہ آہستہ ورسَتی کے ساتھ پڑھنا ــــ الفُصْلَانَ: اونٹ کے بچّوں کو دودھ پلانا-

رَاسَلَہٗ-فِیْ وعَلٰی وبِالاَمْرِ: خط و کتابت کرنا-رَاسَلَہُ الغِنَاء: گانے میں مقابلہ کرنا-

اَرْسَلَہٗ-بھیجنا-چھوڑنا-اَرْسَلَ القَوْلَ: بلا قید بولنا ــــ فلَانًا عَلَیْہِ: مسلط کرنا-اَرْسَلَ بِہٖ اِلَیْہِ: پیغام کے ساتھ بھیجنا ــــ قولہ مثلاً: اپنے قول کو ضرب المثل بنانا-

تَرَسَّلَ-نرمی کرنا-آہستگی کرنا-رسول ہونے کا دعوی کرنا ــــ فی الرکُوبِ: اپنی ٹانگوں پر کپڑے ڈال کر جانور کی پیٹھ پر پھیلانا ــــ فی القعُوْدِ: اِردگرد اور ٹانگوں پر کپڑے ڈال کر چار زانو بیٹھنا-

تَرَاسَلَ-القَوْمُ: باہم خط و کتابت کرنا-

اِسْتَرْسَلَ-الشعرُ: بالوں کا سیدھا ہونا-لٹکنا ــــ الشَیْئُ: نرم ہونا ــــ اِلَیْہِ: بے تکلفی برتنا ــــ فی الکَلَامِ: گفتگو میں وسعت کرنا-

الرَّسْل-مِنَ السَیْرِ: نرم چال ــــ مِنَ الشَعرِ: لٹکے ہوئے بال ــــ مِنَ الاِبِل: نرم چال والا اونٹ-

الرِسْل-نرمی-آسودگی-دودھ-گھوڑے کے بازو کا کنارہ-ج رِسَال-الرِسَال: اونٹ کی ٹانگیں (الرِسْل والرِسْلَة) آہستگی' نرمی-کہا جاتا ہے "عَلٰی رِسْلكَ یَا رجُلَ" یعنی اے شخص آہستہ و باوقار رہ-الرِسْلَة: جماعت-کہا جاتا ہے "جَاءُوا رِسْلَةً" یعنی وہ گروہ گروہ آئے-

الرَّسَل-مہ-جماعت-گروہ-ریوڑ-ج اَرْسَال-

الرَّسْلَة-کاہل اور اسی سے ہے "رَجُلٌ فِیْہِ رَسْلَة نَاقَةٌ رَسْلَةٌ": نرم چال والی اونٹنی-کہا جاتا ہے "هُمْ فِیْ رَسْلَةٍ مِنَ العَیْشِ" وہ لوگ.

نرمی و آسودگی میں ہیں۔ الرَّسْلَۃ :وہ عورت جس کی پنڈلیوں پر بہت اور لمبے لمبے بال ہوں۔

الرِّسَالَۃ و الرَّسَالَۃ۔ پیغام۔ پیغامبری خط۔ ج رَسَائِل و رَسَالَات۔

الرَّسُوْل۔ بھیجا ہوا۔ پیغام بر۔ پیغامبری۔ تیر اندازی وغیرہ میں جو تمہارا موافق ہو۔ ج رُسْل و رُسُل و اَرْسُل و رُسَلاء۔ الرُّسُل :چھوٹی بچی جو ابھی اوڑھنی نہ ڈالتی ہو۔

الرَّسِیْل۔ بھیجا ہوا۔ پیغام بر۔ پیغامبری۔ پیغام بھیجنے والا۔ تیر اندازی وغیرہ میں جو تمہارا موافق ہو۔ گھوڑ دوڑ میں دوڑنے والا گھوڑا۔ کشادہ۔ سانڈ۔ میٹھا پانی۔ ج اَرْسُل و رُسُل و رُسَلاء۔

الرُّسَیْلَۃ۔ الرِّسْلَۃ کی تصغیر۔ کہا جاتا ہے "اَلْقٰی الْکَلَامَ عَلٰی رُسَیْلَاتِہٖ" یعنی اس نے بے التفاتی کی۔

الْمُرْسَلَۃ۔ لمبا ہار جو سینہ تک واقع ہو۔ ج مُرْسَلَات۔ الْمُرْسَلَات : ہوائیں یا فرشتے یا گھوڑے۔

الْمِرْسَال۔ چھوٹا تیر۔ پیغامبر۔ نَاقَۃٌ مِرْسَالٌ : نرم رفتار اونٹنی۔ ج مَرَاسِیْل۔

الرَّنْدُ- ایک قسم کی خوشبودار جنگلی گھاس جو آس کے مشابہ ہوتی ہے- کھجور کی پتیوں سے بنی ہوئی چھوٹی گون-

الرُّنْزُ- چاول-

رَنَعَ (ف) رُنُوْعًا- دبلا و لاغر ہونا- لَوْنُهُ: رنگ کا متغیر ہونا ـــــ الدَّابَّةُ: جانور کا سر ہلا کر مکھی اڑانا ـــــ الرَّجُلُ: کھیلنا-

رَنَّعَ- رَاْسَهُ: حرکت دینا-

الْمَرْنَعَةُ- کھیل کود کی آواز- وسعت باغ- ارزانی و فراخ سالی- کہا جاتا ہے "اِنَّ فِی الْمَرْنَعَةِ لِکُلِّ قَوْمٍ مَقْنَعَةً" ارزانی اور فراخی سال میں ہر قوم کے لیے آسودگی ہے-

اَرْنَفَ- الرَّجُلُ: تیز چلنا ـــــ الْبَعِیْرُ: اونٹ کا سر ہلاتے ہوئے چلنا ـــــ النَّاقَةُ بِاُذُنَیْهَا: اونٹنی کا تھکن کی وجہ سے کان ڈھیلا کرنا-

الرَّانِفُ- مِنْ کُلِّ شَیْئٍ: ہر ایک چیز کا کنارہ-

الرَّانِفَةُ- ناک کا کنارہ- کان کی نرم ہڈی کا کنارہ- چوتڑ کا وہ حصہ جو بیٹھنے میں زمین سے لگے ـــــ مِنَ الْکُمِّ: آستین کا کنارہ- ج رَوَانِفُ اور کہا جاتا ہے "عَلَوْا رَوَانِفَ الْاَکَامِ" وہ ٹیلوں کی چوٹیوں پر چڑھ گئے-

رَنِقَ (ن) رَنْقًا و رُنُوْقًا و رَنِقَ (س) رَنَقًا- الْمَاءُ: پانی کا گدلا ہونا- صفت (رَنْقٌ و رَنِقٌ و رَنَقٌ)

رَنَّقَ- الْمَاءَ: پانی کا گدلا کرنا- پانی صاف کرنا- ـــــ الْقَوْمُ بِالْمَکَانِ: اقامت کرنا- ٹھہرنا- ـــــ الطَّائِرُ: پرندہ کا بغیر اڑنے کے پر پھڑپھڑانا- ـــــ النَّوْمُ فِیْ عَیْنَیْهِ: آنکھوں میں نیند بھر آنا-

____ جَنَاحُ الطَّائِرِ: بازو ٹوٹنے سے پرندہ کا گرنا ____ عَيْنَاهُ: بھوک وغیرہ سے نگاہ کا پست ہونا ____ جِسْمُهُ او رَانَهُ: کمزور ہونا ____ السَّفِينَةُ: کشتی کا اپنی جگہ پر گھومنا ____ الرَّجُلُ: حیران ہونا ____ المَنِيَّةُ مِنْهُ: موت قریب ہونا اور کہا جاتا ہے "رَنِّقْ وَلَا تَعْجَلْ" یعنی ٹھہرو انتظار کرو جلدی مت کرو ____ النَّظَرَ اِلَيْهِ: دیر تک دیکھنا۔

اَرْنَقَ- المَاءَ: پانی گدلا کرنا ____ اللِّوَاءَ: حملہ کرنے کے لیے جھنڈا ہلانا ____ اللِّوَاءُ: جھنڈے کا ہلنا۔

تَرَنَّقَ- المَاءُ: پانی کا گدلا ہونا۔

الرَّنَقُ- مص- جھوٹ۔

الرُّنْقَاءُ- مِنَ الطَّيْرِ: انڈے سینے والا پرندہ۔ عوام اس کو فرقہ کہتے ہیں۔ اَرْضٌ رُنْقَاءُ: بنجر زمین۔ ج رُنْقَاوَات۔

الرَّنْقَةُ- کیچڑ ملا ہوا پانی۔ حوض کا بقیہ گدلا پانی۔ ج رَيَانِق (یہ رنائق کا مقلوب ہے)

الرَّوْنَقُ- چمک دمک۔ خوبصورتی۔

التَّرْنُوق والتُّرْنُوق والتُّرْنُوقَاء- نہروں کا کیچڑ۔ سیلاب کے بہنے کی جگہ جبکہ پانی خشک ہو چکا ہو۔

رَنِمَ (س) رَنِيْمًا و رَنَمًا و تَرَنَّمَ- خوش آوازی سے گانا۔

الرَّنَم و الرَّنَمَة- ایک قسم کی نباتات۔

الرُّنَّم- گانے والی عورتیں۔ خوش الحانی سے گانے والیاں۔ ہوشیار لونڈیاں۔ اور کہا جاتا ہے "عُوْدٌ رُنَّمٌ" بجنے والا بربط۔

رَنَا (ن) رُنُوًّا و رَنًا۔ اِلَيْهِ و لَهُ: ٹکٹکی باندھ کر دیکھنا ____ الرَّجُلُ: مشغولی قلب کے ساتھ طرب اور کھیل کود میں ہونا (____ و ترانی) عَنْهُ: غفلت برتنا۔

رَنَّى تَرْنِيَةً- گانا ____ اِلَيْهِ: مشتاق ہونا۔

(____ و اَرْنَى) الحُسْنُ فُلَانًا: تعجب میں ڈالنا اور دیکھنے پر برانگیختہ کرنا۔ اَرْنَاهُ اِلَى الطَّاعَةِ: کسی کو طاعت پر متوجہ کرنا اور اس کا طاعت پر مداومت کرنا۔

رَانَاهُ- سلوک کرنا۔ مقابلہ کرنا جیسے "لَهُ شَرَفٌ يُرَانِي الكَوَاكِبَ" یعنی اسے ایسی شرافت حاصل ہے جو لوگوں کی نظر کو اپنی طرف متوجہ کرنے میں ستاروں سے مقابلہ کرتی ہے۔

تَرَنَّى- محبوب کی طرف لگاتار دیکھنا۔

الرَّنَا- مص- وہ چیز جس کی طرف خوبصورت ہونے کی وجہ سے دیر تک دیکھیں۔

الرَّنَاءُ- خوبصورتی۔

الرَّنَاءُ- اچھی آواز۔ طرب۔

الرَّنَّاءُ و الرَّنُوُّ- دل پسند و خوبصورت چیز کی طرف دیر تک دیکھنے والا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ رَنُوُّ الأَمَانِي" وہ بہت سی آرزوؤں کی توقع کرتا ہے۔

رَهِبَ (س) رَهْبَةً و رُهْبًا و رَهَبًا و رُهْبَانًا و رَهَبَانًا- خوف کرنا۔ کہا جاتا ہے "لَمْ اَرْهَبْ بِكَ"

رَهَّبَ- الجَمَلُ: اٹھنے لگنا پھر کمزوری کی وجہ سے بیٹھ جانا۔ رَهَبَتِ النَّاقَةُ: سفر کی وجہ سے تھکنا۔ صفت مذکر و مؤنث (رَهْبٌ) ج رِهَاب۔

اَرْهَبَ- تھکے ہوئے اونٹ پر سوار ہونا۔ آستین لمبی کرنا۔ کہا جاتا ہے "اَرْهَبَ عَنْهُ النَّاسَ بَاْسُهُ وَنَجْدَتُهُ" یعنی اس کے دبدبہ اور دلیری نے لوگوں کو ڈرنے پر برانگیختہ کیا۔

تَرَهَّبَ- راہب بننا ____ ہ: دھمکی دینا۔

اِسْتَرْهَبَهُ- خوف دلانا۔

الرَّهْبُ- نیزہ کا باریک پھل۔ مِنَ الاِبِلِ: سفر کی وجہ سے تھکا ہوا اونٹ یا اونٹنی۔ ج رِهَاب۔

الرُّهْبُ- آستین۔

الرَّهْبَةُ و الرُّهْبَى و الرَّهْبَى و الرَّهْبَاءُ- ڈر، خوف۔

الرَّهْبَانِيَّةُ و الرُّهْبَانِيَّةُ- دنیا اور لذائذ دنیا سے بے تعلقی۔

الرَّاهِبُ- فا- شیر۔ گرجاؤں کا گوشہ نشین۔ ج رُهْبَان۔ مؤنث رَاهِبَة ج رَاهِبَات و رَوَاهِب۔

الرَّاهِبَةُ- ڈراونی حالت۔

الرَّهَبَانُ- بہت زیادہ خوف کرنے والا۔ ج رَهَابِيْن و رَاهِبَة و رَهَابِنَة و رَهْبَانُوْن۔ مؤنث رَهْبَانَة ج رَهْبَانَات۔

الرُّهْبَانُ- راہب۔ ج رَهَابِيْن مؤنث رُهْبَانَة ج رُهْبَانَات۔

الرَّهَبُوْت و الرَّهَبُوْتَى- بہت ڈر۔ شدید خوف۔

الرَّهْبَنَة- راہبوں کا طریقہ اختیار کرنا۔

المَرَاهِب- خوفناکیاں۔

الرَّهِيْب و المَرْهُوْب- خوفناک۔ شیر۔

رَهْبَلَ- غیر مفہوم کلام کرنا۔

تَرَهْبَلَ- تیز چال چلنا۔

الرَّهْبَل- مبہم کلام۔ غیر مفہوم کلام۔

الرَّهْبَلَة- تیز چال۔

اَرْهَجَ- غبار۔ اڑانا ____ بَيْنَ القَوْمِ: بعض کو بعض پر بھڑکانا ____ السَّمَاءُ: آسمان کا برسنے لگنا۔

الرَّهْج و الرَّهَج- اڑایا ہوا غبار۔ و الرَّهَج: فتنہ و فساد۔ شور و شغب۔ بغیر پانی کے بادل۔ واحد (رَهَجَة)

الرَّهْوَجَة- ایک قسم کی چال۔

رَهَدَهُ (ف) رَهْدًا- باریک پیسنا۔

رَهِدَ- سخت نادانی و حماقت کرنا۔

رَهَادَةُ- العَيْشِ: زندگی کی آسودگی۔

الرَّهُوْدِيَّة- مہربانی و نرمی۔

الرَّهِيْد- نرم و نازک۔ ارزاں۔

الرَّهِيْدَة- نرم و نازک عورت۔ الرَّهِيْدَة: ایک قسم کا کھانا جو کوٹے ہوئے گیہوں اور دودھ سے تیار ہوتا ہے۔

اَمْرٌ (مَرْهُوْدٌ) غیر محکم کام۔ اور کہا جاتا ہے "تَرَكْتُهُمْ مَرْهُوْدِيْنَ" یعنی میں نے ان کو اس حال میں چھوڑا کہ وہ کسی امر کا عزم نہیں رکھتے تھے۔

الرَّهْدَل- بیوقوف۔ کمزور۔

الرَّهْدَن و الرُّهْدُن و الرِّهْدَن- بزدل۔ بیوقوف۔ چڑیا کی مانند ایک پرندہ کا نام۔ ج رَهَادِن و رَهَادِنَة۔

الرَّهْدُوْن- جھوٹا۔

رَهْرَهَ رَهْرَهَةً- مَائِدَتَهُ: جود و سخاوت سے دسترخوان پھیلانا۔

تَرَهْرَهَ- السَّرَابُ: سراب کا متواتر چمکنا ____ جِسْمُهُ: جسم کا آسودگی کی وجہ سے سفید

ونرم ونازک ہونا۔

الرَّهْرَهَة۔ مہ۔ چہرہ کی بشاشت۔ بشرہ کی چمک دمک۔

جِسْمٌ (رَهْرَهٌ ورَهْرَاهٌ ورَهْرُوْهٌ) سرخ سفید نازک بدن۔ طَسْتٌ رَهْرَهٌ ورَهْرَاهٌ : تھوڑی گہرائی کا طست۔ ومَاءٌ رَهْرَاهٌ ورُهْرُوْهٌ : صاف پانی۔

رَهَزَ (ف) رَهْزًا ورَهَزَانًا۔ المُبَاضِع : جماع کرنے والے کا حرکت کرنا۔

اِرْتَهَزَ۔ لِلْاَمْرِ : خوشی سے جھومنا۔

رَهَسَ (ف) رَهْسًا۔ الشَّيْءَ : سخت روندنا۔ بہت پامال کرنا۔

تَرَهَّسَ۔ الشَّيْءُ : ہلنا۔ اِدھر اُدھر ہونا۔

اِرْتَهَس۔ القَوْمُ : بھیڑ کرنا۔ اِرْتَهَسَتْ رِجْلَا الدَّابة : رگڑ کھانا ____ الوَادِي : بھر جانا ____ الجَرَادُ : تہ بتہ ہونا۔

اِرْتَهَشَ۔ الرَّجُلُ : کانپنا ____ القَوْمُ : قوم کے درمیان لڑائی واقع ہونا ____ القَوْسُ : نرم و سُست ہونا ____ الفَرَسُ : گھوڑے کا ٹکرانا۔

تَرَهَّشَ۔ الرَّجُلُ : کریم و سخی ہونا۔ النَاقَةُ : اونٹنی کا بہت دودھ والی ہونا۔

الرَّهَش۔ جانوروں کا اگلی ٹانگوں کا آپس میں رگڑ کھانا۔

الرَّهِيْش۔ مِنَ التُّرَابِ : گرتی ہوئی مٹی جو نہ رکے۔ کمزور۔ باریک۔ کم گوشت والا۔ باریک پیکان۔ پتلا تیر۔ نَاقَة رَهِيْشَة : بہت دودھ والی اونٹنی۔

الرَّاهِشَان۔ بازوؤں کے باطن کی دو رگیں۔

الرُّهْشَة۔ کرم۔ حیا۔

الرَّوَاهِش۔ ہتھیلی کے ظاہر کی رگیں۔ جانور کے بازوؤں کے اندر کی رگیں۔ واحد (رَاہِش ورَاہِشَة)

رَهَصَ (ف) رَهْصًا۔ الشَّيْءَ : سخت نچوڑنا ____ الصَّيْدَ : شکار کو سُست کر دینا ____ ہ : ملامت کرنا۔ جلدی کرانا ____ الحَائِط : دیوار کا پہلا ردہ رکھنا ____ الفَرسَ : کھر کو زخمی کرنا۔

رَهِصَ (س) ورُهِصَ رَهَصًا۔ الفَرسُ : گھوڑے کا زخمی کھر والا ہونا۔

اَرْهَص۔ الحَائِط : دیوار کا پہلا ردہ رکھنا ____ الشَّيْءَ : بنیاد رکھنا۔ ثابت کرنا ____ ہ : بھلائی کا منبع بنانا ____ الفَرَسَ : گھوڑے کے کھر کو زخمی کرنا۔

رَاهَصَ۔ غَرِيْمَه : قرض دار کی نگرانی کرنا۔

تَرَاهَصَت۔ الصُّخُوْرُ : چٹانوں کا آپس میں جمنا۔

الرِهْص۔ مِنَ الحَائِط : دیوار کا پہلا ردہ۔ مٹی جس سے دیوار بنائی جائے۔

الرَّهَّاص۔ مٹی گارہ بنانے والا۔

الرَّهْصَة۔ گھوڑے کے سم کا زخم۔

الرَّهِيْص۔ مِنَ الخَيْل : سم کے زخم والا۔

خُفٌّ رَهِيْصٌ : اونٹ کا کھر جس کو پتھر لگ گیا ہو۔

اَسَدٌ رَهِيْصٌ : شیر جو اپنی جگہ سے نہ ٹلتا ہو۔

الرَّوَاهِص۔ مِنَ الحَجَارَةِ : سم کو زخمی کرنے والا پتھر۔ مضبوط جمی ہوئی چٹانیں۔ واحد (رَاهِصَةٌ)

المَرْهَصَة۔ مرتبہ۔ درجہ۔ ج مَرَاهِص۔

رَهَطَ۔ (ف) رَهْطًا۔ اللُّقْمَةَ : بڑا لقمہ لینا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ يَرْهِطُ" وہ بہت کھاتا ہے۔

رَهَّطَ۔ بہت کھانا ____ اللُّقْمَة : بڑا لقمہ لینا ____ الرَّجُلُ : سواری کی پیٹھ پر جم کے بیٹھنا۔ گھر سے نہ نکلنا۔

اِرْتَهَطَ۔ القَوْمُ : اکٹھا ہونا۔

الرَّهْط والرَّهَط۔ آدمی کی قوم اور قبیلہ تین سے دس تک کا گروہ جس میں کوئی عورت نہ ہو اور اس لفظ کا واحد نہیں۔ ج اَرْهُط واَرْهَاط وجج اَرَاهِيْط واَرَاهِط اور جب رہط کی جانب عدد کی اضافت ہوتی ہے تو اِس سے مُراد اشخاص و افراد ہوتے ہیں جیسے "عِشْرُوْن رَهْطًا" یعنی بیس شخص۔ اور کہا جاتا ہے "نَحْنُ ذُوْرَهْطٍ" ہم اکٹھے ہیں۔ الرَّهْط : دشمن۔

الرِهَاط۔ گھر کا سامان۔

الرُّهَطَة والرُّهَطَاء والرَّاهِطَاء۔ مِنْ جُحْرَةِ اليَرْبُوع : جنگلی چوہے کا وہ سوراخ جس سے وہ مٹی باہر نکالتا ہے۔ ج رُهَاطِي۔

الترهُوْط۔ بہت کھانے والا۔

رَهَفَ (ف) رَهْفًا۔ السَّيْفَ : تلوار کو باریک کرنا۔

رَهُفَ (ک) رَهَافَةً ورَهَفًا۔ باریک و پتلا ہونا۔ صفت (رَهِيْف)

اَرْهَفَ۔ السَّيْفَ : تلوار کی دھار پتلی کرنا۔

اَرْهَفَ بِالْكَلَام : فی البدیہہ کہنا۔

الرَّهِيْف۔ پتلا۔ پتلی کی ہوئی دھار والی چیز۔

المُرْهَف۔ مف۔ سَيْفٌ مُرْهَف : تیز پتلی دھار کی ہوئی تلوار۔ فَرَسٌ مُرْهَفٌ : دبلے پیٹ اور قریب قریب پسلیوں والا گھوڑا۔ خَصْرٌ مُرْهَفٌ : پتلی کمر ____ مُرْهَفُ الجِسْمِ : دُبلا پتلا۔

رَجُلٌ (مَرْهُوْف) البَدَن : پتلے جسم والا مرد۔

رَهِقَ (س) رَهَقًا۔ بیوقوف ہونا۔ صفت (رَهِق) ہلکا ہونا۔ ظلم کرنا۔ بُرائیوں کا مرتکب ہونا۔ جھوٹ بولنا۔ جلدی کرنا ____ السَّفَرُ : قریب ہونا۔ وقت آنا۔ کہا جاتا ہے "رَهِقَتِ الكِلَابُ الصَّيْدَ" یعنی کتے شکار پر جا پہنچے۔

رَهَّقَهُ۔ برائی کی تہمت لگانا۔

رَاهَقَ۔ الغُلَامُ : جوانی کے قریب پہنچنا۔ صفت (مُرَاهِق) کہا جاتا ہے "صَلَّى الصَّلٰوةَ مُرَاهِقًا" اس نے وقت ختم ہونے کے قریب نماز پڑھی۔

اَرْهَقَهُ۔ ظُلْمًا : مبتلائے ظلم کرنا ____ ہ اِثْمًا : گناہ پر برانگیختہ کرنا ____ ہ عُسْرًا : تکلیف دینا۔

____ ہ : پالینا۔ فوق الطاقة کام پر اُکسانا۔

____ الصَّلٰوة : آخر وقت تک مؤخر کرنا۔

زَيْدًا اَنْ يُصَلِّي : نماز پڑھنے کی جلدی کرانا۔ کہا جاتا ہے "لَاتُرْهِقْنِي لَا اَرْهَقَكَ اللّٰهُ" تو میرے اوپر سختی نہ ڈال اللہ تیرے اوپر سختی نہیں ڈالے گا۔

الرَّهَق۔ مہ۔ گناہ و تہمت۔ سبکی عقل۔ جہالت۔ فوق الطَاقَة کام پر برانگیختہ کرنا۔

الرَّهَقَى۔ ایک قسم کی دوڑ۔ کہا جاتا ہے "هُوَ يَعْدُو الرَّهَقَى"

الرِهَاق والرُّهَاق۔ مقدار۔ تقریباً۔ کہا جاتا ہے "كَانُوا رِهَاقَ مِائَةٍ" وہ لوگ سو کے قریب تھے۔

الرَّهِيق۔ شراب۔

الرَّيْهُقَان۔ زعفران۔

المُرْهَق۔ قتل کرنے کے لیے گرفتار۔ تنگی میں

ڈالا ہوا۔

المُرْهَق۔ مفع۔ خفیف العقل و جاہل۔ بدی و شرارت سے متہم۔فیاض۔

رَهَكَ (ف) رَهْكًا۔ الشیئَ: باریک پیسنا۔ صفت مفعولی (رَهِيكٌ و مَرْهُوكٌ)
بالمَكَانِ: اقامت کرنا۔

اِرْتَهَكَ۔ چلنے میں سست ہونا۔

الرَّهْكُ۔ مہ۔ نیک کام۔

الرَّهْكَةُ۔ کمزوری۔

الرَّهْكَةُ والرُّهَكَةُ۔ مِنَ الرِجَالِ اَوِالإبِلِ: کمزور و ناتواں۔

رَهِلَ (س) رَهَلًا۔ ڈھیلے اور پھولے ہوئے گوشت والا ہونا۔ صفت (رَهِلٌ) کہا جاتا ہے "فُلَانٌ فِيهِ رَهَلٌ" فلاں میں آماس کے ساتھ ڈھیلا پن ہے۔

رَهَّلَهُ و اَرْهَلَهُ۔ النومُ: نیند کا سست و ڈھیلا کرنا۔

تَرَهَّلَ۔ ڈھیلا ہونا۔

الرِهْلُ۔ شبنم کے مشابہ پتلا پتلا بادل۔

المُتَرَهِّلُ۔ عِنْدَ الأَطِبَّاء: ڈھیلے بدن والا۔

اَرْهَمَتِ۔ السَّمَاءُ: نرم بارش برسانا۔

الرِهْمَةُ۔ نرم لگاتار بارش۔ ج رِهَم و رِهَام۔

الرِّهَامُ والرَّهُوم۔ دبلی بکری۔

الرُّهَامُ۔ غیر شکاری پرندہ۔ بڑی تعداد۔

الاَرْهَمُ۔ زیادہ فراخی وارزانی والا۔

المَرْهَمُ۔ مرہم۔ ج مَرَاهِم

مَكَانٌ (مَرْهُومٌ) وہ جگہ جہاں ہلکی بارش ہوئی ہو۔

الرَّهْمَجُ۔ کشادہ۔

رَهْمَسَ رَهْمَسَةً۔ باہم راز کی باتیں کرنا۔ لَهُ: برائی کی تعریض کرنا۔

رَهَنَ (ف) رَهْنًا۔ الشیئَ فُلَانًا و عِنْدَ فُلَانٍ: گرو رکھنا۔ الشیئُ: ہمیشہ رہنا اور اسی سے ہے "نِعْمَةُ اللّٰهِ رَاهِنَةٌ" اللہ کی نعمت ہمیشہ رہنے والی ہے ــــ الشیئَ: ہمیشہ رکھنا۔ بالمَكَانِ: اقامت کرنا (رُهُونًا) دبلا ہونا۔ صفت (رَاهِن)

رَاهَنَه رِهَانًا و مُرَاهَنَةً۔ عَلَى الخَيْلِ: دوڑانے کیلئے شرط لگانا ــــ عَلَى كَذَا: شرط ٹھہرانا۔

اَرْهَنَهُ۔ الشیئَ: کسی کے پاس گرو رکھنا۔ اَرْهَنَ فُلَانًا: کمزور کرنا۔ پیشگی دینا۔ فِي السِلْعَةِ: گراں کرنا ــــ لِضَيفِهِ الطَعَامَ والشَرَابَ: مہمان کے لیے ہمیشہ کھانا پانی تیار رکھنا۔ اَرْهَنَ المَيِّتَ القَبْرَ: میت کو قبر میں رکھنا۔

تَرَاهَنَ۔ القَوْمُ: آپس میں شرط لگانا۔

اِرْتَهَنَ۔ الشیئَ مِنْهُ: گروی لینا ــــ بالاَمْرِ: کسی معاملہ میں مقید ہونا۔

اِسْتَرْهَنَهُ۔ الشیئَ: گروی طلب کرنا۔

الرَّاهِنُ۔ فا۔ تیار۔ ہمیشہ رہنے والا۔ محکم و مضبوط۔ کہا جاتا ہے "هٰذِهِ حُجَّةٌ رَاهِنَةٌ" یہ مضبوط دلیل ہے۔ ہمیشہ رہنے والی خوراک وغیرہ۔ لاغر۔ دُبلا۔

الرَّاهِنَةُ۔ گھوڑے کی ناف اور اس کا ارد گرد۔

الرَّهْنُ۔ مہ۔ گروی۔ کسی چیز کا روکنا۔ گروی رکھی ہوئی چیز۔ ج رِهَان و رُهُون و رَهِينٌ و رُهُن۔ کہا جاتا ہے "اِنِّي لَكَ رَهْنٌ بِكَذَا" میں تمہارے لیے اس کا ضامن ہوں۔

هٰذَا (رَهْنٌ) مَالٍ: یہ مال کے برابر ہے۔ شَيْئٌ مَرْهُونَةٌ کے لیے بولتے ہیں کہ وہ مال جو لیا جا رہا ہے اس کے یہ برابر ہے۔

الرِهَانُ۔ مہ۔ خَيْلُ الرِهَانِ: شرط لگانے کے گھوڑے اور "هُمَا كَفَرَسَيِ رِهَانٍ": وہ ہم رتبہ چیز کے بارے میں بطور مثال کے بولتے ہیں۔

الرَّهِينُ۔ گروی رکھا ہوا۔ کسی چیز کے بدلے میں روکی ہوئی چیز۔ کہا جاتا ہے "اَنَا رَهِينٌ بِاَعْمَالِي" میں اپنے کاموں میں پھنسا ہوا ہوں۔

الرَّهِينَةُ۔ گروی رکھی ہوئی چیز۔ کہا جاتا ہے "اَنَا رَهِينَةٌ بِكَذَا" میں اس میں پھنسا ہوا ہوں یا میں اس کا ضامن ہوں۔ و "كُلُّ نَفْسٍ بِمَا كَسَبَتْ رَهِينَةٌ" ہر ایک نفس اپنے کمائے ہوئے کے ساتھ گروی ہے۔ و "الخَلْقُ رَهَائِنُ المَوْتِ" مخلوق موت کے ساتھ محبوس ہے۔

المُرْتَهَنُ۔ مفع۔ ہر وہ چیز جو کسی چیز کے بدلے میں روکی جائے۔ المُرْتَهَنُ بِالاَمْرِ: کام میں پھنسا ہوا۔ کہا جاتا ہے "كُلُّ اِمْرِءٍ بِالمَوْتِ مُرْتَهَنٌ" یعنی ہر انسان موت کے ساتھ مقید ہے۔

الاُمُورُ (مَرْهُونَةٌ) بِاَوْقَاتِهَا: کام اپنے وقت پر واقع ہوتے ہیں۔

الرَّهْنَامِجُ والرَّهْنَامَجُ۔ ملاحوں کے لیے بحری راستہ کا نقشہ (راہنامہ کا معرب)

رَهَا (ن) رَهْوًا۔ نرمی کرنا۔ نرم چال چلنا۔ کہا جاتا ہے "جَاءَتِ الخَيْلُ رَهْوًا" گھوڑے نرم چال سے آئے۔ و "اُرْهُ عَلَى نَفْسِكَ" اپنے اوپر نرمی کرو ــــ البَحْرُ: دریا کا ساکن ہونا ــــ بَيْنَ رِجْلَيْهِ: کھولنا ــــ الطَائِرُ: پرندہ کا بازو پھیلانا۔

رَاهَى مُرَاهَاةً۔ الرَّجُلَ: قریب ہونا۔ اکٹھا ہونا۔ باہم حماقت کرنا۔

اَرْهَى اِرْهَاءً۔ کشادہ جگہ پانا۔ رہو پرندہ کے کھانے پر مداومت کرنا ــــ لَهُمُ الطَعَامَ: ہمیشہ تیار رکھنا ــــ عَلَى نَفْسِهِ: نرمی کرنا۔ کہا جاتا ہے "اَرْهِ عَلَى نَفْسِكَ" اپنے اوپر نرمی کرو و "اَرْهَى لَكَ الشَيْئُ" تمہارے لیے یہ چیز ممکن ہے و "اَرْهَيْتُهُ لَكَ" میں نے تم کو اس پر قدرت دی۔

تَرَاهَى۔ القَوْمُ: باہم نرمی برتنا۔

اِرْتَهَى۔ القَوْمُ: باہم مختلط ہونا۔ رہیہ تیار کرنا۔ (دیکھئے لفظ رَهِيَةٌ)

الرَّهْوُ۔ سارس یا اس کے مشابہ ایک پرندہ ج رِهَاءٌ (والرَّهْوَةُ) لوگوں کی جماعت۔ بلند یا پست جگہ۔ بِئْرٌ رَهْوٌ: چوڑے منہ کا کنواں۔

ثَوْبٌ رَهْوٌ: باریک کپڑا۔ غَارَةٌ رَهْوٌ: لگاتار لوٹ۔ اور کہا جاتا ہے "النَاسُ رَهْوٌ مَا بَيْنَ المَدِينَةِ والجَبَلِ" لوگ شہر اور پہاڑ کے درمیان لگاتار آ رہے ہیں۔

الرَّهَاءُ۔ مِنَ الاَمَاكِنِ: کشادہ جگہ۔
مِنْ كُلِّ شَيْئٍ: ہر چیز کا ہموار حصہ۔

الرَّاهِي۔ مِنَ العَيْشِ: آسودہ زندگی۔

الرَّاهِيَةُ۔ الرَّاهِي کا مؤنث۔ شہید کی مکھی۔

الرَّهِيَّةُ۔ ایک قسم کا کھانا جو خوشہ کو ہاتھوں سے مل کر کوٹا جاتا ہے اور دودھ ڈال کر تیار کیا جاتا ہے۔

الرَّهْوَانُ۔ پست زمین۔ ترکی گھوڑے کو بھی رَهْوَان کہتے ہیں جبکہ چلنے میں نرم پیٹھ کا ہو

(معرب)
الْاَرْهَاء۔ اطراف وجوانب۔
الْمُرْهِي۔ مِنَ الْخَيْلِ : تیز رفتار گھوڑا جو دیکھنے میں تیز نہ ہو اور مقابلہ کے وقت ہانپنے نہ لگے۔ ج الْمَرَاهِي۔
رَهْوَكَ۔ الرَّجُلُ : چلنے میں ڈھیلے جوڑوں والا ہونا ـــــ الْقَوْمُ : مضطرب ہونا۔
الرَّهْوَكُ۔ موٹا بکری کا بچہ یا ہرن) شابّ۔
رَهْوَكٌ۔ نازک بدن جوان۔
رَهْيًا۔ کمزور اور سست ہونا۔ فاسد الرائے ہونا۔ محنت یا بڑھاپے کی وجہ سے کسی کی آنکھوں کا اندر گھس جانا ـــــ السَّحَابُ : برسنے کے لیے تیار ہونا۔
تَرَهْيَأَ۔ مضطرب ہو کر حرکت کرنا ـــــ فِي اَمْرِهِ : کام میں کاہلی کرنا، کبھی ارادہ کرنا کبھی چھوڑنا ـــــ السَّحَابُ : برسنے کے لیے تیار ہونا۔
رَوَّأَ تَرْوِيئًا و تَرْوِئَةً۔ فِي الْاَمْرِ : کام کے انجام میں غور و فکر کرنا۔
الرَّوِيئَةُ و الرَّوِيَّةُ۔ غور و فکر۔
الْاِرْتِيَاءُ۔ سوچ بچار غور و فکر کرنا۔
الرَّاءُ۔ حروف تہجی کا ایک حرف۔ سمندر کا جھاگ۔ ایک درخت کا نام۔ واحد (رَاءَةٌ)
رَابَ (ن) رَوْبًا و رُؤُوْبًا۔ اللَّبَنُ : جمنا۔ صفت (رَائِبٌ) کہا جاتا ہے "رَابَ دَمُهُ" اس کی ہلاکت کا وقت قریب آ گیا ـــــ الرَّجُلُ : متحیر ہونا۔ جھوٹ بولنا۔ عقل میں فتور ہونا۔ سست ہونا۔ نیند، بھوک یا اونگھ کی وجہ سے متوالا جیسا ہونا۔
رَوَّبَتِ۔ الدَّابَّةُ : جانور کا تھکنا۔
رَوَّبَ و اَرَابَ۔ اللَّبَنَ : دہی جمانا۔
الرَّائِبُ۔ فا۔ جما ہوا دودھ، دہی۔
الرَّائِبُ مِنَ الْاُمُوْرِ : صاف معاملات جن میں کوئی شبہ نہ ہو۔ نیز مشتبہ امور (ضد)
الرَّابُ۔ اندازہ کہا جاتا ہے "هٰذَا رَابُ كَذَا" یہ اس کے مقدار کا ہے۔
الرَّوْبُ۔ جما ہوا دودھ۔ مکھن نکلا ہوا دودھ، دہی۔ کہا جاتا ہے "مَا عِنْدَهُ شَوْبٌ وَلَا رَوْبٌ" اس کے پاس نہ تو شہد ہے نہ جما ہوا دودھ اور

حدیث میں ہے "لَا شَوْبَ وَلَا رَوْبَ فِي الْبَيْعِ وَ الشِّرَاءِ" خرید و فروخت میں دھوکا، فریب اور اور گڑبڑ نہیں ہونی چاہیے۔
الرُّوْبَةُ و الرَّوْبَةُ۔ جاون (یعنی چھاچھ جو دہی جمانے کے لیے دودھ میں ڈالا جائے، دودھ کا بقیہ۔)
الرُّوْبَةُ۔ حاجت اور اسی سے ہے "فُلَانٌ لَا يَقُوْمُ بِرُوْبَةِ اَهْلِهِ" فلاں اپنے لوگوں کی حاجت کیلئے مستعد نہیں۔ مدار زندگانی۔ محتاجی۔ حیرانی۔ زیادہ پینے سے کسل مندی۔ الرُّوْبَةُ مِنَ اللَّحْمِ : گوشت کا ٹکڑا ـــــ مِنَ اللَّيْلِ : رات کا ایک حصہ۔
الرَّجُلُ : مرد کی عقل۔ تم کہتے ہو "هُوَ يحدثني وَ اَنَا اِذْ ذَاكَ غُلَامٌ لَيْسَتْ لَهُ رُوْبَةٌ" وہ مجھ سے بات کر رہا تھا اور میں اس وقت ایسا لڑکا تھا جس کے لیے عقل نہ ہو۔
الْاَرْوَبُ۔ حیران۔ سست۔ اونگھ یا شکم سیری کی وجہ سے کسل مند۔
الرَّوْبٰى۔ وہ لوگ جو چلنے کی وجہ سے سست ہو گئے ہوں۔ قَوْمٌ رَوْبٰى : سست طبیعت کے لوگ، وہ لوگ جنہوں نے دہی پیا ہو اور سست ہو گئے ہوں۔ واحد (رَائِبٌ و رَوْبَانُ)
الْمِرْوَبُ۔ دودھ جمانے کا برتن۔
سِقَاءٌ (مُرَوَّبٌ) مشکیزہ جس میں دودھ جمایا گیا ہو۔
رَاثَ (ن) رَوْثًا۔ الْفَرَسُ : لید کرنا۔
الرَّوْثُ۔ لید۔ ج اَرْوَاثٌ۔
الرَّوْثَةُ۔ روث کا واحد۔ ناک کے سرے کا کنارہ۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ يَضْرِبُ بِلِسَانِهِ رَوْثَةَ اَنْفِهِ" فلاں اپنی ناک کے کنارے تک زبان کو لے جاتا ہے۔ کنایہ ہے زبان دراز ہونے سے۔ چونچ۔
الْمَرَاثُ و الْمَرُوْثُ۔ لید کا مخرج۔
رَاجَ (ن) رَوْجًا و رَوَاجًا۔ الْاَمْرُ : جلدی ہونا ـــــ السِّلْعَةُ : رائج ہونا ـــــ الدَّرَاهِمُ : رواج پکڑنا ـــــ الطَّعَامُ : کھانا تیار ہونا۔ کہا جاتا ہے "اَحْضِرْ لَنَا مَا رَاجَ" جو کچھ میسر ہو اس کو ہمارے لئے حاضر کرو۔ رَاجَتِ الرِّيْحُ : ہوا کا نامعلوم سمت سے چلنا۔

رَوَّجَ۔ الشَّيْءَ وَ بِهِ : جلدی کرنا ـــــ السِّلْعَةَ وَالدَّرَاهِمَ : رائج کرنا ـــــ فُلَانٌ كَلَامَهُ : مزین و مبہم کرنا۔
تَرَوَّجَ۔ حوض کے گرد اگرد گھومنا۔ صفت (رَوَّاجٌ)
الرَّوْجَةُ۔ جلدی۔
رَاحَ (ن) رَوَاحًا۔ شام کے وقت آنا یا جانا یا کام کرنا اور بغیر وقت کی تخصیص کے مطلقاً جانے کے معنی میں مستعمل ہے۔
(ـــــ رَوَاحًا و رَوْحًا) الْقَوْمَ و اِلَيْهِمْ و عِنْدَهُمْ : شام کے وقت کسی کے پاس جانا (مطلقاً) جانا۔
(ـــــ رَوْحًا) الْيَوْمُ : تیز ہوا والا ہونا۔
رَاحَ يَرِيْحُ رِيْحًا۔ الشَّيْءَ : بو محسوس کرنا۔
رَاحَ يَرَاحُ رِيْحًا۔ الْيَوْمُ : تیز ہوا والا ہونا ـــــ الْبَيْتُ : ہوادار ہونا۔ کہا جاتا ہے "اِفْتَحِ الْبَابَ حَتّٰى يَرَاحَ الْبَيْتُ" دروازہ کھولو تاکہ گھر ہوادار رہے ـــــ الرِّيْحَ الشَّيْءُ : ہوا لگنا۔ الْقَوْمُ الرِّيْحَ : ہوا میں داخل ہونا۔
رَاحَ يَرَاحُ رَاحَةً۔ لِلْمَعْرُوْفِ : بھلائی کو خوشی سے کرنے کے لیے جلدی کرنا۔
يَدُهُ لِلْاَمْرِ : سبک ہونا ـــــ الشَّجَرُ : نئے پتے نکالنا ـــــ الشَّيْءَ : بو محسوس کرنا۔ کہا جاتا ہے "رَاحَ مِنْكَ مَعْرُوْفًا" اس نے تم سے بھلائی حاصل کی۔
رَاحَ يَرَاحُ رَوَاحًا و رَاحًا و رَاحَةً و رِيَاحَةً و رُؤُوْحًا و اَرْيَحِيَّةً۔ لِلْاَمْرِ : کسی کام کیلئے خوشی کے ساتھ متوجہ ہونا۔
رَاحَتْ تَرَاحُ رَائِحَةً۔ الْاِبِلُ : اونٹوں کا شام کے وقت واپس آنا۔ رِيْح ہوا لگنا۔ صفت مَرُوْحٌ مَرِيْحٌ۔
رَوِحَ يَرْوَحُ رَوَاحًا۔ کشادہ ہونا۔
رَوَّحَ۔ الْقَوْمَ : قوم کے پاس شام کے وقت جانا ـــــ الرَّجُلَ : آرام دینا۔
الْاِبِلَ : شام کے وقت باڑہ میں اونٹوں کو واپس لانا ـــــ بِالْجَمَاعَةِ : تراویح کی نماز پڑھانا ـــــ قَلْبَهُ : کسی کے دل کو بیدار کر دینا۔
ـــــ الدُّهْنَ : تیل کو خوشبودار بنانا۔

عَلَيْهِ بِالْمَروحَةِ: پنکھا جھلنا۔

اَرَاحَ اِرَاحَةً۔ القَوْمُ: ہوا میں داخل ہونا ___ ہ: آرام پہنچانا ___ عَلٰی فُلَانٍ حَقَّه: واپس کرنا ___ الاِبِلَ: باڑہ کی طرف اونٹوں کو واپس لانا ___ المَعْرُوْفَ: بھلائی حاصل کرنا، پانا ___ الشَیَٔ: بُو محسوس کرنا ___ المَاءُ او اللَحْمُ: پانی یا گوشت کا بدبودار ہونا۔

الرَجُلُ: سانس لینا۔ شام کے وقت میں داخل ہونا۔ مرنا۔ کہا جاتا ہے "اَرَاحَ فَاَرَاحَ" اس نے مرکر آرام پہنچایا۔

اَرْوَحَ۔ المَاءُ: پانی کا بدبودار ہونا ___ الشَیَٔ: بُو محسوس کرنا ___ عَلَيْهِ حَقَّه: واپس کرنا۔

رَاوَحَ۔ بَيْنَ العَمَلَيْنِ: باری باری مشغول ہونا ___ بَيْنَ رِجْلَيْهِ: باری باری ایک ایک ٹانگ پر کھڑا ہونا۔

تَرَوَّحَ۔ شام کے وقت چلنا یا عمل کرنا۔ ___ القَوْمَ: قوم کے پاس شام کے وقت جانا ___ الشَجَرُ: نئے پتے نکالنا ___ النَبت: نباتات کا طویل ہونا ___ المَاءُ: پانی کا بودار ہونا ___ بِالمِرْوَحَة: پنکھا ہلانا۔ الشَیُٔ: بھڑک دار خوشبو والی ہونا۔

تَرَاوَحَ۔ الرَجُلَانِ الاَمْرَ: باری باری کرنا۔ اور اسی سے یہ قول ہے "اِنَّ يَدَيْهِ تَتَرَاوَحَانِ بِالمَعْرُوْفِ" اس کے دونوں ہاتھ باری باری بھلائی کو کرتے ہیں۔

اِرْتَاحَ۔ خوش ہونا ___ اَللّٰهُ لَهٗ بِرَحْمَتِهٖ: مصیبت سے چھڑانا۔ کہا جاتا ہے "هُمَا يَرتَوِحَانِ عَمَلاً" وہ دونوں نوبت بنوبت کرتے ہیں۔

اِسْتَرَاحَ اِسْتِرَاحَةً۔ آرام پانا۔ اِلَيْهِ: سکون پانا۔

اِسْتَرْوَحَ اِسْتِرْوَاحًا۔ آرام پانا۔ الشَیَٔ: سونگھنا ___ الغُصْنُ: ٹہنی کا ہوا سے ہلنا ___ الصَيْدُ: شکار کا انسان کی بُو محسوس کرنا ___ الشَجَرَ: سرسبز کرنا۔

الرَاح۔ مع۔ شراب۔ خوشی۔ نشاط۔ يَوْمٌ رَاحٌ: سخت ہوا کا دن۔

الرَاحَة۔ مع۔ آرام۔ الرَاح کا واحد۔ یعنی ہتھیلی۔ صحن۔ کف دست۔ کہا جاتا ہے "تَرَكْتُهٗ عَلٰی اَنْقٰی مِنَ الرَاحَة" میں نے اس کو ایسی حالت میں چھوڑا کہ اس کے پاس کچھ نہیں تھا۔ کپڑے کی تہ۔ کہا جاتا ہے "اِطْوِ الثَوْبَ عَلٰی رَاحَتِه" کپڑے کو اس کی تہ پر لپیٹو۔ ج رَاحَات۔ لَيْلَةٌ رَاحَةٌ: تیز ہوا والی رات۔

الرَوْح۔ آرام۔ نرم ہوا۔ انصاف جو شکایت کرنے والے کو آرام پہنچائے۔ مدد۔ خوشی۔ رحمت و مہربانی۔ يَوْمٌ رَوْحٌ: عمدہ و خوشگوار دن۔ سہانا دن۔

الرَوْحَة۔ راح کا اسم مرۃ۔ ج رَاحَات۔ لَيْلَةٌ رَوْحَةٌ: سہانی رات۔

الرُوْح۔ جان (مذکر و مؤنث) نفس۔ کہا جاتا ہے "هُوَ خَفِيْفُ الرُوْحِ" یعنی وہ لطیف و پاکیزہ ہے۔ وحی۔ حکم خداوندی۔ اَمر الٰہی۔ قرآن۔ پیغامِ خداوندی۔ جبرئیل۔ الرُوْحُ الاَعظَمُ: اللہ تعالیٰ۔ رُوْحُ القُدس: عیسائیوں کے نزدیک اقانیم ثلاثہ کا تیسرا اقنوم: الرُوْحُ الاَمِيْن: حضرت جبرئیل علیہ السلام نسبت کیلئے (رُوْحانی) ج اَرْوَاح اور متقدمین حکماء کے نزدیک معدنیات کی ایک قسم۔ جیسے پارہ پر اطلاق ہوتا ہے۔ نیز دواؤں کے ست و جواہر پر بولا جاتا ہے۔ الاَرْوَاحُ الخَبِيْثَة: شیاطین۔

الرَوَح۔ دونوں ٹانگوں کے درمیان کشادگی وسعت۔

الرَوَاح۔ مع۔ شام یا زوال آفتاب سے رات تک۔ اس کے مقابلہ میں صباح ہے۔ کہا جاتا ہے "خَرَجوا بِرَوَاحٍ مِنَ العَشِيِّ" وہ شام کی ابتدا میں نکلے۔ و "اَفْعَلُ ذَالِكَ فِیْ سَرَاحٍ وَرَوَاحٍ" میں صبح شام اس کو کرتا ہوں (والرَوِيْحَة والرَوَاحَة والرَاحَة) خوشی جو یقین حاصل ہونے سے پیدا ہو۔

الرِيْح۔ ہوا (مؤنث) ج اَرْيَاح و اَرْوَاح ورِيَاح ورِيَح و جج اَرَاوِيْح واَرَايِيح۔ بُو۔ اچھی چیز۔ رحمت۔ مدد۔ غلبہ و قوت اور ہوائیں چار ہیں۔ الجُنُوْب: دکھنی۔ الشِمَال: اُتری۔ الصَباء: پُروائی۔ الدَبُوْر: پچھوائی۔

الرِيْحَة۔ ہوا۔ بُو۔

الرَيْحَان۔ ہر ایک خوشبودار پودہ۔ معیشت و روزی۔ فرزند۔ ج رَيَاحِيْن۔

الرَيْحَانَة۔ گلدستہ۔

الرَيِّح۔ مِنَ الاَيَّامِ: تیز یا اچھی ہوا والا دن۔

الرَائِحَة۔ رائح کا مؤنث۔ بُو۔ ج رَائِحات وروَائِح۔ الرَوَائِح: شام کے وقت کی بارش یا بادل۔ کہا جاتا ہے "مَالَهٗ سَارِحَةٌ ولَا رَائِحَةٌ" یعنی اس کے پاس مویشی میں سے کچھ نہیں۔

الاَرْوَح۔ ٹانگوں کے درمیان کشادگی والا۔ مؤنث رَوْحَاء ج رُوْح (___ والاَرْيَحُ) کشادہ۔

الاَرْيَحِيّ۔ کشادہ اخلاق والا۔

الاَرْيَحِيَّة۔ وہ خصلت جو انسان کو افعال حمیدہ اور فیاضی کرنے سے مسرور کرتی ہے۔

التَرَاوِيْح۔ ترویحہ کی جمع۔ جس کے معنی مطلقاً بیٹھنے کے ہیں۔ پھر اس بیٹھنے پر اطلاق ہونے لگا جو رمضان کی راتوں میں چار رکعت پڑھ لینے کے بعد آرام حاصل کرنے کے لیے بیٹھتے ہیں۔ پھر ہر چار رکعت ہی کو ترویحہ کہنے لگے اور تراویح کا اطلاق پوری بیس رکعت نماز پر بھی ہوتا ہے جن کو رمضان میں پڑھتے ہیں۔ المَرَاح۔ روانہ ہونے یا واپس آنے کی جگہ۔

المُرَاح۔ اونٹ یا گائے یا بکری کا باڑہ۔

المَرْوَح والمَرِيْح۔ ہر وہ چیز جس کو ہوا لگے۔ يَوْمٌ مَرْوَح: اچھی ہوا والا دن۔

المِرْوَح والمِرْوَحَة۔ پنکھا۔ ج مَرَاوِح۔

المَرْوَحَة۔ بیابان۔ ج مَرَاوِح۔

المُرَوَّح۔ مع۔ دُهْنٌ مُرَوَّحٌ: خوشبودار تیل۔

المُسْتَرَاح۔ پاخانہ۔

تَرَوَّغَ۔ فِی الطِيْنِ: کیچڑ میں پڑنا۔

رَادَ يَرُوْدُ رَوْدًا ورِيَادًا۔ الشَیَٔ: طلب کرنا ___ الاَرْضَ: قیام کے لیے چراگاہ و پانی وغیرہ کی دیکھ بھال کرنا ___ قَوْمَهٗ مَرْعًى او مَنْزِلاً: قوم کے لیے چراگاہ یا منزل کی تلاش کرنے کی کوشش کرنا۔

رَادَ يَرُوْدُ رَوَدَانا ورِيَادًا۔ کسی چیز کی تلاش میں گھومنا اور آنا جانا۔ رَادَتِ الاِبِلُ: اونٹوں کا چراگاہ میں آگے پیچھے آنا جانا۔

رَادَتْ رَوْدًا ورَوَدَانًا- المَرْأَةُ : پڑوسیوں کے ہاں اکثر آنا جانا ـــــ الرِیْحُ : ہوا کا نرم چلنا ـــــ المَاشِیَۃَ : مویشیوں کا چرنا۔

رَاوَدَہٗ مُرَاوَدَۃً ورِوَادًا- چاہنا- رَاوَدَہٗ عَنْ و عَلٰی نفسِہٖ : فریب دینا- بُرائی کی ترغیب دینا- پھسلانا ـــــ عَلٰی کَذَا : ارادہ کرنا۔

رَوَّدَہٗ- طلب و جستجو پر اکسانا۔

اَرَادَ اِرَادَۃً- چاہنا- خواہش کرنا- راغب ہونا ـــــ ہٗ عَلَی الاَمْرِ : برانگیختہ کرنا۔

اَرْوَدَ اِرْوَادًا و مَرْوَدًا و مُرْوَدًا و رُوَیْدًا و رُوَیْدَاءَ و رُوَیْدِیَۃً- فِی السَّیْرِ : آہستگی سے چلنا- نرم چلنا۔

اِرْتَادَ اِرْتِیَادًا- الشَّیْئَ : طلب کرنا۔

اِسْتَرَادَ- فرمانبردار ہونا- لِاَمْرِ اللّٰہِ : حکم اللہ کی جانب لوٹ آنا اور جھک جانا۔

الدَّابَّۃُ : جانور کا چرنا ـــــ الرَّجلُ : چل پھر کر روزی طلب کرنا۔

الرَّائِد- فَارَادَۃٌ و رُوَّادٌ و رَائِدُوْن- جاسوس- وہ شخص جس کو لوگوں نے چارہ پانی کی تلاش میں بھیجا ہو- چکی کا دستہ و رَائِدُ العَیْنِ : آنکھ کا تنکا- کہا جاتا ہے "ھُوَ رَائِدُ الوِسَادِ" وہ غم کے لاحق ہونے کی وجہ سے غیر مطمئن ہے۔

الرَّاد- بمعنی الرائد۔

الرِیْد- طلب- تلاش۔

الرَّادَۃ و الرَّائِدَۃ و الرُّوَادَۃ- پڑوسیوں کے گھروں میں بہت پھرنے والی عورت۔

الرَّوْد- مص- رِیْحٌ (رَوْدٌ و رَائِدَۃٌ) نرم چلنے والی ہوا- کہا جاتا ہے "اِمْشِ عَلَی الرَّوْد" یعنی آہستہ چلو۔

رُوَیْد- اَرْوَدَ کا مصدر مصغر ہے- کہا جاتا ہے "رُوَیْدًا" یعنی آہستہ- و "رُوَیْدَكَ زَیْدًا" و "رُوَیْدَ زَیْدٍ" یعنی زید کو مہلت دی- و "سَارُوْا سَیْرًا رُوَیْدًا" و "سَارُوْا رُوَیْدًا" یعنی وہ لوگ نرمی و آہستگی سے چلے۔

الاَرْوَد- کام میں آہستگی کرنے والا- اور کہتے ہیں "الدَّھْرُ اَرْوَدُ ذُوْغِیَر" یعنی زمانہ اپنا کام سکون کے ساتھ کرتا ہے جس کی خبر بھی نہیں ہوتی- و "الدَّھْرُ اَرْوَدُ مُسْتَبِدٌّ" یعنی زمانہ معاملات میں نرم ہے اور غالب ہے۔

المِرْوَد- سرمہ کی سلائی- لگام کے حلقہ کا لوہا- چرخی کا ڈنڈا جس پر چرخی گھومتی ہے- کھونٹی ج مَرَاوِد۔

المَرَاد و المُسْتَرَاد : چراگاہ میں اونٹوں کے آنے جانے کی جگہ- مُسْتَرَادُ الرَّجُلِ : آمد و رفت کی جگہ۔

المَرَاوِیْد- جانوروں کے باندھنے کی جگہ میں آنے جانے والی۔

الرَّوَنْدُ و الرِّوَنْدُ و الرَّاوَنْدُ- ریوند چینی- ایک دوا کا نام۔

رَاذَ (ن) رَوْذَۃً- آنا جانا۔

رَازَ (ن) رَوْزًا- الحَجَرَ : پتھر اٹھا کر وزن کا اندازہ کرنا ـــــ الرَّجُلَ : آزمانا ـــــ الدِّیْنَارَ دینار کا وزن معلوم کرنے کے لیے تولنا۔

الاَرَاضِیْ : زمین کے پاس قیام کرنا اور اسے قابل کاشت بنانا ـــــ مَا عِنْدَہٗ : طلب کرنا- چاہنا- صفت (رَائِز) ج رَازَۃ۔

رَوَّزَ- الکَلَامَ او الرَّایَ : آہستہ آہستہ غور کرنا۔

رَازَاہٗ- آزمائش کرنا۔

الرَّازِی- منسوب بہ شہر رے۔

الرُّوَیْزِیّ- بڑی چادر۔

الرَّاز- معماروں کا سردار- ج رَازَۃ اور اس کی اصل رَائِز ہے- مثل شائکٍ و شائک کے۔

الرِیَازَۃ- معماری۔

المَرَاز و المَرَازَۃ- وزن- مقدار۔

المَرَازَان- دونوں پستان۔

الرُّوْزْنَامَۃ- روزنامچہ- کیلنڈر- جنتری (کلمہ فارسی ہے روز اور نامہ سے مرکب ہے)

رَاسَ یَرُوْسُ رَوْسًا- متکبرانہ چلنا- بہت کھانا ـــــ السَّیْلُ الغُثَاءَ : سیلاب کا کوڑا کرکٹ بہا لے جانا۔

اِسْتَرَاسَ- کھانا طلب کرنا۔

الرَّوْس- مص- مرد- کہا جاتا ہے "اِنَّہٗ رَوْسُ سُوْءٍ" وہ برا آدمی ہے- عیب- بہت کھانا۔

رَوَائِس- الاَوْدِیَۃِ : وادیوں کے بلند حصے- رَوَائِسُ السَّحَابِ : اگلے بادل۔

رَاشَ یَرُوْشُ رَوْشًا- بہت کھانا ـــــ ہٗ المَرَضُ : کمزور کرنا۔

الرَّاش- مِنَ الجِمَالِ او الرِّمَاحِ : کمزور اونٹ یا نیزہ- یہ رَائِش کا مخفف ہے- مؤنث رَاشَۃٌ۔

الرَّوْش- کچی عقل۔

الاَرْوَش- کچی عقل والا- مؤنث رَوْشَاء۔

رَاضَ (ن) رَوْضًا- بیوقوفی کے بعد عقل مند ہونا۔

رَاضَ یَرُوْضُ رَوْضًا و رِیَاضَۃً و رِیَاضًا- المُھْرَ : بچھیرے کو سدھانا- صفت (رَائِض) ج رَاضَۃ و رُوَّاض و رُوَّض و رَائِضُوْن اور صفت مفعولی (مَرُوْضٌ) مؤنث مَرُوْضَۃٌ۔

رَوَّضَ- المُھْرَ : بچھیرے کو خوب سدھانا ـــــ الرَّجُلُ : باغوں میں رہنا ـــــ المَطَرُ الاَرْضَ : باغ کی مانند بنا دینا۔

رَاوَضَہٗ- عَلَی الاَمْرِ : کسی کو کسی کام پر بہلا پھسلا کر لگا دینا۔

اَرَاضَ اِرَاضَۃً- سیراب ہونا ـــــ القَوْمَ : سیراب کرنا ـــــ المَکَانُ : بکثرت باغات ہونا ـــــ اللّٰہُ الاَرْضَ : مرغزار بنانا- باغات بنانا ـــــ الحَوْضُ : حوض کی تہ کا پانی سے ڈھکنا۔

اَرْوَضَ- المَکَانُ : بکثرت سرسبزی و باغات والی ہونا ـــــ الاَرْضُ مِنَ المَطَرِ : زمین کا بارش سے تر ہونا۔

تَرَاوَضَ- القَوْمُ فِی الاَمْرِ : کسی معاملہ میں باہم مناظرہ کرنا ـــــ فِی البَیْعِ و الشِّرَاءِ : آپس میں خرید و فروخت میں جھگڑنا۔

اِرْتَاضَ- المُھْرُ : بچھیرے کا سدھ جانا- کہا جاتا ہے "اِرْتَاضَتِ القَوَافِیْ الصَّعْبَۃُ لِلشَّاعِرِ" یعنی شاعر کی مشکل قوافی کی آمد ہوئی۔

اِسْتَرَاضَ اِسْتِرَاضَۃً- المَکَانُ : جگہ کی سطح کا پانی سے ڈھکنا- کشادہ ہونا- النَّفْسُ : خوش ہونا ـــــ المَکَانُ : بکثرت باغات والی ہونا۔

الرَّوْض- مص- باغ- وہ زمین جو مختلف قسم کے نباتات سے سرسبز ہو۔

الرَّوْضَۃ- باغ- ج رَوْض و رِیَاض و رَوْضَات و رِیْضَان- رَوْضَاتُ الجَنَّاتِ :

باغوں کے بہترین ٹکڑے۔ الرَّوْضَةُ: حوض کا بقیہ پانی۔ کہا جاتا ہے "فِي الحَوْضِ رَوْضَةٌ مِنَ المَاءِ" حوض میں تھوڑا پانی ہے جس نے زمین کو چھپالیا ہے۔

الرَّيْضَةُ۔ الرَّوْضَة میں ایک لغت۔

الرِّيَاضَةُ۔ مص۔ جسمانی ورزش۔ بُری حالت کو اچھی حالت سے بدلنا۔ اخلاقِ نفسانی کی تہذیب۔ عبادت اور حقائق ایمانی میں غور و فکر کرنا۔

العِلْمُ الرِّيَاضِي و عِلْمُ الرِّيَاضِيَّات۔ علمِ حساب۔ الجبرا و جیومیٹری وغیرہ علوم۔

الرَّيِّضُ۔ وہ جانور جس کو سدھایا جانا شروع کیا گیا ہو۔ مذکر و مؤنث اس میں برابر ہیں۔ "أَمْرٌ رَيِّضٌ": غیر محکم کام۔

الرَّيِّضَةُ۔ باغ۔

المَرَاضُ۔ نرم نشیبی زمین میں سخت جگہ جو پانی کو روک لے۔ ج مَرَايِض و مَرَاضَات۔

أَرْضٌ (مُسْتَرْوِضَةٌ) عمدہ نباتات اُگانے والی زمین۔ نَبَاتٌ مُسْتَرْوِضٌ: نباتات جو بڑھنے اور لمبے ہونے میں انتہا کو پہنچ گئی ہو۔

رَاطَ يَرُوطُ و يَرِيطُ رَوْطًا و رَيْطًا۔ بِالمَكَانِ: پناہ ڈھونڈنے والے کی مانند ہونا۔

رَاعَ يَرُوعُ رَوْعًا و رُوُوعًا۔ مِنْهُ: گھبرانا۔ صفت (رَائِع و رَوِعٌ)۔ ___ فِي يَدِي كَذَا: فائدہ دینا۔ رَاعَهُ الأَمْرُ: گھبرادینا۔ تعجب میں ڈالنا۔

رَاعَ يَرُوعُ و يَرِيعُ رُوَاعًا۔ لوٹنا۔ واپس ہونا۔

رِيعَ۔ فُلَانٌ: گھبرانا۔ ڈرنا۔

أَرَاعَهُ و رَوَّعَهُ۔ گھبرا دینا۔ ڈرانا۔ تعجب میں ڈالنا۔

رَوِعَ (س) رَوَعًا۔ أَرْوَع ہونا۔ (دیکھئے لفظ أَرْوَع)

أَرْوَعَ إِرْوَاعًا۔ الرَّاعِي الغَنَمَ: چرواہے کا بکریوں کو ڈانٹنا۔

اِرْتَاعَ و تَرَوَّعَ۔ مِنْهُ وَلَهُ: ڈرنا۔ اِرْتَاعَ لِلْخَبَرِ: خبر کی وجہ سے خوش ہونا۔

الرَّوْعُ۔ مص۔ خوف۔ ڈر۔ لڑائی۔

الرَّوْعَةُ۔ ڈر۔ حسن و جمال کا حصہ۔

الرُّوعُ۔ دل کا سیاہ نقطہ اور بقول بعض دل میں ڈر کی جگہ۔ ذہن۔ عقل۔ کہا جاتا ہے "أَفْرِخْ رُوْعَكَ" اپنے دل کو مطمئن رکھو۔

الرَّوَعُ۔ أَرْوَع کا اسم (دیکھئے لفظ أَرْوَع)

الأَرْوَعُ۔ حسن یا بہادری وغیرہ سے تعجب میں ڈالنے والا۔ ہوشیار۔ ذکی۔ ج رُوْع و أَرَاوِع۔ مؤنث رَوْعَاء۔ قَلْبٌ أَرْوَعُ: جلدی گھبرا جانے والا دل۔

فُلَانٌ (رُوَاعُ) القَلْبِ: ہوشیار۔ ذکی۔

الرَّائِعُ۔ فا۔ حسن یا بہادری وغیرہ سے تعجب میں ڈالنے والا۔ ج رَائِعُون و رُوَّع مؤنث۔ رَائِعَةٌ۔ ج رَوَائِع و رُوَّعٌ۔ كَلَامٌ رَائِعٌ: خوشگوار کلام۔

رَائِعَةُ۔ الشَّيْبِ: بڑھاپے کی ابتداء میں رَائِعَةُ النَّهَارِ او الضُّحَى: دن یا چاشت کے وقت کا بڑا حصہ۔

المُرَوَّعُ۔ خوفزدہ۔ درست الہام پانے والا۔

رَاغَ (ن) رَوْغًا و رَوَغَانًا۔ الصَّيْدُ: شکار کا اِدھر اُدھر جانا ___ الرَّجُلُ عَنِ الطَّرِيقِ: مکرو فریب سے راستہ سے کترا کترا کر چلنا۔ ___ اِلَى كَذَا: چپکے سے کسی جانب مائل ہو جانا۔ ___ عَلَيْهِ بِالضَّرْبِ: مارنے کیلئے ٹوٹ پڑنا۔

رَوَّغَ۔ اللُّقْمَةَ فِي الدَّسَمِ: لقمہ کو اچھی طرح چکنائی میں اُلٹ پلٹ کر تر کرنا۔

رَاوَغَه مُرَاوَغَة۔ کشتی لڑنا۔ فریب دینا۔ رَاوَغَه عَلَى الأَمْرِ: پھسلانا، ورغلانا۔

رَاوَغَ القَوْمُ: مکر و فریب سے ایک دوسرے کو طلب کرنا۔

أَرَاغَهُ إِرَاغَةً و اِرْتَاغَهُ اِرْتِيَاغًا۔ مکرو فریب سے طلب کرنا۔ کہا جاتا ہے "مَا زِلْتُ أُرِيغُ حَاجَةً لِي" میں ہمیشہ اپنی حاجت کو طلب کرتا رہا اور کہا جاتا ہے "اِرْتَاغَ العُقَابُ الصَّيْدَ" عقاب شکار کا پیچھا کرنے میں اِدھر اُدھر جاتا رہا۔ أَرَاغَه عَلَى أَمْرٍ وَعَنْ أَمْرٍ: پھسلا بہلا کر طلب کرنا ___ أَرَاغَ الرَّجُلَ: دھوکا دینا۔

تَرَوَّغَ۔ الحِمَارُ: گدھے کا خاک میں لوٹنا۔

تَرَاوَغَا۔ ایک دوسرے کو فریب دینا۔ باہم کشتی کرنا۔

الرَّائِغُ۔ فا۔ طَرِيقٌ رَائِغٌ: کج راستہ۔

الرَّوَاغُ و الرُّوَيْغَةُ۔ مکر و حیلہ۔

الرَّوَّاغُ۔ بہت فریب و مکر کرنے والا۔ لومڑی۔ کہا جاتا ہے "هُوَ ثَعْلَبٌ رَوَّاغٌ" و "هُمْ ثَعَالِبُ رَوَّاغَةٌ" وہ یا وہ لوگ فریب دینے والی لومڑی کی مانند ہیں۔

الرِّيَاغُ۔ سرسبزی۔

الرِّيَاغَةُ و الرِّوَاغَةُ۔ کشتی کا اکھاڑہ۔

رَافَ يَرَافُ۔ رَأَفَ يَرْأَفُ میں ایک لغت ہے۔

الرَّوْفُ۔ سکون، اطمینان۔

الرَّوْفَةُ۔ رحمت۔

رَاقَ يَرُوقُ رَوْقًا۔ الشَّرَابُ: صاف ہونا ___ عَلَيْهِ: فضیلت و خوبی میں بڑھ جانا۔

رَاقَهُ رَوْقًا و رَوَقَانًا۔ الشَّيْءُ: تعجب میں ڈالنا۔ پسند آنا۔ خوش کرنا۔

رَوِقَ يَرْوَقُ رَوَقًا۔ اوپر کے دو لمبے دانتوں والا ہونا۔ صفت (أَرْوَق) مؤنث رَوْقَاء ج رُوقٌ۔

رَوَّقَ۔ الشَّرَابَ: صاف کرنا۔ رَوَّقَ بِضَاعَتَهُ: سامان بیچ کر عمدہ سامان خریدنا (رَوَّقَ و أَرْوَقَ إِرْوَاقًا) اللَّيْلُ: تاریکی پھیلانا۔

رُوِّقَ۔ البَيْتَ: سائبان بنایا جانا۔

رَاوَقَهُ مُرَاوَقَةً۔ کسی کے برآمدہ کے مقابل برآمدہ بنانا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ مُرَاوِقِي" اس کا برآمدہ میرے برآمدہ کے مقابل ہے۔

أَرَاقَ إِرَاقَةً۔ المَاءَ: بہانا ___ دَمَهُ: خون گرانا۔ کنایہ قتل کرنے سے۔

الرَّائِقُ۔ فا۔ ج رَوْق و رُوَقَة۔

الرَّوْقُ۔ مص۔ سینگ ___ مِنَ البَيْتِ: سائبان، برآمدہ ___ مِنَ الشَّبَابِ: جوانی کی رونق و ابتداء ___ مِنَ الخَيْلِ: خوبصورت گھوڑا ___ مِنَ اللَّيْلِ: رات کا ایک حصہ۔ مِنَ المَاءِ و نَحْوِهِ: صاف۔ رَوْقُ الفَرَسِ: تیزہ جو گھوڑے کے کانوں کے درمیان میں رکھا ہوا ہو۔ اس صورت میں گھوڑے کو "أَرْوَق" کہتے ہیں۔ الرَّوْقُ: خالص محبت۔ چیز کی زیادتی۔ بارش۔ عمر۔ پردہ۔ بڑا خیمہ۔ جماعت۔ کہا جاتا ہے "دَاهِيَةٌ ذَاتُ رَوْقَيْنِ" یعنی بڑی مصیبت و "رَمَى بِأَرْوَاقِهِ عَلَى الدَّابَّةِ" یعنی وہ سوار ہوا و "أَلْقَى بِأَرْوَاقِهِ عَنِ الدَّابَّةِ" یعنی وہ دابہ سے اُتر پڑا۔ و "أَلْقَى أَرْوَاقَه" یعنی وہ تیز دوڑا۔ نیز بمعنی

اطمینان کے ساتھ اقامت کی۔ و "ضَرَبَ رَوْقَهٗ بِمَنْزِلِ کَذَا" وہ فلاں منزل پر اُترا اور اُس نے خیمہ لگایا۔ و "اَلْقٰی عَلَیْكَ اَرْوَاقَهٗ وشَرَاشِرَهٗ" اس موقع پر بولتے ہیں جب یہ کہنا ہو کہ تم فلاں سے بہت زیادہ محبت کرتے ہو۔ و "اَلْقَتِ السَّحَابَةُ اَرْوَاقَهَا" بادل نے اپنا دہانہ کھول دیا۔

الرُّوَاق والرِّوَاق۔ برآمدہ۔ سائبان۔ چھت سے لے کر نیچے تک کا پردہ۔ ج اَرْوِقَة ورِوَاقَات ورُوْق۔ رِوَاقُ العَیْنِ: ابرو۔ رِوَاقُ اللَّیْلِ: رات کا ابتدائی حصہ۔

الرَّاوُوْق۔ چھننا۔ برتن جس میں شراب صاف کی جائے۔ پیالہ۔

رَیِّق۔ الشَّبَاب: جوانی کی رونق و ابتداء اور کہا جاتا ہے "کُنْتُ فِیْ رَیِّقِ زَمَانِیْ" میں اپنے زمانہ کی ابتداء میں تھا۔ و رَیِّقُ کُلِّ شَیْئٍ: ہر چیز کا افضل حصہ۔

الرَّوَق۔ اوپر کے دو دانتوں کا لمبا ہونا (اور یہ عیب ہے)

الرُّوْقَة۔ بہترین حسن و جمال۔

الرُّوْقَة۔ رَائِق کی جمع۔ بہتر لوگ۔ کہا جاتا ہے "غِلْمَانٌ رُوْقَةٌ" خوبصورت لڑکے اور یہی مذکر، مؤنث، واحد اور جمع کے لیے مستعمل ہے۔ کہا جاتا ہے "غُلَامٌ رُوْقَةٌ جَارِیَةٌ رُوْقَةٌ و جَوَارٍ رُوْقَةٌ"

الاَرْوَق۔ سینگ والا۔ اوپر کے دو بڑھے ہوئے دانتوں والا۔

المُرَوَّق۔ صاف کیا ہوا۔ نتھارا ہوا۔ بَیْتٌ مُرَوَّق۔ سامنے پردہ لٹکا ہوا مکان۔

الرَّوْكَة والرَّوْكَاء۔ نر الو کی آواز۔

رَوَّلَ۔ الفَرَسُ: گھوڑے کی رال بہنا۔ رَوَّلَ الخُبْزَ: گھی سے روٹی کو اچھی طرح تر کرنا۔

الرُّوَال۔ گھوڑے کی رال۔ ج رَوَاوِیل۔

المِرْوَل۔ بہت رال والا۔

رَامَ (ن) رَوْمًا و مَرَامًا۔ الشَّیْئَ: ارادہ کرنا۔ صفت (رَائِمٌ) ج رُوَّمٌ و رُوَّام۔

رَوَّمَ۔ ٹھہرنا ___ فُلَانًا وَبِهٖ: خواہش دلانا ___ رَایَهٗ: ایک چیز کے بعد ایک چیز کا ارادہ کرنا۔

تَرَوَّمَ۔ بِهٖ: ٹھٹھا کرنا۔

الرَّام۔ ایک درخت کا نام۔

الرَّامَة۔ جوہڑ۔ ایک دیہاتی موضع کا نام۔ اشعار میں اکثر اس کا استعمال تثنیہ سے ہوتا ہے۔

الرَّوْم والرُّوْم۔ کان کی لو۔

الرُّوْم والاَرْوَام۔ بحر متوسط کے شمال کے رہنے والے لوگ۔ واحد (رُوْمِی) نصرانیوں کا ایک گروہ۔

بَحْر الرُّوْم: بحر متوسط جس کو بحرِ ابیض بھی کہتے ہیں۔

رُوْمَة و رُوْمِیَة۔ قدیم اور مشہور شہر کا نام جو اٹلی کا دارالسلطنت ہے۔ نسبت کے لیے رُوْمَانِیّ۔

الرُّوْمِی۔ خالی کشتی کا بادبان۔

الرُّوْمَة۔ سریش جس سے تیر کا پر جوڑا جاتا ہے۔

المَرَام۔ مقصد۔ مطلب۔ ج مَرَامَات۔

رَانَ یَرُوْنُ رَوْنًا۔ الاَمْرُ: سخت ہونا۔ رَانَتِ اللَّیْلَةُ: سخت خوفناک ہونا۔

الرُّوْن۔ سختی۔ ج رُوُوْن۔

رُوْنَةُ۔ الشَّیْئِ: چیز کا بڑا حصہ۔ چیز کی سختی۔ کہا جاتا ہے "کَشَفَ اللّٰهُ عَنْكَ رُوْنَةَ هٰذَا الاَمْرِ" اللہ تعالیٰ تم سے اس معاملہ کی سختی کو دور کریں۔

الاَرْوَنَان۔ سخت۔ دشوار (الاَرْوَنَان و الاَرْوَنَانِیّ) ہر چیز کی سختی (مثلاً سردی، گرمی، خوشی، غمی، شور وغیرہ کی) مؤنث اَرْوَنَانَة و اَرْوَنَانِیَّة۔

مَرْوُوْنٌ۔ بِهٖ۔ مغلوب۔

رَاهَ (ن) رَوْهًا و رُوَاهًا۔ المَاءُ: پانی کا سطح زمین پر لہرانا۔

رَوَیٰ (ض) رِوَایَةً۔ الحَدِیْثَ: نقل کرنا۔ بیان کرنا۔ صفت رَاوٍ۔ ج رُوَاةٌ و رَاوُوْنَ ___ الحَبْلَ: رسی بٹنا ___ الرَّحْلَ: اونٹ پر رسی سے کجاوہ باندھنا ___ القَوْمَ: قوم کے لیے پانی لانا۔

رَوِیَ (س) رِیًّا و رَیًّا و رِوًی۔ مِنَ المَاءِ: سیراب ہونا۔ صفت (رَیَّان) مؤنث رَیَّا۔ ج رِوَاء ___ الشَّجَرُ: سرسبز ہونا۔

رَوّٰی تَرْوِیَةً۔ سفر میں پانی ساتھ لے جانا ___ ہ الشِّعْرَ: شعر کی روایت کرنے پر آمادہ کرنا ___ النَّبَاتَ: نباتات کو پانی دینا۔ رَوّٰی فِی الاَمْرِ: غور و فکر کرنا۔

تَرَوّٰی تَرَوِّیًا۔ سیراب ہونا۔ غور و فکر کرنا ___ الحَدِیْثَ: نقل کرنا۔ بیان کرنا ___ القَوْمُ: سفر میں پانی ساتھ لے جانا۔ تَرَوَّتْ مَفَاصِلُهٗ: جوڑوں کا معتدل و مضبوط ہونا۔

اِرْتَوٰی۔ اِرْتِوَاءً مِنَ المَاءِ۔ سیراب ہونا۔

الحَبْلُ۔ رسی کا بٹ جانا۔ مَفَاصِلُهٗ۔ جوڑوں کا معتدل و مضبوط ہونا۔

الرِّیّ۔ سیرابی۔ ایک درخت کا نام۔ خوش حالی و زیادتی نعمت۔

الرِّوَی۔ سیراب کرنے والا بہت پانی۔

الرَّوٰی۔ سرسبزی (اس کی اصل رَوْیٌ ہے یا کو واو سے بدل دیا گیا ہے۔)

الرَّیَّا۔ عمدہ خوشبو۔ عَیْنٌ (رَیَّةٌ) بہت پانی والا چشمہ۔ اور کہا جاتا ہے "مِنْ اَیْنَ رَیَّتُکُمْ" کہاں سے تم پانی لاتے ہو۔

الرِّیَة۔ رَوِی کا اسم نوع۔ پھیپھڑا۔ رِیَّةُ البَحْرِ: سمندر کے حیوانات میں سے ایک قسم ہے۔

الرِّوَیٰ۔ مِنَ الشُّرْبِ: پوری سیرابی۔ کہا جاتا ہے "شَرِبْتُ شُرْبًا رِوًی" میں نے خوب سیراب ہو کر پیا۔ مَاءٌ رِوًی: اور اور سیراب کرنے والا پانی اور ایسا ہی کہا جاتا ہے "کَاسٌ رَوِیَّةٌ" الرَّوِیّ سخت بارش والا بادل۔ تندرست و صحیح العقل۔ پلانے والا۔ قافیہ کا حرف۔

الرَّوِیَّة۔ الرَّوِیّ کا مؤنث۔ امور میں غور و فکر۔ حاجت۔ قرض وغیرہ کا بقیہ۔

الرَّیَّان۔ سیراب۔ سرسبز ٹہنی وغیرہ۔ مؤنث رَیَّا۔ ج رِوَاء۔ وَجْهٌ رَیَّانٌ: پر گوشت چہرہ۔ اور کہا جاتا ہے "فُلَانٌ رَیَّانٌ مِنَ العِلْمِ وَهُمْ رِوَاءٌ مِنْهُ" فلاں یا وہ لوگ بہت علم والے ہیں۔

الرِّوَاء۔ ج اَرْوِیَة (المِرْوٰی) ج مَرَاوٍ و مَرَاوِیّ: جانور پر بوجھ باندھنے کی رسی۔

الرَّوَاء۔ خوشگوار پانی۔ سیراب کرنے والا۔ بہت پانی۔

الرُّوَاء۔ خوشنمائی۔ چہرہ کی رونق۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ لَهٗ رُوَاءٌ" مرد کہ اس کے چہرہ پر رونق ہے۔

الرَّاوِيَة- حدیث یا اشعار کو نقل کرنے والا تا مبالغہ کے لیے ہے- ج رَوَايَا: جانور جس پر پانی لاد کر لایا جائے- پانی کی پکھال-

الْأُرْوِيَّة و الْإِرْوِيَّة- پہاڑی بکری- مذکر و مؤنث دونوں کے لیے مستعمل ہے- ج أَرَاوِی و أَرَاو أَرْوَى-

يَوْمُ (التَّرْوِيَة) ماہ ذی الحجہ کی آٹھویں تاریخ- اس وجہ سے کہ اس تاریخ میں عرفات میں جانے کے لیے اونٹوں کو پانی پلایا کرتے تھے یا یہ وجہ ہے کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام نے اس تاریخ میں اپنے خواب کے معاملہ میں غور و فکر کیا تھا-

رَابَهٗ يَرِيْبُهٗ رَيْبًا- شک یا تہمت میں ڈالنا- کسی سے کوئی ناپسند بات دیکھنا- کہا جاتا ہے "فُلَانٌ لَا يَرِيْبُهٗ اَحَدٌ بِشَيْءٍ" فلاں کو کوئی کسی چیز سے قلق میں نہیں ڈال سکتا-

أَرَابَهٗ إِرَابَةً- شک میں ڈالنا- قابل شک ہونا- بے قرار کرنا ___ الرَّجُلُ أَوِ الْأَمْرُ: قابل شک ہونا- کہا جاتا ہے "أَرَابَهٗ مِنْهُ أَمْرٌ" یعنی اس نے اس کے ساتھ بدگمانی کی اور تہمت کا یقین نہیں کیا-

تَرَيَّبَ تَرَيُّبًا- مِنْهُ: خوف کرنا، ڈرنا ___ بِهٖ: کسی سے کوئی شک کی چیز دیکھنا-

اِرْتَابَ اِرْتِيَابًا- مِنَ الشَّيْءِ: شک کرنا بِفُلَانٍ: تہمت لگانا-

اِسْتَرَابَ اِسْتِرَابَةً- شک میں پڑنا ___ بِهٖ کسی سے کوئی شک کی چیز دیکھنا-

الرَّيْبُ- تہمت- شک- حاجت-

رَيْبُ الْمَنُوْنِ گردش زمانہ-

الرِّيْبَةُ- شک و تہمت- بے قراری- بے کلی- ج رِيَبٌ-

أَمْرٌ (رَيَّابٌ) ڈرانے والا معاملہ-

رَاثَ يَرِيْثُ رَيْثًا و تَرَيَّثَ- تاخیر کرنا، دیر کرنا- رَيَّثَ- تھکنا- کہا جاتا ہے "رَيَّثَ عَمَّا كَانَ عَلَيْهِ" یعنی جس معاملہ میں وہ تھا اس میں کوتاہی کی ___ الشَّيْءَ: نرم کرنا-

أَرَاثَهٗ إِرَاثَةً- دیر کرانا-

اِسْتَرَاثَهٗ اِسْتِرَاثَةً- دیر کرنے والا پانا- دیر کرنے والا سمجھنا-

الرَّيْثُ- مقدار- مہلت- کہا جاتا ہے "وَقَفَ (رَيْثَمَا) صَلَّيْنَا" جب تک ہم نے نماز پڑھی وہ ٹھہرا رہا- و "مَا قَعَدْتُ عِنْدَهٗ إِلَّا رَيْثَ أَعْقِدُ شِسْعِيْ" میں اس کے پاس تسمہ باندھنے کی مقدار بیٹھا- یہاں لفظ ریث بغیر ما کے اور فعل مضارع بغیر ان کے مستعمل ہے جیسے کہ يُرِيْدُ يَفْعَلَ بجائے يُرِيْدُ أَنْ يَفْعَلَ کے ہے-

الرَّيِّثُ- سست- دیر کرنے والا- رَجُلٌ (مُرَيَّثُ) الْعَيْنَيْنِ: کمزور نظر والا-

رَاخَ يَرِيْخُ رَيْخًا و رَيْخَانًا و رُيُوْخًا- ذلیل ہونا- ڈھیلا ہونا-

رَيَّخَهٗ- کمزور کرنا-

الْمَرِيْخُ- سینگ کے اندر کی نرم چھوٹی ہڈی- ج أَمْرِخَةٌ-

الرَّيْدُ- پہاڑ کا باہر کو نکلا ہوا کنارہ- ج رُيُوْدٌ-

رِيْحٌ (رَيْدَةٌ و رَادَةٌ و رَيْدَانَةٌ) نرم ہوا-

رِيْرَ- الْقَوْمُ: ارزانی و فراخ سالی میں پہنچنا-

رَيَّرَ- الْقَوْمُ: موٹاپا غالب ہونا- رَيَّرَتِ الْبِلَادُ: ارزانی و فراخ سالی والے ہونا- رِيْرَ الْقَوْمُ: ارزانی و فراخ سالی میں پہنچنا-

الرِّيْرُ- رال جو بچہ کے منہ سے نکلے- (الرِّيْرُ و الرَّيْرُ و الرَّارُ) ہڈی کا مغز جو لاغری کی وجہ سے پگھل چکا ہو-

الرَّائِرَةُ- زانو کی ہڈی کا مغز-

رَاسَ يَرِيْسُ رَيْسًا و رَيَسَانًا- متکبرانہ چال چلنا ___ الشَّيْءَ: کسی چیز کی پوری حفاظت کرنا ___ الْقَوْمَ: برتر ہونا، غالب ہونا-

الرَّيِّسُ- سردار قوم-

رَاشَ يَرِيْشُ رَيْشًا- مال و متاع جمع کرنا ___ ہ: کھلانا- پہنانا- مدد کرنا- غنی بنانا ___ ہ مَالًا: دینا ___ مِنْ حَالِهٖ: درست کرنا- کہا جاتا ہے "فُلَانٌ لَا يَرِيْشُ وَلَا يَبْرِيْ" فلاں نہ نقصان پہنچاتا ہے نہ فائدہ- و "لَا تَرِشْ عَلَيَّ" میری گفتگو میں دخل مت دو- (___ و أَرَاشَ وَرَيَّشَ" السَّهْمَ: پر لگانا- رَيَّشَ السُّقْمُ فُلَانًا: کمزور کرنا-

اِرْتَاشَ- السَّهْمَ: تیر میں پر لگانا (___ و تَرَيَّشَ) خوش حال ہونا-

الرِّيْشُ- پرندے کے پر- واحد (رِيْشَةٌ) ج رِيَاشٌ و أَرْيَاشٌ- الرِّيْشُ: لباس فاخرہ- متاع خانہ- مال- سرسبزی- معاش-

الرَّاشُ- پرندے کے پر- ج أَرْيَاشٌ- جَمَلٌ رَاشٌ: کمزور اونٹ- رَجُلٌ رَاشٌ: مالدار مرد- رُمْحٌ رَاشٌ: کمزور نیزہ- طَيْرٌ رَاشٌ: پرندہ جس کے پر نکل آئے ہوں- مؤنث رَاشَةٌ كَلَأٌ (رَيِّشٌ و رَيِّشٌ) بہت پتیوں والی گھاس-

الرَّيِّشُ- کان یا چہرہ پر بکثرت بال-

الرَّيَاشُ- مِنَ النُّوْقِ: کانوں پر بکثرت بال والی اونٹنی-

الرِّيَاشُ- عمدہ لباس و سامان- سرسبزی- معاش- مال-

الرَّيَّاشُ- تیروں پر پر لگانے والا-

الرَّائِشُ- فا- رشوت لینے والے اور رشوت دینے والے کا بچولیا- پردار تیر-

الْأَرْيَشُ- کانوں یا چہرہ پر بہت بال والا- مؤنث رَيْشَاءُ ج رِيْشٌ و رَجُلٌ أَرْيَشُ: مال و لباس والا مرد-

الْمَرِيْشُ و الْمُرَيَّشُ- مِنَ السِّهَامِ: پر لگایا ہوا تیر- و الْبُرْدُ الْمُرَيَّشُ: پروں کے نقش والی چادر- الْمُرَيَّشُ- بہت بالوں والا کم گوشت والا- کمزور پیٹھ والا-

الْمُرَيَّشُ مِنَ الرِّجَالِ: سر میں شاہی اعزاز کا پر لگانے والا-

الرَّيْطَةُ- ایک پاٹ کی چادر- ہر کپڑا جو چادر کی مانند ہو- کفن- ج رَيْطٌ و رِيَاطٌ-

الرَّائِطَةُ- ایک پاٹ کی چادر-

رَاعَ يَرِيْعُ رَيْعًا و رُيُوْعًا و رِيَاعًا و رَيَعَانًا- الشَّيْءُ: نشو و نما پانا- زائد ہونا ___ الزَّرْعُ: کھیتی کا بڑھنا (___ رَيْعًا) السَّرَابُ: سراب کا کبھی ظاہر ہونا کبھی ناپید ہونا ___ مِنْهُ: ڈرنا ___ عَنْهُ و إِلَيْهِ: واپس آنا- کہا جاتا ہے "هَرَبَتِ الْإِبِلُ فَصَاحَ بِهَا الرَّاعِيْ فَرَاعَتْ إِلَيْهِ" اونٹ بھاگ پڑے اور چرواہے نے آواز دی تو سب اس کے پاس واپس آ گئے- و "فُلَانٌ لَا يَرِيْعُ لِكَلَامِكَ" فلاں تیری بات نہیں مانتا-

رَيَّعَ- الْقَوْمُ: جمع ہونا ___ الطَّعَامُ: بڑھنا اور زیادہ ہونا ___ الطَّعَامَ: بڑھانا اور زیادہ

کرنا۔
اَرَاعَ اِرَاعَةً۔ الزرعُ: کھیتی کا بڑھنا ___ اَللّٰهُ الزَّرْعَ: کھیتی کو بڑھانا ___ القومُ: بڑھی ہوئی کھیتی والی ہونا ___ الإبلُ: اونٹوں کا بہت بچوں والے ہونا۔
تَرَیَّعَ۔ ٹھہرنا۔ بے قرار ہونا۔ حیران ہونا ___ الماءُ: بہنا۔ السَّرَابُ: سراب کا کبھی ظاہر ہونا کبھی ناپید ہونا ___ القومُ: اکٹھا ہونا۔
___ یَدَاهُ بِالْجُوْدِ: فیاضی کرنا۔
اِسْتَرَاعَ اِسْتِرَاعَةً۔ حیران ہونا ___ یَدَاهُ بِالْجُوْدِ: فیاضی کرنا۔
الرَّیْعُ۔ مص۔ سراب کی اضطرابی کیفیت۔ خوف ___ مِنْ كُلِّ شَيْءٍ: ہر چیز کا اول و افضل۔ مِنَ الضُّحٰی: چاشت کے وقت کی روشنی و چمک ___ مِنَ الدِّرْعِ: دامن و آستین کی زیادتی۔
الرِّیْعُ: ہر چیز کی زیادتی اور کہا جاتا ہے (لَیْسَ لَهٗ رِیْعٌ) اس کے لیے پیداوار نہیں۔
الرِّیْعُ۔ بلند ٹیلہ۔ بلند جگہ۔ پہاڑ کا کشادہ راستہ۔ وادی کی بلندی سے پانی بہنے کی جگہ۔ عیسائیوں کا گرجا۔ کبوتروں کا برج۔ ج رِیَاعٌ و رُیُوْعٌ و اَرْیَاعٌ۔
الرِّیْعَةُ۔ بلند زمین۔ اکٹھی جماعت۔
الرَّیْعَانُ۔ مِنْ كُلِّ شَيْءٍ: ہر چیز کا اول و افضل
اَرْضٌ (مَرِیْعَةٌ) سرسبزی والی زمین۔
مَطَرٌ (مُرِیْعٌ) سرسبزی لانے والی بارش۔ نَاقَةٌ (رَیْعَانَةٌ و مِرْیَاعٌ) جلدی اور بہت دودھ والی اونٹنی۔
رَاغَ یَرِیْغُ رَیْغًا۔ بھاگنا۔
رَیَّغَ تَرْیِیْغًا۔ الثَّرِیْدَةَ: گھی میں تر ہونا۔
تَرَیَّغَتِ۔ الثَّرِیْدَةُ: گھی میں تر کرنا۔
الرِّیْغُ۔ گرد و غبار۔ مٹی۔
المُرَیَّغُ۔ خاک آلود۔
رَافَ یَرِیْفُ رَیْفًا و اَرْیَفَ اِرْیَافًا و تَرَیَّفَ۔ سبزہ زار زمین میں آنا۔ رَافَتِ الْمَاشِیَةُ: سبزہ چرنا۔
رَایَفَ مُرَایَفَةً۔ لِلظِّنَّةِ: تہمت کے قریب ہونا۔
اَرَافَ اِرَافَةً و اَرْیَفَ اِرْیَافًا۔ المکانُ: سبزہ زار ہونا۔
الرَّافُ۔ شراب۔

الرِّیْفُ۔ سبزہ زار۔ پانی کے قریب کی زمین۔ ج اَرْیَافٌ و رُیُوْفٌ۔ الرِّیْفُ: کھانے پینے میں وسعت۔ مکان (رَیِّفٌ) سرسبز جگہ۔ مؤنث رَیِّفَةٌ
رَاقَ یَرِیْقُ رَیْقًا۔ اَلْمَاءُ عَلٰی وَجْهِ الْاَرْضِ: سطح زمین پر پانی کا بہنا ___ الشَّيْءُ: چمکنا۔
___ السَّرَابُ: سراب کا چمکنا اور نمایاں ہونا۔
(___ رَیْقًا و رُیُوْقًا) بنفسِهٖ: جان دینا۔
رَیَّقَهٗ۔ الشَّرَابَ: نہار منہ پلانا۔
اَرَاقَ اِرَاقَةً۔ الماءَ: گرانا۔
تَرَیَّقَ۔ السَّرَابُ: سراب کا چمکنا اور نمایاں ہونا۔
الرَّیْقُ۔ مص۔ باطل۔ پانی۔ خُبْزٌ رَیْقٌ: بغیر سالن کے خشک روٹی (___ والرَّیِّقُ والرُّیُوْقُ) مِنْ كُلِّ شَيْءٍ: ہر چیز کا اول و افضل۔
الرِّیْقُ۔ ج اَرْیَاقٌ و رِیَاقٌ و (الرِّیْقَةُ) تھوک۔ کہا جاتا ہے "اِنِّيْ عَلَی الرِّیْقِ" میں نہار منہ ہوں و "شَرِبْتُ عَلَی الرِّیْقِ وَ عَلٰی رِیْقِ النَّفْسِ اَوْ رِیْقَةِ النَّفْسِ" میں نے نہار منہ پیا۔ الرِّیْقُ: قوت۔ بقیہ جان۔
الرَّائِقُ۔ فا۔ خالص۔ نہار منہ والا مفلس۔ خُبْزٌ رَائِقٌ: بغیر سالن کے خشک روٹی۔ الماءُ الرَّائِقُ: وہ پانی جو نہار منہ پیا جائے۔
الرَّیِّقُ۔ نہار منہ والا۔
رَالَ یَرِیْلُ رَیْلًا۔ الصَّبِيُّ: بچے کے منہ سے لعاب بہنا۔ رال بہنا۔
الرِّیَالُ۔ رال۔ منہ کا لعاب۔ چاندی کا ایک بڑا سکہ (اس کے معنی کے لحاظ سے دخیل ہے)
رَامَ یَرِیْمُ رَیْمًا۔ حَمْلُ الْبَعِیْرِ: بوجھ کا جھک پڑنا ___ المکانَ و مِنْهُ: دور ہونا۔ علیحدہ ہونا ___ بِالْمَكَانِ: اقامت کرنا ___ عَنْهُ: ہٹ جانا اور کہا جاتا ہے "مَا رَامَ بِفِعْلِ كَذَا" وہ ہمیشہ ایسا کرتا رہا اور یہ کان جیسا عمل کرتا ہے جیسے "اِذَا رُمْتَ مِمَّنْ لَا یَرِیْمُ مُتَیَّمًا" بمعنی لَا یَزَالُ مُتَیَّمًا۔ (___ رَیْمًا و رَیَمَانًا) الجُرْحُ: زخم کا انگور باندھنا۔
رِیْمَ بِهٖ: چھوڑ دیا جانا۔
رَیَّمَ تَرْیِیْمًا۔ بِالْمَكَانِ: اقامت کرنا۔
___ عَلٰی كَذَا: بڑھنا ___ السَّحَابَةُ: بادل کا ہمیشہ گھرا رہنا۔
الرَّیْمُ۔ مص۔ زیادتی۔ تم کہتے ہو "فِيْ هٰذَا العِدْلِ رَیْمٌ عَلَی الاٰخَرِ" اس گٹھری میں دوسری سے زیادتی ہے۔ چھوٹی پہاڑی۔ قبر۔ قبر کا درمیان۔ تاریکی پھیلنے تک دن کا آخری حصہ۔ وقت کا لمبا عرصہ۔ سیڑھی۔ ذبح شدہ جانور کی ہڈی جو تقسیم کے بعد بچ جائے اور قصائی کو دیدی جائے۔ (___ والرِّیْمُ) خالص سفید اونٹنی۔
رَانَ یَرِیْنُ رَیْنًا و رُیُوْنًا۔ الشَّيْءُ فُلَانًا و عَلَیْهِ و بِهٖ: غالب ہونا۔ تم کہتے ہو "رَانَ هَوَاهُ عَلٰی قَلْبِهٖ" اس کی خواہشات اس کے دل پر غالب آگئیں۔ رَانَتْ نَفْسُهٗ: جی متلانا۔ رَانَ الْمَوْتُ عَلَیْهِ و بِهٖ: موت کا آجانا۔
رِیْنَ۔ بِهٖ: لا ینحل مشکل میں پڑنا۔ مرنا۔ غم میں مبتلا ہونا۔
اَرَانَ اِرَانَةً۔ القومُ: ہلاک شدہ مویشی والی ہونا۔ صفت (مُرِیْنُوْنَ)
الرَّانُ۔ موزہ کی طرح جوتا۔
الرَّیْنُ۔ میل کچیل۔
الرَّیْنَةُ۔ شراب۔ ج رَیْنَاتٌ۔
رَجُلٌ (مَرِیْنٌ) عَلَیْهِ: شخص جس کے مال مویشی ہلاک ہوگئے ہوں۔
رَاهَ یَرِیْهُ رَیْهًا۔ الرَّجُلُ: آنا جانا۔ آمد و رفت کرنا۔
رَیَّهَ تَرْیِیْهًا۔ آمد و رفت کرانا۔
تَرَیَّهَ۔ السَّرَابُ: سراب کا کبھی نمایاں کبھی ناپید ہونا۔
اَرْیٰی اِرْیَاءً۔ الرَّایَةَ: جھنڈا گاڑنا۔ جھنڈا نصب کرنا۔
رَیّٰی۔ الرَّایَةَ: جھنڈا بنانا۔
الرَّایَةُ۔ علامت جو پہچان کے لیے لگائی جائے۔ جھنڈا اور اس کی کنیت "اُمُّ الْحَرْبِ" ہے اور یہ لواء سے بڑا ہوتا ہے۔ ج رَایَاتٌ و رَایٌ۔
الرَّیُّ۔ مملکت ایران میں ایک شہر کا نام۔ نسبت کے لیے (الرازی)
الرِّیُّ۔ خوش منظر۔ کہا جاتا ہے "لِفُلَانٍ رِيٌّ حَسَنٌ" فلاں خوش منظر ہے۔ عَیْنٌ (رَیَّةٌ) بہت پانی والا چشمہ۔

زَأَبَ(ف)زَأْبًا- ڈگڈگا کے پینا ___ الدَّهْرُ
بِهٖ : زمانہ کا لُٹنا ___ الْمَاشِيَةَ : مویشی ہانکنا-
بِحَمْلِهٖ :بوجھ کھینچنا ___ وازْدَأَبَ اِزْدِئَابًا
الْقِرْبَةَ:مشک اُٹھاکر تیز دوڑنا-
زَأْبَرَ- الثَّوْبُ :کپڑے کا رواں والا ہونا-
___ الثَّوْبَ :کپڑے سے رواں نکالنا-
الزِئْبِرُ والزُؤْبُرُ والزُؤْبَرُ- کپڑے کا رواں- کہا
جاتا ہے "ذَهَبَتِ الْاَيَّامُ بِنَضَارَتِهٖ وَ نَفَضَتْ
زِئْبِرَهٗ" زمانہ اس کی رونق کو لے گیا اور اس کے
روئیں کو جھاڑ دیا- یعنی اس کا زمانہ پرانا ہو گیا-
زَأْبَقَ- الشَّيْءَ :پارہ کی قلعی کرنا-
الزِئْبَقُ والزِئْبِقُ- پارہ-
زَأَجَ (ف) زَأْجًا- بَيْنَهُمْ : بھڑکانا- اُکسانا-
ایک کو دوسرے پر مسلط کرنا-
زَأَدَهٗ(ف)زَأْدًا وزَأَدًا وزُؤْدًا و زُؤُدًا- گھبرا
دینا-
الزُؤْدُ والزُؤُدُ- گھبراہٹ-
لَيْلَةٌ(مَزْؤُوْدَةٌ)خوف و گھبراہٹ کی رات-
زَأَرَ(ف ض)وزَئِرَ(س)زَئِيْرًا وزَأْرًا وتَزْآرًا
وأَزْأَرَ ازْآرًا وتَزَأَّرَ- الْاَسَدُ :شیر کا چنگھاڑنا-
صفت(زَئِرٌ وزَائِرٌ ومُزْئِرٌ)
الْفَحْلُ :آواز کو گڑگڑانا-
الزَأْرَةُ- زَأَرَ کا اسم مرة- جنگل، جھاڑی- باغ-
مِنَ الْاِبِلِ و الْغَنَمِ :اونٹوں اور بکریوں کا گنجان
ریوڑ-
زَأْزَأَ- سر اور دم اُٹھاکر تیز چلنا ___ ہ :خوف
دلانا ___ الشَّيْءَ :ہلانا، حرکت دینا-
تَزَأْزَأَ- ڈر کر چھپنا- اپنے دونوں پہلوؤں کو
ہلاتے ہوئے چلنا ___ مِنْهُ :ڈر کر خاکساری
کرنا ___ الشَّيْءُ :ہلنا-

زَأَطَ(ف)زَأْطًا- بہت شور مچانا-
زَأَفَهٗ(ف)زَأْفًا- جلدی کرانا-
اَزْأَفَ اِزْآفًا- عَلَيْهِ : ادھ مری کو مار ڈالنا-
اَزْأَفَهٗ بَطْنُهٗ :بوجھل کرنا کہ چل نہ سکے-
الزُؤَافُ- جلدی کرانا- مَوْتٌ زُؤَافٌ :جلدی کی
موت-
زَأَكَ(ف)زَأْكَانًا- ناز سے چلنا-
تَزَاءَكَ تَزَاؤُكًا- مِنْهُ :شرم کرنا-
زَأَمَ(ف)زَأْمًا وزُؤَامًا- جلدی مرنا- خوب ڈٹ
کے کھانا ___ ہ :گھبرا دینا-
___ ہ الْبَرْدُ :کپکپا دینا ___ لِيْ كَلِمَةً :ایسی
بات کہنا جس کا حق یا باطل ہونا معلوم نہ ہو اور کہا
جاتا ہے "مَا زَأَمَ بِحَرْفٍ" یعنی اس نے کچھ نہیں
کہا-
زُئِمَ زَأْمًا وزَئِمَ (س) زَأَمًا و اِزْدَأَمَ- بہت
گھبرانا- زَئِمَ بِفُلَانٍ : چلّانا- آواز دینا-
زَأَمَهٗ تَزْئِيْمًا- گھبراہٹ میں ڈالنا-
اَزْأَمَهٗ- عَلَى الْاَمْرِ : کسی کام پر مجبور کرنا-
الْجُرْحَ : زخم کا اچھے ہونے تک علاج کرنا-
الْمَوْتُ(الزُؤَامُ) مکروہ موت- جلدی کی موت-
الزِئْمُ- آنکھ- حسب- کہا جاتا ہے "طَعَنُوْا فِي
زِئْمِهٖ" لوگوں نے اس کی حسب کے متعلق طعن و
تشنیع کی-
الزَئِمُ- بہت خوفزدہ-
الزَأْمَةُ- حاجت- بہت کھانا پینا- ہوا- سخت آواز-
کلمہ- کہا جاتا ہے "مَا يَعْصِيْهِ زَأْمَةً" وہ اس کے
ایک کلمہ کی بھی مخالفت نہیں کرتا- الزَأْمَةُ مِنَ
الطَّعَامِ کھانے کا ذخیرہ جو کافی ہو-
الزُؤَانُ- ایک قسم کا دانہ جو عموماً گیہوں کے کھیت
میں اُگتا ہے اور گیہوں کے مشابہ مگر اس سے کچھ

چھوٹا ہوتا ہے اور اس کے کھانے سے نیند بہت
آتی ہے- واحد(زُؤَانَةٌ)
زَأَى(ف)زَأْيًا- تکبر کرنا-
اَزْأَى- فُلَانًا بَطْنُهٗ : پیٹ بھر جانے کی وجہ
سے حرکت پر قادر نہ ہونا-
زَبَّ(ض)زَبًّا- چہرے اور کانوں پر بہت بال
ہونا ___ الشَّمْسُ : آفتاب کا ڈوبنے کے
قریب ہونا-
زَبَّ (ن) زَبًّا- الْقِرْبَةَ : مشک بھرنا ___
الْحِمْلَ :بوجھ اُٹھانا-
زَبَّبَتِ- الشَّمْسُ : آفتاب کا ڈوبنے کے
قریب ہونا ___ الْعِنَبَ : انگور خشک کرنا-
الرَّجُلُ : زیادہ بولنے سے جھاگ آنا- کہا جاتا ہے
"تَكَلَّمَ فُلَانٌ حَتّٰى زَبَّبَ فَمُهٗ" فلاں نے گفتگو
کی یہاں تک کہ اس کے منہ سے جھاگ آنے
لگا-
اَزَبَّ اِزْبَابًا- الْعِنَبَ :انگور خشک کرنا ___
الشَّمْسُ :ڈوبنے کے قریب ہونا-
تَزَبَّبَ- الْعِنَبُ :انگور خشک ہونا-
الرَّجُلُ : غصہ سے بھر جانا ___ فِي الْكَلَامِ :
زیادہ بولنے سے جھاگ نکلنا-
زَلَّ زُلُوْلًا۔ الدِّرْهَمُ: کم وزن ہونا۔ صفت (زَالٌّ) ج زَوَالٌّ۔ کہا جاتا ہے "دَرَاهِمُ زَوَالٌّ" کم وزن والے درہم۔
زَلَّ (س) زَلَلًا۔ ہلکے سرین والا ہونا۔ صفت (اَزَلُّ) مؤنث زَلَّاءُ۔ ج زُلٌّ۔
اَزَلَّهُ۔ پھسلانا۔ لغزش کرانا۔ کہا جاتا ہے "اَزَلَّ اِلَيْهِ نِعْمَةً" اس نے اس کے ساتھ بہتر سلوک کیا اور نعمت دی۔ و "اَزَلَّ اِلَيْهِ مِنْ حَقِّهِ شَيْئًا" اس نے اس کو اپنے حق میں سے کچھ دیا۔ "اَزَلَّهُ اِلَى الْقَوْمِ" اس نے اس کو قوم کے سامنے پیش کیا۔
اِسْتَزَلَّهُ۔ پھسلانا۔ لغزش کرانا۔
الزَّلُّ۔ پھسلنے کی جگہ (مذکر و مؤنث) کہا جاتا ہے "مَكَانٌ زَلٌّ وَاَرْضٌ زَلٌّ"۔
الزَّلَلُ۔ مص۔ گناہ کا ارتکاب۔ کہا جاتا ہے "اَسْتَغْفِرُ اللهَ مِنْ زَلَلِيْ" میں اللہ سے اپنے ارتکاب گناہ کی مغفرت طلب کرتا ہوں۔ پھسلنے کی جگہ (مذکر و مؤنث) کہا جاتا ہے "فِيْ مِيْزَانِهِ زَلَلٌ" اس کے ترازو میں نقصان ہے۔
الزَّلَّةُ۔ زَلَّ کا اسم مرۃ۔ ایک مرتبہ گرنا۔ گناہ۔ ولیمہ۔ ولھن۔ خوراک جو دوست یا رشتہ دار کے دسترخوان سے اٹھایا جائے۔ ج زَلَّات۔
الزِّلَّةُ۔ چکیلے پتھر واحد زِلٌّ۔
الزُّلَّةُ۔ احسان۔ دمہ۔
مَاءٌ (زُلَالٌ وزُلُوْلٌ وزَلِيْلٌ وزُلَازِلٌ) صاف میٹھا خوشگوار پانی۔ الزُّلَّال: بہت پھسلنے والا الزَّلِيْل: فالودہ۔ ہلکی چال۔
الْاَزَلُّ۔ تیز رفتار۔ ہلکے سرینوں والا۔ مؤنث زَلَّاءُ قَوْسٌ زَلَّاءُ: کمان جس سے تیر جلد نکل جائے۔
الْمَزَلَّةُ والْمَزِلَّةُ۔ پھسلنے کی جگہ۔ ج مَزَالُّ۔
الْمُزَلِّلُ۔ فا۔ بہت بھلائی کرنے والا۔
زَلِبَ (س) زَلَبًا بِهِ: لازم رہنا۔ چپٹا رہنا۔ جدا نہ ہونا۔
الزُّلْبَةُ۔ لقمہ۔ تیر۔
الزَّلَابِيَةُ۔ جلیبی۔
زَلَجَ (ض) زَلْجًا وزَلِيْجًا وزَلَجَانًا۔ تیزی سے چلنا۔
زَلَجَ (ن) زَلْجًا واَزْلَجَ۔ الْبَابَ: دروازہ کو مزلاج سے بند کرنا (دیکھئے مِزْلَاج)
زَلَجَ (ن) زَلَجَانًا۔ فُلَانًا: آگے ہونا۔
زَلِجَ (س) زُلُوْجًا وتَزَلَّجَ۔ پھسلنا۔ اور اسی سے مَزْلَجٌ ہے۔ ان سواروں کو کہتے ہیں جن میں پہیے نہیں ہوتے اور برف پر پھسلتی ہیں، ج مَزَالِج۔ زَلِجَ الْكَلَامُ مِنْ فِيْهِ: بات کا منہ سے نکل پڑنا ــــ الْمَاءُ عَنِ الْحَنْجَرَةِ: پانی کا حلق سے پیٹ میں اتر جانا۔
زَلَّجَ۔ الْكَلَامَ: لوگوں میں مشہور کرنا۔
ــــ عَيْشَهُ: تھوڑی سی چیز پر زندگی بسر کرنا۔
تَزَلَّجَ۔ الشَّيْءُ: پھسلنا۔ کہا جاتا ہے "تَزَلَّجَ السَّهْمُ عَنِ الْقَوْسِ" تیر کمان سے پھسل گیا۔ النَّبِيْذَ: نبیذ پینے پر اصرار کرنا۔
مَكَانٌ (زَلْجٌ وزَلَجٌ وزَلِيْجٌ) پھسلنے کی جگہ۔
الزَّالِجُ۔ فا۔ مصیبتوں سے نجات پانے والا۔ بہت پینے والا۔ سَهْمٌ زَالِجٌ: تیر جو زمین پر پھسلتا ہوا جائے۔
الزُّلُوْجُ۔ تیز رفتار۔ سَهْمٌ زَلُوْجٌ: کمان سے پھسلنے والا تیر۔ قَدَحٌ زَلُوْجٌ: ہاتھ سے پھسل جانے والا پیالہ۔ عَقَبَةٌ زَلُوْجٌ: دور دراز لمبی گھاٹی۔
الزَّلَجُ۔ چکنی چٹانیں۔
نَاقَةٌ (زَلَجَى وزَلِيجَة) تیز رفتار اونٹنی۔
الزَّلَّاجُ والمِزْلَاجُ والمِزْلَاخ۔ ایک قسم کا تالا جو بغیر کنجی کے کھل جاتا ہے۔
الْمُزَلَّجُ۔ کم بخیل۔ قوم میں اجنبی آدمی۔ بے مروت۔ ہر چیز کا گھٹیا۔
زَلَخَ (ف) زَلْخًا وتَزَلَّخَ۔ چکھنا۔
الزَّلَخ۔ باطل۔ کہا جاتا ہے "اَمْرٌ زَلَخٌ" امر باطل۔
الزُّلَخ۔ بڑے کشادہ پیالے۔
تَزَلْحَبَ۔ عَنْهُ: پھسلنا۔
زَلْحَفَهُ۔ علیحدہ کرنا۔
تَزَلْحَفَ واَزْلَحَفَ۔ علیحدہ ہونا۔

الزِلحَفَة۔ کچھوا (سلحفاة کی تحریف ہے)
الزَلَخلَج۔ ہلکا پھلکا مرد۔
الزَلَخلَخَة۔ پھلکا چپاتی۔ ٹکن۔
زَلِخَ (س) زَلَخًا۔ موٹا ہونا۔
زَلَخَ (ض) زَلَخَانًا وزَلَخَانًا۔ الرَجُلُ: چلنے میں آگے ہونا ــــ رِجلَه: پھسلنا۔
زَلَخَ (ض ن) زَلخًا۔ فُلانًا بِالرُمحِ: بھونکنا ــــ رَاسَهٗ: زخمی کرنا۔
زَلَّخَهٗ۔ چکنا وہموار کرنا۔
اَزلَخَ۔ البَابَ: دروازہ کو مزلاج سے بند کر دینا۔ (دیکھئے مزلاج)
تَزَلَّخَ۔ پھسلنا۔
مَكانٌ زَلِخٌ وزَلخٌ: پھسلنے کی جگہ۔
الزُلُوخ۔ تیز رفتار۔ بِئرٌ زَلُوخٌ: کنواں جس کے من پر پھسلن ہو۔
الزُلخة۔ بچوں کے پھسلنے کی جگہ۔
زَلدَبَ زَلدَبَةً۔ اللُقمَةَ: لقمہ نگلنا۔
زَلِزَ (س) زَلَزًا۔ بے قرار ہونا۔
الزَلَزُ والزَلِزُ۔ سامان خانہ۔ آنے کا راستہ۔
زَلزَلَ زَلزَلَةً وزِلزَالًا وزَلزَالًا اللّٰهُ الاَرضَ: بھونچال لانا ــــ ہ: ڈرانا، خوف دلانا ــــ الاِبِلَ: اونٹ کو سختی سے ہانکنا۔
تَزَلزَلَتِ۔ الاَرضُ: بھونچال ہونا۔ نَفسُه: موت کے وقت جان کا گھونگرو میں بولنا۔
الزَلزَلَة۔ مد۔ بھونچال۔ ج زَلَازِل۔
الزَلَازِل: سختیاں۔ ہولناک چیزیں۔
الزُلزُل۔ ماہر طبلچی۔ نقارچی۔ غُلَامٌ زُلزُلٌ: ہلکا پھلکا لڑکا۔
الزِلزِل۔ سامان خانہ۔
الزُلزُول۔ سبک ظریف۔ سکی۔ جنگ وبدی۔
الزَلط۔ تیز چال۔
الزَلَيط۔ جلدی حلق سے اترنے والا لقمہ (مولد)
زَلَعَ (ف) زَلعًا۔ الشَیءَ: فریب سے چھیننا ــــ رِجلَه: جلانا ــــ المَاءَ مِنَ البِئرِ: پانی نکالنا ــــ رَاسَهٗ: سر پھاڑنا۔ تم کہتے ہو "زَلَعتُ لَهٗ مِن مَالِی زَلعَةً" میں نے اپنے مال میں سے ایک حصہ دیا۔
زَلِعَتْ (س) زَلَعًا وزُلُوعًا وتَزَلَّعَتْ۔ قَدَمُهٗ: قدم کے ظاہر یا باطن کا پھٹنا ــــ كَفُّهٗ: اوپر سے پھٹنا ــــ الجَرحُ: خراب ہونا۔
تَزَلَّعَ رِيشُه: پر کا گر جانا۔
زَلَعَتْ (ن) زُلُوعًا۔ الشَمسُ: آفتاب طلوع ہونا ــــ النَارُ: آگ کا بلند ہونا۔
اَزلَعَهٗ۔ فِی الشَیءِ: کسی چیز کا لالچ دلانا۔
اِزدَلَعَ۔ الشَیءَ: فریب سے چھیننا۔ حَقَّهٗ: کسی کا حق کاٹ لینا ــــ الشَجَرَةَ: درخت کاٹنا۔
الزَلَعَة۔ خراب شدہ زخم۔
الزَولَع۔ پھٹی ہوئی ایڑیوں والا۔
الزَيلَع۔ چھوٹی کوڑیوں کی ایک قسم۔
المُزلَع۔ پھٹے ہوئے پیروں والا۔
اِزلَعَبَّ۔ السَحَابُ: گھرا گھرنا۔
سَيلٌ (مُزلَعِبٌّ) بڑا سیلاب۔
زَلَغَ (ن) زُلُوغًا۔ النَجمُ: ستارہ طلوع ہونا ــــ النَارُ: آگ کا بلند ہونا۔
تَزَلَّغَتْ۔ رِجلُه: پھٹنا۔ (جید لغت تزلعت ہے)
اِزلَغَبَّ۔ الفَرخُ: چوزہ کے پر نکلنا۔ الشَعرُ: مونڈنے کے بعد اُگنا۔
زَلَفَ (ن) زَلفًا وزَلَفًا وزَلِيفًا و تَزَلَّفَ واِزدَلَفَ۔ آگے ہونا۔ قریب ہونا۔
زَلَفَ (ن) زَلفًا وزَلَّفَ۔ الشَیءَ: آگے کرنا۔
زَلَّفَ فِی الكَلَامِ: زیادہ کرنا۔
اَزلَفَهٗ: نزدیک کرنا ــــ الاَشيَاءَ: جمع کرنا ــــ الدَلِيلُ القَومَ: رہبر کا قوم کو آگے بڑھنے پر برانگیختہ کرنا۔
الزَلَف والزُلَف والزُلفٰی۔ نزدیکی۔ درجہ۔ مرتبہ۔
الزِلف۔ باغ۔
الزُلفَة۔ نزدیکی۔ درجہ۔ مرتبہ۔ رات کا ایک حصہ۔ بڑا پیالہ۔ ج زُلَف وزُلُفات وزُلَفات اور بقول بعض الزُلَف بمعنی رات دن ملنے کے اوقات۔
الزَلَفَة۔ بھرا ہوا حوض۔ سیپی۔ کپڑے دھونے کا طشت۔ بڑا پیالہ۔ چکنا پتھر۔ سخت یا جھاڑو دی ہوئی زمین۔ باغ۔ ج زَلَف۔
العَقَبَة (الزَلُوف) دور دراز گھاٹی۔
المَزلَفَة۔ آبادی جو بیابان اور کشت زار کے درمیان ہو۔ ج مَزَالِف۔ المَزَالِف: کوچ کرنے کی جگہیں۔ واحد مَزلَفَة۔
زَلِقَت۔ (س) وزَلَقَتْ (ن) زَلَقًا۔ القَدَمُ: قدم پھسلنا۔ بِمَكَانِه: ملول ہو کر علیحدہ ہونا۔
زَلَقَهٗ (ض) زَلقًا وزَلَّقَه واَزلَقَهٗ۔ پھسلانا ــــ عَن مَكَانِه: دور کرنا۔ علیحدہ کرنا ــــ رَاسَهٗ: سر مونڈنا۔ زَلَّقَ المَوضِعَ: پھسلنے والی جگہ بنانا۔ زَلَّقَ بَدَنَهٗ: بدن پر تیل لگانا۔ اَزلَقَهٗ وزَلَقَه بِبَصَرِه: غصہ کی وجہ سے تیز نظر سے دیکھنا۔ اَزلَقَتِ الفَرَسُ: گھوڑی کا ناتمام بچہ گرانا۔
تَزَلَّقَ۔ اس طرح بننا سنورنا کہ چہرے کی رونق بڑھ جائے۔
الزَلَق والزَلِق والزِلق والزَلَّاقَة۔ پھسلن کی جگہ۔ اَرضٌ زَلَقٌ: چکنی سپاٹ زمین جس میں کچھ نہ ہو۔
الزُلَق۔ وہ شخص جس کو جماع کرنے میں دخول سے پہلے انزال ہو جائے۔
الزَلَقَة۔ چکنی چٹان۔ آئینہ۔ نَاقَةٌ (زَلُوقٌ) تیز رفتار اونٹنی۔ عَقَبَةٌ زَلُوقٌ: دور دراز گھاٹی۔
الزَلِيق۔ ناتمام گرا ہوا بچہ۔
الزُلَيق۔ ایک قسم کا شفتالو۔ واحد زُلَيقَة۔
المِزلَاق۔ ایک قسم کا تالا جو بغیر کنجی کے کھل جاتا ہے۔ ناتمام بچہ گرانے والی گھوڑی۔
المَزلَق والمَزلَقَة۔ پھسلن کی جگہ۔
الزُلقُوم۔ گلا۔
زَلَمَ (ن) زَلمًا۔ خطا کرنا ــــ الاِنَاءَ: برتن بھرنا ــــ الاَنفَ: ناک کاٹنا ــــ العَطَاءَ: کم دینا۔
زَلَّمَهٗ۔ نرم کرنا۔ ہموار کرنا ــــ الرَحٰی: چکی کو گھمانا اور کناروں سے پکڑنا ــــ العَطَاءَ: کم دینا ــــ الغِذَاءَ: بری خوراک دینا۔
اِزدَلَمَ۔ الشَیءَ: کاٹنا۔ جڑ سے کاٹنا۔
اِزلَامَ اِزلِئمَامًا۔ الشَیءُ: سیدھا کھڑا ہونا ــــ القَومُ: جلدی کوچ کرنا۔ اِزلَامَّتِ

الضُحٰی: چاشت کے وقت کا روشن ہونا۔
الزَلَم۔ کھریا اس کا پچھلا۔ بے پر کا تیر۔ ج اَزْلَام: فال نکالنے کا تیر۔ الزَلَم: ایک قسم کی بوٹی جس کے پھل پھول نہیں ہوتے اور اس کی جڑیں زمین کے بہت اندر اور گرہ دار ہوتی ہیں جس میں چوڑے تخم ہوتے ہیں اور عوام کے نزدیک حب العزیز کے نام سے مشہور ہے۔
الزَلْمَة و الزُلْمَة و الزَلَمَة۔ ہیئت و قد۔ کہا جاتا ہے "هُوَ العَبْدُ زُلْمَةً" وہ غلام کے مشابہ ہے۔
الزَلَمَة۔ بکری کے کان کا کٹا ہوا ٹکڑا جو لٹکتا رہے۔
زَلُّومَة۔ الاِبْرِيق عِنْدَ العَامَةِ: ٹونٹی۔ فصیح لفظ بلبل ہے۔
المُزَلَّم۔ پست قد۔ سبک و چست۔ ظریف
المُزلم و الزَلِيم۔ مِنَ السِهَامِ: عمدہ بنا ہوا تیر۔
المُزَلَّم و الاَزْلَم۔ کٹے ہوئے کان والا۔
الزَلْمَاء۔ الاَزْلَم کا مؤنث۔ مادہ شکرا۔ پہاڑی بکری۔ عمدہ بنایا ہوا تیر۔
زَمَّهُ (ن) زَمًّا۔ باندھنا ـــــ القِرْبَةَ: مشک بھرنا۔ زَمَّ البَعِيْرُ بِاَنْفِهِ: ناک میں تکلیف کی وجہ سے سر اٹھانا ـــــ الرَجُلُ بِرَأسِهِ: سربلند کرنا ـــــ بِاَنفِهِ: تکبر و گردن کشی کرنا ـــــ القَوْمَ: رفتار میں قوم سے آگے بڑھنا (ـــــ وزَمَّمَ) الجَمَالَ: اونٹ کے نکیل ڈالنا۔ زَمَّ النَعْلَ: جوتہ میں تسمہ لگانا ـــــ الذِئْبُ السَخْلَةَ: بھیڑیئے کا بکری کے بچہ کو سر اونچا کر کے لے جانا۔
زَمَّتِ (ن) زُمُوْمًا۔ القِربَةُ: مشک کا بھرنا ـــــ نَابُ البَعِيْر: اونٹ کے دانت نکلنا۔
(ـــــ زِمِيْمًا) الزَنْبُوْرُ: بھڑ کا بھنبھنانا۔
اَزَمَّ۔ النَعْلَ: جوتہ میں تسمہ لگانا۔
زَامَّ مُزَامَةً۔ تکبر کرنا۔ زَامَمْتُ فُلاَنًا: مقابلہ کرنا۔
اِنْزَمَّ۔ بندھنا۔
اِزْدَم۔ تکبر سے سربلند کرنا ـــــ الذِئْبُ السَخَلَةَ: بھیڑیئے کا بکری کے بچے کو سربلند کر کے لے جانا۔
الزِمَام۔ جس سے کوئی چیز باندھی جائے۔ مہار۔ باگ۔ نکیل۔ لگام۔ ج اَزِمَّة۔ زِمَامُ النَعْل: جوتے کا تسمہ۔ کہا جاتا ہے "هُوَ زِمَامُ قَوْمِهِ" وہ اپنی قوم کا سردار و چودھری ہے۔ و "هُوَ زِمَامُ الاَمْرِ" یعنی اس پر کام کا دارومدار ہے و "اَلْقَوْا فِيْ يَدِهِ زِمَامَ الْاَمْرِ" لوگوں نے اپنا معاملہ اس کے ہاتھ میں دے دیا کہ جس طرح چاہے فیصلہ کرے۔ و "هُوَ عَلٰى زِمَامِ اَمْرِهِ" وہ اپنے کام کے پورا ہونے کے قریب ہے۔ و "هُوَ يَصْرِفُ اَزِمَّةَ الاُمُوْرِ" وہ جس طرح چاہتا ہے امور میں تصرف کرتا ہے۔
الزَام۔ فا۔ رَجُلٌ زَامٌّ: گھبرانے والا مرد ج زُمَمٌ کہا جاتا ہے۔ "دَارِيْ مِنْ دَارِهِ (زَمَمٌ)" میرا گھر اس کے گھر کے قریب ہے۔ و "اَمْرُ القَوْمِ زَمَمٌ" قوم کے معاملے قریب قریب ہیں۔ و وَجْهِي زَمَمُ بَيْتِهِ میرا چہرہ اس کے گھر کے مقابل ہے۔
الزُقَّام۔ اونچی گھاس۔
الاِزْمِيم۔ مہینے کے آخر کا چاند۔
زَمُتَ (ک) زَمَاتَةً و تَزَمَّتَ۔ سنجیدہ و صاحب وقار ہونا۔ صفت (زَمِيْتٌ) ج زُمَتَاء و (زِمِّيْت)
زَمَتَهُ (س) زَمْتًا۔ گلا گھونٹنا۔
زَمَجَ (ن) زَمْجًا۔ القِرْبَةَ: مشک بھرنا۔ عَلَيْهِمْ: بغیر بلائے ہوئے آ کر کھانا۔
زَمِجَ (س) زَمَجًا۔ غضبناک ہونا۔ صفت (زَمِج) کہا جاتا ہے۔ اَخَذَهُ (بِزَأمَجِهِ) یعنی اس نے سارا لے لیا۔
الزُمَّج۔ عقاب سے چھوٹا ایک سرخ رنگ کا شکاری پرندہ۔ ج زَمَامِيج۔ زُمَّجُ المَاءِ: ایک آبی پرندہ جو صرف مچھلی کھاتا ہے۔
الزِمِجِّیُّ۔ پرندہ کی دم کی جڑ۔
زِمِجَّةُ۔ الظُلَيْمِ: شترمرغ کی چونچ۔
المُزْمَئِج۔ غضبناک۔
زَمْجَر زَمْجَرَةً۔ شور مچانا (ـــــ و تَزَمْجَر) الاَسَدُ: شیر کا چنگھاڑنا۔
اِزْمَجَرَّ۔ آواز کرنا۔
الزَمْجَرَة۔ مص۔ بانسری۔ زَمْجَرَةُ كُلِّ شَيْءٍ: ہر چیز کی آواز۔ ج زَمَاجِر و زَمَاجِير۔
الزَمْجِيل۔ چیتا۔
الزُمَّج الزَوْمَج۔ کمینہ۔ پست قد۔ بدصورت۔ کالے رنگ کا۔ بدصورت و شریر۔
الزَامِح۔ پھوڑا۔
الزِمِخن۔ مرد۔ بد خلق۔ بخیل۔
زَمَخَ (ف) زَمْخًا۔ تکبر کرنا۔ صفت (زَامِخ) ج زُمَّخٌ۔
عَقَبَةٌ (زَمَخٌ و زَمُوْخٌ) دور دراز و سخت گھاٹی۔
زَمْخَرَ۔ النَمِرُ: چیتے کا غصہ سے دھاڑنا۔ ـــــ (العُشْبُ): شگوفہ والا ہونا اور بڑھنا۔ ـــــ (و اِزْمَخَرَّ) الصَوْتُ: آواز کا تیز ہونا۔
تَزَمْخَرَ۔ النَمِرُ: چیتے کا غضبناک ہونا اور دھاڑنا۔
الزَمْخَر۔ بڑی بانسری۔ بہت گنجان درخت۔ رَجُلٌ زَمْخَرٌ: عالی مرتبہ مرد (ـــــ و الزَمْخَرِيُّ) کھوکھلی ہڈی۔
الزَمْخَرة۔ زانیہ عورت۔ زَمْخَرة الشَبَابِ: بھرپور جوانی ـــــ الشَجَرِ: درخت کا گنجان ہونا۔
الزِمْخِير۔ تھوڑا۔
زَمَرَ (ض ن) زَمْرًا و زَمِيْرًا۔ بانسری بجانا ـــــ بِالحَدِيْث: بات پھیلانا (ـــــ زَمْرًا) القِرْبَة: مشک بھرنا ـــــ فُلاَنًا بِفُلاَنٍ: اُکسانا۔ بھڑکانا (زَمَرَ (ض) زَمَرَانًا) الظَبْيُ: ہرن کا بھاگنا۔ بدکنا (ـــــ زِمَارًا) النَعَامُ: شترمرغ کا آواز کرنا۔
زَمِرَ (س) زَمَرًا۔ کم بالوں والا ہونا۔ بے مروت ہونا ـــــ الشَاةُ: کم اون والی ہونا۔
زَمَّرَ۔ بانسری بجانا ـــــ القِرْبَةَ: مشک بھرنا۔
اِزْمَارَّ۔ غصہ سے سرخ آنکھوں والا ہونا۔
اِسْتَزْمَرَ۔ الرَجُلُ عِنْدَ الهَوَانِ: ذلت کی وجہ سے منقبض ہونا۔
الزَمْر۔ مص (ـــــ و الزَمَر) آواز۔ ج زُمُوْرٌ۔
الزَمِر۔ بانسری بجانے والا۔ غِنَاءٌ زَمِرٌ: عمدہ گانا۔ کم بالوں یا کم اون والا۔ کم مروت والا۔ مؤنث زَمِرَةٌ عَطِيَّةٌ زَمِرَةٌ: تھوڑی داد و دہش۔
الزِمَار۔ مص۔ شترمرغ کی آواز۔
الزِمِرُّ۔ سخت و درشت۔
الزَمِير۔ مص۔ پست قد۔ ج زِمَار (ـــــ و الزَمُوْر) خوبصورت لڑکا۔ غِنَاءٌ زَمِيْرٌ: عمدہ گانا۔

الزِمِّيرو الزَمِّير۔ ایک قسم کی مچھلی جس کی پیٹھ پر کھڑے کانٹے ہوتے ہیں۔

الزَمَّار۔ بانسری بجانے والا۔

الزَمَّارَة۔ بانسری۔ زَمَّارَةُ الرَاعِي: ایک قسم کی نباتات۔

الزُمْرَة۔ گروہ۔ جماعت۔ فوج۔ ج زُمَر۔

الزَوْمَر۔ گروہ۔ خوبصورت لڑکا۔

الزَمَارَةو الزُمُوْرَة۔ کم مروتی۔

الزِمَارَة۔ بانسری بجانے کا پیشہ۔

المِزْمَار۔ بانسری (____ المَزْمُوْر والمُزْمُور) گیت۔ ج مَزَامِير۔ مَزَامِير دَاوُدَ: حضرت داؤد علیہ السلام کی دُعا اور اُس کے مجموعہ کا نام زَبُوْر ہے۔

الزُمُرُّد و الزُمُرُّد۔ ایک سبز رنگ کا بیش قیمت پتھر۔ واحد (زُمُرُّدَة)

زَمْزَرَ۔ الوعَاءَ: برتن کو اچھی طرح سے بھرنے کے لئے ہلانا۔

زَمْزَمَ زَمْزَمَةً۔ الشَئُ: دور سے گنگناہٹ سنائی دینا ____ النَارُ: آگ کے بھڑکنے میں آواز نکلنا ____ المُغَنِي: سُر سے گانا۔

العُلُوْجُ: عجمی کافروں کا کھانے کے وقت حلق یا نتھنوں سے آواز نکالنا اور ایک کا دوسرے کے مفہوم کو سمجھنا۔ زَمْزَمه: بکھری ہوئی چیز کو جمع کرنا ____ الشَئَ: حفاظت کرنا۔

تَزَمْزَمَ۔ الجَمَلُ: بڑبڑانا۔ تَزَمْزَمَتْ بِهِ شَفَتَاه: حرکت کرنا۔

مَاءٌ (زَمْزَمٌ و زَمْزَامٌ و زُمَزِمٌ و زُمَازِمٌ) بہت پانی۔ کچھ کھاری پانی۔ زَمْزَم: کعبہ معظمہ حرسہا اللہ کے نزدیک ایک کنوئیں کا نام۔

الزَمْزَمَة۔ مص۔ بادل کی گرج۔ آگ کے بھڑکنے کی آواز۔ شیر کی گونج۔ ج زَمَازِم۔

الزِمْزِمَة۔ اونٹوں یا آدمیوں کا گروہ: ج زَمَازِم و زِمْزِم۔

الزُمْزُوْم و الزَمْزَم و الزِمْزِيم۔ مِنَ الابِلِ: عمدہ اونٹوں کی جماعت۔ اونٹوں کا گلہ۔ ج زَمَازِيم۔

زَمِعَ (س) زَمَعًا۔ مِنْهُ: سرگشتہ و حیران ہونا۔ گھبرانا۔

زَمَعَ (ف) زَمْعًا و زَمَعَانًا۔ الاَرْنَبُ: خرگوش کا تیز چلنا۔ آہستہ آہستہ چلنا۔

اَزْمَعَ و زَمَّعَ۔ الاَمْرَ و عَلَيْهِ و بِهِ: ثابت قدم رہنا۔ پختہ ارادہ کرنا۔ و اَزْمَعَ الكَرْمُ: انگور کی شاخوں کا گروہ دار ہونا۔ زَمَّعَ الزَنْبُوْرُ: بھڑ کا بھنبھنانا۔ اَزْمَعَتِ الاَرْنَبُ: خرگوش کا ہلکا پھلکا اور تیز دوڑنا۔

الزَّمَعُ۔ مص۔ چھوٹی تنگ نالیاں۔ کمینے و رذیل لوگ۔ کہا جاتا ہے "هُوَمِنَ الرَعَاعِ و الزَمَعِ" وہ پست اور ادنی لوگوں میں سے ہے۔ انگور کی شاخ کی گرہ۔ آہستہ سیلاب۔ انگلی کی مقدار معتاد سے زائد بے قراری۔ کسی کام کے سوچنے کے وقت کی کپکپی ج اَزْمَاع (____ و الزَمَاع) پختہ ارادہ۔

الزَمْعَة۔ ٹکڑا۔ کہا جاتا ہے "اَرْضٌ فِيهَا زُمْعَة مِنَ النَبتِ" زمین کہ اس میں گھاس کا ایک ٹکڑا ہے۔

الزَمَعَة۔ ج زَمَع و زِمَاع: بکری یا ہرن کی ٹانگ میں پچھلی جانب کے لٹکے ہوئے بال۔

____ ج اَزْمَاع: چھوٹا ٹیلہ۔

الزَمْعِي۔ خسیس۔ جلدی غصہ میں آجانے والا۔

الزُمَّع۔ بے ڈنک کی بھڑ۔ وہ شخص جو اپنی ضروریات میں چست نہ ہو۔

الزَمَّاعَة۔ دبر۔

الزَمِيع۔ پختہ ارادہ والا بہادر۔ عمدہ رائے والا۔ ج زُمَعَاء (____ و الزَمُوْع) جلد باز۔

الاَزْمَع۔ چالاک مرد۔ مکروہ بات۔ ج اَزَامِع۔ رَجُلٌ اَزْمَع: زائد انگلی والا مرد۔

المُزْمِع۔ فا۔ ثابت قدم پختہ ارادہ والا۔

زَمَقَ (ن ض) زَمْقًا۔ القَفْلَ: تالا کھولنا۔ ____ اللِحْيَةَ: داڑھی نوچنا۔ صفت مفعولی۔ (زَمِيْقَة و مَزْمُوْقَةٌ) کہا جاتا ہے "مَا اَغْنَى عَنْهُ" (زَمَقَةً) یعنی اس نے کچھ فائدہ نہیں دیا۔

زَمَكَ (ن) زَمْكًا۔ چپ رہنا (____ و زَمَّكَ) القِرْبَةَ: مشک بھرنا۔ زَمَكَهُ عَلَيَّ: بھڑکا بھڑکا کر غصہ دلانا۔

اِزْمَأَكَّ۔ سخت غضبناک ہونا۔

الزَمَک۔ سخت غصہ۔ کسی چیز کا آپس میں گتھ جانا۔

الزَمِكَة۔ مِنَ الرِجَالِ: جلدی غضبناک ہونے والا۔ بیوقوف۔ پست قد۔ ج الزَمِكُوْن:

الزِمِكِّيُ و الزِمِكُ۔ پرندہ کی دم یا اس کی جڑ۔

زَمَلَ (ن ض) زِمَالاً۔ الاَعْرَجُ: لنگڑے کا ایک جانب جھکے ہوئے دوڑنا۔

زَمَلَتْ (ن) زَمْلاً و زَمَلاً و زَمَالاً و زَمَلاَنًا۔ الدَابَةُ: نشاط کی وجہ سے لنگڑاتے ہوئے چلنا (زُمُوْلاً) القَوْسُ: کمان سے آواز نکلنا (____ زَمْلاً) الرَفِيقَ: اپنے پیچھے سوار کرانا ____ الرَجُلَ: پیروی کرنا ____ الشَئَ: لادنا۔

زَمَّلَ۔ الشَئَ: چھپانا ____ الشَئَ بِثَوْبِهِ او فِي ثَوْبِهِ: لپٹنا۔

زَامَلَ۔ الرَفِيقَ: محمل میں ایک جانب سوار کرانا۔

تَزَمَّلَ و اِزَّمَّلَ و اِزْدَمَلَ۔ بِثَوْبِهِ: لپٹنا۔

اِزْدَمَلَ الحِمْلَ: ایک دفعہ میں لادنا۔

الزِمْلُ۔ جانور پر پیچھے سوار ہونے والا ساتھی بوجھ۔

الزَمَل و الزَمَلَة و الاَزْمَلَة۔ عیال۔ بال بچے۔

الزَمِل و الزُمَل و الزُمَيْل و الزُمَيْلَة و الزُمَّل و الزُمَّال و الزُمَالَة و الزُمَّيْل و الزُمَّيْلَة۔ کمزور۔ بزدل۔

الزُمْلَة۔ ساتھی لوگ۔ جماعت۔ گروہ۔

الزَامِلَة۔ الزَامِل کا مؤنث۔ بار برداری کا جانور۔ ج زَوَامِل۔

الزَمِيل۔ جانور پر پیچھے سوار ہونے والا ساتھی۔ آج کل کی زبان میں پیشہ میں شریک کے لئے مستعمل ہے۔

الاَزْمَل۔ مخلوط آواز۔ ج اَزَامِل اَزَامِيل تمام۔ سارا۔ کہا جاتا ہے "اَخَذَ الشَئَ بِاَزْمَلِهِ و بِاَزْمِلِهِ" اس نے چیز کو تمام لے لیا۔

الاِزْمَلُّ۔ بزدل۔ کمزور۔

الاَزْمَلَة۔ کمان کی آواز۔ تمام سارا۔ کہا جاتا ہے "اَخَذَهُ بِاَزْمَلَتِهِ" اس نے ساری چیز لے لی اور کہا جاتا ہے "لَهُ عِيَالٌ اَزْمَلَةٌ" اس کے بہت بال بچے ہیں۔

الاُزْمُوْلَة و الاِزْمَوْلَة۔ آواز کرنے والا پہاڑی بکرا یا ہرن وغیرہ۔

الإِزْمِيْل- رانپی- چھینی- ہتھوڑا- مضبوط مرد- کمزور مرد-(ضد)
المُزَمِّل و المُتَزَمِّل- کپڑوں میں لپٹنے والا-
المُزَمِّلَة- المُزَمِّل کا مؤنث- پانی سرد کرنے کا گھڑا یا مٹکا-
زَمِنَ (س) زَمَنًا و زُمْنَةً- لنجا ہونا-
اَزْمَنَ- الشَّيْءُ : دیر تک باقی رہنا ___ ہ اللّٰہُ : لنجے پن میں مبتلا کرنا ___ بِالْمَکَانِ : مدت تک اقامت کرنا- کہا جاتا ہے "اَزْمِنْ عَنِّیْ عَطَاؤُكَ"
الزَّمَنُ- ج اَزْمَان و اَزْمُن و (الزَّمَان) ج اَزْمِنَة و (الزَّمَنَة) وقت- اَزْمِنَةُ السَّنَة : سال کی چاروں فصلیں- بہار- گرمی- برسات- جاڑا-
زَمَنٌ (زَامِنٌ) سخت زمانہ-
الزَّمَانَة- آفت- لنجاپن- قوتوں کی بے حسی- محبت-
الزَّمِنُ- ج زَمِنُوْن و (الزَّمِيْن) ج زَمْنٰی و زَمْنَة : لنجا- کہا جاتا ہے "فُلَانٌ زَمِنُ الرَّغْبَةِ" فلاں کمزور خواہش والا ہے-
عَامَلَهٗ (مُزَامَنَةً) اس نے اس سے کچھ وقت کے لئے معاملہ کیا-
المُزْمِن- فا- مَرَضٌ مُزْمِنٌ : پرانا مرض-
زَمِهَ (س) زَمَهًا- الحَرُّ : گرمی تیز ہونا-
___ الرَّجُلُ بِالحَرِّ : گرمی تیز لگنا-
زَمِهَتْ (س) زَمَهًا- الشَّمْسُ الرَّجُلَ : تیز دھوپ لگنا-
زَمْهَرَتِ- العَيْنُ : آنکھ کا غصہ سے سرخ ہونا-
اِزْمَهَرَّ- اليَوْمُ : سخت سردی والا ہونا-
___ الوَجْهُ : چہرہ کا بگڑنا ___ الکَوَاکِبُ : ستاروں کا چمکنا ___ العَيْنُ : آنکھ کا غصہ سے سرخ ہونا-
الزَّمْهَرِيْر- سخت سردی-
المُزْمَهِرّ- سخت غضبناک- ہنسنے والا-
اِزْمَهَلَّ- المطر : برسنا ___ الثَّلْجُ : برف کا پگھلنے کے بعد بہنا-
زَنَّ (ن) زَنًّا- عَصَبُهٗ : پٹھے کا خشک ہونا-
___ الرَّجُلُ : ڈھیلے جوڑوں والا ہونا (زَنَّهٗ و اَزَنَّهٗ) بِخَيْرٍ اَوْ شَرٍّ : نیک یا بدگمان کرنا ___ بِکَذَا : تہمت لگانا-
زَنَّنَ- الرَّجُلُ : ہمیشہ ماش کھانا-
الزِّن- ماش-
الزَّنَن- تنگ- مَاءٌ زَنَن : تھوڑا پانی- ظِلٌّ (زَنَان) تھوڑا سایہ-
حِنْطَةٌ (زَنَّةٌ) گیہوں جس کو بارش کے علاوہ پانی دیا گیا ہو-
الزَّنِيْن- پاخانہ یا پیشاب روکنے والا-
اَبُوْزَنَّة- لنگور-
زَنَأَ (ف) زَنْأً و زُنُوْءًا- اِلَيْهِ : پناہ لینا ___ فِی الجَبَلِ : پہاڑ پر چڑھنا ___ الظِّلُّ : سایہ کا سمٹنا ___ الرَّجُلُ : خوش ہونا- جلدی کرنا- زمین سے چمٹنا ___ بَوْلَهٗ زَنْأً : پیشاب روکنا-
___ بَوْلُهٗ زُنُوْءًا : پیشاب رکنا-
زَنَّأَ- عَلَيْهِ : تنگی کرنا-
اَزْنَأَهٗ اِزْنَاءً- مجبور کرنا- چڑھانا- باز رکھنا-
الزَّنَاء- پست قد- پیشاب یا پاخانہ روکنے والا- تنگ- قبر-
الزَّنِئُ- چھوٹی مشک-
زَنِبَ (س) زَنَبًا- موٹا ہونا-
الاَزْنَب- موٹا پستہ قد-
الزَّيْنَب- بزدل- ایک خوشبو دار خوش منظر درخت-
الزَّانِبِيّ- آہستہ چال-
زُنَابَةُ- العَقْرَبِ : بچھو کا ڈنک-
تَزَنْبَرَ- عَلَيْهِ : تکبر کرنا- ترشروئی کرنا-
الزَّنْبَر- شیر-
الزُّنْبُوْر- بھڑ- ایک درخت جو چنار کی مانند ہوتا ہے-
الزَّنْبَرِي- بھاری بھرکم مرد- بڑی کشتی- کہا جاتا ہے "سَفِيْنَةٌ زَنْبَرِيَّةٌ"
اَرْضٌ (مُزَبْرَةٌ) بہت بھڑوں والی زمین-
الزُّنْبُرَك- گھڑی کا اسپرنگ (یہ کلمہ فارسی ہے) اس کے مقابلہ میں "النَّابِض" کا کلمہ وضع کیا گیا ہے-
الزِّنْبَاعَة- چرمی موزے یا جوتے کی نوک-
الزَّنْبَق- سوسن سفید یا سفید چنبیلی- واحد زَنْبَقَة- چنبیلی کا تیل- بانسری- ج زنابق اُمُّ زَنْبَق : شراب-
الزَّنْبَاق- ایک قسم کا ساگ-
الزَّنْبَل- پستہ قد مرد-
تَزَنْتَرَ- ناز سے چلنا-
الزَّنْتَرَة- تنگی- عسرت-
زَنِجَ (س) زَنَجًا- پیاس سے آنتوں کا سکڑنا-
زَانَجَهٗ- برائی یا بھلائی کا بدلہ دینا-
تَزَنَّجَ- عَلَيْهِ : دست درازی کرنا-
الزَّنْج و الزِّنْج- حبشی واحد (زنجی) ج زُنُوْج-
الزِّنَاج- بدلہ-
الزَّنْجَب و الزَّنْجَبَان- کمربند-
الزَّنْجَبَة- گدی جس کو عورتیں اپنے سرین پر بڑا معلوم ہونے کیلئے باندھتی ہیں-
الزَّنْجَبِيْل- سونٹھ- شراب-
زَنْجَرَ- انگوٹھے کے ناخن کو انگشت شہادت کے ناخن سے مارنا-
الزَّنْجَار- تانبے کا زنگ-
الزِّنْجِيْر و الزِّنْجِيْرَة- سپیدی جو جوانوں کے ناخن پر ہوتی ہے- الزِّنْجِيْر : ناخن کا کٹا ہوا حصہ- زنجیر- اس سے فعل کا اشتقاق کرتے ہیں اور کہتے ہیں (زَنْجَرَهٗ فَتَزَنْجَرَ) یعنی اس نے اسے قید کیا اور وہ قید ہو گیا اور عوام کہتے ہیں- جَنْزِيْر و جَنْزَرَة-
الزِّنْجَفْر و الزِّنْجُفْر- شنگرف-
الزِّنْجِيْل- کمزور وسست بدن والا مرد-
زَنَحَهٗ (ف) زَنْحًا- تعریف کرنا- دفع کرنا- معاملہ میں تنگی کرنا-
زَانَحَهٗ- ایک دوسرے کی تعریف کرنا-
زَنَّحَ و تَزَنَّحَ- المَاءَ : بار بار پانی پینا و تَزَنَّحَ الرَّجُلُ : کھل کر گفتگو کرنا- اپنے آپ کو مرتبہ سے زیادہ ظاہر کرنا- کسی معاملہ یا فرض میں تنگی برتنا-
الزَّنْح- بدلہ-
زَنِخَ (ف) زَنَخًا- الدُّهْنُ : تیل کا بگڑنا- خراب ہونا- صفت (زَنِخٌ)
زَنَخَ (ن ض) زُنُوْخًا- القُرَادُ : چیچڑی کا چمٹنا-
زَانَخَهٗ- ایک دوسرے کو ہٹانا-
تَزَنَّخَ- تکبر کرنا- کھل کر گفتگو کرنا-

اِبِلٌ (زَنِخَةٌ) پیاس کی وجہ سے سمٹے ہوئے پیٹ والے اونٹ۔
زَنْخَو۔بِمَنْخَرِہٖ : خرائے لینا۔
زَنَدَ(ن ض)زَنْدًا۔الاِنَاءَ : برتن کو بھرنا۔
___ النَّارَ : چقماق سے آگ نکالنا۔
زَنِدَ(س)زَنَدًا۔الرَّجُلُ : پیاسا ہونا۔
زَنَّدَ۔ جھوٹ بولنا۔ چقماق سے آگ نکالنا۔
___ السِّقَاءَ مشک بھرنا ___ فِي الاَمْرِ : تنگ دل ہونا ___ عَلٰى اَهْلِهٖ : سختی برتنا۔ کہا جاتا ہے "مَا يُزَنِّدُكَ اَحَدٌ عَلَيْهِ" یعنی تمہارے لئے کوئی زیادہ نہیں کرے گا۔
اَزْنَدَ۔ الشَّيْءُ : زیادہ ہونا۔ کہا جاتا ہے "مَا يُزْنِدُكَ اَحَدٌ عَلَيْهِ" یعنی تمہارے لئے کوئی زیادہ نہیں کرے گا ___ الرَّجُلُ فِي وَجْعِهٖ : مرد کا اپنی بیماری میں دوبارہ مبتلا ہو جانا۔
تَزَنَّدَ۔ غضبناک ہونا۔ جواب نہ دے سکنا۔ تم کہتے ہو "سَالْتُهٗ مَسْئَلَةً فَتَزَنَّدَ" میں نے اس سے ایک مسئلہ پوچھا اور وہ جواب نہیں دے سکا۔
___ فِي الاَمْرِ كَذَا : تنگ دل ہونا۔
الزَّنْدُ۔ مہ۔ ہاتھ کا گٹا۔ چقماق کی اوپر والی لکڑی یا پتھر اور نچلے کو (الزَّنْدَة) اور دونوں کو (الزندان) کہتے ہیں۔ ج زِنَادٌ و اَزْنُدٌ و ازناد۔
اور کہا جاتا ہے "فُلَانٌ وَارِيُ الزَّنْدِ" فلاں کامیاب ہے۔ و "فُلَانٌ كَابِي الزَّنْدِ" فلاں نا کامیاب ہے و "هُمَا كَزَنْدَيْنِ" وہ دونوں مساوی ہیں اس کا استعمال عموماً دناءت و خست میں ہوتا ہے اور ان دونوں آدمیوں کیلئے بھی بولتے ہیں جن کی وجہ سے حاجت پوری ہو اور جو تمہاری مدد کرے اس کیلئے کہتے ہو "وَرَتْ بِكَ زِنَادِيْ" یعنی تمہاری وجہ سے میری حاجت پوری ہوئی۔
الْمُزَنَّدُ۔ تنگ۔ بخیل۔ منہ بولا بیٹا۔ کم چوڑا کپڑا۔ عَطَاءٌ مُزَنَّدٌ : تھوڑی بخشش۔
الزَّنْدَبِيْلُ۔ بڑا ہاتھی۔ (معرب)
تَزَنْدَقَ۔ بے دین ہونا۔ دو خدا ماننا۔ باطنی کافر ہونا۔ صفت زِنْدِيْقٌ۔ ج زَنَادِقَةٌ و زَنَادِيْقُ۔
الزَّنْدَقَةُ۔ ظاہری ایمان و باطنی کفر۔ رَجُلٌ (زَنْدَقٌ و زَنْدَقِيٌّ) بہت بخیل۔

زَنَرَ(ن)زَنْرًا۔الاِنَاءَ : برتن بھرنا۔
___ الغُلَامَ : لڑکے کو جنیو پہنانا۔
زَنَّرَ۔اِلَيَّ بِعَيْنِهٖ : گھور کر دیکھنا۔
تَزَنَّرَ۔ جنیو پہننا ___ الشَّيْءُ : باریک ہونا۔
الزُّنَّارُ۔ ج زَنَانِيْرُ و (الزُّنَّارَة) جنیو۔ الزَّنَانِيْرُ : چھوٹی کنکریاں۔
الزَّنْزَلَخْتُ۔ ایک درخت کا نام۔
زَنِفَ(س)زَنَفًا و تَزَنَّفَ۔ غضبناک ہونا۔
زَنَقَ(ن ض)زَنْقًا و زَنَّقَ۔الفَرَسَ : گھوڑے کا نچلے جبڑے کے نیچے تسمہ لگانا۔
___ البَغْلَ : خچر کی ٹانگوں میں پائے بند باندھنا۔(
___ و زَنَّقَ و اَزْنَقَ۔عَلٰى اَوْلَادِهٖ : اولاد پر نفقہ میں تنگی کرنا۔)
الزَّنَقُ۔ نیزے کی نوک۔ گھوڑے کا نچلا جبڑا جہاں تسمہ باندھتے ہیں۔ ج زُنُوْقٌ۔
الزَّنَقَةُ۔ تنگ گلی۔
الزِّنَاقُ۔ گھوڑے کے نچلے جبڑے کے نیچے کا تسمہ۔ خچر کا پائے بند۔ گلوبند۔ عورتوں کا ایک زیور۔ ج زُنُقٌ۔
الزِّنَاقَةُ۔ گھوڑے کے جبڑے کے نیچے کے تسمہ کا حلقہ۔
الزَّنِيْقُ۔ درست۔ مضبوط۔ کہا جاتا ہے "رَايٌ زَنِيْقٌ" درست رائے۔
الْمَزْنُوْقُ۔ مفم۔ بند پیشاب والا۔
الزِّنْقِيْرُ۔ تراشہ ناخن۔
زَنْقَلَ۔فِي مَشْيِهٖ : گرانبار ہو کر چلنا۔
الزَّانِكِيُّ۔ شوخ و بیباک۔
الزَّوَنَّكُ۔ بدصورت۔ پستہ قد متکبر۔ اپنے مرتبے سے آپ کو زیادہ سمجھنے والا۔
زَنَّمَ۔لَهُ الخَصَمَ : کسی کو وکیل خصومت بنا کر بھیجنا۔
الزَّنَمَةُ۔ کان کا وہ حصہ جو کاٹ دیا جائے اور لٹکتا رہے۔ حلق کے نیچے کا لٹکتا ہوا گوشت۔ علامت۔
زَنَمَتَا الاُذُنِ : کان کی لو کے قریب ابھرا ہوا حصہ۔
کہا جاتا ہے "فِي كَلَامِهٖ زَنَمَةُ خَيْرٍ او زَنَمَةُ شَرٍّ" یعنی اس کے کلام میں خیر یا شر کی علامت ہے۔
الزَّنِمُ۔مِنَ الجِمَالِ : اونٹ جس کے کان کا کچھ حصہ کاٹ دیا جائے اور وہ لٹکتا رہے۔ مؤنث

زَنِمَةٌ۔
الاَزْنَمُ۔مِنَ الجِمَالِ : بمعنی الزَّنِمِ۔ مؤنث زَنْمَاءُ۔ ج زُنْمٌ۔
الزُّنَامُ۔ مصیبت۔
الزَّنِيْمُ۔ کمینہ۔ منہ بولا بیٹا (___ و المُزَنَّمُ) اجنبی آدمی جو قوم میں داخل ہو جائے اور قوم کے لوگ اس کے حاجت مند نہ ہوں۔
نَاقَةٌ (مُزَنَّمَةٌ) اونٹنی جس کے کان کا کچھ حصہ کاٹ کر لٹکتا ہوا چھوڑ دیا جائے۔
زَنَا(ن)زُنُوًّا۔ تنگ ہونا۔ صفت (زَنِيٌّ)
زَنّٰى تَزْنِيَةً۔عَلَيْهِ : تنگی کرنا۔
زَنٰى(ض) زِنًى و زِنَاءً و زَانٰى مُزَانَاةً و زِنَاءً۔ زنا کرنا۔ صفت (زَانٍ) ج زُنَاة۔ صفت مؤنث زَانِيَةٌ ج زَوَانٍ۔
زَنّٰى۔ہ : زنا کی نسبت کرنا یا زانی کہنا۔
اَزْنٰى اِزْنَاءً۔ زنا کرنے پر اکسانا۔
الزَّانِيَةُ۔ زنا کرنے والا۔ (تا مبالغہ کیلئے ہے۔)
الزَّنَّاءَةُ۔ بہت زنا کرنے والی۔ بدریا۔
الزِّنْيَةُ۔ مرد کا آخری بچہ۔
زِہ۔ کلمہ استحسان بمعنی خوب اور کبھی تحکم کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے۔ جیسے برائی کرنے والے کے لیے کہا جائے "اَحْسَنْتَ"
الزَّهْبُ و الزَّهْبَةُ۔ مال کا ایک حصہ۔
زَهَدَ و زَهِدَ(س ف) و زَهُدَ(ک) زُهْدًا و زَهَادَةً۔فِي الشَّيْءِ و عَنْهُ : بے رغبتی کر کے چھوڑ دینا اور اسی سے ہے "زَهَدَ فِي الدُّنْيَا" اس نے دنیا سے منہ موڑ کر اپنے آپ کو عبادت کے لیے فارغ کر لیا۔ صفت فاعلی (زَاهِد) و صفت مفعولی (مَزْهُوْد) فِيْهِ و عَنْهُ۔
زَهَدَ زَهْدًا۔ النَّخْلَةَ : کھجور کے درخت پر پھلوں کا اندازہ کرنا۔
زَهَّدَهٗ۔فِي الشَّيْءِ و عَنْهُ : بے رغبت کرانا۔
(زَهَّدَ و اَزْهَدَ) النَّخْلَ : کھجور کے درخت پر پھلوں کا اندازہ کرنا۔
تَزَهَّدَ۔ عبادت کے لیے دنیا کو چھوڑ دینا۔
تَزَاهَدَ۔القَوْمُ فُلَانًا : حقارت کرنا۔
اِزْدَهَدَ۔الشَّيْءَ : کم سمجھنا۔ کہا جاتا ہے "خُذْ (زَهْدَ) مَا يَكْفِيْكَ" جتنا تم کو کافی ہو اس کو لے

لو-

الزُّهْدُ والزَّهَادَة- حقارت کی وجہ سے بے رغبتی-

الزَّهَد- زکوٰۃ- ج زِهَاد-

اَرْضٌ (زَهَادٌ) زمین جو بہت پانی برسنے سے بہے-

الزَّاهِد- فا- آخرت کی محبت کی وجہ سے دنیا سے بے رغبت- تنگ خو- ج زُهَّد و زُهَّاد و زَاهِدُوْن-

الزَّهِيْد- کم حقیر- مؤنث زَهِيْدَةٌ- کہا جاتا ہے "هُوَزَهِيْدُ الْخُلُقِ" وہ تنگ خو ہے- "هُوَزَهِيْدُ الْعَيْنِ" وہ سیر چشم ہے- تھوڑے پر قناعت کرتا ہے- و "وَادٍزَهِيْدٌ" کم پانی کو لینے والی وادی- ج زُهْدَان-

الزِّهِيْد- بہت بے رغبتی کرنے والا-

الْمُزْهِد- کم مال والا-

زَهَرَ (ف) زُهُوْرًا- السِّرَاجُ او الْقَمَرُ او الْوَجْه : چمکنا- روشن ہونا ___ الشَّيْئُ : صاف رنگ والی ہونا ___ الزَّنْدُ : چقماق سے آگ روشن ہونا- کہا جاتا ہے "زَهَرَتْ بِكَ زِنَادِيْ اَوْنَارِيْ" تمہاری وجہ سے مجھے قوت حاصل ہوئی اور میں معزز ہوا-

زَهِرَ (س) زَهَرًا او زَهُرَ (ک) زُهُوْرَةً- الرَّجُلُ : خوبصورت و بارونق ہونا-

اَزْهَرَ- النَّبَاتُ : کلی نکلنا ___ النَّارَ : آگ روشن کرنا-

اِزْدَهَرَ- روشن ہونا- چمکدار رہنا- بِالْاَمْرِ : نگہداشت کرنا- دل میں رکھنا- کہا جاتا ہے "اِزْدَهِرْ بِهٰذَا فَاِنَّ لَهُ شَانًا" اس کی حفاظت کرو اس لیے کہ اس کیلئے ایک خاص شان ہے-

اِزْهَرَّ و اِزْهَارَّ- النَّبَاتُ : کلی لانا- شگوفہ دار ہونا-

تَزَاهَرَ- السِّرَاجُ و نَحْوُهٗ : چراغ وغیرہ کا روشن ہونا-

الزَّهْرُ و الزَّهَرُ- کلی- شگوفہ- واحد (زَهْرَة و زَهَرَة) زَهْرَةُ الدُّنْيَا : دنیا کی رونق و خوبی- ج اَزْهُر و اَزْهَار و زُهُوْر- جج اَزَاهِر و اَزَاهِيْر- زَهْرُ النَّرْدِ : تاش-

الزُّهْرُ و الزُّهْرَةُ- حاجت- کہا جاتا ہے "قَضَيْتُ مِنْهُ زُهْرِى و زُهْرَتِي" اس سے میں نے اپنی حاجت پوری کی-

الزُّهَر- مہینے کی پہلی تین راتیں (مانند غُرَر کے)

الزُّهْرَة- خوبصورتی-

الزُّهَرَة- ایک سیارہ کا نام- یونانیوں کے علم الاصنام میں اس کو حسن و جمال کی دیوی مانتے تھے-

الزَّاهِر- فا- خوشنما پودہ- چمکدار صاف رنگ والا- کہا جاتا ہے "اَحْمَرُ زَاهِرٌ" بہت سرخ-

الزَّاهِرِيَّة- ناز کی چال- کہا جاتا ہے "هُوَيَمْشِي الزَّاهِرِيَّة" وہ ناز سے چلتا ہے-

الْاَزْهَر- روشن- صاف رنگ والا- روشن چہرہ والا- جمعہ کا دن- تازہ دودھ- سپید رنگ کا شیر- چاند- جنگلی بیل- مؤنث زَهْرَاء ج زُهْر-

الْاَزْهَرَان- آفتاب و ماہتاب-

الزَّهْرَاوَان- مِنْ سُوَرِ الْقُرْآن : سورۂ بقرہ و سورۂ آلِ عمران-

الزَّهَّار- بہت چمکدار- کہا جاتا ہے "نَجْمٌ زَهَّارٌ وَقَمَرٌ نَوَّارٌ"

الْمُزْهِر- فا- مہمانوں کیلئے آگ روشن رکھنے والا-

الْمِزْهَر- ایک قسم کا باجا- ج مَزَاهِر-

زَهْرَفَ- الشَّيْئَ : کھوٹا بنانا-

زَهْزَقَ- الرَّجُلُ : بہت ہنسنا- زَهْزَقَتِ الْاُمُّ وَلَدَهَا : ماں کا بچہ کو کدانا-

الزَّهْزَق- کمینہ- فرومایہ-

زَهَفَ (ف) زُهُوْفًا- الرَّجُلُ : ذلیل ہونا- ہلاک ہونا- جھوٹ بولنا ___ لِلْمَوْتِ او اِلَى الْمَوْتِ : قریب المرگ ہونا-

زَهِفَ (س) زَهَفًا- لِلشَّيْئِ : جلدی کرنا- چست ہونا-

اَزْهَفَ- اِلَيْهِ الطَّعْنَةَ : قریب کرنا-

اَزْهَفَهُ الطَّعْنَةُ : قریب بہ ہلاکت کرنا- اَزْهَفَ عَلَى الْجَرِيْحِ : حملہ کرکے فوراً مار ڈالنا ___ الرَّجُلُ : جھوٹ بولنا- خیانت کرنا- چغل خوری کرنا- برائی کی طرف جلدی کرنا ___ فُلَانًا- ذلیل کرنا- کسی کے ساتھ بدی کرنا- ہلاک کرنا ___ الشَّيْئَ : ڈھیلا کرنا- جلدی کرانا- لے جانا- خراب کرنا- ___ ہ بِالشَّرِّ : برائی پر اکسانا ___ بِمَا طَلَبَهُ : پورا کرنا ___ بِالشَّيْئِ : تعجب کرنا ___ الْخَبَرَ : خبر میں زیادتی کرنا ___ لَهُ حَدِيْثًا : جھوٹی بات بیان کرنا ___ اِلَيْهِ حَدِيْثًا : قول ردی کی نسبت کرنا-

اِنْزَهَفَتِ- الدَّابَّةُ : مار وغیرہ سے اچھلنا-

تَزَهَّفَ- عَنْهُ : اعراض کرنا-

اِزْدَهَفَ- اِلَى الْمَوْتِ : موت سے قریب ہونا ___ عَنْهُ : اعراض کرنا ___ الشَّيْئَ : منحرف ہونا ___ ہ : جلدی کرانا- ہلاک کرنا ___ ہ الدَّابَّةُ : جانور کا گرا دینا ___ الشَّيْئَ وبِهِ : لے جانا ___ الْعَدَاوَةَ و بِهَا : دشمنی اختیار کرنا ___ الْحِمْلَ : بوجھ اٹھانا ___ فُلَانٌ : بدی میں گھسنا- گفتگو میں زیادتی کرنا ___ فِي كَلَامِهِ : سختی کرنا اور آواز بلند کرنا-

زَهَقَ (ف) زُهُوْقًا- الْعَظْمُ : ہڈی کا مغز سے پر ہونا ___ الْبَاطِلُ : نیست و نابود ہونا- کمزور ہونا (___ زَهْقًا و زُهُوْقًا) النَّفْس : ___ روح کا جسم سے نکلنا (___ الرَّاحِلَةُ : سواری کا آگے بڑھنا ___ الشَّيْئُ : تباہ ہونا- ہلاک ہونا ___ السَّهْمُ : تیر کا نشانہ سے گزر جانا-

اَزْهَقَ- الْعَظْمُ : ہڈی کا مغز سے پر ہونا- ___ الْاِنَاءَ : برتن بھرنا ___ الْبَاطِلَ : باطل کو نیست و نابود کرنا ___ السَّهْمَ : تیر کا نشانہ سے گزارنا ___ النَّاقَةُ السَّرْجَ : زین کو آگے بڑھا کر گردن پر ڈال لینا ___ فِي السَّيْرِ : تیز چلنا-

زَاهَقَ- الْحَقُّ الْبَاطِلَ : حق کا باطل کو نیست و نابود کرنا ___ الْاِنَاءَ : برتن کو الٹ دینا-

اِنْزَهَقَ- آگے بڑھنا- اِنْزَهَقَتِ الدَّابَّةُ : مار وغیرہ سے اچھلنا-

الذَّاهِق- پست زمین ___ والذهق گڑھا-

الزَّاهِق- فا- موٹا جانور- قوی- لاغر (ضد) شکست خوردہ ___ مِنَ السِّهَام : نشانہ سے تجاوز کرنے والا تیر ___ مِنَ الْمِيَاهِ : تیز بہنے والا پانی- ج زُهْق و زُهُق (___ و الزَّهُوْق) ہلاک ہونے والا- باطل- گہرا کنواں-

الزَّهِق- پھرتیلا- سبک-

فَرَسٌ (زَهُقِی) سبقت لے جانے والا گھوڑا۔
الزَّاهِقَة۔ الزّاهِق کا مؤنث۔ بِئْرٌ زَاهِقَةٌ: گہرا کنواں۔
الزُّهَاق والزَّهَاق۔ مقدار۔ تقریباً۔ کہا جاتا ہے "عِنْدِی زُهَاقَ مِائَةِ دِینَارٍ" میرے پاس تقریباً سو دینار ہیں۔
جَاءَتِ الْخَیْلُ (اَزَاهِق وَ اَزَاهِیْق) گھوڑوں کی متفرق جماعتیں آئیں۔
الْاُزْهُوْقَة۔ عجیب قسم کی دوڑ۔ ج اَزَاهِیق کہا جاتا ہے "فَرَسٌ ذَاتُ اَزَاهِیْق" عجیب قسم سے دوڑنے والا گھوڑا۔
المَزْهَقَة۔ سبب بطلان۔ سبب ہلاکت۔ کہا جاتا ہے "جَمَلٌ مَزْهَقَة لِأَرْوَاحِ المَطِی" اونٹ سواریوں کی روح کیلئے باعث ہلاکت ہیں۔ یعنی سواریاں پوری کوشش کرتی ہیں اور اونٹوں کے ساتھ لاحق نہیں ہوتیں۔
زَهَكَ (ف) زَهْكًا۔ کوٹنا ــــ الرِّیحُ الْاَرْضَ: ہوا کا خاک کو اُڑانا۔
زَهِلَ (س) زَهَلًا۔ الشَّیْئُ: سفید و چکنا ہونا۔
زَهَلَ (ف) زَهْلًا۔ عَنِ الشَّیْئِ: دور ہونا۔
الزَّاهِل۔ فا۔ مطمئن دل والا۔
الزُّهْلُوْل۔ چکنا۔ ج زَهَالِیْل۔
رَجُلٌ (زَهْلَب) سبک داڑھی والا مرد۔
زَهْلَج زَهْلَجَةً۔ ایک دوسرے کے ساتھ نرمی کرنا۔
تَزَهْلَجَ۔ الرُّمْحُ: نیزے کا سیدھا لگنا۔
زَهْلَفَ۔ الشَّیْئَ: جاری کرنا۔ جائز رکھنا۔
زَهْلَقَ۔ الشَّیْئَ: چکنا و سفید کرنا۔ کہا جاتا ہے "زَهْلَقَ لَهُ الْحَدِیْثَ" اس نے اس کو نرم گفتگو سے مخاطب کیا۔
تَزَهْلَقَ۔ چکنا و سفید ہونا و تَزَهْلَقَ الْحَیَوَانُ" موٹا ہونا۔
الزِّهْلِق۔ چکنا۔ ہلکا پھلکا تیز آدمی۔ تیز ہوا۔ بتی کی لو کی جگہ۔ حِمَارٌ زِهْلِق: ہموار پیٹھ و موٹا گدھا۔ ج زَهَالِق۔
الزُّهْلُوْق۔ موٹا۔
زَهَمَ (ن) زَهْمًا و اَزْهَمَ۔ العَظْمُ: ہڈی کا پُر مغز ہونا۔ زَهَمَه عَنْ كَذَا: روکنا۔ زَهَمَ الرَّجُلُ عَلَیْهِ: بہت باتیں کہنا۔
زَهِمَ (س) زَهَمًا۔ بد ہضمی والا ہونا۔ صفت (زَهْمَان) چکناہٹ والا چربی دار ہونا۔ صفت (زَهِمٌ) مؤنث زَهِمَةٌ۔
زَاهَمَهُ۔ باہم دشمنی کرنا۔ باہم دوستی کرنا۔ ایک دوسرے سے جدا ہونا۔ ایک دوسرے کے قریب ہونا۔ (ضد)
الزُّهْم۔ بدبودار ہوا۔ چربی۔ ایک خوشبو کا نام جو الزباد کے نام سے مشہور ہے۔ (دیکھئے لفظ الزَّبَاد)
الزُّهْمَة و الزُّهُوْمَة و الزَّهَم۔ سڑے ہوئے گوشت کی بدبو۔
زَهَا (ن) زَهْوًا و زُهُوًّا و زَهَاءً۔ چمکنا۔ روشن ہونا۔ بڑھنا۔ نشو و نما پانا ــــ النَّخْلُ: درخت خرما کا لمبا ہونا ــــ البُسْرُ: رنگ پکڑنا ــــ الغُلَامُ: لڑکے کا جوان ہونا ــــ النَّبْتُ: پھل دار ہونا ــــ الشَّاة بکری قریب ولادت کی وجہ سے تھن والی ہونا ــــ الرِّیحُ: چلنا ــــ الرَّجُلُ: جھوٹ بولنا۔ تکبر کرنا۔ (زَهَا (ن) زَهْوًا) فُلَانًا: حقارت کرنا ــــ الكِبْرُ فُلَانًا: خود پسند بنانا۔ زَهَا السِّرَاجَ: روشن کرنا۔
ــــ الرِّیحُ النَّبَاتَ: تر شدہ گھاس میں ہوا کی وجہ سے لہلہاہٹ ہونا ــــ الْاَمْوَاجُ السَّفِیْنَةَ: موجوں کا کشتی کو بلند کرنا ــــ فُلَانٌ بِالسَّیْفِ: تلوار چمکانا ــــ فُلَانًا بِالعَصَاءِ: لاٹھی سے مارنا ــــ السَّرَابُ الْاَكَمَةَ یَزْهَاهَا: نمایاں کرنا۔ (یَزْهُوْهَا مستعمل نہیں ہے۔)
زُهِیَ۔ الرَّجُلُ بِكَذَا: تکبر کرنا۔
اَزْهَی۔ تکبر کرنا ــــ النَّخْلُ: لمبا ہونا ــــ البُسْرُ: رنگ اختیار کرنا۔
زَهَّیٰ۔ البُسْرُ: رنگ اختیار کرنا۔ زَهَّتِ المِرْوَحَةُ الرِّیحَ: پنکھے کا ہوا کو حرکت میں لانا۔
اِزْدَهَی۔ الرَّجُلُ: مغرور بنانا۔ حقارت سے دیکھنا ــــ ہ عَلَی الْاَمْرِ: مجبور کرنا۔ ہ و بِهٖ: حقارت کرنا۔
الزُّهَاء۔ مص ۔ مقدار۔ تقریباً۔ کہا جاتا ہے "عِنْدِی زُهَاءُ خَمْسِیْنَ دِرْهَمًا" میرے پاس تقریباً پچاس درہم ہیں۔
الزَّهْو۔ مص ۔ فخر۔ تکبر۔ غرور۔ جھوٹ و باطل۔ ظلم۔ سرسبز نباتات۔ زرد یا سرخ پکی کھجور۔
(ــــ والزُّهَا) تروتازگی و خوبصورتی۔ زُهَا الدُّنْیَا: دنیا کی زینت و آرائش۔
الزَّهُوُّ۔ زرد یا سرخ پکی کھجور۔
الزَّاهِی۔ فا۔ پر رونق چمکدار چہرے والا۔ مؤنث زَاهِیَةٌ۔
المُزْدَهِی و المَزْهُوُّ۔ متکبر و مغرور۔
زَاءَ یَزُوْءُ زَوْءًا۔ بِهِ الدَّهْرُ: ــــ زمانہ کا پلٹ جانا۔
زَابَ یَزُوْبُ زَوْبًا۔ چپکے سے بھاگ جانا ــــ المَاءُ: جاری ہونا۔
زَاجَ (ن) زَوْجًا۔ بَیْنَهُمْ: بھڑکانا۔ فساد ڈالنا۔
زَوَّجَهٗ۔ اِمْرَاَةً اَوْ بِامْرَاَةٍ او لِامْرَاَةٍ: نکاح کرانا ــــ الشَّیْئَ بِالشَّیْئِ و اِلَیْهِ: ملانا۔
زَاوَجَه۔ باہم میل ملاپ رکھنا۔ باہم قریب ہونا (ــــ و اَزْوَجَ) بَیْنَهُمَا: قریب کرنا۔
تَزَوَّجَ۔ اِمْرَاَةً و بِامْرَاَةٍ: نکاح کرنا ــــ فِی قَوْمٍ: کسی قوم میں نکاح کرنا۔ کہا جاتا ہے "تَزَوَّجَهُ النَّوْمُ" اس کو نیند آگئی۔
اِزْدَوَجَ و تَزَاوَجَ۔ الكَلَامُ: کلام کا ایک حصہ دوسرے حصہ کے سجع یا وزن میں مشابہ ہونا ــــ القَوْمُ: باہم شادی بیاہ کرنا۔
الزَّاج۔ پھٹکری (کلمہ فارسی) عوام "الجاز" کہتے ہیں۔
الزَّوْج۔ شوہر۔ بیوی۔ ساتھی۔ جوڑا۔ کہا جاتا ہے "عِنْدِی زَوْجَا حَمَامٍ" میرے پاس ایک جوڑا کبوتر ہے۔ و اِشْتَرَیْتُ زَوْجَیْ نِعَالٍ" میں نے ایک جوڑہ جوتا خریدا۔ ہر چیز کی قسم۔ ج اَزْوَاج و زِوَجَة۔ جج اَزَاوِیْج۔
الزَّوْجَة۔ بیوی۔ ج زَوْجَات۔
الزَّوَاج۔ شادی بیاہ۔
زَاحَ یَزُوْحُ زَوْحًا و زَوَاحًا ــــ عَنِ المَكَانِ: دور ہونا۔ ہٹنا۔ جانا ــــ العِلَّةُ: زائل ہونا (ــــ زَوْحًا) الإِبِلَ: پراگندہ کرنا۔ جمع کرنا۔ (ضد)
اَزَاحَهٗ۔ جگہ سے ہٹانا ــــ الْاَمْرَ: کام کو پورا کرنا۔ انجام کو پہنچانا۔ کہا جاتا ہے "اَزَاحَهَا

اللهُ العِلَلَ" اللہ تعالیٰ علتوں کو دور کریں۔ و "اَزَحْتُ عِلَّتَه فِيْ مَا احْتَاجَ اِلَيْهِ" یعنی میں نے اس کی ضرورت پوری کر دی۔

اِنْزَاحَ۔ زائل ہونا۔

زَادَ يَزُوْدُ زَوْدًا۔ توشہ لینا۔

اَزَادَهٗ و زَوَّدَهٗ۔ توشہ دینا۔

اِزْدَادَ و اِسْتَزَادَ۔ توشہ مانگنا۔

تَزَوَّدَ۔ توشہ لینا۔ کہا جاتا ہے "تَزَوَّدَ مِنَ الْاَمِيْرِ كِتَابًا اِلٰى عَامِلِهٖ" وہ امیر کا خط اس کے عامل کے پاس لے گیا تاکہ اس سے فائدہ اٹھائے و "تَزَوَّدَ مِنِّيْ طَعْنَةً بَيْنَ اُذُنَيْهِ" یعنی میری جانب سے اس کو دونوں کانوں کے درمیان نیزے کا زخم لگا۔

اَلزَّادُ۔ توشہ۔ زادِ راہ۔ ج اَزْوِدَة و اَزْوَاد۔

اَلْمِزْوَدُ و اَلْمَزَادُ و اَلْمَزَادَةُ۔ توشہ دان۔ ج مَزَاوِد۔ نُفَاضَةُ الْمَزَاوِدِ: توشہ دان کا بچا کھچا۔ یہ خست کے لیے ضرب المثل ہے۔ وَهُمْ مِلَاءُ الْمَزَاوِدِ: وہ لوگ اغنیاء ہیں۔

زَارَهٗ يَزُوْرُهٗ زِيَارَةً و مَزَارًا و زَوْرًا و زُوَارًا و زُوَارَةً و اِزْدَارَهٗ۔ ملاقات کیلئے جانا۔ صفت (زَائِر) ج زَائِرُوْنَ و زُوَّرٌ و زُوَّارٌ مؤنث زَائِرَة ج زُوَّرٌ و زَوْرٌ و زَائِرَات۔

زَارَ زَوَارًا۔ الفَرَسَ: گھوڑے کے ہونٹوں میں زیار باندھنا۔ (دیکھئے لفظ زیار)

زَوِرَ يَزْوَرُ زَوَرًا۔ کج ہونا۔ ٹیڑھے سینہ والا ہونا۔

زَوَّرَ۔ جھوٹ کو آراستہ کرنا ____ الكَلَامَ: باطل ٹھہرانا۔ جھوٹ کی طرف نسبت کرنا ____ الشَّهَادَةَ: شہادت کو باطل قرار دینا ____ نَفْسَهٗ: جھوٹ و بہتان کی علامت لگانا ____ عَلَيْهِ: کسی پر جھوٹ باندھنا ____ عَنْهُ: کسی سے پھر جانا ____ فُلَانًا عَلٰى نَفْسِهٖ: کسی پر تہمت لگانا۔ الشَّيْءَ: درست کرنا، سیدھا کرنا ____ الشَّيْءَ لِنَفْسِهٖ: کسی چیز کو پسند کر کے اپنے لیے خاص کر لینا ____ الزَّائِرَ: عزت و اکرام کرنا۔ تم کہتے ہو "زُرْتُهُمْ فَزَوَّرُوْنِيْ" میں نے ان لوگوں سے ملاقات کی اور انہوں نے میری تعظیم کی ____ القَوْمُ صَاحِبَهُمْ: بھلائی کرنا۔

اَزَارَهٗ۔ زیارت کرنے پر برانگیختہ کرنا ____ الشَّيْءَ: چلانا۔

اِزْدَارَهٗ۔ ملاقات کے لیے جانا۔

تَزَوَّرَ۔ جھوٹ بولنا ____ الشَّيْءَ: کسی چیز کو پسند کر کے اپنے لیے خاص کر لینا۔

تَزَاوَرَ۔ القَوْمُ: ایک دوسرے کی زیارت کرنا۔ کہا جاتا ہے "هُمْ يَتَزَاوَرُوْنَ وَبَيْنَهُمْ تَزَاوُرٌ" وہ آپس میں ایک دوسرے کی زیارت کرتے ہیں (____ و ازْوَرَّ و ازْوَارَّ) عَنْهُ: انحراف کرنا۔

اِسْتَزَارَهٗ۔ ملاقات کے لیے کہنا۔

اَلزَّوْرُ۔ مص۔ سینہ کے درمیان کا بالائی حصہ یا سینہ کی ہڈیوں کے ملنے کی جگہ اور اسی سے ہے "فَرَسٌ عَرِيْضُ الزَّوْرِ" چوڑے سینہ والا گھوڑا۔ اور کہا جاتا ہے "اَلْقٰى زَوْرَهٗ" یعنی اس نے اقامت کر لی۔

اَلزَّوْرُ: پختہ ارادہ عقل۔ خیال جو خواب میں آئے۔ زیارت کرنے والا (واحد تثنیہ جمع، مذکر، مؤنث سب کیلئے) کہا جاتا ہے رَجُلٌ زَوْرٌ اِمْرَاَةٌ زَوْرٌ و رِجَالٌ زَوْرٌ و نِسَاءٌ زَوْرٌ۔ سردار۔ رئیس۔ درخت خرما کی شاخ کہ جس میں پتے ابھی نہ نکلے ہوں۔ پتھر جو کنواں کھودتے وقت نکل آئے اور اس کو توڑ نہ سکیں اور چھوڑ دیں۔

اَلزُّوْرُ۔ عقل۔ جھوٹ۔ باطل۔ اللہ کے ساتھ شریک ٹھہرانا۔ قوت۔ کہا جاتا ہے "مَا لَهٗ زُوْرٌ وَلَا صَيُّوْرٌ" نہ تو اس کے اندر قوت ہے اور نہ کوئی رائے جس کی طرف رجوع کیا جائے۔ رائے۔ سردار۔ رئیس۔ کھانے کی لذت۔ کپڑے کی نرمی و صفائی۔ راگ و گانے کی مجلس۔ یہودیوں و نصرانیوں کی عیدیں۔

اَلزَّوَرُ۔ مص۔ کجی۔ سینہ کے بالائی حصہ کی کجی۔

اَلزِّيْرُ۔ مٹکا۔ کتاں۔ باریک تانت۔ عادت۔ عورتوں سے بغیر ارادہ و بدی کے بات چیت کرنے کو پسند کرنے والا۔ ج اَزْوَار و اَزْيَار و زِيَرَة۔

اَلزِّيْرَةُ۔ ملاقات کی ہیئت۔ کتاں کا ٹکڑا۔

اَلزِّيَارُ۔ دو لکڑیاں جن سے سلوتری گھوڑے کے ہونٹوں کو دبا کر قابو میں کرتا ہے۔ اس سے فعل کا اشتقاق کرتے ہیں اور کہتے ہیں زَيَّرَ الفَرَسَ (____ و الزِّوَارُ) ہر وہ چیز جس سے دوسری چیز کی درستی ہو۔ سینہ بند اور تنگ کے درمیان کی رسی۔ ج اَزْوِرَة۔

الزِّيْرُ۔ غضبناک۔

الزَّارَةُ۔ اونٹوں کا گلہ۔ بانس، نرکل وغیرہ کی جھاڑی جس میں پانی بھی ہو (____ و الزَّاوِرَةُ و الزَّاوُوْرَةُ و الزَّاوُوْزَةُ) پوٹا۔ زَاوُرَةُ القَطَا: قطا پرندہ کا وہ حصہ جس میں وہ اپنے بچوں کیلئے پانی لے جائے۔

الزَّوَرُّ۔ سخت چال۔ سخت۔ سفر کے لیے تیار کیا ہوا اونٹ (____ و الزَّوِيْرُ و الزُّوَيْزُ) سردار قوم۔ رئیس قوم۔

الزَّوْرَةُ۔ زار کا اسم مرۃ۔ دوری۔ اونٹنی جو شدت و صلابت کی وجہ سے کنکھیوں سے دیکھے۔

الاَزْوَرُ۔ ٹیڑھے سینے والا۔ باریک وسط سینہ والا۔ مائل ہونے والا۔ ترچھی نظر سے دیکھنے والا۔ مؤنث زَوْرَاء۔ ج زُوْرٌ۔ کہا جاتا ہے "قَوْمٌ عَنْ مَوَاقِفِ الحَقِّ زُوْرٌ" حق کے مواقع سے ہٹی ہوئی قوم۔

الزَّوْرَاءُ۔ گہرا کنواں۔ کمان۔ پیالہ۔ چاندی کا برتن۔ شہر بغداد۔ دجلہ بغداد۔ فَلَاةٌ زَوْرَاءُ: دور دراز بیابان۔ كَلِمَةٌ زَوْرَاءُ: گھٹیا بات۔ مَنَارَةٌ زَوْرَاءُ: ٹیڑھا منارہ۔

الزَّوَّارُ و الزُّوَّرُ۔ بہت ملاقات کرنے والا۔

المَزَارُ۔ مص۔ ملاقات۔ زیارت کرنے کی جگہ۔ ج مَزَارَات۔

الزَّوْرَقُ۔ ڈونگی۔ چھوٹی کشتی۔

الزَّوْشُ۔ کمینہ غلام۔

الاَزْوَشُ۔ متکبر و مغرور۔

زَوَّطَ۔ بڑے لقمے بنانا۔

زَاعَ يَزُوْعُ زَوْعًا۔ فُلَانًا: روکنا۔ آگے دھکیلنا ____ الدَّابَّةَ: جانور کو تیز چلانے کے لیے لگام ہلانا ____ الشَّيْءَ: موڑنا لَهٗ مِنَ البِطِّيْخَةِ (زَوْعَةً) خربوزے کی قاش اتار کر دینا ____ و تَزَوَّعَ اللَّحْمُ: گوشت کا پٹھے سے اتر جانا۔

زَوَّعَ۔ الاِبِلَ: متفرق کرنا۔ پراگندہ کرنا۔

الزَّوْعَةُ۔ لوگوں کی ایک جماعت ____ مِنَ البِطِّيْخَةِ و نَحْوِهَا: خربوزہ وغیرہ کی پھانک، قاش ____ مِنَ النَّبْتِ: گھاس کا وہ حصہ جو خشک ہونے لگے۔

الزَّاعة۔ پولیس کی جماعت (جمع ہے مثل باعة۔وسادة کے)

الزَّوْع و الزُّوَع۔ مکڑی۔

زَاغَ يَزُوْغُ زَوْغًا۔ الشَّيْءَ : کسی چیز کو جھکانا ___ النَّاقَةَ :اونٹنی کو مہار سے کھینچنا۔(___ زَوْغًا وزَوَغَانًا) مائل ہونا۔ ظلم کرنا ___ البَصَرُ :نگاہ میں خلل ہونا۔

اَزَاغَه اِزَاغَةً۔ جھکانا۔

الزَّاغ۔ کوا۔

زَافَتْ تَزُوْفُ زَوْفًا۔ الحَمَامَةُ :کبوتر کا بازو و دم کو پھیلا کر زمین پر کھینچنا ___ الطَّائِرُ فِي الهَوَاءِ :پرندہ کا فضا میں گولائی میں اڑنا ___ الرَّجُلُ :مرد کا ہاتھ پاؤں چھوڑ کر اعضاء ڈھیلے کر کے چلنا ___ المَاءُ : پانی کا بلبلے والا ہونا (___ وتَزَاوَفَ)اپنے آپ کو ہلکا پھلکا کرنے کے لیے ورزش کی مشق کرنا۔

الزُّوُوْف۔ چلنے میں ڈھیلاپن۔

الزُّوْفَى و الزُّوْفَاء۔ ایک دوا کا نام۔ موت (زُوَاف)جلدی کی موت۔

زَوَّقَ۔ الكَلَامَ: آراستہ کرنا۔ مزین کرنا ___ البَيْتَ : نقش و نگار کرنا ___ الدِّرْهَمَ پارہ کا طمع کرنا۔

الزَّوَاق۔ لڑکی کی زینت۔

الزَّوَّقَة۔ گھروں میں نقش و نگار کرنے والے۔

الزَّاوُوْق و الزَّاوُوْق۔ پارہ۔

زَاكَ يَزُوْكُ زَوْكًا و زَوَكَانًا۔ مونڈھوں کو حرکت دینا اور ٹانگوں کو کشادہ کرنا۔ تکبر سے چلنا۔

تَزَاوَكَ تَزَاوُكًا۔ شرم کرنا۔

الزَّوْك۔ مص۔ کوے کی چال۔

زَالَ يَزُوْلُ زَوْلًا و زَوَالًا و زَوَلَانًا و زُؤُوْلًا و زُوُوْلًا و زَوِيْلًا۔ جاتا رہنا۔ پھر جانا اور اسی سے ہے "زَالَ عَنْه مُلْكُه" اس کی سلطنت جاتی رہی۔ جدا ہونا۔ ہلاک ہونا ___ زَوْلًا: حرکت کرنا اور اسی سے ہے "اَرَى النُّجُوْمَ تَزُوْلُ وَلَا تَغِيْبُ" یعنی میں دیکھ رہا ہوں کہ ستارے حرکت کر رہے ہیں اور غائب نہیں ہوتے۔ و "فُلَانٌ يَزُوْلُ فِي النَّاسِ" فلاں لوگوں میں بہت چلتا پھرتا ہے۔

زَالَت (ن) زَوَالًا و زُؤُوْلًا و زَوَلَانًا و زِيَالًا۔ الشَّمْسُ : آفتاب کا ڈھلنا۔ الخَيْلُ بِرُكْبَانِهَا : لے کر اٹھنا اور اسی سے ہے "زِيْلَ بِنَعْشِه" یعنی اس کی نعش اٹھائی گئی۔ کہا جاتا ہے "زَالَ زَائِلُ الظِّلِّ" یعنی دوپہر ہوگئی۔ و "زَالَ اَوْزِيْلَ زَوِيْلُه وزَوَالُه" ڈر اور خوف کی وجہ سے اس کی جانب جھک گئی۔

اَزَالَهُ و زَوَّلَهُ و اِزْدَالَهُ۔ ہٹانا۔ کہا جاتا ہے "اَزَالَ اللّٰهُ زَوَالَهُ" یعنی اللہ اسے ہلاک کرے۔ زَوَّلَ الشَّيْءَ : کسی چیز کو لانا۔

زَاوَلَهُ۔ کوشش کرنا۔ قصد کرنا۔ تلاش کرنا۔

تَزَوَّلَ۔ الشَّيْءَ : کسی چیز کو لانا ___ الغُلَامُ : لڑکے کا انتہائی زیرک و ظریف ہونا۔

تَزَاوَلَ۔ القَوْمُ :باہم کوشش کرنا۔

اِنْزَالَ۔ عَنْه :جدا ہونا۔

اِزْوَلَّ اِزْوِلَالًا۔ الشَّيْءُ :زائل ہونا۔

الزَّوْل۔ مص ۔ تعجب۔ عجیب۔ کہا جاتا ہے "سَيْرٌ زَوْلٌ" یعنی عجیب سیر۔ و "شَتْوَةٌ زَوْلَةٌ" عجیب سردی۔ الزَّوْل : وجود انسانی۔ فیاض مرد سبک و ظریف وزیرک۔ بہادر۔ بلا۔ ج۔ اَزْوَال۔

الزَّوَال۔ مص۔ سورج کا ڈھلنا۔ کہتے ہیں "السَّاعَةُ الرَّابِعةُ زَوَالِيَّةً۔"

الزَّائِل۔ فا۔ کہا جاتا ہے "لَيْلٌ زَائِلُ النُّجُوْمِ" یعنی لمبی رات۔

الزَّوَّال۔ بہت حرکت کرنے والا۔

الزَّائِلَة۔ الزائل کا مؤنث۔ زندہ یا متحرک چیز۔ ج زَوَائِل۔ الزَّوَائِل :ستارے۔ عورتیں۔ شکار۔

الزَّوِيْل۔ مص۔ حرکت۔ جانب۔

المِزْوَلَة۔ دھوپ گھڑی۔ ج مَزَاوِل۔

زَامَ يَزُوْمُ زَوْمًا۔ الرَّجُلُ : مرنا۔

الزَّام۔ ہر چیز کی چوتھائی۔ زَامٌ مِنَ النَّهَارِ :دن کی چوتھائی۔ زَامَانٌ مِنَ النَّهَارِ :دن کا نصف حصہ۔

الزَّامَة۔ جماعت۔ گروہ۔ ج زَامَات۔

الزُّوْم۔ عِنْدَ العَامَّةِ : عوام کے نزدیک کسی چیز کا شیرہ یا نچوڑا ہوا اور اس کے لیے فصیح لفظ النسغ ہے۔ وہ پانی جس سے کپڑا دھویا جائے اور اس کیلئے فصیح لفظ الغُسَالَة ہے۔

الزُّوَيْم۔ ہر چیز کا ڈھیر۔

زَوْمَلَ۔ الاِبِلَ :اونٹوں کو ہانکنا۔

الزَّوْمَلَة۔ مص۔ گدھے مع بوجھوں کے۔ کہا جاتا ہے "هُوَ ابْنُ زَوْمَلَتِهَا" وہ اس کا جاننے والا ہے۔

الزَّوَان۔ بدہضمی۔

الزُّوْن و الزُّوَن و الزُّوَن۔ پستہ قد۔ الزُّوْن :بت یا مندر۔

الزَّوْنَة۔ زینت۔ سمجھدار عورت۔

الزِّوَان و الزُّوَان و الزَّوَان۔ دیکھئے الزُّؤَان بِالهَمْزَةِ۔

زَوَى يَزْوِي زُوِيًّا و زَيًّا۔ الشَّيْءَ :جدا کرنا۔ یکسو کرنا۔ روکنا۔ جمع کرنا۔ قبضہ کرنا ___ المَالَ وغیرہ :اکٹھا کرنا عَنْهُ السِّرَّ :راز کو پوشیدہ رکھنا ___ عَنْه حَقَّهُ : کسی کا حق روک لینا۔ الدَّهْرُ القَوْمَ :زمانہ کا قوم کو تباہ و برباد کرنا۔

زَوَّى و تَزَوَّى و انْزَوَى۔ گوشہ نشین ہونا۔

تَزَوَّى و انْزَوَى : سکڑنا۔ زَوَّى الكَلَامَ : دل میں سوچنا۔ اِنْزَوَى القَوْمُ بَعْضُهُمْ اِلَى بَعْضٍ : سمٹنا۔ ایک دوسرے کے قریب ہونا۔

الزَّاوِيَة۔ مِنَ البَيْتِ : گوشہ۔ ج زَوَايَا۔ والزَّاوِيَة: عِنْدَ الحجارين و النجارين وغيرهم :دو مستقیم ضلعوں کا ایک آلہ کہ جس کے ضلعوں کا ایک ایک سرا باہم اس طرح جڑا ہوا ہوتا ہے کہ ان کا درمیانی گوشہ زاویہ قائمہ بن جاتا ہے۔

تَزَيَّبَ۔ لَحْمُهُ :گوشت کے لوتھڑے بننا۔

الزَّيْب۔ ہوا کی تیزی۔

رَجُلٌ (زَيْبٌ و اَزْيَبٌ) بہادر و دلیر مرد۔

الاَزْيَب۔ شادماں۔ پست قدم۔ قریب قریب قدم رکھنے والا۔ کمینہ۔ منہ بولا بیٹا۔ اجنبی۔ امرد۔ بلا مصیبت۔ دشمنی۔ بہت پانی۔ شادمانی۔ سیمی۔ جنوبی ہوا۔

الاِزْيَبُ۔ شدید۔ بخیل۔

الزِّيْبَق۔ پارہ۔

زَاتَ يَزِيْتُ زَيْتًا و زَيَّتَ۔ الطَّعَامَ : کھانے میں زیتون کا تیل ڈالنا ___ الشَّيْءَ : کسی چیز پر زیتون کا تیل لگانا ___ القَوْمَ :لوگوں کو زیتون کا تیل کھلانا یا توشہ دینا۔

اَزَاتَ اِزَاتَةً۔ بہت تیل والا ہونا۔

اِزْدَاتَ اِزْدِیَاتًا۔ روغن زیتون ملنا۔

اِسْتَزَاتَ۔ روغن زیتون طلب کرنا۔

اَلزَّیْت۔ مص۔ زیتون کا تیل۔ ج زُیُوْت و (اَلزَّیَّات) تیلی۔ زیت کا اطلاق مطلقاً تیل کیلئے بھی ہوتا ہے۔ چاہے وہ کسی چیز کا ہو۔

اَلزَّیْتُوْن۔ زیتون کا درخت۔ زیتون کا پھل۔ واحد زَیْتُوْنَةٌ۔

اَلزَّیْتُوْنِی۔ زیتون کے رنگ والا۔

اَلمَزِیْت و اَلمَزْیُوْت۔ جس میں تیل استعمال کیا گیا ہو۔

اَلزِیْج۔ معماروں کی ڈوری جس سے وہ دیوار کی ہمواری کا اندازہ کرتے ہیں۔ علم نجوم کی اصطلاح میں وہ جدول جو سیاروں کی رفتار بتاتی ہے۔ جنتری۔ ج زِیْجَات و زِیَجَة (دخیل)

زَاحَ یَزِیْح زَیْحًا و زُیُوْحًا و زِیُوْحًا و زَیَحَانًا و اِنْزَاحَ۔ دور ہونا۔ چلے جانا۔ زَاحَ اللِثَامَ: نقاب اُتارنا۔ کھولنا۔

اَزَاحَهٗ۔ دور کرنا۔ لے جانا۔

اَلمَزَاح۔ دور چلے جانے کی جگہ۔

زَاخَ یَزِیْخ زَیْخًا و زَیَخَانًا۔ ظلم کرنا۔ علیحدہ ہونا۔

اَزَاخَهٗ۔ علیحدہ کرنا۔

تَزَیَّخَ۔ فروتنی کرنا۔

زَادَ یَزِیْدُ زَیْدًا و زِیْدًا و زَیَدًا و زِیَادَةً و مَزِیْدًا و زَیْدَانًا۔ بڑھنا۔ زیادہ ہونا ــــ الشَیَٔ: بڑھانا، زیادہ کرنا ــــ فُلَانٌ: زیادہ دینا۔

زَایَدَ۔ بڑھنے میں مقابلہ کرنا۔

تَزَیَّدَ۔ السِعْرُ: بھاؤ گراں ہونا ــــ الرَجُلُ فِیْ حَدِیْثِهٖ: واقع سے زیادہ بیان کرنا ــــ فِیْ الشَیِٔ: بڑھانے میں تکلف کرنا۔

تَزَایَدَ۔ فِیْ حَدِیْثِهٖ: واقعہ سے زیادہ بیان کرنا۔ تَزَایَدُوْا فِیْ ثَمَنِ السِلْعَةِ: ایک دوسرے سے بڑھ کر بولی دینا۔

اِزْدَادَ۔ زیادہ ہونا۔ زیادہ کرنا ــــ زیادہ طلب کرنا۔

اِسْتَزَادَهٗ۔ زیادہ طلب کرنا۔ کوتاہی کرنے والا سمجھنا اور شکایت کرنا۔

اَلزَّائِد۔ فا۔ مؤنث زَائِدَة۔ زَائِدَةُ الکَبِد: جگر کا چھوٹا سا ٹکڑا جو اسی کے ساتھ ایک جانب میں ہوتا ہے۔ ج زَوَائِد۔ و الزَوَائِد مِنَ الاَسْنَانِ: کچلیوں کے قریب والے دانت۔

اَلزِیَادَة۔ مص۔ جو چیز بڑھائی جائے۔ ج زِیَادَات و زَیَائِد و زِیَادَةُ الکَبِد: بمعنی زَائِدَةُ الکَبِد۔

اَلزَّیْد و الزِیْد۔ زیادتی۔ بڑھاؤ۔ کہا جاتا ہے "هُمْ زَیْدٌ عَلٰی مِائَةٍ" وہ سو سے زائد ہیں۔

اَلمَزِیْد۔ مص و مفع۔ کہا جاتا ہے "لَا مَزِیْدَ عَلٰی هٰذَا الاَمْرِ" یعنی اس معاملہ میں زیادہ گنجائش نہیں۔

اَلمَزَادَة۔ توشہ دان۔ چمڑے کے کئی ٹکڑے ملا کر ایک تھیلا سا بناتے ہیں جس میں پانی رکھتے ہیں۔

زَیْرٌ۔ دیکھئے مادہ (زور)

اَلزِیْز۔ ایک کیڑا جو درختوں پر رہا کرتا ہے اور زیز زیز کی آواز نکالتا ہے۔

اَلزَیْزٰی و الزَیْزَاء و الزِیْزَاء و الزَّازِیَة۔ چھوٹا سا ٹیلہ یا سخت زمین۔ پر یا اس کے کنارے۔ ج الزَیَازِی۔

اَلزَیَازِیَة۔ پپیہ۔

اَلزَیْزَفُوْن۔ ایک درخت ہے جس کے پھول کو پانی میں بھگو کر دواءً استعمال کرتے ہیں۔ اور امثال عرب میں سے ہے "هُوَ کَالزَیْزَفُوْنِ یُزْهِرُ وَلَا یُثْمِرُ" وہ زیزفون کی مانند ہے پھول تو دیتا ہے' پھل نہیں۔

زَاطَ یَزِیْطُ زَیْطًا و زِیَاطًا۔ شور مچانا اور بہت جھگڑنا۔ صفت (زَیَّاط)

زَاغَ یَزِیْغُ زَیْغًا و زَیَغَانًا و زَیْغُوْغَةً: جھکنا۔ ٹیڑھا ہونا ــــ البَصَرُ: نگاہ کا تھکنا۔

زَیَّغَهٗ۔ ٹیڑھا کرنا۔ کجی درست کرنا۔

اِزَاغَهٗ۔ عَنِ الطَرِیْقِ: بد راہ کرنا ــــ الرَجُلَ: کجی میں ڈالنا۔

تَزَایَغَ۔ جھکنا۔

اَلزَّائِغ۔ فا۔ ج زَاغَة و زَالِغُوْنَ۔

اَلزَّاغ۔ ایک قسم کا کوا جس کے پیٹ اور پیٹھ کے پر کچھ سفیدی مائل ہوتے ہیں۔ اور ایک قسم ہے اَلزَّاغُ الجِیْفِی جو مردار کھاتا ہے۔ ج زِیْغَان۔

اَلزَّیْغ۔ مص۔ حق سے انحراف۔ شک۔

اَلزُیُوْغ۔ جھکاؤ۔

زَافَت (ض) زُیُوْفًا۔ الدَرَاهِمُ: کھوٹے ہونا۔ (زَافَ زَیْفًا) الدرَاهِمَ: کھوٹے کرنا یا کھوٹے سمجھنا ــــ الحَائِطَ: دیوار پھاندنا (ــــ زَیْفًا و زَیَفَانًا) مٹک کر چلنا ــــ البَعِیْرُ: اونٹ کا جھکتے ہوئے دوڑنا۔

زَیَّفَ۔ الدَرَاهِمَ: کھوٹے بتانا یا سمجھنا۔ الرَجُلَ: حقارت کرنا ــــ البِنَاءُ: بلند ہونا۔

تَزَیَّفَت۔ الدَرَاهِمُ: کھوٹے ہونا۔

اَلزَّائِف۔ فا۔ شیر ــــ مِنَ الدَرَاهِمِ: کھوٹا درہم۔ ج زُیَّف و زُیُوْف۔

اَلزِیْف۔ چھجہ جو دیوار کی حفاظت کیلئے ہوتا ہے۔ کنگرہ۔ سیڑھی کے پائے۔ ج زِیَاف و اَزْیَاف و زُیُوْف۔ اور کہا جاتا ہے "دِرْهَمٌ زَیْفٌ" کھوٹا درہم۔

اَلزَیَّاف۔ مٹک کر چلنے والا۔ شیر۔ مؤنث زَیَّافَة۔

زَیَّقَ۔ الثَوْبَ: کپڑے میں گوٹ لگانا۔

تَزَیَّقَتِ۔ المَرْاَةُ: زینت کرنا۔ سرمہ لگانا۔

اَلزِیْق۔ مِنَ الثَوْبِ: کپڑے کی گوٹ۔ معماروں کی ڈوری جس سے وہ دیوار کی ہمواری کا اندازہ کرتے ہیں۔

زَاکَ (ض) زَیَکَانًا۔ ناز و تکبر سے چلنا۔

اَلزِیْک۔ چھوٹے جواہر جو بڑے جوہر کے گرد اگرد جڑے ہوئے ہوں۔

زَالَهٗ یَزَالُهٗ و یَزِیْلُهٗ زَیْلًا۔ عَنْ مَکَانِهٖ: ہٹانا۔ علیحدہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "مَازِلْتُ اَفْعَلُ" میں ہمیشہ کرتا رہا۔ و مَازِلْتُ بِزَیْدٍ و مَازِلْتُ زَیْدًا حَتّٰی فَعَلَ" میں ہمیشہ زید کے ساتھ لگا رہا یہاں تک کہ اس نے کر دیا۔ و "زِلْتُ اَفْعَلُ" بمعنی "مَازِلْتُ اَفْعَلُ" حرفِ نفی کی تقدیر سے اور یہ قلیل الاستعمال ہے۔

اَزَالَهٗ اِزَالَةً و اِزَالًا۔ عَنْ مَکَانِهٖ: ہٹانا۔

زَیَّلَهٗ۔ متفرق کرنا۔ پراگندہ کرنا۔

زَایَلَهٗ۔ باہم دگر جدا ہونا۔

تَزَایَلُوْا و تَزَیَّلُوْا۔ پراگندہ ہونا۔ جدا ہونا ــــ عَنْهُ: شرم کرنا۔ کہا جاتا ہے "اَنَا اَتَزَایَلُ عَنْکَ فَلَا اَتَجَاسَرُ عَلَیْکَ" میں تم سے شرم کرتا ہوں اس لیے میں تمہارے سامنے دلیری نہیں کر سکتا۔

الزَّيَل - دونوں رانوں کے درمیان کی دوری۔
الأَزْيَل - دونوں رانوں کے درمیان فاصلہ والا۔ رَجُلٌ (مِزْيَلٌ ومِزْيالٌ) خوش طبع۔ زیرک۔
زَامَ يَزِيمُ ويَزَامُ زَيْمًا۔ لِفُلاَنٍ فَاسْكَتَه: ایک کلمہ بول کر خاموش کر دینا۔
تَزَيَّمَتِ۔ الخَيْلُ وغَيْرُهَا: گھوڑے وغیرہ کا پراگندہ ہونا ــــ اللَّحْمُ: گوشت کا ٹکڑے ٹکڑے ہونا۔ آپس میں گتھا ہوا ہونا۔
الزِيمَة۔ گوشت وغیرہ کا ٹکڑا۔ ج زِيَمٌ۔
زَانَه يَزِينُهُ زَيْنًا۔ زینت دینا ــــ الشَيَ: خوبصورت بنانا۔ آراستہ کرنا۔
زَيَّنَهُ تَزْيِينًا وأَزَانَهُ إِزَانَةً وأَزْيَنَهُ إِزْيَانًا۔ زینت دینا۔
تَزَيَّنَ تَزَيُّنًا وازَّيَّنَ إِزَّيَّانًا وإِزْدَانَ إِزْدِيَانًا وازْيَنَّ ازْيِنَانًا وازْيَانَّ ازْيِينَانًا۔ آراستہ ہونا۔
الزَّائِن۔ فا۔ اِمْرَأَةٌ زَائِنٌ: آراستہ عورت۔
الزَّيْن۔ مص۔ آراستگی ج أَزْيَان۔ الزَّيْن: ایک درخت کا نام جس سے تیر بناتے ہیں۔ زَيْنُ الدِيك: مرغ کی کلغی۔
الزَّانَة۔ بدہضمی۔
الزِينَة۔ آراستگی جس سے زینت کی جائے۔
أَمْرَاضُ الزِينَةِ عِنْدَ الأَطِبَّاءِ: بال یا کھال یا ناخن کے امراض۔
الزَّيَان۔ خوبصورت۔ کہا جاتا ہے "قَمَرٌ زَيَانٌ" خوبصورت چاند۔
الزِيَان۔ ہر وہ چیز جس سے زینت کی جائے۔
المُزَيِّن۔ فا۔ نائی۔ (مولد)
زَيَّاه تَزْيِيَةً۔ پوشاک پہنانا۔ کہا جاتا ہے "هٰذِهِ زَايٌ فَزَيِّهَا" یعنی اس کو حرف زا سے پڑھو۔
تَزَيَّا۔ آراستہ ہونا ــــ بِزِيِّ القَوْمِ: قوم کا لباس پہننا۔
الزِيّ۔ ہیئت۔ شکل۔ پوشش۔ کہا جاتا ہے "أَقْبَلَ بِزِيِّ العَرَبِ" وہ عرب کے لباس میں آیا و "جَاءَ نَا بِزِيٍّ غَرِيبٍ" وہ ہمارے پاس عجیب لباس میں آیا۔ ج أَزْيَاء۔

السِین۔ فعل مضارع کو مستقبل قریب کے معنی کے لیے خاص کردیتا ہے۔
سَأَبَهٗ(ف) سَأبًا۔ گلا گھونٹنا ــــ السِقَاءَ: مشک کو کشادہ کرنا (ــــ وسَئِبَ(س) سَأَبًا) مِنَ الشَرَابِ: آسودہ وسیراب ہونا۔
السَأب۔ مہ۔ بڑی مشک۔ ج سُؤُوب۔
السُؤْبَان۔ مال کا بہترین منتظم۔
المِسْأب۔ بڑی مشک۔ بہت پانی پینے والا۔
سَأَتَهٗ (ف) سَأْتًا۔ گلا گھونٹنا۔ گلا گھونٹ کر مار ڈالنا۔
السَأت۔ گلے کی ایک جانب۔
سَأَدَهٗ(ف) سَأْدًا وسَأَدًا۔ گلا گھونٹنا۔
سُئِدَ۔ کھاری پانی کے پینے سے بیمار ہونا۔ صفت (مَسْئُوْد)
سَئِدَ(س) سَأَدًا۔ پینا ــــ الجَرْحُ: زخم لوٹ کر ہنسا۔ صفت(سَئِد)
اَسْأَدَ اِسْآدًا۔ ساری رات چلنا۔ کہتے ہیں "اَسْعَدَ یَوْمَه اِسْعَادًا مِنْ اَسْأَ وَلَیْلَةَ اِسْآدًا" جو شخص ساری رات چلتا رہا اس نے اپنے دن کو کامیاب بنایا۔
السُؤَاد۔ کھاری پانی پینے کی وجہ سے بیماری۔
السُؤْدَة۔ بقیہ جوانی۔
المِسْأَد۔ تیل یا شہد کی مشک۔
سَادَ يَسُوْدُ سِيَادَةً و سُوْدَدًا و سُؤْدُدًا و سَيْدُوْدَةً و سُوْدًا- شریف ہونا- بزرگ ہونا ـــــ قَوْمَه : سردار ہونا ـــــ ہ : بزرگی و شرافت کے فخر کرنے پر غالب ہونا- صفت (سَائِد) ج سَادَة : جج سَادَات ـــــ الرَّجُلَ : کسی سے راز کی بات کہنا- (ـــــ سُوَادًا) الرَّجُلُ : زردکائی جمے ہوئے پانی کو پینا-

سَوِدَ يَسْوَدُ سَوَدًا و اِسْوَدَّ اِسْوِدَادًا و اِسْوَادَّ اِسْوِيْدَادًا- کالا ہونا-

سَوَّدَ- دلیر ہونا ـــــ ہ : سردار بنانا- ـــــ الشَّيْئَ : کالا کرنا ـــــ الرَّجُلُ : سرداروں کو قتل کرنا-

سَاوَدَهُ- مکر و فریب کرنا- رات کے اندھیرے میں ملنا- سرداری یا سیاہی میں مقابلہ کرنا- راز کی بات کہنا- سَاوَدَ الأَسَد : شیر کو ہٹانا- ہانکنا-

أَسْوَدَت اِسْوَادًا و أَسَادَتْ إِسَادَةً المَرْأَةُ : کالا بیٹا جننا- سردار جننا-

تَسَوَّدَ- نکاح کرنا- سردار ہونا- کالا ہونا-

إِسْتَادَ- القَوْمَ : سردار قوم کو قتل کرنا یا قید کرنا ـــــ فِيْ بَنِيْ فُلَانٍ : سردار قوم کی لڑکی سے منگنی کرنا-

السَّوْد- سیاہ پتھروں والا ہموار میدان- ج أَسْوَاد- ایک قطعہ کو (سَوْدَة) کہتے ہیں-

السَّوْدَة : کھجور کے درختوں والی زمین-

السَّوَد- مص- سرداری- ایک قسم کی نباتات-

السَّوَاد- سیاہی- وجود- تم کہتے ہو "رَأَيْتُ سَوَادًا" میں نے وجود کو دیکھا- ج أَسْوِدَة- جج أَسَاوِد- بہت مال- بہت تعداد- سَوَادُ البَلْدَة : شہر کے اردگرد کی آبادیاں- سَوَادُ اللَّيْلِ : پوری رات- سَوَادُ النَّاسِ : عام لوگ سَوَادُ العَسْكَرِ : اسلحہ و سامان فوج- سَوَادُ العَيْنِ : آنکھ کا سیاہ حصہ- پتلی- سَوَادُ القَلْبِ : دل کا سیاہ نقطہ-

السُّوَاد۔ رازدارانہ گفتگو۔ دانتوں کی ایک بیماری۔رنگ کی زردی۔

السِّوَاد۔ آواز۔

السَّوَادِيَّةُ والسُّوْذَانِيَّة۔ بھنگا۔

السُّوْدَان۔ سوڈان کا باشندہ۔ واحد (سودانی) سیاہ رنگ کے لوگ۔

السِّيْدُ۔ بھیڑیا۔ شیر۔ج سِيْدَان۔السِّيْدَة :مادہ بھیڑیا۔

السِّيْدَانَة۔بھیڑیا۔

السَّيِّد۔ سردار۔ تخفیفاً (سَيْد) بھی ایک لغت ہے۔ج اَسْيَاد و سَادَة و سَيَائِد۔

عِنْدَ الْمُسْلِمِيْن : حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کی اولاد اور ان کی نسل سے جو لوگ ہوں۔

السَّيِّدَان :حضرت حسنین رضی اللہ عنہما۔

السَّائِد۔ فا۔ج سَادَة۔جج سَادَات۔

اَسْوَد۔ ج سُوْدٌ و سُوْدَانٌ۔ مؤنث سَوْدَاء : کالا ___ مِنَ الْعَيْنِ : آنکھ کی پتلی۔مِنَ الْقَوْمِ : بزرگ تر۔ کہا جاتا ہے "هُوَ اَسْوَدُ مِنْ فُلَانٍ" وہ فلاں سے بزرگ تر ہے۔ تصغیر اُسَيْوِد و اُسَيِّد۔

الْاَسْوَدَان : کھجور اور پانی یا سانپ اور بچھو۔

والْاَسْوَد : مؤنث اَسْوَدَة ج اَسَاوِدَة بڑا کالا سانپ جس کو حنش بھی کہتے ہیں۔

السَّهْمُ الْاَسْوَد : مبارک تیر جس سے برکت حاصل کی جائے۔ گویا بہت ہاتھوں کے پڑنے کی وجہ سے کالا ہو گیا ہے۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ اَسْوَدُ الْكَبِد" فلاں دشمن ہے۔ و عَلٰى هٰذَا الْقِيَاسِ "هُمْ سُوْدُ الْاَكْبَادِ"

السَّوْدَاء والسُّوَيْدَاء۔ عِنْدَ الْاَطِبَّاء : ایک خلط کا نام۔ مالیخولیا کی بیماری۔ الحَبَّةُ السَّوْدَاء : کلونجی۔ سُوَيْدَاءُ الْقَلْبِ و سَوْدَاؤُه :دل کا سیاہ نقطہ۔

السُّوْدَدُ و السُّوْدُد۔ مرتبہ بلند۔ سرداری۔ مَاءٌ (مَسْوَدَة)

الْمَسْوُوْد۔ مرض مالیخولیا کا بیمار۔

الْمُسَوَّدَة والسَّوَاد۔ عِنْدَ الْكُتَّاب : پہلی تحریر جس کو صاف نہ کیا گیا ہو۔ اس کے مقابلہ میں صاف شدہ کو مُبَيَّضَة کہتے ہیں۔

___ عِنْدَ الطَّبَّاعِيْن : پروف (الْمُسَوَّدَة والْمُسَوَّدَة) مِنَ الْاَيَّامِ : سخت زمانہ۔ مصائب کے دن۔

السَّوْذَق والسَّوْذَنِق والسَّوْذَانِق والسَّوْذَنِيْق۔ شکرا یا شاہین۔

سَارَ يَسُوْرُ سَوْرًا۔ الحَائِط : دیوار پر چڑھنا۔ پھاندنا (___ سَوْرًا و سُؤُوْرًا) اِلَيْهِ : کودنا ___ الشَّرَابُ فِيْ رَاسِه : شراب کا سر کو چکرانا۔

سَوَّرَ۔ الْمَدِيْنَةَ : شہر پناہ پانا ___ الْمَرْاَةَ : کنگن پہنانا ___ الحَائِطَ :دیوار پر چڑھنا۔

سَاوَرَهٗ سِوَارًا و مُسَاوَرَةً۔ ایک دوسرے پر حملہ کرنا۔ حملہ کرنا۔ تم کہتے ہو "سَاوَرَتِ الْحَيَّةُ الرَّاكِبَ" سانپ نے سوار پر حملہ کیا ___ ہ الشَّرَابُ : سر کو چکرانا۔

تَسَوَّرَ۔ کنگن پہننا ___ الحَائِطَ و عَلَيْهِ : دیوار پر چڑھنا۔ پھاندنا۔

السُّوْر۔ شہر پناہ۔ ج اَسْوَار و سِيْرَان۔ السُّوْر : عمدہ اونٹ۔ کہا جاتا ہے "عِنْدَهٗ سُوْرٌ مِنَ الْاِبِلِ" اس کے پاس عمدہ اونٹ ہیں۔

سُوْرِيَة و سُوْرِيَّة۔ ملک شام۔

السُّوْرَة۔ سار کا اسم مرۃ۔

سَوْرَة۔ الخَمْرِ (سُوَارُهَا) شراب کی تیزی سَوْرَةُ السُّلْطَانِ : بادشاہ کا دبدبہ۔ سَوْرَةُ المَجْدِ : بزرگی کا اثر۔ سَوْرَةُ الْبَرْدِ : سردی کی تیزی۔

السُّوْرَة۔ مرتبہ۔ کہا جاتا ہے "لَهٗ عِنْدَكَ سُوْرَة" تیرے نزدیک اس کا مرتبہ ہے "و لَهٗ سُوْرَةٌ فِي الْمَجْدِ" اس کے لیے بزرگی کا مرتبہ ہے۔ فضیلت۔ کہا جاتا ہے "لَهٗ عَلَيْكَ سُوْرَة" اسے تمہارے اوپر فضیلت ہے۔ شرف۔ علامت۔ لمبی و خوبصورت عمارت ___ مِنَ الْكِتَابِ : قرآن پاک کی سورت اور اس کو السُّوْرَة بھی کہا جاتا ہے۔ ج سُوَرٌ و سُوْرٌ و سُوْرَات و سُوَرَات۔

السِّوَار والسُّوَار والْاِسْوَار۔ کنگن۔ ج سُوْر واَسْوِرَة و اَسَاوِر و اَسَاوِرَة و سُؤُوْر۔ الْاَسَاوِرَة : عجمیوں کی ایک پرانی قوم جو بصرہ میں آکر رہ پڑی تھی۔

السَّوَّار۔ وہ شخص جس کے سر کو شراب جلد چکرا دے۔ شراب پینے کے بعد اپنے ہم نشین پر حملہ کرنے والا۔ كَلْبٌ سَوَّار : لوگوں پر حملہ کرنے والا کتا۔ السَّوَّار : شیر۔

الْاُسْوَار والْاِسْوَار۔ گھوڑے کی پیٹھ پر جم کر بیٹھنے والا۔ تیرانداز ___ عِنْدَ الْفُرْسِ : فوجی افسر۔ ج اَسَاوِر و اَسَاوِرَة۔

السَّوَّارِی۔ بلندی۔

الْمِسْوَر والْمِسْوَرَة۔ چمڑے کا تکیہ۔ ج مَسَاوِر۔

الْمُسَوَّر۔ کلائی میں کنگن پہننے کی جگہ۔ مَلِكٌ مُسَوَّرٌ :طاقتور بادشاہ۔

السُّوْرَنْجَان والسَّوْرَنْجَان۔ ایک دوا کا نام۔ جنگلی سنگھاڑا۔

سَاسَ يَسُوْسُ سِيَاسَةً۔ الدَّوَابَ : دیکھ بھال رکھنا۔ سدھانا ___ القَوْمَ :اُمور کی تدبیر و انتظام کرنا ___ الْاَمْرَ : انتظام کرنا۔ صفت (سَائِس) ج سَاسَة و سُوَّاس اور کہا جاتا ہے "فُلَانٌ مُجَرَّبٌ قَدْ سَاسَ و سِيْسَ عَلَيْهِ" فلاں تجربہ کار ہے جو ادب آموز ہے یا مودب ہے۔

سَاسَ يَسَاسُ وسَوِسَ يَسْوَسُ و سِيْسَ يَسَاسُ سَوْسًا و تَسَوَّسَ۔ الطَّعَامُ : گھن پڑنا ___ الشَّاةُ :بکری کا بہت جوں والی ہونا۔

سَوَّسَ۔ الطَّعَامُ : گھن پڑنا ___ لَهٗ اَمْرًا : مزین کرنا۔ کہا جاتا ہے "سَوَّسَ فُلَانٌ اَمْرَ الْقَوْمِ" فلاں قوم کے امور کا مالک بنایا گیا۔

اَسَاسَ۔ الطَّعَامُ : گھن پڑنا۔ اَسَاسَهُ النَّاسُ : رئیس و سردار بنا لینا۔ اَسَاسَتِ الشَّاةُ : بہت جوں والی ہونا۔ صفت (مُسِيْس)

السَّاس۔ منتظم۔ دانت کی جڑ جس کو کیڑوں نے کھا لیا ہو (اس کی اصل سائس ہے مثل هَارٍ و هَائِرٍ و صَافٍ صَائِفٍ کے۔)

السُّوْس۔ اون یا لکڑی کا کیڑا۔ گھن۔ واحد (سُوْسَة) کسی چیز کا کھانے والا۔ السُّوْس :اصل طبیعت۔ تم کہتے ہو "الْفَصَاحَةُ مِنْ سُوْسِه" فصاحت اس کی طبعی چیز ہے۔ ملیٹھی کا درخت۔

السَّوَس۔ ایک بیماری جو جانوروں کی سرین پر ہوتی ہے۔

السُّوَاس۔ گھوڑوں کے گردن کی ایک بیماری جو گردن کو خشک کر دیتی ہے۔

السِیَاسَة۔ مص۔ پالیٹکس۔ ملکی تدبیر و انتظام۔

السِیَاسَة المُدَنِیَّة: شہری انتظام۔ عدل و استقامت کے ساتھ اس طرح پر انتظام کرنا کہ سب کی معاشی حالت اچھی ہو۔

السُّوْسَن والسَّوْسَن والسُّوْسَان۔ ایک خوشبودار بوٹی۔ جنگلی و بستانی دو قسم کی ہوتی ہے۔ واحد (سُوْسَنَةٌ) ج سَوَاسِن۔

سَاطَهٗ یَسُوْطُهٗ سَوْطًا۔ کوڑے مارنا ___ الشَّیَٔ: مخلوط کرنا ___ الحَرْبَ: لڑائی برپا کرنا ___ الاَمْرَ: تہ و بالا کر دینا (___ سَوْطَانًا) نَفْسُه: جی کا متلانا۔

سَوَّطَ۔ الکُرَّاثُ: گندنا کی شاخیں نکلنا ___ الاَمْرَ: مخلوط کرنا۔ گڈمڈ کرنا ___ الحَرْبَ: لڑائی برپا کرنا۔

اِستَوَطَ۔ الاَمْرُ: مخلوط ہونا۔ گڈمڈ ہونا۔

السَّوْطُ۔ کوڑا۔ چابک۔ ج۔ اَسْوَاط و سِیَاط

السَّوْط: حصہ۔ تختی۔ پانی جمع ہونے کی جگہ۔ اور کہا جاتا ہے "هُمَا یتعاطیَان سَوْطًا واحِدًا" وہ دونوں ایک طرز پر کام کرتے ہیں۔ السِّیَاط۔ گندنا کی شاخیں۔

السَّوَّاط۔ سپاہی جس کے پاس کوڑا ہو۔

السَّوِیْط۔ گڈمڈ۔ ملا ہوا۔

المِسْوَاط۔ بغیر چابک کے نہ چلنے والا گھوڑا۔ (___ والمِسْوَط) لکڑی وغیرہ کی کوئی چیز جس سے کسی چیز کو کسی چیز میں مخلوط کیا جائے۔

المِسْیَاط۔ پانی جو حوض کے تہ میں باقی رہ جائے۔

سَوْطَرَ۔ دیکھئے سَیْطَرَ

سَاعَ یَسُوْعُ سَوْعًا۔ ضائع ہونا۔

سَاعَتِ الاِبِلُ: بغیر چرواہے کے آزادی سے چرنا۔

سَاوَعَهٗ مُسَاوَعَةً و سِوَاعًا۔ گھنٹہ بھر کے لیے معاملہ کرنا ___ الرَّجُلُ: ایک وقت سے دوسرے وقت کی طرف منتقل ہونا۔

اَسَاعَ اِسَاعَةً۔ الشَّیَٔ: بیکار چھوڑنا۔ ضائع کرنا۔

اَسْوَعَ اِسْوَاعًا۔ ایک گھنٹہ مؤخر ہونا۔ ایک وقت سے دوسرے وقت کی طرف منتقل ہونا۔

السَّوْعُ والسُّوَاعُ۔ رات کا ایک حصہ۔

السَّائِعُ۔ ہلاک ہونے والا۔ ج صَاعَةٌ۔

السَّاعَةُ۔ گھنٹہ۔ وقت موجود۔ ابھی۔ کہا جاتا ہے "اِقْضِنِیْ حَقِّیْ السَّاعَةَ" میرے حق کو ابھی ادا کرو۔ گھڑی (مولدة) ج سَاعَات و سَاعٌ

السَّاعَةُ الرَّمْلِیَّةُ: ریت گھڑی۔ السَّاعَةُ الشَّمْسِیَّةُ: دھوپ گھڑی۔

سَاعَةٌ سَوْعَاءُ۔ سخت وقت۔

السُّوَیْعَةُ۔ ساعت کی تصغیر یعنی تھوڑا وقت۔

رَجُلٌ (مِسْیَاعٌ و مُسِیْعٌ) لِلْمَالِ: مال کا بہت ضائع کرنے والا۔ تابع کے طور پر کہا جاتا ہے "هُوَ مِضْیَاعٌ مِسْیَاعٌ و مُضِیْعٌ مُسِیْعٌ"

السَّوَاعُ والسُّوْعَاءُ۔ مذی یا ودی۔ حدیث میں ہے فی السُّوْعَاءِ الوُضُوْءُ۔ السُّوَاعُ: ایک بت کا نام جس کی پرستش نوح علیہ السلام کے زمانہ میں ہوتی تھی اور بعد میں قبیلہ ہذیل اس کی پرستش کرتا تھا۔

المُسَوَّعُ۔ جائز۔

سَاغَ (ن) سَوْغًا و سَوَاغًا و سَوَغَانًا۔ الاَمْرُ: جائز ہونا۔ صفت (سَائِغ)

الشَّرَابُ: خوشگوار ہونا۔ صفت (سَائِغ و سَیِّغ و اَسْوَغ) کہا جاتا ہے "سَاغَ لِیَ الشَّرَابُ" سَاغَت بِهِ الاَرْضُ" دھنسا دینا۔

سَاغَ یَسُوْغُ سَوْغًا و سَاغَ یَسِیْغُ سَیْغًا۔ الشَّرَابَ: خوشگوار کرنا۔ جید لغت (اَسَاغَهُ) ہے۔

سَوَّغَ۔ الاَمْرَ: جائز کرنا ___ لَهٗ کَذَا: دینا۔ کسی کے لیے خاص کر دینا۔

اَسَاغَ۔ الطَّعَامَ او الشَّرَابَ: خوشگوار بنانا اور کہا جاتا ہے "اَسِغْ لِیْ غُصَّتِیْ" یعنی مجھے مہلت دے۔

اَسْوَغَ اِسْوَاغًا۔ الصَّبِیُّ اَخَاهُ: ساتھ پیدا ہونا یا ایک کے بعد دوسرا پیدا ہونا۔ صفت مذکر و مؤنث (سَوْغٌ و سَوْغَةٌ و سَیِّغٌ) کہا جاتا ہے "هٰذَا سَوْغُ هٰذَا و هُوَ اَخُوْهُ سَوْغُهٗ و هِیَ اُخْتُهٗ سَوْغُهٗ و هُوَ اَخُوْهُ سَیِّغُهٗ و هِیَ اُخْتُهٗ و سَیِّغُهٗ" یہ سب ان موقعوں پر بولتے ہیں جبکہ دونوں بچے ساتھ پیدا ہوئے ہوں یا یکے بعد دیگرے اور ان کے درمیان کوئی تیسرا نہ ہو۔

اِستَسَاغَ۔ الشَّرَابَ: خوشگوار پانا۔

السَّیِّغُ۔ مِنَ الشَّرَابِ: خوشگوار شراب۔

السِّوَاغُ۔ حلق کے پھندے کو دور کرنے والی چیز۔ کہا جاتا ہے "المَاءُ سِوَاغُ الغُصَصِ" پانی پھندے کو دور کرنے والا ہے۔

سَافَ یَسُوْفُ و یَسَافُ سَوْفًا۔ المَالُ: ہلاک ہونا۔ جانوروں میں بیماری واقع ہونا۔

سَافَ یَسُوْفُ سَوْفًا۔ عَلَیْهِ: صبر کرنا ___ و اِستَافَ اِسْتِیَافًا) الشَّیَٔ: سونگھنا۔

سَوَّفَهٗ۔ ٹالنا۔ بار بار کہنا کہ عنقریب کروں گا ___ ہ الاَمْرَ: پورا اختیار دینا۔

سَاوَفَهٗ مُسَاوَفَةً۔ سونگھنا۔ راز کی بات کہنا۔ ٹالنا۔

اَسَافَ اِسَافَةً۔ مال ہلاک ہونا۔ اولاد کا مرنا۔ صفت (مُسِیْف) اور اولاد کو (مُسَاف) کہتے ہیں۔ اَسَافَهُ اللّٰهُ: ہلاک کرنا۔

سَوْفَ۔ مبنی بر فتحہ: حرف استقبال ہے "س" سے اس کا زمانہ طویل ہوتا ہے اور یہ فعل سے جدا نہیں ہوتا۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ یَقْتَاتُ السَّوْفَ" فلاں آرزوؤں میں زندگی بسر کرتا ہے۔

السَّائِفَةُ۔ باریک ریت اور رتیلی اور سخت زمین کے درمیان والی زمین۔

السَّوَافُ والسُّوَافُ۔ جانوروں کی بیماری و ہلاکت۔ کہا جاتا ہے "وَقَعَ فِی المَالِ سَوَافٌ" مال میں ہلاکت واقع ہوئی اور اسی سے مثل ہے "اَسَافَ حَتّٰی مَا یَشْتَکِیْ السَّوَافَ" اس شخص کے حق میں بولا کرتے ہیں جو سختیوں کے برداشت کرنے کا عادی ہو جائے۔

السَّافُ و السَّافَةُ۔ مٹی یا کچی اینٹوں کا ردہ۔ ج آسُف و سَافَات۔ کہا جاتا ہے "بَنٰی سَافَیْنِ او ثَلَاثَ سَافَاتٍ" اس نے دو یا تین ردے رکھے۔ السَّاف: ایک شکاری پرندہ۔

السَّافَةُ والسُّوْفَةُ۔ رتیلی اور سخت زمین کے درمیان کی زمین۔ ج سُوْف و سُوَف۔

المَسَافَةُ والمَسَافُ۔ ج مَسَاوِف و (السِّیْفَة) دوری۔ فاصلہ۔ تم کہتے ہو "کَمْ

مَسافُ هٰذِهِ الأرْضِ و مَسافَتُها و سِيفَتُها" اس زمین کا کتنا فاصلہ ہے۔ و "بَيْنَهُمْ مَسَاوِفُ مَرَاحِلَ" ان کے درمیان بہت بُعد ہے۔
المَسَاف :ناک۔
المِسْيَاف۔ وہ عورت جس کا بچہ مرگیا ہو۔
المُسْتَاف۔ قطع مسافت کرنے والا۔ سونگھنے کی جگہ۔
المُسَوَّف۔ فا۔ صابر۔ خود مختار۔
المِسْوَف۔ عطردان۔
سَاقَ يَسُوقُ سَوْقًا و سِيَاقًا و سِيَاقَةً و مَسَاقًا و اِسْتَاقَ و اِسْتِيَاقًا۔ المَاشِيَةَ۔ جانور کو پیچھے سے ہانکنا۔ صفت (سَائِق) ج سَاقَة و سُوَّاق و سَائِقُوْن۔ صفت مفعولی (مَسُوْقَة) اور کہا جاتا ہے "سَاقَه مَسَاقَ غَيْرِهِ" اس نے اس کے ساتھ غیر کا سا معاملہ کیا۔ سَاقَ الحَدِيْثَ : بیان کرنا۔
سَاقَهُ يَسُوقُهُ سَوْقًا و سِيَاقًا۔ پنڈلی پر مارنا۔
سَاقَ اِلَيْهِ المَالَ : بھیجنا۔ پیش کرنا ____ مِنَ اِمْرَاتِهِ : مہر دینا ____ المَرِيْضُ نَفْسَهُ عِنْدَ المَوْتِ و سِيْقَ عَلَى المَجْهُوْلِ : جانکنی ہونا۔
سَوِقَ يَسْوَقُ سَوَقًا۔ اچھی اور پُرگوشت پنڈلی والا ہونا۔
سَوَّقَ۔ النَّبْتُ : تنددار ہونا ____ ہ الأمْرَ : مالک بنانا ____ المَاشِيَةَ : جانور کو پیچھے سے ہانکنا۔
سَاوَقَهُ۔ ہانکنے میں فخر کرنا۔
اَسَاقَهُ اِسَاقَةً و اِسْتَسَاقَهُ اِسْتِسَاقَةً المَاشِيَةَ : ہانکنے کے لیے دینا۔
تَسَوَّقَ۔ خرید و فروخت کرنا۔
تَسَاوَقَتِ المَاشِيَةُ : قطار میں چلنا۔ چلنے میں بھیڑ کرنا۔
اِنْسَاقَ۔ ہانکا جانا ____ الأبِلُ : قطار میں چلنا۔
السَّاقُ۔ پنڈلی (مؤنث) ج سُوْق و سِيقَان و اَسْوُق۔ سَاقُ الشَّجَرَةِ : درخت کا تنہ۔
سَاقُ الحَمَامِ و سَاقُ الغُرَابِ : دو نباتات کے نام۔ سَاقُ حُرٍ : تر قمری۔ کہا جاتا ہے "كَشَفَ الأمْرُ عَنْ سَاقِهِ" یعنی معاملہ سخت ہوگیا۔ و "قَامَتِ الحَرْبُ عَلَى سَاقٍ" یعنی جنگ سخت ہوگئی۔ و "وَلَدَتِ المَرْأَةُ ثَلاثَةً بَنِيْنَ عَلَى سَاقٍ وَاحِدَةٍ" عورت کے تین بیٹے لگاتار پیدا ہوئے ان کے درمیان میں کوئی لڑکی نہیں۔
السَّاقَة۔ جلو۔ لشکر کا پچھلا دستہ۔ کہا جاتا ہے "فُلانٌ فِي سَاقَةِ الجَيْشِ" فلاں لشکر کے پچھلے دستہ میں ہے۔
السُّوْقُ۔ بازار۔ (مؤنث اور کبھی مذکر بھی استعمال کیا جاتا ہے) ج اَسْوَاق۔ سُوْقُ الحَرْبِ : میدان جنگ۔
السَّوَقُ۔ پنڈلی کی لمبائی۔
السُّوْقَةُ۔ رعیت۔ عوام۔ معمولی لوگ (واحد جمع مذکر مؤنث)
السَّيِّقُ۔ مِنَ السَّحَابِ : بادل جس کو ہوا اُڑا دے۔
السَّيِّقَةُ۔ جانور جن کو دشمن ہانک کر لے جائے۔ کہا جاتا ہے "المَرْءُ سَيِّقَةُ القَدَرِ" مرد تابع قضاء و قدر ہے۔ السَّيِّقَةُ :شکاری کی اوٹ۔ ج سَيَائِق۔ و سَيِّقَات۔
السَّوِيْقُ۔ ستو۔ ج اَسْوِقَة۔ شراب۔
السِّيَاقُ۔ مہ۔ عورت کا مہر۔ سِيَاقُ الكَلامِ : اسلوب کلام۔ کہا جاتا ہے "وَقَعَتْ هٰذِهِ العِبَارَةُ فِي سِيَاقِ الكَلامِ" یعنی یہ عبارت وسط کلام میں داخل ہے۔
السَّوَّاقُ۔ ہانکنے والا۔ ستو بیچنے والا یا بنانے والا۔
الأَسْوَقُ۔ لمبی پنڈلیوں والا۔ مؤنث سَوْقَاء ج سُوْق۔
السُّوَّاقُ۔ لمبی پنڈلیوں والا۔ تنے پر کھڑا ہونے والا پودا۔
المِسْوَقُ۔ لکڑی جس سے جانوروں کو ہانکیں۔ اونٹ جس کی اوٹ میں چھپ کر شکار کو دھوکا دیں۔
المُنْسَاقُ۔ تابع۔ قریب۔ لمبی ڈھلوان والا پہاڑ۔
سَاكَ يَسُوْكُ سَوْكًا و سَوَّكَ۔ الشَّيْءَ : رگڑنا۔ ملنا۔ اور اسی سے ہے "سَاكَ الأَسْنَانَ بِالعُوْدِ" اس نے دانتوں کو لکڑی سے رگڑا۔
سَاوَكَ سِوَاكًا و تَسَاوَكَ۔ آہستہ چلنا۔ کمزوری کی وجہ سے لڑکھڑا کر چلنا۔
تَسَوَّكَ تَسَوُّكًا و اِسْتَاكَ اِسْتِيَاكًا۔ مسواک کرنا۔
السِّوَاكُ۔ مہ۔ ج سُوْك و (المِسْوَاكُ) ج مَسَاوِيْك۔ دانت صاف کرنے کی لکڑی۔ مِسْوَاک۔
سَالَ يَسَالُ سُوَالاً و سَوَالاً۔ سَأَلَ کا ایک لغت۔
سَوِلَ يَسْوَلُ سَوَلاً۔ ناف کے نیچے ڈھیلے پیٹ والا ہونا۔ صفت اَسْوَل۔ مؤنث سَوْلاءُ۔ ج سُوْل۔
سَوَّلَ۔ لَهُ الشَّيْطَانُ : گمراہ کرنا۔ کسی کام کے کرنے کے لیے روغن قاز ملنا۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا مِنْ تَسْوِيْلاتِ الشَّيْطَانِ" یہ شیطان کی گمراہیوں میں سے ہے۔ و "سَوَّلَتْ لَهُ نَفْسُهُ كَذَا" اس کے نفس نے اس کو مزین کر دیا۔
تَسَوَّلَ۔ البَطْنُ : ڈھیلا پڑنا۔
السُّوْلُ۔ السُّؤْلُ کا مخفف۔
السُّوْلَةُ۔ بہت پوچھنے والا۔
السَّوْلاءُ۔ اَسْوَل کا مؤنث۔ بڑا ڈول۔
السَّوِيْلُ۔ برابر۔ کہا جاتا ہے "اَنَا سَوِيْلُكَ فِي هٰذَا الأَمْرِ" میں اس کام میں تمہارے برابر ہوں۔
سَامَ يَسُوْمُ سَوْمًا و سَوَامًا۔ السِّلْعَةَ فروخت کے لئے پیش کرنا اور قیمت بتلانا۔
____ المُشْتَرِيُ السِّلْعَةَ : بھاؤ کرنا۔ کہا جاتا ہے "سَامَ بِسِلْعَتِهِ كَذَا وَ كَذَا" اس نے اپنے سامان کا اتنے اور اتنے کا بھاؤ کیا۔ سَامَتِ المَاشِيَةُ : جانور کا چراگاہ میں جانا۔ سَامَهُ الأَمْرَ تکلیف دینا۔ سَامَهُ خَسْفًا : ذلیل کرنا ____ الطَّيْرُ عَلَى الشَّيْءِ : پرندہ کا منڈلانا۔
____ الرِّيْحُ : ہوا کا چلنا اور جلدی سے گزرنا۔
سَامَ النَّاقَةَ عَلَى الحَوْضِ : اونٹنی کو حوض پر لے جانا۔
سَوَّمَهُ۔ الأَمْرَ : کرنے کی تکلیف دینا۔
____ ہ فِي مَا يَمْلِكُهُ : حاکم بنانا۔ پوری قدرت دینا ____ فُلانًا : کسی کو اس کے منشاء پر چھوڑ دینا کہ جو چاہے کرے۔ امثال عرب میں سے ہے "عَبْدٌ و سُوْمٌ" اس کمینہ کے متعلق بولتے ہیں

جس کو آزاد چھوڑ دیا گیا ہو ـــــ الخَیْلَ : گھوڑوں کو چرنے کے لئے چھوڑنا ـــــ عَلَیْهِمْ : لوٹ ڈال کر فساد پھیلانا ـــــ الفَرَسَ :گھوڑے پر داغ لگانا۔

سَاوَمَ سِوَامًا و مُسَاوَمَةً۔ بِالسِلْعَةِ :سامان کابھاؤ تاؤ کرنا۔

تَسَاوَمَ۔ السِلْعَةَ :فروخت کرنے میں جھگڑنا۔ ـــــ فِی السِلْعَةِ :سامان کابھاؤ تاؤ کرنا۔

اَسَامَ اِسَامَةً۔ المَاشِیَةَ : جانور کو چراگاہ کی طرف روانہ کرنا ـــــ اِلَیْهِ بِبَصَرِهٖ :نظر ڈالنا۔

اِسْتَامَ۔ فُلَانًا السِلْعَةَ : قیمت دریافت کرنا ـــــ بِهَا :زیادہ قیمت پر فروخت کرنا۔

تَسَوَّمَ۔علامت لگانا۔

السَام۔ موت۔ نرکل۔ واحد (سَامَةٌ)

السَامَةَ :موت۔چاندی یا سونے کا ٹکڑا۔کنوئیں کے اوپر کا گڑھا۔ج سِیَمٌ۔

السِیْمَةَ و السُوْمَةَ و السِیْمَا و السِیْمٰی۔ علامت ہیئت۔کہاجاتا ہے "فِیْهِ سُوْمَةُ الصَلَاحِ و سِیْمَةٌ" اس کے اندر بھلائی کی علامت ہے۔

السِیْمِیَا و السِیْمِیَاء۔علامت۔خوبصورتی۔

السَائِم۔فا۔خودسری سے چلنے والا۔چرواہا۔

السَائِمة و السَوَام۔چرنے والا اونٹ۔جانور۔ج سَوَائِم۔

السُوَام۔مص۔ایک پرندہ۔

المَسَام۔جلدی گزرنا۔

المَسَامَةَ۔چوکھٹ کے نیچے والی لکڑی۔

المُسَوَّم۔خوبصورت بناوٹ والا۔علامت لگایا ہوا۔ الخَیْلُ المُسَوَّمَةَ۔ چرائے ہوئے یا چھوڑے ہوئے گھوڑے۔

سَوِیَ یَسْوٰی سِوًی۔ الرَجُلُ :درست کام والا ہونا۔

سَوّٰی۔ الشَیْئَ :درست کرنا۔سیدھا کرنا۔کہا جاتا ہے "سَوَّیْتُ المُعْوَجَ فَمَا اسْتَوٰی" میں نے ٹیڑھے کو درست کیا وہ درست نہیں ہوا۔ ہموار کرنا اور مطلقاً بنانے اور کرنے کے معنی میں بھی آتا ہے جیسے الآبَارُ یُسَوّی الابر۔(ـــــ و سَاوٰی) بَیْنَهُما و سَوَّاه و سَاوَاهُ بِهٖ : برابر کرنا۔کہاجاتا ہے "سُوِّیَتْ عَلَیْهِ الارض :یعنی وہ ہلاک ہوگیا اور دفن کردیا گیا۔ و سَاوَی الشَیْئَ : برابر کرنا۔ سَاوَی الرَجُلُ قِرْنَهُ : ہم مثل ہونا۔ قدر و قیمت میں برابر ہونا۔ علم و شجاعت میں ایک جیسا ہونا۔ کہاجاتا ہے "هٰذَا لَایُسَاوِیْ دِرْهَمًا" یہ ایک درہم کے برابر نہیں۔

اَسْوٰی اِسْوَاءً۔ رسوا ہونا۔ ذلیل ہونا۔ درست اُمور والا ہونا ـــــ الشَیْئَ :ہموار کرنا ـــــ اَسْوَاه :برابر کرنا۔

تَسَوّٰی۔ ہموار ہونا۔ کہا جاتا ہے "تَسَوَّتْ بِهٖ الارْضُ" یعنی وہ ہلاک ہوگیا اور دفن کردیا گیا۔

تَسَاوَیَا۔ فِیْ کَذَا : ہم مثل ہونا۔ برابر ہونا۔ ایک جیسا ہونا۔

اِسْتَوٰی۔ الشَیْئُ : معتدل و برابر ہونا۔ سیدھا ہونا۔ کہاجاتا ہے "سَوَّیْتُ الشَیْئَ فَمَا اسْتَوٰی" میں نے چیز کو سیدھا کیا وہ سیدھی نہیں ہوئی ـــــ الرَجُلُ : درست اُمور والا ہونا۔ پوری جوانی کو پہونچنا ـــــ عَلَیْهِ :غالب ہونا ـــــ عَلٰی ظَهْرِ الدَابَّةِ :جم کے بیٹھنا۔ "اِسْتَوٰی عَلٰی سَرِیْرِ المَلِکِ" کنایہ ہے کامل قبضہ و تصرف سے ـــــ اِلَی الشَیِ :قصد و ارادہ کرنا۔ اِسْتَوَتْ بِهٖ الْاَرْضُ :ہلاک و مدفون ہونا۔ اِسْتَوَی الطَعَامُ : پک کر تیار ہونا۔

السَوِیّ۔ارادہ۔

السَوَاء۔ برابر۔ درمیان۔ بیچ۔ کہا جاتا ہے "ضَرَبَ سَوَاءَهٗ" اس نے اس کے وسط میں مارا۔ و "لَقِیْتُهٗ فِیْ سَوَاءِ النَهَارِ" میں نے اس سے دوپہر میں ملاقات کی اور سواء غیر کے معنی میں بھی آتا ہے جیسے "جَاءُوْا سَوَاءَ زَیْدٍ" زید کے علاوہ سب آئے اور مستوی کے معنی میں بھی جیسے "مَکَانٌ سَوَاءٌ و ثَوْبٌ سَوَاءٌ" یعنی لمبائی چوڑائی برابر والی جگہ یا کپڑا۔ و "سَوَاءُ السَبِیْلِ" سیدھا راستہ۔ و هٰذَا دِرْهَمٌ سَوَاءٌ یہ پورا درہم ہے۔ سَوَاءُ الجَبَلِ :پہاڑ کی چوٹی۔ السَوَاء :مثل مانند "هُمَا فِیْ هٰذَا الْاَمْرِ سَوَاءٌ" وہ دونوں اس معاملہ میں ایک جیسے ہیں اور اگر تم چاہو تو بجائے سَوَاءٌ کے سَوَاءٌ ان کو بھی کہہ سکتے ہیں اور جمع کی صورت میں هُمْ۔ سَوَاء یا هُمْ اسْوَاء اور خلافِ قیاس "هُمْ سَوَاسٍ و سَوَاسِیَةٌ و سَوَاسِوَةٌ" بھی کہہ سکتے ہیں۔ و لَیْلَةُ السَوَاءِ : تیرھویں یا چودھویں کی رات۔ اور کہاجاتا ہے "مَرَرْتُ بِرَجُلٍ سَوَاءٍ والعَدَمُ" میرا گزر ایسے شخص پر ہوا جس کا وجود و عدم برابر ہے۔ اور جب سواء کے بعد ہمزہ تسویہ ہو تو اَمْ کا ہونا ضروری ہے چاہے دو اسم واقع ہوں یا فعل۔ جیسے "سَوَاءٌ عَلَیَّ اَزَیْدٌ جَاءَ اَمْ عَمْرٌو" میرے لیے برابر ہے چاہے زید آئے یا عمرو۔ و "سَوَاءٌ عَلَیَّ اَقُمْتَ اَمْ قَعَدْتَ" میرے لیے برابر ہے چاہے تم کھڑے رہو یا بیٹھو اور سواء کے بعد دو فعل بغیر ہمزۂ تسویہ کے واقع ہوں تو ثانی کا عطف اَوْ کے ذریعہ ہوگا جیسے "سَوَاءٌ عَلَیَّ قُمْتَ اَوْ قَعَدْتَ اور اگر دو مصدر واقع ہوں تو ثانی کا عطف واؤ اور اَوْ دونوں سے جائز ہے جیسے "سَوَاءٌ عَلَیَّ قِیَامُکَ اَوْ قُعُوْدُکَ و قِیَامُکَ و قُعُوْدُکَ"

السِوٰی والسُوٰی۔ برابر۔ وسط۔ غیر مانند سواء کے اور یہ حروف استثناء میں سے ہیں جیسے "جَاءُوْا سِوٰی زَیْدٍ" اور تم کہتے ہو "عِنْدِیْ رَجُلٌ سِوَاکَ" تمہاری جگہ میرے پاس دوسرا شخص ہے۔ و "مَرَرْتُ بِرَجُلٍ سِوًی والعَدَمِ" میرا گزر ایسے شخص پر ہوا جس کا وجود و عدم برابر ہے اور کہاجاتا ہے "هُمَا عَلٰی حَدٍّ سِوًی" یعنی ان کے درمیان تفاوت نہیں۔

السَوِیُّ۔ ہموار۔ درست۔ برابر۔ انصاف۔ مَکَانٌ سَوِیٌّ :بیچ کی جگہ۔ غُلَامٌ سَوِیٌّ : بے عیب لڑکا۔ ج اَسْوِیَاء۔

السَوِیَّة۔ السَوِیُّ کا مؤنث۔ برابر۔ کہاجاتا ہے "هُمْ عَلٰی سَوِیَّةٍ فِیْ هٰذَا الْاَمْرِ" وہ سب اس معاملہ میں برابر ہیں۔ و "قَسَمْتُ بَیْنَهُمَا بِالسَوِیَّةِ" میں نے ان دونوں کے درمیان برابر تقسیم کردیا۔ لونڈیوں اور محتاجوں کی سواری۔ ج سَوَایَا۔

السِیُّ۔ بیابان۔ برابر۔ مثل۔ کہا جاتا ہے "هُمَا سِیَّانِ" وہ دونوں ایک جیسے ہیں۔ مکان سِیٌّ :ہموار جگہ۔ اور مؤنث کے لیے کہاجاتا ہے "مَاهِیَ بِسِیِّ لَکَ وَلَیْسَتِ الْمَرْأَةُ لَکَ بِسِیٍّ و مَالَکَ بِاَسْوَاءٍ" یہ عورت یا یہ عورتیں تمہاری مثل نہیں۔ اور "لَاسِیَّمَا" سی اور ما

سے مرکب ہے اور کلمہ استثناء ہے اور مشہور یہ ہے کہ اس کا استعمال واو کے ساتھ ہوتا ہے۔ اور لَاسِيَمَا تخفیف کے ساتھ بھی استعمال کیا جاتا ہے اور کبھی لا محذوف ہوتا ہے اور یہ ضعیف لغت ہے۔

الْأَسْوٰى۔ اسم تفضیل۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا الْمَكَانُ أَسْوٰى هٰذِهِ الْأَمْكِنَةِ"

الْإِسْتِوَاءُ۔ مص۔ درستی۔ اعتدال و (خط الاستواء) عِنْدَ الْجُغْرَافِيِّيْنَ: وہ دائرہ جو کرۂ زمین کے گرد قطبین سے برابر فاصلہ پر کھینچا ہوا فرض کیا گیا ہے اور جو زمین کو دو نصف حصوں شمالی و جنوبی میں تقسیم کرتا ہے۔ اس خط پر سال بھر دن رات برابر رہتے ہیں۔

سَيَّأَتْ و تَسَيَّأَتْ۔ النَّاقَةُ: اونٹنی کا بغیر دوھنے کے دودھ بہانا۔ کہا جاتا ہے "تَسَيَّأَتْ عَلَيَّ الْأُمُوْرُ" میرے اوپر امور مختلف ہو گئے۔ و "تَسَيَّأَ فُلَانٌ بِحَقِّيْ" فلاں نے میرے حق کا انکار کے بعد اقرار کر لیا۔

اِنْسَيَأَ۔ اللَّبَنُ: دودھ کا بغیر دوھنے کے بہنا۔

السَّيْءُ و السِّيْءُ۔ دودھ جو تھن کے اطراف میں ہو اور بغیر دوھے ہوئے نکلے۔ ج سُيُوْءٌ۔

سَابَ يَسِيْبُ سَيْبًا۔ الْمَاءُ: پانی کا ہر طرف کو بہنا ___ الرَّجُلُ: تیز چلنا ___ فِيْ كَلَامِهٖ ___ بغیر غور و فکر کے بولنا ___ الدَّابَّةُ: جانور کا آزادانہ چلنا۔

سَيَّبَهٗ۔ چھوڑ دینا ___ الْعَبْدَ: غلام کو آزاد کر دینا۔

اِنْسَابَ اِنْسِيَابًا۔ تیز چلنا۔ اِنْسَابَتِ الْحَيَّةُ: سانپ کا تیزی کے ساتھ رینگنا۔

___ فُلَانٌ نَحْوَنَا۔ لوٹنا۔

السَّيْبُ۔ مص۔ بارش۔ داد و دہش۔ مال، زیادتی۔ گھوڑے کے دم کے بال۔ کشتی کا چپو۔ ج سُيُوْبٌ۔

السِّيْبُ۔ پانی بہنے کی جگہ۔ ج سُيُوْبٌ سِيَبٌ۔ (فارسی)

السِّيَابُ و السَّيَّابُ و السُّيَّابُ۔ کچی کھجور (بعضوں کے نزدیک بمعنی بلح۔ اور بعضوں کے نزدیک بمعنی بُسر ہیں) واحد سِيَابَةٌ و سَيَّابَةٌ۔

السَّيَابَةُ: شراب۔

السِّيْبَان۔ صِئْبَان کا محرف کلمہ ہے۔ بمعنی جوں کے انڈے۔

السَّائِبَةُ۔ چھوڑی ہوئی۔ آزاد کیا ہوا۔ غلام۔ وہ اونٹنی جو زمانہ جاہلیت میں نذر وغیرہ کیلئے چھوڑ دی جاتی تھی یا وہ اونٹنی جس کے دس مادہ بچے ہوں تو اس پر نہ تو سوار ہوتے تھے اور نہ اس کے دودھ کو سوائے (اس کے بچے کے اور مہمان کے کوئی پیتا تھا اور گھاس، پانی وغیرہ سے بھی اس کو نہیں روکا جاتا تھا اور اس کو چھوڑ دیتے تھے۔ یہاں تک کہ مر جاتی تھی۔) ج سُيَّبٌ و سَوَائِبُ۔

سَيَّجَ۔ الْكَرْمَ: انگور میں باڑ لگانا۔

السِّيَاجُ۔ دیوار۔ باڑ۔ ج سِيَاجَاتٌ و أَسْوِجَةٌ و سُوْجٌ۔

السَّيْحَان۔ ایک قسم کی مچھلی۔

سَاحَ يَسِيْحُ سَيْحًا و سَيَحَانًا۔ الْمَاءُ: پانی کا سطح زمین پر بہنا۔ صفت مَاءٌ سَائِحٌ و سَيْحٌ کہا جاتا ہے "هٰذِهِ الْأَرْضُ تُسْقٰى بِالْمَاءِ سَيْحًا" اس زمین کی سیرابی بہتے ہوئے پانی سے ہے ___ الظِّلُّ: پھرنا۔ ہٹ جانا (___ سَيْحًا و سَيَحَانًا و سِيَاحَةً و سُيُوْحًا) زمین میں عبادت کے لیے پھرنا۔ شہروں میں پھرنا۔ صفت (سَائِحٌ) ج سُيَّاحٌ و سَائِحُوْنَ۔

سَيَّحَهٗ و أَسَاحَهٗ۔ بہانا۔ کہا جاتا ہے "يُسَيِّحُ تَسْيِيْحًا كَثِيْرًا" اس نے خوش بیانی سے گفتگو کی۔ أَسَاحَ الْفَرَسُ بِذَنَبِهٖ: گھوڑے کا دم کو لٹکانا۔

اِنْسَاحَ۔ بَطْنُهٗ: پیٹ کا بڑا ہونا۔ موٹا ہونا ___ الثَّوْبُ: کپڑے کا پھٹنا ___ بَالُهٗ: کشادہ دل ہونا۔ اِنْسَاحَتِ الصَّخْرَةُ: چٹان کا پھٹ جانا۔

السَّيْحُ۔ مص۔ بہنے والا پانی۔ دھاری دار کمبل۔ ج سُيُوْحٌ و أَسْيَاحٌ۔

السَّائِحُ۔ مسجد میں رہنے والا روزہ دار۔

السَّيَّاحُ۔ ملکوں میں بہت پھرنے والا۔

الْمِسْيَاحُ۔ برائی اور چغلی کو پھیلانے والا۔ ج مَسَايِيْحُ۔

الْمُسَيَّحُ۔ مِنَ الثِّيَابِ: دھاری دار کپڑا۔

سَاخَ يَسِيْخُ سَيْخًا و سَيَخَانًا۔ مضبوط ہونا۔

سَاخَتْ قَدَمُهٗ فِي الطِّيْنِ: گارے میں پاؤں کا دھنس جانا۔

السِّيخ۔ بڑی چھری۔ (فارسی)

السِّيَاخ۔ مٹی کی عمارت۔ ج سُيُوْخٌ۔

سَارَ (ض) سَيْرًا و تَسْيَارًا و مَسِيْرًا و مَسِيْرَةً و سَيْرُوْرَةً۔ جانا۔ چلنا۔ سفر کرنا ___ ه و بِهٖ: چلانا ___ الدَّابَّةَ: جانور پر سوار ہونا ___ السُّنَّةَ: عمل کرنا۔ جیسے "وَ أَوَّلُ رَاضِيْ سُنَّةً مَنْ يَسِيْرُهَا" کسی سنت پر پہلا راضی ہونے والا وہ شخص ہے جو اس کے مطابق عمل کرے۔ کہا جاتا ہے "سِرْ عَنْكَ" یعنی غافل ہو جاؤ اور برداشت کرو۔ اس کی تقدیر یہ ہے "سِرْ وَدَعْ عَنْكَ الشَّكَّ وَ الْمِرَاءَ" سَارَ الْكَلَامُ أَوِ الْمَثَلُ فِي النَّاسِ: مشہور ہونا۔

سَيَّرَ و أَسَارَ۔ الرَّجُلَ: چلانا ___ الْجُلَّ عَنْ ظَهْرِ الدَّابَّةِ: اتار دینا۔ سَيَّرَ الثَّوْبَ أو السَّهْمَ: دھاری ڈالنا۔ سَيَّرَ الْمَثَلَ: لوگوں میں مشہور کرنا۔ سَيَّرَ سِيْرَةً: پہلے لوگوں کی باتیں بیان کرنا۔ سَيَّرَهٗ مِنْ بَلَدِهٖ: جلا وطن کرنا۔ نکال دینا۔

سَايَرَهٗ۔ ساتھ چلنا۔

تَسَيَّرَ۔ الْجِلْدُ: چھل جانا۔

تَسَايَرَا۔ باہم مل کر چلنا۔ تَسَايَرَ عَنْ وَجْهِهِ الْغَضَبُ: زائل ہونا۔

اِسْتَارَ اِسْتِيَارًا۔ زاد راہ خریدنا ___ بِسِيْرَةِ فُلَانٍ: کسی کی سیرت و عادت پر چلنا۔

سَارُ۔ الشَّيْءِ: تمام چیز۔ سائر میں ایک لغت ہے۔

السَّيْرُ۔ تسمہ۔ ج سُيُوْرٌ و سُيُوْرَةٌ و أَسْيَارٌ۔

السِّيْرَةُ۔ سار کا اسم۔ عادت۔ طریقہ۔ طرز زندگی۔ ہیئت۔ سِيْرَةُ الرَّجُلِ: سوانح عمری۔ لوگوں کے ساتھ سلوک کی کیفیت۔ کہا جاتا ہے "هُوَ حَسَنُ السِّيْرَةِ" وہ اچھی عادت والا ہے۔ اور اسی سے عرب کا قول ہے "مَنْ طَابَتْ سَرِيْرَتُهٗ حُمِدَتْ سِيْرَتُهٗ" جس کا باطن اچھا ہوتا ہے اس کی عادت اچھی ہوتی ہے۔ ج سِيَرٌ۔

السِّيَرَاءُ۔ دھاری دار چادر چادریں یا ایسی چادریں جن میں ریشم ملا ہوا ہو۔ خالص سونا۔ ایک قسم کی

نباتات- گٹھلی سے چمٹا ہوا چھلکا- دل کا پردہ- کھجور کی ٹہنی-

السّائِر- فا- سَائِرُ الشَّئِ :چیز کا بقیہ- المَثَلُ السّائِر :

السَّیَّارُ والسُّیَرَۃُ والسَّیُوْرُ- بہت چلنے والا-

السَّیَّارَۃ- السَّیَّار کا مؤنث- قافلہ- آفتاب کے گرد گھومنے والا ستارہ- جیسے زحل' مشتری' مریخ' زمین' زہرہ' عطارد وغیرہ- ج سَیَّارَات-

السَّیَّارَۃ :موٹر کار-

التَّسْیَار- مص- سیر کا مبالغہ-

المَسُوْر- مفع- قیاس کے لحاظ سے مَسِیْر ہے- مگر مصدر سے التباس کی وجہ سے بدل دیا گیا- طَرِیْقٌ مَسُوْرٌ : آمد و رفت والا راستہ-

المَسِیْرَۃُ- مص- مسافت- کہا جاتا ہے "بَیْنَهُمَا مَسِیْرَۃُ یَوْمٍ" ان دونوں کے درمیان ایک دن کی مسافت ہے-

المُسَیَّر- مِنَ الثِّیَابِ :دھاری دار کپڑا-

السِّیْرَجُ- تل کا تیل-

سَیِسَ یَسْیَسُ سَیْسًا- الطَّعَامُ :گھن پڑنا-

سَاسَاہ- شرم دلانا- عار دلانا-

السِّیْس- چنبیلی کا پودہ-

السِّیْسَاء- ریڑھ کی ہڈی کے جوڑ کی جگہ- سِیْسَاءُ الظَّهْرِ مِنَ الدَّوَابِّ : جانوروں کی پیٹھ پر سوار ہونے کی جگہ-

سَیْطَرَہٗ سَیْطَرَۃً و تَسَیْطَرَ- نگہبان ہونا- داروغہ ہونا-

سَاعَ یَسِیْعُ سَیْعًا و سُیُوْعًا- الشَّئُ : ضائع ہونا ـــــ وانْسَاعَ و تَسَیَّعَ :المَاءُ :پانی کا اِدھر اُدھر بہنا- اِنْسَاعَ الجَامِدُ :جمی ہوئی چیز کا پگھلنا-

سَیَّعَ- الحَائِطَ بِالطِّیْنِ :دیوار کا مٹی سے لیپنا ـــــ الشَّئَ :تیل وغیرہ ملنا-

أَسَاعَ- الشَّئَ :ضائع کرنا-

السَّیْعُ- مص- سطح زمین پر بہنے والا پانی-

السِّیَاع- گارا- کہگل-

السِّیْعَاءُ والسِّیَعَاءُ- رات کا حصہ- کہا جاتا ہے "خَرَجْتُ بَعْدَ سِیْعَاءٍ مِنَ اللَّیْلِ" رات کا ایک حصہ گزر جانے کے بعد میں نکلا-

المِسْیَعَۃُ- کرنی- کہگل کرنے کا اوزار- نَاقَۃٌ (مِسْیَاعٌ) بچہ کو چھوڑ کر چرنے کے لیے جانے والی اونٹنی-

سَاغَ یَسِیْغُ سَیْغًا- الشَّرَابُ :خوشگوار بننا-

السَّیْغُ- مِنَ الشَّرَابِ :خوشگوار شراب-

سَافَتْ تَسِیْفُ سَیْفًا- اَلْیَدُ : ناخن کے اردگرد پھٹنا-

سَافَہٗ یَسِیْفُہٗ سَیْفًا- تلوار سے مارنا-

تَسَیَّفَہٗ- تلوار سے مارنا-

سَایَفُوْا و تَسَایَفُوْا و اِسْتَافُوْا اِسْتِیَافًا- باہم تلوار بازی کرنا- وأُسْتِیْفَ الْقَوْمُ : تلوار سے مارا جانا-

السَّیْفُ- تلوار- ج أَسْیَاف و سُیُوْف وأَسْیُفُ و مَسْیَفَۃٌ و (السَّائِفُ) تلوار سے مسلح- سَیْفُ الجَبَّارِ : تین ستاروں کے نام- سَیْفُ الرِّیَاح :ایک قسم کی نباتات-

السَّیْفُ و السِّیْفُ- ایک قسم کی مچھلی جس کی لمبی سی چونچ نیزہ کی مانند ہوتی ہے- السِّیْفُ : سمندر کا کنارہ یا ہر چیز کا کنارہ- ج أَسْیَاف وہ چیز جو کھجور کے ڈنٹھل کی جڑ میں چپکی ہوئی ہوتی ہے-

السَّیْفَانُ- مِنَ الرِّجَال :لمبا و پتلا مرد- مؤنث سَیْفَانَۃٌ- اور بقول بعض عورتوں ہی کے لیے مخصوص ہے-

السَّیَّاف- شمشیر زن- ج سَیَّافَۃٌ- رَجُلٌ سَیَّافٌ : خون گرانے والا مرد- سَیَّافُ الأَمِیْرِ : جلاد-

الأَسْیَاف- بارٹیاں-

المَسَایِف- خشک سالی- قحط- کہا جاتا ہے "أَصَابَتْهُمُ المَسَایِفُ" ان کو قحط سالی لاحق ہوئی-

المُسِیْفُ- تلوار سے مسلح- دلیر- فقیر-

المُسَیَّف- مِنَ الدَّرَاهِمِ : درہم جس کے کنارے نقش سے خالی ہوں ـــــ مِنَ البُرُوْدِ : چادریں جن پر تلوار کا نقش ہو یا تلوار کی مانند چوڑی دھاریاں ہوں-

السِّیْکَاہُ- فن موسیقی کا ایک راگ (جدید)

سَالَ (ض) سَیْلاً و سَیَلاَنًا و مَسِیْلاً و مَسَالاً- المَاءُ : بہنا- سَالَتْ غُرَّۃُ الفَرَسِ : گھوڑے کی پیشانی کی سفیدی کا لمبا چوڑا ہونا-

أَسَالَ إِسَالَۃً و سَیَّلَ تَسْیِیْلاً- المَاءَ :جاری کرنا- بہانا- أَسَالَ الجَامِدَ :پگھلانا- أَسَالَ غِرَارَ النَّصْلِ :لمبا کرنا-

تَسَایَلَ- القَوْمُ : ہر طرف سے آنا-

السَّائِلَۃُ- مِنَ غُرَرِ الخَیْلِ :گھوڑے کی ناک تک پیشانی کی سفیدی- ج سَوَائِل-

السَّیْل- مص- بہنے والا- کہا جاتا ہے "مَاءٌ سَیْلٌ" بہنے والا پانی- السَّیل : سیلاب- ج سُیُوْل-

السِّیْلَۃُ- پانی بہنے کی جگہ- سال کا اسم مرۃ-

السَّیْلَۃ- پانی کا بہاؤ-

السَّیْلاَن- ایک قیمتی پتھر- تلوار کا وہ حصہ جو میان میں داخل ہو- ج سَیَالِیْن-

السَّوَائِل- مِنَ المَعَادِنِ وغَیْرِہَا : بہنے والی چیزیں-

السَّیَالُ- سفید لمبے کانٹوں والا ایک پودہ کہ جب کانٹے کو توڑتے ہیں تو دودھ کی مانند نکلتا ہے- واحد- سَیَالَۃٌ-

السَّیَّال- زور سے بہنے والا- مؤنث سَیَّالَۃ

السَّیَّال :ایک قسم کی مچھلی-

مَسِیْلُ- المَاءِ :پانی بہنے کی جگہ- ج مَسَائِل و مُسُل و أَمْسِلَۃ و مُسْلاَن-

المُسَال- مِنَ الْوَجْهِ : ڈاڑھی نکلنے کی ایک جانب-

السِّیْمُوْنِیَّۃ- سیمون جادوگر کی طرف منسوب- مال کے ذریعہ روحانی مراتب کے درجہ پر پہنچنے کی کوشش-

سِیَۃُ- القَوْسِ :کمان کا سرا- ج سِیَات-

الشُؤبُوب- بارش کی بوچھاڑ- دھوپ کی تیزی- ہر چیز کی حد- ہر چیز کی شدت دفع- آغازِ حسن- ج شَآبِیب- کہا جاتا ہے "هُوَ حَسَنُ شَآبِیبِ الْوَجْهِ" اس کے چہرے کا آغاز حسن اچھا ہے-

الشَّئِیثُ- ٹھوکر کھانے والا گھوڑا-

شَأجَهٗ یَشْأجُهٗ الاَمْرُ: غمگین کرنا-

شَئِزَ (س) شَأزًا و شُؤزَةً و شُؤَازًا- المَکَانُ: سخت اور بلند ہونا- ناہموار ہونا- صفت (شَأزٌ و شِئزَةٌ) (___ و شَئِزَ) بے آرام ہونا- ڈرنا-

شَأزَ (ف) شَأزًا: الجَارِیَةَ: جماع کرنا-

اَشْأزَهٗ- رنجیدہ کرنا- بے آرام کرنا- ڈرانا-

اَشْأزَ الرَّجُلُ: عَنْ کَذَا: بلند ہونا-

اِشْتَأزَ- بدکنا-

الشَّأزَةُ- اسم مرة خَیْلٌ شَأزَةٌ: موٹا گھوڑا-

المَشْئُوزُ و المَشْؤزُ- بے آرام- بے قرار- خوفزدہ-

شَئِسَ (س) شَأسًا- الشَّیْئُ: سخت ہونا-

___ الرَّجُلُ: مرض یا غم سے بے قرار ہونا

___ اَلْمَکَانُ: سخت و سنگریزہ دار ہونا- مَکَانٌ (شَئِسٌ و شَأسٌ) سخت و سنگریزہ والی جگہ- ج شَئِیسٌ و شُؤسٌ-

شَأشَأ شَأشَأةً و شَأشَاءً- الرَّاعِی- الغَنَمَ اَو الحَمِیْرَ و بِهَا: شَأشَأ یا شُؤشُؤ کہہ کر ہانکنا-

النَّخْلَةَ: درخت خرما میں گابھا لگنا-

تَشَأشَأَ- القَوْمُ: متفرق ہونا- بکھرنا-

الشَّأشَاءُ- مم- ایک قسم کی ردی کھجور- کھجور کے لمبے درخت-

شَئِفَتْ (س) شَأفًا- الرَّجُلُ: آبلہ پڑنا- صفت (مَشْؤُفَةٌ) شَئِفَتْ اَصَابِعُهٗ: ناخنوں کے اردگرد پھٹنا- (___ شَأفًا و شَأفَةً) فُلاَنًا و لِفُلاَنٍ: بغض رکھنا-

شَئِفَ- خوفزدہ ہونا- ڈرایا جانا- صفت (مَشْؤُفٌ) شُئِفَتِ الرِّجْلُ: آبلہ پڑنا-

اِسْتَشْأفَتِ- القَرْحَةُ: خراب ہو کر جڑ پکڑ لینا-

شَأفُ- الجُرْحِ: زخم کی خرابی-

الشَّأفَةُ- جڑ تلوے کا زخم- کہا جاتا ہے "اِسْتَاصَلَ شَأفَتَهٗ" اس نے اسے جڑ سے کھودیا- و "بَیْنَهُمْ شَأفَةٌ" ان کے درمیان عداوت ہے- و اِسْتَاصَلَ اللّٰهُ شَأفَتَهُمْ" اللہ تعالیٰ ان کی عداوت کو دور کرے- شَأفَةُ الرَّجُلِ: اہل و مال-

رَجُلٌ شَأفَةٌ- معزز و بلند مرتبہ مرد-

شَأمَ (ف) شَأمًا- القَوْمَ و عَلَیْهِمْ: بدبختی ڈالنا- صفت (شَائِمٌ)

شَؤُمَ (ک) شَآمَةً و شُئِمَ- عَلَیْهِمْ: منحوس و نامبارک ہونا-

شَأَّمَهُمْ- ملک شام کی طرف روانہ کرنا-

شَاءَمَ مُشَاءَمَةً- بِهٖ: بائیں طرف لینا-

الرَّجُلُ: ملک شام میں آنا-

اَشْأمَ- ملک شام کا ارادہ کرنا- ملک شام میں آنا- سر اٹھائے ہوئے گزرنا-

تَشَاءَمَ و تَشَأَّمَ- ملک شام کی جانب منسوب ہونا- بائیں طرف ہونا-

تَشَاءَمَ و اِسْتَشْأمَ- بِهٖ: بدفالی کرنا- بدشگون لینا-

الشُّؤمُ- نحوست- کالے اونٹ-

الشَّامُ و الشَّأمُ- ملک شام-

الشَّامِیُّ و الشَّآمِیُّ و الشَّآمِیُّ- ملک شام کی جانب منسوب-

الشَّائِمُ- فا- نحوست لانے والا-

الشَّأمَةُ و المَشْأمَةُ- نحوست-

الشِّیْمَةُ و الشِّئْمَةُ- خلق- طبیعت- عادت- ج شِیَمٌ-

الاَشْأمُ- اسم تفضیل اور اسی سے ہے "اَشْأمُ کُلِّ امْرِیٍٔ بَیْنَ لِحْیَیْهِ" ہر آدمی کو بدبختی لانے والی چیز اس کے دونوں جبڑوں کے درمیان ہے- یعنی زبان- بدبختی لانے والا- مؤنث شُؤمٰی-

و الیَدُ الشُّؤمٰی: بایاں ہاتھ-

الاَشَائِمُ- اِشأم کی جمع-

المَشْئُوم و المَشْؤُوم- منحوس- بدبخت- ج مَشَائِیم-

شَأنَ (ف) شَأنًا- صاحب عزت و مرتبہ ہونا- کہا جاتا ہے "شَأنَ شَأنَکَ" اس نے تمہارے ارادے جیسا ارادہ کیا- "مَاشَأنَ شَأنَکَ" اس نے تمہارے کام کی پرواہ نہیں کی- و "اشْأنْ شَأنَکَ" اپنی حالت پر رہو-

اِشْتَأنَ- شَأنَکَ: کسی کے ارادے جیسا ارادہ کرنا-

الشَّأنُ- ج شُؤُون و شِئَان و شَئِین: بڑے بڑے امور و احوال- معاملہ- حالت- کہا جاتا ہے "مِنْ شَأنِهٖ کَذَا و اَنْ یَفْعَلَ کَذَا" اس کی طبیعت سے ہے کہ ایسا کرے- و "مَاشَأنُکَ" تمہارا کیا حال ہے؟ تمہارا کیا معاملہ ہے؟ ج شُؤن و شُؤُون: سر کی ہڈیوں کے ملنے کی جگہ- کہا جاتا ہے- "بَلَغَتِ الرَّائِحَةُ اِلٰی شُؤُوْنِ رَأسِهٖ" خوشبو اس کے سر کی ہڈیوں کے ملنے کی جگہ تک پہنچ گئی- پہاڑ کی مٹی کہ جس میں درخت اُگیں

___ شُؤُونٌ و اَشْؤُنٌ: رگ کہ جس سے آنسو جاری ہوں- کہا جاتا ہے "فَاضَتْ

شُؤُونَهٗ" اس کی آنکھ کی رگیں جاری ہو گئیں ___ الشُّؤُون: حاجتیں۔ کہا جاتا ہے "کَلِّفْنِی شُؤُونَکَ" اپنی حاجتوں کی خدمات میرے سپرد کرو ___ شُؤُونُ الخَمْرِ: شراب کا اثر جو جسم کی رگوں میں سرایت کرے۔

شَأَی یَشْؤُ وشَأْوًا واشْتَأَی اِشْتِئَاءً۔ القَوْمَ: آگے بڑھ جانا۔ شَأَیُ التُّرَابَ مِنَ البِئْرِ: کوئیں سے مٹی نکالنا۔

شَاءَ یُ مُشَاءَاۃً۔ القَوْمَ: آگے بڑھنا۔ آگے بڑھنے میں مقابلہ کرنا۔

تَشَاءَ یَ تَشَایُئًا۔ القَوْمُ: ایک دوسرے سے آگے بڑھنا۔ متفرق ہونا۔ تَشَاءَ یَ مَا بَیْنَهُمَا: فاصلہ پر ہونا۔

الشَّاوُ۔ مع۔ مدت۔ غایت۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ بَعِیْدُ الشَّاوِ" یعنی فلاں عالی ہمت ہے و "عَدَا شَاوًا" وہ ایک چکر دوڑا۔ الشَّاوُ: اونٹنی کی مہار۔ اونٹنی کی مینگنیاں۔ زنبیل۔ کوئیں کی نکلی ہوئی مٹی۔

المِشْآۃُ: کوئیں کی نکلی ہوئی مٹی۔ ٹوکری جس سے کوئیں سے مٹی نکالی جائے۔ ج المَشَائِی۔

الشَّبَأَۃُ: تالے کی جھڑ۔

شَبَّ (ض) شَبَابًا و شَبِیْبَۃً۔ الغُلَامُ: جوان ہونا۔ کہتے ہیں "مِنْ شَبَّ اِلٰی دَبَّ": جوانی سے بڑھاپے تک۔

شَبَّ (ن ض) شَبِیْبًا و شِبَابًا و شُبُوْبًا۔ الفَرَسُ: اکٹھے اگلی ٹانگوں کو اٹھانا۔ نشاط میں ہونا۔ عرب کا مقولہ ہے "الجَوْهَرُ یَشُبُّ بَعْضُهٗ بَعْضًا" جوہر میں سے بعض بعض کے حسن کو بڑھاتا ہے۔

شَبَّ (ن) شَبًّا و شُبُوْبًا۔ النَّارَ: آگ روشن کرنا۔ شَبَّتِ النَّارُ: آگ روشن ہونا ___ الشَّیْئُ: بلند ہونا۔ بڑھنا۔

شُبَّ۔ الشَّیْئُ: زیادہ کیا جانا۔ بلند کیا جانا۔ شُبَّتِ النَّارُ: روشن ہونا۔ شُبَّ لَهُ الشَّیْئُ: اللہ کی طرف سے مقدر کیا جانا۔

شَبَّبَ و تَشَبَّبَ۔ جوانی اور کھیل کود کے زمانہ کا ذکر کرنا ___ الشَّاعِرُ بِالفَتَاۃِ: عورتوں کے محاسن و اوصاف کو بیان کرنا۔ شَبَّبَ قَصِیْدَۃً: عورتوں کے ذکر سے آراستہ و مزین کرنا۔ کہا جاتا ہے "شَبَّبَ قَصِیْدَتَهٗ بِفُلَانَۃٍ" شعراء کی عادت تھی کہ قصائد مدحیہ کی ابتداء میں تشبیب کیا کرتے تھے۔ پھر ہر چیز کی ابتداء کو تشبیب کہنے لگے اگرچہ ایام شباب کا ذکر نہ ہو۔ شَبَّبَ الکِتَابَ: کتاب شروع کرنا۔ تَشَبَّبَتِ النَّارُ: آگ روشن ہونا۔ بھڑکنا۔

اَشَبَّ۔ الغُلَامُ: لڑکے کا جوان ہونا۔ الرَّجُلُ: جوان اولاد والا ہونا ___ اللّٰهُ الغُلَامَ: لڑکے کو جوان کرنا ___ الفَرَسَ: گھوڑے کو اکسانا ___ الثَّوْرُ: بیل کا بوڑھا ہونا۔ صفت (مُشِبٌّ و مُشَبٌّ و شَبَبٌ و مِشَبٌّ)

اُشِبَّ۔ لَهٗ کَذَا: مقدر کیا جانا۔

الشَّبُّ۔ پھٹکری کے مشابہ ایک معدنی نمک جس کا رنگ سفید اور بعض کا نیلگوں ہوتا ہے۔ جوان۔ شَبُّ اللَّیْلِ: ایک قسم کی نباتات۔

الشَّبَابُ و الشَّبِیْبَۃُ۔ مع۔ جوانی، بلوغ سے تیس برس تک کا زمانہ۔ ابتداء جیسے "شَبَابُ النَّهَارِ" دن کی ابتداء۔ الشَّبَابُ بمعنی تشبیب کہا جاتا ہے۔ "قَصِیْدَۃٌ حَسَنَۃُ الشَّبَابِ" اچھی تشبیب والا قصیدہ اور شبیبہ کی جمع شَبَائِبُ۔

الشَّبُوْبُ۔ عمدہ بنانے والا۔ آراستہ کرنے والا۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا شَبُوْبٌ لِکَذَا" یہ اس کے حسن و قوت کو بڑھانے والا ہے۔ مثلاً "الخِمَارُ شَبُوْبٌ لِوَجْهِهَا" اوڑھنی اس کے چہرے کی رونق کو بڑھا دیتی ہے (___ و الشِّبَابُ) جس سے آگ جلائی جائے۔

الشَّبَّابَۃُ۔ ایک قسم کی بانسری (مولدۃ) عوام اس کو مُنْجَیْرَۃ کہتے ہیں۔

الشَّابُّ و الشَّبُّ۔ جوان۔ ج شَبَابٌ و شُبَّانٌ و شَبَبَۃٌ۔ مؤنث شَابَّۃٌ و شَبَّۃٌ۔ ج شَابَّاتٌ و شَبَّاتٌ و شَوَابُّ و شَبَائِبُ۔

المُشِبُّ۔ شیر۔

المَشْبُوْبُ۔ مِنَ الرِّجَالِ: تیز خاطر مرد۔

المَشْبُوْبَتَانِ: زہرہ و مشتری۔ نَارٌ مَشْبُوْبَۃٌ: بھڑکائی ہوئی آگ (نَارٌ شَابَّۃٌ نہیں بولتے۔)

الشِّبِثُ۔ سوئے کا ساگ۔

شَبِثَ (س) شَبَثًا و تَشَبَّثَ۔ بِکَذَا: چمٹنا۔ معلق ہونا۔

رَجُلٌ (شَبِثَۃٌ) اپنے مقابل کو چمٹنے والا۔

الشِّبِثُ۔ ایک قسم کی ترکاری۔

الشَّبَثُ۔ مکڑی۔ ایک قسم کا کیڑا جس کی ٹانگیں بہت ہوتی ہیں۔ ج اَشْبَاثٌ و شِبْثَانٌ۔ رَجُلٌ (شَبِثٌ) چمٹنے والی طبیعت والا مرد۔

الشَّبَّاثُ و الشَّبُّوْثُ۔ ٹیڑھے سرے والی سیخ۔ ج شَبَابِیْثُ۔

اَشْبَحَ۔ البَابَ: دروازہ بھیڑنا۔

الشَّبَحُ۔ بلند دروازہ یا دروازہ۔ واحد (شَبَحَۃٌ)

شَبَحَ (ف) شَبْحًا۔ الشَّیْئَ: پھاڑنا۔ چیرنا ___ الجِلْدَ: کھونٹیوں سے کس کر پھیلانا ___ الرَّجُلَ: گھسیٹنا ___ الدَّاعِی: دعا کے لئے ہاتھ پھیلانا ___ فُلَانًا لَهٗ: کسی کے سامنے سیدھا کھڑا ہونا۔

شَبُحَ (ک) شَبَاحَۃً۔ لمبے چوڑے بازوؤں والا ہونا۔

شَبَّحَ۔ بوڑھے ہونے کی وجہ سے ایک چیز کو دو دیکھنا ___ الشَّیْئَ: چھیلنا۔ چوڑا کرنا۔

تَشَبَّحَ۔ الحِرْبَاءُ عَلَی العُوْدِ: گرگٹ کا لکڑی پر دراز ہونا۔

الشَّبَحُ و الشَّبْحُ مخفف۔ بلند عمارت کا دروازہ۔ ج شُبُوْحٌ و اَشْبَاحٌ۔ اَشْبَاحُ المَالِ: نظر آنے والا مال جیسے اونٹ گائے بکری وغیرہ۔

الشَّبْحَۃُ۔ اسم مرۃ۔ کہا جاتا ہے "نَزَعَ سَقْفَ بَیْتِی شَبْحَۃً شَبْحَۃً" اس نے میرے گھر کی چھت سے ایک ایک کڑی نکال لی۔
___ عِنْدَ المُوَلَّدِیْنَ: گھوڑے کی ٹانگیں باندھنے کی رسی۔

الشَّبْحَانُ۔ لمبا۔

الشَّبَحَانُ۔ مِنْقَلَۃٌ کھیل کود کی دو لکڑیاں۔ (دیکھئے مِنْقَلَۃ)

الشَّبْخُ۔ دودھ دوہنے کی آواز۔

الشِّبْدِعُ و الشِّبْدَعُ و الشِّبْدِعَۃُ۔ بچھو۔ مصیبت۔ زبان۔ ج شَبَادِعُ۔

شَبَرَ (ن ض) شَبْرًا۔ الثَّوْبَ و نَحْوَهٗ: بالشت سے ناپنا۔ شَبَرَهٗ مَالًا: کسی کو مال دینا۔

شَبِرَ (س) شَبَرًا۔ الرَّجُلُ: اکڑنا۔ اترانا۔

شَبَّرَ- الشَّئَ: اندازہ کرنا ـــــ فُلَانًا: تعظیم کرنا-
اَشْبَرَ- فُلَانًا: فضیلت دینا ـــــ ہ مَالاً: دینا ـــــ الرَّجُلُ: لمبے قد کے بیٹوں والا ہونا- پستہ قد بیٹوں والا ہونا-
تَشَابَرَ- الفَرِيْقَانِ فِي الْحَرْبِ: ایک دوسرے کے قریب ہونا- یہاں تک کہ ایک بالشت کا فاصلہ رہ جائے-
تَشَبَّرَ- بڑا ہونا-
الشَّبْرُ- مص- مہر- کہا جاتا ہے "تَزَوَّجَهَا وَلَمْ يُعْطِهَا شَبْرَهَا" اس نے اس عورت سے نکاح کیا اور اس کو مہر نہیں دیا- نکاح- عمر- قد و قامت-
الشِّبْرُ- عمر- بالشت- ج اَشْبَار- کہا جاتا ہے "هُوَ قَصِيْرُ الشِّبْرِ" وہ قریب قریب قدم رکھنے والا ہے-
الشَّبَر- عطیہ- خیر-
الشِّبْرَة- قد و قامت (طویل ہو یا قصیر)
الشَّبْرَة- عطیہ-
الشَّبُّوْر- بگل- ج شَبَابِيْر و شَبُّوْرَات (کلمہ عبرانی ہے)
الشَّابُوْرَة- خلیج- کہر (جدید)
شَابُر- المیزان: چور-
فُلَانٌ (اَشْبَر) مِنْكَ: فلاں تم سے وسیع بالشت والا ہے-
الأَشْبُر- ایک قسم کی مچھلی-
المَشَابِر- نشیبی زمین سے گزرنے والے دریا جن میں ہر دو جانب کا پانی آتا ہے- واحد (مَشْبَر و مَشْبَرَة)-
شَبْرَقَهُ- ٹکڑے ٹکڑے کرنا- شَبْرَقَ اللَّحْمَ: پارچہ پارچہ کرنا- شَبْرَقَتِ الدَّابَّةُ فِي مَشْيِهَا ـــــ جانور کا دور دور قدم رکھنا ـــــ البَازِي الصَّيْدَ: نوچنا اور پھاڑنا ـــــ الثَّوْبَ: برا بننا-
الشَّبَارِق و الشُّبَارِق- ٹکڑے- کہا جاتا ہے "ثَوْبٌ شَبَارِقُ و شُبَارِقُ و شَبَارِيْقُ و شَبْرَق و شِبْرَاقٌ" ٹکڑے ٹکڑے کیا ہوا کپڑا-
الشِّبْرِق- بلی کا بچہ- ج شَبَارِق-
الشِّبْرِقَة- کپڑے کا ٹکڑا-

الشِّبْرَاق- مِنْ كُلِّ شَيْئٍ: تختی-
ثَوْبٌ (مُشَبْرَق) برا بنا ہوا کپڑا-
الشَّبْرَم- پستہ قد-
الشُّبْرُمَة- بلی-
الشَّبْرَق- آسیب زدہ-
تَشَبَّصَ- الشَّجَرُ: آپس میں گتھا ہوا ہونا-
الشَّبَص- درخت کے کانٹوں کا آپس میں گتھا ہوا ہونا- تختی-
شُبَاط- ترکی مہینہ- مطابق فروری-
الشَّبُّوْط و الشُّبُّوْط و الشَّبُوْط- ایک قسم کی مچھلی جس کا سر چھوٹا اور درمیانی حصہ چوڑا ہوتا ہے- ج شَبَابِيْط-
شَبِعَ (س) شَبْعًا و شِبَعًا- وَمِنَ الطَّعَامِ: شکم سیر ہونا- تم کہتے ہو "شَبِعْتُ مِنْ هٰذَا الْاَمْرِ و رَوِيْتُ" جبکہ تم کسی معاملہ سے ملول ہو جاؤ-
شَبُعَ (ک) شَبَاعَةً- عَقْلُهُ: بہت عقل والا ہونا-
شَبَّعَتْ- غَنَمُهُ: آسودگی کے قریب ہونا-
اَشْبَعَهُ- کھلا کر شکم سیر کرنا ـــــ الشَّيْئَ: زیادہ کرنا ـــــ الثَّوْبَ مِنَ الصَّبْغِ: خوب گہرا رنگنا ـــــ الكَلَامَ: مکمل کہنا-
تَشَبَّعَ- بتکلف شکم سیر ہونا- ظاہر کرنا- بہت کھانا-
الشِّبْعُ و الشِّبَعُ- کھانے کی وہ مقدار جو سیر کر دے-
الشُّبَاعَة- آسودگی کے بعد بچا ہوا کھانا-
الشُّبْعَةُ- ایک مرتبہ پیٹ بھرنے کی مقدار-
الشَّبْعَان- شکم سیر- مؤنث شَبْعٰى و شَبْعَانَةٌ ج شِبَاعٌ و شَبَاعٰى- کہا جاتا ہے "هِيَ شَبْعٰى الذِّرَاعِ" وہ پر گوشت بازو والی ہے- و "شَبْعٰى الخَلْخَالِ اَوِ السِّوَارِ وَالدِّرْعِ" یعنی موٹی-
الشَّبِعَة- شکم سیر عورت-
الشَّبِيْع- بہت- کہا جاتا ہے "ثَوْبٌ شَبِيْعُ الغَزْلِ" بہت سوت والا کپڑا- و "رَجُلٌ شَبِيْعُ العَقْلِ" بہت عقل والا مرد- و "حَبْلٌ شَبِيْعٌ" بہت لٹوں والی رسی- ج شُبُعٌ-
شَبِقَ (س) شَبَقًا- بہت شہوت والا ہونا- صفت (شَبِقٌ) مؤنث شَبِقَة-

مِنَ اللَّحْمِ: گوشت کھانے سے بدہضمی ہونا-
الشُّوْبَق- بیلن- ج شَوَابِق (کلمہ فارسی ہے) مشہور (شَوْبَک) ہے فتحہ شین اور کاف سے چوبک کا معرب ہے-
شَبَكَتْ (ض) شَبْكًا- الأُمُوْرُ: ایک دوسرے میں داخل ہونا- خلط ملط ہونا- پیچیدہ ہونا- شَبَكَهُ عَنْهُ: غافل کر دینا (شَبَک و شَبَّكَ) الشَّيْئَ: ایک دوسرے میں ملانا- تم کہتے ہو "شَبَكْتُ اَصَابِعِي بَعْضَهَا فِي بَعْضٍ و شَبَّكْتُ بَيْنَ اَصَابِعِي" میں نے اپنی انگلیوں کو ایک دوسرے میں داخل کیا-
اَشْبَكَ- القَوْمُ: نزدیک نزدیک کنوئیں کھودنا- "اَشْبَكَ المَكَانُ": قریب کنوئیں والی ہونا-
شَابَكَ- بَيْنَ الأَصَابِعِ: انگلیوں کو ایک دوسرے میں داخل کرنا-
تَشَابَكَتْ- الأُمُوْرُ: باہم مخلط ہونا-
اِشْتَبَكَ و تَشَبَّكَ- مختلط ہونا- بعض کا بعض میں داخل ہونا ـــــ الكَلَامُ اَوِ الأُمُوْرُ: پیچیدہ ہونا-
الشَّبَكَة- شکاری کا جال- ج شَبَک و شِبَاک و شَبَكَات- الشَّبَكَة: بہت کنوئیں والی زمین- قریب قریب والے کنوئیں-
الشُّبْكَة- قرابت-
طَرِيْقٌ (شَابِكٌ) مشتبہ و پیچیدہ راستہ- ج شوابک-
الشَّبَّاك- جال بنانے والا-
الشُّبَّاك- دریچہ جس میں لکڑی یا لوہے کی چھڑیں لگی ہوئی ہوں- کھڑکی- ج شَبَابِيْک
الشُّبَّاك: شکاری کا جال- شکاری- گویا کہ یہ شابک کی جمع ہے- جیسے قاری کی جمع قراء-
الشَّبَائِک- جھگڑے-
المُشَبَّک- ایک قسم کا کھانا-
شَبَلَ (ن) شُبُوْلاً- الغُلَامُ: لڑکے کا ناز و نعمت میں بڑھنا اور جوان ہونا- صفت (شَابِل) ـــــ فِي بَنِي فُلَانٍ: پرورش پانا-
اَشْبَلَ- عَلَيْهِ: مہربانی کرنا- مدد کرنا- اَشْبَلَتِ المَرْأَةُ عَلٰى اَوْلَادِهَا: شوہر کی وفات کے بعد

بچوں کی دیکھ بھال کرنا اور نکاح نہ کرنا۔
الشِبْلُ۔ شیر کا بچہ جب کہ شکار کرنے کے قابل ہو جائے۔ ج اَشْبَال و شِبَال و اَشْبُل و شُبُوْل۔ اَبُو الْاَشْبَال: شیر۔
لَبُوَۃٌ (مُشْبِلٌ) بچوں والی شیرنی۔
مَکَانٌ (مَشْبُوْلٌ) بہت شیر کے بچوں والی جگہ۔
شَبَم (ن) شَبْمًا و شَبَّمَ۔ الجُدیَ: بکری کے بچہ کے منہ میں تھوتھنی لگانا۔
شَبِمَ (س) شَبَمًا۔ المَاءُ: پانی کا ٹھنڈا ہونا۔
الشَبَمُ۔ سردی۔
الشَبِمُ۔ صبح۔ شام یا بھوک کے ساتھ صبح شام۔
الشَبِم۔ ہتھیار۔ زہر۔ موت۔
الشِبَام و الشِبَمَ۔ لکڑی جو بکری کے بچہ کے منہ میں لگادی جائے تاکہ دودھ نہ پئے۔
الشِبَام۔ برقع کے دو دھاگے جن کو عورتیں پیچھے باندھ لیتی ہیں۔
المُشَبَّمُ۔ تھوتھنی لگا ہوا بکری کا بچہ۔ بھوکا۔
شَبَنَ (ن) شَبْنًا۔ الغُلَامُ: لڑکے کا نازک اندام و پُرگوشت ہونا۔ (___ شُبُوْنًا) الشَیْءُ: قریب ہونا۔
الشَابِنُ۔ مِنَ الغِلْمَانِ: نازک اندام پُرگوشت لڑکا۔
الشَبِیْنُ و الاِشْبِیْنُ۔ دولھا کا خدمت گار۔ شَبِیْنَۃ و اِشْبِیْنَۃٌ: دلہن کی خدمت گار (کلمہ سریانیہ ہے)
الشَبَانِیّ و الاُشْبَانِیّ و الشَبَّانِیّ۔ سرخ چہرے اور مونچھوں والا۔
شَبَّھَہٗ۔ اِیَّاہٗ و شَبَّھَہٗ بِہٖ: تشبیہہ دینا۔ تمثیل دینا۔ شَبَّہ عَلَیْہِ الاَمْرُ: مشتبہ کرنا۔ شَبَّہ الشَیْءُ: مشکل ہونا۔
شُبِّہَ۔ عَلَیْہِ الاَمْرُ: مشتبہ کیا جانا۔
اَشْبَھَہٗ و شَابَھَہٗ۔ مانند ہونا۔ مشابہ ہونا۔ اَشْبَہ فُلَانٌ اُمَّہٗ فلاں اپنی ماں کے مشابہ ہے یعنی عورت کی مانند عاجز و ضعیف ہے۔
تَشَبَّہَ بِہٖ: مانند ہونا، عمل میں مشابہت کرنا۔
تَشَابَہَ۔ الرَجُلَانِ ایک دوسرے کے مشابہ ہونا۔ الاَمْرُ۔ مُتَشَابِہٌ یعنی غیر محکم ہونا۔
اِشْتَبَھَا۔ ایک دوسرے کے مشابہ ہونا۔
اِشْتَبَہ فِی الْاَمْرِ: صحیح ہونے میں شک کرنا ___ الاَمْرُ عَلَیْہِ: پوشیدہ اور مشتبہ ہونا۔
الشِبْہُ و الشَبَہُ۔ مثل مانند۔ ج اَشْبَاہ و مَشَابِہ جیسے (حسن و محاسن) الشَبَہ: مشابہت ایک خار دار نباتات جس کے پھول سرخ ہوتے ہیں۔ (الشِبْہ و الشَبَہ و الشَبَھَان و الشِبْھَان) پیتل۔
الشُبْھَۃُ۔ مثل۔ التباس۔ شک۔ جس میں حق و باطل یا حلال و حرام کا التباس ہو۔ ج شُبَہ و شُبُھات۔
الشَبِیْہ۔ مثیل۔ ایک جیسے۔ ج شِبَاہ۔
المُشَبَّہ و المُشْتَبَہ۔ مِنَ الاُمُوْرِ: مشکل۔ جس میں التباس واقع ہو۔ کہا جاتا ہے "اِیَّاکَ و المُشَبَّھات" اپنے آپ کو امورِ مشکلہ سے بچاؤ۔
شَبَا یَشْبُوْ شَبْوًا۔ الشَیْءُ: بلند ہونا ___ الفَرَسُ: گھوڑے کا دو ٹانگوں پر کھڑا ہونا۔ ___ الوَجْہُ: چہرے کا متغیر ہونے کے بعد چمکنا ___ النَارَ: آگ جلانا۔ روشن کرنا۔
اَشْبٰی اِشْبَاءً۔ الرَجُلَ: دینا ___ عَلَیْہِ: مہربان ہونا ___ ہ: تعظیم و اکرام کرنا۔ مصیبت میں ڈالنا ___ الشَجَرُ: لمبا اور پیچیدہ ہونا ___ الشَیْءَ: ہٹانا ___ الرَجُلُ: ذہین بچوں والا ہونا۔ صفت (مُشْبِیٌ و مُشْبٍ)
الاَوْلَادُ اَبَاھُمْ: اولاد کا اپنے باپ کے مشابہ ہونا۔
الشَبَاۃُ۔ نوزائیدہ بچھو یا زرد بچھو۔ دو ٹانگوں پر کھڑا ہونے والا گھوڑا ___ مِنَ السَیْفِ: دھار۔ بچھو کا ڈنک۔ ہر چیز کی حد۔ ج شَبًا و شَبَوَات۔ بیوقوف مرد۔ کہا جاتا ہے "ھٰذَا رَجُلٌ شَبَاۃٌ" یہ بیوقوف مرد ہے۔
شَبْوَۃُ۔ بچھو کے لئے علم ہے اور علمیت تانیث کی وجہ سے غیر منصرف ہے اور کبھی اس پر الف لام بھی آتا ہے۔
الشَبْوُ۔ دکھ۔ تکلیف۔
شَتَّ (ض) شَتًّا و شَتَاتًا و شَتِیْتًا۔ متفرق ہونا (___ و شَتَّتَ و اَشَتَّ) الاَشْیَاءَ: متفرق کرنا۔ کہا جاتا ہے "اَشَتَّ بِیْ قَوْمِیْ" میری قوم نے میرے کاموں کو پراگندہ کر دیا۔
تَشَتَّتَ و اِنْشَتَّ و اِسْتَشَتَّ۔ الشَمْلُ: متفرق ہونا۔
الشَتُّ۔ مص۔ پراگندگی۔
اَمْرٌ (شَتٌّ و شَتَاتٌ) پراگندہ و متفرق۔ کام (مصدر سے وصف لایا گیا ہے) ج اَشْتَات کہا جاتا ہے "جَاءُوْا شَتَاتًا و جَاءُوْا اَشْتَاتَ شَتَات" وہ لوگ متفرق متفرق ہو کر آئے۔ نصب حالیت کی وجہ سے ہے۔
شَتَّانَ۔ مبنی علی الفتحہ اور کبھی نون مکسور ہوتا ہے۔ اسم فعل ہے بَعُدَ کے معنی میں۔ کہا جاتا ہے "شَتَّانَ بَیْنَھُمَا و مَا بَیْنَھُمَا و مَا زَیْدٌ و اَخُوْہُ" یعنی ان دونوں کے درمیان فرق ہے۔
الشَتِیْت۔ مص۔ پراگندہ۔ متفرق۔ ج شَتّٰی (جیسے مریض و مرضی) ثَغْرٌ شَتِیْتٌ: چھدرے دانت۔
اُنَاسٌ (شَتّٰی و شُتُوتٌ) مختلف قبائل کے لوگ۔ اَشْیَاءٌ شَتّٰی: مختلف چیزیں۔ اور کہا جاتا ہے "وَقَعُوْا فِیْ اَمْرٍ شَتّٰی" وہ لوگ متفرق امور میں پڑ گئے۔
شَتَرَ (ن ض) شَتْرًا۔ الشَیْءَ: کاٹنا۔ ٹکڑے ٹکڑے کرنا ___ الرَجُلَ: زخمی کرنا ___ العَیْنَ: پلک الٹنا۔
شَتِرَ (س) شَتَرًا۔ کٹنا۔ نیچے کے پھٹے ہوئے ہونٹ والا ہونا ___ بِہٖ: گالی دینا۔ (___ و شُتِرَ) الٹی ہوئی پلک والا ہونا یا نیچے کے ڈھیلے پلک والا ہونا۔
شَتَّرَ۔ عَیْنَہ: پلک الٹنا۔ گالی دینا۔ عیب لگانا۔ قبیح باتیں سنانا۔
اِنْشَتَرَتْ۔ عَیْنُہ: الٹی ہوئی پلک والی ہونا۔
اَلشَتَر: مص۔ کٹنا۔ پلک الٹنا۔ عیب و نقص۔
الشُتْرَۃُ۔ دو انگلیوں کے درمیان کا فاصلہ۔
الشَتِّیْر۔ بہت عیب و برائی والا۔ بد خلق۔
الاَشْتَر۔ الٹی ہوئی پلک والا۔ پھٹی ہوئی پلک والا۔ نیچے کی ڈھیلی پلک والا۔ نیچے کے پھٹے ہوئے ہونٹ والا۔ مؤنث شَتْرَاءُ۔ ج شُتْر۔
الشَوْتَرَۃ۔ بڑے سرین کی عورت۔
شَتِعَ (س) شَتَعًا۔ بیماری یا بھوک کی وجہ سے گھبرا اٹھنا۔
شَتَغَہٗ (ض) شَتْغًا۔ روندنا۔ ذلیل کرنا۔
اَشْتَغَہ۔ تلف کرنا۔ ہلاک کرنا۔

المَشَاتِيعُ۔ ہلاکتیں۔

شَتَمَهُ (ن ض) شَتْمًا و مَشْتَمَةً و مَشْتِمَةً و مَشْتُمَةً و تَشْتَامًا۔ گالی دینا (شَتَمًا) گالی دینے میں غالب ہونا۔ کہا جاتا ہے "شَاتَمَهُ فَشَتَمَهُ" اس نے اس سے گالی دینے میں مقابلہ کیا اور غالب رہا۔

شَتُمَ (ک) شَتَامَةً۔ بدصورت و کریہہ المنظر ہونا۔ صفت (شَتِيمٌ) الشَّتِيمُ۔ غضبناک شیر۔

شَتَّمَهُ۔ بہت گالی دینا۔

شَاتَمَهُ۔ باہم گالی گلوچ کرنا۔

تَشَاتَمَ۔ القَوْمُ: ایک دوسرے کو گالی دینا۔

تَشَتَّمَ۔ گالی سننے کے درپے ہونا۔

الشَّتَامَةُ۔ مص۔ بدصورتی کے ساتھ بدن کی درشتی۔

الشَّتِيمَةُ۔ گالی۔ ج شَتَائِم۔

الشَّتَّامُ و الشَّتَّامَةُ۔ برے چہرہ والا۔ بدخلق۔

الشَّتَّام و الشَّتَّامَة۔ بہت گالی دینے والا۔

الشَّتَّامَةُ۔ شیر غضبناک۔

شَتَنَ (ن) شَتْنًا۔ الثَّوْبَ: کپڑے کو بُننا۔ صفت (شَاتِن)

الشَّتْن۔ مص۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ شَتْنُ الكَف" سخت ہتھیلی والا مرد۔

الشُّتُوْن۔ بُننے والا۔

شَتَا يَشْتُوْ شَتْوًا و شَتَّى تَشْتِيَةً و تَشْتِي تَشْتِيًا۔ بِالبَلَدِ: کسی شہر میں جاڑے میں قیام کرنا۔ شَتَا و تَشَتَّى۔ المَكَانَ: بزمانہ سرما قیام کرنا۔ شَتَّاهُ: زمانہ سرما کے لئے کافی ہونا۔

شَتَا يَشْتُوْ شَتْوًا و شُتِيَ و اَشْتَى القَوْمُ: موسم سرما میں داخل ہونا۔ موسم سرما میں قحط سالی کی تکلیف اُٹھانا اور کہا جاتا ہے "هٰذَا شَيْءٌ يُشْتِيْنِي" یہ زمانہ سرما میں میرے لئے کافی ہوگی۔ شَتَا الشِّتَاءُ: سردی پڑنا۔

شَاتَى مُشَاتَاةً و شِتَاءً۔ الرَّجُلَ: جاڑے بھر کے لئے معاملہ کرنا۔

الشِّتَاء۔ مص۔ موسم سرما۔ ج اَشْتِيَة و شُتِيّ اور نسبت کے لئے (شَتَوِيّ و شَتْوِي) الشَّتَوِيَّ: جاڑے کی بارش فَاكِهَتُهُ الشِّتَاءِ: آگ۔

الشِّتَاءُ و الشِّتَا۔ قحط۔

الشَّتَاةُ و الشَّتْوَةُ۔ جاڑا۔ صاحب الشَّتْوَة: وہ شخص جس کے پاس جاڑے میں پناہ لیں۔

الشَّتِيّ۔ جاڑے کی بارش۔

المَشْتَى و المَشْتَاة۔ جاڑے کا زمانہ یا جاڑے کی جگہ۔ موسم سرما گزارنے کی جگہ۔ ج المَشَاتِي۔

کہا جاتا ہے هٰذِهِ مَشَاتِينَا و مَصَايِفُنَا و مَرَابِعُنَا" یہ ہمارے سرمائی و گرمائی و ربیعی منازل ہیں۔

اَلشَّتُّ۔ چھوٹے سیب کی طرح خوشبو دار کڑوے مزے کے پھل کا ایک درخت جس میں کانٹے نہیں ہوتے اور اس کے پتوں کو چمڑے کی دباغت میں استعمال کرتے ہیں۔ جنگلی اخروٹ۔ شہد کی مکھیاں۔ پہاڑ کی چوٹی جو ٹوٹنے کے بعد کنگرہ کی مانند رہ جائے۔ ج شِتَاتٌ۔ واحد (الشَّتَّةُ) الشَّتُّ: ہر چیز کی بہت تعداد۔

شَتِرَتْ (س) شَتَرًا۔ عَيْنُهُ: آنکھ موٹی ہونا۔

الشِّتْرُ۔ پہاڑ کا کنارہ۔ ج شُتُوْرٌ۔ قَنَاةٌ (شَتِرَةٌ) نیزہ کہ جس کے ٹکڑے ٹوٹنے کے وقت اُڑیں۔

شَثِلَتْ (س) شَثَلًا و شَثُلَتْ (ک) شُثُوْلَةً۔ اَصَابِعُهُ: موٹی ہونا۔

شَثِلُ الاَصَابِع: سخت اور موٹی انگلیوں والا۔

قَدَمٌ (شَثْلَةٌ) موٹا اور سخت قدم۔

شَثِنَ۔ بمعنی شَثِلَ۔

شَجَّ (ن ض) شَجًّا۔ الرَّاسَ: زخمی کرنا۔ توڑنا۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ يَشُجُّ مَرَّةً وَ يَاسُوْ مَرَّةً" فلاں کبھی غلطی کرتا ہے کبھی درست کرتا ہے۔ شَجَّ المَفَازَةَ: بیابان طے کرنا۔

____ المَرْكَبُ البَحْرَ: جہاز کا سمندر کو پھاڑنا۔

____ الشَّرَابَ بِالمَاءِ: ملونی کرنا۔ کہا جاتا ہے "شَجَّ الاَرْضَ بِرَاحِلَتِهِ" یعنی بہت تیز چلایا۔

شَجَّ (س) شَجَجًا۔ سر میں زخم یا نشان زخم والا ہونا۔ صفت (اَشَجّ و شَجِيج) ج شَجّٰى و (مَشْجُوْجٌ و مُشَجَّجٌ) الشَّجِيج والمشجج: میخ۔ کھونٹی۔

شَجَّجَهُ۔ سر کو بہت زخمی کرنا۔ شَجَّجَ عَلَى الاَمْرِ: پختہ ارادہ کرنا۔

شَاجَّ مُشَاجَّةً و شِجَاجًا و تَشَاجَّ۔ القَوْمُ: ایک دوسرے کے سر کو زخمی کرنا۔

الشَّجَاج۔ فضائے آسمانی۔

الشَّجَّة۔ سر کا زخم۔ ج شِجَاج۔

الشَّجَج۔ مص۔ پیشانی میں زخم کا نشان۔

الشَّجَّاج۔ سر کو بہت زخمی کرنے والا۔

شَجَبَهُ (ن) شَجْبًا۔ ہلاک کرنا۔ غمگین کرنا۔ کھینچ کر مشغول کرنا۔ کہا جاتا ہے "اِنَّكَ لَتَشْجُبُنِيْ عَنْ حَاجَتِيْ" تو مجھ کو میری حاجت سے مشغول رکھتا ہے "شَجَبَ القُنَيْنَةَ بِشِجَابٍ" اس نے شیشی میں ڈاٹ لگائی۔

شَجَبَ (ن) شَجْبًا و شُجُوْبًا و شَجِبَ (س) شَجَبًا۔ ہلاک ہونا۔ مرنا۔ غمگین ہونا۔ صفت (شَجِبٌ و شَاجِبٌ) ____ الشَّيْءُ: جانا۔

شَجَبَ (ن) شَجِيْبًا۔ الغُرَابُ: کوے کا جدائی کے لئے آواز کرنا۔

اَشْجَبَهُ۔ غمگین کرنا۔

تَشَاجَبَ۔ الشَّيْءُ: خلط ملط ہونا۔ بعض کا بعض میں داخل ہونا۔

تَشَجَّبَ۔ غمگین ہونا۔

الشَّجْبُ۔ مص۔ حاجت۔ غم۔ ستون خانہ۔ مشک کہ جس کا نصف کاٹ کر ڈول بنالیں۔ ج شُجُوْب و اَشْجَاب۔

الشَّجَبُ۔ مص۔ رنج و تکلیف جو مرض یا قتال کی وجہ سے لاحق ہو۔ ج شُجُوْب۔

الشَّاجِب۔ بہت بک بک کرنے والا۔ مِنَ الغِرْبَانِ: بہت کائیں کائیں کرنے والا کوا۔

الشِّجَاب۔ شیشی وغیرہ کی ڈاٹ۔ ج شُجُب (____ و الشُّجُب و المِشْجَب) لکڑی کا اسٹینڈ جس پر کپڑے رکھے اور پھیلائے جاتے ہیں۔

الشَّجْبَاء۔ مشک۔

الشَّجْذَة۔ نرم بارش۔

المِشْجَاذ۔ کوچھن۔

شَجَرَ (ن) شَجْرًا۔ الشَّيْءَ: باندھنا۔ فُلَانًا: علیحدہ کرنا۔ منع کرنا۔ کہا جاتا ہے "مَا شَجَرَكَ عَنْ كَذَا" تم کو فلاں سے کس چیز نے روکا ____ الرَّجُلَ بِالرُّمْحِ: نیزہ مارنا ____ فَمَهُ: لکڑی سے کھولنا ____ الدَّابَّةَ: جانور کو

ٹھہرانے کے لئے لگام سے مارنا یہاں تک کہ منہ کھول دے ___ الشَّجَرَةَ: درخت کے بعض حصے کو پکڑنا ___ البَیْتَ: ستون لگانا۔ ___ النَبَاتَ: جھکی ہوئی ٹہنیوں کو اٹھانا۔

شَجَرَ (ن) شَجْرًا و شُجُوْرًا۔ بَیْنَهُمْ اَمْرٌ: مختلف فیہ ہونا اور کہا جاتا ہے "شَجَرَ مَابَیْنَهُمْ" باہم جھگڑنا۔

شَجِرَ (س) شَجَرًا۔ الرَّجُلُ: بہت جمعیت والا ہونا۔

شَجَّرَ۔ النَّبَاتُ: درخت ہو جانا ___ النَّخْلَ: ٹوٹنے کے خوف سے خوشہ کو ٹہنی پر رکھنا۔

الشَكِيكَة۔ طریقہ۔ عادت۔ کہا جاتا ہے "دَعْهُ عَلٰی شَكِيكَتِهٖ" اس کو اس کی عادت پر چھوڑ دو۔ فرقہ، میوہ کی ٹوکری۔ ج شَكَائِك و شُكُك۔

اَلْمِشَكُّ۔ سوراخ کرنے کا آلہ۔ زرہ۔ ج مَشَاكُّ۔

الشُكِيُّ۔ سخت لگام۔

الشُكُوك۔ بہت بالوں والی اونٹنی کہ جس کی لاغری و فربہی معلوم نہ ہو سکے۔

الشَكْشَكَة۔ تیز ہتھیار یا ہتھیار کی تیزی۔

شَكَأَ (ف) شَكْأً۔ نَابُ البَعِيْرِ: دانت نکلنا۔

شَكِئَ (س) شَكَأً۔ ظُفْرُهٗ: ناخن پھٹنا۔

اَشْكَأَتِ۔ الشَجَرَةُ: شاخیں نکالنا۔

الشُكْب۔ بدلہ۔ بخشش۔

الشُكْبَان۔ گھاس جمع کرنے کی جھولی۔

الشَوْكَحَة۔ بڑے پھاٹک میں چھوٹا دروازہ۔ ج شَوْكَح۔

شَكَدَ (ن) شَكْدًا و شُكْدً۔ بخشنا۔ دینا۔

اَشْكَدَ۔ دینا۔ ردی مال جمع کرنا۔

الشُكْد۔ بخشش۔ شکریہ۔

شَكَرَ (ن) شُكْرًا و شُكُوْرًا و شُكْرَانًا۔ الرَجُلَ و لَهٗ (و بِاللاَم اَفْصَح) شکریہ ادا کرنا۔ شکر کرنا۔ بہتر سلوک پر تعریف کرنا اور کہا جاتا ہے "شَكَرَ اللّٰهُ سَعْيَكَ" یعنی اللہ تمہاری کوشش کی جزا دے و "شَكَرْتُ لِفُلَانٍ نِعْمَتَهٗ" میں نے فلاں کی نعمت کا شکریہ ادا کیا۔ و "شَكَرَ اللّٰهَ و لِلّٰهِ و بِاللّٰهِ و نِعْمَةَ اللّٰهِ و بِنِعْمَةِ اللّٰهِ" اس نے اللہ کا شکر یا اللہ کی نعمت کا شکر ادا کیا۔ صفت (شاکر) ج شَاكِرُوْن و شُكَر۔ شَاكِرْزَبَه: ایک قسم کی گھاس۔

شَكِرَتْ (س) شَكَرًا۔ النَاقَةُ: اونٹنی کا بھرے ہوئے تھن والی ہونا۔ صفت (شَكِرَةٌ) ج شَكِرَات و شَكَارَى و شَكْرَى و (مِشْكَار) ___ الشَجَرَةُ: درخت کا جڑ میں سے شاخ نکلنا ___ الرَجُلُ: بخل کے بعد سخی ہونا۔

اَشْكَرَ۔ الضَرْعُ: تھن کا دودھ سے بھرنا۔ صفت (شَكْرَان) مؤنث شَكْرَى۔ ج شَكَارَى و شَكَارَى۔ عَيْنٌ شَكْرَى: آنسوؤں سے بھری ہوئی آنکھ۔ اَشْكَرَ الشَجَرُ: درخت کی جڑ میں سے شاخ نکلنا۔

شَاكَرَهٗ۔ شکر گزاری دکھلانا ___ هٗ الحَدِيْثَ: گفتگو شروع کرنا۔

اِشْتَكَرَ۔ الضَرْعُ: تھن کا دودھ سے بھرنا۔

اِشْتَكَرَتِ الرِيَاحُ: ہوا کا تیز چلنا ___ السَمَاءُ: بارش لانا ___ الرَجُلُ فِي عَدْوِهٖ: دوڑنے میں کوشش کرنا۔ اِشْتَكَرَ البَرْدُ و الحَرُّ: سردی یا گرمی کا تیز ہونا ___ الشَجَرُ: درخت کی جڑ میں سے شاخ نکلنا ___ الجَنِيْنُ: رواں نکلنا۔

تَشَكَّرَ۔ لَهٗ: شکر ادا کرنا۔

الشَكُوْر۔ بہت شکر گزار (مذکر و مؤنث) ج شُكُر الشَكُوْرُ فِيْ اَسْمَائِهٖ تَعَالٰى۔ تھوڑے عمل کا زیادہ بدلہ دینے والا۔

الشَكِير۔ بڑے درختوں کی جڑ میں جو شاخ نکل آئے۔ بڑوں میں چھوٹے (پودے یا گھاس یا پر یا بال) بال جو چہرہ اور پس گردن کے متصل ہوں۔ درخت کی ڈاڑھی۔ شَكِيْرُ الْاِبِلِ۔ چھوٹے اونٹ۔ ج شُكُر۔

الشَكْرَة۔ اسم مَرَة (و الشَكْرِيَّة) تھنوں کا دودھ سے بھرنا۔ کہا جاتا ہے نَبَاتٌ (مَشْكَرَةٌ) یعنی دودھ والا پودہ۔

الشُكْرَان۔ شکر گزاری۔

الشَوْكَرَان و الشَيْكَرَان و الشَيْكُرَان۔ ایک زہریلا پودہ۔ (دخیل)

الشَاكِرِيُّ۔ خادم، نوکر۔ چاکر۔ ج شَاكِرِيَّةٌ (دخیل)

الشَاكِرِيَّة۔ خادم کی اُجرت۔ عوام شاکریۃ کو ٹیڑھے سروالی چھری کے لیے بھی استعمال کرتے ہیں۔

الشَكَائِر۔ پیشانیاں۔

شَكَزَهٗ (ن) شَكْزًا۔ انگلی چبھونا۔ زبان سے تکلیف دینا۔ شَكَزَهٗ بِالرُمْحِ: نیزہ مارنا۔

الشَكِز و الشَكْز۔ بدخلق۔

الشَكَّاز۔ شاکز کا مبالغہ۔ جنگجو۔

شَكُسَ (ک) شَكَاسَةً و شَكِسَ (س) شَكَسًا۔ بخیل ہونا۔ درشت خو ہونا۔ سخت مزاج ہونا۔ صفت (شَكِسٌ و شَكْسٌ) ج شُكُسٌ۔

شَاكَسَهٗ مُشَاكَسَةً۔ مخالفت کرنا۔ سختی سے پیش آنا۔

تَشَاكَسَ۔ القَوْمُ: باہم مخالفت کرنا۔ کہا جاتا ہے "اللَيْلُ و النَهَارُ يَتَشَاكَسَانِ" دن اور رات ایک دوسرے کی ضد ہیں۔

الشَكِيْس۔ نحوست۔

المِشْكَس۔ بخیل۔ سخت مزاج۔

الشُكُس۔ نئے چاند نکلنے سے ایک دو دن پہلے۔

الشَكِص و الشَكِيْص۔ بدخلق۔

الشَكِيْصَة: اونٹنی جس کے نہ تو تھن میں دودھ ہو نہ حاملہ ہو۔

الشِكَاص۔ ناہموار دانتوں والی عورت۔

شَكِعَ (س) شَكَعًا۔ المَرِيْضُ: بہت آہ و زاری کرنا۔ صفت (شَاكِعٌ و شَكِعٌ و شَكُوْعٌ) ___ الزَرْعُ: کھیتی کا زیادہ دانوں والی ہونا ___ الرَجُلُ: غضبناک ہونا۔ دردمند ہونا۔

اَشْكَعَهٗ۔ غضبناک کرنا۔ ملول کرنا۔ تنگ دل کرنا۔ زچ کر دینا۔

شَكَلَ (ن) شَكْلًا و شَكَّلَ۔ الاَمْرُ: مشتبہ ہونا۔ شَكَلَ و شَكَّلَ العِنَبُ: انگور کا پکنے لگنا۔ شَكَلَ و شَكَّلَ الكِتَابَ: اعراب لگانا۔ شَكَلَ و شَكَّلَ الدَابَّةَ بِالشِكَالِ: جانور کو پائے بند ڈالنا۔ شَكَّلَ الشَيْءَ: تصویر بنانا۔ شَكَلَتْ و شَكَّلَتِ المَرْأَةُ شَعْرَهَا: دائیں اور بائیں جانب زلف کی دو لٹیں بٹنا۔

شَكِلَ (س) شَكَلًا۔ سرخ سفید ہونا ___ الشَيْءُ: سفید مائل بسرخ ہونا ___ المَرْأَةُ: عورت کا ناز و انداز والی ہونا۔

اَشْكَلَ۔ الاَمْرُ: مشتبہ ہونا۔ کہا جاتا ہے اَشْكَلَتْ عَلَيَّ الاَخْبَارُ میرے اوپر خبریں مشتبہ ہو گئیں۔

___ العِنَبُ: انگور پکنے لگنا ___ النَخْلُ:

درخت خرما پک کر تیار ہونا ___ الکِتَابَ : اعراب لگانا ___ الشَّیئُ : مشکل ہونا ___ المَرِیضُ : بیمار کا صحت کے قریب ہونا۔

شَاکَلَهُ مُشَاکَلَةً۔ مشابہ ہونا۔ موافق ہونا۔ کہا جاتا ہے "فِيْ فُلَانٍ مُشَاکَلَةٌ مِنْ اَبِيْهِ" اس میں اُس کے باپ کی مشابہت ہے۔

تَشَکَّلَ۔ صورت اختیار کرنا ___ العِنَبُ : انگور پکنے لگنا۔

اِشْتَکَلَ و اِسْتَشْکَلَ۔ الاَمْرُ : مشتبہ ہونا۔

الشَّکْلُ۔ مص۔ مشابہت۔ مثل۔ نظیر۔ مشکل معاملہ۔ قصد و ارادہ۔ کہا جاتا ہے "سَاَلْتُهُ عَنْ شَکْلِ فُلَانٍ" میں نے فلاں کے ارادہ کو دریافت کیا۔ عورت کا ناز و انداز۔ محسوس یا متوہم چیز کی صورت شکل مثلاً گولائی، کجی۔ سیدھا پن وغیرہ۔ ج اَشْکَال و شُکُوْل۔ الاَشْکَالُ : چاندی یا موتیوں کے زیورات جو ایک دوسرے کے مشابہ ہوتے ہیں اور جن کو عورتیں کان میں پہنتی ہیں اور کہا جاتا ہے "اُمُوْرٌ اَشْکَالٌ" یعنی مشتبہ امور۔ شَکْلُ الکِتَابِ : کتاب کی حرکات۔

الشَّکْلَةُ : ایک حرکت مثلاً زیر، زبر یا پیش۔

الشِّکْلُ۔ مثل۔ عورت کا ناز و انداز۔

الشُّکْلَةُ۔ سرخی مائل بہ سفیدی (___ و الشَّاکِلُ) مشابہت۔ کہا جاتا ہے "فِيْهِ شُکْلَةٌ اَوْ شَاکِلٌ مِنْ اَبِيْهِ" اس میں اس کے باپ کی مشابہت ہے۔ اِمْرَاَةٌ (شَکِلَةٌ) ناز و انداز والی عورت۔

الشِّکَالُ۔ جانور کا پائے بند۔ ڈوری جو اونٹ کے پیش بند اور تنگ کے درمیان باندھتے ہیں۔ اگلی ٹانگ اور پچھلی ٹانگ باندھنے کا بندھن۔ ج شُکُلٌ۔ الشِّکَالُ فِي الخَيْلِ : تین ٹانگوں کا سفید اور ایک دوسرے رنگ کا ہونا یا اس کے برعکس۔

الشَّاکِلَةُ۔ "الشَّاکِلُ" کا مؤنث۔ شکل۔ جانب۔ جیسے شَاکِلَةُ الطَّرِيْقِ۔ طریقہ۔ مذہب۔ نیت۔ حاجت۔ کوکھ۔ ج شَوَاکِل۔ اور اسی سے ہے "اَصَابَ شَاکِلَةَ الصَّوَابِ" اس نے طریقہ صواب پالیا۔ و "فُلَانٌ يَرْمِيْ بِرَاْيِهِ الشَّوَاکِلَ" یعنی فلاں وجوہ صواب کو پالیتا ہے۔ الشَّوَاکِلُ۔ بڑے رستے سے نکلے ہوئے راستے۔ کہا جاتا ہے هٰذَا طَرِيْقٌ ذُوْ شَوَاکِلَ۔ یہ راستہ ایسا ہے جس سے مختلف راستے نکلتے ہیں۔

الاَشْکَلُ۔ سفید مائل بسرخی۔ آنکھوں کی سفیدی میں سرخی والا۔ اور کہا جاتا ہے "هٰذَا اَشْکَلُ بِهِ" اس کے مشابہ ہے۔ ج شُکْلٌ۔

الشَّکْلَاءُ۔ اَشْکَل کا مؤنث۔ حاجت۔

الشَّوْکَلَةُ۔ ناحیہ۔ جانب (الشَّوْکَل) کا واحد بمعنی عوسج۔ اور عوسج ایک کانٹے دار درخت کا نام ہے۔

الاَشْکَلَةُ۔ التباس۔ مشابہت۔ کہا جاتا ہے "فِيْهِ اَشْکَلَةٌ مِنْ اَبِيْهِ" اس کے اندر اس کے باپ کی مشابہت ہے۔ حاجت جو انسان کو پابند کردے۔ تم کہتے ہو "لَنَا عِنْدَهُ اَشْکَلَةٌ" اس کے پاس ہماری حاجت ہے۔

الشَّکِيْلُ۔ خون آمیز جھاگ جو لگام کے لوہے پر ظاہر ہو۔

المُشْکِلُ و المُشْکِلَةُ۔ امر دشوار یا امر مشتبہ۔ ج مَشَاکِلُ و مُشْکِلَاتٌ۔

المَشْکُوْلُ۔ مِنَ الخَيْلِ : تین ٹانگوں میں سفیدی اور ایک ٹانگ میں دوسرے رنگ والا۔ پائے بند سے بندھا ہوا۔

المُشَکَّلُ۔ صورت و شکل والا۔

شَکَمَهُ (ن) شَکْمًا۔ دینا۔ بدلہ دینا۔ فُلَانًا : رشوت دینا۔

شَکَمَهُ (ن) شَکْمًا و شَکِيْمًا۔ دانت سے کاٹ لینا۔

شَکِمَ (س) شَکَمًا۔ بھوکا ہونا۔

اَشْکَمَهُ۔ بدلہ دینا۔

الشُّکْمُ و الشُّکْمٰى۔ ثواب۔ بدلہ۔ عطیہ۔

الشَّکِمُ۔ شیر۔

الشَّکِيْمَةُ۔ تکبر۔ ظلم کی داد رسی۔ عہد۔ طبیعت۔ چیتا۔ زہر۔ مشابہت ___ مِنَ اللِّجَامِ : لگام کا وہ لوہا جو گھوڑے کے منہ میں ہوتا ہے۔ ج شَکَائِم و شُکُم و شَکِيْم اور اسی سے ہے "فُلَانٌ ذُوْ شَکِيْمَةٍ" او شَدِيْدُ الشَّکِيْمَةِ یعنی فلاں خوددار اور غیرت مند ہے۔

شَاکَهَهُ شِکَاهًا و مُشَاکَهَةً۔ مشابہ ہونا۔

اَشْکَهَ۔ الاَمْرُ : دشوار ہونا۔

تَشَاکَهَا۔ باہم مشابہ ہونا۔

شَکَا يَشْکُوْ شَکْوًى و شَکْوًا و شَکَاةً و شَکَاوَةً و شِکَايَةً و شَکِيَّةً۔ اِلَيْهِ زَيْدًا : شکایت کرنا۔ شکایت کرنے والے کو (شَاكٍ) جس کی شکایت کی جائے اس کو (مَشْکُوٌّ و مَشْکِيٌّ) اور جس سے شکایت کی جائے اس کو (مَشْکُوٌّ اِلَيْهِ) اور شکایت کو (شَکْوٰى) کہتے ہیں۔ شَکَا الاَمْرَ او العِلَّةَ : ذکر کرنا یا دردمند ہونا ___ مَرَضَهُ لِلطَّبِيْبِ : طبیب سے مرض کی کیفیت بیان کرنا ___ اَمْرَهُ اِلَى اللهِ : ظاہر کرنا۔

شَکَا يَشْکُوْ شَکْوًا و شَکْوٰى و شَکَاةً۔ المَرَضُ فُلَانًا : الم پہنچانا۔ دردمند بنانا۔

شَکّٰى تَشْکِيَةً۔ الشَّاکِيْ : شکایت قبول کرنا۔

اَشْکٰى اِشْکَاءً۔ فُلَانًا : شکایت قبول کرنا۔ شاکی پانا۔ کسی کے سامنے شکایت اور تکلیفات شوق کو بیان کرنا۔ کسی کے ساتھ ایسا معاملہ کرنا کہ وہ شکایت کرنے پر مجبور ہو۔ کسی سے شکایت کو زائل کردینا ___ فُلَانًا مِنْ فُلَانٍ : کسی سے کوئی چیز کسی کی خوشنودی کے لیے لینا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ يُشْکِيْ بِکَذَا" وہ فلاں چیز کے ساتھ متہم ہے۔

شَاکَاهُ۔ شکایت کرنا۔

تَشَکّٰى۔ بیمار ہونا ___ اِلَيْهِ : شکایت کرنا۔ مِنْ جُرْحٍ : دردمند ہونا۔

اِشْتَکٰى۔ بیمار ہونا ___ اِلَيْهِ : شکایت کرنا ___ مِنْ جُرْحِهِ : دردمند ہونا۔

تَشَاکٰى تَشَاکِيًا۔ القَوْمُ : باہم دگر شکایت کرنا۔

الشَّکْوُ و الشَّکْوٰى و الشَّکَاءُ و الشَّکَاةُ و الشَّکْوَاءُ۔ بیماری۔ الشَّکْوٰى : جس چیز کی شکایت کی جائے۔ ج شَکَاوٰى۔ الشَّکْوُ : چھوٹا اونٹ۔

الشَّکْوَةُ۔ شَکَا کا اسم مرۃ۔ شَکْوٌ بمعنی مرض کا واحد ج شَکَوَات و شِکَاءٌ (___ و الشَّکْيَةُ) پانی یا دودھ کا چمڑے کا برتن۔

الشَّکِيُّ۔ جس کی شکایت کی جائے۔ دردمند۔ مؤنث شَکِيَّةٌ۔ ج شَکَايَا (___ و الشَّاکِيْ)

معمولی بیمار رَجُلٌ شَاكِي السِّلَاحِ : ہتھیار بند صاحب شوکت و رعب مرد (یہ شائک کا مقلوب ہے۔)

الشَّكَاةُ۔ عیب۔

الْمِشْكَاةُ۔ طاق۔ چراغ رکھنے کا طاق۔ چراغ دان۔

شَكٰى يَشْكِيْ شَكْيًا۔ اِلَيْهِ : شکایت کرنا۔

الشَّكِيَّةُ۔ بقیہ۔

شَلَّ (ن) شَلًّا۔ الثَّوْبَ : کپڑے میں ہلکی سلائی کرنا۔ شَلَّتِ الْعَيْنُ دَمْعَهَا : آنکھ کا آنسو بہانا ــــ الدِّرْعَ وَشَلَّهَا عَلَيْهِ : زرہ پہننا ــــ الشَّيْئَ : کاٹنا۔

شَلَّ (ن) شَلًّا وَشَلَلًا۔ الْاِبِلَ : اونٹوں کو بھگانا۔ دھتکارنا۔ کہا جاتا ہے "مَرَّ فُلَانٌ يَشُلُّهُمْ بِالسَّيْفِ" فلاں گزرا اس حال میں کہ لوگوں کو تلوار سے بھگا رہا تھا۔ وَالصُّبْحُ يَشُلُّ الظَّلَامَ" صبح تاریکی کو دور کر دیتی ہے۔

شَلَّتْ (س) شَلًّا وَشَلَلًا وَشُلَّتْ وَاُشِلَّتْ اِشْلَالًا۔ يَدُهُ : خشک ہونا۔ لنجا ہونا۔ ایسے ہاتھ کو (شَلَّاءُ) اور ایسے ہاتھ والے کو (اَشَلُّ) کہتے ہیں۔ جو شخص اچھی طرح تیر چلائے یا نیزہ بازی کرے اس کے لیے دعاء کے طور پر کہتے ہیں "لَا شُلَّتْ يَدَاكَ او لَا شُلَّتْ عَشْرُكَ" تمہارے ہاتھ یا تمہاری دس انگلیاں بیکار نہ ہوں۔

اَشَلُّ۔ بیمار ہاتھ والا ہونا۔

اِنْشَلَّ۔ الْمَطَرُ : برسنا ــــ السَّيْلُ : سیلاب بڑھنا شروع ہونا ــــ الذِّئْبُ فِي الْغَنَمِ : بھیڑیے کا بکریوں میں تباہی ڈالنا۔

اِنْشَلَّتِ الْاِبِلُ : بھاگنا۔

شَلَالِ۔ مبنی علی الکسر : شَلَلَ کا اسم ہے۔ تیر انداز کے لیے دعاء کے موقعہ پر کہا جاتا ہے "لَا شَلَالِ" بمعنی لا شُلَّتْ يَدُكَ۔

الشَّلَلُ۔ مص۔ کپڑے کا داغ جو دھونے سے بھی نہ جائے۔ ہاتھ کی خرابی۔

الشُّلُلُ والشُّلُلُ والشَّلُوْلُ۔ تیز۔ خوش مزاج۔

الشِّلَالُ۔ متفرق لوگ۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ الْقَوْمُ شِلَالًا" اونٹوں کو بھگاتے ہوئے لوگ آئے۔

الشَّلَّةُ۔ اسم مرۃ (ــــ والشُّلَّةُ والشُّلٰی) دور کا مقصد۔ جہت سفر۔

الشَّلِيْلُ۔ اونی کپڑے کا ٹکڑا جس کو کجاوہ کے پیچھے جانور کے سرین میں ڈالتے ہیں۔ چھوٹی زرہ جو بڑی زرہ کے نیچے پہنی جائے۔ کرتہ جو زرہ کے نیچے پہنا جائے۔ وادی میں پانی بہنے کا بڑا نالہ۔ ج اَشِلَّةٌ۔

الشَّلَّالُ۔ آبشار۔ ج شَلَّالَاتٌ۔

الْمِشَلُّ۔ گردن پر ڈالنے کا کپڑا۔ رَجُلٌ مِشَلٌّ : سبک دست۔ تیز۔ خوش مزاج۔

شَلَّحَهُ تَشْلِيْحًا۔ ننگا کرنا۔

الشَّلْحَاءُ والشَّلْحٰى۔ تیز تلوار۔ ج شُلُحٌ۔

الْمُشَلَّحُ۔ حمام کا کمرہ جس میں کپڑے اتارے جائیں۔

شَلَخَهُ (ن ف) شَلْخًا۔ بِالسَّيْفِ : تلوار سے کاٹنا۔

الشَّلْخُ۔ مص۔ اصل۔ جڑ۔ آدمی کی اولاد۔ کہا جاتا ہے "هُوَ شَلْخُ سُوْءٍ" وہ بری اولاد ہے۔

شَلْشَلَ شَلْشَلَةً وَشِلْشَالًا۔ الْمَاءَ : پانی ٹپکنا ــــ الْمَاءَ وَبِالْمَاءِ : پانی متفرق چھڑکنا ــــ الْمَاءَ : پانی ٹپکانا ــــ السَّيْفُ الدَّمَ : گرانا۔ صفت مفعولی (شَلْشَلٌ و مُشَلْشَلٌ و مُشَلْشَلٌ)

تَشَلْشَلَ۔ الْمَاءُ : پانی کا چھلکنا۔ بکھرنا ــــ السَّيْفُ بِالدَّمِ : گرانا۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ وَجُرْحُهُ يَتَشَلْشَلُ دَمًا" وہ اس حال میں آیا کہ اس کے زخم سے خون ٹپک رہا تھا۔

الشَّلْشَلُ۔ ٹپکنے والی مشک۔ مَاءٌ شَلْشَلٌ : لگاتار ٹپکنے والا پانی۔ مَاءٌ ذُوْ شَلْشَلٍ : ٹپکنے والا پانی۔ (الشَّلْشَلُ و الشُّلْشُلُ) مِنَ الرِّجَالِ : تیز و سبک دست۔ خوش مزاج۔

الشِّلْطُ و الشَّلْطَاءُ۔ چھری۔

الشِّلْطَةُ۔ باریک اور لمبا تیر۔ ج شِلَطٌ۔

شَلَغَ (ف) شَلْغًا۔ الرَّأْسَ : کچلنا۔ توڑنا۔

الشِّلْفُ۔ مِنَ الْحَدِيْدِ عِنْدَ الْعَامَّةِ : لوہے کی سلاخ۔

الشَّالُوْفُ۔ عِنْدَ الْعَامَّةِ : آبشار۔ آبشار گرنے کی جگہ۔

الشَّلَّافَةُ۔ مِنَ النِّسَاءِ : بدکار عورت۔

شَلَقَهُ (ن) شَلْقًا۔ لمبا پھاڑنا یا چیرنا ــــ ہ بِالسَّوْطِ : کوڑے سے مارنا۔

الشِّلْقُ والشِّلِقُ۔ نرم کانٹوں والی ایک مچھلی۔ ج اَشْلَاقٌ۔

الشِّلْقَاءُ۔ چھری۔

الشَّلْقَةُ والشِّلْقَةُ۔ گوہ کے انڈے۔

الشَّلَقَةُ۔ گھوڑوں کو سدھانے والے۔

الشَّلَقَةُ : موگری جس سے کسی چیز کو توڑیں۔

الشَّلَّاقُ۔ فقیروں کا تھیلا۔

الشَّوْلَقِيُّ۔ مٹھائی بیچنے والا یا مٹھائی کی زیادہ خواہش رکھنے والا۔

الْمِشْلِيْقُ۔ ہنستے وقت منہ کھولنے والا۔

الشَّيْلَمُ والشَّوْلَمُ والشَّالَمُ۔ ایک قسم کا کڑوا دانہ جو گیہوں میں پیدا ہوتا ہے۔

الشِّلَّمُ۔ چنگاری۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ يَتَطَايَرُ شِلَّمَهُ" فلاں کے غصہ کی وجہ سے چنگاری اڑ رہی ہے۔

شَلَا يَشْلُوْ شَلْوًا۔ چلنا ــــ الشَّيْئَ : بلند کرنا۔

اَشْلٰى اِشْلَاءً۔ الْكَلْبَ عَلَى الصَّيْدِ : کتے کو شکار پر اکسانا۔ بھڑکانا ــــ النَّاقَةَ : اونٹنی کو دوہنے یا چارہ کے لیے بلانا۔

اِشْتَلٰى۔ فُلَانًا : چھڑانا۔

اِسْتَشْلٰى۔ غضبناک ہونا ــــ ہ : چھڑانا۔

الشِّلْوُ۔ عضو۔ اونٹنی کا بچہ۔ ہر پوست کشیدہ جس میں کچھ کھا لیا گیا ہو اور کچھ باقی رہ گیا ہو۔ ج اَشْلَاءٌ۔ اَشْلَاءُ اللِّجَامِ : لگام کے تسمے جو پرانے ہوں۔ اَشْلَاءُ الْاِنْسَانِ : اعضاء انسانی۔ کہا جاتا ہے "بَنُوْ فُلَانٍ اَشْلَاءٌ فِيْ بَنِيْ فُلَانٍ" بنو فلاں بقایا ہیں بنو فلاں کے۔

الشِّلْوُ و الشَّلَاءُ۔ ہر چیز کا جسم۔

الشَّلِيُّ۔ ہر چیز کا بقایا۔

الشَّلِيَّةُ۔ مال کا بقیہ۔ گوشت کا ٹکڑا۔ ج شَلَايَا۔

الْمُشْلٰى۔ لاغر و نحیف۔

شَمَّ (س ن) شَمًّا وَشَمِيْمًا وَشِمِّيْمٰى۔ الْوَرْدَ : گلاب کا پھول سونگھنا (ــــ شَمَمًا) تکبر کرنا۔ الْجَبَلُ : اَوِ الْاَنْفُ : چوٹی بلند ہونا۔ صفت (اَشَمُّ و شَمِيْمٌ)

شُمَّ۔ آزمائش کیاجانا۔

شَمَّمَ۔ الزَّهْرَ : پھول سونگھنا ___ ہ الزَّهْرَ :پھول سونگھانا۔

اَشَمَّ۔ سراُٹھاکرگزرنا ___ الوَرْدَ :گلاب کا پھول سونگھانا ___ عَنِ الاَمْرِ :الگ ہونا۔ہٹنا۔

اَشَمَّ القَارِئُ الحَرْفَ :اَشمام کر کے وقف کرنا۔ کہاجاتا ہے "اَشْمِمْنِی یَدَكَ" مجھے اپنا ہاتھ دو۔ و "عَرَضْتُ عَلَیْهِ کَذَا فَاِذَا هُوَ مُشِمٌّ لَا یُرِیْدُهٗ" میں نے اس پر فلاں چیز پیش کی اس نے ناک بھوں چڑھالی۔ اس کی خواہش اسے نہیں۔

شَامَّ مُشَامَّةً وتَشَامَّا تَشَامًّا۔ ایک دوسرے کو سونگھنا۔

اِشْتَمَّ۔ الشَّیْئَ :سونگھنا۔

تَشَمَّمَ۔ آہستہ آہستہ سونگھنا۔

اِسْتَشَمَّهٗ۔ سونگھنے کی درخواست کرنا۔ سونگھنا۔

الشَّم۔ مص۔ سونگھائی۔

الشَّامَّۃُ۔ سونگھنے کی حس۔

الشَّمَم۔ مص۔ نزدیکی۔ دوری (ضد) ناک کے بانسہ کی بلندی حسن وہمواری کے ساتھ۔

الشَّمِیْمُ۔ مص۔ بلند۔ عمدہ خوشبو۔

الاَشَمُّ۔ مغرور سردار۔ کریم۔ اونچی ناک والا۔ مؤنث شَمَّاءُ۔ ج شُمٌّ۔

الشَّمَّام والشَّمُوْم۔ بہت سونگھنے والا۔

الشَّمَّام :ایک قسم کا زرد رنگ کا خربوزہ۔ واحد (شَمَّامَةٌ) ج شَمَّامَاتٌ۔ الشَّمَامَات : عمدہ خوشبوئیں۔

الاِشْمَام۔ عِنْدَ القُرَّاءِ والنُّحَاۃِ : بغیر آواز کے ہونٹ سے حرکت کی طرف اشارہ کرنا۔

المَشْمُوْمُ۔ مفع۔ جو چیز سونگھنے سے معلوم ہو۔ مشک۔

شَمِتَ (س) شَمَاتًا وشَمَاتَۃً۔ بِفُلَانٍ : کسی کی مصیبت پر خوش ہونا۔ صفت فاعلی ___ (شَامِتٌ) ج شُمَّاتٌ۔ اور صفت مفعولی (مَشْمُوْتٌ) بِہٖ۔

شَمَّتَ۔ العَاطِسَ وشَمَّتَ عَلَیْهِ : یَرْحَمُكَ اللّٰهُ کہہ کر دعا کرنا۔ یا دعا کرنا کہ ایسی حالت میں مبتلانہ ہو جس پر کسی کو شماتت کا موقع ملے ___ ہ : محروم کرنا۔ شَمَّتَ بَیْنَهُمَا : جمع کرنا۔

اَشْمَتَهُ۔ اللّٰهُ بِعَدُوِّهٖ :دشمن کے غم سے خوش کرنا۔

تَشَمَّتَ۔ القَوْمُ :بلاغنیمت کے محروم واپس آنا۔

الشَّامِتُ۔ فا۔ ج شُمَّاتٌ۔

الشَّامِتَۃُ۔ الشَّامِت کا مؤنث۔ جانور کی ٹانگ۔ ج شَوَامِت۔ کہا جاتا ہے "بَاتَ بِلَیْلَۃِ الشَّوَامِت" اس نے سخت مصیبت میں رات گزاری جس پر خوش ہونے والی عورتوں نے خوشی منائی۔ وبَاتَ طَوْعَ۔ الشَّوَامِت۔ مصیبت پر خوش ہونے والی عورتوں کی خواہش کے مطابق اس نے رات گزاری۔

الشِّمَات والشَّمَاتَی۔ محروم لوگ (جمع ہے واحد نہیں) کہا جاتا ہے "رَجَعَ القَوْمُ شِمَاتًا او شَمَاتَی" قوم محروم واپس آئی۔

شَمَجَ (ن) شَمْجًا۔ الشَّیْئَ : ملانا ___ الثَّوْبَ : کپڑے کو دور دور سینا۔ شَمَجَهٗ عَنْ کَذَا :الگ کرنا ___ فُلَانًا :جلدی کرانا۔

الشَّمَاج۔ انگور کا وہ حصہ جو کھانے کے بعد پھینک دیا جائے۔ کہاجاتا ہے "مَاذُقْتُ شَمَاجًا" یعنی میں نے کچھ نہیں چکھا۔ نَاقَۃٌ (شَمَجِی) تیز رفتار اونٹنی۔

شَمْجَرَ۔ الرَّجُلُ :خوفزدہ کی طرح دوڑنا۔

الشَّمْحَط والشِّمْحَاط والشُّمْحُوط۔ بہت لمبا۔

شَمَخَ (ف) شَمْخًا وشُمُوْخًا۔ الجَبَلُ :پہاڑ کا بلند ہونا۔ صفت (شَامِخٌ) ج شُمَّخٌ۔ مؤنث شَامِخَۃٌ ج شَوَامِخ و شَامِخَات (و شَمَّخَ) اَنْفَه وبِاَنْفِهٖ : تکبر سے ناک چڑھانا۔ صفت (شَمَّاخٌ)

تَشَامَخَ۔ بلند ہونا۔ تکبر کرنا۔

تَشَمَّخَ۔ بِاَنْفِهٖ :تکبر کرنا۔

الشَّامِخ۔ فا۔ نَسَبٌ شَامِخٌ : شریف نسب رَجُلٌ شَامِخٌ :متکبر مرد۔

الشَّمَّاخ۔ شَامِخٌ کا مبالغہ جَبَلٌ شَمَّاخ :بہت بلند پہاڑ ___ مَفَازَۃٌ (شَمُوْخٌ و شَمَخٌ) دور اطراف والا۔ بیابان۔

شَمْخَرَ شَمْخَرَۃً۔ تکبر کرنا۔

اِشْمَخَرَّ اِشْمِخْرَارًا۔ الشَّیْئُ : طویل ہونا ___ الجَبَلُ :پہاڑ کا بلند ہونا۔

الشُّمَّخْر والشِّمَّخْر۔ متکبر مرد۔ بلند نظر۔ موٹا آدمی یا اونٹ۔

الشَّمْذَرُ والشِّمذَرُ والشِّمْذَارُ تیز رفتاری۔

الشِّمذَارَۃُ والشِّمِیذَر۔ چست لڑکا۔

شَمَرَ (ن ض) شَمْرًا۔ تیز چلنا۔ تکبر سے چلنا ___ النَّخْلَ :کھجوریں کاٹنا۔

شَمَّرَ تَشْمِیرًا۔ تیز گزرنا ___ ہ :تیز چلانا۔ ___ الشَّیْئَ : سمیٹنا ___ السَّفِیْنَۃَ او الصَّقْرَ :چھوڑنا۔ ___ الثَّوْبَ عَنْ سَاقَیْهِ :اُٹھانا ___ فِی الاَمْرِ :چستی کرنا ___ لِلاَمْرِ :ارادہ کرنا اور آمادہ ہونا۔ ___ اِلَی المَکَانِ : قصد کرنا۔ شَمَّرَتِ الحَرْبُ وشَمَّرَتْ عَنْ سَاقَیْهَا :سخت ہونا۔

اَشْمَرَہٗ۔ جلدی کرانا ___ ہ بِالسَّیْفِ :

تَشَمَّرَ وانْشَمَرَ۔ تیز چلنا یا تکبر سے چلنا ___ الاَمْرِ :ارادہ کرنا اور آمادہ ہونا۔

الشِّمْرُ۔ فیاض۔ سخی۔ صاحب بصیرت۔ پرکھنے والا۔ تجربہ کار۔

الشُّمْرَۃُ والشَّمَار۔ ایک قسم کا پودہ ہے جس کے پھول زرد رنگ کے اور دانے سبز رنگ کے لمبے ہوتے ہیں۔ شَرٌّ (شِمِرٌّ) سخت برائی۔

الشَّمُّوْرُ الماس۔ ہیرا۔

الشِّمِّیْر والشَّمَّرِیُّ والشِّمَّرِیُّ والشِّمِرِّیُّ۔ تجربہ کار۔ دانائے امور۔ محنت سے کام کرنے والا۔ مِنَ الاِبِلِ : تیز رفتار۔ نَاقَۃٌ او الشَّاۃُ (شَامِرٌ او شَامِرَۃٌ) اونٹنی یا بکری جن کے تھن پیٹ سے لگے ہوئے ہوں۔ لِثَّۃٌ شَامِرَۃٌ : دانتوں کی جڑوں سے لگا ہوا مسوڑھا۔ ج شَوَامِر۔

المُشَمِّر۔ فا۔ تجربہ کار۔ محنت سے کام کرنے والا۔

شَمْرَجَ۔ الثَّوْبَ :دور دور ٹانکے لگا کر خراب سلائی کرنا ___ فِی الکَلَامِ :گڑبڑ کرنا۔ خلط

خلط کرنا۔

الشِمْرَاج۔ جھوٹ سے مخلوط گفتگو کرنا۔ ج شَمَارِیج۔ الشَمارِیج : باطل باتیں۔

الشُمْرَج۔ باریک بناوٹ کا کپڑا۔

ثَوْبٌ (مُشَمْرَجٌ) باریک بناوٹ کا کپڑا۔

شَمْرَخَ۔ العِذْقَ : کھجور یا انگور کے گچھوں کو کاٹنا۔

الشُمْرُوخ والشِمْرَاخ۔ کھجور یا انگور کا گچھا۔

الشِمْرَاخ : پہاڑ کی چوٹی۔ بادل کا بالائی حصہ۔

الشُمْرُوخ : باریک ٹہنی جو سخت شاخ کے اوپر کے حصہ میں نکلے۔ ج شَمَارِیخ۔

الشَمَرْدَل : جوان تیز رفتار خوبصورت اُونٹ وغیرہ۔

الشَمَرْدَلَة۔ خوبصورت اونٹنی۔

الشَمَرْطَل والشَمَرْطُوْل۔ لمبا ڈیل ڈول مرد۔

الشَمَارِق والشَمَارِیق والمُشَمْرَق۔ مِنَ الثِیَاب : کپڑا جو ٹکڑے ٹکڑے ہو گیا ہو۔

شَمَزَتْ (ن) شَمْزًا۔ نَفْسُهُ مِنْهُ : کراہت کی وجہ سے نفرت کرنا۔

تَشَمَّزَ۔ الوَجْهُ : سکڑنا۔

اِشْمَأَزَّ اِشْمِئْزَازًا۔ خوفزدہ ہونا۔ کراہت کی وجہ سے بدن پر رونگٹے کھڑے ہونا ___ الشَیْءَ : مکروہ جاننا ___ مِنْهُ : منقبض ہونا اور کراہت کی وجہ سے نفرت کرنا۔

شَمَسَ (ن) شُمُوْسًا وشِمَاسًا۔ باز رکھنا۔ انکار کرنا ___ لَهُ : دشمنی ظاہر کرنا۔ برائی کا ارادہ کرنا ___ الفَرَسُ : نہ چڑھنے دینا نہ زین لگانے دینا نہ ایک جگہ قرار لینا۔ صفت (شَمُوْسٌ) ج شُمُسٌ وشُمْسٌ و(شَامِسٌ) ج شَوَامِس۔

شَمَسَ (ن ض) شَمْسًا وشَمِسَ (س) شَمَسًا واَشْمَسَ۔ اَلْیَوْمُ : دھوپ والا ہونا۔ صفت (شَامِس ومُشْمِس) وشَمِسَ لِیْ : عداوت ظاہر ہونا اور چھپانے پر قادر نہ ہونا۔

شَمَّسَ۔ الکافِرُ : آفتاب کی پرستش کرنا ___ الشَیْءَ : دھوپ میں پھیلانا ___ ہ : نفرت دلانا۔

___ فُلَانٌ : شماس ہونا (دیکھو لفظ شماس)

شَامَسَهُ۔ دشمنی کرنا۔

تَشَمَّسَ۔ دھوپ میں بیٹھنا یا کھڑا ہونا ___ عَلَیْنَا : بخل کرنا۔

الشَمْس۔ مؤ۔ آفتاب۔ تصغیر شُمَیْسَةٌ۔ ج شُمُوْسٌ۔ الشَمْس : ایک قسم کی کنگھی۔ ایک قسم کا ہار۔ کہا جاتا ہے "بَسَطَ الشَیْءَ فِي الشَمْسِ" اس نے چیز کو دھوپ میں پھیلایا۔ و "دَخَلَتِ الشَمْسُ فِي البَیْتِ" دھوپ گھر میں داخل ہوگئی۔

الشَمِس والشَمْس والشَمُوْس۔ مِنَ الأیَّامِ : دھوپ والا دن۔

الشَمُوْس۔ بہت سخت دشمنی کرنے والا۔ ج شُمُسٌ وشُمْسٌ۔

الشَامِس۔ فا۔ مِنَ الأیَّامِ : دھوپ والا دن۔ مِنَ الخَیْلِ : گھوڑا جو نہ قرار پکڑے اور نہ سوار ہونے دے ___ مِنَ الرِجَالِ : دشوار خو۔ ج شَوَامِس۔

الشَمْسِیَّة۔ عِنْدَ المُوَلَّدِیْنَ : چھتری (دھوپ یا بارش سے بچنے کے لئے) اور افصح یہ ہے کہ دھوپ سے بچانے والی کو ظُلَّةٌ یا مُظَلَّةٌ کہا جائے اور بارش سے بچانے والی کو عَالَةٌ۔

الشَمَّاس۔ قسیس سے نیچے درجہ کا پادری۔ (کلمۂ سریانیہ ہے اس کے معنی خادم کے ہیں۔)

المُتَشَمِّس۔ فا۔ سخت۔ مضبوط۔ بخیل۔

الشِمْشِل۔ ہاتھی۔

الشِمْشِقَة۔ بمعنی۔ الشِقْشِقَة۔

الشَمْشَلِیْق۔ ڈھیلے ڈھالے اعضاء کی بڑھیا۔ تیز رفتار۔

شَمَصَ (ن) شَمْصًا وشَمَّصَ۔ الدَوَابَّ : جانوروں کو تیز ہانکنا۔ شَمَّصَهُ بِالسَوْطِ : کوڑے سے مارنا ___ الرَجُلَ : تکلیف پہنچانا۔ یہاں تک کہ غضبناک ہو جائے۔ شَمَّصَهُ الشَیْءُ : بے قرار کرنا۔

شَمِصَ (س) شَمَصًا۔ جلدی جلدی بولنا۔

اَشْمَصَ واِنْشَمَصَ۔ خوفزدہ ہونا۔

تَشَمَّصَ۔ سکڑنا۔

الشِمَاص۔ نکل جانا۔

الشُمَاص۔ جلدی۔

الشَمُوْص۔ مِنَ الخَیْلِ : سرکش گھوڑا جو نہ سوار ہونے دے اور نہ زین کسنے دے۔

شَمْصَرَ شَمْصَرَةً۔ عَلَیْهِ : کسی پر سختی کرنا۔

شَمَطَ (ض) شَمْطًا۔ الشَیْءَ : ملانا ___ الإنَاءَ : برتن کو بھرنا ___ الشَجَرُ : درخت کا جھڑے ہوئے پتوں والا ہونا۔

شَمِطَ (س) شَمَطًا واشْمَطَّ اِشْمِطَاطًا واشْمَاطَّ اِشْمِیطَاطًا واشْمَأَطَّ اِشْمِئْطَاطًا۔ سر میں کھچڑی بالوں والا ہونا۔ صفت (اَشْمَط) ج شُمْط وشمطان۔ مؤنث شَمْطَاء ج شُمْط۔

شَمَّطَهُ واَشْمَطَهُ۔ بِهِ : ملانا۔ اَشْمَطَ الرَجُلُ : سر میں کھچڑی بالوں والا ہونا۔

الشَامِط۔ وہ دیگ جس میں پوری بکری مع مسالا کے آجائے۔

الشَمْط والشَمَط والشِمْط۔ مسالا۔ ج شِمَاط واَشْمَاط۔

الشَمِیْط۔ مخلوط۔ صبح (چونکہ اس میں کچھ رات کی تاریکی ملی ہوئی ہوتی ہے۔)

الشَمَطَات۔ فِي الرَأسِ : سر کے کچھ تھوڑے سے سفید بال۔

الشُمُوْط۔ عِنْدَ العَامَّةِ : چینا کا خوشہ۔ دھاگے کا لپیٹا ہوا گولا۔

الشِمْطَاط والشُمْطُوْط والشِمْطِیْط۔ گروہ۔ گلہ۔ ج شَمَاطِیْط۔ کہا جاتا ہے "جَاءُوْا شَمَاطِیْطَ : لوگ متفرق آئے۔ ثَوْبٌ شِمْطَاط : پھٹا ہوا کپڑا۔ الشُمْطُوْط : لمبا۔

الشُمْطَالَة۔ گوشت کا ٹکڑا مع چربی کے۔

شَمَظَهُ (ض ن) شَمْظًا۔ منع کرنا۔ کچھ نرمی اور کچھ سختی سے گفتگو کرنا۔ برانگیختہ کرنا اور معمولی حرکت دینا ___ الشَیْءَ : ملانا۔ تھوڑا تھوڑا لینا۔

شَمَعَ (ف) شَمْعًا وشُمُوْعًا ومَشْمَعًا۔ کھیل کود کرنا۔ مزاح کرنا۔ صفت (شَمُوْعٌ) کہا جاتا ہے "اَشَامِعٌ اَنْتَ اَمْ جَادٌّ" تم مذاق کر رہے ہو یا واقعی بات کہہ رہے ہو۔ (___ شُمُوْعًا) الشَیْءُ : متفرق ہونا۔

شَمَّعَ۔ الشَیْءَ : پگھلے ہوئے موم میں غوطہ دینا

یا اوپر سے ڈالنا ___ الرَّجُلَ: کھیل کود یا مزاح پر اُکسانا۔

اَشْمَعَ۔السِرَاجُ: روشنی پھیلنا۔

الشَمْعُ والشَمَعُ۔ موم بتی۔ واحد (شَمْعَةٌ وشَمَعَة) ج شَمَعَاتٌ۔ و (الشَمَّاعُ) موم بتی بنانے والا یا بیچنے والا۔ و (المَشْمَعَةُ) موم بتی کا کارخانہ یا بکنے کی جگہ۔

الشِمَاعُ والشِمَاعَة۔ خوش طبعی۔ ہنسی۔ مذاق۔

الشَمُوْع۔مِنَ النِسَاءِ: ہنسی مذاق کھیل کود والی عورت۔

الشَمْعَدَان۔ چراغ دان۔ ج شَمَاعِد و شَمْعَدَانات دان فارسی کا کلمہ ہے۔ شمعدان کے مقابل عربی میں مَاثِلَةٌ ہے۔ مِسْكٌ (مَشْمُوْعٌ) عنبر ملا ہوا مشک۔

اِشْمَعَطَّ اِشْمِعْطَاطًا۔ غصے سے بھر جانا۔ ___ القَوْمُ فِي الطَّلَب: کسی چیز کو ڈھونڈنے میں جلدی کرنا اور پھیل جانا ___ الاِبِلُ والخَيْلُ: اونٹوں اور گھوڑوں کا متفرق ہونا۔

شَمْعَلَ وتَشَمْعَلَ واِشْمَعَلَّ۔ القَوْمُ: متفرق ہونا۔ پھیلنا۔ بکھرنا۔ اِشْمَعَلَّتِ الحَرْبُ: لڑائی کا بھڑکنا ___ الغَارَةُ: ہر جانب سے غارت واقع ہونا ___ الاِبِلُ: اونٹوں کا خوشی میں ہو کر اِدھر اُدھر متفرق ہونا۔ اِشْمَعَلَّ الرَّجُلُ: اوپر سے جھانکنا۔ بغیر ہنسی مذاق کے گزر جانا۔

شَمِقَ (س) شَمَقًا۔ جنون کی حد تک خوش ہونا۔

تَشَمَّقَ۔ شادماں ہونا۔

الشَمَاقَة۔ جنون۔ شادمانی۔ چستی۔

الشِمقُّ والشَمَقْمَق۔ لمبا۔ شادماں۔

شَمَلَتْ (ن) شُمُوْلًا۔ الرِيحُ: باد شمالی چلنا (___ شَمْلًا) الشَيَّ: باد شمالی کے سامنے کرنا ___ بِهِ: بائیں جانب لینا ___ النَخْلَة: تیار کھجوروں کو چن لینا۔

شَمَلَ (ن ض) شَمْلًا۔ الشَاةَ: بکری کے تھن پر تھیلا چڑھانا۔

شَمِلَهُ (س) شَمْلًا وشُمُوْلًا۔ چادر میں لپیٹنا۔

شَمِلَ (س) شَمْلًا و شَمَلَ و شَمْلًا۔ القَوْمُ: باد شمالی لگنا۔

شَمَلَ (ن) وشَمِلَ (س) شَمْلًا وشَمَلًا وشُمُوْلًا۔ الاَمْرُ القَوْمَ: عام ہونا۔ شامل ہونا۔ کہا جاتا ہے "شَمَلَ القَوْمَ خَيْرًا او شَرًّا" اس کی بھلائی یا برائی ساری قوم کو عام ہو گئی۔

شَمَّلَهُ تَشْمِيلًا۔ چھوٹی چادر میں لپیٹنا۔ شَمَّلَ الرَّجُلُ: جلدی کرنا۔ بائیں ہاتھ سے پکڑنا۔

اَشْمَلَ۔ القَوْمُ: باد شمالی میں داخل ہونا۔ الرِيحُ: باد شمالی چلنا ___ الشَاة: بکری کے تھن کیلئے تھیلا بنانا ___ القَوْمُ خَيْرًا او شَرًّا: خیر یا شر کو سب کے لیے عام کرنا ___ الرَّجُلُ: بڑی چادر والا ہونا۔ اَشْمَلَهُ: بڑی چادر دینا ___ النَخْلَة: پختہ کھجوروں کو چن لینا۔

تَشَمَّلَ۔ بِالشَمْلَة: چادر میں لپیٹنا۔

اِشْتَمَلَ۔ جلدی کرنا ___ فِي الحَاجَةِ: آمادہ ہونا ارادہ کرنا ___ بِالثَوْبِ: سارے جسم پر لپیٹنا۔ الاَمْرُ عَلَيْهِ: گھیرنا۔ احاطہ کرنا۔ عَلَى فُلَانٍ: بچانا۔

اِنْشَمَلَ جلدی کرنا۔ کہا جاتا ہے "اِنْشَمَلَ فِي حَاجَتِهِ" اس نے اپنی حاجت میں جلدی کی۔

الشَمْل۔ مص۔ باد شمالی۔ امر مجتمع۔ امر متفرق (ضد) کہا جاتا ہے "جَمَعَ اللّٰهُ شَمْلَهُمْ" اللہ ان کے اُمور متفرق کو جمع کر دے۔ و "فَرَّقَ اللّٰهُ شَمْلَهُمْ" اللہ ان کے اجتماع کو توڑ دے (___ والشِمْل) کھجوروں کا گچھا اور بقول بعض کم دانوں والا گچھا۔

الشَمَل۔ مص۔ باد شمالی۔ پناہ۔ تھوڑی بارش۔ تھوڑی تعداد کھجور، آدمی وغیرہ کی۔ کہا جاتا ہے "اَصَابَنَا شَمَلٌ مِنَ المَطَرِ" ہم لوگوں پر تھوڑی بارش ہوئی۔ و "مَا عَلَى النَخْلَةِ اِلَّا شَمَلٌ" کھجور کے درخت پر تھوڑی سی کھجوریں ہیں۔ ج اَشْمَال۔

الشَمْلَة۔ جسم کو ڈھانکنے والی چادر۔ ج شَمَلَات اُمُّ شَمْلَة: دُنیا۔ شراب۔ آفتاب۔

الشِمْلَة۔ لپٹنے کی ہیئت۔ کہا جاتا ہے "هُوَ حَسَنُ الشِمْلَةِ۔"

الشَمَال والشِمَال والشَمْأَل والشَأْمَل والشَمِيْل والشَمُوْل والشَوْمَل والشَيْمَل۔ باد شمالی۔ کہا جاتا ہے "هَبَّتِ الشَمَالُ او رِيحٌ شَمَالٌ" باد شمالی چلی۔ ج شَمَالَات۔ الشِمَال: بکری کے تھن کا غلاف۔ والشِمَال۔ ج اَشْمُل وَشُمُل وشِمَال (کلفظ الواحد) وشَمَائِل: بایاں۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ عِنْدِي بِالشِمَال" فلاں میرے نزدیک کم رتبہ والا ہے۔ و "هُوَ عِنْدِي بِاليَمِيْنِ" وہ میرے نزدیک اچھے مرتبہ پر ہے۔ الشِمَال: اثر۔ بدبختی۔ بکری کے تھن کا داغ۔ کھیتی کا ایک مٹھا جس کو ہاتھ میں پکڑ کر کاٹنے والا کاٹے۔ طَيْرٌ شِمَالٌ: وہ پرندہ جس سے بدشگونی کی جائے۔ نَاقَةٌ شِمَالٌ: تیز رفتار اونٹنی۔

الشِمَال۔ ج شَمَائِل: سیرت۔ عادت۔ طبیعت۔ کہا جاتا ہے "لَيْسَ مِنْ شِمَالِي اَنْ اَعْمَلَ بِشِمَالِي" میری عادت نہیں کہ بائیں ہاتھ سے کام کروں۔

الشَمِيْلَة۔ طبیعت۔ ج شَمَائِل۔

الشَمِل۔ چادر سے لپٹا ہوا۔

الشَمُوْل۔ شراب یا ٹھنڈی شراب۔

الشِمِلُ۔ تھوڑی کھجوروں کا گچھا۔ نَاقَةٌ شِمِلَّةٌ: تیز رفتار اونٹنی۔

الشِيْمَال۔ بایاں۔

الشَمْأَلَة۔ شکاری کے لیے شکار سے چھپنے کی جگہ۔ ج شَمَائِل۔

المِشْمَل۔ چھوٹی تلوار۔ خنجر پر بھی اطلاق ہوتا ہے۔ (___ والمِشْمِلَة والمِشْمَال) جسم کو ڈھانکنے والی بڑی چادر۔ لحاف۔

المَشْمُوْل۔ مفع۔ جس پر باد شمالی چلی ہو۔ پسندیدہ اخلاق والا۔

المَشْمُوْلَة۔ شراب اور بقول بعض ٹھنڈی شراب۔ لَيْلَةٌ مَشْمُوْلَةٌ: ٹھنڈی رات۔ اخلاق۔ مَشْمُوْلَةٌ: بُرے اخلاق۔

شَمْلَلَ۔الرَّجُلُ: جلدی کرنا ___ النَخْلَة: پختہ کھجوروں کو چن لینا۔ جَمَلٌ او نَاقَةٌ (شِمْلَالٌ و شَمْلِيْلٌ) تیز رفتار اونٹ یا اونٹنی۔ والشِمْلَال: بایاں۔

الشُمْلُوْل۔ کھجوروں یا بارش کی تھوڑی مقدار یا آدمیوں کی تھوڑی تعداد۔ ج شَمَالِيْل۔ الشَمَالِيْل: شاخ کے سرے متفرق ٹہنیاں۔ کہا

جاتا ہے "مَاعَلَى النَّخلةِ اِلَّا شَمَالِيْلُ" درخت خرما پر تھوڑی سی کھجوریں ہیں۔ و "ذَهَبُوْا شَمَالِيْلَ" وہ متفرق ہو کر چلے گئے۔ "ثَوْبٌ شَمَالِيْلُ" پھٹا پرانا کپڑا۔

شَمْلَق۔ اِمْرَأَةٌ (شَمْلَقٌ) بُری عادت والی عورت۔

الشَّمَنْدَرو الشَّمَنْدُوْر۔ چقندر۔ لنگرنما۔

الشَّمَنْدَفَرو الشَّمَنْدُوْفَر۔ انجن۔ ریل گاڑی۔

شَمْهَذ۔ السِّكِّيْنَ: تیز کرنا۔ الحَدِيْدَ: پتلا کرنا۔

الشَّمْهَذ۔ تیز چیز۔ ہلکا پھلکا۔ تیز دانتوں والا کتا۔

شَمَا يَشْمُوْ شُمُوًّا۔ الرَّجُلُ: بلند شان والا ہونا۔

الشَّمَا۔ موم۔

شَنَّ (ن) شَنًّا۔ المَاءَ عَلَى الشَّرَابِ: متفرق چھینٹا دینا۔ (___ واَشَنَّ) الغَارَةَ عَلَيْهِمْ: چاروں طرف سے لوٹ ڈالنا۔

شَنَّت (ض) واَشَنَّت وشَنَّت۔ القِرْبَةُ: مشک پرانی اور خشک ہونا۔

تَشَنَّنَ وتَشَانَ۔ الجِلْدُ: کھال خشک ہونا۔ سکڑنا ___ جِلْدُ الإِنْسَانِ۔ بڑھاپے کے وقت جھری والا ہونا (___ واشْتَنَّ) السِّقَاءُ: مشک پرانی ہونا۔ تَشَانَّ الشَّيْأَنِ: باہم ملنا۔

اِسْتَشَنَّ۔ دُبلا ہونا ___ اِلَى اللَّبَنِ: دودھ کا خواہش مند ہونا۔ اِسْتَشَنَّتَ القِرْبَةُ: مشک پرانی ہونا۔

الشَّن۔ مص۔ ج شِنَان واَشْنَان و (الشَّنَّة) چھوٹی پرانی مشک۔ قَوْسٌ شَنَّةٌ: پرانی کمان۔ کہا جاتا ہے "قِرْبَةٌ اَشْنَانٌ" پرانی مشک۔ ہر جزء کو مشک قرار دے کر اَشْنَان جمع لاتے ہیں۔

الشَّنُوْن۔ موٹا۔ دبلا (ضد) بھوکا۔

الشَّنِيْن۔ دودھ جس پر پانی ڈالا گیا ہو۔

الشُّنَان۔ ٹھنڈا پانی۔ پانی برسانے والا۔ بادل۔

مَاءٌ شُنَانٌ: متفرق پانی۔

الشُّنَانَة۔ مشک یا درخت سے ٹپکنے والا پانی۔

الْأُشْنَان۔ ایک قسم کی گھاس جو ہاتھ دھونے کے کام آتی ہے۔

شَنَأَ (ف) وشَنِئَ (س) شَنْأً وشُنْأً وشَنَأَةً وشَنَأَنًا وشَنَانًا ومَشْنَأً ومَشْنَأَةً ومَشْنُؤَةً۔ الرَّجُلَ: بغض رکھنا۔ دشمنی کرنا۔ نفرت کرنا۔ صفت فاعلی (شَانِئٌ) ج شُنَّا۔ مؤنث شَانِئَةٌ۔ ج شَوَانِئ وصفت مفعولی (مَشْنُوْء)

شَنِئَ (س) شَنَأَةً۔ الشَّيْءَ: نکالنا ___ حقه و بِحَقِّهِ: اقرار کر کے دینا۔

شُنِئَ۔ جمیل ہوتے ہوئے مکروہ ہونا۔

تَشَانَأَ۔ القَوْمُ: ایک دوسرے سے بغض رکھنا۔

الشَّنَاءَة۔ بغض۔ دشمنی۔

الشَّوَانِئ۔ شَانِئَة کی جمع۔ شَوَانِئُ المَالِ: ایسے اموال جن کیلئے بخل نہ کیا جائے۔

الشَّنْآن۔ بغض رکھنے والا۔ مؤنث شَنْآنَةٌ وشَنْأَى۔ رَجُلٌ (شَنَائِيَةٌ) بغض رکھنے والا مرد۔

المِشْنَأ۔ وہ شخص جس سے لوگ بغض رکھیں۔ ایسے اُمور کا ارتکاب کرنے والا جن کی وجہ سے لوگ دشمنی کریں۔

المَشْنَأ۔ قبیح (واحد جمع مذکر مؤنث سب کے لئے ہے) لوگوں سے دشمنی کرنے والا۔

شَنِبَ (س) شَنَبًا۔ اليَوْمُ: ٹھنڈا ہونا۔ صفت (شَانِبٌ وشَنِبٌ) اور اسم (الشَّنْبَة)

___ الرَّجُلُ: سفید خوبصورت دانتوں والا ہونا۔ صفت (اَشْنَب وشَانِب وشَنِيْب ومِشْنَب)

المَشَانِب۔ خوشبودار منہ۔

الشَّنْبَاء۔ سفید خوبصورت دانتوں والی عورت۔ انار کی ایک قسم جس میں گٹھلی نہیں ہوتی صرف رس ہی رس ہوتا ہے۔

شَنْبَثَ۔ الهَوَى قَلْبَه: محبت کا دل میں جاگزیں ہونا۔

الشَّنْبَث والشُّنَابِث۔ شیر۔ سخت۔

شَنْبَلَة شَنْبَلَة۔ بوسہ دینا۔

الشَّنْتَة۔ فائل۔

شَنْتَر۔ ثَوْبَهُ: کپڑے کو ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔

الشُّنْتُرَة۔ انگلی۔ دو انگلیوں کے درمیان کا حصہ۔ ج شَنَاتِر۔ کہتے ہیں "لَاضَمَّنَّكَ ضَمَّ الشَّنَاتِرِ" یعنی میں تجھ کو انگلیوں کی طرح ملاؤں گا۔

شَنِجَ (س) شَنَجًا واَشْنَجَ وتَشَنَّجَ وانْشَنَجَ۔ الجِلْدُ: کھال کا گرمی یا سردی سے سکڑنا۔ جھری دار ہونا۔ جلد کی صفت (شَنِج) اور صاحب جلد کی صفت (شَنِجٌ واَشْنَجُ)

شَنْجَهُ۔ سکیڑنا۔

الشَّنج۔ مص۔ اونٹ۔

شَنَّحَ۔ عَلَيْهِ: برا بھلا کہنا۔

الشِّنَاح والشَّنَاحِي والشَّنَاحِيّ والشَّنَاحِيَة۔ موٹا اور لمبا اونٹ۔ مؤنث شَنَاحِيَة۔

شَنَّخَ۔ النَّخْلَ: درخت خرما سے کانٹے دور کرنا۔

الشِّنَاخ۔ پہاڑ کی نوک۔

الشِّنْخَاب والشُّنْخُوْب والشُّنْخُوْبَة۔ پہاڑ کی چوٹی۔ ج شَنَاخِيْب۔ الشُّنْخُوب: کندھے کے اوپر کا حصہ۔ ریڑھ کی ہڈی۔

الشَّنْخَفَة۔ تکبر و غرور۔

الشِّنْخَف۔ لمبا موٹا۔

الشِّنْخِيْف۔ موٹا آدمی۔

الشِّنَّخْم۔ موٹا۔

الشِّنْذِخ۔ گٹھے بدن کا مضبوط و لمبا۔ شیر۔ سفر سے واپسی یا عمارت کی تیاری کی دعوت۔ رَجُلٌ شِنْذِيْرَةٌ وشِنْذَارَةٌ۔ گندی زبان والا مرد۔

شَنَّرَ۔ عَلَيْهِ: عیب لگانا۔ رسوا کرنا۔

الشَّنَار۔ عار۔ بدترین عیب۔

الشِّنِّيْر والشِّنِّيْرَة۔ بدخلق۔ بڑا شریر۔ بڑا عیبی۔

الشُّنَارِيُّ۔ بلی۔

شَنَز۔ الشُّوْنِيْز والشِّيْنِيْز۔ کلونجی۔

الشَّنْزَب۔ بہت سخت۔

شَنْزَرَ شَنْزَرَةً۔ الرَّجُلُ: سخت ہونا۔

الشَّنْزَرَة۔ مص۔ سختی۔

الشِّنْشِنَة۔ عادت۔ طبیعت۔ گوشت کا ٹکڑا۔ ج شَنَاشِن۔

الشَّنْشَنَة۔ کاغذ یا نئے کپڑے کی حرکت کی آواز۔

شَنَصَ (ن) شَنِصَ (س) شُنُوْصًا۔ بِهِ: چمٹنا۔

فَرَسٌ (شَنَاصٌ وشَنَاصِيٌّ وشُنَاصِيٌّ وشَنَاصِيَةٌ) عمدہ مضبوط لمبا گھوڑا۔

الشِّنْصَرُ والشِّنْصِيْرُ۔ موٹائی۔ سختی۔

الشِّنْصِير :جائے پناہ۔
الشُّنُط۔ پکے ہوئے گوشت کے ٹکڑے۔
المُشَنَّط۔ بھنا ہوا گوشت۔ شِوَاءٌ مُشَنَّطٌ : اچھی طرح سے نہ بھنا ہوا۔
شَنَظَ۔شِنَاظُ۔الجَبَل :پہاڑ کی چوٹی۔ کہا جاتا ہے "اِمْرَأَةٌ ذَاتُ شِنَاظٍ" گٹھے بدن والی پر گوشت عورت۔
الشُّنْظُب۔ لمبا و خوبصورت۔
شَنْظَر۔بِهِم :گالی دینا۔ فحش بکنا۔
الشِّنْظِير والشِّنْظِيرَةُ والشُّنْظُورَةُ۔ بد خلق۔ چٹان جو پہاڑ سے پھٹ کر گرے۔ شِنظيرة کی جمع شَنَاظِيرُ۔ شَنَاظِيرُ الجَبَلِ : پہاڑ کے اطراف۔
الشُّنْظُوفُ۔ ہر چیز کی شاخ۔
شَنْظَى۔بِهِ :برا بھلا سنانا۔
شُنْظُوَةُ۔الجَبَلِ :پہاڑ کی چوٹی۔ پہاڑ کا کنارہ۔ ج شَنَاظٍ۔
شَنَعَهُ(ف) شَنْعًا۔ قبیح سمجھنا۔ گالی دینا۔ رسوا کرنا۔
شَنِعَ (س) شُنْعًا۔بِهِ : قبیح سمجھنا۔ کہا جاتا ہے "رَأَى أَمْرًا شَنِعَ بِهِ" اس نے ایسا معاملہ دیکھا جس کو قبیح سمجھا۔
شَنُعَ (ک) شَنَاعَةً و شُنْعًا و شَنَعًا و شُنُوعًا۔ قبیح ہونا۔ صفت (شَنِيعٌ) ج شُنُعٌ و (شَنِعٌ و أَشْنَع)
شَنَّعَ۔الرَّجُلَ :بہت برا بھلا کہنا ___ عَلَيْهِ الأَمْرُ :قبیح قرار دینا ___ الرَّجُلُ : آمادہ و تیار ہونا۔ (___ و أَشْنَعَ) البَعِيرُ : دوڑنے میں کوشش کرنا۔
تَشَنَّعَ۔ دوڑنے میں کوشش کرنا۔لِلأَمْرِ :تیار ہونا ___ السِّلَاحَ : ہتھیار پہننا ___ الغَارَةَ :لوٹ ڈالنا ___ القَوْمُ :اختلاف رائے کی وجہ سے خراب حالت والی ہونا ___ الرَّجُلُ :برے کام کا ارادہ کرنا ___ الفَرَسَ : گھوڑے پر سوار ہونا۔ چڑھنا ___ الثَّوْبُ : کپڑے کا بوسیدہ ہونا۔
اِسْتَشْنَعَهُ۔ قبیح سمجھنا۔ مکروہ سمجھنا۔
الشُّنْعَةُ والشَّنَاعَةُ والشُّنُوعُ۔ قباحت۔

المُشَنِّعُ۔ قبیح۔ بے حقیقت خبروں کا پھیلانے والا۔
المَشْنُوعُ : مص۔ برائی میں مشہور۔
الشِّنْعَابُ۔ لمبے قد و قامت کا مرد۔
الشُّنْعُوف والشِّنْعَافُ۔ پہاڑ کی چوٹی۔ بلند پہاڑ۔ لمبا و کمزور مرد۔
الشَّنْعَفَة۔ لمبائی۔
شَنَفَ(ن ض)شَنْفًا۔إِلَيْهِ : تعجب یا اعتراض کی نظر سے دیکھنا۔
شَنِفَ (س) شَنَفًا۔ فُلَانًا اور لِفُلَانٍ : بغض رکھنا ___ لَهُ : سمجھ جانا ___ بِهِ :تاڑ جانا۔
شَنَّفَ۔الكَلَامَ :مزین کرنا ___ إِلَيْهِ : کنکھی سے دیکھنا (___ و أَشْنَفَ) الجَارِيَةَ :لڑکی کیلئے ایرر نگ بنانا۔ بالی بنانا۔
تَشَنَّفَتِ۔الجَارِيَةُ :لڑکی کا ایرر نگ پہننا۔ بالی پہننا۔
الشَّانِف۔ فا۔ اعراض کرنے والا۔ کہا جاتا ہے "إِنَّهُ لَشَانِفٌ عَنَّا بِأَنْفِهِ" وہ اپنے آپ کو ہم سے برتر سمجھتا ہے۔
الشَّنْف۔ مص۔ بالی۔ ایرر نگ۔ ج شُنُوف و أَشْنَاف۔
الشَّنِف۔ بغض رکھنے والا۔
شَنَقَ (ن ض) شَنْقًا۔البَعِيرَ :سوار ہونے کی حالت میں لگام کھینچنا ___ القِرْبَةَ :مشک کو سربند باندھ کر دونوں ہاتھوں سے سربند کو پکڑنا ___ رَأْسَ الدَّابَّةِ :درخت یا اونچے کھونٹے سے جانور کے سر کو باندھنا اور اسی سے مولدین کے نزدیک لفظ "الشَّنْقُ" ہے جس کے معنی مجرم کو پھانسی دینے کے ہیں ___ الشَّيْءَ :لٹکانا ___ الخَلِيَّةَ : شہد کے چھتے میں لکڑی ڈالنا۔
شَنَقَ (ض) شَنْقًا و شَنِقَ (س) شَنَقًا کسی چیز سے محبت کرنا اور گرویدہ ہو کر رہنا۔
شَنَّقَ۔ الشَّيْءَ : ٹکڑے ٹکڑے کرنا ___ الخَلِيَّةَ :شہد کے چھتے میں لکڑی ڈالنا۔
أَشْنَقَ۔البَعِيرَ و القِرْبَةَ :بمعنی شَنَقَ البَعِيرَ و القِرْبَةَ ___ البَعِيرُ :اونٹ کا سر اٹھانا ___ عَلَى فُلَانٍ :دست درازی کرنا ___ الرَّجُلُ :خون بہا لینا یا خون بہا واجب ہونا۔(ضد) ___ الشَّيْءَ لٹکانا

___ غَنَمَه إِلَى غَنَمِ زَيْدٍ :ملا کر بڑھانا ___ اليَدَ إِلَى العُنُقِ :ہاتھ کا گلے میں گھیر ڈالنا۔
شَانَقَهُ مُشَانَقَةً و شِنَاقًا۔ اپنے مال کو کسی کے مال سے ملانا۔
تَشَانَقَا۔ اپنے مال کو دوسرے کے مال سے ملانا۔
الشَّنَق۔ مص۔ ناوان زخم۔ رسی۔ سر کی لمبائی۔ گٹھری۔
الشِّنَاق۔ مص۔ مشک کا بندھن۔ تانت سر کی لمبائی۔ ہر وہ ڈوری جس سے کوئی چیز لٹکائی جائے۔ رسی جس سے اونٹ کے سر کو کھینچا جائے۔ ہاتھوں کو مونڈھوں سے ملا کر باندھنے کی رسی۔ ج شُنُق و أَشْنِقَة۔
القَلْبُ (الشَّنِق) مشتاق و خواہش مند دل۔ ج أَشْنَاق۔ فَرَسٌ (أَشْنَق) لمبے سر کا گھوڑا۔ اور ایسا ہی بَعِيرٌ أَشْنَق۔ مؤنث شَنْقَاء و شِنْقَاء۔
الشَّنْقَاء :وہ پرندہ جو اپنے بچہ کو چوگا دے۔
الشَّنِيق۔ پھانسی دیا ہوا۔ وہ لکڑی جس پر تھوڑا سا شہد لگا کر چھتے میں رکھ دیتے ہیں۔ منہ بولا بیٹا۔
الشِّنِّيق۔ خود پسند۔ الشِّنِّيقَة : عشق باز عورت۔
المِشْنَاق۔ ہر چیز کی طرف نظر ڈالنے والا۔
شَنَمَ (ن) شَنْمًا۔ الجِلْدَ : خراش لگانا۔ مَاءٌ (شَنِمٌ) ٹھنڈا پانی۔
الشُّنُم۔ کٹے ہوئے کان والے۔
الشِّنَّم۔ چنگاری جو اڑے۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ يَتَطَايَرُ شِنَّمَةً" فلاں سے غصہ کی وجہ سے چنگاری اڑ رہی ہے۔
شَنْهَقَ او شَهْنَقَ۔ الحِمَارُ : گدھے کا ڈھینچوں ڈھینچوں کرنا۔ یہ کلمہ عوام کے نزدیک ہے۔ فصیح لفظ نَهَقَ یا شَهَقَ ہے۔
الشَّانِيَة۔ بڑا جنگی جہاز۔ ج شَوَانٍ (مفرد کا استعمال نادر ہے۔)
شَهِبَ (س) و شَهُبَ (ک) شَهَبًا۔ سیاہی ملی ہوئی سفید رنگ والا ہونا۔ صفت (شَاهِب و أَشْهَب) عَامٌ أَشْهَبُ : خشک سال۔ يَوْمٌ أَشْهَبُ : ٹھنڈی ہوا اور پالے کا دن۔ جَيْشٌ أَشْهَبُ :قوی و مضبوط لشکر۔ ج شُهْبٌ۔

شَهَبَهٗ (ف) شَهْبًا و شَهَّبَهٗ۔ الحَرُّ: گرمی کا جھلس دینا۔
اَشْهَبَ۔ العَامُ القَوْمَ: قوم کے اموال کو تباہ کر دینا۔
اِشْهَبَّ و اِشْهَابَّ و اِشْتَهَبَ۔ سیاہی ملی ہوئی سفید رنگ والا ہونا۔ الزَرعُ: خشک و زرد ہونا اور کچھ سبزی باقی رہنا۔
الشَّهْب۔ مص۔ برف سے ڈھکا ہوا پہاڑ۔
الشُّهْبُ و الشُّهْبَة۔ سفیدی جس میں کچھ کچھ سیاہی ملی ہوئی ہو۔
الشِّهَاب۔ آگ کی چمک۔ ٹوٹا ہوا تارہ۔ تارہ۔ نیزہ کا پھل۔ ج شُهُب و شُهْبَان و شِهْبَان و اَشْهُب۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ شِهَابُ حَرْبٍ" جبکہ جنگ میں کود پڑنے والا ہو۔
الاَشْهَب۔ شیر۔ دشوار کام۔
الشَّهْبَاء اَشْهَب کا مؤنث۔ شہر حلب کا لقب ـــ مِنَ الكَتَائِب: بہت ہتھیاروں والا بڑا لشکر۔ سَنَةٌ شَهْبَاءُ: بغیر بارش اور سبزی کے خشک سال یا بہت برف والا سال۔
الشَّهَاب و الشَّهَابَة۔ دودھ جس میں دو تہائی پانی ملا ہوا ہو۔
الاَشَاهِب۔ منذر لخمی کی اولاد۔
الشَّاهَتَرج و الشَّهْتَر شاهتره۔
شَهِدَ (س) شُهُوْدًا۔ المَجْلِسَ: حاضر ہونا ـــ الشَّيْئَ: معائنہ کرنا۔ اطلاع پانا ـــ الجُمْعَة: پانا ـــ عَلٰى كَذَا: گواہی دینا۔ صفت (شَاهِدٌ) ج شُهُوْدٌ و شُهَّدٌ۔
شَهِد (س) و شَهُدَ (ک) شَهَادَةً۔ عِنْدَ الحَاكِمِ لِفُلَانٍ اَوْ عَلٰى فُلَانٍ: گواہی دینا۔ صفت (شَاهِد) ج شَهْد و شُهُوْدٌ و اَشْهَاد۔
شَهِدَ اللّٰهُ: جانایا قبول فرمانا۔ شَهِدَ بِكَذَا: قسم کھانا۔
شَاهَدَهٗ مُشَاهَدَةً۔ معائنہ کرنا۔
اَشْهَدَهٗ۔ حاضر کرنا۔ اَشْهَدَ فُلَانًا عَلٰى كَذَا: گواہ بنانا۔
اِسْتَشْهَدَهٗ۔ گواہی دینے کو کہنا۔
اِسْتَشْهَدَ بِهٖ: گواہی کے معاملہ کو مدد دینا۔
اُشْهِدَ و اُسْتُشْهِدَ۔ اللہ کے راستہ میں قتل ہونا۔
تَشَهَّدَ۔ گواہی طلب کرنا ـــ المُسْلِمُ: التحیات پڑھنا۔
الشُّهْد و الشَّهْد۔ شہد جو موم سے جدا نہ کیا گیا ہو۔ ج شِهَاد اور (الشُّهْدَة و الشَّهْدَة) اس سے خاص ہے۔
الشَّهَادَة۔ مص۔ یقینی خبر۔ گواہی۔ قسم۔ اللہ کے راستہ میں قتل ہونا۔ عالم ظاہر جو عالم غیب کے مقابل ہے۔
الشَّاهِد۔ فا۔ زبان۔ اور اسی سے قول ہے "مَالَهٗ رُوَاءٌ وَلَا شَاهِدٌ" یعنی اس کے لیے نہ تو حسن منظر ہی ہے نہ زبان۔ قوام۔ ستارہ۔ صَلَاةُ الشَّاهِد: مغرب کی نماز۔ وہ عبارت جو کسی قاعدہ نحو وغیرہ کے ثابت کرنے کے لیے نقل کی جائے۔ الشَّاهِد مِنَ الاُمُوْرِ: جلدی۔
الشَّاهِدَة۔ الشَّاهِد کا مؤنث۔ زمین۔ ج شَاهِدَات و شَوَاهِد۔
الشَّهِيْد و الشِّهِيْد۔ حاضر۔ گواہی میں امانت دار۔ وہ ذات جس کے علم سے کوئی چیز غائب نہ ہو۔ اللہ کی راہ میں مقتول۔ اسم (الشَّهَادَة) ج شُهَدَاء مؤنث شَهِيْدَة۔
المَشْهَد۔ لوگوں کے حاضر ہونے کی جگہ۔ لوگوں کے جمع ہونے کی جگہ۔ اللہ کی راہ میں مقتول ہونے کی جگہ۔ ج مَشَاهِد۔
المَشْهَدَة و المَشْهُدَة۔ لوگوں کے حاضر ہونے کی جگہ۔
المُشْهَد۔ اللہ کے راستہ کا مقتول۔
المُشْهِد۔ فا۔ اِمْرَأَةٌ مُشْهِدَةٌ: وہ عورت جس کا شوہر موجود ہو اور اس کا مقابل "اِمْرَأَةٌ مُغِيْبَةٌ" ہے۔ یعنی وہ عورت جس کا شوہر غائب ہو۔
المَشْهُوْد۔ مفع۔ جمعہ کا دن۔ قیامت کا دن۔ عرفہ کا دن۔
شَهْدَرَ شَهْدَرَةً۔ الغُلَامُ اَوِ الجَارِيَةُ: لڑکے یا لڑکی کا تین اور چھ سال کے درمیان حرکت کرنا۔
الشَّهْدَر۔ دولت مند۔ مؤنث شَهْدَرَةٌ۔
الشِّهْذَارَة۔ بدزبان۔ فساد انگیز۔ گھٹے بدن کا پست قد۔
شَهَرَهٗ (ف) شَهْرًا و شُهْرَةً۔ بِكَذَا: مشہور کرنا۔ شَهَرَ و شَهَّرَ السَّيْفَ۔ تلوار کو سونت کر بلند کرنا۔ وشَهَّرَ فُلَانًا: رسوا کرنا۔
اَشْهَرَ۔ ایک مہینہ کسی حال میں ہونا۔ کہا جاتا ہے "اَشْهَرْنَا فِيْ هٰذَا المَكَانِ" ہم نے اس جگہ ایک مہینہ قیام کیا۔ اَشْهَرَتِ المَرْأَةُ: ولادت کے مہینے میں داخل ہونا ـــ الاَمْرَ: ظاہر کرنا۔ مشہور کرنا۔
شَاهَرَهٗ شِهَارًا و مُشَاهَرَةً۔ ماہواری پر معاملہ کرنا۔
اِشْتَهَرَ۔ الاَمْرُ: مشہور ہونا ـــ الاَمْرَ: مشہور کرنا ـــ بِالفَضْلِ: فضیلت میں مشہور ہونا۔
الشَّهْر۔ مص۔ دانا۔ نیا چاند۔ چاند۔ مہینہ۔ ج اَشْهُر و شُهُوْر۔
الشُّهْرَة۔ شہرت۔ برائی میں مشہوری۔ رسوائی۔
الشَّهِيْر۔ مشہور۔ نامور۔ مؤنث شَهِيْرَة۔
المَشْهُوْر۔ مفع۔ شہرت یافتہ۔ مؤنث مَشْهُوْرَةٌ۔
الشَّهْرَب۔ بڑی عمر والا۔ مؤنث شَهْرَبَة۔ درخت خرما کے نیچے کا چھوٹا حوض۔
شَهَقَ (ف ض) و شَهِقَ (س) شَهِيْقًا و تِشْهَاقًا۔ الحِمَارُ: گدھے کا رینکنا (ـــ شَهِيْقًا و تَشْهَاقًا و شُهَاقًا) الرَّجُلُ: رونے میں سسکی لینا۔ (ـــ شُهُوْقًا) الجَبَلُ و غَيْرُهٗ: پہاڑ وغیرہ کا بلند ہونا۔ صفت (شَاهِقٌ) اور تم کہتے ہو "شَهِقَتْ عَيْنِيْ عَلَيْهِ" جبکہ تم کو کوئی چیز پسند آئے اور تم اس پر نظر جماؤ۔
تَشَهَّقَ۔ عَلَيْهِ: نظر جمادینا۔
الشَّهْقَة۔ اسم مرۃ۔ چیخ۔
الشَّاهِق۔ فا۔ ذو شاهق: زیادہ غضبناک۔
التَّشْهَاق۔ مص۔ کہا جاتا ہے "ضَحِكٌ تَشْهَاقٌ" زور کی ہنسی۔ وصف بالمصدر کی بنا پر۔
شَهِلَ (س) شَهَلًا و اِشْهَلَّ اِشْهِلَالًا۔ آنکھ میں سیاہی مائل بسرخی ہونا۔ صفت (اَشْهَل) مؤنث شَهْلَاء۔ ج شُهْل۔ آنکھ کی صفت بھی شَهْلَاء۔ واقع ہوتی ہے۔
شَاهَلَهٗ مُشَاهَلَةً۔ گالی گلوچ کرنا۔

تَشَهَّلَ- بے رونق چہرہ والا ہونا-

الشَّهَل والشُّهْلَة- آنکھ کی سیاہی مائل بسرخی-

الشَّهْلَاء- حاجت- کہا جاتا ہے "قَضَيْتُ مِنْ فُلَانٍ شَهْلَائِي" فلاں میں سے میں نے اپنی حاجت پوری کی-

الشَّهْلَةُ- بڑھیا-

شَهَمَ(ف ن)شَهْمًا و شُهُوْمًا-الفَرَسَ : ڈانٹنا ___ الرَّجُلَ :گھبرا دینا- خوفزدہ کرنا-

شَهُمَ (ک) شَهَامَةً و شُهُوْمَةً- تیز فہم ہونا-ذکی ہونا-

الشَّهْم- تیز خاطر- ذکی- سردار جس کا حکم جاری ہو-ج چالاک گھوڑا-ج شُهُوْم-

الشَّيْهَم- نر سیہی-ج شَيَاهِم-

الشَّهَام- غول بیابانی-

الشَّيْهَمَة- بڑھیا-

المَشْهُوْم- تیز خاطر- ذکی- خوفزدہ-

الشَّاهِيْن- ایک شکاری پرندہ-ج شَوَاهِين وشَيَاهِيْن- ترازو کا عمود-

شَهَا يَشْهُوْ وشَهِيَ يَشْهٰى شَهْوَةً و اِشْتَهٰى- الشَّيْئَ : خواہش کرنا- رغبت شدید کرنا-

شَهُوَ يَشْهُوْ-الطَّعَامُ :لذیذ ہونا-

شَهَّي- الرَّجُلَ : خواہش کرنے پر اُکسانا ___ عَلَيْهِ كَذَا :طلب کرنا- کہا جاتا ہے "هٰذَا الشَّيْئُ يَشْتَهِي الطَّعَامَ" یہ چیز کھانے کی خواہش بڑھاتی ہے-

شَاهَاه- مشابہ ہونا-

اَشْهَاهَ- خواہش کے مطابق دینا- نظر بد لگانا-

تَشَهَّي- الشَّيْئَ : خواہش کرنا ___ عَلَيْهِ كَذَا :باربار خواہش کرنا-

الشَّهْوَة- مص - خواہش- ج شَهَوَات و شُهًى-

الشَّهَّاء- بہت خواہش کرنے والا-

الشَّهِيّ- خواہش مند(___ والمُشْتَهٰى) مرغوب- کہا جاتا ہے "شَيْئٌ شَهِيٌّ" لذیذ چیز-

الشَّهْوَان- مؤنث شَهْوَىٰ-ج شَهَاوَىٰ و (الشَّهْوَانِيّ)خواہش مند-

الشَّاهِيَة- خواہش-

شَابَ يَشُوْبُ شَوْبًا وشِيَابًا- الشَّيْئَ :ملانا ___ الرَّجُلَ : خیانت کرنا- دھوکا دینا(___ و شَوَّبَ تَشْوِيْبًا)عَنْهُ : آہستگی سے ہٹانا-

اِنْشَابَ اِنْشِيَابًا و اِشْتَابَ اِشْتِيَابًا- ملنا-

الشَّوْب- مص - وہ چیز جو دوسرے سے ملائی جائے- گندھے ہوئے آٹے کا پیڑا- شہد-

الشَّوْبَة- اسم مرۃ- دھوکا-

الشَّائِبَةُ- الشَّائِبُ کا مؤنث- اور شَوَائِب کا واحد- بمعنی عیوب-

الشِّيَاب- مص- ملاوٹ-

لَيْلَةُ(الشِّيْبَاء) مہینے کی آخری رات-

المَشُوْبُ والمَشِيْبُ- ملا ہوا-

المُشَاوِب- بوتل کا غلاف- ج مَشَاوِب-

شَوَّحَ- الشَّيْئَ :انکار کرنا- نہ پہچاننا-

الشُّوْحَة- چیل- ایک درخت جس کی شاخیں مخروطی شکل کی ہوتی ہیں- اور یہ (الشُّوْح) کا واحد ہے-

الشَّوْحَط- ایک درخت جس کی لکڑی سے کمان بنائی جاتی ہے- واحد(الشَّوْحَطَة)

شَوَّذَتْ- الشَّمْسُ : مائل بغروب ہونا-

شَوَّذَالسَّحَابُ الشَّمْسَ :ڈھانکنا- گھیر لینا- ___ ہ : کسی کو عمامہ باندھنا-

تَشَوَّذَ واِشْتَاذَ- پگڑی باندھنا-

الاَشَاوِذ- مخلوق- کہا جاتا ہے "هُوَ خَيْرُ الاَشَاوِذِ" وہ مخلوق میں بہتر ہے-

المِشْوَذُ والمِشْوَاذُ- عمامہ- بادشاہ- سردار- ج مَشَاوِذ و مَشَاوِيْذ-

شَارَ يَشُوْرُ شَوْرًا وشِيَارًا وشِيَارَةً ومَشَارًا و مَشَارَةً- العَسَلَ : چھتے سے شہد نکالنا- صفت مفعولی (مَشُوْر) (___ شَوْرًا وشِوَارًا) الدَّابَّةَ : جانور کو سدھانا- تجربہ کیلئے سوار ہونا- خریدار کو دکھانے کیلئے سوار ہونا-

شَارَتِ الإِبِلُ :اونٹ کا موٹا و خوبصورت ہونا-

شَوَّرَ- الدَّابَّةَ :جانور کو سدھانا- تجربہ کے لئے سوار ہونا- خریدار کو دکھانے کیلئے سوار ہونا ___ بِهِ : شرمندہ کرنا ___ اِلَيْهِ :اشارہ کرنا-

___ النَّارَ وبِالنَّار :آگ کو بلند کرنا-

اَشَارَ- العَسَلَ والدَّابَّةَ : بمعنی شَارَ هُمَا ___ النَّارَ وبِالنَّارِ : آگ کو بلند کرنا ___ بِهِ پہنچوانا- اَشَارَ اِلَيْهِ و اَشَارَ بِيَدِهِ :اشارہ کرنا ___ عَلَيْهِ : حکم دینا- نصیحت کرنا- صحیح طریقہ بتانا ___ فُلَانًا :عَسَلًا :شہد نکالنے میں مدد دینا-

اَشْوَرَ اِشْوَارًا- النَّارَ وبِالنَّارِ :آگ کو بلند کرنا-

شَاوَرَهُ- فِي الْاَمْرِ :مشورہ طلب کرنا-

اِشْتَارَ اِشْتِيَارًا- العَسَلَ : شہد نکالنا-

اِشْتَارَتِ الإِبِلُ :اونٹ کا کچھ موٹا ہونا-

تَشَوَّرَ- شرمندہ ہونا-

تَشَاوَرَ واِشْتَوَرَ- القَوْمُ :باہم مشورہ کرنا-

اِسْتَشَارَ- عمدہ لباس پہننا- العَسَلَ :شہد نکالنا- اِسْتَشَارَتِ الإِبِلُ : موٹا و خوبصورت ہونا- اِسْتَشَارَ الْاَمْرُ : واضح و روشن ہونا ___ ہ :مشورہ طلب کرنا-

الشَّوْر- مص- شہد جو چھتے سے نکالا جائے-

الشَّارَة والشَّوْرَة والشُّوْرَة والشَّوَار والشُّوَار والشِّوَار والشِّيَار- حسن و جمال- ہیئت- منظر- لباس و زینت- گھر کا عمدہ سامان- کہا جاتا ہے "رِيْحٌ شَوَار" نرم ہوا- و "خَيْلٌ شِيَار" خوبصورت موٹے گھوڑے-

الشَّوْرَة :شہد کا چھتہ-

الشَّوَار- اندام نہانی-

الشَّوْرَة- شار کا اسم مرۃ- شرمندگی-

الشَّوْرَى- ایک قسم کی دریائی گھاس-

الشُّوْرَىٰ- اسم ہے "تَشَاوَرَ" کا یا اَشَارَ عَلَيْهِ کا- مَجْلِس شُوْرَىٰ :کونسل و "تَرَكَ عُمَرُ الخِلَافَةَ شُوْرَىٰ" کا مطلب یہ ہے کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے مسئلہ خلافت کو باہم مشورہ کے لیے چھوڑ دیا-

الشَّيِّر- خوبصورت- جس سے مشورہ کیا جائے- وزیر-ج شُوَرَاء-

المَشَار- شہد کا چھتہ-

المَشَارَة- قابل کاشت زمین کا ٹکڑا-ج مَشَاوِر ومَشَائِر-

المَشُوْر- مفع- آراستہ- مزین-

المِشْوَر-شہد نکالنے کا آلہ-ج مَشَاوِر-
المُشِیْر-فا ___ فِیْ اِصْطِلاَحِ اَرْبَابِ السِّیَاسَةِ : کونسلر- المُشِیْرِیَّةُ : کونسلر کا درجہ-
المُشِیْرَة-انگشت سبابہ-
المَشْوَرَة والمَشُوْرَة- اَشَارَ عَلَیْهِ کا اسم-مشورہ-نصیحت-ج مَشُوْرَات-
المِشْوَار-منظر-جانوروں کو دکھانے کی جگہ-شہد نکالنے کا آلہ-دُھنے کی کمان کی تانت-ج مَشَاوِیْر- کہا جاتا ہے "اَخَذَتِ الخَیْلُ مِشْوَارَهَا" یعنی گھوڑے موٹے اور خوبصورت ہوئے-
المِشْوَارَة-شہد نکالنے کی جگہ-
شَوَزَ-(شِیْزَبِهٖ شَوْزًا)عَلَی المَجْهُوْلِ : فریفتہ ہونا-
الاَشْوَز-مغرور-متکبر-
المَشْوُز-بے آرام-
شَاشَ یَشَاشُ وشَوِسَ یَشْوَسُ شَوَسًا وتَشَاوَسَ-غصہ یا تکبر کی بنا پر ترچھی نظر سے دیکھنا-دیکھنے کے لیے آنکھیں چھوٹی کرنا-لڑائی میں بہت دلیر ہونا-صفت (اَشْوَس) مؤنث شَوْسَاء-ج شُوْس-الشُّوْس-لمبے-اور کہا جاتا ہے "رُمِیَ فُلاَنٌ بِخُطُوْبٍ شُوْسٍ" فلاں کے اوپر سخت مصیبتیں پڑیں-
تَشَاوَس تَشَاوُسًا-بمعنی شَوِسَ-نخوت و تکبر ظاہر کرنا-
شَوَّشَ-الاَمْرَ :مخلوط کرنا-بے ترتیب کرنا-
تَشَوَّشَ- عَلَیْهِ الاَمْرُ : مخلوط ہونا-گڑبڑ ہونا-
تَشَاوَشَ-القَوْمُ :گڈمڈ ہونا-
التَّشَاوُش-اختلاف واضطراب-
عِبَارَةٌ(مُشَوَّشَةٌ) ترکیب یا معنی کے لحاظ سے نادرست عبارت-
الشَّاوِیْش-سارجنٹ-(جدید)
شَاصَهٗ یَشُوْصُهٗ ویَشَاصُهٗ شَوْصًا-جگہ سے ہلانا-ہاتھ سے ملنا-دھونا-شَاصَ فَاهُ بِالسِّوَاكِ : منہ کو مسواک سے صاف کرنا ___ شَوْصًا وشَوَصًا) بھڑکنا ___ الرَّجُلُ : ڈاڑھ یا پیٹ کے درد والا ہونا ___ الجَنِیْنُ : جنین کا ماں کے پیٹ میں حرکت کرنا ___ بِهِ العِرْقُ :رگ کا حرکت کرنا ___ فُلاَنٌ بِفُلاَنٍ : کسی کا کسی پر شر کو برانگیختہ کرنا-
شَوِصَتْ (س) شَوَصًا- عَیْنُهٗ : اتنی موٹی ہونا جس سے دونوں پلکیں نہ مل سکیں- بہت پھڑکنے والی پلکوں والی ہونا-جس کو یہ کیفیت لاحق ہو اس کو (اَشْوَص) کہتے ہیں اور آنکھ کی صفت (شَوْصَاء)ج شُوْص-
شَوَّصَ تَشْوِیْصًا واَشَاصَ اِشَاصَةً الرَّجُلُ :مسواک کرنا-
الشَّوْصَة-رگ کی حرکت-پسلیوں کے پردہ کا ورم-پیٹ کا ریاحی درد-
الشِّیَاص-بدخلقی-
شَاطَ یَشُوْطُ شَوْطًا-بِهِ الغَضَبُ :بھڑکنا-
شَوَّطَ-لمبا سفر کرنا ___ القِدْرَ : ہانڈی کا جوش دینا ___ اللَّحْمَ : گوشت پکانا ___ الصَّقِیْعُ النَّبَاتَ :پالے کا نباتات کو جلا دینا-
تَشَوَّطَ-الفَرَسَ :گھوڑے کو چلا کر تھکانا-
الشَّوْط-غایت-چکر-غایت تک ایک مرتبہ دوڑ-کہا جاتا ہے "جَرَی الفَرَسُ شَوْطًا" گھوڑے نے ایک چکر لگایا-ج اَشْوَاط-
شَاظَ یَشُوْظُ شَوْظًا- بِفُلاَنٍ : گالی دینا ___ بِهِ الغَضَبُ :غصہ بھڑکنا-
تَشَاوَظَ-القَوْمُ :باہم گالی گلوچ کرنا-
الشُّوَاظ و الشِّوَاظ-بغیر دھوئیں کا شعلہ-آگ یا دھوپ کی گرمی-پیاس کی شدت-چیخ و پکار-گالی گلوچ-
شَوِعَ یَشْوَعُ شَوَعًا-الرَّأْسُ :پراگندہ اور گرد آلود بالوں والا ہونا ___ الفَرَسُ : ایک رخسارے میں سفیدی والا ہونا-صفت(اَشْوَع) مؤنث شَوْعَاء-ج شُوْع-
شَوَّعَ تَشْوِیْعًا-القَوْمَ :جمع کرنا-
الشُّوْع-بان کا درخت- واحد شُوْعَة ج شِیَاع-
المِشْوَاع-تنور کی آگ ہلانے کی سیخ-(اس کی اصل مِشْیَاع ہے-)
شَافَهٗ یَشُوْفُهٗ شَوْفًا-صیقل کرنا- الجَمَلَ بِالقَطِرَانِ :اونٹ پر قطران ملنا-
شِیْفَتِ-الجَارِیَةُ :بناؤ سنگھار کیا جانا-
شَوَّفَ-الجَارِیَةَ :لڑکی کا بناؤ سنگھار کرنا-مزین کرنا-آراستہ کرنا-
اَشَافَ اِشَافَةً- عَلَیْهِ : اوپر سے جھانکنا ___ مِنْهُ :خوف کھانا ___ الشَّیْئُ :بلند ہونا-
تَشَوَّفَ تَشَوُّفًا- مزین ہونا ___ مِنَ السَّطْحِ : دیکھنا-اوپر سے جھانکنا ___ اِلَی الشَّیْئِ :جھانکنا ___ الشَّیْئُ :بلند ہونا-
اِشْتَافَ اِشْتِیَافًا- اِلَیْهِ :گردن اٹھا کے دیکھنا ___ البَرْقَ :بجلی کو باامید بارش دیکھنا-(___ واِسْتَشَافَ)الجُرْحُ :زخم سخت ہونا-
الشَّوْف-مص-بینگا-
الشِّیَاف-آنکھ میں استعمال کرنے کی دوا کی بتی-
الشَّیِّفَة والشَّیِّفَان-دیدبان-دشمن کی حرکت کی دیکھ بھال کرنے والا-
الشَّوَّاف-مِنَ الرِّجَالِ :تیز نظر والا-
المَشُوْف-مفعو- آراستہ کیا ہوا- مِنَ الجِمَالِ :قطران ملا ہوا اونٹ-
شَاقَنِی یَشُوْقُنِی شَوْقًا وتَشْوَاقًا-الحُبُّ اِلَیْهِ : شوق دلانا- صفت مفعولی (مَشُوْق) و صفت فاعلی (شَائِق) شَاقَ القِرْبَةَ :مشک کو دیوار سے ٹیک لگا کر کھڑا کرنا-صفت مفعولی(مَشُوْقَة) ___ الطُّنُبَ اِلَی الوَتِدِ :خیمہ کی رسیوں کو کھونٹے میں باندھنا-
اَشَاقَهٗ اَشَاقَةً-شائق بنانا-
شَوَّقَهٗ-اِلَیْهِ :شوق کرنے پر برانگیختہ کرنا-
تَشَوَّقَ-الشَّیْئَ واِلَیْهِ :بہت شوق ظاہر کرنا-
اِشْتَاقَهٗ-واِشْتَاقَ اِلَیْهِ :بہت خواہش کرنا-
الشَّوْق-مص-سخت خواہش-ج اَشْوَاق-
الشِّیَاق و الشِّیْق-وہ چیز جس سے کسی چیز کو کھینچ کر دوسری چیز میں باندھیں جیسے خیمہ کی طنابیں-
الشَّیِّق-آرزومند-
الرَّجُلُ (الاَشْوَق) لمبا مرد- ج شُوْق-
الشُّوْق :عُشَّاق-
شَاكَهٗ یَشُوْكُهٗ شَوْكًا-کانٹا چبھانا-شَاكَتْهُ

الشَّوْكَةُ :کانٹا چبھنا-
شَاكَ يَشَاكُ شَاكَةً وشِيْكَةً- کانٹوں میں پڑنا ـــــ هُ بِالشَّوْكَةِ : کانٹا چبھانا ـــــ الشَّوْكَ : کانٹوں میں پڑنا (ـــــ شَوْكًا) شوکت ظاہر ہونا ـــــ لِحْيَا الْبَعِيْرِ : لمبے دانتوں والا ہونا ـــــ ثَدْيُ الْجَارِيَةِ : نمودار ہونا شروع ہونا-
شِيْكَ- کانٹا چبھنا ـــــ الْجَسَدُ :بدن پر سرخ پھنسیاں ظاہر ہونا- صفت (مَشُوْك)
اَشَاكَهُ- کانٹا چبھانا-
اَشْوَكَ- الْمَكَانُ :کانٹوں والی ہونا-
اَشْوَكَتِ الشَّجَرَةُ : خاردار یا بہت کانٹوں والا ہونا- صفت (مُشْوِكَة)
شَوَّكَ- الشَّجَرُ : درخت کا خاردار ہونا- کانٹے نکلنا ـــــ الْحَائِطَ :دیوار پر کانٹے رکھنا ـــــ الْفَرْخُ : چوزے کا نئے پر نکالنا ـــــ شَارِبُ الْغُلَامِ : لڑکے کی مونچھ کا سخت ہونا ـــــ الرَّاسُ بَعْدَ الْحَلْقِ : سر میں نئے بال نکلنا-
الشَّوْك- مص - کانٹا- ج اَشْوَاك واحد (شَوْكَةٌ)
الشَّوْكَة- شوک کا واحد- بچھو کا ڈنک- سرخ پھنسی- ہتھیار اور اس کی تیزی- قوت وطاقت- دشمن کو "تکلیف رسانی" کہا جاتا ہے "لَا تَشُوْكُكَ مِنِّي- شَوْكَةٌ" یعنی مجھ سے تمہیں کوئی تکلیف نہیں پہنچے گی- شَوْكَةُ الْحَائِكِ : تانا بانا درست کرنے کا آلہ- الشَّوْكَةُ الْمُبَارَكَةُ والشَّوْكَةُ الْيَهُوْدِيَّةُ والشَّوْكَةُ الْبَيْضَاءُ : جڑی بوٹیوں کے نام ہیں- رِيْحُ الشَّوْكَةِ :ایک تکلیف دہ پھنسی جو عموماً ہاتھ کے انگوٹھے میں ہوتی ہے-
الشَّائِك- ج شَاكَة و(الشَّوْك)خاردار-
شَائِكُ السِّلَاحِ وشَوْكُ السِّلَاحِ : ہتھیاروں سے مسلح اور (شَاكُّ السِّلَاحِ) بالتشدید اور (شَاكِ السِّلَاحِ) بالتخفیف اور (شَاكِي السِّلَاحِ) بھی مستعمل ہیں- اَرْضٌ اور شَجَرَةٌ (شَاكَةٌ) بہت کانٹوں والی زمین یا درخت-

الْاَشْوَك- مِنَ الثِّيَابِ وَنَحْوِهَا :کھردرا- مؤنث شَوْكَاء-
الشَّوْكَرَان- ایک زہریلا پودا- (دخیل)
شَالَ يَشُوْلُ شَوْلًا وشَوَلَانًا- الذَّنَبُ وغیرہ : اٹھنا- بلند ہونا- شَالَ الشَّيْئَ و بِالشَّيْئِ :اٹھانا- بلند کرنا-
الْمِيْزَانُ : ترازو کے ایک پلڑے کا اونچا ہونا-
شَالَتِ الْقِرْبَةُ او الزِّقُّ : سوکھنے یا بھرنے کی وجہ سے مشک کی ٹانگوں کا کھڑا ہونا- کہا جاتا ہے "شَالَتْ نَعَامَتُهُ" وہ ہلکا ہوا، وہ غضبناک ہوا پھر ٹھنڈا ہوگیا- وہ مرگیا- و شَالَتْ نَعَامَتُهُمْ : انہوں نے اپنے مکانات خالی کردیئے اور متفرق ہوگئے یا ان کا اتفاق ٹوٹ گیا اور ان کی عزت جاتی رہی-
اَشَالَ- الشَّيْئَ :بلند کرنا، اٹھانا-
شَوَّلَ تَشْوِيْلًا- لَبَنَ النَّاقَةِ : اونٹنی کے دودھ کا کم ہونا- گھٹنا- شَوَّلَتِ النُّوْقُ : دودھ خشک ہونا- شَوَّلَ الْمَاءُ : کم ہونا ـــــ الْمَزَاوَةُ : کم پانی والا ہونا ـــــ فِي الْمَزَاوَةِ : تھوڑا پانی باقی رکھنا-
شَاوَلَ- الْحَجَرَ : اٹھانا ـــــ ه وبه :ہٹانا(ـــــ وتَشَاوَلَ) ایک دوسرے پر نیزہ سے حملہ کرنا-
اِنْشَالَ اِنْشِيَالًا- بلند ہونا-
اِشْتَالَ اِشْتِيَالًا- بلند ہونا ـــــ لَهُ : تعرض کرنا- گالی دینا-
اِسْتَشَالَتِ- النَّاقَةُ ذَنَبَهَا : اونٹنی کا دم کو اٹھانا-
الشَّوْل- مص- سبک، ہلکا، ڈول وغیرہ کا بقیہ پانی- تھوڑا پانی- ج اَشْوَال-
الشَّوِل- کام اور خدمت میں چست-
الشَّوْلَة- اسم مرۃ- بچھو کے ڈنک کا وہ حصہ جو اوپر کو اٹھا ہوا ہوتا ہے ـــــ مِنَ النِّسَاءِ : بیوقوف عورت-
شُوْلَة وشَوَّالَة- بچھو کا اسم علم ـــــ الشَّوَّالَة :چغل خور عورت-
الشِّوَال- عِنْدَ الْعَامَّةِ :بالوں یا اون کا بڑا بورا (یہ جوالق کی تحریف ہے)

الشَّال- کندھوں پر ڈالنے کی چادر- ج شِيْلَان وشَالَات- اور (الشَّالَة) اخص ہے (اعجمیہ) النَّاقَةُ (الشَّائِل) بغیر دودھ والی مستی کے وقت دم اٹھانے والی اونٹنی- ج شُوَّل وشُوَّال وشُيَّل وشِيَّل-
الشَّائِلَة- الشَّائِل کا مؤنث ـــــ مِنَ الْاِبِلِ :اونٹنی جس کے حمل کو یا بعد وضع حمل کے سات مہینے ہوچکے ہوں اور دودھ خشک ہوگیا ہو- ج شَوْل- واَشْوَال وشَوَائِل-
شَوَّال- قمری سال کا دسواں مہینہ اور کبھی الف لام داخل کرکے الشَّوَّال بھی کہا جاتا ہے- ج شَوَّالَات- وج شَوَاوِيْل-
الْمِشْوَل- چھوٹی درانتی-
الْمِشْوَال- پتھر جو طاقت کی آزمائش کے لیے اٹھایا جائے-
شَانَ يَشُوْنُ شَوْنًا- الرُّؤُوْس : دماغ کے کیڑے نکالنے کے لیے سر کو کھولنا-
تَشَوَّنَ- کم عقل ہونا-
الشُّوْنَة- بیوقوف عورت-
الشُّوْنَة- غلہ جمع کرنے کی جگہ- جنگی جہاز- ج شُوَان-
الشَّوَّان- غلہ جمع کرنے والا-
شَاهَ يَشُوْهُ شَوْهًا وشَوْهَةً- الْوَجْهُ : چہرہ بدشکل ہونا ـــــ الرَّجُلَ : خوفزدہ کرنا- گھبرا دینا- حسد کرنا- نظر بد لگانا- کہا جاتا ہے "شَاهَتْ نَفْسُهُ اِلَى كَذَا" اس نے فلاں چیز پر آنکھ لگائی-
شَوِهَ يَشْوَهُ شَوَهًا- الْوَجْهُ :چہرہ کا بدشکل ہونا ـــــ الْعُنُقُ :گردن لمبی ہونا- چھوٹی ہونا- (ضد)
شَوَّهَ- اللّٰهُ وَجْهَهُ :چہرہ کا بدشکل بنانا- کہا جاتا ہے "لَا تُشَوِّهْ عَلَيَّ" مجھے نظر بد نہ لگاؤ-
تَشَوَّهَ- بدشکل ہونا- تَشَوَّهَ الرَّجُلُ شَاةً : شکار کرنا ـــــ لِفُلَانٍ :اپنے آپ کو کسی کیلئے ناشناسا کرنا- نظر بد لگانے کیلئے کسی کی طرف نگاہ اٹھانا- کہا جاتا ہے "هُوَ يَتَشَوَّهُ اَمْوَالَ النَّاسِ لِيُصِيْبَهَا بِالْعَيْنِ" وہ نظر بد لگانے کیلئے لوگوں کے اموال کی طرف نگاہ اٹھاتا ہے-
الشَّوَه- مص- بدشکلی- خوبصورتی (ضد) گردن

کی لمبائی وبلندی- سربلند کرنا-
الشَّوْهَة-دوری-بدشکلی-
الشَّاہ-بادشاہ-نسبت کیلئے (شاہی وشاہانی)
الشَّائِہ-فا-حسد کرنے والا-ج شُوَّہ-
شَاہبَنْدَر-سوداگروں کا رئیس-
شَاہبَلُّوط-شاہ بلوط کا درخت-
رَجُلٌ (شَاہُ الْبَصَرِ وشَائِہُہٗ وشَاہِیہٖ) : تیز نظر والا-
الشَّاة- بکری- بکرا- جنگلی گائے- ج شَاء وشِیَاہ وشِوَاہ واَشاوہ وشِیْہ وشَیّہ وشَوِیّ اور شاۃ کی تصغیر شُوَیْہ وشُوَیْہَۃ ج شُوَیْہَات اور نسبت کے لیے شَاوِیٌّ جیسے سَمَاء سے سَمَاوِیٌّ-
الشَّاہِیّ-بکری والا-
الاَشْوَہ- بدشکل- جلدی نظر بد لگانے والا- متکبر- مؤنث شَوْہَاء- ج شُوْہٌ- الشَّوْہَاء : ترش رو عورت- بدشکل عورت- خوبصورت عورت (ضد) منحوس عورت- فَرَسٌ شَوْہَاء- تیز نگاہ والا گھوڑا- اَرْضٌ (مَشَاہَة) بہت بکریوں والی زمین-
المُشَوَّہ- بدشکل : ناہموار شکل و صورت والا-
شَوَیٰ یَشْوِیْ شَیًّا- اللَّحْمَ : گوشت کو آگ میں بھوننا- صفت مفعولی (مَشْوِیٌّ)
المَاءَ : پانی گرم کرنا-
شَوَّیٰ واَشْوَیٰ- القَوْمَ : بھنا ہوا گوشت کھلانا ___ الرَّجُلَ : جسم کے ایسے حصہ پر زخم لگانا جس سے قتل واقع نہ ہو- اَشْوَیٰ السَّهْمُ : تیر کا نشانہ سے چوک جانا- اَشْوَیٰ الزَّرْعُ : بھوننے کے قابل ہونا ___ الرَّجُلُ : رات کے کھانے سے کچھ چھوڑ دینا- گھٹیا مال جمع کرنا- اَشْوَیٰ السَّعَفُ : درخت خرما کی شاخ کا خشک ہو کر زرد پڑنا- اور اسی سے ہے "مَا اَعْیَاہ وما اَشْوَاہ" وہ کس قدر کمزور ہے-
اِنْشَوَیٰ اِنْشِوَاءً واشْتَوَیٰ اِشْتِوَاءً- بھن جانا- اِشْتَوَی الرَّجُلُ : بھوننا-
الشَّوَیٰ- گھٹیا مال- آسان معاملہ- ہاتھ پیر- جسم کے اطراف- وہ اعضاء جن پر زخم لگنے سے قتل واقع نہ ہو (___ الشَّوَاۃ) کھوپڑی کا چمڑا-
الشِّوَاء والشُّوَاء- بھنا ہوا گوشت وغیرہ والشِّوَاءَۃ والشُّوَاءَۃ والشَّوَاءَۃ بھنے ہوئے گوشت وغیرہ کا ایک ٹکڑا-
الشَّوَّاء- گوشت بھوننے والا-
الشُّوَایَۃ والشَّوَایَۃ والشِّوَایَۃ والشَّوِیَّۃ مِنَ المَالِ : ردی مال- ہلاک شدہ قوم یا مال کا بقیہ- ج شَوَایَا سَعَفَۃ (شَاوِیَّۃٌ) درخت خرما کی خشک شاخ-
الشَّوِیُّ- بھنا ہوا گوشت-
المِشْوَاۃ- گوشت بھوننے کا آلہ- ج مَشَاوٍ-
شَاءَهٗ یَشَاءُهٗ شَیْئًا ومَشِیْئَۃً ومَشَاءَۃً ومَشَائِیَۃً- چاہنا- صفت فاعلی (شَاءٍ) اور صفت مفعولی (مَشِیْءٌ) ___ اللّٰہُ الشَّیْءَ : مقدر کرنا- تعجب کے موقع پر "مَاشَاءَ اللّٰہ" کہا جاتا ہے-
شَیَّأَہٗ- عَلَی الْاَمْرِ : برانگیختہ کرنا- شَیَّا اللّٰہُ وَجْهَہٗ : چہرہ کا بدشکل بنانا-
اَشَاأَہٗ اِلَیْہِ اِشَاءَۃً- مجبور کرنا-
تَشَیَّاَ تَشَیُّؤًا- غصہ ٹھنڈا ہونا-
الشَّیْءُ- مص- چیز جس کے ساتھ علم و خبر کا تعلق ہو سکے- ج اشیاء جج اَشَاوِیٰ واَشْیَاوَات واَشَاوَات واَشَایَا- اور تصغیر شُیَیْءٌ وشِیَیْءٌ اور اَشْیَاء کا کلمہ غیر منصرف ہے-
الشِّیْئَۃ- شَاءَ کا اسم (___ والمَشِیْئَۃ) ارادہ-
المُشَیَّأ- بدشکل- ناہموار صورت والا-
شَابَ یَشِیْبُ شَیْبًا وشَیْبَۃً ومَشِیْبًا- سفید بالوں والا ہونا- بوڑھا ہونا- صفت مذکر (اَشْیَبُ وشَائِب) صفت مؤنث (شَائِبَۃٌ) (مؤنث کی صفت میں شَیْبَاء نہیں بلکہ شَمْطَاء آتا ہے) کہا جاتا ہے (شَابَتْ رُؤُوْسُ الْاٰکَامِ" ٹیلوں کی چوٹیاں برف سے سفید ہو گئیں-
اَشَابَ- الرَّجُلُ : بوڑھی اولاد والا ہونا-
اَشَابَ وشَیَّبَ- الحُزْنُ فُلاَنًا وبِفُلاَنٍ : غم کا بوڑھا کر دینا-
الاَشْیَبُ- سفید سروالا ___ مِنَ الاَیَّامِ : برف و بادل والا دن- ج شِیْبٌ وشُیُبٌ-
الشَّیْبُ : برف سے ڈھکے ہوئے پہاڑ-
الشَّائِبُ- فا- سفید سروالا- مؤنث شَائِبَۃٌ- ج شُیَّب- مبالغہ کے طور پر "شَیْبٌ شَائِبٌ" کہا جاتا ہے مانند لَیْلٌ لَائِلٌ کے-
یَوْمٌ (شَیْبَان) اولہ برف بادل کا دن (___ وشِیْبَان) ماہ دسمبر (چونکہ اس ماہ میں برف اولہ کی وجہ سے زمین سفید رہتی ہے-)
الشَّیْبَۃ- اسم مرۃ- شباب کا اسم- ایک پودہ ہے جس کا نام (افسنتین) ہے-
الشِّیْتَان- ٹڈی وغیرہ کی چھوٹی ٹکڑی-
شَاحَ یَشِیْحُ شَیْحًا- عَلٰی حَاجَتِہٖ : چوکنا رہنا- کوشش کرنا-
شَیَّحَہٗ- ڈرانا- شَیَّحَ خَصْمَہٗ : تنگ نگاہوں سے دیکھنا-
اَشَاحَ اِشَاحَۃً- فِی اَمْرِہٖ : کوشش کرنا- چوکنا رہنا- محتاط رہنا ___ وَجْهَہٗ وبِوَجْهِہٖ واَشَاحَ عَنْہُ وَجْهَہٗ : نفرت سے منہ پھیر لینا ___ المَکَانُ : شیح نامی گھاس اگانا ___ الفَرَسُ بِذَنَبِہٖ : گھوڑے کا دم کو ڈھیلا چھوڑ دینا-
شَایَحَ مُشَایَحَۃً وشِیَاحًا- جنگ کرنا- فِی الْاَمْرِ : کوشش کرنا-
الشِّیْحُ- ایک قسم کی گھاس- واحد (شِیْحَۃٌ) ___ مِنَ الرِّجَالِ : کاموں میں کوشش کرنے والا- چوکنا رہنے والا-
الشِّیَاحُ- مص- کوشش- احتیاط- لحظ-
الشَّیْحَان والشِّیْحَان والمُشِیْحُ- لمبا- غیرت مند- محتاط-
شَاخَ یَشِیْخُ شَیْخًا وشُیُوْخَۃً وشِیُوْخَۃً وشِیُوْخِیَّۃً وشُیُوْخِیَّۃً وشَیْخُوْخَۃً وشَیْخُوْخِیَّۃً- بوڑھا ہونا-
شَیَّخَ- بوڑھا ہونا ___ ہٗ : تعظیم کیلئے یا شیخ کہہ کے پکارنا ___ عَلَیْہِ : عیب لگانا- طعن و تشنیع کرنا ___ بِہٖ : رسوا کرنا-
تَشَیَّخَ- بوڑھا ہونا-
الشَّیْخُ- بڈھا- ج شُیُوْخ وشِیُوْخ واَشْیَاخ وشِیْخَۃ وشِیَخَۃ وشِیْخَان- ومَشْیَخَۃ ومَشِیْخَۃٌ و جج مَشَائِخ

وَاَشَایِخ مؤنث شَیخَة اور شیخ کی تصغیر
شُیَیخ وشِیَیخ۔ شَیخُ المرأۃِ۔ شوہر اور شیخ کا
اطلاق استاد۔ عالم۔ سردار قوم اور ہر اس شخص پر
ہے جو لوگوں کے نزدیک علم وفضیلت و مرتبہ کے
لحاظ سے بڑا ہوتا ہے۔ شَیخُ النَّارِ :ابلیس سے
کنایہ ہے۔
الشَّیخُوخ۔ بڑھا۔
شَادَ یَشِیدُ شَیدًا وشَیَّدَ۔ البِنَاءَ :عمارت
کو بلند کرنا ___ الحَائِطَ :دیوار پر گچ کرنا۔
جِلدَہٗ بِالطِّیبِ : جسم پر خوشبو ملنا۔ شَادَ
الرَّجُلُ : ہلاک ہونا (شَادَ الاِبِلَ شِیَادًا)
اونٹوں کو بلانا۔
اَشَادَ اِشَادَۃً۔ ہلاک کرنا۔ اَشَادَ بِذِکرِہٖ :
تعریف کر کے مشہور کرنا۔ اَشَادَ عَلَیہِ قَبِیحًا
وبِقَبِیحٍ : بدنام کر کے مشہور کرنا۔ اَشَادَ
عَلَیہِ :کسی کے متعلق برائی مشہور کرنا ___
المُغَنِّی : گانے میں آواز بلند کرنا۔ اَشَادَ
صَوتَہٗ وبِصَوتِہٖ :برے طریقہ سے آواز بلند
کرنا۔ اَشَادَ الضَّالَّۃَ :گم شدہ چیز کی تعریف کرنا
___ البُنیَانَ :لمبا کرنا۔
الشِّیدُ۔ گچ وغیرہ کا پلستر۔
المَشِیدُ۔ مفعو۔ پلستر کیا ہوا (___
والمُشَیَّدُ) بلند کیا ہوا۔
الشَّیَّارُ۔ یوم شنبہ۔ ج اَشیِر و شُیُر و شِیَر۔
شَیَّزَہٗ۔ البُردَ :سرخی سے دھاری بنانا۔
الشِّیزُ والشِّیزَیٰ۔ آبنوس کی لکڑی یا بہت
سیاہ رنگ کی مضبوط لکڑی۔
اَشَاشَتِ۔ النَّخلَۃُ :نرم گٹھلی کی کھجور والا
ہونا۔
الشِّیشُ۔ نرم گٹھلی کی کھجور۔ والشِّیشُ
عِندَ العَامَّۃِ :گوشت بھوننے کی لوہے کی سیخ۔
فصیح لفظ سَفُّود ہے۔
شَیَّصَ۔ القَومَ :رنج و تکلیف پہنچانا۔ عذاب
دینا۔ شَیَّصَتِ النَّخلَۃُ :ردی کھجور والا ہونا۔
الشِّیصُ۔ ایک قسم کی ردی کھجور۔ ایک قسم
کی مچھلی۔ واحد (شِیصَۃٌ)۔
الشِّیصُ۔ بد خلقی۔
الشِّیصَاءُ۔ نرم گٹھلی کی کھجور۔ واحد
(شِیصَاءَۃٌ)
المُشَایَصَۃُ۔ ایک دوسرے سے جدائی۔
منافرت۔
شَاطَ یَشِیطُ شَیطًا وشِیَاطَۃً
وشَیطُوطَۃً۔ الشَّیئُ :جلنا۔ شَاطَتِ القِدرُ :
ہانڈی کی تلی میں جلی ہوئی چیز کا لگنا۔ شَاطَ
الزَّیتُ :زیتون کے تیل کا گاڑھا ہونا۔ شَاطَتِ
الذَّبِیحَۃُ :ذبیحہ کا گوشت تقسیم ہو کر ختم ہو جانا
___ فُلَانٌ: ہلاک ہونا ___ فِی الاَمرِ :
جلدی کرنا ___ دَمُہٗ :بیکار جانا ___ فُلَانٌ
الدِّمَاءَ :ملانا۔ یعنی قاتل کو مقتول کے خون پر قتل
کرنا۔
شَیَّطَ واَشَاطَ۔ اَلصَّقِیعُ النَّبتَ
اوالدَّوَاءُ الجُرحَ :جلانا ___ الرَّاسَ اوِ
الکُرَاعَ :سری یا پائے کے بالوں کو جلانے کے
لیے جھلسنا ___ القِدرَ :ہانڈی کو جوش دینا۔
اَشَاطَ فُلَانًا : ہلاک کرنا۔ اَشَاطَ اللَّحمَ
عَلَی القَومِ :گوشت تقسیم کرنا۔ اَشَاطَ
السُّلطَانُ دَمَہٗ وبِدَمِہٖ :قتل کرنے کے لیے
سامنے لانا۔
تَشَیَّطَ۔ جلنا۔ کثرت جماع کی وجہ سے لاغرو
کمزور ہونا۔
اِشتَاطَ اِشتِیَاطًا۔ عَلَیہِ :غصہ سے بھڑک
اٹھنا ___ الحَمَامُ :کبوتر کا خوش ہو کر اڑنا
___ مِنَ الاَمرِ :ہلکا ہونا ___ فِی
الحَربِ :اپنے آپ کو قتل کے لیے پیش کرنا۔
الشِّیَاطُ۔ روئی۔ اون وغیرہ کے جلنے کی بو۔
التَّشیِیطُ والمُشَیَّطُ۔ گوشت جو قوم کے
لیے بھونا جائے۔
الشَّیطِیُّ۔ غبار جو فضا میں بلند ہو۔
المُستَشِیطُ۔ بہت ہنسنے والا۔ موٹا اونٹ۔
شَیطَن وشَیطَان۔ (دیکھو مادہ شطن)
شَاعَ یَشِیعُ شَیعًا۔ بِالخَبَرِ :خبر کو پھیلانا۔
الاِنَاءَ :برتن کو بھرنا۔
شَاعَ یَشِیعُ شَیعًا وشُیُوعًا ومَشَاعًا
وشَیَعَانًا وشَیعُوعَۃً۔ الخَبَرُ :پھیلنا ___
فِیہِ الشَّیبُ :بڑھاپا ظاہر ہونا۔
شَاعَہٗ شِیَاعًا۔ پیچھے جانا۔ ہمراہ جانا اور اسی سے
ہے "شَاعَکُم السَّلَامُ وشَاعَکُمُ اللّٰہُ
بِالسَّلَامِ" یعنی سلامتی تمہارے ساتھ رہے
اور اللہ تعالیٰ سلامتی کو تمہارے ساتھ کریں۔
اَشَاعَ اِشَاعَۃً۔ الخَبَرَ وبِالخَبَرِ :پھیلانا۔
اور کہا جاتا ہے "اَشَاعَکُم اللّٰہُ السَّلَامَ
وبِالسَّلَامِ" اللہ تعالیٰ سلامتی کو تمہارے ساتھ
کریں۔ اَشَاعَ بِالاِبِلِ : پیچھے رہے ہوئے
اونٹ کو بلانا۔
شَیَّعَہٗ۔ رخصت کرنے یا مکان تک پہنچانے
کیلئے ہمراہ جانا۔ شَیَّعَ شَہرَ رَمَضَانَ :شش
عید کے روزے رکھنا ___ الرَّجُلَ :جرأت
دلانا۔ قوی کرنا ___ النَّارَ :آگ تیز کرنے کے
لیے لکڑیاں ڈالنا ___ الشَّیئَ بِالنَّارِ :جلانا۔
___ الرَّجُلُ۔ شیعہ ہونے کا دعوی کرنا ___
الشَّیئَ :کسی چیز کو بھیجنا اور اس کے پیچھے جانا۔
شَایَعَہٗ۔ کام کے لیے کسی کے ہمراہ جانا۔
شَایَعَ بِہِمُ الدَّلِیلُ :رہنما کا لوگوں کو پکارنا۔
___ بِالاِبِلِ :پکارنا "آواز دینا۔
تَشَیَّعَ۔ شیعہ ہونے کا دعوی کرنا ___
اللَّبَنُ فِی المَاءِ :بکھرنا ___ ہ الغَضَبُ :
دل میں غصہ بھڑکنا ___ فُلَانٌ فِی الشَّیئِ :
کسی چیز کی محبت میں ہلاک ہونا ___ ہ
الشَّیبُ :بڑھاپا نمایاں ہونا۔
تَشَایَعَ تَشَایُعًا۔ القَومُ :مختلف گروہ ہونا۔
تَشَایَعُوا عَلَی الاَمرِ :باہم موافق ہونا۔
تَشَایَعُوا فِی الدَّارِ :شریک ہونا۔ تَشَایَعَتِ
الاِبِلُ :متفرق ہونا۔
اِشتَاعَا اِشتِیَاعًا۔ فِی الدَّارِ :شریک ہونا۔
الشَّیعُ۔ مص۔ مقدار۔ مثل۔ ج اَشیَاع۔ کہا
جاتا ہے "ہٰذَا شَیعُ ذَاکَ" یہ اس کے مثل
ہے اور اسی سے ہے "کَمَا فُعِلَ
بِاَشیَاعِہِم" یعنی جیسا ان کے امثال کے ساتھ
کیا گیا۔ واَقَمتُ عِندَہٗ شَہرًا او شَیعَ
شَہرٍ :میں نے اس کے پاس ایک مہینہ یا ایک
مہینہ کے بقدر اقامت کی۔ و "کَانَ مَعَہٗ مِائَۃُ
رَجُلٍ او شَیعُ ذٰلِکَ" اس کے ساتھ سو آدمی
یا اسی کے بقدر تھے۔ و "نَزَلُوا مَوضِعَ کَذَا او
شَیعَہٗ" وہ لوگ فلاں مقام میں یا اس کے قریب

أترے۔ "آتِیک غدًا وشَیْعَهٗ" میں تمہارے پاس کل یا اس کے بعد آؤں گا۔

الشَاعَة۔ بیوی۔ پھیلی ہوئی خبریں اور یہ شائع کی جمع ہے۔

شِیْعَۃُ۔ الرَجُلُ : پیرو' مددگار۔ ج شِیَع وَاَشْیَاع والشِیْعَۃُ : فرقہ (واحد تثنیہ جمع مذکر مؤنث سب کیلئے مستعمل ہے) اس لفظ کا غلبہ استعمال ان لوگوں کیلئے ہے جو حضرت علی رضی اللہ عنہ کے طرفدار ہیں۔ واحد (شِیْعِیّ)

الشَیِّع۔ حصہ دار۔ شریک۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا شَیِّعٌ لِهٰذَا" یہ اس کا حصہ دار ہے۔ ج شُیَعَاء۔ مؤنث شَیِّعَة۔ کہا جاتا ہے "الدَار شَیِّعَةٌ بَیْنَهُمَا" گھر ان دونوں کے درمیان مشترک ہے۔

الشِیَاع۔ آگ سلگانے کی چیز۔ چرواہے کی بانسری یا اس کی آواز۔

الشَیُوع۔ آگ سلگانے کی چیز۔

الشَائِع۔ فا۔ حَدِیْثٌ شَائِعٌ وشَاعٌ بحذف عین : پھیلی ہوئی بات۔ سَهْمٌ شَائِعٌ وشَاعٌ : مشترک غیر منقسم حصہ۔

المَشَاع والمُشَاع۔ پھیلا ہوا۔ مشترک غیر منقسم اور اسی سے ہے "مَشَاعُ القُرَیٰ" وہ چیزیں جس میں آبادی کے سب لوگ شامل ہوں۔

المُشِیْع۔ بھرا ہوا برتن۔ کینگی سے بھرا ہوا کینہ ور۔

المِشْیَعَة۔ ٹوکری جس میں عورتیں روئی رکھتی ہیں۔

المُشَیَّع۔ مضم۔ بہادر۔ جلد باز۔

المِشْیَاع۔ تنور کی آگ ہلانے کی بیخ۔ رَجُلٌ مِشْیَاع : راز کو پھیلانے والا مرد۔

المُتَشَایِع والمُشْتَاع۔ شریک۔

شَاقَه یَشِیْقه شَیْقًا۔ اِلَیْهِ : کھینچ کر باندھنا۔ کہا جاتا ہے "شَاقَ الطُنُبَ اِلَی الوَتَدِ" اس نے طنابوں کو کھینچ کھینچ کر میخ سے باندھا۔

الشِیْق۔ پہاڑ کی چوٹی اور بقول بعض پہاڑ کی دشوار جگہ۔ جانب پہاڑ کی تنگ درز۔ جانور کی دم کے بال۔ الشِیْق : ایک سمندری مچھلی۔ واحد (شِیْقَة)

الشَیَّال۔ قلی۔ بوجھ اُٹھانے والا۔ و (الشِیَالَة) بوجھ اُٹھانے کا پیشہ۔

شَامَ یَشِیْمُ شَیْمًا۔ بدن میں تل والا ہونا۔ صفت (اَشْیَم) مؤنث شَیْمَاء۔ ج شِیْم وشُوْم۔

السَیْفَ : تلوار کو میان میں کرنا۔ میان سے سونتنا۔ (ضد) ـــــ البَرْقَ : بجلی کے چمکنے اور برسنے کی سمت کو دیکھنا۔ کہا جاتا ہے "شَامَ مَخَایِلَ الشَیْءِ" یعنی اس نے فلاں چیز کی طرف انتظار کرتے ہوئے نگاہ اُٹھائی (ـــــ شَیْمًا وشُیُوْمًا) الرَجُلُ : جم کے حملہ کرنا ـــــ فِی الشَیْءِ : داخل ہونا۔ الشَیْءَ فِی الشَیْءِ : چھپانا ـــــ الشَیْءَ : تخمینہ و اندازہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "شِمْ مَا بَیْنَهُمَا" ان دونوں کے درمیان اندازہ کرو۔

شَیَّمَ وأَشَامَ وانْشَامَ واشْتَامَ۔ فی الشَیْءِ اَوْ الاَمْرِ : داخل ہونا۔ شَیَّمَ یَدَیْهِ فی رَاسِ فُلَانٍ اَوْ ثَوْبِهٖ : لڑائی کرنے کے لیے سر یا کپڑے کو پکڑنا۔

اِنْشَامَ الرَجُلُ : منظور نظر ہونا۔

تَشَیَّمَ۔ اَبَاهُ : خصلت میں باپ کے مشابہ ہونا ـــــ الشَیْءَ فِی الشَیْءِ : داخل ہونا ـــــ الشَیْبُ فُلَانًا : بڑھاپا غالب ہونا۔

الشَامَة۔ تل۔ زمین میں سیاہ نشان۔ چاند کا داغ۔ کالی اونٹنی۔ ج شَام وشَامَات۔ کہا جاتا ہے "صَارُوْا شَامًا فِی البِلَادِ" وہ لوگ شہروں میں متفرق ہوگئے۔ جس طرح تل بدن پر متفرق ہوتے ہیں۔

الشِیْمَة والشِیْمَة۔ عادت۔ طبیعت۔ ج شِیَم۔

الشَیَم۔ ہر وہ زمین جو اب تک کھدی نہ ہو اور اپنی سختی پر باقی ہو۔

الشَیَام۔ نرم زمین۔ مٹی۔

الشِیَام۔ مٹی۔ چوہا۔ ج شِیَم۔

المَشِیْم والمَشُوْم والمَشْیُوْم۔ تل والا۔

المَشِیْمَة۔ بچہ کی جھلی جس میں بچہ پیدائش کے وقت لپٹا ہوا ہوتا ہے۔ ج مَشِیْمٌ ومَشَائِمُ۔

شَانَه یَشِیْنُه شَیْنًا۔ عیب لگانا۔

شَیَّنَ۔ حرف "ش" لکھنا۔

المَشَایِن۔ عیوب۔

شَاهَه یَشِیْهُه شَیْهًا۔ نظر بد لگنا۔

الشَیُوْه۔ نظر بد لگانے والا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ شَیُوْهٌ مِنْ اَشْیَهِ النَاسِ" وہ بہت نظر بد لگانے والا ہے۔

الشِیَة۔ (دیکھو ش ی) الشَای۔ چائے۔

صَئِبَ (س) صَأْبًا۔ مِنَ الشَّرَابِ: شراب سے سیر ہونا۔ بھر جانا۔ صَئِبَ و اَصْأَبَ الرَّاسُ: سر میں جوں ہونا یا زیادہ جوں ہونا۔

الصُّؤَابَۃُ۔ جوں کے انڈے۔ ج صُؤَاب صِئْبَان۔ الصِّئْبَان: چھوٹے چھوٹے موتی کے مانند اولے۔

الصُّؤْبَۃُ۔ غلہ کا ڈھیر۔

المِصْئَاب۔ شراب سے بھرا ہوا۔

صَأْصَأَ۔ الجَرْوُ: پلے کا آنکھ کھولنے کے قریب ہونا ___ الرَّجُلُ: مرد کا بزدل ہونا ___ مِنْ فُلَانٍ: ڈرنا ___ تَصَأْصَأَ مِنْہُ: خوف کرنا۔ تابع ہونا۔

الصِّئْصَأُ۔ ردی کھجوریں۔

صِئْصِئَۃُ۔ الدِّيكِ: مرغ کی ٹانگ کا خار۔

صَئِكَ (س) صَأْكًا۔ بدبودار پسینہ نکلنا ___ الدَّمُ: خون جمنا ___ بِہٖ: چپکنا۔

صَاءَکَہٗ مُصَاءَکَۃً۔ سختی کرنا۔ تنگی کرنا۔

الصَّئِكُ۔ مِنَ الرِّجَالِ: مضبوط آدمی۔

صَؤُلَ (ک) یَصْؤُلُ صَآلَۃً۔ البَعِیْرُ: اونٹ کا آدمیوں پر دوڑنا اور مار ڈالنا۔ صفت صَئِلٌ و صَؤُوْلٌ۔

صَأَلَ یَصْئِلُ صَئِیْلًا۔ الفَرَسُ: گھوڑے کا ہنہنانا۔

صَأَمَ یَصْأَمُ صَأْمًا۔ الجَیْشُ عَلَی القَوْمِ: لشکر کی رہنمائی کرنا۔

صَئِمَ یَصْأَمُ صَأْمًا۔ بہت پانی پینا۔

الصَّائِمُ۔ پیاسا۔

صَأَی یَصْئِیْ وَیَصْأَیُ صَئِیًّا صَئِیًّا صِئِیًّا تَصَاءً ی۔ الفَرْخُ: پرندہ کے بچے کا چوں چوں کرنا۔ بچھو کا آواز کرنا۔ اسی سے ضرب المثل ہے "یَلْدَغُ وَیَصِیْءُ" یعنی ظلم کرتا ہے اور شور مچاتا ہے۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ بِمَا صَأَی وَ صَمَتَ" یعنی مال ناطق اور مال صامت لایا۔

اَصْأَی۔ چوں چوں کرنا۔

صَبَّ (ن) صَبًّا۔ المَاءَ: پانی انڈیلنا ___ فِی الوَادِیْ: وادی میں اترنا ___ الدِّرْعَ: زرہ پہننا۔ صَبَبْتُ الدِّرْعَ عَلٰی فُلَانٍ: میں نے فلاں کو زرہ پہنائی۔ کہا جاتا ہے "صَبَّ عَلَیْہِ البَلَاءَ مِنْ صَبَبٍ": اس نے اس پر اوپر سے مصیبت ڈالی۔ صَبَّ اللّٰہُ عَلَیْہِ صَاعِقَۃً: اللہ اس کے اوپر بجلی ڈالے۔

صَبَّ۔ رِجْلَہٗ فِی القَیْدِ: یعنی بیڑی پہنادی۔

صَبَّ (ض) صَبًّا۔ المَاءُ: پانی گرنا۔

صُبَّ۔ الشَّیْءُ: مٹایا جانا۔ محو کیا جانا۔

صَبَّ (س) صَبَابَۃً۔ اِلَیْہِ: عاشق ہونا۔

اَصَبَّ اِصْبَابًا۔ القَوْمُ: قوم کا نیچے اترنا۔

اِنْصَبَّ۔ المَاءُ: پانی گرنا ___ عَلَیْہِ: اترنا۔ کہا جاتا ہے "اِنْصَبَّتْ قَدَمَاہُ فِی الوَادِیْ" اس کے قدم وادی میں جم گئے۔

اِصْطَبَّ۔ المَاءُ: پانی گرنا۔

اِصْطَبَّ و تَصَابَّ۔ المَاءَ: بچا ہوا پانی پینا۔

اِصْطَبَّ و تَصَابَّ۔ العَیْشَ: بقیہ زندگی گزارنا۔

تَصَبَّبَ۔ المَاءُ و نَحْوُہٗ: پانی بہنا۔

الصَّبُّ۔ عاشق ج۔ صَبُّوْنَ۔ مؤنث صَبَّۃٌ ج صَبَّاتٌ۔ مَاءٌ صَبٌّ: پانی بہا ہوا۔

الصُّبُّ و الصُّبَّۃُ۔ گرایا ہوا (کھانا وغیرہ)

الصُّبَّۃُ۔ آدمیوں کی جماعت۔ گھوڑے، اونٹ، بکریوں کا گلہ۔ تھوڑا مال۔ برتن میں پانی یا دودھ کا بقیہ۔ شوربا۔ رات کا کچھ حصہ۔

الصَّبَبُ۔ نشیب۔ ج اَصْبَابٌ۔

الصُّبَابَۃُ۔ برتن میں بچا ہوا پانی۔ ج صُبَابَاتٌ۔ کہا جاتا ہے "لَمْ اُدْرِکْ مِنَ العَیْشِ اِلَّا صُبَابَۃً" میں نے زندگی سے صرف تھوڑا سا حاصل کیا۔

الصَّبَابَۃُ۔ عشق۔ سوزش عشق۔

الصَّبِیْبُ۔ زرد رنگ۔ اولہ۔ عمدہ شہد۔ پسینہ۔ خون۔ عندم کا نچوڑ۔ ایک قسم کا سرخ رنگ۔ گرائی ہوئی چیز۔ تلوار کی دھار۔ کہا جاتا ہے "وَضَعْتُ صَبِیْبَ السَّیْفِ فِی بَطْنِہٖ" یعنی تلوار کی دھار کو اس کے پیٹ پر رکھا۔

المَصَبُّ۔ گرنے کی جگہ۔ ج مَصَابُّ۔

المِصَبُّ۔ حروف ڈھالنے کا سانچہ۔

المَصْبُوْبُ۔ گرایا ہوا۔ المَصْبُوْبُ عَلَی الشَّیْءِ: کسی چیز پر برانگیختہ کیا ہوا۔

صَبَأَ (ف) صَبُؤَ (ک) صَبْأً و صُبُوْءًا۔ مذہب تبدیل کرنا۔ صابئین کا دین اختیار کرنا۔ صفت صَابِئٌ ___ عَلَیْہِمْ: اچانک پہنچ جانا ___ العَدُوَّ عَلَیْہِمْ: دشمن کی رہنمائی کرنا (___ و اَصْبَأَ اِصْبَاءً) ___ النَّابُ او النَّبَاتُ: دانت نکلنا۔ نباتات اُگنا و اَصْبَأَ القَوْمَ: قوم پر اچانک پہنچ جانا۔

الصَّابِئُوْنَ و الصَّابِئَۃُ۔ ایک قوم جو ستاروں کی پرستش کرتی تھی اور یہ بھی کہا جاتا ہے کہ نوح علیہ السلام کے دین کے پیرو تھے اور کہا گیا ہے کہ ان کے علاوہ ہیں۔

الصَّبَأُوْتُ و الصَّبَاؤُوْتُ۔ جمع صِبْئِیٌّ عبرانی کا لفظ ہے جس کے معنی خوبصورتی اور شرافت کے ہیں اور اسی سے ہے "رَبُّ الصَّبَاؤُوْتِ" یعنی شرافت والا۔

صَبَحَ (ف) صَبَاحًا۔ القَوْمَ: صبح کے وقت

آنا ___ عَنِ الحق: حق ظاہر کرنا۔
صَبِحَ (س) صَبَحًا و صُبْحَةً۔ چمکدار روشن ہونا ___ الشَعْرُ: بال کا چمکدار ہونا ___ الحَدِیْدُ: لوہے کا چمکدار ہونا۔
صَبُحَ (ک) صَبَاحَةً۔ الوَجْهُ: چہرے کا روشن و چمکدار ہونا ___ الغُلَامُ: لڑکے کا خوبصورت ہونا۔ صفت صُبَاحٌ صَبِیْحٌ۔
صَبَّحَهُ۔ صبح کے وقت آنا۔ صبح کی شراب پلانا۔ صَبَّحَ القَوْمُ المَاءَ: قوم کو لے کر چلنا اور صبح کو پانی پر پہنچنا ___ الرَجُلُ: صبح کو سلام کرنا۔ کہا جاتا ہے "صَبَّحَکَ اللّٰهُ بِخَیْرٍ"۔
اَصْبَحَ۔ صبح میں داخل ہونا۔ آدمی رات میں بیدار ہونا ___ المِصْبَاحُ: چراغ جلانا۔ الحَقُّ: حق ظاہر ہونا۔
اَصْبِحْ۔ یَارَجُلُ: اے شخص چوکنا رہو۔ عرب جب کسی سے بدفالی لیا کرتے تھے تو کہا کرتے تھے صَبَاحُ اللّٰهِ لَا صَبَاحُکَ۔
تَصَبَّحَ۔ صبح کے وقت سونا۔ ناشتہ کرنا۔ تَصَبَّحَ بِهِ: صبح کے وقت ملنا۔
تَصَابَحَ۔ بتکلف خوبصورت بننا۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ یَتَصَابَحُ وَیَتَحَاسَنُ" فلاں بتکلف خوبصورت و حسین بنتا ہے۔
اِصْطَبَحَ۔ چراغ روشن کرنا۔ کہا جاتا ہے "الشَمْعُ مِمَّا یُصْطَبَحُ بِهِ" موم ان چیزوں میں سے ہے جن سے روشنی کی جاتی ہے۔ الرَجُلُ: صبح کی شراب پینا۔
اِصْبَاحَّ اِصْبِیْحَاحًا۔ الشَعْرُ: بال کا مائل بسرخی ہونا۔
اِسْتَصْبَحَ۔ الرَجُلُ: چراغ جلانا۔ روشن کرنا۔
الصُبْحُ۔ دن کا ابتدائی حصہ۔ ج اَصْبَاحٌ۔
الصُبْحَةُ۔ مص۔ ناشتہ۔ سیاہ رنگ۔ مائل بسرخی (___ و الصَبْحَةُ) صبح کی نیند۔
الصَبَاحُ و الصَبِیْحَةُ الاُصْبُوْحَةُ۔ دن کا ابتدائی حصہ۔ اور وہ شام کی ضد ہے۔ تم کہتے ہو "آتِیْهِ صَبَاحَ مَسَاءَ" دونوں جزء کو مبنی کرکے اور "آتَیْتُهُ ذَاصَبَاحٍ" یعنی صبح کے وقت اور "عِمْ صَبَاحًا" یعنی تمہاری زندگی صبح کے وقت اچھی ہو۔ "یَوْمُ الصَبَاحِ": لوٹ کا دن۔

الصُبَاحُ۔ قندیل کا شعلہ۔ غُلَامٌ صُبَاحٌ۔ خوبصورت لڑکا۔ مؤنث صُبَاحَةٌ ج صِبَاحٌ۔
الصُبَاحِیَةُ۔ چوڑا نیزہ۔
الصُبَاحِیُّ۔ بہت سرخ خون۔
الاَصْبَحُ۔ شیر۔ بال جس میں خلقتاً سفیدی سرخی مائل ہو۔ سفیدی سرخی مائل بال والا۔ مؤنث صَبْحَاءُ۔ ج صُبْحٌ۔
الصَبُوْحُ۔ جو چیز صبح کے وقت کھائی یا پی جائے۔ دودھ جو صبح کو دوھا جائے۔ کہا جاتا ہے "اَتَیْتُهُ ذَاصَبُوْحٍ" یعنی صبح کے وقت میں اس کے پاس آیا۔
الصَبِیْحُ۔ خوبصورت۔ ج صِبَاحٌ۔ مؤنث صَبِیْحَةٌ۔ ج صِبَاحٌ۔
الصَبْحَانُ۔ خوبصورت۔ مؤنث صَبْحَی۔ ج صَبَاحَی۔ وہ شخص جو صبح کی شراب پیے۔
رَجُلٌ صَبْحَانٌ۔ جلدی صبح کی شراب پینے والا۔
الصَبَاحِیَةُ۔ خوبصورتی۔
التَصْبِیْحُ۔ صبح کرنا۔ صبح کرنے کا وقت۔ صبح کرنے کا مقام۔
المِصْبَحُ۔ بڑا پیالہ۔ چراغ۔
المِصْبَاحُ۔ چراغ۔ چوڑہ نیزہ۔ بڑا پیالہ۔ جس میں صبح کی شراب پی جائے۔ ج مَصَابِیْحُ۔
صَبَرَ (ض) صَبْرًا۔ عَلَى الاَمْرِ: دلیری کرنا۔ بہادری کرنا۔ صفت صَابِرٌ صَبِیْرٌ صَبُوْرٌ ___ عَنِ الشَیْءِ: رک جانا ___ الدَابَّةَ: جانور کو بغیر چارہ کے باندھ رکھنا ___ ہ: مجبور کرنا اور لازم کردینا ___ ہ عَنِ الاَمْرِ: روک دینا۔ بند کردینا (کام سے) اسی سے ہے۔ صَبَرْتُ نَفْسِی عَنْ کَذَا یعنی میں نے اپنے نفس کو فلاں چیز سے روک دیا۔ وَصَبَرْتُ عَلَى مَا اَکْرَهُ وَصَبَرْتُ عَمَّا اُحِبُّ۔ جس چیز کو میں مکروہ سمجھتا ہوں اس سے اپنے آپ کو روک دیا اور جس چیز کو محبوب سمجھتا ہوں اس سے صبر کیا۔ کہا جاتا ہے "قُتِلَ صَبْرًا" وہ قتل کیلئے بند کیا گیا۔ و حُلِفَ صَبْرًا۔ قسم کھانے کے لیے بند کیا گیا۔
صَبَرَ (ن) صَبْرًا و صَبَارَةً بِهِ: ضامن ہونا۔ ___ ہ: ضامن دینا۔ کہا جاتا ہے اَصْبُرْنِیْ یعنی مجھ کو ضامن دو۔

صَبَّرَهُ۔ صبر دلانا۔ صبر کرنے کو کہنا ___ المَیِّتَ: مردہ کے پیٹ میں ایلوا ڈالنا تاکہ بدبودار نہ ہو۔ صَبَّرَ الکَاْسَ: پیالہ کو لبالب بھرنا۔
اَصْبَرَ۔ اللَبَنُ: کھٹے پن کا تلخی تک پہنچ جانا۔ ایلوے کی مانند کڑوا ہونا۔ صبر دلانا ___ الرَجُلُ: ام صبور یعنی مصیبت میں پڑنا۔ شیشی کو کاگ لگانا ___ القَاضِی فُلَانًا: قاضی کا خصم سے بدلہ دلانا۔
صَابَرَهُ صِبَارًا و مُصَابَرَةً۔ صبر کرنے میں غالب رہنا۔
تَصَبَّرَ۔ تکلف سے صبر ظاہر کرنا ___ عَلَیْهِ: صبر کرنا۔
اِصْطَبَرَ و اِصَّبَرَ۔ عَلَیْهِ: صبر کرنا ___ مِنْهُ: بدلہ لینا۔
اِصْبَارَّ اِصْبِیْرَارًا۔ عَلَیْهِ: صبر کرنا۔
اِسْتَصْبَرَ۔ الشَیْءُ: موٹا ہونا۔ سخت ہونا۔ تہ بتہ ہونا۔
الصَبْرُ۔ بہادری۔ مصیبت کی شکایت نہ کرنا۔ شَهْرُ الصَبْرِ: رمضان کا مہینہ۔ یَمِیْنُ الصَبْرِ: وہ قسم جس کو کھانے کے لیے قید کردیا جائے۔
الصِبْرُ و الصُبْرُ۔ کنارہ۔ سفید بادل۔ ج اَصْبَارٌ۔ کہا جاتا ہے "اَخَذَ الشَیْءَ بِاَصْبَارِهِ" یعنی پورا لے لیا۔ و "مَلَاَ الکَاْسَ اِلَى اَصْبَارِهَا" پیالے کو کنارے تک بھردیا۔
الصُبْرُ و الصُبُرُ۔ کنکریلی زمین جو سخت نہ ہو۔
الصَبِرُ۔ برف۔ ج اَصْبَارٌ۔
الصَبِرُ۔ ایلوا۔ ج صُبُوْرٌ۔ واحد صَبِرَةٌ۔ اس لفظ میں ب کو بہت کم ساکن کیا جاتا ہے۔
الصُبْرَةُ۔ غلہ کا ڈھیر۔ سخت پتھروں کا ڈھیر۔ جمع صِبَارٌ۔ کہا جاتا ہے "اَخَذَهُ صُبْرَةً" یعنی بغیر وزن اور پیمانے کے کل لے لیا۔
الصَابِرُ۔ فا۔ اَبُوْصَابِرٍ: نمک۔
الصَابُوْرَةُ۔ بوجھ جو سواری یا کشتی، جہاز وغیرہ میں رکھا جائے تاکہ ادھر ادھر نہ جھکنے پائے۔
الصَبْرَةُ و الصَبَارَّةُ۔ سخت سردی۔ صَبْرَةُ الشِتَاءِ: سردی کا درمیانی زمانہ۔
الصِبَارُ۔ کاگ۔ ایک کھٹے درخت کا پھل۔

الصَّبَارة۔ ضمانت۔ سردی کی شدت۔
(____ والصُّبَارَة) چکنے پتھر۔
الصُّبَار والصُّبَّار۔ املی۔ تاگ پھنی۔ واحد صُبَارَة۔ صُبَّارَة۔
الصَّبَارَة۔ بنجر سخت زمین۔
الصَّبُور۔ ج۔ صُبُر۔ بردبار۔ یہ اللہ تعالیٰ کے اسمائے حسنیٰ میں سے ہے (____ والصَّبَّار) بہت زیادہ صبر کرنے والا۔
الصَّبُورَة۔ مِنَ الرِجَالِ: قتل کے لیے قید کیا ہوا۔
الصَّبِير۔ صبر کرنے والا۔ ضامن۔ قوم کا چودھری۔ ج صُبَرَاء۔
الصَّبِيرُ والصَّبِيرَةُ۔ چوڑی روٹی۔
أُمُّ صَبَّارٍ و أُمُّ صَبُّورَةٍ۔ مصیبت۔
المَصْبُور۔ قتل کے لیے قید کیا ہوا۔ ڈھیر۔ مؤنث مَصْبُورَةٌ۔
صَبْصَبَ۔ متفرق کرنا۔
تَصَبْصَبَ۔ متفرق ہونا۔ تَصَبْصَبَ اللَّيْلُ: رات کا اکثر حصہ گزر جانا ____ الحَرُّ: گرمی زیادہ ہونا ____ عَلَيْنَا فُلَانٌ: بہت جرأت کرنا۔
الصَّبْصَاب والصَّبْصَب والصُّبَاصِب۔ سخت مضبوط۔
صَبَعَ (ف) صَبْعًا۔ بِهِ و عَلَيْهِ: انگلی سے اشارہ کرنا ____ فُلَانًا عَلَيْهِ: اشارہ سے رہنمائی کرنا۔
صَبَعَهُ (ف) صَبْعًا و مَصْبَعَةً۔ متکبر بنانا۔ اسی سے ہے "مَنْ وَلَّاهُ السُّلْطَانُ صَبَعَهُ الشَّيْطَانُ" جس کو سلطان والی بنا دیتا ہے۔ شیطان اس کو متکبر بنا دیتا ہے۔ انگلی پر مارنا۔ صَبَعَ الشَّيْءَ: کسی چیز میں انگلی داخل کرنا ____ بَيْنَ القَوْمِ: کسی دوسرے کو قوم کا پتہ بتا دینا۔ فِي الطَّعَامِ: کھانے میں انگلی ڈالنا۔
الأَصْبَع الإِصْبَع الأُصْبُع الأَصْبِع الإِصْبِع الأُصْبَع الإِصْبَع الأُصْبِع الأُصْبُوع۔ انگلی۔ مؤنث۔ سماعی ہے کبھی مذکر بھی آتا ہے۔ ج أَصَابِع أَصَابِعُ الفَتَيَاتِ: ایک پھول کی قسم۔ فرنجمشک أَصَابِعُ العَذَارَى او أَصَابِعُ

العَرُوسِ: انگور کی ایک قسم جو لمبی ہوتی ہے۔
المَصْبَعَة۔ غرور، تکبر، گھمنڈ۔
المَصْبُوع۔ گھمنڈی۔ متکبر۔
صَبَغَ (ن ض ف) صَبْغًا و صِبْغًا۔ الثَّوْبَ: کپڑے کو رنگنا ____ يَدَهُ فِي المَاءِ: پانی میں ہاتھ ڈبونا ____ يَدَهُ بِالعَمَلِ: کام میں مشغول ہونا۔ فُلَانًا بِالنِّعِيمِ: نعمتوں سے چھپا دینا۔ صَبَغَه بِالمَاءِ فَاصْطَبَغَ۔ پانی سے بپتسمہ دینا۔ کہا جاتا ہے "صَبَغُونِي فِي عَيْنِكَ" یعنی انہوں نے میری برائی تمہارے سامنے بیان کر کے میری کیفیت بدل دی۔
صَبَغَ (ن) صُبُوغًا۔ ضَرْعُ النَّاقَةِ: اونٹنی کے تھن کا ابھر جانا اور خوش رنگ ہونا۔
صَبَّغَ۔ گہرا رنگنا (____ و أَصْبَغَ) کھجور کا پکنے لگنا۔ أَصْبَغَ عَلَيْهِ النِّعْمَةَ: کامل کرنا۔
تَصَبَّغَ۔ فِي دِينِهِ: دین میں کامل و پختہ ہو جانا۔
اِصْطَبَغَ۔ سالن لگانا۔ کہا جاتا ہے "اِصْطَبَغَ بِالخَلِّ أَوْ فِي الخَلِّ" اس نے سرکہ کو سالن بنایا۔ بِكَذَا: رنگین ہونا۔
الصِّبْغ والصِّبَغ۔ ج۔ أَصْبَاغ و الصِّبَاغ۔ ج أَصْبِغَة و الصِّبْغَة۔ رنگ۔
الصِّبْغ۔ سالن۔
الصِّبْغَة۔ نوع۔ ملت۔ دین۔ بپتسمہ کا رنگ۔
الصِّبْغَة۔ ادھ پکی کھجور۔
الصِّبَاغَة۔ رنگریزی کا پیشہ۔
الصَّابِغ۔ رنگنے والا۔ لقب ہے یوحنا کا۔
الصَّبِيغ۔ رنگا ہوا۔ کہا جاتا ہے "ثَوْبٌ صَبِيغٌ ثِيَابٌ صَبِيغٌ"۔
الصَّبَّاغ۔ رنگریز۔ جھوٹا۔
الأَصْبَغ۔ بڑا سیلاب ____ مِنَ الطَّيْرِ والشَّاءِ۔ پرندہ یا بکری جس کی دم سفید ہو ____ مِنَ الخَيْلِ: گھوڑا جس کی پیشانی یا کان کے اطراف سفید ہوں۔ مؤنث صَبْغَاء۔ ج صُبْغٌ۔
المَصْبَغَة۔ رنگنے کی جگہ۔
صَبَنَ (ض) صَبْنًا۔ الشَّيْءَ عَنْهُ: روک دینا۔ دوسری چیز کی طرف پھیر دینا ____ المُقَامِر الكَعْبَتَيْنِ: جواری کا پانسہ کو پھینکنے کے لیے درست کرنا۔

اِنْصَبَنَ و اِصْطَبَنَ۔ عَنْهُ: رک جانا۔ پھر جانا۔
الصَّابُون۔ صابن۔ کلمہ فارسی الاصل ہے۔ عربی میں (غاسول) کہتے ہیں۔ ایک ٹکڑے کو (صابونہ) کہتے ہیں اور اس کے بیچنے والے اور بنانے والے کو صَبَّان و صَابُونِي کہتے ہیں۔
الصَّابُونِيَّة۔ ایک قسم کا پودہ جس سے دھویا جاتا ہے۔
المَصْبَنَة۔ صابون کا کارخانہ۔
صَبَا يَصْبُو صَبْوَةً و صُبُوَّةً و صُبُوًّا۔ إِلَيْهِ ولَهُ: مشتاق ہونا۔
صَبَا يَصْبُو صَبْوًا و صُبُوًّا و صِبَاءً ا و صَبَاءً ا۔ بچپنے کی طرف مائل ہونا۔ بچوں کی سی خصلت اختیار کرنا۔ صفت صَابٍ مؤنث صَابِيَةٌ۔
صَبَتْ صَبَاءً و صُبُوًّا۔ الرِّيحُ: پروائی ہوا کا چلنا۔
صُبِيَ و أَصْبَى۔ القَوْمُ: پروائی ہوا کا لگنا۔
أَصْبَى۔ الرَّجُلُ: بچے والا ہونا۔ أَصْبَى الشَّيْءُ فُلَانًا: شوق میں ڈال دینا۔ کہا جاتا ہے أَصْبَتْهُ المَكَارِمُ: اس کو مکارم نے شوق میں ڈال دیا۔
صَبِيَ يَصْبَى صَبَاءً و اِسْتَصْبَى۔ بچوں جیسا کام کرنا۔ صَبِيَ إِلَيْهِ: مشتاق ہونا۔ اِسْتَصْبَاه: کسی کے ساتھ ایسا معاملہ کرنا جیسا بچوں سے کیا جاتا ہے۔
صَابَى مُصَابَاةً۔ نیزہ مارنا۔ نیزے کو مارنے کے لیے جھکانا ____ السَّيْفَ: تلوار کو میان میں الٹی طرف سے کرنا ____ الكَلَامَ: بے قاعدہ بولنا ____ بَيْتَ الشِّعْرِ: اچھی طرح نہ پڑھنا۔
تَصَبَّى تَصَبِّيًا و تَصَابَى تَصَابِيًا۔ کھیل کود کی طرف مائل ہونا ____ المَرْأَةَ: عورت کو فریب دینا اور مفتون بنانا۔ تَصَبَّاهُ الشَّيْءُ: شوق میں ڈالنا۔
الصَّبَا۔ پروائی ہوا (مؤنث ہے) اس کے مقابل کی ہوا کا نام دَبُور ہے۔ تثنیہ اس کا صَبَوَان اور صَبَيَان اور جمع صَبَوَات اور أَصْبَاء۔
الصِّبَا۔ شوق۔

الصِبَاء والصَبَاء۔ بچپنا۔ کہا جاتا ہے رَأَيْتُهٗ فِي صِبَاه او فِيْ صَبَائِهٖ۔ یعنی اس کو بچپنے میں دیکھا تھا۔

الصَبْوَة۔ بچپن۔ جوانی کی نادانی۔

الصَبِيّ۔ بچہ جو جوان سے کم عمر ہو۔ آنکھ کی پتلی۔ ج صَبْيَان وصِبْيَان وصُبْوَان وصِبْوَان واَصْبِيَة وصِبْيَة وصَبْيَة وصُبْيَة وصِبْوَة واَصْب مؤنث صَبِيَّة۔ ج صَبَايَا۔ الصَبِيَّة: لڑکی۔ الصَبِيّ: تلوار کی دھار۔ پاؤں کا پنجہ۔ کہا جاتا ہے "بِهٖ وَجْعٌ فِيْ صَبِيِّ قَدَمِهٖ" اس کے پنجے میں درد ہے۔

الصَبِيَّان۔ ڈاڑھی کے کنارے جو ٹھوڑی کے قریب ہیں۔

الصُبَيَّة الأُصَيْبِيَة۔ صَبِيّ کی جمع صِبْيَة اور اَصْبِيَة کی تصغیر ہے۔

الصَابِيَة۔ پروائی اور شمالی ہوا کے درمیان کی ہوا۔ المُصَابِيَة: مصیبت۔

صَتَّهٗ (ن) صَتًّا۔ زور سے دھکا دینا۔ ہاتھ سے مارنا ــــــ بِكَلَامٍ اَوْ بِدَاهِيَةٍ: تہمت لگانا۔ مصیبت ڈالنا۔

صَاتَّهٗ مُصَاتَّةً وصِتَاتًا۔ جھگڑا کرنا۔

تَصَاتَّ۔ القَوْمُ: آپس میں جھگڑا کرنا۔ آپس میں جنگ کرنا۔

الصَتُّ والصِتُّ والصُتَّة۔ جماعت الصِتُّ والصُتَّة: ضد۔ ہٹ۔

الصَتَت۔ درپے۔ کہا جاتا ہے "هُوَ بِصَتَتِهٖ" وہ اس کے درپے ہے۔

الصَتِيْت۔ جماعت۔ آواز۔ شور۔

المِصْتِيْت۔ اپنے کاموں میں مستعد۔

صَتَعَهٗ (ف) صَتْعًا۔ پچھاڑ دینا ــــــ لَهٗ: کسی کا قصد کرنا۔

تَصَتَّعَ۔ کسی کام میں تردد کرنا۔

الصَتَع۔ مضبوط جوان۔ گور خر۔

صَتَّمَ۔ الشَيْءَ: مکمل کرنا۔

تَصَتَّمَ۔ تیز دوڑنا۔

الصَتْم والصَتَم۔ سخت مضبوط۔ کامل مضبوط۔

الصَتْمَة والصَتِيْمَة۔ سخت پتھر۔

المُصَتَّم۔ گلی یا وادی جو غیر نافذہ ہو۔

صَجَّ (ن) صَجًّا۔ لوہے پر لوہا مارنا جس سے آواز نکلے۔

الصُجُج والصَجِيْج۔ لوہے پر لوہا گرنے کی آواز۔ جھنکار۔

صَحَّ (ض) صُحًّا وصِحَّةً وصَحَاحًا۔ تندرست ہونا۔ ہر عیب سے پاک صاف ہونا ــــــ الخَبَرُ: مطابق واقع ثابت ہونا۔ صفت صَحِيْحٌ وصحاح۔ کہا جاتا ہے "صَحَّ لِيْ عَلٰى فُلَانٍ كَذَا" یعنی میرے لیے فلاں پر اتنا ثابت ہوا۔

صَحَّحَ۔ المَرِيْضَ: تندرست کر دینا۔ چنگا کر دینا ــــــ الكِتَابَ: کتاب کی غلطی درست کر دینا۔

اَصَحَّهٗ اِصْحَاحًا۔ تندرست کرنا یا تندرست پانا۔ مرض کا زائل کر دینا۔ اَصَحَّ الرَجُلُ: آدمی کا تندرست بال بچے یا مویشی والا ہونا۔

تَصَحَّحَ۔ بِكَذَا: فلاں چیز سے علاج کرنا۔

اِسْتَصَحَّ۔ مِنْ مَرَضِهٖ: مرض سے تندرست ہونا ــــــ الكَلَامَ: صحیح پانا۔

الصِحَّة۔ مص۔ تندرستی۔

الصَحَاح۔ مص۔ مِنَ الطَرِيْقِ: راستہ کا دشوار حصہ۔

الصَحِيْح۔ تندرست۔ عیب وغیرہ سے بری۔ بھروسہ کے قابل۔ ج اَصِحَّاء وصِحَاح واَصِحَّةٌ وصَحَالِح۔

المَصَحّ۔ صحت کی جگہ۔

المَصَحَّة والمَصِحَّةُ۔ صحت دینے والی۔ صحت محفوظ رکھنے والی۔ کہا جاتا ہے "الصَوْمُ مَصَحَّةٌ" یعنی روزہ صحت دینے والا ہے یا صحت کا حافظ ہے و "اَرْضٌ مَصِحَّةٌ" ایسی زمین جو وبائی امراض سے پاک ہو یا جس میں بیماریاں وغیرہ زیادہ نہ ہوتی ہوں۔

صَحِبَ (س) صُحْبَةً وصَحَابَةً وصِحَابَةً وصَاحَبَهٗ مُصَاحَبَةً۔ ساتھی ہونا۔ دوستی کرنا۔ ایک ساتھ زندگی بسر کرنا۔

صَحَبَ (ف) صَحْبًا۔ المَذْبُوْحَ: کھال اتارنا۔

اَصْحَبَ۔ الرَجُلُ: ساتھی والا ہونا۔ بیٹے کا بالغ ہو کر اپنے ہی مانند ہونا۔ دشواری کے بعد تابعدار ہونا ــــــ المَاءُ: پانی کا کائی والا ہونا ــــــ فُلَانًا: محفوظ رکھنا ــــــ ہ عَنْ كَذَا: روک دینا ــــــ ہ الشَيْءَ: ساتھ کر دینا۔

تَصَحَّبَ۔ مِنْهُ: شرم کرنا۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ مَا يَتَصَحَّبُ مِنْ شَيْءٍ" یعنی فلاں نہ تو پرہیز کرتا ہے اور نہ شرم کرتا ہے۔

اِصْطَحَبَ۔ فُلَانًا: حفاظت کرنا۔

اِصْطَحَبُوْا: ایک دوسرے کا ساتھی ہونا۔

اِسْتَصْحَبَهٗ۔ ساتھی بنانا۔ ساتھی بننے کے لیے کہنا۔ ساتھی بننا۔ اِسْتَصْحَبَهُ الشَيْءَ: کسی چیز کو ساتھ رکھنے کے لیے کہنا ــــــ الشَيْءَ: کسی چیز کو ساتھ کر دینا۔

الصَاحِب۔ ساتھی۔ ایک ساتھ زندگی بسر کرنے والا۔ مالک۔ وزیر۔ گورنر۔ کہا جاتا ہے "صَاحِبُ حُمَاةٍ" یعنی حاکم حماۃ اور "یا صَاحِ" یا صاحب کی ترخیم ہے۔ ج صَحْب واَصْحَابٌ وصُحْبَةٌ وصِحَاب وصُحْبَان وصِحَابَة وصَحَابَة اور اَصْحَاب کی جمع اَصَاحِيْب۔

الصَاحِبَة۔ صاحب کا مؤنث۔ بیوی۔ ج صَاحِبَات وصَوَاحِب۔

الصَحَابَة۔ وہ حضرات (رضی اللہ عنہم) جو سرور کائنات صلی اللہ علیہ وسلم کے دیدار سے مشرف ہوئے ہوں اور ایمان لائے اور ایمان ہی پر انتقال ہوا ہو۔

الصَحَابِيّ۔ جو صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی طرف منسوب ہو۔ نیز صحابہ کرام رضی اللہ عنہم میں سے فرد واحد۔ (رضی اللہ عنہ)

المُصَاحِبُ۔ ساتھ رہنے والا۔ دشواری سے فرمانبردار ہونے والا۔

المُصْحَبُ۔ پاگل آدمی جو خود بخود باتیں کرے۔ عُوْدٌ مُصْحَبٌ: وہ لکڑی جس سے چھلکا علیحدہ نہ کیا گیا ہو۔ اَدِيْمٌ مُصْحَبٌ: وہ چمڑا جس سے بال دور نہ کیے گئے ہوں۔

المُصْحِب و المِصْحَاب۔ فرمانبردار۔ ذلیل۔ اَدِيْمٌ مُصْحِبٌ: جس چمڑے پر بال یا اون ہو۔ عُوْدٌ مُصْحِبٌ: وہ لکڑی جو چھیلی نہ گئی ہو۔

المَصْحُوْب۔ مفع۔ ادیم مصحوب: وہ

چمڑا جس پر سے بال نہ اُتارے گئے ہوں۔ عُوْدٌ مَضْحُوْبٌ وہ لکڑی جس پر سے چھال دور نہ کی گئی ہو۔ کہا جاتا ہے "اِذْهَبْ مَضْحُوْبًا مُصَاحَبًا" یعنی محفوظ خیریت و عافیت کے ساتھ جاؤ۔

صَحَرَ (ف) صَحْرًا۔ اللَّبَنَ: دودھ کو اُبالنا۔ صَحَرَتْهُ الشَّمْسُ: دھوپ کا دماغ کو تکلیف پہنچانا۔

صَحَرَ (ف) صَحِيْرًا و صُحَارًا۔ الحِمَارُ: گدھے کا زور سے رینکنا۔

صَحِرَ (س) صَحَرًا۔ سرخی مائل مُیلا ہونا۔ صفت اصحر مؤنث صَحْراء ج صُحْرٌ اور رنگ کا نام صُحْرَة۔

اَصْحَرَ۔ جنگل کی طرف جانا ـــــ المَكَانُ: جنگل کی مانند وسیع ہونا ـــــ الاَمْرَ و بالاَمْرِ: ظاہر کرنا۔ کہا جاتا ہے "لاَ تُصْحِرْه اَمْرَكَ" یعنی اس کے سامنے اپنے امر کو ظاہر نہ کرو۔ اور "اَصْحِرْ مَافِي قَلْبِكَ" یعنی اپنے مافی الضمیر کو ظاہر کرو ـــــ الرَّجُلُ: کانا ہونا۔

اِصْحَارًّا اِصْحِيْرَارًا۔ سرخی مائل مُیالے رنگ والا ہونا۔

الصَّحَرُ۔ سرخ سفید رنگ۔

الصَّحْرَاء۔ بیابان جس میں نباتات نہ ہو۔ ج صَحَارَى صَحَارٍ و صَحَارِيّ و صَحْرَاوات۔

الصَّحِيْرَةُ۔ دودھ جو اُبلا جائے اور اس میں گھی اور آٹا ملا دیا جائے۔

المُصَاحِرُ۔ وہ شخص جو اپنے مقابل سے بیابان میں جنگ کرے اور فریب نہ دے۔

المُصْحِرُ۔ شیر۔

صَحْصَحَ۔ الاَمْرُ: روشن ہونا۔ ظاہر ہونا۔

الصَّحْصَح والصَّحْصَاح والصَّحْصَحَان۔ ہموار زمین جو نباتات وغیرہ سے خالی ہو۔ ج صَحَاصِح۔ التُّرَّهَاتُ الصَّحَاصِحُ و تُرَّهَاتُ الصَّحَاصِحِ: لغویات۔ خرافات۔ اضافت کے ساتھ بہتر ہے۔

الصُّحْصُح والصُّحْصُوح۔ مِنَ الرِّجَالِ: مرد باریک بیں۔

المُصَحْصِح۔ خالص محبت والا۔ باطل کوش۔

صَحَّفَ۔ الكَلِمَةَ: پڑھنے میں غلطی کرنا۔

اَصْحَفَ۔ الكِتَابَ: کتاب میں صحیفوں کو جمع کرنا۔

تَصَحَّفَ۔ القَارِئُ: پڑھنے میں غلطی کرنا۔ کہا جاتا ہے "تَصَحَّفَتْ عَلَيْهِ الصَّحِيْفَةُ" یعنی صحیفہ میں کلمہ اس پر متغیر ہو گیا۔

الصَّحْفَة۔ بڑا چوڑا پیالہ جس سے پانچ آدمی آسودہ ہو جائیں۔ ج صِحَاف۔ الصِحَاف: چھوٹے چھوٹے چشمے۔

الصِحَافَة۔ ایڈیٹری۔ عَالَم الصِحَافَةِ: محررین اخبار۔

الصَّحِيْفَةُ۔ لکھا ہوا کاغذ۔ ورق۔ صَحِيْفَةُ الوَجْهِ: چہرے کی کھال۔ کہا جاتا ہے صُنْ صَحِيْفَةَ وَجْهِكَ: اپنے چہرے کی کھال کو بچاؤ۔ ج صَحَائِف و صُحُف۔

الصُّحَيْفَة۔ چھوٹا پیالہ جس سے ایک آدمی آسودہ ہو۔

الصَّحِيْف۔ رُوئے زمین۔

الصَّحَّاف۔ پڑھنے میں غلطی کرنے والا۔ کتب فروش۔

الصَّحَفِيّ۔ بغیر استاد کے کتب بینی سے علم حاصل کرنے والا۔ (ـــــ والمُصَحِّف) پڑھنے میں غلطی کرنے والا۔

المَصْحَف والمِصْحَف والمُصْحَف۔ مجلد کتاب۔ مَصَاحِف۔ جمع۔

المُصَحَّف۔ تغیر کیا ہوا۔

صَحِلَ (س) صَحَلا صَوْتُه: پڑی ہوئی آواز والا اور بھاری آواز والا ہونا۔ صفت صَحِلٌ و اَصْحَل۔

اِصْطَحَمَ۔ الرَّجُلُ: سیدھا کھڑا ہونا۔

اِصْحَامَّ اِصْحِيْمَامًا۔ النَّبَاتُ: پودہ کا بہت سرسبز ہونا۔ سبزی کا زردی سے ملنا۔ صفت اَصْحَم مؤنث صَحْمَاء۔ رنگ۔ صُحْمَة ـــــ الاَرْضُ: زمین کے نباتات کا متغیر ہونا ـــــ الزَّرْعُ: سردی لگ جانا اور خشک ہونا شروع ہونا۔

صَحَنَه (ف) صَحْنًا۔ مارنا۔ کہا جاتا ہے "صَحَنَهُ عِشْرِيْنَ سَوْطًا" اِس نے اُس کو بیس کوڑے مارے۔ صَحَنَهُ بِرِجْلِه: پیر سے مارنا ـــــ الرَّجُلُ: کسی کو پیالہ میں کچھ دینا۔ صَحَنَهُ دِيْنَارًا: دینار دینا ـــــ بَيْنَهُمْ: اصلاح کرنا۔

الصَّحْن۔ چھوٹا پیالہ۔ بڑا پیالہ۔ گھر کا باطنی حصہ اور اسی سے ہے "فَرَسٌ وَاسِعُ الصَّحْنِ" صَحْن الدَّار: انگنائی۔ الصَّحْن مِنَ الاَرْض: ہموار زمین۔ ج صُحُوْن الصَّحْنَان۔ جھانجھ ایک قسم کا باجا۔

صَحْنَا۔ الاُذُنَيْنِ: کان کے اندرونی حصے۔

فَرَسٌ صَحُوْنٌ۔ لات مارنے والا گھوڑا۔

الصَّحْنَى والصَّحْنَاة والصَّحْنَاء والصَّحْنَاءَة۔ چھوٹی نمک ملی ہوئی مچھلی۔

المِصْحَنَة۔ برتن جو بڑے پیالے کی مانند ہو۔

صَحَا يَصْحُوْ صَحْوًا و صُحُوًّا و صَحِي يَصْحَى صَحًّا و اَصْحَى اِصْحَاءً۔ اليَوْمُ: دن کا بغیر بادل کے صاف ہونا۔ صفت صَحْو و صَاحٍ و مُصْحٍ ـــــ السَّكْرَانُ: نشہ اتر جانا ـــــ الرَّجُلُ: بچپنے کی جہالت کو چھوڑ دینا۔ افاقہ میں آنا۔ صفت صَاحٍ۔ ج صَاحُوْن صُحَاة۔ مؤنث صَاحِيَةٌ ج صَاحِيَات و صَوَاحٍ۔

اَصْحاه: ہوش میں لانا۔ اَصْحَى القَوْمَ: آسمان کا قوم پر بے ابر ہونا۔

الصَّحْو۔ کہا جاتا ہے "سَمَاءٌ صَحْوٌ و يَوْمٌ صَحْوٌ" یعنی آسمان اور دن بے ابر و باد ہیں۔ اور یہ وصف بالمصدر ہے۔

المَصْحَاة۔ باعث افاقہ۔ کہا جاتا ہے "فِيْهِ مَسْلاَةٌ مِنْ كَرْبِ الهَمِّ و مَصْحَاةٌ مِنْ سُكْرِ الهَمِّ" یعنی اس میں غم سے تسلی اور نشہ غم سے افاقہ ہے۔

المِصْحَاة۔ برتن۔ طشت۔ پیالہ۔

صَخَّ۔ (ن) صَخًّا۔ الحَدِيْدَ بِالحَدِيْدِ: لوہے کو لوہے پر مارنا ـــــ الصوتُ الاذنَ: آواز کا کان کو بہرا کر دینا (ـــــ صَخَّا صَخِيْخًا) الحَدِيْدَ: لوہے کا آواز کرنا ـــــ لحَدِيْثِه: کان لگانا۔

الصَّخَّة۔ اسم مرة۔ باری (ـــــ والصخ و الصخيخ) پتھر یا لوہے کی آواز۔

الصَّخِيْخ۔ خوف زدہ کوّے کی آواز۔

الصَّاخة۔ سخت آواز جو بہرا کردے۔ مصیبت۔ قیامت۔
صَخِبَ (س) صَخَبًا۔ شور مچانا۔
صَاخَبَهُ مُصَاخَبَةً۔ ایک دوسرے کا شور مچانا۔
تَصَاخَبَ۔ القَوْمُ: باہم شور مچانا اور ریپیٹ کرنا۔
اِصْطَخَبَتِ۔ الطَّيْرُ او الضِّفْدَعُ: پرند یا مینڈک کی آواز کا مخلوط ہونا۔
الصَّخَب۔ مص۔ شور۔
الصَّاخِب والصَّخِب والصَّخَّاب و الصَّخُوْب والصَّخْبَان۔ شور مچانے والا۔ مؤنث صَخِبَةٌ و صُخْبَةٌ و صَخَّابَةٌ و صَخُوْبٌ و صَخْبَى۔
صَخِدَ (س) صَخَدًا و صَخَدَانًا ___ اليَوْمُ: سخت گرم ہونا۔
صَخَدَتْه (ف) صَخْدًا۔ الشَّمْسُ: جلانا۔
الصُّرَدُ: لٹورے کا آواز کرنا۔
صَخَدَ (ف) صُخُوْدًا۔ اِلَيْه: کان لگانا۔
اَصْخَدَ۔ الحَرُّ: گرمی تیز ہونا ___ الرَّجُلُ گرمی میں داخل ہونا ___ الحِرْبَاءُ: گرگٹ کا دھوپ کھانا۔
الصَّاخِدَة۔ دوپہری۔
الصَّخْدَان و الصَّخَدَان۔ سخت گرمی کا دن۔
صَيْخَدُ۔ الشَّمْسِ: گردۂ آفتاب۔
هَاجِرَةٌ صَيْخُوْدٌ۔ سخت گرم دوپہری۔ ج صَيَاخِيْد۔ صَيَاخِيْدُ الحَرِّ: گرمی کی تیزی۔
المَصْخَدَة۔ دوپہر۔ ج مَصَاخِد۔
المُصْطَخِد۔ دھوپ میں کھڑا ہونے والا۔
صَخَرَهُ۔ فرمانبردار کرنا۔
اَصْخَرَ۔ المَكَانُ: پتھریلا ہونا۔ صفت مُصْخِر۔
الصَّخْرَة الصَّخَرَة۔ ٹھوس بڑا پتھر۔ چٹان۔ ج صَخْرٌ و صَخَرٌ و صُخُوْرٌ و صُخُوْرَةٌ و صَخَرَات۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ صَخْرَةُ الوَادِي" فلاں بہت مستقل ہے۔
الصَّخِر۔ مِنَ الاَمْكِنَة: پتھریلی جگہ۔ کہا جاتا ہے "هُوَ صَخِرِ الوَجْهِ اَوْ اَصْخَرُ الوَجْهِ" یعنی وہ بے حیا ہے۔
الصَّاخِر۔ لوہے پر لوہے کی جھنکار۔
الصَّاخِرَة۔ پینے کے لیے مٹی کا پیالہ۔
صَخَفَ (ف) صَخْفًا۔ الاَرْضَ: زمین کھودنا۔
المِصْخَفَة۔ زمین کھودنے کا آلہ۔ کدال۔ پھاوڑا۔
صَخَمَتْهُ (ن) صَخْمًا۔ الشَّمْسُ: آفتاب کا جھلس دینا۔
اِصْطَخَمَ۔ الرَّجُلُ: سیدھا کھڑا ہونا۔
صَخِيَ يَصْخِي صَخًا۔ الثَّوْبُ: کپڑے کا میلا ہونا۔ صفت صَخٍ۔
الصَّخَاة۔ میل کچیل۔ ایک قسم کی سبزی۔
صَدَّهُ (ن) صَدًّا۔ عَنْ كَذَا: روک دینا۔ منع کرنا۔ کہا جاتا ہے "صَدَّ السَّبِيْلَ" یعنی راستہ کے درے گھاٹی وغیرہ کی روک واقع ہوگئی۔
صَدَّ (ن ض) صَدًّا و صُدُوْدًا۔ عَنْه: اعراض کرنا۔ صفت صَادٌّ۔ جمع صُدَّاد: مؤنث صَادَّةٌ جمع صَوَادُّ و صُدَّاد۔
صَدَّ (ن ض) صَدِيْدًا۔ مِنَ الشَّيْءِ: چیخ پڑنا۔ چلانا۔
صَادَّهُ۔ مدافعت کرنا۔ کہا جاتا ہے "اَخَذَ يُصَادُّهُ و يُصَادُّهُ" یعنی وہ مدافعت کرنے لگا۔
صَدَّدَ۔ تالی بجانا ___ الجُرْحُ: پیپ دینا۔
اَصَدَّهُ۔ عَنْ كَذَا: منع کرنا۔ باز رکھنا۔ الجُرْحُ: پیپ دینا یا بہہ پڑنا۔
تَصَدَّدَ لَهُ: درپے ہونا۔
اِصْطَدَّتْ۔ المَرْأَةُ: عورت کا پردہ کرنا۔
الصَّدُّ۔ مص ___ الصَّدُّ: بلند بادل۔ وادی کا کنارہ۔ ج اَصْدَاد و صُدُوْد۔
الصَّدَد۔ درپے۔ قصد۔ میلان۔ کنارہ۔
الصِّدَاد۔ پردہ۔ ج اَصِدَّة۔
الصَّدُوْد۔ روکنے والا (مفعول بمعنی فاعل) چھوٹی کرتی۔
الصَّدِيْد۔ مص۔ پیپ خون سے ملی ہوئی۔ صَدِيْدُ الفِضَّةِ: پگھلی ہوئی چاندی۔
الصُّدَّاد۔ سانپ۔ چھپکلی۔ پانی پر جانے کا راستہ۔ ج صَدَائِد۔
صَدِئَ (س) صَدَأً و صَدُؤَ (ک) صَدَاءَةً۔ الحَدِيْدُ: زنگ لگ جانا۔ صفت صَدِئٌ مؤنث صَدِئَة ___ الشَّيْءُ: زنگ کے رنگ کے مشابہ ہونا۔ صفت اَصْدَأُ مؤنث صَدْآء ___ الرَّجُلُ: سیدھا کھڑا ہونا اور دیکھنا۔
صَدَأَ (ف) صَدْأً و صَدَّأَ تَصْدِئَةً الشَّيْءَ: زنگ دور کرنا ___ المِرْآةَ: آئینہ کو صاف کرنا۔
اَصْدَأَه۔ مورچہ والا جیسا بنانا۔
تَصَدَّأَ لَهُ: درپے ہونا۔
الصَّدَأُ۔ زنگ۔ مورچہ۔ رَجُلٌ صَدَأٌ: نازک بدن مرد۔
الصَّدِئ۔ جس پر مورچہ لگ گیا ہو۔ کہا جاتا ہے "رَجَعَ فُلَانٌ صَاغِرًا صَدِئًا" فلاں شخص لوٹا اس حال میں کہ اس پر ذلت کا دھبہ لگ چکا تھا۔
الصُّدْأَة۔ مورچہ کا رنگ۔
صَدَحَ (ف) صَدْحًا و صُدَاحًا۔ الرَّجُلُ او الطَّائِرُ: سریلی آواز بلند کرنا۔ صفت صَادِحٌ و صَدَّاحٌ و صَيْدَح و صَيْدَاح و صَدُوْح و صَيْدَحِيّ و مِصْدَح و مِصْدَاح۔
الصَّدَح۔ علم۔ خالی مکان۔ چھوٹا پتھریلا ٹیلہ۔ شَيْءٌ صَدَحٌ: سیاہ چیز۔ ج صِدْحَان۔
الصَّدْحَة والصُّدْحَة والصَّدَحَة۔ مہرہ جس کو بطور تعویذ استعمال کیا جاتا ہے۔
صَدَرَ (ن ض) صَدْرًا و مَصْدَرًا۔ عَنِ المَكَانِ و عَنِ المَاءِ: واپس ہونا ___ اِلَى المَكَانِ: متوجہ ہونا ___ الرَّجُلَ عَنْ كَذَا: واپس کردینا (___ صُدُوْرًا) الاَمْرُ: پیدا ہونا۔ حاصل ہونا۔ واقع ہونا ___ مِنْهُ: ظاہر ہونا ___ عَنْهُ: پیدا ہونا۔ نتیجہ نکلنا۔
صَدَرَهُ صَدْرًا۔ سینہ پر مارنا۔
صُدِرَ۔ سینہ میں درد ہونا۔ صفت مَصْدُوْرٌ۔
صَدَّرَهُ۔ واپس کرنا۔ آگے بڑھانا۔ صدر مجلس میں بٹھانا۔ صَدَّرَ الكِتَابَ بِكَذَا: کتاب پر کسی چیز سے شروع کرنا ___ الفَرَسُ: گھوڑے کا آگے بڑھنا۔
اَصْدَرَه۔ عَنْ كَذَا: واپس کرنا۔ اَصْدَرَ الاَمْرَ: ظاہر کرنا ___ الرَّجُلَ: لے جانا۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ يُوْرِدُ و لَا يُصْدِرُ" یعنی فلاں کام کو شروع کرتا ہے اور ختم نہیں کرتا۔

صَادَرَہ۔ عَلَی الشَّیْءِ وبِہٖ :اصرار کے ساتھ مطالبہ کرنا۔

تَصَدَّرَ۔ صدرِ مجلس میں بیٹھنا۔ کہا جاتا ہے "تَصَدَّرَ المَجْلِسَ" مجلس میں سینہ نکال کر بیٹھنا۔

___ الفَرَسُ :گھوڑے کا آگے کو سینہ نکالنا۔

تَصَادَرُوا۔ عَلٰی مَاشَاءُوْا :

صدروا۔

الصَّدْر۔ ہر چیز کا سامنے سے اوپر کا حصہ۔ سینہ۔ ہر چیز کا ابتدائی حصہ۔ ہر چیز کا ایک ٹکڑا۔ تم کہتے ہو "اَخَذْتُ صَدْرًا مِنْهُ" میں نے اس میں سے ایک حصہ لے لیا۔ صَدْرُ القَوْمِ : رئیس۔ الصَّدْرُ الاَعْظَمُ :وزیر اعظم۔ ج صُدُوْر۔

بَنَاتُ الصَّدْر۔ افکار۔

ذَاتُ الصَّدْر۔ سینہ کی ایک بیماری کا نام۔

صُدُوْرُ الوَادِی :وادی کا اگلا اور اعلیٰ حصہ۔ کہا جاتا ہے "اَخَذَ الشَّیْءَ بِصَدْرِہٖ" یعنی اول حصہ کو لے لیا۔ فُلَانٌ بَعِیْدُ الصَّدْرِ "یعنی غیر مہربان۔

الصَّدَر۔ پانی پر سے واپسی۔ سفر سے واپسی۔ صَادِر کا اسم جمع۔

الصَّادِر۔ فا۔ لوٹنے والا۔ پانی پر سے لوٹنے والے پر عموماً بولا جاتا ہے اور اس کا مقابل وارد ہے۔ یعنی پانی پر آنے والا۔ اور اسی سے ہے "مَالَهٗ صَادِرٌ وَلَا وَارِدٌ" یعنی اس کے پاس کچھ نہیں۔ طَرِیْقٌ صَادِرٌ : پانی پر لے جانے والا راستہ۔ طَرِیْقٌ وَارِدٌ صَادِرٌ :ایسا راستہ جس سے پانی پر لوگ آئیں جائیں۔

الصُّدْرَة۔ مِنَ الاِنْسَانِ :سینہ یا سینے کا اوپر کا حصہ۔ صدری۔ واسکٹ۔

التَّصْدِیْر۔ تنگ اونٹ کے سینے کا۔

الصِّدَار۔ صدری۔ اونٹ کے سینے پر نشان۔

الصَّدَارَة۔ تقدم۔ وزارتِ عظمیٰ کا عہدہ (و الصَّدِیْرَة) سینے کا اوپر کا حصہ۔ ج صَدَائِر۔

الاَصْدَر۔ مضبوط بڑے سینے والا۔

الاَصْدَرَان :کنپٹی کے نیچے کی رگیں۔

المَصْدَر۔ جائے صدور۔ ج مَصَادِر اور اسی سے مصادر افعال ہیں اس لیے کہ مصادر مشتقات کے لئے اصل و جڑ ہیں۔

المُصْدِر۔ فا۔ رَجُلٌ مُصْدِرٌ : کاموں کو پورا کرنے والا۔

المُصَدَّر۔ قوی اور بڑے سینہ والا۔ آگے بڑھنے والا گھوڑا۔ شیر۔ بھیڑیا۔

صَدَعَ (ف) صُدُوْعًا۔ اِلٰی کَذَا :مائل ہونا۔

صَدَعَ (ف) صَدْعًا۔ الشَّیْءَ :اس طرح پھاڑنا کہ جدا نہ ہو ___ القَوْمَ :متفرق کر دینا ___ الاَمْرَ : ظاہر کرنا ___ بِالحَقِّ : حق بات کو کھلم کھلا بیان کرنا ___ فِی الاَمْرِ :کر گزرنا ___ الاَمْرَ بِالحَقِّ : حق کا فیصلہ کرنا ___ فُلَانًا :قصد کرنا۔ صَدَعَهٗ عَنْ کَذَا :روک دینا ___ النَّهْرَ : کاٹ دینا ___ فِی المَکَانِ :گزرنا۔ عبور کرنا۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا الطَّرِیْقُ یَصْدَعُ فِیْ اَرْضِ کَذَا" یہ راستہ فلاں زمین میں گزرتا ہے ___ اللَّیْلَ : رات میں چلنا۔

صُدِعَ و صُدِّعَ۔ درد سر میں مبتلا ہونا۔ صفت مَصْدُوْع۔

صَدَّعَ۔ الشَّیْءَ :پھاڑنا ___ الفَلَاةَ او النَّهْرَ : بیابان یا نہر کو طے کرنا۔

تَصَدَّعَ۔ القَوْمُ : متفرق ہونا۔ تَصَدَّعَتِ الاَرْضُ بِہٖ :وہ زمین میں بھاگ کر غائب ہو گیا۔

تَصَدَّعَ و اِنْصَدَعَ۔ الشَّیْءُ :پھٹنا۔ کہا جاتا ہے "تَصَدَّعَتْ و انْصَدَعَتِ الاَرْضُ بِالنَّبَاتِ" یعنی زمین میں روئیدگی ظاہر ہوئی۔ اِنْصَدَعَ الصَّبَاحُ :صبح کی روشنی پھیلنا۔

الصَّادِع۔ فا۔ قاضی۔ جَبَلٌ صَادِعٌ :دور تک پھیلا ہوا پہاڑ۔ وَادٍ صَادِعٌ :دور تک پھیلی ہوئی وادی۔ سَبِیْلٌ صَادِعٌ :دور تک پھیلا ہوا راستہ۔ صُبْحٌ صَادِعٌ :روشن صبح۔

الصَّدْع۔ شگاف۔ ج صُدُوْع۔

الصَّدْع و الصَّدَع۔ ہلکا پھلکا مرد۔ قوی جوان۔

صَدَعُ الحَدِیْدِ :لوہے کا مورچہ' زنگ۔ کہا جاتا ہے "النَّاسُ عَلَیْهِمْ صَدَعٌ وَاحِدٌ" لوگ ان کے اوپر عداوت میں متفق ہیں۔

الصِّدْع۔ آدمیوں کی جماعت۔ دو برابر میں پھٹی ہوئی چیز کا آدھا حصہ۔

الصَّدْعَة۔ اسم مرۃ۔ پھٹن۔ پراگندگی۔ تفرق۔ ج صَدَعَات۔ کہا جاتا ہے "رَاَیْتُ بَیْنَهُمْ صَدَعَاتٍ" یعنی رائے اور خواہشات میں اختلافات و "اَصْلِحُوْا مَا فِیْکُمْ مِنَ الصَّدَعَاتِ" یعنی جمع ہو جاؤ اور متفرق مت ہو۔

الصِّدْعَة۔ ج صِدَع و الصَّدِیْع۔ ج صُدُع۔ بکریوں کا ریوڑ۔ اونٹوں کا گلہ۔ دو برابر میں پھٹی ہوئی چیز کا آدھا حصہ۔ صدیع بمعنی مصدوع۔ صبح۔ پھٹا ہوا کپڑا۔ وہ کپڑا جو زرہ کے نیچے پہنا جائے۔

الصُّدَاع۔ درد سر۔

التَّصْدَاع۔ تفرق۔

المَصْدَع۔ سخت زمین میں نرم راستہ۔ ج مَصَادِع۔

المِصْدَع۔ نیزہ۔ تیر۔ چھری کا چوڑا پھل۔ خَطِیْبٌ مِصْقَعٌ مِصْدَعٌ۔ بلیغ خطیب۔

صَدَغَهٗ (ف) صَدْغًا۔ عَنِ الاَمْرِ :باز رکھنا۔ روکنا۔ سیدھا کرنا ___ النَّمْلَةَ :چیونٹی کو مارنا۔

صَدَغَهٗ (ف) صَدْغًا۔ مونڈھے سے مونڈھا ملا کر چلنا۔

صَدَغَ (ن) صَدْغًا و صُدُوْغًا۔ اِلَی الشَّیْءِ : مائل ہونا۔

صَدُغَ (ک) صَدَاغَةً۔ کمزور و ناتواں ہونا۔

صُدِغَ۔ کنپٹی کے درد میں مبتلا ہونا۔

صَادَغَهٗ۔ مونڈھے سے مونڈھا ملا کر چلنے میں مقابلہ کرنا۔

الصُّدْغ۔ کنپٹی۔ کنپٹی کے بال۔ ج اَصْدَاغ۔

الصَّدَغ۔ کجی۔ ٹیڑھا پن۔

الصِّدَاغ۔ کنپٹی پر نشان۔

الصَّدِیْغ۔ کمزور۔ تین دن کا بچہ۔

الاَصْدَغَان۔ دونوں کنپٹی کے نیچے کی رگیں۔

المِصْدَغَة۔ تکیہ۔

بَعِیْرٌ مُصَدَّغٌ و مَصْدُوْغٌ۔ کنپٹی پر نشان والا اونٹ۔

صَدَفَ (ن ض) صَدْفًا و صُدُوْفًا۔ پھر جانا۔

صَدَفَ (ض) صَدْفًا۔ عَنْهُ : اعراض کرنا ___ فُلَانًا : پھیر دینا۔ ہٹانا۔

صَدِفَ (س) صَدَفًا۔ گھوڑے کی رانوں کا قریب اور کھروں کا دور رہنا۔

اَصْدَفَهٗ۔ عَنْهُ :پھیر دینا۔ ہٹا دینا۔

صَادَفَهُ۔پانا۔
تَصَادَفَ۔ایک دوسرے کے مقابل ہونا۔
الصَدَف۔سیپی۔
الصَدَفَة۔ایک سیپی۔ ج اَصْدَاف۔ صَدَفَةُ الأُذُن: کان کا اندرونی حصہ۔
الصَدَفُ۔فِي الخَيْلِ: رانوں کی نزدیکی اور کھروں کی دوری۔الصَدَفُ الصَدَفَةُ :جانب۔کنارہ۔
الصَدَف والصُدُف والصُدَف والصَدُف۔پہاڑ کا کنارہ۔الصَدَف : زبان اور جبڑے کا درمیانی حصہ۔
فَرَسٌ اَصْدَف۔وہ گھوڑا جس کی رانیں قریب قریب اور کھر دُور ہوں۔
الأَصْدَاف۔سمندر کی موجیں۔
الصِدْفَة۔ملاقات۔
الصَدُوْف۔گندہ ذہن۔ بہت اعراض کرنے والا۔
المَصْدُوْف۔مغم۔چھپا ہوا۔
صَدَقَ (ن) صَدْقًا و صِدْقًا و مَصْدُوْقَةً و تَصْدَاقًا۔سچ بولنا ــــ فِي وَعْدِهٖ و وَعِيْدِهٖ : پورا کرنا ــــ فِي الجملة :بہادری ظاہر کرنا۔کہا جاتا ہے "صَدَقَ القِتَالَ و صَدَق فُلَانًا القِتَالَ" سخت جنگ کی ــــ ہ النَصِيْحَةَ او المَحَبَّةَ : خالص نصیحت یا مُحبّت کرنا ــــ ہ الحَدِيْثَ :سچی بات بیان کرنا۔سچی خبر دینا۔
صَدَّقَهُ۔سچا جاننا۔سچا سمجھنا۔
صَادَقَهُ صِدَاقًا و مُصَادَقَةً۔دوست بننا۔
صَادَقَهُ المَوَدَّةَ :خالص دوستی کرنا۔
اَصْدَقَ۔الإِبْنَةَ :بیٹی کا مہر مقرر کرنا۔
تَصَدَّقَ۔صدقہ دینا ــــ عَلَى الفَقِيْرِ بِكَذَا فقیر کو کوئی چیز صدقہ میں دینا۔
تَصَادَقَا۔مُحبّت کرنا۔دوستی کرنا۔ تَصَادَقَا الحَدِيْثَ او المَوَدَّةَ او فِيْهِمَا۔ایک دوسرے سے سچی بات کہنا یا خالص دوستی کرنا۔
الصَدْق۔مص۔سیدھا ٹھوس نیزہ ہویا (کوئی اور چیز) کہا جاتا ہے "رُمْحٌ صَدْقٌ و قَنَاةٌ صَدْقَةٌ" سیدھا ٹھوس نیزہ۔ کامل۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ صَدْقُ اللِقَاءِ و النَظَرِ" ملاقات اور شفقت میں

کامل شخص۔ ج صُدْق و صُدُق و صَدْقُوْن۔ مؤنث صَدْقَةٌ ج صَدْقَات۔
الصِدْق۔سچ۔فضیلت۔صلاح۔سختی۔مضبوطی۔ کہا جاتا ہے "هُوَ رَجُلُ صِدْقٍ و صَدِيْقُ صِدْقٍ" مردانگی اور دوستی میں سچا ہے۔یعنی کامل ہے۔
الصَدَقَة۔خیرات۔ج صَدَقَات۔
الصَدُقَةُ والصُدْقَة والصَدْقَة والصُدُقَة۔ مہر۔
الصَدَاق والصِدَاق۔ مہر۔ ج اَصْدِقَة و صُدُق۔
الصَدَاقَة۔سچی دوستی۔
الصَادِق۔سچا۔ تَمْرٌ صَادِقُ الحَلَاوَة۔بہت میٹھی کھجور۔ نِيَّةٌ صَادِقَةٌ : خالص نیت۔ حَمْلَةٌ صَادِقَةٌ :شدید حملہ۔
الصَدُوْق۔ ہمیشہ سچ بولنے والا۔ ج صُدْق و صُدُق۔
الصَدِيْق۔ پیارا دوست۔ ج اَصْدِقَاء و صُدَقَاء و صُدْقَان۔ جج اَصَادِق۔ مؤنث صَدِيْقَةٌ۔
الصِدِّيْق۔بہت سچا۔سچائی میں کامل۔عمل سے اپنی بات کو سچ کر دکھانے والا۔
حضرت ابو بکرؓ کا لقب۔
المِصْدَاق۔کسی کی سچائی کا گواہ۔کہا جاتا ہے "اِنَّهُ ذُوْ مَصْدَقٍ او ذُوْ مِصْدَقٍ" یعنی بہادر ہے جنگجو ہے یا تیز دوڑنے والا ہے۔
المَصْدُوْقَةُ۔سچائی۔
صَدَمَهُ (ض) صَدْمًا۔دفع کرنا۔ہٹانا۔آپڑنا۔کہا جاتا ہے "صَدَمَهُ اَمْرٌ شَدِيْدٌ" اس کے اوپر مصیبت آپڑی "صَدَمَتْهُ حُمَيَّا الكَاسِ" یعنی اس کے اوپر شراب کے پیالہ کی تیزی کا اثر ہوا۔
صَادَمَهُ مُصَادَمَةً۔مارنا۔
اِصْطَدَمَ و تَصَادَمَ۔ الفَارِسَانِ : ایک دوسرے کو مارنا۔ایک دوسرے کی مزاحمت کرنا۔
الصِدَام۔جانوروں کے سر میں ایک بیماری۔
الصَدْمَة۔اسم مرة۔دفعة واحدة کہا جاتا ہے "صَرَعَهُ بِصَدْمَةٍ" ایک ہی مرتبہ میں پچھاڑ دیا۔
"اَعْطَاهُ رِزْقَ شَهْرَيْنِ بِصَدْمَةٍ" دو مہینے کی

روزی ایک ہی مرتبہ دے دی۔
الصَدْمَتَان و الصَدِمَتَانِ۔پیشانی کے دونوں جانب۔
الأَصْدَم۔وہ شخص جس کی پیشانی کے دونوں جانب کے بال گر گئے ہوں۔
رَجُلٌ مِصْدَمٌ۔جنگجو بہادر۔
صَدَا يَصْدُوْا صَدْوًا و صَدًّى۔ بِيَدَيْهِ : دونوں ہاتھوں سے تالی بجانا۔
صَدِيَ يَصْدَى صَدًى۔ سخت پیاسا ہونا۔ صفت صَدٍ و صَادٍ و صَدْيَان۔مؤنث صَدْيَا و صَادِيَة ج صَوَادٍ۔کہا جاتا ہے "اَنَا صَدْيَان اِلٰى حَدِيْثِكَ وَلِي اَحْشَاء صَوَادٍ" یعنی میں تمہاری بات چیت کا بہت مشتاق ہوں۔ صَدِيَ الشَيْئُ :لمبا ہونا۔
صَادَاهُ مُصَادَاةً۔مقابلہ کرنا۔مدارات کرنا۔
صَدَّى تَصْدِيَةً۔ بِيَدَيْهِ :دونوں ہاتھوں سے تالی بجانا۔
اَصْدَى اِصْدَاءً۔مرنا ــــ الجَبَلُ :گونجنا۔آواز بازگشت کرنا۔
تَصَدَّى لَهُ :درپے ہونا ــــ لِلْاَمْرِ :کسی معاملے کے لیے متوجہ ہونا۔
الصَدَى۔سخت پیاس۔آواز بازگشت۔گونج۔دماغ۔انسانی لاش۔تعرض۔ج اَصْدَاء کہا جاتا ہے "هُمُ اليَوْمَ اَعْدَاءٌ وَهُمْ غَدًا اَصْدَاء" یعنی وہ آج کے دن دشمن ہیں اور کل مُردہ ہوں گے "و مَنَعْتُ صَدَاهُ" یعنی اس کے درپے ہونے کو روک دیا و "صَمَّ صَدَاهُ" یعنی ہلاک ہو گیا۔و "اَصَمَّ اللّٰهُ صَدَاهُ" یعنی ہلاک کردے۔
الصَدَى۔الو کی ایک قسم جس کا سر بڑا ہوتا ہے اور جدھر تم پھرو ادھر ہی وہ اپنے سر کو پھراتا ہے اور وہ اُجاڑ تاریک مقامات میں رہا کرتا ہے اور اس کا نام ہامہ بھی ہے۔
زمانہ جاہلیت میں خیال تھا کہ یہ مقتول کے سر سے نکلتا ہے اور جب تک کہ اس مقتول کا بدلہ نہ لیا جائے چیختا رہتا ہے اور کہتا ہے کہ مجھے پلاؤ مجھے پلاؤ۔اور اسی وجہ سے اس کو صدی کہا جاتا ہے۔
صَرَّ (ن) صَرًّا۔الصُرَّةَ : تھیلی کو باندھنا ــــ الدَرَاهِمَ فِي الصُرَّة : تھیلی میں رکھنا ــــ

الفَرَسُ اُذُنَهُ و بِاُذُنِهٖ : گھوڑے کا کان کھڑے کرنا ـــــ النَاقَةَ و بِالنَاقَةِ : تھن کو باندھ دینا تاکہ بچّہ دودھ نہ پی سکے۔

صَرَّ (ض) صَرًّا و صَرِيْرًا۔ الشَيْئُ : چرچرانا ـــــ الرَجُلُ : زور سے چیخنا چلّانا۔ پیاسا ہونا۔ الاُذُنُ : کان بجنا۔

صُرَّ۔ النَبَاتُ : ٹھنڈی ہوا لگ جانا۔

صَرَّتِ النَاقَةُ : آگے بڑھنا۔ صَرَّ اُذُنَہ سننے کے لیے کان کھڑے کرنا۔

صَارَّهُ مُصَارَّةً۔ عَلٰى كَذَا : مجبور کرنا۔

اَصَرَّ۔ عَلَى الاَمْرِ : پختہ ارادہ کرنا۔ ثابت قدم رہنا اور اکثر برائی اور گناہوں میں استعمال کیا جاتا ہے "اَصَرَّ عَلَى الذَنْبِ" جب کہ باز نہ آئے۔ قرآن میں ہے ﴿كَانُوْا يُصِرُّوْنَ عَلَى الحِنْثِ العَظِيْمِ﴾ یعنی بڑے بھاری گناہ پر اصرار کیا کرتے تھے ـــــ السُنْبُلُ : خوشے میں خار نکلنا ـــــ الفَرَسُ اُذُنَه و بِاُذُنِهٖ : گھوڑے کا کان کھڑے کرنا۔

الصِرُّ و الصِرَّة۔ سردی۔ رِيْحٌ صِرٌّ : سخت ٹھنڈی ہوا۔ تیز آواز والی ہوا۔ الصِرَّة۔ چیخ۔

الصَرَّة۔ شور۔ چیخ۔ لڑائی یا گرمی کی تیزی۔ ترش روئی۔ جماعت۔ تعویذ کے مہرے۔

الصُرَّة۔ تھیلی۔ بٹوہ۔ ج صُرَر۔

يَمِيْنٌ صِرّٰى۔ سخت قسم۔ کہا جاتا ہے "هِيَ مِنِّيْ صِرّٰى" یہ میری جانب سے پکی بات ہے۔

الصَرَر۔ خوشہ کا خار۔ واحد صَرَرَة۔

الصَارُّ۔ فا۔ شَجَرٌ صَارٌّ : گنجان درخت۔

الصَارَّة۔ الصَارُّ : کا مؤنث۔ حاجت۔ پیاس۔ ج صَوَارُّ۔

الصَرُوْرُ والصَارُوْرُ والصَرُوْرِيُّ والصَارُوْرِيُّ۔ جو نکاح نہ کرے اور حج نہ کرے (واحد وجمع دونوں کے لئے)

الصَرَارِيُّ۔ ملاح۔ ج صَرَارِيُّوْن۔

الصِرَار۔ دھاگا جس سے تھن کو باندھ دیا جائے تاکہ بچّہ دودھ نہ پی سکے۔ بلند مکان جس پر پانی نہ چڑھ سکے۔ ج اَصِرَّة۔

الصَرَّار۔ صارٌّ کا اسم مبالغہ۔ صَرَّارُ اللَيْلِ جھینگر۔

الصَرَارَة والصَرُوْرَة والصَارُوْرَة و الصَارُوْرَاء۔ وہ شخص جو نکاح نہ کرے اور حج نہ کرے (واحد اور جمع دونوں کے لئے)

الصَرَارَة۔ عقاب کی ایک قسم ہے جو سانپ کو کھا جاتا ہے۔ الصَرِيْرَة تھیلی میں رکھے ہوئے دراہم۔ ج صَرَائِر۔

المَصَارُّ۔ آنتیں۔

المَصْرُوْر۔ مفع۔ بندھا ہوا قیدی۔

صَرَبَ (ض) صَرْبًا۔ کاٹنا۔ کمانا۔ دودھ کو ترش بنانا۔ پیشاب یا دودھ کو روکنا ـــــ الصَبِيُّ : بچّہ کا کئی دن پاخانہ نہ کرنا۔

صَرِبَ (س) صَرَبًا۔ اللَبَنُ : تھن میں دودھ جمع ہونا۔

اَصْرَبَ۔ اِلَيْهِ مَالًا : دینا۔

صَرَّبَ۔ ترش دودھ پینا۔

اِصْطَرَبَ۔ اللَبَنَ فِي الوَطْب : دودھ کو ترش ہونے کے لیے برتن میں تھوڑا تھوڑا جمع کرنا۔

اِصْرَابَّ۔ الشَيْئُ : صاف اور چکنا ہونا۔

الصَرْب و الصَرَب۔ بہت زیادہ ترش دودھ۔ سرخ گوند۔ ببول کا گوند۔ واحد صَرْبَةٌ و صَرَبَةٌ۔

الصِرْب۔ غریب عربوں کے تھوڑے مکانات۔

الصَرِيْب۔ کھٹا دودھ۔ ج صُرُب۔

المَصْرُوْب۔ مفع۔ جمع کیا ہوا کھٹا دودھ۔

المِصْرَب۔ برتن جس میں دودھ جمع کیا جائے۔ ج مَصَارِب۔

صَرَّجَ۔ الحَوْضَ : حوض کو چونا مٹی ملا کر بنانا۔ الحَوْضَ بِالنُوْرَة : حوض پر چونے کی قلعی کرنا۔

الصَارُوْج۔ چونا مٹی ملا ہوا (معرب)

صَرُحَ (ک) صَرَاحَةً و صُرُوْحَةً۔ صاف ہونا۔ خالص ہونا۔ واضح ہونا۔ صفت صَرِيْح جمع صُرَحَاء مؤنث صَرِيْحَةٌ۔

صَرَحَ (ف) صَرْحًا۔ الاَمْرَ : ظاہر کرنا۔ واضح کرنا۔

صَرَّحَ۔ المُتَكَلِّمُ : بغیر کنایہ کے کھلم کھلا کہنا بِمَا فِي نَفْسِه۔ ظاہر کرنا ـــــ الاَمْرَ : واضح کرنا۔ الاَمْرُ : واضح ہونا ـــــ لازم و متعدی ہے۔ النَهَارُ۔ دن کا بے بادل ہونا۔ الخَمْرُ : شراب کا صاف ہونا۔ بے جھاگ کے ہونا۔ مثال ہے "صَرَّحَ الحَقُّ عَنْ مُحْضِهٖ" یعنی حق پوری طرح ظاہر ہو گیا۔ صَرَّحَتِ السِنَةُ : خشک سالی ہوئی۔ صَرَّحَ الرَامِي : تیرانداز کا خطا کرنا۔

اَصْرَحَ۔ الاَمْرَ : ظاہر کرنا۔ واضح کرنا۔

صَارَحَهُ صِرَاحًا و صُرَاحًا و مُصَارَحَةً۔ کھلم کھلا کہنا۔ کہا جاتا ہے "شَتْمَةٌ مُصَارَحَةٌ او صِرَاحًا" رو در رو گالی دی۔ صَارَحَ و صَرَّحَ بِمَا فِي نَفْسِه : دل کی بات ظاہر کر دینا۔

اِنْصَرَحَ۔ الحَقُّ : واضح ہونا۔ منکشف ہونا۔

تَصَرَّحَ۔ الزَبَدُ عَنِ الخَمْرِ : شراب سے جھاگ دور ہونا۔

الصَرْح۔ قصر۔ محل۔ ہر بلند عمارت۔ ج صُرُوْح۔

الصَرْحَة۔ سخت زمین۔ صَرْحَةُ الدَارِ : گھر کا صحن۔ ج صَرَحَات۔

الصَرْح و الصَرَاح و الصِرَاح و الصُرَاح۔ خالص۔

الصَرَاحَة و الصُرُوْحَة۔ خلوص۔ وضاحت۔

الصُرَاحِيَّة۔ مِنَ الخَمْرِ : خالص شراب۔ شراب کا برتن۔ کہا جاتا ہے "كَذِبٌ صُرَاحِيَّةٌ" یعنی سفید جھوٹ۔

الصُرَاحِي۔ واضح۔ ظاہر۔

يَوْمٌ مُصَرَّحٌ و مُصَرِّحٌ۔ بے بادل کا دن۔

صَرَخَ (ن) صُرَاخًا و صَرِيْخًا۔ سخت چیخنا۔ فریاد کرنا ـــــ القَوْمَ : فریاد رسی کرنا۔ مدد کرنا۔

اَصْرَخَهُ۔ فریاد رسی کرنا۔ مدد کرنا۔

تَصَرَّخَ۔ بتکلف چیخنا۔

تَصَارَخَ و اِصْطَرَخَ۔ القَوْمُ : چیخ و پکار مچانا اور مدد طلب کرنا۔ اِصْطَرَخَ بمعنی صَرَخَ۔

الصَارِخ۔ فا۔ مرغ۔

الصَارِخَة۔ الصَارِخ کا مؤنث۔ فریاد رسی۔ داد خواہی۔ داد خواہی کی آواز۔ تم کہتے ہو "سَمِعْتُ صَارِخَةَ القَوْمِ" میں نے قوم کی داد خواہی کی آواز سنی۔

الصَرَّاخ۔ بہت زیادہ چیخنے والا۔ مور۔

الصَرِيْخ۔ مص۔ فریاد رس۔ داد خواہ۔ ج صُرَخَاء۔

صَرِدَ (س) صَرَدًا۔ السَّهْمُ : تیر کا نشانہ پر نہ لگنا۔ نشانہ پر بیٹھنا ___ الرَّجُلُ : سردی برداشت کر لینا۔ سردی محسوس کرنا ___ السِّقَاءُ : جھاگ کا ٹکڑے ٹکڑے ہو کر نکلنا۔ کہا جاتا ہے "صَرِدَ قَلْبِیْ عَنْهُ" یعنی میرا دل اس سے ہٹ گیا۔

صَرَدَ (ن) صَرْدًا و اَصْرَدَ۔ الرَّامِی السَّهْمَ : نشانہ لگانا۔ اَصْرَدَ السَّهْمُ : تیر کا نشانہ پر نہ لگنا۔

صَرَّدَ۔ الشَّیْءَ : ٹکڑے ٹکڑے کرنا ___ الْعَطَاءَ : کم دینا ___ الرَّجُلَ : سیرابی سے کم پلانا۔

الصَّرْد۔ محض خالص۔ کہا جاتا ہے "سَقَاهُ الْخَمْرَ صَرْدًا" خالص شراب پلائی۔ اُحِبُّهُ حُبًّا صَرْدًا خالص محبّت کی۔ پہاڑ میں اونچی جگہ۔ بڑا لشکر۔ سردی۔ یَوْمٌ صَرْدٌ : ٹھنڈا دن۔ کہا جاتا ہے "مَاتَ صَرْدًا" شدتِ سردی سے مر گیا۔ اَرْضٌ صَرْدٌ۔ سرد ملک۔ ج صُرُوْد۔ اس کے خلاف اَرْضٌ جُرُوْمٌ ہے۔ یعنی گرم ممالک۔

الصَّرَد۔ بڑا لشکر۔ بھالے کی کیلیں جس میں نیزہ لگایا جائے۔

الصَّارِد۔ فا۔ سَهْمٌ صَارِدٌ : نشانہ پر لگنے والا تیر۔

الصَّوَارِد۔ ٹھنڈی ہوائیں۔

الصُّرَد۔ لٹورا (ایک پرندہ کا نام) ج صِرْدَان۔

الصُّرَدَان۔ زبان کے اندرونی حصّہ کی دو رگیں۔

الصَّرِد۔ مِنَ الْخَیْلِ : وہ گھوڑا جس کی پیٹھ زخمی ہو ___ مِنَ الرِّجَالِ : سردی کو برداشت کرنے والا۔ سردی کو محسوس کرنے والا۔ ج صَرْدٰی۔ یَوْمٌ صَرِدٌ : سخت ٹھنڈا دن۔

الصَّرَّاد و الصَّرِّیْد۔ بے پانی کا پتلا بادل۔ نَعْجَةٌ صَرِیْدَةٌ۔ سردی زدہ۔ بھیڑ۔ ج صَرَائِد۔

المِصْرَاد۔ بے درخت کی زمین۔ سردی برداشت کرنے والا یا نہ کرنے والا۔ سَهْمٌ مِصْرَادٌ۔ نشانہ پر لگنے والا تیر۔

سَهْمٌ مُصْرِد۔ نشانہ پر لگنے والا تیر۔

المُصْطَرِد۔ سخت غضبناک۔

صَرْصَرَ۔ الصُّرَدُ و الصَّقْرُ : آواز کرنا ___ الرَّجُلُ : چیخنا ___ الشَّیْءَ : چیز کے منتشر اطراف کو جمع کرنا۔

الصَّرْصَر۔ مِنَ الرِّیَاحِ : تیز چلنے والی یا زیادہ ٹھنڈی ہوا۔ مرغ (___ الصُّرْصُرُ) ج صَرَاصِر۔

الصُّرْصُوْر ج صَرَاصِیْر۔ جھینگر۔ مجیرا۔

الصَّرْصُوْر : کشتی۔

الصِّرَاط۔ راستہ۔ ج صُرُط۔

الصُّرَاط۔ لمبی تیز تلوار۔

صَرَعَهُ (ف) صَرْعًا و صِرْعًا و مَصْرَعًا۔ پچھاڑ دینا۔ زمین پر گرا دینا ___ الشِّعْرَ : دو مصرعے بنانا ___ الْبَابَ : دو کواڑ لگانا۔

صُرِعَ۔ مرگی ہونا۔ کہا جاتا ہے "صُرِعَ الشَّجَرُ" یعنی کاٹ دیا گیا اور ڈال دیا گیا۔

صَرَّعَهُ۔ سخت پچھاڑنا ___ الشِّعْرَ : مصرعے لگانا ___ الْبَابَ : کواڑ لگانا۔

صَارَعَهُ صِرَاعًا و مُصَارَعَةً۔ کشتی لڑنا۔

تَصَارَعَ و اصْطَرَعَ۔ الرَّجُلَانِ : باہم کشتی لڑنا۔

اِنْصَرَعَ۔ پچھاڑا جانا۔

تَصَرَّعَ۔ لِصَاحِبِهِ : تواضع کرنا۔ عاجزی ظاہر کرنا۔ کہا جاتا ہے "مَا زِلْتُ اَتَصَرَّعُ لَهُ وَ اِلَیْهِ حَتّٰی اَجَابَنِیْ" میں عاجزی ظاہر کرتا رہا یہاں تک کہ اس نے میری بات مان لی۔

الصَّرْع۔ مص۔ مرگی۔ مثل۔ مقابل۔ قسم کہا جاتا ہے "هُوَ صَرْعُ كَذَا" یعنی وہ فلاں کے مقابل ہے۔ ج اَصْرُع صُرُوْع۔ و الصَّرْعَان : رات دن یا صبح شام۔ کہا جاتا ہے "اَتَیْتُهُ صَرْعَیِ النَّهَارِ" یعنی میں اس کے پاس صبح شام آیا اور "هُوَ ذُوْ صَرْعَیْنِ" وہ دو قسم یعنی رنگ کا ہے "تَرَكْتُهُمْ صَرْعَیْنِ" یعنی میں نے ایسی حالت میں چھوڑا کہ وہ ایک حالت سے دوسری حالت میں منتقل ہوتے رہتے ہیں۔

الصِّرْع۔ مص۔ مثل قسم۔ رسی کی لڑی۔ ج اَصْرُع و صُرُوْع۔ کشتی لڑنے والا۔ کہا جاتا ہے "هُمَا صِرْعَان" یعنی دونوں کشتی لڑنے والے ہیں۔

الصَّرْعَة۔ اسم مرۃ۔ حالت۔ کہا جاتا ہے "هُوَ يَفْعَلُهُ عَلٰی كُلِّ صَرْعَةٍ" مراد یہ ہے کہ ہر حالت میں کرتا ہے۔

الصُّرْعَة۔ جس کو لوگ پچھاڑ دیں۔

الصُّرَعَة و الصَّرَّاع و الصُّرَّاعَة و الصِّرِّیْع و الصَّرُوْع۔ لوگوں کو زیادہ پچھاڑنے والا۔ کہا جاتا ہے "قَوْمٌ صُرَعَةٌ" یعنی ایسی قوم جو ہر کشتی لڑنے والے کو پچھاڑ دے۔ الصُّرَعَة : حلیم و بردبار۔ اس لیے کہ اس کی بردباری غضب و غصّہ کو پچھاڑ دیتی ہے۔ الصُّرْع جمع صُرُوْع کی ہے۔

الصِّرَاعَة۔ کشتی کا فن۔

الصَّرِیْع۔ زمین پر پچھاڑا ہوا۔ مجنون۔ ج صَرْعٰی۔ کہا جاتا ہے "بَاتَ صَرِیْعَ الْكَاْسِ" یعنی مجنون ہو کر رات گزاری۔ درخت کی جھکی ہوئی شاخ۔ ج صُرُع۔

المَصْرَع۔ مص۔ پچھاڑنے کی جگہ۔ ج مَصَارِع۔

المِصْرَاع مِنَ الْبَابِ : دروازے کا ایک پٹ ___ مِنَ الشِّعْرِ : شعر کا ایک مصرعہ ج مَصَارِیْع۔

صَرَفَهُ (ض) صَرْفًا۔ پھیرنا۔ ہٹانا۔ دفع کرنا۔ واپس کرنا۔ کہا جاتا ہے "صَرَفَ اللّٰهُ قُلُوْبَهُمْ" مراد یہ ہے کہ اللہ ان کے قلوب کو گمراہ کر دے۔

صَرَفَ الشَّرَابَ : خالص شراب پینا ___ "الدَّنَانِیْرَ" دراہم سے یا دوسرے دنانیر سے بدل لینا ___ الْمَالَ : خرچ کرنا ___ الْكَلِمَةَ : منصرف بنانا۔ یعنی جر و تنوین لاحق کرنا۔

صَرَفَ (ن) صَرِیْفًا۔ بِنَابِهِ : دانت پیسنا ___ الْبَابُ : بند کرتے ہوئے یا کھولتے ہوئے دروازے سے آواز نکلنا۔

صَرَّفَهُ۔ مبالغہ کے ساتھ صرفہ کے معنی میں ہے۔ صَرَّفَ الشَّیْءَ : بیچنا ___ الدَّرَاهِمَ : تبدیل کرنا ___ الْخَمْرَ : خالص شراب پینا ___ الْكَلَامَ : بات سے بات نکالنا ___ ہ فِی الْاَمْرِ : سپرد کر دینا ___ صَرَّفَ الْمَاءَ : جاری کر دینا۔ اللّٰهُ الرِّیَاحَ۔ ایک جانب سے دوسری جانب پھیر دینا۔

صَارَفَهُ۔ مبادلہ کرنا۔ صَارَفَ نَفْسَهُ عَنِ الشَّیْءِ : پھیر دینا۔ باز رکھنا۔

اَصْرَفَهُ۔ عَنْ كَذَا : رد کر دینا۔ ہٹا دینا۔

اَصْرَفَ الشَّرَابَ : کچھ نہ ملانا۔

تَصَرَّفَ۔ فِی الْاَمْرِ: کسی معاملہ میں تصرف کرنا۔ تَصَرَّفَتْ بِهِ الْاَحْوَالُ: مصائب و آفات کا غالب آجانا۔

اِنْصَرَفَ۔ الرَّجُلُ: باز رہنا۔ اِنْصَرَفَتِ الْكَلِمَةُ: منصرف ہونا۔

اِصْطَرَفَ۔ کمائی کرنے کیلئے پھرنا ___ الدَّرَاهِمَ: بدل لینا۔ تم کہتے ہو "اِصْطَرَفْتُ هٰذِهِ الدَّرَاهِمَ بِدِيْنَارٍ" یعنی میں نے ان دراہم کو دینار سے بدل لیا۔

اِسْتَصْرَفَ۔ اللّٰهُ الْمَكَارِهَ: مکروہات کو پھیر دینے کی دُعا کرنا۔

الصَّرْفُ۔ ایک عِلم کا نام ہے جس میں کلمات عربیہ کے صیغوں کی وضع و ہیئت وغیرہ سے بحث کی جاتی ہے۔ صَرْفُ الدَّهْرِ و صُرُوْفُه: مصائبِ زمانہ۔ فضیلت۔ کہا جاتا ہے "لَهٗ عَلَيَّ صَرْفٌ" اس کو مجھ پر فضیلت ہے۔ صَرْفُ الْحَدِيْثِ او الْكَلَامِ: کلام کی زیادتی اور تحسین و تزئین۔ صَرْفُ الْمَالِ: خرچ کرنا۔

الصِّرْفُ۔ خالص۔ جیسے "شَرَابٌ صِرْفٌ" خالص شراب۔ ایک قسم کا سُرخ رنگ۔

الصَّرْفَانِ الصِّرْفَانِ۔ رات دن۔

الصَّرَفَانُ۔ موت۔ پیتل۔ سیسہ۔

الصِّرَافَةُ۔ صرافی کا پیشہ۔

الصَّرْفَةُ۔ اسم مرۃ۔ گردش۔ مہرہ، منتر یا تعویذ کا۔ ایک منزل منازلِ قمر میں سے۔ اُونٹنی کو صُبح کے وقت دودھ کر اگلی صُبح تک کیلئے چھوڑ دینا۔

الصَّرُوْفُ۔ وہ اُونٹنی جس کے دانتوں سے آواز نکلے۔

الصَّرِيْفُ۔ مص۔ چاندی خالص۔ صَرِيْفُ الْبَابِ: دروازے کی چرچراہٹ۔ صَرِيْفُ الْقَلَمِ: قلم کے چلنے کی آواز (___ والمَصْرُوْفُ) ہر شے خالص۔ سورخت کی خشک شدہ شاخ۔

الصَّرِيْفَةُ۔ الصَّرِيْفُ کا مؤنث۔ درخت خرما کی خشک ٹہنی۔ چپاتی۔ ج صُرُفٌ و صَرَافٌ و صَرِيْفٌ۔

تَصَارِيْفُ۔ الدَّهْرِ: مصائب زمانہ۔

الصَّرَّافُ و الصَّيْرَفُ و الصَّيْرَفِيُّ۔ روپے پیسے کی تجارت کرنے والا۔ ج صَيَارِفَةٌ۔

الصَّرَّافُ و الصَّرْفِيُّ۔ عِلمِ صرف کا جاننے والا۔

الْمُتَصَرِّفُ۔ مُلک کے ایک حصّہ کا حاکم۔

الْمُتَصَرِّفِيَّةُ۔ مُلک کا ایک حصّہ۔ مُلک کے ایک حصّہ کا حاکم۔

الصَّرِيْقَةُ۔ چپاتی۔ ج صَرِيْقٌ و صُرُقٌ و صَرَائِقُ۔

صَرْقَعَ۔ اَصَابِعَهٗ: اُنگلیاں چٹخانا۔

صِرْقَاعَةٌ۔ گوپھن۔ گوپھن کا وہ کنارہ جس سے آواز نکلے۔

صَرُمَ (ک) صَرَامَةً۔ السَّيْفُ: کاٹنا ___ الرَّجُلُ: دلیر و چالاک ہونا۔

صَرَمَ (ض) صَرْمًا و صُرْمًا۔ الْحَبْلُ: ٹوٹنا ___ الشَّيْءَ: کاٹنا۔ فُلَانًا: چھوڑنا۔ گفتگو بند کرنا ___ فُلَانٌ عِنْدَنَا شَهْرًا: اقامت کرنا۔

صَرَّمَهٗ۔ صرم کا مبالغہ ہے۔

صَارَمَهٗ مُصَارَمَةً۔ مقاطعہ کرنا۔ علیحدہ ہونا۔

اَصْرَمَ۔ الرَّجُلُ: محتاج ہونا ___ النَّخْلُ: پھل توڑنے کا وقت قریب ہونا۔

تَصَرَّمَ۔ الرَّجُلُ: بہادری کرنا۔

تَصَرَّمَ و اِنْصَرَمَ۔ کٹ جانا۔ ٹوٹ جانا۔

تَصَرَّمَتِ و اِنْصَرَمَتِ السَّنَةُ: سال ختم ہونا۔

تَصَارَمَ۔ الْقَوْمُ: قطع تعلق کرلینا۔

اِصْطَرَمَ۔ الشَّيْءَ: کاٹنا۔

الصَّرْمُ: مص۔ کھال (معرب چرم) الصَّرَّامُ: چرم فروش۔

الصِّرْمُ۔ جماعت۔ مکانوں کا اجتماع۔ قسم۔ چمڑے کا موزہ نعل لگا ہوا۔ ج اَصْرَامٌ و اَصَارِمُ و اَصَارِيْمُ و صُرْمَانٌ۔

الصُّرْمُ۔ مص۔ بے تعلقی۔

الصِّرْمَةُ۔ قسم۔ اُونٹوں کا گلہ۔ بادل کا ٹکڑا۔ چاندی کا ٹکڑا۔ ج صِرَمٌ۔

الصَّارِمُ۔ فا۔ بہادر۔ شیر۔ کاٹنے والی تلوار۔ ج صَوَارِمُ۔

الصَّرَامَةُ۔ مص۔ رَجُلٌ صَرَامَةٌ: مستقل بالرائے۔ ذہن کا پکا۔

الصَّرُوْمُ۔ کاٹنے والی تلوار۔ اچھی طرح کاٹنے والا۔ الصُّرَّامُ جنگ۔ مصیبت۔ رَجُلٌ صُرَّامٌ: کاٹنے میں قوی مرد۔

الصَّرِيْمُ۔ کٹا ہوا۔ رات یا اس کا ایک حصّہ۔ صُبح۔ لکڑی جو بکری کے بچّے کے مُنہ میں باندھ دی جائے تاکہ دودھ نہ پیئے۔ زمین جس کی کھیتی کٹ چکی ہو۔ غلّہ جو کھیت سے کٹ چکا ہو۔ صَرِيْمَا اللَّيْلِ: رات کا اوّل و آخر حصّہ۔ اَمْرٌ صَرِيْمٌ: لازمی امر۔

الصَّرِيْمَةُ۔ عزیمت۔ رات کا ٹکڑا۔

الصَّيْرَمُ۔ پختہ رائے والا۔ مصیبت۔ دن میں ایک بار کھانا۔

الْاَصْرَمُ۔ جس کے کانوں کے کنارے کٹے ہوئے ہوں۔ مؤنث صَرْمَاءُ ج صُرْمٌ (___ والمُصْرِمُ) بہت بال بچّے والا مفلس۔

الْاَصْرَمَانِ۔ رات دن۔ کوّا و بھیڑیا۔ کہا جاتا ہے "تَرَكْتُهٗ بِوَحْشِ الْاَصْرَمَيْنِ" یعنی ایسے جنگل میں قتل کیا جس میں صرف بھیڑیے اور کوّے ہیں۔

الصَّرْمَاءُ۔ الْاَصْرَمُ کا مؤنث۔ بے پانی کا جنگل۔ ہانڈی۔ کم دودھ والی اُونٹنی۔

الْمَصْرِمُ۔ ایسی جگہ جو تنگ ہو اور جلدی سیلاب آجائے۔

الْمِصْرَمُ۔ دارنتی۔

الصُّرْنَايَةُ۔ بانسری کی قسم کا ایک باجہ۔

صَرَا يَصْرُو اصْرُوًّا۔ اِلَيْهِ: دیکھنا۔

صَرَىٰ يَصْرِيْ صَرْيًا۔ الشَّيْءَ: دفع کرنا۔ ہٹانا۔ دُور کرنا۔ کہا جاتا ہے "صَرَى اللّٰهُ عَنْهُ الشَّرَّ" اللہ اس شر کو دُور کرے۔ صَرَىٰ بَوْلَهٗ: پیشاب روک دینا ___ فُلَانًا: منع کرنا۔ بچانا۔ ہلاکت سے نجات دینا ___ الشَّيْءُ: بلند ہونا۔ نیچے ہونا ___ الْقَوْمَ: آگے بڑھ جانا۔ پیچھے ہٹ جانا ___ بَيْنَهُمْ: فیصلہ کرنا۔

صَرِيَ يَصْرَىٰ صَرًى۔ الْمَاءُ: دیر تک ٹھہرنے سے متغیر ہونا ___ اللَّبَنُ: دودھ کا مزہ بدل جانا ___ فُلَانٌ فِيْ يَدِ فُلَانٍ: کسی آدمی کا کسی کے ہاتھ میں قید ہونا ___ الدَّمْعُ: آنسو کا

بھر آنا اور نہ بہنا۔

صَرِيَت و أَصْرَت۔ النَّاقَة: اونٹنی کے تھن میں دودھ بھر جانا۔

صَرّٰی تَصْرِيَةً۔ الشَّاةَ: دودھ زیادہ معلوم ہونے کے لیے تھن میں روک دینا۔

الصَّرَىٰ۔ باقی ماندہ (___ الصِّرٰى) پانی جو دیر تک ٹھہرا رہے۔ کہا جاتا ہے "لَبَنٌ صَرًى" دودھ جس کا مزہ بدل گیا ہو۔

الصَّارِي۔ فا۔ ملاح۔ ج صُرَّاء و صَرَارِيّ و صَرَارِيُّون۔ بادبان کا ڈنڈا۔ ج صَوَارٍ۔

الصَّارِيَة۔ الصَّارِي کا مؤنث۔ کنواں جس کا پانی دیر تک ٹھہرنے کی وجہ سے متغیر ہو گیا ہو۔

الصَّرَاة و الصُّرّٰى و المُصَرَّاة۔ مِنَ الشَّاةِ او النُّوق: وہ بکری یا اونٹنی جس کے تھن میں دودھ کئی روز چھوڑ دیا گیا ہو تاکہ جمع ہو جائے۔

المِصْطَبَة و المِصْطَبَّة۔ چبوترہ۔

المِصْطَب۔ لوہار کی نہائی۔

المِصْطَح۔ خشک جنگل۔ وہ جگہ جو غلہ کی گہائی کے لیے ہموار کی جائے۔ ج مَصَاطِح۔

صَطَرَ (ن) صَطْرًا۔ لکھنا۔

صَيْطَرَ۔ داروغہ ہونا۔ محافظ ہونا۔

المِصْطَع۔ فصیح و بلیغ۔

الأَصْطُمَّة۔ چیز کا بڑا حصہ۔ جمع ہونے کی جگہ۔ وسط۔

صَعُبَ (ک) صُعُوبَةً۔ عَلَيْهِ الأَمْرُ: دشوار ہونا۔ صفت صَعْبٌ۔ مؤنث صَعْبَةٌ۔ ج صِعَاب۔

أَصْعَبَ۔ الأَمْرُ: مشکل ہونا ___ الشَّيْءَ: مشکل پانا ___ الجَمَلُ: سواری چھوڑ دینے کی وجہ سے سرکش ہو جانا۔

صَاعَبَهُ مُصَاعَبَةً۔ سختی کرنا۔

صَعَّبَهُ۔ دشوار بنانا۔

تَصَعَّبَ۔ دشوار ہونا۔ مشکل ہونا۔ الأَمْرَ۔ دشوار بنانا۔

تَصَاعَبَ۔ باہم سختی کرنا۔

إِسْتَصْعَبَ۔ مشکل ہونا۔ الشَّيْءَ: مشکل پانا۔

الصَّعْب۔ مص۔ دشوار۔ مشکل۔ خوددار۔ شیر۔

الصَّعُوب۔ دشوار۔ ج صُعُب۔

الصُّعْبُوب۔ دشوار۔

المَصَاعِب۔ سختیاں۔ مشقتیں۔

المُصْعَب۔ سانڈ۔ گھوڑا جو سواری چھوڑ دینے سے سرکش ہو۔ ج مَصَاعِب و مَصَاعِيب۔ کہا جاتا ہے "جِمَالٌ مَصَاعِبُ و مَصَاعِيبُ" سرکش اونٹ۔

صَعْتَرَ۔ النَّحْلُ: پہاڑ پودینہ کھانا۔ الرَّجُلُ الشَّيْءَ: مزین کرنا۔

الصَّعْتَر۔ پہاڑی پودینہ۔

الصَّعْتَرِيّ۔ چالاک۔ کریم۔ بہادر۔

صَعِدَ (س) صُعُودًا و صَعَدًا و صُعُدًا فِي السُّلَّمِ: سیڑھی پر چڑھنا ___ بِهِ: چڑھانا (___ صُعُودًا) المَكَانَ: نیچے جھانکتے ہوئے چڑھنا۔

صَعَّدَ۔ فِي و عَلَى الجَبَلِ: پہاڑ پر چڑھنا ___ فِي الوَادِي: وادی میں اترنا۔

صَعَّدَ فِيهِ النَّظَرَ: اوپر سے نیچے غور سے دیکھنا۔

أَصْعَدَ۔ مکہ کو جانا ___ فِي الأَرْضِ: اونچی زمین کی طرف جانا ___ فِي الوَادِي: وادی میں اترنا ___ فِي العَدْوِ: تیز دوڑنا ___ ہ: چڑھانا۔

أَصْعَدَتِ السَّفِينَةُ: بادبان کھینچ دینے سے ہوا کا کشتی کو لے اڑنا۔

تَصَعَّدَ و تَصَاعَدَ۔ چڑھنا۔ تَصَعَّدَهُ و تَصَاعَدَهُ الأَمْرُ: دشوار و مشکل ہونا۔ تَصَعَّدَ النَّفَسُ: مشکل سے سانس نکلنا۔

إِصْطَعَدَ۔ چڑھنا۔

الصَّاعِدُ۔ فا۔ کہا جاتا ہے "بَلَغَ كَذَا فَصَاعِدًا" یعنی اس سے اوپر۔ اور یہ باعتبار حالیت کے منصوب ہوا کرتا ہے۔

الصَّعَّاد۔ بہت چڑھنے والا۔

الصُّعُد۔ بلندی۔ کہا جاتا ہے "هَبَطَ مِنْ صُعُدٍ" بلندی سے اترا و "هٰذَا النَّبَاتُ يَنْمُو صُعُدًا" یہ پودہ بلندی میں بڑھتا ہے۔ ایک درخت ہے جس سے تار کول پگھلایا جاتا ہے۔

الصَّعَد۔ مشقت۔ عَذَابٌ صَعَدٌ: سخت عذاب۔

الصَّعِيد۔ مٹی۔ قبر۔ راستہ۔ زمین کا بلند حصہ۔ کہا جاتا ہے "صَارَتِ الحَدِيقَةُ صَعِيدًا" یعنی باغ ہموار زمین ہو گیا جس میں درخت وغیرہ نہیں۔ ج صُعُد و صُعُدَات و صُعْدَان۔ مصر میں چند شہروں کا نام صَعِيد ہے۔

الصَّعُود۔ چڑھائی۔ خَمِيسُ الصُّعُود: جمعرات کا دن جس میں سیدنا حضرت مسیح علیہ السلام آسمان پر تشریف لے گئے۔

الصَّعُود۔ چڑھائی۔ چڑھتا ہوا راستہ۔ دشوار گزار گھاٹی۔ ج صُعُد و أَصْعِدَة و صَعَائِد کہا جاتا ہے "لَأُرْهِقَنَّكَ صَعُودًا" یعنی میں تم کو مصیبت میں پھنساؤں گا۔

الصُّعَدَاء۔ غم یا تھکن کی وجہ سے لمبی سانس۔

الصَّعْدَاء۔ مشقت۔

الصَّعْدَة۔ اسم مرۃ۔ سیدھا نیزہ۔ ج صِعَاد و صَعَدَات۔

الصَّعُودَاء۔ دشوار گزار گھاٹی۔

المُصَعَّد۔ مِنَ الأَشْرِبَةِ: آگ سے گرم کیا ہوا۔

جَبَلٌ مُصْعِد۔ بلند پہاڑ۔

المِصْعَاد۔ درخت خرما پر چڑھنے کی رسی۔

صَعِرَ (س) صَعَرًا۔ وَجْهُهُ: ٹیڑھا ہونا۔ ایک جانب کو جھکنا۔ صفت أَصْعَر۔ مؤنث صَعْرَاء ج صُعْر ___ رَأْسُهُ: سر کا چھوٹا ہونا۔

صَعَّرَ و صَاعَرَ و أَصْعَرَ۔ تکبر و غرور کی بنا پر رخسارہ ٹیڑھا کرنا اور کبھی خلقۃً ہوتا ہے۔

تَصَعَّرَ و تَصَاعَرَ۔ تکبر کی وجہ سے رخسارہ ٹیڑھا کرنا۔

صَعْرَرَ۔ الشَّيْءَ: گھمانا۔

تَصَعْرَرَ۔ گھومنا۔

إِصْعَنْرَرَ و إِصْعَرَّ۔ پیچ و تاب کھانا۔

إِصْعَرَّتِ الإِبِلُ: تیز دوڑنا۔

الصَّعَّار۔ مغرور و متکبر۔

الصُّعْرُر و الصُّعْرُور۔ درخت کا پانی جو گوند کی طرح جم جائے۔ ج صَعَارِير۔

الصُّعْرُورَة۔ گبریلا کی گولی۔

صَعْصَعَ۔ القَوْمَ: متفرق کر دینا ___ الشَّيْءَ۔ حرکت دینا۔ مِنْ فُلَانٍ خوف کرنا۔ رَأْسَهُ بِالدُّهْنِ۔ سر کو تیل سے چکنا کرنا۔ تَصَعْصَعَ۔ متحرک ہونا۔ متفرق ہونا۔ الرَّجُلُ: بزدل ہونا۔ ذلیل ہونا۔ عاجزی کرنا۔ کہا جاتا ہے "تَصَعْصَعَ

بِهِمُ الدَّهْرُ" یعنی زمانے نے ان کو پراگندہ کردیا۔ "تَصَعْصَعَتْ صُفُوْفُهُمْ" یعنی ان کی صفتیں منتشر ہوگئیں۔

الصَّعْصَع۔ متفرق (___ والصُّعْصُع) ایک پرندہ ہے جس کے بدن پر نقطے ہوتے ہیں۔ ج صَعَاصِع۔ کہا جاتا ہے "ذَهَبُوْا صَعَاصِعَ" وہ لوگ متفرق ہو کر چلے گئے۔

صُعِفَ صَعْفًا۔ کپکپی لاحق ہونا۔ صفت مَصْعُوْف۔

اَصْعَفَ۔ الزَّرْعُ: کھیتی کے خوشوں کا اس لائق ہونا کہ مل دل کر اسے کھایا جاسکے۔

الصَّعْفَة۔ کپکپی۔ سردی یا گھبراہٹ کی وجہ سے۔

الصَّعْفَق والصَّعْفُوْق والصَّعَفْقِي۔ وہ شخص جو بغیر سرمایہ کے بازار میں تجارت کیلئے جائے اور جب کوئی شخص کچھ خریدے تو اس کے ساتھ شریک ہو جائے۔ کمزور جس کے پاس ہتھیار بھی نہ ہو اور شجاعت بھی نہ ہو۔

الصَّعْفُوْق: کمینہ۔ ج صَعَافِيْق وصَعَافِقَة۔

صَعَقَتْ (ف) صَاعِقَةً۔ السَّمَاءُ الْقَوْمَ۔ بجلی گرانا۔ صَعَقَتْهُمُ الصَّاعِقَةُ: بجلی گرنا۔

صَعِقَ (س) صَعْقًا۔ الرَّعْدُ: زور سے بادل گرجنا ___ الرَّكِيَّة: کنوئیں کا گر جانا (___ وصُعِقَ صَعْقًا وصَعَقًا وصَعْقَةً وتَصْعَاقًا) گرج سے غشی طاری ہو جانا۔ صفت صَعِقٌ۔ مرنا۔ صَعِقَ الثَّوْرُ صُعَاقًا: بیل کا سخت ڈکارنا۔

اَصْعَقَتْهُ السَّمَاءُ: بجلی گرانا۔ اَصْعَقَه: قتل کرنا۔

الصَّعْق۔ مص۔ چیخ۔ موت۔

الصُّعَاق۔ بادل کی گرج۔

الصَّاعِقَة۔ مص۔ آگ ہے جو بہت ہی کڑک اور گرج کے ساتھ آسمان سے گرتی ہے۔ موت۔ ہر مہلک عذاب۔ عذاب کی چیخ۔ ج صَوَاعِق۔

الْمَصْعُوْق۔ غشی والا۔ اچانک مرنے والا۔

الصُّعْقُر۔ مچھلی کے انڈے۔

صَعِلَ (س) صَعَلًا واِصْعَالٌ۔ چھوٹا سر اور پتلی گردن والا ہونا۔ صفت اَصْعَل۔ مؤنث صَعْلَاء ج صُعْل۔

الصَّعْل۔ چھوٹے سر والا (آدمی یا شتر مرغ یا کھجور) لمبا۔ گدھا جس کے بال گر گئے ہوں۔

صَعْلَكَهُ صَعْلَكَةً۔ محتاج بنانا۔ دبلا کرنا۔

تَصَعْلَكَ۔ فقیر و محتاج ہونا۔

الصُّعْلُوْك۔ فقیر و محتاج۔ کمزور۔ ج صَعَالِك وصَعَالِيْك۔ صَعَالِيْكُ الْعَرَب: عرب کے چور اور فقراء۔

اَصْعَنَ۔ الرَّجُلُ: چھوٹے سر والا اور کم عقل ہونا۔

اِصْعَنَّ۔ الشَّيْئُ: باریک اور نازک ہونا۔

صَعَا يَصْعُوْ صَعْوًا۔ باریک اور چھوٹا ہونا۔

الصَّعْو۔ چھوٹے چڑے۔ واحد صَعْوَةٌ

صَعَوَات۔ ممولا۔ ج صِعَاء واَصْعَاء نَاقَةٌ صَعْوَةٌ۔ چھوٹے سر والی اونٹنی۔

الصُّغْب۔ جوں کے انڈے۔

صَغِرَ (س) وصَغُرَ (ک) صَغْرًا وصَغَارَةً و صِغَرًا وصُغْرَانًا۔ چھوٹا ہونا۔

صَغُرَ (ک) صِغَرًا وصُغْرًا وصَغَارًا وصَغَارَةً وصُغْرَانًا۔ ذلیل ہونا۔ صَغَرَتِ الشَّمْسُ: غروب کی طرف مائل ہونا۔

صَغَرَ (ن) وصَغِرَ (س) صَغْرًا۔ الْقَوْمَ: قوم میں چھوٹا ہونا۔

صَغَّرَ و اَصْغَرَهُ۔ چھوٹا بنانا۔ ذلیل کرنا۔ کہا جاتا ہے "صَغَّرَهُ فِيْ اَعْيُنِ النَّاسِ" یعنی لوگوں کی نگاہ میں ذلیل کیا۔ "اَصْغَرَتِ الْاَرْضُ" زمین چھوٹے پودے والی ہوئی۔ اَصْغَرَ الْقَوْمُ: چھوٹے چھوٹے بچے پیدا کرنا۔

تَصَاغَرَ۔ الرَّجُلُ: حقیر ہونا۔ کہا جاتا ہے "تَصَاغَرَتْ اِلَيْهِ نَفْسُهُ" یعنی اس کا نفس حقیر و بے قدر ہو گیا۔

اِسْتَصْغَرَهُ۔ چھوٹا پانا۔ چھوٹا سمجھنا ___ فُلَانًا: چھوٹا طلب کرنا۔

الصِّغْرَة۔ اولاد میں سب سے چھوٹا۔ قوم میں سب سے چھوٹا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ صِغْرَةُ اَبَوَيْهِ او صِغْرَةُ اَوْلَادِ اَبَوَيْهِ" وہ اپنے ماں باپ کی اولاد میں سب سے چھوٹا ہے۔ قوم کے چھوٹے چھوٹے۔ کہا جاتا ہے "اَنَا مِنَ الصِّغْرَةِ" یعنی میں چھوٹے چھوٹے لوگوں میں سے ہوں۔

الصَّغَار والصُّغْر۔ ذلت۔ ظلم۔

الصَّغَارَة۔ چھوٹا پن۔ اور بعض لوگ کہتے ہیں کہ صغارت مرتبہ میں چھوٹا ہونا اور صِغر جسامت میں چھوٹا ہونا۔

الصُّغَار والصُّغْرَان۔ چھوٹا۔

الصَّاغِر۔ ذلیل۔ بے قدر۔ جو ذلت اور ظلم پر راضی رہے۔ ج صَغَرَة وصَاغِرُوْن۔

الصَّغِيْر۔ چھوٹا (مرتبہ یا جسامت میں) ج صِغَار وصُغَرَاء۔

الْاَصْغَر۔ اسم تفضیل۔ ج اَصَاغِر اَصَاغِرَةٌ واَصْغَرُوْن۔ مؤنث صُغْرٰی۔ ج صُغَر۔

الْاَصْغَرَان۔ دل و زبان۔ اور اسی سے مثل ہے "الْمَرْءُ بِاَصْغَرَيْهِ" آدمی کی وقعت وہ چھوٹی چیزوں یعنی دل و زبان سے وابستہ ہے۔

صَغَا يَصْغُوْ ويَصْغٰى صَغْوًا وصَغِيَ يَصْغٰى صَغًى وصُغِيًّا۔ اِلَيْهِ: جھکنا ___ النُّجُوْمُ او الشَّمْسُ: ڈوبنے لگنا۔ صفت صَغْوَاء اور جمع صَوَاغٍ۔

اَصْغٰى اِصْغَاءً۔ اِلٰى حَدِيْثِهٖ: کان لگانا ___ اِلَيْهِ: سننے کے لئے جھکنا ___ الْاِنَاءَ: جھکانا ___ الشَّيْئَ: کم کرنا۔ گھٹانا۔ تم کہو گے "اَصْغٰى حَقَّهٗ" جبکہ حق گھٹا دیا۔

الصِّغْو۔ کنوئیں کا کنارہ۔ ڈول کا کنارہ جو دوہرا ہو۔ صِغْوُ الْكَفِّ او الْمِغْرَفَةِ: ہتھیلی یا چمچہ کا گڑھا۔ ج اَصْغَاء۔

صَاغِيَةُ۔ الرَّجُلِ: ماتحت لوگ۔ کہتے ہیں "اَكْرِمُوْا الرَّجُلَ فِيْ صَاغِيَتِهٖ" یعنی اس کے ماتحت لوگوں کے سامنے آدمی کا اکرام کرو۔

صَفَّ (ن) صَفًّا وصَفَّفَ۔ الشَّيْئَ: صف بنانا ___ الْقَوْمَ: میدانِ جنگ میں صف بندی کرنا ___ صَفَّ الْقَوْمُ: صف بستہ کھڑا ہونا ___ الطَّائِرُ بِجَنَاحِهٖ: پر پھیلانا اور حرکت نہ دینا ___ الْاِبِلُ قَوَائِمَهَا: اونٹوں کا اپنی ٹانگوں کو ایک صف میں رکھنا ___ اللَّحْمَ: طول میں کاٹنا ___ السَّرْجَ: گدی بنانا۔

صَافَّ مُصَافَّةً۔ الْقَوْمُ فِي الْقِتَالِ: میدانِ جنگ میں صف بستہ کھڑا ہونا ___ فُلَانٌ فُلَانًا: کسی کے چبوترہ کے مقابل چبوترہ بنانا۔

بتانے والا الصَّافِي کہلاتا ہے۔
اَصَفَّ۔السَّرْجَ: زین کے لئے گدی بنانا۔
تَصَافَّ۔القَوْمُ: صفوں میں اکٹھا ہونا۔
اِصْطَفَّ۔القَوْمُ: صفوں میں کھڑا ہونا۔
الصَّفُّ۔سیدھی قطار۔کلاس۔صف بستہ قوم۔ ج صُفُوْف۔
الصَّفَف: زرہ کے نیچے کا لباس۔
الصُّفَّة: ہتھیلی پر رکھے ہوئے دانے۔ صُفَّةُ السَّرجِ او الرحلِ: زین یا کجاوہ کی گدی۔ صُفَّةُ المَسْجِدِ: مسجد کا سایہ دار چبوترہ۔ الصُّفَّة: گرمی کے لئے مکان جس کی چھت گھاس پھوس سے پٹی ہوئی ہو۔ صُفَّةٌ مِنَ الدَّهْرِ: زمانے کی ایک مدت۔ ج صُفَف و صُفَّات و صِفَاف۔
الصَّافُّ۔ فا۔ الصافَّةُ مِنَ الْاِبِلِ: جو اپنی ٹانگوں کو ایک صف میں کئے ہوئے ہوں۔ ج صَافَّات و صَوَافّ۔ الصَّافَّات: فرشتے۔
نَاقَةٌ صَفُوْفٌ۔ بہت دودھ دینے والی اونٹنی جو کثرتِ دودھ کی وجہ سے برتنوں کی صف لگادے اور یا جو اپنی اگلی ٹانگوں کو دودھ دوہنے کے وقت ایک صف میں کرلے۔
الصَّفِيْف۔ خشک ہونے کے لئے دھوپ میں یا بھوننے کے لئے آگ پر صف لگائی ہوئی چیز۔
المَصَفُّ۔ صف باندھنے کی جگہ۔ میدانِ جنگ۔ مطلقاً کھڑے ہونے کی جگہ۔ ج مَصَافّ۔
تَصَفَّتَ۔الرَّجُلُ: قوی و مضبوط ہونا۔
الصِّفِتُّ و الصِّفِتَّان و الصِّفِتَّان۔ بھاری بھرکم جسم والا۔ قوی سخت اندام۔
صَفَحَ (ف) صَفْحًا۔ عَنْهُ: روگردانی کرنا۔ اعراض کرنا۔ چھوڑ دینا۔ گناہ معاف کرنا۔ صفح السَّائِلَ عَنْ حَاجَتِهٖ: حاجت پوری نہ کرنا۔ تم کہتے ہو "اَتَيْتُهٗ فِي حَاجَةٍ فَصَفَحَنِيْ" میں اس کے پاس ایک حاجت سے آیا اس نے حاجت پوری نہیں کی ____ ہ بِالسَّيْفِ: تلوار کی چوڑائی کی طرف سے مارنا ____ الشَّيْءَ: چوڑا کرنا ____ النَّاسَ: لوگوں میں مقابلہ کرکے ان کی حالت دیکھنا ____ وَرَقَ المُصْحَفِ: ایک ایک ورق کو پیش کرنا ____ فِي الْاَمْرِ: غور کرنا۔

صَفَحَتْ (ف) صُفُوْحًا۔ النَّاقَةُ وغَيْرُهَا۔ دودھ کا ختم ہوجانا۔ صفت صَافِح۔
صَفَّحَ۔الشَّيْءَ: لمبا چوڑا کرنا ____ المَكَانَ: مکان میں چوڑے پتھروں کا فرش لگانا۔ صَفَّحَ بِيَدَيْهِ: تالی بجانا۔
اَصْفَحَ۔السَّائِلَ: محروم واپس کردینا ____ الشَّيْءَ: اُلٹنا پلٹنا۔
صَافَحَهٗ مُصَافَحَةً و صِفَاحًا۔ ہاتھ ملانا۔ مصافحہ کرنا۔
تَصَفَّحَ۔ الشَّيْءَ: تامل کرنا۔ دیر تک دیکھنا ____ القَوْمَ: چہروں کو غور سے دیکھنا تاکہ حالات کا اندازہ ہوسکے۔ حالات کا جائزہ لینا۔
تَصَافَحَ۔ القَوْمُ: باہم دگر مصافحہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "تَصَافَحَتِ الْاَجْفَانُ" یعنی پلک لگ گئی۔
اِسْتَصْفَحَهٗ۔ الذَّنْبَ: گناہ کی معافی چاہنا۔
الصَّفْح۔ جانب ____ مِنَ الوَجْهِ: رخسارہ ____ مِنَ الاِنْسَانِ: پہلو ____ مِنَ السَّيْفِ: چوڑا پہلو۔ ج صِفَاح۔ کہا جاتا ہے "ضَرَبَ عَنْهُ صَفْحًا" یعنی اعراض کیا۔
الصَّفْحَة۔ مِنَ الشَّيْءِ: جانب۔ چہرہ ____ مِنَ الكِتَابِ: ورق کا ایک جانب۔ صَفْحَةُ الرَّجُلِ: سینہ کی چوڑائی۔ ج صَفَحَات۔
الصَّفْحَانِ و الصَّفْحَتَانِ۔ رخسارے۔
الصُّفْح۔ چہرے اور تلوار کی چوڑائی۔
الصِّفَاحُ و الصَّفَح۔ رخسارہ یا پیشانی کی بہت زیادہ چوڑائی۔ کہا جاتا ہے "لَقِيَهٗ صِفَاحًا" وہ اس سے اچانک ملا۔
الصَّفِيْح۔ آسمان۔ ہر چوڑی چیز کا ظاہر۔
الصَّفِيْحَة۔ چوڑی تلوار۔ چوڑا پتھر۔ ہر چوڑی چیز کا ظاہر۔ صَفِيْحَةُ الوَجْهِ: چہرے کی کھال۔ ج صَفِيْح و صَفَائِح۔ الصَّفَائِح: سر کی چارہڈیاں۔ دروازے کے تختے۔
الصُّفَّاح۔ پتلے چوڑے پتھر۔ اُونٹ جن کے کوہان بڑے ہوں۔ ج صُفَّاحَات صَفَافِيح۔
الصَّفَّاح و الصَّفُوْح۔ معاف کرنے والا۔
الصَّفُوْح بمعنی کریم۔
المُصْفَح۔ چوڑا۔ اُلٹا جھکا ہوا ____ مِنَ الوُجُوْهِ: ملائم و خوبصورت ____ مِنَ الاُنُوْفِ۔ ستواں ناک ____ مِنَ الرُّؤُوْسِ: کنپٹیوں کی طرف تنگ اور پیشانی اور گدی کے درمیان طویل ____ مِنَ القُلُوْبِ: جس میں ایمان و نفاق دونوں جمع ہوں ____ مِنَ النَّاسِ: جو کافر سے کافرانہ طریقہ سے ملے اور مومن سے مومنانہ طریقے سے۔
المُصَفَّح۔ چوڑا۔ جس پر چوڑے پتھر لگے ہوئے ہوں۔ اَنْفٌ مُصَفَّحٌ: ستواں ناک۔
المُصْفِحَة والمُصَفَّحَة۔ تلوار۔ ج مُصَفِّحَات و مُصَفَّحَات۔
صَفَدَهٗ (ض) صَفْدًا و صُفُوْدًا و صَفَّدَهٗ۔ قید کرنا۔ ہتھکڑی لگانا۔
اَصْفَدَهٗ۔ قید کرنا ____ مَالًا: دینا۔
الصَّفَد۔ بخشش۔ بندھن۔ ج اَصْفَاد کہا جاتا ہے "الصَّفَدُ صَفَدٌ" یعنی داد و دہش قید ہے۔
الصِّفَاد۔ ہر وہ چیز جس سے قیدی کو باندھا جائے۔ بندش۔
صَفَرَ (ض) صَفِيْرًا۔ ہونٹوں سے سیٹی بجانا۔ صَفَرَ بِالْفَرَسِ عِنْدَ وِرْدِهٖ: گھوڑے کو پانی پلانے کے لئے بلانا۔
صُفِرَ صَفْرًا۔ پیٹ میں صفار جمع ہونا۔ صفت مَصْفُوْر (دیکھئے صُفَار)
صَفِرَ (س) صَفَرًا و صُفُوْرًا و صُفُوْرَة الإِنَاءُ: برتن کا خالی ہونا۔ کہا جاتا ہے "صَفِرَ وِطَابُهٗ او اِنَاؤُهٗ" یعنی ہلاک ہوگیا۔
صَفَّرَ۔ الشَّيْءَ: زرد کرنا ____ الثَّوْبَ: زرد رنگنا ____ البَيْتَ: خالی کرنا ____ لِلدَّابَّةِ: ہونٹوں سے جانور کے لئے سیٹی بجانا ____ بِالدَّابَّةِ: جانور کو پانی پینے کے لئے بلانا۔
اَصْفَرَ۔ محتاج ہونا ____ الإِنَاءُ: خالی ہونا ____ البَيْتَ: خالی کرنا۔
اِصْفَرَّ اِصْفِرَارًا۔ زرد رنگ ہونا۔
الصَّفْر و الصِّفْر و الصُّفْر۔ خالی۔ کہا جاتا ہے "بَيْتٌ صِفْرٌ مِنَ المَتَاعِ" گھر سامان سے خالی ہے "هُوَ صِفْرُ الْيَدِ" وہ خالی ہاتھ ہے۔
الصُّفْر۔ سونا۔ پیتل۔
الصِّفْر۔ زیرو۔ اہل حساب کا وہ نقطہ جو عدد نہ ہونے پر دلالت کرے۔

صَفَر۔ قمری مہینوں میں سے دوسرا مہینہ۔ کبھی غیر منصرف بھی پڑھا جاتا ہے۔ ج اَصْفَار۔

الصَّفَرَان۔ عربی سال کے دو مہینے جس میں سے پہلے کا نام ظہورِ اسلام کے بعد محرم ہو گیا اور دوسرا نام اپنی حالت پر باقی رہا۔

الصَّفَر۔ مص ۔ یرقان۔ بھوک۔ کہا جاتا ہے "عَضَّ عَلٰی شُرْسُوْفِهِ الصَّفَرُ" یعنی بھوکا ہوا۔ عقل کہا جاتا ہے "لَا یَلْتَاطُ هٰذَا بِصُفْرِی" یہ میری عقل میں نہیں آتا۔ میرے دل میں نہیں چپکتا۔

الصِّفْر۔ خالی۔ ج اَصْفَارٌ۔ کہا جاتا ہے "اِنَاءٌ اَصْفَار" خالی برتن۔

الصَّفْرَة۔ ایک مرتبہ بھوکا ہونا۔

الصُّفْرَة۔ زردی۔ سیاہی۔

الصِّفْرِیت۔ کثیرالعیال محتاج۔ ج صَفَارِیت۔

الصَّفَرِیّ والصَّفَرِیَّة۔ فصل خریف کی بارش۔ ایک پودہ جو فصل خریف میں ہوتا ہے۔

الصُّفَار۔ آواز۔ زرد رنگ کا پانی جو پیٹ میں جمع ہو جاتا ہے۔ کینچوا۔ پیٹ کے کیڑے۔ زردی جو رنگ پر غالب ہو (___ والصِّفَار) جانوروں کے دانتوں میں گھاس کا بقیہ۔

الصُّفَارَة۔ مرجھایا ہوا پودہ۔

الصَّفِیْر۔ ہر آواز جو لمبی ہو اور حروف سے خالی ہو۔ حُرُوْفُ الصَّفِیْر: زای معجمہ سین وصاد مہملہ ہیں۔

الصَّفَّار۔ ٹھٹھیرا۔

الصَّفَّارَة۔ سیٹی۔ مقعد۔

الصَّفَّارِیَّة۔ زرد پروں کا پرندہ۔

الصَّافِر۔ سیٹی بجانے والا چور۔ ایک پرندہ ہے جو رات میں آواز کرتا رہتا ہے اس خوف سے کہ کہیں سوتے میں پکڑ نہ لیا جائے۔ مثال ہے "هُوَ اَجْبَنُ مِنْ صَافِرٍ" وہ صافر پرندہ سے زیادہ بزدل ہے۔ ہر ایک پرندہ جو شکار نہ کرے ہر ایک آواز کرنے والا۔ پرندہ۔ کہا جاتا ہے "مَا بِالدَّارِ صَافِرٌ" گھر میں کوئی آواز کرنے والا نہیں یعنی کوئی نہیں۔

الاَصْفَر۔ زرد رنگ والا۔ مؤنث صفراء ج صُفْر۔

الصُّفْر۔ دنانیر۔

الاَصْفَرَان۔ زعفران اور سونا۔

الصَّفْرَاء۔ مؤنث اَصْفَر۔ سونا۔ پتا۔ ٹڈی جو انڈے دے چکی ہو۔ ایک قسم کا پودہ جس کے پتے خس کے مانند ہوتے ہیں۔

المُصْفِر۔ فا۔ محتاج۔

المَصْفُوْر والمُصَفَّر۔ بھوکا۔

الصِّفْرِد۔ ایک پرندہ جس کی بزدلی کی مثال دی جاتی ہے۔

صَفْصَفَ۔ الرَّجُلُ۔ بیابان میں اکیلا چلنا ___ العُصْفُوْرُ: چڑیا کا چہچہانا۔

الصُّفْصُف۔ چڑیا۔

الصَّفْصَفَة۔ بیابان۔

الصَّفْصَاف۔ بید اور بعض لوگ کہتے ہیں کہ بید اس کی ایک قسم ہے۔ واحد صَفْصَافَة۔

صَفَعَهٗ (ف) صَفْعًا۔ تھپڑ مارنا۔

صَافَعَهٗ و تَصَافَعَا۔ ایک دوسرے کو تھپڑ مارنا۔

الصَّفْعَان والمَصْفَعَانِیّ۔ جس پر کثرت سے تھپڑ لگائے جائیں۔

صَفَقَهٗ (ن ض) صَفْقًا۔ تھپکی لگانا۔ تالی بجانا۔ صَفَقَ البَابَ: دروازہ بند کرنا۔ کھولنا۔ (ضد) ___ الرَّجُلَ عَنْ مُرَادِهٖ: کسی کو اس کے ارادہ سے باز رکھنا ___ الطَّائِرُ بِجَنَاحَیْهِ: پرندہ کا بازوؤں کو پھڑپھڑانا ___ عَیْنَه: آنکھ بند کر دینا ___ العُوْدَ: بربط کے تاروں کو حرکت دینا ___ القَدَحَ۔ پیالہ بھرنا ___ الشَّرَابَ: صفائی کیلئے ایک برتن سے دوسرے برتن میں کرنا ___ لَهٗ بِالْبَیْعِ و صَفَقَ عَلٰی یَدِهٖ و صَفَقَ یَدَهٗ بِالْبَیْعَةِ: سودا کرنے کیلئے ہاتھ پر ہاتھ مارنا ___ الرَّجُلُ: جانا ___ ہ بِالسَّیْفِ: تلوار مارنا ___ الرِّیْحُ الاَشْجَارَ: ہوا کا درختوں کو حرکت دینا۔ کہا جاتا ہے "صَفَقَتْ عَلَیْنَا صَافِقَةٌ" یعنی ہمارے پاس ایک جماعت آئی۔

صَفُقَ (ک) صَفَاقَةً۔ الرَّجُلُ: بے حیا ہونا ___ الثَّوْبُ: کپڑے کا گف ہونا۔

اَصْفَقَهٗ۔ باز رکھنا۔ اَصْفَقَ البَابَ والقَدَحَ والشَّرَابَ بمعنی صَفَقَ ___ الحَوْضَ: حوض میں پانی جمع کرنا ___ لِلْقَوْمِ: اتنا کھانا لانا جس سے آسودگی ہو جائے ___ الثَّوْبَ: کپڑے کو گف بننا۔ کہا جاتا ہے "اَصْفَقُوْا عَلٰی قَوْلٍ وَاحِدٍ" یعنی ایک قول پر سب کا اتفاق کرنا ___ القَوْمُ: مضطرب و پریشان ہوئے۔

صَفَّقَ۔ الطَّائِرُ بِجَنَاحَیْهِ: پرندے کا بازو پھڑپھڑانا ___ الرَّجُلُ یَدَیْهِ: تالی بجانا ___ حَوْلَ الشَّیْءِ: طواف کرنا ___ الرَّجُلُ: جانا ___ الشَّرَابَ: صفائی کے لئے ایک برتن سے دوسرے برتن میں کرنا۔

صَافَقَ۔ الرَّجُلَانِ عِنْدَ البَیْعِ: بیع کے وقت ایک دوسرے کے ہاتھ پر ہاتھ مارنا۔ صَافَقَ الرَّجُلُ بَیْنَ جَنْبَیْهِ: ایک پہلو سے دوسرے پہلو پر ہونا ___ بَیْنَ ثَوْبَیْنِ: ایک کپڑے کو دوسرے کے اوپر پہننا۔

تَصَافَقَ۔ القَوْمُ: خرید و فروخت کرنا۔

تَصَفَّقَ۔ الرَّجُلُ: تردد کرنا ___ لِلْاَمْرِ: درپے ہونا۔

اِنْصَفَقَ۔ واپس ہونا۔ پھر جانا ___ القَوْمُ عَلَیْهِ: متوجہ ہونا۔

اِصْطَفَقَ۔ العُوْدُ: بربط کے تاروں کا متحرک ہونا ___ البَحْرُ: موجوں کا متلاطم ہونا ___ القَوْمُ: مضطرب ہونا ___ الاَشْجَارُ: حرکت کرنا ___ النِّسَاءُ عَلَی المَیِّتِ: عورتوں کا میت پر نوحہ و بین کرنا۔

الصَّفْق۔ گوشہ۔ جانب۔ دروازہ کا کواڑ۔ صَفْقَا العُنُقِ: گردن کی دونوں اطراف۔ صَفْقَا الفَرَسِ: گھوڑے کے رخسارے۔ صَفْقُ الجَبَلِ: پہاڑ کی سطح۔ ج صُفُوْق۔

الصِّفْق۔ دروازے کا کواڑ۔ پٹ۔

الصَّفْقَة۔ خرید و فروخت میں ہاتھ پر ہاتھ مارنا۔ عقد بیع۔ کہا جاتا ہے "صَفْقَةٌ رَابِحَةٌ" نفع بخش عقد بیع۔ "صَفْقَةٌ خَاسِرَةٌ" نقصان دہ عقد بیع "رَبِحَتْ صَفْقَتُكَ" تمہارا عقد بیع نفع بخش ہے۔

الصَّفَق۔ گوشہ۔ دماغ کا آخری حصہ۔

الصِّفَاق۔ کھال کے نیچے کی جھلی۔ پیٹ پر کی جھلی۔ وہ کھال جو لکڑی کی بنی ہوئی ڈھال پر مڑھ دیتے ہیں۔ ج صُفُق۔

الصَّافِقَة۔ نازل ہونے والی جماعت۔ مصیبت۔

الصَّفَّاق۔ صافق کا اسم مبالغہ۔ بہت زیادہ تجارت کے لئے سفر کرنے والا اور لین دین کرنے والا۔

الصَّفُوْق۔ بلند پہاڑ جس پر چڑھنا دشوار ہو۔ بلند چکنی چٹان۔ نرم کمان۔ ج صُفُق۔

الصَّفَائِق۔ آنے جانے والے قافلے۔

الصَّفَائِق والصَّوَافِق۔ مصیبتیں۔ حوادث۔

الصَّفِیْق۔ بے حیا۔ بے شرم۔ کہا جاتا ہے "وَجْهٌ صَفِيْقٌ" بے شرم چہرہ "ثَوْبٌ صَفِيْقٌ" گف۔ کپڑا۔

المَصْفَق۔ راستہ۔

المُصَافِق۔ فا۔ ہاتھ پر ہاتھ مارنے والا ___ مِنَ الإِبِلِ: جو ایک مرتبہ ایک پہلو پر سوئے اور دوسری مرتبہ دوسرے پہلو پر۔

صَفَنَ (ض) صُفُوْنًا۔ الفَرَسُ: گھوڑے کا تین ٹانگوں اور چوتھے کے کھر پر کھڑا ہونا ___ الرَّجُلُ: دونوں قدم کو ایک قطار میں کرنا ___ بِهِ الأَرْضَ: زمین پر دے مارنا (___ صَفْنًا) الطَّائِرُ الحَشِيْشَ او الوَرَقَ: پرندہ کا اپنے بچے کے لئے گھاس یا پتوں کو تہ بتہ رکھنا ___ الرَّجُلَ: خصیتین کی تھیلی کو پھاڑ دینا۔

صَافَنَ۔ القَوْمَ: قوم کے مقابل کھڑا ہونا۔ المَاءَ بَيْنَهُم: پانی کو آپس میں تقسیم کرنا اور یہ اس طریقہ سے کہ برتن کی تہ میں کوئی کنکری وغیرہ رکھ دیتے تھے اور پھر اس میں پانی ڈالتے تھے جس سے کنکری تہ آب ہو جائے پھر ایک آدمی پیتا تھا پھر پانی ڈالتے تھے تو دوسرا پیتا تھا اور پھر اسی طرح کرتے رہتے تھے تا کہ ہر ایک کو برابر برابر پانی مل جائے اور یہ طریقہ پانی کی کمی کی وجہ سے سفر میں اختیار کیا کرتے تھے۔

تَصَافَنَ۔ القَوْمُ المَاءَ: مذکورہ بالا طریقہ سے پانی تقسیم کرنا۔

الصَّفَن۔ خصیہ کی تھیلی۔ چمڑے کا دسترخوان' مستی کے وقت اونٹ کے منہ کی جھاگ۔ ج صُفُن و صُفْن و أَصْفَان و صُفْنَان۔

الصُّفْن۔ چمڑے کی چھاگل۔ چرواہے کا توبرہ۔

الصَّفْنَة۔ ایک مرتبہ بمقدار حصص پانی تقسیم کرنا۔ دسترخوان۔ مستی کے وقت اونٹ کے منہ کی جھاگ۔ چرواہے کا توبرہ۔

الصَّفَن۔ ج أَصْفَان و صُفْنَان الصَّفَنَة۔ خصیہ کی تھیلی۔

الصَّافِن۔ پنڈلی کے نچلے حصہ میں ایک رگ۔ مِنَ الخَيْلِ: وہ گھوڑا جو تین ٹانگوں پر کھڑا ہوا اور چوتھے پاؤں کا صرف کھر زمین پر لگائے۔ ج صَافِنَات و صَوَافِن و صُفُوْن۔

صَفَا يَصْفُوْ صَفْوًا و صَفَاءً و صُفُوًّا۔ صاف ہونا ___ الجَوُّ: فضا کا بے ابر و باد ہونا۔ القِدْرَ: دیگ کا خالص حصہ لے لینا۔ صَفَتْ تَصْفُوْ صَفْوًا و صَفُوَتْ صَفَادَةً النَّاقَةُ: بہت دودھ والی ہونا۔

صَفَّى تَصْفِيَةً۔ الشَّيْءَ: صاف ستھرا کرنا۔

أَصْفَى إِصْفَاءً۔ فُلَانًا الوُدَّ و أَصْفَى لَهُ الوُدَّ۔ خالص محبت کرنا ___ الَّذِي يَحْفِرُ: کھودتے ہوئے پتھر تک پہنچ جانا جو آئندہ کھودنے سے روک دے۔ أَصْفَتِ الدَّجَاجَةُ: مرغی کا انڈے دینے سے رک جانا ___ الشَّاعِرُ: شعر کہنے سے رک جانا اور اسی سے ضرب المثل ہے "أَنَا شَاكِرُكَ الَّذِي يَصْفِي و شاعرك الذي لا يصفي" یعنی میں تمہارا ایسا شکر گزار ہوں جو خالص محبت کرتا ہے اور ایسا شاعر ہوں جو شعر کہنے میں رکتا نہیں۔ أَصْفَى مِنَ المَالِ مال سے خالی ہونا ___ ہ بِكَذَا: مخصوص کرنا۔ راضی کر دینا ___ الشَّيْءَ: کل لے لینا۔

صَافَى مُصَافَاةً۔ فُلَانًا: خالص محبت کرنا۔

تَصَافَى۔ القَوْمُ: بعض کا بعض سے خالص محبت کرنا۔

اِسْتَصْفَى۔ المَالَ: کل لے لینا ___ الرَّجُلَ: خالص دوست بنانا۔ کہا جاتا ہے۔ "اِسْتَصْفَاهُ و اصْطَفَاهُ" یعنی چن لینا۔

الصَّفْو۔ مص۔ خالص محبت (___ الصَّفْوَة والصِّفْوَة والصُّفْوَة) مِنْ كُلِّ شَيْءٍ: خالص اور عمدہ۔

الصَّافِي۔ صاف ستھرا۔ يَوْمٌ صَافٍ: بے ابر و باد کا دن۔ كَلَأٌ صَافٍ: بغیر کوڑا کرکٹ کی گھاس۔

الصَّافِيَة۔ زمین جس کے باشندے چلے گئے ہوں یا مر گئے ہوں اور کوئی اس کا وارث نہ ہو۔ ج صَوَافٍ۔

الصِّفْوَة۔ خالص دوست۔ طرز صفائی۔

الصِّفْوَةُ مِنَ المَاءِ و نَحْوِهٖ: تھوڑا سا پانی وغیرہ۔

الصَّفَاء۔ جمع صَفَاة کی بمعنی پتھر اور لقب ہے پطرس کا (کلمہ سریانی ہے)

الصَّفَاة۔ ج صَفَاء صَفَوَات جج أَصْفَاء و صُفِيّ و صِفِيّ۔

الصَّفْوَانَة۔ ج صَفْوَان و صَفَوَان والصَّفْوَاء۔ ٹھوس بڑا پتھر۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ لَا تَنْدَى صَفَاتُه" مراد یہ ہے کہ بخیل ہے و "فُلَانٌ لَا تُقْرَعُ لَهٗ صَفَاةٌ" یعنی کوئی اس کو تکلیف نہیں پہنچا سکتا۔

الصَّفْوَان۔ چکنا پتھر۔ يَوْمٌ صَفْوَان: صاف دن۔

الصَّفِي۔ مخلص دوست۔ ج أَصْفِيَاء۔ مؤنث صَفِيَّةٌ۔ ہر چیز کا خالص حصہ۔

الصَّفِيّ و الصَّفِيَّة۔ مال غنیمت کا وہ حصہ جو سردار اپنے لئے خاص کر لے۔

الصَّفِيَّة۔ زیادہ دودھ والی اونٹنی۔ بہت پھلدار کھجور۔ ج صفایا۔

المِصْفَاة۔ چھنا۔ ج مَصَافٍ۔

المُصْطَفَى۔ برگزیدہ۔ چنا ہوا۔

صَقِبَ (س) صَقَبًا۔ المَكَانُ: قریب ہونا۔ بعید ہونا۔

صَقَبَهٗ (ن) صَقْبًا۔ تھپڑ مارنا ___ الشَّيْءَ: جمع کرنا ___ البِنَاءَ: عمارت کو بلند کرنا۔ الطَّائِرُ: پرندہ کا آواز کرنا۔

صَاقَبَهٗ صِقَابًا و مُصَاقَبَةً۔ قریب کرنا۔ کہا جاتا ہے لَقِيْتُهٗ صِقَابًا یعنی رو در رو ملاقات کی۔

أَصْقَبَهٗ۔ نزدیک کرنا۔ أَصْقَبَ الشَّيْءُ۔ قریب ہونا۔ کہا جاتا ہے "أَصْقَبَكَ الصَّيْدُ" یعنی شکار تم سے قریب ہے جس پر نشانہ لگانا ممکن ہے۔

الصَّقَب۔ مکان کے اندر سب سے لمبا کھمبا۔ ج صُقُوب ___ لمبا۔ ج صِقَاب و صُقْبَان۔

الصَّقَب و الصَّقِب۔ قریب۔ نزدیک۔ کہا جاتا ہے "دَارِي مِنْ دَارِهٖ بِصَقَبٍ" میرا گھر اس کے گھر کے قریب ہے۔ "الجَارُ أَحَقُّ بِصَقَبِهٖ"

پڑوسی اپنی قربت کی وجہ سے زیادہ حق دار ہے۔
الصَّیْقَبَانِی۔ عطر فروش۔
الصَّقَح و الصَّقْحَة۔ گنج۔ سر کے اگلے حصّہ کے بال گر جانا۔
الأصْقَح۔ گنجا۔ مؤنث صَقْحَاء جمع صُقْح۔
صَقَرَهٗ (ن) صَقْرًا۔ بِالعَصَاء: لاٹھی سے مارنا۔ اسی سے ہے "صَقَرَنِي بِكَلَامِهٖ" اس نے مجھ کو اپنی گفتگو سے تکلیف پہنچائی ــــ بِهِ الأرْضَ: زمین پر پٹک دینا ــــ الحِجَارَةَ: ہتھوڑے سے پتھر توڑنا۔
صَقَرَ و صَقَّرَ۔ النَّارَ: آگ کو جلانا۔
صَقَرَت (ن) صَقْرًا و صَقْرَةً و اَصْقَرَتِ۔ الشَّمْسُ اَوِ النَّارُ: آفتاب یا آگ کا تیز گرم ہونا۔ صَقَرَتْهُ الشَّمْسُ: آفتاب کا جھلس دینا۔
صَقَرَ (ن) صَقْرًا و اِصْقَرَّ اللَّبَنُ: دودھ کا زیادہ کھٹا ہونا۔
تَصَقَّرَ۔ شکرہ سے شکار کرنا ــــ بِالمَكَانِ۔ مکان میں ٹھہرنا۔ تَصَقَّرَتْ و اِصْطَقَرَتِ النَّارُ: آگ کا جلنا۔
الصَّقْر۔ گدھ اور عقاب کے علاوہ ہر پرندہ جو شکار کرے۔ شکرہ ایک پرندہ ہے جس سے شکار کیا جاتا ہے جس کو فارسی میں چرغ کہتے ہیں۔
ج اَصْقُر و صُقُوْر و صُقُوْرَة وَ صِقَار و صِقَارَة و صُقُر۔ کہا جاتا ہے "صَقْرٌ صَاقِرٌ" یعنی تیز نگاہ والا۔
الصَّقْر۔ بہت کھٹا دودھ۔ سڑا ہوا پانی۔ ج صُقُوْر و صِقَار۔
الصَّقْر و الصَّقَر۔ شیرہ۔ تر کھجور کا ہو یا خشک انگور کا۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا التَّمرُ اَصْقَرُ مِنْ ذَاكَ" مراد یہ ہے کہ اس میں شیرہ زیادہ ہے۔
الصَّقْرَة۔ بہت کھٹا دودھ۔
صَقَر۔ طبقہ جہنم کا نام۔ یہ کلمہ غیر منصرف ہے اور سقر میں ایک لغت ہے۔
الصَّقِر۔ مِنَ الرُّطَبِ اَوِ الزَّبِيْبِ: تر کھجور یا خشک انگور جو رس نکالنے کے قابل ہو۔ اِمْرَاَةٌ صَقِرَةٌ: بہت تیز نگاہ والی عورت۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ بِالصُّقَرِ وَالبُقَرِ اَو بِالصُّقَارَى وَالبُقَارَى" یعنی سفید جھوٹ بولا۔

الصُّقْرَة۔ پرندہ کی سبزی یا سیاہی کا سرخی یا زردی سے ملنا۔
الصَّقْرَة۔ حوض کا بقیہ پانی۔
الصَّاقُوْر۔ ہتھوڑا جس سے پتھر توڑا جائے۔ کدال (ــــ و الصَّاقِرَة) مصیبت۔ بڑی مصیبت۔
الصَّاقُوْرَة۔ کھوپری کا اندرونی حصّہ۔
الصَّقَّار۔ چغل خور۔ کافر۔ غیر مستحقین کو لعنت کرنے والا۔ شیرہ کا بنانے والا اور بیچنے والا۔
صَقَعَهٗ (ف) صَقْعًا۔ سر پر مارنا۔ صَقَعَ بِهِ الأرْضَ: پچھاڑ دینا ــــ الرَّجُلُ: جانا۔ کہا جاتا ہے "مَا اَدْرِيْ اَيْنَ صَقَعَ" یعنی میں نہیں جانتا کہاں گیا۔ راستہ سے ہٹ جانا یا بھلائی اور کرم کے راستہ سے ہٹ جانا ــــ الحِمَارَ بِكَيٍّ: گدھے کے منہ یا سر پر داغ لگانا۔ کہا جاتا ہے صَقَعَتْهُ الصَّاقِعَةُ بمعنی صَعَقَتْهُ الصَّاعِقَةُ یعنی اس کے اوپر بجلی گری۔
صَقَعَ (ف) صَقْعًا و صُقَاعًا و صَقِيْعًا الدِّيْكُ: مرغ کا بانگ دینا (ــــ صَقْعًا و صُقَاعًا) بِصَوْتِهٖ: آواز بلند کرنا۔
صَقِعَ (س) صَقَعًا۔ الرَّجُلُ: بیہوش ہونا۔ الفَرَسُ اَوِ الطَّائِرُ: سر کے درمیان سفید ہونا۔ صفت اَصْقَع۔ صَقِعَتِ البِئْرُ: کنواں گر جانا۔
صُقِعَ و اُصْقِعَ۔ المَكَانُ: یخ والا ہونا۔ پالا پڑنا۔
صَقَّعَ۔ لِفُلَانٍ: کسی کے لئے قسم کھانا۔
اَصْقَعَ۔ الرَّجُلُ: یخ پر چلنا ــــ الصَّقِيْعُ الأرْضَ۔ یخ پڑنا۔
الصُّقْع۔ جانب۔ گوشہ۔ ج اصقاع۔
الصَّقَع۔ سر میں بال کم ہونا یا بالکل نہ ہونا۔
الصَّقِع۔ گنجا۔ غائب آدمی جس کے متعلق معلوم نہ ہو کہ کہاں ہے۔ مَكَانٌ صَقِعٌ: پالا زدہ جگہ۔
الصُّقْعَة۔ گھوڑوں اور پرندوں کے وسط سر میں سپیدی۔
الصَّقْعَاء۔ مؤنث اَصْقَع کا۔ آفتاب۔
الصَّاقِع۔ جھوٹا۔ کہتے ہیں "صَهْ صَاقِعُ" یعنی اے جھوٹے چپ رہ۔
الصَّاقِعَة۔ مؤنث صَاقِع کا۔ بجلی۔

الصِّقَاع۔ برقع۔ اوڑھنی کو تیل سے بچانے کے لئے چیتھڑا۔ وہ چیز جس سے اونٹنی کی ناک کو باندھ دیں۔ اونٹ کی گدی پر داغ۔ صِقَاعُ الخِبَاءِ وہ رسّی جس کو خیمہ کے اوپر ڈال دیں اور اس کے دونوں کناروں کو دو طرف کھونٹے میں باندھ دیں اور ایسا اس وقت کرتے ہیں جب کہ ہوا کی تیزی کی وجہ سے خیمہ کے اکھڑ جانے کا خوف ہو۔
الصَّقِيْع۔ یخ۔ پالا۔ ایک قسم کی بھڑ۔
المِصْقَع۔ فصیح بلیغ۔ بلند آواز والا۔ وہ شخص جس کو اپنے کلام میں التباس نہ ہو۔ ج مَصَاقِع۔
صَوْقَعَهٗ۔ سر پر مارنا۔
الصَّوْقَعَة۔ عمامہ۔ سر کا درمیانی حصّہ۔ اوڑھنی کو تیل سے بچانے والا کپڑا۔
الصَّقْعَب۔ لمبا۔ آواز نکالنے والا۔ (دانتوں سے یا دروازے سے)
صَقْعَرَ۔ فِيْ اُذُنِهٖ: کان میں چلانا۔
الصُّقْعُر۔ ٹھنڈا پانی۔ سڑا ہوا پانی۔
صَقَلَ (ن) صَقْلًا و صِقَالًا۔ الشَّيْءَ: صاف کرنا۔ چکنا کرنا۔ زنگ دور کرنا۔ صفت صَاقِل ج صَقَلَة۔ صفت مفعولی مَصْقُوْل ــــ الدَّابَّةَ: دبلا کرنا ــــ ہٗ بِالعَصَا: لاٹھی سے مارنا ــــ بِهِ الأرْضَ: زمین پر پٹک دینا۔
صَقِلَ (س) صَقَلًا۔ صاف شدہ ہونا۔
الصَّقَل۔ گھوڑے کے پہلو کی لمبائی۔
الصُّقْل۔ پہلو۔ جانوروں میں ہلکا پھلکا۔
الصُّقْل و الصُّقْلَة۔ کمر۔
الصَّقِلُ۔ مختلف چال والا۔ کم گوشت کا گھوڑا۔ فَرَسٌ صَقِلٌ: لمبے پہلو کا گھوڑا۔
الصَّيْقَل۔ صَاقِل کا مبالغہ۔ تلواروں کو تیز کرنے والا۔ ج صَيَاقِل و صَيَاقِلَةٌ۔
الصَّقِيْل۔ صاف کیا ہوا۔ تلوار۔
الصَّقَّال۔ صَاقِل کا مبالغہ۔
صِقِلِّيَّة و صَقَلِيَّة۔ جزیرہ سسلی جو اٹلی کے جنوب مغرب میں ہے۔
المِصْقَل۔ مِنَ الخُطَبَاءِ: فصیح و بلیغ۔
المِصْقَلَة۔ جس سے صیقل کیا جائے۔
الصَّقْلَب و الصَّقْلَبِي و الصَّقْلَابِي۔ ایک

قوم جو بلغار اور قسطنطنیہ کے درمیان رہا کرتی تھی اور بعد میں یورپ میں پھیل گئی۔

صَكَّهٗ (ن) صَكًّا۔ زور سے مارنا۔ طمانچہ مارنا۔

صَكَّ البابَ: دروازہ بند کرنا۔

صَكَّ (س) صَكَكًا۔ الرَّجُلُ او الفَرَسُ: چلنے میں گھٹنے اور ایڑیوں کا ٹکرانا۔ صفت اَصَكُّ۔

اِصْطَكَّتْ رُكْبَتَاهُ: چلنے میں گھٹنوں کا ایک دوسرے سے ٹکرانا "اِصْطَكَّ الْقَوْمُ بِالسُّيُوْفِ" تلوار سے لڑنا۔

تَصَاكَّتِ الرُّكَبُ: زانو کا رگڑ کھانا۔

الصَّكُّ۔ چک۔ اقرار نامہ۔ ج اَصُكٌّ و صُكُوْك و صِكَاك۔

الأَصَكُّ۔ چلنے میں گھٹنے اور ایڑیوں کو ٹکرانے والا۔ ملے ہوئے ڈاڑھ اور دانت والا۔ قوی۔ مؤنث صَكَّاء ج صُكٌّ۔

الصَّكَّاك۔ زور سے طمانچہ مارنے والا۔ چیک لکھنے والا۔ چیک کی حفاظت کرنے والا۔

الصَّكِيْك۔ کمزور۔

المِصَكُّ۔ مضبوط۔ جس سے دروازہ کو بند کیا جائے۔

المَصْكُوْكَات۔ دراہم و دنانیر۔

صَكَمَهٗ (ن) صَكْمًا۔ مارنا۔ صَكَمَ الفَرَسُ عَلٰى لِجَامِهٖ: گھوڑے کا لگام کو چبانا۔

الصَّكْمَة۔ صدمہ شدیدہ۔

الصَّوَاكِم۔ مصائب۔ حوادث۔ کہا جاتا ہے "صَكَمَتْه صَوَاكِمُ الدَّهْرِ" اس کے اوپر زمانہ کے مصیبتیں پڑیں۔

صَلَّ (ض) صَلِيْلًا۔ السِّلَاحُ: جھنکار ہونا ___ الشَّيْءُ: آواز دینا ___ المِسْمَارُ: ٹھونکا جانا اور کسی چیز میں زبردستی داخل کرنا ___ الإِبِلُ: اُونٹ کی آنتوں کا پیاس سے خشک ہونا جس سے پانی پیتے ہوئے آواز سنائی دے ___ السِّقَاءُ: مشک کا خشک ہونا۔ ___ صُلُوْلًا) اللَّحْمُ: گوشت کا بدبودار ہونا ___ المَاءُ: پانی کا متغیر ہونا۔

صَلَّ (ن) صَلًّا۔ الشَّرَابَ: صاف کرنا ___ الحَبَّ المُخْتَلِطَ بِالتُّرَابِ: پانی ڈال کر دانہ کو مٹی سے جدا کرنا ___ الخُفَّ: چرمی موزہ پر استر لگانا۔ کہا جاتا ہے "صَلَّتْهُم الصَّالَّةُ" یعنی ان کو مصیبت لاحق ہو گئی۔

اَصَلَّ۔ اللَّحْمُ: گوشت کا بدبودار ہونا ___ القِدَمُ المَاءَ: دیر تک ٹھہرنے سے پانی کو متغیر کر دینا۔

الصِّلُّ۔ گوشت وغیرہ جو متغیر ہو جائے۔

الصِّلُّ۔ خبیث قسم کا سانپ۔ مصیبت۔ ہمسر۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا صِلُّ ذَاكَ" یعنی اس کے مماثل ہے۔ تلوار۔ ج اَصْلَال۔ کہا جاتا ہے "هُوَ صِلُّ اَصْلَالٍ" یعنی وہ بڑا مکار خبیث ہے۔

الصِّلُّ و الصَّلُّ و الصَّلَّة۔ تھوڑی متفرق بارش۔

الصِّلَّة۔ دباغت سے پہلے خشک چمڑا، بدبودار چمڑا۔ جوتا۔ چوتڑ۔ شدید بارش۔ تازہ گھاس کے متفرق ٹکڑے۔ تر مٹی۔

الصُّلَّة۔ بدبودار ہوا۔ بقیہ پانی۔

الصَّالَّة۔ مصیبت۔

الصِّلَالَة۔ چرمی موزے کا استر ج اَصِلَّة۔

صُلَالَة۔ الحَبِّ: غلے کا کوڑا کرکٹ۔

الصَّلِيْل۔ جھنکار لوہے کی یا تلوار کی۔

الصَّلَّال و المِصْلَال۔ مِنَ الطِّيْنِ۔ خشک مٹی جو لوہے کی مانند آواز دے۔ مَاءٌ صَلَّالٌ: متغیر پانی۔

الصِّلِّيَان۔ ایک قسم کی نباتات۔ واحد صِلِّيَانَة۔

المُصَلِّل۔ سردار۔ شریف۔ خالص النسب۔ کثیر بارش۔

صَلَبَه۔ (ن ض) صَلْبًا۔ سولی دینا ___ اللَّحْمَ: گوشت بھونا ___ العِظَامَ: ہڈیوں سے گودا نکالنا ___ صَلَبَتْهُ الشَّمْسُ: آفتاب کا جھلس دینا۔ صَلَبَتْ عَلَيْهِ الحُمّٰى: بخار کا ہمیشہ اور تیز رہنا۔

صَلُبَ (ک س) صَلَابَةً۔ سخت ہونا ___ عَلَى المَالِ: بخل کرنا۔

صَلَّبَ۔ الشَّيْءَ: سخت کرنا ___ الشَّيْءُ: سخت ہونا اور خشک ہونا ___ اللِّصَّ: چور کو سولی دینا۔

___ المَسِيْحِي: ہاتھ سے صلیب کا نشان بنانا۔

اَصْلَبَتِ۔ النَّاقَةُ: بچہ کو دودھ پلاتے ہوئے اونٹنی کا اپنی گردن کو آسمان کی طرف اٹھانا۔

تَصَلَّبَ۔ سخت ہونا۔

اِصْطَلَبَ۔ العِظَامَ: ہڈیوں سے گودا نکالنا۔

الصَّلَب۔ ریڑھ کی ہڈی۔ چربی۔ گودا۔ سخت زمین۔ ج صِلَبَةٌ و اَصْلَاب۔ ان زمینوں کو جو ایک زمانے سے جوتی نہ گئی ہوں ان کے لئے کہتے ہیں۔ "اِنَّهَا الاَصْلَابُ مُنْذُ اَعْوَامٍ"

الصُّلْب۔ سخت۔ کہا جاتا ہے "هُوَ صُلْبٌ فِيْ دِيْنِهٖ" وہ اپنے دین میں سخت ہے۔ "زَاعٍ صُلْبُ العَصَا" جبکہ اونٹوں پر سختی کرتا ہو۔ ریڑھ کی ہڈی۔ ج اَصْلَاب و اَصْلُب و صِلَبَة اور کہا جاتا ہے "هُوَ مِنْ صُلْبِ فُلَانٍ" یعنی فلاں کی نسل اور اولاد سے ہے۔

الصُّلْب۔ قوۃ۔ حسب۔ سخت پتھریلی جگہ۔ ج صِلَبَة۔

الصُّلْب۔ ایک پرندہ ہے۔

الصَّالِب۔ فا۔ حُمّٰى صَالِبٌ: تیز بخار جس میں کپکپی بھی ہو۔

الصَّالِب و الصَّالَب۔ ریڑھ کی ہڈی۔

الصُّلَّب۔ سخت۔ سان رکھنے کا پتھر۔ ریڑھ کی ہڈی۔

الصُّلَّبَة۔ سان رکھنے کا پتھر۔

الصُّلَّبِي۔ سخت۔ جس سے سان رکھا جائے۔ سِنَانٌ صُلَّبِيٌّ: تیز نیزہ۔

الصُّلَّبِيَّة۔ بمعنی صُلَّبِي۔ تا مبالغہ کے لئے ہے۔

الصَّلِيْب۔ وہ لکڑی جس پر عیسائیوں کے گمان کے مطابق حضرت سیدنا عیسیٰ علیہ السلام کو سولی دی گئی۔ ہر وہ جو دو خط کی شکل پر ہو جو آپس میں تقاطع کرتے ہوں جس پر سولی دی جائے۔ ج صُلْبَان و صُلُب۔ قوی۔ سولی دیا ہوا۔ چربی۔ گودا۔ کہا جاتا ہے "اِسْتَخْرَجَ صَلِيْبَ العَظْمِ" یعنی ہڈی کا گودا نکال لیا۔ جھنڈا۔ لَدَى صَلِيْبٍ عَلَى الزَّوْرَاءِ مَنْصُوْبٍ۔ اونٹ کا داغ۔ ج صُلُب۔ خالص نسب والا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ عَرَبِيٌّ صَلِيْبٌ" وہ خالص عربی ہے۔ "ذُو الصَّلِيْب" لقب ہے "الاخطل نصرانی شاعر کا"۔

الصَّلِيْبِي۔ واحد الصَّلِيْبِيَّة۔ کا۔ یہ ایک قوم یورپ کی تھی جس نے بیت المقدس پر غلبہ

حاصل کرنے کے لیے فوج کشی کی تھی اور ان کا نام یہ اس وجہ سے رکھا گیا کہ انہوں نے اپنے جھنڈوں پر اور اپنے لباس پر صلیب کا نشان بنا رکھا تھا۔

بَعِیْرٌ مُصَلَّبٌ و مَصْلُوْبٌ۔ جس پر صلیب جیسا داغ ہو۔ مؤنث مُصَلَّبَةٌ و مَصْلُوْبَةٌ سِنَانٌ مُصَلَّبٌ۔ تیز نیزے۔ شَیْءٌ مُصَلَّبٌ عَلَیْهِ : جس پر صلیب جیسا نشان ہو۔ ثَوْبٌ مُصَلَّبٌ : جس کپڑے پر صلیب کا نشان ہو۔

صَلَتَ (ن) صَلْتًا۔ الفَرَسَ : گھوڑے کو ایڑ مارنا۔

صَلُتَ (ک) صُلُوْتَةً۔ الرَّجُلُ : کشادہ پیشانی والا ہونا۔

اَصْلَتَ۔ السَّیْفَ : تلوار سونتنا۔

اِنْصَلَتَ۔ فِیْ عَدْوِهٖ : دوڑ میں آگے نکل جانا۔

الصَّلْتُ۔ کشادہ ہموار ابھری ہوئی پیشانی۔ کہا جاتا ہے "جَبِیْنٌ صَلْتٌ" کشادہ پیشانی۔

الصَّلْتُ و الصُّلْتُ۔ بڑی چھری۔ ج اَصْلَاتٌ۔

الصَّلْتُ و الصَّلَتَانُ و الإِصْلِیْتُ و الأَصْلَتِیُّ و الإِصْلَاتُ و المِصْلَتُ و المِصْلَاتُ و المُنْصَلِتُ۔ مِنَ الرِّجَالِ : بہادر آدمی۔ کہا جاتا ہے "هُوَ مِنْ مَصَالِیْتِ الرِّجَالِ" وہ بہادر آدمیوں میں سے ہے۔ الصَّلْتُ و الإِصْلِیْتُ و المُنْصَلِتُ مِنَ السُّیُوْفِ : صیقل شدہ تیز تلوار۔

المُصَالَتَةُ۔ باہم دگر تلوار بازی کرنا۔ شاعر کا کسی دوسرے کے شعر کو لفظاً و معنیً لے لینا اور یہ سرقاتِ شعریہ میں قبیح ترین ہے۔

صَلَجَ (ن) صَلْجًا۔ الفِضَّةَ : چاندی پگھلانا۔ صَلَجَهٗ۔ بِالعَصَا : لاٹھی سے مارنا۔

صَلِجَ (س) صَلَجًا۔ سَمْعُهٗ : بہرا ہونا۔

تَصَالَجَ۔ الرَّجُلُ : بہرا بننا۔

الصُّلْجُ۔ کھرے درہم۔

الصُّلْجَةُ۔ ریشم کے کیڑے کا خول۔ ج صُلَجٌ۔

الصَّلِیْجَةُ۔ پگھلی ہوئی صاف خالص چاندی کا ٹکڑا۔

الصَّوْلَجَانُ و الصَّوْلَجَانَةُ۔ ٹیڑھے سرے کی لاٹھی۔ ج صَوَالِجَةٌ۔

الصَّوْلَجُ۔ خالص چاندی۔ کان کا سوراخ۔ ٹیڑھی لکڑی۔

الأَصْلَجُ۔ سخت چکنا۔ بہرا۔

صَلَحَ (ک ف ن) صَلَاحًا و صُلُوْحًا و صَلَاحِیَةً۔ درست ہونا۔ فساد کا زائل ہونا۔ کہا جاتا ہے "صَلُحَتْ حَالُ فُلَانٍ" فلاں کا حال درست ہو گیا ___ الرَّجُلُ : نیک ہونا ___ فِیْ عَمَلِهٖ : کام میں درست ہونا۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا یَصْلُحُ لَكَ صَلَاحًا" یعنی تمہارے موافق ہے۔ تمہارے لائق ہے۔

صَالَحَه صَلَاحًا و مُصَالَحَةً۔ موافق ہونا۔ صلح کرنا۔

اَصْلَحَ۔ الشَّیْءَ : درست کرنا۔ بَیْنَهُمْ : صلح کرانا ___ اِلَیْهِ : اچھا کرنا۔ کہا جاتا ہے "اَصْلَحَ اللّٰهُ فِیْ ذُرِّیَّتِهٖ وَ مَالِهٖ۔"

تَصَالَحَ و اِصْتَلَحَ و اِصْطَلَحَ و اِصَّلَحَ۔ القَوْمُ : رضامند ہونا۔

اِسْتَصْلَحَ۔ الشَّیْءَ : درستی چاہنا۔

الصُّلْحُ۔ سلامتی۔ درستی۔ مصالحت کا اسم ہے (مذکر و مؤنث) کہا جاتا ہے "هُمْ لَنَا صُلْحٌ" یعنی صلح کرنے والے ہیں۔ کہا جاتا ہے "قَوْمٌ صُلُوْحٌ" یعنی رضامند ہیں۔ مصدر کے ساتھ وصف بیان کیا گیا ہے۔

الصَّلَاحِیَةُ۔ وہ حالت جس سے کوئی چیز درست ہو۔

الاِصْطِلَاحُ۔ عرف خاص۔ یعنی کسی جماعت خاص کا کسی چیز پر یا کسی کلمہ کے وضع پر اتفاق کر لینا۔ ج اِصْطِلَاحَاتٌ۔

الصَّالِحُ۔ نیک۔ ٹھیک۔ درست۔ حقوق و واجبات کا پورا کرنے والا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ صَالِحٌ بِکَذَا" یعنی اس کے اندر فلاں کام کی اہلیت و قابلیت ہے اور بسا اوقات کثیر سے کنایہ کرتے ہیں۔ کہتے ہیں "لَهٗ حَظٌّ صَالِحٌ مِنَ الأَدَبِ" یعنی اس کیلئے ادب کا حصہ کثیر ہے۔ ج صَالِحُوْنَ و صُلَّاحٌ۔

الصَّالِحَةُ۔ مؤنث صَالِحٌ کا۔ کہا جاتا ہے "اَتَتْنِیْ صَالِحَةٌ مِنْ فُلَانٍ" یعنی فلاں کی طرف سے مجھے بہت نعمت یا بڑی بھلائی پہنچی۔

الصَّلِیْحُ۔ بمعنی صَالِحٌ۔ ج صُلَحَاءُ۔

المَصْلَحَةُ۔ جو صلاح پر برانگیختہ کرے۔ نیکی۔ ج مَصَالِحُ۔ کہا جاتا ہے "هُوَ مِنْ اَهْلِ المَفَاسِدِ لَا المَصَالِحِ۔"

صَلِخَ (س) صَلَخًا۔ سَمْعُهٗ : سخت بہرا ہونا۔

تَصَالَخَ۔ بہرا بننا۔

اِصْلَخَّ۔ لیٹنا۔

الصَّالِخُ۔ بمعنی السَّالِخ یعنی خارش۔ کہا جاتا ہے "جَرَبٌ صَالِخٌ و سَالِخٌ" کالا سانپ۔

الأَصْلَخُ۔ بہت بہرا۔ مِنَ الجِمَالِ : خارشی اونٹ۔ مؤنث صَلْخَاء ج صُلْخٌ۔

الصَّلَخُ۔ بہرا پن۔ خارش۔ وَاهِیَةٌ صَلُوْخٌ۔ ہلاک کرنے والی مصیبت۔

اِصْلَخَدَّ۔ سیدھا کھڑا ہونا۔

الصَّلْخَدُ و الصِّلْخَدُ و الصِّلْخَدُّ و الصِّلْخَادُ و الصُّلَاخِدُ و الصَّلَخْدَی۔ قوی۔ ذہین۔ دلیر۔ ج صَلَاخِدُ۔

الصَّلْخَدَمُ۔ مِنَ الإِبِلِ : قوی اونٹ۔

صَلَدَ (ض) صُلُوْدًا۔ الزَّنْدُ : چقماق کا بغیر آگ نکلے ہوئے آواز کرنا ___ صَلَدَتِ الأَرْضُ : زمین کا سخت ہونا ___ صَلْعَتُهٗ : سر کے گنج کا چمکنا۔

صَلَدَتْ (ض) صَلْدًا۔ الدَّابَّةُ : جانور کا کھڑا ہونا۔ دوڑنے میں پاؤں کو زمین پر مارنا ___ الرَّجُلُ فِی الجَبَلِ : پہاڑ پر چڑھنا۔ صَلَدَ السَّائِلَ : کچھ نہ دینا ___ بِیَدَیْهِ : تالی بجانا۔

صَلُدَ (ک) صَلَادَةً و صَلَّدَ تَصْلِیْدًا۔ بخل کرنا۔

اَصْلَدَ۔ الزَّنْدَ : بغیر آگ نکلنے کے چقماق کا آواز کرنا۔ اَصْلَدَتِ الأَرْضُ : سخت ہونا۔ اَصْلَدَ الزَّنْدَ : بغیر آگ کے چقماق سے آواز نکالنا۔

الصَّلْدُ۔ ٹھوس۔ چکنا۔ وہ زمین جس میں کچھ نہ اُگے۔ کہا جاتا ہے "اَرْضٌ صَلْدٌ و مَکَانٌ صَلْدٌ" ج اَصْلَادٌ۔ فَرَسٌ صَلْدٌ : وہ گھوڑا جس کو پسینہ نہ آئے اور یہ صفت مذمومہ ہے۔ رَاسٌ صَلْدٌ : جس سر پر بال نہ نکلیں۔ جَبِیْنٌ صَلْدٌ : سخت

پیشانی- رَجُلٌ صَلْدٌ: بخیل مرد-
الْاَصْلَد- بخیل- مؤنث صَلْدَاء ج صُلْدٌ-
الصَّالِد- فا- وہ چقماق جس میں آگ نہ نکلے-
الصَّالِدَة- مؤنث صَالِد کا- دانت جس کے پیسنے میں آواز نکلے- ج صَوَالِد-
الصَّلُوْد- آگ نہ دینے والا چقماق- ٹھوس- اکیلا- بہت بخیل- خشک- فَرَسٌ صَلُوْدٌ: وہ گھوڑا جس کو دیر میں پسینہ آئے- قِدْرٌ صَلُوْدٌ: وہ ہانڈی جسے دیر میں جوش آئے- اِمْرَاَةٌ صَلُوْدٌ: بے برکت عورت-
الصَّلَوْدَد- ٹھوس چکنا-
الصِّلْيَد- اکیلا-
عُوْدٌ صَلَّادٌ و مِصْلَاد- نہ سلگنے والی لکڑی-
نَاقَةٌ مِصْلَادٌ: بے دودھ کے بچے والی اونٹنی-
الصِّلْدَاء و الصِّلْدَاءَة- سخت ٹھوس زمین-
الصَّلْدَح- چوڑا پتھر-
الصَّلَوْدَح- سخت قوی-
الصِّلْدِم- ٹھوس- سخت کھر- شیر- ج صَلَادِم-
الصِّلَّوْر- ایک قسم کی مچھلی-
صَلْصَل صَلْصَلَةً الْحَلْيُ اَو اللِّجَام: زیور یا لگام سے آواز نکلنا ___ الرَّعْدُ: صاف گرجنا- الجَرَسُ: آواز کو دہراتا ___ فُلَانًا: دھمکی دینا-
تَصَلْصَلَ- اللِّجَام او الحُلِيُّ: لگام یا زیور سے آواز نکلنا-
الصُّلْصُل- گھوڑے کی پیشانی- گھوڑے کی پیٹھ کی سفید جگہ- چھوٹا پیالہ- برتن میں بقیہ پانی یا اور کوئی چیز- ماہر چرواہا- فاختہ-
الصَّلْصَال- کھنکھنانے والی خشک مٹی (___ و الصُّلَاصِل و المُصَلْصَل) آواز دینے والا گدھا-
الصَّلْصَالَة- زمین جس میں کوئی نہ ہو-
المُصَلْصَل- مصدر میمی- خالص النسب- شریف سردار-
اِصْلَنْطَحَ- البَطْحَاءُ: کشادہ ہونا-
الصُّلَاطِح و المُصْلَنْطِح- چوڑا کشادہ-
صَلِعَ (س) صَلَعًا سر کے اگلے حصے کے بالوں کا گر جانا- صفت اَصْلَع ج صُلْعٌ و صُلْعَان کہا جاتا ہے "صَلِعَتِ الشَّجَرَةُ" یعنی ٹہنیوں کے پتے گر گئے-
صَلَّعَتْ و تَصَلَّعَتْ و انْصَلَعَتِ الشَّمْسُ: آفتاب کا بادل سے نکل آنا ___ الحَيَّةُ- سانپ کا صاف ستھرا بغیر مٹی کے نکلنا- تَصَلَّعَتِ السَّمَاءُ: بادل کا چھٹ جانا-
صِلَاعُ- الشَّمْس: آفتاب کی گرمی-
الصُّلْعَة و الصَّلَعَة- سر کا وہ حصہ جہاں سے بال گر گئے ہوں-
الصَّلْعَاء- اَصْلَعُ کا مؤنث- خالی بیابان- مصیبت- رَمْلَةٌ صَلْعَاءُ: بغیر درخت کے ریتلا میدان- ج صُلْع-
الصُّلَّع و الصَّلِيْع و الصُّلَاع- چوڑا پتھر-
مِنَ الْاَمْكِنَةِ: بنجر زمین- رَاْسٌ صَلِيْعٌ: سر جس کے اگلے حصے کے بال گر گئے ہوں-
صَلْعَم- صلی اللہ علیہ وسلم کا اختصار-
صَلِفَ (س) صَلَفًا- ڈینگ مارنا- صفت صَلِفٌ ج صَلِفُوْن صُلَفَاء و صَلَافَى ___ لِصَاحِبِهٖ: غیر پسندیدہ باتیں کرنا ___ المَرْاَةُ عِنْدَ زَوْجِهَا: شوہر کے نزدیک بے وقعت ہونا- صفت صَلِفَة- ج صَلِفَات و صَلَائِف ___ السَّحَاب: زیادہ گرجنا اور پانی کم برسنا-
اَصْلَفَ- بے برکت ہونا- گراں جان ہونا- فُلَانًا: بغض رکھنا-
تَصَلَّفَ- بہ تکلف ڈینگ مارنا- چاپلوسی کرنا ___ القَوْم: سخت زمین میں پڑنا-
الصَّلَف- درخت خرما میں خالی ہونا- صَلَفَةٌ واحد ہے-
الصَّلِف- بے مزہ کھانا- بھاری برتن- اِنَاءٌ صَلِفٌ: کم پانی لینے والا برتن- سَحَابٌ صَلِفٌ: زیادہ گرج اور کم بارش کا بادل- اَرْضٌ صَلِفَةٌ: زمین جس میں کچھ نہ اُگے-
الصَّلِيْف- گردن کا پہلو- کہا جاتا ہے "اَخَذَهٗ بِصَلِيْفِهٖ" یعنی پورا لے لیا- "طَعَام صَلِيْفٌ" بے مزہ کھانا-
الْاَصْلَف- زمین کا وہ حصہ جو سخت ہو اور کچھ نہ اُگے- ج اَصَالِف-
الصَّلْفَاء و الصِّلْفَاء و الصَّلْفَاءَة و الصِّلْفَاءَة- زمین کا وہ حصہ جو سخت ہو اور کچھ نہ اُگے- ج الصَّلَافِی-
المُصْلِف- بیوی کی بے قدری کرنے والا-
صَلْفَعَ- مفلس ہونا- رَاْسَهٗ- مونڈ دینا-
صَلَقَ (ن) صَلْقًا- الرَّجُلُ: مصیبت میں چیخنا چلانا- صَلَقَهٗ بِالْعَصَا: لاٹھی سے مارنا- صَلَقَتْهُ الشَّمْسُ: آفتاب کا گرمی سے تکلیف پہنچانا-
صَلَقَ (ن) صَلْقًا- نَابَهٗ: دانت پیسنا-
اَصْلَقَ- الرَّجُلُ: مصیبت میں چیخنا چلانا-
___ النَّابَ: دانت پیسنے میں آواز نکالنا-
تَصَلَّقَ- المَرِيْضُ: درد کی وجہ سے مریض کا مضطرب و بے چین ہونا ___ المَرْاَةُ: درد زہ میں مبتلا ہونا-
اِصْطَلَقَ- البَعِيْرُ بِنَابِهٖ: اونٹ کا دانت پیسنا-
الصَّلَاقَة- پانی جو ایک جگہ میں دیر تک رہے-
الصَّلْق- سخت آواز-
الصَّلَق- ہموار زمین- ج اَصْلَاق- جج اَصَالِيْق-
الصَّلِيْق- چکنا-
الصَّلِيْقَة- پتلی روٹی- چپاتی- گوشت کا بھنا ہوا ٹکڑا- ج صَلَائِق-
المِصْلَق و المِصْلَاق- مِنَ الخُطَبَاءِ: بلیغ خطیب- ج مَصَالِق و مَصَالِيْق-
المَصَالِيْق- بڑے بڑے پتھر، ہلکے پھلکے اونٹ-
صَلْقَعَ- مفلس ہونا ___ رَاْسَهٗ: سر مونڈنا-
صَوْتَهٗ: آواز تیز کرنا-
الصَّلْقَع- خالی- کہا جاتا ہے "مَكَانٌ صَلْقَعٌ بَلْقَعٌ و صَلَنْقَعٌ بَلَنْقَعٌ" خالی مکان- بَلْقَع و بَلَنْقَع صَلْقَع و صَلَنْقَع کے لیے تابع ہیں-
الصَّلَنْقَع- مرد دلاور و توانا-
صَلَمَ (ن ض) صَلْمًا و صَلَّمَ- الشَّیْءَ: جڑ سے کاٹنا- صَلَمَهٗ و صَلَّمَهٗ جڑ سے ناک، کان کاٹ لینا-
اِصْطَلَمَهٗ- جڑ سے اکھیڑنا- کہا جاتا ہے "اِصْطَلَمَهُ الدَّهْرُ" یعنی زمانہ نے ان کو برباد کر دیا-

الصَّلَم و الصَّلَمَة۔ مضبوط اور بہادر لوگ۔ واحد صَالِمٌ۔

الصُّلمة۔ خود۔

الصُّلاَمَة و الصِّلاَمَة و الصَّلاَمَة۔ آدمیوں کی جماعت۔ سخاوت میں بہادری میں اور عمر میں ایک قسم کے لوگ۔ ج صُلاَمات صِلاَمات، صَلاَمات۔

المُضْجِر۔ بے قرار کرنے والا۔ تنگ دل کرنے والا۔ ج مَضَاجِر ومَضَاجِیْر۔

ضَجَعَ (ف) ضَجْعًا وضُجُوْعًا وانْضَجَعَ وإِضَّجَعَ وإِضْطَجَعَ۔ پہلو کے بل لیٹنا۔ ضَجَعَ النَّجْمُ : ستارہ کا ڈوبنے کی طرف مائل ہونا۔

أَضْجَعَهُ۔ پہلو کے بل لٹانا ___ الشَّیْئَ : پست کرنا ___ الحَرْفَ : حرف کا کسرہ کی طرف امالہ کرنا ___ جَوَالِقَهُ : بھری ہوئی گون کو خالی کر دینا۔

ضَجَّعَتِ۔ الشَّمْسُ : غروب کیلئے مائل ہونا ___ وتَضَجَّعَ فِی الأَمْرِ : کوتاہی کرنا۔

ضَاجَعَهُ۔ ساتھ لیٹنا۔ صفت مُضَاجِع۔ کہا جاتا ہے "ضَاجَعَهُ الهَمُّ" یعنی اس کو غم لازم ہے۔

تَضَاجَعَ۔ عَنِ الأَمْرِ : غفلت کرنا۔

الضَّجْعُ۔ مع۔ ہر وہ چیز جس سے کپڑا دھویا جائے۔ صابون۔

الضَّجْعَة۔ صابون کا ایک ٹکڑا۔ ایک بار کا سونا۔ رائے کی کمزوری۔ آرام۔ راحت۔

الضِّجْع۔ جھکاؤ۔ کہا جاتا ہے "ضِجْعُهُ إِلَیَّ" یعنی اس کا میلان میری طرف ہے۔

الضِّجْعَة۔ پہلو پر لیٹنے کی ہیئت۔ کاہلی۔

الضُّجْعَة۔ رائے کی کمزوری (___ والضُّجَعة والضُّجَعِی والضِّجْعِی والضُّجْعِیَّة والضِّجْعِیَّة) بہت زیادہ لیٹنے والا۔ کاہل۔

الضَّاجِع۔ فا۔ لیٹنے والا۔ کاہل۔ وادی کا موڑ۔ وادی کا ڈھلوان۔ بیوقوف ___ مِنَ الدَّوَابِّ۔ بے برکت جانور ___ مِنَ النُّجُوْمِ : غائب ہونے کی طرف مائل ستارہ۔ ج ضَوَاجِع۔ رَجُلٌ ضَاجِع بہت زیادہ لیٹنے والا۔ کاہل۔ کہا جاتا ہے "أَرَاكَ ضَاجِعًا إِلَیْهِ" یعنی میں تم کو اس کی طرف مائل دیکھتا ہوں۔

الضَّاجِعَة۔ مؤنث ضَاجِع۔ نہر کا دھانہ۔ ٹیلہ۔ ج ضَوَاجِع (___ والضَّجْعَاء) زیادہ بکریاں۔

الضَّجُوْع والمَضْجُوْع۔ کمزور رائے والا۔ الضَّجُوْع : مشک جو لے جانے والے کو جھکا دے۔ کشادہ ڈول۔ پانی کی زیادتی سے آہستہ آہستہ چلنے والا بادل۔

الضَّجِیْع۔ ساتھ لیٹنے والا۔ مؤنث ضَجِیْعَة۔

المَضْجَع۔ خواب گاہ۔ ج مَضَاجِع۔

اَلْمُضطَجَع- خواب گاہ- مَضَاجِعُ الغَيْثِ : بارش کی جگہ-

ضَجِمَ (س) ضَجَمًا الفَمُ او العُنُقُ : مُنہ یا گردن کا ٹیڑھا ہونا- جس کا ٹیڑھا ہو جائے اس کو اضجم اور مؤنث کو ضَجْمَاء کہتے ہیں- کہا جاتا ہے "فِيْ فَمِهٖ ضَجَمٌ" یعنی اس کے مُنہ میں کجی ہے-

تَضَاجَمَ- الفَمُ : مُنہ کا ٹیڑھا ہونا- الاَمْرُ بَيْنَهُمْ : مختلف فیہ ہونا-

الضَحُّ- آفتاب کی روشنی- جس پر آفتاب کی روشنی پڑے-

ضَحْضَحَ و تَضَحْضَحَ- السرابُ : سراب کا متحرک ہونا اور چمکنا- ضَحْضَحَ الاَمْرُ : ظاہر ہونا-

الضَحْضَح- تھوڑا پانی-

الضَحْضَاح- تھوڑا پانی یا نایاب پانی- بہت اونٹ-

ضَحِکَ (س) ضَحْكًا و ضِحْكًا و ضِحِكًا و ضَحِكًا- ہنسا- کہا جاتا ہے "ضَحِكَ مِنْهُ و بِهٖ و عَلَيْهِ" اس نے کشادہ روئی کی اس طرح پر کہ دانت ظاہر ہوگئے- القِرْدُ : بندر کا آواز کرنا ___ السَحابُ : بادل کا چمکنا ___ الطَرِيْقُ : راستہ کا ظاہر ہونا- ضَحِكَتِ الاَرْضُ عَنِ النَبَاتِ : اگانا ___ الشَيْبُ بِرَاسِهٖ : بڑھاپا ظاہر ہونا ___ طَلْعُ النَخْلَةِ : درخت خرما کا شگوفہ نکلنا (___ ضَحْكًا) الرَجُلُ : تعجب کرنا-

ضَاحَكَهٗ- ایک دوسرے کے ساتھ ہنسنا- ہنسی میں غالب آنا-

اَضْحَكَهٗ- ہنسانا- اَضْحَكَ الحَوْضَ : لبریز کر دینا-

تَضَحَّكَ و تَضَاحَكَ و اِسْتَضْحَكَ- ہنسنا- و تَضَاحَكَ الرَجُلُ : بتکلف ہنسنا- تَضَاحَكَ القَوْمُ : ایک دوسرے کو ہنسانا-

الضَحْكُ- مص- سفید دانت- گلی- جھاگ- برف- درمیان راستہ- تعجب- شہد یا شہد مع موم کے- کھجور کا شگوفہ غلاف سے نکلا ہوا-

الضَاحِکُ- فا- ہنسنے والا- پہاڑ میں نہایت سفید چمکتا ہوا پتھر- کہا جاتا ہے "لَهٗ رَايٌ ضَاحِكٌ" یعنی ظاہر ہے جس میں کوئی التباس نہیں-

الضَاحِكَةُ- مؤنث ضَاحِک- دانت جو ہنستے ہوئے ظاہر ہو جائیں- ج ضَوَاحِک- کہا جاتا ہے "اِفْتَرَّ عَنْ ضَوَاحِكِهٖ" اس نے ہنسنے میں دانتوں کو ظاہر کیا-

الضَحَكَةُ والضُحْكَةُ والضَحَّاك والضَحُوْك والمِضْحَاک- بہت زیادہ ہنسنے والا- الضَحُوْک والضَحَّاک : درمیان راستہ- الضَحُوْک کی جمع ضُحُک-

الضُحْكَةُ- جس آدمی پر لوگ ہنسیں-

الضُحَكَةُ- جو لوگوں پر ہنسے-

الاُضْحُوْكَةُ- وہ چیز جس پر ہنسی آئے- ج اَضَاحِيْک-

ضَحَلَ (ف) ضَحْلاً- الغَدِيْرُ : تالاب کا پانی کم ہونا ___ المَاءُ : پانی کا پایاب ہو جانا- کہا جاتا ہے "مَا اَضْحَلَ خَيْرَکَ" یعنی کس چیز نے تمہاری خیر و برکت کو کم کر دیا-

الضَحْلُ- پایاب پانی- ج ضِحَال و اَضْحَال و ضُحُوْل-

المَضْحَل- وہ جگہ جہاں پانی کم ہو-

ضَحَا يَضْحُو ضَحْوًا و ضُحُوًّا و ضُحِيًّا الرَجُلُ : دھوپ کھانا ___ الشَيْئُ : دھوپ کا لگنا ___ الطَرِيْقُ : ظاہر ہونا- کہا جاتا ہے "ضَحَا ظِلُّهٗ" یعنی مر گیا اور یہ ان کے قول "شَجَرَةٌ ضَاحِيَةٌ" (غیر سایہ دار درخت) سے ماخوذ ہے-

ضَحِيَ يَضْحٰى ضَحًا و ضَحَاءً- دھوپ لگنا- دھوپ کھانا- کھل جانا- ضَحِيَتِ اللَيْلَةُ : بے بادل کا ہونا-

ضَحّٰى تَضْحِيَةً- فُلَانًا : چاشت کے وقت کھانا کھلانا ___ بِالشَاةِ : بقرعید کے زمانہ میں چاشت کے وقت ذبح کرنا یا مطلقاً ذبح کرنا- الغَنَمَ : چاشت کے وقت چرانا ___ الرَجُلُ : فدیہ ہو جانا ___ عَنِ الاَمْرِ : دیر کرنا- جلدی نہ کرنا- اِلَيْهِ : بیان کرنا- ظاہر کرنا-

ضَاحٰى مُضَاحَاةً- الرَجُلُ : چاشت کے وقت آنا-

اَضْحٰى- چاشت کے وقت میں داخل ہونا- اَضْحٰى يَفْعَلُ كَذَا : چاشت کے وقت ایسا کرتا تھا یا مطلقاً ایسا کرتا تھا (یہ کلمہ ان جیسے جملوں میں كَانَ جیسا عمل کرتا ہے) ___ الشَيْئَ : ظاہر کرنا- عَنِ الاَمْرِ : دور رہنا- کہا جاتا ہے "اَضْحَى اللّٰهُ ظِلَّكَ" یعنی اللہ تیرے سائے کو دور کر دے- مراد یہ ہے کہ تجھے ہلاک کر دے-

تَضَحّٰى تَضَحِّيًا- چاشت کے وقت کھانا- چاشت کے وقت تک سونا- دھوپ کھانا-

اِسْتَضْحٰى اِسْتِضْحَاءً لِلشَمْسِ : موسم سرما میں دھوپ کھانا-

الضَحَاء- چاشت کا وقت-

الضَحْو الضَحْوَة- چاشت کا وقت-

الضُحٰى- چاشت- آفتاب- بیان- کہا جاتا ہے "مَا لِكَلَامِهٖ ضُحًى" یعنی اس کے کلام کے لیے بیان نہیں-

الضَحْيَانُ- چاشت کے وقت کھانے والا- مؤنث ضَحْيَانَةٌ-

الضَحِيَّةُ- دن کا بلند ہونا- قربانی کی بکری- ذبیحہ- ج ضَحَايَا-

الاَضْحَاةُ- قربانی- ج اَضْحٰى-

الاُضْحِيَّةُ الاِضْحِيَّةُ- قربانی- ج اَضَاحِيّ-

يَوْمُ الاَضْحٰى- قربانی کا دن- الاَضْحٰى مِنَ الخَيْلِ- سفید سیاہی مائل گھوڑا- مؤنث ضَحْيَاء-

الضَاحِي- فا- دھوپ کھانے والا- ضَاحِي الجِلْدِ : جسم کا کھلا ہوا حصہ-

الضَاحِيَةُ- مؤنث ضَاحِي- ہر شے کا کھلا ہوا حصہ- ج ضَوَاحٍ- ضَوَاحِي البَلْدَةِ : اطراف شہر- ضَوَاحِي الحَوْضِ : حوض کے اطراف- کہا جاتا ہے "فَعَلَهٗ ضَاحِيَةً" یعنی اعلانیہ کیا-

شَجَرَةٌ ضَاحِيَةُ الظِلِّ- بے سایہ درخت-

يَوْمٌ اِضْحِيَانٌ- بے بادل کا دن-

لَيْلَةٌ اِضْحِيَانَةٌ و اِضْحِيَةٌ- چاندنی رات-

اَرْضٌ مَضْحَاةٌ- سورج کے سامنے کی زمین یا جس سے سورج غائب نہ ہو-

ضَخَّ (ن) ضَخًّا- المَاءَ : پانی گرانا-

ضَخَّتِ العَيْنُ : آنسو بہانا-

إِنْضَخَ الْمَاءُ: گرنا۔

الْمِضَخَّة۔ پچکاری۔

ضَخَرَ (ف) ضَخْرًا عَيْنَهُ۔ آنکھ نکال لینا۔

ضَخُمَ (ک) ضَخَامَةً و ضِخَمًا۔ موٹا ہونا۔ صفت ضَخْم۔ ج ضِخَام مؤنث ضَخْمَة۔ ج ضَخْمَات۔

ضَخَّمَه۔ موٹا بنانا۔

الضِّخَام۔ ہر شے کا بڑا۔

الْأَضْخَم۔ موٹا۔ زیادہ موٹا۔

الْمِضْخَم۔ بہت مارنے والا۔ سردار۔ عالی مرتبت۔

ضَدَّ (ن) ضَدًّا فُلَانًا فِي الْخُصُوْمَةِ: جھگڑے میں غالب آنا۔ ضَدَّهُ عَنْ كَذَا: نرمی سے ہٹانا۔ باز رکھنا ___ الْقِرْبَةَ: مشک کو بھر دینا۔

ضَادَّهُ مُضَادَّةً۔ مخالفت کرنا۔

أَضَدَّهُ۔ غضبناک ہونا۔ ضد کرنا۔

تَضَادًّا اتِّضَادًّا۔ ایک دوسرے کی مخالفت کرنا۔

الضِّدُّ۔ مخالف۔ مثل و نظیر۔ دشمن۔ ج أَضْدَاد و ضِدّ۔

الْأَضْدَاد۔ ایسے کلمات جو معانی متضادہ پر دلالت کریں جیسے یہی لفظ ضد کہ اس کے معنی مخالف اور نظیر دونوں کے ہیں۔

الضَّدِيْد۔ ضد۔ نظیر۔ کہا جاتا ہے "لَا ضَدِيْدَ لَهُ" یعنی اس کا کوئی مثل نہیں۔

ضَدِيَ يَضْدَى ضَدًى۔ عَلَيْهِ۔ غضبناک ہونا۔ صفت ضَادٍ مؤنث ضَادِيَةٌ۔ ج ضَوَادٍ و ضَادِيَاتٌ۔

ضَادَاهُ مُضَادَاةً۔ مخالفت کرنا۔

أَضْدَى إِضْدَاءً۔ الْإِنَاءَ: برتن کو بھر دینا۔

ضَرَّ (ن) ضَرًّا و ضُرًّا۔ فُلَانًا و لِفُلَانٍ: نقصان دینا ___ ہ إِلَى كَذَا: مجبور کرنا۔

ضُرَّ بَصَرُهُ: اندھا ہونا۔

ضَارَّهُ ضِرَارًا و مُضَارَّةً۔ نقصان دینا۔ مخالفت کرنا۔ تکلیف پہنچانا۔ ضَارَّ امْرَأَتَهُ: اپنی بیوی پر سوکن لانا۔

ضَرَّرَهُ تَضْرِيْرًا۔ بہت زیادہ نقصان دینا۔

أَضَرَّهُ۔ تکلیف پہنچانا ___ ہ عَلَى الْأَمْرِ: مجبور کرنا۔ أَضَرَّ بِهِ: بہت قریب ہونا ___ إِلَيْهِ و عَلَيْهِ: جلدی کرنا۔ أَضَرَّ بَعْدُوٍ: کچھ تیز دوڑنا ___ عَلَى السَّيْرِ الشَّدِيْدِ: تیز چلنے میں صبر کرنا ___ الرَّجُلُ: سوکن کر کے لانا۔ اندھا ہونا۔

تَضَرَّرَ۔ نقصان پہنچنا۔

إِضْطَرَّهُ۔ إِلَى كَذَا: محتاج کرنا۔ مجبور کرنا۔

أُضْطُرَّ۔ مجبور کیا جانا۔

إِسْتَضَرَّ۔ بِهِ: نقصان پہنچنا۔

الضَّرُّ و الضُّرُّ و الضَّرَر۔ نقصان۔ تنگی۔ سختی بدحالی۔ ج أَضْرَار۔ اور عوام کے استعمال میں ضرّہ چھوٹی چیونٹی کے معنی میں ہے مگر صحیح لفظ (ذَرّ) ہے۔

الضِّرُّ و الضُّرُّ۔ سوکن کر کے لانا۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ ضِرُّ أَضْرَارٍ" یعنی مصیبتوں میں ایک مصیبت ہے۔

الضَّرَّاء۔ سختی۔ قحط۔ جانی و مالی نقصان۔

الضُّرَّة۔ جانی و مالی نقصان۔

الضَّرَّة۔ حاجت۔ تنگ حالی۔ تکلیف۔ پستان کی جڑ۔ پستان۔ تھن۔ مال کثیر۔ ضَرَّةُ الْمَرْأَةِ۔ سوکن۔ ج ضَرَائِر۔ کہا جاتا ہے "بَيْنَهُمْ دَاءُ الضَّرَائِرِ" یعنی ان کے درمیان حسد ہے۔ الضَّرَّتَانِ: چکی کے دونوں پاٹ۔

الضَّارُّ: نقصان پہنچانے والا۔ یہ اللہ تعالیٰ کے اسماءِ حسنیٰ میں سے ہے۔

الضَّرُوْرَة و الضَّارُوْرَة و الضَّارُوْرُ و الضَّارُوْرَاء۔ حاجت۔ الضَّارُوْرَة بمعنی ضرر۔

الضَّرَارَة۔ اندھا ہونا۔ جانی و مالی نقصان۔

الضَّرِيْر۔ اندھا۔ لاغر مریض۔ نقصان زدہ۔ ج أَضِرَّاء و أَضْرَار مؤنث ضَرِيْرَة۔ ج ضَرَائِر۔

الضَّرِيْر۔ غیرت۔ مخالفت۔ صبر۔ وادی کا کنارا۔ نفس۔ بقیہ جسم۔ صابر۔ کہا جاتا ہے "إِنَّهُ ضَرِيْرٌ وَ ذُوْ ضَرِيْرٍ عَلَى الشَّيْءِ" یعنی جب کہ صابر ہو "نَاقَةٌ ذَاتُ ضَرِيْرٍ" یعنی دیر میں تھکنے والی۔

الضَّرُوْرِيّ۔ جس پر انسان کو مجبور کیا جائے۔ جس میں اختیار مسلوب ہو اور منطقیوں کی اصطلاح میں بمعنی بدیہی۔

التَّضِرَّة و التَّضُرَّة۔ بدحالی۔

الْمَضَرَّة۔ نقصان۔ ج مَضَارّ۔

ضَرَأَ (ف) ضَرْءًا۔ الشَّيْءُ: مخفی ہونا۔ چھپنا۔

إِنْضَرَأَتْ إِنْضِرَاءً۔ الْإِبِلُ: اونٹوں میں موت کا واقع ہونا ___ الشَّجَرَةُ: درخت کا خشک ہونا۔

ضَرَبَ (ض) ضَرْبًا۔ الشَّيْءُ: متحرک ہونا۔ ___ الْعِرْقُ: رگ کا پھڑکنا ___ الْجُرْحُ أَوِ الضِّرْسُ: زخم یا داڑھ میں درد ہونا ___ الْعَقْرَبُ: بچھو کا ڈنک مارنا ___ اللَّيْلُ: رات طویل ہونا ___ الزَّمَانُ: گزرنا ___ الطَّيْرُ: پرندہ کا خوراک کی تلاش میں جانا ___ ہ: مارنا ___ ہ الْبَرْدُ: سردی لگنا۔ ضَرَبَ الْخَيْمَةَ: خیمہ قائم کرنا۔ ضَرَبَتِ الْعَنْكَبُوْتُ نَسِيْجَهَا: مکڑی کا جالا تننا۔ ضَرَبَ الْأَجَلَ: مدت مقرر کرنا ___ الْمَثَلَ: مثال بیان کرنا ___ الدِّرْهَمَ: درہم پر ٹھپہ لگانا ___ الْخَاتَمَ: انگوٹھی ڈھالنا ___ الصَّلَاةَ: نماز قائم کرنا ___ الشَّيْءَ بِالشَّيْءِ: ملانا ___ الْحَاسِبُ كَذَا فِي كَذَا: ضرب دینا ___ الْجِزْيَةَ عَلَيْهِمْ: جزیہ مقرر کرنا ___ عَلَيْهِمُ الذِّلَّةَ: ذلت کو لازم کر دینا ___ لَهُ سَهْمًا مِنْ مَالِهِ: مال سے حصہ مقرر کرنا ___ عَلَى يَدِهِ: روک دینا ___ الْقَاضِيْ عَلَى يَدِهِ: قاضی کا کسی کو تصرف سے منع کر دینا۔ ضَرَبَ بِنَفْسِهِ الْأَرْضَ: اقامت کرنا۔ سفر کرنا ___ فِي الْمَاءِ: تیرنا ___ بَيْنَهُمْ: فساد کرا دینا ___ فُلَانًا عَنْ فُلَانٍ: روک دینا۔ منع کر دینا ___ بِيَدِهِ: اشارہ کرنا ___ عَنْ فُلَانٍ كَذَا: روک لینا ___ الدَّهْرُ بَيْنَنَا: جدا کر دینا ___ بِالْقِدَاحِ: تیروں کو گھمانا ___ عَلَى أُذُنِهِ: سننے سے منع کرنا ___ عَلَى الْمَكْتُوْبِ: مہر لگانا ___ فِي الْبُوْقِ: بگل بجانا ___ إِلَيْهِ: مائل ہونا۔ کہا جاتا ہے "ضَرَبْتُ عَنْهُ صَفْحًا" یعنی میں نے اعراض کیا اور اس کو چھوڑ دیا و "ضَرَبْتُ عَنْهُ جَرْوَتِي" میں نے اس سے بے رغبتی کی اور اس سے باز رہا و "ضَرَبَ بِذَقَنِهِ الْأَرْضَ" یعنی بزدلی کی اور خوف کیا و "ضَرَبَ فِي الْأَرْضِ ضَرْبًا و

ضَرَبَانًا: تجارت یا غزوہ کے لیے سفر کرنا۔

ضَرِبَ (س) ضَرَبًا۔ النَّبَاتُ: نباتات کا سردی یا ہوا سے مرجھا جانا۔

ضُرِبَتِ الْأَرْضُ: زمین پر کہرا پڑنا۔

ضَرَّبَهُ۔ بہت مارنا ___ الشَّيْئَ بِالشَّيْئِ: ملانا ___ الْمِظَلَّةَ بِالْخُيُوطِ: چھتری کو دھاگے سے مضبوط کرنا ___ ہ النَّجَّادُ الْمُضَرَّبَةَ: درزی کا رضائی کو سینا ___ ضَرَّبَتْ عَيْنُهُ: آنکھوں کا دھنس جانا۔ ضَرَّبَ بَيْنَهُمْ: بھڑکا دینا ___ عَلَى الْحَرْبِ: برانگیختہ کرنا۔ ترغیب دینا۔ ولاور کرنا۔

ضَارَبَهُ مُضَارَبَةً وَضِرَابًا۔ ایک دوسرے پر تلوار مارنا۔ مارنے میں بڑھ جانا۔ ایک دوسرے کو مارنا۔ ضَارَبَهُ وَ ضَارَبَ لَهُ فِي الْمَالِ وَ بِالْمَالِ: کسی کے مال سے تجارت کرنا اور نفع میں شریک ہونا۔

اضرب في المكان: اقامت کرنا۔ سر جھکانا ___ عَنْهُ: اعراض کرنا ___ الْقَوْمُ: پالے سے ڈھک جانا ___ الْخُبْزُ: پکنا۔ کہا جاتا ہے "أَضْرَبَ جَأْشًا لِلْأَمْرِ كَذَا" یعنی اس نے فلاں کام پر اپنے آپ کو مستقل کر لیا۔

تَضَرَّبَ۔ الشَّيْئُ: متحرک ہونا۔ موج مارنا۔

تَضَارَبَ۔ الْقَوْمُ: ایک دوسرے کو مارنا۔

إِضْطَرَبَ۔ متحرک ہونا۔ موج مارنا۔ ایک دوسرے کو مارنا ___ الْأَمْرُ: خلل پذیر ہونا۔ الْقَوْمُ: ایک دوسرے کو مارنا ___ فِي أَمْرِهِ: متردد ہونا۔ کہا جاتا ہے اِضْطَرَبَ حَبْلُهُمْ یعنی ان کا کلمہ مختلف و متفرق ہو گیا ___ مِنْ كَذَا: تنگ دل ہونا ___ فُلَانٌ: حصہ مقرر کرنے کا سوال کرنا۔ کہا جاتا ہے "اِضْطَرَبْتُ خَاتِمًا مِنْ ذَهَبٍ" یعنی میں نے سونے کی انگوٹھی بنانے کے لیے کہا۔

اِسْتَضْرَبَ۔ الْعَسَلُ: شہد کا سفید اور گاڑھا ہونا۔

الضَّرْبُ۔ مثل۔ شکل۔ قسم۔ ج أَضْرَاب۔ خفیف بارش۔ کہا جاتا ہے "مَطَرٌ ضَرْبٌ" ایسا آدمی جس کی مار کا نشان باقی رہے ___ فِي الْعَرُوضِ۔ فن عروض کی اصطلاح میں شعر کے مصرعہ ثانی کا آخری جز۔ ج ضُرُوبٌ وَأَضْرُبٌ وَأَضْرَابٌ۔ دِرْهَمٌ ضَرْبٌ: ٹھپہ لگا ہوا درہم۔ دَارُ الضَّرْبِ: ٹکسال۔

الضَّرَبُ والضُّرْبُ۔ سفید گاڑھا شہد۔

الضَّرْبَةُ۔ اسم مرۃ۔ دفعتاً واحدۃ۔ کہا جاتا ہے "لَا آخُذُ مَالِي عَلَيْكَ إِلَّا ضَرْبَةً وَاحِدَةً" یعنی میرا مال جو تمہارے ذمہ ہے اس کو ایک ہی دفعہ لوں گا۔ آفت۔ فساد۔

الضَّرَبَانُ۔ مص۔ ضَرَبَانُ الدَّهْرِ: زمانے کے حوادث۔

الضروب و الضَّرِبُ۔ مارنے والا۔

الضَّرَّابُ۔ زیادہ مارنے والا۔

الضَّارِبُ۔ قا۔ پست جگہ جس میں درخت ہوں۔ وادی کے مشابہ۔ تاریک رات جس کی تاریکی محیط ہو۔ ج ضَوَارِب۔ الطَّيْرُ الضَّوَارِبُ: خوراک تلاش کرنے والے پرندے۔

الضَّرِيبُ۔ مارنے والا۔ ج ضُرَبَاءُ ___ پٹا ہوا۔ ج ضَرْبَى ___ قسم۔ مثل۔ شکل۔ حصہ۔ آدمی کی ہیئت۔ برف پالا۔ ج ضَرَائِب۔

الضَّرِيبَةُ۔ طبیعت۔ عادت۔ کہا جاتا ہے "هٰذِهِ ضَرِيبَتُهُ الَّتِي ضُرِبَ عَلَيْهَا" یعنی یہ اس کی عادت ہے جس پر وہ پیدا کیا گیا ہے۔ تلوار سے مارا ہوا۔ بدن کا وہ حصہ جہاں مار واقع ہو۔ جزیہ ___ مِنَ السَّيْفِ: دھار ___ مِنَ الصُّوفِ وَ نَحْوِهِ: اون یا روئی کی پونی۔ ج ضَرَائِب۔

الْمَضْرِبُ۔ مارنے کی جگہ یا وقت۔ اصل (___ وَالْمَضْرَبُ) تلوار یا اس کی دھار۔ ہڈی جس میں گودا ہو۔ ج مَضَارِب۔

الْمِضْرَبُ وَالْمِضْرَابُ۔ مارنے کا اوزار۔ زخم۔ بہت مارنے والا۔ الْمِضْرَبُ: بڑا خیمہ۔ ج مَضَارِب۔

الْمُضْرِبُ وَ الْمُضْرِبَةُ مِنَ الْحَيَّاتِ: غیر متحرک سانپ۔

مَضْرِبَةُ السَّيْفِ وَمَضْرَبَتُهُ۔ تلوار کی دھار۔

بِسَاطٌ مُضَرَّبٌ۔ سلا ہوا بچھونا۔

الْمُضَرَّبَةُ۔ دلائی۔ رضائی۔

ضَرَجَ (ن) ضَرْجًا۔ الشَّيْئَ: پھاڑنا ___ الثَّوْبَ بِالدَّمِ: خون میں لتھیڑنا ___ الشَّيْئَ إِلَى الْأَرْضِ: ڈالنا۔

ضَرَّجَهُ۔ لتھیڑنا ___ ضَرَّجَ الثَّوْبَ: سرخ رنگنا جو گلابی سے کچھ زائد ہو ___ الْأَنْفَ بِالدَّمِ: خون آلود کر دینا ___ الْكَلَامَ: آراستہ کرنا ___ الْإِبِلَ: لوٹ میں دوڑانا۔

ضَرَّجَ وَأَضْرَجَ۔ الْجَيْبَ: لٹکانا۔

تَضَرَّجَ۔ پھٹنا ___ الزَّهْرُ: پھول کا کھلنا ___ الشَّيْئُ: لت پت ہونا ___ الْخَدُّ: رخسارہ کا سرخ ہونا ___ الْمَرْأَةُ: عورت کا بناؤ سنگھار کرنا۔

اِنْضَرَجَ۔ پھٹنا ___ لَنَا الطَّرِيقُ: کشادہ ہونا ___ مَا بَيْنَ الْقَوْمِ: دوری ہونا۔

اِنْضَرَجَتِ الْعُقَابُ: شکار پر ٹوٹ پڑنا۔

الضَّرِيجُ۔ ہلکا سرخ رنگا ہوا۔ عَدْوٌ ضَرِيجٌ۔ تیز دوڑ۔

الْإِضْرِيجُ۔ زرد رنگ کی چادر۔ سرخ ریشم۔ سرخ رنگ۔ تیز دوڑنے والا گھوڑا۔

الْمِضْرَجُ۔ پرانا مستعمل کپڑا۔ ج مَضَارِج

الْمَضَارِجُ: شقیں۔

عَيْنٌ مَضْرُوجَةٌ۔ بڑی خوبصورت آنکھ۔

الضِّرْجَعُ۔ چیتا۔ ج ضَرَاجِع۔

ضَرَحَ (ف) ضَرْحًا۔ الشَّيْئَ: پھاڑنا۔ علیحدہ کرنا۔ دفع کرنا۔ کہا جاتا ہے "ضَرَحَ شَهَادَةَ فُلَانٍ عَنِّي" یعنی فلاں کی شہادت کو رد کر دیا۔ "ضَرَحْتُ عَنِّي الثَّوْبَ" میں نے کپڑے کو اتار دیا۔ الْقَبْرَ: قبر کھودنا۔ ضَرَحَ لِلْمَيِّتِ: میت کیلئے صندوقی قبر بنانا۔

ضَرَحَتْ (ن) ضُرُوحًا وَضَرْحًا۔ السُّوقُ: کساد بازاری ہونا ___ ضَرْحًا وَضِرَاحًا۔ الدَّابَّةُ بِرِجْلِهَا۔ دولتی مارنا۔

ضَارَحَهُ۔ ایک دوسرے کو گالی دینا۔ تیر مارنا۔ قریب ہونا اور مقابل ہونا۔

أَضْرَحَهُ۔ فاسد کرنا۔ دور کرنا۔ أَضْرَحَ السُّوقَ: کساد بازاری کرنا۔

اِنْضَرَحَ۔ الشَّيْئُ: پھٹنا ___ مَا بَيْنَ الْقَوْمِ۔ دوری ہو جانا۔ تعلقات کا ختم ہو جانا۔

اِضْطَرَحَ۔ الشَّيْئَ: ڈال دینا۔ پھینک دینا۔

الضُّرَاح- چوتھے آسمان میں ﴿بیت المعمور﴾

الضَرْح- مص- کھال- دُوری- وحشت-

الضَرَح- خراب آدمی- نِيَّةٌ ضَرَحٌ : دُور دراز کا ارادہ-

الضَرُوح مِنَ الدَّوَابِّ : دولتی مارنے والا جانور- قَوْسٌ ضَرُوحٌ : زور سے پھینکنے والی کمان-

الضَرِيح- دور- قبر- ج ضَرَائِح-

المُضَرَّح والمَضْرَحِيّ- شکرہ- لمبے ڈینے کا گدھ- المَضْرَحِيُّ : فیاض سردار- سفید چیز-

ضَرَسَ (ض) ضَرْسًا- الشَيْئَ : ڈاڑھ سے سخت کاٹنا- کہا جاتا ہے "ضَرَسَهُ الدَهْرُ" یعنی زمانہ نے اس پر مصیبت ڈالی- "ضَرَسَتْهُ الخُطُوبُ" حوادث نے اس کو کچل دیا- ضَرَسَ البِئْرَ : پتھروں سے کنوئیں کا من بنانا ___ الرَجُلُ : رات تک خاموش رہنا-

ضَرِسَتْ (س) ضَرَسًا- الاَسْنَانُ : دانت کھٹے ہونا-

ضَرَّسَهُ- الزَمَانُ : زمانہ کا سخت ہونا- ضَرَّسَهُ الحُرُوبُ او الاَيَّامُ : تجربہ کار کردینا-

اَضْرَسَ- الحَامِضُ الاَسْنَانَ : ترشی کا دانتوں کو کھٹا کر دینا ___ هُ : رنجیدہ کرنا ___ بِالكَلَامِ : خاموش کردینا-

ضَارَسَهُ- لڑائی کرنا- دشمنی کرنا- ضَارَسَ الاُمُوْرَ : تجربہ کرنا اور پہچاننا-

تَضَارَسَ- القَوْمُ : ایک دوسرے سے دشمنی کرنا- ایک دوسرے سے جنگ کرنا- البِنَاءُ : ناہموار ہونا-

الضِرْس- ڈاڑھ کے دانت- ج اَضْرَاس-

الضَرْس- ٹیلہ جس پر چڑھنا دشوار ہو- پتھر جس سے کنوئیں کا من بنایا گیا ہو- ہلکی بارش- ج ضُرُوس-

الضَرِس- سخت مزاج- بھوک کی وجہ سے غضبناک- تجربہ کار- مسافر- جنگجو-

الضَرُوس- مِنَ النُوقِ : وہ اونٹنی جو دوہنے والے کو کاٹ کھائے- حَرْبٌ ضروس : سخت جنگ-

الضَرِيس- پتھر کا من بنا ہوا کنواں- ریڑھ کی ہڈی- بہت بھوکا- ج ضَرَاسِی-

المُضَرَّس- مصیبت زدہ- مِنَ الوَشْيِ : وہ کپڑا جس پر دانت کی طرح نقش ونگار بنے ہوں- کہا جاتا ہے "فِي اليَاقُوتَةِ تَضْرِيسٌ" یاقوت میں ناہمواری- ج تَضَارِيس- تَضَارِيسُ الاَرْضِ : زمین میں دانت کے مانند نکلی ہوئی بلندیاں-

الضَرْضَم- شیر- نر درندے-

ضَرَطَ (ض) ضَرْطًا وضَرِطًا وضُرَاطًا وضَرِيْطًا- گوز کرنا-

ضَرِطَ (س) ضَرَطًا- ہلکی ڈاڑھی اور باریک ابرو والا ہونا- صفت اَضْرَط-

ضَرَّطَ واَضْرَطَ- الحِمَارُ : بہت گوز کرنا- ضَرَّطَ واَضْرَطَ الحِمَارَ : گدھے سے اتنا کام لینا کہ گوز نکل پڑے- "ضَرَّطَ واَضْرَطَ بِفُلَانٍ" ٹھٹھے کے طور پر گوز کی آواز منہ سے نکالنا-

الضَرَّاط والضَرُوْط والضِرَّوْط- گوز کرنے والا- زیادہ گوز کرنے والا-

الضُرَّيْط- موٹا- کہا جاتا ہے "كَبْشٌ ضُرَّيْطٌ و نَعْجَةٌ ضُرَّيْطَةٌ" امثلہ عرب میں سے ہے "الاَخْذُ سُرَّيْطٌ والقَضَاءُ ضُرَّيْطٌ يَا الاَخْذُ سُرَّيْطَى والقَضَاءُ ضُرَّيْطَى يا الاَخْذُ سِرِّيْطَى والقَضَاءُ ضِرِّيْطَى يَا الاَخْذُ سُرَّيْطَاء والقَضَاءُ ضُرَّيْطًا" یعنی قرض کو لے کر نگل لیتا ہے اور ادا کرنے میں گوز کرتا ہے-

اَوْدَى البَعِيْرُ اِلَّا ضَرِطًا- مثال ہے اس شخص کے حق میں بولتے ہیں جو ذلیل وخوار ہوگیا ہو اور سب کچھ ضائع ہوگیا ہو اور جو باقی رہا ہو اس سے کچھ نفع حاصل نہ ہو-

اَضَرِطًا واَنْتَ الاَعْلَى- مثال ہے قوی کے لیے جو باوجود قدرت کے کمزور سے دبتا ہو-

الضُرَاط والضَرِيْط- گوز-

الضِرْطِم- بڑے پیٹ والا-

ضَرَعَ (ن) ضُرُوْعًا- مِنَ الشَيْئِ : قریب ہونا ___ الشَمْسُ : آفتاب کا غروب ہونا یا غروب ہونے کے قریب ہونا-

ضَرَعَ (ن) ضَرْعًا- فَرَسَهُ : سدھانا-

ضَرَعَ (ف) ضَرَاعَةً وضَرِعَ (س) ضَرَعًا و ضَرُعَ (ک) ضَرَاعَةً- کمزور ہونا- اِلَيْهِ : فروتنی کرنا- صفت ضَارِع وضَرِعٌ- ج ضَارِعُوْنَ و ضُرُوْع وضَرَعَة-

ضَرَّعَ- مِنْ فُلَانٍ : چپکے چپکے قریب آنا- ضَرَّعَتِ الشَمْسُ : غروب ہونا یا غروب ہونے کے قریب ہونا ___ القِدْرُ : ہانڈی کا پکنے کے قریب ہونا- ضَرَّعَ الرُّبَّ : شیرہ کا اچھی طرح نہ پکنا-

ضَارَعَهُ- مشابہ ہونا- ضَارَعَتِ الشَمْسُ : آفتاب کا ڈوبنے کے قریب ہونا ___ القِدْرُ : ہانڈی کا پکنے کے قریب ہونا-

اَضْرَعَتِ الشَاةُ : بکری کے تھن کا ظاہر ہونا یا بڑا ہونا- صفت ضَرْعَاء و ضُرُوْع و ضَرِيْعٌ وضَرِيْعَةٌ : بچے کی پیدائش سے پہلے بکری کا دودھ اترنا- اَضْرَعَ الرَجُلَ : ذلیل کرنا ___ لِفُلَانٍ مَالًا کسی کے لیے مال خرچ کرنا ___ الحُمَّى فُلَانًا- کمزور کردینا- مثال ہے الحُمَّى اَضْرَعَتْنِي لِلنَّوْمِ اس شخص کے بارے میں کہتے ہیں جو حاجت کے وقت ذلت برداشت کرے-

اَضْرَعَتْهُ الحَاجَةُ اِلَى فُلَانٍ : مجبور کردینا-

تَضَرَّعَ- ذلیل ہونا- چپکے چپکے قریب آنا ___ اِلَى اللهِ : عاجزی سے دعا کرنا ___ الظِلُّ : سائے کا سمٹنا-

تَضَارَعَا- ایک دوسرے کے مشابہ ہونا-

اِسْتَضْرَعَ- لَهُ : انکساری کرنا، ذلیل ہونا-

الضَرْع- تھن- ج ضُرُوْع-

الضِرْع- مثل- رسی کی لٹ- ج ضُرُوْع-

الضَرَع- مص- کمزور- بزدل- کہا جاتا ہے "رَجُلٌ ضَرَعٌ وقَوْمٌ ضَرَعٌ"

الضَارِع- لاغر- کمزور- چھوٹا-

الضَرْعَاء والضَرِيْعَة- مِنَ الشَاءِ والبَقَرِ : بڑے تھن والی-

الضَرُوْع- بڑے تھن والی- عاجز وذلیل-

الاَضْرَع- لاغر- کمزور- چھوٹا-

المُضَارِع- مشابہ- افعال میں سے ایک فعل ہے جو حال اور استقبال پر دلالت کرتا ہے اور ماضی کے صیغے پر حرف (اتین) میں سے ایک حرف بڑھانے سے بنتا ہے- علم عروض کی ایک

بحر کا نام۔

ضَرْغَمَ و تَضَرْغَمَ۔ شیر جیسا کام کرنا۔ شیر کے مشابہ ہونا۔

الضَرْغَم۔ شیر۔ ج ضَرَاغِم۔

الضِرْغَام و الضِرْغَامَة۔ شیر۔ بہادر۔ قوی۔

الضَرْف۔ عِنْدَ العَامَّةِ : گھی تیل وغیرہ کے لیے چمڑے کا برتن اور صواب ظرف ہے اور اس کے مرادف زق ہے۔

الضُرْفَة۔ کثرت۔

ضَرْفَطَهٗ۔ بِالحَبْلِ : رسّی سے باندھنا۔ مضبوط کرنا۔

ضَرُكَ (ك) ضَرَاكَةً۔ بیوقوف ہونا۔

الضَرِيك۔ احمق۔ اندھا۔ لنجا۔ بدحال فقیر۔ مذکر گدھ۔ ج ضَرَائِك و ضُرَكَاء۔

الضُرَاك۔ موٹا آدمی۔ مضبوط و توانا آدمی۔ شیر۔

ضَرِمَ (س) ضَرَمًا۔ بھوک یا غصّہ سے بھڑکنا۔ ضرمت النَّارُ : آگ کا مشتعل ہونا ــــ عَلَيْهِ : غصّہ سے بھڑک اٹھنا ــــ فِي الطَعَامِ : کھانے کو بالکل صاف کر دینا اور کچھ نہ چھوڑنا۔

اَضْرَم و ضَرَّم و اِسْتَضْرَمَ النَّارُ : آگ روشن کرنا۔ مشتعل کرنا۔ بھڑکانا۔

اِضْطَرَمَت و تَضَرَّمَتِ النَارُ : مشتعل ہونا۔ تَضَرَّم الرَجُلُ عَلَيْهِ : غصّہ سے بھڑک اٹھنا۔

اِضْطَرِمَ المَشِيْبُ : بڑھاپا آجانا۔

الضُرْم و الضِرْم۔ ایک خوشبو دار درخت جس کا پھل بلوط کے مانند اور پھول سعتر کے مانند ہوتا ہے۔ الضِرْم : عقاب کا بچّہ۔

الضَرَم۔ بھوک کی وجہ سے غصّہ۔ ایندھن۔ اسی سے مثال ہے "نَفَخْتَ فِيْ غَيْرِ ضَرَمٍ" جبکہ بے فائدہ کام کرے۔

الضَرِم۔ بھوکا۔ عقاب کا بچّہ۔ تیز دوڑنے والا گھوڑا۔

الضَرَمَة۔ چنگاری۔ آگ۔ ج ضَرَم۔ کہا جاتا ہے "مَا فِيْ الدَارِ نَافِخُ ضَرَمَةٍ" یعنی گھر میں کوئی نہیں۔

الضِرَام۔ بھڑک۔ جلن۔ کھورا۔ چھپٹی۔ کشادہ زمین۔

الضِرَامَة۔ لکڑی جو مشتعل ہو۔ مظلم کا درخت۔

الضَرِيْم۔ جلا ہوا۔

الضِرْيَمْ۔ ایک درخت کا گوند۔

ضَرَا يَضْرُو ضُرُوًّا۔ العرقُ : رگ کا خون بہانا جو بند نہ ہو ــــ الرَجُلُ : چھپنا۔

ضَرِيَ يَضْرَىٰ ضَرَاوَةً و ضَرىً و ضَرْيًا و ضَرَاءَةً بِالشَئِ : حریص ہونا (ــــ ضَرىً و ضِرَاءً و ضَراءً) الكَلْبُ بِالصَيْدِ : کتے کا شکار پر خوگر ہونا مع گوشت خون کے چٹ کر جانا۔ صفت ضَرِيٌ و ضَارٍ۔ مؤنث ضَارِيَةٌ۔ ج ضَوَارٍ۔ ضَرِيَ النَبِيْذُ : جھاگ والا ہونا۔

ضَرَّىٰ و اَضْرَىٰ۔ الكَلْبَ بِالصَيْدِ : شکار پر کتے کو بھڑکانا۔ اَضْرَىٰ الرَجُلُ : جھاگ والی نبیذ پینا۔

اِسْتَضْرَىٰ۔ لِلْصَيْدِ : شکار کو بے خبری میں پکڑنا۔

الضَرَاء۔ مص۔ گنجان درخت۔ وسیع میدان۔ پوشیدگی۔ کہا جاتا ہے "هُوَ يَمْشِي الضَرَاء" یعنی وہ درختوں میں چھپ چھپ کر چل رہا ہے۔

الضَرَىٰ۔ مص۔ لڑائی کی شدت۔

الضِرْو۔ شکار کا عادی کتا۔ مؤنث ضِرْوَة۔ ج ضِرَاء و اَضْرٍ۔ ایک قسم کا درخت۔

الضَرِيُّ۔ ایک قسم کی نبیذ۔

الضَوَارِي۔ جمع ضَارِي ــــ مِنَ الحَيَوَانَاتِ۔ درندے جیسے شیر، چیتا وغیرہ۔

ضَرَىٰ يَضْرِي ضَرْيًا۔ العِرْقُ بِالْدَمِ : رگ کا خون بہانا۔ صفت ضَرِيّ۔

ضَزَّ (س) ضَزَزًا۔ بد خلق ہونا۔

اَضَزَّ عَلَيْه : بخل کرنا۔ اَضَزَّهٗ : پیسنا۔

الاَضَزّ۔ بد خلق۔ تنگ جبڑے والا۔ وہ شخص جس کے اوپر نیچے کی ڈاڑھیں مل گئی ہوں جس کی وجہ سے صاف گفتگو نہ کر سکے۔ ج ضُزٌّ۔

المُضِزّ۔ بد خلق۔ غضبناک۔

ضَزَنَهٗ (ن ض) ضَزْنًا۔ جو چاہتا ہے وہ نہیں بلکہ جو کچھ ہاتھ میں ہو اس پر قبضہ کر لینا۔

تَضَازَنَ۔ الْقَوْمُ : آپس میں ایک دوسرے سے لینا دینا اور غلبہ کرنا۔

الضَيْزَن۔ قابل اعتبار نگہبان۔ آل و اولاد۔ شرکاء۔ پانی لیتے ہوئے جھگڑا کرنے والا۔

ضَعْفَعَهٗ۔ زمین تک ڈھا دینا۔

تَضَعْضَعَ۔ فروتنی کرنا۔ ذلیل ہونا۔ ضعیف ہونا۔ مریض یا غم کی وجہ سے دبلا ہونا ــــ مَالُهٗ : کم ہونا۔ کہا جاتا ہے "تَضَعْضَعَ بِهِ الدَهْرُ" یعنی زمانہ نے اس کو ذلیل کر دیا۔

الضَعْضَع و الضَعْضَاع۔ کمزور۔ بغیر رائے اور تدبیر کا آدمی۔

الضَعْضَعَة۔ مص۔ شدت۔ فروتنی۔ خاکساری۔

ضَعَطَهٗ (ف) ضَعْطًا۔ ذبح کرنا۔

ضَعَفَ (ن) ضَعْفًا و ضُعْفًا و ضَعُفَ (ك) ضَعَافَةً و ضَعَافِيَةً۔ کمزور ہونا۔

ضَعَفَ (ف) ضَعْفًا۔ الْقَوْمَ : زیادہ کرنا ــــ الشَئَ : دوچند کرنا۔

ضَعَّفَهٗ۔ دوچند کرنا۔ کمزور کرنا۔

ضَعَّفَ الحَدِيْثَ : ضعف کی طرف نسبت کرنا (ــــ و تَضَعَّفَهٗ و اسْتَضْعَفَهٗ) ضعیف سمجھنا۔

اَضْعَفَهٗ۔ دوچند کرنا۔ کمزور کرنا۔ صفت مفعولی مَضْعُوْف۔ قیاس کے مطابق مُضْعَف ہونا چاہئے تھا اور یہ ایسا ہی ہے جیسے "اَسْعَدَهُ اللّٰه" سے مَسْعُوْد نہ کہ مُسْعَد۔ اَضْعَفَ الرَجُلُ : کمزور جانور کا مالک ہونا۔

ضَاعَفَهٗ۔ دوچند کرنا۔

تَضَاعَفَ۔ دوچند ہونا۔

الضَعْف و الضُعْف۔ کمزوری۔

ضِعْفُ۔ الشَئِ : دوچند اور یا دوچند سے زیادہ جو غیر محصور ہے پس ان کے قول "لَكَ ضِعْفُهٗ" کا مطلب یہ ہے کہ تمہارے لیے دوچند یا سہ چند یا اس سے بھی زیادہ ہے۔ ج اَضْعَاف اَضْعَافُ الكِتَابِ : کتاب کی سطور کا فاصلہ۔ الاَضْعَاف مِنَ الجَسَدِ : اعضاء جسم یا ہڈیاں۔

الضَعَف۔ کمزوری۔ عقل و رائے کی کمزوری۔

الضَعْفَان۔ کمزور۔ ج ضَعَافیٰ۔

الضَعُوْف۔ کمزور۔

الضَعِيْف۔ کمزور۔ ج ضِعَاف و ضُعَفَاء و ضَعَفَة و ضَعْفیٰ مؤنث ضَعِيْفَة۔ الضَعِيْفُ مِنَ الكَلَامِ و رجہٗ فصاحت سے گرا ہوا کلام۔

المُضَاعَفَةُ۔ مِنَ الدُرُوْعِ : ایسی زرہ جس کے

حلقے دُہرے دُہرے ہوں۔
اَرْضٌ مُضَغَّفَة۔ زمین جس پر ہلکی بارش ہوئی ہو۔
ضَغِلَ (س) ضَغَلاً۔ ماں باپ کے قریب النسب ہونے سے بچے کا دُبلا ہونا۔
ضَغَا يَضْغُوْ ضَغْوًا۔ پوشیدہ ہونا۔
اَضْغَّ۔ الْقَوْمُ: سرسبز باغ میں ہونا۔ فراخ دستی کی زندگی بسر کرنا۔ اَضْغَّتْ وَاِضْطَغَّتِ الْاَرْضُ۔ سبزہ زار ہونا۔
الضَغِيْغ۔ تروتازگی۔
الضَغِيْغَة۔ سرسبز باغ۔ فراخ دستی کی زندگی۔ پتلا خمیر۔ لوگوں کی مخلوط جماعت۔
ضَغَبَ (ف) ضَغْبًا۔ بھیڑیے یا خرگوش کی طرح آواز کرنا۔ گھبرا دینا۔
الضَغِيب و الضُغَاب۔ خرگوش اور بھیڑیے کی آواز۔
الضَغْبُوس۔ لومڑی کا بچہ۔ کمزور مرد۔ ککڑی کھیرا۔ ہلیون کی مانند ایک سبزی۔ ج ضَغَابِيْس۔
ضَغَثَ (ف) ضَغْثًا۔ الحَدِيْثَ: ملانا۔ کپڑے کو دھونا اور صاف نہ کرنا ___ الشَيْئَ: جمع کرنا۔
اَضْغَثَ۔ الحَالِمُ الرُّؤْيَا: خواب کو شک سے بیان کرنا۔
ضَغَّثَ۔ النَبَاتَ: سبزی کا اٹھانا۔
اِضْطَغَثَ۔ الحَطَبَ: لکڑی کو اکٹھا کرنا۔
الضِغْث۔ تروخشک گھاس کا مٹھا۔
___ مِنَ الخَبَرِ وَالْاَمْرِ: مخلوط باتیں جن کی کوئی حقیقت نہ ہو۔ ج اَضْغَاث۔ اَضْغَاثُ اَحْلَامٍ: گڑبڑ خواب جن کی کوئی تعبیر نہ دی جا سکے۔
كَلَامٌ ضَغِثٌ وَضَغْثٌ۔ ایسی گفتگو جس میں کوئی خیر نہ ہو۔
التَضْغِيث۔ بارش سے تر زمین یا نباتات۔
ضَغَطَهُ (ف) ضَغْطًا وَاَضْغَطَهُ۔ بھینچنا۔ بھیڑ کرنا۔ تنگی کرنا۔
ضَاغَطَهُ ضِغَاطًا وَ مُضَاغَطَةً۔ ایک دوسرے کو بھینچنا۔ تنگی کرنا۔
تَضَاغَطُوْا۔ تنگی کرنا۔

اِنْضَغَطَ۔ مغلوب ہونا۔
اِضْتَغَطَ۔ عَلَيْهِ: تاوان وغیرہ میں سختی کرنا۔ اور قیاس کے مطابق اضطغط ہے۔
الضُغْطَة۔ تنگی۔ کہا جاتا ہے "اَخَذْتَ فُلَانًا ضُغْطَةً" جبکہ تم تنگی کرو تاکہ کسی شے پر مجبور کرو۔ شدت۔ مشقت۔
الضَغْطَة۔ قہر۔ تنگی۔ مجبوری۔ ضَغْطَةُ القَبْرِ۔ فشار قبر۔
الضَاغِط۔ فا۔ نگہبان۔ امانت دار۔
الضَاغُوْط۔ کابوس (ایک قسم کی بیماری)
الضَغِيْط۔ کمزور رائے والا۔ ج ضَغْطَى مؤنث ضَغِيْطَة۔
المَضْغَط۔ پست زمین۔ ج مَضَاغِط۔
ضَغَلَ ضَغِيْلاً۔ پچھنا لگاتے ہوئے آواز نکالنا۔
الضَغِيْل۔ پچھنا لگانے والے کے منہ کی آواز۔
ضَغَمَ (ف) ضَغْمًا۔ الشَيْئَ وَبِهِ: بھنبھوڑنا۔ کہا جاتا ہے "ضَغَمَهُ ضَغْمَةَ الاَسَدِ" اس نے اسے شیر کی طرح بھنبھوڑ لیا۔
الضُغَامَة۔ دانتوں سے کاٹ کر پھینکی ہوئی چیز۔
الضَيْغَم۔ شیر۔ کاٹنے والا۔ ج ضَيَاغِم۔
الضَيْغَمِيُّ۔ شیر۔
ضَغِنَ (س) ضَغْنًا۔ عَلَيْهِ: کینہ رکھنا ___ اِلَيْهِ: مائل ہونا۔
اِضْطَغَنَهُ۔ بغل کے نیچے لینا۔
اِضْطَغَنَ و تَضَاغَنَ۔ الْقَوْمُ: ایک دوسرے سے کینہ رکھنا۔ کہا جاتا ہے "اِضْطَغَنَ فُلَانٌ عَلٰى فُلَانٍ ضَغِيْنَتَهُ" یعنی کینہ کو پوشیدہ رکھا۔
الضِغْن۔ کینہ۔ شوق۔ میلان۔ کجی۔ بغل۔ جانب۔ پہاڑ کا پہلو۔ ج اَضْغَان۔
الضَاغِنُ و الضَغِن۔ کینہ ور۔ فَرَسٌ ضَاغِنٌ و ضَغِن: اڑیل گھوڑا جو بغیر مارے ہوئے نہ چلے۔
عُوْدٌ ضَغِن: ٹیڑھی لکڑی۔
الضَغِيْنَة۔ کینہ۔ ج ضَغَائِن۔
ضَغَا يَضْغُوْا ضَغْوًا۔ المُقَامِرُ: خیانت کرنا ___ اِلَيْهِ: عاجزی کرنا (___ ضَغْوًا و ضَغَاءً) السِنَّوْرُ: بلی کا میاؤں میاؤں کرنا۔
اَضْغَاهُ اِضْغَاءً۔ میاؤں میاؤں کرنے پر برانگیختہ کرنا۔

تَضَاغَى۔ بھوک یا مار سے بلبلانا۔
الضُغَاء۔ مص۔ ذلیل آدمی کی آواز۔
ضَفَّ۔ (ن) ضَفًّا و ضَفَفًا۔ الْقَوْمُ عَلَى الْمَاءِ او الطَعَامِ: بھیڑ کرنا (___ ضَفًّا) الشَيْئَ۔ جمع کرنا۔
تَضَافَّ۔ الْقَوْمُ: بھیڑ کرنا۔ کم مال والا ہونا۔
ضَفُّ الحَالِ: بدحال۔
الضَفَّة۔ جماعت۔
الضَفَّة و الضِفَّة۔ دریا کا کنارہ۔
___ مِنَ الْبَحْرِ: سمندر کا ساحل۔ ج ضِفَاف۔
الضَفَف۔ مال کی قلت اور اہل و عیال کی کثرت۔ حاجت۔ کمزوری۔ جلدبازی۔
الضَفَافَة۔ بے عقل۔
عَيْنٌ ضَفُوْف۔ بہت پانی والا چشمہ۔
مَاءٌ مَضْفُوْف۔ جس پانی پر بھیڑ زیادہ ہو۔
ضَفَدَهُ (ض) ضَفْدًا۔ طمانچہ مارنا۔
ضَفْدَعَ المَاءُ: پانی کا مینڈکوں والا ہونا ___ الرَّجُلُ: سکڑنا۔ گوز کرنا۔
الضِفْدِع۔ مینڈک۔ ج ضَفَادِع و ضَفَادِي اور یہ کم مستعمل ہے۔ واحد ضِفْدَعَةٌ۔
ضَفَرَ (ض) ضَفْرًا و ضَفَّرَ۔ الحَبْلَ: رسی بٹنا ___ الشَعْرَ: بال گوندھنا۔ ضَفَرَ البِنَاءَ: عمارت کو پتھروں سے بغیر چونے گارے کے بنانا۔ ___ الرَّجُلُ: دوڑنے میں کودنا ___ الدَّابَّةَ: جانور کے منہ میں لگام دینا۔
ضَافَرَهُ۔ عَلَى الْاَمْرِ: مدد کرنا۔
تَضَافَرُوْا۔ عَلَى الْاَمْرِ: ایک دوسرے کی مدد کرنا۔
اِنْضَفَرَ۔ گندھا ہوا ہونا۔ بٹا ہوا ہونا۔ کہا جاتا ہے "اِنْضَفَرَ الحَبْلَانِ" یعنی دونوں رسیاں گندھ گئیں۔
الضَفْر۔ مص۔ کجاوہ کا تنگ۔ گندھے ہوئے بالوں کی ایک پٹی۔ ریت کا بڑا تودہ جو ایک جگہ جمع ہو گیا ہو۔ ج ضُفُوْرٌ و اَضْفَارٌ۔
الضِفَار۔ کجاوہ کا تنگ۔ ج ضُفُر۔
الضَفِرَة۔ ریت کا بڑا تودہ جو ایک جگہ جمع ہو گیا ہو۔ كِنَانَةٌ ضَفِرَةٌ: بھرا ہوا ترکش۔

الضِفِيْر- گندھے ہوئے بالوں کی رسّی- سمندر کا کنارہ- کجاوہ کا تنگ-

الضَفِيْرَة- گندھے ہوئے بالوں کی ایک پٹی- چوٹی- ج ضَفَائِر- کہا جاتا ہے "كِنَانَةٌ ضَفِيْرَةٌ" یعنی بھرا ہوا ترکش-

ضَفَزَ (ن) ضَفْزًا- کودنا ___ فُلَانًا: دفع کرنا- ہاتھ یا پیر سے مارنا ___ الفَرَسَ: گھوڑے کے منہ میں لگام دینا ___ البَعِيْرَ: اونٹ کے منہ میں زبردستی لقمہ دینا-

اِضْطَفَزَه- زبردستی نگلنا-

الضَفَّاز- چغل خور-

الضَفِيْزَة- بڑا لقمہ- ج ضَفَائِز-

ضَفْضَفَة- الْقَوْمِ: جماعت- قوم-

ضَفَطَهٗ (ن) ضَفْطًا- بِالحَبْلِ: رسّی سے باندھنا ___ الرَجُلُ: حاجت پوری کرنا ___ بِسَلْحِهٖ: پاخانہ کرنا-

ضَفُطَ (ک) ضَفَاطَةً- ڈھیلے اور بڑے پیٹ کا ہونا- جاہل اور کمزور رائے کا ہونا-

تَضَافَطَ- اللَحْمُ: گوشت کا گٹھا ہوا ہونا-

الضَفْطَة- جہالت- کمزوری رائے-

الضَافِط- فا- مسافر جس کا سفر دور کا نہ ہو-

الضَافِطَة- مؤنث ضَافِطٌ- بار برداری کا اونٹ- کمینہ آدمی- شتربان-

الضَفَّاط و الضِفِطُّ و الضَفِيْطُ- موٹا ڈھیلا- بڑے پیٹ والا- بیوقوف- کاہل جو قوم کا ساتھ جنگ وغیرہ میں نہ دے- شتربان-

الضُفَّاط- کمینہ آدمی-

الضَفَطَّ- موٹا ڈھیلا- بڑے پیٹ والا-

ضَفَنَ (ض) ضَفْنًا- اِلَيْهِ: کسی کے پاس جاکر بیٹھنا ___ بِحَاجَتِهٖ: حاجت پوری کر دینا- بِرِجْلِهٖ: لات مارنا ___ مَعَ الضَعِيْف: ساتھ آنا ___ بِهِ الْأَرْضَ: زمین پر پٹک دینا ___ فُلَانًا: چوتڑ پر لات مارنا ___ عَلَيْهِ: ظلم کرنا-

تَضَافَنَ- الْقَوْمُ عَلَيْهِ: مل کر مدد کرنا-

الضِفِن و الضِفَنّ- بیوقوف- چھوٹے قد کا موٹا-

ضَفَا يَضْفُوْ ضَفْوًا- الرَأْسُ: سر پر بال بہت زیادہ ہونا ___ الحَوْضُ: حوض کا کناروں سے بہنا ___ الثَوْبُ: کپڑے کا پورا ہونا- صفت ضَافٍ-

الضَفَا- جانب- مثنٰی ضَفَوَان-

ضَفْوَةُ- العَيْشِ: خوش عیشی-

ضَقَّ (ض) ضَقًا- آواز کرنا-

ضَكَّهٗ (ن) ضَكًّا- بھینچنا ___ الأَمْرُ فُلَانًا: تنگ ہونا ___ هُ بِالْحُجَّةِ: مغلوب کرنا-

ضَكَزَهٗ (ن) ضَكْزًا- زور سے چھونا-

الضَكَل- تھوڑا پانی-

الضَيْكَل- بڑے ڈیل ڈول کا- ننگا- فقیر- ج ضَيَاكِل و ضَيَاكِلَة-

الأَضْكَل- ننگا-

ضَلَّ (س ض) ضَلَالًا و ضَلَالَةً- گمراہ ہونا- دین حق یا راہ حق سے ہٹ جانا- صفت ضَالٌّ- ج ضُلَّال و ضَالُّوْنَ ___ الطَرِيْقَ او عَنْهُ: ہدایت نہ پانا ___ الشَيْئُ عَنْهُ: ضائع ہونا: بیکار جانا- ضَلَّ سَعْيُهٗ: کامیاب نہ ہونا ___ الشَيْئُ: تلف ہونا ___ الرَجُلُ: مرنا اور گل سڑ کر مٹی اور ہڈی ہو جانا ___ الرَجُلَ: بھول جانا-

ضَلَّلَهٗ تَضْلِيْلًا و تَضْلَالًا- گمراہ کر دینا- گمراہی کی طرف نسبت کرنا-

اَضَلَّ- الشَيْئَ: ضائع کرنا- ہلاک کرنا- دفن کرنا- غائب کرنا ___ هُ اللّٰهُ: اللہ کا کسی کو گمراہ کر دینا ___ فُلَانٌ فَرَسَهٗ: گھوڑے کا بھاگ جانا اور یہ معلوم نہ ہو کہ کہاں گیا ___ الشَيْئَ او الرَجُلَ: گمراہ پانا اور اسی سے ہے "اَتٰى قَوْمَهٗ فَاَضَلَّهُمْ" یعنی اپنی قوم کے پاس آیا تو ان کو گمراہ پایا-

تَضَالَّ- گمراہی کا دعویٰ کرنا-

اِسْتَضَلَّ- گمراہ ہونے کو کہنا-

الضَلُّ و الضُلُّ و الضَلَال و الضَلَالَة- گمراہی- باطل- ہلاکت- کہا جاتا ہے "هُوَ ضُلُّ بْنُ ضُلٍّ او ضِلُّ بْنُ ضِلٍّ او ضُلُّ اَضْلَالٍ او ضِلُّ اَضْلَالٍ" یعنی وہ گمراہی میں منہمک ہے یا اس کے باپ کا پتہ نہیں یا اس کے اندر خیر نہیں-

الضَلَل- گمراہی- پانی جو پتھروں کے نیچے بہے یا درختوں کے نیچے جس کو کبھی دھوپ نہ لگے-

الضَلَّة- اسم مرة- حیرت- خیر یا شر کے طلب کرنے میں غائب ہونا-

الضِلَّة- گمراہی- کہا جاتا ہے "ذَهَبَ دَمُهٗ ضِلَّةً" یعنی اس کا خون بلا قصاص کے ضائع ہو گیا- "ذَهَبَ ضِلَّةً" یعنی معلوم نہیں کہاں گیا- "هُوَ يَتْبَعُ ضِلَّةً" یعنی وہ مصیبت ہے "هُوَ يَلُوْمُنِیْ ضِلَّةً" یعنی ملامت کرنے میں اسے ہدایت کی توفیق نہیں ہوئی-

الضُلَّة- کامل رہنمائی- کہا جاتا ہے "دَلِيْلٌ بِهٖ ضُلَّةٌ" یعنی ایسا رہنما ہے جس کے اندر کامل رہنمائی ہے-

الضَالَّة- مؤنث ضَالٌّ- گم شدہ چیز جس کے پیچھے تم پھر رہے ہو- ج ضَوَالُّ-

الضِلِّيْل- بہت زیادہ گمراہ-

الأُضْلُوْلَة- گمراہی- ج اَضَالِيْل-

المَضَلّ- جس میں لوگ گمراہ ہو جائیں-

المُضِلُّ- فا- سراب-

المَضَلَّة و المَضِلَّة- گمراہی- اَرْضٌ مَضَلَّةٌ و مَضِلَّةٌ: زمین جس میں راستہ بھول جائیں اور جمع کیلئے کہا جاتا ہے "اَرْضُوْنَ مَضَلَّات-"

المُضَلَّل- بہت زیادہ گمراہ- گمراہی کے پیچھے بہت زیادہ پڑنے والا جس کو خیر کی توفیق نہ دی گئی ہو-

ضَلُعَ (ک) ضَلَاعَةً- قوی مضبوط پسلیوں والا ہونا- صفت ضَلِيْع-

ضَلَعَ (ف) ضَلْعًا- الشَيْئُ: ٹیڑھا ہو جانا- صفت ضَالِعٌ ___ الرَجُلَ: پسلی پر مارنا ___ عَلَيْهِ: ظلم کرنا-

ضَلِعَ (س) ضَلَعًا و ضَلْعًا- پیدائشی ٹیڑھا ہونا- صفت ضَلِعٌ اور اسی سے ہے "لَاُقِيْمَنَّ ضَلَعَكَ او ضَلْعَكَ" یعنی میں تیری کجی کو درست کر دوں گا- ضَلِعَ مَعَ فُلَانٍ: جھکنا ___ الرَجُلُ: شکم سیر یا سیراب ہونا-

ضَلَّعَهٗ- جھکانا- ٹیڑھا کرنا- بوجھل کرنا- ضَلَّعَ الثَوْبَ: کپڑے پر پسلیوں کے مانند نقش و نگار بنانا-

اَضْلَعَهٗ- جھکانا- بوجھل کرنا- کہا جاتا ہے "فُلَانٌ اَضْلَعَتْهُ الخُطُوْبُ" یعنی فلاں کو

حوادث نے بوجھل کر دیا۔

تَضَلَّعَ۔ شکم سیر یا سیراب ہونا اور اسی سے ہے "تَضَلَّعَ مِنَ الْعُلُوْمِ" یعنی اس نے علوم سے حصہ کامل پایا۔

اِضْطَلَعَ۔ قوی ہونا ___ بِحَمْلِهٖ: بوجھ لے کر کھڑا ہونا اور اس کی طاقت رکھنا۔

الضَّلَعُ۔ میلان ٹیڑھا پن۔ کہا جاتا ہے "ضَلَعُكَ مَعَ فُلَانٍ" تمہارا میلان فلاں کی جانب ہے۔

الضِّلْعُ والضِّلَعُ۔ پسلی (مؤنث) اَضْلُعٌ و ضُلُوْعٌ و اَضْلَاعٌ۔ کہا جاتا ہے "هُمْ عَلَيَّ ضِلْعٌ جَائِرَةٌ" یعنی وہ سب میرے اوپر ظلم کرنے میں متفق ہیں۔ الضِّلْعُ والضِّلَعُ مِنَ الْبِطِّيْخِ: خربوزے کی قاش پھانک۔ ضِلْعُ السِّلْقِ وَنَحْوِهٖ: چقندر کے پتوں کی موٹی رگ۔

الضِّلْعُ: چھوٹا پہاڑ۔ پھندا۔ جال' آبرو۔

الضِّلَعَةُ۔ جانب۔

الضِّلَعَةُ۔ ایک سبز رنگ کی چھوٹی مچھلی۔

الأَضْلَعُ۔ مضبوط موٹا مرد۔ ج ضُلْعٌ۔

الضَّلُوْعُ۔ زمین کا ڈھلوان۔

الضَّلِيْعُ۔ مضبوط پسلیوں والا۔ قوی۔ ج ضُلُعٌ۔ مؤنث ضَلِيْعَةٌ رَجُلٌ ضَلِيْعُ الْفَمِ: بڑے منہ والا۔ قَوْسٌ ضَلِيْعٌ و ضَلِيْعَةٌ و مَضْلُوْعَةٌ: کمان جس کی لکڑی میں جھکاؤ ہو۔

الْمُضْلِعُ مِنَ الْأَحْمَالِ: بوجھل۔ عاجز کر دینے والا۔ کہا جاتا ہے "مُضْلِعٌ بِهٰذَا الْأَمْرِ" اسے اس کام کی طاقت ہے۔

الْمُضَلَّعُ۔ پہلوؤں والا ___ مِنَ الثِّيَابِ۔ دھاری دار کپڑا۔

ضَمَّ (ن) ضَمًّا۔ الشَّيْءَ: جمع کرنا ___ الشَّيْءَ اِلَيْهِ: قبضہ کرنا اور اپنی طرف کھینچنا ___ عَلَى الشَّيْءِ: قبضہ کرنا ___ فُلَانًا اِلَيْهِ: ساتھ رکھنا۔ ضَمَّهٗ اِلٰى صَدْرِهٖ۔ معانقہ کرنا ___ الْحَرْفَ: حرف کو ضمہ کی حرکت دینا۔ کہا جاتا ہے "ضَمَّ جَنَاحَهٗ عَنِ النَّاسِ" یعنی اس نے لوگوں سے نرمی برتی۔

ضَامَّهٗ۔ اِلَيْهِ: ملانا۔

اَضَمَّهٗ۔ الشَّيْءَ اِلٰى فُلَانٍ: فلاں کی طرف چیز بھیجنا۔

اِنْضَمَّ۔ ملنا ___ عَلٰى كَذَا: مشتمل ہونا۔

تَضَمَّمَ۔ الشَّيْءَ: پوری طرح سے شامل ہونا۔

اِضْطَمَّهٗ۔ اپنی طرف ملانا۔ اِضْطَمَّ عَلَيْهِ: مشتمل ہونا۔

الضَّمُّ والضَّمَّةُ۔ پیش کی حرکت۔ الضَّمَّةُ۔ گھوڑدوڑ کے گھوڑوں کی جماعت۔

الضِّمَامُ۔ ملانے کا ذریعہ۔

الضَّمُّوْمُ۔ دو لمبے ٹیلوں کے درمیان کی وادی۔

الضَّمِيْمُ۔ ساتھی۔ مؤنث ضَمِيْمَةٌ۔

الاِضْمَامَةُ۔ جماعت۔ ج اَضَامِيْمُ ___ مِنَ الْكُتُبِ: کتابوں کا بنڈل۔

الْمُنْضَمُّ۔ عَلٰى كَذَا: مشتمل ملا ہوا۔ کہا جاتا ہے "اَصْبَحَ مُنْضَمًّا" یعنی لاغر ہو گیا گویا کہ بعض بعض کے ساتھ ملا ہوا ہے۔

ضَمَجَ (ن) ضَمْجًا و ضَمَّجَ۔ جَسَدَهٗ: خوشبو لگانا۔

ضَمِجَ و اَضْمَجَ۔ بِالْاَرْضِ: زمین سے چمٹ جانا۔

الضَّمْجَةُ۔ ایک بدبودار کیڑا جو کاٹتا ہے۔ کھٹمل۔

الضَّمَجُ۔ آفت جو انسان کو لاحق ہو۔

اِضْمَحَلَّ۔ نیست و نابود ہونا ___ السَّحَابُ۔ بادل کا کھل جانا۔

ضَمَخَ (ن) ضَمْخًا و ضَمَّخَ۔ جَسَدَهٗ بِالطِّيْبِ: بدن میں خوشبو لگانا۔

تَضَمَّخَ و اِنْضَمَخَ و اِضْطَمَخَ۔ بِالطِّيْبِ: خوشبو سے لت پت ہونا۔

الضِّمْخَةُ۔ موٹی عورت یا اونٹنی۔

ضَمَدَ (ن ض) ضَمْدًا و ضَمَّدَ۔ الْجُرْحَ: زخم پر پٹی باندھنا۔ کہا جاتا ہے "اُضْمُدْ عَلَيْكَ ثِيَابَكَ" یعنی اپنے کپڑے کو اپنے اوپر باندھو "ضَمَدَهٗ بِالْعَصَا" اس نے اس کے سر پر لاٹھی ماری اور ایسا ہی "ضَمَدَ رَاسَهٗ بِالسَّيْفِ"

ضَمِدَ (س) ضَمَدًا۔ خشک ہونا۔ سخت غضبناک ہونا ___ عَلَيْهِ: کینہ کرنا۔

اَضْمَدَ۔ الْقَوْمَ: جمع کرنا۔

تَضَمَّدَ۔ الْجُرْحُ: پٹی بندھ جانا۔

الضَّمْدُ۔ مص۔ تر۔ خشک۔ عمدہ بکریاں۔ خراب بکریاں۔ کینہ وری۔ الضِّمْدُ۔ دوست۔ ساتھی۔

الضَّمَدُ۔ ظلم۔ پرانا حق۔

الضَّامِدُ۔ فا۔ لازم۔

الضِّمَادُ والضِّمَادَةُ۔ پٹی جس سے عضو مجروح کو باندھا جائے ___ کہا جاتا ہے "اَنَا عَلٰى ضِمَادَةٍ مِنَ الْاَمْرِ" یعنی میں کام کے نزدیک پہنچ گیا ہوں۔

ضَمَرَ (ن) و ضَمُرَ (ک) ضُمُوْرًا۔ دبلا ہونا۔ لاغر ہونا۔ چھریرا ہونا۔ صفت ضَامِرٌ مؤنث ضَامِرٌ و ضَامِرَةٌ ج ضُمَّرٌ و ضَوَامِرُ۔

اَضْمَرَ الْاَمْرَ: پوشیدہ کرنا ___ فِيْ نَفْسِهٖ شَيْئًا۔ اپنے دل میں کسی چیز کا عزم کرنا ___ الْخَبَرَ: تہ تک پہنچنا۔ اَضْمَرَتِ الْاَرْضُ فُلَانًا: زمین نے اس کو موت یا سفر کی وجہ سے غائب کر دیا۔ الشَّاعِرُ: شاعر کا اضمار برتنا اور اِضْمَار اصطلاح فن عروض میں یہ ہے کہ دوسرے حرف کو ساکن کر دیں۔ جیسے مُتَفَاعِلُنْ کے دوسرے حرف کو ساکن کر دیں تو مُتْفَاعِلُنْ ہو کر مُسْتَفْعِلُنْ کے وزن پر ہو جاتا ہے۔

اَضْمَرَ و ضَمَّرَ۔ الْفَرَسَ: دبلا کرنا۔ چھریرا بنانا۔

تَضَمَّرَ وَجْهُهٗ: لاغری کی وجہ سے کھال سکڑ جانا۔

اِنْضَمَرَ الْغُصْنُ: ٹہنی کا خشک ہونا۔

اِضْطَمَرَ۔ مل جانا ___ الْفَرَسُ: گھوڑے کا دبلا ہونا۔ چھریرا ہونا۔

الضُّمْرُ۔ چھریرا۔ دبلا۔ پتلے پیٹ والا۔ نازک بدن۔ مؤنث ضُمْرَةٌ۔ تنگ۔ راز (___ الْمُضْمَرُ) پوشیدہ۔

الضُّمْرُ والضُّمُرُ۔ دبلا پن۔

الضَّمِيْرُ۔ راز۔ پوشیدہ خیال۔ پژمردہ انگور۔ ضمیر نحویوں کے نزدیک وہ کلمہ ہے جو متکلم مخاطب اور غائب پر دلالت کرے جیسے اَنَا۔ اَنْتَ۔ هُوَ ج ضَمَائِرُ۔

الضِّمَارُ۔ پوشیدہ۔ ٹالا ہوا وعدہ۔ ہر وہ چیز جس پر اعتماد نہ ہو۔ مال جس کی واپسی کی امید نہ ہو ___ مِنَ الدَّيْنِ: جس کی مدت معین نہ ہو۔

الْاِضْمَارُ۔ مص۔ زحافات شعریہ کی ایک قسم،

تشریح اضمر فعل کے تحت میں دیکھو۔

الضَّوْمَرَان و الضَّیْمَرَان۔ ایک قسم کی خوشبو دار گھاس۔

المِضْمَار۔ گھوڑ دوڑ کے میدان کی انتہا۔ وہ میدان جہاں گھوڑے چھریرے کئے جائیں۔ گھوڑوں کے چھریرے کرنے کی مدت۔ میدانِ گھوڑدوڑ۔

ضَمَزَ (ن ض) ضَمْزًا۔ چپ رہنا ___ اللُّقْمَۃَ۔ بڑا لقمہ بنانا اور نگل جانا ___ عَلٰی مَالِہٖ: بخل کرنا۔ صفت ضَامِزٌ و ضَمُوْزٌ۔ ج ضُمُوْزٌ۔

ضَمْضَمَہٗ (ض) ضَمْضًا۔ آہستہ آہستہ چبانا۔

ضَمْضَمَ ضَمْضَمَۃً۔ دل کو قوی کرنا۔ بہادر بنانا ___ الْاَسَدُ: شیر کا گونجنا ___ فُلَانٌ عَلَی الْمَالِ: کل لے لینا۔

الضَّمْضَمُ و الضُّمَاضِمُ۔ دلیر۔ گرانڈیل۔ شیر غضبناک۔

ضَمِنَ (س) ضَمْنًا و ضَمَانًا الشَّیْءَ و بِہٖ: کفیل ہونا۔ ضامن ہونا ___ ہٗ: جمع کرنا۔

ضَمِنَ (س) ضَمْنًا و ضَمَانَۃً الرَّجُلُ: ایسے مرض میں مبتلا ہونا جو ہمیشہ رہے اور وقتاً فوقتاً سخت ہوتا رہے۔ صفت ضَمِنٌ۔

ضَمَّنَ الشَّیْءَ الْوِعَاءَ: برتن میں رکھنا ___ ہٗ الشَّیْءَ: ذمہ دار بنا دینا ___ الشَّاعِرُ: شاعر کا تضمین کرنا۔ یعنی دوسرے کے شعر کو اپنے کلام میں شامل کر لینا۔

تَضَمَّنَ الشَّیْءَ: مشتمل ہونا ___ الشَّیْءَ عَنِّیْ: اس نے میری طرف سے اپنے ذمہ لے لیا۔

الضَّمَنُ و الضُّمْنَۃُ و الضُّمَان و الضَّمَانَۃُ۔ ہمیشہ کا رہنے والا مرض۔ لنجاپن۔

الضِّمْنُ۔ اندرون شیٔ۔ ضِمْنَ الْکِتَابِ: کتاب کا بیچ۔

الضَّمِنُ۔ عاشق۔ پرانے مرض والا۔ کہا جاتا ہے "ہُوَ ضَمِنٌ عَلٰی اَہْلِہٖ" یعنی وہ اپنے لوگوں پر بوجھ ہے۔

الضَّامِنُ۔ فا۔ ضامن۔ کفیل۔ ذمہ دار۔

الضَّمِیْنُ۔ کفیل۔ مرض لازم میں مبتلا۔ ج ضَمْنٰی۔

الضَّمَان۔ مص۔ کفالت۔ تاوان۔ ڈنڈ۔

المَضْمُوْنُ۔ مفعو۔ جس کی کفالت کی جائے۔ مِنَ الْجُمْلَۃِ: مفہوم جو جملہ سے سمجھ میں آئے اور جملہ اس کے لیے بیان نہ کیا گیا ہو۔ ج مَضَامِیْنُ۔

المُضَمَّنُ۔ مفعو۔ تضمین کیا ہوا ___ مِنَ الْاَصْوَاتِ: غیر مکمل آواز جب تک دوسرے سے ملایا نہ جائے سمجھ میں نہ آئے۔

ضَنَّ (س ض) ضَنًّا و ضِنًّا و ضِنَّۃً و ضَنَانَۃً و مَضَنَّۃً و اِضْطَنَّ۔ بِالشَّیْءِ: بخل کرنا۔ ضَنَّ بِالْمَکَانِ: مکان سے جدا نہ ہونا۔

الضِّنُّ و الضِّنَّۃُ۔ جس پر بخل کیا جائے۔ خاص۔ کہا جاتا ہے "ہُوَ ضِنِّیْ و ضِنَّتِیْ" وہ میرے ساتھ مختص ہے۔

الضَّنَنُ۔ بہادر۔

الضَّنِیْنُ۔ بخیل۔ کہا جاتا ہے "اِنَّمَا یُضَنُّ بِالضَّنِیْنِ" یعنی بخیل کے ساتھ بخل کیا جاتا ہے۔

الضَّنَائِنُ۔ وہ چیزیں جن کی نفاست کی وجہ سے بخل کیا جائے اور اسی سے ہے "ضَنَائِنُ اللّٰہِ" اللہ تعالیٰ کی مخلوق میں سے خاص لوگ۔

الضَّنَانَۃُ۔ مص۔ بخل کرنا۔ کہا جاتا ہے "ہَجَمْتُ عَلَی الْقَوْمِ وَہُمْ بِضَنَانَتِہِمْ" میں قوم پر اچانک پہنچ گیا اور وہ لوگ متفرق نہیں ہوئے تھے۔

المَضَنَّۃُ و المَضِنَّۃُ۔ جس پر بخل کیا جائے۔ ج مَضَانُّ۔

ضَنَأَ (ف) ضَنْأً و ضُنُوْءًا۔ چھپنا ___ فِی الْاَرْضِ: جانا ___ المَالُ: کثیر ہونا (ضَنَأَتْ (ف) ضَنْأً و ضُنُوْأً و ضَنِئَتْ (س) ضَنَأً و اَضْنَأَتِ) المَرْاَۃُ: بہت اولاد والی ہونا۔ صفت ضَانِئٌ و ضَانِئَۃٌ۔ ج ضَوَانِئُ۔

اِضْطَنَأَ لَہٗ و مِنْہُ: شرمانا اور منقبض ہونا۔

الضَّنْءُ۔ اصل۔ معدن۔ کثرتِ نسل۔ ج ضُنُوْءٌ۔

الضَّنْءُ و الضِّنْءُ۔ اولاد (اس کیلئے واحد نہیں)

الضُّنَاءَۃُ و الضُّنَأَۃُ۔ ضرورت۔

ضَنَبَ (ن) ضَنْبًا بِہِ الْاَرْضَ: زمین پر پٹک دینا۔ ضَنَبَ بِالشَّیْءِ: قبضہ کرنا۔

ضَنِطَ (س) ضَنَطًا۔ الشَّحْمُ: موٹا اور ٹھوس ہونا۔

اِنْضَنَطَ الْقَوْمُ: بھیڑ کرنا۔

الضَّنَطُ۔ تنگی۔

الضَّنَطُ۔ چربی۔ نشاط۔ ڈینگ۔

الضِّنَاطُ۔ کنوئیں وغیرہ پر بہت زیادہ بھیڑ۔

ضَنُكَ (ک) ضَنَاکَۃً۔ سست رائے۔ ضعیف العقل۔ کمزور بدن والا۔ صفت ضَنِیْكٌ ج ضُنُكٌ (___ ضَنَاکَۃً و ضَنْکًا و ضُنُوْکَۃً) تنگ ہونا۔

ضُنِكَ ضَنْکًا۔ زکام زدہ ہونا۔

اَضْنَکَہُ اللّٰہُ: زکام میں مبتلا کرنا۔

الضَّنْكُ۔ تنگ۔ مذکر و مؤنث دونوں میں مستعمل ہے۔ کہا جاتا ہے مَکَانٌ ضَنْكٌ وعِیْشَۃٌ ضَنْكٌ۔"

الضِّنَاكُ۔ مضبوط جسم والا۔ مذکر و مؤنث دونوں میں مستعمل ہے۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ ضِنَاكٌ وامْرَاَۃٌ ضِنَاكٌ" بڑا درخت۔

الضُّنَاكُ و الضُّنْکَۃُ۔ زکام۔

الضَّنَاکَۃُ۔ مص۔ تنگ زندگی۔

الضَّنِیْكُ۔ تنگ زندگی۔ صرف خوراک پر خدمت کرنے والا۔ کٹی ہوئی چیز۔

ضَنِیَ (س) ضَنًی (دادی) مرض کی وجہ سے کمزور دلاغر ہونا۔ صفت ضَنِیٌّ و ضَنٍ۔ کہا جاتا ہے "تَرَکْتُہٗ ضَنًی و ضَنِیًّا" ضَنًی بفتح النون میں مذکر و مؤنث واحد جمع سب برابر ہیں اور ضَنٍ بکسر النون جب بولا جائے گا تو اس کیلئے تثنیہ جمع اور مؤنث کے صیغے استعمال کئے جائیں گے۔ ضَنِی کی جمع اَضْنَاءٌ۔

ضَانٰی مُضَانَاۃً الشَّیْءَ او الْاَمْرَ: مشقت برداشت کرنا۔

اَضْنٰی اِضْنَاءً۔ المَرَضُ فُلَانًا: بیماری کا سست کر دینا ___ الرَّجُلُ: بیماری کی لاغری کی وجہ سے صاحب فراش ہونا۔

تَضَنّٰی۔ بتکلف بیمار ہونا۔ بننا۔

اِنْضَنٰی۔ سست ہو جانا۔

الضَّنٰی۔ بیماری۔ لاغری۔ بدحالی۔

الضِّنْوُ و الضَّنْوُ و الضُّنٰی۔ اولاد۔ کہا جاتا ہے

"لَهٗ ضِنْءٌ كَثِيْرٌ" اس کی بہت اولاد ہے۔
الضِّنٰي۔ مخفی بیماریاں۔
ضَنَتْ تَضْنٰي و ضَنِيَت تَضْنٰي ضَنًى و ضَنَاءً المَرْاَةُ: کثیر اولاد ہونا۔ ضَنٰي نَصِيْبُ فُلَانٍ: حصّہ کا بڑھنا۔
ضَهَب (ف) ضَهْبًا بِالنَّارِ: آگ سے متغیر کرنا۔
ضَهَبَ (ف) ضُهُوْبًا۔ کمزور ہونا۔
ضَهَّبَ اللَّحْمَ: گوشت کو بریاں کرنا ___ القَوْسَ: نرم کرنے کے لیے آگ کے سامنے کرنا۔ صفت ضَهْبَاء ضَهَّبَ القَوْمُ: زیادہ ہونا اور تیز چلنا۔
ضَاهَبَهٗ مُضَاهَبَةً۔ برا تاؤ کرنا۔ گالی گلوچ کرنا۔
ضَهْبُ۔ القَوْمِ: مخلوط لوگ۔
الضَّيْهَب۔ پہاڑ کا وہ گرم حصّہ جہاں گوشت کو بھون سکتے ہوں۔
ضَهَتَهٗ (ن) ضَهْتًا۔ سخت روندنا۔
ضَهَدَه (ف) ضَهْدًا۔
اَضْهَدَه و اَضْهَدَ بِهٖ و اِضْطَهَدَهٗ غلبہ کرنا اور ظلم کرنا۔ تکلیف دینا اور مجبور کرنا۔
الضُّهْدَة۔ غلبہ اور قہر۔ کہا جاتا ہے ضُهدة لِكُلِّ اَحَدٍ یعنی ہر وہ شخص جو چاہتا ہے اسے مجبور کرتا ہے۔
الضَّهِيْدُ۔ سخت مضبوط۔
الضَّهْر و الضَّاهِر۔ پہاڑ کی چوٹی۔ وادی۔
الضَّهْرُ۔ کچھوا۔
ضَهَزَهٗ و ضَهَسَهٗ (ف) ضَهْزًا و ضَهْسًا۔ سخت روندنا ___ الدَّابَّةُ: جانور کا اگلے دانتوں سے کاٹنا۔
ضَهَلَ (ف) ضَهْلًا و ضُهُوْلًا۔ اللَّبَنُ: تھوڑا تھوڑا جمع ہونا ___ النَّاقَةُ و نَحْوُهَا: تھوڑی دودھ والی ہونا۔ صفت ضَهُوْل ج ضُهُل ضَهِلَهٗ۔ حَقَّهٗ۔ حق کم کرنا (___ و تَضَهَّلَ) اِلٰي فُلَانٍ: کسی کی جانب بغیر ارادہ جنگ کے لوٹنا۔
اَضْهَلَ۔ النَّخْلُ: کھجوریں پکنے لگنا ___ اِلٰي فُلَانٍ مَالًا: مال کو فلاں کی طرف کر دینا۔
اِسْتَضْهَلَ۔ الخَبَرَ: حسب امکان خبر طلب کرنا۔
الضَّهْل۔ مجتمع دودھ۔ تھوڑا پانی۔
الضَّاهِلَة۔ مِنَ العُيُوْنِ: تھوڑے پانی کا چشمہ۔
الضَّهْوَاء: بے پستان عورت۔
الضَّهْوَة۔ جوہڑ۔ ج اَضْهَاء۔
ضَهِيَتْ تَضْهٰي ضَهًى۔ المَرْاَةُ: عورت کا بغیر پستان اور بغیر دودھ کے ہونا۔ صفت ضَهْيَاء ج ضُهْي۔ ضَهِيَتَ الاَرْضُ: زمین میں کچھ نہ اُگنا اور بغیر پانی کے چٹیل میدان ہونا۔
ضَاهٰي مُضَاهَاةً۔ الرَّجُلَ: مشابہ ہونا۔
الضَّهِيُّ۔ مشابہ۔ ہم شکل۔ کہا جاتا ہے "هو ضَهِيُّكَ" وہ تمہارا ہم شکل ہے۔
ضَاءَ يَضُوْءُ ضَوْءًا و ضُوْءًا و ضِيَاءً القَمَرُ و غَيْرُهٗ: روشن ہونا۔ چمکنا۔
ضَوَّءَ تَضْوِئَةً۔ البَيْتَ: روشن کرنا۔ عَنِ الاَمْرِ: پھر جانا۔
اَضَاءَ اِضَاءَةً۔ البَيْتُ: روشن ہونا۔ البَيْتَ: روشن کرنا۔
تَضَوَّاَ۔ تاریکی میں کھڑا ہونا تاکہ آگ کی روشنی میں لوگوں کو دیکھ سکے۔ تَضَوَّاَهٗ: کسی ایسی جگہ مائل ہونا جہاں سے آگ کی روشنی سے دیکھ سکے۔
اِسْتَضَاءَ بِهٖ: روشن ہونا ___ مِنْ فُلَانٍ: مشورہ کرنا۔
الضَّوْء و الضُّوْء۔ روشنی۔ ج اَضْوَاء۔
الضِّيَاء و الضِّوَاء۔ روشنی۔
الضَّوِيُّ و المُضِيُّ۔ روشن۔ روشن کرنے والا۔
ضَاجَ يَضُوْجُ ضَوْجًا۔ عَنْ كَذَا: اعراض کرنا۔ پھر جانا (___ و انْضَاجَ) الوَادِيُّ: کشادہ ہونا۔
تَضَوَّجَ الوَادِي: وادی کا بہت پیچ دار ہونا۔
اِنْضَوَجَ فِيْ ضَوْجِ الوَادِيْ: وادی کے موڑ میں داخل ہونا۔
الضَّوْج۔ وادی کا موڑ۔ ج اَضْوَاج۔
الضَّوْجَان۔ سخت خشک۔ مؤنث ضَوْجَانَةٌ۔
ضَوَّجَ۔ اللَّبَنَ: دودھ میں پانی ملانا۔
ضَارَ يَضُوْرُ ضَوْرًا۔ سخت بھوکا ہونا۔ ضَارَهٗ الاَمْرُ: نقصان پہنچنا۔
تَضَوَّرَ۔ درد کی تکلیف یا بھوک سے پیچ و تاب کھانا ___ الذِّئْبُ و نَحْوُهٗ: بھوک سے بلبلانا۔
الضَّوْر۔ سخت بھوک۔
الضُّوْر۔ کالی بدلی۔
الضُّوْرَة۔ ذلیل، حقیر۔
ضَازَ يَضُوْزُ ضَوْزًا۔ الثَّمْرَةَ: پھل کو چبانا ___ هٗ حَقَّهٗ: کم کر دینا۔
ضَوْضٰي ضَوْضَاةً و ضِيْضَاءً۔ شور مچانا۔
الضَّوْضٰي و الضَّوْضَا و الضِّيْضَاء۔ شور و غوغا۔
ضَوَّطَ۔ الاَشْيَاءَ: جمع کرنا۔
تَضَوَّطَ۔ الشَّيْءُ: جمع ہونا۔
الاَضْوَط۔ ٹیڑھے جبڑے والا۔ بیوقوف۔
الضَّوِيْطَةُ۔ بیوقوف۔ حوض کی تہ کی مٹی کا گیلا خمیر۔
ضَاعَهٗ يَضُوْعُهٗ ضَوْعًا۔ حرکت دینا۔ رنجیدہ کرنا۔ بھڑکا دینا۔ گھبرا دینا۔ ضَاعَ المِسْكُ: مشک کی خوشبو پھیلنا ___ الدَّابَّةَ: جانور کو دُبلا کرنا ___ الصَّبِيُّ: رونے میں پیچ و تاب کھانا۔
تَضَوَّعَ۔ المِسْكُ: مشک کی خوشبو بھڑکنا۔
___ الصَّبِيُّ: رونے میں پیچ و تاب کھانا (___ و انْضَاعَ) الفَرْخُ: پرندہ کے بچے کا چوگہ کے لیے اپنی ماں کی طرف پر پھیلانا۔
الضُّوْع و الضُّوَع۔ نر اُلو۔ رات کو اُڑنے والے پرندوں میں سے ایک پرندہ۔
الضُّوَاع۔ نر اُلو کی آواز۔
رَجُلٌ مَضُوْعٌ۔ خوفزدہ۔
ضَافَ يَضُوْفُ ضَوْفًا۔ عَنِ الشَّيْءِ: الگ ہونا۔
ضَانَ يَضُوْنُ ضَوْنَةً۔ زیادہ اولاد ہونا۔
الضَّوْنَة۔ مع۔ چھوٹی بچی۔
الضَّيْوَن۔ بلا۔ ج ضَيَاوِن۔
الضَّوَّة۔ شور۔ لڑائی کا شور۔
ضَوِيَ يَضْوٰي ضَوًى۔ خلقتًا یا لاغری سے پتلی ہڈی کا ہونا۔
ضَوٰي يَضْوِيْ ضَيًّا و ضُوِيًّا۔ اِلَيْهِ: ملنا۔ پناہ لینا ___ الرَّجُلَ: رات کو آنا۔ ضَوَاهُ اِلَيْهِ: مائل کرنا۔
اَضْوٰي۔ دُبلا ہونا۔ لاغر ہونا ___ الرَّجُلُ:

کمزور کرنا ــــ ہ حَقَّهٗ : کم کرنا ــــ الاَمْرِ : کچا کام کرنا۔ اَضْوَتِ المَرْاَةُ : کمزور بچہ جننا۔ اَضْوَاهُ اِلَیْهِ : اپنی طرف مائل کرنا۔

اِنْضَوٰی اِنْضِوَاءً۔اِلَیْهِ : شامل ہونا۔ ملنا۔

الضَّاوِی۔فا۔رات کو آنے والا۔

الضَّاوِیّ۔ کمزور دُبلا۔ خلقتًا یالاغری سے کمزور جسم والا۔ مؤنث ضَاوِیَةٌ۔

ضَاجَ یَضِیْجُ ضَیْجًا و ضُیُوْجًا و ضَیْجَانًا عَنْهُ و اِلَیْهِ : جھکنا۔ مائل ہونا۔ ضاجت عِظَامُهٗ : لاغری کی وجہ سے ہڈیوں کا ہل جانا۔

ضَاحَت تَضِیْحُ ضَیْحًا۔البِلَادُ : خالی ہونا۔

ضَاحَ و ضَیَّحَ۔ اللَّبَنَ : پانی ملانا۔ ضَیَّحَ فُلَانًا : پانی ملا ہوا دودھ پلانا۔

تَضَیَّحَ اللَّبَنُ : پانی میں دودھ ملنا ــــ الرَّجُلُ : پانی ملا ہوا دودھ پینا۔

الضَّیْحُ۔شہد۔

الضَّیْحُ و الضَّیَاحُ۔پانی ملا ہوا دودھ۔شوربا۔

الضَّیْحَةُ۔پانی ملے ہوئے دودھ کی ایک مرتبہ پینے کی مقدار۔

ضَارَهٗ یَضِیْرُهٗ ضَیْرًا۔الاَمْرُ : نقصان دینا۔

ضَازَهٗ یَضِیْزُهٗ ضَیْزًا۔ ظلم کرنا۔ ضَازَهٗ حَقَّهٗ : کم کرنا۔

الضَّیْزُ۔ ٹیڑھ۔ کجی۔

قِسْمَةٌ ضِیْزٰی۔ ناقص تقسیم۔ ظالمانہ تقسیم۔

ضَاطَ یَضِیْطُ ضَیْطًا و ضَیَطَانًا۔ فِیْ مَشْیَتِهٖ۔ موٹاپے کی وجہ سے چلنے میں جسم اور مونڈھوں کو حرکت دینا۔ صفت ضَیْطَان و ضَیَّاط۔

ضَاعَ یَضِیْعُ ضَیْعًا و ضِیْعًا و ضَیْعَةً و ضَیَاعًا۔ ضائع ہونا۔ تلف ہونا۔ بیکار ہونا۔ صفت ضَائِعٌ ج ضُیَّع و ضِیَاع۔

اَضَاعَهٗ۔ ضائع کرنا۔ اَضَاعَ الرَّجُلُ : بہت جائیداد والا ہونا۔

تَضَیَّعَ۔ المِسْكُ : مشک کا بھڑکنا۔ مشک کو خوشبو کا پھیلنا۔

الضَّیَاعُ۔مص۔ایک قسم کی خوشبو۔بے فائدہ۔ کہا جاتا ہے "مَاتَ ضَیَاعًا و ضِیْعًا و ضَیْعًا" یعنی مرگیا اور کسی کو اس کی پروا نہ ہوئی۔

الضَّیْعَةُ۔ جائیداد۔ زمین میر حاصل۔ اس کی تصغیر ضُیَیْعَةٌ ہے اور جمع ضِیَع و ضِیَاع و ضَیْعَات۔ الضَّیْعَة : پیشہ۔ کہا جاتا ہے "کَانَتْ ضَیْعَةُ العَرَبِ سِیَاسَةَ الاِبِلِ" عرب کا پیشہ اُونٹوں کا انتظام کرنا تھا۔

المِضْیَاعُ۔بہت ضائع کرنے والا۔

المَضْیَعَة و المَضِیْعَة۔ موضع ہلاکت۔ جہاں ضائع ہونے کے اسباب زیادہ ہوں۔ کہا جاتا ہے "بَلَدُکُمْ مَضْیَعَةُ العِلْمِ" تمہارے شہر میں علم کے ضائع ہونے کے اسباب بہت ہیں۔

ضَافَ یَضِیْفُ ضَیْفًا اِلَیْهِ : مائل ہونا۔ ہٹ جانا۔ ضَافَتِ الشَّمْسُ : آفتاب کا غروب کے لیے مائل ہونا ــــ السَّهْمُ عَنِ الهَدَفِ : تیر کا نشانہ سے ہٹ جانا ــــ الرَّجُلُ : خوف کرنا ــــ مِنْهُ : پرہیز کرنا اور ڈرنا۔

ضَافَهٗ یَضِیْفُهٗ ضَیْفًا و ضِیَافَةً۔ مہمان ہونا۔ مہمانی طلب کرنا۔ کہا جاتا ہے "ضَافَ الهَمُّ فُلَانًا" یعنی فلاں پر غم نازل ہوا۔

ضَیَّفَهٗ۔ مہمان بنانا۔ مہمانی کا کھانا پیش کرنا۔ ضَیَّفَه اِلَیْهِ : جھکانا۔ ضَیَّفَ الرَّجُلُ : مائل ہونا۔ ہٹ جانا ــــ الشَّمْسُ : آفتاب کا غروب کے لیے مائل ہونا۔

اَضَافَ الرَّجُلُ : دوڑنا۔ جلدی چلنا۔ خوف کرنا ــــ الشَّیْءَ اِلَی الشَّیْءِ : جھکانا۔ سہارا دینا۔ ملانا ــــ الرَّجُلُ : پناہ دینا۔ مجبور کرنا ــــ مِنْهُ : چوکنا رہنا ــــ عَلَیْهِ : جھانکنا ــــ فُلَانًا عَلٰی فُلَانٍ : مہمان اُتارنا ــــ الکَلِمَةَ اِلَی الْکَلِمَةِ : ایک کی نسبت دُوسرے کی طرف طریقہ مخصوص پر کرنا۔

تَضَیَّفَهٗ۔ مہمان ہونا۔ طلب ضیافت کرنا۔ تضیف الرَّجُلُ : مائل ہونا ــــ الشَّمْسُ : ــــ غروب کی طرف مائل ہونا۔

اِنْضَافَ اِلَیْهِ : ملنا۔

تَضَایَفَ الوَادِی : تنگ ہونا۔

اِسْتَضَافَهٗ۔ضیافت طلب کرنا۔ اِسْتَضَافَ بِهٖ : فریاد کرنا ــــ مِنَ فُلَانٍ اِلٰی فُلَانٍ : پناہ لینا۔

الضَّیْف۔ مہمان (واحد و جمع) مؤنث ضَیْف و ضَیْفَةٌ ج اَضْیَاف و ضُیُوْف و ضِیَاف و ضَیْفَان و اَضَائِف۔

الضَّیْفَن۔ طفیلی۔

الضِّیْف۔ پہلو۔ کہا جاتا ہے "هُوَ فِیْ ضِیْفِ فُلَانٍ" وہ فلاں کے پہلو میں ہے۔

الضِّیَافَةَ۔ مہمانی کا کھانا۔

المُضَافُ فِی الحَرْبِ : جو جنگ میں گھر گیا ہو، جو قوم کے ساتھ چپکا دیا گیا ہو۔

المَضِیْف و المَضْیَفَة۔ مہمانی کی جگہ۔

المِضْیَاف۔بہت مہمانوں والا میزبان۔

المَضِیْفَة و المُضِیْفَة۔ حزن۔ غم۔

مَضَائِفُ۔الوَادِی : وادی کے پہلو۔

ضَاقَ یَضِیْقُ ضِیْقًا و ضَیْقًا۔ تنگ ہونا۔ صفت ضَیْق و ضَائِق و ضَیِّق ــــ الرَّجُلُ : بخل کرنا۔

ضَیَّقَهٗ تَضْیِیْقًا۔ تنگ کرنا۔ ضُیِّقَ عَلَیْهِ : سختی کیا جانا۔

اَضَاقَ اِضَاقَةً۔ تنگ کرنا۔ اَضَاقَ الرَّجُلُ۔ محتاج ہونا۔

تَضَیَّقَ و تَضَایَقَ۔ تنگ ہونا۔ و تَضَایَقَ الاَمْرُ بِهٖ او عَلَیْهِ : تنگ ہونا۔ کہا جاتا ہے "تَضَایَقَ القَوْمُ" یعنی قوم کشادہ دل نہیں یا ان کے مکان کشادہ نہیں۔

ضَایَقَه مُضَایَقَةً۔ سختی کرنا۔

الضَّیْق و الضِّیق۔ سختی۔ حزن غم جس سے تنگ دلی ہو۔

الضَّیْق و الضَّیِّق۔شک۔

الضِّیْقَة و الضَّیْقَة۔ بد حالی۔ محتاجی۔ ج ضِیَق و ضَیْق۔

الضَّائِق۔فا۔ تنگ۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ ضَائِقٌ صَدْرُهٗ بِکَذَا" فلاں وجہ سے تنگ دل ہے۔ ج ضَاقَةٌ جیسے سَائِد کی جمع سَادَة۔

الاَضْیَق۔بہت تنگ۔ مؤنث ضِیْقٰی و ضُوْقٰی۔

المَضِیْق۔ تنگ جگہ۔ مشکل کام۔ گھاٹی۔ ج مَضَایِق۔

ضَامَهٗ یَضِیْمُهٗ ضَیْمًا۔ ظلم کرنا۔ مجبور کرنا۔

ضَامَهٗ و اِسْتَضَامَهٗ۔ حَقَّهٗ : کم کرلینا۔

الضَّیْم۔ ظلم۔ ج ضُیُوْم۔

ضِیْم۔الجَبَلِ : پہاڑ کا کنارہ۔

الضَّامَة۔ حاجت۔ ضرورت۔

طَأطَأَ- الرّاسَ وغیرہ : پست کرنا- کہا جاتا ہے "طَأطَأَ رَاسَهُ عَنْ كَذا" یعنی فلاں چیز سے اس نے اپنے سر کو پست کر لیا ــــ فَرَسَهُ : گھوڑے کو تیز دوڑانے کیلئے اس کی دونوں رانوں میں ایڑ لگانا- طَأطَأَتِ المَرْأةُ سِتْرَهَا : عورت کا پردہ ڈالنا- طَأطَأَ يَدَهُ بِالعِنَانِ لگام کو ڈھیلا چھوڑنا ــــ الحُفْرَةَ : گڑھے کو گہرا کرنا- فُلَانٌ مِنْ فُلَانٍ : کسی کو مرتبے سے گرا دینا- طَأطَأَ فِي قَتلِ القَوْمِ : قوم کے قتل کرنے میں مبالغہ کرنا- سختی برتنا-

تَطَأطَأَ- پست ہونا-

الطَأطَأَ- پست زمین- چھوٹا اونٹ-

الطَآةَ- کیچڑ-

اِعْتَمَّ و تَعَمَّمَ و اِسْتَعَمَّ۔ عمامہ باندھنا۔ کہا جاتا ہے اِعْتَمَّ الشَّابُّ: طویل ہو گیا۔ "تَعَمَّمَتِ الاٰکَامُ بِالنَّبْتِ" ٹیلے نباتات سے بھر گئے۔ گویا کہ عمامہ جیسا معلوم ہوتا ہے۔ تعممہ۔ چچا کہہ کے پکارنا۔ اِسْتَعَمَّہٗ: چچا بنانا۔
العَمُّ۔ مص۔ جماعت کثیرہ۔ چچا ج عُمُوْمَۃٌ و اَعْمَام و اَعُمٌّ۔ اور نسبت کے لئے عَمَوِیٌّ (___ و العُمُّ) لمبے لمبے کھجور کے درخت۔
العَمَّۃ۔ پھوپی ج عَمَّات۔
العِمَّۃ۔ عمامہ باندھنے کی ہیئت۔
رَجُلٌ عُمِّیٌّ عام۔
العُمُمُ۔ جسم کا کمال۔ جوانی اور رنال وغیرہ کا کمال۔
العَمَمُ۔ کثرت۔ اجتماع۔ عامہ کا اسم جمع۔ ہر معاملہ کا عام و شامل۔ رَجُلٌ عَمَمٌ کامل العقل: کامل الخیر۔ کہا جاتا ہے "اِسْتَوٰی فُلَانٌ عَلٰی عَمَمِہٖ۔"
العُمُوْم۔ مص۔ عمومیت۔ شمولیت اور نسبت کیلئے عمومی۔
العِمَامَۃ۔ پگڑی۔ خود کا وہ حصہ جو سر کے برابر بنا کر ٹوپی کے نیچے پہنا جاتا ہے ج عَمَائِم و عِمَام۔ کہا جاتا ہے "اَرْخٰی عِمَامَتَہٗ" وہ خوش حال ہو گیا۔ العِمَامَۃ: قحط۔ کال۔ قیامت۔
العَامُّ۔ سب کو شامل ہونے والا۔ خلاف خاص۔
العَامَّۃ۔ مؤنث عام۔ عَامَّۃُ النَّاسِ: عام لوگ ج عَوَامُّ۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ القَوْمُ عَامَّۃً": یعنی قوم ساری کی ساری آئی۔
العَمِیْم۔ ہر وہ چیز جو اکٹھی ہو اور کثیر ہو۔ قوم کا خالص۔ ہر چیز کا کامل ج عُمُم۔
العَمِیْمَۃُ مِنَ النِّسَاءِ: پورے قد کی لمبی تڑنگی عورت۔ نَخْلَۃٌ عَمِیْمَۃٌ: لمبا کھجور کا درخت۔ ج

عُمَّ۔
الاَعَمُّ۔ اسم تفضیل۔ جماعت کثیرہ۔ موٹا۔
المَعَمُّ۔ مخیر۔ عام فیض والا۔
المُعَمَّمُ۔ سردار جس کو قوم نے مقتدی مان لیا ہو۔
العَمْبَرُ۔ عنبر۔
عَمَتَ (ض) عَمْتًا و عَمَّتَ الصُّوْفَ: اون کی پونی بنانا۔ عَمَّتَہٗ: مغلوب کرنا۔ مقصد سے ہٹا دینا۔ اندھا دھند لاٹھی سے مارنا۔
رَجُلٌ عَمِیْتٌ۔ ظریف۔ دلاور۔ عالم زیرک۔
العِمِّیْتُ۔ نگہبان۔ سمجھدار ظریف۔ مدہوش۔ وہ شخص جو اپنی چال میں کسی جہت کی ہدایت نہ پائے۔ ج عَمَامِیْت۔
العَمِیْتَۃ۔ اون کی پونی ج عَمَائِت و عُمُت و اَعْمِتَۃٌ۔
عَمَجَ (ض) عَمْجًا۔ پانی میں تیرنا ___ فِیْ سَیْرِہٖ دوڑنا (___ و تَعَمَّجَ) السَّیْلُ اَو الحَیَّۃُ: پیچ دار ہونا۔
العَمَجُ و العُمَّجُ و العَوْمَجُ۔ سانپ۔
عَمَدَ (ض) عَمْدًا۔ السَّقْفَ: چھت میں ستون لگانا ___ لِلشَّیْئِ و اِلَی الشَّیْئِ: قصد کرنا ___ اِلَی الرَّجُلِ کسی کا ارادہ کرنا ___ الشَّیْئَ: گرانا ___ ہٗ: ستون سے مارنا ___ ہٗ المَرَضُ اَو الاَمْرُ: دبلا کرنا۔ تکلیف پہنچانا (___ و عَمَّدَ) الوَلَدَ: بپتسمہ دینا۔ عَمَّدَ السَّیْلَ۔ بند لگا دینا۔
عَمِدَ (س) عَمَدًا۔ عَلَیْہِ: غضبناک ہونا۔ بہ لازم ہونا ___ الثَّرٰی: تر کرنا ___ مِنْہُ: تعجب کرنا ___ فُلَانٌ: درد مند ہونا۔ کہا جاتا ہے "عَمَدَنِی الاَمْرُ فَعَمِدْتُ" یعنی معاملے نے مجھے درد مند کر دیا اور میں درد مند ہوا۔
اَعْمَدَ الشَّیْئَ: ستون لگانا۔
تَعَمَّدَ الاَمْرَ: قصد کرنا (___ و اِعْتَمَدَ) بپتسمہ کرنا۔ اِعْتَمَدَ الحَائِطَ و عَلَی الحَائِطِ: دیوار پر ٹیک لگانا۔ اِعْتَمَدَہٗ و اِعْتَمَدَ عَلَیْہِ: بھروسہ کرنا۔ کہا جاتا ہے اِعْتَمَدَ لَیْلَۃً: رات میں سوار ہو کر جانا۔
اِنْعَمَدَ الشَّیْئُ: ستون کے بل کھڑا ہونا۔

العَمْد- مص کہا جاتا ہے "فَعَلَهٗ عَمْدًا و عَنْ عَمْدٍ" جان بوجھ کر کیا- "وَفَعَلَهٗ عَمْدَ عَيْنٍ و عَمْدًا عَلٰی عَيْنٍ" اس نے اس کو کوشش اور یقین کے ساتھ کیا-

العَمِد- وہ جگہ جس کو بارش نے تر کردیا ہو' کہا جاتا ہے "هُوَ عَمِدُ الثَّرٰی" یعنی وہ بڑا فیاض ہے-

العُمْدَة- جس پر ٹیک لگائی جائے- جس پر بھروسہ کیا جائے- لشکر کا پیغامبر- ج عُمَد-

العِمَاد- جس کا سہارا لیا جائے ج عَمَد و عُمُد بلند عمارتیں- واحد- العِمَادَة- اور یہ عَمَدَ الوَلَدَ (یعنی پتسمہ دینا) سے اسم ہے- لشکر کا پیغام بر- اَهْلُ العِمَادِ- بلند عمارتوں والے- کہا جاتا ہے "فُلَانٌ طَوِيْلُ الْعِمَادِ" فلاں کا مکان زائرین کے لئے علامت ہے "هُوَ رَفِيْعُ العِمَادِ" وہ شریف آدمی ہے-

العَمُوْد- ستون- سہارا- لوہے کا ڈنڈا ج اَعْمِدَة و عَمَد و عُمُد- العَمُوْد : سردار- لشکر کا پیغامبر- رگ جو جگر کو سیراب کرتی ہے- کان کا بڑا حصہ- سخت غمزدہ- عَمُوْدُ البَطن : پیٹھ- کہا جاتا ہے "ضَرَبَهٗ عَلٰی عَمُوْدِ بَطْنِهٖ" یعنی اس کی پیٹھ پر مارا- عَمُوْدُ الْمِيْزَانِ ترازو کی ڈنڈی- عَمُوْدُ الصُّبْحِ- صبح کی روشنی- عَمُوْدُ النَّسَبِ جو خط مستقیم پر ہو- کہا جاتا ہے "اِسْتَقَامُوْا عَلٰی عَمُوْدِ رَأْيِهِمْ" یعنی ایسے طریقہ پر کہ جس پر بھروسہ کرسکتے ہیں اَهْلُ العَمُوْدِ و اَهْلُ العُمُد : وہ لوگ جو خانہ بدوش ہوں- العَمُوْدُ او الخَطُّ العَمُوْدِی عِنْدَ المُهَنْدِسِيْنَ وہ خط جو دوسرے خط پر قائم ہو جس کے دونوں جانب دو زاویئے برابر برابر نکلیں-

ب ت عمودی یا خط عمودی-

العَامِد- فا- مؤنث عَامِدَةٌ- لَيْلَةٌ عَامِدَةٌ : لمبی رات-

العَمِيْد- سخت غمزدہ- وہ شخص جس کو عشق نے شکستہ دل کردیا ہو- عَمِيْدُ القَوْمِ : قوم کا سردار- ج عُمَدَاء عَمِيْدُ الْاَمْرِ : قوام امر- عَمِيْد الوَجْع : درد کا مقام- العَمِيْد وہ مریض جو اپنی بیماری کی وجہ سے بیٹھنے کی طاقت نہ رکھتا ہو اور اسے تکیوں کا سہارا لگایا جاتا ہو-

المَعْمُوْدِيَة- پتسمہ-

العُمُد و العُمُدَّانِی- کامل ترین نوجوان-

العَمَيْذَر- نازک بدن لڑکا-

عَمَرَ (ن) عَمْرًا- المنزلُ باهله : آباد ہونا ___ المَنْزِلَ : آباد کرنا- صفت مفعولی مَعْمُوْرٌ ___ الدَّارَ گھر تعمیر کرنا- اور اسم العمارہ ہے ___ بالمَكَانِ : اقامت کرنا- ___ ہ اللّٰه : زندہ رکھنا (___ عَمَارَةً) اللّٰه مَنْزِلَة : آباد کرنا-

عَمَرَ (ض و ن) عُمُوْرًا و عَمَارَةً و عُمرَانًا الرَّجُلُ بَيْتَه : لازم پکڑنا- عَمَرتُه كَذَا : زندگی بھر کیلئے دینا (___ عَمْرا و عَمَارَةً) رَبَّه : عبادت کرنا- خدمت کرنا- روزہ رکھنا- نماز پڑھنا (___ عُمْرًا و عَمْرًا و عَمَارَة و عَمِر (س) عَمْرًا و عَمَرًا و عَمَارَةً) لمبی عمر پانا (___ و عَمُرَ (ک) و عَمِر (س) عَمَّارَةً) المَالُ : مال بہت زیادہ ہونا-

عَمَّر و اَعْمَرَ المَنْزِلَ : آباد کرنا- عَمَّرَة و اعْمَرَة اَرضًا : زندگی بھر کیلئے دے دینا- عَمَّرَ الرَّجُلُ : لمبی زندگی پانا- عَمَّرَة اللّٰهُ : زندہ رکھنا- عَمَّرَ الثَّوْبَ- کپڑے کو اچھا بننا- جب تم کسی کو اللہ کی قسم دیتے ہو کہ فلاں کا کام عمر بھر کرے تو کہتے ہو- اَعْمَرَكَ اللّٰهُ اَنْ تَفْعَلَ كَذَا- اَعْمَرَهٗ المكَانَ : آباد کرنے کیلئے دینا- اَعْمَرَ الْاَرْضَ : آباد پانا- اَعْمَرَ عَلَيْهِ : غنی کرنا-

اِعْتَمَرَ المكَانَ : قصد کرنا- زیارت کرنا- کہا جاتا ہے "جَاءَ فُلَانٌ مُعْتَمِرًا" فلاں زیارت کرنے کے لیے آیا "اِتَّخَذْنَا نَادِيًا نَعْتَمِرُهٗ" ہم نے ایک مجلس بنالی جس میں بیٹھتے ہیں- اِعْتَمَرَ الرَّجُلُ : پگڑی باندھنا-

اِسْتَعْمَرَهٗ فِی المَكَانِ : آباد کرنا- جیسے اِسْتَعْمَرَ اللّٰهُ عِبَادَهٗ فِی الْاَرْضِ : یعنی اللہ نے اپنے بندوں کو زمین میں آباد کرنا چاہا-

العَمْر- زندگی ج اَعْمَار- دین- اور قسم میں کہا جاتا ہے "لَعَمْرِی" ولَعَمْرُ اللّٰهِ و اَعْمَرَ اللّٰه-

العَمْر : دانتوں کے درمیان کا گوشت- ج عُمُوْر-

العَمْرَان- حلق کے کوے کے دونوں طرف لٹکا ہوا گوشت-

العُمْر و العُمُر- زندگی- عربوں کے نزدیک عمر کا اندازہ چالیس سال کا تھا- العُمُر : مسجد گرجا- دانتوں کے درمیان کا گوشت- مسوڑھا-

عُمَر- علم ہے اور علیت وعدل کی وجہ سے غیر منصرف ہے- خلیفہ ثانی کا نام ہے- العمران : سیدنا ابو بکر و عمر رضی اللہ عنہما-

عَمْرو- علم ہے- اور اس میں حالت رفعی و جری میں خلیفہ ثانی کے نام سے امتیاز کیلئے واؤ لگایا جاتا ہے- ج عَمْرُون و اَعْمُرٌ و عُمُوْر- اُمُّ عَمْرٍو : بجو کی کنیت-

العُمْرَان- آبادی-

العَمَر- مص- دین- عورتوں کے سر ڈھانکنے کا رومال-

العَمْرَة- ہر وہ چیز جو سر پر رکھی جائے جیسے تاج' پگڑی وغیرہ- اَبُو عَمْرَة بھوک اور افلاس کی کنیت-

العُمْرة- آباد مکان کا ارادہ- اور اصطلاح شرع میں طواف اور سعی بین الصفا والمروۃ کا نام- ج عُمَر و عُمُرات-

العَمَار- سلام- پھول جس سے شراب کی مجلس کو مزین کرتے تھے-

العَمَارَة- مص- ہر وہ چیز جو سر پر رکھی جائے جیسے تاج' پگڑی وغیرہ- مزین کپڑے کا ٹکڑا جو خیمہ میں لگایا جاتا ہے- پھولوں کا دستہ جو بادشاہ کو سلام کرتے ہوئے پیش کیا جائے- بڑا قبیلہ- قبیلہ- جنگی جہازوں کا بیڑا-

العِمَارَة- مص- جس سے مکان کی آبادی ہو- چھوٹا قبیلہ-

العُمَارَة- عمارت کی مزدوری-

العُمْرٰی- وہ مکان یا زمین جس کو زندگی بھر کے لیے دے دیا جائے-

مَكَانٌ عَمِيْرٌ : آباد- ثَوْبٌ عَمِيْرٌ : گف کپڑا-

العَامِر- فا- گھر کا رہنے والا ج عُمَّار مؤنث عَامِرَة ج عَوَامِر- مَكَانٌ عَامِرٌ : آباد جگہ- تم کہتے ہو تَرَكْتُهُمْ عَامِرِيْنَ بِمَكَانِ كَذَا : یعنی میں نے اُن کو فلاں جگہ میں آباد چھوڑا- العَامِر : بجو کا بچہ- اُمُّ عَامِر : بجو- عَوَامِرُ البُيُوْتِ : سانپ

وغیرہ- واحد عامِر و عامِرَۃ-

العَمِیْرَۃ- شہد کا چھتہ- بڑا قبیلہ- ج عَمَائِر-

العَمَّار- صیغہ مبالغہ- قوی الایمان- بردبار- صاحب وقار- موت تک امر و نہی پر قائم رہنے والا- اچھی تعریف والا-

العُمَّار- جنات جو مکانوں میں رہتے ہیں اور یہ جمع ہے عامر کی-

المَعْمَر- آباد- خوش حال جگہ-

المُسْتَعْمَرَۃ- نو آبادی (مولدۃ)

الیَعْمُوْر- بکری کا بچہ- چھوٹی بھیڑ- ج یَعَامِیْر-

العَمَرَّد- ہر چیز کا لمبا- خوش- قوی، سخت مزاج مرد- شیر نر- بھیڑیا-

العَمَرَّس- مرد قوی- العُمْرُوْس: بکری کا بچہ ج عَمَارِیْس-

العُمْرُوْط- چور- سرکش ج عَمَارِط و عَمَارِیْط و عَمَارِطَۃ-

العَمَرَّط- جوان- سبک- دلیر- بلا- مصیبت-

عَمَسَ (ن) عَمْسًا الکِتَابَ: مٹنا- الأمْرَ- دیدہ دانستہ جاہل بننا- عَمَّسَ و اَعْمَسَ الشَّیَٔ: چھپانا-

عَمِسَ (س) و عَمُسَ (ک) عَمَسًا و عَمْسًا و عُمُوْسًا و عَمَاسَۃً- الیَوْمُ: سخت ہونا- تاریک ہونا-

عَامَسَہٗ مُعَامَسَۃً- راز بتانا- دشمنی چھپانا-

تَعَامَسَ- تغافل کرنا- عَنْہُ: نہ جاننے والا اظاہر کرنا- کہا جاتا ہے "تَعَامَسَ عَلَیَّ" یعنی اس نے مبہم رکھا اور مجھ کو شبہ میں رکھا-

العَمْسُ و العَمَاسُ و العَمُوْسُ و العَمِیْس مشکل کام- یَوْمٌ عَمَاسٌ: سخت دن- حَرْبٌ عَمَاسٌ و عَمِیْسٌ سخت لڑائی- لَیْلٌ عَمَاسٌ: بہت تاریک رات- العَمَاس: قوی شیر- مصیبت ج عُمُسٌ و عُمْسٌ-

العَمُوْسُ و المُعَامِسُ- وہ شخص جو کاموں کو نادانوں کے مانند بےباکانہ کرے-

اَمْرٌ مُعَمَّسٌ- سخت کام-

عَمِشَتْ (س) عَمَشًا عَیْنُہٗ: آنکھ کا کمزور ہونا- چندھا ہونا- صفت مذکر اَعْمَشُ مؤنث عَمْشَاءُ ج عُمْش ـــــ فِیْہِ الکَلَامُ: کلام کا اثر کرنا-

عَمَشَہٗ (ن) عَمْشًا- بلا قصد مارنا ـــــ الوَلَدَ: لڑکے کا ختنہ کرنا-

عَمَّشَ و تَعَامَشَ عَنِ الشَّیْءِ: غافل ہونا ـــــ عَمَّشَہُ اللّٰہُ: چندھے پن کو دور کرنا-

اِسْتَعْمَشَۃ- بیوقوف جاننا-

العُمْشُوْش- انگور کا خوشہ جس میں سے کچھ دانے کھا لیے گئے ہوں-

عَمَطَ (ن) عَمْطًا و اِعْتَمَطَ عِرْضَہٗ: عیب لگانا- بے آبرو کرنا-

عَمُقَ (ک) و عَمِقَ (س) عُمْقًا المَکَانُ او الطَّرِیْقُ- دور ہونا- کشادہ اور لمبا ہونا- صفت عَمِیْق ج عِمَقٌ و عُمُقٌ و عِمَاق-

عَمُقَتْ (ک) عُمْقًا و عَمَاقَۃً البِئْرُ و نَحْوُھَا: گہرا ہونا- صفت عَمِیْقَۃ- ج عَمَائِق-

اَعْمَقَ و عَمَّقَ و اِعْتَمَقَ- البِئْرَ: کنوئیں کو گہرا کرنا- کہا جاتا ہے "عَمَّقَ النَّظَرَ فِی الاُمُوْرِ" اس نے امور میں گہری نظر ڈالی-

تَعَمَّقَ فِی الأمْرِ: معاملے کی تہ تک پہنچنے کی کوشش کرنا ـــــ فِی کَلَامِہٖ: خوب چرب زبانی سے گفتگو کرنا-

العَمْق و العُمْق و العُمُق- گہرائی- العَمْق و العُمْق: جنگل کے اطراف سے جو بعید ہو- ج اَعْمَاق-

العَمَق- حق و استحقاق- کہا جاتا ہے "لَہٗ فِیْہِ عَمَق" یعنی اس کیلئے حق و استحقاق ہے-

العَمَقَۃ- برتن کی تہ میں گھی کا میل-

رَجُلٌ عَمِقِیُّ الکَلَامِ: ایسا شخص جس کی بات بہت گہری ہو-

عَمِلَ (س) عَمَلًا- کام کرنا- محنت کرنا ـــــ لِلْاَمِیْرِ عَلٰی بِلَادٍ: عامل بننا- حاکم بننا ـــــ عَلَی الصَّدَقَۃِ- صدقہ جمع کرنے کی کوشش کرنا ـــــ البَرْقُ: بجلی کا لگاتار چمکنا- عَمِلَتِ الکَلِمَۃُ فِی الکَلِمَۃِ: ایک کلمہ کا دوسرے کلمہ میں اثر کرنا- اعراب دینا-

عَمَّلَہٗ: عمل کی اُجرت دینا ـــــ ہٗ عَلَی البَلَدِ: عامل بنانا- حاکم بنانا- کہا جاتا ہے "عُمِّلَ فُلَانٌ عَلَیْھِمْ" یعنی فلاں شخص ان کے اوپر حاکم بنایا گیا-

اَعْمَلَہٗ- عامل بنانا- حاکم بنانا- اَعْمَلَ الرُّمْحَ صدر نیزہ سے مارنا ـــــ الآلَۃَ او الرَّأیَ: استعمال کرنا ـــــ الکَلِمَۃَ فِی الکَلِمَۃِ: کلمے کا دوسرے کلمے پر اثر کرانا ـــــ الرَّجُلَ: اُجرت دینا-

عَامَلَہٗ مُعَامَلَۃً- عمل کی تکلیف دینا- معاملہ کرنا-

تَعَمَّلَ- لِکَذَا- عمل کو برداشت کرنا- مِنْ اَجْلِ فُلَانٍ او فِی حَاجَتِہٖ کوشش کرنا، درپے ہونا-

تَعَامَلَ- القَوْمُ- بعض کا بعض کے ساتھ معاملہ کرنا-

اِعْتَمَلَ- کام میں مضطرب ہونا- اثر قبول کرنا- اپنے لیے کام کرنا-

اِسْتَعْمَلَہٗ- عامل بنانا- عمل کرنے کو کہنا- استعمل الآلۃ: آلہ استعمال کرنا ـــــ الثَّوْبَ: کپڑا استعمال کرنا- اُسْتُعْمِلَ فُلَانٌ: شاہی اعمال میں سے کسی عمل کے لیے مقرر ہونا-

العَمَل- مص- الفعل- مقصد- ارادۃ فعل کرنا (ـــــ و العَامِلِیَۃ) وہ جس پر عامل والی ہو- ج اَعْمَال و اَعْمَالُ البَلَدِ: ملک کے مضافات-

العَمِل- کاریگر- پسندیدہ کاریگر- بَرْقٌ عَمِلٌ لگاتار چمکنے والی بجلی-

العَمِلَۃ- مؤنث عَمِلٌ: وہ جو کیا جائے-

العَمْلَۃ- ایک مرتبہ کا عمل- خیانت- چوری-

العِمْلَۃ- عمل کی ہیئت- جو عمل کیا جائے- (ـــــ و العُمْلَۃ) عمل کی اُجرت- اور عوام اس کو نقود کے معنی میں استعمال کرتے ہیں-

العَامِل- فا- کام کرنے والا- وہ شخص جو کسی کے امور مالی وغیرہ کا متولی ہو ج عُمَّال و عَامِلُوْنَ و عَمَلَۃ- رئیس- والی- حاکم- عَامِلُ الرُّمْحِ: نیزے کے پھل کے قریب کا حصہ-

العَامِلَۃ- مؤنث عامل ج عَامِلَات و عَوَامِل عَامِلَۃُ الرُّمْحِ: نیزے کے پھل کے قریب کا حصہ- العَوَامِل: پاؤں- کھیتی اور دائیں کرنے کے بیل-

العَمَّال- صیغہ مبالغہ- مؤنث عَمَّالَۃ-

العِمَالَۃ- عامل کا پیشہ- العِمَالَۃ و العَمَالَۃ

والعُمَالَة۔ عامل کی اُجرت۔ عوام کہتے ہیں
العُمُولَة کمیشن ایجنٹ۔
العَمُول۔مزدور۔
العَمِيْل عِنْدَ التُّجَّارِ : ایجنٹ۔ آڑھتی۔
شریک عمل۔ج عُمَلاء۔
المَعْمَل۔ کارخانہ۔ کام کرنے کی جگہ۔ ج
مَعَامِل۔
المُعَامَلَات۔کاروباری معاملات۔
احکام شرعیہ جن کا تعلق امور دنیاوی سے ہو۔
جیسے بیع و شرا کے احکام۔
المُسْتَعْمَل۔ مفعو۔استعمال کیاہوا۔
اليَعْمَل و اليَعْمَلَة۔ کام کرنے والا اُونٹ'
اونٹنی ج يَعَامِل و يَعْمَلات۔
عَمَنَ (ض) و عَمِنَ (س) عَمْنًا بِالمَكَانِ
اقامت کرنا۔
عَمَنَ و اَعْمَنَ الرَّجُلُ : ملک عمان میں جانا۔
کسی جگہ میں ہمیشہ رہنا۔
العَمُوْنُ۔ اقامت کرنے والا ج عُمُن۔
عَمَهَ و عَمِهَ (ف س) عَمَهًا و عُمُوهًا و
عُمُوْهِيَّةً و عَمَهَانًا و تَعَامَهَ۔ متحیر ہونا۔ گمراہی
میں بھٹکنا۔ صفت عَمِه ج عَمِهُوْنَ و عَامِه ج
عُمَّهٌ۔
عَمِهَ (س) عَمَهًا المَكَانُ : بے نشان و بے
علامت ہونا۔ صفت مذکر اَعْمَه صفت مؤنث
عَمْهَاء ج عُمْه۔
عَمَّهَ فِيْ ظُلْمِ فُلَانٍ : ناحق ظلم کرنا۔
العَمَه۔مص۔بصیرت کا فقدان۔
عَمِيَ يَعْمَى عَمًى۔ اندھا ہونا۔ دل کا اندھا
ہونا اور جاہل ہونا۔ عَنِ الشَّيْءِ و عِنْدَهُ : ہدایت
نہ پانا۔ عَلَيْهِ : مشتبہ ہونا۔ کہا جاتا ہے "عَمِيَتِ
الاَخْبَارُ عَنْ فُلَانٍ" یعنی پوشیدہ ہوگئیں۔
عَمِيَ عَمَايَةً۔اصرار کرنا۔ گمراہ ہونا۔
عَمَى يَعْمِي عَمْيًا۔ السَّحَابُ : بہہ پڑنا۔
المَوْجُ : جھاگ پھینکنا فُلَانٍ : سخت گرمی میں
آنا۔
عَمَّى تَعْمِيَةً المَعْنٰى : معنی پوشیدہ رکھنا
(و اَعْمٰی) الرَّجُلَ : اندھا کرنا۔اندھا پانا۔
تَعَامٰی۔بتکلف اندھا بننا۔

تَعَمّٰی تَعَمِّيًا۔اندھا ہونا۔
اِعْتَمٰی اِعْتِمَاءً ا۔الشَّيْءَ : چننا۔قصد کرنا۔
اَلعَمِيَّة وَالعُمِيَّة والعَمَايَةُ والعَمَاءَة۔
گمراہی۔گمراہی پر اصرار۔
العِمِيَّة و العُمِيَّة۔غرر۔گمراہی۔
العَمِر۔ اندھا ج عَمُوْن۔ مؤنث عَمِيَّة ج
عَمِيَات۔
العَمِي۔ اندھا ج عُمْيٌ و عُمْيَانٌ و اَعْمَاءٌ و
عُمَاة مؤنث عَمْيَاء۔ الاَعْمٰی : جاہل۔ کہا جاتا
ہے "رَجُلٌ عَمِي القَلْبِ" یعنی جاہل آدمی۔
العَامِيَة۔بہت گریہ وزاری کرنے والی عورت۔
العَمَاء۔بلند بادل۔موسلادھار برسنے والا بادل۔
الاَعْمَيَان۔ سیلاب و آتش زدگی۔
المَعْمِيَة۔بے نشان زمین۔ج مَعَامِي۔مَكَانٌ
عَمِيٌ و اَعْمٰی۔ایسی جگہ جس میں ہدایت نہ ملے۔
العَامِيُ۔وہ شخص جو اپنے راستے کو نہ دیکھتا ہو۔
المُعَمّٰی۔مفع مِنَ الكَلَامِ : چیستان۔پہیلی۔
عَنْ۔ حروفِ جر میں سے ہے اور معانی ذیل میں
مستعمل ہے۔
(۱) مجاوزة جیسے تَرَحَّلْ عَنْ مَكَانٍ فِيْهِ
ضَيْمٌ : اس جگہ سے چل دے جہاں ظلم ہو۔(۲)
بدل جیسے يَوْمٌ لَّا تَجْزِيْ نَفْسٌ عَنْ نَفْسٍ شَيْئًا :
وہ یوم جس میں کوئی نفس کسی نفس کا بدلہ نہیں
دے گا۔ (۳) تعليل جیسے مَا فَعَلَ ذٰلِكَ اِلَّا عَنْ
اِضْطِرَارٍ : اس نے اُس کو مجبور ہو کر کیا۔(۴) بعد
جیسے عَنْ قَلِيْلٍ تَرٰی۔ تھوڑی دیر کے بعد تجھے
معلوم ہو جائے گا۔ (۵) استعلاء جیسے اَحْبَبْتُ
الْاِحْسَانَ اِلَى الْفُقَرَاءِ عَنْ كَثْرَةِ الصَّلٰوةِ : میں
نے فقراء کے ساتھ اچھے سلوک کو کثرت نماز پر
ترجیح دی اور کبھی اسم ہو کر جانب کے معنی میں آتا
ہے اور اس وقت اس پر حرف جر داخل ہوتا ہے
جیسے "جَلَسَ مِنْ عَنْ يَسَارِ الْخَلِيْفَةِ" خلیفہ کی
بائیں جانب بیٹھنا۔
عَنَّ (ن ض) عَنًّا و عَنَنًا و عُنُوْنًا و اعْتَنَّ لَهُ
الشَّيْءُ : سامنے ظاہر ہونا۔ پیش آنا۔ عَنَّ عَنِ
الشَّيْءِ : اعراض کرنا۔ عَنَّ فُلَانًا : گالی دینا۔ عَنَّ و
عَنَّنَ الكِتَابَ۔ عنوان لکھنا۔ و عَنَّيْتُ الكِتَابَ :
ایک نون کو یا سے بدل کر بھی کہتے ہیں۔

عَنَّ و عَنَّنَ و اَعَنَّ اللِّجَامَ : لگام میں ڈوری
لگانا۔
عَنَّ و اَعَنَّ الفَرَسَ : گھوڑے کو لگام سے
روکنا۔
عَانَّهُ مُعَانَّةً و عِنَانًا۔مقابلہ کرنا۔
العَانُّ۔فا۔لمبی رسی۔پھیلا ہوا بادل۔
العَانَّةُ۔مؤنث۔العَانّ۔بادل۔
العُنَّة۔ رسی' اُونٹ یا گھوڑے کے لیے لکڑی کا
باڑہ۔ہانڈی رکھنے کا چولہا۔
العَنَان۔ بادل۔ و العَنَانَة بادل کا ایک ٹکڑا۔
عَنَانُ السَّمَاءِ : آسمان کی بلندی۔ عَنَانُ الدَّارِ۔
گھر کا کنارہ۔گھر کا گرداگرد۔
العِنَان۔مص۔لگام کی رسی۔ج اَعِنَّة و عُنُن۔ کہا
جاتا ہے "هُوَ قَصِيْرُ العِنَانِ" یعنی وہ بے خیر آدمی
ہے۔ "وَرَجُلٌ طَوِيْلُ العِنَانِ" شریف آدمی و
"اَبِيُّ العِنَانِ" خوددار۔و "اِمْتَلَاءَ عِنَانُه" جبکہ
اپنی کوشش کو پہنچ جائے۔ "وَذَلَّ عِنَانُه" یعنی
تابع و فرمانبردار ہو گیا۔ و "هُمَا يَجْرِيَانِ فِيْ
عِنَانٍ" جبکہ دونوں فضیلت وغیرہ میں برابر ہوں۔
"وَجَرَى الفَرَسُ عِنَانًا" یعنی ایک چکر دوڑا۔
"وَكَبَا فِيْ عِنَانِه" یعنی اپنے چکر میں ٹھوکر کھا
گیا۔ "وَاَرْخِ مِنْ عِنَانِه" یعنی اس کو ڈھیل دے
دو۔ و شَرِكَةُ العِنَان : دو آدمیوں کا مخصوص مال
میں شرکت کرنا۔ العِنَان : سامنے آنے والی چیز۔
العَنَن۔ سامنے آنے والی چیز۔ کہا جاتا ہے
"عَنَانَاك اَنْ تَفْعَلَ كَذَا : انتہائی یہ ہے کہ تم
ایسا کرو۔
الاَعْنَان۔ درخت کے اطراف۔ اَعْنَانُ
السَّمَاءِ۔ آسمان کے اطراف۔افق۔
العَنَّان۔بہت سبقت لے جانے والا۔
المِعَنّ۔ لایعنی امور میں دخل دینے والا۔
خطیب۔مؤنث مِعَنَّة۔
المَعْنُوْن۔ مجنون۔پاگل۔
عَنَّبَ الكَرْمُ : انگور کی بیل میں انگور آنا۔
العِنَب۔انگور۔ج اَعْنَاب۔ایک دانے کو عِنَبَةٌ
کہتے ہیں۔
العَنَّاب۔ انگور بیچنے والا۔ عِنَب الثَّعْلَب
مکوے۔

العُنَاب و الاَعْنَب- بڑی ناک والا-
العُنَّاب- عُناب- ایک دوا کا نام- واحد عُنَّابَة-
عَنْبَرَ الشَّیْئَ- عنبر سے خوشبودار کرنا-
العَنْبَر- ایک قسم کی خوشبو- زعفران- ایک قسم کی بڑی مچھلی- ڈھال جو عنبر مچھلی کی کھال سے بنائی جاتی ہے- ج عَنَابِر-
عَنْبَرُ الشِّتَاءِ و عَنْبَرَتُهٗ- سردی کی شدت
عَنْبَرَةُ الْقِدْرِ: پیاز-
العَنْبَرِی- عنبر سے معطر کی ہوئی شراب-
عَنِتَ (س) عَنَتًا- دشواری میں پڑنا- مصیبت سے ہلاک ہونا- گناہ کرنا ___ الشَّیْئُ: خراب وفاسد ہونا ___ العَظْمُ: درستی کے بعد ٹوٹ جانا- صفت عَنِت-
عَنَّتَهٗ- سختی کرنا- ایسی چیز لازم کرنا جس کا ادا کرنا دشوار ہو- عَنَّتَ الشَّیْئُ العَظْمَ المَجْبُوْرَ: درست شدہ ہڈی کو توڑ دینا- عَنَّتَ فِی الجَبَلِ: پہاڑ پر چڑھنا-
اَعْنَتَ الجَابِرُ الکَسِیْرَ: جڑے ہوئے کو پھر توڑنا- ٹوٹے ہوئے کی دیکھ بھال نہ کرنے کی وجہ سے فساد زیادہ ہونا ___ الرَّاکِبُ الدَّابَّةَ: جانور پر سختی سے زیادہ لادنا ___ الرَّجُلَ: ہلاکت میں ڈالنا-
تَعَنَّتَه- تکلیف پہنچانا- کسی کی لغزش کو ڈھونڈنا-
تَعَنَّتَ الرَّجُلَ و عَلَیْهِ فِی السُّؤَالِ: بطریق تلبیس سوال کرنا-
العَنُوْت- دشوار گزار ٹیلہ-
عَنْتَرَ عَنْتَرَةً- لڑائی میں بہادری کرنا- عَنْتَرَهٗ بِالرُّمْحِ: نیزہ مارنا- عَنْتَرَ العُنْتُرُ: مکھی کا جھنجھنانا-
العَنْتَر و العُنْتُر و العُنْتَر- مکھی- نیلی مکھی- واحد عَنْتَرَة-
عَنْتَلَ الشَّیْئَ: ٹکڑے ٹکڑے کرنا-
العُنْتُل- سخت- ضِبَاعٌ عَنَاتِل: شکار کو ٹکڑے ٹکڑے کردینے والے بجو-
العَنْثَة و العُنْثَة و العِنْثَة- جلی نام- ایک مخصوص گھاس جبکہ وہ خشک اور سیاہ ہوجائے- ج عِنَاث-
العُنْثُوَة و العُنْثُوَة- بمعنی عَنْثَة ج عَنَاثِی
العُنْثُوَة: ٹھوڑی کے بال-

عَنَجَ (ن ض) عَنْجًا و اَعْنَجَ الشَّیْئَ: کھینچنا- الدَّلْوَ: ڈول کو رسی سے باندھنا-
العِنَاج- پیٹھ کا درد- رسی جس کو بڑے ڈول کے نیچے باندھتے ہیں- ج اَعْنِجَة و عُنُج-
عَنَجَةُ الهَوْدَجِ: ہودے کے دروازے کا بازو-
العَنْجَج- بڑا-
العُنْجُج- جنگلی ریحان-
العُنْجُوْج- عمدہ گھوڑا- عمدہ اونٹ- اول جوانی ج عَنَاجِیج-
عَنْجَرَ عَنْجَرَةً- ہونٹوں سے سیٹی بجانا-
العُنْجُوْرَة- شیشی کا غلاف-
العُنْجُه- بڑی موٹی سیپی- اکھڑ مرد-
عِنْدَ- ظرف مکان و ظرف زمان- جیسے وقفت عِنْدَ الْبَابِ و سَافَرْتُ عِنْدَ مَغِیْبِ الشَّمْسِ اور مِن کے داخل ہونے سے مجرور ہوتا ہے جیسے اَتَیْتُ مِنْ عِنْدِهٖ-
عَنَدَ (ن ض) و عَنِدَ (س) و عَنُدَ (ک) عُنُوْدًا عَنِ الطَّرِیْقِ اوِ القَصْدِ: تجاوز کرنا- ہٹ جانا- مائل ہونا ___ الرَّجُلُ: دیدہ دانستہ حق کی مخالفت کرنا- صفت عَنِیْد ج عُنُد (___ و اَعْنَدَ) العِرْقُ: رگ سے خون لگاتار بہنا- اَعْنَدَ فُلَانًا: مقابلہ کرنا-
عَنَدَ (ن) عُنُوْدًا عَنْ اَصْحَابِهٖ: سفر میں علیحدہ ہوجانا-
عَانَدَهٗ مُعَانَدَةً و عِنَادًا- علیحدہ ہونا- مقابلہ کرنا ___ الشَّیْئَ: لازم ہونا ___ الرَّجُلَ: کسی کے جیسا کام کرنا-
تَعَانَدَ القَوْمُ: بعض کا بعض کے ساتھ مخالفت کرنا-
اِسْتَعْنَدَ الفَرَسُ: گھوڑے کا سرکشی کرنا- منہ زور ہونا ___ هُ القَیْئُ: غالب ہونا ___ فُلَانًا: قصد کرنا-
العَانِد- فا- میانہ روی سے ہٹنے والا- ج عُنَّد- عَوَانِد- کہا جاتا ہے "طَعَنَهٗ طَعْنًا عَانِدًا" اس نے اس کو دائیں بائیں سے نیزہ مارا- دَمٌ عَانِدٌ: ایک جانب سے بہنے والا خون-
العِنْد- دل- معقول-

العَنْد- جانب- کہا جاتا ہے "هُوَ یَمْشِیْ وَسْطًا لَا عَنْدًا" وہ وسط میں چلتا ہے کنارہ میں نہیں-
العُنْدُ و العِنْدُ و العَنْدُ- گوشہ-
العَنُوْد- میانہ روی سے ہٹنے والا ج عُنُد- کہا جاتا ہے "سَحَابَةٌ عَنُوْدٌ" موسلا دھار برسنے والا بادل- عَقَبَةٌ عَنُوْدٌ: دشوار گزار گھاٹی- رَجُلٌ عَنُوْدٌ: کسی کے ساتھ نہیں بلکہ تنہا اترنے والا مرد-
عَنْدَرَ المَطَرُ: سخت بارش ہونا-
عَنْدَلَ عَنْدَلَةً- الهَزَارُ: بلبل کا چہچہانا-
العَنْدَلِیْب- بلبل- ج عَنَادِل-
العَنْدَم- (دم الاخوین)-
عَنَزَهٗ (ن) عَنْزًا- نیزہ مارنا- عَنَزَ و اِعْتَنَزَ و اِسْتَعْنَزَ عَنْهُ: علیحدہ ہونا اور ایک گوشہ میں اترنا-
اَعْنَزَ الشَّیْئَ: جھکانا-
تَعَنَّزَ- لوگوں سے علیحدہ ہونا-
العَنْز- مؤ- بکری- مادہ چکور- مادہ شکرہ- ہرنی- مادہ گدھ ج عِنَاز و اَعْنُز و عُنُوْز-
العَنَزَة- بکری-
العَنَزَة- ڈنڈا جس کے نیچے پھل لگا ہو- عَنَزَةُ الفَأْسِ پھاوڑے کی دھار ج عَنَز و عَنَزَات-
العُنُوْز و العَنِیْز- مصیبت میں مبتلا-
عَنَسَ (ض) عَنْسًا العُوْدَ: لکڑی کو جھکانا- موڑنا-
عَنَسَت (ن ض) و عَنِسَت (س) عُنُوْسًا و عِنَاسًا و عَنَّسَت و عُنِّسَت و اَعْنَسَتِ الجَارِیَةُ: لڑکی کا بالغ ہونے کے بعد دیر تک بلا شادی کے رہنا- صفت عَانِس ج عَوَانِس و عُنَّس و عُنُس و عُنُوْس عَنَسَ الرَّجُلُ: بغیر نکاح کے بڑی عمر تک رہنا- صفت عَانِس-
اَعْنَسَ الشَّیْئُ: متغیر کرنا- اَعْنَسَ الشَّیْبُ وَجْهَهٗ: بڑھاپے کا چہرے کو بدل دینا- کہا جاتا ہے "فُلَانٌ لَمْ تُعْنِسْهُ او لَمْ تُعْنِسِ السِّنُّ وَجْهَهٗ": یعنی فلاں کی عمر نے بڑھاپے کی طرف رخ نہیں کیا- و عَنَّسَ الجَارِیَةَ اَهْلُهَا: لڑکی کو اس کے گھر والوں نے نکاح کرنے سے روکے رکھا-

صفت مُعَنَّسَة ج مُعَنَّسات و مَعَانِس۔
عَنِسَ (س) عَنَسًا۔ ہروقت آئینہ میں دیکھنا۔
العَنْس۔ مص۔ عقاب۔ قوی اُونٹنی ج عِناس و عُنُوس۔
العِناس۔ آئینہ ج عُنُس۔
عَنَشَ (ن ض) عَنْشًا۔ العُودَ: لکڑی کو موڑنا۔ جھکانا۔ الرَّجُلَ: تکلیف پہنچانا۔ غضبناک کرنا۔
عَانَشَہ مُعَانَشَةً و عِنَاشًا۔ لڑائی میں ایک دوسرے سے لپٹ جانا۔ مفاخرت کرنا۔
اِعْتَنَشَہ۔ لڑائی میں ایک دوسرے سے لپٹ جانا۔ ظلم کرنا۔
تَعَانَشَا۔ ایک دوسرے سے معانقہ کرنا۔
تَعَنَّشَ المَالَ: ہر طریقہ سے مال جمع کرنا۔
الاَعْنَش۔ چھ انگلیوں والا۔ چھنگا۔
العنصُر العُنْصَر۔ اصل۔ کہا جاتا ہے "اِنَّهٗ لَكَرِيْمُ العُنْصُر" وہ اصلاً شریف ہے۔ حسب۔ ہمت۔ حاجت۔ مصیبت۔ ہیولی۔ مادہ جسم بسیط۔ ج عَناصِر اور قدماء کے نزدیک عناصر چار تھے۔ آگ' پانی' ہوا اور مٹی۔
عِيْدُ العُنْصُرَة۔ نصرانیوں کی ایک عید ہے جو عید فصح کے پچاس دن کے بعد ہوتی ہے۔ اور یہودیوں کے نزدیک طور سینا پر احکام شریعت کے نزول کی یادگار میں عید ہے۔
العُنْصُل والعُنْصَل والعُنْصُلاء والعُنْصَلاء۔ جنگلی پیاز۔ جس کو بصل الفار بھی کہتے ہیں۔
العَنْصُوَة والعِنْصُوَة والعُنْصُوَة والعِنْصِيَة والعِنْصَاة۔ متفرق تھوڑے سے بال یا گھاس وغیرہ ج عَناصِ۔
العُنْظُب والعُنْظُبان والعُنْظُوب۔ ایک قسم کی ٹڈی۔ مؤنث عُنْظُوبَة۔
عَنْظَى بِہ: ٹھٹھا کرنا۔ بری بات سنانا۔ گالی دینا۔
العُنْظُوان والعِنْظِيان۔ فحش بکنے والا۔
العُنْظُوانِ: ایک ترش قسم کی نباتات۔
العُنْظُوانَة۔ واحد ہے عُنْظُوان کی۔ مادہ ٹڈی ج عُنْظُوانات۔
عَنْعَنَ عَنْعَنَةً۔ ہمزہ کو عین کی طرح پڑھنا ـــــ الرَّاوِي: روایت کو عَنْ فُلانٍ عَنْ فُلانٍ سے بیان کرنا۔
عَنُفَ (ک) عُنْفًا و عَنَافَةً۔ بالرَّجُلِ و عَلَيْهِ سختی کرنا۔ صفت عَنِيْفٌ ج عُنُف۔
عَنَّفَہ و اَعْنَفَہ۔ سختی سے معاملہ کرنا۔ و عَنَّفَہ سختی سے جھڑکنا۔ عتاب کرنا۔ اَعنف الاَمرَ: سختی سے لینا۔
اِعْتَنَفَ الاَمْرَ: سختی سے لینا۔ الشَّیْئَ: شروع کرنا ـــــ المجلس سے پھر جانا۔
العُنْف والعِنْف والعُنُف۔ سختی۔ سخت دلی۔
العُنْفَة والعُنُفَة۔ ابتدا۔ شروع۔
الاَعْنَف۔ سختی سے پیش آنے والا۔
عُنْفُوانِ الشَّبَاب و عُنْفُوَة۔ ابتدائی جوانی۔
عُنْفُوانُ الخَمْرِ: شراب کی تیزی۔
المَعْنَفَة۔ سختی کا سبب۔
تَعَنْفَصَ۔ ڈینگ مارنا۔ شیخی بگھارنا۔
العَنْفَقَة۔ داڑھی بچہ۔ ج عَنَافِق۔
عَنِقَ (س) عَنَقًا۔ لمبی گردن والا ہونا۔ صفت اَعْنَق۔
عَنَّقَ۔ طلع النخل: کھجور کے شگوفہ کا لمبا ہونا۔
عَنَّقَہ: گردن پکڑنا۔ عَنَّقَ عَلَيْهِ: چلنا اور گردن اٹھا کر دیکھنا۔
عَانَقَہ مُعَانَقَةً و عِنَاقًا۔ بغل گیر ہونا۔ گلے لگانا۔
عَانَقَتِ الاِبِلُ: تیز چلنا۔
اَعْنَقَ۔ الزَّرْعُ: کھیتی کا لمبا ہونا۔ خوشہ نکلنا۔ الکَلْبَ: کتے کی گردن میں پٹہ ڈالنا۔ النَّجْمُ: ستارہ کا غروب ہونا۔ اَعْنَقَتِ البِلادُ: دور دور ہونا ـــــ الدَّابَّةُ: جانور کا چوڑے قدم ڈال کر تیز چلنا ـــــ الرِّيْحُ: ہوا کا مٹی کو اڑانا۔
تَعَنَّقَ اليَرْبُوْعُ: جنگلی چوہے کا بل میں گھسنا۔
تَعَانَقَ۔ الرَّجُلاَنِ: ایک کا دوسرے سے گلے ملنا۔
اِعْتَنَقَ۔ الشَّیئَ: لازم ہونا۔ سختی سے پکڑنا۔
اِعْتَنَقَ الرَّجُلاَنِ: لڑائی وغیرہ میں ایک کا دوسرے کے گلے کو پکڑنا۔
العُنْق والعُنُق گلا (مذکر ہے اور مؤنث بھی مستعمل ہے) ج اَعْناق۔ و عُنُقُ کُلِّ شَیئٍ: ہر چیز کا اول۔ کہا جاتا ہے "مَاتَ فُلاَنٌ فِی عُنُقِ الصَّيْفِ" وہ گرمی کی ابتدا میں مر گیا "قَدْ اَخَذَ بِعُنُقِ السِّتِّيْنَ" وہ ساٹھ سال کی ابتدا میں پہنچ گیا۔ "وَكَانَ ذٰلِكَ عَلٰى عُنُقِ الدَّهْرِ" وہ زمانہ قدیم سے تھا۔ "وَلَهٗ عُنُقٌ فِي الْخَيْرِ" اس کیلئے بھلی ہی نیکی میں سبقت ہے۔ "وَهُمْ عُنُقٌ اِلَيْكَ" وہ لوگ تیری طرف مائل ہیں۔ تیرے منتظر ہیں۔ والعُنُق: رئیس لوگ۔ جماعت۔
العَنَق۔ مص۔ جانور کی تیز چال۔
العَنَاق۔ بکری کا بچہ سال پورا ہونے سے پہلے۔ ج اَعْنُق و عُنُوْق۔ عَنَاقُ الاَرْضِ: بلی کی قسم کا ایک شکاری جانور۔ العَنَاق: مصیبت (ـــــ والعَنَاقَة) سختی و محرومی۔
الاَعْنَق۔ لمبی گردن والا۔
العَنْقَاء۔ اَعْنَق کا مؤنث۔ ج عُنْق۔ عَنْقَاءُ مُغْرِب والعَنْقَاء المُغْرِبُ والمُغْرِبَة: ایک فرضی پرندہ کا نام۔ مصیبت۔ ٹیلہ کی چوٹی۔ کسی چیز کی ہلاکت و بربادی کی خبر دینی ہوتی ہے تو کہتے ہیں حَلَّقَتْ بِهٖ فِي الْجَوِّ عَنْقَاءُ مُغْرِب: یعنی عنقاء مغرب اس کو فضاء آسمانی میں لے کر اڑا۔ هَضْبَةٌ عَنْقَاءُ۔ بلند ٹیلہ۔
العَانِقَاء۔ جنگلی چوہے کا سوراخ۔
العَنِيْق۔ گردن۔ بغل گیر ہونے والا۔
المُعْنِق۔ تیز دوڑنے والا۔ زمین کا سخت و بلند حصہ۔ لمبی گردن والا۔ ج مَعَانِيْق۔
المِعْنَاق۔ عمدہ گردن والا گھوڑا یا تیز دوڑنے والا گھوڑا۔ ج مَعَانِيْق۔
المِعْنَقَة۔ پٹہ۔ ہار۔
عَنْقَشَ۔ بِالشَّیئِ: چمٹ جانا۔
تَعَنْقَشَ بِہ: سخت ہونا۔ پیچ کھانا۔
عَنَكَ (ن) عُنْكًا و عُنُوْكًا و تَعَنَّكَ الرَّمْلُ: ریت کا ڈھیر ہو کر بلند ہونا۔ صفت عَنِيْكٌ ج عُنُک۔ عَنَكَ البَابَ: دروازہ بند کرنا ـــــ الرَّجُلُ: سفر کرنا ـــــ الفَرَسُ: حملہ کرنا اور پھرنا۔
عَنَّكَہ۔ ملامت کرنا اور مشقت میں ڈالنا۔
اَعْنَكَ۔ الرَّجُلُ: تودہ ریگ میں پڑنا۔ البَابَ: دروازہ بند کرنا۔
العِنْک۔ تودہ ریگ۔
العَنْكَبُوْت۔ مکڑی ج عَنَاكِب عَنْكَبُوْتَات۔

العَنکَب۔ نرمکڑی ج عَنَاکِب و عَنَاکِیب۔

العَنکَبَة و العَنکَبَاة و العَکَنبَاة مادہ مکڑی ج عَنَاکِب و عَنَاکِیب۔

عَنَّمَ۔ البَنَانَ: پورے کو عنم سے رنگنا (دیکھئے عنم)

اَعنَمَتِ المَاشِیَةُ: جانور کا عنم کو چرنا۔ (دیکھئے عنم)

العَنَم۔ ایک درخت ہے جس کا پھل سرخ رنگ کا ہوتا ہے اور جس سے رنگے ہوئے پودے کو تشبیہ دیتے ہیں۔ واحد العَنَمَة۔ العَنَم: انگور کی بیل کے دھاگے جو ٹٹی کی لکڑیوں سے لپٹ جاتے ہیں۔

العَنَمَة۔ انسان کے ہونٹ کا پھٹن۔

العَنَمِیّ۔ سرخی آمیز خوبصورت چہرہ۔

العَنَنُوم۔ نرمینڈک۔

عَنَا یَعنُو عَنَاءً و عُنُوًّا۔ لَهُ: خضوع کرنا۔ جھکنا۔ فرمانبردار ہونا۔ ذلیل ہونا۔ صفت عَانٍ و عَنِیٌّ مؤنث عَانِیَة و عَنِیَّة ــــ الشَّیْءَ: ظاہر کرنا۔

عَنَتِ الاَرضُ بِالنَّبَاتِ: اگانا۔ عَنَاهُ الاَمرُ: غم میں ڈال دینا۔ عَنَا الاَمرُ عَلَیهِ: دشوار ہونا۔

عَنَتِ الاُمُورُ بِفُلَانٍ: نازل ہونا۔ (ــــ عَنوًا) الکتاب: عنوان لکھنا۔ خط پر پتہ لکھنا۔

عَنَا یَعنُو عَنوَةً۔ زبردستی لے لینا۔ صلحاً لینا۔

عَنَا یَعنُو و عَنِیَ یَعنَی عَنًا۔ فِی القَومِ: قیدی ہونا۔ صفت عَانٍ ج عُنَاةٌ مؤنث عَانِیَةٌ ج عَانِیَاتٌ و عَوَانٍ۔

عَنَّی تَعنِیَةً۔ الرَّجُلَ: قید کرنا۔

اَعنَی اِعنَاءً۔ الرَّجُلَ: فرمانبردار کرنا۔ ذلیل کرنا۔ اَعنَتِ الاَرضُ النَّبَاتَ: اگانا۔

العَانِی۔ بہتا ہوا خون یا پانی۔

العِنوُ و العَنَا۔ گوشہ۔ کنارہ۔ ج اَعنَاء۔ کہا جاتا ہے "جَاءَنَا اَعنَاءٌ مِنَ النَّاسِ" ہمارے پاس مختلف قبائل کے لوگ آئے۔

عَنوَنَ عَنوَنَةً۔ دیباچہ لکھنا۔

عُنوَانُ الکِتَابِ و عِنوَانُه و عُنیَانُه و عِنیَانُه: دیباچہ کتاب۔ "وَعُنوَانُ کُلِّ شَیْءٍ" وہ جس کے ظاہر سے باطن کا حال معلوم ہو جائے' کہا جاتا ہے "الظَّاهِرُ عُنوَانُ البَاطِنِ"۔

عَنِیَ یَعنَی عَنیًا الاَمرُ لِفُلَانٍ: واقع ہونا۔ نازل ہونا ــــ فِیهِ الاَکلُ: مفید ہونا ــــ الاَرضُ بِالنَّبَاتِ اگانا (ــــ عَنیًا و عِنَایَةً) بِمَا قَالَهُ کَذَا: مراد لینا۔

عَنَی اللّٰهُ بِهِ عِنَایَةً۔ حفاظت کرنا۔

عَنِیَ یَعنَی عَنَایَةً و عِنَایَةً و عُنِیًّا الاَمرُ۔ فُلَانًا۔ مشغول کرنا۔ فکر مند کرنا۔ عُنِیَ بِالاَمرِ و عَنِیَ بِهِ یعنی عَنًی: مشغول ہونا۔ فکر مند ہونا۔ مشقت لاحق ہونا۔ صفت عَانٍ و عَنٍ

عَنِیَ یَعنَی عَنَی الاَکلُ فِیهِ: مفید ہونا۔

عَنِیَ یَعنَی عَنَاءً۔ تھکنا۔

عَنَّی تَعنِیَةً و اَعنَی اِعنَاءً الرَّجُلَ: تکلیف پہنچانا۔ امر دشوار کی تکلیف دینا۔

ــــ الکِتَابَ: دیباچہ لکھنا۔ کہا جاتا ہے "مَا اَعنَی شَیئًا" یعنی کسی چیز کو فائدہ نہیں دیا۔

عَانَی مُعَانَاةً الشَّیْءَ: مشقت برداشت کرنا ــــ الرَّجُلُ مَالَهُ: مال کی حفاظت کرنا ــــ ة: مدارات کرنا۔ الهُمُومُ فُلَانًا: تفکرات کا آنا۔

تَعَنَّی تَعَنِّیًا۔ برداشت کرنا۔ تھکنا ــــ الاَمرَ برداشت کرنا۔ تکلیف اٹھانا ــــ فِی الاَمرِ: قصد کرنا ــــ الحُمّٰی فُلَانًا: بخار کا بار بار آنا۔

اِعتَنَی اِعتِنَاءً۔ بِالاَمرِ: اہتمام کرنا۔ پروا کرنا ــــ الاَمرُ: واقع ہونا۔ نازل ہونا۔ کہا جاتا ہے هُوَ بِهِ اَعنَی: یعنی زیادہ اہتمام کرنے والا ہے۔

العَنِیّ۔ اہتمام کرنے والا۔ مؤنث عَنِیَّة۔

العُنیَان۔ عنوان۔

العَنِیَة و العَنَاء و العَنَا۔ تھکن۔

المَعنَی۔ مقصود۔ معنی (الکلمة): کلمہ کا مدلول۔ معنی الکلام: کلام کا مضمون ج مَعَانٍ۔ معانی سے انسان کے صفات محمودہ بھی مراد لیے جاتے ہیں۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ حَسَنُ المَعَانِی" فلاں اچھی صفات والا ہے۔

المَعنَوِیّ۔ معنی کی طرف منسوب۔

مَعنِیُّ الکَلَامِ و مَعنَاتُهُ و مَعنِیَّتُهُ۔ مدلول کلام۔

عَهِدَ (س) عَهدًا الاَمرَ: پہچاننا ــــ الشَّیْءَ: حفاظت کرنا۔ دیکھ بھال کرتے رہنا ــــ فُلَانٌ وَعدَهُ۔ حفاظت کرنا اور پورا کرنا۔ عَهِدَ اللّٰهَ: توحید بیان کرنا ــــ فُلَانًا بِمَکَانِ کَذَا: ملاقات کرنا۔ کہا جاتا ہے "عَهدِی بِهِ قَرِیبٌ" میری ملاقات اس سے قریب ہے۔ عَهِدَ اِلَی فُلَانٍ: وصیت کرنا اور شرط لگانا۔ اِلَیهِ فِی کَذَا: وصیت کرنا اور ذمہ دار بنانا۔

عُهِدَ المَکَانُ: موسم ربیع کی پہلی بارش کا ہونا۔

عَاهَدَہ۔ معاہدہ کرنا۔ حلیف بننا۔

اَعهَدَ۔ فُلَانًا مِن کَذَا: امین بنانا۔ بری کرنا۔ کفالت کرنا۔

تَعَاهَدَ القَومُ: ایک دوسرے سے معاہدہ کرنا۔ حلیف بننا۔

تَعَاهَدَ و تَعَهَّدَ و اِعتَهَدَ الشَّیْءَ: حفاظت کرنا۔ دیکھ بھال کرنا۔ عہد کی تجدید کرنا۔ تَعَهَّدَ و اِعتَهَدَ اَملَاکَهُ: اپنے املاک کی حفاظت و اصلاح کرنا۔ (تَعَاهَدَ) کا لفظ بھی اس کے لیے مستعمل ہے۔

اِستَعهَدَ فُلَانٌ مِن صَاحِبِهِ: عہد لینا ــــ فُلَانًا مِن نَفسِهِ: اپنے حوادث نفس کا ذمہ دار ٹھہرانا۔

العَهد۔ مصدر۔ وفا۔ ضمان۔ امان۔ ذمہ۔ دوستی۔ وصیت۔ میثاق۔ قسم۔ شاہی فرمان۔ ج عُهُود۔ وہ مکان جس میں کسی چیز کا عہد کیا گیا ہو۔ وَلِیُّ العَهد: بادشاہ کا جانشین۔ کہا جاتا ہے "کَانَ ذٰلِکَ فِی اَو عَلٰی عَهدِ فُلَانٍ" یعنی یہ فلاں کے زمانہ میں تھا "وَ عَهدِی بِهِ اِنَّهُ لَکَرِیمٌ" یعنی میرے علم میں وہ کریم ہے و "هُوَ قَرِیبُ العَهدِ بِکَذَا" وہ فلاں کے قریب الحال ہے "وَعَلَیَّ عَهدُ اللّٰهِ لَاَفعَلَنَّ کَذَا" میرے اوپر اللہ کی قسم ہے کہ میں ایسا کروں گا۔ کہا جاتا ہے "مَتٰی عَهدُکَ بِفُلَانٍ" تم نے اسے کب دیکھا۔ العَهدُ القَدِیم: بائبل کی وہ کتابیں جو مسیح علیہ السلام سے پہلے لکھی گئیں۔ العَهدُ الجَدِید: بائبل کی وہ کتابیں جو مسیح علیہ السلام کے بعد لکھی گئیں۔

العَهدُ و العَهدَة و العِهدَة۔ موسم ربیع کی پہلی بارش۔ ج عِهَاد۔

العِهَادَة۔ موسم ربیع کی پہلی بارش۔

العُهدَة۔ ضمان۔ کفالت۔ اصلاح کے لیے واپسی۔ کہا جاتا ہے "لِی فِی الاَمرِ عُهدَةٌ" یعنی

میں اصلاح کیلئے عنقریب لوٹوں گا۔ خط یا عقل کا نقص۔ کہا جاتا ہے "فِی خَطِّهٖ عُهْدَةٌ" اس کا خط ردی ہے۔

العَهِد۔ عہدے کو پسند کرنے والا۔ معاملات کی دیکھ بھال کرنے والا۔

العِهْدَان۔ ضمان و کفالت۔

العَهِيْد۔ معاہدہ کرنے والا۔ معاہدہ کیا ہوا۔ پرانا۔

المَعْهَد۔ وہ جگہ جس میں کوئی چیز معہود ہو۔ لوگوں کی واپسی کی جگہ۔ ج مَعَاهِد۔

المَعْهُوْد۔ مفہ۔ معروف۔ مشہور۔

عَهَر (ف) عَهْرًا و عَهَرًا و عُهُوْرًا و عَهَارَةً و عُهُوْرَةً و عَهِرَ (س) عَهْرًا۔ اِلَيْهَا: زنا کرنے کے لیے جانا۔ صفت مذکر عَاهِرٌ ج عُهَّارٌ صفت مؤنث عَاهِر و عَاهِرَة ج عَوَاهِر۔

عَاهَرَهَا عِهَارًا۔ زنا کرنے کے لیے جانا۔

العَهِر۔ زنا کرنے کیلئے جانے والا۔ زناکار۔

العَاهِل۔ شہنشاہ۔ بڑا بادشاہ۔ بے خاوند عورت۔ ج عَوَاهِل۔

عَهَنَ (ن) عَهْنًا۔ بالمَكَانِ: اقامت کرنا۔ مِنَ المَكَانِ: نکلنا ___ فِي العَمَلِ: کوشش کرنا ___ اِلَى فُلَانٍ: عهد الينا: ___ لِفُلَانٍ مُرَادَهُ: جلدی پورا کرنا ___ الشَّيْءُ: ہمیشہ ہونا اور ثابت ہونا۔

عَهَنَتْ (ن ض) عُهُوْنًا۔ جَرَائِدُ النَّخْلِ: درخت خرما کی شاخوں کا خشک ہونا۔

عَهَنَ (ض) عَهْنًا۔ القَضِيْبُ: شاخ کا لچکنا اور ٹوٹنے کے قریب ہونا۔

عَهِنَ (س) عَهَنًا لَهُ كَذَا: جلدی کرنا ___ الشَّيْءُ: حاضر ہونا۔

العِهْن۔ اون یا رنگی ہوئی اون ج عُهُوْن۔ کہا جاتا ہے "هُوَ عِهْنُ مَالٍ" یعنی وہ مال کا بہتر انتظام کرنے والا ہے۔

العُهْنَة۔ شاخ کی لچک جو ٹوٹنے کے قریب ہو۔

العِهْنَة۔ اون یا رنگی ہوئی اون کا ایک ٹکڑا۔ ایک درخت ہے جس کا پھول سرخ رنگ کا ہوتا ہے۔

العَاهِن۔ فا فقیر حاضر۔ ثابت۔ جلدی کرنے والا۔ ڈھیلا۔ کاہل۔

العَوَاهِن۔ درخت خرما کی خشک شدہ شاخیں۔ عَاهِنَه کی جمع ہے۔ کہا جاتا ہے "رَمَى الكَلَامَ عَلَى عَوَاهِنِهٖ" جو کچھ منہ میں آیا کہہ دیا۔ بغیر سوچے ہوئے کہ صحیح ہے یا غلط۔

عَاثَ يَعُوْثُ عَوْثًا و عَوَّثَ فُلَانًا عَنْ كَذَا: ہٹا دینا یہاں تک کہ متحیر ہو جائے۔ عَوَّثَهُ: دیر کرا دینا۔

تَعَوَّثَ۔ متحیر ہونا۔

المَعَاث۔ مذہب۔ مسلک۔ گنجائش۔ کہا جاتا ہے "اِنَّ لِيْ عَنْ هٰذَا الأَمْرِ لَمَعَاثًا" یعنی میرے لئے اس معاملے میں گنجائش ہے اس لیے اس کا چھوڑنا میرے لیے ممکن ہے۔

عَاجَ يَعُوْجُ عَوْجًا و مَعَاجًا بِالمَكَانِ: اقامت کرنا ___ فُلَانًا بِالمَكَانِ: مقیم کرانا ___ السَّائِرُ: ٹھہرنا۔ اِلَى أَوْ عَلَى المَكَانِ: مائل ہونا۔ متوجہ ہونا۔ فُلَانٌ عَمَّا عَزَمَ عَلَيْهِ: پختہ ارادہ سے ہٹ جانا۔

البَعِيْرَ: اونٹ کو لگام سے پھیرنا۔ کہا جاتا ہے مَا أَعُوْجُ بِكَلَامِهٖ: میں اس کے کلام کی پروا نہیں کرتا ___ عِيَاجًا و عِوَجًا اِلَيْهِ: مائل ہونا۔

عَوِجَ يَعْوَجُ عَوَجًا۔ العُوْدُ و نحوه: لکڑی وغیرہ کا ٹیڑھا ہونا ___ الإِنْسَانُ: بد خلق ہونا۔ صفت أَعْوَج۔

عَوَّجَ تَعْوِيْجًا۔ العُوْدُ و نَحْوَهُ: لکڑی وغیرہ کا ٹیڑھا کرنا ___ العَصَا و نَحْوَهُ: لاٹھی وغیرہ پر ہاتھی دانت جڑنا۔ صفت مفعول مُعْوَجَّة تسکین عین کے ساتھ ہے ___ النَّاقَةَ: اونٹنی کو پھیرنا۔ عَوَّجَهُ عَنِ الشَّيْءِ: باز رکھنا۔

تَعَوَّجَ تَعَوُّجًا و اِعْوَجَّ اِعْوِجَاجًا العُوْدُ۔ لکڑی کا ٹیڑھا ہونا۔

اِنْعَاجَ اِنْعِيَاجًا عَلَيْهِ: مڑنا۔

اَلْعَاج۔ ہاتھی دانت۔ العَاجَة: ہاتھی دانت کا ایک ٹکڑا۔

العَوَّاج۔ ہاتھی دانت کا بیچنے والا۔

العِوَج۔ کجی۔ پیچیدگی۔

اَلْعَوْجَاء۔ مؤنث أَعْوَج۔ کمان۔ دبلی اونٹنی ج عُوْج۔

المُعَاج۔ مص۔ ٹھہرنے کی جگہ۔

عَادَهُ يَعُوْدُهُ عَوْدًا۔ ہٹانا۔ عَادَ السَّائِلَ: واپس کرنا۔ عَادَ فُلَانًا بِالمَعْرُوْفِ: احسان و بھلائی کرنا۔

عَادَ يَعُوْدُ عَوْدًا و عَوْدَةً و مَعَادًا لِكَذَا و اِلَى كَذَا: کسی کی طرف ہونا۔ اعراض کے بعد واپس ہونا۔ کہا جاتا ہے "عَادَ عَلَيَّ مِنْ فُلَانٍ مَكْرُوْهٌ" فلاں کی جانب سے مجھے تکلیف پہنچی۔

عَادَ يَعُوْدُ عَوْدًا و عِيَادًا۔ الشَّيْءَ: دوبارہ کرنا۔ اسی سے مثل ہے "العَوْدُ احمدُ"۔ عَادَ الأَمْرُ كَذَا بمعنی صار اور یہ افعال ناقصہ میں سے ہے اور کبھی ایک حالت سے دوسری حالت کی طرف انتقال کے لیے آتا ہے جیسے "عَادَ فُلَانٌ شَيْخًا" یعنی فلاں جوان سے بوڑھا ہو گیا۔

عَادَهُ عَوْدًا۔ عادت بنا لینا۔

عَادَ يَعُوْدُ عَوْدًا و عِيَادًا و عِيَادَةً و عُوَادَةً المَرِيْضَ: بیمار پرسی کرنا۔ صفت مذکر عائد ج عُوَّادٌ و عُوْدٌ و عَوْدٌ اور صفت مؤنث عَائِدَة جمع عُوَّد اور صفت مفعولی مَعُوْد اور مَعْوُوْدٌ۔

عَوَّدَ فُلَانًا كَذَا: عادی بنا دینا ___ البَعِيْرُ: اونٹ کا بوڑھا ہونا ___ الرَّجُلُ: عمر رسیدہ ہونا۔

عَيَّدَ تَعْيِيْدًا۔ عید میں حاضر ہونا۔

عَاوَدَهُ مُعَاوَدَةً و عِوَادًا۔ الرَّجُلَ: امر اول کی طرف واپس آنا ___ الشَّيْءَ: عادت بنا لینا۔ کہا جاتا ہے "عَاوَدَتْهُ الحُمّٰى" بار بار بخار آیا و "عَاوَدَهُ بِالمَسْأَلَةِ" بار بار سوال کیا۔

أَعَادَ إِعَادَةً الأَمْرَ و الكَلَامَ: لوٹانا۔ دہرانا ___ الشَّيْءَ: عادت بنا لینا۔ طاقت رکھنا ___ الشَّيْءَ اِلَى مَكَانِهٖ: اس کی جگہ پر واپس کرنا۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ مَا يُعِيْدُ و مَا يُبْدِيْ" جبکہ کوئی حیلہ نہ ہو۔ "رَأَيْتُ فُلَانًا مَا يُبْدِيْ وَ مَا يُعِيْدُ" یعنی کچھ بھی گفتگو نہیں کرتا نہ ابتداءً نہ عادۃً۔

تَعَوَّدَ تَعَوُّدًا المَرِيْضَ: بیمار پرسی کرنا ___ الشَّيْءَ: عادی ہونا۔

اِعْتَادَ اِعْتِيَادًا۔ الشَّيْءَ: خوگر ہونا۔ عادی ہونا۔

تَعَاوَدَ القَوْمُ فِي الحَرْبِ: ہر فریق کا اپنے ساتھیوں کے پاس واپس جانا۔

اِسْتَعَادَ اِسْتِعَادَةً۔ لوٹنے کو کہنا ___

الشَّئَ بِفُلَانًاو مِنَ فُلَانٍ :لوٹانے کو کہنا ____ الشَّئَ :عادی ہونا۔خوگر ہونا۔

عَادَ۔ عرب اولیٰ کا ایک شخص۔ایک پرانا قبیلہ جو اسی شخص کے نام سے موسوم تھا۔کہا جاتا ہے "مَا اَدْرِیْ اَیُّ عَادَ هُوَ" مجھے نہیں معلوم کہ وہ کون ہے۔

العَادِیُّ۔ وہ امر جس کی عادت جاری ہو۔پرانی چیز۔اقوامِ قدیمہ کے کھنڈرات۔ج عَادِیَّات۔

العَوْد۔ مص - بوڑھا اُونٹ۔ بوڑھی بکری۔ ج عِودة۔ پرانا راستہ۔ کہا جاتا ہے "رَجَعَ عَوْدًا عَلٰی بَدْءٍاوَ"رَجع عَوْدُه عَلٰی بَدْئِه" یعنی اس کا سفر ختم نہیں ہوااور وہ واپس آگیا۔

العُوْد۔ لکڑی۔ کٹی ہوئی ٹہنی۔ ایک قسم کی خوشبو جس کو بطور بخور استعمال کیا جاتا ہے۔زبان کی جڑ کی ہڈی۔ سارنگی ج عِیْدَانِ و اَعْوَاد و اَعْوُد۔

عُوْدُ الصَّلِیْب و عُوْدُ القَرْحِ و عُوْدُ الانْجِبَارِ۔دواؤں کے نام۔

العِیْدِ۔ عید۔ ہر وہ دن جس میں کسی صاحب فضل یا کسی بڑے واقعہ کی یادگار مناتے ہوں۔کہا گیا ہے کہ اس کو عید اس وجہ سے کہتے ہیں کہ ہر سال لوٹ کر وہ دن آتا ہے اور اصل اس کی (عِوْد) ہے۔ اور اس کی جمع قاعدہ کے مطابق (اَعْوَاد) ہونی چاہئے تھی مگر (عَود) بمعنی لکڑی کی جمع سے فرق کیلئے اس کی جمع (اَعْیَادِ) آتی ہے۔العِیْد :بار بار آنے والی بیماری یا غم وغیرہ۔

العَادَة۔عادت۔خو ج عَادَات و عَاد و عِیْد وعَوَائِد(عَوَائد گویا عائدہ کی جمع ہے۔)

العَوَّاد۔سارنگی بجانے والا۔

الاَعْوَد۔نافع تر۔زیادہ مفید۔کہا جاتا ہے "هٰذَا اَعْوَدُ عَلَیْكَ" یعنی یہ تمہارے لیے زیادہ نافع ہے۔

العَائِدَة۔ مؤنث عَائد۔ ج عُوَّد و عَوَائِد و عَائِدَات : بھلائی۔ صلہ۔ مہربانی۔ منفعت۔ ج عَوَائد۔العَوَائِد۔ محصول۔

العَوَاد۔ مہربانی۔ بھلائی کا کام۔کہا جاتا ہے "اِنَّ لَكَ عِنْدَنَا عَوَادًا حَسَنًا" یعنی تمہارے لیے ہمارے پاس وہ ہے جو تم پسند کرو۔عَوَاد تثلیث عین کے ساتھ ہے۔

العُوَادَة۔مص۔کھانا جو ایک مرتبہ کھا لینے کے بعد نئے مہمان کیلئے دوبارہ لایا جائے۔کہا جاتا ہے "لَكَ العَوَادَةَ ولَكَ العَوْد و العَوْدَة" تیرے لیے واپسی کا حق ہے۔

المَعَاد۔مص۔لوٹنے کی جگہ۔آخرت۔جنت۔ج (____ و المَعَادَة) رونے کی جگہ 'نوحہ کرنے کی جگہ ج مَعَاوِد۔

المُعِیْد۔فا۔حاذق۔ تجربہ کار۔عالم بالامور۔بار بار جہاد کرنے والا۔ کہا جاتا ہے "فَرس مُبْدِیٌ مُعِیْدٌ" سدھایا ہوا گھوڑا۔

المَعَاوِد۔ فا۔ ہمیشگی کرنے والا۔ اپنے عمل میں ماہر۔جواں مرد۔

المُتَعَیِّد۔غضبناک۔سخت ظالم۔

عَاذَیَعُوْذُعَوْذًاو عِیَاذًاو مَعَاذًاو مَعَاذَةً تَعَوَّذَ واِسْتَعَاذَبِفُلَانٍ مِنْ کَذَا :پناہ لینا۔عَاذَبِالشَّئِ : لازم ہونا۔

عَوَّذَ تَعْوِیْذًا و اَعَاذَ اِعَاذَةً و اَعْوَذَ اِعْوَاذًا۔ الرَّجُلَ :حفاظت کی دُعا کرنا اور اُعِیْذُكَ بِاللّٰهِ کہنا۔ منتر کرنا۔عَوَّذَالرَّجُلَ : کسی پر تعویذ لٹکانا۔

تَعَاوَذ القَوْمَ :ایک دوسرے کی پناہ لینا۔ایک دوسرے پر بھروسہ کرنا۔

العَوْذ۔پناہ۔کہا جاتا ہے "عَوْذٌبِاللّٰهِمِنْكَ" یعنی میں تم سے اللہ کی پناہ لیتا ہوں۔

العِیَاذ۔ مص - پناہ کی جگہ۔ کہا جاتا ہے "العِیَاذ باللّٰه منک" یعنی میں تم سے اللہ کی پناہ لیتا ہوں۔

العَوَذ۔ پناہ کی جگہ۔ کراہت۔ درختوں سے گرے ہوئے پتے۔ناکس و فرومایہ لوگ۔

العُوْذَةُ ج عُوَذٌ و التَّعْوِیْذ ج تَعَاوِیذ و المَعَاذَةُ ج مَعَاذَات تعویذ۔اسماء یا آیاتِ قرآنی جو لکھ کر آدمی کے گلے وغیرہ میں دفع بیماری وغیرہ کیلئے لٹکایا جائے۔

العَوَاذ۔کراہت۔کہا جاتا ہے "مَاتَرَكْتُ فُلَانًا اِلَّاعَوَاذًامِنْهُ" میں نے فلاں کو صرف کراہت کی وجہ سے چھوڑ دیا۔

العَائِذ فا ج عُوَّذ ____ نئی جننے والی ہرنی یا اُونٹ یا گھوڑا ج عُوْذٌو عُوْذَانٌ ج عُوْذَات۔

العَائِذَة۔ مؤنث عَائِذ ج عَوَائِذ و عَائِذَات العَوَائِذ : چاند ستارے جن کے وسط میں ایک ستارہ ہے جس کا نام ربع ہے۔

المعَاذ۔ مص - جائے پناہ۔ منتر۔ کہا جاتا ہے "مَعَاذَاللّٰه و مَعَاذَوَجْهِ اللّٰهِ" و "مَعَاذَةَاللّٰهِ و مَعَاذَةَوَجْهِ اللّٰهِ" یعنی اللہ کی پناہ لیتا ہوں۔

المُعَوَّذ۔ ٹِکا ڈالنے کی جگہ۔ تعویذ لٹکانے کی جگہ۔گھروں کے اردگرد اُونٹوں کی چراگاہ۔

المُعَوَّذ و المُعَوِّذ و العُوَّذ کانٹوں یا درختوں کی جڑ میں یا پتھر کے نیچے کی نباتات۔

عَارَهُ یَعُوْرُهُ عَوْرًا۔ کانا کر دینا۔ عَارَ الشَّئَ : لے جانا اور تلف کرنا (____ و اَعَار) عَیْنَ المَاءِ او الرَّکِیَّةِ پانی کے چشمہ یا کنوئیں کو بند کر دینا۔ عَارَتْ عَیْنُ المَاءِ او الرَّکِیَّةِ : پانی کے چشمہ یا کنوئیں کا بند ہونا۔

عَوِر یَعْوَر عَوَارًا و اِعْوَرَّ۔ کانا ہونا۔ صفت مذکر۔ اَعْوَر صفت مؤنث عَوْرَاء ج عُوْر و عُوْرَانِ۔

عَوَّرَهُ۔ کانا کرنا ____ هُ عَنِ الْاَمْرِ :باز رکھنا۔ عَوَّرَ عَلَیْهِ اَمْرَهُ : قباحت ظاہر کرنا۔ عَوَّر المَکَائِیل : پیمانوں کا اندازہ کرنا ____ عَیْنَ البِئْرِ : کنوئیں کو مٹی سے بھر دینا۔ عَنْ فُلَانٍ : دوسرے کی جانب سے جھوٹ بولنا۔فُلَانًا :رد کر دینا اور حاجت پوری نہ کرنا۔

اَعْوَرَه اِعْوَارًا۔کانا کر دینا۔اَعْوَرَ الشَّئُ :ظاہر ہونا۔ اعضاء مستورہ کا کھل جانا۔ اعور الفارِسُ : سوار میں نیزہ لگنے کی جگہ ظاہر ہونا ____ الرَّجُلُ :شک کرنا۔

اَعَارَهُ اِعَارَةً۔الشَّئَ وَمِنَ الشَّئِ : منگنی دینا۔

عَاوَرَهُ الشَّئَ مُعَاوِرَةً۔ منگنی دینا۔ عَاوَرَ الشَّمْسَ : انتظار کرنا۔ عَارہ الشّی :جیسا کسی نے کچھ کیا ویسا ہی اس کے ساتھ کرنا۔

عَاوَرَ و عَایَرَ۔المَکَائیل : پیمانوں کا اندازہ کرنا۔

اِعْوَرَّ۔ کانا ہونا۔اِعْوَرَّت و اِعْوَارَّت العَیْنُ : آنکھ کا کانی ہو جانا۔

تَعَوَّر العَارِیَة : منگنی مانگنا (____ و تَعَاوَرَ ____ و اِعْتَوَر) القَوْمُ الشَّئَ :باری باری لینا۔ دست بدست لینا۔ کہا جاتا ہے "تَعَاوَرَتِ

الرِّيَاحُ رَسْمَ الدَّارِ" مکان کے نشانات و کھنڈرات پر مختلف ہوائیں۔ کبھی جنوبی کبھی شمالی کبھی غربی کبھی شرقی چلیں۔

اِسْتَعْوَرَ الرَّجُلُ: منفرد ہونا۔ اکیلا ہونا۔

اِسْتَعَارَ۔ الشَّیْئَ مِنْ فُلَانٍ و اِسْتَعَارَ فُلَانًا الشَّیْئَ منگنی دینے کو کہنا اور اسی سے ہے "اَرَی الدَّهْرَ يَسْتَعِيْرُ فِيْ ثِيَابِيْ" میں زمانہ کو دیکھتا ہوں کہ وہ میرے کپڑوں کو عاریت دینے کو کہتا ہے اور یہ آدمی اس وقت کہتا ہے جبکہ وہ بوڑھا ہو جاتا ہے اور اسے موت کا خوف ہوتا ہے۔

العَوْرَة۔ خلل جو سرحد میں ہو اور جس سے خوف کیا جائے۔ العَوْرَةُ مِنَ الْجِبَالِ: شگاف ___ مِنَ الشَّمْسِ: جائے طلوع و غروب۔

العَوْرَةُ: ہر امر جس سے شرم کی جائے۔ انسان کے اعضاء جن کو حیا سے چھپایا جاتا ہے ج عَوْرَات عَوَرَات۔

العَائِر۔ فا۔ وہ شخص جس کی آنکھ میں تنکا ہو۔ آشوبِ چشم۔ تنکا۔ ہر وہ چیز جو آنکھ کو تکلیف پہنچائے۔ العَائِرُ مِنَ السِّهَامِ او الحجارَةِ: وہ تیر یا پتھر جس کا پھینکنے والا معلوم نہ ہو۔ کہا جاتا ہے "اَصَابَهٗ سَهْمٌ او حَجَرٌ عَائِرٌ" اس کو ایسا تیر یا پتھر آکر لگا جس کے پھینکنے والا معلوم نہیں۔

العَائِرَة۔ مؤنث عَائِر۔ کثرت۔ کہا جاتا ہے "لَهٗ مِنَ الْمَالِ عَائِرَةُ عَيْنَيْنِ" اس کے پاس اتنا مال ہے جو دونوں آنکھوں کو بھر دیتی ہے۔ عَيْنٌ عَائِرَةٌ: تنکے والی آنکھ ج عَوَائِر۔ العَوَائِرُ مِنَ الجَرَادِ: ٹڈیوں کی متفرق ڈار۔

العَارَة و العَارِيَةُ و العَارِيَّة۔ منگنی۔ منگنی دینا۔ وہ چیز جس کو لوگ آپس میں لیں دیں۔ ج عوار و عَوَارِیّ۔

العَوَار و العِوَار و العُوَار۔ عیب۔ کپڑے کا پھٹن۔

الاعْوَر۔ کانا۔ مؤنث عَوْرَاء ج عُوْر و عُوْرَان۔ و عِيْرَان۔ المَعَانِي العُوْر: معانی مشکلہ۔ فَلَاةٌ عَوْرَاء بے پانی کا جنگل۔ کلمة عَوْرَاء: کلمۂ قبیحہ۔ الاعْوَر: کوا۔ ردی۔ ضعیف بزدل۔ بری رہنمائی کرنے والا۔ پھٹی ہوئی کتاب' وہ شخص جس کا حقیقی بھائی نہ ہو۔ وہ راستہ جس میں کوئی علامت نہ ہو۔ ج اَعَاوِر۔

العَوِر۔ ردی۔ سیرت۔ شَیْئٌ عَوِرٌ: وہ چیز جس کا نگہبان کوئی نہ ہو۔ مؤنث عَوِرَة۔

العُوَيْر۔ کوا۔

العِيْرَان۔ ٹڈیوں کی متفرق ڈار۔

العُوَّار۔ تنکا۔ ابابیل۔ راستہ سے ناواقف۔ کمزور۔ بزدل۔ ج عواویر۔

المُعَار۔ ذبلا کیا ہوا گھوڑا۔ اور بقول بعض دم نچا ہوا گھوڑا۔

المُعْوِر۔ مِنَ الاَمْكِنَة: دہشت ناک۔ رَجُلٌ مُعْوِرٌ: بری عادت والا۔ الشَّیْئُ مُعْوِرٌ: جس کا کوئی نگہبان نہ ہو۔

عَازَ يَعُوْزُ عَوْزًا الشَّیْئَ فُلَانًا: محتاج ہونا۔ اور کامیاب نہ ہونا۔

عَوِزَ يَعْوَزُ عَوَزًا۔ الشَّیْئُ: دُشوار ہونا۔ باوجود حاجت کے کمیاب ہونا ___ الاَمْرُ: سخت ہونا ___ الرَّجُلُ: محتاج ہونا۔ صفت عَوِزٌ و عَائِزٌ و اَعْوَزُ۔

اَعْوَزَ اِعْوَازًا۔ الرَّجُلُ: محتاج و بدحال ہونا۔ صفت مُعْوِزٌ و مُعْوَزٌ۔ اَعْوَزَهُ المَطْلُوبُ: مطلوب کا عاجز کر دینا اور اس کا حصول دشوار ہونا۔

اَعْوَزَنِي الشَّیْئُ: محتاج ہونا اور قادر نہ ہونا۔

اَعْوَزَ الشَّیْئُ: دشوار ہونا ___ الدَّهْرُ فُلَانًا: زمانہ کا کسی کو محتاج کر دینا۔

اِعْوَزَّ اِعْوِزَازًا۔ حیلہ کرنا۔ حالت کا گڑبڑ ہونا۔

العَوْز۔ مص۔ دانہ انگور۔ واحد عَوْزَةٌ۔

العَوَز۔ حاجت۔ تنگی۔

المِعْوَز و المِعْوَزَة۔ پرانا بوسیدہ کپڑا۔ ہر وہ کپڑا جس سے دوسرے کپڑے کی حفاظت ہو۔ ج مَعَاوِز و مَعَاوِزَة۔

عَاسَ يَعُوْسُ عَوْسًا و عَوَسَانًا۔ رات میں چکر لگانا ___ عَلٰی عِيَالِهٖ: آل اولاد کے لیے محنت سے کمانا ___ عِيَالَهٗ: خوراک دینا (___ عَوْسًا و عِيَاسَةً) الذِّئْبُ: بھیڑیے کا رات میں خوراک ڈھونڈنا (___ عَوْسًا) الشَّیْئَ: تعریف کرنا ___ مَعِيْشَتَهٗ: درست کرنا۔

عَوِسَ يَعْوَسُ عَوَسًا۔ ہنسنے میں رخساروں میں گڑھا پڑنا۔ صفت اَعْوَس۔

العُوْس۔ سپید مینڈھے اور نسبت کیلئے عُوْسِيٌّ۔ کہا جاتا ہے كَبْشٌ عُوْسِيٌّ۔

العَوَّاس۔ صیغہ مبالغہ۔

عَاصَ يَعَاصُ و عَوِصَ يَعْوَصُ عِيَاصًا و عَوَصًا۔ الشَّیْئُ: سخت ہونا۔ دشوار ہونا ___ الكَلَامُ: جس کا سمجھنا دشوار ہو۔

اِعْتَاصَ اِعْتِيَاصًا۔ الاَمْرُ عَلَيْهِ: سخت ہونا' دشوار ہونا۔ پیچیدہ ہونا جس کی وجہ سے صواب کو نہ پانا۔

عَوَّصَ۔ فعل یا قول میں راہ راست پر نہ ہونا۔ الشَّاعِرُ او الخَطِيْبُ: ایسا شعر یا کلام کہنا جس کا سمجھنا دشوار ہو۔

اَعْوَصَ عَوَصًا و عِيَاصًا۔ و القياس اِعْوَاصًا: بِخَصْمِهٖ و عَلٰی خَصْمِهٖ: دلائل سے حیران کر دینا ___ فِي الْكَلَامِ: باریک بات کہنا۔

عَاوَصَهٗ مُعَاوَصَةً۔ کشتی لڑنا۔ پچھاڑنا۔

الاَعْوَص۔ باریک بات۔ مؤنث عَوْصَاء۔

العَوْصَاء۔ مؤنث اَعْوَص۔ سختی۔ حاجت

كلمةٌ عَوْصَاء۔ کلمۂ نادرہ۔

العَوَص۔ دشواری۔

العَائِص و العَوْص و العَيْصَاء۔ سختی۔ حاجت۔ العَوْص: نفس قوت۔ حرکت۔

العَوِيْص۔ مِنَ الاُمُوْرِ: دشوار ___ مِنَ الكَلَامِ جس کا سمجھنا دشوار ہو ___ مِنَ الدَّوَاهِي: سخت مصیبتیں۔ مؤنث عَوِيْصَةٌ۔

العَوِيْص: سختی۔ نفس۔ قوۃ۔ حرکت۔

عَاضَ يَعُوْضُ عَوْضًا و عِوَضًا و عِيَاضًا و عَوَّضَ و عَاوَضَ و اَعَاضَ اِعَاضَةً فُلَانًا مِنْ كَذَا: بدلہ دینا۔

تَعَوَّضَ و اِعْتَاضَ۔ مِنْهُ: بدلہ لینا۔

اِعْتَاضَ و اِسْتَعَاضَ فُلَانًا: بدلہ مانگنا۔

عَوْضَ۔ یہ کلمۂ مبنی ہے اور تینوں حرکتوں کے ساتھ مستعمل ہے اور اسم ظرف ہے۔ استغراق مستقبل کا کام دیتا ہے جیسے "لَا اُفَارِقُكَ عَوْضُ" یعنی میں تجھ سے کبھی جدا نہیں ہوں گا یا استغراق ماضی کے کام میں آتا ہے جیسے "مَا رَاَيْتُ مِثْلَهٗ عَوْضُ" یعنی میں نے اس کے مانند کبھی نہیں

دیکھا اور نفی کے ساتھ مختص ہے اور اضافت کی حالت میں معرب ہوتا ہے جیسے "لَا اَفْعَلُهٗ عَوْضَ الْعَائِضِيْنَ" یعنی میں اس کو کبھی نہیں کروں گا۔

العِوَض۔ ج اَعْوَاض ... العَائِض والمَعُوْضَة بدلہ۔

عَاطَتْ (ن) عَوْطًا و تَعَوَّطَتْ تَعَوُّطًا المَرْأَةُ اَو النَّاقَةُ: عورت یا اونٹنی کا کئی سال بغیر بانجھ پن کے حاملہ نہ ہونا ___ العنق: گردن لمبی ہونا۔

اِعْتَاطَتِ المَرْأَة او الناقة: عورت یا اونٹنی کا کئی سال تک بغیر بانجھ پن کے حاملہ نہ ہونا۔

العَائِط۔ وہ جو کئی سال تک بغیر بانجھ پن کے حاملہ نہ ہو ج عُوْطٌ و عَوَائِط و عِيْطٌ و عُيَّط و عِيْطَات۔

عَافَ يَعُوْفُ عَوْفًا الطَّائِرُ: پرندہ کا منڈلانا۔

تَعَوَّفَ الْاَسَدُ: شیر کا رات میں شکار کو ڈھونڈنا اور پھاڑنا۔

العَاف۔ نرم۔

العَوْف مص حال۔ حصہ۔ مہمان۔ مرغ۔ شیر۔ بھیڑیا۔ اہل و عیال کیلئے مشقت برداشت کرنے والا۔ پرندہ۔ ایک خوشبودار نباتات۔ اَبُو عَوْف نر ٹڈی۔ اُمُّ عَوْف۔ مادہ ٹڈی۔

العُوَاف و العُوَافَة۔ شکار جس کو شیر رات میں پھاڑے۔ غنیمت۔

عَاقَهُ يَعُوْقُهُ عَوْقًا و عَوَّقَهُ و اَعَاقَهُ اِعَاقَةً و اعْتَاقَهُ اِعْتِيَاقًا عَن كَذَا: روکنا۔ باز رکھنا۔ ہٹا دینا۔ کہا جاتا ہے "اَعْوَقَ بِي الزَّادُ او الدَّابَّةُ اِعْوَاقًا" یعنی مجھ کو سفر سے توشہ یا سواری نے باز رکھا۔

تَعَوَّقَ۔ پیچھے ہٹنا۔ تَعَوَّقَ فُلَانًا: باز رکھنا۔ روک دینا۔

العَوْق و العُوَق۔ روکنے والا۔ بے فیض آدمی۔ لوگوں کو اچھے کاموں سے روکنے والا۔ وادی کا موڑ۔ ج اَعْوَاق۔

العُوَّق و العَوِق و العِوَق و العَيِّق و العُوَّق و العُوَقَة۔ بزدل۔ روکنے والا۔

رَجُلٌ عُوَقَةٌ و عُوقَةٌ و عُوَّقٌ و عَيِّقٌ و عَيَّقٌ لوگوں کو اعمال خیر سے روکنے والا۔

العَوْق۔ بھوک۔

العَائِق۔ فا۔ ہر روکنے والی چیز۔ ج عَوَائِق و عُوَّق۔ عَوَائِقُ الدَّهْرِ: زمانے کے مشاغل۔

العَائِقَة۔ مؤنث عَائِق۔ عمل سے روکنے والی چیز۔ ج عَوَائِق

العَيُّوْق۔ نام ایک ستارے کا جو ثریا کے پیچھے ہوتا ہے۔

العُوَاق و العُوَيْق۔ چلتے ہوئے جانور کے پیٹ کی آواز۔

عَاكَ يَعُوْكُ عَوْكًا و مَعَاكًا عَلَيْهِ: حملہ کرنا۔ متوجہ ہونا ___ بِهٖ: پناہ لینا ___ مَعَاشَهٗ: کمائی کرنا۔ صفت عائِک۔

تَعَاوَكَ الْقَوْمُ: باہم لڑنا۔

اِعْتَوَكَ ___ الْقَوْمُ: ہجوم کرنا۔

الْعَوْك۔ مص۔ کہا جاتا ہے "مَا بِهٖ عَوْكٌ" یعنی اس میں کوئی حرکت نہیں۔

الْعَوِيْكَة و الْمَعُوْكَة۔ لڑائی۔

الْمَعَاك۔ جائے پناہ۔ راستہ۔ برداشت۔

عَالَ يَعُوْلُ عَوْلًا فِيْ حُكْمِهٖ: ظلم کرنا۔ راہ حق سے ہٹ جانا (___ يَعُوْلُ عَوْلًا و عَالَ يَعِيْلُ عَيْلًا) فِي الْمِيْزَانِ: خیانت کرنا ___ الْمِيْزَانُ: گھٹنا ___ اَمْرُ الْقَوْمِ: مضطرب ہونا ___ الشَّيْئُ فُلَانًا: بھاری ہونا۔ عَالَتِ النَّاقَةُ ذَنَبَهَا: اونٹنی کا دم اٹھانا۔

عَالَ يَعُوْلُ عَوْلًا و عِيَالَةً۔ کثیر العیال ہونا۔

عَالَ يَعُوْلُ عَوْلًا و عِيَالَةً و عُؤُوْلًا الرَّجُلُ عِيَالَهٗ: اہل و عیال کے معاش کی کفالت کرنا ___ الْيَتِيْمَ: کفالت کرنا۔ کہا جاتا ہے "عَالَ عَوْلُهٗ و عِيْلَ عَوْلُهٗ" یعنی اس کی ماں نے اسے گم کر دیا۔

عَالَ و عِيْلَ صَبْرُهٗ: صبر جاتا رہنا۔

الرَّجُلُ: محتاج ہونا۔ صفت۔ معول۔

اَعَالَ اِعَالَةً و اَعْوَلَ اِعْوَالًا و اَعْيَلَ اِعْيَالًا الرَّجُلُ: بہت اولاد والا ہونا۔ اَعَالَ الرَّجُلُ: محتاج ہونا۔ اَعَالَ و اَعْيَلَ: حریص ہونا۔ صفت مُعْوِلٌ و مُعِيْلٌ اَعَالَ عِيَالَهٗ: اہل و عیال کے معاش کیلئے کافی ہونا۔

اَعْوَلَ۔ چیخ کر رونا۔ اَعْوَلَتِ الْقَوْسُ: کمان کا آواز کرنا۔ اَعْوَلَ الرَّجُلُ: حرص کرنا ___ عَلٰى فُلَانٍ۔ ناز کرنا۔ بھروسہ کرنا۔

عَوَّلَ چیخ کر رونا ___ عَلٰى فُلَانٍ و بِهٖ: مدد مانگنا۔ بھروسہ کرنا۔ اعتماد کرنا۔ کہا جاتا ہے "عَوِّلْ عَلَيَّ بِمَا شِئْتَ" یعنی جو تم چاہو مجھ سے مدد لو۔ اور عَوِّلْ عَلَيْهِ مُعَوَّلًا کہا جاتا ہے اور تَعْوِيْلًا نہیں کہا جاتا اور اسم الْعِوَل ہے اور کہا جاتا ہے "عَوَّلْنَا اِلٰى فُلَانٍ فِيْ حَاجَتِنَا فَوَجَدْنَاهُ نِعْمَ المعول" یعنی ہم نے فلاں کی اپنی حاجت میں پناہ لی اور ہم نے اس کو بہتر جائے پناہ پایا۔

عَيَّلَ تَعْيِيْلًا عِيَالَهٗ: اہل و عیال کے معاش کے لیے کافی ہونا۔

اِعْتَوَلَ اِعْتِوَالًا۔ چیخ کر رونا۔ کہا جاتا ہے "مَالَهٗ عَالٌ وَلَا مَالٌ" یعنی اس کے پاس کچھ نہیں۔

الْعَوْل و الْعَوْلَة و الْعَوِيْل۔ چیخ کے ساتھ گریہ وزاری۔ الْعَوْل: ہر تکلیف دہ کام۔ اہل و عیال کی خوراک مدد طلب کیا ہوا۔

الْعِوَل۔ بھروسہ۔ اعتماد۔ مدد طلب کرنا۔ عمدہ۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ عِوَلِيْ مِنَ النَّاسِ" یعنی لوگوں میں فلاں آدمی میرے لیے قابل اعتماد ہے۔

الْعَالَة۔ شتر مرغ۔ بارش سے بچنے کے لیے لکڑی وغیرہ کی جھونپڑی۔

عَيْلُ الرَّجُلِ: گھر کے لوگ جن کا نان نفقہ واجب ہو مذکر و مؤنث دونوں کو شامل ہے ج عِيَال و عَيَائِل و عَالَة۔

الْمِعْوَل۔ کدال ج مَعَاوِل۔

الْمُعَوَّل۔ جس سے فریاد کی جائے۔ جس پر بھروسہ کیا جائے۔

عَامَ يَعُوْمُ عَوْمًا فِي الْمَاءِ: تیرنا۔ صفت عَائِم۔ عَامَتِ السَّفِيْنَةُ فِي الْمَاءِ: کشتی کا چلنا۔ عَامَ الزِّمَامُ: لگام کا ہلنا۔ عَامَتِ النُّجُوْمُ: ستاروں کا چلنا۔

عَوَّمَ۔ کٹی ہوئی کھیتی کا دستہ دستہ رکھنا۔ عَوَّمَ السَّفِيْنَةَ۔ کشتی چلانا۔ کھینا ___ الْكَرْمُ: درخت خرما کا ایک سال چھوڑ کر پھل لانا۔

عَوَّمَتْ و عَاوَمَتِ النَّخْلَةُ: درخت خرما کا ایک سال چھوڑ کر پھل لانا۔ عَاوَمَ فُلَانٌ فُلَانًا

ایک سال کیلئے کرایہ پر معاملہ کرنا۔
اَعْوَمَ اِعْوَامًا۔ ایک سال کا ہونا۔ سال کے اوّل میں ہونا۔
العَام۔ جمع عَامَة کی۔ دن، سال۔ ج اَعْوَام تصغیر عُوَیْم۔ نسبت کے لیے عَامِیٌّ۔
العَامَة۔ عمامہ کا بیچ۔ سوار کا سر جو میدان میں دور سے نظر آئے۔ کشتی۔ العَامَة: کٹی ہوئی کھیتی کے جمع کیے ہوئے گٹھے ج عَامٌ۔
العُوْمَة۔ پانی میں تیرنے والا ایک کیڑا۔ ایک قسم کا سانپ ج عُوَم۔
العَوَّام۔ عَائم کا مبالغہ۔ تیز رفتار گھوڑا۔
العَوَّامَة۔ پھنسی کی ڈوری کی وہ لکڑی وغیرہ جو پانی پر تیرتی رہتی ہے اور جس کی حرکت سے اندازہ ہوتا ہے کہ مچھلی پھنسی ہے۔
العُوَّام۔ سوار کا سر جو میدان میں دور سے نظر آئے۔ کہا جاتا ہے "لَقِیْتُهُ ذَاتَ العُوَیْم" یعنی میں سالوں میں کسی سال ملا۔ المُسْتَعَام۔ جہاز۔ کشتی۔
عَانَتْ تَعُوْنُ عَوْنًا المَرْأَةُ: عورت ادھیڑ عمر کی ہونا۔
عَوَّنَهُ تَعْوِیْنًا و عَاوَنَهُ مُعَاوَنَةً و عِوَانًا و اَعَانَهُ اَعَانَةً عَلَی الشَّیْئِ: مدد کرنا۔ عَوَّنَتْ المَرْأَةُ: ادھیڑ عمر کی ہونا۔ اَعَانَهُ مِنْهُ: اس نے اس کو اس سے خلاصی دی۔
تَعَاوَنَ و اِعْتَوَنَ۔ القَوْمُ: ایک دوسرے کی مدد کرنا۔
اِسْتَعَانَ۔ فُلَانًا و بِفُلَانٍ: مدد طلب کرنا۔
العَوْن۔ مص۔ مدد کرنا۔ مددگار۔ خادم (واحد جمع مذکر مؤنث سب کے لیے مستعمل ہے) ج اَعْوَان۔
العَانَة۔ گدھی۔ گورخر کا ریوڑ۔ پیڑو۔ ج عُوْن و عَانَات۔
العَوَان۔ بارش شدہ زمین جنگ جس میں بار بار لڑائی ہو۔ الحربُ العَوَان: سخت جنگ العَوَان ادھیڑ عمر کا۔ ج عُوْن۔
العَوَانَة۔ کھجور کا لمبا درخت۔ ریت کا ایک کیڑا۔ ایک جانور جو بیہہ سے چھوٹا ہوتا ہے۔
المَعَانَةُ و المَعُوْنَةُ و المَعُوْن۔ مدد۔
المِعْوَان۔ بہتر مددگار۔ بہت مددگار۔ ج مَعَاوِیْن۔
المُتَعَاوِنَة۔ بوڑھی عورت۔
عَاهَ یَعُوْهُ عُوُوْهًا و عِنْهُ الزَّرْعُ: کھیتی کا آفت رسیدہ ہونا ____ الرَّجُلُ: آفت رسیدہ کھیت یا جانوروں کا مالک ہونا۔ صفت عَائِهٌ و عَاهٍ و عَاهٌ و اَعْوَهُ۔
عَوَّهَ الرَّجُلُ: آفت پہنچانا (____ و اَعَاهَ و اَعْوَهَ اِعَاهَةً و اِعْوَاهًا و تَعْوَهُ تَعَوُّهًا) آفت رسیدہ کھیت یا جانوروں کا مالک ہونا۔ عَوَّهَ القَوْمُ: کچھ دیر سونے کیلئے سفر میں ٹھہر جانا۔ عَوَّهَ عَلَیْهِمْ: ٹھہرنا۔ اقامت کرنا۔
العَاهَة۔ آفت۔ اَهْلُ العَاهَات۔ آفت رسیدہ لوگ۔
المَعْیُوه و المَعُوْه و المَعِیْه مِنَ المَوَاشِی و غَیْرِهَا: آفت رسیدہ۔
عَوَی یَعْوِی عُوَاءً و عَیًّا و عَوَّةً و عَوِیَّةً الکَلْبُ او الذِّئْبُ و ابن آوی: بھونکنا۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ مَا یَعْوِی و مَا یَنْبَحُ" جبکہ کسی کو ضعیف سمجھا جاتا ہے۔ القَوْمُ اِلَی الفِتْنَةِ: بلانا (____ عَوَاهُ یَعْوِیْهِ عَیًّا: عَنِ الشَّیْئِ: باز رکھنا ____ و عَوَّی) القَوْسَ و نَحْوَهَا: کمان کو جھکانا ____ الحَبْلَ او الشَّعْرَ: رسی یا بال کو موڑنا ____ عَنِ الرَّجُلِ: جواب دینا اور غیبت کرنے والے کی تکذیب کرنا۔
اِعْتَوَی اِعْتِوَاءً الشَّیْئَ: موڑنا ____ الکَلْبُ کتے کا بھونکنا۔
عَاوَی۔ الکِلَابَ مُعَاوَاةً۔ بھونک کر کتے کو اکسانا۔
تَعَاوَی تَعَاوِیًا القَوْمُ عَلَی فُلَانٍ: کسی پر ہجوم کرنا۔
اِنْعَوَی اِنْعِوَاءً۔ مڑنا۔
اِسْتَعْوَی اِسْتِعْوَاءَ القَوْمِ: فریاد کرنا۔ فتنہ پر ابھارنا ____ هُ: بھونکوانا۔
العَوَّاء۔ بہت بھونکنے والا کتا۔
العَوَّة۔ مص۔ آواز۔ شور (____ العُوَّة) چوتڑ۔
المُعَاوِیَة۔ کتیا۔ لومڑی کا بچہ۔
عَابَ یَعِیْبُ عَیْبًا الشَّیْئَ: عیب دار بنانا۔ صفت فاعلی عَائِب اور صفت مفعولی مَعِیْبٌ و مَعْیُوْبٌ۔
____ فُلَانًا: عیب کی طرف منسوب کرنا۔ عَابَ الشَّیْئُ: عیب ناک ہونا۔ صفت عَائِب۔
عَیَّبَ و تَعَیَّبَ الرَّجُلُ: عیب کی نسبت کرنا ____ الشَّیْئَ: عیب دار بنانا۔
تَعَایَبَ۔ القَوْمُ: ایک دوسرے کا عیب بیان کرنا۔
العَیْب۔ مص۔ برائی۔ ج عُیُوْب۔
العَیْبَة۔ ایک مرتبہ عیب جوئی۔ العَیْبَة۔ چمڑے کی زنبیل۔ کپڑوں کے محفوظ رکھنے کا صندوق۔ ج عِیَب و عِیَاب و عِیَبَات۔ والعَیْبَةُ مِنَ الرَّجُلِ: بھید کی جگہ۔
العَاب۔ عیب۔ برائی۔
العَیَّاب و العَیَّابَةُ و العُیَبَة۔ بڑا عیب جو۔
المَعَاب و المَعَابَة۔ عیب۔ برائی۔ ج مَعَائِب۔
المَعِیْب و المَعْیُوْب۔ عیب دار۔
المُعَیِّب۔ زنبیل بنانے والا۔
عَاثَ یَعِیْثُ عَیْثًا و عُیُوْثًا و عَیَثَانًا الشَّیْئَ: فاسد کرنا ____ فِی مَالِهِ: فضول خرچی کرنا اور خرچ کرنے میں جلدی کرنا۔ صفت مذکر عَیْثَان صفت مؤنث عَیْثَی۔
عَیَّثَ۔ اندھیرے میں ہاتھ سے ٹٹولنا۔ اور کہا جاتا ہے عیث یفعل کَذَا۔ یعنی وہ ایسا کرنے لگا۔
تَعَیَّثَتِ الاِبِلُ: سیرابی سے کم پینا۔
العَیُوْث و العَیَّاث۔ بہت زیادہ فساد کرنے والا (____ و العَائِث) شیر۔
العَیْثَة۔ ایک مرتبہ فساد انگیزی۔ نرم زمین۔
عَاجَ یَعِیْجُ عَیْجًا بِالشَّیْئِ: پروا کرنا۔ کہا جاتا ہے "لَا اَعِیْجُ بِکَلَامِهِ" یعنی میں اس کی گفتگو کی پروا نہیں کرتا۔ وَمَا عِجْتُ بِالشَّیْئِ: یعنی میں اس پر راضی نہیں۔ "وَشَرِبْتُ الدَّوَاءَ فَمَا عِجْتُ بِهِ" یعنی میں نے دوا پی اور کوئی فائدہ نہیں اٹھایا (یہ کلمہ ہمیشہ منفی ہی مستعمل ہوتا ہے۔)
عَارَ یَعِیْرُ عَیْرًا۔ حیرانی کے ساتھ آنا جانا ____ الفَرَسُ: گھوڑے کا ناک کی سیدھ پر

بھاگنا کہ کوئی چیز اس کو پھیر نہ سکے۔ اسم العِیَار ____ فُلَانًا: عیب لگانا۔ عَارَتِ القَصِیْدَۃ: قصیدہ کا مشہور ہونا۔

عَیَّرَ فُلَانًا: عار کی طرف نسبت کرنا۔ فعل کی بُرائی بیان کرنا۔ کہا جاتا ہے "عَیَّرَہٗ کَذَا وَعَیَّرَہٗ بِکَذَا عَیَّرَ المَاءُ": کائی والا ہونا۔

عَایَرَ و مُعَایَرَۃ و عِیَارًا المِکْیَالُ او المِیْزَانُ۔ اندازہ کرنا۔ جانچنا۔ عَایَرَ فُلَانًا: ایک دوسرے پر فخر کرنا۔

أَعَارَ إِعَارَۃً الفَرَسَ: چرنے کے لیے چھوڑنا۔ موٹا کرنا۔

تَعَایَرَ۔ القَوْمُ: ایک دوسرے کا عیب بیان کرنا۔ ایک دوسرے کو شرم دلانا۔

العَار۔ عیب۔ ہر وہ قول یا فعل جس سے انسان کو شرم آئے۔ ج أَعْیَار۔

العَیْرُ۔ مع۔ گدھا یا گورخر۔ اور گورخر کے معنی میں زیادہ مستعمل ہے۔ ج أَعْیَار و عِیَار و عُیُوْر و عُیُوْرَۃ و عِیَارَات مؤنث عَیْرَۃٌ العَیْرُ: ہری بھری چیز۔ آنکھ کی پتلی یا پلک 'کھونٹی۔ لکڑی جو ہودج کے آگے لگی ہوتی ہے۔ پہاڑ۔ سردار۔ بادشاہ۔ ڈھول۔ عَیْرُ القَدَمِ: قدم کے وسط میں ابھرا ہوا حصہ۔ عَیْرُ النَّصْلِ: تیر کے پھل کا درمیان حصہ۔ عَیْرُ الوَرَقَۃِ: پتے کے درمیان کا خط۔

العِیْرُ۔ قبیلہ حمیر کا قافلہ۔ پھر سارے قافلوں پر بولا جانے لگا۔ ج عِیَرَات و عِیْرَات۔

العَائِرُ۔ فا۔ حیران۔ مزدور۔ چکر لگانے والا۔ سَہْمٌ عَائِرٌ جس تیر کا چلانے والے معلوم نہ ہو۔ شَاۃٌ عَائِرَۃ: بکری جو دو گلوں کے درمیان پریشان ہو کہ کدھر جائے۔

العِیَار۔ جمع عَیْر۔ عِیَارُ الشَّیءِ: ہر چیز کا اندازہ۔ ج عِیَارَات عِیَارُ الدَّرَاھِم و الدَّنَانِیْرِ: دراہم اور دنانیر کا ٹھپہ۔

العَیَّار۔ بہت پھرنے والا۔ آوارہ گرد۔ فَرَسٌ عَیَّارٌ: تیز رفتار گھوڑا۔

المِعْیَار۔ کسوٹی۔ ج مَعَایِیْر۔

المُعَار۔ مِنَ الخَیْلِ: گھوڑا جو مع سوار کے راستہ سے ایک طرف ہو جائے۔

المَعَایِر۔ عیوب۔

المُسْتَعِیْر۔ جو گدھے کے مشابہ ہو۔ موٹا گھوڑا۔

أَعْیَسَ إِعْیَاسًا الزَّرْعُ: کھیتی کا مرجھانا۔ خشک ہونا۔

تَعَیَّسَتْ۔ الإِبِلُ: بھورے رنگ کا ہونا۔

العَیَس و العِیْسَۃ۔ بھورے رنگ کا اونٹ۔

العِیْس۔ بھورے رنگ کا اونٹ۔ واحد۔ مذکر أَعْیَسُ واحد مؤنث عَیْسَاء۔ العِیْسُ: عمدہ قسم کے اونٹ۔ العَیْسَاءُ: مادہ ٹڈی۔

عِیْسٰی۔ عبرانی لفظ ہے نام ایک نبی (علیہ السلام) کا ہے نسبت کے لیے عیسوی اور عیسیٰ۔

عَاشَ یَعِیْشُ عَیْشًا و عِیْشَۃً و مَعَاشًا و مَعِیْشًا و مَعِیْشَۃً و عَیْشُوْشَۃً۔ زندہ رہنا۔

عَیَّشَہٗ و أَعَاشَہٗ و إِعَاشَۃً۔ زندہ رکھنا۔

عَایَشَۃً۔ ساتھ زندگی بسر کرنا۔

تَعَیَّشَ۔ اسباب زندگی کے لیے کوشش کرنا۔

تَعَایَشُوْا۔ بِالأُلْفَۃِ و المَوَدَّۃِ: محبت و پیار سے ایک ساتھ زندگی بسر کرنا۔

العَائِش۔ فا۔ کہا جاتا ہے "ھُوَ رَجُلٌ عَائِشٌ" اس کی حالت اچھی ہے۔

العَیْش۔ مع۔ زندگی۔ کھانا۔ روٹی (____ و العِیْشَۃ) زندگی کی حالت۔

العَیَّاش۔ روٹی بیچنے والا۔ کھانے بیچنے والا۔ عائش کا مبالغہ۔

المَعَاش و المَعِیْشَۃ۔ کھانے پینے کی جس چیز سے زندگی بسر ہو سکے۔ زندگی کا ذریعہ۔ المَعَاش۔ زندگی کے گزران کے ڈھونڈنے کا وقت یا زمانہ ج مَعَائِش۔

المُتَعَیِّش۔ فا۔ جس کے پاس کچھ گزر بسر کے قابل ہو۔

العِیْص۔ گنجان درخت۔ اچھے درختوں کے اگنے کی جگہ۔ اصل۔ کہا جاتا ہے "ھُوَ مِنْ عِیْصٍ کَرِیْمٍ" یعنی شریف اصل سے ہے۔ ج أَعْیَاص و عِیْصَان۔

المَعِیْص۔ درخت کے اگنے کی جگہ۔

عَاطَتْ تَعِیْطُ عَیْطًا۔ العُنُقُ: گردن لمبی ہونا۔

عَیِطَ یَعْیَطُ عَیَطًا الرَّجُلُ: لمبی گردن کا ہونا۔ صفت مذکر أَعْیَطُ اور صفت مؤنث عَیْطَاءُ ج عِیْط۔

عَیَّطَ تَعْیِیْطًا۔ چیخنا۔ چلانا۔

تَعَیَّطَ۔ غضبناک ہونا ____ القَوْمُ: چیخنا۔ شور مچانا۔ تَعَیَّطَتِ العُنُقُ: گردن لمبی ہونا۔ تَعَیَّطَ العُوْدُ: لکڑی میں سے پانی جیسا بہہ کر گوند بن جانا۔

العِیَاط۔ چیخ۔ شور۔

العَائِط۔ فا۔ چیخنے والا ج عُوْط و عِیْط و عُیَّط و عُوْطَط و عِیْطَات۔ اور مبالغہ کے لیے کہا جاتا ہے عَائِطٌ عِیْطٌ و عُوْطٌ و عُوْطَطٌ۔

ھَضْبَۃٌ عَیْطَاءُ۔ اونچا ٹیلہ۔

عَافَ یَعِیْفُ و یَعَافُ عَیْفًا و عِیَافًا و عَیَفَانًا۔ الطَّعَامَ و غَیْرَہٗ: کراہت کی وجہ سے چھوڑ دینا۔

عَافَ یَعِیْفُ عِیَافَۃً۔ الطَّیْرَ: پرندہ اڑا کر شگون لینا۔

عَافَتْ تَعِیْفُ عَیْفًا الطَّیْرُ: منڈلانا اور اسم عَیْفَۃٌ۔

أَعَافَ إِعَافَۃً۔ القَوْمُ: پانی ناپسند کرنے والے جانوروں کا مالک ہونا۔

اِعْتَافَ اِعْتِیَافًا۔ سفر کیلئے توشہ لینا ____ الطَّعَامَ و غَیْرَہٗ: ناپسندیدگی کی وجہ سے چھوڑ دینا۔

العَائِف۔ فا۔ شگون لینے والا۔

العَیْفَۃ۔ ایک مرتبہ مکروہ جاننا۔ عَیْفَۃُ الطَّائِرِ: منڈلانا۔ پرندہ کا چکر۔

العِیْفَۃ۔ کراہت کی نوعیت۔ عمدہ مال۔

العَیْفَان و العَیُوْف۔ شگون لینے والا۔

نُسُوْرٌ عَوَائِفُ مقتولین پر منڈلانے والے گدھ۔

العَیَفَان۔ نفرت کرنے کا عادی۔

المَعِیْف۔ مکروہ۔

المُتَعَیِّف۔ شگون لینے والا۔ فال نکالنے والا۔

عَاقَ یَعِیْقُ عَیْقًا۔ بمعنی عَاقَ یَعُوْقُ عَوْقًا۔

عَاكَ یَعِیْكُ عَیَكَانًا۔ مونڈھے کو ہلاتے ہوئے چلنا۔

عَالَہٗ یَعِیْلُہٗ عَیْلًا و مَعِیْلًا۔ الشَّیءُ: عاجز کرنا۔ محتاج کرنا۔ عَالَ فِیْ مَشْیِہٖ: نازو انداز سے چلنا۔

عَالَ یَعِیْلُ عَیْلاً و عَیْلُوْلاً و عُیُوْلاً فِی الْاَرْضِ۔ جانااور پھرنا۔
عَالَ یَعِیْلُ عَیْلاً و عَیْلَةً و عُیُوْلاً و مَعِیْلاً۔ محتاج ہونا۔ صفت عَائِلٌ مؤنث عَائِلَةٌ اسم عَیْلَةٌ۔ عَالَ الرَّجُلُ: کثیرالعیال ہونا۔
عَیَّلَ۔ کثیرالعیال ہونا ـــــ عَیَالَهُ: معاش کی کفالت کرنا ـــــ الْقَوْمَ: عیال بنالینا۔ بیکار چھوڑ دینا ـــــ فَرَسَهُ: مہمل کر دینا۔ بیکار چھوڑنا۔
اَعْیَلَ اَعْیَالاً۔ کثیرالعیال ہونا۔ صفت مذکر مُعْیِلٌ۔ صفت مؤنث مُعْیِلَةٌ۔
تَعَیَّلَ فِی الْمَشْیِ: نازوانداز سے چلنا۔
الْعَائِلُ۔ فا۔ محتاج ج عَالَةٌ و عُیَّلٌ و عِیَلٌ و عَیْلَی۔
الْعَیْلَانُ۔ نر بجو۔
عَیِّلُ الرَّجُلِ: گھر کے لوگ ج عَیَائِلُ۔
عَیْلَةُ الرَّجُلِ و عَائِلَتُهُ۔ گھر کے لوگ جن کا نان نفقہ واجب ہو۔ کہا جاتا ہے "اَمْسَیْتُ اَخَاعَیْلَةٍ" یعنی فقیر ومحتاج ہوگیا۔
الْعَالَةُ۔ فاقہ۔
الْعَیَّالُ۔ ناز سے چلنے والا۔
العِیَالَةُ والْمَعَالَةُ۔ لِلْبَرَاذِیْنِ وغیرِہٖ: چارہ۔
رَجُلٌ مُعَیَّلٌ" صاحب عیال۔ اہل وعیال والا۔
عَامَ یَعَامُ و یَعِیْمُ عَیْمًا و عَیْمَةً۔ دودھ کا خواہش مند ہونا۔
اَعَامَهُ اِعَامَةً۔ اللّٰهُ: بغیر دودھ کے چھوڑنا۔
اَعَامَ الرَّجُلُ: بغیر دودھ کے رہنا۔ الْقَوْمُ: دودھ کم ہونا۔
اِعْتَامَ اِعْتِیَامًا۔ عمدہ مال چھانٹ لینا۔
الْعَیْمَةُ۔ دودھ کی بہت زیادہ خواہش۔
الْعِیْمَةُ۔ عمدہ مال۔
الْعَیَامُ۔ دن۔ کہا جاتا ہے "سِرْنَا الْعَیَامَ کُلَّهٗ" یعنی سارے دن چلتا رہا۔
الْعَیْمَانُ۔ دودھ کا خواہش مند۔ مؤنث عَیْمٰی ج عَیَامٰی۔
عَانَ یَعِیْنُ عَیْنًا۔ الرَّجُلَ: نظر لگانا۔ صفت عَائِنٌ۔ صفت مفعولی مَعِیْنٌ و مَعْیُوْنٌ (ـــــ عَیْنًا و عَیَانًا و عَیَنَانًا) الْمَاءُ او الدَّمْعُ: پانی یا آنسو جاری ہونا۔ عَانَتِ الْبِئْرُ: کنوئیں کا بہت پانی والا ہونا۔ کہا جاتا ہے "حَفَرْتُ حَتّٰی عِنْتُ" یعنی میں نے کھودا یہاں تک کہ پانی کے چشمہ تک پہنچ گیا۔
(ـــــ عِیَانَةً) الْقَوْمَ: خبر لانا ـــــ عَلَی الْقَوْمِ۔ جاسوس بننا۔
عَیِنَ یَعْیَنُ عَیَنًا و عِیْنَةً۔ آنکھ کی بڑی چوڑی پتلی والا ہونا۔
عَیَّنَ تَعْیِیْنًا۔ الشَّجَرُ: سرسبز ہونا۔ شگوفہ دار ہونا ـــــ التَّاجِرُ: سامان کو ایک مدت کے وعدے پر بیچنا اور پھر پہلے ثمن سے کم میں دوبارہ خرید لینا ـــــ الْعَیْنَ: عین کو لکھنا ـــــ اللُّؤْلُؤَةَ: بیندھنا۔
الْقِرْبَةَ: مشک میں پانی ڈالنا تاکہ سلائی کے سوراخ بند ہوجائیں ـــــ الْحَرْبَ بَیْنَنَا: لڑائی جاری کرا دینا ـــــ الشَّیْءَ: خاص کرنا۔ علیحدہ کرنا ـــــ فُلَانًا: برائیوں کو روبرو کہہ دینا ـــــ عَلٰی فُلَانٍ: جاسوسی کرنا ـــــ عَلَی السَّارِقِ: تہمتیں میں سے چور کو متعین کرنا ـــــ الشَّیْءَ لِفُلَانٍ: کسی کے لیے مخصوص کر دینا۔ کہا جاتا ہے "مَا عَیَّنَ لِیْ بِشَیْءٍ وَمَا عَیَّنَنِیْ شَیْئًا" یعنی مجھ کو کچھ نہیں دیا۔
اَعَانَ اعَانَةً۔ دیکھو مادہ عون۔ کہا جاتا ہے "حَفَرْتُ حَتّٰی اَعْیَنْتُ" یعنی میں نے کھودا یہاں تک کہ میں پانی کے چشموں تک پہنچ گیا۔ "وَمَا اَعْیَنَهُ" وہ کتنا بدنظر ہے۔
عَایَنَهُ عِیَانًا و مُعَایَنَةً۔ خود دیکھنا۔ معائنہ کرنا۔
تَعَیَّنَهُ۔ نظربد لگنا۔ تَعَیَّنَ الرَّجُلَ: یقینی طور پر دیکھنا۔ تَعَیَّنَ الشَّیْءَ: دیکھنا ـــــ الْجِلْدُ: کھال کا آبلہ دار ہونا ـــــ الرَّجُلُ: کسی شئے کے حاصل کرنے کے لیے توقف کرنا۔ تَعَیَّنَ عَلَیْهِ الشَّیْءُ: معین چیز لازم ہونا ـــــ السِّقَاءُ کہنگی کی وجہ سے چھوٹے چھوٹے دائرے پڑجانا۔
اِعْتَانَ۔ الشَّیْءَ: عمدہ لے لینا۔ اُدھار خریدنا ـــــ الْقَوْمَ: خبر لانا ـــــ لِفُلَانٍ مَنْزِلاً۔ تلاش کرنا۔
الْعَائِنُ۔ فا۔ کہا جاتا ہے "مَا بِالدَّارِ عَائِنٌ" یعنی کوئی نہیں "و شَرِبَ مِنْ عَائِنٍ" یعنی بہتے ہوئے پانی سے پیا۔
الْعَائِنَةُ۔ مؤنث عَائِنٌ۔ کہا جاتا ہے "لَقِیْتُهٗ اَوَّلَ عَائِنَةٍ وَاَدْنٰی عَائِنَةٍ" یعنی ہر چیز سے پہلے عَائِنَةُ بَنِیْ فُلَانٍ: مال و محافظین مال۔
الْعَیْنُ۔ مف۔ آنکھ۔ آنکھ کے ڈھیلے پر بولا جاتا ہے یا پلک وغیرہ سمیت سب پر اطلاق ہوتا ہے۔ کلمہ مؤنث ہے ج اَعْیُنٌ و عُیُوْنٌ و عِیُوْنٌ و اَعْیَانٌ و جج اَعْیُنَاتٌ اور تصغیر عُیَیْنَةٌ۔
الْعَیْنُ۔ اہل شہر۔ اہل مکان۔ بدنظری۔ کہا جاتا ہے "بِهٖ عَیْنٌ" یعنی وہ بدنظر ہے۔ انسان اور اسی سے ہے "مَا بِالدَّارِ عَیْنٌ" یعنی کوئی نہیں۔ خالص۔ واضح۔ کہا جاتا ہے "ذَکَرَ الْحَقَّ بِعَیْنِهٖ" یعنی حق کو خالص اور واضح طریقہ سے بیان کیا۔ نفیس۔ عزت۔ جھنڈا۔ عَیْنُ الْاِبْرَةِ: سوئی کا ناکہ۔ دیدبان۔ جاسوس۔ جماعت۔ ہر موجودہ چیز۔ کہا جاتا ہے "بِعْتُهٗ عَیْنًا بِعَیْنٍ" یعنی موجود کو موجود سے بیچا۔ عمدہ چیز۔ کھال کے چھوٹے چھوٹے حلقے۔ دینار۔ نقد موجود۔ ذات شئی۔ کہا جاتا ہے "هُوَ هُوَ عَیْنًا او بِعَیْنِهٖ" سود۔ سردار۔ شریف قوم۔ کمانڈر۔ فوج کا ہراول۔ آفتاب یا شعاع۔ سال۔ تیار مال۔ نالی کے پانی کے گرنے کی جگہ۔ کنوئیں کے پانی پھوٹنے کی جگہ۔ پانی کا چشمہ۔ ج اَعْیُنٌ و عُیُوْنٌ۔ ترازو کا جھکاؤ۔ گوشہ۔ نظر۔ دیکھنے کی جگہ۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ عَیْنٌ عَلٰی فُلَانٍ" یعنی فلاں فلاں کے اوپر نگہبان ہے "هُوَ عَبْدُ عَیْنٍ او صَدِیْقُ عَیْنٍ" وہ دکھاوے کا خادم یا دوست ہے لَقِیْتُهٗ عَیْنَ عُنَّةٍ میں اس کو ایسی حالت میں ملا کہ اس نے مجھے نہیں دیکھا و "لَقِیْتُهٗ اَوَّلَ عَیْنٍ" میں نے اس سے سب سے پہلے ملاقات کی "لَا تَطْلُبْ اَثَرًا بَعْدَ عَیْنٍ" یعنی بعد معائنہ کے اثر کو مت طلب کرو اور یہ ضرب المثل ہے اس شخص کیلئے جو کسی چیز کو دیکھے اور چھوڑ دے اور اس چیز کے مفقود ہونے کے بعد اس کے نشان کے پیچھے پڑجائے۔ "صَارَ خَبَرًا بَعْدَ عَیْنٍ" و "اَنْتَ عَلٰی عَیْنِیْ" تم میری حفاظت میں ہو تمہارا اکرام میری نگاہ میں ہے "هَا هُوَ عُرْضُ عَیْنٍ" یعنی وہ قریب ہے "فَعَلَهٗ عَلٰی عَیْنٍ و عَلٰی عَیْنَیْنِ و عَمْدَ عَیْنٍ و عَمْدَ عَیْنَیْنِ و عَمْدًا عَلٰی

عَین-" یعنی یقین کے ساتھ کوشش کی- وَلَقَاعَیْنَهٗ یعنی اسے طمانچہ مارا اور سخت سست کہا "وَ نَعِمَ اللّٰهُ بِكَ عَیْنًا" اللہ تمہاری آنکھ کو ٹھنڈی رکھے-

العِین- نیل گائے-

العَین- مع- اہل شہر- جماعت-

العِیان- مع- شخص- کہا جاتا ہے "لَقِیَهٗ اور اٰهُ عِیَانًا" یعنی اس نے اس سے ملاقات کی یا اس کو دیکھا اور اس کے دیکھنے میں کوئی شک نہیں-

العِیان ہل کا پھل ج عُیُن و اَعْیِنَة-

العِینَة- عمدہ مال- عَیْنَةُ الخَیْلِ: عمدہ گھوڑے- العِینَةُ مِنَ النَّعْجَةِ: بکری کی آنکھ کا گردا گرد- عِینَةُ الحَرْبِ: مادۂ جنگ- کہا جاتا ہے ثَوْبُ عِینَةٍ: خوش نما کپڑا- بَیْعُ العِینَةِ: کسی چیز کو اسکی اصلی قیمت سے زیادہ قیمت پر اُدھار بیچنا-

العِیَانِی مِنَ الشُّهُوْدِ: عینی گواہ-

العَیْنِیَة- عین کی طرف منسوب-

العَیُوْن- بہت نظر لگانے والا- ج عِین و عُیُن-

الاَعْیَن- وہ شخص جس کی پتلی بڑی اور چوڑی ہو- مؤنث عَیْنَاء ج عِین- الاَعْیَن: جنگلی بیل-

العَیْنَاء: خوبصورت آنکھ والی- بہترین کلمہ- کہا جاتا ہے "اَرْضٌ عَیْنَاء" یعنی سرسبز زمین-

المُعَایَنَة- مص- برادری-

المَعَان- منزل- کہا جاتا ہے "هُمْ مِنْكَ بِمَعَانٍ" یعنی وہ لوگ ایسی جگہ میں ہیں کہ تم ان کو دیکھ سکتے ہو-

العَیَّان و المِعْیَان- بہت نظر لگانے والا-

المَاءُ المَعِین و المَعْیُوْن- جاری پانی- عَیْنٌ مَعْیُوْنَةٌ: بہت پانی والا چشمہ-

المُعَیَّن فا"فِی الهِنْدَسَةِ" شکل مسطح مساوی الاضلاع-

المُعَیَّن- مفع- بیل- آنکھ کی شکل کا منقش کپڑا- نِیَّةٌ مُعَیِّنَةٌ و مُعَیَّنَةٌ یعنی نیت ظاہرہ-

المُعْتَان- گھاس پانی تلاش کرنے والا-

عَاهَ یَعِیْهُ عَیْهًا- آفت پہنچنا-

العَائِهَة- شور- چیخ-

العَاهَة- آفت-

ارض مَعْیُوْهَة- آفت رسیدہ زمین-

عَیَّ یَعَیُّ و عَیِیَ یَعْیَی عَیًّا و عَیَاءً بِاَمْرِهٖ و عَنْ اَمْرِهٖ: عاجز ہونا- ناقابل ہونا ــــ الاَمْرَ: جاہل ہونا-

عَیِیَ یَعْیَی عِیًّا- فِی المَنْطِقِ: کلام میں رک جانا- عاجز ہونا- صفت عَیٌّ و عَیِیٌّ-

عَیَّا تَعْیِیَةً و عَایَا مُعَایَاةً- الرَّجُلُ: غیر مفہوم کلام کہنا- عَایَا صَاحِبَهٗ پیچیدہ گفتگو کرنا-

اَعْیَا اِعْیَاءً الْمَاشِی: چلنے والے کا تھکنا- اَعْیَاہ: تھکانا- اَعْیَا الدَّاءُ الطَّبِیْبَ: مرض کا طبیب کو عاجز کر دینا ــــ الاَمْرُ عَلَیْهِ: عاجز بنا دینا-

تَعَایَا الاَمْرُ عَلَیْهِ و تَعَیَّا عَلَیْهِ و تَعَایَاہ- عاجز کرنا-

تَعَایَا و تَعَیَّا و اسْتَعْیَا بِالاَمْرِ: ناقابل ہونا- طاقت نہ رکھنا-

العَیَاء- مص- عاجزی- دَاءٌ عَیَاءٌ: ناقابل علاج مرض-

العَیُّ- تھکنے والا- گفتگو میں عاجز- ج اَعْیَاءٌ-

العَیِیّ- تھکنے والا- گفتگو میں عاجز ج اَعْیِیَاء و اَعْیِیَة-

العَیَّان- تھکا ہوا- عاجز-

اَلاُعْیِیَّةُ- پیچیدہ کلام-

المُعْیِی- تھکا ہوا- عاجز-

غَبَّ (ن) غَبًّا و غِبًّا چند دن کے بعد ملاقات کرنا۔ عَنْهُ: ایک دن ناغہ دے کر آنا۔ غَبَّتْ عَلَيْهِ الحُمّٰى: بخار کا ایک دن ناغہ دے کر آنا۔ غَبَّ عِنْدَهُ: رات بسر کرنا ___ الرَّاىَ: رائے اختیار کرنے میں توقف کرنا۔

غَبًّا و غِبًّا و غُبُوْبًا و غُبُوْبَةً۔ الطَّعَامُ کھانے کا باسی ہونا۔ بدبودار ہونا۔ غَبَّتِ الْأُمُوْرُ: کاموں کا انتہا کو پہنچنا۔

غَبَّتْ (ض) غَبًّا و غِبًّا و غُبُوْبًا المَاشِيَةُ: جانوروں کا ایک دن ناغہ دے کر پانی پینا۔ صفت غَابَّةٌ ج غَوَابُّ و غَابَّاتٌ۔

اَغَبَّ۔ المَاشِيَةَ: جانوروں کا ایک دن ناغہ دے کر پانی پلانا ___ القَوْمَ: ایک دن ناغہ دے کر ملاقات کو آنا۔ اَغَبَّتْهُ الحُمّٰى و اَغَبَّتْ عَلَيْهِ: تیسرے دن بخار آنا۔ اَغَبَّ الطَّعَامُ: کھانے کا بدبودار ہونا ___ عِنْدَهُ: رات بسر کرنا۔

غَبَّبَ۔ الشَّيْئُ: فاسد ہونا ___ فِي الأَمْرِ: مبالغہ نہ کرنا ___ عَنْهُمْ: دفع کرنا ___ الذِّئْبُ: بھیڑیئے کا بکری وغیرہ کے گلے کو پکڑ لینا۔

الغَابُّ۔ فا۔ باسی گوشت۔ نَجْمٌ غَابٌّ: ثابت ستارہ۔

الغِبُّ۔ مص۔ نتیجہ انجام۔ بمعنی بعد حُمّٰى الغِبِّ: تیسرے دن کا بخار اور صفت موصوف کی صورت میں حُمّٰى غِبٌّ بھی بولا جاتا ہے۔

مَاءٌ غِبٌّ: دور کا پانی ج اَغْبَاب۔

الغُبُّ۔ لہر جو کنارے سے ٹکرائے۔ پست زمین۔ ج اَغْبَاب و غُبُوْب و غُبَّان۔

الغُبَّةُ۔ زندگی کے گزر بسر کا تھوڑا سامان۔

الغَبَبُ۔ مرغ اور بیل وغیرہ کے حلق کے نیچے لٹکنے والا گوشت۔ ج اَغْبَاب۔

الغَبِيْبُ۔ باسی گوشت۔ چھوٹی ندی پہاڑی یا زمینی۔

الغَبِيْبَةُ۔ صبح کا دودھ کہ اسی پر شام کو دوہا جائے۔ اور پھر اگلے دن بلویا جائے۔

التَغْبِبَةُ۔ جھوٹی شہادت۔

المُغِبُّ۔ شیر۔

المَغَبَّةُ۔ انجام۔

المُتَغَبِّبُ۔ انجام کا انتظار کرنے والا۔

غَبَثَ (ن) غَبْثًا۔ الجُبْنَ بِالسَّمْنِ: پنیر کو گھی سے لت کرنا۔

اِغْبَثَّ۔ میلا رنگ کا ہونا۔ صفت "اَغْبَث"

الغُبْثَةُ۔ میلا رنگ۔

غَبِجَ (س) غَبْجًا۔ المَاءَ: لگاتار گھونٹ گھونٹ پینا۔

الغُبْجَةُ۔ گھونٹ۔

غَبَرَ (ن) غُبُوْرًا۔ گزرنا۔ ٹھہرنا۔ گرد آلود ہونا۔

غَبِرَ (س) غَبَرًا۔ الجُرْحُ: زخم کا خراب ہو کر مندمل ہونا۔ اور پھر ٹوٹ جانا۔ صفت "غَبِرٌ" غبار لگنا۔

غَبَّرَ۔ غبار اڑانا ___ الشَّيْئَ: غبار میں لتھیڑنا۔ الرَّجُلُ: لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰه کہنا۔ یا قرأت وغیرہ میں آواز کو لوٹانا اور کہا جاتا ہے "غَبَّرَ فِي وَجْهِ فُلَانٍ" اس نے فلاں کے چہرہ میں غبار ڈال دیا یعنی بڑھ گیا۔

اَغْبَرَ۔ غبار اڑانا۔ گرد آلود ہونا۔ فِي الأَمْرِ: متوجہ ہونا اور کوشش کرنا۔ اَغْبَرَتِ السَّمَاءُ: زور سے برسنا۔

اِغْبَرَّ۔ گرد آلود ہونا ___ اليَوْمُ: بہت غبار والا ہونا۔

الغِبْرُ۔ چیز کا بقیہ۔ ج اَغْبَار۔

الغُبَّرُ۔ چیز کا بقیہ۔ ج غُبَّرَات۔ کہا جاتا ہے "غُبَّرُ المَرَضِ" یعنی مرض کا بقایا۔

الغُبْرَةُ۔ خاکستری رنگ۔

و الغُبْرَةُ و الغُبَارُ۔ مٹی۔ خاک۔

الغَبْرُ۔ بقاء۔ دَاهِيَةُ الغَبْرِ: منقطع نہ ہونے والی بڑی مصیبت۔ مٹی۔

الغَبَرَةُ۔ گرد۔ غبار۔

الغَبَرُ۔ گرد غبار۔ ناسور۔ جُرْحٌ غَبِرٌ: خراب شدہ زخم۔

الأَغْبَرُ۔ خاکستری رنگ والا۔ بھیڑیا۔ جانے والا۔ کہا جاتا ہے "لَا يَغُرَّنَّكَ عِزُّ الدُّنْيَا فَإِنَّهُ أَغْبَرُ" دنیا کی عزت تم کو دھوکا نہ دے اس لیے کہ وہ جانے والی ہے۔ ج غُبْر۔ سخت بھوک کی صفت میں یہ لفظ مستعمل ہے۔ کہا جاتا ہے "الجُوْعُ الأَغْبَرُ و المَوْتُ الأَحْمَرُ"۔

الغَبْرَاءُ۔ مؤنث اَغْبَر۔ مادہ چکور۔ زمین۔ کہا جاتا ہے "مَا أَظَلَّتِ الخَضْرَاءُ وَلَا أَقَلَّتِ الغَبْرَاءُ مِثْلَ فُلَانٍ" مثل فلاں پر نہ تو آسمان نے سایہ ڈالا اور نہ زمین نے اٹھایا۔ بَنُوْ غَبْرَاءَ و بَنُو الغَبْرَاءِ: فقراء۔ سَنَةٌ غَبْرَاءُ: خشک سال۔

الغُبَيْرَاءُ۔ چنا کی شراب۔ ایک قسم کا پودہ۔

الغُبْرَانِ۔ ایک غلاف میں دو کھجور۔

الغَابِرُ۔ فا۔ گزرا ہوا۔ باقی۔ کہا جاتا ہے "وَهُوَ غَابِرُ بَنِي فُلَانٍ" وہ بنی فلاں کا بقیہ ہے۔ ج غُبَّر و غَابِرُوْنَ۔ غُبَّرُ الشَّيْئِ: چیز کا بقیہ۔ غُبَّرُ اللَّيْلِ: رات کا آخری حصہ۔ غُبَّرُ النَّاسِ: رتبہ کے لحاظ سے آخری۔

الغَوْبَرُ۔ ایک قسم کی مچھلی۔

المِغْبَارُ۔ مِنَ النَّخْلِ وَغَيْرِهَا: گرد آلود:

درخت خرما وغیرہ۔

المُغَبِّرَۃ۔ وہ لوگ جو اللہ کو یاد کرتے رہیں۔

غَبَسَ (ن) غَبْسًا وَاَغْبَسَ وَاغْبَسَّ وَاغْبَاسَّ۔ اللَّیْلُ: رات کا تاریک ہونا۔ صفت (اَغْبَس) ج غُبْس۔ اَغْبَسَ الشَّیْئُ: خاکستری رنگ کا ہونا۔

الغُبْسَۃ والغَبَس۔ خاکستری رنگ۔ رات کی ابتدائی تاریکی۔

غَبِشَ (س) غَبْشًا واَغْبَشَ۔ اللَّیْلُ: رات کی تاریکی کا صبح کی سفیدی سے مخلوط ہونا۔

تَغَبَّشَہٗ۔ دھوکا دینا۔ ظلم کرنا۔ جھوٹا دعویٰ کرنا۔

الغَابِش۔ دھوکا باز۔ فریبی، ظالم۔

الغَبَش۔ رات کا بقیہ۔ آخری رات کی تاریکی ج اَغْبَاش۔

الغُبْشَۃ۔ رات کا بقیہ۔ لَیْلٌ (غَبِشٌ واَغْبَشُ) تاریک رات۔ ولَیْلَۃٌ غَبْشَاء ج غُبْش۔

غَبِصَتْ (س) غَبَصًا۔ العَیْنُ: ہمیشہ رونے کی وجہ سے بہت کیچڑ والی ہونا۔

الغَبَص۔ آنکھ کی کیچڑ۔ کہا جاتا ہے "فِیْ عَیْنِہٖ غَبَصٌ" اس کی آنکھ میں کیچڑ ہے۔

غَبَطَ (ض) غَبْطًا۔ الکَبْشَ: مینڈھے کا موٹاپا معلوم کرنے کیلئے ہاتھ سے ٹٹولنا۔

غَبَطَہٗ (ض) وغَبِطَ (ف) غَبْطًا وغِبْطَۃً کسی کی نعمت کو دیکھ کر ویسا ہی اپنے لیے بھی تمنا کرنا۔ صفت (غَابِطٌ) ج غُبُط۔

غَبَّطَہٗ۔ رشک دلانا۔

اَغْبَطَ۔ السَّحَابُ: لگاتار بارش ہونا۔ کہا جاتا ہے "اَغْبَطَ عَلَیْنَا المَطَر" النَّبَاتُ: زمین کو ڈھانپ لینا۔ اَغْبَطَتِ الحُمّٰی عَلَیْہِ: بخار کا لگاتار رہنا۔

اِغْتَبَطَ واُغْتُبِطَ۔ خوشی اور اچھی حالت میں رہنا۔

الغَبْط والغِبط۔ کٹی ہوئی کھیتی کے مٹھے ج غُبُوط۔

الغِبْطَۃ۔ حسن حال، خوشی، رشک، پادری کا لقب۔

الغَبِیط۔ کجاوہ۔ پست زمین جس کے دونوں طرف بلندی ہو۔ پانی کی لہر جو زمین کی بلندی کو کاٹ دے۔ ج غُبُط۔

الغَبُوط۔ مِنَ النُّوْقِ: اونٹنی جس کی چربی بغیر ہاتھ سے ٹٹولے ہوئے معلوم نہ ہو۔

سَمَاءٌ (غَبْطِیٌ) لگاتار برسنے والا بادل۔

اَرْضٌ (مُغْبِطَۃٌ) نباتات سے گھری ہوئی زمین۔

الغَبْغَب۔ گائے یا مرغ کے گلے کے نیچے کا لٹکا ہوا گوشت۔

غَبَقَہٗ (ن ض) غَبْقًا وغَبْقَۃً۔ شام کو پینے کی چیز پلانا۔ غَبَقَ الغَنَمَ: بکری کو شام کو پلانا یا دوھنا۔

اِغْتَبَقَ۔ شام کو پینے کی چیز پینا ___ الخَمْرَ: شام کے وقت شراب پینا (___ و تَغَبَّقَ) النَّاقَۃَ: شام کے وقت دوھنا۔ (الغَبُوْق) شام کو پینے کی چیز اور یہ صبوح کے خلاف ہے۔ وہ جو شام کو دوہا جائے (الغَبُوْقُ والغَبُوْقَۃ) اونٹنی جو شام کو دوہی جائے۔ ج غَبَائِق۔ تم کہتے ہو "لَقِیْتُہٗ ذَا صَبُوْحٍ وَذَا غَبُوْقٍ" یعنی میں نے صبح اور شام میں ملاقات کی۔

الغَبَقَۃ۔ وہ رسی جو ہل چلاتے وقت بیل کے کوہان والی لکڑی کے سرے پر باندھتے ہیں۔

الغَبْقَان۔ شام کے وقت پینے والا۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ غَبْقَانُ وامْرَاَۃٌ غَبْقٰی" ج غَبَاقٰی۔

غَبَنَ (ن) غَبْنًا۔ الثَّوْبَ: کپڑے کو تنگ یا چھوٹا کرنے کیلئے موڑ کر سینا ___ الرَّجُلُ: کسی کے سامنے اس طرح گزر جانا کہ نہ وہ دیکھے نہ اسے علم ہو ___ الطَّعَامَ: کھانے کو حاجت کے وقت کے لیے چھپانا۔

غَبَنَہٗ (ن) غَبْنًا و غَبَنًا فِی البَیْعِ او الشِّرَاءِ: دھوکا دینا ___ فُلَانًا: قیمت وغیرہ میں نقصان پہنچانا۔ صفت (غَابِنٌ) صفت مفعولی (مَغْبُوْنٌ)

غَبِنَ (س) غَبْنًا و غَبَنًا۔ الشَّیْئَ و فِیْہِ: بھولنا۔ غلطی کرنا۔ (غَبْنًا و غَبَانَۃً رَایُہٗ): کم سمجھ ہونا۔ کند ذہن ہونا۔

تَغَابَنَ۔ بعض کا بعض کو نقصان پہنچانا۔

اِغْتَبَنَ۔ الشَّیْئَ: بغل میں چھپانا۔

الغَبْن والغَبَن۔ مص۔ خرید و فروخت میں دھوکا ___ والغَبَانَۃ۔ کند ذہنی۔ بھول چوک۔

الغَبْن: کپڑے کی کترن۔

الغَابِن۔ فا۔ کام سے سستی کرنے والا۔ کام چور۔

الغَبِیْن والمَغْبُوْن۔ کم سمجھ۔

الغَبِیْنَۃ۔ دھوکا۔

المُغَابَنَۃ۔ خرید و فروخت میں نقصان۔

المَغْبِن۔ بغل۔ جسم کی لوٹ ج مَغَابِن۔

غَبِیَ یَغْبٰی غَبًا و غَبَاوَۃً۔ الشَّیْئَ و عَنْہُ: ناسمجھ ہونا۔ کند ذہن ہونا ___ الشَّیْئُ عَلَیْہِ: مخفی رہنا ___ عَنْہُ الخَبَرُ: جاہل ہونا۔ غافل ہونا۔ مِنْہُ الشَّیْئُ: مخفی ہونا۔

تَغَابٰی عَنْہُ تَغَابِیًا و تَغَابَاۃً۔ غفلت برتنا۔

تَغَبَّاہُ واسْتَغْبَاہُ۔ غبی جاننا۔ غبی سمجھنا۔

الغَبَاء۔ زمین کی پوشیدگی ___ مِنَ التُّرَابِ بلند غبار۔

الغَبْوَۃ والغُبْوَۃ۔ غفلت۔

الغَبَاوَۃ والغَبِی۔ جہالت۔ ناسمجھی۔ غفلت۔

الغَبِیُّ۔ کم سمجھ جاہل ج اَغْبِیَاء و اَغْبَاء۔

غَبّٰی تَغْبِیَۃً۔ الشَّیْئَ: چھپانا ___ الشَّعْرَ: بال کو چھوٹا کرنا یا جڑ سے اکھیڑنا۔

اَغْبٰی۔ السَّحَابُ: کم برسنا، بوچھار برسانا۔

الغَبَاء۔ مِنَ التُّرَابِ: بلند غبار۔

الغَبْیَۃ۔ کم بارش یا بوچھار۔

مِنَ التُّرَابِ: بلند غبار۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ عَلٰی غَبْیَۃٍ مِنَ الشَّمْسِ" یعنی آفتاب کے غائب ہونے کے وقت آیا۔

الاَغْبٰی مِنَ الاَغْصَانِ: گنجان ٹہنی۔ مؤنث غَبْیَاء ج غُبْیٌ۔ شَجَرَۃٌ غَبْیَاء: گنجان درخت۔

المَغْبَاۃ۔ درندہ جانوروں کے شکار کا گڑھا ج مَغَاب۔

غَتَّ (ن) غَتًّا۔ الطَّعَامُ او الکَلَامُ: خراب ہونا ___ الشَّیْئَ فِی المَاءِ: پانی میں ڈبونا۔ فُلَانًا: غمگین کرنا، گلا گھونٹنا ___ فُلَانًا بِالاَمْرِ: تھکانا اور غمگین کرنا ___ ہٗ بِالکَلَامِ: سرزنش کرنا۔

غَتَّ الضِّحْکَ: ہاتھ یا کپڑا رکھ کر ہنسی روکنا ___ المَاءَ: برتن کے منہ سے بغیر علیحدہ کئے ہوئے گھونٹ گھونٹ پانی پینا۔

غَتَّتَ واَغْتَتَ۔ الطَّعَامَ: کھانے کو خراب کرنا۔ بگاڑنا۔

غَتِلَ (س) غَتَلًا۔ المَکَانُ: بہت درخت والا ہونا۔ صفت (غَتِلٌ)

اَغْتَمَ۔ الزِّیَارَۃَ: زیادہ ملاقات کرکے طول کرنا۔

الغَثَم۔ سخت گرمی جس سے دَم گھٹے۔
الغُثمَة۔ گفتگو میں رکاوٹ۔
الْاَغْثَم و الغُثمِيُّ۔ جو اچھی طرح گفتگو نہ کر سکے۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ اَغْثَم و قَوْمٌ غُثم و اَغْثَام و امْرَاَةٌ غَثمَاء۔"
غَثَّتِ(ض۔س) غَثَاثَةً و غُثُوثَةً الشَّاةُ :بکری کا دبلا ہونا۔ کمزور ہونا۔ صفت (غَثَّة) ___ اللَّحْمُ : لاغر ہونا ___ حَدِيثُ القَوْمِ ردی ہونا۔ فاسد ہونا۔
غَثَّ (ض) غَثًّا و غَثِيثًا۔ عَلَيْهِ المَكَان : ناموافق ہونا ___ الجُرْحُ :زخم سے پیپ وغیرہ بہنا۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ لَا يَغِثُّ عَلَيْهِ شَيْءٌ" یعنی کسی چیز کے متعلق نہیں کہتا کہ وہ ردی ہے تاکہ اس کو چھوڑے۔
اَغَثَّ۔ دُبلا ہونا۔ فاسد ہونا۔ فِي الكَلَام :بیکار گفتگو کرنا ___ اللَّحْم :دُبلا گوشت خریدنا۔
اِغْتَثَّتِ۔ الخَيْلُ : موسم بہار کی گھاس پر پہنچنا۔
تَغَثَّثَ۔ الشَّيْئَ :کم سمجھنا۔
اِسْتَغَثَّ۔ الجُرْح :علاج کر کے پیپ وغیرہ نکالنا۔
الغَثُّ۔ دُبلا۔ مِنَ الكلام :ردی کلام۔
الغَثِيث۔ دُبلا۔
غَثِيثُ الجُرْحِ و غَثِيثَتُهُ۔ پیپ، خون وغیرہ۔
الغَثِيثَة۔ بے فائدہ چیز۔ عقل کا فتور۔
غَثَرَ (ن) غَثْرًا۔ المَكَانُ بِالنَّبَاتِ : سبزی سے لہلہانا۔
اَغْثَرَ۔ الشَّجَرُ :درخت سے گوند بہنا۔
اِغْثَارَّ۔ الثَّوْبُ : زیادہ رواں والا ہونا۔ صفت (اَغْثَر)
الغَثَر۔ کپڑے کا رواں والا ہونا۔
الغَثْر و الغَثَرَة و الغَثْرَاء و الغَيْثَرَة۔ کمینے لوگ۔
الغَثْرَة۔ ارزانی و تروتازگی۔
الغُثْرَة۔ سبزی مائل بھورا یا سرخ رنگ۔
الاَغْثَر۔ سبزی مائل بھورا یا سرخ رنگ والا۔ مؤنث (غَثْرَاء) ج غُثْر۔ زیادہ اون کا کمبل۔ شیر، بھیڑیا۔ کیچڑ۔ جاہل۔

المِغْثَر و المِغْثَار و المُغْثُور۔ بعض درختوں کا گوند ج مَغَاثِير۔
اَرْضٌ (مُغْثِرَةٌ) سبزہ سے لہلہانے والی زمین۔
غَثَمَ(ن) غَثْمَالَهُ :یکبارگی عمدہ مال دینا۔
الغَثِيمَة۔ اوجھ کا وہ حصہ۔ جس میں بہت سے پرت ہوتے ہیں۔
الغُثْمَة۔ سیاہی مائل سفید رنگ۔
الاَغْثَم۔ سیاہی مائل سفید رنگ والا۔
المَغْثُوم۔ مخلوط۔
الغَثِيمَة۔ ایک قسم کا کھانا جس میں ٹڈی پڑتی ہے۔
غَثَا يَغْثُو غَثْوًا و غُثُوًّا و اَغْثَى۔ الوَادِي :زیادہ کوڑے کرکٹ والی ہونا۔
السَّيْلُ المرتَعَ :سیلاب کا چراگاہ کو بدمزہ بنا دینا۔
الغُثَاء و الغُثَّاء۔ جھاگ۔ کوڑا کرکٹ جو سیلاب کی جھاگ سے ملا ہوا ہو۔
غَثِيَ يَغْثَى غَثْيًا۔ الوَادِي : زیادہ کوڑے کرکٹ والی ہونا ___ الكَلَامَ: مخلوط کرنا۔
غَثَتْ تَغْثِي غَثْيًا و غَثَيَانًا و تَغَثَّتِ النَّفْسُ : متلی آنا غَثَتِ السَّمَاءُ بِالسَّحَاب : آسمان پر بادل چھا جانا۔
غَثِيَ يَغْثِي غَثْيًا۔ الكَلَامَ: مخلوط کرنا۔
غَدَّ (س) غَدًّا و غُدَّ۔ البَعِيْرُ :اُونٹ کا غدود والا ہونا۔
غَدَّ و غُدَّ و غُدِّدَ و اُغِدَّ۔ غدود والا ہونا۔ صفت (مُغِدٌّ)
غَدَّدَ۔ نَصِيبَهُ :حصہ لینا۔
اَغَدَّ۔ غدود والا ہونا۔ عَلَيْهِ :غصہ سے پھولنا۔
الغَدَد۔ اُونٹوں کا طاعون۔ ج غِدَاد۔
الغُدَّة۔ مال کا ایک حصہ۔ سامان ج غَدَائِد۔ (___ و الغُدَدَة) اونٹوں کا طاعون گوشت کا سخت ٹکڑا جو مرض کی وجہ سے کھال اور گوشت کے درمیان پیدا ہو جاتا ہے۔ ج غُدَد و غَدَائِد۔
المِغْدَاد۔ بہت غضبناک (مذکر و مؤنث)
غَدَرَ (ن ض س) غَدْرًا و غَدَرَانًا۔ خیانت کرنا۔ عہد توڑنا۔
غَدِرَ (س) غَدَرًا۔ المَكَانُ :بہت پتھر والا ہونا ___ عَنْ اَصْحَابِهِ :اپنے ساتھیوں سے پیچھے رہ جانا ___ الرَّجُلُ : تالاب کا پانی پینا ___ اللَّيْلُ :رات کا تاریک ہونا۔
اَغْدَرَهُ۔ پیچھے چھوڑنا۔ آگے بڑھ جانا۔ باقی رکھنا۔ کیچڑ میں پھینکنا۔ اَغْدَرَ اللَّيْلُ : رات کا تاریک ہونا۔
غَادَرَهُ غِدَارًا و مُغَادَرَةً۔ چھوڑ دینا۔ باقی رکھنا۔
تَغَدَّرَ۔ پیچھے رہ جانا۔
اِغْتَدَرَ۔ الرَّجُلُ :چوٹی بنانا۔
اِسْتَغْدَرَ۔ المَكَان :تالابوں والا ہونا۔
الغَدَر۔ مص۔ پتھروالی جگہ۔ درخت والے پتھر۔ کیچڑ جو تالاب میں پانی خشک ہونے کے بعد رہ جائے۔
الغَدَر و الغُدَرَة و الغُدَارَة۔ جو چھوڑا جائے۔
الغَدِير۔ نہر۔ تالاب۔ پانی جس کو سیلاب چھوڑ جائے۔ سبزی کا ٹکڑا۔ ج غُدُرٌ و غُدْرٌ و غُدْرَان و اَغْدِرَة۔
الغَدِيرَة۔ چوٹی ج غَدَائِر۔ الغَدِيرَة۔ سبزی کا ٹکڑا۔ ج غُدْرَان۔
الغَادِر۔ فا۔ خیانت کرنے والا ج غَادِرُون و غَدَرَة و غُدَّار مؤنث غَادِرَة ج غَادِرَات و غَوَادِر۔
الغَدْرَاء۔ تاریکی۔ لَيْلَةٌ (غَدْرَاءُ و غَدِرَةٌ و مُغْدِرَة) تاریک رات۔
الغُدَر و الغُدَرَة و الغِدِّير و الغَدَّار و الغَدُور۔ بہت غدر کرنے والا۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ غَدُورٌ و امْرَاَةٌ غَدُورٌ" ج غُدُر۔ اور مذکر کی گالی میں يَا غُدَرُ بمعنی يَا غَادِرُ اور جمع میں يا آلَ غُدَرٍ مستعمل ہے۔
يَا غَدَارِ۔ مبني على الكسرة۔ عورت کی گالی میں مستعمل ہے۔
غَدَفَ (ن) غَدْفًا و غَدَّفَ۔ لَهُ فِي العَطَاءِ : بہت دینا۔
اَغْدَفَ۔ اللَّيْلُ : رات کا بہت تاریک ہونا ___ الشَّبَكَةَ عَلَى الصَّيْدِ :شکار پر جال ڈالنا ___ البَحْرُ :سمندر کا بہت لہروں والا ہونا ___ المَرْاَةُ قِنَاعَهَا عَلَى وَجْهِهَا : عورت کا چہرہ پر نقاب ڈالنا۔

اِغْتَدَفَ۔مِنْہ :زیادہ لے لینا ___ الثَّوْبَ : کپڑا کاٹنا۔
اِغْدَوْدَفَ۔اللَّیْلُ :رات کا آنا۔ تاریک ہونا۔
الغَادِفُ۔ملاح۔
الغُدَافُ۔ لمبا کالا بال۔ سیاہ بازو۔ بڑا کوّا۔ بڑا گدھ۔ج غِدفَان۔
الغَدَفُ۔نعمت۔ارزانی۔ تروتازگی۔ کہا جاتا ہے "هُمْ فِی غَدَفٍ" وہ لوگ خوش حالی میں ہیں۔
المِغْدَفُ و الغَادُوفُ۔چپو۔
الغِدَفْلِ۔کامل' لمبا۔ بڑے ڈیل ڈول کا اُونٹ ج غَدَافِل۔
غَدِقَ (س) غَدَقًا و اَغْدَقَ و اِغْدَوْدَقَ۔ المَطَرُ : بکثرت بارش ہونا ___ عَیْنُ المَاءِ : کثیر ہونا اور خوشگوار ہونا۔ صفت (غَدِقَة)
اَغْدَقَ العَیْشُ : آسودہ ہونا۔ اَغْدَقَتِ الاَرْضُ :زمین کا سرسبز ہونا۔
غَدَقَ (ض) غَدْقًا المَکَانُ : بارش سے تر ہونا اور سرسبز ہونا۔ صفت (غَدِق)
تَغَدَّنَ۔الغُصْنُ :ٹہنی کا جھکنا۔
اِغْدَوْدَنَ۔النَّبْتُ :سبز ہونا اور زیادتی و شادابی کی وجہ سے سیاہی کی طرف مائل ہونا ___ الرَّجُلُ :ڈھیلا ہونا اور گرنا ___ الشَّعْرُ : لمبا ہونا اور لپٹا ہوا ہونا صفت (غَدَوْدَن)
الغَدَنُ۔ نیند۔ اونگھ۔ ڈھیلا پن' سستی ___ و الغُدْنَة۔نرمی۔نزاکت۔
الغِدَانُ۔شاخ جس پر کپڑے لٹکائے جائیں۔
الغُدَانِی۔نازک بدن جوان۔
غَدَا یَغْدُو غُدُوًّا۔ صبح کے وقت جانا۔ جانا۔ اور صار کے معنی میں مستعمل ہے۔ مبتدا کو رفع اور خبر کو نصب دیتا ہے۔
غَدَا یَغْدُو غُدُوًّا و غُدْوَةً و اغْتَدَی۔ عَلَیْہِ : سویرے آنا۔
غَدِیَ یَغْدَی غَدًا و تَغَدَّی۔ صبح کا کھانا کھانا۔ کہا جاتا ہے "هَلْ لَکَ اَنْ تَتَغَدَّی بِہِ قَبْلَ اَنْ یَتَعَشَّی بِنَا" یعنی کیا تیرے لیے یہ امکان ہے کہ ہم کو ہلاک کرنے سے پہلے اس کو ہلاک کرے۔
غَدَّی۔الرَّجُلُ : دن کے ابتدائی حصہ میں کھلانا۔

غَادَی مُغَادَاةً۔الرَّجُلُ :صبح کے وقت آنا۔
الغَدُ۔ آئندہ کل۔ دور کا دن جس کا انتظار ہو۔ نسبت کے لیے (غَدِیٌّ و غَدَوِیٌّ)
الغُدْوَةُ۔ صبح' فجر اور طلوع آفتاب کا درمیان' دن کا ابتدائی حصہ ج غُدًی و غُدُوٌّ۔
الغَدَاةُ۔ صبح' فجر اور طلوع آفتاب کا درمیان' دن کا ابتدائی حصہ' ج غَدَوَات' کہا جاتا ہے "هُوَ اِبْنُ غَدَاتَیْنِ" یعنی وہ دو دن کا ہے۔
الغَدِیَّةُ بمعنی غُدْوَةً و غَدَاةً ج غَدَایَا و غَدِیَّات۔
الغُدَیَّةُ۔غداۃ کی تصغیر۔
الغَدَاءُ۔ صبح کا کھانا اور اس کے مقابل عَشَاء ہے ج اَغْدِیَة۔
الغَادِی۔فا۔شیر۔
الغَادِیَةُ مؤنث غَادِی۔ بادل جو صبح کے وقت اُٹھے۔ صبح کی بارش۔ج غَوَادٍ و غَادِیَات۔
الغَدْیَان۔ صبح کا کھانا کھانے والا۔مؤنث غَدْیَا۔
المَغْدَی و المَغْدَاة۔صبح کو جانے کی جگہ۔
غَذَّ (ن ض) غَذًّا۔ الشَّیْئَ : کم کرنا۔ گھٹانا۔ الجُرْحُ :خون پیپ وغیرہ جاری ہونا۔
اَغَذَّ اِغْذَاذًا۔ السَّیْرَ و فِی السَّیْرِ : چلنے میں جلدی کرنا ___ الجُرْحُ : خون' پیپ وغیرہ جاری ہونا۔
الغَاذُّ۔فا۔ آنکھ کی رگ جو ہمیشہ جاری رہتی ہے۔ حس۔
الغَذِیْذَة۔ زخم کا خون پیپ وغیرہ۔
غَذَمَ (ن) غَذْمًا۔ لَہُ مِنَ المَالِ : یکبارگی عمدہ مال دینا۔
و غَذِمَ (س) غَذَمًا و تَغَذَّمَ و اغْتَذَمَ الشَّیْئَ : بہت حرص سے کھانا۔
اَغْذَمَ و تَغَذَّمَ الفَصِیْلُ مَا فِی ضَرْعِ اُمِّہِ : اونٹنی کے بچے کا تھن سے سب دودھ پی لینا۔
الغُذْمَةُ۔ مال کا ایک حصہ۔ ج غُذَم ___ و الغَذْمَةُ۔ بہت دودھ۔ج غَذَم۔
بِئْرٌ غَذِیْمَةٌ۔ وسیع کنواں۔
الغُذَمُ و المُتَغَذِّمُ۔ بہت زیادہ کھانے والا۔
غَذْمَرَ غَذْمَرَةً۔ غضبناک ہونا۔
___ الشَّیْئَ :جدا جدا کرنا۔ بعض کو بعض سے ملانا۔

اٹکل سے بیچنا۔
تَغَذْمَرَ۔فِی المَجْلِسِ :غصہ سے چلانا۔
الغَذْمَرَةُ۔ مصدر۔ شور۔ ڈانٹ۔ گفتگو اور چیخ کا مخلوط ہونا۔ج غَذَامِیْر۔
غَذَا یَغْذُو غَذْوًا۔ الرَّجُلَ بِالطَّعَامِ :خوراک دینا ___ الطَّعَامُ الصَّبِیَّ : بچہ کو فائدہ دینا اور کافی ہونا ___ العِرْقُ : خون بہانا ___ الرَّجُلُ :جلدی کرنا ___ الفَرَسُ :تیز گزرنا۔
غَذَّی تَغْذِیَةً۔ الرَّجُلَ :غذا دینا۔پرورش کرنا۔
غَذَّی العِرْقُ :خون بہانا۔
تَغَذَّی تَغَذِّیًا و اغْتَذَی اِغْتِذَاءً۔ خوراک کھانا۔
اِسْتَغْذَی اِسْتِغْذَاءً۔الرَّجُلَ :سخت پچھاڑنا۔
الغِذَاءُ۔خوراک۔ج اَغْذِیَة۔
الغَاذِی۔ فا۔ غَاذِی المَالِ :مال کا منتظم۔ ج غُذَاة و غَاذُوْن مؤنث غَاذِیَة ج غَوَاذٍ۔
الاَغْذَی۔اسم تفضیل۔
الغَذِیُّ۔ رحم کا بچہ (بکری کیلئے خاص ہے) ج غِذَاء۔جانوروں کے چھوٹے چھوٹے بچے۔
الغَذَوِیُّ۔ رحم کا بچہ۔
الغَذَوَان۔ بدزبان۔ تیز رفتار گھوڑا۔
غَرَّہُ (ن) غَرًّا و غُرُوْرًا و غِرَّةً۔ دھوکا دینا۔ بیہودہ اُمید دلانا۔ کہا جاتا ہے "مَا غَرَّکَ بِفُلَانٍ" یعنی تو نے اُس پر دلیری کیونکر کی؟ غَرَّ المَاءَ :پانی گرانا۔
غَرَّ و غِرَارًا۔الطَّائِرُ فَرْخَہُ :پرندہ کا اپنے بچہ کو چوگا دینا ___ الرَّجُلُ : غرغر کرکے کھانا ___ الرَّاعِی :اونٹ کو چرانا ___ المَاءُ :پانی کا نایاب ہونا۔
غَرَّ (ن) غَرًّا و غِرَارًا و غَرِرَ (س) غَرَارَةً۔ شریف ہونا۔ ناتجربہ کار ہونا۔
غَرَّ (ض) غَرًّا و غَرَارَةً۔ تجربہ کے باوجود بچوں جیسا کام کرنا۔
غَرَّ (س) غَرَرًا و غُرَّةً و غَرَارَةَ الوَجْہُ : خوبصورت سفید رنگ والا ہونا۔ الشَّیْئُ : سفید ہونا۔
غَرَّرَ تَغْرِیْرًا و تَغِرَّةً۔ بِالشَّیْئِ : ہلاکت کیلئے پیش کرنا ___ الطَّائِرُ : پرندہ کا اُڑنے کیلئے تر

پھیلانا ___ القِرْبَة : مشک بھرنا- غَرَّرَتْ ثَنِيَّةُ الغُلَامِ : بچّہ کے اگلے دانت نکلنا-

غَارَتْ غِرَارًا و مُغَارَّةً-السُّوْقُ : بازار کاماند پڑ جانا- غَارَّ التَحِيَّةَ : کم کرنا- غَارَّتِ النَاقَةُ : اُونٹنی کادودھ کم ہونا-

تَغَرَّرَ-الفرسُ : گھوڑے کی پیشانی سفید ہونا-

اِغْتَرَّ واِسْتَغَرَّ-بِکَذَا : دھوکا کھانا-

اِغْتَرَّهُ واِسْتَغَرَّهُ- بے خبری میں آنا- واغْتَرَّهُ : بے خبری کاطالب ہونا-

الغَرُّ- مص- زمین میں شگاف- کپڑے یا کھال کی شکن- کہاجاتا ہے "طویت الثوب علی غره" یعنی میں نے کپڑے کو اُس کی پہلی تہہ پر لپیٹا- چھوٹی ندی ج غُرُور-

الغَرُّ و الغِرَار- تلوار کی دھار- الغِرار : نیند وغیرہ کی کمی- کساد بازاری- اُونٹنی کے دودھ کی کمی ج اَغِرَّة کہاجاتا ہے "اَتَانَا عَلٰی غِرَارٍ" یعنی وہ ہمارے پاس جلدی آیا- الغِرَار : تیر بنانے کا نمونہ اور اسی سے ہے "هُمْ عَلٰی غِرَارٍ وَاحِدٍ" یعنی وہ ایک جیسے ہیں- کہاجاتا ہے "وَلَدَتْ ثَلَاثَةَ بَنِيْنَ عَلٰی غِرَارٍ" یعنی اس نے تین بچے پے درپے جنے جن کے درمیان کوئی لڑکی نہیں-

"لَبِثَ القَوْمُ غِرَارَ شَهْرٍ" قوم ایک مہینہ کی مدت ٹھہری رہی-

الغَرَارَة- غفلت- نوعمری- کہاجاتا ہے "کان ذلک علی غرارتی" یعنی یہ میری نوعمری کے زمانہ میں تھا-

الغُرَّة- گھوڑے کی پیشانی کی سفیدی-

مِنْ كُلِّ شَيْئٍ : ہرچیز کاابتدائی اور معظم حصہ- ___ مِنَ القَوْمِ : شریف ___ مِنَ الرَجُلِ : چہرہ- روشنی یاصبح ظاہر ہو تو کہاجاتا ہے قَدْبَدَتْ غُرَّتَهُ- غلام- باندی- ج غُرَر- الغُرَر : مہینہ کی ابتدائی تین راتیں یعنی پہلی، دوسری، تیسری رات- عرب- مہینے کی تقسیم تین تین راتوں سے کرتے تھے کہ پہلی تین راتوں کو غُرَر دوسری تین راتوں کو نفل اور اس کے بعد تُسَع پھر عُشَر پھر بِيْض پھر دُرَع پھر ظُلَم پھر حَنَادِس پھر وَادِئ پھر مَحَاق کہتے ہیں-

الغِرّ- ناتجربہ کار جوان- مؤنث غِرٌّ و غِرَّةٌ ج اِغْرَارٌ-

الغُرَّى- اپنے قبیلہ میں سردار عورت-

الغِرَّة- مص- غفلت- ناتجربہ کاروں کی جماعت- ج غِرَر-

الغُرَّة- مہینے کا پہلا دن- ایک کالے رنگ کا آبی پرندہ-

الغَرَر- ہلاکت کے درپے- کہاجاتا ہے "اَنَا غَرَرٌ مِنْكَ" میں تم سے دھوکے میں ہوں-

الغَرُوْر- دھوکا دینا اور یہ دُنیا کی صفت میں بھی آتا ہے- کہاجاتا ہے "الدُنْيَا الغَرُوْر" غرغرہ کی دوائیں-

الغُرُوْر- مص- بیہودہ باتیں-

الغَارُّ- فا- غافل- کنواں کھودنے والا- مؤنث غَارَّة-

الغَرَّار- بہت دھوکہ دینے والا-

الغَرِيْر- اچھی عادت اور اسی سے مثل ہے "اَدْبَرَ غَرِيْرُهُ وَاَقْبَلَ هَرِيْرُهُ" یعنی اس کی اچھی عادت جاتی رہی اور بُری عادت آگئی- اچھی زندگی- ج غُرَّان- ضامن- دھوکازدہ- ناتجربہ کار جوان- ج اَغِرَّة واَغِرَّاء مؤنث غَرِيْرَة ج غَرِيْرَات وغَرَائِر-

الغُرَيْر- کتے اور بلی کے درمیان چھوٹی ٹانگوں کا بھورے رنگ کا ایک جانور اور عرب کے امثال میں ہے "اَسَنُّ مِنَ غُرَيْرٍ" اور اس کا نام يَغْر اور غُرْغُوْر بھی ہے-

الاَغَرّ- خوبصورت- ہرچیز کا سفید- فیاض- سردار شریف ___ مِنَ الاَيَّامِ : سخت گرم دن- مِنَ الخَيْلِ : پیشانی پر سفیدی والا- مؤنث غَرَّاء ج غُرٌّ و غُرَّان-

الغِرَارَةُ- بورا- تھیلا- ج غَرَائِر-

الغُرَّانُ- پانی کے بلبلے- کہاجاتا ہے "اَقْبَلَ المَاءُ بِغُرَّانِهِ" پانی بلبلے کے ساتھ آیا-

المُغَارُّ- کم دودھ والی اُونٹنی- ج مَغَارّ- کہاجاتا ہے "فُلَانٌ مُغَارُّ الكَفِّ" یعنی بخیل ہے-

المَغْرُوْر- مفع- فریب خوردہ-

غَرَبَ (ن) غَرْبًا- جانا ___ فُلَانٌ عَنَّا : جدا ہونا- علیحدہ ہونا ___ فِيْ سَفَرِهِ : طویل سفر کرانا(___ غروبا) الرجل : دور ہونا ___ النجم : ستارہ کاغائب ہونا- ڈوبنا-

غَرُبَ (ن) غُرْبَةً و غُرْبًا و غَرَابَةً- پردیسی ہونا- وطن سے علیحدہ ہونا-

غَرُبَ (ک) غَرَابَةً- الكَلَامُ : مخفی ہونا- پوشیدہ ہونا ___ الشَّئُ : غیرمانوس ہونا-

غَرِبَ(س) غَرَبًا- لو سے چہرہ کالا ہونا-

غَرَّبَ- دُور ہونا- وطن سے علیحدہ ہونا- پچھم میں پہنچنا ___ هُ : دور کرنا- علیحدہ کرنا- مسافرت پر برانگیختہ کرنا- جلاوطن کرنا ___ فِي الاَرْضِ : دُور تک لے جانا-

اَغْرَبَ- مغرب میں جانا- شہروں میں دور تک جانا- اچھی حالت ہونا- عجیب چیز لانا- فصیح ہونا اور نوادرات بیان کرنا ___ فِيْ الضِحْكِ و نَحْوِهِ : مبالغہ کرنا ___ الحَوْضَ : حوض کو بھرنا ___ الفَرسُ فِيْ جَرْيِهِ : گھوڑے کا بہت دوڑنا ___ الفَرسَ : گھوڑے کو دوڑانا- یہاں تک کہ مرجائے ___ هُ : علیحدہ کرنا اَغْرَبَ واُغْرِبَ المَرِيْضُ : تکلیف زیادہ ہونا- اَغْرَبَ عَلَيْهِ وبِهِ : بُرا سلوک کرنا-

تَغَرَّبَ- وطن سے علیحدہ ہونا- پچھم سے آنا-

اِغْتَرَبَ- وطن سے علیحدہ ہونا- غیر اقارب میں شادی کرنا-

اِسْتَغْرَبَ-الشَّئَ : نادر پانا یا سمجھنا- ___ الدَمْعُ : آنسو بہانا- ___ واُسْتُغْرِبَ- فِيْ الضِحْكِ : ہنسنے میں مبالغہ کرنا-

الغَرْب- مص- پچھم- ہرچیز کا اوّل- دھار- نشاط- تیزی- کہاجاتا ہے "اِنِّي اَخَافُ عَلَيْكَ غَرْبَ الشَبَابِ" یعنی جوانی کی تیزی اور نشاط کا مجھے تمہارے اوپر خوف ہے- بڑا ڈول- آنکھ کی وہ رگ جو ہمیشہ جاری رہے- آنسو- آنسو بہنے کی جگہ- آنکھ کا اگلا حصہ- آنکھ کا پچھلا حصہ- دوری- آنکھ کی پھنسی- گوشۂ چشم کا ورم- تھوک کی کثرت- تیز دوڑنے والا گھوڑا- کہا جاتا ہے "سَهْمُ غَرْبٍ" اضافت سے اور "سَهْمٌ غَرْبٌ" وصف سے یعنی وہ تیر جس کا پھینکنے والا معلوم نہ ہو- ج غُرُوْب-

الغُرْبَة- دُوری-

الغَرْبُ۔ مص۔ سونا۔ چاندی، پیالہ، شراب، پانی جو کنوئیں اور حوض کے درمیان ڈول سے ٹپکے۔ کہا جاتا ہے "سَهْمُ غَرْبٍ و سَهْمٌ غَرْبٌ" وہ تیر جس کا پھینکنے والا معلوم نہ ہو۔ و "بِعَيْنِهٖ غَرْبٌ" جبکہ آنسو تھمتا نہ ہو۔

الغُرَاب۔ کوا۔ مختلف قسمیں ہیں۔ غراب اسود۔ ابقع۔ زاغ ج اَغْرُب و غُرُبٌ و غِرْبَان و اَغْرِبَةٌ جج غَرَابِيْنُ۔ کہا جاتا ہے "طَارَ غُرَابُهٗ" یعنی بوڑھا ہو گیا اس کے بال سفید ہو گئے۔ وَاَرْضٌ لَا يَطِيْرُ غُرَابُهَا یعنی سرسبز ہے۔

الغُرَاب اولہ و برف۔ سر کا پچھلا حصہ۔ مِنْ كُلِّ شَيْءٍ: ہر چیز کی ابتداء۔ اور دھار۔ جیسے غُرَابُ الفَاس۔ اور کوے کی مثال سیاہی اور بعد اور صبح سویرے اٹھنے اور چوکنا رہنے میں دی جاتی ہے۔ کہا جاتا ہے "بَكَّرْتُ بُكُوْرَ الغُرَابِ" کوے کی مانند صبح سویرے اٹھا۔ "فُلَانٌ اَحْذَرُ مِنَ الغُرَابِ" فلاں کوے سے زیادہ چوکنا ہے۔ و "دُوْنَ هٰذَا شَيْبُ الغُرَابِ" اس سے کم کوے کی سیاہی ہے اَغْرِبَةُ العَرَبِ: عرب کے سیاہ لوگ۔ الغُرَاب: پرانی قسم کی ایک کشتی۔

الغُرَابَان۔ دونوں سرین کے نچلے حصے جو ران سے ملے ہوئے ہوں۔

الغَارِب۔ فا۔ کندھا۔ پیٹھ اور گردن یا کوہان اور گردن کے درمیان کے حصے۔ ہر چیز کا اعلیٰ حصہ۔ ج غَوَارِب اور اسی سے ہے۔ غَوَارِبُ المَاءِ بلند موجیں۔

الغَرِيْب۔ مسافر۔ وطن سے دور۔ اجنبی ج غُرَبَاء عجیب و غیر مانوس مِنَ الكَلَامِ: جس کا سمجھنا دشوار ہو۔ مؤنث غَرِيْبَةٌ ج غَرَائِب۔

الغُرُب۔ بمعنی غریب۔

المُغْرَب۔ صبح۔ ہر سفید چیز یا جس کے کنارے سفید ہوں۔ عَنْقَاء (مُغْرِب و مُغْرِبَةٌ) دیکھئے لفظ "عَنْقَاء"۔

المَغْرِب۔ پچھم۔ آفتاب غروب ہونے کی جگہ۔ ممالک افریقیہ اور بزبان حال ممالک یورپ۔

مَغْرِبَانُ الشَّمْسِ: آفتاب کے طلوع و غروب کی جگہ۔

المَغْرِبِيّ۔ ممالک مغرب کی طرف منسوب۔ ج مَغَارِبَة۔

الغِرْبِيْب۔ سخت سیاہ اور اکثر بطور تاکید مستعمل ہوتا ہے۔ کہا جاتا ہے "اَسْوَدُ غِرْبِيْب"

غَرْبَلَ غَرْبَلَةً الحِنْطَةَ: گیہوں چھاننا۔

___ البَلَدَ: ملک کے رہنے والوں کا حال کھولنا۔

___ فِي الاَرْضِ: جانا ___ الشَّيْءَ: ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔ جدا جدا کرنا ___ القَوْمَ: قوم کو قتل کرنا اور کچل دینا۔

الغِرْبَال۔ چھلنی۔ دف۔ چغل خور ج غَرَابِيْل۔

المُغَرْبَل۔ مفع۔ گھٹیا۔ پھولا ہوا۔ مقتول۔ زوال پذیر ملک۔

الغِرْبِيْل۔ چھلنی۔ دف۔ چغل خور۔

غَرِثَ (س) غَرَثًا۔ بھوکا ہونا۔

صفت (غَرْثَان) ج غَرْثٰى و غَرَاثٰى و غِرَاث مؤنث (غَرْثٰى) ج غِرَاث۔

غَرَّثَ الكَلْبَ: کتے کو بھوکا رکھنا۔

الغَرِث و الغَارِث۔ بھوکا۔

غَرِدَ (س) غَرَدًا و غَرَّدَ و اَغْرَدَ و تَغَرَّدَ الطَّائِرُ: پرندہ کا گانے میں آواز بلند کرنا اور ٹنکری کرنا اَغْرَدَهُ الطَّائِرُ: گا کر خوش کرنا۔

اِسْتَغْرَدَهٗ۔ گانے پر برانگیختہ کرنا۔

الاُغْرُوْد و الاُغْرُوْدَة۔ پرندہ کی سریلی آواز ج اَغَارِيْد۔

الغَرِد و الغَرَد و الغِرِّيْد۔ گانے والا۔

غَرَزَهٗ (ض) غَرْزًا۔ بِالاِبْرَةِ و نَحْوِهَا: سوئی وغیرہ چبھونا۔ غَرَزَ الاِبْرَةَ فِي الشَّيْءِ: داخل کرنا۔

الرَّاكِبُ رِجْلَهٗ فِي الغَرْزِ: رکاب میں پاؤں ڈالنا۔ عُوْدًا بِالاَرْضِ: زمین میں لکڑی گاڑنا۔

غَرَزَتِ الجَرَادَةُ انڈا دینے کے لیے زمین میں دُم چبھونا۔ صفت (غَارِزٌ و غَارِزَةٌ)

غَرَّزَ۔ الاِبْرَةَ فِي الشَّيْءِ: داخل کرنا۔ غَرَّزَتِ الجَرَادَةُ: انڈا دینے کے لیے زمین میں دُم چبھونا۔

الغَنَمَ۔ بکری کو موٹی ہونے کے لیے دوھنے سے چھوڑ دینا۔

اَغْرَزَ۔ الاِبْرَةَ: بمعنی غَرَزَ ___ الوَادِي: غرز نامی پودہ اگانا ___ فِي الشَّيْءِ: داخل ہونا۔

اِغْتَرَزَ السَّيْرُ: روانگی قریب ہونا ___ فُلَانٌ السَّيْرَ: روانگی کے قریب ہونا۔ سوار ہونا ___

الرَّاكِبُ رِجْلَهٗ فِي الغَرْزِ: سوار کا رکاب میں پاؤں رکھنا۔

الغَرْز۔ مص۔ رکاب۔ زمین میں گاڑی ہوئی لکڑی۔ ج غُرُوْز۔ کہا جاتا ہے "اِلْزَمْ غَرْزَ فُلَانٍ" یعنی اس کے امر و نہی کی اطاعت کرو۔ "اُشْدُدْ يَدَيْكَ بِغَرْزِهٖ" مطلب یہ ہے کہ اپنے آپ کو اس کے سپرد کردو۔

الغَرَز۔ ایک چھوٹی قسم کا پودہ۔

الغَرِيْزَة۔ طبیعت ج غَرَائِز۔

الغَارِز۔ فا۔ اونٹنی جس کا دودھ کم ہو گیا ہو۔

عُيُوْن (غَوَارِز) نہ بہنے والے چشمے۔

التَّغْرِيْز۔ کھجور کا پودا جو ایک جگہ سے منتقل کر کے دوسری جگہ لگایا جائے۔ ج تَغَارِيْز۔

المَغْرِز۔ گاڑنے کی جگہ۔ ج مَغَارِز۔

غَرَسَ (ض) غَرْسًا و غِرَاسَةً الشَّجَرَ: درخت کا پودہ لگانا۔

اِنْغَرَسَ۔ پودہ لگنا۔

الغَرْس۔ مص۔ پودہ لگایا ہوا ج غِرَاس و اَغْرَاس۔

الغِرْس۔ پودہ۔ پانی جو رحم سے نکلے۔ چھوٹا کوا۔ ج اَغْرَاس۔

الغَرِيْس۔ پودا لگایا ہوا۔ بھیڑ۔

الغَرِيْسَة۔ کھجور کا پودا جو ابھی اگا ہو۔ گٹھلی جو بوئی جائے۔ انگور کی بیل جو ابھی بٹھائی گئی ہو۔ پودہ بٹھانے سے پھلدار ہونے تک۔ ج غَرَائِس و غِرَاس۔

الغِرَاس۔ پودہ۔ پودہ لگانے کا وقت۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا زَمَنُ الغِرَاسِ" جس طرح کہا جاتا ہے "هٰذَا زَمَنُ الحَصَادِ۔"

المَغْرِس۔ پودہ لگانے کی جگہ ج مَغَارِس۔

الغِرْش۔ مِنَ المَسْكُوْكَاتِ: ایک سکہ ہے جو دو آنے کے مساوی ہوتا ہے۔ ج غُرُوْش۔

غَرِضَ (س) غَرَضًا۔ اِلَيْهِ: مشتاق ہونا۔ صفت (غَرِضٌ) ___ مِنْهُ: تنگ دل ہونا۔ ملول ہونا۔ خوف کرنا۔

غَرَضَ (ض) غَرْضًا۔ الاِنَاءَ: برتن بھرنا۔ کم بھرنا ___ الشَّيْءَ: تازہ چننا۔ وقت سے جلدی

کرنا۔ روکنا۔ توڑنا اس طرح کہ جدا نہ ہو جائے (___ غَرِیْضًا) لَهٗ: تازہ دودھ پلانا۔

غَرُضَ (ک) غَرَضًا۔ اللَّحْمُ: گوشت تازہ ہونا۔ صفت (غَرِیْضٌ) ج اَغَارِیْض۔

غَرَّضَ۔ مزاح کرنا۔ تازہ گوشت کھانا۔ ___ الشَّیْئَ: تازہ چننا ___ فِیْ سِقَائِهٖ: مشک میں نہ بھرنا۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ بَحْرٌ لَا یُغَرَّض" یعنی فلاں آدمی سمندر کی مانند ہے جو خالی نہیں کیا جاسکتا۔ غَرَّضَ فُلَانًا: نشانہ بنانا۔

اَغْرَضَ۔ فُلَانًا: تنگ دل کرنا ___ الغَرَضَ: نشانہ پر ٹھیک مارنا ___ الإنَاءَ: برتن بھرنا۔

غَارَضَ۔ الإبِلَ: اُونٹوں کو تڑکے گھاٹ پر لے جانا۔

تَغَرَّضَ وانْغَرَضَ۔ الغُصْنُ۔ شاخ کا مڑنا اور ٹوٹنا مگر جدا نہ ہونا۔

اِغْتَرَضَ۔ الشَّیْئَ: کسی چیز کو اپنی غرض بنانا۔ اُغْتُرِضَ فُلَانٌ جوان مرنا۔

الغَارِض۔ فا۔ تڑکے پانی پر جانے والا۔ لمبی ناک۔ کہا جاتا ہے "اَتَیْتُهٗ غَارِضًا" یعنی دن کے ابتدا میں۔

الغَرْض۔ مص۔ وادی کی ناقص شاخ ج غُرْضَان وغِرْضَان واَغْرُض ___ کجاوہ کا تنگ ج اَغْرَاض وغُرُوْض۔

الغُرْضَة۔ کجاوہ کا تنگ ج غُرُض وغُرْض۔

الغَرَض۔ مص۔ مطلوب۔ حاجت۔ قصد۔ کہا جاتا ہے "فَهِمْتُ غَرَضَک" میں نے تیرے قصد کو سمجھ لیا۔ نشانہ جس پر گولی ماری جائے۔ ج اَغْرَاض۔

الغَرِیْض۔ طرب انگیز گیت۔ بہترین گویا۔ ہر سفید تازہ بارش کا پانی۔ پانی جس پر تڑکے آیا جائے۔ تازہ گوشت۔

الإغْرِیْض۔ شگوفہ۔ ہر سفید ترو تازہ۔ ج اَغَارِیْض۔

المَغْرِض۔ اُونٹ کا تنگ۔ ج مَغَارِض۔

المَغْرُوْض۔ مفہ بارش کا پانی۔

الغُرْضُوْف۔ نرم ہڈی جیسے کان، ناک کی ج غَرَاضِیْف۔ الغُرْضُوْفَان: دو لکڑیاں جو کجاوہ کے دائیں بائیں باندھی جاتی ہیں۔

غَرْغَرَ غَرْغَرَةً۔ غرغرہ کرنا۔ غرغرت القِدْرُ: ہانڈی کا جوش کے وقت آواز دینا۔ غَرْغَرَهٗ: ذبح کرنا۔ غرغرہ بالرمح: حلق میں نیزہ مارنا ___ الرَّجُلُ: آواز گلوگیر نکالنا۔ موت کے وقت خر خر کرنا۔ ___ اللَّحْمُ: گوشت میں بھونتے وقت آواز ہونا۔

تَغَرْغَرَ۔ بِالمَاءِ او الدَّوَاء: پانی یا دوا سے غرغرہ کرنا اور اسی سے ہے "تَغَرْغَرَتِ العَیْنُ بالدَّمْع" آنکھ آنسوؤں سے ڈبڈبا گئی۔

الغِرْغِر۔ ایک قسم کی مرغی جس کو چینی مرغی کہتے ہیں۔ واحد (غِرْغِرَة)

الغُرْغُوْر۔ بمعنی الغُرَیْر (دیکھئے الغُرَیْر)

الغُرْغُرَة۔ بوٹا۔ پیشانی کی سفیدی۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ غُرْغُرَةٌ" یعنی فلاں شریف ہے۔

غَرَفَ (ض) غَرْفًا۔ الشَّیْئَ: کاٹنا نَاصِیَتَهٗ: پیشانی کے بال کترنا۔

واغْتَرَفَ۔ المَاءَ بِیَدِهٖ پانی کا چلو لینا۔

تَغَرَّفَهٗ۔ کسی چیز کے ساتھ جتنی چیزیں ہوں سب لے لینا۔

اِنْغَرَفَ۔ الشَّیْئَ: کٹنا۔ مڑنا اور ٹوٹنا ___ العَظْمُ: ہڈی کا ٹوٹنا ___ فُلَانٌ: مرنا۔

الغَرْف۔ مص (___ والغَرَف) پودہ جس سے چمڑے کو دباغت دیا جائے۔

الغِرْفَةُ۔ چلو لینے کی ہیئت۔ جوتی۔ ج غِرَف۔

الغُرْفَةُ۔ چلو۔ ج غِرَاف ___ کوٹھری کے اندر کوٹھری، بالاخانہ، بالوں کا گچھا۔ ج غُرَفٌ و غُرْفَاتٌ وغُرَفَاتٌ وغُرُفَاتٌ۔

الغَارِفَةُ۔ مؤنث غَارِفٌ اسم فاعل ___ مِنَ النُّوْقِ: تیز دوڑنے والی اُونٹنی۔ ج غَوَارِف۔

الغَرَاف۔ ایک قسم کا بڑا پیمانہ۔

الغَرَّاف۔ بہت چلو لینے والا۔ نَهْرٌ غَرَّافٌ: بہت پانی کی نہر۔ غَیْثٌ غَرَّافٌ: بہت بارش۔

الغَرُوْف۔ مِنَ الآبارِ: وہ کنوئیں جن سے پانی چلو سے لیا جائے۔

الغَرِیْف۔ مِنَ الشَّجَرِ: گھنا درخت۔ بانس، نرکل وغیرہ کی جھاڑی۔

الغَرِیْفَة۔ گھنا درخت۔ جوتی۔ تلوار کے پرتلے کے نچلے حصہ کا چمڑا۔

المِغْرَف۔ تیز رفتار گھوڑا اور "فَارِسٌ مِغْرَفٌ" بھی کہا جاتا ہے۔ ج مَغَارِف۔

المِغْرَفَة۔ چمچہ۔ ڈوئی۔ ج مَغَارِف۔

غَرِقَ (س) غَرَقًا۔ فِی المَاءِ: ڈوبنا۔ صفت (غَرِقٌ وغَارِقٌ وغَرِیْقٌ) ج غَرْقٰی غَرِقَ فُلَانٌ: دودھ وغیرہ کا گھونٹ لینا۔ مستغنی ہونا۔

غَرَقَ (ن) غَرْقًا۔ مِنَ اللَّبَنِ: دودھ وغیرہ کا گھونٹ لینا۔

اَغْرَقَ۔ فِی الأمْرِ: مبالغہ کرنا۔

اَغْرَقَهٗ وغَرَّقَهٗ۔ ڈبو دینا۔ اَغْرَق و غَرَّقَ فِی القَوْسِ: کمان کو بہت زیادہ کھینچنا اَغْرَقَ و غَرَّقَ اللِّجَام بِالفِضَّةِ: لگام کو چاندی سے مزین کرنا۔ کہا جاتا ہے "اَغْرَقَ اَعْمَالَهٗ بِالمَعَاصِی" یعنی اپنے اعمالِ صالحہ کو معاصی کی وجہ سے ضائع کر دیا۔

غَارَقَهٗ۔ قریب ہونا۔ کہا جاتا ہے "غَارَقَتْنِی لَمَنِیَّةُ" یعنی موت مجھ سے قریب ہوئی۔

اِغْتَرَقَ۔ النَّفَسَ: بہت ہانپنا۔ لَبَغْیُرُ التَّصْدِیْرَ: اُونٹ کے پیٹ کے موٹے ہو جانے کی وجہ سے تنگ کا تنگ ہو جانا۔ الفَرَسُ الخَیْلَ: گھوڑوں کی جماعت میں داخل ہونا اور آگے بڑھ جانا۔ کہا جاتا ہے فُلَانٌ یَغْتَرِقُ العَیْنَ: یعنی فلاں اپنی خوبصورتی کی وجہ سے نظر کو اپنی طرف کھینچتا ہے دوسری طرف نہیں ڈالنے دیتا۔

اِسْتَغْرَقَ۔ الشَّیْئَ: کل لے لینا ___ الغَایَةَ: مقررہ حد سے آگے بڑھ جانا ___ فِی النَّوْمِ: گہری نیند سونا ___ فِی الضِّحْكِ: کھلکھلا کر ہنسنا۔

اِغْرَوْرَقَتْ۔ العَیْنُ: ڈبڈبا آنا۔

الغُرْقَة۔ دودھ وغیرہ ایک مرتبہ پینے کی مقدار ج غُرَق۔

الغَارِیْقُوْن والأغَارِیْقُوْن۔ ایک پودہ کی جڑ ہے اور یہ زہر کیلئے تریاق ہے اور یہ دونوں کلمے دخیل ہیں۔

غَرْقَأَتِ۔ الدَّجَاجَةُ بَیْضَتَهَا: مرغی کا کچا انڈا دینا ___ البَیْضَةُ: کچا انڈا گرنا۔

الغِرقِئُ- انڈے کے سفیدی کی جھلی- انڈے کی سفیدی-

غَرِل (س) غَرَلاً- الصَّبِيُّ : بچے کا غیر مختون ہونا- صفت (اَغْرَل) مؤنث غَرلاء ج غُرْلٌ-

الغَرِل- ڈھیلا ڈھالا آدمی- بہت ہی زیادہ لمبا نیزہ-

الاَغْرَل- ارزانی کا سال- خوش عیش زندگی-

الغُرْلَة- چمڑا جس کو ختنے کے وقت کاٹتے ہیں-

الغِرْيَل- غبار- تالاب جس میں کیڑے ہی کیڑے ہوں جس کو پیا نہ جا سکے- خشک یا تر مٹی جس کو سیلاب بہا کر لائے اور سیلاب کے چلے جانے کے بعد زمین پر پھٹ پھٹ کر رہ جائے- شیشی کے نیچے کی تلچھٹ-

غَرِمَ (س) غُرْمًا وغَرَامَة ومَغرَمًا الدَّيْنَ ونَحْوَهُ : قرض وغیرہ ادا کرنا-

فِي التِجَارَة : تجارت میں نقصان اُٹھانا-

اَغْرَمَهُ وغَرَّمَهُ الدَّيْنَ : قرض کی ادائیگی کو لازم کرنا- کہا جاتا ہے "غَرِمَ السَّحابُ" یعنی بارش ہوئی-

اُغْرِمَ- بِالشَّيْئِ : بہت خواہش مند ہونا-

تَغَرَّمَ- تاوان برداشت کرنا-

اِغْتَرَمَ- تاوان کو اپنے اوپر لازم کرنا-

الغَرَامَة والغُرم- تاوان- مال جس کا ادا کرنا ضروری ہو- ضرر- مشقت-

الغَرَام- اشتیاق- محبت جو دل کو مبتلائے عذاب کرنے والا ہو- ہلاکت- عذاب-

الغَرِيم- قرض خواہ- قرض دار- مخالف- ج غُرَماء وغُرَّام-

المَغْرَم- تاوان- ج مَغَارِم-

الغُرْمُوْل- عضو تناسل-

غَرِنَ (س) غَرَنًا العَجِيْنُ : گندھے ہوئے آٹے کا خشک ہونا-

الغَرِن- کمزور-

الغَرِيْن والغِرْيَن- تر یا خشک مٹی جو سیلاب میں بہہ کر آئے اور زمین پر رہ جائے- بیوقوفی-

الغِرْنِيْق والغُرْنَيْق والغُرْنُوق والغُرانق ایک قسم کا آبی پرندہ جو سارس کے مشابہ :- سفید خوبصورت جوان کیلئے بھی بولا جاتا ہے- کہا جاتا ہے "شَابٌ غُرَانِقٌ وصَبِيَّةٌ غُرَانِقٌ وغُرَانِقَة" ج غَرَانِق وغَرَانِيق وغَرانِقة-

غَرَا يَغْرُو غَرْوًا- الرَّجُلُ : تعجب کرنا ___ الجِلدَ : سریش سے جوڑنا ___ الشَّحْمُ قَلْبَهُ : چربی کا دل پر چھا جانا-

غَرِيَ يَغْرَىٰ غَرَاءً و غَرًا و غُرِيَ و غَرِّيَ وأُغْرِيَ- بِكَذَا : بہت خواہش مند ہونا- بہت رغبت رکھنا- غَرِيَ الغَدِيْرُ : تالاب کا پانی ٹھنڈا ہونا ___ فُلَانٌ : بہت زیادہ غضبناک ہونا (___ غَرَاةٌ بِهِ : چمٹنا- لازم ہونا-

غَرّىٰ تَغْرِيَةً- الشَّيْئَ : سریش سے جوڑنا-

اَغْرَىٰ- الرَّجُلُ بِكَذَا : برانگیختہ کرنا- اَغْرَىٰ العَدَاوَةَ بَيْنَهُمْ : دشمنی ڈالنا اور فساد پیدا کرنا-

غَارَىٰ غِرَاءً ومُغَارَاةً- فُلَانًا : سخت جھگڑا کرنا ___ بَيْنَ الشَّيْئَيْنِ : ایک کے بعد دوسرے کا لگاتار کرنا-

الغَرَاء والغِرَاء- ہر وہ چیز جس کا طلا کیا جائے- جس سے ورق یا کھال کو جوڑیں جیسے سریش یا لئی- الغِرَاءُ : خوبصورتی-

الغَرَاء والغَرْوَىٰ- خواہش مندی- کہا جاتا ہے "لَاغَرْوَ ولَاغَرْوَىٰ مِنْ كَذَا" یعنی اس سے تعجب نہیں-

الغَرِيُّ- خوبصورت- عمدہ عمارت-

الغَرِيَّان- دو مشہور عمارتیں جو حیرہ کے قریب تھیں-

المِغْرَاة- سریش پگھلانے کا آلہ-

غَزَّ (ن) غَزًّا واغْتَزَّ- بِفُلَانٍ : خاص کرنا ___ الإِبِل او الصَّبِيّ : اونٹ یا بچہ پر نظر بد سے حفاظت کیلئے رنگی ہوئی اون لٹکانا-

غَازَّهُ مُغَازَّةً- سبقت کرنا- جھگڑنا-

اَغَزَّ- الشَّجَرُ : درخت میں بہت اور سخت کانٹے ہونا- اَغَزَّتِ البَقَرَةُ : گائے پر وضع حمل کا دشوار ہونا-

تَغَازَّ- القَوْمُ الشَّيْئَ : آپس میں جھگڑا کرنا-

الغُزُّ- جمزا- ترکوں کی ایک قوم- واحد (غُزِّيٌّ)

غَزُرَ (ک) غَزْرًا وغَزَارَةً وغُزْرًا- المَاءُ وغيره : پانی وغیرہ کثیر ہونا- غَزُرَتِ النَّاقَةُ : اونٹنی کا بہت دودھ والی ہونا-

تَغَزَّرَ الرَّجُلُ : زیادہ گوشت والا اور موٹا ہونا-

غَازَرَ واسْتَغْزَرَ- زیادہ لینے کے لیے تھوڑا دینا-

الغَزَر- مص- کھجور کے پتوں کی بکری-

___ والغَزَارَة- کثرت-

الغَزِيْرُ- ہر چیز کا بہت- ج غِزَار-

الغَزِيْرَة- مؤنث غَزِيْر ___ مِنَ النُّوقِ : بہت دودھ والی اونٹنی ___ مِنَ العُيُوْنِ : بہت آنسوؤں والی آنکھ ___ مِنَ الآبَارِ والیَنَابِيع : بہت پانی والے کنوئیں اور چشمے ج غِزَار-

المِغْزَار- مِنَ الإِبِل : بہت دودھ والی اونٹنی-

مَكَانٌ (مَغْزُوْرٌ) کثیر بارش سے سیراب شدہ-

غَزَلَ (ض) غَزْلاً واغْتَزَلَ- الصُّوفَ : اون کا تنا-

غَزِلَ (س) غَزَلاً بِالنِّسَاءِ : عورتوں سے باتیں کرنا- عشق بازی کرنا- عورتوں کے حسن و جمال کی تعریف کرنا-

غَازَلَ- المَرْأَةَ : عورت سے بات کرنا اور پھسلانا- کہا جاتا ہے "غَازَلَ فُلَانٌ الاَرْبَعِيْنَ مِنَ العُمُرِ" یعنی فلاں چالیس سال کے قریب ہو گیا و "هُوَ يُغَازِلُ رَغْدًا مِنَ العَيْشِ" یعنی وہ نہایت آسودگی کی زندگی بسر کرتا ہے-

اَغْزَلَتْ- الظَّبْيَةُ : ہرنی کا بچے والی ہونا ___ المَرْأَةَ : عورت کا تکلہ گھمانا-

تَغَزَّلَ- فُلَانٌ : بتکلف عشق بازی کرنا-

تغازل القَوْمُ : بعض کا بعض سے عشق بازی کرنا-

الغَزْل- مص- کاتا ہوا-

الغَزَل- مص- عورتوں کے ساتھ کھیل کود-

الغَزَال- ہرن کا بچہ- ج غِزْلَة و غِزْلَانٌ- دَمْ

الغَزَال- نام ایک نباتات کا-

الغَزَالَة- غزال کا مؤنث- چڑھتے وقت کا سورج غَزَالَةُ الضحىٰ وغزالاته : چاشت کی ابتداء-

الغَزِل- عورتوں سے بات کرنے والا- عشق بازی کرنے والا وہ شخص جو ہر چیز میں کمزور ہو-

الغَازِلَة- کاتنے والی- ج غُزَّل وغوازل-

الغِزِّيل- عورتوں سے باتیں کرنے والا-

الغَزَّال۔ بہت کاتنے والا۔
الاَغزَل۔ غزل کا اسم تفضیل۔
مِنَ الحُمّٰی: بار بار آنے والا بخار۔
المِغزَل والمَغزَل والمُغزَل۔ تکلہ ج مَغَازِل۔
اَبُوالمَغَازِل۔ کلنگ۔
المُغَیزِل۔ مغزل کی تصغیر۔ چھوٹا تکلہ۔ باریک رسی۔
غَزَاہُ یَغزُوہُ غَزوًا۔ طلب کرنا۔ قصد کرنا۔ کہا جاتا ہے "عَرَفتُ مَا یَغزِی مِنَ هٰذَا الْکَلَامِ" یعنی اس کلام کے مقصود کو میں نے جان لیا۔
غَزوًا وغَزَاوَۃً وغَزَوَانًا۔ القَومَ: کسی قوم سے جنگ کیلئے چلنا۔ جہاد کیلئے نکلنا۔
الفَہْقَۃ۔ گردن کے جز کی ہڈی۔ ج فِہَاق۔

الفَاہِقَۃ۔ زخم جس سے خون جاری ہو۔ بِئْرٌ مُفْہَاقٌ۔ بہت پانی والا کنواں۔

اَلْمُنْفَہِق۔ کشادہ۔

الفَیْہَق۔ کشادہ۔ بہت دودھ والی اونٹنی۔

فَہِمَ (س) فَہْمًا و فَہَمًا و فَہَامَۃً و فِہَامَۃً و فَہَامِیَۃً۔ سمجھنا۔

فَہَّمَہٗ و اَفْہَمَہٗ۔ سمجھانا۔

تَفَہَّمَ۔ الْکَلَامَ: تھوڑا تھوڑا سمجھنا۔

تَفَاہَمَ۔ القَوْمُ: بعض کا بعض سے سمجھنا۔

اِسْتَفْہَمَہُ الاَمْرَ: دریافت کرنا۔ سمجھانے کے لئے کہنا۔

الفَہْم۔ مص۔ سمجھ۔ کسی چیز کا تصور۔

الفَہِم۔ تیز سمجھ دار۔

الفَہَّامَۃ۔ بہت سمجھنے والا۔ تا مبالغہ کیلئے ہے۔

الفَہِیْم۔ سمجھ دار۔ ج فُہَمَاء۔ فَہَا (ن) فَہْوًا۔ عَنِ الاَمْرِ: بھولنا۔

الاَفْہَاء۔ بیوقوف لوگ۔

فو۔ ف و مادہ دیکھئے۔

فَاتَ یَفُوْتُ فَوْتًا و فَوَاتًا الاَمْرُ: گزرنا۔ وقت جاتا رہنا ___ہٗ الاَمْرُ۔ حاصل کرنے میں ناکام رہنا ___ہٗ فُلَانٌ فِیْ کَذَا۔ آگے بڑھ جانا ___ الشَّیْءَ: تجاوز کرنا۔

اَفَاتَہٗ اِفَاتَۃً الاَمْرَ: گزرنے دینا ___

تَفَوَّتَ عَلَیْہِ فِیْ مَالِہٖ: غلبہ کرنا۔

تَفَاوَتَ تَفَاوُتًا و تَفَاوِتًا و تَفَاوَتًا الشَّیْئَانِ: مختلف ہونا۔ دور دور ہونا۔

تَفَاوُتًا فِی الفَضْلِ: فضل و کمال میں مختلف ہونا۔

اِفْتَاتَ الکَلَامَ: نئی گفتگو کرنا ___ بِرَأْیِہٖ: خود رائی کرنا ___ بِاَمْرِہٖ: کر گزرنا اور مشورہ نہ کرنا۔

___ عَلٰی فُلَانٍ فِی الاَمْرِ: حکم کرنا۔ فیصلہ کرنا۔

___ہُ الاَمْرُ: فوت ہونا۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ لَا یُفْتَاتُ عَلَیْہِ" فلاں کی اجازت کے بغیر کوئی کام نہیں کیا جاتا۔

الفَوْت۔ مص۔ دو انگلیوں کے درمیان کشادگی ج اَفْوَات۔ کہا جاتا ہے "جَعَلَ اللّٰہُ رِزْقَہٗ فَوْتَ فَمِہٖ" یعنی اللہ نے اس کے رزق کو ایسا بنایا ہے کہ وہ دیکھتا ہے اور اس تک پہنچتا نہیں۔

الفَوَات۔ مص مَوْتُ الفَوَات: اچانک موت۔

الفُوَیْت۔ خود رائے جو کسی سے مشورہ نہ کرے۔ (مذکر و مؤنث)

فَاجَ یَفُوْجُ فَوْجًا۔ المِسْکُ: مشک کی خوشبو کا بھڑکنا ___ النَّہَارُ: دن کا ٹھنڈا ہونا۔

فَوَّجَ۔ عَنْ نَفْسِہٖ: ٹھنڈا کرنا۔

اَفَاجَ الرَّجُلُ: جلدی کرنا ___ الفَرَسُ: گھوڑے کا دوڑنا۔

اُسْتُفِیجَ۔ ہلکا سمجھا جانا۔ ذلیل سمجھا جانا۔

الفَوْج۔ جماعت۔ گروہ۔ ج اَفْوَاج و فُؤُوج و جج اَفَاوِج و اَفَائِج و اَفَاوِیج۔

الفَائِجَۃ۔ جماعت۔ ریت یا سخت زمین کے دو ٹیلوں کے درمیان کشادگی۔

فَاحَت تَفُوْحُ فَوْحًا و فُؤُوحًا و فَوَحَانًا القِدْرُ: ہانڈی کا جوش مارنا ___ الشَّجَۃُ: زخم کا خون پھینکنا۔ فَاحَ و تَفَاوَحَ الزَّہْرُ: پھول کا مہکنا۔ خوشبو بھڑکنا۔ فَاحَ المِسْکُ او الطِّیْبُ: مشک یا خوشبو کا بھڑکنا۔

اَفَاحَ۔ الدَّمَ: خون گرانا ___ القِدْرَ: ہانڈی کو جوش دینا۔

فَوْحُ الحَرِّ: گرمی کی شدت۔

فَاخَت تَفُوْخُ فَوَخَانًا۔ الرِّیْحُ: ہوا کا چلنا اور آواز نکلنا۔

فَاخَ و اَفَاخَ۔ الرَّجُلُ: گوز کرنا۔ اَفَاخَ الزِّقَّ: مشک کا منہ کھول کر ہوا نکالنا۔

فَادَ یَفُوْدُ فَوْدًا۔ مرنا ___ الشَّیْءَ بِالشَّیْءِ: ملانا ___ المَالُ لِفُلَانٍ: ثابت ہونا۔ اور اسم اس سے الفَائِدَۃ ہے۔

اَفَادَ اِفَادَۃً الرَّجُلَ: مارنا۔ ہلاک کرنا۔ اَفَادَ و فُلَانٌ المَالَ جمع کرنا۔ کمائی کرنا ___ فُلَانًا مَالًا او عِلْمًا: دینا یا نفع پہنچانا۔

تَفَوَّدَ-الوَعِلُ فَوْقَ الجَبَلِ : پہاڑی بکری کا پہاڑ پر چڑھنا-

اِسْتَفَادَهُ-حاصل کرنا-

الفَوْدُ- مه - کنپٹی- کنپٹی کے بال- کہا جاتا ہے "بَدَا الشَّيْبُ بِفَوْدَيْهِ" یعنی اس کی دونوں کنپٹیاں سفید ہوگئیں- الفَوْد : بڑا تھیلا- بوری- فوج- کنارہ- فود الخِبَاء او الوَادِي : خیمہ یا وادی کا کنارہ ج اَفْوَاد-

المِفْوَاد- تکلف کرنے والا-

الفَوْدَج- ہودج- دُلہن کی پالکی-

فَارَت تَفُورُ فَوْرًا و فَوَرَانًا و فُؤُورًا-القِدْرُ : ہانڈی کا جوش مارنا- اُبلنا- فَارَ المَاءُ : پانی کا زمین سے نکلنا اور بہنا ___ العِرْقُ : رگ کا مضطرب ہونا (___ فَوْرًا و فَوَرَانًا المِسْكُ): خوشبو کا بھڑکنا-

فَوَّرَ و اَفَارَ- القِدْرَ : ہانڈی کو جوش دینا-

___ فَارَ المِيزَانُ : ترازو کے زُبان کے اِدھر اُدھر کے لوہے بنانا-

الفَار- چوہا- واحد فَارَةٌ- فَارَةُ الاِبِلِ : کھال کے تر ہو جانے کے بعد کی بو-

الفَوْر- مه - جلدی- کہا جاتا ہے "رَجَعَ مِنْ فَوْرِهِ" جلدی واپس ہوا- فَوْرُ كُلِّ شَيْءٍ : ہر چیز کا اوّل-

الفُوْر- ہرنیاں- واحد فَائِر- کہا جاتا ہے "لَا اَفْعَلُهُ مَا لَالَاتِ الفُوْرُ" میں اس کو نہیں کروں گا جب تک ہرنیاں اپنی دُم ہلاتی رہیں گی یعنی کبھی نہیں کروں گا-

الفَوْرَة مِنَ الحَرِّ او الغَضَبِ : گرمی یا غصّہ کی تیزی- فَوْرَةُ النَّهَارِ : دن کی ابتدا- فَوْرَةُ النَّاسِ : لوگوں کے جمع ہونے کی جگہ-

فَوْرَةُ العِشَاءِ : عشاء کی نماز کے بعد کا وقت- کہا جاتا ہے "اَخَذْتُ الشَّيْءَ بِفَوْرَتِهِ" میں نے چیز کو اس کی ابتداء ہی میں لے لیا-

الفِيَارَان- ترازو کے زُبان کے اِدھر اُدھر کے لوہے-

الفَائِر- فا- کہا جاتا ہے "فَارَ فَائِرُهُ" اس کا غصّہ بھڑکا-

الفُوَارَة- ہانڈی کا اُبال-

الفَوَّار- اسم مبالغہ-

الفَيُّور- بہت جلدی غضبناک ہونے والا-

الفَوَّارَة- مؤنث فَوَّار- پانی کا چشمہ- فوارہ-

فَازَ يَفُوزُ فَوْزًا- بِالاَمْرِ : کامیاب ہونا ___ مِنَ المَكْرُوهِ : نجات پانا ___ الرَّجُلُ : ہلاک ہونا- مرنا-

فَوَّزَ تَفْوِيزًا الرَّجُلُ : گزرنا- مرنا ___ الطَّرِيقُ : ظاہر ہونا ___ الرَّاعِي بِاِبِلِهِ : چرواہے کا اُونٹوں کے ساتھ جنگل طے کرنا-

___ و تَفَوَّزَ ایک مُلک سے دوسرے مُلک میں جانا-

اَفَازَ فُلَانًا بِكَذَا : کامیاب کرانا-

الفَازَة دو کھمبوں والا خیمہ- کہا جاتا ہے "ضَرَبَ الفَازَةَ بِالمَفَازَةِ" اس نے بیابان میں خیمہ لگایا-

المَفَازَة- نجات- کامیابی- ہلاکت- بیابان جس میں پانی نہ ہو ج مَفَازَات و مَفَاوِز-

فَوَّضَ تَفْوِيضًا- اِلَيْهِ الاَمْرَ : سپرد کر دینا-

___ المَرْاَةَ : بغیر مہر کے نکاح کر دینا-

فَاوَضَهُ مُفَاوَضَةً فِي الاَمْرِ : برابر ہونا- شریک ہونا- اہم بات چیت کرنا-

تَفَاوَضَ القَوْمُ فِي كَذَا : بعض کا بعض کے ساتھ شریک ہونا ___ الشَّرِيكَانِ فِي المَالِ شریک ہونا اور برابر ہونا تَفَاوَضُوا فِي الحَدِيثِ : بات چیت میں مشغول ہونا- کہا جاتا ہے قَوْمٌ فَوْضَى ایسی قوم جس میں سب برابر ہوں اور ان کا کوئی رئیس نہ ہو "وَ اَمْرُهُمْ فَوْضَى بَيْنَهُمْ و فَوْضُوضَى و فَوْضُوضَاء" ان کا معاملہ مختلط ہے- ہر ایک تصرف کا حق رکھتا ہے "اَمْوَالُهُمْ فَوْضَى بَيْنَهُم و فَوْضُوضَى و فَوْضُوضَاء" وہ سب مال میں برابر کے شریک ہیں کوئی فرق نہیں- کہا جاتا ہے شَرِكَةُ مُفَاوَضَةٍ و شَرِكَةُ مُفَاوَضَةٍ وہ شرکت جس میں شرکاء مال اور تصرف اور دین کے لحاظ سے برابر ہوں اور اس کے مقابلہ میں شرکت عنان ہے و مُفَاوَضَةُ العُلَمَاءِ : علمی مسائل کا مذاکرہ-

فَوَّطَهُ- ازار پہنانا-

الفُوْطَة- ازار جس کو خدام استعمال کرتے ہیں ج فُوَط اور عوام کے نزدیک رومال کو کہتے ہیں-

فَاظَ يَفُوظُ فَوْظًا و فَوَاظًا مرنا- کہا جاتا ہے "حَانَ فَوْظُهُ" یعنی اس کی موت کا وقت آگیا-

الفَوْعَة- مِنَ الطِّيبِ : خوشبو- ___ مِنَ السُّمِّ : زہر کی تیزی ___ مِنَ الشَّبَابِ جوانی کی ابتداء-

فَاغَ يَفُوغُ فَوْغًا الطِّيبُ : خوشبو بھڑکنا- مہکنا-

الفَوْغَة مِنَ الطِّيبِ : خوشبو کی بھڑک-

الفَائِغَةُ- تیز خوشبو جو ناک کو بھر دے-

الفَوَغ- مُنہ کی موٹائی-

الاَفْوَغ- موٹے مُنہ والا- کہا جاتا ہے فَمٌ اَفْوَغ : موٹا مُنہ "و رَجُلٌ اَفْوَغُ" موٹے مُنہ والا مرد-

فَافَ يَفُوفُ فَوْفًا- انگوٹھے اور شہادت کی اُنگلی کے ناخنوں کو ملا کر سائل کو کچھ نہ دینے کا اشارہ کرنا-

الفَوْف و الفُوف- گائے بیل کا نشانہ- جوانوں کے ناخنوں کی سفیدی- واحد فَوْفَةٌ و فُوفَةٌ ج اَفْوَاف-

الفُوف و الفُوفَة- دانہ کا چھلکا-

ثَوْبُ اَفْوَافٍ و ثَوْبٌ مُفَوَّفٌ باریک کپڑا- سفید دھاری دار کپڑا-

فَاقَ يَفُوقُ فَوْقًا و فَوَاقًا الشَّيْءُ : بلند ہونا-

___ اَصْحَابَهُ بِالفَضْلِ او العِلْمِ : بڑھ جانا- سبقت لے جانا-

فُوَاقًا ہچکی آنا (___ فُوَاقًا و فُؤُوقًا) الرَّجُلُ : قریب المرگ ہونا یا مرنا (___ فَوْقًا : السَّهْمُ : سوفار تیر کو توڑنا الشَّيْءَ : توڑنا-

فَاقَ يَفَاقُ و فَوِقَ يَفْوَقُ فَاقًا و فَوَقًا و فَوَقًا السَّهْمُ : سوفار میں کجی ہونا-

فَوَّقَهُ عَلَى قَوْمِهِ ! فضیلت دینا- فَوَّقَ السَّهْمَ : سوفار لگانا ___ الفَصِيلَ : مہلت

دے دے کے دودھ پلانا۔

اَفَاقَ اِفَاقَةً مِنْ مرضه : صحت یاب ہونا۔
____ الحَالِبُ : دو دفعہ کے دوہنے کے بیچ میں آرام لینا۔ اَفَاقَتِ النَاقَةُ : تھن میں دودھ جمع ہونا۔ صفت مُفِيْقٌ و مُفِيْقَةٌ ج مَفَاوِيْق و فُيُق ____ السكْرَان مِنْ سُكْرِهِ : ہوش میں آنا۔ مِنَ النَوْم : بیدار ہونا ____ المَجْنُوْنُ مِنْ جُنُوْنِهِ : ہوشیار ہونا ____ الزَمَان : تنگی کے بعد فراخی آنا ____ عَنْهُ النُعَاسُ : نیند کا اُچٹ جانا مِنْ غَفْلَتِهِ : چوکنا ہونا (____ و اَفْوَقَ اِفْوَاقًا و اَوْفَقَ اِيْفَاقًا) السَهْمَ : تانت پر سوفار رکھنا۔

تَفَوَّقَ الشَرَابَ : تھوڑا تھوڑا کر کے پینا۔ عَلٰی قَوْمِهِ : بلند ہونا ____ النَاقَة : دوہنے کے بعد مہلت دے کر دوہنا ____ الفَصِيْلُ : مہلت دے کر دودھ پینا ____ مَالَهٗ : ٹھہر ٹھہر کے خرچ کرنا۔

اِنْفَاقَ اِنْفِيَاقًا۔ السَهْمُ : سوفار ٹوٹنا۔
____ الجَمَلُ : اُونٹ کا لاغر ہونا اور ہلاک ہونا۔

اِفْتَاقَ الرَجُلُ : محتاج ہونا۔ فقیر ہونا۔

اِسْتَفَاقَ الرَجُلُ مِنْ نَوْمِهِ او مَرَضِهِ او غَفْلَتِهِ : بمعنی افاق ____ النَاقَةَ : اُونٹنی کو دوہنے کے بعد مہلت دے کر دوہنا۔

الفَاقَ۔ کھانے سے بھرا ہوا بڑا پیالہ۔ جنگل۔ کنگھا۔ لمبے قد کا مرد۔ لمبی گردن کا ایک دریائی جانور۔

الفَاقَة۔ حاجت۔ فقر۔ محتاجی۔

فَوْق مص۔ اوپر۔ اور یہ ظرفِ مکان ہے اور کبھی زمانہ کے لیے بھی استعمال ہوتا ہے جیسے اَقَمْتُ فَوْقَ شَهْرٍ اور کبھی زیادتی اور فضل پر دلالت کرتا ہے جیسے العَشْرَةُ فَوْقَ التِسْعَةِ و "هٰذَا فَوْقَ ذَاكَ" اور کبھی بطورِ اسم کے استعمال ہوتا ہے۔ کَقَوْلِهِ۔ و اِذَا ذُكِرَتْ فَكُلُّ فَوْقٍ دُوْنُ۔

الفَوْقَانِي۔ اُوپر والا۔ اعلیٰ۔ نقیض تحتانی۔

الفُوْق۔ سوفار۔ ج فُوَق و اَفْوَاق۔ زبان کا کنارہ۔ پہلا راستہ۔ کہا جاتا ہے "مَا ارْتَدَ عَلٰی فُوْقِهِ" یعنی گیا اور لوٹا نہیں ولَهٗ مِنْ كَذَا سَهْمٌ ذُوْ فُوْقٍ یعنی وہ ان میں سے اکثر حصے والا ہے۔

الفَوَق۔ سوفار میں کجی۔

الفُوْقَة۔ سوفار ج فُوَق و فُقًا۔

الفِيْقَة۔

دودھ جو دو دفعہ دوہنے کے درمیان میں تھن میں جمع ہو جائے۔ الفِيْقَة مِنَ اللَيْلِ : رات کا اکثر حصہ۔ فِيْقَةُ الضُحٰی : چاشت کی ابتدا ج فِيَق و فِيَق و فِيْقَات و اَفْوَاق و اَفَاوِيْق۔ تم کہتے ہو "اَرْضَعَنِي اَفَادِيْقَ بِرِّهٖ" اس نے میرے ساتھ بہترین احسانات کئے الاَفَاوِيْق : پانی جو بادل میں جمع ہو جائے اور تھوڑا تھوڑا برسے۔

الفَوَاق و الفُوَاق۔ مص - دو دفعہ دوہنے کے درمیان کا وقت۔ دوہنے والے کے ہاتھ کے بند کرنے اور کھولنے کے درمیان کا وقت۔ اور اسی سے ان کا قول ہے۔ "اَمْهِلْنِي قَدْرَ فُوَاقِ حَالِبٍ" یعنی مجھے ذرا سی مہلت دو "وَلَهٗ مِنْ كَذَا سَهْمٌ ذُوْ فَوَاقٍ" اس کیلئے فلاں چیز سے حصہ کامل ہے۔ الفُوَاق : جانکنی کے وقت کی ہچکی ج اَفْوِقَةٌ و آفِقَةٌ و جج اَفْوِقَات۔ الفُوَاق : اسم ہے اَفَاقَ و اِسْتَفَاقَ العَلِيْلُ سے جبکہ وہ لاغر ہو جائے۔

الفَائِق۔ فا۔ برگزیدہ۔ عمدہ خالص ہر چیز کا ج فائقون و فوقة۔ الفائق : سر اور گردن کی جوڑ کی جگہ۔

السَهْمُ الاَفْوَقُ۔ وہ تیر جس کا سوفار ٹوٹ گیا ہو۔

شَاعِرٌ مُفِيْقٌ۔ شاعر بلیغ۔

طَعَامٌ مُفَوَّقٌ۔ کھانا جو تھوڑا تھوڑا لیا جائے۔

الفُوْل۔ لوبیا۔

الفَوَّال لوبیا بیچنے والا۔ لوبیا پکانے والا۔

فَوَّمَ۔ روٹی پکانا۔

الفُوْم۔ لہسن۔ گیہوں۔ چنا۔ روٹی۔ بڑا لقمہ۔ کل وہ غلے جن کی روٹی پک سکے ج فومان۔

الفُوْمَةُ۔ فوم کا واحد۔ خوشہ، چٹکی جو دو اُنگلیوں کے درمیان لی جائے۔ ج فُوَم۔

الفَامِيُّ۔ سبزی فروش۔

فَاهَ يَفُوْهُ فَوْهًا و تَفَوَّهَ۔ بِكَذَا : بولنا۔ و تَفَوَّهَ المَكَانَ : دہانہ میں داخل ہونا۔

فَوِهَ (س) فَوَهًا۔ فراخ دہن ہونا۔

فَوَّهَهٗ۔ فراخ دہن بنانا۔

فَاوَهَ مُفَاوَهَةً و فَاهٰی مُفَاهَاةً فُلاَنًا : گفتگو کرنا۔ مفاخرت کرنا۔

تَفَاوَهَ القَوْمُ بِكَذَا : آپس میں گفتگو کرنا۔

اِسْتَفَاهَ اِسْتِفَاهًا و اِسْتِفَاهَةً کمی کے بعد بہت کھانا پینا۔

الفُوهُ و الفاهُ و الفِيهُ۔ منہ ج افواہ

فو اسمائے ستہ مکبرہ میں سے ایک ہے اس کا اعراب حالتِ رفعی میں واو اور حالتِ نصبی میں الف اور حالتِ جری میں یا کے ساتھ آتا ہے۔ بشرطیکہ مفرد ہو اور یاء متکلم کے علاوہ کسی دوسرے اسم کی طرف اضافت ہو۔ تم کہو گے سَقَطَ لِفِيْهِ یعنی وہ اپنے منہ کے بل گرا۔ و "كَلَّمْتُهٗ فَاهُ اِلٰی فِيَّ" یعنی میں نے اس سے رو در رو گفتگو کی فاہ حالیت کی بناپر منصوب ہے اور ابتدائیت کی بناپر اس کا مرفوع پڑھنا بھی جائز ہے۔ اس صورت میں جملہ حال واقع ہوگا۔ جیسے كَلَّمْتُهٗ فُوْهُ اِلٰی فِيَّ۔

الفُوَيْه۔ فوہ کی تصغیر۔ چھوٹا منہ۔

الفَوَه۔ منہ کی کشادگی۔ دانتوں کا ہونٹ سے نکلنا۔

الفُوَّهُ و الفُوَّةُ۔ ایک درخت کی جڑیں جو سرخ رنگ کی ہوتی ہیں اور رنگائی کے کام میں آتی ہیں اور بعض امراض میں دواء اس کا استعمال ہوتا ہے۔

الفَوْهَة۔ فاہ کا اسم مرۃ۔ منہ۔

الفُوْهَة۔ مِنَ الوَادِي و الطَرِيْق و جَبَلِ النَارِ : وادی یا راستہ یا آتش فشاں پہاڑ کا دہانہ ج فُوْهَات۔

الفَيِّه۔ بہت بولنے والا۔ بلیغ۔ بہت کھانے والا۔ مؤنث فَيِّهَةٌ۔

الفُوَّهَة۔ اول شئی ____ مِنَ الطَرِيْق و الوَادِي و جَبَلِ النَارِ۔ راستہ یا وادی یا آتش فشاں پہاڑ کا دہانہ۔ ج فُوَّهَات و اَفْوَاه و فَوَائِه۔

الفُوْهَة: گفتگو۔ چغلی۔ تم کہو گے "فُلَانٌ یَخَافُ فُوْهَةَ النَّاسِ" فلاں لوگوں کی گفتگو سے خائف ہے۔ اِنَّهُ لَذُوْ فُوْهَةٍ وہ بڑا تیز زبان، زبان زور ہے "وَاِنَّ رَدَّ الْفُوْهَةِ لَشَدِیْدٌ" نکلی ہوئی بات کو لوٹانا دشوار بات ہے۔

الْاَفْوَه۔ چوڑے منہ والا۔ مؤنث فَوْهَاء ج فُوْهٌ۔ طَعْنَةٌ فَوْهَاءُ: چوڑا زخم کرنے والی نیزہ کی ضرب۔

الْاَفْوَاه۔ مسالے۔ خوشبو کی ڈبیاں۔ قسمیں۔ ج اَفَاوِیه واحد فُوْه۔

الْمُفَوَّه۔ بڑا بولنے والا۔ بلیغ۔ کہا جاتا ہے خطیب مُفَوَّه۔ شراب مفوّہ: خوشبو ملی ہوئی شراب (___ و الْمُفَوّٰی) فوہ سے رنگا ہوا۔ دیکھئے الفُوَّة۔

الفُوّ۔ ایک قسم کی نباتات ہے جس سے وجع الجنب اور داء الثعلب کا علاج کرتے ہیں ارض (مفواۃ) زمین جس میں فوۃ بہت ہو۔ (دیکھئے الفُوَّة)

فِیْ۔ حرفِ جر۔ معانی ذیل پر دلالت کرتا ہے (۱) ظرفیت جیسے الخَمْرُ فِی الزِّقِّ (۲) مصاحبت جیسے جَاءَ فِی الْقَوْمِ۔ قُمْتُ فِیْ شُرُوْقِ الشَّمْسِ (۳) تعلیل جیسے قُتِلَ فِیْ ذَنْبِهٖ (۴) مقابلہ جیسے مَا عِلْمِیْ فِیْ بَحْرِهٖ الْاَقْطْرَةٌ (۵) استعلاء جیسے لَاُصَلِّبَنَّکُمْ فِیْ جُذُوْعِ النَّخْلِ (۶) بمعنی با جیسے اَنْتَ بَصِیْرٌ فِیْ عَمَلِكَ بمعنی اِلٰی جیسے رَدَّیْدَهٗ فِیْ جَیْبِهٖ بمعنی مِنْ جیسے مَضَتْ عَلٰی ثَلَاثَةِ اَشْهُرٍ فِیْ ثَلَاثِ سِنِیْنَ۔

فَاءَ یَفِیْءُ فَیْئًا۔ لوٹنا ___ الظِّلُّ: سایہ کا ہٹ جانا ___ الغَنِیْمَةَ: غنیمت حاصل کرنا (___ فَیْئًا و فُیُوْءًا) الامر: لوٹ آنا۔

فَیَّأَ تَفْیِئَةً الشَّجَرُ: درخت کا سایہ دار ہونا۔ فَیَّأَتِ الرِّیَاحُ الغُصُوْنَ: ہوا کا ٹہنیوں کو ہلانا۔

اَفَاءَ اِفَاءَةً۔ الظِّلَّ: سایہ کا لوٹنا ___ و اِلٰی کَذَا: لوٹانا۔ اَفَاءَ اللّٰهُ عَلَیْهِ مَالَ الْقَوْمِ: مالِ غنیمت حاصل کرا دینا ___ عَلَی الْقَوْمِ فیئًا: دوسری قوم سے مالِ غنیمت حاصل کر کے دینا۔

تَفَیَّأَ تَفَیُّؤًا۔ الظِّلُّ: سایہ کا پلٹنا ___ الشَّجَرَةَ و فِی الشَّجَرَةِ: درخت کا سایہ لینا۔ سایہ ڈھونڈنا ___ الاَخْبَارَ: خبر کی سن گن لینا۔ کہا جاتا ہے تَفَیَّأَ بِفَیْئِهٖ: سایہ میں پناہ لینا۔

اِسْتَفَاءَ اِسْتِفَاءَةً۔ لوٹنا ___ المَالَ: مالِ غنیمت لینا ___ الاَخْبَارَ: خبر کی سن گن لینا۔

الفَیْءُ۔ مص۔ سایہ۔ غنیمت۔ خراج ج اَفْیَاء و فُیُوْء۔ الفَیْءُ: پرندوں کی ایک ٹکڑی۔

الفَیْئَةُ۔ فاء کا اسم مرۃ۔ لوٹنا۔ وقت۔

الفِیْئَةُ۔ فاء کا اسم نوع۔ کہا جاتا ہے "اِنَّهٗ حَسَنُ الفِیْئَةِ" وہ بہتر واپسی والا ہے۔ کہا جاتا ہے دَخَلَ عَلٰی (تَفِیْئَةِ) فُلَانٍ یعنی فلان کے نشانِ قدم پر داخل ہوا۔

المُفَاء۔ افاء کا اسم مفعول۔

المَفْیَاءَة و المَفْیُوْءَة وہ جگہ جہاں دھوپ نہ ہو۔ سایہ دار جگہ۔

اَفَاجَ۔ فِیْ عدوه: دوڑنے میں دیر کرنا ___ القَوْمُ فِی الاَرْضِ: ملک میں پھیل جانا۔

الفَیْج۔ پیک۔ ایلچی۔ ہرکارہ۔ خادم۔ لوگوں کی جماعت۔ پست زمین۔ ج فُیُوْج۔

الفَائِجَة۔ دو پہاڑوں کے درمیان وادی۔ ج فَوَائِج۔

فَاحَ یَفِیْحُ فَیْحًا و فَیَحَانًا۔ الحَرُّ: گرمی کا تیز ہونا۔ فَاحَتِ القِدْرُ: ہانڈی کا جوش مارنا (___ فَیْحًا و فُیُوْحًا) الرَّبِیْعُ: سرسبز ہونا ___ الدَّمُ: خون گرنا ___ الشَّجَّةُ: زخم کا بہت خون بہانا۔

فَاحَ یَفِیْحُ و فَاحَ یَفَاحُ فَیْحًا۔ کشادہ ہونا۔ فَاحَتِ الغَارَة: وسیع ہونا۔ منتشر ہونا۔

فَیَّحَ۔ الشَّیْءَ: بکھیرنا۔ متفرق کرنا اور اسی سے ہے "لَوْ مَلَکْتَ الدُّنْیَا لَفَیَّحْتَهَا فِیْ یَوْمٍ وَاحِدٍ" اگر تم دنیا کے مالک ہو جاؤ گے تو ایک ہی دن میں بکھیر دو گے۔

اَفَاحَ۔ القِدْرَ: جوش دینا ___ الدِّمَاءَ: خون بہانا۔

الفَیْح و الفَیَح۔ کشادگی۔

فَیَاحِ۔ اسم ہے غارت کا۔ کہا جاتا ہے "فیحی فیاح" یعنی اے غارت پھیل جا اور منتشر ہو جا۔ اور غارت لوٹ ڈالنے والے گھوڑوں کو کہتے ہیں۔

الفَیَّاح۔ اسم مبالغہ۔ فیاض۔ بَحْرٌ فَیَّاحٌ بہت وسیع سمندر۔ رَجُلٌ فَیَّاحٌ۔ فیاض۔ بڑا دیالو مرد۔ مؤنث فَیَّاحَةٌ۔

الْاَفْیَح۔ کشادہ۔ مؤنث فَیْحَاء۔ ج فِیْح۔

الفَیْحَاء: وسیع مکان۔ بصرہ۔ دمشق اور طرابلس شام کا لقب۔

فَاخَ یَفِیْخُ فَیْخًا و فَیَخَانًا۔ بمعنی فَاخَ یَفُوْخُ وادی۔

فَادَ یَفِیْدُ فَیْدًا۔ مرنا ___ المَالُ لَهٗ: ثابت ہونا اور بعضوں نے کہا ہے۔ جاتا رہنا۔ فادت لهٗ فائدة: حاصل ہونا (___ و فَیَدَ) الرَّجُلُ: ناز سے چلنا۔ فَیَّدَ: الو کی آواز سے بدفالی لینا۔

اَفَادَ اِفَادَةً۔ الرَّجُلَ عِلْمًا او مَالًا: فائدہ پہنچانا۔ ___ الرَّجُلَ: مار ڈالنا ___ الجَزُوْرَ: ذبح کرنا۔ (___ و اِسْتَفَادَ) مِنْهُ عِلْمًا او مَالًا: حاصل کرنا۔

تَفَایَدَ۔ القَوْمُ بِالمَالِ: ہر ایک کا دوسرے کو فائدہ پہنچانا۔

تَفَیَّدَ الرَّجُلُ: ناز سے چلنا۔

الفَیْد۔ مص۔ زعفران کی پتی۔

الفَائِدَة۔ زیادتی جو انسان کو حاصل ہو۔ علم یا مال وغیرہ سے انسان جو حاصل کرے ج فوائد۔

الفَیَّاد۔ نر الو (___ و الفَیَّادَة) ناز سے چلنے والا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ یَمْشِیْ عَلَی الْاَرْضِ فَیَّادًا مَیَّادًا" وہ زمین پر ناز سے اکڑتا ہوا چلتا ہے۔

الفَیْرُوْز و الفِیْرُوْزُ و الفَیْرُوْزَج و الفِیْرُوْزَج۔ ایک قسم کا قیمتی پتھر۔

فَاشَ یَفِیْشُ فَیْشًا۔ فخر کرنا۔ تکبر کرنا۔ صفت فائش۔

فَیَّشَ۔ عَنِ الاَمْرِ: بزدلی کرنا۔ پیچھے ہٹنا۔

فَایَشَهٗ فِیَاشًا و مُفَایَشَةً۔ مفاخرت کرنا۔

فَایَشَ الرَّجُلُ: لڑائی میں ڈینگ مارنا اور فضول

دھمکی دینا۔

تَفَیَّشَ۔ الاَمْرَ: لغو دعوئی کرنا ___ عَنْہُ: عاجزی سے پلٹ جانا۔

تَفَایَشَ۔ القَوْمُ: ایک دوسرے پر فخر کرنا۔

الفَیَّاش۔ بہت فضیلت والا سردار۔ فخر کرنے والا۔

الفَیُوْش۔ فخر کرنے والا۔ بزدل۔ کمزور۔

فَاصَ یَفِیْصُ فَیْصًا۔ فِی الاَرْضِ: جانا ___ مِنْہُ: ہٹ جانا۔ اور کہا جاتا ہے "مَا فِصْتُ اَفْعَلُ" یعنی ہمیشہ کرتا رہوں گا۔ فَاصَہٗ جدا ہونا۔

اَفَاصَ۔ الکَلَامَ: ظاہر کرنا۔ اَفَاصَتْ یَدُہٗ: انگلیوں کا کسی چیز کے پکڑنے سے عاجز رہنا۔ کہا جاتا ہے مَالَکَ عَنْہُ (مَفِیْصٌ) تمہارے لئے کوئی ہٹنے کی جگہ نہیں۔

فَاضَ یَفِیْضُ فَیْضًا و فَیَضَانًا و فِیُوْضًا و فُیُوْضًا و فُیُوْضَۃً و فَیْضُوْضَۃً۔ السَّیْلُ: کثرت سے ہونا اور وادی کے کنارہ سے بہنا۔

___ کُلَّ سَائِلٍ: جاری ہونا۔ کہا جاتا ہے "فَاضَتْ عَیْنُہٗ" یعنی آنسو بہ پڑے فَاضَ الجُرْحُ پھیل جانا ___ الشَّیْءُ: بہت ہونا (___ فَیْضًا و فُیُوْضًا) مرنا۔ فَاضَتْ نَفْسُہٗ: روح نکلنا (فَیْضًا) الاِنَاءُ: برتن کا بھر جانا ___ صَدْرُہٗ بِالسِّرِّ: بھید کو چھپا نہ سکنا۔

اَفَاضَ اِفَاضَۃً۔ الدَّمْعَ: آنسو بہانا ___ المَاءَ: پانی گرانا ___ الاِنَاءَ: برتن کو لبریز کر دینا۔

___ القَوْمَ مِنَ المَکَانِ: متفرق و منتشر ہو جانا۔

___ القَوْمُ فِی الحَدِیْثِ: گفتگو میں مشغول ہونا۔

القَوْمُ عَلَی الرَّجُلِ: غالب ہونا ___ بِالشَّیْءِ: پھینکنا۔ دفع کرنا۔ اور کہا جاتا ہے "مَا اَفَاضَ بِکَلِمَۃٍ" یعنی کچھ نہیں بولا۔

تَفَیَّضَ۔ الجَفْنُ: آنسو بہانا۔

اِسْتَفَاضَ اِسْتِفَاضَۃً۔ الخَبَرُ: پھیلنا۔ ___ المَکَانُ: کشادہ ہونا ___ الوَادِی شَجَرًا: وسیع ہونا اور درخت بہت ہونا ___ القَوْمُ فِی الحَدِیْثِ: مشغول ہونا ___ الرَّجُلُ: پانی بہانے کو کہنا۔ القِدَاحَ و بِالقِدَاحِ: تیر سے جوا کھیلنا۔

الفَیْضُ۔ مص۔ موت۔ کہا جاتا ہے "ذَھَبْنَا فِی فَیْضِ فُلَانٍ" فلاں کے جنازہ میں گئے۔ الفَیْضُ مِنَ الخَیْلِ: بہت تیز رو گھوڑا۔ ج فُیُوْض و اَفْیَاض۔ کہا جاتا ہے "مَاءٌ فَیْضٌ" بہت پانی "و اَعْطَاہُ غَیْضًا مِنْ فَیْضٍ" اس نے بہت میں سے تھوڑا دیا۔ رَجُلٌ فَیْضٌ: فیاض و سخی آدمی۔

الفَیَّاض۔ بہت پانی والا۔ رَجُلٌ فَیَّاضٌ: بہت جود و بخشش کرنے والا۔

حَدِیْثٌ (مُفَاضٌ و مُسْتَفِیْضٌ و مُسْتَفَاضٌ) فِیْہِ: پھیلی ہوئی بات۔

دِرْعٌ (مُفَاضَۃٌ) کشادہ زرہ۔

فَاظَ یَفِیْظُ فَیْظًا و فَیَظَانًا و فُیُوْظًا و فَیْظُوْظَۃً۔ مرنا۔

اَفَاظَ اللّٰہُ: موت دینا۔ کہا جاتا ہے ضَرَبْتُہٗ حَتّٰی اَفَظْتُ نَفْسَہٗ میں نے اس کو مارا یہاں تک کہ قتل کر دیا۔

الفَیْظ۔ مص۔ موت۔ کہا جاتا ہے "حَانَ فَیْظُہٗ" اس کی موت آگئی۔

الفَیْف۔ جنگل جس میں پانی نہ ہو۔ ہموار جگہ ج اَفْیَاف و فُیُوْف۔ الفَیْف مِنَ الاَرْضِ: مختلف ہواؤں والی زمین۔

الفَیْفٰی و الفَیْفَاء و الفَیْفَاۃ۔ بمعنی الفَیْف ج فَیَافٍ۔ الفَیْفَاء۔ چکنا پتھر۔

فَاقَ یَفِیْقُ فَیْقًا۔ جان دینا۔ مرنا۔

اَفْیَقَ اِفْیَاقًا۔ الشَّاعِرُ: بمعنی اَفْلَقَ۔

الفَیْق۔ مرغی کی آواز۔

فَالَ یَفِیْلُ فَیْلَۃً و فُیُوْلَۃً و فَیْلُوْلَۃً۔ رَایُہٗ: کمزور اور غلط ہونا۔ صفت فَائِلُ الرَّایِ و فَالُہٗ و فِیْلُہٗ و فَیِّلُہٗ۔ و فَالَ الرَّجُلُ: ہاتھی جیسا ہونا۔

فَیَّلَ رَایَہٗ: غلطی پکڑنا۔ کمزور سمجھنا ___ الرَّجُلُ فِی رَایِہٖ۔ صواب کو نہ پہنچنا۔

تَفَیَّلَ۔ رَایُہٗ: کمزور ہونا ___ النَّبَاتُ: نباتات کا بڑھنا ___ الشَّبَابُ: جوانی ڈھلنا۔

___ الرَّجُلُ: موٹا ہونا۔

القَال۔ شگون۔ فال کا مخفف۔

الفِیْل۔ ہاتھی۔ ج اَفْیَال و فِیَلَۃ و فُیُوْل مؤنث فِیْلَۃ۔ الفِیْلُ: مرد فرومایہ۔ دَاءُ الفِیْلِ: ایک بیماری ہے جس میں پاؤں سوج جاتا ہے۔ فیل پا۔

الفَیَّال۔ مہاوت، ہاتھی بان۔ ج فَیَّالَۃ۔

فَائِلُ الرَّایِ و فَالُہٗ و فِیْلُہٗ۔ کمزور رائے والا۔

فَیِّلُ۔ اللَّحْمِ: بہت گوشت والا۔ فَیِّلُ الرَّایِ: کمزور رائے والا۔

الفَیَالَۃ۔ رائے کی کمزوری۔

المَفْیُوْلَاء۔ ہاتھی کے بچے۔

الفَیْلَجَۃ۔ ریشم کے کیڑے کا کویا۔ ج فَیَالِج۔

الفَیْلَق۔ بڑا لشکر۔ بڑا آدمی۔ ج فَیَالِق۔

الفَیْلَم۔ بزدل۔ کشادہ منہ کا کنواں۔ کنگھا۔ دستر خوان کے نیچے بچھانے کا چمڑا۔ تلچھٹ کی کثرت ج فَیَالِم (___ و الفَیْلَمَانِی) بڑے ڈیل ڈول کا مرد۔

فَانَ یَفِیْنُ فَیْنًا۔ آنا۔

الفَیْنَۃ۔ وقت۔

الفَیْنَان۔ خوبصورت لمبے بالوں والا مؤنث فَیْنَانَۃ۔

تَفَیْھَقَ۔ فِی الکَلَامِ: بہت پھیلا کر گفتگو کرنا۔

___ فِی مَشْیَتِہٖ: ناز سے چلنا ___ عَلَیْہِ کَذَا: بڑا بننا۔

الفَیْھَق۔ ہر کشادہ جز۔ ج فَیَاھِق۔

الفَیْھَک۔ بیوقوف عورت۔

قَأَبَ (ف) قَأْبًا الطَّعَامَ : کھانا ــــ المَاءَ : پانی پینا۔
قَئِبَ (س) قَأْبًا قَأَبًا مِنَ الشَّرَابِ : زیادہ پینا۔
القَوْأَب والقَوَأْبِي۔ مِنَ الانِيَةِ : بہت پانی کا برتن۔
القَؤُوب والمِقْأَب۔ بہت پینے والا۔
القَاقَاء۔ کوّے کی کائیں کائیں۔
القِنْقِيُّ۔ انڈے کی سفیدی۔ انڈے کا باریک چھلکا۔
قَأَي (ف) قَأْيًا۔ الرَّجُلُ : حق خصم کا اقرار کرنا۔ دشمن کا مطیع ہونا۔
قَبَّ (ن ض) قَبًّا۔ النَّبَاتُ : نباتات کا خشک ہونا ــــ الشَّيْءَ : اطراف کو جمع کرنا۔
ــــ القُبَّةَ : گنبد بنانا۔
قَبَّ (ن ض) قَبًّا۔ يَدَ فُلَانٍ : ہاتھ کاٹنا۔
قَبَّ (ض) قُبُوْبًا۔ اللَّحْمُ وَنَحْوُهُ : گوشت وغیرہ خشک ہونا ــــ القَوْمُ : جھگڑے میں آواز بلند کرنا۔
قَبَّ (ض) قَبًّا وَقَبِيبًا۔ الأَسَدُ او الفَحْلُ : دانت پیسنا۔ قَبَّ طَيَّ الثَّوْبِ : کپڑے کی تہ کو لپیٹنا۔
قَبَّ وَقَبِبَ (س) قَبَبًا۔ الخَصْرُ او البَطْنُ : کمر کا باریک یا پیٹ کا دبلا ہونا۔
قَبَّبَ۔ الرَّجُلُ : گنبد بنانا ــــ البَيْتَ : گھر کو گنبددار بنانا ــــ التَّمْرُ : کھجور کا خشک ہونا۔
الشَّيْءَ : اطراف کو جمع کرنا۔
تَقَبَّبَ۔ القُبَّةَ : گنبد میں داخل ہونا۔
اِقْتَبَّ۔ يَدَهُ : ہاتھ کاٹنا۔
القَبُّ۔ مص جوان گھوڑا۔ سردار قوم۔ چرخی کا سوراخ۔ قمیص کے گریبان میں لگانے کی دھجی۔ غلہ کا ایک پیمانہ۔
القَبُّ والقِبُّ۔ سردار قوم۔ القِبُّ : دونوں سرینوں کے درمیان پیٹھ کی اُبھری ہوئی ہڈی۔
القَبَّان۔ غلہ کا ایک پیمانہ۔
القَبَب مص۔ کمر کا باریک ہونا۔ پیٹ کا پتلا ہونا۔
القُبَّةَ۔ گنبد۔ ج قِبَاب وقُبَب۔ قُبَّةُ الاسلام' بصرہ۔ قبة الشهادة عند اليهود : ایک خیمہ تھا جس میں یہود تابوت عہد کو چھپاتے تھے اور اس کو قبة الزمان بھی کہتے تھے اَلْقُبَّةُ الخَضْرَاء او الزَّرْقَاء : گنبد آسمان۔
القِبَةَ۔ اوجھ کا وہ حصہ جس میں پرت پرت ہوتا ہے۔
القَابُّ۔ فا۔ آئندہ تیسرا سال' کہا جاتا ہے انک لا تنجح العامَ الحاضرَ ولا القابلَ ولا القابَّ تُو نہ تو امسال کامیاب ہوگا' نہ آئندہ سال نہ تیسرے سال۔
القَابَّةَ۔ قَابٌّ کا مؤنث۔ بادل کی گرج۔ بارش کا قطرہ۔
القَبَّاب۔ اسم مبالغہ۔ شیر۔
القُبَّاب۔ مِنَ السُّيُوْفِ ونحوها : شمشیر براں۔
ــــ مِنَ الأُنُوْفِ : موٹی ناک۔
الأَقَبُّ۔ مِنَ الخَيْلِ : باریک کمر۔ پتلے پیٹ والا گھوڑا۔ مؤنث قَبَّاءُ ج قُبٌّ۔
القُبِّي۔ لگاتار روزے رکھنے کی وجہ سے دُبلے پیٹ والا۔
القَبِيب۔ خشک نباتات۔
الأَقَبُّ والمُقَبَّب والمَقْبُوْب۔ دُبلا۔
القَبْج۔ چکور۔ کبک کا معرب ہے۔ واحد (قبجة) مذکر و مؤنث پر اطلاق ہوتا ہے۔ بخلاف یعقوب کے کہ اس کا استعمال صرف مذکر ہی کے لئے ہوتا ہے۔
قَبُحَ (ک) قُبْحًا وقُبُحًا وقَبَاحَةً وقُبَاحًا وقُبُوْحًا وقُبُوْحَةً۔ بُرا ہونا۔ بدصورت ہونا۔
قَبَحَهُ (ف) قَبْحًا وقُبُوْحًا وقَبَحَهُ اللّٰهُ عَنِ الخَيْرِ : افعالِ خیر سے محروم کر دینا۔ صفت مفعولی مَقْبُوْحٌ اور کہا جاتا ہے "قَبَحْتُ لَهُ وَجْهَه" یعنی میں نے اس کے لئے قَبَحَه اللّٰه کہا قَبَحَ البَيْضَةَ : انڈا توڑنا۔ قَبَّحَ عَلَيْهِ فِعْلَه : برائی ظاہر کرنا۔ قَبَّحَ لَهُ وَجْهَهَ : کسی کے عمل کے خلاف ناراضی کا اظہار کرنا۔
قَابَحَهُ مُقَابَحَةً۔ آپس میں گالی گلوچ کرنا۔
أَقْبَحَ۔ الرَّجُلُ : بُرا فعل کرنا۔
إِسْتَقْبَحَ۔ الشَّيْءَ : بُرا سمجھنا۔
القُبْح۔ مص۔ قول' فعل یا صورت کی بُرائی۔
القَبِيْح۔ بُرا۔ ج قِبَاح وقَبْحَى وقَبَاحَى۔
(ــــ والقَبَاح) ران اور پنڈلیوں کی ہڈیوں کے ملنے کی جگہ۔ بازو کی ہڈی کا کنارہ جو کہنی سے ملتا ہے۔
القُبَّاح۔ بوڑھا ریچھ۔
القَبِيْحَة۔ قبیح کا مؤنث۔ عمل قبیح۔ ج قِبَاح وقَبَائح۔
قَبَرَ (ن ض) قَبْرًا ومَقْبَرًا۔ المَيِّتَ : میت کو دفن کرنا۔
أَقْبَرَهُ۔ قبر بنانا۔ دفن کرنا ــــ القَوْمَ : مقتول کو دفن کرنے کی اجازت دینا۔ دفن کرنے کے لئے دینا۔
القَبْر۔ مص۔ انسان کے دفن کرنے کی جگہ۔ ج قُبُوْر۔

الْقُبَّرة والقُنْبَرَة والقُنْبُرَة والقُنْبَرَاء والقُنْبُرَاء- ایک پرندہ ہے جس کو فارسی میں چکاوک اور اُردو میں چنڈول کہتے ہیں- ج قُبَّر وقُبَرو قَنَابِر-

القُبَّار- شکاری کا چراغ- لوگوں کی جماعت جو شکار کو جال سے کھینچنے کے لئے جمع ہو-

القَبُوْر- پست زمین-

المَقْبَر والمَقْبَرة والمَقْبِرَة والمَقْبُرَة والمِقْبَرَة- قبرستان- ج مَقَابِر-

المَقْبَرِيّ والمَقْبُرِي- مقبرہ کی طرف نسبت-

القُبْرُس- عمدہ تانبا- قُبْرُوس: بحر روم کا ایک بڑا جزیرہ- اور نسبت کے لئے قُبْرُسِيّ ج قبارسة-

القِبْز- ایک قسم کا باجا-

القِبْز- پست قد- بخیل-

قَبَسَ (ض) قَبْسًا- مِنْهُ النَّارَ: شعلہ لینا- ___ النَّارَ: آگ جلانا ___ العِلْمَ: علم سیکھنا- استفادہ کرنا- قَبَسَهُ النَّارَ: کسی کے لئے آگ لانا- (___ وأَقْبَسَ) فُلاَنًا العِلْمَ: سکھلانا- وأَقْبَسَ فُلاَنًا: کسی کو آگ دینا-

اِقْتَبَسَ مِنْهُ النَّارَ او العِلْمَ: بمعنی قَبَس- ___ مِنَ العِلْمِ: استفادہ کرنا- واقْتَبَسَهُ نَارًا: کسی سے آگ لینا-

القَابِس- فا- آگ طلب کرنے والا- ج اَقْبَاس-

القِبْس- اصل-

القَبَس والمِقْبَاس: آگ کا شعلہ-

القَبْسَة- قَبَس کا اسم مرة- قَبْسَةُ العَجْلاَن: جلد بازی کے لئے مثال ہے- اس آگ لینے والے سے تشبیہ دی گئی ہے جو گھر میں داخل ہو اور صرف اتنی دیر ٹھہرے کہ آگ لے سکے-

القَابُوْس- خوب صورت چہرہ اور اچھے رنگ و روغن کا مرد-

القَوَابِس- اچھی بات سکھانے والے لوگ-

المَقْبِس- لکڑی کا وہ حصہ جو جل رہا ہو ج مَقَابِس-

المُقْتَبِس- آگ کا شعلہ-

المِقْبَاس والمِقْبَس- وہ چیز جس سے آگ کا شعلہ لیا جائے- المِقْبَاس: وہ عورت جو جلدی سے حاملہ ہو جائے-

القُبْشُوْر- وہ عورت جس کو حیض نہ آتا ہو-

قَبَصَ (ض) قَبْصًا- الفَرَسُ: گھوڑے کا بہت تیز دوڑنا- صفت (قَبُوْص) الرَّجُلُ- سیراب ہونے سے پہلے روکنا- الغُلاَمُ- لڑکے کا جوان ہونا (وقَبَّصَ) الشَّيَ: چٹکی سے لینا-

قَبِصَ قَبَصًا- بڑے سر والا ہونا- درد جگر میں مبتلا ہونا- سبک ہونا- چست ہونا-

(___ وتَقَبَّصَ) الجَرادُ عَلَى الشَّجَرِ: ٹڈیوں کا درخت پر اکٹھا ہونا-

اِقْتَبَصَ- قَبْصَةً مِنْ كَذَا: چٹکی سے لینا-

القَبْص والقِبْص- بہت ریت کا ڈھیر-

القِبْص: بہت سے آدمی-

القَبْص والقَبَص- جگر کا درد جو باسی منہ کھجور کے کھانے اور اس پر پانی پینے سے ہوتا ہے-

القَبْصَة والقُبْصَة- چٹکی ___ مِنَ الطَّعَامِ: لپ بھر خوراک- ج قُبَص-

القَبِيْصَة- بمعنی قَبْصَة ___ القَبِيْصَة: مٹی کا ڈھیر- کنکری-

القَبُوْص- ہلکا پھلکا- چست-

حَبْلٌ قَبِصٌ: چھوٹی رسّی- القَبِص- ہلکا پھلکا چست-

القِبِصّى- تیز دوڑ-

الأَقْبَص- بڑی کھوپڑی والا ___ مِنَ الخَيل: چست تیز رفتار گھوڑا- الأَقْبَص: وہ شخص جو چلنے میں قدم کے اگلے حصّے سے غبار اُڑائے اور غبار ایڑی پر پڑے- مؤنث قَبْصَاء ج قُبْص-

القَبْصَاء- بڑی کھوپڑی-

القَبِيْص- مٹی کا ڈھیر-

القَوَابِص- جماعتیں- پارٹیاں- واحد قَابِصَة-

المِقْبَص- رسّی جو گھوڑ دوڑ کے میدان میں باندھ دی جاتی ہے تاکہ سارے گھوڑے ایک قطار میں ہو جائیں- ج مَقَابِص-

حَبْلٌ مُتَقَبِّص- چھوٹی رسّی-

قَبَضَ (ض) قَبْضًا- بِيَدِهِ الشَّيَ و عَلَى الشَّيءِ: کسی چیز کو ہاتھ سے پکڑنا- پنجہ سے پکڑنا ___ يَدَهُ عَنِ الشَّيءِ: پکڑنے سے باز رہنا- قَبَضَهُ عَنِ الأَمْرِ: ہٹانا- دُور کرنا- قَبَضَهُ اللّٰهُ: وفات دینا- قَبَضَ الشَّيَ: سمیٹنا ___ الحَادِي الإِبِلَ: اُونٹ کو تیز ہانکنا ___ الطَّائِرُ جَنَاحَه: پرندہ کا بازو سمیٹنا ___ الدَّارَ و نَحْوَهَا: قبضہ کرنا- کہا جاتا ہے "إِنَّه يَقْبِضُنِي مَا قَبَضَكَ" جس چیز نے تجھے تکلیف دی اس نے مجھے تکلیف پہنچائی و "فُلاَنٌ الخَيرُ يَبْسُطُهُ والشَّرُّ يَقْبِضُه" فلاں کے لئے خیر باعث بسط اور شر باعث قبض ہے- "واللّٰهُ يَقْبِضُ ويَبْسُطُ" یعنی اللہ کسی پر وسعت کرتا ہے اور کسی پر تنگی ڈالتا ہے-

قَبَضَ (ض) قَبْضًا واقْتَبَضَ مِنْهُ المَالَ: اپنے لئے لینا ___ قَبْضَةً: مٹھی بھر لینا-

قَبَضَ (ض) قَبْضًا وانْقَبَضَ- فِي حَاجَتِه: جلدی کرنا اور دامن سمیٹنا ___ القَوْمُ: چھوڑ دینا ___ بَطْنُهُ: قبض ہونا- اِنْقَبَضَ الشَّيءُ: ملنا- منقبض ہونا- سمٹنا-

قُبِضَ- المَرِيْضُ: قریب المرگ ہونا- مرنا-

قَبَّضَ- الشَّيَ: جمع کرنا- سمیٹنا- سکیڑنا- کہا جاتا ہے "قَبَّضَ وَجْهَه فَتَقَبَّضَ" اس نے اپنا منہ بگاڑا پس وہ بگڑ گیا- "و قَبَّضَ مَابَيْنَ عَيْنَيْهِ" اس نے اپنی آنکھوں کے درمیان یعنی پیشانی پر شکن ڈال لیا- قَبَّضَ المَالَ فُلاَنًا: مال کسی کے قبضہ میں دینا- مال پر کسی کا قبضہ کرانا-

قَابَضَهُ مُقَابَضَةً- ہاتھ میں ہاتھ دینا-

اقْبَضَ- السَّيْفَ: تلوار کا قبضہ بنانا ___ فُلاَنًا المَتاعَ: سامان پر قبضہ کرنے کے لئے برانگیختہ کرنا-

تَقَبَّضَ- جمع ہونا ___ الجِلْدُ فِي النَّارِ: کھال سکڑ جانا ___ الرَّجُلُ عَنِ الأَمْرِ: نفرت کرنا- ___ اِلَيْهِ: کودنا ___ عَلَى الأَمْرِ: توقف کرنا-

تَقَابَضَ- المُتَبَايِعَانِ: بائع اور مشتری کا بیعہ اور ثمن پر قبضہ کرنا-

القَبْض- مص- تیز ہانکنا- کہا جاتا ہے "صَارَ المَالُ فِي قَبْضِه" مال اس کی ملکیت میں ہو گیا-

القَبَض- قبضہ کیا ہوا مال- جلدی- تقسیم سے پہلے غنیمت کا مال-

القَبْضَة۔ قَبْض کا اسم مرۃ۔ موت۔ کہا جاتا ہے "صَارَ المَالُ فِيْ قَبْضَته" مال اس کی ملکیت میں ہو گیا۔ قَبْضَةُ السَيفِ : تلوار کا قبضہ۔

القَبْضَة و القُبْضَة۔ مقبوضہ شئی مِنَ الشَئَ : مٹھی بھر کر۔

القُبَضَة۔ منتظم۔ چرواہا۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ قُبَضَة رُفَضَة" قبضہ کرنے والا اور جلدی چھوڑ دینے والا مرد۔

القَبَاض و القَبَاضَة۔ سکڑ جانا۔ جلدی۔

القَبَّاض و القَبَّاضَة۔ بہت سخت قبضہ کرنے والا۔ تیز ہانکنے والا۔

القَابِض۔ فا ـــــ مِنَ الطَعَامِ : زبان پکڑنے والی خوراک ـــــ مِنَ الاَدْوِيَةِ : قبض کرنے والی دوا۔ تیز ہانکنے والا۔ قَابِضُ الاَرْوَاحِ حضرت عزرائیل علیہ السلام۔

القَبِيْض۔ سکڑا ہوا۔ تیز۔ عقل مند۔ کاریگر جو اپنے کام پر متوجہ رہے۔

المِقْبَض والمُقْبَض والمَقْبِض والمِقْبَضَة والمَقْبَضَة والمَقِبْضَة تلوار کا قبضہ ج مَقَابِض۔

قَبَطَ (ن) قَبْطًا۔ الشَئَ : ہاتھ سے جمع کرنا۔ ملانا۔

قَبَطَ وَجْهَهٗ : ترش روئی کرنا۔ منہ بگاڑنا۔

القِبْط۔ مصر میں نصرانیوں کی ایک جماعت واحد قِبْطِيّ ج اَقْبَاط۔

القُبْطِيَّة و القِبْطِيَّة۔ کتان کا کپڑا جو قبط کی طرف منسوب ہے۔ ج القَبَاطِيّ و القُبَاطِي۔

القُبَّا و القُبَّيط و القُبَّيْطى و القُبِيَّطَاء ایک قسم کی مٹھائی۔ ریوڑی۔

قَبَعَ (ف) قُبُوْعًا۔ القَنفُذ : سیہی کا اپنی کھال میں سر چھپانا ـــــ الرَجُلُ فِيْ قَمِيْصِه : گریبان میں سر ڈالنا ـــــ رَاسَهٗ : سر کو کپڑے میں داخل کرنا ـــــ فِي الاَرْضِ : جانا (ـــ قَبْعًا) الجَوَالِقَ۔ گون کے کنارے موڑنا۔ (ـــ قَبْعًا وقُبُوْعًا) عَنْ اَصْحَابِه : تخلف کرنا ـــــ النَجْم : ستارے کا ظاہر ہو کر چھپ جانا ـــــ الرَجُلُ : عاجز ہونا۔ مغلوب ہونا ـــــ المَرْاَة : عورت کا چھپنا۔ (قَبْعًا وقِبَاعًا وقُبَاعًا) الخِنْزِيْر : سور کا غرانا۔ الفِيْلُ : ہاتھی کا چنگھاڑنا (ـــ واِقْتَبَع) المَزَادَةَ : مشک کے منہ کو منہ میں ڈال کر پینا۔

القُبْع۔ بگل۔

القُبَع و القُبَاع۔ سیہی۔ ایک قسم کا دریائی جانور۔

القُبَاع۔ بیوقوف مرد، ایک بڑا پیمانہ۔

القُبَعَة۔ ایک چھوٹا سا پرندہ۔ کہا جاتا ہے "يَا ابْنَ قُبَعَة و يَا ابْنَ قَابِعَاء" یعنی اے بیوقوف۔ ـــــ "اِمْرَاَةٌ قُبَعَةٌ طُلَعَةٌ" کبھی چھپنے والی کبھی ظاہر ہونے والی عورت۔

القُبَّعَة۔ بچوں کی ایک قسم کی ٹوپی۔

القَبَّاع۔ بزدل سور۔

القُبَاعِي۔ بڑے سر کا مرد۔

القَبِيْعَة۔ مِنَ السَيفِ : تلوار کے قبضہ پر چاندی یا لوہے کی گرہ۔

القَبِيْعَة و القِنْبِيْعَة۔ سور کی ناک کا سوراخ۔

القَوَابِع۔ گھوڑ دوڑ میں پیچھے رہے ہوئے گھوڑے۔

القَبَعْثَرى و القَبَعْثَر۔ بڑا۔ بڑا اونٹ ج قَبَاعِث۔

القَبَعْثَى۔ بڑے قدم کا مرد۔ بڑے کھر کا اونٹ۔ مؤنث قَبَعْثَاة۔

قَبْقَبَ قَبْقَبَةً۔ الفحلُ : بڑبڑانا ـــــ الرَجُلُ : بیوقوف ہونا۔

القَبْقَب۔ پیٹ۔

القَبْقَبَة۔ مص۔ گھوڑے کے پیٹ کی آواز۔ نر جانور کے دانت کی آواز۔

القِبْقِب۔ دریائی سیپی۔

القَبْقَاب۔ کھڑاوں۔ ج قَبَاقِيْب۔

القَبْقَاب و القُبَاقِب۔ بہت بولنے والا۔ بک بک کرنے والا۔ جھوٹا۔ سخت آدمی القَبَاقِب : آئندہ تیسرا سال۔ کہا جاتا ہے "اِنَكَ لَا تُفْلِحُ العَامَ ولا القَابِلَ ولَا القَبَاقِبَ" یعنی نہ تو تم امسال فلاح پاؤ گے نہ آئندہ سال نہ تیسرے سال۔

قَبِلَ (س) قَبُوْلًا و قُبُوْلًا۔ الشَئَ : لینا۔ قبول کرنا ـــــ الكَلَامَ : تصدیق کرنا۔

قَبَلَتْ (ن) قَبْلًا و قُبُوْلًا۔ رِيْحُ القَبُوْل : پروائی ہوا چلنا۔

قَبَلَ (ن) قَبْلًا۔ عَلَى الشَئَ : مشغول ہونا اور لازم ہونا ـــــ المَكَانَ : متوجہ ہونا۔ کہا جاتا ہے "قَبَلَتِ المَاشِيَةُ الوَادِيَ" جانور وادی کی جانب متوجہ ہوئے۔

قَبِلَ (ف) قَبْلًا۔ اليَوْمُ : دن کا قریب ہونا۔

قَبِلَتْ (س) قِبَالَةً المَرْاَةُ : عورت کا دائی جنائی ہونا ـــــ القَابِلَةُ الوَلَدَ : دایہ گری کرنا۔

قَبِلَ (س) و قَبَلَ (ن ض) قَبَالَةً بِه کفیل و ضامن ہونا۔

قَبَلَ (ن) قَبْلًا و قَبِلَ (س) قَبَلًا آنکھوں میں کجی والا ہونا۔ بھینگی نظر والا ہونا۔

قُبِلَ القَوْمُ : پروائی ہوا لگنا۔

قَبَّلَهٗ۔ بوسہ دینا۔ قَبَّلَ العَامِلُ العَمَلَ : ضامن لینا۔ اور ضمان کو (القَبَالة) کہتے ہیں۔ قَبَّلَتْهُ الحُمّٰى : بخار کی وجہ سے ہونٹوں پر دانے نکل آنا۔

قَابَلَهٗ۔ سامنے ہونا ـــــ قَابَلَ الشَئَ بِالشَئِ : مقابلہ کے لئے دو چیزوں کو آمنے سامنے کرنا۔

اَقْبَلَ۔ اليَوْمُ : دن کا قریب ہونا۔ اَقْبَلَتِ الاَرْضُ بِالنَبَاتِ : زمین میں نباتات کا بڑھنا۔ بکثرت ہونا۔ اَقْبَلَ عَلَيْهِ : متوجہ ہونا ـــــ اِلَيْهِ : آنا ـــــ عَلَى الشَئِ : شروع کرنا اور لازم ہونا ـــــ القَوْمُ : پروائی ہوا لگنا ـــــ فُلَانًا الشَئَ : آگے کرنا۔ کہا جاتا ہے "اَقْبَلْتُ زَيْدًا مَرَّةً و اَدْبَرْتُهٗ اُخْرىٰ" یعنی چلنے میں زید کو کبھی آگے کبھی پیچھے کیا۔ "اِذْهَبْ فَا قْبِلْهُ الطَرِيْقَ" اس کو لے جاؤ اور راستہ بتلاؤ اور سامنے کر لو۔

تَقَبَّلَهٗ۔ لینا۔ تَقَبَّلَ العَمَلَ : کام کو لازم کرنا۔ ـــــ اللّٰهُ دُعَاءَهٗ : دعا قبول کرنا ـــــ اَبَاهُ : باپ کے مشابہ ہونا۔ تَقَبَّلَتْهُ السَعَادَةُ : نیک بختی ظاہر ہونا۔

تَقَابَلَ۔ الرَجُلَان : ایک دوسرے کے مقابل ہونا۔

اِقْتَبَلَ الكَلَامَ : فی البدیہہ کہنا ـــــ الاَمْرَ : کام از سر نو کرنا ـــــ الرَجُلُ : بیوقوفی کے بعد

عقل مند ہونا۔
اِقْبَلَّتْ وَاقْبَالَّتْ عَيْنُهٗ اِقْبِلَالاً وَ اِقْبِيْلَالاً۔ نگاہ کا بھینگا ہونا۔

اِسْتَقْبَلَ۔ الشَّيْءَ: سامنے ہونا ___ الرَّجُلَ: توجہ کرنا۔ سامنا کرنا۔ مقابلہ کرنا۔

قَبْلُ۔ پہلے۔ آگے۔ اور یہ ظرفِ زمان ہے کبھی معرب ہوتا ہے۔ جیسے مَاتَ الْخَلِيْفَةُ وَ مَاتَ الْوَزِيْرُ قَبْلَهٗ و مِنْ قَبْلِهٖ۔ کبھی مضاف الیہ محذوف ہوتا ہے۔ اگر نیت میں ہو تو مبنی علی الضم جیسے مَاتَ الْخَلِيْفَةُ وَ مَاتَ الْوَزِيْرُ قَبْلُ و مِنْ قَبْلُ۔ اور اگر مضاف الیہ نہ لفظوں میں ہو نہ نیت میں تو معرب جیسے مَاتَ الْخَلِيْفَةُ وَ مَاتَ الْوَزِيْرُ قَبْلاً و مِنْ قَبْلٍ۔

قُبَيْلَ۔ قبل کی تصغیر۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ فُلَانٌ قُبَيْلَ الْعَصْرِ" یعنی فلاں عصر سے کچھ پہلے آیا۔

الْقُبْلُ و الْقُبُلُ۔ اگلا حصہ ___ مِنَ الزَّمَانِ: ابتدائی زمانہ ___ مِنَ الْجَبَلِ: دامن کوہ ج اَقْبَال کہا جاتا ہے اَقْبَلَ قُبْلَهٗ یعنی اس نے اُس کا قصد کیا "رَأَيْتُهٗ (قُبْلاً وَ قَبَلاً وَ قُبُلاً وَ قِبَلاً وَ قَبِيْلاً وَ قِبَلِيًّا)" میں نے اس کو ظاہر طور پر سامنے دیکھا۔

الْقَبَلُ۔ مص۔ سامنے کی مرتفع زمین۔ واضح راستہ۔ بکری کے سینگوں کا چہرے پر ہونا۔ کہا جاتا ہے "حَيَّا اللّٰهُ قَبَلَهٗ" اللہ باقی رکھے اس چیز کو جو اس سے پہلے نظر آئے۔ الْقَبَلُ: دایہ کی بچہ جنانے کی لطف تدبیر۔ ہر چیز جو پہلے نظر آئے۔ کلام کی برجستگی۔ ہاتھی دانت وغیرہ کا گول تعویذ جو عورت اور گھوڑے کے سینہ پر لٹکایا جاتا ہے والْقَبَلُ فِي الْعَيْنِ: آنکھ کی سیاہی کا ناک کی طرف جھکنا ___ فِي الْعَيْنَيْنِ: ہر آنکھ کی نگاہ کا ایک دوسرے کی طرف جھکنا۔

الْقِبَلُ۔ طاقت۔ قدرت جیسے "مَالِيْ بِهٖ قِبَلٌ" مجھے اس کی طاقت نہیں۔ کہا جاتا ہے "لِيْ قِبَلَ فُلَانٍ دَيْنٌ" میرا فلاں کے پاس قرض ہے "وَ اَتَانِيْ مِنْ قِبَلِهٖ" اس کے پاس سے میرے پاس آیا۔ اس کی طرف سے میرے پاس آیا۔

الْقِبْلَةُ۔ قِبَلَ کا اسم نوع۔ جہت۔ اور اسی سے ہے قِبْلَةُ الْمُصَلِّيْ اس جہت کیلئے جدھر نماز پڑھتا ہے کعبہ۔ جس چیز کا سامنا کیا جائے کہا جاتا ہے "مَالَهٗ فِيْ هٰذَا الْاَمْرِ قِبْلَةٌ وَلَا دِبْرَةٌ" اس کے لئے اس معاملہ میں آگا پیچھا نہیں یعنی نہیں جانتا کہ کیا کرے۔ "وَاجْعَلُوْا بُيُوْتَكُمْ قِبْلَةً" اپنے مکانوں کو آمنے سامنے کرو۔

الْقُبْلَةُ۔ بوسہ۔ کفالت۔ ضمان۔ ج قُبَل۔

الْقَبَلَةُ۔ ایک قسم کا مہرہ جس کو جادوگرنی استعمال کرتی ہے اور اسی سے جادو کرتی ہے ج قَبَل۔ الْقَبْلَةُ۔ بسکون الباء اور الْقُبْلَةُ بضم القاف و سکون الباء بھی اسی معنی میں ہے۔

الْقِبَالُ۔ مِنَ النَّعْلِ: تسمہ: کہا جاتا ہے رَجُلٌ مُنْقَطِعُ الْقِبَالِ مرد بد رائے۔

الْقَبَالَةُ۔ مص۔ ضمانت۔ کفالت۔ کہا جاتا ہے جَلَسَ (قُبَالَتَهٗ) یعنی وہ اس کے سامنے بیٹھا۔

الْقَبُوْلُ۔ مص۔ اچھی ہیئت۔ باد صبا۔ دائی جنائی۔ عافیت اور نعمت وغیرہ کا آنا۔

الْقَبِيْلُ۔ ضامن۔ کفیل۔ شوہر۔ تین یا زائد کی جماعت۔ ج قُبُل و قُبَلَاءُ۔ الْقَبِيْلُ: خدا کی اطاعت (دَبِيْر: خدا کی نافرمانی) الْقَبِيْلُ مِنَ النِّسَاءِ: دائی جنائی۔ کہا جاتا ہے "مَايَعْرِفُ قَبِيْلاً مِنْ دَبِيْرٍ" وہ آنے جانے والے کو پہچانتا نہیں "وَمِنْ قَبِيْلِ ذٰلِكَ" اس کی جہت سے اور کہا جاتا ہے "رَأَيْتُهٗ قَبِيْلاً" میں نے اس کو سامنے سے ظاہر طور پر دیکھا۔

الْقَبِيْلَةُ۔ ایک باپ کے بیٹے۔ کنوئیں کے من کا پتھر۔ چمڑے کا ہر ایک ٹکڑا۔ ج قَبَائِلُ۔ قَبَائِلُ الرَّأْسِ: سر کی ہڈی کے ٹکڑے بعض بعض سے ملے ہوئے۔ قبائل الطير: پرندوں کی قسمیں۔ قبائل الثوب: کپڑے کے ٹکڑے۔

الْاِسْتِقْبَالُ۔ مص مِنَ الزَّمَانِ: حال کے بعد آنے والا زمانہ۔

الْاَقْبَلُ۔ وہ شخص جس کی آنکھوں میں بھینگا پن ہو۔ "رَجُلٌ اَقْبَلُ" ناک کی جانب دیکھنے والا مرد۔ مؤنث قَبْلَاءُ۔ ج قُبْل۔

الْقَابِلُ۔ فا۔ آئندہ سال۔ آمادۂ قبول۔ متاثر۔ ج قَبَلَةٌ۔

الْقَابِلِيَّةُ۔ قبول اور تاثر کی آمادگی کی حالت۔

الْقَابِلَةُ۔ قابل کا مؤنث۔ آنے والی رات۔ دائی جنائی۔ ج قَوَابِلُ و قَابِلَاتٌ۔ قَوَابِلُ الْاَمْرِ: اوائل امر۔

الْمُقَابَلُ۔ مفع۔ الرَّجُلُ الْمُقَابَلُ: ماں باپ کی طرف سے شریف۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ مُقَابَلٌ مُدَابَرٌ" نجیب الطرفین مرد۔

الْمُقَبَّلُ۔ مفع۔ مقبول ___ مِنَ الثِّيَابِ پیوند لگا ہوا کپڑا۔ رَجُلٌ (مُقْتَبَلُ) الشَّبَابِ: مرد نوجوان جس میں بڑھاپے کے آثار ظاہر نہ ہوں۔

الْمُسْتَقْبِلُ۔ فا۔ (الْمُسْتَقْبِلُ و الْمُسْتَقْبَلُ) مِنَ الزَّمَانِ: آئندہ زمانہ۔

قَبَنَ (ض) قُبُوْنًا۔ الرَّجُلُ: ملک میں جانا۔

قَبَّنَ۔ الشَّيْءَ: قبان سے تولنا (دیکھئے قَبَّان)

اَقْبَنَ۔ دشمن سے شکست کھانا۔ بے خوف تیز دوڑنا۔

الْقُبْنَةُ۔ ضروریات میں بھاگ دوڑ۔

الْقَبَّانُ۔ بھاری اشیاء کے تولنے کا ایک آلہ (دخیل)

الْقَبِيْنُ۔ اپنے کاموں میں بھاگ دوڑ کرنے والا۔ تیز رو۔

قَبَا يَقْبُوْ قَبْوًا۔ الْبِنَاءَ: عمارت کو بلند کرنا یا گنبد نما بنانا ___ الزَّعْفَرَانَ: زعفران توڑنا اور جمع کرنا ___ الشَّيْءَ: کسی چیز کو انگلیوں سے جمع کرنا (___ قَبَا) الشَّيْءَ: کسی چیز کو کمان جیسا کرنا۔ الْحَرْفَ: ملانا۔

قَبّٰى تَقْبِيَةً۔ الْمَتَاعَ: سامان مہیا کرنا۔ الثَّوْبَ: کپڑے کو قبا بنانا ___ عَلٰى فُلَانٍ: ظلم کرنا۔

تَقَبّٰى۔ الشَّيْءَ: گنبد جیسا ہونا ___ الْقَبَاءَ: قبا پہننا ___ الرَّجُلَ: پیچھے سے آنا۔

اِنْقَبٰى۔ عَنْهُ: پوشیدہ ہونا۔

اِقْتَبٰى۔ الْمَتَاعَ: سامان مہیا کرنا۔ آراستہ کرنا۔

الْقَبْوُ۔ گچی ہوئی عمارت۔ گنبد۔ قبہ۔ گول گنبد دار کمرہ۔

الْقَبْوَةُ۔ قبا کا اسم مرۃ۔ دونوں ہونٹوں کا ملانا۔

الْقَابِيَاءُ۔ لئیم۔ بَنُوْ قَابِيَا: شراب پینے کے لئے جمع ہونے والے۔

الْقَبَاءُ۔ ایک کپڑا ہے جو کپڑوں کے اوپر پہنا جاتا ہے۔ ج اَقْبِيَةٌ۔

القِبَاء- مقدار- کہا جاتا ہے "بَيْنَهُمَا قِبَاء قَوْسَيْنِ وقَابَ قَوْسَيْنِ" یعنی دو کمان کے مقدار-کنایہ قریب سے-

القِبَةُ-اوجھ کاوہ حصہ جس میں پرت پرت ہوتا ہے-تاواو محذوفہ کے بدلہ میں ہے۔

المَقْبُوّ-مفع-جمع کیا ہوا-ملا ہوا-

المَقْبِيُّ-بہت چربی والا-

القُبّی-مقدار-

القَبَايَة-بیابان-

قَتَّ (ن) قَتًّا- جھوٹ بولنا ___ الثَوْبَ : کپڑے کو لمبائی میں کاٹنا ___ الشَيَّ : کسی چیز کو تھوڑا تھوڑا جمع کرنا- کم کرنا- مہیا کرنا- قَتَّ اِلٰی فُلَانٍ وقَتَّ اَثَرَ فُلَانٍ :ارادہ معلوم کرنے کیلئے کسی کے پیچھے پوشیدہ طور پر جانا-

قَتَّ وقَتَّتَ- الاحادیثَ : سخن چینی کرنا- وقَتَّتَ الاَفَادِيَهَ :ہانڈی میں ڈالنا اور پکارنا- کہا جاتا ہے "هُوَ يَقُتُّ الحَدِيْث" وہ باتوں میں تزویر اور تحسین کرتا ہے-

تَقَتَّتَ-الحَدِيْث : بات کے پیچھے پڑنا- کان لگانا-

اِقْتَتَّ-الشَیَ : کسی چیز کو جڑ سے اُکھیڑنا-

القَتَّ- مص- جھوٹ- اسپست یا اسپست خشک- ایک قسم کا جنگلی دانہ ہے جس کو دیہاتی کوٹنے اور پکانے کے بعد کھاتے ہیں-واحد (قَتَّةٌ)

القَتَات-ایک قسم کی نباتات-

القَتَّات والقَتُوْت-چغل خور-اِمْرَاَةٌ قَتَّاتَةٌ و قَتُوْت :چغل خورن-

القِتِّيْتٰی-چغلی-رَجُلٌ قِتِّيْتٰی :چغل خور مرد- قول(مَقْتُوْت ومُقَتَّت) جھوٹا قول-

قَتَبَه(ن) قَتْبًا- بھنی ہوئی آنت کھلانا-

اَقْتَبَ-البَعِيْرَ :اُونٹ پر پالان باندھنا-

___ ہ يَمِيْنًا : سخت قسم دینا ___ ہ الدَيْنُ : گرانبار و بوجھل کر دینا-

القِتْب- آنتیں (مذکر اور کبھی مؤنث بھی استعمال کیا جاتا ہے) جو پیٹ کے اردگرد ہو- پالان-ج اَقْتَاب-

القِتْبَة- آنتیں-ج اَقْتَاب-

القَتَب- کجاوہ- آنتیں-ج اَقْتَاب- کہا جاتا ہے "هُوَ قَتَبٌ يَعَضُّ بِالغَارِب" یعنی وہ بہت زیادہ اصرار کرنے والا ہے-

القَتِب- تنگ خو- جلدی غضبناک ہونے والا-

القَتُوْبَةُ-وہ اُونٹ جس پر پالان ہو-

رَجُلٌ (مُقَتَّبُ) الكَاهِلِ : ٹیڑھے کندھے والا مرد-

قَتَّدَ-القَتَادَ : قتاد کے کانٹے دُور کر کے اُونٹوں کو چارہ دینا-

قُتِّدَ- القَتَادُ : قتاد کے اطراف کو آگ سے جھلس دینا-

القَتَاد-ایک درخت ہے جس کے کانٹے سوئی کی مانند ہوتے ہیں- کہا جاتا ہے "مِنْ دُوْنِ هٰذَا الاَمْرِ خَرْطُ القَتَادِ" یعنی بڑی ہی مشکل سے یہ حاصل ہو سکتا ہے اور درخت قتاد کا کانٹا اس سے بہت سہل ہے اور خرط القتاد سے مُراد اس کے چھلکے اور کانٹے کو ہاتھوں سے دُور کرنا ہے-

القَتَد و القِتَد کجاوہ کی لکڑی-ج اَقْتَاد و اَقْتُد وقُتُوْد-

قَتَرَ (ن ض) قَتْرًا و قُتُوْرًا- عَلٰی عَيَالِهِ : بال بچوں پر نفقہ میں تنگی کرنا- صفت (قَاتِر و قَتُوْر واَقْتَر) ___ الشَیَ :بعض کو بعض سے ملانا-

___ الدِرْعَ :زرہ میں میخوں کے سرے بنانا-

___ الاَمْرِ :لازم ہونا ___ قَتْرًا وقَتَرًا وقُتُوْرًا) مَابَيْنَ الاَمْرَيْنِ- تخمینہ کرنا-اندازہ کرنا-

قَتِرَ الرَجُلُ :روزی کا تنگ ہونا-

قَتَرَ (ن ض) قَتْرًا و قُتُوْرًا و قَتِرَ (س) قَتَرًا- البُخُوْرُا و اللَحْمُ : بدبودار ہونا ___ النَارُ : دھوئیں والی ہونا-

قَتَّرَ- عَلٰی عَيَالِهِ : نان و نفقہ میں تنگی کرنا- اللَحْمُ : گوشت کا بودار ہونا ___ الصَيَّادُ لِلْاَسَدِ :شیر کے شکار کے لئے گڑھے میں گوشت ڈالنا ___ ہ :خاک پر پچھاڑنا ___ الشَیَ :ایک دوسرے کے قریب کرنا ___ الرَجُلُ : پکی ہوئی چیز کی بُو تیز کرنا ___ الوَحْشَ : اُونٹ کے بال وغیرہ کی دھونی دینا تاکہ شکاری کی بُو محسوس کر کے بھاگ نہ جائے ___ مَا بَيْنَ الاَمْرِيْن : اندازہ کرنا-

اَقْتَرَ-مال کم ہونا ___ عَلٰی عَيَالِهِ :نان و نفقہ میں تنگی کرنا ___ الشَیَ :لازم ہونا ___ اللّٰه رزقه : روزی تنگ کرنا ___ النَارَ : دھوئیں والی کرنا-اَقْتَرَتِ المَرْاَةُ :عود کی دھونی دینا-

تَقَتَّرَ- غضبناک ہو کر آمادہ جنگ ہونا-

___ لِلصَيْد : شکار کے لئے قترہ میں چھپنا- (دیکھئے قُتْرَةٌ) ___ فُلَانًا : فریب دینے کا ارادہ کرنا ___ عَنْهُ :جدا ہونا ___ الاَمْرَ : آمادہ ہونا ___ لِلْاَمْرِ كَذَا :نرمی برتنا-

تَقَاتَرَ-القَوْمُ :ایک دوسرے کو فریب دینا-

اَقْتَرَ- الصَائِدُ :شکاری کا قترہ میں چھپنا (دیکھئے قُتْرَة)

القَتْر-مص- زندگی بسر کرنے کے قابل-اندازہ-

القِتْر- تیر کا پھل-چھوٹا تیر- تیر کا نے جو نشانے پر پھینکا جائے-

القَتَر-گرد وغبار-اندازہ-

القُتْر و القُتُر- گوشہ و جانب ج اَقْتَار- قطر میں ایک لغت ہے-

القَتِر- متکبر- مغرور-

القَتَرَةُ-قَتَر کا اسم مرۃ-گرد وغبار-

القِتْرَة- قَتر کا اسم نوع- القِتر کا واحد- اَبُو قِتْرَةَ :ابلیس کی کنیت-اِبْنُ قِتْرَةَ :ایک خبیث قسم کا سانپ جس کا کاٹا ہوا بچتا نہیں-ج بَنَاتُ قِتْرَة- قترۃ ان سب میں غیر منصرف ہے اس لئے کہ مؤنث معرفہ ہے-

القُتْرَة-شکاری کا مچان-زرہ کا حلقہ- تنگی عیش- روشن دان-قُترةُ البُسْتَان : باغ کی نالی- قُتْرَةُ البَابِ :دروازہ میں بند کرنے کی جگہ-ج قُتَر-

القُتَار-پختہ چیز کی بھاپ-بخور یا گوشت یا بھنی ہوئی چیز یا جلی ہوئی ہڈی یا عود کی بُو-

القَتِيْر- زرہ کی میخوں کے سرے- زرہ- بڑھاپا یا بڑھاپے کی ابتداء-

القَاتِر و القَتُوْر و الاَقْتَر- بخیل- جو بال بچوں پر نان و نفقہ میں تنگی کرے- کہا جاتا ہے "سرجٌ (قَاتِرٌ و مُقْتِر) آرام دہ زین جس سے جانور کو تکلیف نہ پہنچے- "ولَحْم قَاتِر" یعنی وہ گوشت جس میں چکنائی کی وجہ سے بُو ہو-

الاَقْتَر-خاکستری رنگ والا-

التَقْتِيْر-مص- قوت لایموت-

قَتَعَ (ف) قُتُوعًا۔ ذلیل ہونا۔
قَاتَعَهُ مُقَاتَعَةً۔ مقاتلہ کرنا۔
القِتْعُ۔ شہد کا چھتہ جو چٹان میں ہو یا ایسے غار میں ہو جو زیادہ گہرا نہ ہو۔
القَتَعُ۔ ایک سرخ رنگ کا کیڑا جو لکڑی کھاتا ہے۔ واحد (قَتَعَة) اور کہا گیا ہے کہ قَتَع بمعنی دیمک۔
القَتَعَة۔ ذلیل۔ کہا جاتا ہے ھُوَ (اَقْتَعُ مِنْهُ) یعنی وہ اس سے زیادہ ذلیل ہے۔ مؤنث قَتْعَاءُ۔ ج قُتْع۔
قَتَلَهُ (ن) قَتْلاً و تَقْتَالاً۔ مار ڈالنا۔ صفت (قَاتِل) ج قَاتِلُوْن و قَتَلَة و قُتَّال۔ کہا جاتا ہے "قَتَلَهُ بِاَخِيْهِ" یعنی اپنے بھائی کے انتقام میں قتل کیا۔ قَتَلَ الخَمْرَةَ: شراب میں پانی ملانا۔ الجُوْعَ اَو البَرْدَ: بھوک یا سردی کی تیزی کو توڑ دینا۔ کہا جاتا ہے "قَتَلَهُ اللّٰهُ" یعنی اللہ اس پر لعنت کرے اور یہ بددعا کے موقع پر کہا جاتا ہے اور مقام مدح وثنا اور موقع استحسان پر بھی بولا جاتا ہے اور کہا جاتا ہے "قَتَلَ الشَّيْءَ خُبْرًا" یعنی اس نے علم کے لحاظ سے احاطہ کرلیا "و قَتَلَ غَلِيْلَه" یعنی اس نے اسے پلایا اور اس کی تشنگی سیرابی کی وجہ سے زائل ہوگئی۔
قَتَّلَ۔ القَوْمَ: بہت لوگوں کو قتل کرنا۔
قَاتَلَهُ قِتَالاً و قِيْتَالاً و مُقَاتَلَةً۔ جنگ کرنا۔ دشمنی کرنا ـــــ هُ اللّٰهُ: لعنت کرنا۔ اور موقعہ استحسان پر کہا جاتا ہے "قَاتَلَهُ اللّٰهُ مَا اَشْعَرَهُ" مراد اس سے مدح ہے نہ کہ قتل کی بددعا۔
اَقْتَلَهُ۔ قتل کے لئے پیش کرنا۔
تَقَتَّلَ۔ چلنے میں لچکنا ـــــ لِلْاَمْرِ: مہلت دینا ـــــ لِفُلَانٍ: جھکنا۔ فرمانبردار ہونا (تَقَتَّلَ و تَقَاتَلَ و اِقْتَتَلَ) القَوْمُ: باہم ایک دوسرے سے جنگ کرنا۔
اِسْتَقْتَلَ۔ قتل ہونے کیلئے سر جھکانا۔ (جیسا اِسْتَمَاتَ) قتل کیلئے اپنے آپ کو پیش کرنا۔ فِي الْاَمْرِ: کوشش کرنا۔ جان جوکھوں میں ڈالنا۔
القَتْلُ۔ مص القَتْلُ العَمَد: قتل جو مقصود ہو
القَتْلُ الخَطَا: قتل جو غیر مقصود ہو۔
القِتْلُ۔ دشمن۔ دوست۔ ہمسر۔ نظیر۔ جنگجو۔ بہادر ج اَقْتَال۔ اور کہا جاتا ہے "اِنَّهُ لَقِتْلُ شَرٍّ" وہ شر کا جاننے والا ہے۔
القِتْلَة۔ قتل کا اسم نوع۔ کہا جاتا ہے "قَتَلَهُ قِتْلَةَ سَوْءٍ" اس نے اس کو برے طریقہ سے قتل کیا۔
القَتَال۔ نفس۔ قوت۔ کہا جاتا ہے "نَاقَةٌ ذَاتُ قَتَالٍ" مضبوط اونٹنی۔
القَتُوْل۔ بہت قتل کرنے والا (مذکر و مؤنث) ج قُتُل و قُتْل۔
القَتِيْل۔ مقتول۔ (مذکر و مؤنث) ج قَتْلٰى و قُتَلَاءُ و قَتَالٰى۔
المَقْتَل۔ جسم کا وہ عضو مثلاً کنپٹی کہ جس پر ضرب پہنچنے سے آدمی نہ بچے۔ قتل کی جگہ۔ قتل ج مَقَاتِل۔
المُقَاتِلَة۔ لڑنے والی جماعت۔ تا تانیث کیلئے جماعت کی تاویل کی وجہ سے ہے واحد (مُقَاتِل)
المُقْتَتَل۔ میدانِ جنگ۔
المُقَتَّل۔ تجربہ کار۔ باخبر۔ دل جس کو عشق نے ہلاک کردیا ہو۔
قَتَمَ (ن) قُتُوْمًا و قَتِمَ (س) قَتَمًا۔ الغُبَارُ: غبار کا بلند ہونا۔
قَتُمَ (ض) قَتَامَةً و قُتُوْمًا۔ سیاہی مائل ہونا (ـــــ قُتُوْمًا) وَجْهُهُ: چہرے کا متغیر ہونا۔
اَقْتَمَ۔ اليَوْمُ: بہت غبار والا دن۔
اِقْتَمَّ اِقْتِمَامًا۔ الشَّيْءُ: کالا ہونا۔ سیاہی مائل ہونا۔
القَتْمُ۔ مص۔ غبار۔
القَتَامُ و القَتَمَة۔ کالا غبار۔ لڑائی کا غبار۔ تاریکی۔ سیاہی۔
القَاتِمُ۔ فا۔ کالا۔ کہا جاتا ہے اَسْوَدُ قَاتِمٌ" بہت کالا۔ ج قَوَاتِمُ۔
الاَقْتَمُ۔ سیاہی مائل۔ بھورا۔
حِيَاضُ قُتَيْمٍ۔ موت کا گڑھا۔
قَتَنَ (ن) قُتُوْنًا۔ السَّمَكُ: مچھلی کا خشک ہونا۔ اس کی تری کا زائل ہونا۔
قَتُنَ (ک) قَتَانَةً و اَقْتَنَ۔ کم خوراک ہونا۔ دبلا ہونا۔
القَتَان و القُتَان۔ گرد و غبار۔
القَاتِن۔ فا۔ سیاہی مائل۔ کہا جاتا ہے اَسْوَدُ قَاتِنٌ بہت سیاہ۔
القَتِيْن۔ کم خوراک (مذکر و مؤنث) خوار و ذلیل۔ دبلا پتلا۔ باریک نیزہ۔ چیچڑی۔
القَتَن۔ ایک قسم کی چوڑی مچھلی۔
قَتَا يَقْتُوْ قَتْوًا و قَتًا و قُتًى و قِتًى و مَقْتًى المُلُوْكَ: اچھی خدمت کرنا۔ صفت (قَاتٍ)
اِقْتَوَى۔ الرَّجُلُ: خدمت لینا (اور یہ شاذ ہے اس لیے کہ اِفْعِلَال لازم ہے)
القَتْوَةُ۔ قتا کا اسم مرۃ۔ چغلی۔
المَقْتَى۔ جو خوراک پر خدمت کرے۔ اور اکثر بادشاہ کے خدام کیلئے استعمال کیا جاتا ہے۔ ج مَقْتَوُوْن و مَقَاتِوَة و مَقَاتِيَة۔
المَقْتَوِيُّ۔ بمعنی مَقْتَى۔
قَتَّ (ن) قَتًّا۔ الشَّيْءَ: کھینچنا ـــــ الاِبِلَ: اونٹ کو پانی پلانا (ـــــ و اِقْتَتَّ) الشَّجَرَ: درخت کو جڑ سے اکھیڑنا۔ قَتَّ (ن) قَتًّا و قِتِّيْتَى۔ المَالَ: بکثرت جمع کرنا۔
القُتَات۔ سامان۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ القَوْمُ بِقُتَاتِهِم و قُتَاتِيْهِم" قوم مع اپنے ساز و سامان کے آگئی۔
القَتَّات۔ چغل خور۔
القَتَاتَة و القَتِيْتَة و المَقَتَّة۔ لوگوں کی جماعت۔
اَقْثَأَ۔ المَكَانُ اَو القَوْمُ: بہت ککڑی والی ہونا۔
القِثَّاء و القُثَّاء۔ ککڑی۔ واحد (قِثَّاءَة قِثَاءَة الحِمَار): کریلا۔
المَقْثَأَة و المَقْثُؤَة۔ ککڑی کی جگہ۔ ج مَقَاثِئ کہا جاتا ہے "اَرْضٌ مَقْثَاة و مَقْثُؤَة" ککڑی والی سرزمین۔
قَثَدَ (ن) قَثْدًا۔ ککڑی یا کھیرا کھانا۔
اِقْتَثَدَ۔ کھیرا یا ککڑی کاٹنا۔
القَثَد۔ کھیرا یا ککڑی۔
اِقْتَثَرَ۔ الشَّيْءَ: گھر کے لیے سامان بنانا۔
تَقَثَّرَ۔ بد دل ہونا۔ ڈرنا۔ خوف زدہ ہونا۔
القَثْرَة۔ گھر کا سامان۔
القُثْر دو القِثْر دو القَثْر د۔ گھر کا سامان۔
القَثْرَد و القُثْرُد و القُثَار۔ گھر کے بہت سامان والا۔ بہت بکریوں والا۔

القِنْرِد۔ انگور کی جڑ میں خشک کوڑا کرکٹ۔ لوگوں کی جماعت۔
القَنارِد۔ قمیص کے دامن۔
قَنْقَتَ قَنْقَتَةً۔ الوَتِد : کھونٹی کو اُکھیڑنے کے لئے حرکت دینا ــــ المِکْیَالَ : ناپ پورا کرنا۔
قَثَم (ض) قَثْمًا۔ الشَیئَ : شیر کے پاخانہ سے لتھڑنا (ــــ واقْتَثَم) المَالَ : بہت لینا۔ اِقْتَثَم الرَّجُلَ : ذلیل کرنا ــــ الشَیئَ : جڑ سے اُکھیڑنا۔
قَثَم (ن) قَثْمًا۔ لَهٗ مِنَ المَالِ : یکبارگی دینا ــــ فِی مَشْیِهٖ : سُست چلنا۔
قَثِمَ (س) وقَثُمَ (ک) قُثْمَةً و قَثَمًا شیر کے پاخانہ سے لتھڑنا۔
قَثِمَ (س) قَثَمًا و قَثَامَةً۔ گرد آلود ہونا۔
القُثَم والقَثُوم۔ خیر یا شر کا جمع کرنے والا۔
القُثَم : بہت دینے والا (قاثِم سے معدول ہے)
القَاثِم۔ فا۔ دینے والا۔
القُثَم۔ سخی لوگ۔
القُثْمَة۔ خاکستری رنگ۔
قَثَام۔ مبنی بر کسرہ۔ مادہ بجو۔ بہت مال غنیمت قَثَا يَقْثُو قَثْوًا و قَثَى يَقْثِي قَثْيًا و اقْتَثَى المَالَ : جمع کرنا۔
القَثَا۔ ایسی چیزوں کا کھانا جس سے کھانے میں آواز نکلے جیسے ککڑی وغیرہ۔
قَحَّ (ن) قُحُوحَةً و قَحَاحَةً۔ خالص ہونا۔
القُحّ۔ خالص۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ كَرِيمٌ قُحٌّ و اَعْرَابِيٌّ قُحٌّ" فلاں خالص کریم اور خالص اعرابی ہے ج اَقْحَاح۔ القَحّ : سخت اور بدخو۔ مؤنث قَحَّة۔ کہا جاتا ہے اَعْرَابِيَّةٌ قَحَّةٌ۔
القُحَاح۔ خالص۔
قَحَبَ (ن) قَحْبًا و قُحَابًا و قَحَبَ۔ کھانسنا۔
قَحَبَتِ المَرْأَةُ : عورت کا بدکار ہونا۔
القَحْب۔ سن رسیدہ کھانسی والا۔
القَحْبَةُ۔ قحب کا مؤنث۔ بدکار۔ زانیہ۔ بڑھیا۔ ج قِحَاب۔
سُعَالٌ قَاحِبٌ۔ سخت کھانسی۔
قَحَثَ (ف) قَحْثًا۔ الشَیئَ : کل لے لینا۔

قَحَدَ (ف) قَحْدًا و اَقْحَدَ۔ البَعِيرُ : بڑے کوہان والا ہونا۔
اِسْتَقْحَدَتِ۔ النَّاقَةُ : اونٹنی کا بڑے کوہان والی ہونا۔
نَاقَةٌ قَحِدَةٌ و مِقْحَادٌ۔ بڑے کوہان والی اونٹنی۔ ج مَقَاحِيد۔
القَحَدَة۔ کوہان یا کوہان کی جڑ۔ ج قِحَادٌ و اَقْحُد۔
القَحَّاد۔ وہ شخص جس کے نہ بھائی ہو نہ لڑکا۔
المَقْحَدَة۔ کوہان کی جڑ۔
قَحَزَ (ف) قَحْزًا۔ کودنا۔ رنجیدہ ہونا۔ مضطرب ہونا (ــــ قُحُوزًا) مردہ کی طرح گرنا (ــــ قَحْزًا و قُحُوزًا و قَحَزَ) بِهٖ : پچھاڑنا۔ قَحَزَهٗ قَحْزًا و قَحَزَهٗ بِالعَصَا : لاٹھی سے مارنا (قَحَزَ قَحْزًا و قُحُوزًا و قُحَزَانًا) الرَّجُلَ : ہلاک کرنا۔
قَحَّزَ و تَقَحَّزَ۔ لَهُ الكَلَامَ : سخت کلامی کرنا۔
القَاحِزَات۔ سختیاں۔
القُحَّازَة۔ پرندوں کے پھنسانے کا جال۔
التَّقْحِيز۔ مص۔ دھمکی۔ وعید۔ برائی۔
جُوعٌ مُقَحِّز۔ سخت بھوک۔
قَحْزَلَ قَحْزَلَةً۔ ڈالنا۔ مارنا۔
القَحْزَلَة۔ لاٹھی۔
قَحْزَمَ قَحْزَمَةً۔ لوٹانا۔
تَقَحْزَمَ۔ فِی اَمْرِهٖ : مشغول ہونا۔
قَحْزَنَ قَحْزَنَةً۔ پچھاڑنا۔
القَحْزَنَة۔ لاٹھی۔ ج قَحَازِن و قَحْزَنَات۔
قَحَصَ (ن) قَحْصًا بِرِجْلِهٖ : لات مارنا۔
قَحَصَ : تیز دوڑنا۔ جھاڑ دینا۔
اَقْحَصَ۔ دور کرنا۔
قَحَّصَ۔ دور کرنا۔
قَحَطَ (ف) قَحْطًا۔ سخت مارنا۔
قَحَطَ (ف) قَحْطًا و قَحِطَ (س) قَحَطًا المَطَرُ : بارش رکنا۔
قَحَطَ (ف) و قَحِطَ (س) قَحْطًا و قَحَطًا و قُحُوطًا و قُحِطَ و اَقْحَطَ العَامُ : بارش رکنا۔ اور خشک سالی ہونا۔ صفت قَاحِطٌ ج قَوَاحِط و اَقْحَطَ اللّٰهُ الاَرْضَ : قحط ڈالنا۔ اَقْحَطَ النَّاسُ : قحط میں مبتلا ہونا۔ قَحِطَ و قُحِطَ و اَقْحَطَ البَلَدُ : بارش رکنا۔ خشک سالی والا ہونا۔
قَحَّطَ۔ النَّخْلَةَ : درخت خرما میں گابھا دینا۔
عَامٌ قَحِطٌ و قَحِيطٌ و مَقْحُوطٌ : خشک سال۔
سَنَةٌ قَحِيطٌ۔ خشک سال۔
المِقْحَط۔ نہ تھکنے والا گھوڑا۔
قَحَفَهٗ (ف) قَحْفًا۔ کھوپڑی کاٹنا یا توڑنا۔ ــــ الشَیئَ : بہا لے جانا ــــ مَا فِی الاِنَاءِ : ڈکڈکا کے سب پی جانا ــــ الحَبَّ : دانے کو بکھیرنا۔ ــــ الرُّمَّانَةَ : انار چھیلنا : چھلکا اُتارنا ــــ قُحَافًا : کھانسنا۔
اِقْتَحَفَ۔ مَا فِی الاِنَاءِ : ڈکڈکا کے سب پی جانا ــــ السَّيْلُ كُلَّ شَيْءٍ : بہا لے جانا۔
القِحْف۔ کھوپڑی۔ کھوپڑی کا جو حصہ ٹوٹ کر جدا ہو جائے۔ لکڑی کا پیالہ۔ ج اَقْحَاف و قُحُوف و قِحَفَة۔ کہا جاتا ہے "رَمَاهُ بِاَقْحَافِ رَاسِهٖ" اس نے اس پر بڑے بڑے کام ڈال دیئے۔ اس نے اس کو تباہی میں مبتلا کر دیا۔ "فُلَانٌ مَالَهٗ قِدٌّ وَلَا قِحْفٌ" فلاں نہ تو اس کے پاس چمڑے کا پیالہ ہے نہ لکڑی کا۔ یعنی اس کے پاس کچھ نہیں قد چمڑے کے پیالہ کو کہتے ہیں۔
القِحَاف۔ ڈکڈکا کے پینا۔
القُحَاف۔ بہا لے جانے والا سیلاب۔
القُحَافَة۔ ہر وہ چیز جس کو لے کر تم چیست ہو جاؤ۔
القَاحِف۔ فا۔ ج قُحُف۔
عَجَاجَةٌ قَحْفَاءُ۔ آندھی جو سب چیز کو اُڑا لے جائے۔
المِقْحَفَة۔ وہ لکڑی جس سے دانے کو بکھیرا جائے۔ ج مَقَاحِف۔
قُعِصَتِ الشَّاةُ۔ قُعَاص کی بیماری ہونا۔ (دیکھو قعاص) دودھ دوہنے میں مارنے والی ہونا۔
اِنْقَعَصَ۔ جگہ ہی پر مرنا ___ الشَّيْءُ : مڑنا۔
القُعَاصُ۔ ایک بیماری ہے جو سینہ میں ہوتی ہے اور گردن کو توڑ دیتی ہے۔

القَعْصُ۔ مص۔ فی الفور موت۔ منہدم شدہ مکان۔
القَعَّاصُ والمِقْعَصُ والمِقْعَاصُ۔ شیر جو شکار کو فوراً مار ڈالے۔
القَعُوْصُ۔ بکری جو دوہنے والے کو مارے اور دوہنے نہ دے۔
قَعَضَ (ن) قَعْضًا الغُصْنَ : شاخ کو موڑنا۔
اِنْقَعَضَ۔ جھکنا۔
القَعْضُ۔ مص۔ جھکا ہوا۔ کہا جاتا ہے "عُوْدٌ قَعْضٌ" جھکی ہوئی لکڑی۔ یہ وصف بالمصدر ہے۔
قَعْضَبَ قَعْضَبَةً۔ جڑ سے اکھیڑنا۔
القَعْضَبُ۔ بہت دلیر۔ قوی۔ القَعْضَبِيَّةُ : سختی۔
القَعْضَمُ۔ بڑھا جس کے دانت گر گئے ہوں۔
قَعَطَ (ف) قَعْطًا۔ بہت چیخنا۔ بزدل ہونا۔ خشک ہونا ___ فُلَانًا : دھکا دینا۔ پچھاڑنا۔ ___ الشَّيْءَ : ضبط کرنا ___ عَنْ وَجْهِهٖ : چہرہ کھولنا۔ ___ عَلَيْهِ : غضبناک ہونا (___ واقْتَعَطَ) العِمَامَةَ : سر پر پگڑی باندھنا۔ قَعَطَ و قَعَّطَ الدَّابَّةَ : چوپایہ کو تیز ہانکنا۔ صفت قَعَّاطٌ و قَعَطَ و قَعَّطَ عَلٰى غَرِيْمِهٖ : قرض دار پر سختی کرنا۔ تقاضا کرنے میں سختی کرنا۔ و قَعَّطَ فِي القَوْلِ : بیہودہ بکنا۔
قَعِطَ (س) قَعَطًا۔ ذلیل ہونا۔
اَقْعَطَ۔ سخت چیخنا ___ فِي القَوْلِ : بیہودہ بکنا۔ اَقْعَطَهٗ : اہانت کرنا۔ ذلیل کرنا ___ القَوْمُ عَنْهُ : علیحدہ ہونا۔ جدا ہونا ___ فِيْ اَثَرِهٖ : پیچھے دوڑنا۔
تَقَعَّطَ واِنْقَعَطَ السَّحَابُ : بادل کا کھل جانا۔
القَاعِطُ۔ فا۔ قرض دار پر سختی کرنے والا۔
القَعَّاطُ والمُقَعِّطُ۔ سخت قسم کا گھنڈی۔
القَعْطُ۔ مص۔ بہت بکریاں۔
المِقْعَطُ والمِقْعَطَةُ۔ عمامہ۔ پگڑی جو سر کے اوپر باندھی جائے۔
قَعْطَبَ۔ الشَّيْءَ : کاٹنا۔
قَعْطَرَهٗ۔ پچھاڑنا۔ مضبوط باندھنا۔ قَعْطَرَ الاِنَاءَ : برتن بھرنا۔
اِقْعَطَرَ۔ سانس منقطع ہونا۔

قَعْطَلَهٗ۔ پچھاڑنا۔ قَعْطَلَ عَلٰى غَرِيْمِهٖ : قرض دار سے قرض کے مطالبہ میں سختی کرنا۔
القَعْطَلُ۔ تیز۔ جلد باز۔
قَعَفَ (ف) قَعْفًا۔ التُّرَابَ : تیز دوڑنے کی وجہ سے غبار اڑانا ___ النَّخْلَةَ : درخت خرما کو جڑ سے اکھیڑنا ___ مَا فِي الْاِنَاءِ : برتن سے سب کچھ پی لینا ___ المَطَرُ الحِجَارَةَ : بارش کا پتھر کو بہا لے جانا۔
قَعِفَ (س) قَعَفًا الحَائِطُ : دیوار کا گرنا۔
تَقَعَّفَ واِنْقَعَفَ واقْتَعَفَ الحَائِطُ : دیوار کا جڑ سے منہدم ہونا ___ الجُرُفُ : وادی کے کناروں کا گرنا ___ الشَّيْءُ : اپنی جگہ سے زائل ہونا۔ واقْتَعَفَ الشَّيْءَ : حرص سے لینا۔
القَعَفُ۔ مص۔ چھوٹی چھوٹی پہاڑیاں جو سلسلہ وار ہوں۔
القَاعِفُ۔ فا۔ سخت بارش۔
سَيْلٌ قُعَافٌ۔ سخت سیلاب جو تمام چیزوں کو بہا لے جائے۔
قَعْفَزَ الرَّجُلُ : اکڑوں بیٹھنے والے کی طرح بیٹھنا ___ فِي المَشْيِ : چھوٹے چھوٹے قدم سے چلنا لَهُ الكَلَامَ : کسی کو سخت کلامی سے اپنے آپ سے ہٹانا۔
تَقَعْفَزَ۔ الرَّجُلُ : بیٹھنا۔
اِقْعَنْفَزَ۔ اس شخص کی بیٹھک بیٹھنا جو کودنے کو تیار ہو۔
الْقَعْنَزَى۔ اس شخص کی بیٹھک جو کودنے کو تیار ہو۔
قَعْقَبَ قَعْقَبَةً۔ زخم کرنا۔
القَعْقَبَةُ۔ زخم۔
القَعْقَبُ۔ ایک قسم کا پرندہ جو سانپوں کو کھاتا ہے۔
قَعْقَعَ قَعْقَعَةً۔ السِّلَاحُ : جھنکار ہونا۔
قَعْقَعَتْ عُمُدُهُمْ : کوچ کرنا ___ الشَّيْءَ اليَابِسَ : آواز کے ساتھ حرکت دینا ___ القِدَاحَ : تیروں کو جوئے میں گھمانا ___ فِي الاَرْضِ : جانا۔ کہتے ہیں "فُلَانٌ مَا يُقَعْقَعُ لَهٗ بِالشِّنَانِ" اس شخص کے متعلق جو حوادثات زمانہ سے خائف نہ ہو اور بیباک رہے۔

تَقَعْقَعَ۔ مضطرب ہونا۔ متحرک ہونا۔ حرکت کے وقت آواز دینا۔ تَقَعْقَعَتْ عُمُدُهُمْ: وہ کوچ کر گئے۔
القُعْقُع۔ ایک قسم کا کوا جو سفید و سیاہ رنگ کا ہوتا ہے اور دم لمبی ہوتی ہے۔
القَعْقَاع۔ ہتھیار کی جھنکار۔ خشک کھجور۔ لرزہ کے ساتھ بخار۔ دشوار گزار راستہ (____ والقُعْقَانِي) وہ شخص جس کے چلنے میں پیر کے جوڑوں سے آواز نکلے۔
القَعَاقِع۔ بادل کے گرج کی لگاتار سخت آواز اور یہ قَعْقَعة کی جمع ہے۔ القَعْقَعَة دانتوں کی کڑکڑاہٹ۔
القُعَاقِع۔ بہت آواز والا۔
اَقْعَلَ و اِقْعَالَّ اِقْعِنْلَالًا۔ النَوْرُ: شگوفہ نکلنا۔
اِقْعَالَّ الرَّاكِبُ: سوار کا سیدھا ہونا۔
اِقْتَعَلَ۔ القُعَالَ: شگوفہ کو دور کرنا۔
القُعَالَة: واحد قُعَال: شگوفہ جو جھڑ جائے۔ اونٹ کا گرا ہوا خون۔
القَعَل۔ انگور کی سبز شاخوں کے نیچے لگانے کی لکڑی۔
القَعِيْل۔ نر خرگوش۔
القَاعِلَة۔ بلند پہاڑ۔ ج قَوَاعِل۔
القَوْعَلَة۔ چھوٹی پہاڑی۔ چھوٹا ٹیلہ۔
القَيْعَلَة۔ سخت بڑے ڈیل ڈول کی عورت۔ پہاڑی چوٹیوں کا رہنے والا العقاب۔
قَعَمَ(ن) قَعْمًا السِّنَّوْر: بلی کا میاؤں میاؤں کرنا۔
قَعِمَ(س) قَعَمًا و اُقْعِمَ الرَّجُلَ: بیمار ہو کر فوراً مرنا۔ اَقْعَمَتِ الحَيَّةُ: ڈسنا اور فوراً مار ڈالنا۔
____ الشَّمْسُ: آفتاب کا بلند ہونا۔
القَعْم۔ مص۔ بلی کی آواز۔
القَعَم۔ ناک میں جھکاؤ۔
الاَقْعَم۔ ناک میں جھکاؤ والا۔
قُعْمَةُ۔ المَالِ: عمدہ مال۔
القَيْعَم۔ بلی۔ بوڑھا اونٹ۔
قَعْمَصَ قَعْمَصَةً۔ ایک ہی مرتبہ میں سب پائخانہ کرنا۔
القُعْمُوص۔ سانپ کی چھتری۔ پائخانہ۔

القُعْمُوْط و القُعْمُوْطَة: چھوٹے بچے کے گرد لپیٹنے کا کپڑا۔ ج قَعَامِيْط۔ القُعْمُوْطَة: گبریلا کی گولی۔
قَعِنَ(س) قَعَنًا الاَنْفُ: ناک کا چپٹا ہونا۔ بانسہ بلند ہونا۔ صفت اَقْعَن۔ مؤنث قَعْنَاء ج قُعْنٌ اور تصغیر قُعَيْن۔
القَعْن۔ آٹا گوندھنے کا بڑا برتن۔
القَعَان۔ ناک کا چپٹا پن۔
القَيْعُوْن۔ ایک قسم کی گھاس۔
القَعْنَب و القُعَانِب۔ سخت شیر۔
القَعْنَبَة۔ پستہ قد عورت۔ کجی۔ کہا جاتا ہے "فِيْ فُلَانٍ قَعْنَبَةٌ" فلاں کے اندر کجی ہے۔
قَعْوَشَهُ۔ پھاڑنا۔ قَعْوَشَ البِنَاءَ: توڑنا۔
تَقَعْوَشَ البَيْتُ: منہدم ہونا۔
الجِذْعُ: جھکنا الرَّجُلُ: عمر رسیدہ ہونا۔
قَعِيَ يَقْعَى قَعًا بانسہ کا بلند ہونا پھر جھکنا۔ صفت اَقْعَى۔ مؤنث قَعْوَاء۔
اَقْعَى الكَلْبُ: کتے کا چوتڑ پر بیٹھنا ____ اَنْفُهُ: ناک بلند بانسہ والی ہونا ____ فَرَسَهُ: گھوڑے کو پچھلے پاؤں لوٹانا۔
قَعَا يَقْعُوْ قَعْوًا و قُعُوًّا الفَحْلَ و الطَّائِرُ: جفتی کرنا۔
اِقْتَعَى۔ جفتی کرنا۔
القَعْو۔ مص۔ لکڑی یا لوہے کا دھرا جس پر چرخی گھومتی ہے۔ القَعْوَان: دو لکڑیاں یا لوہے کہ جس میں چرخی کا دھرا ہوتا ہے ج قُعِيّ۔
القَعْوَة۔ ران کی جڑ۔ ج قُعِيّ۔
قَفَّ(ن) قُفُوْفًا العُشْبُ او الشَّجَرُ: گھاس یا درخت کا خشک ہونا۔ قَفَّتِ الاَرْضُ: خشک پیداوار والی ہونا ____ الشَّعْرُ: رونگٹے کھڑا ہونا ____ الشَّيْءُ: سمٹنا۔ سکڑنا ____ الثَّوْبُ: کپڑے کا دھونے کے بعد خشک ہونا ____ الصَّيْرَ فِيْ: صراف کا دو انگلیوں کے درمیان دراہم کو چرانا۔
اَقَفَّ۔ خشک چراگاہ پانا۔ اَقَفَّتِ الدَّجَاجَةُ: مرغی کا انڈے دینے سے رکنا ____ العَيْنُ: آنسو خشک ہونا۔
اِسْتَقَفَّ۔ سمٹنا۔ سکڑنا۔

القَفّ و القَفِيْف۔ خشک سبزی۔
القُفّ۔ پستہ قد۔ چیز کا بیرونی حصہ۔ کلہاڑی کا سوراخ۔ کلہاڑی کے مانند ایک چیز۔ بلند زمین۔ چٹانی زمین سلسلہ وار کہ جس کے درمیان نرم زمین نہ ہو۔ پہاڑ کے مانند سیاہ بادل۔ قُفُّ البِئْرِ: کنوئیں کے اردگرد کا چبوترہ ____ مِنَ النَّاسِ: مختلف قسم کے لوگ ج قِفَاف و اَقْفَاف۔
القُفَّة۔ خشک درخت۔ خشک کدو۔ کلہاڑی کی مانند ایک چیز۔ بلند زمین۔ کھجور کی پتیوں کی ٹوکری۔ ج قُفَف۔
القُفَّة و القَفَّة۔ مِنَ الرِّجَالِ: پستہ قد۔ کمزور۔
القُفَّة: خرگوش۔ القُفَّة و القَفَّة و القِفَّة بخار کی وجہ سے کپکپی۔
القِفَّة۔ اسم نوع۔ نوزائیدہ بچے کا پہلا پائخانہ۔
القَفَّاف۔ صراف جو درہم کو انگلیوں کے درمیان چرالے۔
القَفَّان۔ امانت دار۔ کہا جاتا ہے "اَتَيْتُهُ عَلٰى قَفَّانِ ذٰلِكَ" میں اس کے پاس اس کے پیچھے پیچھے آیا۔ "و هٰذَا قَفَّانُهُ" یہ اُس کا وقت ہے۔
القَفَّان: جماعت۔
قَفِئَ(س) قَفَأَ المَكَانُ: بارش یا مٹی پڑ جانے کی وجہ سے تباہ شدہ پودوں والی ہونا۔
اِفْتَقَأَ الخَرْزَ: توشہ دان وغیرہ کی سلائی دوبارہ کرنا۔
قَفْقَلَ۔ الشَّيْءَ: جلدی سے لے جانا۔ جڑ سے اکھیڑنا۔
قَفَحَهُ(ف) قَفْحًا: ناپسند کرنا اور چھوڑ دینا۔
____ الشَّيْءَ: دوا کی طرح پھانکنا۔ قَفَحَ عَنِ الشَّيْءِ: باز رہنا۔
القَفِيْحَة۔ مکھن جس پر بکری کا دودھ دوہا جائے۔
قَفَخَهُ(ف) قَفْخًا و قِفَاخًا۔ مارنا۔ کھوکھلی یا خشک چیز یا سر ہی مارنے کے لئے مستعمل ہے۔
القَفِيْخَة۔ ایک قسم کا کھانا جو چربی اور کھجور سے بنایا جاتا ہے۔
القَفْخَة۔ گائے جو جفتی کی خواہش مند ہو۔
القُفَاخ۔ متناسب الاعضاء پُر گوشت عورت۔

القُفَاخِرُ و القُفَاخِرِيّ- بڑے جثہ کا-
اَلقُفَاخِرِي :نازک بدن پُرگوشت-
قَفَدَ (ض) قَفْدًا- کام کرنا- کہا جاتا ہے "مَا زِلْتُ اَقْفِدُلَكَ مُذِ اليَوْمِ" میں آج کے دن تمہارے لئے کام کرتا رہا ___ ہٗ :گدی پر تھپڑ مارنا-بغیر شملہ لٹکائے ہوئے پگڑی باندھنا-
قَفِدَ (س) قَفَدًا- ڈھیلی یا موٹی گردن والا ہونا-
الاَقْفَد- ڈھیلی یا موٹی گردن والا- پنجوں کے بل چلنے والا- موٹے ہاتھ پیر چھوٹی انگلیوں والا- مؤنث قَفْدَاءُ ج قُفْد کہا جاتا ہے "اعْتَمَّ القَفْدَاء و القَفَدَ" بغیر شملہ لٹکائے ہوئے پگڑی باندھی-
القَفَدَان و القَفَدَانَة- سرمہ دانی کا غلاف- چمڑے کی تھیلی جس میں خوشبو رکھتے ہیں (دخیل)
القَفَدَر و القَفَنْدَر- بدصورت- بدقوارہ-
القَفَنْدَر- سخت اور چھوٹے سر والا- پستہ قد-
قَفَرَ (ن) قَفْرًا و تَقَفَّرَ و اِقْتَفَرَ الاَثَرَ : پیچھے جانا- تلاش کرنا- اِقْتَفَرَ العَظْمَ :ہڈی چچوڑنا-
قَفِرَ (س) قَفَرًا- مَالُهٗ :کم ہونا- صفت قَفِرُ المَالِ ___ الطَّعَامُ :کھانا بغیر سالن کے ہونا-
قَفَرَ التُّرَابَ و نَحْوَهٗ :مٹی وغیرہ جمع کرنا-
اَقْفَرَ- بیابان بے آب وگیاہ کی طرف جانا-
___ المَكَانُ :گھاس پانی اور آدمی سے خالی ہونا-
___ الرَّجُلُ مِنْ اَهْلِهٖ :اکیلا ہونا ___ رَاْسُهٗ مِنَ الشَّعْرِ سر کا بال سے خالی ہونا- بھوکا ہونا- بے کھانا ہونا- بے سالن ہونا- بے سالن کے روٹی کھانا ___ البَلَدَ :شہر کو خالی پانا ___ العَظْمَ :ہڈی چچوڑ کے صاف کر دینا-
القَفْرُ- گھاس پانی آدمی سے خالی زمین- کہا جاتا ہے "اَرْضٌ قَفْرٌ و اَرْضٌ قِفَارٌ" بے آب وگیاہ چٹیل میدان- "نَزَلْنَا بِبَنِي فُلَانٍ فَبِتْنَا القَفْرَ" یعنی ہم بنو فلاں میں اُترے اور انہوں نے ہماری مہمانداری نہیں کی "و بَاتَ فُلَانٌ القَفْرَ و الوَحْشَ" یعنی فلاں کی مہمانداری نہیں کی گئی- القَفْرُ :بیل جو کھیتی کرنے کے لئے ماں سے جدا کر لیا جائے-
القَفْرُ- مص- بال-

القَفِرُ- کم بال والا- بھیڑیا-
خُبْزٌ قَفْرٌ و قَفَارٌ- بے سالن کی روٹی-
القَفِيْرُ- شہد کا چھتہ- ٹوکری- بے سالن کی روٹی ج قُفْرَان-
القَافُوْرُ و القَفُّوْرُ و القَفُّوْرَةُ- کھجور کے شگوفہ کا غلاف- کہا جاتا ہے "اَرْضٌ مِقْفَارٌ" خالی زمین-
قَفَزَ (ض) قَفْزًا و قَفَزَانًا و قِفَازًا و قُفُوْزًا مرنا ___ الغَزَالُ : ہرن کا کودنا- اُچھلنا- چھلانگ مارنا-
قَفِزَ (س) قَفَزًا- الفَرَسُ : گھوڑے کی اگلی ٹانگوں میں گھٹنے تک سفیدی ہونا-
قَفَّزَهٗ- کودانا-
تَقَفَّزَ بِالحِنَّاءِ :مہندی سے نقش ونگار کرنا-
تَقَافَزَ القَوْمُ :باہم کودنا-
القَفَزَى- اُچھل- کودنا- کہا جاتا ہے "عَدَتِ الخَيْلُ القَفَزَى" یعنی گھوڑے کود کود کر دوڑے-
القَافِزَة- قافز کا مؤنث- تیز رفتار گھوڑا- مینڈک- ج قَوَافِز-
القَفِيْزُ- ایک پیمانہ کا نام ___ مِنَ الاَرْضِ : ایک سو چوالیس شرعی گز- ج اَقْفِزَة و قُفْزَان-
الاَقْفَزُ و المُقَفَّزُ مِنَ الخَيْلِ :اگلی ٹانگ میں گھٹنے تک سفید گھوڑا-
القُفَّاز- عورتوں کے ہاتھ پیروں کا زیور- دستانہ- عوام کَفُوْف کہتے ہیں- ج قَفَافِيْز-
القَفَّاز- بہت کودنے والا-
القُفَيْزَى- بچوں کا ایک کھیل کہ لکڑی گاڑ کر اس پر کودتے ہیں-
قَفَسَ (ن ض) قَفْسًا و قُفُوْسًا مرنا ___ الشَّيْئَ : غصہ سے زبردستی پکڑنا ___ فُلَانًا : بال پکڑنا اور نیچے گھسیٹنا (___ قفسا) الظَّبْيَ : ہرن کی ٹانگوں کو باندھ دینا (___ قُفَاسًا) جوڑوں کی بیماری والا ہونا-
قَفِسَ (س) قَفَسًا- بانسہ کے کنارے کا بڑا ہونا-
تَقَفَّسَ- الظَّبْيُ :ہرن کا چھلانگ مارنا-
تَقَافَسَ الرَّجُلَانِ بِشُعُوْرِهِمَا : ایک دوسرے کے بال پکڑنا-
القَافِسَة- قَافِس کا مؤنث :کمینے لوگ-
قَفَاسِ- مبنی علی الکسر : کمینی لونڈی-

الاَقْفَس باندی بچہ- ہر وہ چیز جو لمبی اور جھکی ہوئی ہو- عَبْدٌ اَقْفَس :کمینہ غلام-
القَفْسَاء- اقفس کا مؤنث- کمینی لونڈی- معدہ یا پیٹ-
قَفَشَ (ن ض) قَفْشًا- الطَّعَامَ :بہت حرص سے کھانا ___ الشَّيْئَ : لینا اور جمع کرنا- ہٗ بِالعَصَاءِ : لاٹھی سے مارنا ___ النَّاقَةَ : اونٹنی کو تیز دوہنا ___ مَا فِي الضَّرْعِ :دودھ کو جلد ختم کر دینا ___ المَرْاَةَ :بہت جماع کرنا (___ قَفْشًا و قُفُوْشًا) مرنا-
اِنْقَفَشَ و اِقْتَفَشَ و اِقْفَنْشَشَ العَنْكَبُوْتُ و نَحْوُهٗ :مکڑی وغیرہ کا سمٹ کر بیٹھنا-
القَفْش- مص نشاط- چھوٹا چرمی موزہ-
القَفَش- چور (القَفْشَلِيْل) کف گیر-
قَفَصَ (ض) قَفْصًا الظَّبْيَ : ہرن کی ٹانگیں باندھنا ___ الشَّيْئَ : قریب قریب رکھنا ___ الرَّجُلَ : تکلیف دینا ___ اليَعْسُوْبَ :دھاگے سے باندھ کر چھتے میں رکھنا ___ الطَّائِرَ :پنجرے میں بند کرنا-
قَفِصَ (س) قَفَصًا- ہلکا پھلکا ہونا- سردی سے سن ہونا ___ الفَرَسُ : پورے دوڑ سے نہ دوڑنا- صفت قَفِص-
قَفَّصَ- الظَّبْيَ :ہرن کی ٹانگیں باندھنا-
تَقَفَّصَ- اکٹھا ہونا-
تَقَافَصَ- مختلط ہونا- اکٹھا ہونا-
اَقْفَصَ- الرَّجُلُ :پنجرے والا ہونا-
القَفَص- پنجرا- القَفَص : غلہ وغیرہ رکھنے کا برتن ج اَقْفَاص (___ القَفَص و القُفَص) مختلط-
القَافِصَة- قافص کا مؤنث ج قَوَافِص کمینے لوگ-
القُفَاص- پہاڑی بکرا- ایک بیماری ہے جو جانوروں کو لاحق ہوتی ہے جس سے ان کی ٹانگیں خشک ہو جاتی ہیں-
المُقَفَّص- مفع- ثَوْبٌ مُقَفَّصٌ :پنجرے کی طرح منقش کپڑا-
القُفْصُل- شیر-
قَفَطَ (ن ض) قَفْطًا- جفتی کرنا ___ ہٗ

بَخِيْزٍ :بدلہ دینا۔
القَفْطَى و القَيْفَط۔ بہت جماع کرنے والا۔
المُتَقَفِّط۔ مستعد۔
قَفْطَلَهُ۔مِنْ بَيْنِ يَدَيَّ :سامنے سے اُچک لینا۔
قَفَعَهُ(ف) قَفْعًا بِالمِقْفَعة :چھڑی سے مارنا۔
ــــــہ عَنْ كَذَا :منع کرنا۔
قَفِعَتْ (س) قَفَعًا و تَقَفَّعَتِ الأُذُنُ :کان کا سکڑنا۔ ایسے کان کو قَفْعَاء اور ایسے کان والے کو اَقْفَعُ کہتے ہیں ــــــ الرِجْلُ :اُنگلیوں کا قدم کی جانب مڑا ہوا ہونا ــــــ الشَاةُ :چھوٹی دُم والی ہونا۔ تَقَفَّعَ الشَيُّ :سمٹنا۔
قَفَّعَ الشَيَّ :برتن میں رکھنا ــــــ البَرْدُ اَصَابِعَهُ سردی کا اُنگلیوں کو خشک کر دینا۔ سکڑا ہوا کر دینا۔
اِنْقَفَعَ۔النَبَاتُ :نباتات کا خشک اور سخت ہونا ــــــ عَنْهُ :باز رہنا۔
القَفْعُ مص ایک جنگلی آلہ ہے جس کو حصار کے موقع پر استعمال کرتے تھے اور اس کے اندر داخل ہو کر قلعہ کی دیوار تک پہنچ کر سوراخ کرتے تھے۔ واحد قَفْعَة۔
القَفَع۔مص۔ تنگی۔ تھکن۔
القَفْعَة۔ نیچے سے کشادہ اور تنگ منہ کی ٹوکری ج قِفَاع و قَفَعَات۔
القَفَعَة۔ ٹڈی دل۔
القُفَاع و القُفَّاع۔ ایک بیماری جو بکریوں کو لاحق ہوتی ہے جس سے ان کی ٹانگیں ٹیڑھی ہو جاتی ہیں۔
القَفَّاع۔ اسم مبالغہ۔
القُفَّاعَة۔ ایک قسم کا پھندا جو درخت خرما کی شاخ سے بناتے ہیں اور اس سے پرندوں کا شکار کرتے ہیں۔
الاَقْفَع۔ سکڑے ہوئے کان والا۔ سکڑی ہوئی اُنگلیوں والا۔ ہمیشہ سر جھکائے رکھنے والا۔ چھوٹی دُم والا۔
القَفْعَاء۔ اَقْفَع کا مؤنث ج قُفْع۔ ایک قسم کی گھاس جس میں انگوٹھی کے مانند حلقے ہوتے ہیں مگر دونوں کنارے ملے ہوئے نہیں ہوتے۔ شَاةٌ قَفْعَاء :چھوٹی دُم والی بکری۔

المُقَفَّع۔ ہمیشہ سر جھکائے رکھنے والا۔ رَجُلٌ مُقَفَّعُ اليَدَيْنِ :سکڑے ہوئے ہاتھوں والا امرد۔
المِقْفَعَة۔ ہاتھ یا اُنگلی پر مارنے کی چھڑی۔
قَفْقَفَ قَفْقَفَةً و تَقَفْقَفَ۔ سردی وغیرہ سے کانپنا ــــــ النَبْتُ :نباتات کا خشک ہونا۔
قَفْقَفَا الطَائِرِ :پرندے کے دونوں بازو۔
قَفْقَفَا البَعِيْرِ :اُونٹ کے دونوں جبڑے۔
قَفَلَ (ن ض) قَفْلاً و قُفُوْلاً۔ سفر سے لوٹنا ــــــ فِي الجَبَلِ :پہاڑ پر چڑھنا ــــــ الاَمِيْرُ الجُنْدَ :امیر کا فوج کو لوٹانا ــــــ الشَيَّ :اندوختہ کرنا (ــــــ قَفْلاً) الطَعَامَ :گرانی میں بیچنے کیلئے جمع کرنا۔
قَفَلَ (ض) قُفُوْلاً الفَرَسُ :لاغر ہونا۔ صفت قَافِلٌ ــــــ الفَحْلُ :جفتی کیلئے ہیجان میں ہونا۔
قَفَلَ (ن) قُفُوْلاً و قَفِلَ (س) قَفَلاً۔ الجِلْدُ : کھال کا خشک ہونا۔
قَفَّلَ الجِلْدُ : کھال کا خشک ہونا ــــــ الاَبْوَابَ :دروازے بند کرنا۔ تالا لگانا۔
اَقْفَلَ البَابَ و عَلَى البَابِ :دروازہ پر تالا لگانا۔ البَابَ :دروازہ بند کرنا ــــــ القَوْمَ :پیچھے سے دیکھتے رہنا۔ اَقْفَلَهُم عَنْ مَبْعَثِهِمْ لوٹانا ــــــ الجِلْدَ :کھال کو خشک کرنا ــــــ المَالَ :ایک ہی مرتبہ میں سب مال دینا۔
ــــــ القَوْمَ عَلَى الاَمْرِ : جمع کرنا ــــــ الجَيْشَ :فوج کو لوٹانا۔
تَقَفَّلَ و اِنْقَفَلَ و اِقْتَفَلَ البَابُ : دروازہ بند ہونا۔ تَقَفَّلَ فِي الجَبَلِ :پہاڑ پر چڑھنا۔
اِنْقَفَلَ الغُزَّاةُ :غازیوں کا واپس ہونا۔ لوٹنا۔
ــــــ الرَجُلُ :جس کام میں ہو اسے کر گزرنا۔
اِسْتَقْفَلَ البَابَ : دروازہ بند کرنا ــــــ الرَجُلُ : بخل کرنا۔ کہا جاتا ہے اِسْتَقْفَلَتْ يَدَاهُ فَهُوَ مُسْتَقْفِلٌ" یعنی وہ بخیل ہے۔
القَفْل۔ مص (ــــــ و القَفْلَة و القَفَلَة) سوکھا ہوا درخت۔
القَفْلَة۔ سر کا پچھلا حصہ۔ گدی۔ ایک ہی مرتبہ میں دینا۔ کہا جاتا ہے "اَعْطَاكَ الْفًا قَفْلَةً" اس نے تم کو ایک ہزار ایک ہی مرتبہ دے دیا۔
القُفْل۔ تالا۔ ج اَقْفَال و اَقْفُل و قُفُوْل۔

القَفَل۔ مص۔ اسم جمع بمعنی قافلہ۔
القُفْلَة۔ ہر سنی ہوئی چیز کو یاد کر لینے والا۔
القَافِل۔ فا۔ خشک کھال یا ہاتھ والا۔ لوٹنے والا۔ ج قَافِلَة و قُفَّال۔
القَافِلَة۔ قَافِل کا مؤنث : کارواں۔ سفر سے لوٹنے والے رفقاء یا سفر شروع کرنے والے کہ ان پر بھی تفاؤلاً قافلہ کا اطلاق ہوتا ہے ج قَوَافِل خَيْلٌ قَوَافِل :دُبلے گھوڑے۔
القَفِيْل۔ خشک درخت۔ کوڑا۔ تنگ گھاٹی۔ جِلْدٌ قَفِيْلٌ :خشک کھال۔
القَفَّال۔ اسم مبالغہ۔
القِيْفَال۔ ہاتھ میں ایک رگ کا نام جس کی فصد لی جاتی ہے۔
رَجُلٌ مُقْفَلُ اليَدَيْنِ و مُتَقَفِّلُهُمَا و مُقْتَفِلُهُمَا۔ بخیل کنجوس آدمی کہ جس کے ہاتھوں سے کسی کو کچھ خیر پہنچے ہی نہیں۔
قَفْلَطَهُ قَفْلَطَةً۔مِنْ يَدِهِ :اُچک لینا۔
قَفَنَ (ن) قَفْنًا۔ گدی پر مارنا۔ لاٹھی یا کوڑے سے مارنا ــــــ الكَلْبُ : کتے کا منہ ڈالنا (ــــــ و اَقْفَنَ و اِقْتَفَنَ) الشَاةَ :بکری کو گدی کی طرف سے ذبح کرنا۔ جھٹکا کرنا۔ صفت مفعولی قَفِيْنَة۔
قَفَنَ (ض) قُفُوْنًا۔ مرنا۔
قَفَّنَ رَاْسَهُ :سر کاٹ دینا۔
القَفْن۔ مص۔ موت۔ مقاتلہ۔
القَفَن و القَفَنَّ۔ سر کا پچھلا حصہ۔ گدی
القَفَن :کوڑا۔
القِفَنّ۔ مرد سخت بد زبان۔
القَفَّان۔ امین۔ تولنے کا ایک پیمانہ۔ قَفَّانُ كُلِّ شَيْءٍ : ہر چیز کی جماعت۔ انجام کار۔ شَاةٌ قَفِيْنٌ : ذبح کردہ بکری۔
قَفَا يَقْفُوْ قَفْوًا و قُفُوًّا۔ الرَجُلَ :گدی پر مارنا۔ صریحاً تہمت لگانا ــــــ اَثَرَهُ :پیروی کرنا۔ اللّٰهُ اَثَرَهُ :مٹانا۔ محو کرنا (ــــــ و اَقْفَى و اِقْتَفَى) الرَجُلَ بِاَمْرٍ :متعین کرنا۔ مخصوص کرنا۔ اَقْفَى كَذَا عَلَى كَذَا : فضیلت دینا۔ اِقْتَفَاهُ :اتباع کرنا۔ و اِقْتَفَى الشَيَّ : اختیار کرنا۔ اِقْتَفَى بِفُلَانٍ :کسی کے ساتھ اپنے آپ کو خاص کرنا۔

قَفّٰی تقفیۃً۔ آنا ___ فُلَانًا زَیْدًا و بِزَیْدٍ : پیروی کرنا۔ پیچھے چلانا۔ کہا جاتا ہے "قَفَّیْتُ عَلٰی اَثَرِہٖ بِفُلَانٍ" میں نے فلاں کو اس کے نشانِ قدم پر چلایا۔ قَفّٰی عَلَیْہِ: لے جانا۔

تَقَفّٰی الرَّجُلَ: پیچھا کرنا ___ الْاَکَمَۃَ : ٹیلے پر چڑھنا ___ الشَّیْءَ : چننا ___ بِفُلَانٍ : اکرام کرنے میں مبالغہ کرنا (___ و اِسْتَقْفٰی) فُلَانًا بِالْعَصَا : پیچھے سے آکر سر پر لاٹھی مارنا۔

تَقَافَی الرَّجُلُ : جھوٹی تہمت لگانا۔ ___ الْقَوْمُ : ایک دوسرے پر تہمت لگانا۔

الْقَفَا و الْقَفَاء۔ سر کا پچھلا حصہ۔ گدی۔ مذکر ہے اور کبھی مؤنث بھی استعمال کیا جاتا ہے ج اَقْفٍ و اَقْفِیَۃ و اَقْفَاء و قُفِیّ و قِفِیّ و قَفَوْنَ کہا جاتا ہے "لَا اَفْعَلُہٗ قَفَا الدَّھْرِ" میں اس کو زمانہ بھر نہیں کروں گا۔

الْقَفْوَۃُ۔ غبار جو بارش کی ابتدا میں اُٹھتا ہے۔ کہا جاتا ہے "ھُوَ صَفْوَتِی و قَفْوَتِی" وہ میرا برگزیدہ ہے "و بِئْسَ الْقَفْوَۃُ قَفْوَتُکَ" اس شخص کے لئے کہا جاتا ہے جس کا انتخاب اچھا نہ ہو۔

الْقِفْوَۃ۔ تہمت۔ بڑی بات کی نسبت کرنا۔ گناہ۔

الْقَفَاوَۃ۔ مہربانی۔ نوازش۔ مہمانی کا اکرام۔ جس چیز سے مہمان کا اکرام کیا جائے۔ موروثی عزت۔

الْقُفْیَۃ۔ شکاری کا گڑھا جس میں وہ شکار کی گھات میں چھپتا ہے۔

الْقِفْیَۃ۔ عیب۔

الْقَفِیّ۔ نہایت مہربان۔ مکرم مہمان۔ کھانا جس سے مہمان کا اکرام کیا جائے۔ بہترین بھائی۔ متہم بھائی۔ کہا جاتا ہے "ھُوَ قَفِیُّھُم و قَفِیَّتُھُم" وہ ان کا قائم مقام ہے۔

الْقَفِیَّۃ۔ فضیلت جو تمہیں غیر پر حاصل ہو۔ گوشہ کھانا جو مہمان کے سامنے رکھا جائے شَاۃٌ قَفِیَّۃٌ : سر کے پیچھے کی طرف سے ذبح کی ہوئی بکری اور کہا جاتا ہے "لَا اَفْعَلُہٗ قَفِیَّۃَ الدَّھْرِ" یعنی میں زمانہ بھر اس کو نہیں کروں گا۔

الْقَافِیَۃ۔ گلے کا پچھلا حصہ۔ شعر کا آخری کلمہ یا آخری حرف ج قَوَافٍ۔ قَافِیَۃُ کُلِّ شَیْءٍ : ہر چیز کا آخری۔ کہا جاتا ہے "اَتَیْتُہٗ عَلٰی قَافِیَۃِ الشَّیْءِ" میں اس کے پاس فلاں چیز کے پیچھے آیا۔

الْکَلَامُ الْمُقَفّٰی۔ وہ کلام جس میں سجع و قافیہ ہو۔

التَّقْفِیَۃ۔ مص ___ عِنْدَ الشُّعَرَاءِ : اشعار میں حرف آخر کا موافق ہونا۔

الْمُقَفّٰی مِنَ الْغَنَمِ : گردن کی طرف سے ذبح کی ہوئی بکری۔

رَجُلٌ مُقَفًّی و مُقَفًّی بِہٖ : چنا ہوا مرد۔ عزت کیا ہوا مرد۔

قَفَی یَقْفِی قَفْیًا الرَّجُلَ : گدی پر مارنا۔ قبیح بات کا عیب لگانا۔

الْقَاقُلَّۃ۔ الائچی۔

الْقَاقُلّٰی۔ ایک قسم کی نمکین گھاس جو اشنان کے مشابہ ہوتی ہے۔

الْقَوْقَل۔ نر چکور۔

الْقَاقُم و الْقَاقُوْم۔ ایک جانور ہے جو نیولے کی شکل کا اور اس سے کچھ بڑا ہوتا ہے۔ اور اس کا رنگ گرمی میں سرخ سیاہی مائل اور جاڑے میں بہت سفید ہوتا ہے۔

قَلَّ (ض) قِلًّا و قُلًّا و قِلَّۃً کم ہونا ___ الرَّجُلُ : کم مال والا ہونا ___ الْجِسْمُ : بدن کا دبلا اور چھوٹا ہونا اور کہا جاتا ہے "ھُوَ یَقِلُّ عَنْ کَذَا" یعنی وہ چھوٹا ہے۔ وقَلَّ الشَّیْءُ : بلند ہونا اور کبھی قَلَّ کے ساتھ مَا کافہ لاحق ہوتا ہے جیسے "قَلَّمَا جِئْتَنَا" اس صورت میں فعل نہیں رہتا اور فاعل کا تقاضا نہیں ہوتا۔ اور قَلَّمَا دو معنے کے لئے کبھی محض نفی کے لئے اور کبھی تھوڑی سی چیز ثابت کرنے کے لئے مستعمل ہے (___ قَلًّا) الشَّیْءَ : اٹھانا۔ قَلَّہٗ عَنِ الْاَرْضِ : بلند کرنا۔

قَلَّلَ الشَّیْءَ : کم کرنا ___ الشَّیْءَ فِی عَیْنِ فُلَانٍ : ہیچ دکھلانا۔

اَقَلَّ الشَّیْءَ : کم کرنا ___ الرَّجُلُ : کم لانا۔ کم مال والا ہونا۔ محتاج ہونا ___ الشَّیْءَ : بلند کرنا۔ اٹھانا۔ اَقَلَّتْہُ الرِّعْدَۃُ : کپکپی لگنا۔

قَالَّ لَہُ الْعَطَاءَ : تھوڑا دینا۔

تَقَالَّ الشَّیْءَ : کم گننا۔ تَقَالَّتِ الشَّمْسُ : آفتاب کا بلند ہونا۔

تَقَلَّلَ الشَّیْءَ : کم سمجھنا۔

اِسْتَقَلَّ الشَّیْءَ : اٹھانا اور بلند کرنا۔ کم سمجھنا ___ الطَّائِرُ فِی طَیَرَانِہٖ : پرندہ کا اڑان میں بلند ہونا ___ الْقَوْمُ : کوچ کرنا۔ اِسْتَقَلَّتْہُ الرِّعْدَۃُ : کپکپانا ___ بِرَأْیِہٖ : رائے میں متفرد ہونا ___ بِکَذَا : اکیلا ہونا اور کسی کو شریک نہ کرنا ___ فُلَانٌ غَضَبًا : ناراضی کی وجہ سے اٹھ جانا ___ بِالْاَمْرِ : طاقت رکھنا ___ السَّحَابُ : بادل کا بلند ہونا۔

الْقِلّ۔ چھوٹی دیوار۔ کپکپی۔

الْقِلّ و الْقُلّ۔ کم ___ مِنَ الشَّیْءِ : بکثر۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ قُلٌّ" اکیلا آدمی "ھُوَ قُلُّ ابْنُ قُلٍّ" وہ غیر معروف ہے "قُلَّ رَجُلٌ" او "اَقَلُّ رَجُلٍ یَقُوْلُ ذٰلِکَ اِلَّا زَیْدٌ" یعنی سوائے زید کے کوئی نہیں کہتا۔

الْقُلَّۃ۔ مرض سے صحت یا حصولِ دولت۔

الْقُلَّۃ۔ سر کا یا پہاڑ کا یا ہر چیز کا بالائی حصہ۔ لوگوں کی جماعت۔ بڑا گھڑا۔ چھوٹا کوزہ قُلَّۃُ السَّیْفِ : تلوار کے قبضہ کی زیبائش ج قُلَل و قِلَال۔

قِلَالَۃُ الْجَبَلِ : پہاڑی کی چوٹی۔

الْقِلَّۃ۔ کمی۔ مرض سے صحت یا حصولِ دولت۔ کپکپی۔ ج قِلَل اور کہا جاتا ہے "رَجُلٌ طَوِیْلُ الْقِلَّۃِ" یعنی لمبے قد کا مرد۔ اَخَذَہٗ بِقَلِیَّتِہٖ و بِقَلِیْلَتِہٖ و بِاَقْلِیْلَاۃٖ و بِقِلِّیْلَاہُ اس نے سب لے لیا و "رَحَلُوْا بِقَلِیَّتِھِم" وہ سب کوچ کر گئے اور اپنے پیچھے کچھ نہیں چھوڑا۔ و "اَکَلَ الضَّبَّ بِقَلِیَّتِہٖ" یعنی گوہ کو کھال و ہڈی سمیت کھا گیا۔

الْقَلِیَّۃ۔ عمارت۔ مشابہ معبد نصاریٰ۔

الْقَلِیْل۔ کم۔ لاغر۔ ج قَلِیْلُوْنَ و اَقِلَّاء و قُلُل و قُلُلُوْن مؤنث قَلِیْلَۃ ج قَلِیْلَات و قَلَائِل۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ قَلِیْلُ الْخَیْرِ" مرد کم خیر و "قَلِیْلٌ مِنَ الرِّجَالِ یَقُوْلُ ذٰلِکَ" یعنی اس کو کوئی نہیں کہتا۔ "مَا اَخَذْتُ مِنْہُ قَلِیْلَۃً و لَا کَثِیْرَۃً" میں نے اس سے کچھ نہیں لیا۔ تائے تانیث صرف نفی کی صورت میں داخل ہوتی ہے۔

الْقَلَال و الْقُلَال۔ کم۔ ج قُلُل۔ الْقَلَال زمین

سے انگور کی شاخوں کو اٹھانے کیلئے تھونی۔

القُلُل مِنَ النَاسِ : متفرق لوگ۔

الاَقَلّ۔ کمتر(___ والمُقِل) فقیر جس کے پاس کچھ ہو۔

القُلّی۔ پستہ قد لڑکی۔

قَوْمٌ اَقِلَّة۔ خسیس درجہ کے لوگ۔

المُقَلَّل۔ مفعر ___ مِنَ السُیُوْفِ : جس کے قبضہ پر چاندی یا لوہا لگا ہوا ہو۔

المُسْتَقِلّ۔ فا۔ کہا جاتا ہے "هُو مُسْتَقِلٌّ بِنَفْسِهٖ" وہ خود مختار ہے۔

قَلَبَ(ض)**قَلْبًا الشَئَ** : پلٹ دینا۔ اُوپر کا نیچے کر دینا۔ اندر کا باہر کر دینا ___ **القَوْمَ** : پھیر دینا۔ لوٹا دینا۔ کہا جاتا ہے "قَلَبَ المُعَلِّم الصِبْیَانَ" معلم نے بچوں کو ان کے گھر لوٹا دیا **المَجْنُوْن عَیْنَهٗ** : غضبناک ہونا۔ **قَلَبَتِ البُسْرَةُ** : کچی کھجور کا سرخ ہونا۔ **قَلَبَ الاَرْضَ لِلْزِرَاعَةِ** : زمین کو جوتنا اور کہا جاتا ہے "قَلَبَ الاَمْرَ ظَهْرَ البطْنِ" اس نے معاملہ کی آزمائش کی۔

قَلَبَهٗ (ن ض) **قَلْبًا**۔ دِل پر مارنا۔ **قَلَبَ النَخلَةَ** : گودا نکالنا ___ **اللّٰهُ فُلاَنًا اِلَیْهِ** : موت دینا۔

قَلِبَ (س) **قَلَبًا**۔ اُلٹے ہونٹوں والا ہونا۔ صفت **اَقْلَب**۔ **قَلِبَتِ الشَفَةُ** : اُلٹا ہونا۔ صفت **قَلْبَاء**۔

قُلِبَ البَعِیْرُ : اُونٹ کا دل کی بیماری والا ہونا۔

قَلَّبَهٗ۔ بمعنی قَلَبَہ اور تشدید مبالغہ یا تکثیر کے لئے ہے۔ کہا جاتا ہے "اَصبَحَ یُقَلِّبُ کَفَّیْهِ" وہ نادم ہونے لگا۔ "وقَلَّبَ الاُمُوْر" اس نے انجام پر نظر ڈالی۔

اَقْلَبَ الشَیَٔ : اُلٹ دینا ___ ہُ **اللّٰهُ اِلَیْهِ** : موت دینا۔ **اَقْلَبَ العِنَبُ** : انگور کے اوپر کا حصہ خشک ہونا ___ **الخُبْزُ** : روٹی اُلٹنے کے قابل ہونا ___ **القَوْمُ** : دِل کی بیماری میں مبتلا شدہ اُونٹوں کا مالک ہونا۔

تَقَلَّبَ۔ پلٹنا ___ **عَلٰی فِرَاشِهٖ** : کروٹیں لینا۔

فِی الاُمُوْرِ : اپنی مرضی سے تصرف کرنا اور کہا جاتا ہے "اَنَا اَتَقَلَّبُ فِی نَعَمائِهٖ" میں اس کی نعمتوں میں اپنی مرضی سے تصرف کرتا ہوں۔

اِنْقَلَبَ۔ اُلٹا جانا۔ اُوندھا جانا۔ واپس ہونا۔

القَلْب۔ مص۔ دِل۔ عقل۔ **قَلْبُ الجَیْش** : فوج کا درمیانی حصہ۔ **قَلْبُ کُلِّ شَیٍٔ** : گودا۔ خالص۔ کہا جاتا ہے "جِئْتُكَ بِهٰذَا الاَمْرِ قَلْبًا" میں تمہارے پاس محض اس کام کے لئے آیا۔ **قَلْبُ العَقْرَبِ** : منازلِ قمر میں سے ایک منزل کا نام۔ ج **قُلُوْب** **اَفْعَالُ القُلُوْبِ** : ظن اور اس کے امثال۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ قَلْبٌ" یعنی خالص النسب اور اس میں مذکر و مؤنث واحد جمع سب برابر ہیں اور کبھی کہا جاتا ہے "اِمْرَاَةٌ قَلْبَةٌ"

القُلْب والقَلْب والقِلْب مِنَ الشَجَر : درخت کے اندر کا نرم گودا ج **اَقْلاَب وقُلُوْب وقِلَبَةٌ** : **القُلْبُ** : کنگن۔ سفید سانپ۔

القُلَبَةُ۔ سرخی۔

القَلَبَة۔ وہ بیماری جس سے بیمار بچھونے پر تڑپے۔

القُلاَب۔ دِل کی بیماری۔

القَالِبُ۔ فا۔ سرخ رنگ کی کچی کھجور۔ کہا جاتا ہے "شَاةٌ قَالِبُ اللَوْنِ" ماں کے مخالف رنگ کی بکری (___ والقَالَب) سانچہ۔ موزہ۔ جوتا بنانے کا فرمہ۔ ج **قَوَالِب**۔

القُلَّبُ۔ پلٹنے والا۔ بہت اُلٹنے پلٹنے والا۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ مُوَّلٌ قُلَّبٌ" اور "حُوَّلِیٌّ وقُلَّبِیٌّ" یعنی حیلہ گر۔ معاملہ کے اُلٹ پھیر کا ماہر۔

القَلُوْب۔ بہت اُلٹنے پلٹنے والا (___ والقِلاَب) بھیڑیا۔

القَلِیْب۔ کنواں۔ کنواں بغیر منڈیر کا۔ پُرانا کنواں (مذکر اور کبھی مؤنث استعمال کیا جاتا ہے) ج **قُلْب وقُلُب واَقْلِبَة**۔

القَلُوْب والقِلُوْب والقِلِّیب۔ بھیڑیا۔ شیر۔

المِقْلَبُ۔ کھیتی کے لئے زمین کو اُلٹنے پلٹنے کا ایک آہنی اوزار۔

المُنْقَلَبُ۔ مص۔ انقلاب کا اسم ظرف۔ لوٹنے کی جگہ۔ کہا جاتا ہے "کُلُّ اِمْرِئٍ یَصِیْرُ اِلٰی مُنْقَلَبِهٖ"

المَقْلُوْبَة۔ مفعر کان۔

قَلِتَ(س)**قَلَتًا**۔ ہلاک ہونا۔

اَقْلَتَهٗ۔ ہلاک کرنا۔ **اَقْلَتَتِ المَرْاَةُ وکُلُّ اُنْثٰی** بے اولاد ہونا۔ اور اسم قَلَت ہے۔ **القَلَت** : خوف۔ **اَقْلَتَهٗ فَقَلِتَ** : اس نے فاسد کیا پس وہ فاسد ہو گیا۔

القَلْت۔ چٹان کا گڑھا۔ آنکھ کا گڑھا۔ ج **قِلاَلت**۔ کہا جاتا ہے "طَعَنَهٗ فِی قَلْتِ خَاصِرَتِهٖ" اس نے اُس کے کوکھ کے گڑھے میں نیزہ مارا "وطَعَنَهٗ فِی قَلْتَیْ تَرْقُوَتَیْهِ" اس نے اس کی دو ہنسلیوں کے بیچ کے گڑھے میں نیزہ مارا۔ عضو کے ہر گڑھے کو قَلْت کہتے ہیں۔

ورَجُلٌ قَلْتٌ وقَلِتٌ۔ کم گوشت۔ دُبلا پتلا مرد۔

القَلْتَةَ۔ دونوں مونچھوں کے درمیان کا گڑھا۔

شَاةٌ قَلْتَةٌ : بکری جس کا دودھ میٹھا نہ ہو۔

اَلْمَقْلَتَةَ۔ ہلاکت۔ خوفناک جگہ۔

المِقْلاَت۔ وہ عورت جس کا بچہ زندہ نہ رہے۔ وہ عورت جس کا ایک بچہ ہو اور پھر اس کے بعد وہ حاملہ نہ ہو۔ ج **مَقَالِیْت**۔

قَلِح (س) **قَلَحًا**۔ زرد دانتوں والا ہونا۔ **قَلِحَتْ اَسْنَانُهٗ** : دانتوں کا زرد ہونا۔ صفت مذکر **قَلِح واَقْلَح**۔ صفت مؤنث **قَلِحةٌ وقَلْحَاء**۔ ج **قُلْح**۔

قَلَّحَهٗ۔ دانتوں کو زردی سے صاف کرنا۔

تَقَلَّحَ۔ میلے کپڑے والا ہونا و **تَقَلَّح البِلاَد** : قحط کے زمانہ میں شہروں میں کمائی تلاش کرنا۔

القَلْح۔ بڈھا گدھا۔

القَلْح والقُلاَح۔ زردی جو دانتوں پر آجاتی ہے۔

القِلْح۔ میلا کپڑا۔

الاَقْلَح۔ زرد دانتوں والا۔ گبریلا۔

رَجُلٌ اَقْلَح : تجربہ کیا ہوا۔

المُقَلَّح۔ تجربہ کیا ہوا۔

القَلْحَزَة۔ پستہ قد کی چال۔ **القِلْحَزُ** : موٹا متکبر۔

القِلْحَاس۔ مرد بد صورت۔ بد قوارہ۔

اِقْلَحَمَّ الرَجُلُ : بہت بوڑھا ہونا۔

القِلْحَمّ۔ متکبر۔ بوڑھا۔

شَیْخ قِلْحَامَة۔ بہت بوڑھا۔

قَلَخَ(ف)**قَلْخًا وقَلِیْخًا الشَجَرَةَ** : درخت

اَکھاڑنا۔

قَلَخَ (ف) قَلْخًا و قَلِیْخًا و قُلاَخًا البَعِیْرُ : اونٹ کا بڑبڑانا۔

قَلَّخَهٗ۔ بِالسَّوْطِ : کوڑا مارنا۔ قَلَّخَ النَّبْتُ : نباتات کا سخت ہونا۔

القَلْخ۔ مص۔ کھوکھلا۔ نرکل بانس۔ بوڑھا گدھا (___ و القُلاَخ) بڑے سر والا۔

القِلَّخم۔ بڑے کوہان کا موٹا اونٹ۔

قَلَدَ (ض) قَلْدًا الحَبْلَ : رسّی بٹنا ___ الحَدِیْدَةَ : لوہے کو باریک کرنا اور کسی چیز پر موڑنا ___ الرَّجُلُ السَّیْفَ : تلوار کو حمائل کرنا۔

___ المَاءَ فِی الحَوْضِ او الشَّرَابَ فِی البَطْنِ : جمع کرنا ___ الزَّرْعَ : کھیتی سیراب کرنا ___ الشَّیْئَ : موڑنا : الحُمّٰی فُلاَنًا : بخار ہر روز آنا۔

قَلَّدَهٗ۔ السَّیْفَ : گلے میں تلوار کا پرتلہ ڈالنا۔ ___ القِلاَدَةَ : ہار پہنانا ___ ہٗ العَمَلَ : کام سپرد کرنا ___ ہٗ الدَّیْنَ : قرض سونپ دینا۔ قَلَّدَ البَعِیْرَ : اونٹ کی گردن میں کھینچنے کیلئے پٹہ ڈالنا۔

___ فُلاَنًا القَضَاءَ فِی بَلَدِ کَذَا : قاضی بنانا۔ کہا جاتا ہے "قُلِّدَ حَبْلَہٗ" وہ آزاد چھوڑ دیا گیا" و "قَلَّدَہٗ فِی کَذَا" اِس نے اُس کی فلاں بات میں بغیر غور و فکر کے پیروی کی۔

اَقْلَدَ البَحْرُ عَلَیْهِم : غرق کر دینا۔ ڈوبا دینا۔

تَقَلَّدَتِ المَرْاۃُ القِلاَدَۃَ : عورت کا ہار پہننا۔

تَقَلَّدَ الاَمْرَ : ذمہ دار ہونا۔ برداشت کرنا ___ السَّیْفَ : گلے میں تلوار کا پرتلہ ڈالنا۔

تَقَالَدَ القَوْمُ المَاءَ : پانی پر باری باری آنا۔

اِقْتَلَدَ المَاءَ : پانی کا چلو لینا۔

اِقْلَوَّذَ النُّعَاسُ فُلاَنًا : نیند کا غالب آنا۔

القَلْد۔ مص بٹ دیا ہوا۔ انٹھا ہوا کنگن۔ کہا جاتا ہے "سِوَارٌ قَلْدٌ" رسّی پر بٹی ہوئی رسّی۔ ج اَقْلاَد و قُلُوْد۔

القِلْد۔ بخار کی باری کا دن۔ چوتھیا بخار کا دن۔ پانی کا حصہ۔ جماعت۔ ہر ہفتہ کی بارش۔ کہا جاتا ہے "سَقَتْنَا السَّمَاءُ قِلْدًا فِی کُلِّ اُسْبُوْعٍ" یعنی ہم پر ہر ہفتہ میں بارش ہوئی۔ بڑے پیالہ کے مشابہ ج اَقْلاَد۔ کہا جاتا ہے "اَعْطَیْتُہٗ قِلْدَ اَمْرِی" میں نے اپنے معاملہ کو درو بست اس کے سپرد کر دیا۔

القِلْدَۃ۔ گھی کا تلچھٹ۔ کھجور۔

القَلْدَۃ۔ دونوں مونچھوں کے درمیان گڑھا۔

القِلاَد و الاِقْلِیْد۔ انگوٹھی یا بالی کے گرد لپیٹنے کے لئے پیتل یا تانبے کا تار۔

القِلاَدَۃ۔ ہار۔ مالا۔ ج قَلاَئِد و قِلاَد۔ چھ ستارے جن کو قوس بھی کہتے ہیں۔ قَلاَئِدُ الشِّعْرِ : اشعار جو نفاست کی بنا پر یاد کئے جائیں اور محفوظ رکھے جائیں۔

القَلُوْد۔ بہت پانی والا کنواں۔

القَلِیْد و المَقْلُوْد۔ بٹا ہوا۔

القَلِیْد و المِقْلاَد۔ خزانہ۔

التَّقْلِیْد۔ مص۔ ج تَقَالِیْد و تَقْلِیْدَات التَّقَالِیْد عِنْدَ النَّصَارٰی : نصرانیوں کی سینہ بہ سینہ مذہبی باتیں۔ اور تقلید کا اطلاق اس فرمان شاہی پر بھی ہوتا ہے جو پیروی حکم کیلئے جاری ہوتا ہے۔

الاِقْلِیْد ج اَقَالِیْد۔ المِقْلَد ج مَقَالِد و المِقْلاَد۔ ج مَقَالِیْد : کنجی۔ کہا جاتا ہے "ضَاعَتْ مَقَالِدُہٗ او مَقَالِیْدُہٗ" اُس کے اوپر اُس کے معاملات تنگ ہو گئے "و اَلْقٰی اِلَیْہِ مَقَالِیْدَ الاُمُوْرِ" اس نے اپنے اُمور اسے سونپ دیئے

المِقْلَد : برتن۔ توبرہ۔ پیانہ۔ ٹیڑھے سر کی چھڑی۔

المُقَلَّد۔ مفع۔ سردار قوم۔ آگے بڑھنے والا گھوڑا۔ ہار پہننے کی جگہ۔ مونڈھوں پر پرتلہ ڈالنے کی جگہ۔ مُقَلَّدَاتُ الشِّعْرِ : اشعار جو نفاست کی بنا پر یاد کئے جائیں اور محفوظ رکھے جائیں۔

القَلَنْد۔ ایک کیڑا ہے چوپاؤں کو چمٹ جاتا ہے اور ان کی موت تک جدا نہیں ہوتا۔

القَلَیْذَم۔ بہت پانی والا کنواں۔

قَلَزَہٗ (ن ض) قَلْزًا۔ مارنا۔ قَلَزَ الاَرْضَ بِعَصَاہُ : کریدنا ___ بِسَهْمِهٖ : تیر پھینکنا ___ بِقَیْئِہٖ : اُلٹی کرنا ___ الرَّجُلُ : چینا۔ چست ہونا۔ کودنا۔ لنگڑانا ___ ہٗ المَاءَ : گھونٹ گھونٹ پلانا۔

(___ قَلَّزَ و اَقْلَزَ) الجَرَادُ : انڈے دینے کے لئے دُم کو زمین پر مارنا۔

تَقَلَّزَ۔ چست ہونا ___ الوَعْلُ : پہاڑی بکری کا دوڑنا۔

اِقْتَلَزَ الکَاسَ : گھونٹ گھونٹ لینا۔

القُلْز۔ مِنَ الرِّجَال : ہلکا پھلکا کمزور مرد۔

القِلِزّ و القُلُزّ۔ سخت تانبا کہ جس کو لوہا کاٹ نہ سکے۔ مضبوط مرد۔ مؤنث قِلِزَّۃ و قُلُزَّۃ۔

قَلْزَمَ و تَقَلْزَمَ الشَّیْئَ : نگلنا۔ تَقَلْزَمَ الرَّجُلُ : کنجوسی کی وجہ سے مرنا۔

القِلْزِم۔ کمینہ۔

القُلْزُم۔ مصر اور مکہ کے درمیان ایک شہر کا نام اور اسی کے نام پر بحر قلزم ہے۔

القَلْزَمَۃ۔ مص۔ کمینہ پن۔ شور۔

قَلَسَ (ض) قَلْسًا و قَلَسَانًا۔ کھانا یا پانی کا پیٹ سے منہ تک آنا۔ بہت شراب پینا ___ نَفْسُہٗ : جی متلانا ___ الکَاسُ بِالشَّرَابِ : چھلک پڑنا ___ الاِنَاءُ : بہہ پڑنا ___ النَّحْلُ : العَسَلَ : شہد بنانا ___ السَّحَابَۃُ بِالنَّدٰی : جھلا پڑنا ___ الرَّجُلُ : گانے میں ناچنا۔ عمدہ گانا۔

قَلَّسَ۔ دف بجانا اور گانا۔ سجدہ کرنا ___ القَوْمُ : گا بجا کر اور کھیل کود سے بادشاہوں کا استقبال کرنا ___ لَہٗ : سینے پر ہاتھ رکھ کر عجز و انکساری ظاہر کرنا ___ الرَّجُلَ : ٹوپی پہنانا۔

تَقَلَّسَ۔ ٹوپی پہننا۔

القَلْس۔ مص۔ کشتی و جہاز کی موٹی رسّی۔ ج قُلُوْس و اَقْلاَس۔ القَلَس : بدہضمی کی وجہ سے کھانا پانی جو منہ تک آئے۔ قے۔ قَلْسُ البَحْرِ : بادل۔

القَالِس۔ وہ شخص جس کے منہ تک بدہضمی کی وجہ سے کھانا پانی آجائے۔

القَلاَّس۔ اسم مبالغہ۔ ٹوپی بنانے والا۔ بَحْرٌ قَلاَّسٌ : زیادہ جھاگ پھینکنے والا سمندر۔

القَلِیْس۔ شہد۔ شہد کی مکھی۔

قَلْنَسَ الرَّجُلَ : ٹوپی پہنانا۔

تَقَلْنَسَ تَقَلْنُسًا۔ ٹوپی پہننا۔

الاَنْقَلِیْس و الاِنْقِلِیْس۔ ایک قسم کی مچھلی جو سانپ کے مانند ہوتی ہے۔ بام مچھلی۔

القَلاَش-چھوٹا-سکڑاہوا-

القَلاَشَة-کوتاہی-چھوٹاپن-

القَلاَّش والاَقْلَش-حیلہ گر(دخیل)

قَلَصَ (ض) قُلُوْصًا-الرَجُلُ : کودنا ـــــ القَوْمُ : اکٹھاہو کرچلنا ـــــ القَوْمُ عَنِ الدارِ : ہلکاپھلکاہوتااور اکٹھاہو کرچلنے کاوقت آنا- ـــــ المَاءُ : پانی کاختم ہونا ـــــ البِئْر : اوپر تک چڑھنا ـــــ الظِلُّ عَنْ كَذَا : سایہ کاسمٹ آنا-صفت قَالِص ـــــ الثَوْبَ بَعْدَ الغَسْلِ : کپڑے کا سکڑنا ـــــ الغُلامُ : جوان ہونا ـــــ الشَفَةُ : ہونٹ کااوپر کوسکڑنا-

قَلَصَت(ض) قُلُوْصًاو قَلِصَت(س) قَلَصًا نَفْسَهُ : جی متلانا-

قَلَّصَ قَمِيْصَهُ فَقَلَّصَ هُوَ : سمیٹنا-سمٹنا-لازم و متعدی-قَلَّصَت الدِرْعُ : زرہ کاچست ہونا ـــــ النَاقَةُ بِرَاكِبِها : اُونٹنی کاسوار کو لے کر تیز دوڑنا-دوڑے جانا ـــــ القَوْمُ : اُونٹیوں پر سوار ہونا-

اَقْلَصَ البَعِيْرُ : کوہان کاکچھ ظاہر ہونا ـــــ النَاقَةُ : گرمی میں موٹی ہونا-

تَقَلَّصَ-اکٹھاہونا-سکڑنا-قریب قریب ہونا-

القَلَصَة-پانی جو کنوئیں میں بکثرت جمع ہو کر ختم ہو جائے-ج قَلَص و قَلَصَات-اور کہاجاتا ہے "مَا وَجَدتُ فِي البِئْر اِلاَّ قَلَصَة مِنَ المَاءِ" کنوئیں میں میں نے صرف تھوڑاساپانی پایا-

القَلُوْص مِنَ الاِبِل : لمبی ٹانگوں والی اُونٹنی-جوان اُونٹنی یا چلتی ہوئی اُونٹنی-اُونٹنی جس پر پہلی مرتبہ سواری کی جائے-ج قَلاَئص وقِلاَص وقُلُص وقُلْصَان-القَلُوْص مادہ شتر مرغ-شتر مرغ کامادہ بچہ-شوات کابچہ-جوان لڑکی-جاری نہر جس میں گندگی وغیرہ بہہ کر جاتی ہو-

القَلِيْص-بہت ـــــ مِنَ المِيَاهِ : ختم ہونے والاپانی-

القَلاَّص مِنَ المِيَاهِ : ختم ہونے والا پانی-اُونٹنی کودوہنے والا-

المِقْلاَص-اُونٹنی کودوہنے والا ـــــ مِنَ النُوْقِ : گرمی کے زمانہ میں موٹی ہونے والی اُونٹنی-

فَرَسٌ مُقَلِّصٌ : لمبی ٹانگوں والاگھوڑا-

قَلَطَ(ن) قَلْطًا-بدصورت ہونا-

القَلَط-جِنّ کے بچّے-شیطان کے بچّے-

القَلَطِّي والقِيلِيْط-مرد خبیث' سرکش (ـــــ والقُلاَط) بہت پستہ قد-آدمی ہو یابلی یاکتا-

القَلِيْط-خصیہ میں سوجن-

القَيْلَط والقِيلِيْط-خصیہ میں سوجن والا-

القَلْطَبَان-بیوی کے بارے میں غیرت نہ رکھنے والا-بھڑوا-

قَلَعَ(ف) قَلْعًاو قَلَّعَ واِقْتَلَعَ الشَئَ : جڑ سے اُکھیڑنا-قَلَعَ الوَالِيْ فُلاَنًا : معزول کرنا-اِقْتَلَعَ الشَئَ : چھیننا-

قَلِعَ(س) قَلَعًاو قَلَعَةً الرَاكِبُ : سوار کازین پر جم کرنہ بیٹھنا ـــــ الرَجُلُ : کندذہنی کی وجہ سے کلام کو نہ سمجھنا ـــــ المُصَارِعُ : کشتی کے وقت قدم ثابت نہ رہنا-

قُلِعَ قَلْعًا-الرَجُلُ : حملہ میں ثابت نہ رہنا-زین پر جم کرنہ بیٹھنا-

اَقْلَعَ عَنْ كَذَا : باز رہنااور چھوڑنا ـــــ المَلاَّحُ السَفِيْنَةَ : بادبان اُٹھانا ـــــ اَصْحَابُ السَفِيْنَةَ : روانہ ہونا ـــــ الشَئُ : روشن ہونا ـــــ الاَمِيْرُ : قلعہ بنانا ـــــ الحُمَّى عَنْ فُلاَن : بخار کااُترجانا-قرآن مجید میں ہے "يَاسَمَاءُ اقلِعِيْ" یعنی اے آسمان بارش سے رُک جا-

قَالَعَ مُقَالَعَةً-ایک دوسرے کواُکھیڑنا-

تَقَلَّعَ واِنْقَلَعَ واِقْتَلَعَ-جڑ سے اُکھڑنا-تَقَلَّعَ فِي مَشْيِهِ : آگے کو جھکتے ہوئے چلنا-

القَلْع-مص-بسولی-چرواہے کاتھیلا-ج اَقْلُع وقُلُوْع-قَلْعُ الحُمَّى : بخار اُترنے کادن-کہا جاتا ہے "تَرَكْتُه فِي قَلَع و قِلْع وقَلَع مِنْ حُمَّاه" میں نے اس کو بخار اُتری ہوئی حالت میں چھوڑا-القلع کان جس کی طرف عمدہ رانگ کو منسوب کرتے تھے کہتے تھے "رَصَاصٌ قَلْعِيٌّ وقَلَعِيٌّ"

القِلْع-بادبان-ج قُلُوْع وقِلاَع-

القِلْع-بخار کے اُترنے کادن-مردوں کے پہننے کی صدری-وہ شخص جو گھوڑے پراچھی طرح نہ بیٹھ سکے-

القُلْع-چلنے میں قوی مرد-

القَلَع-مص-خون-کھرنڈ جو کھجلی والے کے جسم پر ہو-پتھر جو چٹان کے نیچے ہو ـــــ مِنَ الحُمَّى : بخار اُترنے کادن-

القَلِع-جو حملہ میں یازین پر قائم نہ رہ سکے-کند ذہن جو کلام کو نہ سمجھے-کھرنڈ والے-وشَيْخٌ قَلِعٌ : کھڑے ہونے کی حالت میں آگے کو جھکنے والابڈھا-

القَلْعَة-قلعہ-ج قِلاَع و قُلُوْع-القِلْعَة : کھجور کاچھوٹا پودہ جو کھجور کی جڑ سے اُکھیڑا جائے-چرواہے کاتوشہ دان-

القِلْعَة-قَلَعَ کااسم نوع-لمباپھاڑا ہوا ٹکڑا-ج قِلَع-

القُلْعَة-کھرنڈ والا' کمزور جو کشتی میں جلد مغلوب ہو جائے' ہمیشہ نہ رہنے والامال' منگنی کا مال' درخت سے جو اُکھیڑا جائے-کہاجاتا ہے "هُوَ عَلٰى قُلْعَةٍ" وہ سفر پر ہے "ومَنْزِلُنَامَنْزِلُ قُلْعَةٍ وقُلَعَةِ وقُلْعَةٍ" یعنی ہم مالک نہیں و "هٰذَا المَنْزِلُ مَنْزِلُ قُلْعَةٍ" یعنی جب کوئی صاحب عزت آدمی آجاتا ہے تو بیٹھنے والے کوہٹانایابار بار اُٹھناپڑتا ہے-

القَلَعَة-بڑاٹیلہ-قلعہ-بادل کاپہاڑجیسا ٹکڑا-ج قَلَع-چٹان جو پہاڑ سے جداہوگئی ہواور دشوار گزار ہو-ج قِلاَع وَقَلَع-

القُلَعَة-کھرنڈوالا-

القُلاَع-جو خشک ہونے کے بعد پھٹی ہوئی مٹی پھنسیاں-جو مُنہ یا زبان پر ہوں-واحد قُلاَعَة القُلاَع : مٹی جو خشک ہونے کے بعد پھٹ جائے اور اس کے نیچے سانپ کی چھتری ہو-قُلاَعُ الاُذنِ : کان کی جڑ میں شگاف کہ جس سے پیپ وغیرہ نکلے-القُلاَعَة : پتھریاڈھیلا جو پھینکنے کے لئے زمین سے اُکھیڑا جائے-کہاجاتا ہے "رُمِی بِقُلاَعَةٍ" یعنی لاجواب کردیاگیا-

القِلاَعَة-کشتی وجہاز کابادبان-

القَلاَّع-وہ شخص جو حملہ میں یازین پر قائم نہ

رہ سکے۔ بڑا جھوٹا۔ داڑھ اکھیڑنے والا۔ بادشاہوں کے پاس چغلی کھانے والا۔ سپاہی۔ سپہ سالار۔ کفن چور۔

القَلُوْع۔ بڑی اُونٹنی۔ کمان جو کھینچنے میں اُلٹ جائے۔ ج قُلْع۔

اِقْلَاعُ الحُمّٰی و مُقْلَعُها۔ بخار کا اُترنا۔

المَقْلَع۔ پتھر اُکھیڑنے کی جگہ۔ ج مَقَالِع۔

المِقْلَاع۔ گوپھن۔ ج مَقَالِيْع۔

القَيْلَع۔ بڑے پاؤں والی بڑے ڈیل ڈول کی عورت۔

اِقْلَعَتَّ الشَعْرُ : بال سخت گھنگھریالے ہونا۔

تَقَلْعَثَ فِيْ مَشْيِهٖ : اس طرح چلنا کہ گویا کیچڑ میں سے نکلنے کی کوشش کر رہا ہے۔

اِقْلَعَدَّ الشَعْرُ : بال کا سخت گھنگھریالے ہونا ـــــ فُلَانٌ : خود سری کے ساتھ جانا۔

اِقْلَعَطَّ الشَعْرُ : بال گھنگھریالے اور سخت ہونا۔

المُقْلَعِطّ۔ فا۔ خوفزدہ بھاگنے والا۔ سخت گھنگھریالے بال والا سر۔

اِقْلَعَفَّ الشَئَ : سمٹنا ـــــ اَنَامِلُ فُلَانٌ : سردی یا بڑھاپے کی وجہ سے جھری دار ہونا۔

القَلْعَطَة۔ بالوں کا سخت گھنگھریالا پن۔

قَلَفَ (ض) قَلْفًا الشَجْرَةَ : درخت سے چھال اُتارنا ـــــ الشَئَ : پلٹنا (ـــــ واِقْتَلَفَ) الظُفْرُ : جڑ سے کاٹ لینا۔ قَلَفَ العَصِيْرُ : جھاگ لانا۔

قَلَفَ(ن) قَلْفًا۔ القُلْفَة : کاٹنا۔

قَلَفَ (ض) قَلْفًا و قُلْفَةً الدِنَّ : مٹکے کے سرے پر کی مٹی چھڑانا (ـــــ وقَلَّفَ) السَّفِيْنَةَ کشتی کے تختوں کو درخت خرما کی چھال سے جوڑنا اور ان کے درمیان تار کول ڈالنا۔ اسم القلافة ہے وقَلَّفَ الجزور : ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔

قَلِفَ(س) قَلَفًا الصَبِيُّ : بے ختنہ ہونا یا عضو تناسل کی کھال کا بڑا ہونا۔ صفت اَقْلَف۔

تَقَلَّفَ القِشْرُ عَنِ الشَجرةِ : درخت سے چھال کا اُترنا۔

اِنْقَلَفَتِ السُرَّةُ : ناف کا موٹائی کی وجہ سے لوٹ جانا۔

القِلْف۔ درخت کی چھال۔ واحد قِلْفَة سخت جگہ۔

القِلْفَة۔ ناخن جڑ سے کٹا ہوا۔

القُلْفَة و القَلَفَة۔ عضو تناسل کی کھال۔ ج قُلَف۔

القَلِفَة مِنَ الشَفَاهِ : ہونٹ جس میں موٹائی ہو۔

القُلَافَة۔ درخت وغیرہ کی چھال۔

القَلِيْف ج قُلُف والقَلِيْفَة ج قَلِيْف والمَقْلُوْفَة ج مَقْلُوْفَات : کھجور رکھنے کا بڑا ٹوکرا۔

القَلِيْف و المَقْلُوْف۔ مٹکا جس کے سرے سے مٹی چھڑا دی گئی ہو۔ القَلِيْف۔ خشک میوہ۔ دریائی کھجور جس کا چھلکا اُتر گیا ہو۔ کھجور کا بڑا ٹوکرا۔ واحد قَلِيْفَة۔

الاَقْلَف۔ بے ختنہ۔ عضو تناسل کی بڑی کھال والا۔ مؤنث قَلْفَاء ج قُلْف۔ کہا جاتا ہے "هُوَ اَقْلَفُ القَلْبِ" وہ اچھی باتوں کو نہیں قبول کرتا "عَامٌ اَقْلَف" سرسبز سال "عَيْشٌ اَقْلَف" خوش حال زندگی۔

التَقْلِيْف۔ کھجور سے گٹھلی جدا کرنا اور برتن میں ذخیرہ کرنا۔

قَلْفَحَ۔ الطَعَامَ : سب کچھ کھالینا۔

تَقَلْفَعَ عَنْهُ الشَئُ : چھل جانا۔

القِلْفَع و القِلْفِع۔ خشک کیچڑ کا پھٹا ہوا ٹکڑا۔ لوہے کے ذرات جو ڈھالتے وقت گریں۔

القلفعة۔ سانپ کی چھتری۔ زمین کی مٹی جو سانپ کی چھتری کے اُگنے سے ہٹ جائے۔ اُونٹ کی کھال پر چھال کی مانند داغ۔

قَلِقَ (س) قَلَقًا۔ مضطرب ہونا۔ بے قرار ہونا۔ صفت مذکر قَلِق و مِقْلَاقٌ۔ صفت مؤنث قِلَقَةٌ و مِقْلَاق۔

قَلَقَ(ن) قَلْقًا الشَئَ : حرکت دینا۔

اَقْلَقَهٗ۔ بے قرار کرنا۔ اَقْلَق الشَئَ مِنْ مَكَانِهٖ : حرکت دینا ـــــ القَوْمُ السُيُوْفَ فِي الغِمْدِ : آسانی کیلئے تلوار کو میان ہی میں حرکت دینا۔

القُلْقَاس۔ اروی۔

قَلْقَلَ قَلْقَلَةً۔ آواز نکالنا (ـــــ قَلْقَلَةً وقَلْقَالًا و قِلْقَالًا) الشَئَ : حرکت دینا۔ الحُزْنُ وَمَعَهٗ : آنسو بہانا ـــــ فِي الاَرْضِ : سفر کرنا۔

تَقَلْقَلَ۔ متحرک ہونا۔ ہلکا ہونا اور تیز دوڑنا ـــــ فِي البِلَاد : ملک میں پھرنا۔

القِلْقِل و القُلْقُلَان۔ ایک درخت ہے جو انار کے مشابہ ہوتا ہے اور جس کا پھل کالے رنگ کا چکنا گول کالی مرچ کے برابر ہوتا ہے۔

حروف القَلْقَلَة پانچ حروف ہیں۔ ب' ج' د' ط' ق۔

القَلْقَال۔ ہمیشہ سفر کرنے والا۔

القُلَاقِل و القُلْقُل۔ پھرتیلا مددگار۔ القُلْقُل : سفر میں ہلکا پھلکا۔

قَلَمَ (ض) قَلْمًا وقَلَّمَ الشَئَ : کاٹنا ـــــ الظُفْرَ : ناخن تراشنا۔ قَلَّمَ : تھوڑا تھوڑا کاٹنا ـــــ

القَلَم۔ قلم۔ قلم کا اطلاق بن جانے کے بعد ہے بننے سے پہلے قَصْبَةٌ اور یراعہ کہتے ہیں۔

القَلَمَ : جوئے کا تیر۔ تیر جو جواریوں کے درمیان گھمایا جاتا ہے۔ ج اَقْلَام و قِلَام۔

القَالِم۔ فا۔ جس کے بیوی نہ ہو۔ ج قَلَمَة۔

القُلَامَةُ۔ تراشہ۔ قُلَامةُ الظُفْر : ناخن کا تراشہ۔ اور اس سے گھٹیا اور حقیر چیز کی تشبیہہ دی جاتی ہے۔

الاِقْلِيْم۔ ملک۔ صوبہ۔ ربع مسکون کا ساتواں حصہ۔ ج اَقَالِيْم (دخیل)

المِقْلَمَة۔ قلم دان۔ ج مَقَالِم۔

مَقَالِمُ۔ الرُمْح : نیزے کی گرہیں۔

المُقَلَّمَة۔ بیوہ عورت اور کہا جاتا ہے "سَارَتْ اَلْفُ مُقَلَّمةٌ" یعنی ہزار سپاہیوں کی ہتھیار بند فوج روانہ ہوئی۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ مَقْلُوْمُ الظُفْرِ و مُقَلَّمُ الظُفْرِ" یعنی ضعیف و ذلیل ہے۔

المِقْلَام۔ قینچی۔

القَلَمَّس۔ بہت پانی والا کنواں۔ بہت فیاض۔ دور اندیش۔ ہوشیار۔ غیر معروف۔

قَلْمَعَ رَاسَهٗ : سر پر مار کر جدا کرنا۔ مونڈنا۔ ـــــ الشَئَ : جڑ سے اُکھیڑنا۔

القَلْمَعَة۔مص۔ کمینے لوگ۔

قَلْنَسَهٗ۔ٹوپی پہنانا۔قَلْنَسَ الشَّیْءَ :چھپانا۔
____ الرَّجُلُ :سینہ پر ہاتھ رکھ کر کھڑا ہونا۔

تَقَلْنَس۔ٹوپی پہننا۔

القَلَنْسُوَة والقَلَنْسِیَة۔ ٹوپی ج قلانس وقَلاَنِیْس وقَلاَسٍ وقَلاَسِیّ اور تصغیر قُلَیْنِسَة وقُلَیْسِیَة اور پادری جس ٹوپی کو استعمال کرتا ہے اس کو عوام قَلُّوْسَة کہتے ہیں۔

قَلاَ یَقْلُو قَلْوًا۔ اللَّحْمَ وغیرَہٗ : گوشت کڑاہی میں بھونا۔ صفت فاعلی۔قَلاَّء اور صفت مفعولی مَقْلُوٌّ ____ الاِبِلَ :اُونٹوں کو ہانکنا۔
____ القُلَةَ وبِالقُلَةِ : گلی ڈنڈا کھیلنا (____ قِلاً وقَلاَءً) الرَّجُلُ :بغض رکھنا۔

تَقَلّٰی اِلَیْهِ :نفرت کرنا۔بغض ظاہر کرنا ____ عَلٰی فِرَاشِهٖ :مضطرب ہونا۔ تلملانا۔

تَقَالَی الرَّجُلاَنِ :ایک دوسرے سے بغض رکھنا۔ کہا جاتا ہے "بَیْنَهُمْ تَقَالٍ" ان کے درمیان بغض ہے۔

اِقْلَوْلٰی اِقْلِیْلاَءً۔کوچ کرنا۔بے آرام ہونا۔ سکڑنا۔ جگہ سے علیحدہ ہونا ____ فِی الجَبَلِ : پہاڑ کی چوٹی پر چڑھ کر جھانکنا ____ الطَّائِرُ : پرندہ کا اُڑنے میں بلند ہونا۔ درخت کے اوپر کے حصہ پر اُترنا ____ ہٗ :پیٹھ پر سوار ہونا۔

القِلْو۔ہلکا پھلکا۔جوان ہلکا گدھا۔

القُلَة۔ج قُلاَت وقُلُوْن وقِلُوْن (المِقْلٰی والمِقْلاَء) گلی ڈنڈا۔القُلَة : ہرن کے پھنسانے کے لیے ایک قسم کا پھندا۔

القِلْوَة۔جانور جو اپنے سوار کو لے کر سب سے آگے بڑھ جائے۔

القَلَوْلٰی۔بلند پرواز پرندہ۔

قَلٰی یَقْلِیْ قَلْیًا اللحم وغیرہ : گوشت بھونا صفت فاعلی قَلاَّء۔ صفت مفعولی مَقْلِیّ
____ فُلاَنًا : سر پر مارنا ____ الرَّجُلُ وقَلِیَه یَقْلاَہُ قِلًی وقَلاَءً ومَقْلِیَةً :بغض رکھنا۔صفت فاعلی قَالٍ اور صفت مفعولی مَقْلِیّ۔

القِلْیُ والقِلَی۔ سجی۔

القُلٰی۔ پہاڑوں کی چوٹیاں۔ مُردوں کی کھوپڑیاں۔واحد قُلَة۔

القَلاَّء۔ کڑاہی بنانے والا۔ کڑاہی میں گوشت بھوننے والا۔

القَلاَّءَة۔وہ جگہ جہاں کڑاہیاں تیار ہوتی ہیں۔

القَلِیَّة۔ جو بھونا جائے۔ شوربا جو اُونٹ کے گوشت سے بنایا جائے۔ راہب کی کوٹھری۔ ج قَلاَیَا۔

المَقْلٰی والمِقْلاَة۔ کڑاہی۔ فرائی پان۔ ج مَقَالٍ۔

المَقْلاَة۔وہ مقام جہاں کڑاہی بنائی جائے۔

المَقْلِیّ۔جو بھونا جائے۔

قَمَّ(ن)قَمًّا۔خشک ہونا ____ شَارِبَهٗ :مونچھ جڑ سے مونڈنا ____ البَیْتَ :گھر میں جھاڑو دینا۔ صفت قَامّ و قَمَّام (____ واِقْتَمَّ) مَا عَلَی المَائِدَة :کھانا و اِقْتَمَّ الشَّیْءَ :مزاولت کرنا۔اعتماد کرنا۔خطانہ کرنا۔

قَمَّمَهٗ۔ خشک کرنا۔ قَمَّمَ النَّجْمُ : ستارے کا وسط آسمان میں پہنچنا۔

تَقَمَّمَ مَا عَلَی المَائِدَة : دسترخوان پر سے سب کچھ کھالینا ____ الشَّیْءَ :کسی چیز پر چڑھنا۔ ____ النَّخْلَةَ :درخت خرما پر چڑھنا اور سرے تک پہنچنا ____ الرَّجُلُ قِرْنَهٗ :ہمسر پر غالب آنا۔

القِمَّة۔ہر چیز کی چوٹی۔لوگوں کی جماعت۔بدن۔قدو قامت ج قِمَم۔

القُمَّة۔شیر کالقمہ۔کوڑا گھر۔

القَمِیْم۔خشک سبزی۔ستو۔

القُمَامَة۔ کوڑا کرکٹ۔ لوگوں کی جماعت ج قِمَم۔

المِقَمّ والمُقْتَم۔دسترخوان پر کا سب کچھ کھا لینے والا۔

المِقَمَّة۔جھاڑو۔ج مَقَامّ (____ والمِقَمَّة) پھٹے ہوئے کھروالے جانوروں کے ہونٹ۔

قَمَأَ(ف) وقَمُؤَ (ک) قَمْأَةً وقُمْأَةً وقِمَاءَةً وقَمَاءَةً۔ ذلیل و خوار ہونا۔ صفت قَمِیْءٌ ج قُمَاء وقِمَاء۔

قَمَأَ(ف) قَمْأً المَكَانَ وبِهٖ :داخل ہونا اور اقامت کرنا ____ ہٗ :اُکھیڑنا۔

قَمَأَتْ (ف) قَمْأً وقَمُؤَتْ (ک) قُمُوْءًا وقُمُوْءَةً وقَمْأً وقَمَاءً وقَمَأَةً۔المَاشِیَةُ :جانور کا موٹا ہونا ____ بِالمَكَانِ : سرسبزی کی وجہ سے اقامت کرنا اور موٹا ہونا۔

اَقْمَأَ الرَّجُلَ : ذلیل کرنا ____ الشَّیْءُ او المكان فُلاَنًا : تعجب میں ڈالنا اَقْمَأَتِ المَاشِیَةُ :جانور کا موٹا ہونا۔

قَامَأَهٗ مُقَامَأَةً۔ موافقت کرنا۔ کہا جاتا ہے مَا قَامَأَهُ المكان : جگہ اس کو موافق نہیں آئی۔

تَقَمَّأَ فُلاَنٌ المكان :موافق ہونا اور اقامت کرنا ____ الشَّیْءَ : تھوڑا تھوڑا جمع کرنا۔ عمدہ لینا۔

اِقْتَمَأَ الشَّیْءَ :جمع کرنا۔

القَمْءُ۔وہ جگہ جہاں اقامت کریں اور موٹے ہو جائیں۔

القَمْأَة۔ ج قِمَاء والمَقْمَأَة والمَقْمُؤَة وہ جگہ جہاں دھوپ نہ پہنچے۔

القَمْأَة والقُمْأَة۔ سرسبزی۔ آرام۔

القَمِیْءُ۔ذلیل وخوار۔

القَمَیْثَل۔بُری چال چلنے والا۔

قَمَحَ (ن) قُمُوْحًا وقَامَحَ وتَقَمَّحَ وانْقَمَحَ البَعِیْرُ :سیرابی کی وجہ سے پینے سے باز رہنا اور سر اُٹھانا صفت قَامِح ج قِمَاح وقُمَّح وتَقَمَّحَ الشَّرَابَ ومِنَ الشَّرَاب :ناپسند کرنا۔

قَمِحَ (س) قَمْحًا واقْتَمَحَ وتَقَمَّحَ السَّوِیْقَ ستو پھانکنا ____ الشَّرَابَ : ہتھیلی پر لینا اور چاٹنا۔

قَمَّحَ فُلاَنًا : حق سے کم دے کر ہٹانا۔

اَقْمَحَ السُّنْبُلُ :خوشہ میں دانہ بیٹھنا ____ البُرُّ : تیار گیہوں ہونا ____ الرَّجُلُ : سر اُٹھانا اور آنکھ بند کرنا ____ بِاَنْفِهٖ : بڑائی جتانا۔ مغرور ہونا ____ الغُلُّ الاَسِیْرَ : تنگی کی وجہ سے سر کو لٹکا ہوا چھوڑ دینا ____ فُلاَنٌ : شراب پینا۔

القَمْح۔گیہوں۔واحد قَمْحَة۔

القَمْحَة۔چٹکی یا پانی سے منہ بھرا ہوا۔

(____ والقُمَّحَان والقَمَّحَان) زعفران۔

القِمَحْدُوَة۔ سر کے پچھلے حصہ میں اُٹھی ہوئی جگہ اور گدی کے گڑھے کے درمیان کی جگہ۔

القَمِيخَة۔ پھنکی (دوا یا ستو وغیرہ کی)
رَجُلٌ قَمُوحٌ لِلنَّبِيذِ :بہت پینے والا۔
القَمَحْدُوَة۔ سر کے پچھلے حصہ میں اُٹھی ہوئی جگہ۔
اَقْمَحَ اِقْمَاحًا بِاَنْفِهٖ :بڑائی جتانا۔ متکبرین کی طرح بیٹھنا۔
قَمَدَ (ض) قَمْدًا و قُمُوْدًا۔ انکار کرنا۔ باز رہنا۔ نیکی یا بدی میں لگا رہنا۔
قَمِدَ (س) قَمَدًا۔ لمبی اور موٹی گردن والا ہونا۔ صفت اَقْمَدُ مؤنث قَمْدَاء۔
اَقْمَدَ الرَّجُلُ :گردن بلند کرنا۔
القُمُدُّ و القُمُدُّ و القُمَاد۔ مضبوط۔ موٹا۔
القُمُدُّ و القُمُدَّة و القُمُدَّانِيَّة۔ لمبی گردن والی اور بقول بعض موٹی اور لمبی گردن والی۔
القُمَّدَر۔ لمبے قد والا۔
قَمَرَ (ض) قَمْرًا۔ جوا کھیلنا ___ الرَّجُلَ : جوئے میں غالب آنا۔
قَمَرَ (ن ض) قَمْرًا الرَّجُلَ مَالَهٗ :مال چھین لینا۔
قَمِرَ (س) قَمَرًا الشَّيْءُ :بہت سفید ہونا۔
___ الرَّجُلُ : برف کی وجہ سے چندھیانا۔ چاندنی رات میں بے خواب ہونا ___ الكَلَأُ والمَاءُ و غَيْرُهُمَا گھاس پانی وغیرہ بہت ہونا
___ الاِبِلُ :اُونٹ کا سیراب ہونا۔
قَامَرَهٗ مُقَامَرَةً و قِمَارًا۔ باہم جوا کھیلنا۔
اَقْمَرَ اللَّيْلُ : چاندنی کا کھیت کرنا ___ الهِلَالُ : پورا چاند بننا ___ القَوْمُ : چاندنی میں ہونا۔ چاند کے نکلنے کا انتظار کرنا ___ الثَّمَرُ : پھل کے پکنے میں تاخیر ہونا یہاں تک کہ سردی آجائے پکنے سے پہلے سردی کا آجانا اور مٹھاس کا جاتا رہنا ___ الاِبِلُ : اُونٹ کا سیراب ہونا۔ بہت گھاس میں چرنا۔
تَقَمَّرَ۔ چاندنی رات میں شکار کیلئے نکلنا۔
___ الرَّجُلَ : جوے میں غالب آنا۔ چاندنی رات میں آنا ___ الطَّيْرَ و الظِّبَاءَ :پرندوں یا ہرنوں کا چاند کی روشنی میں شکار کرنا ___ الطَّيْرَ : پرندہ کو شکار کیلئے رات میں آگ سے چندھا کردینا۔

تَقَامَرَ القَوْمُ :باہم جوا کھیلنا۔
اِقْمَارَّ اِقْمِيْرَارًا۔ سفید ہونا۔ چاند کے رنگ کا ہونا۔
القَمَر۔ چاند۔ تین رات کے بعد آخر ماہ تک قمر کہتے ہیں اور اس سے پہلے ہلال ج اَقْمَارٌ القمران : آفتاب و ماہتاب۔ اَقْمَارُ العِلْمِ و شُمُوْسُه : علماء اور کہا گیا ہے "اِسْتَرَ عَيْنَهٗ الشَّمْسَ و القَمَرَ" یعنی میں نے اس کو مہلت دی۔
القُمْرَة۔ سبزی مائل۔ سفید رنگ۔
المَاءُ القَمِرُ۔ بہت پانی۔ لَيْلَةٌ قَمِرَةٌ : چاندنی رات۔
الحُرُوْفُ القَمَرِيَّة۔ چودہ حروف ہیں جن کے ساتھ تلفظ میں لام پڑھا جاتا ہے جیسے اَلْقَمَر۔
القُمْرِيّ۔ فاختہ کی مانند ایک مشہور پرندہ مؤنث قُمْرِيَّة ج قُمْر و قَمَارِيّ۔
القِمَار۔ مص۔ جوا۔
القَمِيْر۔ جواری۔ کہا جاتا ہے "هُوَ قَمِيْرُكَ" وہ جوئے میں تمہارا ساتھی ہے ج اَقْمَار۔ جیسے نَصِيْر و اَنْصَار۔
الاَقْمَر۔ سبزی مائل سفید رنگ والا۔ سفید وَجْهٌ اَقْمَرُ : چاند کے مشابہ چہرہ۔ سَحَابٌ اَقْمَرُ :پانی سے بھرا ہوا بادل۔
القَمْرَاءُ۔ الاقمر کا مؤنث۔ چاندنی۔
لَيْلَةٌ مُقْمِرٌ و مُقْمِرَةٌ۔ چاندنی رات۔ عرب کے امثال میں سے ہے "اَنْشَطُ مِنْ ظَبْيٍ مُقْمِرٍ" بیان کیا گیا ہے کہ چاندنی میں ہرن کو نشاط حاصل ہوتا ہے اور وہ کھیلتا کودتا ہے اور کبھی دھوکے میں آجاتا ہے اور درندہ شکار کرلیتا ہے۔ اسی وجہ سے دوسری مثال میں کہا گیا ہے "اَغَرُّ مِنْ ظَبْيٍ مُقْمِرٍ۔"
المَقْمُوْر۔ مفع۔ بُرائی۔ ناپسندیدہ بات اور اسی سے مثال ہے "وَضَعْتُ يَدِيْ بَيْنَ اِحْدَى مَقْمُوْرَتَيْنِ" دو برائیوں میں سے ایک برائی میں میں نے ہاتھ ڈالا۔
القُمْرُز۔ پستہ قد۔ چھوٹے کان والا۔
قَمْرَصَ قَمْرَصَةً۔ بادام کھانا ___
لَبَنٌ قُمَارِص۔ دودھ جس کے پینے میں چرپراہٹ لگے۔ بہت کھٹا دودھ۔

قَمَزَ (ن ض) الشَّيْءَ :جمع کرنا ___ الشَّيْءَ ___ اُنگلیوں کے کناروں سے پکڑنا۔
اَقْمَزَ الرَّجُلُ :بیکار چیزوں کا ذخیرہ کرنا۔
القَمَز۔ بے کار مال۔
القُمْزَة کھجور کی ایک مٹھی۔ نباتات کا شگوفہ جس میں دانہ نہ ہو۔ ج قُمَز۔
قَمَسَهٗ (ن ض) قَمْسًا و اَقْمَسَهٗ فِي المَاءِ : پانی میں غوطہ دینا۔ اَقْمَسَ الكَوْكَبُ : ستارے کا غروب ہونا ___ قَمَسَتِ الدَّلْوُ فِي المَاءِ :ڈول کا ڈوب جانا۔ قَمَسَ بِهٖ فِي البِئْرِ : کنوئیں میں پھینکنا۔
___ الوَلَدُ فِي البَطْنِ : بچے کا پیٹ میں حرکت کرنا۔
قَمَسَ (ن ض) قَمْسًا و قُمُوْسًا و انْقَمَسَ فِي المَاءِ : پانی میں غوطہ لگانا۔ اِنْقَمَسَ الكَوْكَبُ : ستارہ کا غروب ہونا۔ اِنْقَمَسَ فِي الرَّكِيَّةِ :کنوئیں میں کود پڑنا۔
قَمَّسَ الرَّجُلُ :اُونٹوں کو سیراب کرنا۔
قَامَسَهٗ قِمَاسًا و مُقَامَسَةً۔ غوطہ لگانے میں مقابلہ کرنا۔ مناظرہ کرنا۔ مباحثہ کرنا۔ کہا گیا ہے "هُوَ يُقَامِسُ حُوْتًا" وہ مچھلی سے غوطہ لگانے میں مقابلہ کرتا ہے یعنی اپنے سے زیادہ علم والے سے مباحثہ کرتا ہے۔
تَقَامَسُوْا فِي المَاءِ :باہم غوطہ زنی کرنا۔
القَمَّاس۔ غوطہ خور۔
القَامُوْس۔ سمندر۔ سمندر کا گہرا حصہ۔ ج قَوَامِيْس۔
القَامُوْس۔ علامہ مجد الدین فیروز آبادی کی علم لغت میں ایک مشہور کتاب زمانہ موجودہ میں ہر لغت کی کتاب کو قاموس کہتے ہیں۔
القِمَاس۔ کنوئیں میں پانی کی زیادتی۔
القَمِيْس ج قَمَامِيْس القَمِيْس سمندر۔
القَمُوْس۔ کنواں جس میں پانی زیادہ ہونے کی وجہ سے ڈول ڈوب جائے۔
القُمُس۔ مرد شریف ج قَمَامِس و قَمَامِسَة۔
القَوْمَس۔ امیر۔ سمندر کا گہرا حصہ۔ ج

قَوَامِس :القَوَامِس: مصیبتیں۔
قَمَشَ (ن ض) قَمْشًا و قَمَّشَ القُمَاشَ : اِدھر اُدھر سے جمع کرنا۔
تَقَمَّشَ۔ جو کچھ ملے اس کو کھا جانا اگرچہ معمولی ہو۔
اِقْتَمَشَ۔ القُمَاشَ :اِدھر اُدھر سے کھانا۔
القُمَاش۔ ردی اور گھٹیا چیزیں۔ قُمَاشُ النَّاسِ : رذیل لوگ۔ قُمَاشُ البَیْتِ : گھر کا سامان۔ ج اَقْمِشَہ۔
القَمْش۔ مص۔ ردی چیز۔
القَمَّاش۔ سامان بیچنے والا۔
قَمَصَ (ن ض) قُمَاصًا و قِمَاصًا و قَمْصًا الفَرَسُ وغَیْرُہٗ :گھوڑے کا اگلی دونوں ٹانگوں کو اکٹھا ہی اٹھانا اور اکٹھا ہی رکھنا ___ العَیْرُ : گدھے کا کودنا اور بھاگنا (___ قَمْصًا) مِنْہُ : نفرت کرنا۔ اعراض کرنا ___ النَّاقَةُ بِالرَّدِیْفِ : اُونٹنی کا اُچھلتے ہوئے لے جانا (___ وقَمَّصَ) البَحْرُ بِالسَّفِیْنَةِ : موج سے حرکت دینا۔ وقَمَّصَہٗ : قمیص پہنانا۔ قَمَّصَ الثَّوْبَ :کرتا قطع کرنا۔
تَقَمَّصَ۔ کرتا پہننا اور استعارہ کی بنا پر کہا جاتا ہے "تَقَمَّصَ الوِلَایَةَ والاِمَارَةَ وتَقَمَّصَ لِبَاسَ العِزِّ" تَقَمَّصَتِ الرُّوْحُ :ایک جسم سے دوسرے جسم میں منتقل ہونا۔
القَمَص۔ انڈے سے نکلے ہوئے ٹڈی کے تازہ بچے۔ مکھیاں یا مچھر جو پانی کے اوپر اُڑتے ہیں۔ واحد قَمَصَة۔
القِمَاص۔ مص۔ قلق۔
القَمِیْص۔ کرتا (مذکر و مؤنث) ج اَقْمِصَة وقُمُص وقُمْصَان۔ القَمِیْص :نوزائیدہ بچے کے اوپر کی جھلی۔ دِل کا غلاف۔ کہا جاتا ہے "هَتَكَ الخَوْفُ قَمِیْصَ قَلْبِهٖ" خوف نے اس کے دِل کے غلاف کو پھاڑ دیا۔
القَمِیْص والقُمُّوْص۔ وہ جانور جو اپنے سوار کو لے کر اُچھلے۔ القُمُّوْص :شیر۔ بے آرام جس کو قرار نہ ہو۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ قُمُّوْصُ الحَنْجَرَةِ" فلاں بڑا جھوٹا ہے۔
القِمِصَّی۔ تیز دوڑ۔

قَمَطَهٗ (ن ض) قَمْطًا و قَمَّطَهٗ۔ گہوارہ میں چھوٹے بچے کے ہاتھ پاؤں باندھ دینا ___ الاِبِلَ : اُونٹوں کو قطار میں کرنا ___ طَعْمَ الشَّیْئَ : چکھنا ___ الشَّیْئَ : لینا۔ قَمَطَ الدِّیْكُ : مرغ کا جفتی کرنا ___ المَرْأَةَ : عورت سے جماع کرنا۔
القِمَاط :رسّی جس سے ہاتھ پاؤں باندھیں۔ چوڑا کپڑا جس سے گہوارہ میں بچے کو لپیٹ دیں۔ ج قُمُط (___ والقِمْط) رسّی جس سے بکری کی ٹانگوں کو ذبح کرنے کے لیے باندھیں۔
عَامٌ قَمِیْطٌ۔ پورا سال۔ کہا جاتا ہے "اَقَمْتُ عِنْدَهٗ حَوْلًا قَمِیْطًا او شَهْرًا قَمِیْطًا" میں اس کے پاس ایک سال کامل یا ایک مہینہ کامل ٹھہرا۔
القَمَّاط۔ چور۔ بچوں کو گہوارہ میں باندھنے کے لیے پٹی بنانے والا۔
القُمَّاط۔ بہت سے چور۔
الکَرُوْبِیُّوْن والکَرُوْبِیَّة۔ اشراف ملائکہ۔ مقرب فرشتے۔ عبرانی زبان میں کَرُوبیم کہتے ہیں۔ ج کَرُوْب۔ اور کبھی عبرانی لفظ ہی کو استعمال کرتے ہیں واحد کَرُوْب۔

الکَرِیْبُ۔ نے کی گرہ۔ روٹی پکانے والے کا بیلن۔ الکَرِیْبُ مِنَ الْاَرْضِ: بے پانی اور بے درخت والی زمین (___ والمَکْرُوْب) غمگین۔

الکَرِیْبَة۔ کَرِیب کا مؤنث۔ سخت مصیبت۔ ج کَرَائِب۔ کہا جاتا ہے "مَا فِی الدَّارِ کَرَّابٌ" یعنی گھر میں کوئی نہیں۔

الْاِکْرَاب۔ مص جلد بازی۔ تم کہتے ہو "خُذْ رِجْلَیْكَ بِاِکْرَابٍ" یعنی جانے میں جلدی کرو۔

المُکْرَب مِنَ المَفَاصِلِ: پٹھوں سے بھرا ہوا۔ مضبوط رسّی یا عمارت یا جوڑ وغیرہ۔ حَافِرٌ مُکْرَبٌ: مضبوط کھر۔

الکُرْبَج۔ دُکان یا دُکان کا سامان۔ ج کَرَابِج (دخیل)

کَرْبَدَ فِی عَدْوِهٖ: دوڑنے میں کوشش کرنا۔ تیز دوڑنا۔

الکِرْبِز۔ بڑا کھیرا۔

کَرْبَسَ۔ بیڑی پڑے ہوئے کی طرح چلنا۔

تَکَرْبَسَ مِنْ ظَهْرِ فَرَسِهٖ: گھوڑے کی پیٹھ سے گر پڑنا۔

الکِرْبَاس۔ کھردرا کپڑا۔ شراب چھاننے کی چیز۔ ج کَرَابِیس (دخیل)

رَجُلٌ مُکَرْبَسُ الرَّاسِ: گول سر والا مرد۔

کَرْبَشَ۔ چھلانگ لگانے کے لیے ٹانگوں کو اکٹھا کرنا۔ بیڑی پڑے ہوئے کی طرح چلنا ___ الشَّیْءَ: لپیٹنا اور باندھنا۔

تَکَرْبَشَ الجِلْدُ: کھال کا سکڑنا۔

کَرْبَعَهٗ۔ پچھاڑنا ___ الشَّیْءَ بِالسَّیْفِ: تلوار سے کاٹنا ___ قَوَائِمَهٗ: ٹانگیں جدا کرنا۔

تَکَرْبَعَ۔ چوتڑوں کے بل گرنا۔

کَرْبَلَ۔ کیچڑ میں چلنا۔ پانی میں گھسنا ___ الشَّیْءَ بِالشَّیْءِ: ملانا ___ الحِنْطَةَ: گیہوں میں چھاننا، صاف کرنا۔

الکِرْبَال۔ گیہوں صاف کرنے کی چھلنی۔ رُوئی دُھننے کی کمان۔ ج کَرَابِیل۔

الکَرْبَلَة۔ مص۔ پاؤں کی سستی۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ یَمْشِی مُکَرْبِلًا" یعنی وہ اس طرح آیا گویا کیچڑ میں چل رہا ہے۔

کَرْتَحَهٗ۔ پچھاڑنا۔

تَکَرْتَحَ فِی مِشْیَتِهٖ: تیز گزر جانا۔

کَرَثَ (ض ن) کَرْثًا و اَکْرَثَ الغَمُّ فُلَانًا سخت غمگین کرنا۔

اِنْکَرَثَ الحَبْلُ: رسّی کا ٹوٹنا۔

اِکْتَرَثَ لِلْاَمْرِ: پروا کرنا ___ کہا جاتا ہے "هُوَ لَا یَکْتَرِثُ لِهٰذَا الْاَمْرِ" وہ اس معاملہ کی پروا نہیں کرتا۔

الکُرَّاث و الکَرَّاث۔ گندنا۔ ایک بدبودار قسم کی ترکاری۔ جس کی بعض قسمیں پیاز اور بعض لہسن کے مشابہ ہوتی ہیں۔ واحد کُرَّاثَةٌ۔

الکَارِث۔ غم انگیز معاملہ۔ ج کَوَارِث۔

الکَرِیْث۔ غم انگیز معاملہ۔ کہا جاتا ہے "اِنَّهٗ لَکَرِیْثُ الْاَمْرِ" جبکہ بزدلی کرے اور پیچھے ہٹے۔

کَرْثَأَ و تَکَرْثَأَ الشَّعْرُ ونَحْوُهٗ: بال وغیرہ کا گنجان ہونا۔

الکِرْثِئُ۔ تہ بتہ بادل۔ انڈے کا اوپر کا چھلکا۔

الکِرْثِئَة والکِرْثَاة۔ گنجان سبزی۔

الکِرْیثَاء۔ کچی کھجور۔

کَرِجَ (س) کَرَجًا وکَرَّجَ واَکْرَجَ وتَکَرَّجَ الخُبْزُ: خراب ہونا۔ پھپھوندی لگنا۔ عوام "عَفِنَ" سے تعبیر کرتے ہیں۔

الکُرْج۔ ایک قوم کا نام۔ واحد کُرْجِیّ (___ والکُرَّج) ایک چیز ہے بچھیرے کی شکل کا جس سے کھیلتے ہیں۔

الکُرْجِیّ۔ مخنث

الکَرَارِجَة والکُرَیْرِج: ایک چھوٹی سبز رنگ کی مچھلی۔

الکِرْح۔ راہب کی کوٹھری۔ ج اَکْرَاح۔

کَرَخَ (ف) کَرْخًا المَاءَ اِلٰی مَوَاضِعِهٖ: چلانا۔

کَرَدَ (ن) کَرْدًا۔ ہانکنا ___ العَدُوَّ: دشمن کو ہٹانا ___ الشَّیْءَ: کاٹنا۔

کَارَدَهٗ مُکَارَدَةً۔ دفع کرنا۔ ہٹانا۔

الکَرْد۔ گردن کی جڑ۔ کہا جاتا ہے "اَخَذَهٗ بِکَرْدِهٖ او بِکَرْدَنِهٖ" اس نے اس کی گردن کی جڑ کو پکڑ لیا۔

الکُرْدُ و الْاَکْرَاد۔ ایشیا کی ایک قوم کا نام۔ واحد کُرْدِیٌّ۔

الکِرْدِیْدَة۔ کھجور کی بڑی ڈھیری۔

کَرْدَحَ۔ پست قد کی طرح دوڑنا۔ فُلَانًا: پچھاڑنا۔

تَکَرْدَحَ فِی عَدْوِهٖ: پست قد کی طرح دوڑنا۔

الکِرْدَح۔ بڑھیا۔ مضبوط مرد۔

الکُرَادِح۔ پست قد۔

الکِرْدَاح۔ دوڑنے میں قریب قریب قدم

رکھنے والا۔
الکُرْدَحَۃ۔ مص۔ تیز دوڑ۔
المُکَرْدَح۔ فا۔ ذلیل و خوار۔
کَرْدَسَ الخَیْلَ: گھوڑوں کو جمع کرنا اور دستہ دستہ بنانا ــــ الشَّیْئَ: باندھنا۔ بیڑی ڈالنا۔ بیڑی پڑے ہوئے کی طرح چلنا ــــ الحِمَارَ: گدھے کو تیز ہانکنا ــــ ہٗ: پچھاڑنا۔
کُرْدِسَ الرَّجُلُ: ہاتھ پاؤں اکٹھا باندھا جانا۔
تَکَرْدَسَ۔ سکڑنا اور بعض کا بعض پر جمع ہونا۔
الکُرْدُوْس۔ کندھے کی ہڈی۔
الکُرْدُوْسَۃ۔ گھوڑوں کا بڑا گلہ۔ ہر ہڈی جس پر گوشت ہو۔ ہر جوڑ کی دونوں ہڈیاں۔ ج کَرَادِس وکَرَادِیْس۔ کَرَادِیْسُ الفَرَسِ: گھوڑے کے جوڑ۔
المُکَرْدَس۔ گٹھے بدن کا۔
کَرْدَمَ۔ موٹے پستہ قد کی طرح دوڑنا ــــ القَوْمَ: جمع کرنا۔
تَکَرْدَمَ۔ گھبرا کر دوڑنا۔
الکَرْدَم والکُرْدُوْم مِنَ الرِّجَالِ: موٹا پستہ قد۔ ج کَرَادِم وکَرَادِیْم۔ الکُرْدُم: بہادر۔
کَرَزَ(ض) کُرُوْزًا۔ داخل ہونا۔ پوشیدہ ہونا۔ ــــ اِلٰی فُلَانٍ: پناہ لینا (ــــ کَرْزًا) انجیل کا وعظ کہنا۔
کَرَّزَ البَازِیَ: باز کو سدھانے کے لیے آنکھوں کو سینا اور کھلانا۔
کُرِّزَ۔ البَازِیُ: باز کے پروں کا گرنا۔
کَارَزَ مُکَارَزَۃً اِلَی المَکَانِ: دوڑ کر چھپنا۔ عَنْہُ: بھاگنا ــــ ہٗ: بھاگنا اور عاجزی ظاہر کرنا ــــ القَوْمُ: ایک چیز کو چھوڑ کر دوسری کو لینا۔
الکُرْز۔ چرواہے کا تھیلا۔ چھوٹی بوری۔ کُرْزُ الجُعَلِ: گبریلا کی گولی۔ ج اَکْرَاز وکِرَزَۃ۔
الکَرَز۔ ایک درخت کا نام جس کا پھل شفتالو کی مانند مگر اس سے چھوٹا ہوتا ہے۔ واحد۔ کَرَزَۃ۔
الکُرَّز۔ حاذق۔ نجیب۔ گفتگو میں عاجز و درماندہ۔ باز۔ ایک سال کا پرندہ ج کَرَارِزَۃ۔ (ــــ والمُکَرَّز والکُرَّزِیّ) لئیم۔ خبیث۔

الکَارِز والکَارُوْز۔ انجیل کا واعظ۔
الکُرَاز۔ ج کِرْزَان والکُرَّاز: شیشی۔ تنگ سر کا کوزہ۔
الکُرَّاز۔ چرواہے کا تھیلا اٹھانے والا۔ بے سینگ کا مینڈھا ــــ مِنَ المَعْزِ: گھنٹی دار بکری۔ ج کَرَارِیْز۔
الکَرِیْز۔ پنیر۔
الکِرَازَۃ۔ انجیل کا وعظ۔
کَرْزَمَ کَرْزَمَۃً الرَّجُلُ: دوپہر میں کھانا۔
الکَرْزَم۔ بہت کھانے والا۔ چھوٹی ناک والا۔ کلہاڑا۔
الکِرْزَم والکِرْزِیْم۔ کلہاڑا۔ سخت مصیبت۔ ج کَرَازِم وکَرَازِیْم۔
الکَرْزَن۔ بڑا کلہاڑا۔
الکِرْزِیْن۔ بڑا کلہاڑا۔ ج کَرَازِیْن۔
کَرَّسَ البِنَاءَ: عمارت کی بنیاد رکھنا۔ الاُسْقُفُ البِیعَۃَ اوالاَوَانِی الکَنِیْسَۃَ وغَیْرَھَا: وقف کرنا۔ خدمت اللہ کے لیے مخصوص کرنا۔
اَکْرَسَ: المَکَانُ: بول و براز سے لتھڑنا۔ ہٗ: بول و براز والی جگہ میں داخل کرنا۔
تَکَرَّسَ۔ بنیاد رکھا جانا۔ وقف ہونا۔ خدمت اللہ کے لیے مخصوص ہونا ــــ الشَّیْئُ: تہ بتہ ہونا اور سخت ہونا ــــ اُسُّ البِنَاءِ: عمارت کی بنیاد کا مضبوط ہونا۔ لتھڑنا ــــ الحَبَّ ونَحْوَہٗ: دانہ وغیرہ جمع کرنا۔
اِنْکَرَسَ عَلَیْہِ: اوندھا ہونا ــــ فِی الشَّیْئِ: اوندھا ہو کر داخل ہونا۔
الکِرْس۔ ہر چیز کا انبوہ۔ بول و براز سے لتھڑا ہوا۔ بکریوں کے بچوں کا باڑہ۔ جڑ۔ ج اَکْرَاس و جج اَکَارِیْس۔ کِرْسُ الحَوْضِ: حوض کے ارد گرد بول و براز سے لتھڑی ہوئی زمین۔
الکُرَّاسَۃ والکُرَّاس۔ کتاب کا جزء۔ پمفلٹ۔ ج کَرَارِیْس۔
الکُرْسِیّ۔ تخت۔ کرسی۔ ج کَرَاسِیّ وکَرَاسٍ کُرْسِیُّ الاُسْقُفِ۔ پادری کی اقامت گاہ۔ کُرْسِیُّ المَلِکِ: تخت شاہی۔ والکُرْسِیّ: علم: کہا جاتا ہے "ھُوَ مِنْ اَھْلِ الکُرْسِیّ": یعنی وہ اہل علم میں سے ہے اور کہا جاتا ہے "اِجْعَلْ لِھٰذَا الحَائِطِ کُرْسِیًّا" اس دیوار کے لیے پشتہ بنا دو۔ کُرْسِیُّ الجَوْزَا: چند ستاروں کا مجموعہ۔ الکَرَاسِیّ: علماء۔
الکِرْیَاس۔ چھت کے اوپر کا پائخانہ۔ ج کَرَایِیْس۔
الکَرَوَّس۔ بڑے سر والا۔ ہر ضخیم چیز۔ سیاہ۔
المُکْرَس والمُکَرَّس۔ مفع ــــ مِنَ القَلَائِدِ: دو دھاگوں میں علیحدہ علیحدہ موتی اور مہرے کو گوندھ کر بڑے مہروں سے جوڑا ہوا ہار۔ المُکَرَّس جوان پستہ قد پرگوشت۔
کَرْسَعَ کَرْسَعَۃً الرَّجُلُ: دوڑنا ــــ فُلَانًا: گٹے کے چھنگلیا والے حصے پر مارنا۔
الکُرْسُوْع۔ گٹے کا چھنگلیا کی طرف کا حصہ۔ ج کَرَاسِیْع۔ کُرْسُوْعُ القَدَمِ: ٹخنے کا جوڑ۔
الکُرْسَعَۃ والکُرْسُوْعَۃ۔ لوگوں کی جماعت۔
المُکَرْسَع۔ گٹے کے چھنگلیا کی طرف ابھرا ہوا حصہ والا۔ مؤنث مُکَرْسَعَۃ۔
کَرْسَفَ الدَّابَّۃَ: چوپایہ کی کونچ کاٹنا ــــ البَعِیْرَ: اونٹ کے پاؤں باندھنا۔ الدَّوَاۃَ: دوات میں صوف ڈالنا۔
تَکَرْسَفَ۔ کونچ کٹنا۔ پاؤں بندھنا۔ دوات میں صوف پڑنا ــــ الشَّیْئُ: بعض کا بعض میں داخل ہونا۔
الکِرْسَافَۃ۔ آنکھ کی کدورت۔
الکُرْسُف والکُرْسُوْف۔ روئی۔
الکُرْسُفَۃ والکُرْسُوْفَۃ۔ روئی کا ٹکڑا۔ دوات کا صوف۔
الکِرْسِنَّۃ والکِرْسَنَّۃ۔ ایک چھوٹے سے پودے کا نام جس کے بیج کو گاؤ دانہ کہتے ہیں جو چنے کے برابر گول سیاہ سرخی مائل ہوتا ہے اور دوا میں کام آتا ہے۔
کَرِشَ(س) کَرَشًا الجِلْدُ: کھال سکڑنا ــــ الرَّجُلُ: تنہائی کے بعد جماعت والا ہونا۔
کَرَّشَ۔ ترش روئی کرنا۔ مُکَرَّشَۃ (ایک قسم کا کھانا) بنانا۔
تَکَرَّشَ وَجْھُہٗ: ترش رو ہونا۔ تیوری چڑھنا

ـــــ القَوْمُ: اکٹھا ہونا۔ جمع ہونا۔
اِسْتَكْرَشَ الجَدْيُ: بکری کے بچے کا بڑے پیٹ والا ہونا۔ اِسْتَكْرَشَتْ اِنْفَحَةُ الجدي: بکری کے بچے کے اِنْفَحَة کا کرش ہونا (بکری کا بچہ جب تک کچھ نہ کھائے اور صرف دودھ پیتا رہے تو اس کی آنت کو اَنْفَحَة کہتے ہیں اور جب وہ کچھ کھانے لگے تو پھر کِرْش کہتے ہیں) ـــــ الرَّجُلُ: تیوری چڑھانا۔ ترش رُوئی کرنا۔
الكِرْش والكَرِش۔ جگالی کرنے والے جانور کی اوجھ (مؤنث) ج کُرُوش۔ الكَرِش والكِرْش: لوگوں کی جماعت۔ مرد کے اہل و عیال۔ چھوٹی اولاد۔ ایک بہترین قسم کی گھاس۔ خوشبو کا ڈبہ۔ کپڑے کی گٹھری۔ ج اَكْرَاش وكُرُوش۔ كَرِش القَوْمِ: قوم کا بڑا حصہ۔ كَرِشُ كُلِّ شَيْئٍ: ہر ایک چیز کا اجتماع۔
التَّكْرِيْشَة۔ اوجھ میں پکا ہوا کھانا۔
الاَكْرَشُ مِنَ الرِّجَالِ: بڑے پیٹ والا اور بقول بعض زیادہ مال والا۔ مؤنث كَرْشَاء ج كُرْشٌ۔ قَدَمٌ كَرْشَاءُ: پُر گوشت بھرے ہوئے تلوے اور چھوٹی اُنگلیوں والا قدم۔ دَلْوٌ كَرْشَاءُ: بڑا ڈول۔ اَتَانٌ كَرْشَاءُ: بھرے ہوئے کوکھ کی گدھی۔
المُكَرَّشَة۔ کھانا جو گوشت، چربی اور اوجھ ملا کر پکاتے ہیں۔
كَرَصَ (ض) كَرْصًا الشَّيْئَ: کوٹنا۔ ہاتھ سے نچوڑنا۔
كَرَّصَ۔ پنیر کھانا۔
اِكْتَرَصَ۔ الشَّيْئَ: جمع کرنا۔
الكَرِيْص۔ پنیر۔ پنیر بنانے کی جگہ۔
المِكْرَص۔ دودھ دوہنے کا برتن۔
كَرَضَ (ن) كَرْضًا الشَّيْئَ: تہ بتہ رکھنا۔
كَرَظَ (ن) كَرْظًا فِيْ عِرضِ فُلَانٍ: طعنہ دینا۔ عزت میں عیب لگانا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ مَكْرُوْظُ الحَسَبِ" اس کے حسب میں عیب لگایا گیا ہے۔
كَرَعَ (ف) وكَرِعَ (س) كَرْعًا وكُرُوْعًا فِي المَاءِ او الاِنَاءِ: پانی یا برتن میں منہ لگا کر پانی پینا۔
كَرَعَهُ (ف) كَرْعًا۔ پنڈلی پر تیر مارنا۔

كَرِعَ (س) كَرَعًا۔ دردمند پنڈلی والا ہونا۔ پایہ کھانے کا مشتاق ہونا۔ باریک پنڈلی والا ہونا ـــــ السَّاقُ: پنڈلی کے اگلے حصہ کا باریک ہونا۔ كَرَعَتِ السَّمَاءُ: برسانا۔
اَكْرَعَهُ الصَّيْدُ: شکار کا قریب ہونا۔ اَكْرَعَ القَوْمُ: منہ سے پانی پینے کے قابل پانا۔
تَكَرَّعَ ـــــ الرَّجُلُ: وضو کرنا۔ اطراف پر پانی بہانا۔
الكَرَع۔ مص۔ منہ لگا کر پینے کے قابل پانی۔ جانور کی ٹانگیں۔ کمینے و فرومایہ لوگ۔ دنی طبیعت کا۔ واحد جمع دونوں کے لیے مستعمل ہے۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ كَرَعٌ ورِجَالٌ كَرَعٌ" الكُرَاع مِنَ البَقَرِ والغَنَمِ: گائے بکری کے پائے (مذکر مؤنث) اور بقول بعض کُرَاع ٹخنوں کے نیچے کو کہتے ہیں۔ والكُرَاع مِنَ الاِنْسَانِ: گھٹنے سے نیچے۔ پنڈلی۔ ج اَكْرُع واَكَارِع۔
الكُرَاع: گھوڑے۔ خچر۔ گدھے۔ ہر شے کا کنارہ۔
كُرَاعُ الاَرْضِ: زمین کے گوشے۔ کہا جاتا ہے "اِمْشِ فِيْ كُرَاعِ الطَّرِيْقِ" یعنی راستے کے کنارے میں چلو۔ اَكَارِعُ الاَرْضِ: زمین کی آخری حدیں۔
الكُرَاعِيّ۔ پائے کا بیچنے والا۔
الكَارِع۔ فا۔ پانی میں گھسنے والا پئے یا نہ پئے۔
الكَارِعَة۔ كارع کا مؤنث۔ ج كَارِعَات۔
الكَارِعَات: پانی کے اوپر کھجور کے درخت۔
الكَرِيْع۔ برتن نہ ہونے کی وجہ سے اوک سے پانی پینے والا۔
الاَكْرَع۔ پتلی پنڈلیوں والا۔
الكَرَّاع۔ اسم مبالغہ۔ فرومایہ لوگوں سے دوستی کرنے والا۔ بارش کے پانی سے سیراب کرنے والا۔
المَكْرَع۔ جانوروں کے پانی پینے کی جگہ۔ ج مَكَارِع۔
فَرَسٌ مُكْرَعُ القَوَائِمِ: مضبوط ٹانگوں والا گھوڑا۔
المُكْرَعَةُ مِنَ النَّخِيْلِ وغَيْرِهِ: پانی لگائی ہوئی کھجور۔

كَرَفَ (ن ض) كَرْفًا وكِرَافًا و اَكْرَفَ الحِمَارُ وغَيْرُه: گدھے کا پیشاب کو سونگھ کر سر اُٹھانا اور ہونٹوں کو پلٹنا۔ كَرَفَ الشَّيْئَ: سونگھنا۔ اَكْرَفَتِ البَيْضَةُ: انڈے کا گندا ہونا۔
الكِرْف۔ ایک ہی چمڑے کا ڈول۔
كَرْفَأَتِ القِدْرُ: ہانڈی کا جھاگ دینا۔ كَرْفَأَ القَوْمُ: خلط ملط ہونا۔
تَكَرْفَأَ السَّحَابُ: بادل کا تہ بتہ ہونا۔
الكِرْفِئُ۔ بلند بادل۔ اور ایک ٹکڑے کو كِرْفِئَة کہتے ہیں۔ الكِرْفِئُ: انڈے کا اوپر کا چھلکا۔
المُكَرْفَح۔ بدصورت چہرہ والا۔
كَرْفَسَ كَرْفَسَةً۔ بیڑی پڑے ہوئے کی طرح چلنا ـــــ البَعِيْرَ: تنگ باندھنا۔
تَكَرْفَسَ۔ بعض کا بعض میں داخل ہونا۔
الكُرْفُس۔ رُوئی۔
الكَرَفْس۔ اجوائن۔
الكُرْكِيّ۔ سارس۔ ج كَرَاكِيّ۔
الكَرْكَدَن۔ گینڈا۔ اس کو مرمیس بھی کہتے ہیں اور عوام كَرْكَدَنّ کہتے ہیں۔
كَرْكَرَ كَرْكَرَةً الشَّيْئَ: بار بار اعادہ کرنا ـــــ الرحى: چکی گھمانا ـــــ الحَبَّ: دانہ پیسنا۔ الشَّيْئَ: جمع کرنا ـــــ الرَّجُلَ: قید کرنا ـــــ فِي الضَّحِكِ: بہت ہنسنا ـــــ الرَّجُلُ: ہنسنا۔ شکست کھانا ـــــ الرِّيَاحُ السَّحَابَ: ہوا کا بادل کو اُڑا دینا۔ متفرق ہونے کے بعد اکٹھا کر دینا ـــــ الاَمْرَ عَنْهُ: دفع کرنا، ہٹانا۔ رد کرنا ـــــ بِالدَّجَاجَةِ: مرغی کو بلانا۔
تَكَرْكَرَ فِي الاَمْرِ: مضطرب ہونا ـــــ المَاءُ: اپنے بہنے کی جگہ میں لوٹ جانا ـــــ الطَّائِرُ: پرندہ کا فضا میں منڈلانا۔
الكَرْكَر۔ ایک آبی پرندہ۔
الكَرْكَرَة۔ مص گاڑھا دودھ۔ پیٹ کی گڑگڑاہٹ۔
الكِرْكِرَة۔ سم والے جانور کا سینہ۔ لوگوں کی جماعت۔ ج كَرَاكِر۔ الكَرَاكِر: گھوڑے کے

جوڑ۔

الکَرْکُوْزَۃ۔ گہری وادی۔

کَرْکَسَ الشَّیْئَ: رَد کرنا۔ ہٹانا ____ الدَّابَّۃَ چوپائے کو باندھنا (____ و تَکَرْکَسَ) الْاِنْسَانُ: اوپر سے نیچے لڑھکنا۔

الکُرْکُمْ۔ زعفران۔ مصطگی۔ ایک نباتات کی جڑ کہ وہ ورس ہے یا اس کے مشابہ۔

الکَرْکَنْد۔ سرخ رنگ کا گوند۔ گینڈا۔

کَرُمَ (ک) کَرَمًا و کَرَمَۃً و کَرَامَۃً۔ عزیز و نفیس ہونا' آسانی سے دینا اور بخشش کرنا۔ فیاض ہونا ____ السَّحَابُ: بارش لانا۔

کَرَمَہٗ (ن) کَرْمًا۔ کرم میں غالب ہونا۔ کہا جاتا ہے "کَارَمَہٗ فَکَرَمَہٗ" اِس نے اُس سے کرم میں مفاخرت کی اور غالب ہو گیا۔

کَرَّمَہٗ تَکْرِیْمًا و تَکْرِمَۃً۔ تعظیم کرنا۔ تنزیہ کرنا۔ کَرَّمَ اللّٰہُ وَجْھَہٗ: اللہ تعالیٰ ان کو باعزت کرے (____ و کَرُمَ) السَّحَابُ: بادل کا بہت پانی والا ہونا۔

کَارَمَہٗ۔ کرم میں مفاخرت کرنا۔ و کَارَمْتُ فُلَانًا: میں نے اس کے پاس ہدیہ بھیجا تاکہ وہ بدلہ دے۔

اَکْرَمَ۔ کریم اولاد والا ہونا ____ فُلَانًا: تعظیم کرنا ____ نَفْسَہٗ عَنِ الْمَعَاصِی: بچانا' محفوظ رکھنا اور تعجب کے موقع پر بولا جاتا ہے "مَا اَکْرَمَہٗ لِی" یعنی وہ میری تعظیم کس قدر کرتا ہے اور فعل رباعی سے ہونے کی وجہ سے یہ شاذ ہے۔

تَکَرَّمَ۔ بتکلف کرم کرنا (____ و تَکَارَمَ) عَنْ کَذَا: بچنا۔ دور رہنا۔

اِسْتَکْرَمَ۔ عمدہ عمدہ چھانٹ لینا ____ الشَّیْئَ: اچھی چیز طلب کرنا۔ اچھی چیز پانا۔

الکَرَمُ۔ مص۔ درگزر۔ بخشش۔ فیاضی۔ ہار میں ایک قسم کی کاریگری۔

الکَرَم۔ صفت بمعنی کریم و طیب۔ اور یہی لفظ واحد جمع مذکر مؤنث سب کیلئے مستعمل ہے جیسے رَجُلٌ کَرَمٌ و نِسَاءٌ کَرَمٌ و اَرْضٌ کَرَمٌ۔

الکَرْم۔ انگور کی بیل۔ فصیل والا نخلستان باغ (عامیہ) ج کُرُوْم۔ بِنْتُ الکَرْمِ او الکَرْمَۃِ او الکُرُوْمِ شراب۔ الکَرْم: ہار۔

الکَرْمَۃ۔ انگور کی بیل۔ یہ کرم سے خاص ہے

الکَرْمَۃ: سرین کی ہڈی کا گول سرا۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ کَرْمَۃٌ" مرد کریم۔

الکَرَامَۃ۔ مص کہا جاتا ہے "اَفْعَلُ ذٰلِکَ حُبًّا وَ کَرَامَۃً لَکَ" میں اس کو تمہاری محبت و تعظیم کے خیال سے کرتا ہوں۔ "وَلَہٗ عَلَیَّ کَرَامَۃٌ" فلاں کے لئے میرے اوپر بزرگی ہے۔ الکَرَامَۃ: امر خارق عادت جو اولیاء اللہ سے ظاہر ہو۔ کہا جاتا ہے کُرْمًا و کُرْمَۃً و کَرْمَۃً و کُرْمیٰ و کُرْمَانًا و کُرْمَۃَ عَیْنٍ لک۔ یعنی تمہاری تعظیم کے لئے۔

الاُکْرُوْمَۃ۔ کرم کا فعل۔

التَّکْرِمَۃ۔ مص۔ تکیہ۔ تکیہ جس پر انسان کو عزت و تعظیم کے خیال سے بٹھایا جائے۔

الکَرِیْم۔ صاحب کرم۔ درگزر کرنے والا۔ اللہ تعالیٰ کے اسماء حسنیٰ میں سے ہے رَجُلٌ کَرِیْمٌ مرد سخی۔ دیالو۔ ج کِرَام و کُرَمَاء۔ اور لفظ "کَرِیْم" کا اطلاق ہر اچھی اور پسندیدہ اور قابل تعریف چیز پر ہوتا ہے۔ رِزْقٌ کَرِیْمٌ: بہت روزی۔ قَوْلٌ کَرِیْمٌ: نرم و پسندیدہ قول۔ کِتَابٌ کَرِیْمٌ: معنی الفاظ اور فوائد کے لحاظ سے پسندیدہ کتاب۔ وَجْہٌ کَرِیْمٌ: جمال و محاسن کے لحاظ سے پسندیدہ چہرہ۔ الکَرِیْمَان: حج اور جہاد۔

الکَرِیْمَۃ۔ کریم کا مؤنث ج کَرِیْمَات و کَرَائِم و کِرَام۔ الکَرِیْمَۃ: ہر عضو شریف۔ جیسے ہاتھ کان الکَرِیْمَتَان: دونوں آنکھیں۔ کَرِیْمَۃُ الرَّجُل: بیٹی الکَرِیْمَۃ: صاحب کرم و حسب۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ کَرِیْمَۃُ قَوْمِہٖ" فلاں اپنی قوم میں شریف ہو۔ کریمۃ میں تا مبالغہ کے لیے ہے۔ کَرَائِمُ المَال: عمدہ اور بہترین مال۔

الکُرَام۔ کریم۔ ج کُرَامُوْن۔

الکَرَّام۔ انگور کی بیل والا اور اس کی نگہبانی کرنے والا۔

الکُرَّام و الکُرَّامۃ۔ بہت زیادہ کرم کرنے والا۔ ج کُرَّامُوْن۔

المَکْرَمَانُ۔ کریم بہت وسیع اخلاق والا۔ اور یہ ندا ہی کے لیے مخصوص ہے۔ کہا جاتا ہے یَا مَکْرَمَانُ۔

المَکْرَم و المَکْرَمَۃ۔ شریف۔ فیاض۔ ج مَکَارِم۔ اَرْضٌ مَکْرَمَۃٌ لِلنَّبَاتِ: عمدہ زرخیز زمین۔

المَکْرُم و المَکْرُمَۃ۔ کرم کا فعل۔ کریم۔ کہا جاتا ہے "فِعْلُ الخَیْرِ مَکْرُمَۃٌ" یعنی فعل خیر کرم یا تعظیم کا سبب ہے۔

المِکْرَام۔ لوگوں کا اکرام کرنے والا۔ بہت فیاض۔

المُکْرَم۔ مفعو۔ ہر ایک کے نزدیک باعزت شخص۔

کَرْنَبَ الرَّجُلُ: چھوارے کو دودھ کے ساتھ کھانا ____ ضَیْفَہٗ: مہمان کو کرم کلا کھلانا۔

الکُرُنْب و الکَرْنَب کرم کلا۔

الکَرْنَبِیَّۃ۔ ایک قسم کا کھانا جو کرم کلا سے بنایا جاتا ہے۔

کَرْنَفَ الکَرَانِیْفَ: کھجور کی ٹہنی کو کاٹ لینے کے بعد تنہ میں جو حصہ باقی رہ جائے اس کو کاٹنا کَرْنَفَہٗ بِالْعَصَا: لاٹھی سے مارنا۔ کَرْنَفَ الشَّیْئَ بِالسَّیْفِ: تلوار سے کاٹنا ____ النَّخْلَۃَ: تنہ کو کھجور کی ٹہنی کے باقی ماندہ حصہ سے صاف کرنا۔

الکِرْنَاف و الکُرْنَاف۔ کھجور کی ٹہنی کو کاٹ لینے کے بعد تنہ میں باقی ماندہ حصہ۔ واحد کُرْنَافَۃٌ ج کَرَانِیْف۔

اَنْفٌ مُکَرْنَف۔ موٹی ناک۔

کَرِہَ (س) کَرْھًا و کُرْھًا و کَرَاھَۃً و کَرَاھِیَۃً و مَکْرَھَۃً و مَکْرُھَۃً الشَّیْئَ: ناپسند کرنا۔ صفت فاعلی کَارِہٌ۔ صفت مفعولی مَکْرُوْہٌ۔

کَرُہَ (ک) کَرَاھَۃً و کَرَاھِیَۃً الاَمْرُ او المَنْظَرُ: قبیح ہونا۔ صفت کَرِیْہٌ۔

کَرَّہَ الشَّیْئَ فُلَانًا و کَرَّہَ الشَّیْئَ اِلٰی فُلَانٍ: ناپسند کرانا۔

اَکْرَہَ۔ فُلَانًا عَلَی الاَمْرِ: مجبور کرنا۔ ____ الرَّجُلَ: ناپسندیدہ امر پر اکسانا۔

تَکَرَّہَ و تَکَارَہَ الشَّیْئَ: ناپسند کرنا۔ تَکَرَّہَ و تَکَارَہَ۔ غضبناک ہونا۔

اِسْتَکْرَہَ الشَّیْئَ: قبیح پانا قبیح سمجھنا۔

الکَرْہ و الکُرْہ۔ مص۔ الکار۔ مشقت جس پر

کسی کو مجبور کیا جائے۔ اور بقول بعض کُرْہ بالضم جس پر تم اپنے آپ کو مجبور کرو اور کَرْہٌ بالفتح جس پر کسی غیر کو مجبور کرو۔ اور کہا جاتا ہے "شَیْءٌ کَرْہٌ" مکروہ چیز۔ "وَرَجُلٌ کَرِہٌ" ناراض مرد "وَجْہٌ کَرِہٌ" قبیح چہرہ "وَفَعَلَہٗ کَرْھًا" یعنی اس نے اس کو مجبوراً کیا۔

الکَرِہ۔ قبیح۔

الکَرَاھَۃ۔ مصدر۔ سخت زمین۔

الکَرَاھِیَنْ۔ کراہت۔ کہا جاتا ہے "اَتَیْتُکَ کَرَاھِیَنْ اَنْ تَغْضَبَ" تیرے غضبناک ہونے کی کراہت سے میں تیرے پاس آیا۔

الکَرِیْھَۃ۔ مؤنث کَرِیہ۔ لڑائی کی شدت۔ مصیبت۔ ج کَرَائِہ۔ ذُوالکَرِیْھَۃِ: شمشیر براں۔ کہا جاتا ہے "لَقِیْتُ دُوْنَہٗ کَرَائِہَ وَمَکَارِہَ" اس کے ورے مصیبتوں اور مکروہات سے میں دوچار ہوا۔

المَکْرَہ۔ مکروہ۔ ج مَکَارِہ۔

المَکْرَھَۃ والمَکْرُوْھَۃ۔ ناپسندیدہ و دشوار چیز۔ ج مَکَارِہ۔

المَکْرُوْہ۔ مفعو۔ شر۔ ناپسندیدہ۔

المَکْرُوْھَہ۔ سختی۔ کہا جاتا ہے "ھُوَ ذُوْمَکْرُوْھَۃٍ" وہ سختی میں ہے۔

کَرَا یَکْرُوْ کَرْوًا۔ الاَرْضَ: کھودنا ___ الاَمْرَ: بار بار اعادہ کرنا ___ البِئْرَ: کوئیں کا من درخت کے تنوں سے بنانا ___ بِالکُرَۃِ: گیند کھیلنا۔ کَرَتِ الدَّابَۃُ: تیز دوڑنا۔

کَرِیَتْ تَکْرٰی کَرًا۔ السَّاقُ: پنڈلی کا باریک ہونا ___ المَرْاَۃُ: موٹے بازوؤں والی ہونا۔

الکَرَا۔ بازوؤں کی موٹائی۔ قدم کے پنجے کا قریب ہونا اور ایڑیوں کا دور ہونا یا پنڈلیوں کی باریکی۔ کروان کا مذکر۔

الکَرَوَان۔ ایک پرندہ۔ بھورے رنگ کا لمبی چونچ کا۔ اور کہا جاتا ہے کہ وہ رات کو سوتا نہیں اور اس کا نام ایسا رکھا گیا ہے جو ضد پر دلالت کرتا ہے اس وجہ سے کہ کریٰ کے معنے نیند کے ہیں مؤنث کَرَوَانَۃ۔ ج کِرْوَان و کَرَاوِیْن۔

الکُرَۃ۔ ہر وہ چیز جس کو تم گول بناؤ۔ ہر گول چیز۔ اور نسبت کے لیے کُرَوِیٌّ و کُرِیٌّ ج کُرًی و کُرِیْن و کِرِیْن و کُرَاتٌ و اُکَر۔

الکَرَوِیَاءُ والکَرَوْیَاءُ۔ زیرہ۔

کَرٰی یَکْرِیْ کَرْیًا۔ الرَّجُلُ: تیز دوڑنا ___ النَّھْرَ: نہر کو کھودنا ___ بِالکُرَۃِ: گیند کھیلنا۔

کَرِیَ یَکْرٰی کَرًی۔ الرَّجُلُ: اونگھنا۔ صفت کَرٍ و کَرْیَان و کَرِیٌّ۔

کَارَاہُ مُکَارَاۃً و کِرَاءً۔ الدَّابَۃَ او الدَّارَ: چوپایہ یا مکان کرایہ پر دینا۔ صفت مُکَارٍ۔

اَکْرٰی اِکْرَاءً۔ الشَّیْءُ: زیادہ ہونا۔ کم ہونا۔ (ضد) ___ فُلَانٌ۔ اطاعت الٰہی میں شب بیداری کرنا۔ الاَمْرَ: مؤخر کرنا۔ پیچھے ڈالنا ___ الحَدِیْثَ بات طویل کرنا ___ فُلَانٌ دَابَّتَہٗ و دَارَہٗ: چوپایہ یا مکان کرایہ پر دینا اور راسم۔

الکَرْوُ والکُرُوُّ والکَرْوَۃ۔

تَکَرّٰی تَکَرِّیًا۔ سونا۔

اِکْتَرٰی مِنْہُ الدَّارَ و غَیْرَھَا: مکان وغیرہ کرایہ پر لینا۔

تَکَارٰی و اِسْتَکْرَی الدَّارَ وَغَیْرَھَا: مکان وغیرہ کرایہ پر لینا۔

الکِرَاءُ و الکِرْوَۃ۔ کرایہ۔

الکَرِیُّ۔ اونگھنے والا۔ کرایہ پر لینے والا۔ کرایہ پر دینے والا۔ ج اَکْرِیَاءُ۔ بہت چیز۔ ایک درخت ہے جو ریگستان میں ہوتا ہے۔ واحد کَرِیَّۃٌ۔

الکَرْیَان۔ اونگھنے والا۔

المُکَارِی۔ جانوروں کو کرایہ پر دینے والا۔ ج مُکَارُوْن۔ اور اب اکثر گدھے اور خچر والوں پر بولا جاتا ہے۔

المُکَرِّی مِنَ الاِبِلِ: آہستہ و نرم رفتار اونٹ۔

کَزَّ (ن) کَزًّا الشَّیْءَ: تنگ کرنا۔ کَزَّتْ خُطَاہُ: قدم قریب قریب ہونا ___ المَرْاَۃُ دُمْلُجَھَا: عورت کا بازو بند کو بازو سے بھر دینا ___ کَزَازَۃً وَکُزُوْزَۃً: سکڑنا۔ خشک ہونا۔

کُزَّ۔ سردی سے کپکپی لاحق ہونا۔ زکام ہونا۔

اَکَزَّ۔ اللّٰہُ فُلَانًا: کپکپی کی بیماری لگانا۔ صفت مفعولی۔ مَکْزُوْزٌ۔

اِکْتَزَّ۔ سکڑنا۔

الکَزُّ۔ مصدر۔ سکڑا ہوا۔ خشک۔ کہا جاتا ہے "وَجْہٌ کَزٌّ" یعنی قبیح چہرہ۔ "وَذَھَبٌ اَوْ جَبَلٌ کَزٌّ" یعنی بہت ٹھوس اور مضبوط۔ "وَفُلَانٌ کَزُّ الیَدَیْنِ" فلاں بخیل ہے۔ ج کُزٌّ۔

الکَزَّۃ۔ کزّ کا مؤنث۔ کہا جاتا ہے "قَوْسٌ کَزَّۃٌ" یعنی ایسی کمان جس کی لکڑی خشک ہے مڑتی نہیں۔ "وَبَکْرَۃٌ کَزَّۃٌ" یعنی تنگ چرخی۔

الکَزَّان۔ کجاوہ کے پچھلے حصہ کی دو لکڑیاں۔

الکَزَز۔ بخل۔

الکُزَاز والکُزَّاز۔ سخت سردی کی وجہ سے کپکپی یا ایک مرض کا نام۔

کَزِبَ (س) کَزَبًا۔ مُشْطُ الرِّجْلِ: پاؤں کی ہڈی کا چھوٹا ہونا' سکڑنا۔

الکُزْبَرَۃ والکُزْبُرَۃ والکَزْبَرَۃ۔ دھنیا کا پودہ اور دھنیا کو جلجلان کہتے ہیں۔

کَزَمَ (ن) کَزْمًا۔ منہ بند کرنا اور چپ رہنا۔ ___ الجَوْزَۃَ وَنَحْوَھَا: اخروٹ وغیرہ کو اگلے دانتوں سے توڑنا اور گری نکالنا ___ ہٗ: سخت دانت کاٹنا۔

کَزِمَ (س) کَزَمًا۔ بخیل ہونا۔ بہت کھانے والا ہونا۔ چھوٹی ناک یا انگلی والا ہونا۔ صفت اَکْزَم پیش قدمی سے ڈرنا۔

کَزَّمَ البَرْدُ اَصَابِعَہٗ: سردی کا انگلیوں کو سکڑا دینا۔

اَکْزَمَ۔ سکڑنا ___ عَنِ الطَّعَامِ: بہت کھانا یہاں تک کہ خواہش باقی نہ رہے۔

تَکَزَّمَ الفَاکِھَۃَ: میوہ بغیر چھیلے ہوئے کھانا۔

الکَزَم۔ تنگ ہتھیلی۔ چھوٹی انگلیوں والا۔

الکَزَم۔ بخل۔ بہت کھانا۔ ناک یا انگلیوں کی کوتاہی۔ گھوڑے وغیرہ کے ہونٹ کی چھوٹائی اور موٹائی۔ کہا جاتا ہے "فِیْ یَدِہٖ کَزَمٌ" جبکہ افعال خیر کے لیے ہاتھ نہ کھلے۔

الکَزَمُ مِنَ الرِّجَالِ: بزدل خائف مرد۔

الکَزْمَانُ مِنَ الرِّجَالِ: اتنا کھانے والا کہ ناپسند کرنے لگے۔

المُتَکَزِّم۔ چھوٹی ہتھیلی اور قدم والا۔

کَزٰی یَکْزِیْ کَزْیًا۔ اپنے آزاد کردہ سے احسان کرنا۔

کَسَّ (ن) کَسًّا الشَّیْءَ: باریک کوٹنا۔

کَسَّ (س) کَسَسًا۔ چھوٹے چھوٹے دانتوں والا ہونا۔ چھوٹے تالو والا ہونا۔ صفت اَکَسّ مؤنث کَسَّاءُ ج کُسٌّ۔

الکُسُّ۔ اندامِ نہانی۔

الکَسِیْس۔ ٹوٹی ہوئی روٹی، شکر اور بقول بعض جو اور چینا سے بنی ہوئی شراب۔ کھجور کی نبیذ۔ خشک شدہ گوشت کہ اس کو کوٹ کر باریک کر لیتے ہیں اور بطور توشہ کے سفر میں لے جاتے ہیں۔

المَکْسُوْس۔ مفعو۔ ٹوٹی ہوئی روٹی۔

کَسَأَهُ (ف) کَسْأً۔ پیچھا کرنا۔ کَسَأَ الدَّابَّةَ: چوپایہ کو ہانکنا ___ القَوْمَ: خصومت میں غالب آنا ___ ہُ بالسَّیْفِ: تلوار سے مارنا۔

الکُسْءُ۔ مِنَ اللَّیْلِ: رات کا ایک ٹکڑا۔

الکُسْءُ والکُسُوْءُ مِنْ کُلِّ شَیْءٍ: پچھلا حصہ ج اَکْسَاء۔ کہا جاتا ہے "رَکِبَ کُسَاءَهُ" یعنی وہ گدی کے بل گرا "و اَتَیْنَا فِی اَکْسَاءِ الشَّهْرِ" یعنی ہم مہینہ کے آخر میں آئے۔ "ومرُّوا فِی اَکْسَاءِ المُنْهَزِمِیْنَ او عَلٰی اَکْسَائِهِمْ" یعنی وہ لوگ شکست خوردہ جماعت کے نشان قدم پر اور ان کے پیچھے گئے۔

کَسَبَ (ض) کَسْبًا وکِسْبًا وتَکَسَّبَ واکْتَسَبَ مَالًا او عِلْمًا: مال یا علم حاصل کرنا۔ طلب کرنا۔ کمائی کرنا۔ کَسَبَ الشَّیْءَ: جمع کرنا۔ کَسَبَ الاِثْمَ: گناہ اٹھانا ___ لِاَهْلِهِ: کمائی کرنا۔

کَسَّبَ وکَسَبَ واَکْسَبَ فُلَانًا مَالًا او عِلْمًا: مال یا علم حاصل کرانا۔

اِسْتَکْسَبَ وتَکَسَّبَ فُلَانًا: کمائی کرانا۔

تَکَسَّبَ الرَّجُلُ: کمانے کی کوشش کرنا۔

الکَسْبُ۔ مص۔ کمائی۔

الکِسْبَةُ والکَسِیْبَةُ۔ کمائی۔

الکَاسِبُ۔ فا۔ ابو کاسب: بھیڑیا۔

الکَاسِبَةُ۔ کاسب کا مؤنث ج کَوَاسِب

الکَوَاسِبُ: انسان یا پرندہ کے جسم کے جوڑ۔ شکاری جانور۔

الکَسُوْبُ والکَسَّابُ۔ بہت کمائی کرنے والا۔

المَکْسَبُ والمَکْسِبُ والمَکْسِبَةُ۔ کمائی۔

الکَسَابُ۔ بھیڑیا۔

الکُسْبُ۔ کھلی۔

الکُسْبُجُ۔ کھلی۔

الکُسْبُرُ۔ ہاتھی دانت کا کنگن کی مانند ایک زیور۔ ج کَسَابِر۔

الکُسْبُرَةُ۔ دھنیا۔

الکُسْتِیْجُ۔ زنار کے علاوہ ایک دھاگا جس کو ذمی اپنے لباس پر باندھتے تھے۔

کَسَحَ (ف) کَسْحًا البَیْتَ: گھر میں جھاڑو دینا۔ کَسَحَتِ الرِّیْحُ الاَرْضَ: ہوا کا مٹی کو اڑا لے جانا۔ الشَّیْءَ: کاٹنا۔ کہا جاتا ہے "اَتَیْنَا بَنِی فُلَانٍ فَکَسَحْنَاهُمْ" یعنی ہم بنی فلاں پر پہنچے اور ان کو نیست و نابود کر دیا۔

کَسِحَ (س) کَسَحًا۔ ہاتھ پاؤں میں بے حسی والا ہونا۔ ایک پاؤں کے بوجھل ہونے کی وجہ سے چلنے میں گھسٹ کر چلنا۔ صفت اَکْسَحُ ج کُسْحَان کہا جاتا ہے "مَا اَکْسَحَهُ" کس قدر بوجھل ہے۔

کَاسَحَهُ مُکَاسَحَةً۔ بہت سخت جھگڑا کرنا۔

اِکْتَسَحَ الشَّیْءَ: لے جانا۔ کہا جاتا ہے "اَغَارُوْا عَلَیْهِمْ فَاکْتَسَحُوْهُمْ" یعنی انہوں نے ان کو لوٹا اور ان کا سارا مال لے گئے۔

الکَسْحُ۔ مص۔ عاجزی۔

الکُسَاحَةُ۔ کوڑا کرکٹ۔ ہاتھ پاؤں کی بے حسی اور اکثر پاؤں کی بے حسی کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔

الکَسِحُ۔ وہ شخص کہ جس سے تم مدد طلب کرو اور وہ تمہاری مدد نہ کرے۔

الاَکْسَحُ۔ ہاتھ پاؤں کی بے حسی والا۔ لنگڑا لنجا۔ ج کُسْحَان۔

الکَسِیْحُ والکُسَیْحُ والکَسْحَانُ ہاتھ پاؤں کی بے حسی والا۔

الکُسَاحُ۔ اونٹوں کا ایک مرض۔

المِکْسَحَةُ۔ جھاڑو۔

المُکَسَّحُ۔ چھیل کر ہموار کیا ہوا۔ جیسے عُوْدٌ مُکَسَّحٌ۔

المَکْسُوْحُ۔ مفعو جَمَلٌ مَکْسُوْحٌ: سخت لنگڑا اونٹ۔

کَسْحَبَ کَسْحَبَةً ڈر کی وجہ سے چھپ چھپ کر چلنا۔

کَسَدَ وکَسُدَ (ن) کَسَادًا وکُسُوْدًا الشَّیْءُ: خواہش مندوں کی کمی کی وجہ سے رائج نہ ہونا۔ کَسَدَتِ السُّوْقُ: بازار کا مندا ہونا۔ شی کی صفت کَاسِدٌ وکَسِیْدٌ اور سوق کی صفت کَاسِدٌ وکَاسِدَةٌ واَکْسَدُ۔

اَکْسَدَ القَوْمُ: مندے بازار والا ہونا۔ اَکْسَدَتِ السُّوْقُ: بازار کا مندا ہونا۔ اَکْسَدَ الشَّیْءَ: غیر رائج بنانا۔

اِنْکَسَدَتِ الغَنَمُ اِلَی الغَنَمِ: واپس ہونا۔ لوٹنا۔

الکُسْدُ۔ قسط (ایک دوا کا نام)

الکَسِیْدُ۔ مندا۔ گھٹیا۔

کَسَرَ (ض) کَسْرًا العُوْدَ وکُلَّ صُلْبٍ: توڑنا۔ العَسْکَرَ: لشکر کو شکست دینا ___ الوَصِیَّةَ: وصیت منسوخ کرنا ___ الشِّعْرَ: شعر کا وزن درست نہ کرنا ___ الطَّائِرُ جُنَاحَیْهِ: پرندہ کا اترنے کے لیے پروں کو سمیٹنا ___ الحَرْفَ: حرف کو زیر دینا ___ الوِسَادَةَ: تکیہ کو موڑنا اور ٹیک لگانا ___ المَتَاعَ: سامان ایک ایک کر کے بیچنا۔ کَسَرَ مِنْ طَرْفِهِ وعَلٰی طَرْفِهِ: نگاہ پست کرنا ___ فُلَانًا عَنْ مُرَادِهِ: پھیرنا۔

کَسَرَ (ض) کُسُوْرًا الطَّائِرُ: پرندہ کا اترنے کیلئے پروں کو سمیٹنا۔

کَسِرَ (س) کَسَرًا۔ کاہل ہونا۔

کَسَّرَ بمعنی کَسَرَ۔ تشدید مبالغہ اور تکثیر کیلئے ہے وکَسَّرَتِ المِرْآةُ ونَحْوُهَا النُّوْرَ عَلٰی کَذَا فَتَکَسَّرَ آئینہ نے فلاں چیز پر روشنی ڈالی اور اس پر روشنی پڑ گئی۔ کَسَّرَ الکَلِمَةَ: جمع مکسر بنانا۔ اور کہا جاتا ہے "کَسَّرَ الکِتَابَ عَلٰی عِدَّةِ اَبْوَابٍ" کتاب کو چند ابواب پر منقسم کیا۔

تَکَسَّرَ۔ ٹوٹنا ___ الشَّیْءَ: توڑنا۔

اِنْکَسَرَ۔ ٹوٹنا ___ العَسْکَرُ: لشکر کا

شکست کھانا اور پراگندہ ہونا۔ صفت دونوں معنی کے لحاظ سے مکسور ہے اور منکسر نہیں کہا جاتا ___ الحَرُّ: گری کم ہونا ___ العَجِیْنُ: گندھے ہوئے آٹے کا نرم ہونا اور خمیر ہونا ___ عَنِ الشَیْءِ: عاجز ہونا۔

اِکْتَسَرَ الشَیْءَ: توڑنا۔

الکَسْر۔ مص زیر کی حرکت۔ بہت کم ___ فِی الْحِسَابِ: ایک سے کم جیسے تہائی، چوتھائی اور اس کے مقابلہ میں صحیح ہے ج کُسُوْر و ج کُسُوْرَات۔

الکَسْر و الکِسْر۔ عضو کا جزو۔ ہڈی کا جز مع گوشت کے۔ کہا جاتا ہے "اَتَیْتُهُ وھُوَ یُطْعِمُ النَاسَ مِنْ کُسُوْرِ الإِبِلِ" میں اس کے پاس آیا اور وہ لوگوں کو اونٹ کے اعضاء کھلا رہا تھا۔ کوٹھری کا ایک گوشہ۔ خیمہ کا وہ کنارہ جو زمین پر لگا ہوا ہو۔ گوشہ ج اَکْسَار و کُسُوْر۔ کُسُوْر الاَوْدِیَةِ: وادی کے موڑ (اور اس آخری معنی میں اس لفظ کا واحد نہیں) "هٰذِه اَرْضٌ ذَاتُ کُسُوْرٍ" یہ زمین اونچی نیچی ہے۔

الکَسْرَة۔ کَسْر کا اسم مرۃ۔ زیر کی حرکت۔ شکست۔ کہا جاتا ہے "وَقَعَتْ عَلَیْهِمُ الکَسْرَةُ" یعنی شکست کھا گئے۔ "و بِعَیْنِهِ کَسْرَةٌ مِنَ السَّهْرِ" یعنی اس کی آنکھ میں نیند کا غلبہ ہے۔ بیداری کی وجہ سے۔ ج کَسَرات اور کہا جاتا ہے "هُوَ ذُوْ کَسَرَاتٍ و هَزَرَاتٍ" وہ ایسا شخص ہے جس کو ہر چیز میں نقصان ہوتا ہے۔

الکِسْرَة۔ ٹوٹی ہوئی چیز کا ٹکڑا۔ ج کِسَر و کِسِرات و کِسَرات۔

کَسْرٰی و کِسْرَیٰ۔ شاہانِ فارس کا نام۔ ج اَکاسِرَة و اَکَاسِر و کَسَاسِرَة و کُسُوْر اور نسبت کے لیے کَسْرَوِی اگر کَسْرٰی کی طرف نسبت ہو اور اگر کِسْرٰی کی طرف ہو۔ کِسْرَوِی، اِکْسِرِیّ۔

الکُسَار والکُسَارَة مِنَ الحَطَبِ ونَحْوِه: کھورا۔ چھپٹی۔

الکَسِیْر۔ ٹوٹا ہوا۔ ج کَسْرٰی و کَسَارَیٰ۔

الاِکْسِیْر۔ وہ چیز جو چاندی وغیرہ کو سونا بنا دے۔

التَکْسِیْر۔ مص ۔ والتَکْسِیْر عِنْدَ المُهَنْدِسِیْنَ: پیمائش۔

الکَاسِر۔ فا۔ ج کُسَّر۔ عقاب۔ کہا جاتا ہے عُقَابٌ کَاسِرٌ: ٹوٹ پڑنے والا یا شکار کیے ہوئے جانور کو توڑ دینے والا عقاب۔

الکَاسِرَة۔ کاسر کا مؤنث ج کَاسِرَات و کُسَّر و کَوَاسِر۔ الکَوَاسِر: شکاری پرندے۔

الکَسَّار۔ اسم مبالغہ۔

المَکْسِر۔ توڑنے کی جگہ۔ مَکْسِرُ الشَجَرَة: درخت کی جڑ یا درخت کا تنہ جہاں سے ٹہنیاں توڑی جائیں۔ آزمائش۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ طَیِّبُ المَکْسِر" فلاں آزمائش کے وقت اچھا ہے۔

المُکَاسِر مِنَ الجِیْرَان: پڑوسی جس کے مکان کا گوشہ تمہارے مکان کے گوشہ سے ملا ہوا ہو۔ کہا جاتا ہے "هُوَ جَارِی مُکَاسِرِی" وہ میرا پڑوسی ہے کہ اس کے مکان کا گوشہ میرے مکان کے گوشہ سے ملا ہوا ہے۔

المُکَسَّر۔ مفع ۔ المُکَسَّر مِنَ الاَوْدِیَة: وادی جس کے موڑ بہہ رہے ہوں۔ الجمع المُکَسَّر: جمع سالم کی ضد۔ جس میں واحد وزن باقی نہ رہے۔ جیسے رَجُلٌ سے رِجَالٌ۔ مَسْجِدٌ سے مَسَاجِد۔

المَکْسُوْر۔ مفع ۔ صَوْتٌ مَکْسُوْرٌ: نرم و کمزور آواز۔

المُتَکَسِّر۔ فا۔ کہا جاتا ہے "رَأَیْتُهُ مُتَکَسِّرًا" میں نے اس کو سست دیکھا۔

کَسَعَهُ (ف) کَسْعًا۔ دھتکارنا۔ دھتکارتے ہوئے پیچھا کرنا۔ چوتڑوں پر ہاتھ یا لات مارنا۔ کَسَعَ السَفِیْنَةَ فِی البَحْرِ: کشتی کو سمندر میں اُتارنا اور چلانا۔ کَسَعَهُ بِکَذَا: تابع بنانا۔ کہا جاتا ہے "وَرَدَتِ الخَیْلُ یَکْسَعُ بَعْضُهَا بَعْضًا" گھوڑے آئے اس حال میں کہ بعض بعض کے پیچھے تھے۔ "واتَّبَعَ فُلَانٌ اَدْبَارَهُمْ یَکْسَعُهُمْ بِالسَّیْفِ" فلاں ان کے پیچھے گیا اور تلوار سے ان کو دھتکار رہا تھا۔ "کَسَعْتُ الرَّجُلَ بِمَا سَاءَہ" جبکہ گفتگو کرے اور آخر میں ایسی بات کہے جو تکلیف دہ ہو۔

کَسَعَتْ واکْتَسَعَتْ الخَیْلُ بِاَذْنَابِهَا گھوڑوں کا ٹانگوں میں دُم دبانا۔

تَکَسَّعَ فِی ضَلَالِهِ: گمراہی کی انتہا کو پہنچنا۔

الکَسَع فِی الخَیْلِ: گھوڑے کے کھر کے پاس جوڑ کے ارد گرد سفیدی۔

الکُسَع۔ روٹی کے ٹکڑے۔

الکُسْعَة۔ پیشانی پر سفید داغ۔ پرندہ کی دُم کے نیچے سفید پر۔ ج کُسَع۔ کام کرنے والے بیل۔ گدھے۔ غلام۔

الاَکْسَع۔ مِنَ الخَیْلِ: کھر کے پاس جوڑ کے ارد گرد سفیدی والا گھوڑا ___ مِنَ الطَّیْرِ: دُم کے نیچے سفید پر والا پرندہ۔

رَجُلٌ مُکَسَّعٌ۔ بے بیاہا مرد۔

الکُسْعُوْم۔ گدھا۔

کَسَفَ (ض) کَسْفًا الثَوْبَ: کپڑا کاٹنا ___ اللّٰهُ الشَمْسَ او القَمَرَ: گہن لگانا ___ بَصَرَهُ: نگاہ پست کرنا ___ الشَمْسُ النُجُوْمَ: آفتاب کی روشنی کا ستاروں پر غالب آنا۔ ___ الشَیْءَ: ڈھانکنا۔ کَسَفَهُ الحُزْنُ وغَیْرُهُ: غمگین کر دینا۔

کَسَفَت (ض) کُسُوْفًا الشَمْسُ: آفتاب میں گہن لگنا ___ وَجْهُهُ: تیوری چڑھنا۔ متغیر ہونا ___ حَالُهُ: بُرا ہونا۔ کَسَفَ اَمَلُهُ: اُمید منقطع ہونا ___ کَسَفَ بَالُهُ: جی میں بُرا خیال آنا یا اُمید کا کھوٹا ہونا۔

تَکَسَّفَتِ الشَمْسُ: آفتاب میں گہن لگنا۔

اِنْکَسَفَتِ الشَمْسُ والقَمَرُ: آفتاب اور ماہتاب میں گہن لگنا۔

کَسَّفَ الشَیْءَ: ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔

الکَسْف۔ مص عرب کے امثال سے ہے "اَکَسْفًا واِمْسَاکًا" یعنی کیا ترش روئی اور بخل بھی (یہ مثال ترش رو و بخیل کیلئے استعمال ہوتی ہے)

الکَاسِف۔ فا۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ کَاسِفُ البَالِ" یعنی فلاں بُرے حال والا ہے "وکَاسِفُ الوَجْهِ" ترش رو "ویَوْمٌ کَاسِفٌ" سخت و خوفناک دن "ورَجُلٌ کَاسِفٌ" غمگین مرد جو غم

کی وجہ سے نڈھال ہو گیا ہو۔

الکِسْفَة۔ ٹکڑا ج کِسَف وکِسْف واکْسَاف وکُسُوْف۔

الکَسِیْفَة۔ ٹکڑا۔

کَسْکَسَ کَسْکَسَةً الشَّیئَ : سخت کوٹنا۔

الکَسْکَاس۔ پستہ قد موٹا مرد۔

الکَسْکَسَة۔ مص۔ وقف کی حالت میں ک ضمیر مؤنث کے ساتھ سین ملانا جیسے بِکِس واکرَمْتُکِس بک واکرمتكِ میں (یہ لغت بنو تمیم کی ہے)

الکُسْکُس۔ ایک کھانا ہے جو آٹے سے بنایا جاتا ہے۔

کَسِلَ (س) کَسَلاً وتَکَاسَلَ کاہل ہونا۔ جس کام سے سستی نہ کرنا چاہیے اس میں سستی کرنا۔ صفت کَسِلٌ وکَسْلان ج کَسَالٰی و کُسَالٰی مؤنث کَسِلَةٌ وکَسْلَانَةٌ وکَسْلٰی۔

کَسِلَ (س) کَسَلاً واَکْسَلَ۔ بے انزال کے جماع کرنا یا منی کو باہر گرانا۔

اَکْسَلَ الاَمْرُ فُلاَنًا : کاہلی میں ڈالنا۔

الکَسَالَة۔ بیکاری۔

الکَسُوْل۔ کاہل۔ ناز پروردہ لڑکی کے لیے وصف ہے جو اپنی مجلس سے جدا نہ ہو۔

الکِسْل والمِکْسَل۔ دھنیا کے کمان کی تانت جبکہ اُتاری جائے۔ نَسَبٌ مِکْسَلٌ" وہ نسب جسے سرداری اور افعالِ خیر میں خودداری نہ ہو۔

المِکْسَال۔ کاہل (مذکر ومؤنث) ناز پروردہ لڑکی جو اپنی مجلس سے جدا نہ ہو۔ یہ اس کے لیے باعث مدح ہے۔

المَکْسَلَة۔ سبب کاہلی۔ کہا جاتا ہے "الشِّبَعُ مَکْسَلَةٌ" آسودگی باعث کاہلی ہے "فُلَانٌ لَا تَکْسِلُهُ المَکَاسِلُ" اسباب کاہلی فلاں کو کاہل نہیں بناتے۔

کَسَمَ (ض) کَسْمًا الیَابِسَ : خشک چیز کو ہاتھ سے چورا کرنا ___ عَلٰی عِیَالِهٖ : کمائی حاصل کرنے کے لیے محنت کرنا ___ نَارَ الحَرْبِ : لڑائی بھڑکانا۔

الکَسْم۔ مص۔ خشک چیز کا چورہ جو تمہارے ہاتھوں میں باقی رہ جائے۔

الکَسُوْم۔ کر گزرنے والا۔

الکَیْسُوْم۔ بہت گھاس۔ کہا جاتا ہے "هٰذِهٖ رَوْضَةٌ کَیْسُوْمٌ واَکْسُوْمٌ ویَکْسُوْمٌ" یہ سرسبز وشاداب اور گنجان باغ ہے۔

خَیْلٌ اَکَاسِم۔ بہت سے گھوڑے جو ایک دوسرے کے اوپر ہوں۔

کَسْمَلَ کَسْمَلَةً۔ قریب قریب قدم رکھ کر چلنا۔

کَسَا یَکْسُوْ کَسْوًا واَکْسَی الثَّوْبَ فُلاَنًا : کپڑے پہنانا۔ کَسَاهُ شِعْرًا : اشعار سے مدح کرنا۔

کَسِیَ یَکْسٰی وکُسِیَ کَسًا الثَّوْبَ : کپڑا پہننا کَسِیَ یَکْسٰی کَسَاءً : بزرگ ہونا۔

تَکَسّٰی تَکَسِّیًا بِالکِسَاءِ : اوڑھنا۔ پہننا۔

کَاسٰی مُکَاسَاةً فُلاَنًا : فخر کرنا۔

اِکْتَسٰی۔ لباس پہننا۔ اِکْتَسَتِ الاَرْضُ بِالنَّبَاتِ : نباتات سے چھپ جانا۔ اِکْتَسَیْتُهٗ ثَوْبًا : کپڑے پہنانا۔

اِسْتَکْسٰی فُلاَنًا : کسی سے لباس مانگنا۔

الکَاسِی۔ فا۔ لباس پہننے والا۔ ج کُسَاة۔

الکَسَاء۔ بزرگی وشرف۔

الکِسَاء۔ کپڑا۔ کمبل۔ ج اَکْسِیَة۔

الکُسْوَة والکِسْوَة۔ لباس۔ ج کُسًی وکِسًی۔

الاَکْسٰی۔ بہت پہننے والا۔ بہت لباس دینے والا۔ عرب کے امثال میں سے ہے "هُوَ اَکْسٰی مِنْ بَصَلَةٍ" اس شخص کے لیے بولتے ہیں جو بہت زیادہ کپڑے پہنے۔

الکَسْیُ چوتڑ کا پچھلا حصہ۔ ہر چیز کا پچھلا حصہ ج اَکْسَاء۔ کہا جاتا ہے "رَکِبَ اَکْسَاءَهٗ" وہ گدی کے بل گرا۔

کَشَّ (ض) کَشًّا وکَشِیْشًا الزَّنْدُ : آگ نکلتے وقت سائیں سائیں کی آواز نکلنا ___ الجَرَّةُ : شراب کے مٹکے میں جوش آنا۔

کَشَّتْ کَشِیْشًا الحَیَّةُ : سانپ کی کھال سے آواز نکلنا۔ کَشَّ الجَمَلُ : اونٹ کا پہلی مرتبہ بڑبڑانا ___ البَقَرَةُ : گائے کا آواز نکالنا ___ کَشًّا الرَّجُلَ وغَیْرَهٗ : دھتکارنا۔ ڈانٹنا ___

تَکَاشَّتِ الاَفَاعِی : سانپوں کا آپس میں آواز نکالنا۔

الکَشُّ۔ وہ چیز جس سے درخت خرما کو گابھا دیا جائے۔

الکُشَّة۔ پیشانی یا سر کے اگلے حصہ کے بالوں کا گچھا۔

الکَشِیْش۔ مص۔ شراب کے جوش کی آواز۔

کَشَأَ (ف) کَشْأً الشَّیئَ : چھیلنا۔ اگلے دانتوں سے کاٹ کر کھانا ___ فُلَانًا بِالسَّیْفِ تلوار سے مارنا (___ واَکْشَأَ) اللَّحْمَ : گوشت بھون کر خشک کرنا۔ صفت مفعولی کَشِیْئٌ وکَشَأَ الرَّجُلُ : بھونے ہوئے گوشت کا ٹکڑا کھانا۔ کَشَأَ المَرْأَةَ : جماع کرنا۔

کَشِئَتْ (س) کَشَأً وکَشَاءً یَدُهٗ : ہاتھ پھٹنا۔ جھری دار ہونا۔

کَشَأَ وکَشِئَ کَشْأً وکَشَاءً وتَکَشَّأَ ___ الرَّجُلُ مِنَ الطَّعَامِ : شکم سیر ہو کر کھانا۔ صفت کَشِیْئٌ وکَشِیٌّ۔ تَکَشَّأَ الشَّیئَ : چھیل جانا ___ اللَّحْمَ : خشک بھنا ہوا گوشت کھانا۔

کَشَّأَ تَکْشِئَةً اللَّحْمَ : خشک بھنا ہوا گوشت کھانا۔

الکُشَاَة۔ عیب۔ کہا جاتا ہے "مَا فِی جَسَدِهٖ کُشَاَةٌ" اس کے جسم میں کوئی عیب نہیں۔

کَشَبَ (ض) کَشْبًا وکَشَّبَ اللَّحْمَ : گوشت بہت کھانا۔

الکُشْتُبَان انگشتانہ ج کَشَاتِبِیْن۔ وزَهْرُ الکُشْتُبَان : ایک قسم کی نباتات۔

الکَشُوْث والکُشُوْثٰی والکَشُوْثٰی والکَشُوْثَاء۔ ایک قسم کی گھاس ہے جو درخت وغیرہ پر لپٹی ہوئی ہوتی ہے اور اس کی جڑ نہیں ہوتی اور اس کے پتے بھی نہیں ہوتے۔

کَشَحَ (ف) کَشْحًا البَیْتَ : گھر میں جھاڑو دینا ___ القَوْمَ : پراگندہ کرنا۔ دھتکارنا ___ عَنِ المَاءِ : پانی پر سے واپس ہونا ___ لَهٗ بِالعَدَاوَةِ : دشمنی کرنا ___ الدَّابَّةُ : چوپایہ کا ٹانگوں کے درمیان دم دبانا ___ الطَّائِرُ : پرندہ کا تیز واپس آنا ___ الظَّلَامُ اوالضَّوْءُ

تاریکی یا روشنی کا زائل ہونا ___ وکَشَحَ العُوْدَ: لکڑی چھیلنا۔ چھال اُتارنا ___ البَعِیْرَ: اُونٹ کے پہلو میں داغ لگانا ___ هُ: پہلو پر داغ دینا۔

کُشِحَ الرَّجُلُ: پہلو پر داغ دیا جانا۔ صفت مَکْشُوْح۔ کُشِحَ القَوْمُ عَنِ المَاءِ: متفرق ہونا۔ پراگندہ ہونا۔

کَشِحَ (س) کَشَحًا۔ درد پہلو والا ہونا۔

کَاشَحَ کِشَاحًا ومُکَاشَحَةً فُلَانًا بِالعَدَاوَةِ: دشمنی رکھنا۔

اِنْکَشَحَ القَوْمُ عَنِ المَاءِ: متفرق ہونا۔ بکھرنا۔

تَکَشَّحَ الجَارِيَةَ: جماع کرنا۔

الکَشْح۔ مص۔ پہلو۔ ج کُشُوْح۔ کہا جاتا ہے "طَوىٰ کَشْحَهٗ عن فُلَانٍ او طَوىٰ کَشْحًا عَنْهُ" یعنی اس نے پہلو تہی کی اور اعراض کیا۔ "وطَوىٰ کَشْحَه عَلَی الاَمْرِ" اس نے کام پر مداومت کی۔

الکَشَح۔ پہلو کی بیماری جس کا علاج داغ لگانا ہے اور بقول بعض ذات الجنب کو کہتے ہیں۔

الکَاشِح۔ فا۔ پوشیدہ دشمنی رکھنے والا۔ اور بقول بعض وہ شخص جو دشمنی کی بنا پر پہلو تہی کرے یا وہ جو تم سے دوری اختیار کرے اور اعراض کرے۔

الکِشَاح۔ پہلو کا داغ۔

الکُشَاحَة۔ باطنی عداوت۔

المِکْشَح والمِکْشَاح۔ تلوار کی دھار۔

المِکْشَاخ: کلہاڑا۔

کَشْخَنَ کَشْخَنَةً الرَّجُلُ: عورت کے حق میں بے غیرت کہنا۔

الکَشْخَان۔ بیوی کے حق میں بے غیرت۔

کَشَدَ (ض) کَشْدًا الشَّيْءَ: دانتوں سے کاٹنا ___ النَّاقَةَ: اُونٹنی کو تین انگلیوں سے دوہنا۔

اَکْشَدَ۔ خالص مکھن بنانا۔

الکِشْدَة۔ مکھن۔

الکَاشِد والکَشُوْد والکَشَد اہل وعیال کیلئے بہت محنت سے کمانے والا۔ ج کُشُد۔

کَشَرَ (ض) کَشْرًا۔ عَنْ اَسْنَانِهٖ: ہنسی وغیرہ میں دانت نکالنا اور اسم الکِشْرَة ___ السبعُ عَنْ نَابِهٖ: درندے کا مقابلے میں دانت دکھانا۔ فُلَانٌ لَهٗ: چیتے جیسا بننا۔

کَشِرَ (س) کَشَرًا۔ بھاگنا۔

کَشَّرَ عَنْ اَسْنَانِهٖ: بمعنی کَشَرَ تشدید مبالغہ کے لیے ہے۔

کَاشَرَهٗ مُکَاشَرَةً۔ باہم ہنسنا۔ باہم دانت نکالنا۔

اَکْشَرَ لَهٗ عَنْ اَنْیَابِهٖ: دھمکی دینا۔

تَکَشَّرَ۔ دانت نکالنا۔

الکَشْر۔ مص۔ سوکھی روٹی۔

الکَشَر۔ انگور کا خوشہ جس کے انگور کھائے جا چکے ہوں۔

المُکَاشِر۔ فا۔ الجَارُ المُکَاشِرُ: قریبی پڑوسی۔

کَشَطَ (ض) کَشْطًا واسْتَکْشَطَ الشَّيْءَ: ڈھکی ہوئی چیز کو کچھ کھولنا۔ کَشَطَ الجُلَّ عَنِ الفَرَسِ والغِطَاءَ عَنِ الشَّيْءِ: جھول کو گھوڑے سے یا ڈھکنے کو کسی چیز سے اُتارنا۔ ننگا کرنا ___ الحَزْفَ: موقع سے ہٹا دینا۔ وکَشَطَ البَعِیْرَ: اُونٹ کی کھال اُتارنا واسْتَکْشَطَ البَعِیْرُ: کھال اُتارنے کا وقت قریب ہونا۔

تَکَشَّطَ السَّحَابُ فِي السَّمَاءِ: آسمان میں بادل ٹکڑے ٹکڑے ہونا۔ پراگندہ ہونا۔

اِنْکَشَطَ۔ اُتارا جانا۔ ننگا ہونا ___ الرَّوْعُ: خوف زائل ہونا۔

الکَشَّاط۔ قصائی۔

الکِشَاط۔ انکشاف۔ اُتری ہوئی کھال۔

الکَشَطَة۔ کھال اُتری ہوئی اُونٹوں کے مالکین۔

کَشَعَ (ف) کَشْعًا القَوْمُ عَنْ قَتِیْلٍ: قوم کا مقتول سے متفرق وپراگندہ ہونا۔

کَشِعَ (س) کَشَعًا۔ بددل ہونا۔ زچ ہونا۔

کَشَفَ (ض) کَشْفًا وکَاشِفَةً الشَّيْءَ وعَنِ الشَّيْءِ: ظاہر کرنا۔ کھولنا۔ کہا جاتا ہے "کَشَفَ اللّٰهُ غَمَّهٗ" اللہ اس کے غم کو زائل کرے۔ "وکَشَفَتْهُ الکَوَاشِفُ" یعنی رسوا کر دیا۔

کَشِفَ (س) کَشَفًا۔ شکست کھانا ___ الرَّجُلُ او الفَرَسُ: کھلی ہوئی پیشانی والا ہونا۔

کَشَّفَ الشَّيْءَ: کھولنا۔ ظاہر کرنا ___ فُلَانًا عَنِ الاَمْرِ: ظاہر کرنے پر مجبور کرنا۔

کَاشَفَهٗ بِکَذَا: خبردار کرنا ___ هٗ بِالعَدَاوَةِ کھلی کھلی دشمنی کرنا۔

اَکْشَفَ۔ ہنسنے میں مسوڑھوں کو ظاہر کرنا۔

اِنْکَشَفَ الشَّيْءُ: ظاہر ہونا۔

تَکَشَّفَ الشَّيْءُ: ظاہر ہونا ___ البَرْقُ: بجلی کا آسمان پر پھیلنا ___ الرَّجُلُ: رُسوا ہونا۔

تَکَاشَفَ القَوْمُ: ایک دوسرے کے عیوب کو ظاہر کرنا۔

اِکْتَشَفَ الشَّيْءَ: ظاہر کرنا۔ کھولنا۔ اور اسی سے ہے "الاِکْتِشَافَات" ان نئی تحقیقات کیلئے جو اُمور طبعیہ وصناعیہ میں ظاہر ہوں۔

اِسْتَکْشَفَ عَنِ الشَّيْءِ: ظاہر کرنے کو کہنا۔

الکَشْف۔ مص ___ عند العروضیین: ساتویں متحرک کا گرا دینا۔

الکَشَف۔ سر کے اگلے حصہ کے بال گر جانا۔ والکَشَفُ فِي الخَیْلِ: دُم کے بالوں کی پیچید گی۔

الکَشَفَة۔ سر کے اگلے حصہ میں بال گرنے کی جگہ۔

الکَاشِف۔ فا۔ ج کَشَفَة۔

الکَاشِفَة۔ مص۔ کاشف کا مؤنث۔ رُسوائی ج کَوَاشِف۔

الکَشَّاف۔ اسم مبالغہ۔ کہا جاتا ہے "هُوَ کَشَّافُ الغُمَمِ" وہ غموں کا زائل کرنے والا ہے۔

الاَکْشَف۔ جس کے سر کے اگلے حصہ کے بال گر گئے ہوں۔ گھوڑا جس کی دُم کے بالوں میں پیچید گی ہو۔ وہ شخص جس کے پاس لڑائی میں نہ ڈھال ہو نہ خود ہو۔ لڑائی میں شکست خوردہ۔

الکَشْفَاء۔ اکشف کا مؤنث۔

الکَشِیْف۔ بمعنی مَکْشُوْف۔ کھلا ہوا۔ ظاہر۔

الکَشْکَ۔ جو کلیانی۔ آش جو۔

الکِشْک۔ عِنْدَ عَامَّتِنَا: ایک قسم کا کھانا جو موٹے ستو کو دودھ میں بھگو کر خمیر اٹھنے کے بعد

پکایا جاتا ہے۔ الکِشک: گنبددار محل (دخیل)

کَشْکَشَ کَشْکَشَۃً۔ بھاگنا۔ کَشْکَشَتِ الحَیَّۃُ: سانپ کا کھال سے آواز نکالنا۔

الکَشْکَشَۃ۔ مع ضمیر خطاب مؤنث کو شین سے بدل لینا۔ جیسے اَکْرَمْتُشِ و عَلَیْشِ اَکْرَمْتُکِ و عَلَیْكِ میں۔

الکَشْکُوْل و الکَشْکُوْلَۃ۔ بھکاریوں کا چنبل (دخیل) بہاء الدین عاملی کی ایک کتاب کا نام کشکول ہے اس لیے کہ اس میں مختلف موضوع پر مضامین ہیں۔

کَشَمَ (ن) کَشْمًا و کَشَّمَ و اِکْتَشَمَ۔ الاَنْفَ: ناک جڑ سے کاٹنا۔

کَشِمَ (س) کَشَمًا۔ پیدائشی یا خاندانی عیب دار ہونا۔ صفت اَکْشَم۔

کَشَمَ (ض) کَشْمًا القِثَّاءَ او الجَزَرَ: ککڑی یا گاجر بہت حرص سے کھانا۔

اَنْفٌ کَشِمٌ و اَکْشَمُ۔ جڑ سے کٹی ہوئی ناک۔

الکَشَم و الاَکْشَم۔ تیندوا۔

کَشْمَرَ۔ رونے کے لیے آمادہ ہونا ___ اَنْفَہٗ: ناک توڑ دینا۔

الکِشْمِش۔ کشمش واحد کِشْمِشَۃ۔

کَشَاہٗ یَکْشُوْہٗ کَشْوًا۔ دانتوں سے کاٹ کھانا۔

الکُشْیَۃ۔ گوہ کے پیٹ کی چربی۔ یا اس کی دم کی جڑ۔ ج کُشًی۔

کَصَّ (ض) کَصًّا القَوْمُ: اکٹھا ہونا (___ کَصِیْصًا) المَاءُ بِالنَّاسِ: پانی پر لوگوں کی بہت بھیڑ ہونا (___ کَصًّا و کَصِیْصًا) الصَّوْتُ: آواز باریک ہونا۔

اَکَصَّ۔ بھاگنا اور شکست کھانا۔

تَکَاصَّ و اِکْتَصَّ القَوْمُ: اکٹھا ہونا۔ بھیڑ کرنا۔

الکَصِیْص۔ مع شدتِ مشقت کی وجہ سے پیچ و تاب۔ خوف۔ اضطراب۔ ٹڈی کی آواز۔ موٹا پستہ قد مرد۔ مکروہ۔

الکَصِیْصَۃ۔ جماعت۔ ہرن کے پھنسانے کا پھندا۔ ج کَصَائِص۔

کَصْکَصَ۔ تیز چلنا۔

کَصَمَ (ض) کُصُوْمًا۔ پشت پھیرنا۔ پیٹھ دکھانا (___ کَصْمًا) دانتوں سے کاٹنا۔ ___ الرَّجُلَ: سختی سے ہٹانا۔

کَصَی یَکْصِی کَصْیًا۔ رفعت کے بعد خسیس ہونا۔

کَصْکَصَ۔ تیز چلنا۔

کَصَلَ (ن) کَصْلًا: ہٹانا، دور پھینکنا۔

کَظَّ (ن) کَظًّا الطَّعَامُ فُلَانًا: زیادہ بھرنے سے سانس نہ لینے دینا ___ الغَیْظُ صَدْرَہٗ: سخت غضبناک ہونا ___ الحَبْلَ: رسی باندھنا۔

خَصْمَہٗ: چاروں طرف سے گھیر دینا (___ کَظَاظًا و کَظَاظَۃً الاَمْرُ فُلَانًا): غمگین کرنا۔ مبتلائے کرب کرنا۔ بوجھل کرنا ___ المَسِیْلُ بِالمَاءِ: پانی کی زیادتی سے بہاؤ کی جگہ کا تنگ ہونا۔

کَاظَّہٗ کِظَاظًا و مُکَاظَّۃً۔ جنگ میں سخت اور جم کر مقابلہ کرنا۔

تَکَاظَّ القَوْمُ: میدانِ جنگ کو تنگ کرنا۔ دشمنی میں حد سے گزرنا۔

اِکْتَظَّ مِنَ الطَّعَامِ: سانس نہ لے سکنے کی حد تک بھر لینا ___ المَسِیْلُ بِالمَاءِ: پانی کی زیادتی سے بہاؤ کی جگہ کا تنگ ہونا ___ المَحَلُّ: لوگوں سے بھر جانا ___ اِکْتَظَّہُ الغَیْظُ: سینہ کا غصہ سے بھر جانا۔

الکِظَّۃ۔ بدہضمی۔ زیادہ پیٹ بھر جانے کی تکلیف۔

الکِظَاظ۔ مع۔ تھکن۔ سختی۔ غم جو دل کو بھر دے۔ عداوت۔

الکَظُّ۔ مع کہا جاتا ہے "رَجُلٌ کَظٌّ" سخت گیر مرد (___ و الکَظِیْظ و المُکَظَّظ و المَکْظُوْظ) وہ شخص جس کو امور گرانبار کر دیں اور وہ عاجز ہو جائے۔ بہت زیادہ غضبناک۔

الکَظِیْظ و المَکْظُوْظ: کھانے سے بھرا ہوا۔ شکم سیر۔

الکَظِیْظ۔ بھیڑ۔ انبوہ۔ کہا جاتا ہے "عَلٰی بَابِ فُلَانٍ کَظِیْظٌ" فلاں کے دروازہ پر بھیڑ ہے۔

طَعَامٌ مُکِظٌّ۔ بدہضمی والا کھانا۔

کَظَبَ (ن) کُظُوْبًا۔ بہت موٹا ہونا۔

کَظَرَ (ن) کَظْرًا۔ القَوْسَ: کمان کے کنارے پر تانت لگانے کے لیے دندانہ بنانا ___ الزَّنْدَۃَ: چقماق سے دندانہ بنانا۔

الکُظْر۔ کمان کے کناروں پر تانت کا حلقہ لگانے کی جگہ۔ گردہ کی چربی (___ و الکُظْرَۃ) گردہ کی جگہ جب کہ گردے نکال لیے جائیں۔

الکِظْر۔ پسلی کی ہڈی کے درمیان کی جگہ۔

کَظَمَ (ض) کَظْمًا البَابَ: دروازہ بند کرنا ___ النَّهْرَ: نہر کو روکنا ___ القِرْبَۃَ: مشک بھرنا اور منہ باندھنا ___ البَعِیْرَ بِالکِظَامَۃ: اونٹ کو نکیل لگانا ___ الشَّیْءَ و عَلَی الشَّیْءِ: روکنا کُظُوْمًا البَعِیْرُ: اونٹ کا جگالی کرنے سے باز رہنا۔ کہا جاتا ہے "مَا کَظَمَ فُلَانٌ عَلٰی جِرَّتِہٖ" یعنی فلاں کے پیٹ میں بات پچتی نہیں (___ کَظْمًا و کُظُوْمًا) غَیْظَہٗ: غصہ نگل جانا۔

کَظِمَ کُظُوْمًا۔ خاموش رہنا۔

الکَظَم۔ سانس کی نالی۔ ج اَکْظَام و کِظَام کہا جاتا ہے "اَخَذَ بِکَظَمِہٖ" یعنی اس کو غم میں مبتلا کر دیا۔

الکِظَام۔ بند کرنے کی چیز۔ کہا جاتا ہے "اَخَذَ بِکِظَامِ الاَمْرِ" یعنی اس نے بھروسہ کے لائق چیز کو اختیار کیا۔

الکِظَامَۃ۔ وادی کا دہانہ۔ اونٹ کی نکیل۔ ترازو کی رسیوں کا حلقہ۔ کہا جاتا ہے "عَقَدَ الخُیُوْطَ فِی کِظَامَتَیِ المِیْزَانِ" یعنی اس نے ترازو کی ڈنڈی کے دونوں حلقوں میں دھاگے باندھ دیے الکِظَامَۃ: زمین کے اندر پانی کی نالی۔ کِظَامَۃُ البَابِ: دروازہ بند کرنے کی چیز (___ و الکَظِیْمَۃ) دو قریب قریب کنووں کے درمیان نالی۔

الکَظِیْمَۃ: توشہ دان۔ ج کَظَائِم۔

الکَاظِم۔ فا۔ خاموش۔ ج کُظَّم۔ بَعِیْرٌ کَاظِمٌ پیاسا اونٹ۔

اِبِلٌ کُظُوْم۔ اونٹ جو جگالی نہ کرے۔

الکَظِیْم و المَکْظُوْم۔ مصیبت زدہ۔

الکَظِیْم: دروازہ بند کرنے کی چیز۔

كَظَا يَكْظُو كَظْوًا لَحْمُهٗ : گوشت سخت ہونا۔

تَكَظّٰى لَحْمُهٗ سِمَنًا : موٹائی کی وجہ سے گوشت کا بلند ہونا۔

اَرْضٌ كَاظِيَةٌ۔ خشک زمین۔

كَعَّ (ن ض) كَعًّا و كُعُوْعًا و كَعَاعَةً و كَيْعُوْعَةً۔ کمزور ہونا۔ بزدل ہونا۔

اَكَعَّ فُلَانًا : خوف دلانا۔ بزدل بنانا ـــــ فِيْ كَلَامِهٖ : کلام میں رکنا ـــــ الْخَوْفُ فُلَانًا : ارادہ سے باز رکھنا۔

الكَعُّ و الكَاعُّ۔ کمزور۔ بزدل۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ كَعُّ الْوَجْهِ" فلاں سبک رخسار ہے۔

كَعَبَتْ (ن ض) كُعُوْبًا و كُعُوْبَةً و كِعَابَةً الْجَارِيَةُ : لڑکی کا ابھری ہوئی پستان والی ہونا۔ صفت كِعَاب و كَاعِب۔

كَعَبَ (ف) كُعُوْبًا الثَّدْيُ : پستان ابھرنا۔ (ـــ كَعْبًا) الْاِنَاءَ : برتن بھرنا ـــ فُلَانًا : خشک چیز مثلاً سر وغیرہ پر مارنا۔

كَعَّبَ الْاِنَاءَ : برتن بھرنا ـــ الشَّیْءَ : چوکور بنانا۔ كَعَّبَتِ الْجَارِيَةُ : لڑکی کا ابھری ہوئی پستان والی ہونا۔

اَكْعَبَ۔ دوڑنا۔

الكَعْبُ۔ دو پوروں کے درمیان کی گرہ۔ نیزہ کی گرہ۔ ہر بلند و مرتفع چیز۔ بزرگی و شرف ج كُعُوب۔ کہا جاتا ہے "اَعْلَى اللّٰهُ كَعْبَهُمْ" اللہ ان کی شان کو بلند کرے۔ و "ذَهَبَ كَعْبُهُمْ" ان کی عزت تباہ ہو گئی و "رَجُلٌ عَالِیْ الْكَعْبِ" مرد بڑی بزرگی والا۔ الكَعْبُ : پانسہ۔ گھی کا ٹکڑا۔ برتن کا باقی ماندہ دودھ ج كُعُبٌ و كِعَاب۔ و الكَعْبُ فِيْ عِلْمِ الْهِنْدَسَةِ : مربع جسم۔ الكَعْب : ہڈیوں کا جوڑ۔ قدم کے اوپر ابھری ہوئی ہڈی۔ ٹخنے۔ ج كِعَاب و كُعُوْب و اَكْعُبٌ۔

الكِعَابُ۔ نرد کے مہرے۔ واحد كَعْبٌ و كَعْبَةٌ۔

الكُعْبُ۔ ابھری ہوئی پستان۔

الكَعْبَةُ۔ نرد کا مہرہ۔ ہر چوکور مکان۔ جھروکہ۔ بیت اللہ الحرام۔ ج كِعَاب و كَعَبَات۔

الكَعْبَةُ۔ دوشیزگی۔

جَارِيَةٌ كَعَابٌ و مُكَعَّبٌ۔ ابھری ہوئی پستان والی لڑکی۔ کہا جاتا ہے "وَجْهٌ مُكَعَّبٌ۔"

الكَاعِبُ۔ مِنَ الْجَوَارِيْ و الثُّدِيِّ : ابھری ہوئی پستان والی لڑکی یا ابھری ہوئی پستان ج كَوَاعِب۔

المُكَعَّبُ۔ مربع جسم۔ وہ جسم جس کی چھ سطحیں ہوں اور لمبائی چوڑائی موٹائی سب برابر ہو۔ وَفِي الْحِسَابِ مُكَعَّبُ الْعَدَدِ : چوگنے کا حاصل ضرب۔ جیسے آٹھ دو کا مکعب ہے۔ ثَدْيٌ مُكَعَّبٌ : ابھری ہوئی پستان (یہ نادر ہے)

مُكَعَّبَةٌ۔ کھجور کے پتوں کی بنی ہوئی کھجور کے لیے زنبیل۔

كَعْبَرَهٗ كَعْبَرَةً بِالسَّيْفِ : تلوار سے کاٹنا۔ ٹکڑے کرنا۔

الكَعْبَرَةُ مع ـــ مِنَ النِّسَاءِ : عجمی اکھڑ عورت۔

الكُعْبُرُ مِنَ الْعَسَلِ : شہد کے چھتہ میں جو جمع ہو۔

الكُعْبُرَةُ۔ سخت گرہ دار ہڈی۔ بند و ست۔ گوشت کا ٹکڑا۔ ہر جمع شدہ چیز۔ سر کی جڑ۔ موٹا سرین۔ گیہوں کا کوڑا کرکٹ جو صاف کرتے وقت پھینک دیا جائے۔ پائخانہ جو اونٹ کی دم پر خشک ہو جائے۔ كُعْبُرَةُ الْكَتِفِ : مونڈھے کا گول حصہ۔ كُعْبُرَةُ الْوَظِيْفِ : پنڈلی کے نچلے حصہ کے ملنے کی جگہ۔ ج كَعَابِر۔ الكَعَابِرُ۔ ہڈیوں کے سرے۔

الكُعْبُوْرَةُ۔ گرہ۔ جمع شدہ۔ غلہ میں سے جو پھینک دیا جائے۔ ج كَعَابِيْر۔

كَعْبَشَ كَعْبَشَةً کسی چیز کو لینا اور باندھنا۔ کودنے کے لیے پاؤں سمیٹنا۔ بیڑی پڑے ہوئے کی طرح چھوٹے چھوٹے قدم سے چلنا۔

تَكَعْبَشَ۔ سکڑنا۔

اَكْعَتَ الرَّجُلُ : تیز چلنا۔ بیٹھنا۔ غصہ سے پھولنا۔

الكُعَتُ۔ پست قد مرد۔ مؤنث كُعَتَةٌ۔

الكُعْتَةُ۔ شیشی کا سربند۔

الكُعَيْتُ۔ بلبل۔ ج كِعْتَان۔

كَعْتَرَ۔ تیز چلنا۔ تیز دوڑنا ـــ فِيْ مَشْيِهٖ : مستانہ چال چلنا۔ چلنے میں لڑکھڑانا۔

الكُعْتُرُ۔ چڑیا کی مانند ایک پرندہ۔

تَكَعْثَبَتِ الْغَرَارَةُ : بورے کا گول ہونا۔

الكَعْدُ۔ گون۔

الكَعْدَةُ۔ شیشی کا سربند۔

الكَعْدَبُ۔ فرومایہ۔ بے مروت مرد۔

الكُعْدُبَةُ۔ پانی کا بلبلہ۔

كَعِرَ (س) كَعَرًا الصَّبِيُّ : پر شکم ہونا۔ موٹا ہونا۔ صفت كَعِرٌ۔ كَعِرَ الْبَطْنُ : پیٹ بھرنا۔ موٹا ہونا۔ (ـــ و كَعَّرَ و اَكْعَرَ) الْبَعِيْرُ : اونٹ کے کوہان میں گرہ دار چربی ہونا۔

الكَعَرُ۔ کوہان۔

الكُعْرَةُ۔ غدود کے مانند گوشت میں گرہ دار چربی۔

الكُعْوَرَةُ۔ بڑی ناک والا۔

الكَيْعَرُ۔ شیر کا موٹا بچہ۔

المُكَعْوِرُ۔ تیز دوڑنے والا۔

كَعَزَ (ف) كَعْزًا۔ انگلیوں سے چننا۔

الكَعْسُ۔ ہاتھ اور پاؤں کی انگلیوں کی ہڈی۔ گائے اور بکری کے پائے کی ہڈی۔ ج كِعَاس۔

كَعْسَبَ كَعْسَبَةً الرَّجُلُ : دوڑنا۔ بھاگنا۔ تیز چلنا۔ مستانہ چال چلنا۔ چلنے میں لڑکھڑانا۔

كَعْسَمَ كَعْسَمَةً۔ پیٹھ دے کر بھاگنا۔

الكَعْسَمُ۔ گورخر۔ ج كَعَاسِم۔

كَعَصَ (ف) كَعْصًا۔ کھانا۔

كَعِيْصُ الْفَارِ : چوہے کی آواز۔

كَعْطَلَ كَعْطَلَةً۔ تیز دوڑنا ـــ بِيَدِهٖ : انگڑائی لینے میں ہاتھ پھیلانا۔

الكَعِيْظُ و المُكَعَّظُ۔ پست قد۔ موٹا مرد۔

كَعْظَلَ كَعْظَلَةً۔ تیز دوڑنا۔ آہستہ دوڑنا۔ ـــ بِيَدِهٖ : انگڑائی لینے میں ہاتھ پھیلانا۔

الكَعْكُ۔ کیک۔ واحد كَعْكَةٌ۔ ج كَعْكَات (دخیل)

كَعْكَعَ كَعْكَعَةً الرَّجُلَ : روکنا۔ كَعْكَعَهٗ عَنْ كَذَا : ہٹانا۔ كَعْكَعَ فِيْ كَلَامِهٖ : رکنا۔

تَكَعْكَعَ۔ رک جانا۔ بزدل ہونا۔

الكُعْكُعُ۔ بزدل کمزور۔

الكَعَنْكَعُ۔ بھوت۔

تَكَعَّلَ التَّمْرُ و نَحْوُهٗ۔ ایک دوسرے کے

ساتھ گتھا ہوا ہونا۔

الکَعْل۔ بخیل مالدار۔ پائخانہ گوبر (— و الکُعَل) کالا پستہ قد مرد۔

المُکْعَل۔ غصہ سے پھولا ہوا۔ چوتڑوں کو حرکت دینے والا۔

کَعَمَ (ف) کَعْمًا الوِعَاءَ : برتن کا منھ باندھنا۔ البَعِیْرَ : اونٹ کو تھوتھنی لگانا — الخوفُ فُلانًا : ہٹانا — المَرْأَۃَ : عورت کا بوسہ لینا۔

الکِعْم۔ ہتھیار کا کیس۔ نیام۔ ج کِعَام۔

الکِعَام ج کُعُم و الکِعَامَۃ۔ تھوتھنی جس سے اونٹ کے منھ کو باندھ دیتے ہیں تاکہ کھا اور کاٹ نہ سکے۔

کُعُوْمُ الطَّرِیْقِ :راستہ کے دہانے۔

بَعِیْرٌ مَکْعُوْمٌ۔ تھوتھنی چڑھایا ہوا اونٹ۔

اَکْعَنَ الرَّجُلُ :ست ہونا۔ نشاط میں کمی ہونا۔

الکَعْنَب۔ پستہ قد۔ شیر۔

رَجُلٌ کَعْنَبٌ۔ سر میں گرہ رکھنے والا مرد۔

کَعَانِبُ الرَّاسِ : سر کی گرہیں۔

الکُعَانِبُ۔ شیر۔

تَیْسٌ مُکَعْنَبُ القَرْنِ :پیچیدہ سینگ والا بکرا۔

تَکَعْنَسَ الطَّائِرُ :پرندہ کا جال میں پھنسنا۔ — فُلانٌ فِی الشَّیئِ : مستغرق ہونا۔

کَعَا یَکْعُوْ کَعْوًا۔ بزدل ہونا۔

الکَاعِیْ۔ فا۔ شکست خوردہ۔

الاَکْعَاء۔ بزدل لوگ۔

الکَاغِدُو الکَاغَد۔ کاغذ۔

الکَاغِدِیّ۔ کاغذ بیچنے والا۔

کَفَّ (ن) کَفًّا و کَفَافَۃً۔ الثَّوْبَ : لنگر کرنے کے بعد دوبارہ سینا (— کَفًّا) الإِنَاءَ : برتن کو بہت بھرنا — الشَّیئَ :جمع کرنا — رِجْلَہٗ :پیر میں چیتھڑا لپیٹنا — القَبِیْلَۃَ : قبیلہ کے ایک گوشہ کو اختیار کرنا — مَاءَ وَجْھِہٖ : آبرو بچانا اور سوال کرنے سے رکنا — عَنِ الاَمْرِ : باز رہنا — ہٗ عَنِ الاَمْرِ : باز رکھنا (— کُفُوْفًا) النَّاقَۃُ :بوڑھی ہونے کی وجہ سے چھوٹے دانت والی ہونا۔

کَفَّ و کُفَّ۔ بَصَرُہٗ :اندھا ہونا۔

تَکَفَّفَ النَّاسَ :لوگوں سے مانگنے کی لیے ہاتھ پھیلانا — الرَّجُلُ : ہاتھ میں لینا یا مٹھی بھر کھانا مانگنا۔ یا بھوک روکنے کے لائق مانگنا عَنِ الاَمْرِ : چھوڑنا — دَمْعَہٗ : آنسو کا رکنا۔

تَکَافَّ عَنِ الاَمْرِ : باز رہنا — القَوْمُ :ایک دوسرے کو روکنا۔

اِنْکَفَّ۔ باز رہنا — عَنِ الْمَکَانِ :چھوڑنا۔

اِسْتَکَفَّ الشَّیئَ : ہاتھ میں لینا — النَّاسَ : مانگنے کے لیے ہاتھ پھیلانا — ہٗ عَنِ الشَّیئِ : رکنے کی لیے کہنا — النَّاسُ حَوْلَہٗ : دیکھنے کے لیے احاطہ کرنا۔ اِسْتَکَفَّتِ الحَیَّۃُ : کنڈلی مارنا — النَّاظِرُ :دھوپ سے بچنے والے کی طرح بھوؤں پر ہاتھ رکھنا — عَیْنَہٗ :دیکھنے کے لیے آنکھ پر ہاتھ کا سایہ کرنا۔ اِسْتَکْفَفْتُ عَیْنَہٗ : ہاتھ کے نیچے سے دیکھنا — فُلانٌ بِالصَّدَقَۃِ :صدقہ مانگنے کی لیے ہاتھ پھیلانا — بِہِ النَّاسُ : احاطہ کرنا — الشَّعْرُ :بال بکثرت ہونا — الشَّیئُ :گول ہونا۔

الکَفّ۔ مہ ۔ ہاتھ یا ہتھیلی مع انگلیوں کے (مؤنث) ج اَکُفّ و کُفُوْف و کُفّ۔ کَفُّ السَّبُعِ و کَفُّ الکَلْبِ و کَفُّ الذِّئْبِ و کَفُّ مَرْیَمَ و کَفُّ آدَمَ و کَفُّ الاَسَدِ و کَفُّ الضَّبُعِ و کَفُّ القِرْدِ و کَفُّ الاَجْذَمِ و کَفُّ الجَذْمَاءِ و کَفُّ عَائِشَۃَ : گھاس کی قسمیں۔ الکَفُّ : نعت — عِنْدَ العَرُوْضِیِّیْنَ : ساتویں حرف ساکن کا ساقط کر دینا جیسے فَاعِلَاتُنْ کا نون۔

الکَفَّۃ کف کا اسم مرۃ۔ کَفَّۃُ المِیْزَانِ۔ ترازو کا پلڑا۔ کہا جاتا ہے "رَأَیْتُہٗ کَفَّۃَ کَفَّۃَ" بنی بر فتحہ و کَفَّۃً لِکَفَّۃٍ و کَفَّۃً عَنْ کَفَّۃٍ یعنی میں نے اس کو رو در رو دیکھا۔

الکِفَّۃ۔ ہر گول چیز۔ گڑھا جس میں پانی جمع ہو — مِنَ المِیْزَانِ : ترازو کا پلڑا — مِنَ الدَّفِّ : ڈھول کا ڈھانچہ۔ کِفَّۃُ الصَّائِدِ :شکاری کا جال۔ ج کِفَف و کِفَاف۔ الکِفَّۃُ الجَنُوْبِیَّۃُ و الکِفَّۃُ الشِّمَالِیَّۃُ :دو ستاروں کے نام۔ اور کہا جاتا ہے "الذَّھَبُ بِالذَّھَبِ و الکِفَّۃُ بِالکِفَّۃِ" یعنی برابر سربرابر جِئْتُہٗ فِی کِفَّۃِ اللَّیْلِ : میں رات کی ابتدا میں اس کے پاس آیا۔

الکُفَّۃ۔ چیز کا کنارہ۔ حاشیہ۔ گوٹ۔ الکُفَّۃ مِنَ الشَّجَرِ : درختوں کی انتہا — مِنَ النَّاسِ : لوگوں کی جماعت۔ نزدیک جگہ والے — مِنَ الغَیْمِ :بادل کا کنارہ — مِنَ اللَّیْلِ :دن رات ملنے کی جگہ یا مشرق میں یا مغرب میں — مِنَ الدِّرْعِ :زرہ کا دامن — مِنَ الرَّمْلِ :ریت کا ٹیلہ جو لمبا اور گول ہو — مِنَ الثَّوْبِ :کپڑے کے اوپر کی دھاری جس میں چھور نہ ہو — مِنَ اللِّثَّۃِ : مسوڑھے کا لٹکا ہوا حصہ۔ کُفَّۃُ القَمِیْصِ : دامن کے اردگرد کی گوٹ۔ ج کُفَف و کِفَاف۔

الکَفَف۔ سوال کے لیے ہاتھ پھیلانا — مِنَ الرِّزْقِ : گزارہ کے لائق روزی — فِی الوَشْمِ :گودنے کے حلقے۔

الکِفَف فِی الوَشْمِ : گودنے کے حلقے۔ گڑھے جس میں چشمے ہوں۔

الکَفَاف مِنَ الرِّزْقِ : گزارہ کے لائق اور لوگوں سے مستغنی کرنے والی روزی۔ کہا جاتا ہے "قُوْتُہٗ کَفَافُ حَاجَتِہٖ" یعنی اس کا گزارہ بغیر کی زیادتی کے اس کی حاجت کے مطابق ہے "و فُلانٌ لَحْمُہٗ کَفَافٌ لِاَدِیْمِہٖ" یعنی فلاں کے بدن کے گوشت سے اس کا چمڑا ابھرا ہوا ہے۔ کَفَافُ الشَّیئِ : چیز کے مانند۔ کہا جاتا ہے "دَعْنِیْ کَفَافِ" یعنی تو مجھے چھوڑ دے میں تجھ کو چھوڑ دوں گا "و طَارَ البَرْقُ فِی کِفَافِ السَّحَابِ" یعنی بادل کے کناروں میں بجلی کوندی "و جِئْتُہٗ فِی کَفَافِ اللَّیْلِ" میں اس کے پاس رات کے ابتدائی حصہ میں آیا۔

الکِفَاف۔ مِنَ الشَّیئِ : گھیرا — مِنَ الثَّوْبِ : کپڑے کی گوٹ۔ کِفَافُ السَّیْفِ : تلوار کی دھار کِفَافُ السَّحَابِ :بادل کا کنارہ۔ بادل کا نچلا حصہ۔ ہر وہ جو کسی چیز کے ملنے کی جگہ ہوتی ہے۔ وہ کفاف ہے مثلاً کِفَافُ الاُذُنِ۔ ج اَکِفَّۃ۔

الکَافّ۔ فا۔ ج کَفَفَۃ۔ و نَاقَۃٌ کَافٌّ :بوڑھی ہونے کی وجہ سے گھسے ہوئے دانت والی اونٹنی۔ رَجُلٌ کَافٌّ :اپنے نفس کو روکنے والا مرد۔

الکَافَّۃ۔ کاف کا مؤنث۔ جماعت۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ النَّاسُ کَافَّۃً" یعنی سب آئے۔

(اس پر الف لام داخل نہیں ہوتا اور اس کی اضافت نہیں ہوتی بلکہ ہمیشہ حالیت کی بنا پر منصوب رہتا ہے) الكَافَّةُ : بوڑھی اُونٹنی۔

الكَفُوف مِنَ النُّوقِ : بوڑھی ہونے کی وجہ سے گھسے ہوئے دانت والی اُونٹنی۔

المُكَافَّةُ۔ ایک دوسرے کو روکنا۔

المَكْفُوف ج مَكَافِيف والكَفِيف : اندھا۔

المُسْتَكِفُّ۔ گول۔

المُسْتَكِفَّات۔ چشمے۔ اکٹھے اُونٹ۔

كَفَأَ (ف) كَفْأً۔ پھرنا۔ شکست کھانا ـــ عَنِ الْقَصْدِ : میانہ روی سے تجاوز کرنا۔ الرَّجُلَ : کسی کو دھتکارنا (ـــ و كَفَّأَ و اِكْتَفَأَ) الإنَاءَ برتن کو اُلٹ دینا۔ اوندھا کر دینا۔

كَافَأَ الرَّجُلَ عَلَى مَا كَانَ مِنْهُ : بدلا دینا ـــ فُلَانًا : انتظار کرنا۔ مقابلہ کرنا۔ نظیر ہونا۔ برابری کرنا۔ مدافعت کرنا۔ بَيْنَ الْفَرَسَيْنِ بِرُمْحِهِ : ایک کے بعد دوسرے کو نیزہ مارنا۔

اَكْفَأَ : جھکنا ـــ الإنَاءَ : برتن کو الٹ دینا۔ جھکا دینا۔ اَكْفَأَتِ الإبِلُ : اُونٹ کا بہت بچے دینا۔ اَكْفَأَ البَيْتَ : گھر پر پردہ لگانا ـــ الشَّاعِرُ : بیت کے آخر کو روی کے بدلنے سے یا کسی اور طریقہ سے خراب کر دینا۔

تَكَفَّأَ فِي مِشْيَتِهِ : لڑکھڑانا۔

اِكْتَفَأَ الإنَاءَ : برتن کو جھکانا ـــ پلٹ دینا۔ الإبِلَ : اُونٹوں کو لوٹ ڈال کر لے بھاگنا۔

تَكَافَأَ القَوْمُ : ایک دوسرے کے برابر ہونا۔

اِنْكَفَأَ القَوْمُ : متفرق ہونا، واپس ہونا۔ شکست کھانا ـــ اِلَى كَذَا : جھکنا ـــ اللَّوْنُ : متغیر ہونا، رنگ بدلنا۔

اِسْتَكْفَأَ فُلَانًا اِبِلَهُ : ایک سال کی اُونٹوں کی پیدائش کسی سے مانگنا۔ کہا جاتا ہے "اِسْتَكْفَأْتُهُ اِبِلَهُ فَاَكْفَأَنِيهَا" یعنی میں نے اس سے اس کے اُونٹ کی ایک سال کی پیدائش کو مانگا تو اس نے مجھے دودھ، اُون، بچے سب دیدیے "اِسْتَكْفَأْتُ فُلَانًا" : برتن کی چیز کو اپنے برتن میں انڈیلنے کو میں نے کہا۔

الكَفَاءُ و الكَفَاءَةُ۔ برابری۔ مساوات۔

الكِفَاءُ۔ مصدر کَافَأَ۔ کہا جاتا ہے "اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ كِفَاءَ الوَاجِبِ" جتنی حمد واجب ہے اس کے برابر اللہ کے لیے حمد ثابت ہے۔ "وَهٰذَا كِفَاءُهُ" یہ اس کے مثل ہے "وَلَا كِفَاءَ لَهُ" اس کی کوئی نظیر نہیں۔ كِفَاءُ البَيْتِ : خیمہ کے اوپر سے نیچے تک کا پردہ جو آخر میں لگایا جاتا ہے۔ ج اَكْفِئَةٌ۔

الكَفُّ و الكِفُ و الكِفْ مثل و نظیر۔ ج اَكْفَاء و كِفَاء۔

الكَفُوْءُ و الكُفُوء و الكَفِيُّ و الكَفِيئَةُ۔ مماثل۔

ا لكفاة وا لكفاة من النخل : درخت خرما کی ایک سال کی پیداوار ـــ فِي الإبِلِ : ایک سال کی پیدائش یا ایک سال یا اس سے زائد کے ناغہ کے بعد کی سالانہ پیدائش ـــ فِي الأرْضِ : سال بھر کی کھیتی۔ تم کہتے ہو ـــ "مَنَحْتُهُ كَفَاةَ غَنَمِي" جبکہ تم ایک سال کے لیے دودھ صوف بچے سب دے دو اور اختتام سال پر بکریوں کو وہ تمہیں واپس کر دے۔

الكَفِيئُ۔ مماثل۔ بطن وادی۔ کہا جاتا ہے "هُوَ كَفِيُّ اللَّوْنِ" یعنی اس کا رنگ بدلا ہوا ہے۔

كِفْءُ الوَادِي : اندرون وادی۔

الإكْفَاءُ۔ مصدر اَكْفَأَ ـــ عِنْدَ الشُّعَرَاءِ : حرف روی کو بدل بدل کر لانا۔ مثلاً کہیں میم کہیں دال کہیں نون۔ اور یہ ممنوع ہے۔ کہا جاتا ہے "رَأَيْتُهُ مُكْتَفِي اللَّوْنِ و مُكْفَأَ اللَّوْنِ" : میں نے اس کو متغیر اللون پایا۔

كَفَتَهُ (ض) كَفْتًا۔ پھیر دینا ـــ هُ اللّٰهُ : وفات دینا۔ کہا جاتا ہے "اَللّٰهُمَّ اكْفِتْهُ اِلَيْكَ" اے اللہ اس کو وفات دے۔ كَفَتَ الشَّيْءُ : الٹ جانا ـــ و كَفَّتَ الشَّيْءَ اِلَى نَفْسِهِ : اپنے ساتھ ملانا ـــ الشَّيْءَ : قبض کرنا ـــ فُلَانٌ ذَيْلَهُ : دامن سمیٹنا۔

كَفَتَ (ض) كَفْتًا و كِفَاتًا و كَفِيتًا و كَفَتَانًا تَكَفَّتَ الطَّائِرُ و غَيْرُهُ : پرندہ کا تیز اڑنا یا دوڑنا اور سمٹنا۔ تَكَفَّتَ فِي مَسِيرِهِ : دوڑنا۔ تَكَفَّتَ الثَّوْبُ : کپڑے کا سمٹنا۔

كَافَتَ مُكَافَتَةً و كِفَاتًا الرَّجُلَ : دوڑنے میں سبقت کرنا ـــ الرَّجُلُ : اچانک مرنا۔

اِنْكَفَتَ۔ پھرنا۔ سکڑنا ـــ الفَرَسُ : گھوڑے کا لاغر ہونا۔

اِكْتَفَتَ المَالَ۔ سب لے لینا۔

الكَفْتُ۔ مص۔ موت۔ الٹ پلٹ ہونا۔ کہا جاتا ہے "خُبْزٌ كَفْتٌ" بے سالن کی روٹی۔ "رَجُلٌ كَفْتٌ" دبلا پتلا ہلکا پھلکا مرد (ـــ و الكِفْتُ) چھوٹی ہانڈی۔

الكَفْتُ و الكُفْتَةُ مِنَ الخَيْلِ : بہت اُچھلنے کودنے والا گھوڑا جو سوار نہ ہونے دے۔

الكِفَاتُ۔ مص۔ چیز جمع کرنے کی جگہ۔ جمع کی ہوئی چیز۔

الكَفِيتُ۔ مص۔ توشہ دان ـــ مِنَ الرِّجَالِ : ہلکا پھلکا تیز مرد۔ وہ شخص جو تم سے آگے بڑھ جائے عَدْوٌ كَفِيتٌ : تیز دوڑ۔ کہا جاتا ہے مَاتَ كِفَاتًا و مُكَافَتَةً : اچانک مرگیا۔

الكَفَّاتُ۔ اسم مبالغہ۔ شیر۔

المُكَفِّتُ۔ دو زرہوں کا پہننے والا جن کے درمیان میں کپڑا ہو۔

كَفَحَ (ف) كَفْحًا العَدُوَّ : دشمن کے رو در رو ہونا۔ آمنے سامنے ہونا ـــ بِالعَصَا : لاٹھی سے مارنا ـــ لِجَامَ الدَّابَّةِ : چوپایہ کو ٹھہرانے کے لیے لگام کھینچنا ـــ الشَّيْءَ : سرپوش اتارنا۔ المَرْأَةَ : عورت کا اچانک بوسہ لینا۔

كَفِحَ (س) كَفَحًا عَنْهُ : شرمندہ ہونا۔ بزدل ہونا۔

كَافَحَ القَوْمُ اَعْدَاءَهُمْ : بغیر ڈھال وغیرہ کے دشمن کے مقابلہ پر آنا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ يُكَافِحُ الأُمُوْرَ" وہ امور کو خود انجام دیتا ہے۔ كَافَحَ عَنْهُ : مدافعت کرنا۔ كَافَحَ المَرْأَةَ : عورت کا اچانک بوسہ لینا۔

اَكْفَحَ الدَّابَّةَ : چوپایہ کو ٹھہرانے کی لیے لگام کھینچنا ـــ فُلَانًا عَنْ نَفْسِهِ : ہٹانا۔ دفع کرنا۔

تَكَافَحَ القَوْمُ : آمنے سامنے مقابلہ کرنا۔ تَكَافَحَتِ الأمْوَاجُ : موجوں کا ٹکرانا ـــ الكِبَاشُ : مینڈھوں کا ایک دوسرے کو سینگ مارنا۔

الكِفَاحُ۔ مص کہا جاتا ہے "لَقِيتُهُ كِفَاحًا" میں نے اس سے آمنے سامنے ملاقات کی۔

الكَفِيحُ۔ نظیر۔ کفو۔ شوہر۔ اچانک آنے والا

مہمان۔
الاکفح۔کالا۔
الکفحة۔چھوٹی سی جماعت۔
کَفَحَهُ (ف) کَفْحًا۔ طمانچہ مارنا ۔۔۔ ہٗ بِالْعَصَا :لاٹھی سے مارنا۔
الکفحة۔جمع شدہ سفید مکھن۔
رَجُلٌ مِکْفَحٌ وعَمُوْدٌ مِکْفَحٌ :مضبوط۔
کَفَرَ(ن) کَفْرًا وکُفْرًا۔الشیئَ :چھپایا۔کہا جاتا ہے "کَفَرَ دِرْعَه بِثَوْبِه" اس نے اپنی زرہ کو اپنے کپڑے سے چھپایا ۔۔۔ اللَّیْلُ الشیئَ وعَلَی الشیئِ :ڈھانکنا ۔۔۔ الجَهْلُ عَلٰی عِلْمِ فُلَانٍ : علم پر جہل کا غالب آنا(۔۔۔ کُفْرًا و کُفْرًا و کُفُوْرًا وکُفْرَانًا)ایمان کی ضد ۔۔۔ بِالْخَالِقِ : نفی کرنا ۔۔۔ کُفْرًا و کُفُوْرًا و کُفْرَانًا بِنِعَمِ اللّٰهِ و بِنِعْمِ اللّٰهِ :ناشکری کرنا ۔۔۔ بِکَذَا :بیزار ہونا۔
کَفَّرَ الشیئَ : چھپانا ۔۔۔ الرَّجُلَ : کفر پر برانگیختہ کرنا۔ کفر کی طرف نسبت کرنا۔ کافر کہنا۔
کَفَّرَ لَهٗ :تعظیماً کسی کے سامنے سینہ پر ہاتھ رکھنا اور سر جھکانا ۔۔۔ اللّٰهُ لَهُ الذَّنْبَ :معاف کرنا۔ گناہ مٹانا ۔۔۔ عَنْ یَمِیْنِه او اِثْمِه :کفارہ ادا کرنا۔
کُفِّرَ۔لِلْمَلِكِ : تاج پہنایا جانا کہ جس کے دیکھنے سے تعظیم کرنا لازم ہو۔
کَافَرَ مُکَافَرَةً۔فُلَانًا حَقَّه :انکار کرنا۔
اَکْفَرَ۔ طاعت اور ایمان کے بعد گناہ اور کفر اختیار کرنا ۔۔۔ الرَّجُلَ : کافر کہنا۔ کفر کی طرف منسوب کرنا۔ کافر بنانا۔ کفر کرنے پر مجبور کرنا۔
اَکْفَرَ الرَّجُلُ :دیہات میں رہنا۔
اِکْتَفَرَ۔دیہات میں رہنا۔
الکَفْر۔ مص دور کی زمین۔ قبر۔ چھوٹی لاٹھی مٹی۔ الکفر :دیہات۔ج کفور(۔۔۔ والکِفر والکَفَرة)رات کی تاریکی۔
الکُفر والکُفران۔ ضد ایمان۔ الکفران : ناشکری۔ الکُفر : فارسیوں کا اپنے بادشاہ کی تعظیم کرنا۔
الکَفر والکَفَرّی والکُفُرّی والکِفِرّی کھجور کے شگوفے کا غلاف۔ الکَفر : پہاڑ کی گھاٹیاں واحد کَفَرَةٌ۔
الکَفر مِنَ الْجِبَالِ :بڑا پہاڑ۔

الکَافِرُ۔ فا۔ اللہ تعالیٰ کی نعمتوں کا انکار کرنے والا۔ج کَافِرُوْنَ و کَفَرَة و کُفَّار و کِفَار (کفار اس کافر کی جمع میں اکثر استعمال ہوتا ہے جو ضد مومن ہے اور کَفَرَةٌ کا استعمال اکثر اس کَافِر کی جمع میں ہے جو بمعنی ناشکر گزار ہے۔ الکَافِر : تاریک رات۔ سمندر۔ بڑی وادی۔ کالا بادل۔ تاریکی۔ کھجور کے شگوفہ کا غلاف۔ بڑا دریا۔ زرہ۔ وہ شخص جس نے زرہ کو اپنے کپڑوں سے چھپا رکھا ہو۔ دور کی زمین۔ ہموار زمین۔ نباتات۔ کاشتکار۔ ہتھیار بند۔ چھپا ہوا مقیم الکَافِرُ مِنَ الْخَیْلِ :کالا گھوڑا۔
الکَافِرَة۔کافر کا مؤنث۔ج کَافِرَات و کَوَافِر۔
الکَوَافِر :شراب کے مٹکے۔
الکَفُوْر۔ کافر۔ج کُفُر (اس کی جمع سالم نہیں آتی)
الکَافُوْر۔ایک خوشبودار گھاس۔کافور۔کھجور کا شگوفہ۔ کھجور کے شگوفے کا غلاف۔ خوشہ۔ انگور نکلنے کی جگہ۔ج کَوَافِیْر و کَوَافِر۔
الکَفَّار۔ اسم مبالغہ۔ رَجُلٌ کَفَّارٌ : اللہ کی نعمتوں کا انکار کرنے والا۔
الکَفَّارَة۔ کفار کا مؤنث۔ گناہ کا کفارہ۔ صدقہ یا روزہ جو کفارہ میں ادا کیا جائے۔
المُکَفَّر و المُتَکَفِّر۔ ہتھیار بند۔ ہتھیار میں چھپا ہوا۔
المُکَفَّر۔ مفع ۔ وہ احسان کرنے والا جس کی ناشکری کی گئی ہو۔ لوہے میں بندھا ہوا۔ طَائِرٌ مُکَفِّرٌ :پروں میں چھپا ہوا پرندہ۔
کَفِسَ (س) کَفَسًا الصَّبِیُّ : ٹیڑھے پاؤں والا ہونا۔ صفت اَکْفَس۔ مؤنث کَفْسَاء۔ ج کُفْس۔
کَفِسَتْ وانْکَفَسَتْ رِجْلُه :پاؤں کا ٹیڑھا ہونا۔اِنْکَفَسَ الرَّجُلُ :مرد کا دوہرا ہونا۔
الکِفَاس۔ بچّے کے بدن پر باندھنے کا کپڑا۔بدن سے ملے ہوئے کپڑے سے اوپر کا کپڑا۔ کَفْکَفَهٗ۔ عَنْ کَذَا : پھیرنا۔ باز رکھنا۔ منع کرنا۔ کَفْکَفَ الدَّمْعَ : آنسو بار بار پونچھنا ۔۔۔ الرَّجُلُ : قرض دار سے نرمی برتنا یا قرض دار سے تکلیف پہنچانے والے کو دور کرنا۔

تَکَفْکَفَ۔عَنْهُ :باز رہنا۔ پھر جانا۔
کَفَلَ (ن) کَفْلًا و کَفَالَةً فُلَانًا :نان ونفقہ کا ذمہ دار ہونا ۔۔۔ فِیْ صِیَامِه : لگاتار روزے رکھنا ۔۔۔ الشیئَ اِلَیْهِ :ملانا۔
کَفَلَ (ن س) و کَفِلَ (س) و کَفُلَ (ک) کَفْلًا و کُفُوْلًا الرَّجُلَ و بالرَّجُلِ و المَالَ و بالمَالِ : ضامن ہونا۔ کہا جاتا ہے "کَفَلَ عَنْهُ بِالْمَالِ لِغَرِیْمِه"اس نے قرض خواہ کی لیے مال کی ذمہ داری کی۔
کَفَّلَهُ۔نان ونفقہ وغیرہ کا ذمہ دار ہونا۔
کَفَّلَه و اَکْفَلَهٗ اِیَّاهُ : ضامن بنانا۔ کَفَّلَ القَاضِی الخَصْمَ : ضامن لینا۔ اَکْفَلَ زَیْدٌ عَمْرًوا :مال کا ضامن ہونا۔
کَافَلَهٗ مُکَافَلَةً۔معاہدہ کرنا۔
تَکَفَّلَ لَهُ بِکَذَا : ضامن ہونا۔ کہا جاتا ہے "تَکَفَّلَ بِالمَالِ" یعنی اپنے ذمہ کرلیا(۔۔۔ و اِکْتَفَلَ) البَعِیْرَ : اونٹ کے کوہان پر گول زین رکھ کر سوار کرنا۔ اِکْتَفَلَ بِفُلَانٍ : اپنے پیچھے سوار کرانا ۔۔۔ بالشیئِ : پیچھے کرنا۔ کہا جاتا ہے اِکْتَفَلُوْا بِالْجَبَلِ :یعنی پہاڑ سے گزر گئے اور اس کو اپنے پیچھے چھوڑ دیا۔
تَکَافَلَ الْقَوْمُ :بعض بعض کا ضامن ہونا۔
الکِفْل۔ دوچند ثواب یا گناہ پیچھے سوار ہونے والا۔ حصہ۔ نظیر۔ ضمانت۔ بیل کی گردن پر ہل کی لکڑی کے نیچے کا چیتھڑا۔ اون جو پہلے اون کے گرنے کے بعد نکلے، وہ شخص جو گھوڑے پر بیٹھ نہ سکے، وہ شخص جو میدان جنگ میں آخر میں رہے اور بھاگنے کے لیے مستعد رہے، وہ شخص جو اپنے جان ومال کو دوسرے کے ذمہ ڈال دے، چیتھڑے وغیرہ سے ایک گول سی چیز بناتے ہیں اور اس کو اونٹ کے کوہان پر رکھتے ہیں تاکہ بیٹھنے میں آسانی رہے، وہ چیز جو سوار کی اس کے پیچھے سے حفاظت کرے۔ج اَکْفَال۔
الکَفَل مِنَ الدَّابَّةِ :چوپایہ کا چوتڑ یا سرین کا پچھلا حصہ۔ج اَکْفَال۔
الکَافِل۔فا۔ضامن۔ یتیم کا متولی۔ پے درپے روزے رکھنے والا۔ کہا جاتا ہے "بَاتَ فُلَانٌ کَافِلًا" فلاں نے اس حالت میں رات گزاری

کہ نہ تو دن کو کھانا کھایا اور نہ رات میں۔ ج کُفَّلٌ۔

الکَفَالَۃُ۔ ضمانت (اسم ہے کَفَلَۃ سے) ج کَفَالَاتٌ۔

الکَفِیْلُ۔ ضامن۔ ہم مثل۔ کہا جاتا ہے رَجُلٌ کَفِیْلٌ وامْرَأَۃٌ کَفِیْلَۃٌ و قَوْمٌ کَفِیْلٌ" ج کُفَلَاءُ۔

الکُفُوْلَۃُ۔ اسم ہے کفل کا۔ اور کفل اس شخص کو کہتے ہیں جو گھوڑے پر نہ بیٹھ سکے۔

کَفَنَ (ض) کَفْنًا الجمر بالرَّمَادِ: چنگاری کو راکھ میں دبا دینا — الصُّوفَ: اون کاتنا — الخُبْزَۃَ فِی المِلَّۃِ: بھوبھل میں روٹی چھپانا۔ (— و کَفَّنَ) المَیِّتَ: کفن دینا۔

تَکَفَّنَ بِکَذَا: چھپنا۔

الکَفْنُ۔ مص۔ اور کہا جاتا ہے "طَعَامٌ کَفْنٌ" بے نمک کھانا۔

الکَفَنُ۔ کفن۔ ج اَکْفَانٌ۔

الکَفْنَۃُ۔ ایک درخت کا نام ہے۔ اور بقول بعض ایک گھاس ہے جو زمین پر بہت پھیلی ہوئی ہوتی ہے۔

الکُفْنَۃُ۔ عمدہ زمین جو ہر چیز کو اگائے۔ کہا جاتا ہے "قَوْمٌ مُکْفِنُوْنَ" یعنی ایسے لوگ جن کے پاس نمک نہ ہو۔

الکَافِہُ۔ فوج کا سردار۔

اِکْفَھَرَّ اِکْفِھْرَارًا اللَّیْلُ: رات کا سخت تاریک ہونا — السَّحَابُ: بادل گھٹا ٹوپ ہونا — الرَّجُلُ: تیوری چڑھانا — النَّجْمُ: ستارہ کا سخت تاریکی میں چمکنا۔

المُکْفَھِرُّ۔ فا۔ ہر تہ بتہ چیز۔ سخت اور بلند پہاڑ۔ کم گوشت۔ سخت اور بے حیا چہرہ۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ مُکْفَھِرُّ اللَّوْنِ" یعنی فلاں کا رنگ تیرگی کی طرف مائل ہے "وفُلَانٌ مکفھرٌّ" یعنی فلاں منقبض و ترش رو ہے۔ خوشی کے آثار اس کے اندر نہیں۔

الکُفُوُ والکَفْیُ۔ مثل اور نظیر۔

کَفٰی یَکْفِی کِفَایَۃً الشَّیْئُ: کافی ہونا۔ صفت کَافٍ۔ کَفٰی الشَّیْئُ فُلَانًا: قناعت کرنا اور دوسرے سے مستغنی ہونا۔ و کَفٰی فُلَانًا مُؤْنَتَہُ کارگزاری کر دینا۔ اور کارگزاری سے مستغنی کر دینا۔ کہا جاتا ہے "کَفَیْتُہُ شَرَّ عَدُوِّہٖ" یعنی اس کو دشمن کے شر سے بچا دیا۔ اور کفی کے فاعل پر باکی زیادتی ہوتی ہے۔ جیسے "کَفٰی بِاللّٰہِ شَھِیْدًا" یعنی اللہ تعالٰی کی شہادت غیر سے مستغنی کر دیتی ہے۔ لفظ اللہ محلاً مرفوع ہے اور شہیداً تمیز ہے۔

کَافٰی کِفَاءً و مُکَافَاۃً الرَّجُلَ: بدلہ دینا۔ کافی ہونا۔

تَکَفّٰی النَّبَاتُ: نباتات کا طویل ہونا۔

اِکْتَفٰی بِکَذَا: قناعت کرنا۔ مستغنی کرنا۔

اِسْتَکْفٰی الرَّجُلَ الشَّیْئَ: کافی چیز مانگنا۔ تم کہتے ہو "اِسْتَکْفَیْتُہُ الْاَمْرَ فکفانِیْہِ" میں نے اس سے کافی چیز کی درخواست کی اس نے مجھے کافی دی۔

الکِفَایَۃُ۔ مص۔ جو کافی ہو اور غیر سے مستغنی کر دے۔

الکَفْیُ والکِفْیُ والکُفْیُ۔ جس سے کفایت ہو۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ کَفْیُکَ مِنْ رَجُلٍ" یہ مرد اس مرد سے تمہارے لیے کافی ہے اس میں مفرد تثنیہ جمع مذکر مؤنث سب برابر ہیں۔ الکِفْیُ: اندرون وادی۔ ج اَکْفَاءٌ۔

الکُفْیَۃُ۔ گزارہ۔ جو تمہاری زندگی گزارنے کے لائق ہو۔ ج کُفًی۔

الکَفِیُّ والکَافِی۔ جو تمہارے لیے کافی ہو اور تم کو غیر سے مستغنی کر دے۔ کہا جاتا ہے "ھٰذَا رَجُلٌ کَافِیْکَ مِنْ رَجُلٍ و رَجُلَانِ کَافِیَاکَ مِنْ رَجُلَیْنِ و رِجَالٌ کَافُوْکَ مِنْ رِجَالٍ" یہ مرد تمہارے لیے فلاں مرد سے کافی ہے اور اسی قیاس پر تثنیہ اور جمع۔ کَفِیُّ الرَّجُلِ: مرد کا قائم مقام۔

الکَفِّیْ: بارش۔

المکَافَاۃُ۔ مص۔ احسان کا احسان سے یا اس سے زیادہ سے مقابلہ۔ اور کہا جاتا ہے "رَجَوْتُ مُکَافَاتَکَ" میں نے تمہارے کافی ہونے کی امید کی۔

کَلَّ (ض) کَلًّا وکِلَّۃً وکَلَالًا وکُلُوْلًا وکَلَالَۃً وکُلُوْلَۃً۔ تھکنا۔ صفت کَالٌّ۔ بے والد اور بے اولاد ہونا — السَّیْفُ وغیرُہٗ تلوار وغیرہ کا کند ہونا۔ صفت کَلٌّ وکَلِیْلٌ اللِّسَانُ او البَصَرُ: زبان یا نگاہ کا اچھی طرح سے کام نہ دینا۔

کَلَّلَ السَّیْفُ: تلوار کا کند ہونا — عَنِ الْاَمْرِ: بزدل ہو کر رکنا — فِی الْاَمْرِ: کوشش کرنا — الرَّجُلُ: اپنے اہل و عیال کو ضائع ہونے کے لیے چھوڑ دینا — السَّبُعُ: درندہ کا حملہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "کَلَّلَ تَکْلِیْلَۃَ السَّبُعِ" یعنی اس نے درندہ جیسا حملہ کیا — عَلَیْہِ بِالسَّیْفِ: تلوار سے حملہ کرنا — ہٗ: تاج پہنانا — ہٗ بِالْحِجَارَۃِ: پتھراؤ کرنا — السَّحَابُ السَّمَاءَ: بادل چاروں طرف سے گھر آنا۔

اَکَلَّ البُکَاءُ بَصَرَہٗ: نگاہ کا مدھم کر دینا — البَعِیْرَ: اونٹ کو تھکا دینا — الرَّجُلُ: تھکے ہوئے اونٹ والا ہونا۔

تَکَلَّلَ۔ تاج پہنانا — الشَّیْئُ بِہٖ: احاطہ کرنا۔ تَکَلَّلُوْہُ: لوگوں نے اس کا احاطہ کر لیا (— و اِکْتَلَّ) السَّحَابُ عَنِ البَرْقِ: آہستہ آہستہ چمکنا واِکْتَلَّ الغَمَامُ بِالبَرْقِ: بادل میں بجلی چمکنا۔ کوندنا۔

اِنْکَلَّ السَّیْفُ: تلوار کا کند ہونا — البَرْقُ: بجلی کا آہستہ آہستہ چمکنا — الرَّجُلُ: مسکرانا — السَّحَابُ عَنِ البَرْقِ: آہستہ آہستہ چمکنا۔

الکَلُّ۔ مص۔ کمزور۔ وہ شخص جس کے والد اور اولاد نہ ہو۔ یتیم۔ مرد گراں جان بے خیر۔ چھری یا تلوار کی پیٹھ۔ وکیل۔ بت۔ مصیبت۔ فقیر۔ عیال بوجھ اور کَلّ کا اطلاق واحد جمع وغیرہ سب پر ہوتا ہے اور بعض مذکر و مؤنث کی جمع کُلُوْل کہتے ہیں۔

کُلٌّ۔ ایک اسم ہے جو متعدد کے افراد کے استغراق کے لیے یا واحد کے اجزاء کے عموم کے لیے وضع کیا گیا ہے اور بغیر اضافت کے استعمال نہیں کیا جاتا عام اس سے کہ لفظاً ہو یا تقدیراً۔ اور ما مصدریہ ظرفیہ کے داخل ہونے سے تکرار کا فائدہ دیتا ہے جیسے "کُلَّمَا اَتَاکَ زَیْدٌ اَکْرِمْہُ" یعنی زید جب بھی تمہارے پاس آئے تو تم اس کا اکرام کرو۔ اور معرفہ و نکرہ کی صفت میں بھی واقع ہوتا ہے اور اس وصف کی انتہا پر دلالت کرتا ہے۔ جیسے "ھُوَ الْعَالِمُ کُلُّ الْعَالِمِ" وہ بڑا کامل

عالم ہے اور معرفہ و نکرہ محدودہ کی تاکید میں واقع ہوتا ہے جیسے "سَجَدَ المَلاَئِکَۃُ کُلُّھُم" و "اَقَمْنَا حَوْلاً کَامِلاً کُلَّہٗ" اور لفظ کل کا حکم افراد اور تذکیر کا ہے اور معنی باعتبار مضاف الیہ کے ہوں گے۔ اگر نکرہ کی طرف اضافت ہوگی تو معنی کی رعایت واجب ہوگی اور اس کے بعد ضمیر مفرد مذکر کی آئے گی جیسے "کُلُّ شَیْئٍ فَعَلُوْہُ بِحِکْمَۃٍ" اور مفرد مؤنث کی بھی جیسے "کُلُّ نَفْسٍ ذَائِقَۃُ الْمَوْتِ" اور مثنی کی جیسے "وَکُلُّ رَفِیْقَی کُلِّ رِحْلٍ وان ھما" اور مجموع مذکر کی جیسے "وکُلُّ اُنَاسٍ سَوْفَ تَدْخُلُ بَیْنَھُمْ" اور جمع مؤنث کی جیسے "وکُلُّ مُصِیبَاتِ الزَّمَانِ وَجَدْتُھَا" اور اگر معرفہ کی طرف اضاف ہو تو لفظ کی بھی رعایت جائز ہے اور معنی کی بھی۔ جیسے کُلُّ القَوْمِ حَضَرَ یا کُلُّ القَوْمِ حَضَرُوْا۔ اور مقطوع عن الاضافہ کی صورت میں بھی لفظ و معنی دونوں کی رعایت جائز ہے۔ جیسے کُلٌّ حَضَرَ وکُلٌّ حَضَرُوْا اور کہا گیا ہے کہ جب مضاف الیہ مقدر، مفرد اور نکرہ ہو تو مفرد لانا واجب ہے اور اگر جمع معرف ہو تو جمع لانا واجب ہے۔ اور مقطوع عن الاضافہ کی صورت میں تنوین مضاف الیہ کے بدلے میں ہے۔ اور تقدیر پہلی مثال میں کُلُّ اَحَدٍ ہے اور دوسری میں کُلُّھُمْ۔ اور اگر لفظ کل نفی کے بعد واقع ہو تو نفی بعض افراد کی ہوگی۔ جیسے "مَاجَاءَ کُلُّ القَوْمِ": پوری قوم نہیں آئی کچھ آئے کچھ نہیں آئے اور اگر لفظ کل پہلے ہو اور نفی بعد میں ہو تو نفی سارے افراد کی ہوگی جیسے کُلُّھُمْ لَمْ یَقُوْمُوْا یعنی کوئی بھی نہیں کھڑا ہوا اور اس پر الف لام داخل نہیں ہوتا مگر اس وقت جبکہ مضاف الیہ کے عوض میں ہو یا لفظ کل ہی کا ارادہ کیا گیا ہو جیسے الکُلُّ لِاِحَاطَۃِ الاَفْرَادِ۔

کَلاَّ۔ ہرگز نہیں۔ حرف ردع ہے۔ تنبیہ اور زجر کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔

الکَلَّۃ۔ کَلَّ کا اسم مرۃ۔ کند چھری۔

الکَلَّۃ۔ تاخیر۔ دیر۔ کل کا مؤنث۔ کہا جاتا ہے کُلَّۃ اِمْرَاَۃٍ جیسے کُلُّ امْرِئٍ۔

الکِلَّۃ۔ باریک پردہ۔ مچھر دانی۔ ہودج کے سرے پر سرخ اون۔ ج کِلَل و کِلاَّت (— و الکَلَل) حالت۔ کہا جاتا ہے "بَاتَ بِکَلَلِ سُوْءٍ" یعنی بری حالت میں رات گزاری۔

الکَلاَلَۃ۔ تھکن۔ جس کے والد اور ولد نہ ہو۔ وہ شخص جس کے لیے نسبی رشتہ دار نہ ہوں۔ کہتے ہیں "ھُوَابْنُ عَمِّ الْکَلاَلَۃِ وابنُ عَمٍّ کلالَۃٍ" جبکہ قبیلہ کا تو ہو مگر قریبی نسبی رشتہ دار نہ ہو۔

الکُلِّیُّ۔ کل کی طرف منسوب۔ العِلْمُ الْکُلِّی: عِلمِ الٰہی۔

کُلِّیَّۃُ الشَیٔ: بتامہٖ۔ کہا جاتا ہے "اَخَذَہٗ بِکُلِّیَّتِہٖ" یعنی بتمامہ لے لیا۔

الکُلِّیَّات فِیْ عُرف المنطقیین: وہ مفہوم ہے جو بہت افراد پر صادق ہو اور اس کی پانچ قسمیں ہیں۔

(۱) جنس: وہ کلی جس کے افراد کی حقیقتیں مختلف ہوں۔ جیسے حیوان۔

(۲) نوع: وہ کلی جس کے افراد کی حقیقتیں متحد ہوں۔ جیسے انسان۔

(۳) فصل: وہ کلی جو ماعدا سے ممتاز کردے جیسے ناطق۔

(۴) خاصہ: وہ کلی عرضی جو ایک حقیقت کے ساتھ خاص ہو جیسے ضَاحِکٌ۔

(۵) عرضِ عام: وہ کلی عرضی جو ایک سے زائد حقیقت کے ساتھ ہو جیسے مَاشِی۔

الاِکْلِیْل۔ تاج۔ جواہر سے مزین پٹکا۔ ج اَکِلَّۃ و اَکَالِیْل: ناخن کے اردگرد کا گوشت۔ اِکْلِیْلُ الْملک: ناخنہ۔ واِکْلِیْلُ الجَبَل: ایک قسم کی نباتات۔

الکَلِیْل۔ تھکا ہوا۔ کہا جاتا ہے "بَصَرٌ کَلِیْلٌ" کمزور نگاہ "سَیْفٌ کَلِیْلٌ" کند تلوار۔ ج کِلاَل۔

کَلا(ف) کَلاَءً و کِلاَءً و کِلاءَۃً اللّٰہُ فُلاَنًا: حفاظت کرنا۔ کَلاَہٗ بِالسَوْطِ: کوڑے مارنا۔ کَلاَ بَصَرُہٗ فِی الشَیٔ: بار بار دیکھنا — النَجْمُ مَتٰی یَطْلُع: ستارے کے طلوع ہونے کا انتظار کرنا (— کَلاو کُلُوْءَۃً) الدَینُ: ادائیگی میں دیر ہونا۔ صفت کالِئٌ و کالٍ — عُمرُہٗ: عمر کا ختم ہونا۔

کَلاَ و کَلِئَ (س) کَلاَ الْمَکَانُ: سبزہ زار ہونا (— و اِکْلاَتِ) النَاقَۃُ: اونٹنی کا سبزی کھانا۔

کَلاَّ تَکْلِیْئًا و تَکْلِئَۃً السَفِیْنَۃَ: کشتی کو کنارے سے قریب کرنا — الرَجُلَ: باز رکھنا — فِی الْاَمْرِ: غور سے دیکھنا — اِلٰی فُلاَنٍ فِی الْاَمْرِ: آگے بڑھنا (— تَکْلِیْئًا) بیعانہ لینا۔ (— تَکْلِئَۃً) ہوا سے پناہ کی جگہ میں آنا — فِی الطَعَامِ وَغَیْرِہٖ: بیع سلم کرنا۔

کَالاَہٗ مُکَالاَۃً وکِلاَءً۔ انتظار کرنا۔

تَکَلاَّ و اِسْتَکْلاَ۔ الکُلْاَۃَ: بیعانہ لینا۔

اِسْتَکْلاَ الْمَکَانُ: سبزہ زار ہونا۔

اِکْتَلاَ کُلْاَۃً: بیعانہ لینا۔ اِکْتَلاَتْ عَیْنُہٗ بے خوابی میں مبتلا ہونا اور نہ سونا۔ اِکْتَلاَ مِنْ فُلاَنٍ: بچنا۔

الکَلاَ۔ گھاس۔ ج اَکْلاَء۔

الکَلاَّء۔ بندرگاہ۔ دریا کا کنارہ۔

الکالِئ و الکالی۔ بیعانہ۔ ادھار ج کَوَالِی و کَوَالٍ۔

مَکَانٌ کَلِئٌ و مُکْلِئٌ۔ بہت سبزہ زار۔ مؤنث کَلِئَۃٌ و مُکْلِئَۃٌ۔

رَجُلٌ کَلُوْءُ الْعَیْنِ: مرد بیدار چشم جس پر نیند کا غلبہ نہ ہو۔ عَیْنٌ کَلُوْءٌ: بے نیند کی آنکھ۔

الکُلْاَۃ۔ بیعانہ۔ ادھار۔

الاَکْلاَ۔ اسم تفضیل۔ اور کہا جاتا ہے "بَلَغَ اللّٰہُ بِکَ اَکْلاَ العُمرِ" یعنی اللہ تعالیٰ تمہاری انتہائی عمر کرے۔

اَرْضٌ مَکْلاَۃ۔ بہت سبزہ زار زمین۔

المُکَلاَّ۔ بندرگاہ۔ دریا کا کنارہ۔ ہر وہ جگہ جہاں ہوا سے پناہ لے سکیں۔

کَلَبَ (ن) کَلْبًا الفَرَسَ: گھوڑے کو مہمیز مارنا — المَزَادَۃ: توشہ دان میں تسمہ لگانا۔

کَلَبَ (ض) کَلْبًا الرَجُلُ: کتوں کے بھونکنے کے لیے انہیں کی طرح آواز نکالنا۔

الکَلْبُ: کتے کا لاگو ہونا۔

کَلِبَ (س) کَلَبًا۔ پیاسا ہونا — الکَلْبُ: دیوانہ ہونا — الرَجُلُ: پاگل کتے کے کاٹنے سے دیوانگی والا ہونا — عَلَی الْاَمْرِ: حریص ہونا — فِیْ کَذَا: امید رکھنا — عَلَی الرَجُلِ: اصرار کرنا — الرَجُلُ: بغیر آسودگی

کے بہت کھانا۔ دیوانہ کتے کا کاٹنا۔ دیوانہ کتے کے کاٹنے سے چیخنا۔ غضبناک ہونا۔ فرومایگی کرنا۔ — الکَلْبُ : کتے کا لاگو ہونا — القِدُّ عَلَی الاَسِیْرِ : خشک ہونا — الشَجَرُ : درخت کی سیرابی نہ ہونے کی وجہ سے پتوں کا خشک ہونا اور گزرنے والے کے کپڑوں سے الجھنا — الشِتَاءُ و الزَمَانُ : سخت ہونا۔

کُلِبَ کَلاَبًا الرَجُلُ : کتے کے کاٹنے کی وجہ سے دیوانہ ہونا۔

کَلَّبَ الکِلْبَ : کتے کو سدھانا۔

کَالَبَ کِلاَبًا و مُکَالَبَةً الرَجُلَ : کھلم کھلا دشمنی کرنا اور تنگی ڈالنا۔ کَالَبَتِ الاِبِلُ : اُونٹوں کا کانٹے دار درخت چرنا۔

اَکْلَبَ القَوْمُ : پیاسے اُونٹوں والا ہونا۔

تَکَالَبَ القَوْمُ : کھلم کھلا آپس میں دشمنی کرنا — عَلٰی کَذَا : ایک دوسرے پر حملہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "تَکَالَبَ النَاسُ عَلَی الدُّنْیَا" یعنی لوگ دنیا کے بہت حریص ہو گئے۔

اِسْتَکْلَبَ الرَجُلُ : کتوں کی طرح بھونکنا۔ — الکَلْبُ : کتے کا لاگو ہونا۔ انسان کے کھانے کا عادی ہونا۔

الکَلْبُ۔ ہر ایک کاٹنے والا درندہ۔ کتا ج کِلاَب۔ و اَکْلُب و جج اَکَالِب و کِلاَبَات الکَلْبُ : چکی کے دھرے کے سرے کا لوہا۔ کجاوہ کے کنارہ کی میخ۔ جس پر مسافر اپنے توشہ وغیرہ کو لٹکائے۔ دیوار میں ٹیک لگانے کی تھونی۔ ٹیلہ کا کنارہ۔ تلوار کے قبضہ کی میخ مِنَ الفَرَسِ : گھوڑے کی پیٹھ کی دھاری۔ کہا جاتا ہے "اِسْتَوٰی عَلٰی کَلْبِ فَرَسِہٖ" وہ اپنے گھوڑے کی پیٹھ پر جم کے بیٹھ گیا اور کہا جاتا ہے "کَفَّ عَنْہُ کِلاَبَہ" یعنی اس نے گالی دینی اور تکلیف پہنچانی چھوڑ دی۔ اور "فُلاَنٌ بَوَادِی الکَلْب" جبکہ گھر بار نہ ہو جہاں وہ ٹھکانا لے سکے۔ الکَلْبُ : وادی کے پانی کی پہلی زیادتی۔ ہر وہ چیز جس سے کوئی چیز باندھی جائے۔ کَلْبُ المَاءِ او کَلْبُ البَحْرِ : ایک قسم کی مچھلی جو کتے سے کچھ مشابہ ہوتی ہے اور دم لمبی اور کان اور ٹانگیں چھوٹی چھوٹی ہوتی ہیں ور رنگ سرخ سیاہی مائل ہوتا ہے۔ الکَلْبُ و کَلْبُ الجَبَّار و الکَلْبُ الاَکْبَر و الکَلْبُ الاَصْغَر و کَلْبُ الرَّاعِی : ستاروں کے نام۔ کَفُّ الکَلْب : ایک قسم کی پھیلی ہوئی گھاس۔ لِسَانُ الکَلْب : ایک نباتات۔

الکُلاَب۔ کتے کے کاٹنے کی وجہ سے دیوانگی۔

الکَلَب۔ کَلِبَ کا مصدر۔ کتے کی دیوانگی۔ سخت پیاس۔ ابتدائی سرما اور کہا جاتا ہے "دفَعْتُ عَنْکَ کَلَبَ فُلاَنٍ" یعنی میں نے تم سے فلاں کے شر کو دور کر دیا۔

الکَلْبَة۔ کتیا۔ کانٹا۔ اُمّ کَلْبَة : بخار۔

الکُلْبَتَان۔ لوہار کا زنبور۔ دانت اکھاڑنے کا زنبور۔ اور اس کو کَلاَّبَة بھی کہتے ہیں۔

الکُلْبَة۔ سختی۔ تنگی۔ قحط۔ شدت سرما۔ بلی کتے کی تھوتھنی کے دونوں طرف کے بال۔ شراب فروش کی دکان۔

الکُلاَّب و الکَلُّوب۔ مہمیز۔ آگ نکالنے کی لیے مڑے ہوئے سر کی سلاخ۔ آنکس ج کَلاَلِیب : کَلاَلِیبُ البَازِی : باز کے پنجے۔ کَلاَلِیبُ الشَجرِ : درخت کے کانٹے۔

الکَلاَّب و الکَالِب۔ کتے والا۔ الکَلاَّب کتوں کو سدھانے والا۔ کجاوہ کے کنارہ پر کچھ لٹکانے کی لیے میخ۔ گوشت وغیرہ اٹکانے کے لیے لوہے کا کنڈا۔ ج کَلاَلِیب۔

الکَالِب و الکَلِیب۔ کتوں کا جھنڈ۔

الکَلِب ج کَلِبُوْن و الکَلِیب ج کَلْبٰی۔ کتے کے کاٹنے سے دیوانہ۔ عَامٌ کَلِبٌ : سخت اور قحط کا سال۔ دَهْرٌ کَلِبٌ : غم میں مبتلا کرنے والا دور۔ سَائِلٌ کَلِب : بہت اصرار سے مانگنے والا سائل۔ اور کہا جاتا ہے "هُوَ کَلِبٌ عَلٰی کَذَا" وہ فلاں چیز کا بہت حریص ہے۔

الکَلِبَة۔ کَلِب کا مؤنث۔ خار دار درخت اَرْض کَلِبَةٌ و اَرْض کَلِبَةُ الشَجَرِ : خشک زمین۔

المُکَلَّب۔ مفع بیڑی پڑا ہوا قیدی۔ کِلاَبٌ مُکَلَّبَةٌ : سدھے ہوئے کتے۔

المُکَلِّب۔ کتوں کو سدھانے والا۔ شکار پکڑنے والے جانور۔

المُکَالِب۔ دلیر۔

اَرْضٌ مَکْلَبَة۔ بہت کتوں والی زمین۔

کَلَتَ (ض) کَلْتًا الشَیْءَ : جمع کرنا۔ کَلَتَ بِہٖ : پھینکنا۔ کَلَتَهٗ فِی الاِنَاءِ : برتن میں انڈیلنا الفَرَسَ : گھوڑے کو چلانا۔

اِنْکَلَتَ المَاءُ : ڈالا جانا — الرَجُلُ : منقبض ہونا۔

اِکْتَلَتَ المَاءَ : پینا۔

الکُلْتَة۔ کھانے کا حصہ۔

الکَلِیْت و الکِلِّیْت۔ لمبا پتھر جس سے بجو کے بھٹ کو بند کیا جائے۔

کَلْتَبَ کَلْتَبَةً فِی اَمْرِہٖ : مداہنت برتنا۔ سستی کرنا۔

الکَلْتَب و الکُلْتُب کاموں میں سستی کرنے والا۔

کَلْثَمَ کَلْثَمَةً لَحْمُ الوَجْہِ : بلا ترش روئی کے چہرے کا گوشت سمٹنا۔

الکُلْثُوْم۔ چہرے اور رخساروں پر زیادہ گوشت ہونا۔ جھنڈے کے سرے پر ریشم کا ٹکڑا۔

الکَلَج۔ بہادر سخی۔

الکُلْج۔ قوی لوگ۔

کَلَحَ (ف) کُلُوْحًا و کُلاَحًا وَجْهُهٗ : تیوری چڑھا ہوا ہونا۔ صفت کَالِح۔ کہا جاتا ہے "کَلَحَ فِیْ وَجْہِ الصَبِیِّ او المَجْنُوْن" یعنی بچے یا مجنون کو گھبراہٹ میں ڈال دیا۔

کَلَّحَ وَجْهَهٗ : ترش روبنانا۔ تیوری چڑھانا۔

اَکْلَحَ وَجْهَهٗ : تیوری چڑھا ہوا ہونا — وَجْهَه : تیوری چڑھانا۔

کَالَحَ فُلاَنًا : قوت میں مقابلہ کرنا۔ باہم سختی کرنا — القَمَرُ : چاند کا بادل میں چھپنا۔ منزل سے آگے نہ بڑھنا۔

تَکَلَّحَ۔ الوَجْہُ : تیوری چڑھا ہوا ہونا — البَرْقُ : بجلی کا لگاتار چمکنا — الرَجُلُ : مسکرانا۔

اکْلَوَّحَ وَجْهَهٗ : تیوری چڑھانے میں دانت نکالنا۔ کہا جاتا ہے "دَهْرٌ کُلاَحٌ" سخت اور تنگی کا سال۔

کَلاَحِ۔ مبنی بر کسرہ : قحط زدہ سال۔

الکَلْحَة۔ منہ اور اس کا اردگرد۔

الکَالِح۔ فا۔ وہ شخص جس کے ہونٹ کھلے ہوئے ہوں۔ کہا جاتا ہے "دَهْرٌ و شِتَاءٌ کَالِحٌ" سخت زمانہ اور سخت سردی۔
الکَوْلَح۔ قبیح۔
کَلْحَبَ کَلْحَبَةً۔ تلوار سے مارنا۔
الکَلْحَبَةُ۔ آگ بھڑکنے کی آواز۔
الکلحِم۔ مٹی۔ خاک۔
کَلَدَ (ض) کَلْدًا و کَلَّدَ الشَّیْءَ: تہ بتہ جمع کرنا۔
تَکَلَّدَ الرَّجُلُ: موٹے گوشت والا ہونا۔ قوی ہونا۔
الکَلَد۔ سخت زمین۔ واحد کَلَدَةٌ۔
الاَکْلِیْد۔ کنجی۔ (دخیل)
الکَلْدَم۔ سخت۔
الکَلْدُوم۔ پستہ قد۔
کَلَزَ (ض) کَلْزًا و کَلَّزَ الشَّیْءَ: جمع کرنا۔
اِکْلَازَّ اِکْلِئْزَازًا۔ البَازِی: باز کا سمٹ کر شکار پکڑنے کا ارادہ کرنا — الرَّجُلُ: سکڑنا۔
الکِلِّز۔ مضبوط پٹھے والا مرد۔
کَلَّسَ البَیْتَ۔ گچ سے استرکاری کرنا۔
— الشَّیْءَ: گچ کی مانند بنانا۔ کَلَّسَ عَنْ قِرْنِهِ: بزدل ہونا اور بھاگنا — عَلَیْهِ: حملہ کرنا — مِنَ المَاءِ: پانی سے سیراب ہونا۔
تَکَلَّسَ۔ چونا یا گچ ہونا۔ چونا یا گچ کی مانند ہونا۔
— مِنَ المَاءِ: پانی سے سیراب ہونا۔
الکِلْس۔ چونا یا چونا راکھ ملا ہوا۔
الکُلْسَة۔ بھورا رنگ۔
الکَلَّاس۔ چونہ والا۔ چونا بیچنے والا۔ سَیْفٌ کَلَّاسٌ: شمشیر براں۔
المُتَکَلِّس۔ تیز دوڑنے والا۔
الاَنْکَلِیْس۔ ایک مچھلی جو سانپ کی مانند ہوتی ہے اور اس کو حَنْکَلِیْس بھی کہتے ہیں (دخیل)
کَلْسَمَ اِلَیْهِ: قصد کرنا۔ ارادہ کرنا۔ الرَّجُلُ: تیز جانا۔ اداء حقوق میں کاہلی کی وجہ سے تاخیر کرنا۔
الکَلْشَمَة۔ بڑھیا۔
کَلْصَمَ۔ الرَّجُلُ: بھاگنا۔
کَلِعَتْ (س) کَلَعًا قَدَمُهُ: قدم کا میلا ہونا اور پھٹنا۔
کَلِعَ (س) و کَلَعَ (ف) کَلْعًا۔ الوَسَخُ عَلٰی رَاْسِهِ او فِیْ رَاْسِهِ: سر پر میل کا خشک ہونا۔ کَلِعَ رَاْسُهُ: سر کا میلا ہونا۔ کَلِعَتْ قَوَائِمُ الدَّابَّةِ: چوپائے کی ٹانگوں میں سخت خارش ہونا — کَلَعًا و کُلَاعًا (البَعِیْرُ): پھٹے ہوئے کھروالا ہونا۔
اَکْلَعَهُ الوَسَخُ: میلا کچیلا ہونا۔ میل کچیل کا تہ بتہ جمنا۔
تَکَلَّعَ القَوْمُ: جمع ہونا اور باہم قسم کھانا۔
الکِلْع۔ مردبد قوارہ۔ فرومایہ۔ ج کِلَعَةٌ۔
الکَلَع۔ بوائی۔ پیر کی پھٹن۔
اَلکَلِع۔ بوائی والا۔ جس شخص یا چیز پر میل جم گیا ہو۔ مؤنث کَلِعَةٌ کہا جاتا ہے "هُوَ اَسْوَدُ کَلِعٌ" یعنی وہ کالا ہے اور اس کی سیاہی میل کی مانند ہے۔
الکَلْعَة۔ بکریوں کے ریوڑ کا ایک حصہ۔ بہت سی بکریاں۔
الکُلْعَة، ایک مرض ہے جو اونٹ کے پچھلے حصہ میں ہوتا ہے۔
الکَوْلَع۔ میل کچیل۔
الکُلَاع۔ مہ۔ سختی۔ شدائد میں صبر۔ مواقع جنگ۔
الکُلَاعِیّ۔ مرد دلیر۔
کَلِفَ (س) کَلَفًا الوَجْهُ: چہرہ کا جھائیں والا ہونا۔ صفت اَکْلَف۔ مؤنث کَلْفَاء۔ بِهٖ: عاشق زار ہونا۔ صفت کَلِفٌ — الاَمْرَ: مشقت پر برانگیختہ کرنا۔ کَلَّفَهُ، دشوار کام کا حکم دینا۔
اَکْلَفَهُ بِکَذَا: عاشق زار بنانا۔ تَکَلَّفَ الاَمْرَ: دشوار کام برداشت کرنا۔ تکلف کرنا۔
اِکْلَافَّ اِکْلِیْفَافًا۔ جھائیں کے رنگ کا ہونا۔
الکَلَف۔ سیاہی زردی مائل۔ جھائیں۔
الکَلِف۔ عاشق زار۔
الکُلْفَة۔ جھائیں کا رنگ۔
الکُلْفَة۔ مشقت۔ رنج۔ سختی۔ کسی مصیبت یا حق کے بارے میں جو رنج تمہیں لاحق ہو ج کُلَف۔
التَّکْلِفَة۔ مشقت۔ ج تکالیف۔
الکَلُوْف۔ دشوار امر۔
الکَلَافَة۔ سخت محبت۔ اشتیاق۔
الکَلْفَاء۔ اَکْلَف کا مؤنث۔ تیز سرخ شراب جو سیاہی مائل ہو۔ سرخ سیاہی مائل شراب کا مٹکا۔
المُکَلَّف و المُتَکَلِّف تکلفات کرنے والا۔ اُمورِ لایعنی میں پڑنے والا۔
الکَلَک۔ چھوٹی کشتیاں جو عراق کے دریاؤں میں چلائی جاتی تھیں۔ ج کَلَکَات۔
الکَلْکَل ج کَلَاکِل و الکَلْکَال۔ سینہ۔ ہنسلی کی ہڈیوں کے درمیان کا حصہ — مِنَ الفَرَسِ: بیٹھنے کی حالت میں سینہ کا جتنا حصہ زمین پر لگے
الکَلَاکِل: جماعتیں۔
الکُلَکِل و الکُلَاکِل۔ مضبوط۔ گٹھے بدن کا پستہ قد مرد۔ مؤنث کُلَکِلَة و کُلَاکِلَة۔
کَلَمَهُ (ن ض) کَلْمًا۔ زخمی کرنا۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا مِمَّا یَکْلِمُ العِرْضَ وَالدِّیْنَ" یہ ان چیزوں میں سے ہے جو دین اور آبرو میں عیب لگائے۔
کَلَّمَهُ تَکْلِیْمًا۔ زخمی کرنا (— تَکْلِیْمًا و کِلَّامًا) بات چیت کرنا۔
کَالَمَهُ مُکَالَمَةً۔ گفتگو کرنا۔
تَکَالَمَ الرَّجُلَانِ: جدائی کے بعد گفتگو کرنا۔ کہا جاتا ہے "کَانَا مُتَصَارِمَیْنِ فَاَصْبَحَا یَتَکَالَمَانِ" دونوں ایک دوسرے کو چھوڑے ہوئے تھے۔ پھر گفتگو کرنے لگے۔ اس موقعہ پر یَتَکَالَمَان ہی کہا جائے گا۔ یَتَکَلَّمَان نہیں۔
تَکَلَّمَ تَکَلُّمًا و تِکِلَّامًا الرَّجُلُ کَلِمَةً و بِکَلِمَةٍ بات کہنا۔
الکَلْم۔ مہ۔ زخم۔ ج کُلُوْم و کِلَام۔
الکَلِمَة۔ ج کَلِم و کَلِمَات و الکِلْمَة۔ ج کِلَم و الکَلْمَة ج کَلْمَات: لفظ۔ مفرد یا مرکب جو انسان بولے۔ کَلِمَةُ التَّوْحِیْدِ: لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ۔ کَلِمَةُ التَّقْوٰی: بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔ العَشْرُ الکَلِمَات: اللہ تعالٰی کے دس احکام جو بنی اسرائیل پر نازل ہوئے تھے۔ الکَلِمَةُ و کَلِمَةُ اللّٰهِ سیدنا عیسٰی علیہ السلام کا لقب۔ اور کلمة کا اطلاق خطبہ اور قصیدہ پر بھی ہوتا ہے۔
الکُلَّام۔ قول۔ گفتگو۔ جملہ۔
الکُلَام۔ سخت زمین۔
الکَلْمَانِیّ و الکِلْمَانِیّ و الکِلِّمَانِیّ

والكِلِّمَانِي فصیح اور عمدہ گفتگو کرنے والا۔ بہت بولنے والا۔ انہی میں تا لگانے سے مؤنث کا صیغہ ہو جائے گا۔

رَجُلٌ تِكْلَامٌ و تِكِلَّام و تِكْلَامَة و تِكِلَّامَة عمدہ اور فصیح گفتگو کرنے والا۔

الكَلِيْم۔ مجروح۔ ج كَلْمٰى ـــ تمہارا ہم کلام ج كُلَمَاء۔ الكَلِيْم و كَلِيْمُ اللهِ: حضرت سیدنا موسیٰ علیہ السلام کا لقب۔

رَجُلٌ كِلِّيْمٌ۔ بہت بولنے والا۔

المُتَكَلِّم۔ فا۔ علم کلام کا ماہر۔

المُتَكَلَّم۔ گفتگو کی جگہ۔ تم کہتے ہو مَا اَجِدُ مُتَكَلَّمًا یعنی گفتگو کی جگہ میں نہیں پاتا ہوں۔

كَلٰى يَكْلِي كَلْيًا۔ الرَّجُلَ: گردے پر مارنا۔ صفت مفعولی مَكْلِيّ۔

كَلِيَ (س) كَلًى و اِكْتَلٰى۔ گردے پر لگنا۔ و اِكْتَلَاهُ: گردے پر مارنا۔

كُلِّيَ۔ دو گروہ میں مبتلا ہونا۔

كَلّٰى تَكْلِيَةً۔ چھپنے کی جگہ میں آنا۔

اِكْلَوْلٰى اِكْلِيلَاءً۔ شکست کھانا۔

الكُلْيَة و الكُلْوَة۔ گردہ۔ مثنٰی كُلْيَتَان و كُلْوَتَان ج كُلًى و كُلْيَات۔ كُلَى الْوَادِي: وادی کے اطراف و جوانب۔ کہا جاتا ہے "غَنَمٌ حَمْرَاءُ الكُلٰى" دبلی پتلی بکریاں و "لَقِيْتُهُ بِشَحْمِ كُلَاهُ" میں نے اُس سے آغازِ جوانی اور ایام نشاط میں ملاقات کی۔ و الكُلْيَةُ مِنَ القَوْسِ: کمان کے قبضہ سے تین بالشت ـــ مِنَ السَّحَابِ: بادل کا نیچے کا حصہ۔ الكُلَى مِنَ الطَّيْرِ: بازو کے چار پر۔

الكُلِّيّ۔ دو گروہ والا۔

كِلَا و كِلْتَا۔ یہ دونوں اسم لفظاً مفرد اور معناً مثنٰی ہیں اور کلا سے مذکر کی اور کلتا سے مؤنث کی تاکید ہوتی ہے۔ اور ہمیشہ ایسے کلمہ کی طرف اضافت ہوتی ہے جو معرفہ اور تثنیہ پر دلالت کرتا ہو اور جب اسم ظاہر کی طرف اضافت ہوتی ہے تو الف اپنی حالت پر باقی رہتا ہے اور اعراب تقدیری ہوتا ہے جیسے "رَأَيْتُ كِلَا الرَّجُلَيْنِ و كِلْتَا الْمَرْأَتَيْنِ" اور جب ضمیر کی طرف اضافت ہو تو مثنٰی جیسا اعراب ہوتا ہے جیسے "جَاءَ الرَّجُلَانِ كِلَاهُمَا و رَأَيْتُ الرَّجُلَيْنِ كِلَيْهِمَا و المَرْأَتَيْنِ كِلْتَيْهِمَا" اور جب ضمیر ان کی طرف راجع ہو تو لفظ کی رعایت جائز ہے جیسے "كِلْتَا الْجَنَّتَيْنِ اٰتَتْ اُكُلَهَا" و "زَيْدٌ و عَمْرٌو وَ كِلَاهُمَا قَائِمٌ" اور یہی افصح ہے اور رعایت معنی بھی جائز ہے۔ جیسے "كِلَاهُمَا قَامَا" و زَيْدٌ و عَمْرٌو و كِلَاهُمَا قَائِمَانِ اور یہ کم ہے۔ اور "كِلَاهُمَا مُحِبٌّ لِصَاحِبِهٖ" جیسی ترکیب میں رعایت لفظ متعین ہے اس لئے کہ معنی كُلٌّ مِنْهُمَا کے ہیں۔

الاِكْلِيْرُس۔ گرجا کے خادم۔ واحد اِكْلِيْرِيْكِيٌّ۔ ج اِكْلِيْرِيْكِيُّوْنَ۔

كَمْ۔ دو قسمیں ہیں۔ (۱) استفہامیہ اور اس کا ممیز منصوب ہوتا ہے جیسے كَمْ دِرْهَمًا لَكَ یعنی تمہارے کتنے درہم ہیں۔

(۲) خبریہ بمعنی کثیر اس کا ممیز مجرور ہوتا ہے جیسے كَمْ عَبْدٍ او عَبِيْدٍ مَلَكْتُ۔ میں بہت غلاموں کا مالک ہوں۔

كَمَّ (ن) كَمًّا۔ چھپانا۔ پوشیدہ کرنا۔ البَعِيْرَ: اونٹ کے منہ پر تھوتھنی چڑھانا ـــ النَّاسُ: لوگوں کا اکٹھا ہونا۔

كَمَّتْ و كُمَّتْ كَمًّا و كُمُوْمًا النَّخْلَةُ: درخت خرما میں شگوفہ آنا۔ صفت مَكْمُوْم۔

كَمَّمَ و اَكَمَّ القَمِيْصَ: کرتے میں آستین لگانا۔

كَمَّمَتْ و اَكَمَّتِ النَّخْلَةُ: درخت خرما کا شگوفہ دار ہونا۔

تَكَمَّمَ بِثِيَابِهٖ: اوڑھنا۔ چھپنا۔ تَكَمَّمَهُ: بند کرنا۔ لپیٹنا۔

تُكُمِّمَ القَوْمُ: مدہوش ہونا۔ ڈھانکا جانا۔

الكَمّ و الكَمِّيَّة۔ مقدار۔

الكَمِّي۔ کم کی طرف نسبت۔ مؤنث كَمِّيَّة۔

الكُمّ۔ آستین۔ ج اَكْمَام و كِمَمَة۔

الكُمَّة۔ گول ٹوپی۔ ڈھکنا۔

الكِمّ۔ غلاف شگوفہ۔ ج اَكِمَّة و اَكْمَام و كِمَام و اَكَامِيْم۔

اَكِمَّةُ الخَيْلِ: توبرہ۔ واحد۔ كِمَام۔

الكِمَامَة۔ پھول کا غلاف۔ کھجور کے شگوفہ کا غلاف۔

الكِمَامَة و الكِمَام۔ تھوتھنی جس سے جانور کے منہ کو باندھ دیا جائے تاکہ وہ کھا اور کاٹ نہ سکے۔

المَكْمُوْم۔ منع ـــ مِنَ النَّخْلِ: درخت خرما جس میں غلاف شگوفہ نکل آئے۔

المِكَمَّة۔ تھوتھنی۔

كَمِئَ (س) كَمَأً۔ پوشیدہ ہونا ـــ عَنِ الاَخْبَارِ ناواقف ہونا۔ بے خبر ہونا۔ كَمِئَتْ يَدُهُ مِنَ البَرْدِ او العَمَلِ: ہاتھ کا سردی یا کام سے پھٹنا۔

كَمَأَهُ (ف) كَمْأً۔ سانپ کی چھتری کھلانا۔

اَكْمَأَ اِكْمَاءً۔ المَكَانُ: بہت سانپ کی چھتری والا ہونا ـــ الرَّجُلَ: سانپ کی چھتری کھلانا ـــ السِّنُّ فُلَانًا: بوڑھا کر دینا۔

تَكَمَّأَهُ۔ ناپسند کرنا۔ برا جاننا۔ تَكَمَّأَتْ عَلَيْهِ الاَرْضُ: پوشیدہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "خَرَجَ النَّاسُ يَتَكَمَّؤُوْنَ" یعنی لوگ سانپ کی چھتری چننے کے لیے نکلے۔

الكَمْءُ۔ مص۔ سانپ کی چھتری اور اس کو شحم الارض بھی کہتے ہیں ج اَكْمُؤٌ و كَمْأَةٌ۔

الكَمَّاء۔ سانپ کی چھتری بیچنے والا۔ سانپ کی چھتری بیچنے کے لئے چننے والا۔

المَكْمَأَة و المَكْمُؤَة۔ سانپ کی چھتری کی جگہ۔

كَمُتَ (ک) كُمْتًا و كَمَاتَةً و كُمْتَةً الفَرَسُ۔ کمیت ہونا۔

كَمَتَ (ن) كَمْتًا۔ الغَيْظَ: غصہ کو دبانا۔

كَمَّتَ الثَّوْبَ: کپڑے کو سیاہی مائل سرخ رنگنا۔

كُمِّتَتْ تَكْمِيْتًا الخَمْرُ و الفَرَسُ و غَيْرُهُمَا: کمیت بنایا جانا۔

اَكْمَتَ و اِكْمَتَّ و اِكْمَاتَّ الفرس: گھوڑے کا کمیت ہونا۔

الكُمْتَة۔ کمیت رنگ۔

الكُمَيْتُ مِنَ الخَيْلِ (للمذكر و المؤنث) سرخ سیاہ رنگ والا۔ اور یہ خلاف قیاس اَكْمَت کی تصغیر ہے۔ ج كُمْت۔ الكُمَيْت: شراب۔ کہا

جاتا ہے خَیلٌ کُمَاتیٌ : کُمیت گھوڑے۔
الکُمَیتَۃ۔ جڑ۔ اصل۔ کہا جاتا ہے "اَخَذَہٗ بِکُمَیتَتِہٖ" یعنی اس نے اس کو مع جڑ کے لے لیا۔
کَمتَرَ۔ چھوٹے چھوٹے قدم سے چلنا — القِربَۃَ : مشک کو بندھن سے باندھنا۔ السِقَاءَ مشک بھرنا — القَصِیرُ : پستہ قد کا دوڑنا۔
الکُمتُرُ و الکُمَاتِرُ۔ موٹا۔ پستہ قد۔ سخت مضبوط۔
کَمتَرَ الشَیٔ : جمع ہونا اور بعض کا بعض میں داخل ہونا۔
الکُمَاتِرُ۔ پستہ قد۔
الکُمَّثرَیٰ۔ الموث۔ واحد کُمَّثرَاۃٌ۔ ناشپاتی۔
الکَمَج۔ بن ران۔
کَمَحَ (ف) کَمحًا الدَابَّۃَ : چوپایہ کو کھینچ کر ٹھہرانا۔
اَکمَحَ الدَابَّۃَ : چوپایہ کو کھینچ کر ٹھہرانا۔
الکرمُ : پتے نکلنے کے قریب ہونا اور خوشہ انگور نکلنے کی جگہ ظاہر ہونا۔
اُکمِحَ الرَجُلُ : بڑا بنایا جانا۔
المُکمَح۔ بڑا بنایا ہوا۔
کَمَخَ (ف) کَمخًا بِاَنفِہٖ : تکبر کرنا — الفَرَسَ بِاللِجَامِ : گھوڑے کو لگام کھینچ کر ٹھہرانا۔
اَکمَخَ الکَرمُ : پتے نکلنے کے وقت خوشہ انگور نکلنے کی جگہ کا ظاہر ہونا۔
الکُمَاخ۔ غرور۔ بڑا بننا۔
الکَامَخ۔ سالن۔ اور بعضوں نے سرکہ کی چٹنی کے لئے خاص کیا ہے۔ ج کَوَامِخ (دخیل)
کَمِدَ (س) کَمَدًا۔ بدلے ہوئے رنگ والا ہونا — الرَجُلُ : غم سے بیمار دل والا ہونا۔ صفت کَامِدو کَمِدو کَمِید۔ وکَمِدَ الثَوبُ : پرانے ہونے کی وجہ سے بدلے ہوئے رنگ والا ہونا۔
کَمَدَ (ن) کَمدًا و کُمُودًا القَصَّارُ الثَوبَ دھوبی کا کپڑے کو کاٹنا۔ اور اسم الکِمَاد ہے۔
اَکمَدَ الھَمُّ فُلَانًا : غمگین کرنا۔ اداس کرنا۔ دل کو بیمار کرنا (— و کَمَّدَ) العُضوَ : ٹکور کرنا۔ سینکنا۔ صفت مفعول مَکمُود۔

الکَمد و الکُمد و الکُمدَۃ۔ رنگ کا بدلنا۔ صفائی کا جاتا رہنا۔ غم۔ سخت اندوہ۔
الکِمَاد۔ ٹکور کرنا۔ سینکنا (— و الکِمَادَۃ) ٹکور کرنے کی پٹی۔
اَکمَدُ اللَونِ : بدلے ہوئے رنگ والا ہونا۔
الکَمَر۔ ہر وہ عمارت جس میں محراب جیسا ہو جیسے پل وغیرہ۔
کَمَزَ (ض) کَمزًا العَجِینَ و نَحوَہٗ : گندھے ہوئے آٹے کو ہاتھ سے گول بنانا۔
الکُمزَۃ۔ کھجور وغیرہ کا گچھا۔ ریت یا مٹی کا ٹیلہ۔ ج کُمَز۔
کَمَسَ (ن) کُمُوسًا۔ تیوری چڑھانا۔
الاَکمَش۔ جو دیکھ نہ سکتا ہو۔
کَمَشَ (ن) کَمشًا النَاقَۃَ : اونٹنی کے تھن باندھنا — فُلَانًا بِالسَیفِ : تلوار سے اعضاء کو کاٹنا — الزَادُ : توشہ ختم ہونا۔
کَمِشَ (س) کَمَشًا۔ پھرتیلا اور پکے ارادہ والا ہونا۔
کَمُشَ (ک) کَمَاشَۃً۔ دلیر ہونا۔ کَمُشَتِ المَرأۃُ : چھوٹے پستان والی ہونا (— واَکمَشَ) فِی السَیرِ وغیرہٖ : تیز چلنا۔ اَکمَشَ بِالنَاقَۃِ : اونٹنی کے پورے تھن کو باندھ دینا۔
کَمَّشَ الحَادِی بِالسَوقِ : حدی پڑھنے والے کا کوشش سے ہانکنا — فُلَانًا : جلدی کرانا — ذَیلَہٗ : دامن سمیٹنا۔
اِنکَمَشَ و تَکَمَّشَ الرَجُلُ : دوڑنا۔ تَکَمَّشَ الجِلدُ و نَحوُہٗ : سکڑنا۔ اِنکَمَشَ الثَوبُ بَعدَ الغُسلِ : کپڑے کا دھونے کے بعد سکڑنا، سمٹنا۔
الکَمش و الکَمِش و الکَمِیش مِنَ الرِجَالِ : پھرتیلا۔ پکے ارادہ والا۔ عرب کے امثال سے ہے "کَمِیشُ الاِزَارِ" ازار سمیٹنے والا۔ یعنی پھرتیلا۔
الکَمش والکَمُوش والکَمِشَۃ والکَمِیشَۃ مِنَ الاِنَاثِ : چھوٹے تھن یا پستان والی۔
الاَکمَش۔ چھوٹے قدم والا جو دیکھ نہ سکتا ہو۔ مؤنث کَمشَاء ج کُمش۔
کَمَعَ (ف) کَمعًا فِی الاِنَاءِ : برتن میں منہ لگا کر پینا — قَوَائِمَ الدَابَّۃِ : چوپایہ کی ٹانگیں کاٹنا۔ — فِی المَاءِ : پانی میں اترنا۔ کَمَعَتِ الدَابَّۃُ : آہستہ چلنا۔
کَامَعَہٗ۔ ملانا۔ ہم بستری کرنا۔
اِکتَمَعَ الاِنَاءَ : برتن میں منہ لگا کر پینا۔
الکَمَع اترنے کی جگہ۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ فِی کَمعِہٖ" یعنی فلاں اپنے گھر اور اپنی جگہ میں ہے۔ وادی کا گوشہ۔ قبا۔ پست زمین (— والکَمِیع) ہم خوابہ۔
الکَمَع۔ ران کی گرہ۔
المُکَامِع۔ فا۔ اپنے قریب جس سے کوئی بات پوشیدہ نہ رہے۔
کَمکَمَ کَمکَمَۃً الشَیٔ : پوشیدہ کرنا۔
تَکَمکَمَ۔ گول ٹوپی پہننا — فِی ثِیَابِہٖ : چھپنا۔
الکَمکَام۔ پستہ قد گٹھے بدن کا۔ مؤنث کَمکَامَۃٌ۔
کَمَلَ (ن) و کَمُلَ (ک) و کَمِلَ (س) کَمَالاً و کُمُولاً و تَکَمَّلَ و تَکَامَلَ و اِکتَمَلَ۔ پورا ہونا۔ کامل ہونا۔
کَمَّلَ و اَکمَلَ و اِستَکمَلَ الشَیٔ : پورا کرنا۔ کَمَّلَ و اَکمَلَ الشَیٔ : ٹوٹل کر دینا۔
الکَمَلُ کامل۔ پورا۔ کہا جاتا ہے "اَعطَیتُہٗ المَالَ کَمَلاً" میں نے اس کو پورا مال دیا۔ اور یہ لفظ جمع اور واحد میں برابر ہے اور یہ نہ تو مصدر ہے اور نہ صفت اور یہ تمہارے قول اَعطَیتُہٗ المَالَ کُلَّہٗ جیسا ہے۔
الکَمَال۔ مص۔ اسم مصدر۔ کہا جاتا ہے "لَکَ کَمَالُ الشَیٔ" یعنی تمہارے لئے یہ چیز کل ہے۔
الکَمِیل۔ کامل۔
الکَامِل۔ فا۔ جس کے اجزا پورے ہوں جس کی صفات پوری ہوں۔ ضد ناقص ج کَمَلَۃ۔
تَکمِلَۃُ الشَیٔ : جس سے کوئی چیز پوری کی جائے۔
المُکَمَّل۔ خیر یا شر میں کامل مرد۔
کَمَنَ (ن) و کَمِنَ (س) کُمُونًا چھپنا۔ سمجھ میں نہ آنے والے کام میں دخل دینا۔
کَمَنَ (ن) کُمُونًا الشَیٔ : پوشیدہ کرنا۔ چھپانا۔

كَمِنَ (س) وكَمِنَ كُمُونًا آنکھ میں تاریکی یا پلکوں میں ورم والا ہونا۔ كَمِنَتْ وكُمِنَتْ عَيْنُهُ تاریکی والی یا پلکوں میں ورم والی ہونا۔

اَكْمَنَ الشَّئَ: چھپانا۔

تَكَمَّنَ واِكْتَمَنَ۔ چھپنا۔ پوشیدہ ہونا۔

الكُمْنَة۔ آنکھ کی تاریکی یا پلکوں میں ورم۔ ایک بیماری جس سے آنکھ کی پلکیں سرخ ہو جاتی ہیں۔

الكَمِيْن۔ بغیر سمجھے بوجھے کام میں دخل دینے والا۔ ج كُمَنَاء۔ گھات اور کہا جاتا ہے "هٰذَا الأمْرُ فِيهِ كَمِيْنٌ" یہ ایسا معاملہ ہے جس میں ایسا فساد ہے جو ناقابل سمجھ ہے۔

الكَمُّوْن۔ زیرہ۔ الكَمُّوْنُ الحُلْوُ: انیسون واحد كَمُّوْنَةٌ۔

المَكْمَن۔ چھپنے کی جگہ۔ ج مَكَامِن۔

المُكْتَمِن۔ غمگین۔

الكَمَنْجَة۔ دو تارہ۔ سارنگی (دخیل)

كَمِهَ (س) كَمَهًا۔ اندھا ہونا۔ رتوندی والا ہونا ۔۔۔ بَصَرُهُ: تاریک ہونا اور بینائی کو ناپید کرنا ۔۔۔ النَّهَارُ: دن کا غبار والا ہونا ۔۔۔ الرَّجُلُ: رنگ بدلا ہوا ہونا۔ عقل زائل ہونا۔ سارے معانی میں صفت اَكْمَه۔ مؤنث كَمْهَاء۔ ج كُمْهٌ۔

الاَكْمَه: اندھا۔ مادر زاد اندھا۔

تَكَمَّهَ فِي الأرْضِ: حیران پھرنا صفت كَامِهٌ و مُتَكَمِّهٌ۔ کہا جاتا ہے ذَهَبَتْ اِبِلُهُ كُمَّيْهَى۔ یعنی نہیں معلوم کہ اس کے اونٹ کہاں گئے۔

مُكَمَّهُ العَيْنَيْنِ: جس کی آنکھیں نہ کھل سکیں۔

كَمْهَلَ الرَّجُلُ: کپڑوں کو جمع کرنا اور سفر کے لئے باندھنا ۔۔۔ عَلَيْنَا: حق روکنا ۔۔۔ الحَدِيثَ: پوشیدہ کرنا۔ معمہ جیسا کرنا ۔۔۔ المَالَ: جمع کرنا۔

تَكَمْهَلَ الشَّيْءُ: جمع ہونا۔

اِكْمَهَلَّ الرَّجُلُ: سمٹ کر بیٹھنا۔ سردی سے سکڑنا۔

كَمَى يَكْمِيْ كَمْيًا واَكْمَى۔ شَهَادَتَهُ وغَيْرَهَا: چھپانا۔ كَمَى وكَمَّى نَفْسَهُ: زرہ اور خود سے اپنے آپ کو چھپانا۔ اَكْمَى عَلَى الأمْرِ: پکا ارادہ کرنا۔ اَكْمَى المُحَارِبُ لشکر کے زرہ پوش کو قتل کرنا۔ اَكْمَى الرَّجُلُ مَنْزِلَهُ: مکان کو لوگوں کی نگاہ سے پوشیدہ رکھنا۔

تَكَمَّى السُّوءَ: چھپنا ۔۔۔ الشَّيْءَ: حفاظت کرنا اور چھپانا۔ تَكَمَّتِ الفِتْنَةُ النَّاسَ: گھیر لینا۔

تُكُمِّيَ الجَيْشُ۔ لشکر کے دلاور یا زرہ پوش کا قتل کیا جانا ۔۔۔ القَوْمُ: مدہوش ہونا۔ گھیر لیا جانا۔

اِنْكَمَى۔ پوشیدہ ہونا۔

اِكْتَمَى اِكْتِمَاءً۔ چھپنا۔

الكَمِيُّ۔ بہادر۔ دلاور۔ ہتھیار بند۔ زرہ پوش۔ بھید کا محافظ۔ ج كُمَاة و اَكْمَاء۔

المُتَكَمِّيُّ۔ ہتھیار بند۔ دلیر۔

كَنَّ (ن) كَنًّا وكُنُونًا وكَنَّنَ واَكَنَّ الشَّيْءَ: گھر میں چھپانا اور دھوپ سے بچانا ۔۔۔ العِلْمَ وغَيْرَهُ فِي نَفْسِهِ: دل میں چھپانا۔

اِكْتَنَّ الرَّجُلُ: چھپنا ۔۔۔ الشَّيْءُ: سفید ہونا۔ ۔۔۔ المَرْأَةُ: عورت کا شرم و حیا سے منہ چھپانا۔ ۔۔۔ الشَّيْءَ: چھپانا۔

تَكَنَّى تَكَنِّيًا۔ ہمیشہ گھر میں رہنا (اصل اس کی تَكَنَّنَ ہے)

اِسْتَكَنَّ۔ چھپنا۔ گھر کی طرف لوٹنا۔

الكِنُّ۔ ہر چیز کی حفاظت اور پوشیدگی۔ منزل۔ گھر۔ ج اَكْنَان واَكِنَّةٌ۔

الكَنَّة۔ كَنَّ کا اسم مرہ۔ بہو یا بھاوج۔ ج كَنَائِن۔

الكِنَّة۔ چیز کی حفاظت اور اس کی پوشیدگی سفیدی۔

الكُنَّة۔ چھجہ۔ الگنی۔ کوٹھڑی کے اندر چھوٹی کوٹھڑی۔ ج كُنَّات و كِنَان۔

الكِنَان۔ چیز کی حفاظت اور اس کی پوشیدگی۔ ج اَكِنَّة۔

الكِنَانَة۔ ترکش۔ تیر دان۔ ج كَنَائِن و كِنَانَات۔

كَانُوْنُ الاَوَّلِ و كَانُوْنُ الثَّانِي۔ رومی مہینے مطابق دسمبر و جنوری۔

الكَانُوْن والكَانُوْنَة۔ انگیٹھی۔ ج كَوَانِين۔ وہ شخص جس کی صحبت سے پرہیز کیا جائے وہ شخص جو بیٹھ کر خبر و واقعات کا پتہ لگائے تاکہ ان کو دوسری جگہ نقل کرے۔

الكَنِيْن۔ چھپا ہوا۔

المُسْتَكِنَّة۔ کینہ۔

كَنَبَ (ن) كُنُوْبًا الرَّجُلُ: سخت ہونا۔ فقیری کے بعد مالدار ہونا۔

كَنَبَ (ض) كَنْبًا الشَّيْءَ فِي جِرَابِهِ: جمع کرنا۔ ذخیرہ کرنا۔

كَنِبَتْ (س) كَنَبًا اليَدُ: ہاتھ کا کام کرنے سے سخت ہونا۔

اَكْنَبَ الشَّيْءُ واليَدُ: سخت ہونا ۔۔۔ عَلَيْهِ لِسَانُهُ: زبان رکنا ۔۔۔ عَلَيْهِ بَطْنُهُ: سخت ہونا۔

الكَانِب۔ فا۔ شکم سیر۔

الكَنَب۔ مع۔ کام کرنے سے ہاتھ کی سختی۔

الكِنَاب۔ خوشہ خرما۔

الكَنِيْب۔ خشک درخت۔

الكُنْبَة۔ ظالم خبیث۔

المِكْنَب والمُكْنِب۔ کھودنے والا جس کے ہاتھ عمل کی وجہ سے سخت ہو گئے ہوں۔ حَافِرٌ مِكْنَبٌ ومُكْنِبٌ: سخت کھر۔

المُكْنَبِث۔ مرد پستہ قد۔ سخت بدن والا۔

كَنْبَثَ و تَكَنْبَثَ الرَّجُلُ: سکڑنا۔

رَجُلٌ كُنْبُثٌ و كُنَابِثٌ۔ گٹھے بدن کا مرد مضبوط و قوی مرد۔

الكُنْبَاث۔ گرنے والی ریت۔

وَجْهٌ كُنَابِدٌ۔ بدصورت چہرہ۔

رَجُلٌ كُنَابِدٌ۔ مرد بدصورت۔

الكُنْبُرَة۔ ناک کا موٹا سرا۔

الكِنْبَار۔ ناریل کی رسی۔

تَكَنْبَشَ القَوْمُ: خلط ملط ہونا۔

الكُنْبُوْش والكُنْبُوْش۔ عرق گیر۔ منہ چھپانے کا برقع۔ ج كَنَابِيْش (دخیل)

كَنَتَ (ن) كَنْتًا فِي خُلُقِهِ۔ [illegible]بوط ہونا۔ قوی ہونا۔

كَنِتَ (س) كَنَتًا اليَدُ۔ ہاتھ کا کھردرا اور سخت ہونا

اِكْتَنَتَ الرَّجُلُ: خضوع کرنا۔ راضی ہونا۔

سِقَاءٌ كَنِيْتٌ۔ پانی روکنے والی مشک جس میں ٹپکے نہیں۔

الكُنْتِيُّ۔ قوی مضبوط۔

کَنِثَاتْ کَنَاثَةُ اللِّحْيَةُ : داڑھی طویل اور گھنی ہونا۔

رَجُلٌ کَنْثَأُ اللِّحْيَةِ و کَنْثَاؤُھَا۔ لمبی داڑھی والا مرد۔

کَنَدَ (ن) کُنُوْدًا النِّعْمَةَ : نعمت کی ناشکری کرنا۔

کَنَدَ(ن)کَنْدًاالشَّیْءَ :کاٹنا۔

الْکِنْدَة۔ پہاڑ کا ایک ٹکڑا۔

الْکُنُد۔ ناشکرا۔(مذکر و مؤنث)

الْکَنُود۔ ناشکرا۔ بخیل۔ گنہگار۔ خدا کو ملامت کرنے والا۔ نعمتوں کو بھولنے والا اور مصائب کو شمار کرنے والا(مذکر و مؤنث)اَرْضٌ کَنُوْدٌ : کچھ نہ اگانے والی زمین۔

الْکَنَّاد۔ ناشکرا۔ بہت کاٹنے والا۔

الْکُنْدُر۔ ایک خاردار درخت کا گوند۔ مضبوط بناوٹ والا۔ اور جمع کی صورت میں کہا جاتا ہے "فِتْیَانٌ کَنَادِرَة" مضبوط بناوٹ کے جوان۔

الْکُنْدُرَة۔ باز کے بیٹھنے کی جگہ۔ سخت و اونچی زمین۔

الْکُنَار۔ بیر(رخیل)

الْکَنَارِیِّ۔ ایک خوش الحان پرندہ ہے جس کے بازو کے اگلے پر لمبے ہوتے ہیں۔ اور اس کا رنگ زردی مائل ہوتا ہے اور جزائر خالدات میں پایا جاتا ہے۔

الْکِنَّارَة و الْکَنَّارَة۔ بربط یا ڈھول یا دف ج کَنَانِیْر و کِنَّارَات۔ الْکِنَّارَة :کتان کے کپڑے کا ٹکڑا۔

کَنَزَ (ض) کَنْزًا الْمَالَ : جمع کرنا۔ ذخیرہ کرنا۔ زمین میں دفن کرنا ــــ الرُّمْحَ :نیزہ کو زمین میں گاڑنا ــــ الشَّیْءَ فِیْ وِعَاءٍ او اَرْضٍ : برتن یا زمین میں ہاتھ سے دبانا ــــ السِّقَاءَ :مشک بھرنا (ــــ کَنَازًا و کِنَازًا) التَّمْرَ : خرما کو سردی کے زمانہ کے لئے ذخیرہ کر کے رکھنا۔

اِکْتَنَزَ۔ بھرنا۔ جمع ہونا ــــ اللَّحْمُ : جمع ہونا اور سخت ہونا ــــ الشَّیْءُ فِی الْوِعَاءِ : برتن میں ہاتھ سے دبانا۔

تَکَنَّزَ لَحْمُهُ : گوشت کا اکٹھا ہونا اور سخت ہونا۔ گوشت کا گٹھا ہونا۔

الْکَنْز۔ مص ہر ذخیرہ کی ہوئی قابل رغبت چیز۔ زمین میں دفن کیا ہوا مال۔ جس میں مال محفوظ رکھا جائے جیسے صندوق وغیرہ۔ ج کُنُوْز۔ اور کہا جاتا ہے "شَدَّ کَنْزَ الْقِرْبَة" یعنی بھر دیا۔

رَجُلٌ کَنْزُ اللَّحْمِ و کَنِیْزُهُ و مَکْنُوْزُهُ و مُکْتَنِزُهُ بہت اور سخت گوشت والا۔ اور کہا جاتا ہے "کِتَابٌ مُکْتَنِزٌ بِالْفَوَائِد" فوائد سے بھری ہوئی کتاب۔

الْکَنَاز۔ کھجوریا گیہوں ذخیرہ کرنے کا وقت۔

الْکِنَاز۔ ٹھوس اور مضبوط گوشت والا۔ کہا جاتا ہے "جَارِیَةٌ او نَاقَةٌ کِنَازٌ" بہت اور ٹھوس گوشت والی لونڈی یا اونٹنی۔ ج کُنُز و کِنَازٌ۔

الْکَنِیْز۔ کھجوریں جو سردی کے زمانہ کیلئے جمع کی جائیں۔

الْکَنَّاز۔ مال کے جمع کرنے میں مبالغہ کرنے والا۔

الْمَکْنَز۔ جس میں ذخیرہ کیا جائے ج مَکَانِز۔

کَنَسَ (ن) کَنْسًا و کَنَسَ الْبَیْتَ : گھر میں جھاڑو دینا اور کہا جاتا ہے "کَنَسَ فِیْ وَجْهِ فُلَانٍ" اس نے فلاں سے ٹھٹھا کیا "وَمَرُّوْا بِهِمْ فَکَنَسُوْهُمْ" وہ ان کے اوپر گزرے اور ان کی جڑ مٹادی۔

کَنَسَ (ض) کُنُوْسًا و تَکَنَّسَ الظَّبْیُ : ہرن کا جائے پناہ میں داخل ہونا۔ تَکَنَّسَ الرَّجُلُ خیمہ میں داخل ہونا۔ تَکَنَّسَتِ الْمَرْأَةُ : عورت کا ہودہ میں داخل ہونا۔

اِکْتَنَسَتِ الظِّبَاءُ و الْبَقَرُ : ہرنوں کا یا گائے کا جائے پناہ میں داخل ہونا۔

الْکُنَاسَة۔ کوڑا کرکٹ۔ کوڑا کرکٹ کی جگہ۔

الْکَنِیْس۔ تو بڑا۔ یہودیوں کی عبادت گاہ۔

الْکَنِیْسَة۔ عِنْدَ النَّصَارٰی : گرجا۔ اور نصاری اپنے مذہب کے مومنین پر بھی بولتے ہیں۔ یہودیوں کی عبادت گاہ۔ ج کَنَائِس۔ الْکَنِیْسَة : خوبصورت عورت۔

الْکِنَاس۔ ہرن کے پناہ لینے کی جگہ۔ ج اَکْنِسَة و کُنُس۔

الْکَانِس۔ فا۔ ہرن جو اپنی پناہ کی جگہ میں داخل ہو ج کُنَّس و کُنُوس و کَوَانِس "وَالْجَوَارِی الْکُنَّس" ستارے یا نیل گائیں یا ہرنیاں۔

الْکَنَّاس۔ بھنگی۔ جھاڑو دینے والا۔

الْمِکْنَسَة۔ جھاڑو۔ ج مَکَانِس۔

الْمُکَانِس۔ ہمیشہ پناہ گاہ میں رہنے والا۔

الْمَکْنَس۔ وحشی جانوروں کے گرمی کی وجہ سے چھپنے کی جگہ۔

کَنَشَ (ن) کَنْشًا الثَّوْبَ : کپڑے کے کنارے بُننا ــــ الْمِسْوَاكَ الْخَشِنَ :مسواک کا سرا نرم کرنا۔

اَکْنَشَهُ عَنِ الْاَمْرِ :جلدی کرانا۔

الْکُنَّاشَة۔ بیاض جس میں مفید اور نادر باتیں لکھ لی جائیں۔

الْکُنَّاشَات۔ جڑیں جن سے شاخیں پھوٹیں واحد کُنَّاشَة۔

الْکِنْشَاءُ مِنَ الرِّجَالِ : چھوٹے چھوٹے گھنگھریالے بال والا بدصورت مرد۔

کَنَّصَ۔ ٹھٹھا سے ناک کو حرکت دینا۔

الْکُنَّاص۔ قوی اونٹ گدھے وغیرہ۔

کَنَظَ (ن ض) کَنْظًا و تَکَنَّظَ الْاَمْرُ فُلَانًا : غمگین کرنا۔

الْکُنْظَة۔ غم۔ بھینچ۔ دباؤ۔

کَنَعَ (ف) کُنُوْعًا۔ سمٹنا ــــ عَنِ الْاَمْرِ : بزدل ہونا اور بھاگنا ــــ النَّجْمُ : ستارے کا غروب ہونے کی طرف مائل ہونا ــــ اِلَیْهِ : فروتنی کرنا اور نرم ہونا ــــ فِیْهِ : لالچ کرنا۔ بِاللّٰهِ : اللہ کی قسم کھانا ــــ الْاَمْرُ : قریب ہونا ــــ الْمِسْكُ بِالثَّوْبِ :مشک کا کپڑے سے چپکنا ــــ الْعُقَابُ : عقاب کا ٹوٹ پڑنے کے لیے بازوؤں کو سمیٹنا ــــ اَصَابِعَهُ :انگلیوں کو مار کر خشک کرنا۔

کَنِعَ (س) کَنَعًا۔ خشک ہونا۔ سکڑنا۔ صفت کَنِعٌ۔ و کَنِعَ الرَّجُلُ : پچھاڑا جانا ــــ الشَّیْءُ : لازم ہونا اور ہمیشہ رہنا۔

کَنَّعَ الشَّیْءَ :قبضہ کرنا ــــ یَدَهُ : ہاتھ خشک کرنا اور شل کرنا ــــ فُلَانًا بِالسَّیْفِ : بند دست پر تلوار مارنا ــــ عَنْهُ : علیحدہ ہونا۔

اَکْنَعَ۔ فروتنی کرنا۔ نرم ہونا۔ ذلت کے قریب پہنچنا۔ سوال کرنا ــــ الْعُقَابُ : عقاب کا ٹوٹ

پڑنے کے لئے بازوؤں کو سمیٹنا-القَوْمُ :اکٹھاہونا —الابلَ :اُونٹوں کو قریب کرنا-

تَكَنَّعَ- قلعہ بند ہونا — الأسِيْرُ فِيْ قِدِّهِ : تسمہ سے باندھاجانا —بِهٖ :چمٹنا-

اِكْتَنَعَ- حاضر ہونا- قریب ہونا — عَلَيْهِ : مہربان ہونا — القَوْمُ :اکٹھاہونا-فُلَانٌ مِنِّی : قریب ہونا-

الكَانِع- فا- وہ جو قریب ہو- جو چھوٹا ہو- جو بعض بعض سے قریب ہو- کہا جاتا ہے "اَنْفٌ كَانِعٌ" چپٹی ناک "اَسِيْرٌ كَانِعٌ" تسمہ سے بندھا ہوا قیدی رَجُلٌ كَانِعٌ وہ شخص جو مع اہل وعیال کے تمہارے پاس آپڑے اور تمہارے فضل و احسان کا طامع ہو-

الكَنِيْع- سکڑا ہوا- راستہ سے ہٹا ہوا- ٹوٹے ہوئے ہاتھ والا —مِنَ الجُوْعِ :سخت بھوک-

الكُنَاع- مرض کی وجہ سے ہاتھ پیروں کا چھوٹا ہونا گویا کہ کٹا ہوا یا مڑا ہوا ہے-

الاَكْنَع والمُكْنَع والمُكَنَّع شل شدہ ہاتھ والا- والاَكْنَع مِنَ الاُمُوْرِ : ناقص- ادھورا- ج كُنْعٌ-يَدٌ مُكَنَّعَةٌ :شل ہاتھ-

المَكْنُوْع-مفع-دونوں ہاتھ کٹا ہوا-

الكَنْعَت-ایک قسم کی مچھلی-

الكَنْعَد-ایک قسم کی دریائی مچھلی-

الكَنْعَرَة- بڑے ڈیل ڈول کی اُونٹنی- ج كَنَاعِر-

كَنَفَ (ن) كَنْفًا الشَّیَ : حفاظت کرنا- اپنے میں ملانا — الابِلَ و لِلْاَبِلِ : اُونٹوں کے لئے باڑہ بنانا —عَنْهُ :علیحدہ ہونا —الدَارَ : گھر میں پائخانہ بنانا —يَدَهُ :پانی وغیرہ لینے کے لئے ہاتھوں کو ملانا —فُلَانًا عَنِ الْاَمْرِ :روکنا-

كَنَفَ واَكْنَفَ وكَانَفَ الرَّجُلَ : مدد کرنا- اعانت کرنا-

كَنَّفَ الرَّجُلَ :احاطہ کرنا- گھیرنا-

اِكْتَنَفَ- اُونٹوں کے لئے باڑہ بنانا (— وتَكَنَّفَ) القَوْمُ فُلَانًا : احاطہ کرنا- واِكْتَنَفَ القَوْمُ :پائخانہ بنانا-

الكِنْف- تاجر یا چرواہے کے سامان رکھنے کا برتن-

الكَنَف- جانب- سایہ- پرندہ کا بازو- ج اَكْنَافٌ- وكَنَفُ الانِسَانِ :پہلو- یا دونوں بازو اور سینہ- کہا جاتا ہے "اَنْتَ فِيْ كَنَفِ اللّٰهِ" تم اللہ کے حفظ وامان میں ہو(—والكَنَفَة) گوشہ-

الكَنِيْف- پردہ- پردہ کرنے والا- ڈھال- جانوروں کا باڑہ-پائخانہ- دروازہ کا چھجہ- ج كُنُف وكُنُف-

الكَانِفَة- روکنے والا- کہا جاتا ہے رَجُلٌ مُكَنَّفُ اللِحْيَةِ : بڑی داڑھی والا مرد- دراز ریش مرد-

الكَنْفَرَة-ناک کا بانسہ-

رَجُلٌ كَنْفَلِيْلُ اللِحْيَةِ : بڑی داڑھی والا مرد- لِحْيَةٌ كَنْفَلِيْلَةٌ :بڑی داڑھی-

كَنْكَنَ-گھر میں بیٹھنا-کاہلی کرنا- بھاگنا-

الكَنْمَة-زخم-

اَكْنَهَ واِكْتَنَهَ الشَّیَ :حقیقت کو پہنچنا-

الكُنْهُ اَصْل شئی- حقیقت شئے- جو ہر شے غایت-الكُنْهُ :وقت-

كَنَا يَكْنُو و كَنٰى يَكْنِي كِنَايَةً بِالشَّئِ عَنْ كَذَا : کنایہ کرنا- لفظ بولنا اور اس کے غیر مدلول کا ارادہ کرنا- مثلاً تم کہو "زَيْدٌ كَثِيْرُ الرَمَادِ" اور مراد لو کہ زید کریم ہے- متکلم کو کان اور لفظ کو مَكْنِي عَنْهُ کہتے ہیں-

كَنٰى يَكْنِي كُنْيَةً و كِنْيَةً و كَنّٰى تَكْنِيَةً و اَكْنٰى اِكْنَاءً- زَيْدًا اَبَا فُلَانٍ و كَنَاهُ و كَنَّاهُ بِاَبِيْ فُلَانٍ :کنیت رکھنا-

تَكَنّٰى تَكَنِّيًا واِكْتَنٰى اِكْتِنَاءً بِكَذَا : اپنی کنیت رکھنا- وتَكَنّٰى الرَّجُلُ : مشہور ہونے کیلئے اپنی کنیت بیان کرنا- چھپنا-

الكُنْيَةُ والكِنْيَةُ والكُنْوَة والكِنْوَة- وہ نام جو کسی کی تعظیم یا علامت کیلئے بولا جائے وہ نام جو- اب-ابن-ام یا بنت سے شروع کیا جائے- ج كُنًى وكِنًى-

الكِنَايَة-مص -اور اصطلاح میں کنایہ اس کو کہتے ہیں کہ شئی معین کو کسی ایسے لفظ سے تعبیر کیا جائے جس کی دلالت اس پر صریح نہ ہو اور ایسا کسی غرض کے لئے کرتے ہیں- مثلاً سامعین سے بات کو مبہم رکھنا-

الكَانِي-فا-ج كُنَاة وكَانُون-

الكَنِيّ- ہم کنیت- کہا جاتا ہے "هُوَ كَنِيُّهُ" یعنی دونوں کیلئے ایک کنیت ہے- جیسے تم کہتے ہو "هُوَ سَمِيُّهُ" یعنی دونوں ہم نام ہیں-

كَهِبَ(س) وكَهُبَ(ک) كَهَبًا وكُهُوْبًا- سیاہی مائل بھورا ہونا- صفت كَاهِبٌ واَكْهَبُ-

اِكْهَابَّ اِكْهِيْبَابًا-لَوْنُهُ :رنگ متغیر ہونا-

اَلكُهْبَة-سیاہی مائل بھورا رنگ-

رَجُلٌ اَكْهَبُ اللَوْنِ :متغیر رنگ والا-

الكَهْبَل-پستہ قد-

كَهَدَ (ف) كَهْدًا و كَهَدَانًا الْحِمَارُ : گدھے کا دوڑنا —الحِمَارَ :گدھے کو دوڑانا — الرَّجُلُ : تھکنا — فِي الطَّلَبِ : اصرار کرنا-

اَكْهَدَ- تھکنا —فُلَانًا :تھکانا-

الكَهْد-مص-مشقت-

الكَهْدَاء- باندی- لونڈی- کہا جاتا ہے اَتَانٌ كَهُوْدُ اليَدَيْنِ :تیز رفتار گدھی-

الكَهْدَل-جوان موٹی عورت- بڑھیا- مکڑی- نوجوان لڑکی-

كَهَرَ (ف) كَهْرًا فُلَانًا : حقارت سے ترش روئی سے پیش آنا- جھڑکنا- قہر کرنا- سُسر داماد کا تعلق کرنا — النَهَارُ : دن کا بلند ہونا — الرَّجُلُ :ہنسنا —الحَرُّ :گرمی تیز ہونا-

الكُهْرُوْر والكُهْرُوْرَة- ترش رو جو لوگوں کو جھڑکے-ج كَهَارِيْر-الكُهْرُوْرَة :ترش روئی-

كَهْرَبَ الشَّئَ :قوۃ کہربائیہ بھرنا-

الكَهْرَبَاء والكَهْرَبا- ایک درخت کا گوند ہے کہ اس کو رگڑ دیا جاتا ہے تو تنکا وغیرہ کو کھینچ لیتا ہے (دخیل) اصل میں کاہ ربا تھا- یعنی گھاس کو لے جانے والا- الكَهْرَبَاء :بجلی-

الكَهْرَبَائِيَّه والكَهْرَبِيَّة- بجلی کی قوت-

تَكَهَّفَ الجَبَلُ :غاروں والا ہونا-

اِكْتَهَفَ-غار میں داخل ہونا-

اَلكَهْف- کھوہ- غار (غار اور کہف میں فرق یہ ہے کہ غار چھوٹا ہوتا ہے اور کہف وسیع) جائے پناہ- ج كُهُوْف-

الکَهْکَبُ - بیگن -

الکَهْکَمُ و الکَهْکَامَةُ - بیگن - عمر رسیدہ بڑھا - خوفناک مرد -

کَهْکَهَ - المَقْرُوْرُ : سردی زدہ کا سانس سے ہاتھوں کا گرم کرنا — الْاَسَدُ والبَعِیْرُ : کَهْکَهْ کی آواز نکالنا — الشَّیْئَ : گرم ہونا -

تَکَهْکَهَ - عَنْهُ : ضعیف و کمزور ہونا -

الکَهْکَهَةُ - مص - گرمی - شیر یا اُونٹ کی آواز کی نقل -

الکَهْکَاهُ و الکَهْکَاهَةُ - کمزور - خوفناک -

کَهَلَ (ف) کَهْلاً و کَهُلَ (ک) کُهُوْلَةً ادھیڑ عمر کا ہونا -

کَاهَلَ مُکَاهَلَةً الرَّجُلُ : شادی کرنا - ادھیڑ عمر کا ہونا -

اِکْتَهَلَ - ادھیڑ عمر کا ہونا (— و تَکَهَّلَ) النَّبَاتُ : پوری لمبائی کا ہونا -

الکُهُوْلَةُ و الکُهُوْلِیَّةُ - ادھیڑپن -

الکَهْلُ - ادھیڑ عمر کا - تیس سے پچاس سال تک کی عمر والا - ج کَهْلُوْنَ و کُهُوْلٌ و کِهَالٌ و کُهْلَانٌ و کُهَّلٌ -

الکَهْلَةُ - کَهْلٌ کا مؤنث ج کَهْلَاتٌ و کَهَلَاتٌ -

الکَاهِلُ - فا - گردن کے قریب پیٹھ کا بالائی حصہ - ج کَوَاهِلُ - کَاهِلُ القَوْمِ : قوم کا معتمد - کہا جاتا ہے "فُلَانٌ شَدِیْدُ الکَاهِلِ" فلاں صاحب شوکت و قوت ہے -

الکَهُوْلُ و الکَهْوَلُ - مکڑی -

الکُهْلُوْلُ - بہت ہنسنے والا - مرد فیاض -

کَهَمَتْ (ف) کَهْمًا - الشَّدَائِدُ فُلَانًا : خوف دلانا - آگے بڑھنے سے بزدل بنانا -

کَهِمَ (س) و کَهُمَ (ک) کَهَامَةً و کُهُوْمًا کمزور ہونا — السَّیْفُ : کند ہونا -

کَهُمَ (ک) و کَهَمَ (ف) کَهَامَةً و تَکَهَّمَ الرَّجُلُ : لڑائی اور مدد سے سستی کرنا -

اَکْهَمَ بَصَرُهُ : نگاہ کمزور ہونا -

الکَهَامُ و الکَهِیْمُ - سست - عمر رسیدہ جس کے پاس کوئی مال نہ ہو - اور جمع کی صورت میں بھی "قَوْمٌ کَهَامٌ" کہا جاتا ہے -

کَهْمَسَ الرَّجُلُ : چلنے میں دونوں پاؤں کو قریب قریب رکھنا - چلنے میں غبار اڑانا -

الکَهْمَسُ - شیر - بھیڑیا - بدصورت پست قد مرد -

الکَهْمَلُ - ایسا شخص جس کی صحبت کو لوگ پسند نہ کریں -

کَهَنَ (ف - ن) کَهَانَةً و تَکَهَّنَ تَکَهُّنًا و تَکْهِیْنًا لِفُلَانٍ : غیب کی باتیں بتلانا -

کَهُنَ (ک) کَهَانَةً کاہن ہونا یا کہانت طبیعت ثانیہ بن جانا -

کَاهَنَ مُکَاهَنَةً - عطا کرنا - ایک دوسرے کو مدد دینا - میل ملاپ کرنا -

الکِهَانَةُ - کاہن کا پیشہ -

الکَهْنُوْتُ - کاہن کا فریضہ - کاہن کی تنخواہ - کاہن کا درجہ -

الکَاهِنُ - فا - غیب دانی کا مدعی — عِنْدَ الیَهُوْدِ و عَبَدَةِ الْاَوْثَانِ : پروہت — عِنْدَ النَّصَارٰی : جو کہنوت کے درجہ پر ہو ج کَهَنَةٌ و کُهَّانٌ الکَاهِنُ : دوسرے کے کام کا متکفل اور کوشش کرنے والا -

کَهِیَ یَکْهٰی کَهًی - چہرے پر جھائیں والا ہونا - گندہ ذہن ہونا - بزدل و کمزور ہونا -

کَاهٰی مُکَاهَاةً الرَّجُلَ : باہم فخر کرنا -

اَکْهٰی - انگلیوں کے اطراف کو سانس سے گرمی پہنچانا — عَنِ الطَّعَامِ : باز رہنا -

اِکْتَهَاهُ اِکْتِهَاءً - تعظیم و اجلال کرنا -

الْاَکْهٰی - چہرے میں جھائیں والا - گندہ ذہن - بزدل و کمزور - الْاَکْهٰی : بے شگاف کا پتھر -

الْاَکْهَاءُ - شرفاء -

کَاءَ یَکُوْءُ کَوْءًا و کَاْوًا عَنْهُ : خوف کرنا - بزدل ہونا -

اَکَاءَهُ اِکَاءً و اَکَاءَةً - کسی کام پر اچانک پہنچنا اور پھر خوف سے چھوڑ دینا -

الکَاءُ و الکَاءَةُ و الکَیْئُ و الکَیْئَةُ - کمزور دل والا - بزدل -

کَابَ یَکُوْبُ کَوْبًا و اِکْتَابَ - بے دستہ کے کوزہ سے پینا -

کَوَّبَ الشَّیْئَ : بٹے سے کوٹنا -

الکُوْبُ - بے دستے کا کوزہ - ج اَکْوَابٌ -

الکَوْبَةُ - فوت شدہ پر حسرت و افسوس -

الکُوْبَةُ - شطرنج - نرد - ڈگڈگی - بربط - دوا وغیرہ پیسنے کا بٹا -

کَوَّثَ الزَّرْعُ : چار یا پانچ پتوں والی ہونا -

الکَوْثُ - جوتا -

الکُوْثَةُ - فراخ سال -

تَکَوْثَرَ - الغُبَارُ : زیادہ اور تہ بتہ ہونا -

الکَوْثَرُ - بہت اور تہ بتہ - بہت اور تہ بتہ غبار - بہت بڑا فیاض سردار - جنت کی ایک نہر -

الکَوْثَلُ و الکَوْثَلُ - جہاز کا پچھلا حصہ -

کَاحَهُ یَکُوْحُهُ کَوْحًا و کَوَّحَهُ و کَاوَحَهُ مُکَاوَحَةً و اَکَاحَهُ اِکَاحَةً - لڑائی میں غالب آنا -

کَاحَ الشَّیْئَ : پانی میں ڈبونا - مٹی میں دبانا - کَوَّحَهُ : غالب بنانا - کَوَّحَ فُلَانًا : ذلیل کرنا - رد کرنا - کَوَّحَ الزِّمَامُ البَعِیْرَ : مغلوب کرنا - کَاوَحَهُ : گالی گلوچ کرنا - اَکَاحَهُ : ہلاک کرنا -

تَکَاوَحَ الرَّجُلَانِ : باہم جنگ و جدال کرنا -

الکَاحُ و الکِیْحُ دامن کوہ - ج کُیُوْحٌ و اَکْیَاحٌ - کہا جاتا ہے "رَجَعَ اِلٰی کُوْحِهِ" یعنی پہلے اس نے کچھ بھلائی کی اور پھر باز رہا -

الکُوْخُ و الکَاخُ - جھونپڑی - اور اسی سے ہے کُوْخُ الصَّائِدِ : کھیت یا باغ کی جھونپڑی جس کو کاشت کار کھیت کی حفاظت کے لئے اور باغبان باغ کی حفاظت کیلئے بنالیا کرتے ہیں - ج اَکْوَاخٌ و کُوْخَانٌ و کِیْخَانٌ و کِوَخَةٌ -

لَیْلَةٌ کَاخٌ : تاریک رات -

الکَاخِیَةُ عِنْدَ اَرْبَابِ السِّیَاسَةِ : والی کا معتمد - محافظ اسرار - یہ اصل میں کتخدا تھا تحریف ہو کر کاخیہ بن گیا - ج کَوَاخٌ (دخیل) -

کَادَهُ یَکُوْدُهُ کَوْدًا - روکنا - کَادَ بِنَفْسِهِ جان دینا -

کَادَ یَکَادُ کَوْدًا و مَکَادًا و مَکَادَةً - فعل کرنے کے قریب ہونا اور نہ کرنا - جیسے "کَادَ یَضْرِبُ" مارنے کے قریب ہوا مگر مارا نہیں - اور یہ افعال مقاربہ میں سے ہے اور اس کے خبر کے ساتھ حرف ان بہت کم آتا ہے اور کبھی ارادہ کرنے کے معنی میں بھی آتا ہے اور اسی سے ہے اَکَادُ اُخْفِیْهَا یعنی میں نے اس کو پوشیدہ کرنے کا ارادہ کیا - اور "عَرَفَ مَا یَکَادُ مِنْهُ" یعنی جو ارادہ کیا جائے - اور کاد کے عوض میں "کِیْدَ یَفْعَلُ کَذَا" بھی سنا گیا ہے اور کبھی "کَادَ" زائدہ ہوتا ہے اور کلام کا صلہ واقع ہوتا ہے جیسے "لَمْ یَکَدْ یَرَاهَا" معنی میں لَمْ یَرَهَا کے -

کَوَّدَ الشَّیْئَ : جمع کرنا اور ایک ڈھیر بنانا -

اِکْوَأَدَّ اِکْوِئْدَادًا - بوڑھا ہونا اور لرزہ زدہ ہونا -

الکَوْدَةُ - مٹی وغیرہ کا تودہ -

المَکَادَةُ - مص - کہا جاتا ہے "لَا مَهَمَّ لِیْ وَلَا مَکَادَةَ" نہ تو مجھے اس کا قصد ہے اور نہ اس

کے قریب ہوں۔

الکَوْدَن والکَوْدَنِیّ۔ غیر اصیل گھوڑا۔ ہاتھی۔ خچر۔ ٹٹو۔ کَوْدَن کی جمع کَوَادِن۔

کَوَّذَ الازَارُ: ازار کا گرنا اور ران کے اوپر حصہ تک آجانا۔

الکَاذَة۔ ران کے اوپر کا ابھرا ہوا گوشت۔

الکَاذِیّ۔ کیوڑہ۔

کَارَ یَکُوْرُ کَوْرًا۔ العِمَامَةَ و نحوَھَا عَلٰی رَاسِہٖ: سر پر پگڑی باندھنا —— **الاَرْضَ**: زمین کھودنا۔

—— **فِیْ مِشْیَتِہٖ**: تیز چلنا —— **الحمَّالُ الکَارَةَ**: گٹھری اُٹھانا (—— کِیَارًا) **الفَرَسُ ذَنَبَہ**: گھوڑے کا دوڑنے میں دم اٹھانا۔

کَوَّرَ العِمَامَةَ: سر پر پگڑی باندھنا —— ہٗ پچھاڑنا۔ نیزہ مار کر گرا دینا —— **المتَاعَ**: تہ بتہ رکھنا —— **اللّٰہُ اللَّیْلَ عَلَی النَّھَارِ**: ایک کو دوسرے میں داخل کرنا۔

کُوِّرَتِ الشَّمْسُ: آفتاب کی روشنی کو تہ کر دینا اور بقول بعض مضمحل کر دینا۔

اَکَارَ اِکَارَةً عَلَیْہِ: ضعیف و کمزور سمجھنا۔ ذلیل کرنا۔

تَکَوَّرَ۔ گرنا۔ پچھاڑا جانا۔ تیز گزر جانا۔

اِکْتَارَ اِکْتِیَارًا۔ عمامہ باندھنا —— **الفَرَسُ**: دوڑنے میں دم اٹھانا —— **الشَّیْءَ**: بعض کو بعض پر ٹپکنا —— **الرَّجُلُ**: تیز چلنا۔ پچھاڑا جانا۔ گرنا۔ کہا جاتا ہے "**کَوَّرَہٗ فَاکْتَارَ**" یعنی اس نے پچھاڑا وہ گر گیا —— **الرَّجُلُ لِلرَّجُلِ**: گالی دینے کیلئے آمادہ ہونا۔

اِسْتَکَارَ اِسْتِکَارَةً۔ تیز دوڑنا۔ اپنی پیٹھ پر گٹھری اٹھانا۔

الکَارُ۔ ایک قسم کا جہاز۔ غلہ سے بھرا ہوا جہاز ج کَارَات۔

الکَوْرُ۔ مص۔ عمامہ کا پیچ۔ بڑی جماعت۔ اونٹوں یا گایوں کا گلہ۔ زیادتی۔ ج اَکْوَار۔ **الکَوْرُ**۔ طبیعت۔ عادت۔ کہا جاتا ہے "**لَہٗ کَوْرٌ کَرِیْمٌ**" اس کی طبیعت اچھی ہے۔

الکُوْرُ۔ مٹی کی انگیٹھی۔ ج اَکْوَار و اَکْوُر و کِیْرَان و کُوْرَان۔ **الکُوْرُ**: بھڑوں کا چھتا۔ لوہار کی بھٹی۔ (—— **والمَکْوَرُ**) اونٹ کا کجاوہ۔ کجاوہ مع سامان۔

الکَارَةُ مِنَ الثِّیَابِ: دھوبی کے کپڑوں کی گٹھری۔ غلہ کی ایک مقدار معلوم۔ ج کَارَات۔

الکُوْرَة۔ ضلع۔ ج کُوَر۔

الکُوَارَة والکِوَارَة الکُوَّارَة۔ شہد کی مکھیوں کیلئے ٹہنی یا مٹی کا بنایا ہوا گھروندہ۔ شہد مع موم کے۔

الکِوَارَةُ: عمامہ۔ پگڑی۔ **والکُوَّارَة**: تیز دوڑ۔

المِکْوَرُ والمِکْوَرَة۔ عمامہ۔

المَکْوَرِیّ والمِکْوَرِیّ۔ فرومایہ۔ کمینہ۔ چوڑے بدن کا پستہ قد۔

کَازَ یَکُوْزُ کَوْزًا۔ کوزے سے پینا —— **الشَّیْءَ**: جمع کرنا۔

تَکَوَّزَ القَوْمُ: قوم کا اکٹھا ہونا۔

اِکْتَازَ۔ کوزے سے پینا —— **المَاءَ**: کوزے سے لینا۔

الکُوْزُ۔ کوزہ۔ ج اَکْوَاز و کِیْزَان و کِوَزَة۔ (دخیل)

مُکَوَّزُ الرَّاسِ: لمبے سر والا۔

کَاسَ یَکُوْسُ کَوْسًا البَعِیْرُ: ایک ٹانگ کے زخمی ہونے کی وجہ سے تین ٹانگوں پر چلنا **فِی السَّیْرِ**: آہستہ چلنا۔ کہا جاتا ہے "**فُلَانٌ یَکُوْسُ فِی السَّیْرِ**" فلاں چلنے میں دیر کرتا ہے —— **عَلٰی رَاسِہٖ**: سر کے بل الٹ پڑنا —— **فِی البَیْعِ**: قیمت گھٹانا۔ کہا جاتا ہے "**لَا تَکُسْنِیْ یَا فُلَانُ فِی البَیْعِ**" اے فلاں میرے لئے قیمت مت گھٹا —— **الحَیَّةُ**: کنڈلی مارنا۔

کَاسَہٗ و اَکَاسَہٗ اِکَاسَةً۔ پچھاڑنا۔

کَوَّسَ الشَّیْءَ عَلٰی رَاسِہٖ: سرنگوں کرنا۔

تَکَوَّسَ الرَّجُلُ: سرنگوں ہونا۔

تَکَاوَسَ لَحْمُہٗ: گوشت کا تہ بتہ ہونا —— **العُشْبُ**: گھاس کا گنجان اور بہت ہونا۔

اِکْتَاسَہٗ عَنْ حَاجَتِہٖ: روکنا۔

الکَاس۔ کَأْس کا مخفف۔ بمعنی پیالہ۔

الکَوْس۔ مص۔ دریا کا تلاطم۔ ڈوبنے کے قریب ہونا۔

الکُوْس۔ ڈھول۔ ایک مثلث پیمانہ جس کو بڑھئی استعمال کرتے ہیں۔ ج کُوْسَات (دخیل) **لُمْعَةٌ کَوْسَاء**۔ خشک گھاس کا مٹھا۔ آپس میں ایک دوسرے پر لپٹا ہوا۔ ج کُوْس۔ **رِمَالٌ کُوْسٌ**: ریت تہ بتہ جما ہوا۔

الکُوْسِیّ مِنَ الخَیْلِ: چھوٹی ٹانگوں والا گھوڑا۔ مؤنث کُوْسِیَّة۔

المَکَاس۔ سانپ کے کنڈلی مارنے کی جگہ۔

المِکْوَس۔ چکی کے پتھر درست کرنے کی چھینی ج مَکَاوِس۔

کَوْسَجَ و تَکَوْسَجَ الرَّجُلُ: کوسج ہونا۔

الکَوْسَج۔ صرف ٹھوڑی پر داڑھی والا۔ کم دانتوں والا۔ آہستہ چلنے والا گھوڑا۔ ج کَوَاسِج۔

الکَوْسَج: ایک قسم کی مچھلی جس کی ناک آرہ کی طرح ہوتی ہے۔

کَاشَ یَکُوْشُ کَوْشًا عَنْہُ: بہت گھبرانا۔

الْجَارِیَةَ: جماع کرنا۔

کَوِعَ (س) کَوَعًا۔ بڑے بندوست والا ہونا۔ مڑے ہوئے بندوست والا ہونا۔ صفت **اَکْوَع** مؤنث **کَوْعَاء** ج **کُوْع**۔

کَاعَ یَکُوْعُ کَوْعًا الکَلْبُ: گرمی کی وجہ سے بندوست پر چلنا۔ زخمی ہونے کی وجہ سے بندوست پر چلنا۔

کَوَّعَہٗ بِالسَّیْفِ: تلوار مارنے سے بندوست کا ٹیڑھا کرنا۔

تَکَوَّعَتْ یَدُہٗ: بندوست کا ٹیڑھا ہونا۔

الکَاعُ والکُوْعُ۔ انگوٹھے کی جانب بندوست کا کنارہ۔ ج اَکْوَاع۔

الکَوَعُ۔ مص۔ بندوست کی ہڈی میں ٹیڑھا پن۔ پیر کے انگوٹھے کا دوسری انگلیوں کی طرف بہت جھکاؤ۔

کَافَ یَکُوْفُ کَوْفًا الاَدِیْمَ: چمڑے کے کناروں کو ملا کر سینا۔

کَوَّفَ الاَدِیْمَ: ٹکڑے ٹکڑے کرنا —— **الشَّیْءَ**: علیحدہ کرنا —— **الکَافَ**: حرف کاف لکھنا۔ **الرَّجُلُ**: کوفہ میں آنا۔

تَکَوَّفَ القَوْمُ تَکَوُّفًا و کَوْفَانًا عَلٰی غَیْرِ القِیَاسِ جمع ہونا —— **الرَّجُلُ**: اہل کوفہ کے مشابہ ہونا یا اہل کوفہ کی طرف منسوب ہونا۔

الکُوْفَة۔ عراق کے ایک شہر کا نام۔ ریت کا گول سرخ ٹیلہ۔

الکُوْفِیّ۔ کوفہ کی جانب منسوب۔ اور اسی سے ہے خط کوفی۔

الکُوْفِیُّوْن۔ کوفہ کے نحوی حضرات۔

الکُوْفِیَّة۔ کُوْفِی کا مؤنث۔ سر پر لپیٹنے کا رومال اور عوام اسے **الکَفِّیَّہ** کہتے ہیں۔

الکُوْفَان والکَوْفَان والکَوَفَان والکُوَّفَان: گول تودہ ریت۔ گول چیز۔ عزت و شوکت و بلندی و مشقت۔ نرکل بانس۔ لکڑی کا جھنڈ۔ اور کہا جاتا ہے "**ظَلُّوْا فِیْ کُوْفَانٍ مِنْ**

اَمْرِهِمْ" ان کا معاملہ گڑبڑ ہوگیا "وَهُمْ فِيْ كُوْفَانٍ مِنْ ذٰلِكَ" وہ لوگ اس سے عزت و شوکت میں ہیں۔ یعنی لوگ گڑبڑی میں ہیں۔ کہا جاتا ہے "اَلنَّاسُ فِيْ كَوْفَى مِنْ اَمْرِهِمْ":

كَوْكَبَ الْحَدِيْدُ: چمک اٹھنا۔ چم چم کرنا۔

الْكَوْكَب۔ ستارہ۔ تلوار۔ پانی۔ گرمی کی سختی۔ لوہے کی چمک دمک۔ لمبی نباتات۔ سردار قوم۔ شہسوار قوم۔ میخ۔ قید خانہ۔ ہتھیار بند۔ قریب البلوغ لڑکا۔ باغ کی کلی۔ فوج۔ پہاڑ۔ آنکھ کا پھولہ۔ چیز کا بڑا حصہ۔ شبنم جو گھاس وغیرہ پر پڑی ہوئی ہو زمین کا خطہ کہ اس کا رنگ دوسرے خطہ سے مختلف ہو۔ كَوْكَبُ الْبِئْرِ: کوئیں کا سوت۔ ج كَوَاكِب۔ کہا جاتا ہے "ذَهَبُوْا تَحْتَ كُلِّ كَوْكَبٍ" یعنی متفرق ہوگئے "وَيَوْمٌ ذُوْ كَوَاكِب" سختیوں والا دن۔

الْكَوْكَبَة۔ ایک ستارہ۔ ایک کلی۔ جماعت۔

الْمُكَوْكَب۔ آنکھ کے پھولے والا۔

كَوْكَى كَوْكَوَةً۔ الرَّجُلُ: تیز چلنے میں جھومنا۔ پست قد کا دوڑنا۔

الْكَوْكَاة و الْكَوَاكِيَة۔ پست قد۔

الْمُكَوْكَى۔ بے برکت۔ کیکڑا۔

تَكَوَّلَ الْقَوْمُ: اکٹھا ہونا (— وانْكَالَ انْكِيَالاً) الْقَوْمُ عَلَيْهِ: مار پیٹ گالی گلوچ کے لیے کسی پر ٹوٹ پڑنا۔

تَكَاوَلَ الرَّجُلُ: کوتاہی کرنا۔ باز رہنا۔

الْكَوْلَان و الْكُوْلَان۔ بردی نام کی ایک گھاس واحد كَوْلَانَة۔

الْاَكْوَل۔ پہاڑ کی مانند بلند زمین۔ ج اَكَاوِل۔

الْكَوَالِل۔ پست قد۔

كَامَ (ن) كَوْمًا و كُوْمَةً الْجَارِيَةَ: جماع کرنا — الْفَرَسَ وَغَيْرَهُ: جفتی کرنا۔

كَوِمَتْ (س) كَوَمًا النَّاقَةُ: اونٹنی کا بڑی کوہان والی ہونا۔

كَوَّمَ تَكْوِيْمًا التُّرَابَ: مٹی کو تودہ تودہ کرنا — الْمَتَاعَ: سامان کا ڈھیر لگانا — ثِيَابَهُ فِيْ ثَوْبٍ وَاحِدٍ: کپڑوں کو ایک کپڑے میں باندھنا۔

اِكْتَامَ اِكْتِيَامًا الرَّجُلُ: پیر کی انگلیوں کے اطراف پر بیٹھنا۔

الْكُوْم۔ اونٹوں کا گلہ۔ ج اَكْوَام: بلند جگہ۔ ٹیلہ ج کیمان۔

الْكُوْمَة و الْكَوْمَة۔ مٹی کا ڈھیر۔ ج كُوَم و اَكْوَام۔

الْاَكْوَم۔ بلند۔ بڑے کوہان والا اونٹ۔ مؤنث كَوْمَاء ج كُوْم۔

كَانَ يَكُوْنُ كَوْنًا و كِيَانًا و كَيْنُوْنَةً الشَّيْءُ: نو پید ہونا۔ واقع ہونا۔ پایا جانا۔ ہونا۔ كَانَ افعال ناقصہ میں سے ہے۔ مبتدا و خبر پر داخل ہوتا ہے۔ مبتدا کو رفع اور خبر کو نصب دیتا ہے اور خبر کو مبتدا کے لیے ثابت کرتا ہے اور مبتدا کو اسم کان کہا جاتا ہے جیسے "كَانَ زَيْدٌ قَائِمًا" اور کبھی تامہ ہوتا ہے جیسے "فَقَالَ اللّٰهُ لِيَكُنْ نُوْرٌ فَكَانَ نُوْرٌ" اور ثبت کے معنی میں بھی آتا ہے جیسے "كَانَ اللّٰهُ وَلَا شَيْءَ مَعَهُ" اور حصر کے معنی میں بھی جیسے "اِنْ كَانَ ذُوْ عُسْرَةٍ فَنَظِرَةٌ اِلٰى مَيْسَرَةٍ" اور وقع کے معنی میں جیسے "مَاشَاءَ اللّٰهُ كَانَ" اور ينبغي کے معنی میں جیسے "مَاكَانَ لَكُمْ اَنْ تُنْبِتُوْا شَجَرَهَا" اور استقبال کے معنی کے لیے جیسے "يَخَافُوْنَ يَوْمًا كَانَ شَرُّهٗ مُسْتَطِيْرًا" اور زمانہ ماضی کے لیے جیسے "كَانَ فِي الْمَدِيْنَةِ تِسْعَةُ رَهْطٍ" اور زمانہ حال کیلئے جیسے "كُنْتُمْ خَيْرَ اُمَّةٍ اُخْرِجَتْ لِلنَّاسِ" اور کبھی دوام و استمرار کا فائدہ دیتا ہے جیسے "كَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا" اور کہا جاتا ہے "صَارَ اِلٰى كَانَ" یعنی مرگیا اور تثنی اور جمع میں کہا جاتا ہے "صَارَ اِلٰى كَانَا" - "صَارُوْا اِلٰى كَانُوْا" اور "كُنْتُ الْكُوْفَةَ" یعنی میں کوفہ میں تھا "و مَنَازِلُ اَقْفَرَتْ كَانَ لَمْ يَكُنْهَا اَحَدٌ" یعنی منازل خالی ہوگئے گویا کہ وہاں کوئی نہیں تھا۔ "وَكُنَّاهُمْ" بمعنی كُنَّا لَهُمْ۔

كَانَ يَكُوْنُ كَوْنًا و كِيَانًا عَلٰى فُلَانٍ: ضامن ہونا۔ ذمہ دار بننا۔

كَوَّنَ تَكْوِيْنًا الشَّيْءَ: پیدا کرنا۔ ایجاد کرنا۔

تَكَوَّنَ۔ پیدا ہونا۔ ایجاد ہونا۔ متحرک ہونا۔

اِكْتَانَ اِكْتِيَانًا بِفُلَانٍ و عَلَيْهِ: ضامن ہونا۔ ذمہ دار بننا۔

اِسْتَكَانَ اِسْتِكَانَةً لِفُلَانٍ: فروتنی کرنا۔ عاجزی ظاہر کرنا۔

الْكَوْن۔ مص۔ عالم وجود۔

الْكَوْنِيّ۔ کون کی جانب منسوب۔

الْكُوْنِيّ۔ عمر رسیدہ۔ بڑی عمر والا۔

الْكِيَان۔ مص۔ طبیعت۔ فطرت۔

الْكِيَانَة۔ ضمانت۔ کفالت۔

التَّكْوِيْن۔ مص۔ معدوم کو عدم سے وجود میں لانا۔ سِفْرُ التَّكْوِيْنِ: بائبل کی پہلی کتاب موسوم بہ کتاب پیدائش۔

الْكَائِن۔ فا۔ ہونے والا۔ واقعہ۔ حادثہ۔

الْكَائِنَة۔ مؤنث كَائِن۔ حادثہ ج كَائِنَات و كَوَائِن۔ الْكَائِنَات: موجودات۔

الْكُنْتِيّ و الْكُنْتُنِيّ۔ بڑی عمر والا۔ گویا کہ وہ اپنے قول "كُنْتُ فِيْ شَبَابِيْ كَذَا و كَذَا" کی طرف منسوب کیا گیا ہے۔ تم کہتے ہو "اَصْبَحْتُ كُنْتِيًّا" یعنی میں بڑی عمر والا ہوگیا ج كُنْتِيُّوْنَ و كُنْتُنِيُّوْنَ اور كُنْتُنِي میں نون وقایہ ہے تاکہ ضمہ ظاہر ہو جائے جس طرح کی ضَرَبَنِي میں فتحہ ظاہر ہونے کیلئے نون لاتے ہیں۔

الْمَكَان۔ کسی شے کے ہونے کی جگہ ج اَمَاكِن و اَمْكِنَة و اَمْكُن (اخیر نادر ہے)

الْمَكَانَة۔ موضع۔ جگہ۔ مرتبہ ج مَكَانَات۔

الْمَكِيْن۔ مرتبہ والا۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ مَكِيْنٌ عِنْدَ فُلَانٍ" فلاں فلاں کے نزدیک صاحب مرتبہ ہے۔ کہا جاتا ہے مَكْوُنٌ فِيْهِ: یعنی موجود۔

كَوِهَ (س) كَوَهًا۔ متحیر ہونا۔

كَاهَ يَكُوْهُ كَوْهًا الشَّيْءَ: منہ سونگھ کر بو معلوم کرنا۔

كَوَّهَ النَّارَ: آگ بھڑکانا۔

تَكَوَّهَ عَلَيْهِ الْاَمْرُ: پراگندہ و پریشان ہونا۔

كَوَّى فِيْ دَارِهٖ كُوًى: روشندان بنانا۔

تَكَوَّى تَكَوِّيًا الرَّجُلُ: تنگ جگہ میں داخل ہونا اور سمٹنا۔

الْكَوُّ و الْكَوَّة و الْكُوَّة۔ روشن دان۔ ج كِوَاء و كُوًى و كَوَّات و كُوَّات۔ كُوَى النَّهْرِ: دریا کے نالے۔

کَوَیٰ یَکْوِیْ کَیًّا فُلَانًا : لوہے وغیرہ سے داغ دینا۔ کَوَتِ الْعَقْرَبُ فُلَانًا : بچھو کا ڈسنا۔ ڈنک مارنا۔ تم کہتے ہو "کَوَانِی بِعَیْنِہٖ" یعنی اس نے مجھ کو تیز نظر سے دیکھا۔

اَکْوٰیٰ اِکْوَاءً۔ زبان سے تکلیف پہنچانا۔

کَاوَیٰ مُکَاوَاۃً۔ باہم گالی گلوچ کرنا۔

اِکْتَوٰی۔ داغ لگنا ——— الرَّجُلُ : اپنے آپ کو داغ دینا۔ اپنی آپ تعریف کرنا ان صفات سے جو فی الحقیقت نہ ہوں۔

اِسْتَکْوٰی فُلَانًا : داغ لگانے کو کہنا ——— الرَّجُلُ : داغے جانے کا وقت قریب ہونا۔

الْکَیَّۃ۔ کَوٰی کا اسم مرۃ۔ داغ لگانے کی جگہ۔

الْکَوَّاء۔ اسم مبالغہ۔ بد زبان۔ بہت گالی بکنے والا۔

الْمِکْوَاۃ۔ داغ دینے کا لوہا۔ استری کرنے کا لوہا۔ ج مَکَاوٍ۔

الْمِکْوَاۃُ و الکاوِیَاء۔ بکریوں پر نشان لگانے کا آلہ۔

کَیْ۔ حرفِ تعلیل ہے۔ فعل مضارع پر داخل ہوتا ہے اور تقدیر ان کی وجہ سے نصب دیتا ہے جیسے "جَاءَ کَیْ یَسْئَلَ" یعنی آیا تاکہ پوچھے اور ما استفہامیہ پر داخل ہوتا ہے جیسے "کَیْمَ جِئْتَ" یعنی تم کیوں آئے اس صورت میں یہ حرف جر ہوگا۔

وقف کی صورت میں اس کے ساتھ ہا متصل ہوتا ہے تو کہا جاتا ہے کَیْمَہْ جیسا کہ لِمَہْ کہا جاتا ہے اور مَاءِ مصدریہ پر بھی داخل ہوتا ہے جیسے "یُرْجَی الْفَتٰی کَیْمَا یَضُرُّ وَیَنْفَعُ"۔

اور اَنْ مصدریہ مقدرہ پر وجوبا داخل ہوتا ہے جیسے "جِئْتُکَ کَیْ تُکْرِمَنِیْ" میں تمہارے پاس اس لیے آیا کہ تم میرا اکرام کرو۔ اور اکثر اس کا استعمال لام کے بعد ہوتا ہے جیسے جِئْتُ لِکَیْ تُکْرِمَنِیْ۔

کَاءَ یَکِیْءُ کَیْئًا عَنِ الْاَمْرِ : اعراض کرنا۔

الْکَاءُ و الْکَیْءُ و الْکَاءَۃُ و الْکَیَاءَۃ بزدل۔

کَیَّتُ الْوِعَاءَ : برتن بھرنا ——— الْجَھَازَ : سامان تیار کرنا اور آسان کرنا۔

کَیْتَ و کَیْتَ۔ اور کبھی کَیْتِ و کَیْتِ مکسورًا کہتے ہیں اور ان سے بات کا کنایہ کیا جاتا ہے۔ تم کہتے ہو "قَالَ فُلَانٌ کَیْتَ و کَیْتَ" یعنی فلاں نے ایسا ایسا کہا۔ اور کَیْتَ کَیْتَ بغیر واو کے بھی استعمال کرتے ہیں۔ اور ان کا استعمال مکرر ہی ہوتا ہے۔

کَاحَ یَکِیْحُ کَیْحًا السَّیْفُ فِیْہِ : تلوار کا اثر کرنا۔ کہا جاتا ہے "مَا کَاحَ فِیْہِ السَّیْفُ" یعنی تلوار نے اس پر کام نہیں کیا۔

اَکَاحَہٗ اِکَاحَۃً۔ ہلاک کرنا۔

الْکَیِّحُ۔ موٹا (مذکر و مؤنث) کِیْحٌ اَکْیَحُ : کھردرا۔ موٹا۔ جیسے کہا جاتا ہے یَوْمٌ اَیْوَمُ۔

الْکَیَحُ۔ سختی۔ موٹاپا۔

کَادَہٗ یَکِیْدُہٗ کَیْدًا۔ مکر کرنا۔ فریب کرنا۔ مکر سکھلانا۔ جنگ کرنا۔ برا ارادہ کرنا ——— الزَّنْدُ : چقماق کا آگ نکالنا۔ کَادَ لِفُلَانٍ : حیلہ کرنا اور کہا جاتا ہے "فُلَانٌ یَکِیْدُ اَمْرًا مَا اَدْرِیْ مَا ھُوَ" جبکہ وہ پھسلائے اور فریب دے و "بَلَغُوا الْاَمْرَ الَّذِیْ کَادُوْا" یعنی جس امر کا وہ ارادہ کرتے تھے اس کو انہوں نے حاصل کر لیا ——— بِنَفْسِہٖ : جان دینا ——— الشَّیْءَ : تیار کرنا ——— الرَّجُلُ : قے کرنا۔

کَایَدَہٗ مُکَایَدَۃً۔ مکر و فریب کرنا۔

تَکَایَدَ الرَّجُلَانِ : ایک دوسرے کے ساتھ مکر کرنا۔

اِکْتَادَ اِکْتِیَادًا۔ حیلہ کرنا۔ مکر و فریب کرنا۔

الْکَیْدُ۔ مص۔ حیلہ۔ مکر۔ خباثت۔ لڑائی۔ قے ج کِیَاد۔ کہا جاتا ہے "غَزَا فَلَمْ یَلْقَ کَیْدًا" یعنی اس نے مقاتلہ نہیں کیا" و "لَا کَیْدًا و لَا ھَمًّا" یعنی نہ تو سختی کرتا ہوں اور نہ اس کا ارادہ۔

الْکَیَّاد۔ بہت مکر کرنے والا۔

الْمَکِیْدَۃ۔ اسم ہے کَادَ کا۔ مکر۔ دھوکا۔ خباثت ج مَکَایِد۔ کید کی نسبت جب اللہ تعالیٰ کی طرف ہوتی ہے تو اس سے مراد مہلت دینی یا مکاروں کو ان کے فعل پر سزا دینی ہوتی ہے۔

کَارَ یَکِیْرُ کَیَارًا۔ الْفَرَسُ : دوڑتے میں دم اٹھانا۔

اَکَارَ عَلَیْہِ یَضْرِبُہٗ : متوجہ ہونا۔

تَکَایَرَا۔ ایک دوسرے کو مارنا۔

الْکِیْرُ۔ لوہار کی بھٹی۔ ج اَکْیَار و کِیَرَۃ۔

الْکَیِّرُ۔ دوڑنے میں دم اٹھانے والا۔

کَاسَ یَکِیْسُ کَیْسًا و کِیَاسَۃً الْغُلَامُ : زیرک ہونا۔ ذہین ہونا ——— فُلَانًا : دانائی میں غالب آنا ——— الْجَارِیَۃَ : جماع کرنا۔

کَیَّسَہٗ تَکْیِیْسًا۔ زیرک و ذہین بنانا۔

کَایَسَہٗ مُکَایَسَۃً۔ دانائی میں مقابلہ کرنا ——— ہٗ فِی الْبَیْعِ : بیچنے میں مقابلہ کرنا۔

اَکَاسَ اِکَاسَۃً و اَکْیَسَ اِکْیَاسًا ذہین اولاد والا ہونا۔

تَکَیَّسَ۔ دانائی ظاہر کرنا۔ بتکلف دانا بننا۔

الْکَیْس : مص۔ عقل، سمجھ، دانائی، زیرکی۔ بخشش۔ جماعت۔ کاموں میں سنجیدگی۔

الْکِیَاسَۃ : مص۔ جو چیز نافع ہو اس کے استخراج کی قدرت۔

الْکِیْس۔ تھیلی۔ بٹوہ۔ ج اَکْیَاس و کِیَسَۃ تھیلی جس میں بچہ رہتا ہے۔

الْکَیِّس۔ دانا۔ سمجھ دار۔ اچھی سمجھ بوجھ والا۔ ج اَکْیَاس و کَیْسٰی مؤنث کَیِّسَۃ ج کِیَاس۔

الْمُکَیَّس۔ سمجھ دار۔

کَیْسَان۔ بغیر الف لام کے اسم ہے غدر کے لئے۔ جب کوئی بے وفائی کرے تو کہا جاتا ہے رَکِبَ فُلَانٌ کَیْسَانَ۔

الْاَکْیَس۔ اسم تفضیل۔ مؤنث کَیْسٰی و کُوْسٰی ج کِیَس۔

الْمِکْیَاسُ مِنَ النِّسَاءِ : وہ عورت جو عقلمند بچوں کو جنے۔ ج مَکَایِیْس۔

کَاصَ یَکِیْصُ کَیْصًا و کُیُوْصًا و کَیَصَانًا کسی چیز سے عاجز ہونا ——— الطَّعَامَ : تنہا کھانا۔ ——— مِنَ الطَّعَامِ و الشَّرَابِ : بہت کھانا پینا۔ ——— الرَّجُلُ : تیز چلنا۔ کہا جاتا ہے "مَرَّ یَکِیْصُ" جلدی کرتا ہوا گزرا و "کِصْنَا عِنْدَہٗ مَاشِئْنَا" ہم نے اس کے پاس جو کچھ جی میں آیا کھایا۔

کَایَصَ مُکَایَصَۃً الْاَمْرَ او الْعَمَلَ : مشق کرنا۔

الْکَیِّص۔ مص۔ سخت بخیل۔ درشت خو۔ گٹھے ہوئے بدن کا پستہ قد۔

كِيْصٌ و كِيْصِى و كِيْصَى و كَيْصَى- تنہا اترنے والا- تنہا کھانے والا اور کسی کا خیال نہ کرنے والا-

الكِيْصُ و الكَيْصُ مِنَ الرِجَالِ : مضبوط پٹھے والا-

كَاعَ يَكِيْعُ كَيْعًا و كَيْعُوْعَةً عَنْهُ : بزدل ہونا- خائف ہونا- صفت كَاعٍ و كَائِعٌ : ج كَاعَةٌ-

كَافَ يَكِيْفُ كَيْفًا الشَّئَ : کاٹنا-

كَيَّفَ الشَّئَ : ٹکڑے ٹکڑے کرنا- کیفیت معلوم بتانا-

تَكَيَّفَ- ٹکڑے ٹکڑے ہونا- کسی کیفیت پر ہونا-

اِنْكَافَ اِنْكِيَافًا الشَّئَ : کٹنا-

كَيْفَ اسم مبہم مبنی علی الفتحہ ہے اور اکثر اس کا استعمال استفہام کے لیے ہوتا ہے جیسے "كَيْفَ زَيْدٌ" اور کبھی شرط کے لیے آتا ہے کبھی "ما" لگاتے ہیں اور کبھی نہیں جیسے كَيْفَمَا تَصْنَعَ اَصْنَعُ و كَيْفَ تَصْنَعَ اَصْنَعُ اور کہا جاتا ہے "كَيْفَ لِيْ بِفُلَانٍ" اس کے جواب میں تم کہتے ہو كُلُّ الْكَيْفِ جر کے ساتھ- مثل دوسرے معربات کے اور فتحہ کے ساتھ اپنی حالت پر باقی رہتے ہوئے-

كَيْفِيَّةُ الشَّئِ :صفت- حالت ج كَيْفِيَّات-

الكِيْفَة- کپڑے کا ٹکڑا جس سے کرتے کے دامن کے اگلے حصہ میں پیوند لگائیں- ج كِيَف-

الكَيْكَة- انڈا- ج الكَيَاكِي اور تصغیر كُيَيْكَة و كُيَيْكِيَة-

كَالَ يَكِيْلُ كَيْلاً و مَكِيْلاً و مَكَالاً و كَيَّلَ القَمْحَ وَغَيْرَهُ : ناپنا اور کبھی دو مفعول کی طرف متعدی ہوتا ہے جیسے "كِلْتُ زَيْدًا الطَّعَامَ" اور کبھی مفعول اول پر لام داخل ہوتا ہے- جیسے كِلْتُ لِزَيْدٍ الطَّعَامَ- كَالَ الدَّرَاهِمَ : تولنا- الشَّئَ بِالشَّئِ : اندازہ کرنا اور کہا جاتا ہے "هٰذَا طَعَامٌ لَا يَكِيْلُنِيْ" یعنی اس پیمانہ کا غلہ میرے لیے کافی نہیں-

كَالَ يَكِيْلُ كَيْلاً الزَّنْدُ : چقماق کا بے آگ ہونا-

كَيَّلَ القَمْحَ : گیہوں ناپنا — الرَّجُلُ : بزدل ہونا-

كَايَلَهُ مُكَايَلَةً- دوسرے کے قول یا فعل کی مانند کہنا یا کرنا- گالی دینا اور بڑھ جانا اور کہا جاتا ہے "كَايَلْتُ فُلَانًا" یعنی اس نے میرے لیے اور میں نے اس کے لئے ناپا- دونوں مُكَايَلَانِ کہے جائیں گے "وَكَايَلَ الفَرَسُ الفَرَسَ فِي الجَرْيِ" یعنی ایک گھوڑے نے دوسرے گھوڑے کا دوڑنے میں مقابلہ کیا اور کہا جاتا ہے "كَايَلْنَاهُمْ صَاعًا بِصَاعٍ" یعنی ہم نے ان کو پورا پورا بدلہ دیا-

تَكَيَّلَ الرَّجُلُ : میدان جنگ میں آخری صف میں کھڑا ہونا-

تَكَايَلَ الرَّجُلَانِ : گالی اور کینہ میں ایک دوسرے کا مقابلہ کرنا- ایک کا دوسرے کیلئے ناپنا-

اِكْتَالَ اِكْتِيَالاً مِنْهُ و عَلَيْهِ :اپنے لیے ناپنا-

الكَال- ایک ٹیڑھا سا آلہ ہے جو قلعہ کے گرانے میں کام آتا ہے-

الكَيْل- مص- ناپنے کا آلہ- چنگاری جو چقماق سے گرے- ج اَكْيَال-

الكَيْلَة- كال کا اسم مرۃ- ناپنے کا برتن فِي بَرِّ الشَّامِ : دو مد کا پیمانہ- ج كَيْلَات- اور عرب کے امثال میں سے ہے "اَحَشَفًا و سُوْءَ كَيْلَةٍ" اس وقت بولا کرتے ہیں جب کہ دو بری باتوں کو کوئی جمع کرے- مراد یہ کہ بری کھجور بھی اور پھر اس پر بری تول بھی-

الكِيْلَة- كال کا اسم- اور اسم نوع-

الكِيَالَة- ناپنے کا پیشہ- ناپنے کی اجرت-

الكَيَّال- وہ شخص جو ناپنے کا پیشہ اختیار کرے-

الكَيُّوْل- میدان جنگ کی آخرت صف- اونچی زمین- بزدل(— و الكَيُّل) چنگاری جو چقماق سے جھڑے-

المِكْيَل و المِكْيَلَة ج مَكَايِل و المِكْيَال- ج مَكَايِيْل :جس سے ناپا جائے-

المَكِيْل و المَكْيُوْل- ناپا ہوا-

الكِيْمِيَاء و الكِيْمِيَا- اکسیر- جس کے متعلق خیال تھا کہ اس سے سونا چاندی بن جایا کرتا ہے

عِلْمُ الْكِيْمِيَاءِ او الكِيْمِيَا عِنْدَ القُدَمَاء : وہ علم ہے جس میں اس سے بحث کی جائے کہ کس طرح ایک معدنی چیز کو دوسرے کی طرف خصوصاً سونے کی طرف تبدیل کر سکتے ہیں اور یا تمام امراض کیلئے دوا کا استنباط — عِنْدَ الْمُتَاخِرِيْن : وہ علم ہے جس میں اجسام کے طبائع و خواص سے بواسطہ حل و ترکیب کے بحث ہو- اور نسبت کے وقت كِيْمِيّ و كِيْمَوِيّ کہتے ہیں- ج كِيْمِيُّوْنَ و كِيْمَوِيُّوْنَ-

كَانَ يَكِيْنُ كَيْنًا لِفُلَانٍ : فروتنی کرنا- عاجزی ظاہر کرنا-

اَكَانَهُ اِكَانَةً اللّٰهُ : عاجز کر دینا- مطیع کرنا- فرمانبردار بنانا-

اِكْتَانَ اِكْتِيَانًا- غمگین ہونا اور غم کو چھپانا-

اِسْتَكَانَ- کون کے مادہ میں مذکور ہے-

الكَيْنَة- بیری- ضمانت-

الكِيْنَة- سختی- ذلت' حالت- کہا جاتا ہے "بَاتَ فُلَانٌ بِكِيْنَةِ سُوْءٍ" یعنی اس نے بری حالت میں رات گزاری-

الكِيْنَا- كُوْنَيْن-(دخیل)

كَاهَ يَكِيْهُ كَيْهًا فُلَانًا : منہ سونگھ کر بو معلوم کرنا-

الكَيِّه- وہ شخص جو اپنے حیلہ سے عاجز آ چکا ہو-

اللام۔ تین قسمیں ہیں۔

(۱) عامل بعمل جر (۲) عامل بعمل جزم (۳) غیر عامل۔

(۱) جارہ۔ اسم ظاہر اور ضمیر واحد متکلم کے ساتھ مکسور ہوتا ہے جیسے لِزَیْدٍ وَلِیْ اور مستغاث یَا اور ضمائر غیر واحد متکلم کے ساتھ مفتوح جیسے یَاللّٰہِ وَلَكَ وَلَنَا وَلَهٗ۔

یہ اسم اور فعل دونوں پر داخل ہوتا ہے اسم پر داخل ہونے والا کئی معنوں میں آتا ہے۔

(۱) اختصاص جیسے "اَلْجَنَّةُ لِلْمُؤْمِنِ" جنت مؤمن کے لیے خاص ہے۔

(۲) استحقاق جیسے "اَلْعِزَّةُ لِلّٰهِ" عزت کا مستحق اللہ تعالیٰ ہے۔

(۳) ملکیت جیسے ﴿ لِلّٰهِ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ﴾ اللہ ہی مالک ہے ان چیزوں کا جو آسمان وزمین میں ہیں۔

(۴) تبلیغ جیسے "قُلْتُ لَهٗ وَ فَسَّرْتُ لَهٗ" میں نے اس سے کہہ دیا میں نے اس سے بیان کر دیا۔

(۵) تعدیہ جیسے "مَا اَشَدَّ حُبَّ زَیْدٍ لِعَمْرٍو" زید کو عمرو سے کتنی شدید محبت ہے۔

(۶) قسم جیسے "لِلّٰهِ لَا اَفْعَلَنَّ هٰذَا" قسم اللہ کی میں اس کو ضرور کروں گا۔

(۷) صیرورت جیسے "وُلِدَ الْاِنْسَانُ لِحَیٰوةِ اَبَدِیَّةٍ" انسان ہمیشہ کی زندگی کیلئے پیدا کیا گیا ہے اور اس کو لام عاقبت اور لام المال بھی کہتے ہیں۔

(۸) تعلیل جیسے "وَیَوْمَ عَقَرْتُ لِلْعَذَارٰی مَطِیَّتِیْ" اور اس دن کہ باکرہ چھوکریوں کیلئے میں نے اپنی اونٹنی کو ذبح کیا۔

(۹) موافقت الیٰ جیسے "بِاَنَّ رَبَّكَ اَوْحٰی لَهَا"

(۱۰) موافقت علیٰ جیسے "یَخِرُّوْنَ لِلْاَذْقَانِ"

(۱۱) موافقت فی جیسے "وَنَضَعُ الْمَوَازِیْنَ الْقِسْطَ لِیَوْمِ الْقِیٰمَةِ"

(۱۲) بمعنی عِنْدَ جیسے "کَتَبْتُهٗ لِخَمْسٍ خَلَوْنَ" پانچویں تاریخ کے گزرنے پر میں نے اس کو لکھا۔ اور اس کو لام تاریخ بھی کہتے ہیں۔

(۱۳) موافقت بعد جیسے "اَقِمِ الصَّلٰوةَ لِدُلُوْكِ الشَّمْسِ"

(۱۴) موافقت مَعْ جیسے فَلَمَّا تَفَرَّقْنَا کَاَنِّیْ وَمَالِكًا۔ لِطُوْلِ اجْتِمَاعٍ لَمْ نَبِتْ مَعًا۔

(۱۵) موافقت مِنْ جیسے "سَمِعْتُ لَهٗ صُرَاخًا" میں نے اس سے چیخ سنی۔

(۱۶) موافقت عَنْ جیسے "قَالَ الَّذِیْنَ کَفَرُوْا لِلَّذِیْنَ اٰمَنُوْا لَوْ کَانَ خَیْرًا مَّا سَبَقُوْنَا اِلَیْهِ۔"

(۱۷) زائدہ جیسے "ضَرَبْتُ لِزَیْدٍ" میں نے زید کو مارا اور فعل پر داخل ہونے والا۔ تقدیر اَنْ سے فعل مضارع کو نصب دیتا ہے اور اَنْ مع اپنے مدخول کے مصدر مجرور باللام کی تاویل میں ہوتا ہے اور یہ یا تو تعلیل کے لیے ہوتا ہے جیسے "جِئْتُكَ لِتُعَلِّمَنِیْ" میں تیرے پاس اس لیے آیا کہ تو مجھے تعلیم دے۔ اور یا تاکید نفی کے لئے۔

اور اس صورت میں کان منفی اس سے پہلے آتا ہے اور اس کو لازم جحود کہتے ہیں جیسے "مَا کَانَ زَیْدٌ لِیُکْرِمَكَ" زید ہرگز تیری تعظیم کے لیے نہ تھا۔

(۲) لازم جازمہ۔ اور وہ لام امر ہے اور اس کا نام لام طلب بھی ہے اور یہ مکسور ہوا کرتا ہے جیسے "لِیَحْکُمَ اللّٰهُ" اور کبھی مفتوح بھی ہوتا ہے اور واؤ اور فا کے بعد اکثر ساکن ہوتا ہے جیسے "فَلْیَسْتَجِیْبُوْا لِیْ وَلْیُؤْمِنُوْا بِیْ" اور ثم کے بعد بھی کبھی ساکن ہوتا ہے جیسے "ثُمَّ لْیَقْضُوْا"

(۳) غیر عاملہ۔ اور یہ ہمیشہ مفتوح ہوتا ہے اور وہ لام ابتدا ہے جیسے "لَزَیْدٌ قَائِمٌ وَ اِنَّ زَیْدًا لَقَائِمٌ۔"

اور لام جواب بعد لَوْ ولَوْ لَا و قسم جیسے "لَوْ عُدْتُمْ لَعُدْنَا و لَوْ لَا زَیْدٌ لَهَلَکْنَا" و "وَاللّٰهِ لَزَیْدٌ کَرِیْمٌ" اور لام زائدہ جیسے "اَرَاكَ لَشَاتِمِیْ"

اور منجملہ انہیں غیر عاملہ کے وہ لام ہے جو بُعد پر دلالت کرنے کیلئے اسمائے اشارہ کے ساتھ لاحق ہوتا ہے اور اصلاً یہ ساکن ہوتا ہے جیسے تِلْكَ میں مگر ذلک میں اجتماع ساکنین کی وجہ سے کسرہ دیا گیا ہے۔

لَا۔ تین طرح پر ہے۔

(۱) نافیہ۔ اور یہ چار طرح پر مستعمل ہے۔

(الف) نفی جنس کے لئے۔ اس صورت میں اس کا اسم مبنی برفتحہ ہوتا ہے اور مضاف اور شبہ مضاف کی صورت میں منصوب ہوتا ہے جیسے "لَا رَجُلَ فِی الدَّارِ" گھر میں کوئی مرد نہیں۔ "وَلَا غُلَامَ رَجُلٍ حَاضِرٌ" مرد کا کوئی غلام حاضر نہیں۔

(ب) بمعنی لَیْسَ۔ اس صورت میں اسم کو رفع اور خبر کو نصب دیتا ہے اور یہ نفی واحد کے لیے ہے جیسے "لَا رَجُلٌ قَائِمًا" مرد قائم نہیں۔ اور لا نفی جنس اور لا بمعنی لَیْسَ میں فرق یہ ہے کہ جب تم لَا رَجُلَ فِی الدَّارِ کہوگے تو اب اس کے بعد بَلْ رَجُلَیْنِ اَوْ رِجَالٌ کہنا صحیح نہیں ہوگا۔ اسلئے کہ اس مثال میں جنس رجال کی نفی کردی گئی ہے۔ بخلاف لَا رَجُلٌ فِی الدَّارِ کے کہ وہاں بَلْ رَجُلَیْنِ او رِجَالٌ کہنا صحیح ہوگا اس لیے کہ لا بمعنی لَیْسَ صرف واحد کی نفی کرتا ہے ماسوا کی نہیں۔

(ج) لَا نافیہ عطف کے لیے جیسے "جَاءَ زَیْدٌ لَا عَمْروٌ" زید آیا نہ کہ عمرو۔
(د) حرف جواب نقیض نعم جیسے کوئی پوچھے "اَقَامَ زَیْدٌ" تو تم اس کے جواب میں کہو "لَا"
(۲) طلب ترک فعل کے لیے اور اس کا نام لا نہی ہے اور یہ صرف مضارع پر داخل ہوتا ہے اور اس کو جزم دیتا ہے جیسے "لَا تَخَفْ" مت ڈر۔
(۳) زائدہ۔ اور یہ تقویت معنی کیلئے ہوتا ہے حذف کردینے سے خلل واقع نہیں ہوتا جیسے "مَا مَنَعَكَ اَنْ لَا تَقُوْمَ" بمعنی "مَا مَنَعَكَ اَنْ تَقُوْمَ"
لَاتَ۔ حرف نفی ہے لَيْسَ کا عمل کرتا ہے اور اس کے بعد صرف ایک ہی معمول ذکر کیا جاتا ہے اور عموماً اسم ہی محذوف ہوا کرتا ہے جیسے نَدِمَ الْبُغَاةُ وَلَاتَ سَاعَةَ مَنْدَمٍ بمعنی لَاتَ السَّاعَةُ سَاعَةَ مَنْدَمٍ یعنی باغی پشیمان ہوئے مگر وقت اب پشیمانی کا نہیں رہا۔
الْمُلْتَبِب۔ سیدھا۔
اللَازَوَرْد۔ لاجورد۔ ایک مشہور معدنی چیز ہے جو آرمینیا اور فارس کے پہاڑوں میں ہوتا ہے اور عمدہ وہ ہوتا ہے جو صاف شفاف نیلگوں مائل بہ سرخی یا سبزی ہو۔ زیورات میں لگایا جاتا ہے اور بہت مفید چیز ہے۔
اللَازَوَرْدِی۔ جو لاجورد کے رنگ کا ہو۔
لَاطَهُ (ف) لَاطًا۔ اصرار سے کسی کام کے لیے کہنا۔ لَاطَ عَلٰی فُلَانٍ: سختی کرنا۔ لَاطَهُ بِسَهْمٍ: تیر مارنا۔ لَاطَ فُلَانٌ فِي مُرُوْرِهٖ: بغیر ادھر ادھر التفات کے تیز بھاگنا — فُلَانًا: دیر تک دیکھتے رہنا یہاں تک کہ نظر سے غائب ہو جائے — ہٗ بِالْعَصَا: لاٹھی سے مارنا۔
لَاظَهُ (ف) لَاظًا۔ غمگین کرنا۔ دھتکارنا۔ مقابلہ کرنا — فُلَانًا فِي التَّقَاضِي: تقاضا کرنے میں سختی و اصرار کرنا۔
لَافَ (ف) لَافًا الطَّعَامَ: اچھی طرح سے کھانا۔
اَلَاكَهُ اِلَاكَةً اِلٰى فُلَانٍ: پیغامبری کرنا۔ کہا جاتا ہے "اَلِكْنِيْ اِلٰى فُلَانٍ" یعنی میرا پیغام اس کو پہنچادو (اصل اَلْاَلِكْ ہے)

اِسْتَلَاكَ لَهٗ: پیغام لے جانا۔
الْمَلَاكُ وَالْمَلَاكَةُ۔ پیغام۔ پیغامبری۔
الْمَلَاكُ وَالْمَلَكُ۔ فرشتہ جو اللہ کے احکام بندوں تک پہنچاتے ہیں۔ ج مَلَائِكَةٌ وَمَلَائِكُ وَاَمْلَاكٌ۔ اور مفرد مَلاک اور جمع مَلْئِكَةٌ بنائی جاتی ہے۔
لَا لَا لَاءَةً النَّجْمُ اَو الْبَرْقُ: ستارہ یا بجلی کا چمکنا۔ لَا لَاَتِ النَّارُ: آگ کا روشن ہونا۔ بھڑکنا۔
لَا لَا الثَّوْرُ بِذَنَبِهٖ: بیل کا دم ہلانا۔
لَا لَاتِ النَّوَائِحُ: بین کرنے والی عورتوں کا ہاتھوں کو الٹنا پلٹنا۔ لَا لَا الدَّمْعَ: آنسو بہانا۔
تَلَالَا النَّجْمُ اَو الْبَرْقُ اَو النَّارُ: بمعنی لَا لَا وَجْهُهٗ: چہرہ کا دمک اٹھنا۔
اللُّؤْلُؤُ۔ موتی۔ واحد لُؤْلُؤَةٌ ج لَآلِي۔
اللُّؤْلُئِي واللُّؤْلُوَانُ۔ موتی کے رنگ کا۔
اللِّئَالَةُ۔ موتی فروشی کا پیشہ۔
اللَّالَاءُ۔ بہت زیادہ خوشی۔ لَالَاءُ السِّرَاجِ: چراغ کی روشنی (— واللَّاَلُ و اللَّالاءُ) موتی فروش۔
لَامَ (ف) لَامًا ولَامَ تَلْئِيْمًا الرَّجُلَ: کمینگی کی طرف نسبت کرنا — السَّهْمَ: تیر پر لگانا۔ الْجُرْحَ: زخم باندھنا (— لَامَ (ف) لَامًا و لَامَ تَلْئِيْمًا و اَلْاَمَ اِلْآمًا) الشَّيْءَ: درست کرنا۔ جمع کرنا اور باندھنا۔ اَلْاَمَ الرَّجُلُ: کمینے بچوں کا باپ ہونا۔ ایسا کام کرنا جس سے لوگ کمینہ کہیں۔
لَؤُمَ (ک) لُؤْمًا و مَلْاَمَةً و لَاَمَةً۔ دَنِيُّ الاصل ہونا۔ بخیل ہونا۔ ذلیل ہونا۔ صفت لَئِيْمٌ ج لِئَامٌ و لُؤَمَاءُ۔
لَاءَمَ مُلَاءَمَةً الشَّيْءَ: درست کرنا۔ جمع کرنا۔
لَاءَمَهُ الشَّيْءُ: موافقت کرنا۔ لَاءَمَ بَيْنَ الْقَوْمِ: صلح کرانا۔
تَلَامَ و تَلَاءَمَ۔ الشَّيْءُ الْفَاسِدُ: درست ہونا۔
تَلَامَ لَامَتَهٗ اَيْ دِرْعَهٗ: زرہ پہننا۔
اِلْتَامَ الْفَاسِدُ: درست ہونا — الشَّيْءُ: ملنا اور چمٹ جانا — الْجُرْحُ: انگور بننا اور اچھا ہونا — الْقَوْمُ: اکٹھا ہونا — الشَّيْئَانِ: متفق ہونا — الْفَرِيْقَانِ: مصالحت کرنا۔
اِسْتَلْاَمَ اِسْتِلْاَمًا۔ زرہ پہننا۔ کمینوں میں شادی کرنا — اَصْهَارًا: کمینوں کو داماد بنانا — الْحَجَرَ الْاَسْوَدَ: چومنا — الْاَبَ کمینہ باپ والا ہونا۔
اللَّامُ۔ مص۔ جمع لَامَةٌ بمعنی زرہ۔ شخص۔ ہر سخت چیز۔ کہا جاتا ہے "شَيْءٌ لَامٌ" مجتمع چیز۔ "سَهْمٌ لَامٌ" پر لگا ہوا تیر۔
اللِّئْمُ۔ ج اَلْآمٌ و لِئَامٌ۔ واللُّمَةُ۔ مثل۔ مانند اللِّئْمُ: لوگوں کے درمیان اتفاق۔ تلوار شَهِدَ
اللُّمَةُ: تین سے لے کر دس تک مردوں کی جماعت۔ ج لُمَاتٌ۔ کہا جاتا ہے "هُوَ لِئَامُهٗ" وہ اس کی مانند ہے۔
اللُّوَامُ۔ حاجت۔
اللَّامَةُ۔ زرہ۔ ج لَامٌ و لُؤَمٌ۔
اللُّؤْمَةُ۔ اوزار کاشت کاری۔ ہر نفیس چیز جس پر بخل کیا جائے۔ دوسروں کے فعل کی نقل کرنے والا۔
اللَّئِيْمُ۔ کمینہ۔ بخیل۔ دَنِيُّ الاصل۔ بہت زیادہ حریص۔ ذلیل۔ ج لِئَامٌ و لُؤَمَاءُ۔
الْمَلْاَمُ والْمِلْاَمُ والْمِلْاَمُ۔ کمینوں کی عذر خواہی کرنے والا۔ ندا کے موقع پر یَا مَلْاَمُ بمعنی یا لئیم کہا جاتا ہے۔
اللَّامَانُ واللُّؤْمَانُ والْمَلْاَمَانُ۔ دنِيُّ الطبع: اور یہ ندا کے لیے مخصوص ہے۔
الْمُلْاَمُ۔ زرہ پہننے والا۔ "رَجُلٌ مُلْاَمٌ" کمینگی کی طرف منسوب مرد۔
الْمُلْئِمُ۔ کمینہ۔ کمینوں کے پاس آنے جانے والا۔
لَاَيَ يَلْاَيُ لَايًا۔ دیر کرنا۔ رکنا۔
اَلْاٰى اِلْآءً۔ سختی میں پڑنا۔
اِلْتَاٰى اِلْتِئَاءً۔ دیر کرنا۔ تنگ گزران والا ہونا۔ مفلس ہونا۔
اللَّاٰى واللَّاٰى واللَّاْوَاءُ۔ سختی۔ رنج و تکلیف۔ اللَّاٰى: ڈھال۔ جنگلی بیل۔ مؤنث لَاةٌ۔ ج اَلْآءٌ۔
لَبَّ (ن) لَبًّا بِالْمَكَانِ: اقامت کرنا — الدَّابَّةَ: جانور کے سینہ پر تنگ باندھنا — اللَّوْزَةَ: بادام توڑ کر گری نکالنا — الرَّجُلَ: سینہ پر مارنا۔

لَبِبَ (س) لَبَبًا و لَبًّا و لُبًّا و لَبَابَةً عقلمند ہونا۔ لَبَّ يَلْبُبُ بھی بیان کیا گیا ہے مگر یہ مضاعف میں نادر ہے۔

لَبَّ (ض س) لَبًّا و لَبَابَةً۔ عقلمند ہونا۔ اور لَبِبْتَ و لَبُبْتَ تَلَبُّ بھی آیا ہے مگر باب فَعَلَ يَفْعَلُ سے اس کے سوا کوئی نہیں اور حقیقت میں یہ باب تداخل سے ہے۔

لَبَّ تَلْبِيبًا الحَبُّ: دانہ کا گودے دار ہونا — فُلَانًا: گریبان پکڑ کر کھینچنا — فِي الْأَمْرِ: تردد کرنا۔

اَلَبَّ بِالْمَكَانِ: اقامت کرنا — عَلَى الْأَمْرِ: لازم ہونا — الدَّابَّةَ: جانور کے سینہ پر تنگ باندھنا — السَّرجَ: زین کا تنگ بنانا — لَهُ الشَّيْئُ: پیش آنا۔ اور کہا جاتا ہے "دَارُ فُلَانٍ تُلِبُّ دَارِي" فلاں کا مکان میرے مکان کے مقابل ہے۔

تَلَبَّبَ لِلْقِتَالِ: مستعد ہونا۔ کمر کسنا — الرَّجُلَانِ: ہر ایک کا دوسرے کے گریبان کو پکڑ کر کھینچنا۔

اِسْتَلَبَّ۔ زَيْدًا: عقل کی آزمائش کرنا۔

اللَّبُّ۔ قریبی مہربان۔ مؤنث لَبَّةٌ۔ ج لِبَاب رَجُلٌ لَبٌّ عَلَى الْأَمْرِ: کام سے لازم رہنے والا مرد و اُمٌّ لَبَّةٌ: مہربان ماں۔

اللُّبُّ۔ ہر چیز کا خالص۔ خالص عقل۔ جو وہم وغیرہ کی آمیزش سے پاک ہو یا تیز فہمی۔ اسلئے لُبّ پر عقل کا اطلاق ہوگا مگر عقل پر لب کا اطلاق ضروری نہیں۔ اللُّبُّ: دل۔ زہر۔ ج اَلْبَاب و اَلُبّ و اَلْبُب (آخری جمع صرف اشعار میں آتی ہے) اللُّبُّ مِنَ الْجَوْزِ وَ اللَّوْزِ و نَحْوِ ذٰلِكَ: بادام اخروٹ وغیرہ کی گری۔ ج لُبُوب۔

اللَّبَّة۔ لَبَّ کا اسم مرۃ۔ سینہ پر ہار پڑنے کی جگہ۔ شوہر کے ساتھ اچھی طرح گزر بسر کرنے والی عورت۔ ج لَبَّات۔

اللَّبَب۔ مص۔ سینہ پر ہار پڑنے کی جگہ۔ سینہ کا اوپر کا حصہ۔ باریک ریت۔ گھوڑے وغیرہ کے سینہ پر باندھنے کا تنگ۔ ج اَلْبَاب۔ اور کہا جاتا ہے "فُلَانٌ فِي لَبَبٍ رَخِيٍّ" فلاں آسودہ حال ہے۔ اللَّبَب: دل۔ کہا جاتا ہے "هُوَ رَخِيُّ اللَّبَبِ" وہ کشادہ دل ہے۔

اللَّبَاب۔ تھوڑی گھاس۔ کہا جاتا ہے "لَبَابِ لَبَاب" کوئی حرج نہیں۔

اللُّبَاب۔ ہر چیز کا خالص۔ برگزیدہ۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ لُبَابُ قَوْمِهِ وَهُمْ لُبَابُ قَوْمِهِمْ وَهِيَ لُبَابُ قَوْمِهَا" فلاں اپنی قوم کا برگزیدہ ہے "حَسَبٌ لُبَابٌ وَعَيْشٌ لُبَابٌ" خالص حسب۔ خالص زندگی۔ لُبَابُ الْجَوْزِ وَ نَحْوِهِ: اخروٹ وغیرہ کی گری۔

اللَّبَابَة۔ لباس جو لڑائی کے وقت کپڑوں پر پہنا جائے۔

اللَّبِيب۔ عقلمند۔ ج اَلِبَّاء مؤنث لَبِيبَة ج لَبِيبَات و لَبَائِب۔ رَجُلٌ لَبِيبٌ: کام سے چمٹے رہنے والا۔ سستی نہ کرنے والا۔ الْبَنَات اَلْبُب۔ دل کی چند رگوں کا نام جو مرکز لطف و مہربانی میں کہا جاتا ہے "اَنَا اُحِبُّكَ مِنْ بَنَاتِ اَلْبُبِي" میں تجھ سے تہ دل سے محبت کرتا ہوں۔ اور اَلْبُب کی جمع اَلَابِب اور تصغیر لُبَيْب۔

التَّلْبِيب۔ مص۔ گریبان ج تَلَابِيب التَّلَبُّب: بتکلف عقل کا اظہار۔

الْأُلْبُوب۔ بیر کی گٹھلی۔ کہا جاتا ہے "لَبَّيْكَ" میں حاضر ہوں۔ میں موجود ہوں میں تمہاری طاعت پر قائم ہوں۔ تثنیہ تاکید کے لیے ہے اور نصب مفعول مطلق ہونے کی وجہ سے۔ اور اس کی اصل اُلِبُّ لَكَ اِلْبَابًا بَعْدَ اِلْبَابٍ ہے۔

المَلْبُوب۔ جودت عقل سے متصف۔

المُتَلَبَّب۔ سینہ پر ہار پڑنے کی جگہ۔

لَبِيبَة۔ بغیر آستینوں کی قمیص۔

لَبَأَ (ف) لَبْأً الشَّاةَ: بکری کی پیوسی دوہنا۔ لَبَأَتِ الْأُمُّ وَلَدَهَا: ماں کا بچے کو پیوسی پلانا۔ لَبَأَ الزَّرْعَ: پہلی بار پانی دینا — وَ اَلْبَأَ الْقَوْمَ: پیوسی کھلانا — اللِّبَأَ: پیوسی تیار کرنا اَلْبَأَتِ الشَّاةُ: پیوسی اتارنا — الجَدْيُ: بکری کے بچہ کا خود پیوسی پی لینا۔ اَلْبَأَ الْقَوْمُ: بہت پیوسی والا ہونا — الفَصِيلَ: پیوسی پینے کے لیے تھن سے لگا دینا۔

لَبَّأَتْ تَلْبِئَةً۔ الشَّاةُ: بکری کے تھن میں پیوسی اترنا۔ صفت مُلَبِّئٌ۔ لَبَّأَ۔ الْحَجَّ: لَبَّيْكَ اللّٰهُمَّ لَبَّيْكَ کہنا (مانند لَبَّى يُلَبِّي ناقص یائی کے۔ اور اصل میں ہمزہ نہیں بلکہ یا ہے)

اِلْتَبَأَ۔ الشَّاةَ: بکری سے پیوسی دوہنا — اللِّبَأَ: پیوسی پینا (— واِسْتَلْبَأَ) الجدْی الشَّاةَ: پیوسی پینا۔

اللِّبَأ۔ پیوسی۔ کھیس۔

اللَّبْأَة و اللَّبَاءَة و اللَّبْؤَة و اللَّبْوَة و اللَّبَوَة و اللِّبْوَة و اللَّبَة و اللَّبَاة و اللَّبُ شیرنی۔ ج لَبَآت و لَبَا و لَبُوء و لَبُوَات۔

لَبَتَ (ن) لَبْتًا يَدَهُ: ہاتھ اینٹھنا۔ مروڑنا — فُلَانًا: کسی کے سینہ' پیٹ' کمر پر لاٹھی سے مارنا۔

لَبِثَ (س) لَبْثًا و لُبْثًا و لَبَثًا و لَبَاثًا و لُبَاثًا و لَبَاثَةً و لَبَثَانًا و لَبِيثَةً۔ بِالْمَكَانِ: ٹھہرنا۔ اقامت کرنا اور کہا جاتا ہے "مَا لَبِثَ اَنْ فَعَلَ كَذَا" اس نے ایسا کرنے میں تاخیر نہیں کی۔

لَبَّثَ و اَلْبَثَ فُلَانًا فِي الْمَكَانِ: ٹھہرانا۔ مقیم کرانا۔

تَلَبَّثَ بِالْمَكَانِ: ٹھہرنا۔

اِسْتَلْبَثَ۔ سست پانا۔ سست سمجھنا۔

اللَّابِثُ و اللَّبِثُ بِالْمَكَانِ: اقامت گزیں۔ ٹھہرنے والا۔

اللُّبْثَة۔ تھوڑی دیر۔

اللَّبِيثَة۔ مص۔ مختلف قبائل کی جماعت۔ ج لَبَائِث۔

لَبَجَ (ن) لَبْجًا بِهِ الْأَرْضَ: زمین پر پٹک دینا اور پچھاڑ دینا۔ اور کہا جاتا ہے "لُبِجَ بِالرَّجُلِ او البَعِيرِ" یعنی مرض یا تھکن کی وجہ سے گر پڑنا۔ صفت لَبِيج — هُ بِالْعَصَا: لاٹھی سے مارنا۔

اللُّبْجَة و اللَّبَجَة۔ شاخ دار لوہا جس سے بھیڑیئے کو شکار کیا جاتا ہے۔ ج لَبَج و لُبَج۔

اللَّبَاج۔ بیوقوف۔ کمزور عقل والا۔

لَبِحَ (س) لَبَحًا و لَبِحَ و اَلْبَحَ الرَّجُلُ: بڈھا ہونا۔

اللَّبِح۔ بوڑھا۔ عمر رسیدہ۔ بہادری۔

لَبَخَ (ف) لَبْخًا فُلَانًا: مارنا۔ گالی دینا۔ قتل کرنا — الرَّجُلُ: پکڑنے کے لیے حیلہ کرنا — الشَّيْئَ: لینا — لَبُخَ (لُبُوخًا) جَسَدُهُ: بہت گوشت والا ہونا۔ صفت لَبِيخ۔

لَابَخَهٗ لِبَاخًا و مُلَابَخَةً۔ باہم طمانچہ مارنا۔ باہم مارپیٹ کرنا۔

تَلَبَّخَ۔ مشک لگانا۔

اللَّبَخ۔ ایک درخت ہے جس کے پتے اخروٹ کے پتوں کے مانند ہوتے ہیں۔ واحد لَبَخَة۔

اللَّبِيْخ۔ زیادہ گوشت والا۔

اللَّبِيْخَة۔ مشک کا نافہ۔

لَبَدَ(ن) لُبُوْدًا بِالْمَكَانِ: اقامت کرنا۔ القَوْمُ بالرَّجُل: لازم ہونا — بِالشَّيْءِ: چمٹنا — الشَّيْءَ بِالشَّيْءِ: گتھ جانا — الثَّوْبَ: کپڑے میں پیوند لگانا۔

لَبِدَ(س) لَبَدًا بِالْمَكَانِ: اقامت کرنا۔

لَبَدَ(ض) لَبْدًا الصُّوْفَ: اون دھنک کر پانی میں تر کر کے نمدہ بنانا — لَبَّدَ۔ الصُّوْفَ بمعنی لَبَدَهٗ — الكِسَاء: پیوند لگانا — الشَّيْءُ: نمدہ جیسا ہونا — المَطَرُ الأَرْضَ: تر کرنا — شَعْرَه: لیس دار چیز یا گوند سے چپکانا۔

أَلْبَدَ بِالْأَرْضِ: چمٹ جانا — بِالْمَكَانِ: اقامت کرنا — السَّرْجَ: زین کے لیے نمدہ بنانا — الفَرَسَ: گھوڑے پر نمدہ باندھنا۔ الشَّيْءَ بِالشَّيْءِ: چپکانا — الرَّجُلُ رَاسَهٗ: دروازہ میں داخل ہونے کے وقت سر جھکانا — الخَرْقَ: پیوند لگانا — بَصَرُ الْمُصَلِّي: سجدہ گاہ میں نگاہ ہونا۔

تَلَبَّدَ الصُّوْفُ ونَحْوُه: نمدہ بننا — الطَّائِرُ بِالْأَرْضِ: پرندہ کا زمین پر بیٹھنا۔ الرَّجُلُ: دیکھ کر معلوم کرنا۔ تَلَبَّدَتِ الْأَرْض بِالْمَطَرِ: بارش کی وجہ سے زمین کا ٹھوس ہونا۔

اِلْتَبَدَ الوَرَقُ ونَحْوُهٗ: آپس میں چمٹنا۔ — الشَّجَرَةُ: بہت پتوں والا ہونا۔

اللَّبْد۔ مص۔ نمدہ۔ کہا جاتا ہے "مَالَهٗ سَبَدٌ وَلَا لَبَدٌ" اس کے پاس نہ بال ہے نہ اون یعنی نہ قلیل ہے نہ کثیر۔

اللَّبِد۔ تہ بتہ شدہ بال۔

اللَّبِد و اللُّبَد۔ جو سفر نہ کرے اور ہمیشہ گھر ہی میں رہے۔ کہا جاتا ہے "مَالٌ لُبَدٌ" یعنی بہت مال گویا کہ ایک پر ایک جمع ہے۔ اَبُوْلُبَدٍ: شیر۔

اللِّبْد۔ بال یا اون تہ بتہ شدہ۔ اون کا بچھونا۔ نمدہ ج لُبُوْد و اَلْبَاد۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ لَا يَجِفُّ لِبْدُه" فلاں کا عرق گیر خشک نہیں ہوتا یعنی وہ ہمیشہ سفر میں رہتا ہے۔

اللُّبَّادَة۔ اون کی ایک چیز جو سر پر پہنی جاتی ہے یا نمدے کی قبا۔

اللِّبْدَة۔ تہ بتہ جما ہوا بال یا اون۔ کپڑے کا ٹکڑا جس سے کرتے کے سامنے کا پیوند لگایا جائے۔ ران کا اندرونی حصہ۔ ٹڈی۔

اللُّبْدَة۔ تہ بتہ جما ہوا بال یا اون۔

اللِّبْدَة و اللُّبْدَة: شیر کے ایال۔ ج لِبَد و لُبَد و اَلْبَاد و لُبُوْد۔

اللَّابِد۔ فا۔ شیر۔ کہا جاتا ہے "مَالٌ لَابِدٌ" یعنی بہت مال۔

اللَّبَّاد۔ نمدے بنانے والا۔

اللَّبُوْد۔ چیچڑی۔

اللَّبِيْد۔ توبرہ۔ چھوٹا بورا (— واللُّبَادَیٰ واللُّبَّادَیٰ واللُّبَّدَیٰ) ایک قسم کا پرندہ۔ جو بغیر اڑائے نہیں اڑتا اور ہر وقت زمین ہی سے چمٹا رہتا ہے۔ اللُّبَّدَیٰ: جمع شدہ لوگ۔

المُلْبِد۔ فا۔ زمین پر چپک دینے والا۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ مُلْبِد" ای فَقِيْرٌ مُدْقِعٌ یعنی بہت زیادہ فقیر ہے۔ شیر۔ زمین سے چمٹنے والا۔

المَلْبُوْد و المُلْبَد و المُلَبَّد۔ پیوند لگا ہوا تَيْسٌ مَلْبُوْد: ٹھوس گوشت والا بکرا۔

لَبَزَهٗ(ض) لَبْزًا۔ بہت سخت مارنا۔ لَبَزَ الشَّيْءَ: بہت تیز کھانا۔ توڑنا — فُلَانًا: عیب لگانا۔ برا لقب دینا۔ پیٹھ پر ہاتھ سے مارنا۔

لَبَسَ(ض) لَبْسًا عَلَيْهِ الْأَمْر: مشتبہ کر دینا۔ گڑبڑ کر دینا۔

لَبَسَه(ن) لَبْسًا۔ شبہ میں ڈال دینا۔ تم کہتے ہو "لَبَسَنِي" یعنی اس نے ایسا کر دیا کہ میں اپنے معاملہ میں شبہ میں پڑ گیا۔

لَبِسَ(س) لُبْسًا الثَّوْبَ: کپڑا پہننا۔ فُلَانًا: مدت تک کسی کی معاشرت و مصاحبت سے فائدہ اٹھانا — فُلَانًا عَلٰی مَافِيْهِ: برداشت کرنا۔ قبول کرنا۔ اور کہا جاتا ہے "لَبِسْتُ عَلٰی ذٰلِكَ أُذُنِيْ" یعنی میں بتکلف بہرا بن گیا اور میں نے گفتگو نہیں کی "وَلَبِسْتُ لِفُلَانٍ أُذُنِيْ" یعنی میں نے اس سے تغافل برتا۔

لَبَّسَ عَلَيْهِ الْأَمْرَ: خلط ملط کرنا — الشَّيْءَ: عیب چھپانا۔

أَلْبَسَهٗ۔ چھپانا۔ پوشیدہ کرنا — ہُ الثَّوْبَ: کپڑا پہنانا۔

لَابَسَهٗ۔ ملانا۔ اندرونی حالت معلوم کرنا لَابَسَ الْأَمْرَ: ہمیشہ کرنا۔

تَلَبَّسَ بِالْأَمْرِ و بِالثَّوْبِ: کام میں لگنا۔ کپڑا پہننا — الطَّعَامُ بِالْيَدِ: چپکنا۔ تَلَبَّسَ بِيْ الْأَمْرُ: تعلق ہونا — عَلَى الْأَمْرِ: مشتبہ ہونا۔ دشوار ہونا۔ کہا جاتا ہے "تَلَبَّسَ حُبُّهٗ بِدَمِيْ" اس کی محبت میرے خون میں پیوست ہو گئی" و تَلَبَّسَ لِبَاسًا حَسَنًا" عمدہ لباس پہننا۔

اِلْتَبَسَ عَلَيَّ الْأَمْرُ: مشتبہ ہونا۔ دشوار ہونا۔ واِلْتَبَسَ بِعَمَلِ كَذَا: ملانا۔ اِلْتَبَسَتْ بِهِ الْخَيْلُ: لاحق ہونا۔

اللَّبْس و اللُّبْس واللُّبْسَة والاِلْتِبَاس واللَّبُوْسَة واللُّبُوْسَة۔ شبہ۔ دشواری۔ عدم وضاحت۔ اللَّبْس واللُّبْس: تاریکی کا ملنا۔ اللُّبْس: ایک قسم کا کپڑا۔

اللِّبْس۔ لباس۔ ج لُبُوْس۔ لِبْسُ الْهَوْدَجِ و نَحْوِهٖ: ہودہ کا کپڑا۔ کھال اور گوشت کے درمیان جو باریک سی جھلی ہوتی ہے اس پر بھی لِبْس کا اطلاق ہوتا ہے۔

اللِّبَاس۔ جو کپڑا پہنا جائے ج لُبُس و اَلْبِسَة شوہر و بیوی۔ مختلط ہونا۔ اجتماع۔ لِبَاسُ الزَّهْرِ: کلی کا غلاف۔ لِبَاسُ التَّقْوٰی: حیا۔ ستر عورت وغیرہ۔

اللِّبْسَة۔ ایک قسم کا کپڑا۔ لَبِسَ کا اسم نوع۔

اللَّبُوْس۔ لباس۔ زرہ۔ بہت پہننے والا۔

اللَّبِيْس۔ کپڑا۔ قَمِيْصٌ لَبِيْسٌ: بہت پہننے سے پرانا کرنا۔ مثل و نظیر۔

التَّلْبِيْس۔ مص۔ کتمان حقیقت۔ اخفاء حقیقت۔

اللَّبَّاس۔ بہت لباس پہننے والا۔ بہت خلط ملط کرنے والا۔

المَلْبَس و المِلْبَس۔ لباس۔ ج مَلَابِس

المِلْبَس :رات۔
المُلَبَّس مفع — عِنْدَ الْمُولّدِيْنَ : بادام وغیرہ جس پر شکر چڑھائی گئی ہو۔
لَبَطَ (ض ن) لَبْطًا بِفُلَانٍ الْأَرْضَ :زمین پر پٹک دینا۔ پچھاڑ دینا۔ لُبِط بِه :گرایا جانا۔ کسی مرض یا کسی اچانک معاملہ کے پیش آجانے کی وجہ سے گر پڑنا۔ زکام والا ہونا۔
لَبَطَ (ض) لَبْطًا و تَلَبَّط و اِلْتَبَطَ۔ البَعِيْرُ او البغلُ :اُونٹ یا خچر کا زمین پر لات مارنا' دوڑنے میں لات پٹکنا۔ اِلْتَبط و تَلَبَّطَ الرَّجُل :زمین پر لوٹنا۔ مضطرب ہونا۔ متحیر ہونا — فِي الْاَمْرِ : کوشش کرنا۔ حیلہ کرنا۔
اللَبْطَه۔ لَبَط کا اسم مرۃ۔ زکام۔
اللَبَطَة۔ اِلْتِبَاط کا اسم۔ لنگڑے کی دوڑ۔
الاَلْبَاط۔ کھالیں۔ واحد لَبَط۔
المَلْبُوْط۔ مفع۔ رَجُلٌ مَلْبُوْطٌ بِهِ :اپنے کام میں متحیر مرد۔
اللَبْع۔ رائیگاں۔
لَبَقَ (ن) لَبْقًا و لَبَّقَ الشَّئَ :نرم کرنا۔
لَبِقَ (س) لَبَقًا و لَبُقَ (ک) لَبَاقَةً۔ حاذق ہونا۔ ذہین ہونا۔ نرم اخلاق والا ہونا۔ لَبَقَ و لَبَّقَ الثَّوْبُ و نَحْوُهُ بِفُلَانٍ :چپکنا۔
اللَبِق و اللَبِيْق۔ نرم اخلاق والا۔ پاکیزہ اخلاق والا۔ ذکی۔ ذہین۔ مؤنث لَبِقَةٌ و لَبِيْقَةٌ۔
لَبَكَ (ن) لَبْكًا و لَبَّكَ الْاَمْرَ او الشَّئَ ملانا — الثَّرِيْدَ : کھانے کیلئے جمع کرنا — القَوْمُ بَيْنَ الشَّاءِ :بکریوں کو ملا دینا۔
لَبِكَ (س) لَبَكًا و اِلْتَبَكَ و تَلَبَّكَ الْاَمْرُ : گڑبڑ ہونا۔ مشتبہ ہونا۔
اَلْبَكَ۔ فحش کلامی کرنا۔ گفتگو میں غلطی کرنا۔
اللَبْک و اللَبْكَة۔ مخلوط چیز۔ اَمْرٌ لَبِكٌ و لَبِيْكٌ۔ گڑبڑ معاملہ۔ مشتبہ معاملہ۔
اللَبْكَة۔ ثرید کا ایک لقمہ۔ ثرید کا ایک حصہ۔
اللُبَاكَة و اللَبِيْكَة۔ جماعت۔ کہا جاتا ہے "وَقَعَ فِي لَبْكَةٍ و لَبِيْكَةٍ" یعنی وہ گڑبڑ میں پڑ گیا۔
لَبْلَبَتِ الْمَرْاَةُ بِوَلَدِهَا : عورت کا بچے سے لاڈ پیار کرنا۔ مہربان ہونا — الشَّاةُ بِوَلَدِهَا بَعْدَ الْوَضْعِ :بکری کا بچے کو جننے کے بعد ہونٹوں سے چاٹنا اور مہربان ہونا۔ لَبْلَبَ الْقَوْمُ :قوم کا متفرق و پراگندہ ہونا۔
اللَبْلَب و اللُبْلُب۔ اپنے لوگوں سے مہربانی کرنے والا۔ اپنے پڑوسیوں سے اچھا سلوک کرنے والا۔
لَبَالِبُ الْغَنَمِ :بکریوں کا شور اور ان کی آواز۔
اللَبْلَاب۔ عشق پیچہ (ایک پھول دار بیل جو جھاڑیوں پر پھیلتی ہے' اس کا پتہ لوبیا کے پتہ کے مشابہ ہوتا ہے)
لَبِمَ (س) لَبَمًا۔ کندھوں کا مختلف ہونا۔
لَبَنَ (ن ض) لَبْنًا الرَّجُلَ : دودھ پلانا۔ فُلَانًا بِالْعَصَاءِ : سخت لاٹھی مارنا (لَبَن (ض) لَبْنًا) الرَّجُلُ :بہت کھانا۔
لَبِنَ (س) لَبَنًا الرَّجُلُ : تکیہ کی وجہ سے درد گردن والا ہونا — الشَّاةُ : بکری کا دودھ والی ہونا۔
اَلْبَنَ الْقَوْمُ : بہت دودھ والی ہونا۔ صفت لَابِنُوْنَ و مُلْبِنُوْنَ — النَاقَةُ : تھن میں دودھ اُترنا — الرَّجُلُ :تَلْبِيْنَه بنانا (دیکھئے تَلْبِيْنَه)
لَبَّنَ۔ اینٹ بنانا۔ فیصلے کرنے کے لیے مجلس بنانا — الشَّئَ :چوکور بنانا۔
تَلَبَّنَ الرَّجُلُ :دیر کرنا۔
اِلْتَبَنَ۔ اپنا دودھ چوسنا۔
اِسْتَلْبَنَ۔ دودھ طلب کرنا۔
اللَبَن۔ مص۔ دودھ ج اَلْبَان۔ تھوڑے سے کو لَبَنَة کہتے ہیں۔ لَبَنُ الشَّجَرَةِ :درخت کا دودھ۔
اللَبِن و اللِبِن و اللِبْن۔ کچی اینٹیں۔ واحد لَبِنَة۔
اللَبِن و اللَبُوْن۔ دودھ کا خواہش مند۔ دودھ پینے والا۔ لَبِنُ الْقَمِيْصِ :کرتے کی کلی۔ مَجْلِسٌ لَبِنٌ :فیصلے کی مجلس۔ اللَبِنَةُ و اللَبِيْنَةُ :دودھ والی۔
اللَبَان۔ سینہ یا دونوں پستان کا درمیان اور اکثر استعمال گھوڑے وغیرہ کے سینے کیلئے ہوتا ہے۔
اللِبَان۔ دودھ پلانا۔ کہا جاتا ہے هُوَ اَخُوْهُ بِلِبَانِ اُمِّهِ اور بِلَبَنِ اُمِّهِ نہیں کہا جاتا۔
اللُبَان۔ صنوبر۔ کندر۔ ایک قسم کا گوند جو دھونی کے کام میں آتا ہے۔
اللُبَانَة۔ حاجت۔ ضرورت۔ ج لُبَانَات و لُبَان۔
لُبْنَان۔ ملک شام کا ایک پہاڑ جس کی چوٹی پر ہمیشہ برف رہتی ہے۔
اللَابِن۔ فا۔ دودھ والا۔ زیادہ دودھ والا' دودھ پلانے والا۔ مؤنث لَابِنَة ج لَابِنَات لَوَابِن۔
اللَوَابِن :تھن۔
اللَبُوْن و اللَبُوْنَة۔ دودھ والی۔ ج لِبَان و لِبْن و لُبْن و لُبُن و لَبَائِن۔ کہا جاتا ہے "كَمْ لُبْنُ غَنَمِكَ" تمہاری بکریوں میں کتنی دودھ والی ہیں۔
اللَبِيْن۔ دودھ سے پرورش پایا ہوا۔ دودھار۔ مؤنث لَبِيْنَة کرتے کی کلی۔
اللُبْنٰى۔ ایک درخت ہے جس سے شہد کی مانند دودھ نکلتا ہے اور کبھی اس سے دھونی کا کام لیا جاتا ہے عَسَلُ اللُبْنٰى : لُبْنٰى درخت کا دودھ۔
اللَبَّان و المُلَبِّن۔ اینٹیں بنانے والا۔
التَلْبِيْن و التَلْبِيْنَة۔ بھوسی دودھ شہد سے بنا ہوا حریرہ۔
المِلْبَن۔ دودھ صاف کرنے کا چھنا۔ دودھ دوہنے کا برتن۔ اینٹ بنانے کا سانچہ۔ کچی اینٹوں کو جس میں رکھ کر ایک جگہ سے دوسری جگہ لے جائیں۔
المَلْبُوْن۔ دودھ سے پرورش پایا ہوا۔ دودھ پینے سے جس کو نشہ جیسا ہو۔
المِلْبَنَة۔ چمچہ۔
عُشْبٌ مَلْبَنَةٌ۔ زیادہ دودھ والی گھاس۔
اللَبْوَة و اللَبُوَة۔ شیرنی' اس کو لَبُؤَة اور لَبَاءَةٌ اور لَبْاَةٌ بھی کہا جاتا ہے (لَبَاَ کے مادہ میں ذکر ہو چکا ہے)
لَبِيَ يَلْبَى لَبْيًا مِنَ الطَّعَامِ :بہت کھانا۔
لَبَّى تَلْبِيَةً الرَّجُلَ :جواب دینا۔ لَبَّيْكَ کہنا۔ کہا جاتا ہے "بَيْنَهُمُ الْمُلْتَبِيَة" ان کے درمیان ایسی موافقت ہے کہ ان میں سے کوئی اپنے راز کو دوسرے سے نہیں چھپاتا۔
لَتَّ (ن) لَتًّا۔ الشَّئَ : کوٹنا۔ ریزہ ریزہ کرنا۔ پیسنا۔ باندھنا — السَّوِيْقَ : ستو کو پانی سے تر کرنا۔ گھی ملانا — المَاءُ الثِّيَابَ وغَيْرَهَا : تر کرنا۔ صفت لَاتٌّ۔
لُتَّ فُلَانٌ بِفُلَانٍ :چمٹنا۔

اَلَتَّ- الطَّائِرُ : پرندہ کا اپنے سر کو پروں میں چھپانا۔

اللّاتُ و اللّاتُّ۔ زمانۂ جاہلیت کے ایک بت کا نام۔

اَللَّتُّ۔ مص۔ کلہاڑی۔ بڑا کلہاڑا۔

اللُّتَات۔ درخت کی چھال جو باریک کی جائے۔ کہا جاتا ہے "مَا اَبْقٰی مِنِّی الْمَرَضُ اِلَّا لُتَاتًا" مرض نے مجھ میں سوائے خشک کھال کے کچھ نہیں چھوڑا۔

لَتَاَ (ف) لَتْأً۔ فُلَانًا فِیْ صَدْرِہٖ : دھکا دینا۔ کہا جاتا ہے "لَتَاَتْ بِهٖ اُمُّهٗ" اس کی ماں نے اس کو جنا —— ہٗ بِحَجَرٍ : پتھر مارنا۔ لَتَاَ اِلَیْهِ بِعَیْنِهٖ : گھورنا۔ تیز نظر سے دیکھنا —— الشَّیْئَ : کم کرنا —— الْجَارِیَةَ : جماع کرنا۔ لَتَاَ : گوز کرنا۔

اللَّتِیْئُ۔ ہمیشہ اپنی جگہ پر رہنے والا۔

لَتَبَ (ن) لَتْبًا و لُتُوْبًا بِهٖ : چپکنا —— فِیْهِ : ثابت رہنا —— فِیْ مَنْحَرِ النَّاقَةِ : بھالا مارنا (—— و لَتَّبَ) السَّرْجَ عَلَی الْفَرَسِ : زین کسنا۔ اور کہا جاتا ہے "لَتَبَ عَلَیْهِ ثَوْبَهٗ" جب کہ کپڑا پہنے اور اُتارنا نہ چاہے۔

اَلْتَبَ عَلَیْهِ الْاَمْرَ : واجب کرنا۔

تَلَاتَبَ الْقَوْمُ : قوم کا باہم ملنا —— بِالرِّمَاحِ : ایک دوسرے کو نیزہ مارنا۔

اِلْتَتَبَ۔ الثَّوْبَ : کپڑا پہننا۔

اللَّاتِبُ۔ چپکنے والا۔ ثابت رہنے والا۔

المِلْتَب۔ ہمیشہ گھر میں رہنے والا۔ گوشہ نشین۔

المَلَاتِب۔ پرانے کپڑے۔

لَتَحَهٗ (ف) لَتْحًا۔ کنکری مار کر چہرہ یا جسم کو زخمی کرنا —— ہٗ بِبَصَرِہٖ : نگاہ ڈالنا —— فُلَانًا : سب کچھ لے لینا کچھ باقی نہ چھوڑنا —— الْجَارِیَةَ جماع کرنا۔ لَتَحَهٗ بِیَدِہٖ : ہاتھ سے مارنا۔

لَتِحَ (س) لَتَحًا۔ بھوکا ہونا۔ صفت لَتْحَان مؤنث لَتْحٰی۔

رَجُلٌ لَتِحٌ و لَاتِحٌ و لُتَاحٌ و لُتَحَةٌ۔ چالاک عقل مند ج لِتَاح۔ کہا جاتا ہے "هُوَ اَلْتَحُ شِعْرًا مِنْهُ" وہ بہ نسبت اس کے معانی پر زیادہ قابو یافتہ ہے۔

لَتَخَهٗ (ف) لَتْخًا۔ آلودہ کرنا —— الشَّیْئَ : پھاڑنا۔

تَلَتَّخَ بِالشَّیْئِ : آلودہ ہونا۔

لَتَدَ (ض ن) لَتْدًا فُلَانًا بِیَدِہٖ : مکا مارنا۔

لَتَزَهٗ (ض ن) لَتْزًا مکا مار کر دفع کرنا۔

لَتَغَ (ف) لَتْغًا فُلَانًا : ڈسنا —— ہٗ بِیَدِہٖ : ہاتھ سے مارنا۔

اللَّتْلَتَة۔ جھوٹی قسم۔

لَتَمَهٗ (ن ض) لَتْمًا۔ مارنا۔ نتھنے پر نیزہ مارنا۔ لَتَم السَّهْم : تیر پھینکنا —— ہٗ بِسَهْمٍ : تیر مارنا —— فُلَانٌ بِشَفْرَتِهٖ فِیْ لَبَّةِ بَعِیْرِہٖ : اونٹ کے لبے پر چھری چلانا۔ لَتَمَتِ الْحِجَارَةُ رِجْلَ الْمَاشِیْ : پتھروں کا چلنے والے کے پیر کو زخمی کرنا۔

اللَّتْم۔ زخم۔

اللَّتِن۔ میٹھا۔

اللَّتْنَة۔ سیبی۔

اَلَّتِیْ و اَلَّتِ و اللَّتْ۔ الَّذِیْ کا مؤنث ج اللَّاتِیْ و اللَّاتِ و اللَّوَاتِیْ و اللَّوَاتِ و اللَّوَا و اللَّائِیْ و اللَّاءِ و اللَّاءَات اور تثنیہ کے لیے اللَّتَانِ و اللَّتَانِّ۔ تشدید نون کے ساتھ۔ و اللَّتَا بغیر نون کے حالت رفعی میں و اللَّتَیْنِ حالت نصبی و جری میں۔

اللَّتَیَّا و اللُّتَیَّا۔ اَلَّتِیْ کی تصغیر اور تثنیہ کی صورت میں اللَّتَیَّانِ و اللُّتَیَّانِ اور جمع کیلئے اللَّتَیَّات و اللُّتَیَّات۔ کہا جاتا ہے۔ "وَقَعَ فِی اللَّتَیَّا و الَّتِیْ" یعنی بڑی بڑی مختلف مصیبتوں میں پڑ گیا۔ "وَبَعْدَ اللَّتَیَّا وَالَّتِیْ صَارَ کَذَا" یعنی بہت جھگڑوں کے بعد ایسا ہوا۔

لَثَّ (ن) لَثًّا و اَلَثَّ بِالْمَکَانِ : اقامت کرنا —— الْمَطَرُ : چند روز تک برسنا —— عَلَیْهِ : اصرار کرنا و لَثَّ الشَّجَرُ : درخت کو تری پہنچنا۔

اللَّثُّ۔ مص۔ تری۔

لَثَاَ (ف) لَثْأً الْکَلْبُ : کتے کا منہ ڈالنا۔

اَللَّثَأُ۔ وہ چیز جو درخت سے ٹپکے یا بہے۔

لَثَدَ (ض) لَثْدًا۔ الْمَتَاعَ : سامان تہ بہ تہ رکھنا۔

اللِّثْدَة۔ جماعت جو مقیم ہو اور کوچ نہ کرے۔

لَثَطَ (ض) لَثْطًا فُلَانًا : آہستہ آہستہ مارنا۔ ہٗ : آہستہ سے پھینکنا۔ آہستہ آہستہ تھپکی دینا۔

اللَّثْغَة۔ دانت کی جڑوں سے ہونٹ کا ملا ہوا حصہ۔

اللَّثْغ۔ ہکلا۔ مؤنث لَثْغَاء۔ ج لُثْغ۔

لَثِغَ (س) لَثَغًا و تَلَاثَغَ۔ ہکلا پن ہونا۔ صفت اَلْثَغ۔ مؤنث لَثْغَاء ج لُثْغ۔

اللُّثْغَة۔ سین کی جگہ میں ثاء۔ راء کی جگہ میں غین یا لام وغیرہ بولنا۔ ہکلا پن۔

اللَّثْغَة۔ منہ۔

لَثِقَ (س) لَثَقًا الْیَوْمُ : بند ہوا والا۔ اور نمناک ہونا —— الْمُسَافِرُ : کیچڑ میں پڑنا —— ثِیَابُهٗ : کپڑوں کا تر ہونا —— الطَّائِرُ : پروں کا تر ہونا۔ صفت : لَثِقٌ۔

لَثَّقَ الشَّیْئَ : خراب کرنا۔ فاسد کرنا۔ تباہ کرنا۔

اَلْثَقَ الشَّیْئَ : تر کرنا۔

اِلْتَثَقَ و تَلَثَّقَ۔ تر ہونا۔

اللَّثَقُ۔ تری۔ کیچڑ۔ گارا۔ کہا جاتا ہے "مَشَیْنَا فِیْ لَثَقٍ" ہم کیچڑ میں چلے۔

اللَّثِقُ۔ چپکنے والی مٹی "یَوْمٌ لَثِقٌ" بند ہوا اور نمناک دن۔

اللَّمْحُ۔ مص۔ کہا جاتا ہے "لَاُرِيَنَّكَ لَمْحًا بَاصِرًا" میں تم کو صاف و روشن معاملہ دکھاؤں گا۔ اکثر اس کا استعمال وعید کے موقع پر ہوتا ہے۔

اللَّمْحَةُ۔ جلدی کی نگاہ۔ اسم ہے لمح کا۔ مَلَامِح کا واحد۔ کہا جاتا ہے "رَاَيْتُهٗ لَمْحَةَ الْبَرْقِ" میں نے اس کو دیکھا اتنی دیر جتنی دیر میں ایک مرتبہ بجلی چمکتی ہے۔

اللَّامِحُ۔ فا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ لَامِحٌ عِطْفَيْهِ" یعنی وہ خود پسند ہے۔ اَبْيَضُ لَمَّاحٌ۔ بہت زیادہ سفید۔

الْمَلَامِحُ۔ مشابہ۔ چہرے کے خط و خال۔ لمحہ کی جمع۔ کہا جاتا ہے "فِيْ فُلَانٍ لَمْحَةٌ مِنْ اَبِيْهِ او مَلَامِحُ مِنْ اَبِيْهِ" فلاں میں اس کے باپ کی مشابہت ہے۔

لَمَخَهٗ (ف) لَمْخًا۔ طمانچہ مارنا۔

لَامَخَهٗ مُلَامَخَةً و لِمَاخًا۔ ایک دوسرے کو طمانچہ مارنا۔

تَلَمَّخَ بِكَلَامٍ قَبِيْحٍ: بری گفتگو کرنا۔

لَمَدَهٗ (ن) لَمْدًا۔ فروتنی کرنا۔ انکساری کرنا۔

اَلْاَلْمَدُ واللُّمْذَانُ۔ عاجز۔ ذلیل۔

لَمَذَ(ن)لَمْذًا۔ مُنہ کے اطراف سے کھانا(لمج میں ایک لغت ہے)

لِمَاذَا۔ کلمہ مرکب ہے لام تعلیل اور ما استفہامیہ اور ذا اسم اشارہ ہے۔

لَمَزَهٗ (ن ض) لَمْزًا۔ عیب لگانا۔ آنکھ سے اشارہ کرنا۔ ہٹانا۔ مارنا۔ لَمَزَهُ الشَّيْبُ : بڑھاپا ظاہر ہونا۔

لَامَزَهٗ۔ اشارہ کنایہ سے گفتگو کرنا۔

تَلَمَّزَهٗ۔ ڈھونڈنا۔ تَلَمَّزَ فِي السَّيْرِ : دوڑنا۔

اللَّمَّازُ و اللُّمَزَة۔ لوگوں کے عیوب نکالنے والا۔ سامنے عیب بیان کرنے والا۔ اللَّمَّاز : چغل خور۔

اللُّمَّاز۔ سامنے غیبت کرنے والے۔

لَمَسَهٗ(ن ض)لَمْسًا چھونا۔ لَمَسَ الشَّيْئَ : طلب کرنا — الشَّيْئُ : چھونے کے قابل ہونا — الْمَرْأَةَ : جماع کرنا — زَيْدًا اِمْرَأَةً : نکاح کرا دینا۔ کہا جاتا ہے "لَهٗ شُعَاعٌ يَكَادُ يَلْمُسُ الْبَصَرَ" اس کیلئے شعاع ہے جو نگاہ کو چکاچوند کر دے۔

لَامَسَهٗ۔ ایک دوسرے کو چھونا۔ جماع کرنا۔

اَلْمَسَ فُلَانًا : ڈھونڈنے میں مدد کرنا۔

زَيْدًا اِمْرَأَةً : نکاح کرا دینا۔

تَلَمَّسَ الشَّيْئَ : بار بار طلب کرنا۔

اِلْتَمَسَ الشَّيْئَ مِنْ فُلَانٍ : مانگنا۔ طلب کرنا۔

اَللَّمَاسَةُ و اللُّمَاسَة۔ قریبی حاجت۔

اللَّمْس۔ مص حواس خمسہ ظاہرہ میں ایک حاسہ جس سے حرارت و برودت، رطوبت یبوست معلوم ہوتی ہے۔

اللَّمِيْس۔ نازک بدن عورت۔

اللَّمُوْس۔ مُنہ بولا بیٹا یا جس کے حسب میں عیب ہو۔ کہا جاتا ہے كَوَاهُ لَمَاسٍ او كَوَاهُ الْمُتَلَمِّسَةَ یعنی مرض کی جگہ میں داغ لگا۔

الْمُلَامَسَة۔ مص — فِي الْبَيْعِ : کپڑے چھو کر بیع کو واجب سمجھنا۔

الْمَلْمَس۔ چھونا۔ چھونے کی جگہ۔

الْمَلْمُوْس۔ مفع۔ کہا جاتا ہے "اِكَافٌ مَلْمُوْسُ الْاَحْنَاءِ" پالان جس کی کجی وغیرہ ہموار کر دی گئی ہو۔

الْمَلْمُوْسَات۔ قوۃ لامسہ کے مدرکات۔ اوائل محسوسات۔

اللَّمُوْسَة۔ راستہ۔

صَحِيْفَةُ الْمُتَلَمِّس۔ بدبختی کیلئے مثل ہے۔ اس لئے کہ خط میں یہ لکھا ہوا تھا کہ جب متلمس آئے تو اس کو قتل کر دو۔

لَمَصَ (ن) لَمْصًا الْعَسَلَ و شِبْهَهٗ : شہد کو انگلی کے کنارے سے لینا اور چاٹنا — فُلَانًا چٹکی لینا : نقل اتارنا۔ عیب لگانا۔ مُنہ چڑانا۔ الصَّبِيُّ : پیشاب کر دینا۔

اَلْمَصَ الشَّجَر : انگلی سے پکڑنے کے قابل ہونا۔ اَلْمَصَ الْكَرْمُ : انگور کی بیل میں نرم انگور ہونا۔

اللَّمْص۔ مص۔ لوگوں کی غیبت کرنا۔

اللَّامِص۔ انگور کی بیل کا محافظ۔

اللَّمُوْص۔ جھوٹا۔ فریبی۔ غیبت کرنے والا چغل خور۔

لَمَطَهٗ (ن) لَمْطًا بِالرُّمْحِ : نیزہ مارنا۔ لَمَطَ فُلَانٌ : گھبرانا۔ مضطرب ہونا۔

اِلْتَمَطَ۔ بِحَقِّيْ : حق مار لینا۔

لَمَظَ (ن)لَمْظًا۔ کھانے پینے کے بعد زُبان سے ہونٹ چاٹنا۔ کھانے کے بعد زُبان سے دانتوں کے درمیان کا نکالنا — فُلَانًا مِنْ حَقِّهٖ : حق میں سے کچھ دینا — الْمَاءَ : زُبان کے کنارے سے چکھنا۔

لَمَّظَه مِنْ حَقِّهٖ : حق میں سے کچھ دینا۔ کہا جاتا ہے "لَمَّظَ فُلَانًا لُمَاظَةً" تھوڑا سا چکھانا۔

اَلْمَظَهٗ۔ ہونٹوں پر پانی ڈالنا۔ اَلْمَظَهٗ عَلٰى فُلَانٍ : غُصہ دلانا۔ اَلْمَظَ فُلَانًا : آہستہ نیزہ مارنا — الْبَعِيْرُ بِذَنَبِهٖ : اُونٹ کا ٹانگوں کے درمیان دُم کو دبانا — الرَّجُلُ الْقَوْسَ : کمان پر تانت باندھنا۔

تَلَمَّظَ الرَّجُلُ : کھانے کے بعد زبان نکال کر ہونٹوں کو چاٹنا۔ کھانے کو مُنہ میں پھرانا۔ اور کہا جاتا ہے "تَلَمَّظَ بِذِكْرِهٖ" یعنی عیب لگایا۔ تَلَمَّظَتِ الْحَيَّةُ : سانپ کا زُبان نکالنا۔

اِلْتَمَظَ الشَّيْئَ : جلدی سے مُنہ میں ڈالنا — الطَّعَامَ : کھانا — بِحَقِّهٖ : حق مار لینا — بِالشَّيْئِ : لپٹنا — بِشَفَتَيْهِ : ہونٹوں کو اس طرح ملانا کہ آواز نکلے۔

اِلْمَظَّ الْفَرَسُ : نیچے کے ہونٹ پر سفیدی والا ہونا۔

اللَّمَاظ۔ تھوڑی سی چیز جو چکھی جائے۔ کہا جاتا ہے "مَالَهٗ لَمَاظٌ" اس کے پاس ایسی چیز بھی نہیں جس کو چکھے۔ "وَمَاذُقْتُ لَمَاظًا" میں نے کچھ نہیں چکھا "وشَرِبَه لَمَاظًا او لِمَاظًا" یعنی اس نے زُبان کے کنارے سے چکھا۔

اللَّمَاظَة۔ فصاحت۔ زُبان کی روانی۔

اللُّمَاظَة۔ مُنہ میں بقیہ کھانا۔ تھوڑی سی چیز کا بقیہ۔ کہا جاتا ہے "مَا الدُّنْيَا اِلَّا لُمَاظَةُ اَيَّامٍ" دنیا صرف دنوں کا بقیہ ہے۔

اللَّمَظ۔ گھوڑے کے نیچے کے ہونٹ کی سفیدی۔

اللُّمْظَة۔ گھوڑے کے نیچے کے ہونٹ کی سفیدی یا ہونٹوں کی سفیدی۔ دِل کا سیاہ نقطہ تھوڑا سا گھی وغیرہ جس کو انگلی میں لے سکیں۔

الاَلْمَظ مِنَ الْخَيْلِ : نیچے کے ہونٹ میں سفیدی والا گھوڑا۔

التِلِمَّاظ۔ جو کسی کی دوستی پر قائم نہ رہے۔ مؤنث تِلِمَّاظَة۔ التِلِمَّاظَه : بیہودہ بکواس کرنے والی عورت۔

مَلَامِظُ۔ الْاِنْسَانِ : مُنہ اور ہونٹ کا گردا گرد۔

الْمُتَلَمَّظ۔ تبسم کرنے کی جگہ۔

لَمَعَ (ف) لَمْعًا و لَمَعَانًا و لُمُوْعًا و لَمِيْعًا و تِلِمَّاعًا الْبَرْقُ وَغَيْرُهٗ : بجلی وغیرہ کا چمکنا۔ روشن ہونا۔

ضَرْعُ النَّاقَةِ : تھن کا دودھ اترنے کے وقت رنگین ہونا — فُلَانٌ بِالشَّيْئِ : لے جانا — بِيَدِهٖ او بِثَوْبِهٖ او بِسَيْفِهٖ : ہاتھ یا کپڑا یا تلوار سے اشارہ کرنا — الطَّائِرُ بِجَنَاحَيْهِ : پرندہ کا بازو پھڑپھڑانا — فُلَانٌ الْبَابَ : دروازے سے نکلنا۔

اَلْمَعَتِ الشَّاةُ بِذَنَبِهَا : بکری کا دُم اُٹھانا جس سے معلوم ہو کہ گابھن ہو گئی۔ صفت مُلْمِعَةٌ و مُلْمِع — الْاُنْثٰى : پیٹ میں بچّہ کا حرکت کرنا — فُلَانٌ بِالشَّيْئِ و عَلَيْهِ : اچک لینا۔ چرانا۔ لے جانا۔ اَلْمَعَتِ الْبِلَادُ : خشک گھاس والا ہونا یا

بہت گھاس والا ہونا۔ اَلْمَعَ اِلٰی فُلَانٍ بِثَوْبِہٖ : کپڑے سے اشارہ کرنا —الْفَرَسُ وَنَحْوُھَا : حمل کی وجہ سے تھنوں کا چمک اُٹھنا اور تھنوں کے سرے کا کالا ہونا — الطَّائِرُ بِجَنَاحَیْہِ : پرندہ کا بازو کو پھڑپھڑانا۔

لَمَّعَ النَّسْجَ : مختلف رنگوں کا بُننا۔

تَلَمَّعَ الشَّیْءَ وَالْتَمَعَہٗ اچک لینا —الْبَرْقُ وَغَیْرُہٗ : بجلی وغیرہ کا روشن ہونا۔ اِلْتَمَعَ الْقَوْمَ : لے جانا۔

اِلْتَمَعَ وَاُلْتُمِعَ لَوْنُہٗ : رنگ جاتا رہنا اور متغیر ہونا۔

اللَّامِعُ۔ فا۔ ج لُمَّعٌ۔ کہا جاتا ہے "مَابِالدَّارِ لَامِعٌ" یعنی گھر میں کوئی نہیں۔

اللَّامِعَۃ۔ لامع کا مؤنث۔ بچہ کی چندیا جب تک نرم رہے۔ ج لَوَامِع۔

اللُّمْعَۃ۔ گھاس کا خشک شدہ حصہ۔ لوگوں کی جماعت۔ تھوڑا سا گزارہ زندگی۔ کہا جاتا ہے "مَعَہٗ لُمْعَۃٌ مِنَ الْعَیْشِ" اس کے ساتھ تھوڑا سا گزارہ زندگی ہے جو اس کے لیے کفایت کر سکے — مِنَ الْجَسَدِ : جسم کے رنگ کی چمک۔ اور بقول بعض لُمَعَۃ خاص کر بدن کا سیاہ حصہ۔ اور بقول بعض ہر رنگ جو اصلی رنگ کے مخالف ہو۔ جسم کا وہ حصہ جو نہانے یا وضو کرنے میں خشک رہ جائے ج لُمَعٌ ولِمَاع۔

اللَّمَّاع۔ لَامِع کا اسم مبالغہ۔

اللَّمَّاعَۃ۔ عقاب۔ میدان جس میں سراب چمکے۔ بچے کی چندیا جب تک نرم رہے۔

اللَّمُوْع۔ چمکنے والا۔ تیز جھپٹنے والا عقاب۔

الْاَلْمَعُ والْاَلْمَعِیّ۔ تیز ذہن۔ تیز فہم۔

الْاَلْمَعِیَّۃ۔ ذکاوت۔

کہا جاتا ہے ذَھَبَتْ نَفْسُہٗ لِمَاعًا اس کی جان آہستہ آہستہ نکلی۔

التَّلْمِیْع فِی الْخَیْلِ وَغَیْرِھَا : جسم کے رنگ کے مخالف داغ۔ ج تَلَامِیْع۔ کہا جاتا ہے "فِیْہِ تَلْمِیْع و تَلَامِیْع" جب کہ جسم میں مختلف رنگ ہوں۔

مِلْمَعَا الطَّائِر : پرندہ کے دونوں بازو۔

الْمُلَمَّع مِنَ الْخَیْلِ وَغَیْرِہٖ : جسم کے رنگ کے مخالف داغ والا۔

اَرْضٌ مُلْمِعَۃٌ ومُلَمِّعَۃٌ ومُلَمَّعَۃٌ۔ زمین جس میں سراب چمکے۔

خَدٌّ مُلْمَع۔ چمک دار رخسارہ۔

الیَلْمَع۔ بے بارش کی بجلی۔ سراب۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ اَکْذَبُ مِنْ یَلْمَع" فلاں سراب سے زیادہ جھوٹا ہے۔ اور اس سے جھوٹے کو تشبیہ دی جاتی ہے کہا جاتا ہے "اِنَّمَا ھُوَ یَلْمَعٌ" یعنی وہ جھوٹا ہے۔ ج یَلَامِع۔ وَالیَلْمَع مِنَ السِّلَاحِ : چمکنے والے ہتھیار جیسے خود زرہ وغیرہ۔ ج یَلَامِع۔

الیَلْمَعِیّ۔ ذہین۔ تیز فہم۔ جھوٹ سچ ملانے والا۔

لَمَقَہٗ (ن) لَمْقًا و لُمُوْقًا۔ لکھنا۔ مٹانا۔ لَمَقَ عَیْنَہٗ : آنکھ ملنا۔ کانی کرنا۔ لَمَقَ اِلَیْہِ : دیکھنا — اِلَیْہِ بِبَصَرِہٖ : دیر تک دیکھنا۔

تَلَمَّقَ۔ چکھنا۔

اللَّمَاق۔ چکھنے کی تھوڑی سی چیز۔ کہا جاتا ہے "مَا ذُقْتُ لَمَاقًا" میں نے کچھ نہیں چکھا "وَمَا بِالْاَرْضِ لَمَاقٌ" زمین میں چراگاہ نہیں۔

لَمَقُ الطَّرِیْقِ : راستہ کا درمیان۔ کہا جاتا ہے "اَخَذَ فِیْ لَمَقِ الطَّرِیْقِ" یعنی راستہ کے وسط میں چلا۔

الیَلْمَق۔ روئی دار قبا۔ (دخیل)

لَمَكَ (ن) لَمْكًا الْعَجِیْنَ : نرم گوندھنا۔

تَلَمَّكَ الْبَعِیْرُ : اُونٹ کا جبڑوں کو حرکت دیتے ہوئے کھانا۔

اللَّمَاک۔ چکھنے کی چیز۔ صرف نفی ہی میں مستعمل ہے۔ کہا جاتا ہے "مَا تَلَمَّكَ بِلَمَاک" یعنی کچھ نہیں چکھا۔

اللَّمَاک واللُّمَاک واللَّمْک۔ سرمہ۔

اللَّمِیْک۔ سرمہ لگایا ہوا۔

الیَلْمَک۔ قوی جوان۔ مردوں ہی کے لیے خاص ہے۔ اور حرف یا زائد ہے۔

تَلَمَّلَ بِفَمِہٖ : کھانے کے بعد زبان کو ادھر ادھر پھرانا۔

اللَّمَال واللُّمَال۔ سرمہ۔

لَمْلَمَ الْحَجَرَ : پتھر کو گول گھڑنا — الشَّیْءَ : جمع کرنا۔

تَلَمْلَمَ۔ گول ہونا۔ جمع ہونا۔

اللَّمْلَم۔ بہت جمع شدہ فوج۔

اللُّمْلُوْم۔ جماعت۔

رَجُلٌ مُلَمْلَم وجَمَلٌ مُلَمْلَمٌ : گٹھے بدن کا مرد اور اُونٹ۔ شعر مُلَمْلَمٌ : تیل لگے ہوئے بال۔

المُلَمْلَمَۃ مُلَمْلَم کا مؤنث۔ ہاتھی کی سونڈ۔

لَمَا یَلْمُوْ لَمْوًا۔ الشَّیْءَ : سب لے لینا۔

اللُّمَۃ۔ جماعت۔ تین سے لے کر دس تک کے ساتھی۔ ہم عمر۔ ہم شکل۔ پیروی کے لیے نمونہ۔ ج لُمَات۔

لَمَی یَلْمِی لَمْیًا و لَمِیَ یَلْمَی لَمًی الْغُلَامُ : لڑکے کا سیاہ ہونٹوں والا ہونا۔ صفت مذکر اَلْمَی۔ صفت مؤنث لَمْیَا۔

اَلْمَی اِلْمَاءً۔ اللِّصُّ بِکَذَا : چور کا چپکے سے لے جانا۔ اڑا لے جانا۔

تَلَمَّتِ الْاَرْضُ بِہٖ و عَلَیْہِ : حاوی ہونا۔ مشتمل ہونا۔

اُلْتُمِیَ اِلْتِمَاءً۔ لَوْنُہٗ : رنگ متغیر ہونا — بِہٖ : اپنے لیے خاص کرنا اور غالب ہونا۔

اللَّمٰی۔ بتثلیث اللام : ہونٹ کے اندرونی حصہ میں گندم گونی یا سیاہی۔

الْاَلْمٰی۔ گندم گوں یا سیاہ ہونٹ والا۔ رُمْحٌ اَلْمٰی مضبوط و گندم گوں نیزہ۔ ظِلٌّ اَلْمٰی : گنجان سایہ۔ شَجَرٌ اَلْمٰی۔ گنجان سایہ دار درخت۔ غُلَامٌ اَلْمٰی : سرد تھوک والا لڑکا۔ مؤنث لَمْیَاء۔ ج لُمْیٌ۔ لِثَۃٌ لَمْیَاء : کم خون والا اور بقول بعض کم گوشت والا مسوڑھا۔

لَنْ۔ مضارع کے حروف ناصبہ میں سے ہے نفی اور استقبال کا فائدہ دیتا ہے جیسے "لَنْ اَفْعَلَ المنکر مَابَقِیْتُ" جب تک زندہ رہوں گا امور منکرہ ہرگز نہیں کروں گا۔ اور دعا کے موقع پر بھی آتا ہے جیسے "لَنْ تَزَالُوْا مَلْجَا الفَقِیْر" ہمیشہ فقیر کے ملجا رہو۔

لَہٗ (ن) لَھًا الشِّعْرَ : نازک و مستحسن شعر کہنا۔

لَھِبَتْ (س) لَھْبًا و لَھَبًا و لَھِیْبًا و لُھَابًا و لَھَبَانًا۔ النَّارُ : شعلہ بھڑکنا۔

لَھِبَ (س) لَھَبًا و لَھَبَانًا الرَّجُلُ : پیاسا ہونا۔ صفت لَھْبَان۔

لَھَّبَ النَّارَ فَتَلَھَّبَتْ وَاَلْھَبَھَا فَالْتَھَبَتْ

آگ بھڑکانا- یہاں تک کہ شعلہ ہو کر بھڑک اٹھنا- اِلْتَهَبَ عَلَيْهِ : غضبناک ہونا- غصّہ سے جلنا اور کہا جاتا ہے "فُلَانٌ يَتَلَهَّبُ او يَلْتَهِبُ جُوْعًا" فلاں بھوک سے بھڑک رہا ہے-

اَلْهَبَ- النَّارَ : آگ بھڑکانا — الفَرَسُ : گھوڑے کا دوڑنے میں غبار اڑانا — البَرْقُ : بجلی کا پیاپے کوندنا- اَلْهَبَ فِي الْكَلَامِ : جلدی سے کہہ گزرنا- کہا جاتا ہے "اَلْهَبَهُ لِلْاَمْرِ" اس نے اس کو کام کے لیے اُکسایا-

اللُّهَاب-مص-پیاس-

اللُّهَابَة- ایک قسم کی کملی جس میں پتھر رکھ کر ہودج یا بوجھ کے ایک جانب کو جھکاتے ہیں-

اللِّهْب- دو پہاڑوں کے درمیان کشادگی یا پہاڑ کی دراڑ- ج اَلْهَاب و لُهُوْب و لِهَاب و لِهَابَةٌ-

اللَّهَب-مص-بے دھوئیں کا شعلہ-بلند غبار-

اللَّهَبَان- مص گرمی کی شدت- گرم دن- پیاس-

اللُّهْبَة-پیاس-خالص سفیدی-

اللَّهِيْب-مص-آگ کی گرمی-المَلْهُوْب-حق کے نہ ملنے کی وجہ سے بھڑکنے والا-

الأُلْهُوْب- گھوڑے کی دوڑ کی تیزی جس سے غبار اُڑے یا اس کے کھر سے آگ نکلے-

المِلْهَب- نہایت خوبصورت-

المُلْهِبُ- تیز دوڑنے والا غبار اڑانے والا گھوڑا-

المُلَهَّب مِنَ الثِّيَابِ : کم سرخی والا کپڑا-

اللَاهُوْت- خداوندی- اور اس کی اصل "لَاهٌ" بمعنی اِلٰہ ہے واوٗ اور تا کی زیادتی مبالغہ کیلئے ہے جیسے جبروت و ملکوت میں- عِلْمُ اللَّاهُوْت : عقائد متعلقہ ذات و صفات باری تعالیٰ کا علم- اللَاهُوْتِيْ عقائد متعلقہ ذات و صفات باری کا عالم-

لَهَثَ و لَهِثَ لَهْثًا و لُهَاثًا الْكَلْبُ وَغيره : کتے وغیرہ کا ہانپنے میں زبان نکالنا-

لَهِثَ (س) لَهَثًا و لَهَثَانًا و لَهَاثًا الرَّجُلُ : پیاسا ہونا- صفت مذکر لَهْثَان- صفت مؤنث لَهْثَى-

اِلْتَهَثَ الْكَلْبُ : کتے کا ہانپنے میں زبان نکالنا-

اَللُّهَاث- مص پیاس کی جلن- موت کی سختی- تم کہتے ہو "هُوَ يُقَاسِي لُهَاثَ الْمَوْتِ" وہ موت کی سختی کو برداشت کر رہا ہے-

اللُّهْثَة- تھکن-پیاس-

لَهِجَ (س) لَهَجًا بِالشَّئِ : شیفتہ ہونا- صفت لَهِجَ و لَاهَج — الفَصِيْلُ اُمَّهُ : چوسنا — الفَصِيْلِ بِاُمِّهِ : ماں کے دودھ پینے کا عادی ہونا- صفت لَاهِج-

لَهَّجَ الْقَوْمَ : کھانے سے پہلے تھوڑا سا ناشتہ کھلانا-

اَلْهَجَ الرَّجُلُ : دودھ پینے کے عادی بچوں والا ہونا — فُلَانًا بِالشَّئِ : فریفتہ کرانا- شیفتہ بنانا-

الفَصِيْلَ : مُنہ میں لکڑی باندھنا تاکہ دودھ نہ پی سکے (آخری معنی میں ہمزہ سلب کے لیے ہے)

اُلْهِجَ بِالشَّئِ : شیفتہ و فریفتہ ہونا-

اِلْهَاجَّ اِلْهِيْجَاجًا الشَّئُ : گڈ مڈ ہونا- اِلْهَاجَّتْ عَيْنُهُ : اونگھ آنا- اِلْهَاجَّ اللَّبَنُ : دودھ کا ناقص طریقے سے جمنا-

اللَّهْجَة- زُبان یا نوک زُبان- مادری زُبان- کہا جاتا ہے "فُلَانٌ فَصِيْحُ اللَّهْجَةِ و صَادِقُ اللَّهْجَةِ"

اللُّهْجَة- کھانے سے پہلے کا ناشتہ-

المُلَهَّج- مغ- وہ شخص جو سور ہے اور کام کرنے سے عاجز ہو-

لَهْوَجَ الشَّئَ : ملانا — الْاَمْرَ : ادھورا کرنا- مستحکم نہ کرنا — الشِّوَاءَ : نیم پخت کرنا- اچھی طرح سے نہ بھوننا- کہا جاتا ہے شِوَاءٌ مُلَهْوَجٌ- اچھی طرح سے نہ بھنا ہوا- حَدِيْثٌ مُلَهْوَجٌ وَرَايٌ مُلَهْوَج- غیر محکم بات و رائے-

تَلَهْوَجَ الشَّئَ : جلدی کرنا — اللَّحْمَ : گوشت کو نیم پختہ کرنا- اچھی طرح سے نہ بھوننا-

تَلَهْجَمَ بِالشَّئِ : شیفتہ ہونا — الطَّرِيْقُ : واضح ہونا- چلنے والوں کے پیر کا نشان ہونا-

اللَهْجَم- کشادہ چلتا ہوا راستہ- بڑا پیالہ-

لَهَدَهُ لَهْدًا الْحِمْلُ : بوجھل کرنا- دبانا- صفت مفعولی مَلْهُوْدٌ و لَهِيْدٌ- لَهَدَ دَابَّتَه : چوپایہ کو تھکانا- لاغر کرنا — الشَّئَ : کھانا یا چاٹنا — فُلَانًا : ذلیل کر کے ہٹانا یا پستان کی جڑ میں یا مونڈھے کی جڑ میں مارنا یا چھونا-

لَهَّدَ فُلَانًا : بمعنی لَهَدَهُ اور تشدید تکثیر کیلئے ہے-

اَلْهَدَهُ- ظلم کرنا- اَلْهَدَ بِهِ : ذلیل کرنا- حقیر سمجھنا- اَلْهَدَ اِلَى الْاَرْضِ : بوجھ کی وجہ سے زمین کی طرف جھکنا — بِفُلَانٍ : دو لڑنے والوں میں سے ایک کو پکڑ لینا اور دوسرے کو چھوڑ دینا-

اللُّهَاد- ہچکی-

اللَّهْد- مص- ایک مرض ہے جو انسان کی ٹانگ یا رانوں میں ہوتا ہے- صدمہ وغیرہ کی وجہ سے اُونٹ کے سینہ میں شگافتگی- سست و ناکارہ مرد-

اللَّهِيْد- عاجز- تھکا ہوا-

اللَّهِيْدَة- ایک نرم قسم کا حلوا-

المُلَهَّد- مفع "رَجُلٌ مُلَهَّدٌ" کمزور ذلیل- دروازوں سے دھکا دیا ہوا-

اللَهْذَب- ہمیشہ ثابت رہنے والی چیز-

لَهْذَمَهُ- کاٹنا-

تَلَهْذَمَهُ- کاٹنا- تَلَهْذَمَ الشَّئَ : کھانا-

اللَهْذَم- تیز کاٹنے والا- تلوار- بھالا- دانت وغیرہ ج لَهَاذِم و لَهَاذِمَةٌ-

اللَهَاذِمَةُ- چوروں کی جماعت-

لَهَزَ (ف) لَهْزًا الشَّئُ فُلَانًا : کسی چیز کا کسی کے اندر ظاہر ہونا — القَوْمَ : قوم میں مل جانا- لَهَزَهُ الشَّيْبُ : بڑھاپا ظاہر ہونا- صفت مفعولی مَلْهُوْز- لَهَزَهُ بِالرُّمْحِ : سینہ میں نیزہ مارنا- لَهَزَ فُلَانًا : مکا مارنا اور بقول بعض کان کے نیچے کی ہڈی اور گردن پر مکا مارنا — الفَصِيْلُ ضَرْعَ اُمِّهِ : دودھ پیتے ہوئے سر سے تھن کو مارنا-

لَهْزَهُ تَلْهِيْزًا- کان کے نیچے کی ہڈی اور گردن پر مکا مارنا-

اللَاهِز- فا- پہاڑ اور ٹیلہ جو راستہ کو تنگ اور دُشوار گزار کردے- اور جب دو پہاڑ اتنے قریب ہوں کہ ان کے درمیان کا راستہ پتلی گلی کی مانند ہو جائے تو ان دونوں پہاڑوں کو لَاهِزَان کہیں گے-

اللِّهَاز- چیتھڑا یا پچر جس سے چرخی وغیرہ کے سوراخ کو تنگ کریں-

اللَهز۔ سخت۔
اللَهزَة۔ کان کے نیچے جبڑے میں ابھری ہوئی ہڈی۔
المِلهَز۔ کان کے نیچے کی ہڈی اور گردن پر مکا مارنے والا۔
المَلْهُوز۔ مغ۔ گٹھے بدن والا۔ جبڑے کی ہڈی پر داغ لگا ہوا۔
لَهزَمَةُ۔ جبڑے کی ہڈی کو کاٹنا۔ لَهزَمَ الشَّيبُ خَدَّيْهِ: بڑھاپا ظاہر ہونا۔
اللِهزِمَة۔ کان کے نیچے جبڑے کی ابھری ہوئی ہڈی ج لَهَازِم۔
لَهَس (ف) لَهسًا الشَّیَٔ: چاٹنا (لحس میں لغت ہے) —— الصَّبِیُّ ثَدیَ اُمِّهٖ: بے چوسے ہوئے چاٹنا —— عَلَى الطَّعَامِ: حرص کی وجہ سے ہجوم کرنا۔
لَاهَس مُلَاهَسَةً عَلَى الطَّعَامِ: کھانے پر ہجوم کرنا —— القَومُ اِلَى الشَّیْٔ: سبقت کرنا اور ہجوم کرنا۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ يُلَاهِسُ بَنِیْ فُلَانٍ" جبکہ کھانے کے وقت پہنچ جائے۔
اللَاهِس۔ جلد باز۔ چابک دست۔ ج لَوَاهِس۔
اللُهَاس و اللُهَاسة۔ تھوڑی خوراک۔
اللُهسَة۔ چاٹنے کے قابل چیز۔ کہا جاتا ہے "مَالَكَ عِندِیْ لُهسَةٌ" تمہارے لیے میرے پاس کچھ نہیں۔
لَهسَمَ مَا عَلَى المَائِدَةِ: دسترخوان سے سب کچھ کھالینا۔
اللَهَاسِم۔ وادی کی تنگ نالیاں، واحد لُهسُم۔
لَهَطَهٗ (ف) لَهطًا۔ تھپڑ مارنا۔ لَهَطَ بِسَهمٍ: تیر مارنا۔ لهط الثَّوبَ: کپڑا سینا —— بِهِ الاَرضَ: زمین پر پچھاڑنا۔ لَهَطَتْ اُمُّهٗ بِهٖ: جننا۔
اللَاهِط۔ فا۔ اپنے گھر کے دروازے پر چھڑکاؤ کرنے والا اور صاف ستھرا رکھنے والا۔
لَهْطَةٌ مِنَ الْخَبَرِ: افواہ جس کی نہ تم تصدیق کرو نہ تکذیب۔
لَهِعَ (س) لَهَعًا و لَهَاعَةً الرَّجُلُ: ہر ایک سے بے تکلف ہونا۔ صفت لَهِعٌ و لَهِعٌ و لَهِيعٌ —— فِی الکَلَامِ: خوب بڑھ بڑھ کر باتیں کرنا۔

اللَهَاعَة۔ غفلت۔
اللَهِيع۔ کارگزاری میں تیز۔
اللَهِيعَة۔ غفلت۔ سستی، کاہلی، خرید و فروخت میں سستی کرنا یہاں تک کہ نقصان ہوجائے۔
لُهِفَ لَهفًا۔ ظلم کیا جانا۔
لَهِفَ (س) لَهفًا۔ عَلَى مَافَاتَ: غمگین ہونا۔ افسوس کرنا۔ صفت لَهِفٌ و لَهِيفٌ۔ لَهَّفَ فُلَانٌ نَفْسَهٗ او اُمَّهٗ: وا انفساه و اُمّیاه و الهفاه کہنا اور کہا جاتا ہے "لَهَّفَ اُمَّيْهِ" یعنی اَبَوَيْهِ: یہاں پر لفظ ام کو اب پر غلبہ دیا گیا ہے اس لیے کہ ماں کی مامتا مشہور ہے۔ اور کہا جاتا ہے "لَهَّفتُ اِلَيْكَ تَلهِيفًا" یعنی میں نے تجھ سے فریادرسی کی۔
اَلْهَفَ۔ حریص ہونا۔ نہایت خواہش مند ہونا۔
تَلَهَّفَ۔ عَلَيْهِ: غمگین ہونا۔ افسوس کرنا۔
اِلْتَهَفَتِ النَّارُ: آگ کا بھڑکنا۔ اِلْتَهَفَ فُلَانٌ: کسی مصیبت کے نازل ہونے پر غم سے بھڑک اٹھا۔
اللَاهِف۔ فا۔ مظلوم۔ مضطر۔ فریادی۔ افسوس کرنے والا۔ مؤنث لَاهِفٌ و لَاهِفَةٌ۔ اور کہا جاتا ہے "هُوَ لَاهِفُ القَلبِ" وہ شکستہ دل ہے۔
اللَاهِفَة۔ لَاهِف کا مؤنث۔ ج لَاهِفَات و لَوَاهِف۔
اللَهْف۔ مص۔ يَالَهْفَ فُلَانٍ: کلمہ ہے جس سے مافات پر افسوس کیا جاتا ہے یعنی فلاں پر کس قدر افسوس ہے اور کہا جاتا ہے "يَالَهْفِی عَلَيْكَ و يَا لَهْفَ و يَالَهفًا و يَالَهفَ اَرضِیْ و سَمَائِیْ عَلَيْكَ و يَالَهفَاه" یعنی تیرے اوپر افسوس ہے۔
اللَهفَان۔ افسوس کرنے والا۔ غمزدہ۔ مؤنث لَهفَی ج لَهَافَی و لُهُف۔
اللَهفَة۔ لَهَف کا اسم مرۃ۔ اور فوت شدہ کے افسوس کیلئے کہا جاتا ہے "يَا لَهفَةَ و يَالَهفَتَاهُ و يَالَهفَتِيَاهُ"
اللَهُوف۔ موٹا۔ لمبا۔ افسوس کرنے والا۔ مؤنث اللَهُوفَة۔
اللَهِيف۔ مضطر۔ افسوس کرنے والا۔ رَجُلٌ لَهِيفُ القَلبِ: سوختہ دل۔ ج لِهَاف۔
المَلهُوف۔ غمگین جس کا مال ضائع ہوگیا ہو یا کوئی قریب فوت ہوگیا ہو۔ فریاد کرنے والا مظلوم

رَجُلٌ مَلهُوفُ القَلبِ: سوختہ دل مرد۔
لَهَقَ (ف) و لَهِقَ (س) لَهقًا و لَهَقًا الشَّیْءُ بہت سفید ہونا۔
تَلَهَّقَ الشَّیْءُ: بہت سفید ہونا —— الرَّجُلُ: زیادہ گفتگو کرنا۔
اللَهَاق۔ سفید یا سفید بیل۔ کہا جاتا ہے: "اَبيَضُ لَهَاقٌ او لِهَاقٌ" بہت سفید "و بَقَرَةٌ لِهَاقٌ" بہت سفید گائے۔
اللَهِق و اللَهَق۔ سفید بیل۔ سفید۔ مؤنث لَهِقَةٌ و لَهَقَةٌ۔ ج لَهِقَاتٌ و لِهَاقٌ۔ کہا جاتا ہے "اَبيَضُ لَهِقٌ و لَهَقٌ" بہت سفید۔
مُلَهَّقُ اللَّونِ: سفید رنگ والا۔
لَهلَهَ لَهلَهَةً۔ النَّسَّاجُ الثَّوبَ: باریک بننا (هَلهَلَ کا مقلوب ہے)
تَلَهلَهَ الثَّوبُ: باریک بنا ہوا ہونا —— اَلْكَلَاءُ: تھوڑی سی گھاس کے درپے ہونا۔
اللَهلَهُ مِنَ الثِّيَابِ او الكَلَامِ او الشِّعرِ: ردی کپڑا یا گفتگو یا شعر۔
اللُهلُه۔ بدصورت۔ بَلَدٌ لُهلُهٌ: کشادہ مقام جہاں سراب بہت ہوں۔ ج لَهَالِهُ (—— و اللُهلُهَة) کشادہ زمین۔
اللَهلَهَة۔ کسی چیز سے رجوع کرنا۔ باریک بناوٹ۔
لَهِمَ (س) لَهمًا و لَهَمًا الشَّیْءَ: ایک ہی مرتبہ میں نگلنا —— المَاءَ: گھونٹ لینا۔
اَلْهَمَهُ الشَّیْءَ: نگلوانا۔ اَلْهَمَ اللّٰهُ فُلَانًا خَيرًا: وحی کرنا۔ سکھلانا۔ توفیق دینا۔ دل میں ڈالنا۔
تَلَهَّمَ و التَهَمَ الشَّیْءَ: ایک ہی دفعہ میں نگلنا۔ ہڑپ کرنا۔ (التَهَمَهٗ بھی بولا جاتا ہے)
اُلتُهِمَ لَونُهٗ: رنگ متغیر ہونا۔
اِستَلهَمَ اللّٰهَ خَيرًا: اللہ سے خیر کے الہام کی دعا کرنا۔ کہا جاتا ہے "اَستَلهِمُ اللّٰهَ الرَّشَادَ" اللہ سے رُشد و ہدایت کے الہام کی دعا کرتا ہوں۔
اللُهَام۔ بڑا لشکر۔
اللِهِم۔ عمر رسیدہ۔ ج لُهُوم۔
رَجُلٌ لِهَمٌ و لُهَمٌ۔ کھاؤ۔ پیٹو۔
اللُهمَةُ مِنَ السَّوِيقِ: ایک مرتبہ پھانکنے کی

مقدار ستو۔

اللِّهَمُّ: بہت بخشش والا۔ بڑا دیالو۔ بڑا سمندر۔ کھاؤ۔ سبقت کرنے والا گھوڑا یا آدمی۔ رَجُلٌ لِهَمٌّ: مرد روشن رائے بخشش کرنے والا۔ کفایت کرنے والا۔ ج لِهَمُّوْنَ (عورتوں کے وصف میں واقع نہیں ہوتا) رَجُلٌ لَهُوْمٌ۔ کھاؤ مرد۔

اللُّهَيْم و اُمُّ اللُّهَيْم۔ موت۔ بخار۔ مصیبت۔

اللُّهْنَم: کشادہ دیگ۔

الْإِلْهَام۔ مص۔ اللہ کا انسان کے دل میں ایسا داعیہ پیدا کرنا جو کسی فعل کے کرنے یا چھوڑنے پر آمادہ کرے۔

المِلْهَم و المُلْهَم مِنَ الرِّجَالِ: کھاؤ۔ پیٹو۔

لَهْمَسَ مَا عَلَى الْمَائِدَةِ: دسترخوان سے سب کچھ کھالینا۔

اللُّهْمُوْم۔ بڑا لشکر۔ سخی آدمی۔ عمدہ گھوڑا۔ بے شمار۔ بہت برسنے والا بادل۔ بہت دودھ والی اونٹنی۔ ج لَهَامِيْم و لَهَامِيْمُ النَّاسِ: سخی لوگ۔

اللَّهْمِيْم۔ سبقت کرنے والا گھوڑا یا آدمی۔

لَهَنَ الْقَوْمَ و لِلْقَوْمِ: ناشتہ کھلانا۔ سفر سے واپسی پر تحفہ دینا۔

اَلْهَنَه۔ مسافر کو سفر سے واپسی پر تحفہ دینا۔

تَلَهَّنَ الرَّجُلُ: ناشتہ کھانا۔

اَللُّهْنَة۔ تحفہ جو مسافر سفر سے واپسی پر دے۔ ناشتہ۔ تحفہ جو مسافر کو سفر سے واپسی پر دیا جائے ج لُهَن۔

لَهَا يَلْهُوْ لَهْوًا۔ الرَّجُلُ: کھیلنا ـــ بِهٖ: فریفتہ ہونا (ـــ لَهْوًا و لُهُوًّا) الْمَرْأَةُ إِلَى حَدِيْثِ الرَّجُلِ: مانوس ہونا۔ پسند کرنا (ـــ لُهِيًّا و لِهْيَانًا) ـــ عَنِ الشَّيْءِ: غافل ہونا۔ ذکر چھوڑنا۔ بھولنا۔

لَهِيَ يَلْهٰى لَهًا بِكَذَا: محبت کرنا ـــ عَنْهُ: تسلی پانا۔ غافل ہونا۔ ذکر چھوڑنا۔ روگردانی کرنا۔ کہا جاتا ہے "اِلْهَ لَهٗ كَمَا يَلْهٰى لَكَ" تم بھی اس کے ساتھ ویسا ہی کرو جیسا وہ تمہارے ساتھ کرتا ہے۔

لَهَّاهُ تَلْهِيَةً عَنْ كَذَا: غافل کر دینا ـــ ہٗ بِكَذَا: مشغول کرنا۔

لَاهَاهُ مُلَاهَاةً۔ قریب ہونا۔ جھگڑا کرنا۔ لَاهَى الشَّيْءَ: نزدیک ہونا ـــ الْغُلَامُ: دودھ چھوٹنے کے قریب ہونا۔

اَلْهَاهُ اِلْهَاءً۔ اللَّعِبُ عَنْ كَذَا: غافل کرنا۔ فُلَانٌ الشَّيْءَ: عاجزی سے چھوڑ دینا ـــ الرَّحٰى وفِي الرَّحٰى ولِلرَّحٰى: چکی میں کول ڈالنا۔ اَلْهَى الرَّجُلَ: بہتر اور کثیر عطیہ دینا۔

تَلَهّٰى تَلَهِّيًا بِكَذَا: کسی چیز پر توجہ یا اعراض سے دل بہلانا ـــ بِالشَّيْءِ: مشغول ہونا۔

تَلَاهٰى تَلَاهِيًا بِالْمَلَاهِي: کھیل کود میں مشغول ہونا ـــ الْقَوْمُ: باہم کھیلنا۔

اِلْتَهَى الرَّجُلُ بِالشَّيْءِ: کھیلنا ـــ عَنْهُ بِغَيْرِهٖ: مشغول ہونا۔

اِسْتَلْهٰى اِسْتِلْهَاءً۔ صَاحِبَهٗ: ساتھی کا انتظار کرنا۔ ٹھہرانا ـــ الشَّيْءَ: زیادہ لینا۔ نگلنا۔

اللُّهَاء۔ مقدار۔ کہا جاتا ہے "هُمْ لُهَاءُ مِائَةٍ" وہ لوگ سو (۱۰۰) کی مقدار ہیں۔

اللَّهْو۔ کھیل کود۔ وہ چیز جس سے انسان لذت حاصل کرے۔ عورت جس سے کھیل کود کیا جائے۔ ڈھول۔ فرزند۔

اللَّهَاة۔ حلق کا کوا ج لَهَوَات و لَهَيَات و لُهِيّ و لِهِيّ و لَهًا و لَهَاءٌ و لِهَاءٌ۔

اللَّهْوَة۔ لَهَا کا اسم مرہ۔ عورت جس سے کھیل کود کیا جائے۔

اللَّهْوَة و اللُّهْوَة۔ پیستے ہوئے چکی میں ایک مرتبہ جتنی مقدار میں غلہ ڈالیں۔ عطیہ۔ بہتر و کثیر عطیہ۔ لپ بھرمال۔ ج لُهًى۔

اللُّهْيَة۔ عطیہ یا بہتر و کثیر عطیہ۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ لَهُوٌّ عَنِ الْخَيْرِ" فلاں بھلائی سے بہت غافل ہے۔

اللَّهَوِي۔ لَهَاة کی طرف منسوب۔ والحَرْفَانِ اللَّهَوِيَّان: ق و ک۔

الأُلْهُوَّة والأُلْهِيَّة و التَّلْهِيَة۔ جس سے کھیل کود کیا جائے۔

الْمَلْهٰى۔ کھیل کود۔ کھیل کود کا زمانہ۔ کھیل کود کی جگہ۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا مَلْهَى الْقَوْمِ" یعنی یہ ان کی اقامت کی جگہ ہے "وَهٰذَا مَلْهَى الْأَثَافِي" یہ پایہ دیگدان کی جگہ ہے۔

المِلْهٰى۔ کھیل کود کا آلہ۔ ج مَلَاهٍ۔ آلَاتُ الْمَلَاهِي۔ آلاتِ موسیقی۔

لَهْوَجَ۔ مادہ ل ہ ج میں گزر چکا۔

لَهْوَقَ لَهْوَقَةً و تَلَهْوَقَ الرَّجُلُ: جو اپنے اندر نہ ہو اسے ظاہر کرنا ـــ فِي الْعَمَلِ وَالْكَلَامِ: ترک مبالغہ کرنا۔

رَجُلٌ لَهْوَقٌ: ڈینگ مارنے والا۔ جو اپنے اندر نہ ہو اسے ظاہر کرنے والا۔

لَوْ۔ یہ حرف چھ طریقے سے مستعمل ہے۔

(۱) زمانہ ماضی میں شرط کیلئے جیسے "لَوْ جَاءَنِي لَاَكْرَمْتُهٗ" اگر وہ میرے پاس آتا تو میں اس کا اکرام کرتا۔ یہ تین باتوں کا فائدہ دیتا ہے: ایک شرط۔ دوسرے شرط کو زمانہ ماضی کے ساتھ مقید کرنا۔ تیسرے امتناع اور اسی وجہ سے بعض لوگوں نے کہا ہے کہ یہ حرف امتناع لامتناع ہے یعنی شرط کے منتفی ہونے کی وجہ سے جزاء منتفی ہوتی ہے مناطقہ نے اس کو ادوات اتصال قرار دیا ہے جیسے "لَوْ كَانَ زَيْدٌ حَجَرًا كَانَ جَمَادًا"

(۲) زمانہ مستقبل میں شرط کیلئے مگر یہ جازمہ نہیں جیسے "وَلَوْ تَلْتَقِي اَصْدَاءُ نَا بَعْدَ مَوْتِنَا" الخ۔ اور اس قسم میں اور پہلی قسم میں فرق یہ ہے کہ شرط جب مستقبل ہو تو لَوْ اِنْ کے معنی میں ہوتا ہے اور جب ماضی ہو تو حرف امتناع ہوتا ہے اور جب اس کے بعد فعل مضارع واقع ہو تو ماضی کے معنے میں ہو جاتا ہے جیسے لَوْ تَقُوْمُ اَقُوْمُ بمعنی لَوْ قُمْتَ قُمْتُ۔

(۳) یہ کہ حرف مصدری ہو بمنزلہ اَنْ کے مگر یہ نصب نہیں دیتا۔ اور اکثر وَدَّ یَوَدُّ کے بعد واقع ہوتا ہے جیسے "وَدُّوْا لَوْ تَاْتِيْهِمْ" وہ تمنا کرتے ہیں کہ تم ان کے پاس آؤ "يَوَدُّ اَحَدُهُمْ لَوْ يُعَمَّرُ" ان میں ایک عمر دیئے جانے کی تمنا کرتا ہے۔

(۴) یہ کہ تمنا کیلئے ہو۔ اس کا جواب منصوب اور فا کے ساتھ ہوتا ہے جیسے "لَوْ تَاْتِيْنِي فَتُحَدِّثُنِي" تمنا ہے کہ تم میرے پاس آتے اور مجھ سے باتیں کرتے۔

(۵) عرض کیلئے مانند اَلَا کے اس کا جواب بھی فاء

سے ہوتا ہے اور منصوب ہوتا ہے جیسے "لَوْ تَنْزِلُ عِنْدَنَا فَتُصِیْبَ خَیْرًا" اگر تم ہمارے پاس اُترتے تو بھلائی کو پہنچتے۔

(۶) تقلیل کیلئے جیسے "تَصَدَّقُوْا وَلَوْ بِظِلْفٍ مُحْرَقٍ" صدقہ کرو اگرچہ جلا ہوا کھر ہی کیوں نہ ہو۔

لَابَ یَلُوْبُ لَوْبًا وَلُوَابًا وَلَوَبَانًا الرَّجُلُ او البَعِیْرُ: مرد یا اونٹ کا پیاسا ہونا۔ پانی کے اردگرد بغیر اس تک پہنچے ہوئے گھومنا۔ اسم اللَّوْبُ واللُّوْبُ واللُّوُوْبُ واللُّوَاب۔

لَوَّبَهٗ تَلْوِیْبًا۔ ملاب (ایک قسم کی خوشبو) ملنا (دیکھئے مَلَاب)

اَلَابَ اِلَابَةً الرَّجُلُ: پیاسے اونٹوں والا ہونا۔

اللَّائِب۔ فا۔ ج لُوُوْب و لُوْب۔ کہا جاتا ہے "اِبِلٌ لُوْبٌ اَوْ نَخْلٌ لُوْبٌ وَلَوَائِب" پیاسے پانی سے دور۔

اللُّوَاب۔ معہ لعاب۔

اللُّوْبَاء واللُّوْبِیَاء واللُّوْبِیَا۔ لوبیا۔ لوبیا کی پھلی (دخیل)

اللُّوْبَة۔ جماعت جو دوسری جماعت کے ساتھ رہے مگر شریک مشورہ نہ کی جائے۔ سنگلاخ سوختہ ج لُوَب۔

اللُّوْب۔ گوشت کا ٹکڑا جو دیگ میں پھرے۔ شہد کی مکھی۔

اللَّابَة۔ سنگلاخ سوختہ۔ ج لَابَاتٌ ولَابٌ۔

اللَّابَة۔ کالے اونٹ جمع شدہ۔

المَلَاب۔ ایک قسم کی خوشبو جو زعفران کے مشابہ ہے۔

المُلَوَّب۔ منع۔ پیچ دار لوہا۔

اللَّوْلَب۔ پیچ۔ پیچ دار کیل۔ ج لَوَالِب۔

اللَّوْلَبِی۔ جو لَوْلَب کی ہیئت پر ہو۔

المُلَوْلَب۔ سرمہ کی سلائی۔

لَاتَ یَلُوْتُ لَوْتًا الرَّجُلُ: بغیر پوچھے ہوئے خبر دینا — الخَبَرَ: خبر کو چھپانا — فُلَانًا: حق گھٹانا۔

اللَّات۔ زمانہ جاہلیت کے ایک بت کا نام۔

لَاتَ۔ حرف نفی ہے لَیْسَ کا عمل کرتا ہے مگر اس کے بعد دو معمول میں سے ایک ہی ذکر کیا جاتا ہے اور عموماً مرفوع محذوف ہوتا ہے جیسے "وَلَاتَ حِیْنَ مَنَاصٍ" تقدیر عبارت کی یوں ہے "وَلَاتَ الْحِیْنُ حِیْنَ مَنَاصٍ"

لَاثَ یَلُوْثُ لَوْثًا۔ العِمَامَةَ عَلٰی رَاْسِهٖ: سر پر عمامہ لپیٹنا — الصَّبَا بِالْجَبَلِ: کہرے کا پہاڑ کو ڈھانکنا — بِفُلَانٍ: پناہ لینا۔ لَاثَ بِهِ النَّاسُ اردگرد جمع ہونا — دَارَهٗ: ہمیشہ گھر میں رہنا — الشَّیْءَ: منہ میں چبانا — فِی الْاَمْرِ: دیر کرنا۔ عَنِ الْحَاجَةِ: سستی کرنا — ثَوْبَهٗ بِالطِّیْنِ: کپڑے کو کیچڑ میں لتھیڑنا — الشَّیْءَ: بھگا کر ملانا۔ لَاثَ فُلَانٌ: گھومنا۔ کہا جاتا ہے "لَاثَ لَوْثًا مِنَ الْکَلَامِ" بات کو اس نے چبا چبا کے کہا صاف نہیں بیان کیا۔ "وَمَا لَاثَ فُلَانٌ اَنْ غَلَبَ فُلَانًا" وہ غالب آنے سے نہیں رکا۔

لَوِثَ یَلْوَثُ لَوَثًا فِی الْاَمْرِ: تاخیر کرنا۔

لَوَّثَ تَلْوِیْثًا الشَّیْءَ: بھگونا — المَاءَ: گدلا کرنا — ثِیَابَهٗ بِالطِّیْنِ: کپڑوں کو کیچڑ میں لتھیڑنا۔ — التِّبْنَ بِالْقَتِّ: بھوسہ کو چارے میں ملانا — فُلَانًا عَنْ کَذَا: روکنا — الْاَمْرَ: مشتبہ کرنا۔

اَلَاثَ اِلَاثَةً مَالَهٗ بِفُلَانٍ: ودیعت رکھنا۔

اَلْوَثَ اِلْوَاثًا۔ الْاَرْضُ: خشک گھاس میں تر اگانا۔

تَلَوَّثَ تَلَوُّثًا ثَوْبُهٗ بِالطِّیْنِ: کپڑے کا کیچڑ میں لتھڑنا — زَیْدٌ بِعَمْرٍو: پناہ لینا اور نفع کی امید سے صحبت میں رہنا۔

اِلْتَاثَ اِلْتِیَاثًا عَلَیْهِ الْاَمْرُ: پیچیدہ ہونا۔ — بِرِدَائِهٖ: لپٹنا — فِی الْعَمَلِ: دیر کرنا — فِیْ کَلَامِهٖ: حجت سے عاجز رہنا — بِالدَّمِ: خون سے لتھڑنا۔ آلودہ ہونا — البَعِیْرُ: اونٹ کا موٹا اور قوی ہونا — فُلَانًا عَنْ کَذَا: روکنا۔

اللَّائِث۔ فا۔ شیر۔ نَبَاتٌ لَائِثٌ: آپس میں لپٹے ہوئے پودے۔

اللُّوَاث۔ پلیتھن۔

اللُّوَاثَة۔ پلیتھن۔ جماعت۔ وہ شخص جو ہر چیز میں آلودہ ہو جائے۔

اللَّوْث۔ معہ۔ قوت۔ برائی۔ زخم۔ کینہ کے مطالبات۔ کمزور ثبوت۔

اللَّوْث۔ ڈھیل ڈھال۔

اللَّیِّث۔ گنجان نباتات۔

اللَّوْثَة۔ لَاثَ کا اسم مرۃ۔ بیوقوفی۔

اللُّوْثَة۔ ڈھیل ڈھال۔ تاخیر۔ بیوقوفی۔ زبان میں رکاوٹ۔ اثر جنون۔ کہا جاتا ہے "بِهٖ لُوْثَةٌ" اس کے ساتھ جنون کا اثر ہے۔ گوشت و چربی کی زیادتی اور کہا جاتا ہے "رَجُلٌ ذُوْ لُوْثَةٍ" سست و کمزور مرد۔ کہا جاتا ہے: نَبَاتٌ لَیِّثٌ۔ گنجان پودہ۔

اللَّوِیْثَة۔ جماعت۔ کہا جاتا ہے "اِنَّ الْمَجْلِسَ لَیَجْمَعُ لَوِیْثَةً مِنَ النَّاسِ" مجلس مختلف قسم کی جماعتوں کو جمع کر لیتی ہے۔

الْاَلْوَث۔ ڈھیلا ڈھالا۔ قوی۔ سست۔ موٹی زبان والا۔ کمزور عقل والا۔ مؤنث لَوْثَاءُ۔ ج لُوْث۔

المِلَاث والمِلْوَث۔ سردار شریف جس کی پناہ لی جائے۔ ج المَلَاوِث والمَلَاوِثَة والمَلَاوِیْث کہا جاتا ہے "ہم ملاوث" یعنی وہ اشراف ہیں۔

وَاِنَّهٗ لَنِعْمَ الْمِلَاثُ لِلضِّیْفَانِ وہ مہمانوں کیلئے بہترین جائے پناہ ہے۔

المَلَاث۔ مرکز۔ وہ جگہ جس پر کوئی چیز گھومے۔

المُلَیَّث۔ موٹاپے کی وجہ سے سست۔ دِیْمَةٌ لَوْثَاء۔ لگاتار بارش جو گھاس کو بکھیرے۔

لَاجَ یَلُوْجُ لَوْجًا الشَّیْءَ: منہ میں پھرانا۔

لَاحَ یَلُوْحُ لَوْحًا الشَّیْءُ: ظاہر ہونا — البَرْقُ: بجلی کا چمکنا — النَّجْمُ: ستارہ کا نکلنا — اِلَیْهِ: دزدیدہ نگاہ سے دیکھنا — الشَّیْءَ: دیکھنا۔ کہا جاتا ہے "لَاحَهٗ بِبَصَرِهٖ لَوْحَةً" جبکہ دیکھے اور پھر پوشیدہ ہو جائے — العَطَشُ او السَّفَرُ فُلَانًا: متغیر کرنا۔ رنگ بدل دینا (— لَوْحًا و لُوْحًا و لُوَاحًا و لُوُوْحًا و لَوَحَانًا) الرَّجُلُ: پیاسا ہونا۔

لَوَّحَ تَلْوِیْحًا دور سے اشارہ کرنا۔ لَوَّحَ بِسَیْفِهٖ: تلوار چمکانا — بِثَوْبِهٖ: کپڑا بلند کر کے ہلانا۔ کہا جاتا ہے "لَوَّحَ لِلْکَلْبِ بِرَغِیْفٍ فَتَبِعَهٗ" اس نے کتے کو روٹی ہلا کر دکھائی وہ پیچھے ہو لیا — السَّفَرُ وَالْعَطَشُ فُلَانًا: چہرہ متغیر کر دینا — الشَّیْبُ فُلَانًا: سفید بالوں والا کر دینا

— فُلَانًا بِالْعَصَا وَالسَّيْفِ وَالسَّوْطِ وَالنَّعْلِ : اٹھانا اور مارنا۔
الشَّيْئَ بِالنَّارِ : آگ سے گرم کرنا۔
اَلَاحَ اِلَاحَةً الشَّيْئُ : ظاہر ہونا — البَرْقُ : بجلی کا چمکنا — النَّجْمُ : ستارے کا روشن ہونا — بِسَيْفِهٖ اَوْ ثَوْبِهٖ : تلوار یا کپڑے سے اشارہ کرنا — بِحَقِّهٖ : حق مار لینا — فُلَانًا : ہلاک کرنا — مِنْهُ : خوف کرنا۔ پرہیز کرنا — مِنَ الْقَوْلِ : شرمانا — عَلَى الشَّيْئِ : اعتماد کرنا۔
تَلَوَّحَ۔ ظاہر ہونا۔ واضح ہونا۔
اِلْتَاحَ اِلْتِيَاحًا۔ پیاسا ہونا۔
اِسْتَلَاحَ فِي الْاَمْرِ اِسْتِلَاحًا۔ غور کرنا۔
اِسْتَلَاحَ : پیاسا ہونا۔
اللَّيَاحُ وَاللِّيَاحُ۔ صبح۔ جنگلی بیل۔ سفید اور تاکید کے موقع پر بولا جاتا ہے "اَبْيَضُ لَيَاحٌ اَوْ لِيَاحٌ" خالص سفید۔
اللَّائِحَةُ لَائِحٌ کا مؤنث۔ ظاہر ہونے والی۔ ج لَوَائِحُ۔ کہا جاتا ہے "نَظَرْتُ اِلَى لَوَائِحِهٖ وَالْوَاحِهٖ" میں نے اس کی ظاہری شکل و صورت کو دیکھا۔ اللَّائِحَةُ رجسٹر۔ جس میں حساب درج کیا جائے۔ (مولدہ)
اللَّوْحُ۔ تختی۔ ہر چوڑی چیز لکڑی ہو یا ہڈی یا لوہا ج اَلْوَاحٌ۔ لَوْحُ الْجَسَدِ : ہاتھ اور ٹانگ کی ہڈی کے علاوہ ہڈی۔ یا ہر وہ ہڈی جو چوڑی ہو۔ ج اَلْوَاحٌ جج اَلَاوِيحُ۔ اَلْوَاحُ السِّلَاحِ : چمکدار ہتھیار۔
اللُّوحُ۔ پیاس۔ فضاء آسمانی۔
اِبِلٌ لَوْحَى : پیاسے اونٹ۔
التَّلَاوِيحَاتُ۔ کتاب کے حواشی و نوٹ۔
الْمُلْتَاحُ۔ دھوپ یا سفر کی وجہ سے متغیر رنگ والا۔
الْمِلْوَاحُ۔ لمبا۔ دبلا۔ جلد دبلی ہونے والی عورت۔ بڑی اور چوڑی چکلی ہڈی والا۔ اُلو جس کی ٹانگ کو باز کے شکار کرنے کے لیے باندھ دیا جائے۔
الْمِلْوَاحُ وَالْمِلْوَحُ وَالْمِلْيَاحُ۔ جلدی پیاسا ہونے والا۔ ج مَلَاوِيحُ۔ کہا جاتا ہے "اِبِلٌ مَلَاوِيحُ" جلدی پیاسے ہونے والے اونٹ۔

قِدْحٌ مُلَوَّحٌ۔ آگ سے متغیر شدہ تیر۔
لَاخَهٗ يَلُوْخُهٗ لَوْخًا۔ ملانا۔
اِلْتَاخَ اِلْتِيَاخًا۔ ملنا — الْعَجِيْنُ : گندھے ہوئے آٹے میں خمیر اُٹھنا۔
اللِّوَاخَةُ وَاللِّيَاخَةُ۔ مکھن دودھ سے ملا ہوا۔
لَوَذَ يَلْوَذُ لَوَذًا۔ سرکش ہونا۔ نافرمان ہونا۔
الْاَلْوَذُ۔ سرکش۔ نافرمان۔ جو عدل کی طرف مائل نہ ہو۔ موٹی گردن۔ ج اُلْوَاذٌ۔
لَاذَ يَلُوْذُ لَوْذًا وَلَوَاذًا وَلِوَاذًا وَلُوَاذًا وَلِيَاذًا۔ بِالْجَبَلِ : پہاڑ میں چھپنا۔ پناہ گیر ہونا — بِالْقَوْمِ : پناہ میں آنا — الطَّرِيْقُ بِالدَّارِ : راستہ کا گھر سے متصل ہونا۔
لَاوَذَ يُلَاوِذُ لِوَاذًا وَمُلَاوَذَةً بِفُلَانٍ : پناہ میں آنا — عَنْهُ : فریب دینا — فُلَانًا : مخالفت کرنا۔ الْقَوْمَ : مدارات کرنا — الْقَوْمُ : ایک دوسرے کی پناہ لینا — بِالْقَوْمِ : گرد گھومنا۔
اَلَاذَ اِلَاذَةً بِالْجَبَلِ وَ بِالْقَوْمِ : بمعنی لَاذَ۔ الطَّرِيْقُ بِالدَّارِ : احاطہ کرنا اور متصل ہونا۔ اَلَاذَتِ الدَّارُ بِالطَّرِيْقِ : گھر کا راستہ سے متصل ہونا۔
اللَّوْذُ۔ مص۔ پہاڑ کا کنارہ۔ کہا جاتا ہے اِعْتَصَمَ بِلَوْذِ الْجَبَلِ وَ بِالْوَاذِهٖ اس نے پہاڑ کے کنارے پناہ لی۔ وادی کا موڑ۔ کہا جاتا ہے "نَزَلُوْا بِلَوْذِ الْوَادِيْ" وہ لوگ وادی کے گوشہ میں اُترے۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ يَطُوْفُ فِي الْوَاذِ الْبِلَادِ" فلاں ملک کے اطراف میں پھرتا ہے "وَهُوَ لَوْذُهٗ" وہ اس سے قریب ہے۔ ج اَلْوَاذٌ۔
لَوْذَانُ الشَّيْئِ : جانب۔
اللَّوْذَانِيَّةُ۔ قریب رہی۔
اللَّاذَةُ۔ سرخ ریشمی کپڑا۔ ج لَاذٌ۔
التَّلْوَاذُ۔ اسم ہے بمعنی مُلَاوَذَةٌ۔ کہا جاتا ہے "لَهُمْ تَلْوَاذٌ" یعنی بعض بعض کی پناہ لیتا ہے۔
لِوَاذُ الشَّيْئِ : قریب قریب۔ کہا جاتا ہے "لِيْ مِنَ الدَّرَاهِمِ مِائَةٌ اَوْ لِوَاذُهَا" میرے پاس سو یا اس کے قریب قریب درہم ہیں۔
الْمَلَاذُ۔ قلعہ۔ جائے پناہ۔
الْمَلَاوِذُ۔ ازاریں۔ واحد مِلْوَذٌ۔
الْمِلْوَذَةُ۔ جائے پناہ۔

اللَّوْزُ۔ گاڑھا دودھ۔ جو پیوسی اور پنیر کے درمیان ہو۔ جس کو اہل شام قَرِيْشَةٌ کہتے ہیں۔
لَازَ يَلُوْزُ لَوْزًا۔ اِلَيْهِ : پناہ لینا — مِنْهُ : رہائی پانا — الشَّيْئَ : کھانا۔
لَوَّزَ تَلْوِيْزًا۔ التَّمْرَ : چھوارے میں بادام بھرنا۔
اللَّوْزُ۔ بادام۔ واحد لَوْزَةٌ۔
اللَّوْزَةُ۔ حلق میں کوے کے قریب کا گوشت اور وہ دو دو ہوتے ہیں۔ اللَّوْزَتَانِ : سرین کے دو گڑھے۔ کہا جاتا ہے "اِنَّهٗ لَعَوْزٌ لَوْزٌ" یعنی وہ محتاج ہے۔ لَوْز تابع ہے۔
اللَّوْزِيُّ۔ بادام کی شکل کا۔
الْمَلَازُ۔ جائے پناہ۔
اَرْضٌ مَلَازَةٌ۔ بادام والی سرزمین۔
الْمُلَوَّزُ۔ بادام سے بھری ہوئی کھجور۔ وَجْهٌ مُلَوَّزٌ : حسین و ملیح چہرہ۔
اللَّوْزِيْنَجُ۔ ایک قسم کا حلوا۔ لوزینہ۔
لَاسَ يَلُوْسُ لَوْسًا۔ الْحَلَاوَاتِ وَغَيْرَهَا : کھانے وغیرہ کیلئے مٹھائی وغیرہ ڈھونڈنا۔ صفت لَائِسٌ وَلَئُوْسٌ وَلَوَّاسٌ وَالْوَسُ — الشَّيْئَ : چکھنا — الشَّيْئَ فِيْ فَمِهٖ : منہ میں پھرانا اور کہا جاتا ہے "هُوَ لَا يَلُوْسُ كَذَا" وہ اتنا نہیں دیتا۔
اللُّوَاسَةُ۔ لقمہ۔
اللُّوْسُ۔ جمع لَائِسٍ کی (جیسے بَازِلٌ و بُزُلٌ) کھانا۔ کہا جاتا ہے مَاذُقْتُ لَوُوْسًا اَوْ لَوَاسًا یعنی میں نے نہیں چکھا۔
لَاصَ يَلُوْصُ لَوْصًا۔ دروازے کی جھری سے دیکھنا — عَنْهُ : الگ ہونا۔ ہٹنا۔
لَوَّصَ تَلْوِيْصًا۔ خالص شہد کھانا۔
لَاوَصَ مُلَاوَصَةً۔ دروازے کی جھری سے دیکھنا — اِلَيْهِ : اس طرح دیکھنا گویا کسی ارادہ سے فریب دے رہا ہے — فُلَانًا عَنْ كَذَا : فریب دینا — الشَّجَرَةَ : درخت کو کلہاڑی سے کاٹنے کے ارادہ سے دائیں بائیں دیکھنا۔
اَلَاصَ اِلَاصَةً عَلَى الشَّيْئِ : گھمانا۔ چکر دینا۔ ارادہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "مَا اَلَصْتُ اَنْ آخُذَ مِنْهُ شَيْئًا" میں نے اس سے کچھ لینے کا ارادہ نہیں کیا۔
اُلِيْصَ الرَّجُلُ : کپکپی زدہ ہونا۔

تَلَوَّصَ تَلَوُّصًا۔ لپٹنا۔ لوٹ پوٹ ہونا۔
اللَّوْص۔ مص۔ کان یا سینہ کا درد۔
اللَّوَاص۔ شہد خالص۔
اللَّوْصَة۔ پیٹھ کا درد۔
المُلاَوِص۔ چاپلوسی کرنے والا۔ فریبی۔
لَاطَ يَلُوْطُ لَوْطًا الْحَوْضَ: حوض کو مٹی سے لیپنا — الشَّيْءَ بِالشَّيْءِ: چپکانا — الْإِنْسَانَ: مارنا۔ دھتکارنا۔ کہا جاتا ہے "لَاطَ الشَّيْءُ بِقَلْبِيْ" چیز میرے دل میں جم گئی — فُلَانًا بِعَيْنٍ: نظرِ بد لگانا — فُلَانًا بِسَهْمٍ: تیر مارنا — فُلَانًا بِفُلَانٍ: لاحق کرنا۔ نسبت کرنا — الشَّي: چھپانا (— لَاطًا) فِي الْأَمْرِ: اصرار کرنا (— لَوْطًا و لِوَاطَةً و لَاوَطَ و تَلَوَّطَ) اغلام کرنا۔
لَوَّطَه تَلْوِيْطًا بِالطِّيْبِ: خوشبو سے لت پت کرنا۔
اِلْتَاطَهُ اِلْتِيَاطًا و اِسْتَلَاطَه اِسْتِلَاطَةً منہ بولا بیٹا بنانا۔
اِلْتَاطَ حَوْضًا: اپنے لیے حوض میں مٹی لگانا۔ کہا جاتا ہے "اِلْتَاطَ بِقَلْبِيْ" یعنی میرے دل میں جم گیا۔
اللِّيَاط۔ سود۔ بیاج۔
اللَّوْط۔ مص۔ چادر۔ پھرتیلا مرد۔ سود۔ چپکنے والی چیز۔ کہا جاتا ہے "اِنِّيْ لَاَجِدُ لَهٗ فِيْ قَلْبِيْ لَوْطًا" میں اپنے دل میں اس کی پیوستہ محبت کو محسوس کرتا ہوں۔
الْاَلْوَط۔ اسم تفضیل۔ کہا جاتا ہے "هُوَ اَلْوَطُ بِقَلْبِيْ" وہ میرے دل کے ساتھ زیادہ چسپاں ہے۔
الْمُسْتَلَاط۔ منہ بولا بیٹا۔
لَاظَهٗ يَلُوْظُهٗ لَوْظًا۔ بمعنی لَاظَهٗ۔
اِلْتَاظَتِ الْحَاجَةُ: دشوار ہونا۔
اَلْمِلْوَظ۔ چھڑی یا کوڑا۔
لَاعَه يَلُوْعُهٗ لَوْعًا۔ الْحُبُّ: بیمار کر دینا۔
لَاعَتِ الشَّمْسُ فُلَانًا۔ رنگ بدل دینا (— لَوْعًا و لُوُوْعًا) الرَّجُلُ: بزدل یا لالچی اور بداخلاق ہونا۔
لَاعَ يَلُوْعُ و يَلَاعُ لَوْعَةً۔ گھبرانا۔ تنگدل ہونا۔ یا مریض ہونا۔ غم یا عشق سے دل جلنا۔

لَوَّعَهٗ تَلْوِيْعًا۔ الْحُبُّ: بیمار کر دینا۔ عوام کہتے ہیں "لَوَّعَ فُلَانًا" یعنی عذاب دیا۔
اَلَاعَتْه اِلَاعَةً الشَّمْسُ: رنگ بدل دینا۔
الثَّدْيُ: پستان کے سرے کا کالا اور متغیر ہونا۔
اِلْتَاعَ اِلْتِيَاعًا قَلْبُهٗ: دل کا غم یا عشق سے جل اٹھنا۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ هَائِعٌ لَائِعٌ وهَاعٌ و لَاعٌ" یعنی بزدل اور خائف اور مؤنث کے لیے "هَاعَةٌ لَاعَةٌ"
اللَاع۔ خائف یا بزدل۔ مریض۔ ج لَاعُوْن ولَاعَةٌ واَلْوَاعٌ۔
اللاعَة اللَاع کا مؤنث۔ تیز خاطر۔ ج لَاعَات۔
اللَّوْعَة۔ لَاعَ کا اسم مرۃ۔ غم یا عشق و محبت کی جلن۔ کہا جاتا ہے "فِيْ قَلْبِهٖ لَوْعَةٌ" اس کے دل میں سوزش ہے۔ پستان کے سرے کی سیاہی۔
لَافَ يَلُوْفُ لَوْفًا الطَّعَامَ: کھانا یا چبانا۔ لَافَتِ الدَّابَّةُ الْكَلَاَ: چوپایہ کا سوکھی گھاس کھانا۔
اللُّوْف۔ مص — مِنَ الْكَلَا او الطَّعَامِ: غیر مرغوب گھاس یا کھانا۔
اللُّوْف۔ ایک قسم کا پودہ ہے جس کی جڑ میں جنگلی پیاز کی طرح نکلتا ہے۔ واحد لُوْفَةٌ۔
اللُّوْفِي۔ ایک قسم کی نباتات ہے جو پرانے اسہال کے لیے مجرب ہے۔
اللَّيِّف۔ خشک گھاس۔ (اصل اس کی لَيْوِف ہے)
اللُّوَافَة۔ ملیتھن۔
اللَّوَّاف۔ شطرنجی ساز۔ کہا جاتا ہے كَلَا مَلُوْفٌ۔ بارش سے تر گھاس۔
لَاقَهٗ يَلُوْقُهٗ لَوْقًا نرم کرنا۔ لَاقَ عَيْنَهٗ: آنکھ پر مارنا — الدَّوَاةَ: دوات میں روشنائی درست کرنا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ لَا يَلُوْقُ عِنْدَكَ" وہ تمہارے پاس نہیں ٹھہرتا ہے۔
لَوَّقَ تَلْوِيْقًا۔ الطَّعَامَ: گھی یا مکھن سے تیار کرنا۔
اللُّوْق۔ نرم کی ہوئی چیز۔
اللَّوَق۔ بیوقوفی۔
اللَّوْقَة۔ لَاقَ کا اسم مرۃ۔ وقت۔ کہا جاتا ہے "ذَهَبَ فُلَانٌ لَوْقَةً" فلاں اسی وقت گیا۔ کہا جاتا ہے مَاذَاقَ لَوَاقًا اس نے کچھ نہیں چکھا۔

اللُّوْقَة وَالْاَلُوْقَة۔ مکھن۔
الْاَلْوَق۔ بیوقوف۔
المِلْوَق۔ دوا فروش کا چمچہ۔ (مولدۃ)
لَاكَ يَلُوْكُ لَوْكًا اللُّقْمَةَ: لقمہ کو آہستہ چبانا اور منہ میں پھرانا — الْفَرَسُ اللِّجَامَ: چبانا اور کاٹنا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ يَلُوْكُ اَعْرَاضَ النَّاسِ" وہ لوگوں کی عیب گیری کرتا ہے وَالِكْنِيْ اِلٰى فُلَانٍ میرا پیغام فلاں کو پہنچا دو۔ (اصل اَلْئِكْنِيْ ہے)
اللَّوَاك چبانے کی چیز۔ کہا جاتا ہے "مَا ذَاقَ لَوَاكًا"
اللَّوْلَاءُ۔ سختی و تکلیف۔ کہا جاتا ہے وَقَعَ فِي اللَّوْلَاءِ وہ سختی میں پڑا۔
لَوْلَا۔ حرف تخصیص و تندیم ہے۔ تین طریقوں سے مستعمل ہے۔
(۱) دو جملوں پر داخل ہوتا ہے جس میں پہلا جملہ اسمیہ اور دوسرا فعلیہ ہوتا ہے اور اول کے وجود سے انتفاء ثانی پر دلالت کرتا ہے جیسے "لَوْلَا زَيْدٌ لَاَكْرَمْتُكَ" اگر زید موجود نہ ہوتا تو میں تیرا اکرام کرتا۔ اور جب لَوْلَا کے بعد ضمیر واقع ہو تو ضمیر مرفوع ہونا چاہئے جیسے "لَوْلَا اَنْتُمْ لَكُنَّا مُؤْمِنِيْنَ"
اور لَوْلَايَ لَوْلَاكَ لَوْلَاهُ بہت کم سنا گیا ہے۔
(۲) اور تخصیص اور عرض کے لیے اس صورت میں مضارع کے ساتھ خاص ہے چاہے حقیقتاً ہو یا تاویلاً جیسے "لَوْلَا تَسْتَغْفِرُوْنَ اللّٰهَ" کیوں تم اللہ سے استغفار نہیں کرتے۔ اور "لَوْلَا اَخَّرْتَنِيْ اِلٰى اَجَلٍ قَرِيْبٍ"
(۳) توبیخ اور تندیم کیلئے۔ اس صورت میں ماضی کے ساتھ خاص ہے جیسے "لَوْلَا جَاءُوْا عَلَيْهِ بِاَرْبَعَةِ شُهَدَاءَ" اور اصل لولا کی لَو ہے جو لا کے ساتھ مرکب ہے اور اس کیلئے جواب کا ہونا ضروری ہے۔ اور اس کے جواب میں لام اکثر آتا ہے مگر جبکہ منفی بلَمْ ہو تو لام کا داخل ہونا ممتنع ہے۔
اللَّوْلَب۔ دیکھو مادہ "لَوْب"
لَوْلٰى لَوْلَاةً۔ پشت پھیرنا۔ کہا جاتا ہے "لَوْلَا مُدْبِرًا"۔
لَامَهٗ يَلُوْمُهٗ لَوْمًا و مَلَامًا و مَلَامَةً فِيْ كَذَا و

عَلٰی کَذَا: ملامت کرنا۔ صفت فاعلی۔ لَائِم و صفت مفعولی مَلُوْمٌ و مَلِیْمٌ۔
لِیْمَ بِہٖ: کاٹا جانا۔
لَوَّمَا تَلْوِیْمًا۔ ملامت کرنا۔ تشدید مبالغہ کے لئے ہے۔ لَوَّمَ لَامًا: حرف لام لکھنا۔
لَاوَمَہ مُلَاوَمَۃً و لِوَامًا۔ ایک دوسرے کو ملامت کرنا۔
اَلَامَہ اِلَامَۃً۔ ملامت کرنا۔ صفت فاعلی مُلِیْم اور صفت مفعولی مُلَام اور اسم المَلَامَۃ۔ ج مَلَاوِم۔ اَلَامَ الرَّجُلُ: مستحق ملامت فعل کرنا۔
تَلَوَّمَ تَلَوُّمًا فِی الْاَمْرِ: انتظار کرنا۔ دیر کرنا۔
تَلَاوَمُوْا۔ بعض کا بعض کو ملامت کرنا۔
اِلْتَامَ اِلْتِیَامًا۔ ملامت قبول کرنا۔
اِسْتَلَامَ اِسْتِلَامًا۔ مستحق ملامت ہونا۔
— اِلٰی ضَیْفِہٖ: اچھا سلوک نہ کرنا — اِلَیْہِمْ: ایسا فعل کرنا جس پر لوگ ملامت کریں۔
اللَّائِم۔ فا۔ ج لُوَّم و لُوَّام و لُیَّم۔
اللَّائِمَۃُ۔ لَائِم کا مؤنث۔ ملامت۔ کہا جاتا ہے "اِسْتَحَقَّ اللَّائِمَۃَ" مستحق ملامت ہے۔ ج لَوَائِم۔
اللَّام۔ خوف۔ وجود۔ نزدیکی۔ ہر چیز کا سخت۔ حرف لام۔ ج لَامَات۔
اللَّوْم۔ مص۔ ملامت۔ خوف۔
اللُّوْم۔ لوم کا تخفیف شدہ۔
اللَّوَم۔ بہت ملامت۔
اللَّوْمٰی و اللَّوْمَاء۔ ملامت۔
اللَّامَۃ۔ خوف۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ بِلَامَۃٍ" قابل ملامت فعل کیا۔
اللَّوْمَۃ۔ لَامَ کا اسم مرۃ۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ بِلَوْمَۃٍ" ایسا کام کرنا جس پر ملامت کی جائے۔
اللُّوْمَۃ۔ جس کو لوگ ملامت کریں۔ انتظار۔ کہا جاتا ہے "لِیْ فِیْہِ لُوْمَۃٌ" مجھے اس کا انتظار ہے۔
اللُّوَمَۃ۔ جو لوگوں کو بہت ملامت کرے۔
اللَّوَّام و اللَّوَّامَۃ۔ بہت ملامت کرنے والا۔ "النَّفْسُ اللَّوَّامَۃ" وہ نفس جو کسی غلطی کے ارتکاب پر ملامت کرے۔
اللَّامِیُّ۔ لام کی جانب منسوب۔
لَامِیَّۃُ الْعَجَم: طغرائی کا قصیدہ لامیہ۔ لَامِیَّۃُ الْعَرَب: شنفری کا قصیدہ لامیہ۔
کہا جاتا ہے "اَنْتَ اَلْوَمُ مِنْ فُلَانٍ"۔ تو فلاں سے زیادہ قابل ملامت ہے۔
المُتَلَوِّم۔ فا۔ برے فعل کی وجہ سے قابل ملامت حاجت پوری کرنے کا منتظر۔
لَوَّنَ تَلْوِیْنًا الشَّیْءَ: رنگین کرنا — البُسْرُ: پختگی کا اثر ظاہر ہونا۔ کہا جاتا ہے "لَوَّنَ الشَّیْبُ فِیْہِ" بالوں میں سفیدی ظاہر ہوئی۔
تَلَوَّنَ الشَّیْءُ: رنگین ہونا۔ مختلف رنگ کا ہونا — الرَّجُلُ: متلون مزاج ہونا۔
اِلْوَنَّ اِلْوِنَانًا۔ بمعنی تَلَوَّنَ۔
اللَّوْن۔ جو ایک چیز کو دوسرے سے ممتاز کر دے۔ رنگ۔ ج اَلْوَان۔
اللَّوْن۔ قسم۔ کہا جاتا ہے "عِنْدَہٗ لَوْنٌ مِنَ الثِّیَابِ" اس کے پاس کپڑے کی ایک قسم ہے۔ "وَتَنَاوَلَ کَذَا وَکَذَا لَوْنًا مِنَ الطَّعَامِ" اس نے فلاں فلاں قسم کے کھانے کھائے۔ اور کہا جاتا ہے "اَتٰی بِاَلْوَانٍ مِنَ الْحَدِیْثِ" اس نے مختلف قسم کی باتیں کیں۔
التَّلْوِیْن۔ مص۔ تفکہ اور تلذذ کیلئے مختلف قسم کے کھانے پیش کرنا۔ کلام میں ایک اسلوب سے دوسرے اسلوب کو اختیار کرنا۔
المُتَلَوِّن۔ فا۔ جو ایک حالت و کیفیت پر قائم نہ رہے۔
لَاہَ یَلُوْہُ لَوْہًا و لَوْہَانًا و تَلَوَّہَ السَّرَابُ: چمکنا۔
اللَّاہَۃ۔ سانپ۔
لَوْہُ السَّرَابِ و لَوْہَتُہٗ و لُوْہَتُہٗ۔ سراب کی چمک۔
لَوَاہُ (وَاوِیَۃُ الْعَیْنِ وَاللَّام) یَلْوِیْہِ لَیًّا و لِیًّا و لَیَّانًا و لِیَّانًا دَیْنَہٗ و بِدَیْنِہٖ: قرض میں ٹال مٹول کرنا — فُلَانًا بِحَقِّہٖ: حق کا انکار کرنا۔
لَوِیَ یَلْوٰی لَوًی الْقِدْحُ اَوِ الرَّمْلُ: تیر یا ریت کا ٹیڑھا ہونا — النَّبْتُ: نباتات کا خشک ہونا — المِعْدَۃُ اَوِ الظَّہْرُ: معدہ کا درد والا ہونا۔ پیٹھ کا خمیدہ ہونا۔ صفت مذکر لَوٍ۔ صفت مؤنث لَوِیَۃٌ۔
لَوِیَتْ لَوًی: الحَیَّۃُ: سانپ کا کنڈلی مارنا۔
لَاوَتْ مُلَاوَاۃً و لِوَاءً الحَیَّۃُ الحَیَّۃَ: سانپ کا سانپ پر لپٹنا۔
اَلْوَی اِلْوَاءً الْقَوْمُ: ریت کے موڑ پر پہنچنا — الرَّجُلُ: خشک کھیتی والا ہونا۔ دوسرے کیلئے جو کھانا چھپا کر رکھا ہو اس کو کھانا۔ امیر کے جھنڈے کو سینا — اَلْاَمِیْرُ لَہٗ لِوَاءً: امیر کا کسی کیلئے جھنڈا نصب کرنا — البَقْلُ: سبزی کا مرجھانا — فُلَانٌ: بہت تمنا کرنا — بِیَدِہٖ او بِثَوْبِہٖ: ہاتھ یا کپڑے سے اشارہ کرنا — بِہٖ: لے جانا — بِحَقِّ فُلَانٍ: حق کا انکار کرنا — بِمَا فِی الْاِنَاءِ: اپنے لیے خاص کرنا — بِہِمُ الدَّہْرُ: ہلاک کرنا — بِکَلَامِہٖ: کلام میں تبدیلی کرنا — النَّبْتُ: نباتات کا خشک ہونا۔ فُلَانٌ اللِّوَاءَ: بلند کرنا اور نصب کرنا۔
تَلَوّٰی تَلَوِّیًا الشَّیْءُ: مڑنا — البَرْقُ فِی السَّحَابِ: بجلی کا بادل میں پراگندہ چمکنا۔
تَلَاوَوْا تِلَاوِیًا عَلٰی فُلَانٍ: جمع ہونا۔ وَ تَلَاوَیَا ایک دوسرے پر لپٹنا۔
اِلْتَوٰی اِلْتِوَاءً الْقِدْحُ اَوِ الرَّمْلُ: تیر یا ریت کا ٹیڑھا ہونا — عَلَیْہِ الْاَمْرُ: دشوار ہونا — الشَّیْءُ: مڑنا — لَوِیَّۃً: دوسرے کے لیے کھانا چھپا کر رکھنا۔
اِسْتَلْوٰی بِہِمُ الدَّہْرُ: ہلاک کرنا۔
اللَّوُوْنَ و اللَّاؤُوْا۔ الَّذِیْنَ کی جمع۔
اللَّاوِی۔ اسم فاعل۔ ج لَاوُوْن و لُوَاۃ۔
اللَّاوِیُّ لاوی بن یعقوب بن اسحٰق بن ابراہیم علیہ السلام کی جانب منسوب۔
سِفْرُ اللَّاوِیِّیْنَ۔ موجودہ بائبل کی کتابوں میں سے ایک کتاب۔
اللِّوَاء۔ جھنڈا۔ اور یہ رایت سے چھوٹا ہوتا ہے اور کہا جاتا ہے کہ لِوَاء اس وجہ سے کہتے ہیں کہ بڑے ہونے کی وجہ سے موڑ کے رکھا جاتا ہے اور ضرورت ہی کے وقت کھولا جاتا ہے۔ ج اَلْوِیَۃٌ و اَلْوِیَات۔ کہا جاتا ہے بَعَثُوْا بِالسِّوَاءِ وَاللِّوَاءِ۔
اللَّوٰی۔ مص۔ معدہ کا درد۔ پشت کی کجی۔
اللَّوٰی: بمعنی اللَّائِی جمع اَلَّتِیْ۔
اللَّوٰی۔ باطل باتیں۔
اللِّوٰی۔ ریت کا موڑ۔ یا ریت کی تنگ جگہ

اَلْوَاءٌ و اَلْوِيَةٌ-
الْاَلْوَاء- وادی کے موڑ- مملکت کے اطراف-
اللَّوَّا- ایک پرندہ-
اللَّيَّاء- مؤنث اَلْوىٰ :پانی سے دور جگہ-
اللاَّوِيَاء- ایک قسم کی گھاس' داغ کرنے کا آلہ-
اللُّوَّة- بدصورتی-
اللُّوَّة و اللِّيَة- عود جس کی دھونی دی جائے-
اللِّيَة : قرابتیں-
اللاتُ- زمانہ جاہلیت کے ایک بت کا نام-
اللَّوِيُّ- خشک گھاس- مرجھائی ہوئی گھاس-
اللَّوِيُّ- ایک درخت کا نام-
اللَّوِيَّة- دوسرے کیلئے چھپا کر رکھا ہوا کھانا ج لَوَايَا-
الْاَلْوىٰ- سخت جھگڑالو- سخت جنگجو- تنہا گوشہ نشین- مؤنث لَيَّاء- الْاَلْوىٰ مِنَ الطَّرِيْقِ :دور کا غیر معروف راستہ- ٹیڑھا سینگ- خلقتاً مڑی ہوئی دم- ج لُيٌّ بِالضَّمِ- اور قیاس کے مطابق لِيٌّ کسرہ یاء کی مناسبت سے ہونا چاہیئے- کہا جاتا ہے رَمَاهُ اللّٰهُ بِاَخْوىٰ اَلْوىٰ- خدا اس کو بڑی مصیبت میں مبتلا کرے-
لَوىٰ (وَاوِيَّةُ الْعَيْنِ يائيه اللام) يَلْوِيْ لَيًّا و لَوْيًا و لُوِيًّا الْحَبْلَ : رسی بٹنا- موڑنا — الْغُلَامُ : لڑکے کا بیس سال کا ہونا — عَنِ الْاَمْرِ : سستی کرنا- کہا جاتا ہے "لَوَتِ اللَّيَالِي كَفَّهُ عَلَى الْعَصَا" یعنی بوڑھا بنا دیا (— لَيًّا و لَيَّانًا) اَمْرَهُ عَنِّيْ : پوشیدہ رکھنا — سِرَّهُ : چھپانا — الْحُزْنُ قَلْبَهُ : پھیر دینا — عَلَيْهِ : مڑنا یا انتظار کرنا- کہا جاتا ہے "مَرَّ لَا يَلْوِيْ عَلَى اَحَدٍ" وہ اس حال میں گزرا کہ نہ تو ٹھہرتا ہے نہ انتظار کرتا ہے- رَاسَهُ' و بِرَاسِهِ : پھیرنا یا اعراض کرنا- لَوَتِ النَّاقَةُ بِذَنَبِهَا : حرکت دینا — فُلَانًا عَلٰى فُلَانٍ :فضیلت دینا- اور کہا جاتا ہے "فُلَانٌ لَا يَلْوِيْ ظَهْرَهُ" جبکہ شدت بیان کرنی مقصود ہو-
لَوَّىٰ تَلْوِيَةً- عَلَيْهِ الْاَمْرَ :دشوار کرنا- کہا جاتا ہے "لَوَّىٰ اَعْنَاقَ الرِّجَالِ" یعنی ان کے اوپر غالب آ گیا-

اَلْوىٰ اِلْوَاءً- بِرَاسِهِ : پھیرنا- اَلْوَتِ النَّاقَةُ بِذَنَبِهَا دم ہلانا-
تَلَوَّىٰ تَلَوِّيًا و اِلْتَوىٰ اِلْتِوَاءً الْحَبْلُ : رسی کا بٹا جانا-
تَلَوَّتِ الْحَيَّةُ :کنڈلی مارنا-
اِلْتَوىٰ- الْاَمْرُ : دشوار ہونا — عَنِ الْاَمْرِ : سستی کرنا-
الْمَلَاوِي- مڑے ہوئے راستے- کہا جاتا ہے "سَلَكُوْا الْمَلَاوِيَ"
مُلْتَوىٰ- الْوَادِيْ :وادی کا موڑ-
اللَّيَّة- لَوىٰ کا اسم مرة- ج لَوىً-
اَلْيَاتْ اِلْيَاءً- النَّاقَةُ :اونٹنی کا سست چلنا-
لَاتَهُ يَلِيْتُهُ لَيْتًا- عَنْ كَذَا : روکنا- پھیرنا- لَاتَ زَيْدًا حَقَّهُ : حق کا گھٹانا-
اَلَاتَهُ اِلَاتَةً- عَنْ كَذَا : روکنا- پھیرنا- کہا جاتا ہے "مَا اَلَاتَهُ مِنْ عَمَلِهِ شَيْئًا" اس نے اس کے عمل میں کچھ کم نہیں کیا-
اللِّيْتُ- کنارہ گردن- مثنی لِيْتَانِ ج اَلْيَات-
لَاتَ- دیکھو- ل ا ت
لَيْتَ- حرف تمنی ہے- مستحیل پر اکثر آتا ہے جیسے لَيْتَ الشَّبَابَ يَعُوْدُ کاش جوانی لوٹتی- اور ممکن پر کم جیسے لَيْتَ الْعَلِيْلَ يَصِحُّ- کاش بیمار تندرست ہوتا اور یہ اسم کو نصب اور خبر کو رفع دیتا ہے اور لَيْتَ کے ساتھ ما متصل ہوتا ہے- مگر پھر بھی اسماء ہی پر داخل ہوتا ہے اسی وجہ سے ليتما قام زَيْدٌ کہنا جائز نہیں اور اس وقت عمل و ابطال عمل دونوں جائز ہیں عمل تو اختصاص بالاسماء کی وجہ سے اور ابطال عمل دوسرے حروف مُشَبَّه بالفعل پر حمل کی وجہ سے- اور جب لَيْتَ کے ساتھ یا متکلم متصل ہو تو لَيْتَنِيْ و لَيْتِيْ دونوں کہا جاتا ہے- مگر لیتی نادر ہے-
لَيَّثَ تَلْيِيْثًا و لُيِّثَ و تَلَيَّثَ تَلَيُّثًا الرَّجُلُ : شیر جیسا ہونا-
لَايَثَهُ مُلَايَثَةً- شیر جیسا معاملہ کرنا- شیر کی صفت میں فخر کرنا-
اِسْتَلْيَثَ- شیر جیسا ہونا-
اللَّائِثُ- شیر-
اللَّيْثُ- شیر- ایک قسم کی مکڑی- قوت و شدت' زبان آور بلیغ- ج لُيُوْثٌ و مَلْيَثَةٌ-
اللَّيْثَة- شیرنی- مضبوط اونٹنی- ج لَيْثَات-
الْاَلْيَثُ- بہادر- مؤنث لَيْثَاء- ج لِيْثٌ اور کہا جاتا ہے "هُوَ اَلْيَثُ اَصْحَابِهِ" وہ اپنے ساتھیوں میں زیادہ قوی اور مضبوط ہے-
الْمِلْيَثُ- مضبوط قوی-
الْمُلْيَثُ- موٹا- خوار و ذلیل-
اللَّيَاذ- تھوڑی چیز- کہا جاتا ہے "مَا تَرَكْتُ لَهُ لَيَاذًا" میں نے اس کے لیے کچھ نہیں چھوڑا-
لَاذَ يَلِيْذُ لَيْذًا- الرَّجُلُ :پناہ لینا-
الْمَلِيْذ- جائے پناہ-
لَيِسَ يَلْيَسُ لَيَسًا الرَّجُلُ : دلیر و بہادر ہونا — عَنْهُ :غافل ہونا-
لَيْسَ- مختلف طریقے سے مستعمل ہے-
(۱) نفی حال کیلئے- اور قرینہ سے حال کے علاوہ کی بھی نفی کرتا ہے جیسے "لَيْسَ خَلَقَ اللّٰهُ مِثْلَهٗ" اور یہ ایسا فعل ہے جس کی گردان نہیں آتی- اس کا وزن فعل ہے مگر عین کلمہ کو تخفیفاً ساکن کر دیا گیا ہے اور یہ اسم کو رفع اور خبر کو نصب دیتا ہے جیسے "لَيْسَ زَيْدٌ قَائِمًا" اور اس کی خبر کا اس کے اوپر مقدم کرنا جائز نہیں اور کبھی اس کے ذریعہ سے استثناء کیا جاتا ہے جیسے "جَاءَ نِي الْقَوْمُ لَيْسَ زَيْدًا" اس صورت میں اسم ضمیر مستتر ہے اور جو اسم کے بعد میں واقع ہے وہ بنا بر خبریت کے منصوب ہے-
(۲) یہ کہ خبر مع اِلَّا کے ہو جیسے لَيْسَ الطِّيْبُ اِلَّا الْمِسْكُ-
(۳) یہ کہ جملہ فعلیہ پر داخل ہو یا مبتدا و خبر کہ دونوں مرفوع ہوں اور اس صورت میں اسم ضمیر شان ہوگی اور جو جملہ کے بعد میں واقع ہو گا وہ خبر ہو گا اور محلاً منصوب ہو گا- جیسے لَيْسَ يَقُوْمُ زَيْدٌ- لَيْسَ زَيْدٌ قَائِمٌ- اور لَيْسَ کی خبر میں تاکید نفی کیلئے با داخل کرتے ہیں اس صورت میں خبر لفظاً مجرور اور محلاً منصوب ہوتی ہے- جیسے لَيْسَ اللّٰهُ بِظَالِمٍ-
تَلَيَّسَ الرَّجُلُ :صاحب قوت ہونا-
تَلَايَسَ الرَّجُلُ تَلَايُسًا- نیک خو ہونا-
عَنْهُ : چشم پوشی کرنا-

الألْيَس۔ نڈر۔ بہادر۔ اونٹ کہ جو کچھ لاد دیا جائے اُٹھالے۔ خانہ نشین۔ شیر۔ نیک خو۔ مؤنث لَيْسَاءُ ج لِيْس کہا جاتا ہے "قَوْمٌ لِيْسٌ ولُوْسٌ" یعنی سخت قوم "وَاِبِلٌ لِيْسٌ عَلَى الْحَوْضِ" حوض سے نہ جدا ہونے والا اونٹ۔

المُلَايِس۔ سست۔ دیر کرنے والا۔

لَاصَ يَلِيْصُ لَيْصًا۔ یکسو ہونا ــــ الشَّيْءَ: اکھیڑنے کے لیے ہلانا۔

اَلَاصَ اِلَاصَةً الشَّيْءَ: اکھیڑنے کیلئے ہلانا۔ فُلَانًا عَنْ كَذَا: پھسلانا۔

لَاطَ يَلِيْطُ لَيْطًا۔ چمٹنا ــــ الشَّيْءُ بِقَلْبِهٖ محبوب ہونا۔ دل سے چپکنا ــــ فُلَانًا بِفُلَانٍ لاحق کرنا ــــ اللّٰهُ فُلَانًا: لعنت کرنا۔ کہا جاتا ہے "مَا يَلِيْطُ بِهِ النَّعِيْمُ" یعنی نعمت اس کے لائق نہیں۔

لَيَّطَ بِهٖ تَلْيِيْطًا۔ چپکانا۔

اَلَاطَهُ اِلَاطَةً۔ چپکانا۔

اللِّيَاط۔ گچ۔ پائخانہ۔ سود۔ رنگ۔

اللَّيْط۔ مع۔ رنگ۔

اللِّيْط۔ رنگ۔ کھال۔ عادت۔ ہر چیز کا چھلکا۔ کہا جاتا ہے "اَتَيْتُهٗ وَلِيْطُ الشَّمْسِ لَمْ يُقْشَرْ" یعنی میں اس کے پاس دن کے ابتدائی حصہ میں قبل اس کے کہ آفتاب کی سرخی زائل ہو آیا۔

اللِّيْطَة۔ نرکل بانس وغیرہ کا چھلکا جو چمٹا رہتا ہے' کمان۔ نیزے کا ڈنڈا۔ ج لِيْط و لِيَاط و اَلْيَاط۔

لَاعَ يَلِيْعُ لَيْعًا۔ رنج ہونا۔ بزدل ہونا۔ گھبرانا (ــــ لَوْعَةً ولَيْعَةً) الْجُوْعُ فُلَانًا: بھوک کا سوزش میں مبتلا کرنا۔

اَلَاعَ۔ رنج ہونا۔ تنگ دل ہونا۔

رِيْحٌ لِيَاعٌ: تیز یا گرم ہوا۔

اللَّيْعَة۔ لاع کا اسم مرۃ۔ لَيْعَةُ الْجُوْعِ: بھوک کی سوزش۔

لَاغَهُ يَلِيْغُهٗ لَيْغًا۔ الشَّيْءَ: پھسلانا۔ لَاغَ الشَّيْءَ: لینے کے لیے پھسلانا۔

تَلَيَّغَ۔ بیوقوف ظاہر کرنا۔

اللِّيَاغَة۔ بیوقوف۔ کہا جاتا ہے رَجُلٌ لِيَاغَةٌ: بیوقوف مرد۔

اللَّيْغ۔ کامل بیوقوفی۔ کہا جاتا ہے طَعَامٌ سَيْغٌ لَيْغٌ: خوشگوار کھانا۔

الأَلْيَغ۔ صاف گفتگو نہ کر سکنے والا۔ بیوقوف مؤنث لَيْغَاءُ ج لِيْغ اور اسی سے مثل ہے "ذَرِي بِمَا عِنْدَكِ يَا لَيْغَاءُ" اے بیوقوف عورت جو کچھ تیرے دل میں ہے اس کو بیان کر۔

لَافَ يَلِيْفُ لَيْفًا۔ الطَّعَامَ: کھانا۔

لَيَّفَتْ تَلْيِيْفًا۔ فَسِيْلَةُ النَّخْلِ: بہت اور موٹی چھال والا ہونا۔ لَيَّفَ فُلَانٌ اللِّيْفَ: لیف کو بنانا۔

المُلَيِّفُ فُلَانًا: کسی کی کھال کو کھجور کے ریشے سے ملنا۔

اللِّيْف۔ کھجور کے درخت کی چھال۔ واحد لِيْفَة۔

اللِّيْفَانِي۔ کھجور کی چھال کے مشابہ۔

لِحْيَةٌ لِيْفَانِيَّةٌ۔ گھنی اور پھیلی ہوئی داڑھی۔

المُلَيِّف۔ حمام میں کھجور کی چھال سے بدن کو ملنے والا ملازم۔

لَاقَ الدَّوَاةَ يَلِيْقُهَا لَيْقًا و لِيْقَةً۔ صوف ڈالنا۔ روشنائی درست کرنا۔ دوات کو مَلِيْقَة کہتے ہیں۔

لَاقَتِ الدَّوَاةُ: روشنائی کا صوف سے چمٹنا۔

لَاقَ يَلِيْقُ لَيْقًا و لِيَاقَةً و لَيَاقًا و لَيَقَانًا بِفُلَانٍ: پناہ لینا اور چمٹنا ــــ بِهِ الثَّوْبُ: بدن کے مناسب ہونا۔ کہا جاتا ہے "مَا لَاقَتْ بَعْدَكَ بِأَرْضٍ" میں تیرے بعد کسی زمین میں نہیں رہا۔ "وَهٰذَا الْاَمْرُ لَا يَلِيْقُ بِكَ وَلَا يَلِيْقُكَ" یہ کام تمہارے مناسب نہیں اور کہا جاتا ہے "مَا يَلِيْقُ اَنْ تَفْعَلَ كَذَا" تمہارے لئے یہ مناسب نہیں کہ تم ایسا کرو۔ "وَ فُلَانٌ لَا يَلِيْقُ بِبَلَدٍ" فلاں کسی شہر میں نہیں ٹھہرتا۔

لَيَّقَ الطَّعَامَ: کھانے کو نرم کرنا ــــ الثَّرِيْدَ بِالسَّمْنِ: زیادہ گھی ڈالنا۔

المَلَص۔ مِنَ الْجِبَالِ و نَحْوِهَا: پہاڑ وغیرہ کی وہ چکنی جگہ جہاں سے ہاتھ پھسل جائے اور پکڑنا دشوار ہو۔ سَمَكَةٌ تَلِصَةٌ: پھسلنے والی مچھلی۔
المَلِيْص۔ بمعنی مَلِص۔ اسقاط شدہ بچہ۔
الاَمْلَص۔ نرم و تر۔ رَجُلٌ اَمْلَصُ الرَّاسِ: سر پر بغیر بالوں کا مرد۔
المِمْلَاص۔ وہ عورت جس کو اسقاط کی عادت ہو گئی ہو۔
المُمْلَص۔ ساقط شدہ بچہ۔
مَلَطَ(ن) مَلْطًا الْحَائِطَ: مٹی سے لیپنا ——— الشَّعْرَ: بال مونڈنا۔
مَلَطَتْ و اَمْلَطَتِ الْحَامِلُ جَنِيْنَهَا: حاملہ کا ناتمام بچہ گرا دینا۔ اَمْلَطَ رِيْشُ السَّهْمِ: تیر کے پر کا گر جانا ——— الرَّجُلُ: محتاج ہونا۔
مَلَطَ(ن) و مَلُطَ(ک) مُلُوْطًا الْغُلَامُ: غیر معروف النسب ہونا۔
مَلِطَ(س) مَلَطًا و مُلْطَةً۔ بے بال کے جسم والا ہونا۔
مَلَّطَ الْحَائِطَ: دیوار کو مٹی سے لیپنا ——— الشَّاعِرُ: ایک شاعر کا ایک مصرعہ پڑھنا اور دوسرے کا شعر کو پورا کرنا۔
مَالَطَهُ مُمَالَطَةً۔ باہم ملنا۔ ایک شاعر کا ایک مصرعہ پڑھنا اور دوسرے کا شعر کو پورا کرنا۔
تَمَلَّطَ الشَّيءُ: چمک دار ہونا ——— السَّهْمُ: تیر کا بے پر ہونا۔
اِمْتَلَطَ الشَّيءَ: چھین لینا۔ اچک لینا۔
المِلْط۔ شریر و بدکار جس پر بھروسہ نہ کیا جا سکے غیر معروف النسب ج اَمْلَاط و مُلُوْط۔

المِلاط-لیپنے کی مٹی-ج مُلُط-

الاَمْلَط ج مُلْط والمَلِيط :بے بال کے جسم والا-سَهْمٌ اَمْلَط و مَلِيط :بے پر کا تیر-المَلِيط بے بال کا ساقط شدہ بچہ-

المِملاط مِنَ النُّوق : بچہ گرانے کی عادی اونٹنی-

مَلَعَ (ف) مَلْعًا و اِمْتَلَعَ الشَّاةَ : بکری کی کھال اتارنا- مَلَعَ الفَصِيلُ اُمَّهٗ : دودھ پینا-

اِمْتَلَعَ الشَّئَ :چھین لینا-اچک لینا-

مَلَعَتْ و اَمْلَعَتْ و اِمْتَلَعَتْ و اِنْمَلَعَتْ النَّاقَةُ :اونٹنی کا تیز دوڑنا-

المَلْع-مص-اور کہا جاتا ہے "هُمْ عَلَيْهِ مَلْعٌ وَاحِدٌ" وہ سب اس کی دشمنی پر جمع ہیں-

المَلِيع ج مُلُعٌ و المَيْلَع- تیز رفتار گھوڑا یا اونٹنی المَيْلَع :لمبا-ادھر ادھر حرکت کرنے والا-

جَمَلٌ مَلُوْعٌ- تیز رفتار اونٹ-مؤنث مَلُوْع

عُقَابٌ مَلُوْعٌ :تیزی سے جھپٹنے والا عقاب-

المَلاع والمَلِيع -بے گھاس کا بیابان-

مَالَغَهٗ مُمَالَغَةً بِالكَلامِ :ناشائستہ گفتگو سے مزاح کرنا-

تَمَلَّغَ فِي كَلامِهِ :بیوقوف بننا-

تَمَالَغَ بِهٖ : تمسخر کرنا-

المِلْغ ج اَمْلاغ والمَالِغ ج مُلّاغ والاَمْلَغ مؤنث مَلْغَاء ج مُلْغ- فحش کلامی کرنے والا-بدکار-بیوقوف-

المُلُوْغَة-بیوقوفی-فحش کلامی-

مَلِقَهٗ (س) مَلَقًا و مَلِقَ لَهٗ و مَالَقَهٗ- چاپلوسی کرنا- خوشامد کرنا- مَلِقَ الخَاتَمُ مِنَ الاِصْبعِ : ڈھیلی ہونا-

مَلَقَ (ن) مَلْقًا الشَّئَ :مٹانا-نرم کرنا ــــ الثَّوْبَ : کپڑا دھونا ــــ ہٗ بِالعَصَاءِ : لاٹھی سے مارنا- مَلَقَ الوَلَدُ اُمَّهٗ : دودھ پینا ــــ الرَّجُلُ : تیز چلنا ــــ الجَارِيَةَ :جماع کرنا-

مَلَّقَ الاَرْضَ او الحَائِطَ : زمین یا دیوار کو کرنی سے گلکاری کرنا ــــ ہٗ بِالعَصَاءِ :لاٹھی سے مارنا-

مُلِقَ- محتاج ہوجانا ــــ الثَّوْبَ :کپڑا دھونا-

ــــ الدَّهْرُ مَالَهٗ :ضائع کر دینا-

تَمَلَّقَ تَمَلُّقًا و تِمِلَّاقًا- الرَّجُلَ و لِلرَّجُلِ : چاپلوسی کرنا- تَمَلَّقَتِ المَرْاَةُ العِلْكَ بِفِيْهَا : چبانا-

اِنْمَلَقَ و اِمَّلَقَ- نرم و چمکدار ہونا ــــ مِنْهُ : بچ نکلنا- اِنْمَلَقَ الخِضَابُ : خضاب کا چھوٹ جانا-

اِمْتَلَقَ الشَّئَ :نکالنا-

اِسْتَمْلَقَ الوَلَدُ اُمَّهٗ :دودھ پینا-

المَلَق- مص- دوستی- بڑی مہربانی- دعا- ہموار زمین- تیز رفتاری- کہا جاتا ہے "لِهٰذَا الفَرَسِ مَلَقٌ" اس گھوڑے میں تیز رفتاری ہے-

المَلِق والمَلَّاق- بہت چاپلوسی کرنے والا-

المَلِق : کمزور-فَرَسٌ مَلِقٌ :گھوڑا جس کی رفتار پر اعتماد نہ کیا جائے-مؤنث مَلِقَةٌ-

المَلِيق- تیز رفتار- کہا جاتا ہے "رَجُلٌ او فَرَسٌ مَلِيقٌ" تیز رفتار مرد یا گھوڑا-

المَلَقَة- چکنا پتھر-

المَالَق والمِمْلَق والمِمْلَقَة- ہینگا- المَالَق : کرنی-(دخیل)

المِمْلَاق- بہت محتاج- بہت چاپلوسی و خوشامد کرنے والا-

مَلَكَ (ض) مَلْكًا و مِلْكًا و مُلْكًا و مَلَكَةً و مَمْلَكَةً و مَمْلِكَةً و مُمْلُكَةً الشَّئَ :مالک ہونا ــــ عَلَى القَوْمِ : غالب ہونا ــــ عَلٰى فُلَانٍ اَمْرَهٗ : کسی کے کام پر حاوی ہونا ــــ نَفْسَهٗ : قابو رکھنا ــــ المَرْاَةَ : نکاح کرنا (ــــ مَلْكًا) العَجِيْنَ :اچھی طرح سے گوندھنا-

مَلَّكَ الشَّئَ : مالک بنانا- مَلَّكَ القَوْمُ فُلَانًا عَلَيْهِمْ :بادشاہ بنانا ــــ ہٗ اِمْرَاَةً : نکاح کرانا-

مَلَّكَ فُلَانًا اَمْرَهٗ : کسی کو اس کے حال پر چھوڑ دینا- مُلِّكَتِ المَرْاَةُ اَمْرَهَا :طلاق کا اختیار دے دینا-

مَلَّكَ العَجِيْنَ :اچھی طرح گوندھنا-

اَمْلَكَهُ الشَّئَ :مالک بنانا-اَمْلَكَ القَوْمُ فُلَانًا عَلَيْهِمْ : بادشاہ بنانا ــــ فُلَانًا اَمْرَهٗ : کسی کو اس کے حال پر چھوڑ دینا ــــ ہٗ المَرْاَةَ : نکاح کرانا-

تَمَلَّكَهٗ و اِمْتَلَكَ الشَّئَ :مالک ہونا-

تَمَلَّكَ عَلَى القَوْمِ :بادشاہ بننا-

تَمَالَكَ عَنْ كَذَا :اپنے نفس پر قابو رکھنا-کہا جاتا ہے "مَا تَمَالَكَ اَنْ فَعَلَ او عَنْ اَنْ فَعَلَ ذٰلِكَ" یعنی فلاں فعل کے کرنے سے وہ اپنے آپ کو نہیں روک سکا-

المَلِكُ-بادشاہ-ج مُلُوْک و اَمْلاک-

المُلْک- ملکیت-ج اَمْلاک و مُلُوْک-

قدرت کاملی مذکر و مؤنث- تھوڑا پانی-

مُلْكُ الدَّابَّةِ: چارپائے کی ٹانگیں اور گردنیں- واحد مِلاک- کہا جاتا ہے "مَالَهٗ مُلْكٌ و مَالَهٗ مِلْكٌ" یعنی اس کے پاس کوئی چیز نہیں جس کا وہ مالک ہو کہا جاتا ہے "هٰذَا مُلْكُ يَمِيْنِيْ" یعنی میں اس کا مالک ہوں اور وہ میرے قبضہ اور تصرف میں ہے "وَلَيْسَ لَهٗ مُلْكٌ" اس کے پاس پانی نہیں "وَ اَعْطَانِيْ مِنْ مُلْكِهٖ" اس نے مجھ کو اس میں سے دیا جس پر وہ قادر ہے- وَطَالَ مِلكُهٗ اس کی غلامی طویل ہے "و مُلْكُ الطَّرِيْقِ" راستہ کا وسط یا کنارہ- سارے معانی میں میم کو تینوں حرکتیں ہیں-

المَلَک- فرشتہ- انسان جس کا مالک ہو- کہا جاتا ہے "مَالَهٗ مَلَكٌ" یعنی اس کے پاس کوئی چیز نہیں جس کا وہ مالک ہو-

المَلاک- مَلاک کا مخفف- بمعنی فرشتہ- ج مَلَائِكَة و مَلَائِك- المَلاک- اقتدار- و مَلاكُ الاَمْرِ : سہارا- سرمایہ- بقا- کہا جاتا ہے القَلْبُ مَلَاكُ الجَسَدِ : دل جسم کے لیے سرمایۂ بقا ہے-

المِلاک- مثل- مِلَاكُ الاَمْرِ :سہارا- سرمایۂ بقا-

المَلِيک- اللہ تعالیٰ- بادشاہ- صاحب قوت و اقتدار-ج مُلُوْک و اَمْلاک-

المَلَكِيّ- مَلَک کی طرف نسبت- مؤنث مَلَكِيَّة-

المَلْكَة المُلْكَة- ملکیت-

المَلَكَة- ملکیت- کہا جاتا ہے "هُوَ مَلَكَةُ يَمِيْنِيْ" یعنی میں اس کا مالک ہوں اور اس پر قادر ہوں- المَلَكَة :وہ صفت جو نفس کے اندر راسخ ہوجائے اور جب تک راسخ نہ ہو اسے حال

کہتے ہیں۔
المَالِک۔ فا۔ بادشاہ۔ ج مُلّک و مُلَّاک۔ ابو مالک : بھوک یا بڑھاپا۔ مَالِکُ الْحَزِین :بگلا۔
المَلَاکَۃ و المِلَاکَۃُ و المُلُوْکَۃ۔ ملکیت۔
المَلَکُوْت۔ بادشاہی۔ عزت و قدرت۔ المَلَکُوْتُ السَّمَاوِی :آسمان میں قدسیوں کی جگہ۔
المَمْلَکَۃ و المَمْلُکَۃ۔ شاہی شان و شوکت۔ بادشاہی۔ ج مَمَالِک۔
المَلِیْک۔ بادشاہ۔ ج مُلَکَاء۔ مَلِیْکُ النَّحْلِ :شہد کی مکھیوں کی ملکہ۔ ج مُلُوْک۔
المُلَیْکَۃ۔ صحیفہ۔
الأُمْلُوْک۔ اسم جمع ہے بمعنی مُلُوْک۔ ایک ریگستانی جانور ہے جو گرگٹ کے مشابہ ہوتا ہے۔
المَمْلُوْک۔ مفع۔ غلام۔ ج مَمَالِیْک۔ اور اسی سے ہے مَمَالِیْک مِصر جو چرکسی غلاموں کی ایک جماعت تھی جو مصر پر غالب آگئی تھی اور مالک بن بیٹھی تھی۔
مَلْمَل۔ تیز دوڑنا۔ مَلْمَلَهُ الْمَرَضُ :مضطرب کرنا۔
تَمَلْمَل۔ غم یا مرض کی وجہ سے بستر پر کروٹیں بدلنا ــــ الْجَالِسُ : کبھی ایک پہلو پر ٹیک لگانا کبھی دوسرے پر۔
المَلْمَلَة۔ مصا ہاتھی کی سونڈ۔
المُلْمُوْل۔ سرمہ کی سلائی۔ ناک کا سوراخ مُلْمُوْلُ الْبَعِیْرِ و الثَّعْلَبِ :اونٹ اور لومڑی کا ذکر۔
المَلْمَلٰی۔ تیز رفتار۔ کہا جاتا ہے نَاقَةٌ مَلْمَلٰی :تیز رفتار اونٹنی۔
المَلَنْخُوْلِیَا۔ مالیخولیا۔
مَلَا یَمْلُوْ مَلْوًا الْبَعِیْرُ : اونٹ کا تیز چلنا۔ دوڑنا۔
مَلَاهُ اللّٰهُ عُمْرَهُ : عمر طویل کرنا اور دیر تک نفع اٹھانے دینا۔ مَلَاهُ اللّٰهُ حَبِیْبَهُ :اللہ تعالیٰ اس کو دیر تک حبیب سے نفع اٹھانے دے۔
مَلِیَ و تَمَلّٰی عُمْرَهُ : عمر طویل ہونا اور فائدہ اٹھانا۔ مَلِیَ و تَمَلّٰی حَبِیْبَهُ : اس نے اپنے حبیب سے دیر تک نفع اٹھایا۔

اَمْلٰی اِمْلَاءً۔ اللّٰهُ فُلَانًا عمرہ : عمر طویل کرنا اور دیر تک نفع اٹھانے دینا ــــ الْبَعِیْرَ و لِلْبَعِیْرِ :بندھن کو ڈھیلا کرنا ــــ اللّٰهُ الظَّالِمَ وَلَهُ :مہلت دینا ــــ عَلَیْهِ الْکِتَابَ :بول کر لکھوانا۔
ــــ لَهُ فِیْ غَیِّهِ : گمراہی میں زمانہ دراز تک چھوڑنا۔
ــــ عَلَیْهِ الزَّمَنُ :لمبا ہونا۔
اِسْتَمْلَیْتُهُ الْکِتَابَ :املا کرنے کی درخواست کرنا۔
الْمَلَا۔ جنگل۔ کشادہ زمین۔ گرم راکھ۔ زمانہ دراز۔ ج اَمْلَاء۔
المَلَوَان۔ رات دن۔ واحد ملا۔
المَلَاوَة و المَلْوَة۔ بتثلیث المیم : زمانہ دراز۔
المَلِیُّ۔ زندگی کی مدت۔
الإمْلَاء۔ مص۔ مہلت دینا۔ تاخیر کرنا۔ جو املا کیا جائے۔ ج اَمَالٍ و اَمَالِیّ۔
المَلَاة۔ سنگریزہ ناک۔ بیابان۔ ج مَلًا۔
المَلِیُّ۔ زمانہ طویل۔ کہا جاتا ہے "اِنْتَظَرْتُهُ مَلِیًّا" زمانہ دراز تک میں نے اس کا انتظار کیا۔" و مَرَّ مَلِیٌّ مِنَ اللَّیْلِ "رات کا تہائی حصہ گزر گیا۔ اور بقول رات کا ایک حصہ گزر گیا جس کی کوئی حد معین ہیں۔
الأَمَالِی۔ املا کئے ہوئے اقوال وغیرہ اور یہ اَمْلَی الْکِتَابَ کے مصدر الاَمْلَاء کی جمع ہے۔
المَلْیُوْن فِی الْعَدَدِ :دس لاکھ۔ ج مَلَایِیْن۔
مِم۔ مرکب ہے من وما استفہامیہ سے۔
المَامُوْس و المَامُوْسَة۔ آگ۔ آتش دان۔
المَامُوْسَة :بدزبان بیوقوف عورت۔
مِنْ۔ حروف جر میں سے ہے۔ معانی ذیل میں مستعمل ہے۔
(۱) ابتداء غایت زمانی جیسے مَرَضَ مِنْ یَوْمِ الْجُمُعَةِ۔
(۲) ابتداء غایت مکانی جیسے سَارَ مِنْ بَیْرُوْتَ۔
(۳) تبعیض۔ جیسے مِنْهُمْ مَنْ اَحْسَنَ وَ مِنْهُمْ مَنْ اَسَاءَ۔
(۴) تعلیل۔ جیسے مِمَّا خَطِیْئَاتِهِمْ اُغْرِقُوْا۔

(۵) بدل۔ جیسے اَتَرْضَوْنَ بِالْحَیٰوةِ الدُّنْیَا مِنَ الْاٰخِرَةِ۔
(۶) مرادف باجیسے یَنْظُرُوْنَ مِنْ طَرْفٍ خَفِیٍّ۔
(۷) معنی فصل کا فائدہ بھی دیتا ہے جیسے وَاللّٰهُ یَعْلَمُ الْمُفْسِدَ مِنَ الْمُصْلِحِ۔
(۸) زائدہ بھی ہوتا ہے اور زائدہ ہونے کیلئے تین چیزیں شرط ہیں۔ ایک یہ کہ اس سے پہلے نفی نہی یا استفہام ہو۔ دوسرے یہ کہ مجرور نکرہ ہو۔ تیسرے یہ کہ مجرور فاعل یا مفعول بہ مبتدا ہو جیسے "مَا جَاءَنِیْ مِنْ رَجُلٍ" "و بَلْ ضَرَبْتَ مِنْ اَحَدٍ" و "مَا فِی الدَّارِ مِنْ اَحَدٍ" ان کے علاوہ اور بھی معانی ہیں جو قرینہ سے مفہوم ہوتے ہیں۔
مَنْ۔ اسم شرط جازم ہے جیسے مَنْ یَعْمَلْ خَیْرًا یُجْزَ بِهِ اسم استفہام۔ جیسے مَنْ اَتٰی۔ اسم موصول اکثر استعمال ذوی العقول کیلئے ہوتا ہے۔ جیسے یَسْجُدُ لِلّٰهِ مَنْ فِی السَّمٰوٰتِ وَمَنْ فِی الْاَرْضِ : نکرہ موصوفہ جیسے مَرَرْتُ بِمَنْ مُعْجِبٍ لَکَ۔
مَنَّ (ن) مَنًّا و مِنِّیْنٰی عَلَیْهِ بِکَذَا :بھلائی کرنا۔
مَنَّ (ن) مَنًّا و مِنَّةً و اِمْتَنَّ و اِمْتِنَانًا۔ عَلَیْهِ بِمَا صَنَعَ :احسان جتانا۔ و اِمْتَنَّ عَلَیْهِ بِکَذَا :بھلائی کرنا۔ و اِمْتَنَّ فُلَانًا :فلاں کے انتہائی چیز پر پہنچنا۔
مَنَّ (ن) مَنًّا و اَمَنَّ و تَمَنَّنَ الرَّجُلَ : کمزور کرنا۔ قوت زائل کرنا۔ مَنَّ الْحَبْلَ :کاٹنا۔ مَنَّ الشَّیْئُ :کم ہونا ــــ النَّاقَةَ :سفر کی وجہ سے لاغر کرنا۔ تَمَنَّنَ فُلَانٌ فُلَانًا و تَمَنَّنَ عَلَیْهِ : احسان جتا کر تکلیف پہنچانا۔
مَتَّنَ تَمْنِیْنًا النَّاقَةَ و بِهَا :اونٹنی کو سفر کی وجہ سے لاغر کرنا۔
مَانَّهُ مُمَانَّةً۔ کسی کی حاجت روائی کے لیے آنا جانا۔
اِسْتَمَنَّهُ۔ طالب احسان ہونا۔
الْمَنُّ۔ مص۔ احسان۔ انعام۔ ایک قسم کی شبنم ہے جو پتھروں اور درختوں پر شہد کے مانند جم کر خشک ہو جاتی ہے۔ وَ مَنُّ بَنِیْ اِسْرَائِیْلَ :وہ چیز جس کو اللہ تعالیٰ نے بنی اسرائیل پر نازل کیا تھا تاکہ اس سے وہ اپنی غذا حاصل کریں۔ الْمَنُّ دو رطل کا پیمانہ یا میزان۔ ج اَمْنَان۔

المُنَّة۔ قوت۔ ضعف۔ ج مُنَن۔

المِنَّة۔ مص۔ احسان۔ کہا جاتا ہے "لَهٗ عَلَيَّ مِنَّةٌ او مِنَنٌ" اس کا میرے اوپر احسان یا احسانات ہیں۔ المِنَّة۔ اسم ہے مَنَّ عَلَيْهِ سے اور اسی سے ہے المِنَّةُ تَهْدِمُ الصَّنِيْعَةَ احسان کا جتانا احسان کو ضائع کر دیتا ہے۔ ج مِنَن۔

المِنَنَة۔ مکڑی۔ مادہ سیہی۔

المَنُوْن۔ موت (مؤنث ہے اور کبھی مذکر بھی استعمال ہوتا ہے) کہا جاتا ہے "ذَهَبَتْ بِهِمُ الْمَنُوْنُ" موت نے ان کو تباہ و برباد کر دیا۔ زمانہ۔ رَيْبُ الْمَنُوْنِ۔ حوادث زمانہ۔

المَنُوْن و المَنُوْنَة۔ بہت احسان جتانے والا۔ تاء مبالغہ کے لیے ہے۔ مؤنث مَنُوْن۔ المَنُوْنَة : مکڑی۔

المَنَّان۔ بہت احسان کرنے والا۔ اللہ تعالیٰ کے اسمائے حسنیٰ میں سے ہے۔ بہت احسان جتانے والا۔ مؤنث مَنَّانَةٌ۔

المَنِيْن۔ کمزور۔ قوی۔ غبار یا ہلکا پراگندہ غبار۔ ج مُنُن و اَمِنَّة۔

المَمْنُوْن۔ مفع۔ کٹا ہوا۔ کمزور۔ قوی۔ ہر چیز کا بہترین حصہ جو کسی کے پاس ہو۔ کہا جاتا ہے "بَلَغْتُ مَمْنُوْنَهٗ"۔

مَنَأَ (ف) مَنَأَ الْجِلْدَ : کھال کو دباغت دینا ——— فُلَانًا : فعل کی موافقت کرنا۔

المَنِيْئَة۔ کھال جس کو پہلی بار دباغت دی جائے۔ دباغت دینے کی جگہ۔

المَمْنَأَة۔ کالی زمین۔

المَنْجَنِيْق و المَنْجَلِيْق۔ جنگ میں قلعہ کی دیوار پر پتھر وغیرہ پھینکنے کی مشین۔ ج مَجَانِيْق و مَجَانِيْق و مَنْجَنِيْقَات۔

مَنَحَهٗ (ف ض) مَنْحًا الشَّيْءَ : دینا۔ عطا کرنا ——— ةُ النَّاقَةَ و كُلَّ ذَاتِ لَبَنٍ : اونٹنی یا دودھ والے جانور کو فائدہ اٹھانے کیلئے دینا۔ صفت مفعولی المِنْحَة و المَنِيْحَة۔ ج مِنَحٌ و مَنَائِح۔

مَانَحَهٗ مَنَاحًا و مُمَانَحَةً : لگاتار عطیہ دینا۔

مَانَحَتِ الْعَيْنُ : لگاتار آنسو بہانا ——— النَّاقَةُ : اونٹنی کا جاڑے کے زمانہ میں جبکہ اور اونٹنیوں کا دودھ دینا ختم ہو گیا ہو دودھ دینا۔

اَمْنَحَتِ النَّاقَةُ : اونٹنی کا بچہ جننے کے قریب ہونا۔ صفت مُمْنِح۔

اِمْتَنَحَ الرَّجُلُ : عطیہ لینا۔ اور کہا جاتا ہے "اُمْتُنِحَ مَالًا" یعنی وہ مال کا رزق دیا گیا۔

اِمْتَنَحَ الْمَنِيْحَ : عاریت پر لینا۔

تَمَنَّحَ الْمَالَ : دوسرے کو کھلانا۔

اِسْتَمْنَحَهٗ۔ عطیہ طلب کرنا۔

المِنْحَة۔ عطیہ۔ ج مِنَح۔

المَنَّاح۔ بہت دینے والا۔

المَنُوْح۔ جاڑے کے زمانہ میں اونٹنیوں کے دودھ ختم ہو جانے کے بعد دودھ دینے والی اونٹنی۔

المَنِيْح۔ جوئے کے محروم تیروں میں سے ایک تیر۔

المُمَانِح۔ جاڑے کے زمانہ میں دودھ دینے والی اونٹنی۔ مَطَرٌ مُمَانِحٌ : لگاتار بارش۔ رِيْحٌ مُمَانِحٌ : ہوا جس کی بارش نہ رکے۔

مُنْذُ و مُذْ۔ کبھی ان کی میم مکسور ہوتی ہے ان کی تین حالتیں ہیں۔

پہلی یہ کہ دونوں حرف جر ہیں۔ اگر زمانہ ماضی ہو تو مِن کے معنے میں جیسے "مَا رَاَيْتُهٗ مُذْ يَوْمِ الْاَحَدِ" اور اگر زمانہ حال ہو تو فی کے معنے میں جیسے "رَاَيْتُهٗ مُذْ شَهْرِنَا" یعنی اس موجودہ مہینہ میں۔ اور اگر معنی معدود ہوں تو مِنْ اور اِلٰی کے معنی میں جیسے مَا رَاَيْتُهٗ مُذْ ثَلٰثَةِ اَيَّامٍ یعنی میں نے اس کو تین دن سے یا تین دن تک نہیں دیکھا۔

دوسری یہ کہ اسم ان دونوں کے بعد مرفوع ہو جیسے "مَا رَاَيْتُهٗ مُذْ يَوْمَانِ" کہا گیا ہے کہ یہ دونوں اس حالت میں ظرف ہیں جن کی اضافت جملہ کی طرف ہے جس میں فعل کو حذف کر دیا گیا ہے اور فاعل کو باقی رکھا گیا ہے اور اصل یوں ہے مُذْ كَانَ يَوْمَانِ۔

اور تیسری حالت یہ ہے کہ ان کے بعد جملہ فعلیہ یا اسمیہ ہو جیسے "مَازِلْتُ اَبْغِي الْمَالَ مُذْ اَنَا يَافِعٌ" میں جب سے جوان ہوا ہوں مال ہمیشہ تلاش کرتا رہا۔ مشہور یہ ہے کہ یہ دونوں اس وقت ظرف ہیں جن کی اضافت جملہ کی طرف ہے اور مُذْ مُنْذُ کا مخفف ہے اور یہ اس وجہ سے کہ اجتماع ساکنین کے وقت مُذْ کی ذال کو ضمہ دیتے ہیں جیسے مُذُ الْيَوْمِ۔ اگر اصل میں ضمہ نہ ہوتا تو کسرہ دیتے۔

المَنْسَة۔ کہن سال۔

المَنَس۔ خوشی۔

مَنَعَهٗ (ف) مَنْعًا و مَنَّعَهٗ الشَّيْءَ و مِنْهُ و عَنْهُ : محروم کرنا۔ روکنا ——— ةُ الْقَاضِي عَنِ الْمِيْرَاثِ : روکنا ——— ةُ عَنِ الدَّعْوٰى : باز رکھنا۔ منع جَارَهٗ : حمایت کرنا اور تکلیف سے بچانا۔

مَنُعَ (ک) مَنَاعَةً و مَنَاعًا : قوی ہونا۔ ——— الحِصْنُ : قلعہ تک پہنچ دشوار ہونا ——— الشَّيْءُ : بلند مرتبہ و دشوار ہونا۔ صفت مَنِيْع۔

مَانَعَهٗ۔ حمایت کرنا ——— ةُ الشَّيْءَ : جھگڑا کرنا اور منع کرنا۔

تَمَنَّعَ و اِمْتَنَعَ عَنِ الشَّيْءِ : رکنا۔ اِمْتَنَعَ الشَّيْءُ : ناممکن الحصول ہونا۔ تَمَنَّعَ و اِمْتَنَعَ بِقَوْمِهٖ : حفاظت میں آنا۔ قوت پکڑنا۔

تَمَانَعَا : باز رہنا ——— عَنْ اَنْفُسِهِمَا : ایک دوسرے کی حمایت کرنا۔

المَنْع۔ مص۔ کیکڑا۔ ج مُنُوْع۔

رَجُلٌ مَنِعٌ۔ اپنے نفس کو باز رکھنے والا مرد۔

المَنَعَة۔ عزت۔ قوت۔ ج مَنَعَات اور کہا جاتا ہے "لَهُمْ مَنَعَات" ان کے ایسے مضبوط قلعے ہیں جن پر دشمن قادر نہیں ہو سکتا۔

المَنْعَة و المِنْعَة۔ قوت۔ شوکت۔

المَنَاعَة۔ مص۔ ——— فِي الطِّبِّ : ایسی قوت جو جسم کو حاصل ہو جائے اور آئندہ امراض سے محفوظ رکھے۔

المَانِع ج مَانِعُوْن و مَنَعَةٌ : فا۔ کنجوس۔ بخیل ج مَوَانِع : روکنے والا۔

مَنَاعِ۔ اسم فعل ہے بمعنی اِمْنَعْ۔

المَنُوْع و المَنَّاع۔ بہت زیادہ منع کرنے والا۔

المَنَّاع : کنجوس۔ بخیل۔

المَنْعٰی۔ اسم ہے بمعنی اِمْتِنَاع۔

المَنِيْع۔ غالب و قوی کہ جس پر کوئی قادر نہ ہو سکے۔ مؤنث مَنِيْعَة۔ حِصْنٌ مَنِيْعٌ : بلند و مضبوط قلعہ جس پر پہنچنا دشوار ہو۔

مَنَا يَمْنُوْ مَنْوًا الرَّجُلَ: آزمائش کرنا۔ صفت مفعول مَمْنُوٌّ بِكَذَا۔

المَنَا۔ پیمانہ یا وزن مساوی دو رطل۔ ثنی مَنَوان و مَنَيَان ج اَمْنَاءٌ و اَمْنٍ و مُنِيٌّ اور اسی معنی میں المَنَاة بھی ہے۔ کہا جاتا ہے "دَارِيْ مَنَا دَارِہٖ" میرا گھر اس کے گھر کے مقابل ہے۔

مَنَاة۔ مکہ معظمہ اور مدینہ منورہ کے درمیان قبیلہ ہذیل اور خزاعہ کے ایک بت کا نام۔

المُنْوَة۔ آرزو۔

مَنٰى يَمْنِيْ مَنْيًا اللّٰهُ الْخَيْرَ لِفُلَانٍ: مقدر کرنا۔ مَنَاهُ: آزمائش کرنا۔ کہا جاتا ہے مَنَاهُ اللّٰهُ بِكَذَا یعنی اللہ اس کو فلاں چیز میں مبتلا کرے۔

مُنِيَ لِكَذَا: توفیق دیا جانا —— بِكَذَا: آزمائش کیا جانا۔

مَنّٰى تَمْنِيَةً الرَّجُلَ الشَّيْءَ و بِالشَّيْءِ: آرزو دلانا۔

مَانٰى مُمَانَاةً الرَّجُلَ: مدارات کرنا۔ مہلت دینا اور انتظار کرنا۔ بدلہ دینا —— الرَّفِيْقَ: باری باری سوار ہونا۔

اَمْنٰى اِمْنَاءً الدِّمَاءَ: خون بہانا۔ گرانا —— الحَاجُّ: حاجیوں کا منیٰ میں آنا یا نازل ہونا۔ اَمْنٰى: منی گرانا۔

اِسْتَمْنٰى بِالْيَدِ: جلق لگانا۔ بغیر جماع کے منی نکالنا۔

اِمْتَنٰى اِمْتِنَاءً الشَّيْءَ: جھوٹ گھڑنا —— الحَاجُّ: حاجیوں کا منیٰ میں آنا یا نازل ہونا۔

تَمَنّٰى الشَّيْءَ: ارادہ کرنا —— الْكِتَابَ: پڑھنا —— الرَّجُلُ: جھوٹ بولنا —— الحَدِيْثَ: جھوٹی بات گھڑنا۔

المَنِيَّة ج مَنَايَا و المَنٰى۔ موت۔ المَنٰى: ارادہ۔ تقدیر الٰہی۔ تم کہتے ہو "اَنَا رَاضٍ بِمَنَى اللّٰهِ" یعنی میں تقدیر الٰہی پر راضی ہوں۔ اور کہا جاتا ہے "هُوَ مِنِّيْ بِمَنَى مِيْلٍ" وہ مجھ سے ایک میل کے اندازہ پر ہے۔

المُنْيَة و المِنْيَة ج مُنًى و مِنًى و الاُمْنِيَّة ج اَمَانٍ و اَمَانِيُّ: آرزو۔ مطلوب۔ الاُمْنِيَّة: جھوٹ۔

المُتَمَنِّيَات۔ تمنائیں۔

مَهْ۔ اسم فعل مبنی علی السکون۔ بمعنی رک جا اور کبھی کہا جاتا ہے مَهٍ۔

مَهَّ (ن) مَهًّا الاِبِلَ: اونٹ کے ساتھ نرمی برتنا۔

مَهِهَ (س) مَهَهًا الشَّيْءُ: نرم ہونا۔

المَهَاهُ۔ نرمی، تازگی۔ خوبصورتی۔ خوبصورت —— والمَهَهُ، سیر و سفر کا ساتھی۔ امید۔ المَهَه: رفق۔ نرمی۔

المَهْتَر و المِهْتَار۔ امیر۔ والی۔ (دخیل)

مَهَجَ (ف) مَهْجًا بیماری کے بعد چہرے پر رونق آنا —— الْوَلَدُ اُمَّهُ: دودھ پینا —— الْجَارِيَةَ: جماع کرنا۔

اُمْتُهِجَ الرَّجُلُ: خون کھینچ لیا جانا۔

المَاهِج۔ فا۔ خالص دودھ۔ پتلا دودھ یا چربی۔

المُهْجَة۔ خون یا دل کا خون۔ روح۔ و مُهْجَة كُلِّ شَيْءٍ: ہر چیز کا بہتر اور خالص۔ ج مُهَج و مُهُجَات۔

الاُمْهُج و الاُمْهُوج و الاُمْهُجَان: خالص دودھ۔

کہا جاتا ہے رَجُلٌ مَمْهُوْجُ الْبَطْنِ: ڈھیلے پیٹ کا مرد۔

مَهَدَ (ف) مَهْدًا الْفِرَاشَ: بستر بچھانا۔ لِنَفْسِهٖ: کمائی کرنا۔ کام کرنا۔

مَهَّدَ الْفِرَاشَ: بستر بچھانا —— الاَمْرَ: درست و ہموار کرنا —— لَهُ الْعُذْرَ: عذر خواہی کرنا —— لِفُلَانٍ عُذْرَهُ: قبول کرنا —— لِنَفْسِهٖ خَيْرًا: اپنے لیے بھلائی مہیا کرنا۔

تَمَهَّدَ الْفِرَاشُ: بستر بچھانا —— لَهُ الاَمْرُ: آسان ہونا —— الرَّجُلُ: قادر ہونا۔

اِمْتَهَدَ الشَّيْءُ: بچھنا —— الرَّجُلُ: کمائی کرنا۔ کام کرنا۔

اِسْتَمْهَدَ فِرَاشًا: بستر بچھانا۔

المَهْد۔ گہوارہ۔ پست زمین ج مُهُوْدٌ۔

المُهْد ج مِهَدَة و اَمْهَاد و المُهْدَة ج مُهَد: نرم و پست ہموار زمین۔

المِهَاد۔ بچھونا۔ پست زمین۔ ج مُهْد و مُهُد و اَمْهِدَة۔

المَهِيْد۔ خالص مسکہ۔

المُمَهَّد۔ مَاءٌ مُمَهَّدٌ: پانی نہ گرم نہ سرد۔

مَهَرَ (ف ن) مَهْرًا و مُهُوْرًا و مَهَارًا و مَهَارَةً الشَّيْءَ و فِيْهِ و بِهٖ: حاذق ہونا۔ صفت ماہر۔ کہا جاتا ہے "مَهَرَ فِي الْعِلْمِ" یعنی علم میں حاذق و ماہر ہوا۔ فِيْ صَنَاعَتِهٖ: تجربہ کار و ماہر ہونا۔

مَهَرَ (ف ن) مَهْرًا و اَمْهَرَ الْمَرْأَةَ: مہر دینا یا مہر مقرر کرنا۔ و اَمْهَرَهَا۔ مہر کے بدلے میں کسی شخص سے نکاح کرنا۔ صفت مفعول مُمْهَرَة۔

و اَمْهَرَتِ الْفَرَسُ: بچھیرے یا بچھیری والی ہونا۔

مَهَّرَ۔ بچھیرا مانگنا یا حاصل کرنا۔

مَاهَرَهُ مُمَاهَرَةً۔ ماہر ہونے میں مقابلہ کرنا۔

تَمَهَّرَ۔ ماہر ہونا، حاذق ہونا۔ تیرنا۔

المَهْر۔ مص۔ نکاح کا عوض مالی ج مُهُوْر و مُهُوْرَة اور کہا جاتا ہے "هٰذَا مَهْرُ ذٰلِكَ" یہ اس کے بدلے میں ہے۔

المُهْر۔ بچھیرا۔ گھوڑی گدھی کا پہلا بچہ۔ ج مِهَار و اَمْهَار و مِهَارَة مؤنث ج مُهْرَة ج مُهَر و مُهْرَاتٌ و مُهُرَات۔ المُهْر: درمیان سینہ کی ایک ہڈی۔ اندرائن کا پھل۔ کبوتر کا بچہ۔ ج مِهَرَة۔

المَهِيْرَة مِنَ النِّسَاءِ: بہت مہر والی عورت ج مَهَائِر۔

المَاهِر۔ حاذق۔ اچھا تیرنے والا۔ ج مَهَرَة۔

المَهْرِيَّة۔ سرخ گیہوں۔ الاِبِلُ الْمَهْرِيَّة: مہرۃ بن حیدان کی طرف منسوب اونٹ جن کے متعلق بیان کیا جاتا ہے کہ تیز رفتاری میں کوئی ان کا مقابلہ نہیں کر سکتا تھا۔ ج مَهَارِيُّ و مَهَارٍ و مَهَارِيّ۔

المِهْرَجَان۔ پارسیوں کی ایک عید۔

مَهَزَهٗ (ف) مَهْزًا بِيَدِهٖ: دفع کرنا۔ ہٹانا۔

مَهَشَهٗ (ف) مَهْشًا۔ جلانا۔ کھرچنا۔

اِمْتَهَشَ۔ جلنا۔

مَهَصَ الثَّوْبَ: کپڑا پاک صاف کرنا۔ سفید کرنا۔

تَمَهَّصَ فِي الْمَاءِ: پانی میں گھسنا۔

اِمْهَاصَّتِ الْاَرْضُ: بے نباتات ہونا۔ صفت مُمْهَاصَّة۔

مَهِقَ (س) مَهَقًا۔ بہت سفید ہونا۔

مَهَقَتْ (ف) مَهْقًا الْخَيْلُ: گھوڑے کا

دوڑنا۔ مَھَّقَ الْفَصِیْلَ: اونٹ کے بچہ کو پانی پلانا۔ تَمَھَّقَ الشَّرَابُ: تھوڑی تھوڑی دیر کے بعد پینا۔

المَھَق۔ مص۔ پانی پر کی سبزی۔

الأَمْھَق۔ بغیر چمک کے بہت سفید جیسے چونا۔ مؤنث مَھْقَاء ج مُھْقٌ۔

المُھْقَة۔ بغیر چمک کے بہت سفید رنگ۔

مَھَكَ (ف) مَھْکًا و مَھَّكَ الشَّیْئَ: خوب پیسنا۔ باریک پیسنا۔ مَھَکَهٗ: نرم و چمکدار کرنا۔ مَھَكَ فِی السَّیْرِ: جلدی کرنا۔

تَمَھَّكَ فِی الْعَمَلِ: اچھے طریقہ سے کرنا۔ ہاتھ سے منقش کرنا۔

اِمْتَھَكَ الرَّجُلُ: کم گوشت والا ہونا —— فِی الْعَدْوِ: کوشش کرنا۔

تَمَاھَكَ۔ الْقَوْمُ: باہم جھگڑنا۔

مَھْکَةُ الشَّبَابِ و مُھْکَتُهٗ۔ جوانی کی رونق و تروتازگی۔

المَھُوْک۔ نرم کمان۔

المُمَھَّك و الْمُتَمَھِّكُ۔ جوانی سے بھرپور۔ کہا جاتا ہے شَابٌ مُمَھَّك۔

المُمَھَّک۔ لمبا بے ڈول۔

مَھَلَ (ف) مَھْلاً و مُھْلَةً و تَمَھَّلَ فِی الْعَمَلِ: اطمینان سے بغیر جلد بازی کے کام کرنا۔

مَھِلَ (س) مَھَلاً الرَّجُلُ: بھلائی میں پیش قدمی کرنا۔ صفت مَاھِل۔

اَمْھَلَهٗ و مَھَّلَهُ الدَّیْنَ: مہلت دینا۔ اَمْھَلَ و مَھَّلَ الرَّجُلَ: نرمی برتنا —— فِی الْاَمْرِ: مبالغہ کرنا۔ عذر کرنا۔

اِسْتَمْھَلَهٗ: مہلت مانگنا۔

المَھْل و المَھَل۔ مص۔ نرمی آہستگی۔ میت کی پیپ۔ اور کہا جاتا ہے "مَھْلاً و عَلٰی مَھْلٍ" یعنی ٹھہر جا جلدی نہ کر اور یہ مصدر ہے جو فعل کے قائم مقام ہے اور واحد تثنیہ جمع مذکر مؤنث سب کے لیے ہے المَھَلَ: کسی شخص کے گزرے ہوئے لوگ۔ سوار ہونے سے پہلے معاملہ کی ہدایت۔ پیش قدمی۔ کہا جاتا ہے فُلَانٌ ذُوْ مَھَلٍ: فلاں بھلائی میں پیش قدمی کرنے والا ہے۔

المُھْلِ۔ معدنی جواہر۔ جیسے چاندی تانبا لوہا وغیرہ پگھلی ہوئی دھاتیں۔ پتلا قطران۔ زیتون کا پتلا تیل۔ زہر۔ پیپ۔ یا خاص مردہ کی پیپ روئی سے جو راکھ جھڑے۔

المُھْلَة۔ مص۔ راکھ میں بقیہ چنگاری۔ آہستگی و نرمی۔ کہا جاتا ہے "مَشٰی عَلٰی مُھْلَتِهٖ" وہ آہستہ آہستہ چلا۔ پتلا قطران۔ شار۔ کہا جاتا ہے "خُذِ الْمُھْلَةَ فِیْ اَمْرِكَ" یعنی اپنے معاملہ میں سامان کو لو۔ "و اَخَذَ عَلٰی فُلَانٍ الْمُھْلَةَ" یعنی وہ اس سے عمر یا ادب میں بڑھ گیا۔

المَھْلَة و المِھْلَة و المُھْلَة و المَھَلَة پیپ یا خاص مردہ کی پیپ۔

المُتَمَھِّل۔ فا —— مِنَ الرِّجَالِ: لمبا۔

مَھْمَا اسم شرط جازم ہے۔ غیر عاقل کے لیے استعمال کیا جاتا ہے اور ظرف زمان ہے جیسے مَھْمَا یَزُرْنِیْ زَیْدٌ اُکْرِمْهُ: جب زید مجھ سے ملے گا میں اس کا اکرام کروں گا اور کبھی غیر ظرف ہوتا ہے جیسے مَھْمَا تَفْعَلْ اَفْعَلْ: جو تو کرے گا میں کروں گا۔

مَھْمَهَهٗ عَنِ السَّفَرِ: روکنا۔ مَھْمَهَ فُلَانًا: مہ مہ کہہ کے ڈانٹنا۔

تَمَھْمَهَ عَنِ الشَّیْئِ: باز رہنا۔ رکنا۔

المَھْمَه و المَھْمَھَة۔ دور کا جنگل۔ ویران ملک۔ ج مَھَامِه۔

مَھَنَ (ف ن) مَھْنًا و مَھْنَةً و مِھْنَةً الرَّجُلَ: خدمت کرنا۔

مَھَنَ (ف ن) مَھْنًا۔ اپنا پیشہ کرنا —— الرَّجُلَ: مارنا اور سختی کرنا —— الثَّوْبَ: کھینچنا۔ بوسیدہ کرنا —— الْجَارِیَهَ: جماع کرنا۔

مَھُنَ (ک) مَھَانَةً: حقیر و کمزور ہونا۔

مَاھَنَهٗ مُمَاھَنَةً: مشق کرنا۔

اَمْھَنَهٗ: کمزور کرنا۔ خدمت لینا۔

اِمْتَھَنَ الشَّیْئَ: حقیر کرنا۔ بوسیدہ کرنا —— الرَّجُلَ: خدمت میں رکھنا —— الرَّجُلُ: خدمت میں مشغول ہونا۔

المِھْنَة و المَھْنَة و المَھِنَة و المِھِنَة۔ کام کی مہارت۔ خدمت۔ کہا جاتا ہے "قَامَتِ الْمَرْأَةُ بِمِھْنَةِ بَیْتِھَا" عورت اپنے گھر کے کام کاج کیلئے مستعد ہوئی "وَ مَا مِھْنَتُكَ ھٰھُنَا" یہاں پر تمہارا کیا عمل ہے "وَ ھُوَ فِیْ مِھْنَةِ اَھْلِهٖ" وہ اپنے لوگوں کی خدمت میں مشغول ہے "خَرَجَ فِیْ ثِیَابِ مِھْنَتِهٖ" وہ اپنے کام کاج کے کپڑوں میں نکلا۔ ج مِھَن و مُھَن۔

المَاھِن۔ فا۔ خادم۔ غلام۔ ج مُھَّان و مَھَنَةٌ و مِھَان۔ مؤنث مَاھِنَةٌ ج مَوَاھِن۔

المَھِیْن۔ حقیر۔ کمزور۔ کم سمجھ۔ ج مُھَنَاء۔

مَھَا یَمْھُوْ مَھْوًا۔ الرَّجُلَ: بہت مارنا۔

مَھَا یَمْھُوْ مَھًا۔ البَقَرَةُ الْوَحْشِیَّةُ: نیل گائے کا خالص سفید ہونا۔

مَھُوَ یَمْھُوْ مَھَاوَةً اللَّبَنُ او السَّمَنُ: دودھ یا گھی کا پتلا ہونا۔ صفت مَھُوٌّ۔

اَمْھَی اللَّبَنَ: دودھ میں زیادہ پانی ملانا —— الحَدِیْدَةَ: لوہے کو تیز کرنا —— الفَرَسَ: رسّی دراز کرنا۔ دوڑا کر گرم کرنا۔ اِسْم الْمَھْیُ۔ اور کہا جاتا ہے "حَفَرَ الْبِئْرَ حَتّٰی اَمْھٰی" اس نے کنواں کھودا یہاں تک کہ پانی تک پہنچ گیا۔ اَمْھٰی فُلَانٌ: تعریف میں خوب مبالغہ کرنا —— الْحَبْلَ: رسّی کو ڈھیل دینا —— القِدْحَ: تیر کی کجی کو درست کرنا —— القِدْرَ: ہانڈی میں پانی بڑھا دینا۔ اَمْھَتِ الْعَیْنُ: آنسو بہانا۔

المَھْو۔ مص۔ سفید کنکری۔ موتی۔ بلور۔ اولہ۔ تازہ کھجوریں۔ پتلی تلوار۔ بہت پانی والا دودھ۔

المَھَاة۔ نیل گائے (جس سے آنکھوں کی خوبصورتی میں تشبیہ دی جاتی ہے) آفتاب۔ بلور۔ ج مَھًا و مَھَوَات و مَھَیَات۔

مَھٰی یَمْھِیْ و یَمْھٰی مَھْیًا و اَمْھٰی و اِمْتَھٰی الشَّفْرَةَ او الْحَدِیْدَةَ: پتلا کرنا۔ تیز کرنا۔ و مَھٰی الشَّیْئَ: ملمع کرنا۔

اِسْتَمْھَی الفَرَسَ: گھوڑے کو پوری رفتار پر چھوڑ دینا —— القَوْمُ: دشمن کی صفوں کو توڑ دینا اور شکست دینا۔

مَھْیَمْ۔ کلمہ استفہام ہے یعنی تمہارا کیا حال ہے۔ یا تمہیں کیا ہوا۔ یا کیا خبر ہے۔

مَاءَ یَمُوْءُ مُؤَاءً و اَمْوَأَ السِّنَّوْرُ: بلی کا میاؤں میاؤں کرنا۔ و اَمْوَأَ الرَّجُلُ: بلی کی طرح آواز کرنا۔

المَائِيَةو المَائِنَةو المَائِيَة-بلی-

مَاتَ يَمُوْتُ مَوْتًا-مرنا-مَاتَتِ الرِّيْحُ :ہوا کا رک جانا ـــــ النَّارُ :آگ کی راکھ ٹھنڈی ہونا مَاتَ الْحَرُّ و البَرْدُ : گرمی یا سردی کا زائل ہونا-مَاتَتِ الْحُمّٰى :بخار کا جوش کم ہونا-مَاتَ الثَّوْبُ :کپڑے کا بوسیدہ ہونا-

مَاتَ يَمُوْتُ مَوَاتًا مَوَتَانًا الْمَكَانُ :ویران ہونا ـــــ الطَّرِيْقُ :راستہ چلنا بند ہونا-کہا جاتا ہے "مَاتَ فَوْقَ الرَّحْلِ "یعنی گہری نیند سوگیا-

مَوَّتَهٗ :مارڈالنا-موت دینا-

اَمَاتَهٗ اِمَاتَةً-مارڈالنا-اَمَاتَ نَفْسَهٗ : مغلوب کرنا ـــــ غَضَبَهٗ : غصہ پی جانا ـــــ الرَّجُلُ : مرے ہوئے بچوں والا ہونا ـــــ النَّاقَةُ او الْمَرْأَةُ : مرے ہوئے بچہ والی ہونا-صفت مُمِيْت و مُمِيْتَة ج مَمَاوِيْت ـــــ القَوْمُ : مرے ہوئے جانوروں والا ہونا-اَمَاتَ اللَّحْمَ :خوب اچھی طرح پکانا اور جوش دینا-اور کہا جاتا ہے "مَا اَمْوَتَهٗ" یعنی وہ کیسا مردہ دل ہے-

اُمِيْتَتِ اللَّفْظَةُ :لفظ کا استعمال چھوڑ دیا جانا-

مَاوَتَ مُمَاوَتَةً قِرْنَهٗ :باہم صبر کرنا-

تَمَاوَتَ- بتکلف مردہ بننا- خاموشی اور کمزوری ظاہر کرنا-

اِسْتَمات اِسْتِمَاتَةً و اِسْتِمَاتًا: موت چاہنا- ہر طریقے سے کسی چیز کو طلب کرنا-لاغری کے بعد موٹا ہونا ـــــ الثَّوْبُ : کپڑے کا بوسیدہ ہونا ـــــ الشَّيْءُ :ڈھیلا ہونا-

المَوْت و المَوْتَة-موت-المَوْتُ الاَحْمَرُ : قتل سے جو موت واقع ہو-المَوْتُ الْاَبْيَض : موت طبعی یا اچانک موت-المَوْتُ الاَسْوَدُ :گلا گھونٹنے سے جو موت واقع ہو-

المُوْتَة-جنون کی ایک قسم-مرگی-

المَيْتَة-المَيْت کا مؤنث-مردار-ج مَيْتَات-

المِيْتَة- مرنے کی حالت- کہا جاتا ہے "مَاتَ مِيْتَةً صَالِحَةً" و "مَاتَ مِيْتَةَ سُوْءٍ"(اچھی اور بری طرح مرنا)

الميتو🔔-موت-(مولدة)

المَوَتَان و المُوْتَان- جانوروں کی مری- اور کہا جاتا ہے "هٰذا مَوَتَان الْفُؤَادِ "یعنی یہ بلید الطبع ہے-مؤنث مَوَتَانَةٌ-

المَوَتَان- موت- غیر ذی روح- کہا جاتا ہے "اِشْتَرِ مِنَ المَوَتَانِ ولا تَشْتَرِ مِنَ الحَيَوَان" یعنی زمین' مکانات وغیرہ خریدو اور غلام جانور وغیرہ مت خریدو اور کہا گیا ہے کہ مَوَتَان اس زمین کو کہتے ہیں جس میں آبادی نہ ہو-

المَائِت- قریب المرگ- کہا جاتا ہے "مَوْتٌ مَائِتٌ "یعنی سخت موت-

المَيْت ج اَمْوَات و مَوْتٰى و مَيْتُوْن-

و المَيِّت ج مَيِّتُوْن : مردہ- مؤنث مَيْتَةٌ و مَيِّتٌ و مَيِّتَةٌ ج مَيْتَات و مَيِّتَات-

المَوَات- مص -غیر ذی روح- غیر آباد زمین یا وہ زمین جس سے کوئی فائدہ نہ اٹھائے-

المَمَات-موت-یا زمانہ موت-

المُمَات مِنَ اللَّفْظِ :متروک الاستعمال لفظ-

خَطِيْئَةٌ مُمِيْتَةٌ-گناہ کبیرہ-

المُسْتَمِيْت- فا- طالب قتل جو لڑائیوں میں موت کی پروا نہ کرے- بتکلف مجنوں بننے والا- انڈے کی سفیدی کا باریک چھلکا-

مَاثَ يَمُوْثُ مَوْثًا و مَوَثَانًا الشَّيْءَ بِالشَّيْءِ : مخلوط کرنا ـــــ الشَّيْءَ فِيْ المَاءِ :پانی میں گھسنا-

اِنْمَاثَ- مختلط ہونا- حل ہونا- گھل مل جانا-

مَاجَ يَمُوْجُ مَوْجًا و مَوْجَانًا و تَمَوَّجَ الْبَحْرُ : سمندر کا موج مارنا- مَاجَ القَوْمُ : مضطرب ہونا- بے ترتیب ہونا-مَاجَ عَنِ الْحَقِّ :حق سے تجاوز کرنا-

المَوْج- مص - لہر- واحد مَوْجَةٌ- ج اَمْوَاج- و مَوْجَةُ الشَّبَابِ :آغاز جوانی-

المَوَّاج-بہت موج مارنے والا-

مَاخَ يَمُوْخُ مَوْخًا الْغَضَبُ : غصہ کا ٹھنڈا ہونا-

المَاذ-اچھی خصلتوں والا ہونا-خوش طبع(اصل اس کی مَوْذٌ ہے)

المَاذِيّ- سفید شہد- یا عمدہ شہد- ہر قسم کے ہتھیار(ـــــ و المَاذِيَّة)نرم زرہ-

الماذيّه :شراب-

مَارَ يَمُوْرُ مَوْرًا الْبَحْرُ :موج زن ہونا ـــــ الدَّمُ عَلَى الْاَرْضِ :خون کا زمین پر پھیل کر بہنا ـــــ الدَّمَ :خون کو زمین پر پھیلا کر بہانا ـــــ الشَّيْءُ : آگے پیچھے تیزی سے ہلنا ـــــ التُّرَابُ : غبار کا اُٹھنا- برانگیختہ ہونا- مَارَتِ الرِّيْحُ التُّرَابَ و بَالتُّرَابِ :ہوا کا مٹی کو اُٹھانا- برانگیختہ کرنا- مَارَ الصُّوْفُ عَنِ الْجَسَدِ :پشم کو جسم سے اکھیڑنا-السِّنَانُ فِي الْمَطْعُوْنِ :بھالے کا زخمی کے بدن میں ہلنا-

اَمَارَ الدَّمَ: خون بہانا- اَمَارَتِ الرِّيْحُ التُّرَابَ ہوا کا مٹی کو اُٹھانا برانگیختہ کرنا- اَمَارَ السِّنَانَ فِي الْمَطْعُوْنِ :بھالے کو زخمی کے بدن میں ہلانا-

تَمَوَّرَ- تردد کی حالت میں آنا جانا ـــــ الشَّعَرُ :بالوں کا ادھر ادھر ہونا- اور کہا جاتا ہے "تَمَوَّرَ الْوَبَرُ و نَحْوُهٗ عَنِ الدَّابَّةِ" جبکہ بال یا اون وغیرہ گر جائیں ـــــ الشَّيْءُ : کسی چیز کا مضطرب ہونا-اور جلدی جلدی حرکت کرنا-

اِنْمَارَ الشَّعَرُ :بال اکھیڑا جانا-

اِمْتَارَ اِمْتِيَارًا السَّيْفَ : تلوار سونتنا-

مَارَ و مَارِي- سریانی کلمہ ہے اس کے معنے سید کے ہیں اور اکثر اس کا استعمال مقدس لوگوں کے لیے ہوتا ہے اور مؤنث کیلئے مُرْت کہا جاتا ہے-

المَوْر- مص - نرم چیز- چلتا ہوا ہموار راستہ- تیزی-

المُوْر- ہوا میں اُڑنے والا غبار- مٹی جس کو ہوا اڑائے-ایک قسم کے مینے-

المُوْرَة والمُوَارَة- گری ہوئی اون- المُوَارة :چیز جو کسی چیز سے گرے-فانی چیز کا کچھ باقی حصہ-

المَائِر- فا-کم سمجھ-سَهْمٌ مَائِرٌ: گھس جانے والا ہلکا تیر-مؤنث مَائِرَة-ج مَائِرَاتٌ و مَوَائِر-

المَوَّار-اسم مبالغہ-رِيْحٌ مَوَّارَةٌ و اَرْيَاحٌ مُوْرٌ :مٹی برانگیختہ کرنے والی ہوا-

المَوْرَج- کھیتی کرنے والوں کا آلہ جس کو کھلیان پر گھماتے ہیں اس کو مسلا کہتے ہیں-

المَوْز-کیلے کا درخت-کیلا-واحد مَوْزَةٌ :

المَوَّاز- کیلا بیچنے والا-

المَوزَج۔ موزہ۔ ج مَوَازِج و مَوَازِجَة۔
مَاسَ يَمُوْسُ مَوْسًا الرَّأسَ : سر مونڈنا۔
المَاسَ۔ ہیرا۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ مَاسٌ" بے حس مرد جس پر عتاب و خفگی کا کوئی اثر نہ ہو۔
المُوْسیٰ۔ استرا۔ (مذکر و مؤنث) ج مَوَاسٍ و مُوْسِيَات۔
المُوْسِيْقِي۔ گانے کا فن۔
المُوْسِيْقِيّ۔ گانے والا۔ گویا۔
مَاشَ يَمُوْشُ مَوْشًا الْكَرَمَ : توڑنے کے بعد باقی ماندہ انگور چننا۔
المَاشَ۔ اڑد۔ واحد مَاشَةٌ۔ گھر کا معمولی سامان۔
مَاصَ يَمُوْصُ مَوْصًا و مَوَصَ الثَّوْبَ : کپڑا دھونا۔ مَاصَ الشَّئَ : ہاتھ سے ملنا۔
المَوْص۔ مص۔ بھوسہ۔
المُوَاصَة۔ پانی جس سے برتن یا کپڑے وغیرہ دھوئے گئے ہوں۔
مَوْعَةُ الشَّبَابِ : آغاز جوانی۔
مَاغَ يَمُوْغُ مَوْغًا و مُوَاغًا السِنَّوْرُ : بلی کا میاؤں میاؤں کرنا۔
مَاقَ يَمُوْقُ مَوْقًا المَبِيْعُ : ارزاں ہونا۔ الطَّعَامُ : غلہ مندا ہونا۔
مَاقَ يَمُوْقُ مَوْقًا و مُوْقًا و مُوَاقَةً و مُؤُوْقًا۔ الرَّجُلُ : بیوقوف ہونا۔ ہلاک ہونا۔
تَمَاوَقَ۔ حماقت ظاہر کرنا۔
اِنْمَاقَ اِنْمِيَاقًا : ہلاک ہونا۔
اِسْتَمَاقَ اِسْتِمَاقَةً۔ بیوقوف سمجھنا۔
المَائِق۔ بیوقوف۔ ہلاک ہونے والا۔ کہا جاتا ہے "اَحْمَقُ مَائِقٌ" وہ بڑا سخت بیوقوف ہے۔ ج مَوْقیٰ۔
المُوْق۔ مص۔ بیوقوفی۔ غباوت۔ غبار۔ پر والی چیونٹی۔ گوشہ چشم۔ موٹا موزہ جو باریک موزہ پر پہنا جائے۔ ج اَمْوَاق۔
مَالَ يَمُوْلُ و يَمَالُ مَوْلًا و مُؤُوْلًا : مالدار ہونا یا بہت مال والا ہونا۔ کہا جاتا ہے "مَا اَمْوَلَهُ" وہ کس قدر مالدار ہے۔
مَالَهُ يَمُوْلُهُ مَوْلًا و اَمَالَهُ اِمَالَةً مال دینا۔
مَوَّلَهُ۔ مالدار بنانا۔

تَمَوَّلَ الْمَالَ : اپنے لیے جمع کرنا (——— و اِسْتَمَالَ) مال حاصل کرنا یا بہت مال والا ہونا۔
المَالُ ج اَمْوَال : مال و دولت۔ اہل بادیہ کے نزدیک اس کا اطلاق چوپایوں پر ہوتا ہے جیسے اونٹ بکری وغیرہ۔ مذکر و مؤنث ہے۔ کہا جاتا ہے "هُوَ المَالُ و هِيَ المَالُ" اور کہا جاتا ہے "خَرَجَ اِلَى مَالِهِ" یعنی اپنی جائیداد یا اپنے اونٹوں کی طرف گیا۔ ج مَالَةٌ و مَالُوْن : بہت مال والا۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ مَالٌ" بہت مالدار مرد۔ مؤنث مَالَةٌ ج مَالَة و مَالَات۔
المُوْلِ۔ مکڑی۔ واحد مُوْلَةٌ۔
المَالِيَّة۔ مالیت۔ دولت۔ مال کے متعلق مولدین اس کا اطلاق مال پر بھی کرتے ہیں۔
المَوِّل و المَيِّل۔ بہت مال والا۔
المُوَيْل۔ مال کی تصغیر۔ رجب کا مہینہ۔
مِيْمَ مَوْمًا الرَّجُلُ : برسام کی بیماری لاحق ہونا یا سخت چیچک ہونا جس میں سارا جسم ایک زخم بن جائے۔ صفت مفعولی مَمُوْمٌ۔
مَوَّمَ مِيْمًا۔ حرف میم لکھنا۔
المُوْم۔ موم۔ جلاہوں کا نال۔ موچیوں کا ایک آلہ۔ المَوْمَاء و المَوْمَاة وسیع بیابان یا بے پانی کا بیابان۔ ج المَوَامِي۔
المُوْمِيَاء۔ ایک قسم کی دوا۔ قدماء مصر کے طریقہ پر حنوط لگائے ہوئے اجسام۔
مَانَهُ يَمُوْنُهُ مَوْنًا و مُؤْنَةً و مَؤُوْنَةً نان نفقہ برداشت کرنا۔ صفت مَائِن۔ مَانَ الْاَرْضَ : زراعت کے لیے زمین جوتنا۔
تَمَوَّنَ۔ نان نفقہ جمع کرنا۔ بال بچوں پر زیادہ خرچ کرنا۔
المُؤْنَة۔ گزارے کا ذخیرہ۔ ج مُؤَن۔
بَيْتُ المُؤْنَة : گزارہ جمع کرنے کی کوٹھری۔
المَوَّان۔ ذخیرہ جمع کرنے والا۔ ذخیرہ مہیا کرنے والا۔
مَاهَت تَمُوْهُ و تَمَاهُ مَوْهًا و مَاهَةً و مُؤُوْهًا۔ البِئْرُ : کنوئیں کا بہت پانی والا ہونا۔
——— و السَّفِيْنَةُ : کشتی میں پانی داخل ہونا۔
مَاهَ يَمُوْهُ مَوْهًا الرَّجُلَ : پانی ہلانا ——— الشَّئَ بِالشَّئِ : ملانا۔

اَمَاهُ اِمَاهَةً و اَمْوَهَ اِمْوَاهًا الشَّئَ : ملانا ——— الشَّئُ : ملنا ——— الرَّجُلَ : پانی پلانا ——— الحَوْضَ : حوض میں پانی جمع کرنا ——— الدَّوَاةَ : دوات میں پانی ڈالنا ——— البِئْرَ : کنواں کھود کر پانی نکالنا ——— السِّكِّيْنَ : چھری پر پانی چڑھانا۔ اَمَاهَتِ السَّمَاءُ : بہت پانی برسانا ——— الْاَرْضُ : بہت پانی والی ہونا۔
مَوَّهَ الْمَكَانُ : پانی والی ہونا ——— القِدْرَ : ہانڈی میں پانی بڑھانا ——— الشَّئَ بِمَاءِ الذَّهَبِ او الفِضَّةِ و نَحْوِهِمَا : سونے یا چاندی کا پانی چڑھانا ——— عَلَيْهِ الْاَمْرَ و الخَبَرَ : جھوٹی بات خلاف واقعہ سنانا۔
تَمَوَّهَ۔ سونے چاندی وغیرہ کا پانی چڑھنا۔
العِنَبُ : انگور کا رس دار ہونا اور پکنے کے قریب ہونا ——— الْمَكَانُ بِالْبَقْلِ : سبزہ زار ہونا۔
المَاءُ۔ پانی (اصل مَوَهٌ ہے) تصغیر مُوَيْه اور نسبت کے لئے مَائِيّ و مَاوِيّ و مَاهِيّ ج مِيَاهٌ و اَمْوَاهٌ۔ و مَاءُ الوَرْدِ و مَاءُ الزَّهْرِ و نَحْوُهُمَا : گلاب وغیرہ کا پانی جو عرق کھینچنے سے نکلے۔ مَاءُ الوَجْهِ او مَاءُ الشَّبَابِ : چہرہ یا جوانی کی رونق و تروتازگی مَاءُ السَّيْفِ : تلوار کی چمک دمک بَنَاتُ المَاءِ : پانی کے آس پاس رہنے والے پرندے۔ مفرد اِبْنُ المَاءِ۔ المَاءُ الْاَزْرَق : موتیا بند۔
المَاهُ۔ پانی اور نسبت کیلئے مَاهِيّ۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ مَاهُ الْفُؤَادِ و مَاهِيُّ الْفُؤَادِ" یعنی بزدل۔ بلید الطبع۔
المَاهَة۔ پانی۔ تصغیر مُوَيْهَةٌ۔
المُوْهَة و المُوَاهَة مِنَ الْوَجْهِ : رونق و حسن۔
المَاهَة۔ مص۔ چیچک۔ بِئْرٌ مَاهَةٌ : بہت پانی والا کنواں۔
المَاهِيَة۔ مؤنث المَاهِيّ۔ مَاهِيَّةُ الشَّئِ : حقیقت "شَے مَاهُوَ" سے نکلا ہوا۔ ج مَاهِيَّات۔
المَائِيَّة و المَاوِيَّة مِنَ الشَّجَرِ : وہ سائل چیز جس سے درخت کو غذا حاصل ہو۔ المَاوِيَة۔

آئینہ۔ج مَاوِیٌّ۔
رَکِیَّۃٌ مَیِّھَۃٌ۔بہت پانی والا کنواں۔
الاَمْوَہ۔اسم تفضیل۔کہا جاتا ہے "البِئْرُ ھٰذِہٖ السَّنَۃَ اَمْوَہُ مِمَّا کَانَتْ" یعنی کنواں امسال بہ نسبت پہلے کے زیادہ پانی والا ہے۔
المُمَوَّھَۃ۔مفع۔ناخنہ والی آنکھ۔
مَاتَ یَمِیْتُ مَیْتًا۔مرنا۔
مَاتَ یَمِیْتُ مَیْتًا و مَیَّتَ الشَّیْئَ فِی المَاءِ : پگھلانا۔حل کرنا۔مَیَّتَ الرَّجُلَ :ذلیل کرنا۔
تَمَیَّتَ الشَّیْئُ فِی المَاءِ : پگھلنا۔ حل ہونا —— الرَّجُلُ : ذلیل ہونا۔ تَمَیَّتَ الاَرْضُ : بارش سے نرم ہونا —— الحَرَارَۃُ : ٹھنڈی ہونا۔
اِنْمَاتَ اِنْمِیَاتًا الشَّیْئُ فِی المَاءِ : پانی میں حل ہونا۔
اِمْتَاتَ الرَّجُلُ : زندگی کی راحت پانا —— الاَقِطَ : پنیر کو پانی میں بھگو کر کھانا —— الشَّیْئَ فِی المَاءِ : پگھلانا۔حل کرنا۔
المَیْتُ۔نرم۔
اَرْضٌ مَیْتَاءُ بغیر ریت والی نرم زمین۔
المُسْتَمِیْتُ۔ انڈے کی سفیدی کا باریک چھلکا۔
مَاحَ یَمِیْحُ مَیْحًا الشَّیْئُ : مخلوط ہونا۔
مَاحَ یَمِیْحُ مَیْحًا و مَیْحُوحَۃً۔چلو سے پانی لینا —— اَصْحَابَہٗ :لوگوں کے لیے چلو چلو پانی لانا —— الرَّجُلَ : نفع دینا —— ہٗ عِنْدَ الاَمِیْرِ" : سفارش کرنا۔ کہا جاتا ہے "مِحْنِیْ عِنْدَ الاَمِیْرِ" یعنی سفارش امیر سے کرو۔مَاحَتِ الرِّیْحُ الشَّجَرَۃَ :جھکانا مَاحَ الرَّجُلُ :نازو انداز سے چلنا۔مَاحَہٗ یَمِیْحُہٗ مَیْحًا و مِیَاحَۃً :دینا۔
مَیَّحَ تَمْیِیْحًا الغُصْنُ : جھکنا، ہلنا —— السَّکْرَانُ :چلنے میں ڈگمگانا۔
مَایَحَہٗ مُمَایَحَۃً۔ملانا۔
اِمْتَاحَ المَاءَ : چلو لینا —— الرَّجُلَ :طلب فضل کیلئے کسی کے پاس آنا۔ اِمْتَاحَہٗ الحَرُّ او العَمَلُ :پسینہ میں شرابور کرنا۔
تَمَیَّحَ۔نازو انداز سے چلنا۔دائیں بائیں جھکنا۔
تَمَایَحَ۔ڈگمگانا۔

اِسْتِمَاحَہٗ اِسْتِمَاحَۃً۔ عطیہ مانگنا۔ سفارش کرنے کی درخواست کرنا۔
المَائِحُ ج مَاحَۃٌ وَ المَیَّاحُ۔ چلو سے پانی پلانے کی درخواست کرنے والا۔
مَاخَ یَمِیْخُ مَیْخًا و تَمَیَّخَ الرَّجُلُ :نازو انداز سے چلنا۔
مَادَ یَمِیْدُ مَیْدًا و مَیَدَانًا۔ہلنا۔جھکنا۔کہا جاتا ہے "مَادَتْ بِہٖ الاَرْضُ" زمین اس کے ساتھ گھوم گئی —— الغُصْنُ : ٹہنی کا جھکنا۔ ہلنا —— الرَّجُلُ : ناز و انداز سے چلنا۔ سر چکرانا وَ مَادَ الرَّجُلَ : زیارت کرنا۔بہتر سلوک کرنا۔
تَمَایَدَ۔نشاط سے جھومنا۔
تَمَیَّدَتِ المَرْاَۃُ :عورت کا ناز سے چلنا۔
اِمْتَادَ اِمْتِیَادًا۔غلہ جمع کرنا۔عطیہ طلب کرنا۔کہا جاتا ہے "اِمْتَادُوْہُ فَمَادَھُمْ" یعنی لوگوں نے اس سے عطیہ طلب کیا اور اس نے دیا۔
المَائِدُ۔جھکنے والا۔ سر میں چکر والا۔ج مَیْدٰی۔
غُصْنٌ مَائِدٌ :جھکنے والی ٹہنی۔غُصُوْنٌ مُیَّدٌ :جھکنے والی ٹہنیاں۔
المَائِدَۃ :المائد کا مؤنث۔دستر خوان جس پر کھانا ہو۔کھانا۔زمین کا دائرہ ج مَوَائِدُ و مَائِدَاتٌ۔
مَیْدَ۔بید میں ایک لغت نادرہ۔
المَیْدَۃ۔مَادَ کا اسم مرۃ۔کھانا۔دستر خوان جس پر کھانا چنا ہوا ہو۔
مَیْدَیٰ بمعنی مِنْ اَجْلِ۔ کہا جاتا ہے "فَعَلَہٗ مَیْدَیٰ ذٰلِکَ" اس نے اس کو اس کی وجہ سے کیا۔ و بمعنی "حِذَاء" کہا جاتا ہے "دَارِیْ بِمَیْدَیٰ دَارِہٖ" میرا مکان اس کے مکان کے مقابل ہے۔
مَیْدَاءُ الشَّیْئِ :قیاس و انداز۔انتہاء۔اور کہا جاتا ہے "ھٰذَا مَیْدَاءُ ذٰلِکَ و بِمَیْدَائِہٖ" یعنی یہ اس کے مقابل ہے۔
المَیْدَان و المِیْدَان۔گھوڑ دوڑ یا کھیل کود کے لئے کشادہ جگہ۔ج مَیَادِیْن۔
المَیَّاد۔بہت جھومنے والا۔مؤنث مَیَّادَۃ۔
المَیُوْد۔بہت ہلنے والا۔
المُمْتَاد۔عطیہ مانگنے والا۔جس سے عطیہ مانگا جائے۔
مَارَ یَمِیْرُ مَیْرًا و اَمَارَ۔عِیَالَہٗ :اہل و عیال کیلئے نان و نفقہ لانا —— الدَّوَاءَ و نَحْوَہٗ : پگھلانا
مَارَ الصُّوْفَ : اون دھننا۔ اَمَارَ اَوْدَاجَہٗ : رگیں کاٹنا۔
مَایَرَہٗ مُمَایَرَۃً۔خوراک لانا۔مقابلہ کرنا۔نقل اتارنا۔
تَمَایَرَ تَمَایُرًا مَا بَیْنَ القَوْمِ :فساد واقع ہونا۔
اِمْتَارَ لِعِیَالِہٖ و لِنَفْسِہٖ :خوراک جمع کرنا۔
المَیْرُ۔مص۔خوراک۔کہا جاتا ہے "مَا عِنْدَہٗ خَیْرٌ و لَا مَیْرٌ"۔
المِیْرَۃ۔خوراک جس کو انسان ذخیرہ کرکے رکھے۔ج مِیَر۔
المَائِر۔خوراک لانے والا ج مُیَّار و مَیَارَۃٌ۔
المَیَّار۔خوراک لانے والا۔
المُوَارَۃ۔اون کا ردی حصہ جو دھننے کے وقت گرے۔
مَازَ یَمِیْزُ مَیْزًا و مَیَّزَ و اَمَازَ الشَّیْئَ : علیحدہ کرنا۔جدا کرنا —— الشَّیْئَ : ترجیح دینا۔ مَازَ فُلَانٌ :ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل ہونا۔
تَمَیَّزَ و اِنْمَازَ اِنْمِیَازًا و اِمْتَازَ اِمْتِیَازًا و اِسْتَمَازَ اِسْتِمَازَۃً۔جدا ہونا۔و تَمَیَّزَ فُلَانٌ مِنَ الغَیْظِ : غصہ سے پھٹ پڑنا۔ اِمْتَازَ القَوْمُ بعض کا بعض سے جدا ہونا۔و اِسْتَمَازَ :جدا ہونا۔
تَمَایَزَ القَوْمُ :متفرق ہونا۔گروہ بندی کرنا۔
المَیْزُ و المَیِّزُ۔مضبوط پٹھوں والا۔
التَّمْیِیْزُ۔مَیَّزَ کا مصدر۔قوت نفسانی جس سے معانی کا استنباط ہو۔علم نحو کی ایک اصطلاح۔سِنُّ التَّمْیِیْزِ :نفع ضرر پہچاننے کی عمر۔
الاِمْتِیَازُ۔مص۔کسی چیز کے بیچنے یا کسی کام کے کرنے کی اجازت کا خاص پروانہ۔لائسنس ج اِمْتِیَازَات (مولدۃ)
المِیْزَاب۔پرنالہ۔
مَاسَ یَمِیْسُ مَیْسًا و مَیَسَانًا و تَمَیَّسَ الرَّجُلُ : ناز و انداز سے چلنا۔ صفت مَائِسٌ و مَیَّاسٌ و مَیْسَانٌ و مَیُوْسٌ۔
مَیَّسَ الثَّوْبَ :دامن بنانا۔
المَیْسُ۔مص۔ایک بڑا درخت جس کی لکڑی سے کجاوہ بنایا کرتے تھے اور اس کے دانے کالے اور میٹھے ہوتے ہیں۔واحد مَیْسَۃٌ۔المَیْسُ ایک

قسم کی کشمکش۔ دو بیلوں کے درمیان لمبی لکڑی۔ کجاوہ۔

المَیَّاس۔ اکڑ کے چلنے والا شیر۔ بھیڑیا۔

المَیْسَان۔ بہت تیز چمکنے والا ستارہ ج مَیَاسِیْن۔

مَاشَ یَمِیْشُ مَیْشًا الشَّیْءَ بِالشَّیْءِ : ملانا ـــــ النَّاقَةَ : تھن سے آدھا دودھ دوھنا ـــــ الخَبَرَ : کچھ بتلانا کچھ چھپانا۔ کہا جاتا ہے "مَاشُوْا الْأَرْضَ مَیْشَةً" وہ زمین پر گزرے۔

مَاطَ یَمِیْطُ مَیْطًا و مَیَطَانًا و اَمَاطَ اِمَاطَةً عَنْ کَذَا : جدا ہونا۔ دور ہونا۔ کہا جاتا ہے "مِطْ عَنَّا یا فُلَانُ" یعنی اے فلاں ہم سے دور ہو۔ مَاطَه و اَمَاطَهٗ و مَاطَ بِهٖ : جدا کرنا۔ دور کرنا۔ لے جانا۔ مَاطَ الرَّجُلُ : ظلم کرنا۔ کہا جاتا ہے "مَاطَ عَلَیَّ فِیْ حُکْمِهٖ" اس نے اپنے فیصلہ میں میرے اوپر ظلم کیا۔

فُلَانًا : ڈانٹنا ہٹانا ـــــ الشَّیْءَ : جانا۔

مَیَّطَ تَمْیِیْطًا بَیْنَهُمَا : مائل کرا دینا۔

تَمَایَطَ الْقَوْمُ : فساد واقع ہونا۔ ایک دوسرے سے بعید ہونا۔

مَایَطَ بَیْنَ الشَّیْئَیْنِ : ترجیح دینا۔

المَیْط۔ مص۔ کہا جاتا ہے "مَاعِنْدَهٗ مَیْطٌ" اس کے پاس کچھ نہیں "و اِمْتَلَا حَتّٰی لَا یَجِدُ مَیْطًا" بھر گیا یہاں تک کہ اب مزید گنجائش نہیں "و اَمْرٌ ذُوْ مَیْطٍ" سخت معاملہ۔

المِیَاط۔ دفع۔ ڈانٹ۔ جھکاؤ۔ ادبار و تباعد (جس طرح ہیاط کے معنی اقبال اور قربت کے ہیں) اور اسی سے ہے "اَصْبَحُوْا فِیْ هِیَاطٍ و مِیَاطٍ" وہ لوگ اقبال و ادبار میں ہیں۔

المَیَّاط۔ بیہودہ کھیل کود میں رہنے والا۔

مَاعَ یَمِیْعُ مَیْعًا الشَّیْءُ : زمین پر پھیل کر بہنا۔ کہا جاتا ہے "السَّرَابُ یَمِیْعُ" سراب زمین پر پھیل کر جاری ہے ـــــ نَاصِیَةُ الفَرَسِ : گھوڑے کی پیشانی کے بال طویل ہونا اور لٹکنا ـــــ الفَرَسُ : گھوڑے کا دوڑنا (ـــــ وانْمَاعَ اِنْمِیَاعًا و تَمَیَّعَ تَمَیُّعًا) السَّمَنُ : گھی کا پگھل کر بہنا۔ صفت مَائِع مؤنث مَائِعَةٌ کہا جاتا ہے الفِضَّةُ یَتَمَیَّعُ فِی البُوْطَةِ : چاندی کٹھالی میں پگھل کر بہہ رہی ہے۔

اَمَاعَ اِمَاعًا و اِمَاعَةً الشَّیْءَ : بہانا۔

مَیْعَةُ الشَّیْءِ : اول شئے۔ اصل شئے۔ کہا جاتا ہے "مَیْعَةُ الشَّبَابِ" آغاز جوانی "و مَیْعَةُ السُّکْرِ" ابتدائی نشہ و "مَیْعَةُ الفَرَسِ" گھوڑے کی دوڑ کا آغاز۔ کہا جاتا ہے "الفَرَسُ فِیْ مَیْعَةِ جَرْیِهٖ" گھوڑا اپنی دوڑ کے آغاز میں ہے۔ المَیْعَة : زمین پر بہتی ہوئی چیز کا سیلان۔ ایک درخت کا خوشبودار گوند۔

المَائِع۔ بہنے والی چیز۔ بیوقوف۔

المَائِعَة۔ المَائِع کا مؤنث۔ گھوڑے کی پیشانی کے بال جبکہ طویل ہوں۔ ایک درخت کا خوشبودار گوند۔ ج مَوَائِع۔

مَالَ یَمِیْلُ مَیْلًا و تَمْیَالًا و مَیَلَانًا و مَیْلُوْلَةً و مَمَالًا و مَمِیْلًا اِلَی الْمَکَانِ : لوٹنا ـــــ اِلَی الشَّیْءِ اَوِ الشَّخْصِ : رغبت کرنا۔ محبت کرنا ـــــ عَنِ الطَّرِیْقِ : تجاوز کرنا۔ چھوڑ دینا ـــــ الحَائِطُ : دیوار کا جھکنا ـــــ الْحَاکِمُ فِیْ حُکْمِهٖ : ظلم کرنا ـــــ عَلَیْهِمُ الدَّهْرُ : زمانہ کا مصائب ڈالنا۔ مَالَ بِفُلَانٍ : غالب ہونا۔ مَالَ الشَّیْءَ : جھکانا کہا جاتا ہے "فُلَانٌ لَا تَمِیْلُ عَلَیْهِ المِرْبَعَةُ" یعنی فلاں بہت قوی ہے۔

مَالَتْ تَمِیْلُ مُیُوْلًا۔ الشَّمْسُ : آفتاب کا ڈھلنا یا غروب کے قریب ہونا۔ مَالَ النَّهَارُ او اللَّیْلُ : دن یا رات کا ختم ہونے کے قریب ہونا۔ اور کہا جاتا ہے "مَالَ بِنَا الطَّرِیْقُ" یعنی دور رہا۔

مَیِلَ (س) مَیَلًا۔ خلقتاً جھکا ہوا ہونا۔ صفت اَمْیَل کبھی اس کا استعمال عمارات کے متعلق ہوتا ہے۔

مَیَّلَ تَمْیِیْلًا الشَّیْءَ : جھکانا ـــــ فِی الْاَمْرِ : شک کرنا ـــــ بَیْنَ الْاَمْرَیْنِ : تردد اور ترجیح دینا۔ جیسے "قَرَّبَ لَهٗ طَعَامًا فَمَیَّلَ فِیْهِ لِقِلَّتِهٖ" اس نے کھانا پیش کیا اور کم ہونے کی وجہ سے متردد رہا کہ کھائے یا چھوڑ دے۔

اَمَالَ اِمَالَةً الشَّیْءَ : جھکانا ـــــ یَدَهٗ بِالْفَرَسِ : لگام ڈھیلی کرنا۔ اَمَالَتِ الْمَرْأَةُ : نقاب اتارنا۔ اَمَالَ الْقَارِی : پڑھنے میں امالہ کرنا۔

مَایَلَهٗ مُمَایَلَةً۔ موافقت کرنا۔ مدد دینا۔ لوٹ ڈالنا۔ مائل ہونا۔ محبت کرنا۔ کہا جاتا ہے "مَایَلَنَا الْمَلِکُ فَمَایَلْنَاهُ" بادشاہ نے ہم پر حملہ کیا ہم نے اس پر حملہ کر دیا۔ مَایَلَ بَیْنَ الشَّیْئَیْنِ : ترجیح دینا۔

تَمَیَّلَ و تَمَایَلَ تَمَایُلًا فِیْ مَشْیِهٖ : ناز و انداز سے چلنا۔ کہا جاتا ہے "بَیْنَ الْقَوْمِ تَمَایُلٌ" یعنی قوم کے درمیان جنگ و جدال اور فتنے ہیں۔ تَمَایَلَ الْجُلُّ عَنِ الفَرَسِ : جھکنا۔

اِسْتَمَالَ اِسْتِمَالَةً۔ مائل ہونا۔ کہا جاتا ہے "مَیَّلَه فَاسْتَمَالَ" اس نے اسے جھکایا وہ جھک گیا ـــــ فُلَانًا و بِقَلْبِهٖ : جھکانا۔ مائل کرنا۔ مہربان بنانا ـــــ مَا فِی الوِعَاءِ : لینا۔ اِسْتَمَالَ الطَّعَامَ و نَحْوَهٗ : دونوں کف یا ذراع سے ناپنا۔

المِیْل۔ سرمہ کی سلائی (مولدۃ) زخم ناپنے کا آلہ۔ المِیْلُ : نشان راہ جو مسافر کیلئے بنا دیا جائے تاکہ وہ مسافت معلوم کر سکے۔ مسافت جس کی کوئی حد مقرر نہیں۔ لوگوں نے کہا ہے کہ نگاہ پہنچنے تک کی مسافت ـــــ عِنْدَ الْمُحَدِّثِیْنَ چار ہزار ہاتھ کی مسافت۔ و المِیْلُ الهَاشِمِی : ایک ہزار باع (اور باع دونوں ہاتھ کے پھیلاؤ کی لمبائی) ج اَمْیَال و اَمْیُل و مُیُوْل۔

المِیْلَة۔ وقت۔ ج مِیَل اور کہا جاتا ہے "الدَّهْرُ مِیَلٌ" زمانہ گردشوں والا ہے۔

الإِمَالَة۔ مص ـــــ فِی الْقِرَاءَةِ : فتحہ کو کسرہ کی جانب اور الف کو یا کی جانب جھکانا۔

الأَمْیَل۔ اسم تفضیل۔ جھکی ہوئی عمارت وغیرہ۔ زین پر ایک جانب جھکا ہوا۔ بزدل۔ مؤنث مَیْلَاءُ۔

المَیْلَاء۔ الأَمْیَل کا مؤنث۔ ریت کا ٹیلہ۔ شَجَرَةٌ مَیْلَاءُ : بہت ٹہنیوں والا درخت۔

المَائِل۔ فا۔ ج مُیَّل و مَالَة مؤنث مَائِلَة ج مَائِلَات و مَوَائِل۔

المَیَّال۔ بہت جھکنے والا۔ مؤنث مَیَّالَة۔

مَانَ یَمِیْنُ مَیْنًا۔ جھوٹ بولنا۔ صفت مَائِن و مَیَّان و مَیُوْن۔ مَانَ الْاَرْضَ : زمین کو زراعت کے لیے جوتنا۔

تَمَایَنَ الْقَوْمُ : ایک کا دوسرے پر جھوٹ بولنا۔

المَان۔ ہل کا پھل۔

المَیْن- جھوٹ- ج مُیُوْن- کہتے ہیں "اَکْثَرُ الظُّنُوْن مُیُوْنٌ" اکثر گمان جھوٹے ہوتے ہیں- "وَمَا هُوَ اِلا کَذِبٌ و مَیْنٌ" یہ صرف جھوٹ ہے-

المِیْنَا والمِیْنَاء- بندرگاہ- ج مَوَانٍ ومَوَانِی- المِیْنَاء: آبگینہ-

مُتَمَایِنُ الْوُدِ: جھوٹی دوستی کرنے والا

مَاهَ یَمِیْهُ مَیْهًا و مَیْهَةً السَّیْفَ وَغَیْرَہ سنا. الذَّهَبِ: تلوار پر سونے کے پانی کا ملمع [illegible]نا- فُلَانًا: پانی پلانا- مَاهَتِ الْبِئْرُ: بہت پانی والا ہو[illegible]- مَاهَ یَمِیْهُ مَیْهَةً و مَاهَةً و مَیْهًا- الرَّکِیَّةَ کنوئیں کے پانی کو زیادہ کرنا-

الْمَاهَةَ والمِیْهَة- کنوئیں کے پانی کی کثرت-

اَمْیَهُ- اسم تفضیل- کہا جاتا ہے "الْبِئْرُ اَمْیَهُ مِمَّا کَانَتْ" کنواں بہ نسبت پہلے کے بہت پانی والا ہے-

مَیَّ و مَیَّةَ و مَیًّا- عورتوں کے نام-

ن-حرف نون پانچ قسموں پر ہے-

(۱) نون تاکید- اس کی دو قسمیں ہیں- خفیفہ- ثقیلہ اور یہ فعل کے ساتھ مختص ہے جیسے "لَيَكُوْنَنَّ مِنَ الصَّاغِرِيْنَ" و "لَا تَحْسَبَنَّ اللّٰهَ غَافِلاً" ماضی کی تاکید اس سے بالکل نہیں آتی اور امر کی تاکید جائز ہے اور فعل مضارع کی تاکید واجب ہے جبکہ جواب قسم ہو اور لام قسم سے کسی اجنبی کا فاصلہ نہ ہو اور فعل مثبت مستقبل ہو جیسے "تَاللّٰهِ لَاَكِيْدَنَّ اَصْنَامَكُمْ" اور جبکہ جواب قسم ہو اور یہ شرطیں نہ پائی جاتی ہوں تو تاکید ممتنع ہے اور ان کے علاوہ میں تاکید و عدم تاکید دونوں جائز ہیں مگر طلب میں تاکید زیادہ ہوتی ہے-

(۲) نونِ تنوین- اور یہ نون ساکنہ زائدہ اسم کے آخر میں آتا ہے جو صرف پڑھا جاتا ہے لکھا نہیں جاتا جیسے کِتَابٌ-

(۳) نونِ تانیث- اور یہ یا تو خفیفہ و مفتوحہ ہوتا ہے جو فعل کے ساتھ لاحق ہوتا ہے جیسے "ضَرَبْنَ ويَضْرِبْنَ و اضْرِبْنَ" اور یہ ضمیر ہے اور یا مشددہ و مفتوحہ ہوتا ہے جو جمع مؤنث پر دلالت کرنے کیلئے ضمیروں کے ساتھ متصل ہوتا ہے جیسے "غُلَامُكُنَّ و مِنْهُنَّ و ضَرَبَهُنَّ" اور یہ حرف ہے-

(۴) نونِ وقایہ- اور یہ یائے متکلم سے پہلے آتا ہے جیسے ضَرَبَنِي و اِنَّنِي-

(۵) نونِ زائدہ- اس کی دو قسمیں ہیں- ایک وہ جو فعل مضارع کے ساتھ لاحق ہوتا ہے جبکہ ضمیر تثنیہ کے ساتھ متصل ہو جیسے "يَضْرِبَانِ و تَضْرِبَانِ" یا ضمیر مؤنث حاضر کے ساتھ متصل ہو جیسے "تَضْرِبِيْنَ" یا جمع مذکر کے ساتھ جیسے "يَضْرِبُوْنَ و تَضْرِبُوْنَ" ان ساری صورتوں میں سوائے مثنی کے مفتوح ہوتا ہے اور مثنی میں مکسور- دوسری قسم وہ ہے جو اسم مثنی کے ساتھ لاحق ہوتا ہے اور مکسور ہوتا ہے جیسے "الزَّيْدَانِ" اور جمع مذکر کے ساتھ اور مفتوح ہوتا ہے جیسے الزَّيْدُوْنَ-

نا- ضمیر جمع متکلم ہے اور رفع نصب جر میں مشترک ہے جیسے "رَبَّنَا اِنَّنَا سَمِعْنَا-"

نَاَتَ (ف و ض) نَاْتًا و نَئِيْتًا- گریہ وزاری کرنا —الرَّجُلَ :حسد کرنا-

النَّاَات- شیر-

نَاَثَ (ف) نَاْثًا و مَنْاَثًا عَنْهُ :بعید ہونا- تاخیر کرنا —الرَّجُلُ :کوشش کرنا-

اَنْاَاَهُ اِنْاَاثًا- دُور کرنا- کہا جاتا ہے "سَعٰى سَعْيًا نَاْثًا و مِنْاَثًا" وہ سُست چال چلا- سَيْرٌ مِنْاَثٌ : سُست چال-

نَاَجَ (ف) نُؤُوْجًا فِي الْاَرْضِ : جانا — الْاَمْرَ : کام کو مؤخر کرنا (—نَئِيْجًا) اِلَى اللّٰهِ فِي الدُّعَاءِ : گڑگڑانا- نَاَجَتِ الرِّيْحُ : ہوا کا تیز ہونا —الرِّيْحُ الْمَوْضَعَ :ہوا کا تیز گزرنا-

نَاَجَ (ف ض) نَاْجًا و نُوَاجًا الثَّوْرُ : بیل کا آواز نکالنا-

نَئِجَ (س) نَاْجًا- آہستہ کھانا-

نَئِجَ الْقَوْمُ : تیز ہوا لگنا-

النَّائِجَة- تیز ہوا- ج نَائِجَات-

النَّاآج- بہت آواز نکالنے والا- تیز رَجُلٌ نَاآجٌ :بلند آواز والا مرد-

النَّئِيْج- مص- کہا جاتا ہے "لِلرِّيْحِ نَئِيْجٌ" ہوا کے لیے تیز سرسراہٹ ہے-

رِيْحٌ نَؤُوْجٌ- تیز چلنے والی ہوا- ج نَوَائِج-

الْمَنْؤُوْج- مفع - حَدِيْثٌ مَنْؤُوْجٌ : پیچیدہ بات-

نَاَدَه (ف) نَاْدًا- حسد کرنا- نَاَدَتْهُ الدَّاهِيَةُ مصیبت نازل ہونا- نَاَدَتِ الْاَرْضُ : زمین میں سیلن ہونا-

النَّآد- بروزن عَقَام والنَّآدٰى بر وزن نصارىٰ والنُّؤُوْد- مصیبت-

النِّئْدِل- مصیبت-

نَاَرَت (ف) نَاْرًا- نَائِرَةٌ فِي النَّاسِ :لوگوں میں ہیجان ہونا-

النَّؤُوْر- کاجل-

نَاَشَ (ف) نَاْشًا و تَنَاءَشَ الشَّيْءَ :سخت پکڑنا —الْاَمْرَ :مؤخر کرنا —الشَّيْءَ :دور کرنا —هُ اللّٰهُ : زندہ کرنا اور بلند کرنا —الرَّجُلُ مِنْ مَكَانِهِ :اُٹھنا-

تَنَاءَشَ- پیچھے ہونا اور دور ہونا —الشَّيْءَ : دور سے لینا-

اِنْتَاَشَ- پیچھے ہونا اور دور ہونا —الشَّيْءَ فُلَانًا : جلدی میں ڈالنا —بِغَنَمِهِ :بکریوں کے ساتھ کوچ کرنا —فُلَانًا : بطی سمجھنا —هُ اللّٰهُ :برباد کرنا-

النَّؤُوْش- قوی غالب-

النَّئِيْش- دور- کہا جاتا ہے "فَعَلَهُ نَئِيْشًا" اس نے اس کو اخیر میں کردیا- "وَجَاءَ نَئِيْشًا" وہ دیر سے آیا- "وَاَتْبَعَهُ نَئِيْشًا" بولا جاتا ہے جبکہ پیچھے رہ جائے اور پھر ساتھ چھوٹ جانے کے خوف سے جلدی سے پیچھا کرے-

النِّئْضِل- مصیبت-

النِّئْطِل- بری مصیبت- چالاک مرد-

نَاَفَ (ف) نَاْفًا فِي الْاَمْرِ :کوشش کرنا-

نَئِفَ (س) نَاْفًا و نَاَفًا مِنَ الشَّرَابِ :

آسودہ ہونا — الرَّجُلَ : نفرت کرنا — الشَّیَٔ :کھانا-

نَاَلَ (ف) نَاْلاً و نَئِیْلاً و نَاَلاَنًا الْفَرَسُ : گھوڑے کا جھومتے ہوئے چلنا- صفت نَؤُوْلٌ- الرَّجُلُ : سر اُٹھا کر ہلاتے ہوئے چلنا — فُلاَنًا :حسد کرنا-

نَاَمَ(ف ض)نَئِیْمًا- آہستہ آہستہ رونا-

نَاَمَتِ الْقَوْسُ وَالْاَسَدُ والظَّبْیُ : کمان، شیر، ہرن کا آواز کرنا-

النَّأْمَةُ- نَاَمَ کا اسم مرۃ- نغمہ- آواز- کہا جاتا ہے "اَسْکَتَ اللّٰہُ نَأْمَتَہٗ" اللہ اس کی آواز کو خاموش کر دے یعنی مار دے-

نَأْنَبَ- نَأْنَاۃً و تنأنب نَأْنَبَ عَنِ الْاَمْرِ :سست ہونا- عاجز ہونا- قاصر ہونا- صفت نَأْنَاو نَأْنَاءٌ و نُؤْنُؤٌ یعنی عاجز- بزدل- نَأْنَاَ فُلاَنًا :اچھی غذا دینا- ارادہ سے باز رکھنا-

نَایَ یَنْئَی نَأْیًا فُلاَنًا و نَایَ عَنْ فُلاَنٍ :دور ہونا- صفت نَاءٍ مؤنث نَائِیَۃٌ-

نَایَ وَاَنْایَ وَانْتَأیَ النُّؤْیَ لِلْخِیْمَۃِ : خیمہ کے گرد چو بچہ کھودنا-

نَاءَیَ مُنَاآۃً الرَّجُلَ :دور کرنا — الشَّرَّ عَنْ فُلاَنٍ :مدافعت کرنا- ہٹانا-

اَنْأَیٰ فُلاَنًا عَنْہُ :دور کرنا-

تَنَاءَیٰ تَنَائِیًا و انْتَأیٰ اِنْتِئَاءً دور رہونا-

النَّأیُ و النُّؤْیُ و النِّئْیُ والنُّوَی- چو بچہ خیمہ کے اردگرد- ج آنَاء و اَنْآءٌ و نُئِیٌّ و نِئِیٌّ-

النَّائِی- دور-

الْمُنْتَأیُ- دُور جگہ- خیمہ کے اردگرد چو بچہ-

النَّای- بانسری- ج نَایَات(دخیل)

نَبَّ(ض) نَبًّا و نَبِیْبًا و نُبَابًا التَّیْسُ خَاصَۃً : بکرے کا جوش کے وقت بلبلانا-

نَبَّبَ تَنْبِیْبًا النَّبَاتُ :پورے دار ہونا-

تَنَبَّبَ الْمَاءُ :پانی کا بہہ پڑنا-

النَّبَّۃُ- اسم مرۃ- بدبو-

الْاُنْبُوْبُ- بانس یا نرکل وغیرہ کا پورا- ج اَنَابِیْبُ- ہر گول جوف دار کیلئے بھی استعارہ کے طور پر بولا جاتا ہے- کہا جاتا ہے "شَرِبَ مِنْ اُنْبُوْبِ الْکُوْزِ" اس نے کوزہ کی ٹونٹی سے پیا- اُنْبُوْبُ الْمَاءِ : نالی- اُنْبُوْبُ الْکُوْزِ : کوزہ کی ٹونٹی- الْاُنْبُوْبُ مِنَ الشَّجَرِ : درختوں کی قطار-

اَنَابِیْبُ الرِّئَۃِ : پھیپھڑے سے سانس لینے کی نالیاں-

الْاُنْبُبُ و الْاُنْبُوبَۃُ- بانس یا نرکل کا پورا-

نَبَاَ (ف) نَبْأً و نُبُوْءًا الشَّیُٔ : بلند ہونا- دور ہونا- کہا جاتا ہے "نَبَاَ سَمْعِیْ عَنْ کَذَا" میرے کان نے فلاں بات سے نفرت کی — عَلَی الْقَوْمِ : ظاہر ہونا- برآمد ہونا — مِنْ اَرْضٍ اِلٰی اَرْضٍ : ایک زمین سے دوسری زمین کی طرف نکلنا(نَبَاَ(ف) نَبْأً) آہستہ آواز نکالنا-

نَبَّاَ تَنْبِئَۃً و تَنْبِیْئًا و اَنْبَاَ فُلاَنًا الْخَبَرَ و بِالْخَبَرِ : خبر دینا- تم کہتے ہو نَبَّاْتُ زَیْدًا عَمْرًوا خَارِجًا یعنی میں نے زید کو بتلایا کہ عمرو خارج ہے- وَ اَنْبَاَ فُلاَنًا : دفع کرنا- ایک جگہ سے دوسری جگہ نکالنا-

نَابَاَہُ مُنَابَاَۃً- ایک دوسرے کو خبر دینا- نَابَاَ الْقَوْمُ : دور رہونا- پڑوس چھوڑ دینا-

تَنَبَّاَ تَنَبُّؤًا- دعوی نبوت کرنا-

اِسْتَنْبَاَ الرَّجُلَ : خبر دریافت کرنا — النَّبَاَ : خبر کی تفتیش کرنا-

النَّبَاُ- خبر ج اَنْبَاءٌ-

النَّبْأَۃُ- آہستہ آواز یا کتے کی آواز-

النُّبُوْءَۃُ و النُّبُوَّۃُ- اللہ تعالٰی کے الہام سے غیب کی بات بتانا- پیشین گوئی کرنا- خدا کی طرف سے پیغامبری-

النَّبِیْءُ و النَّبِیُّ- اللہ تعالٰی کے الہام سے غیب کی باتیں بتانے والا- آئندہ کی پیشین گوئی کرنے والا- خدا کی طرف سے پیغامبر- نسبت کیلئے نَبَوِیٌّ- ج اَنْبِیَاءُ و نَبِیُّوْنَ و اَنْبَاءُ و نُبَّاءُ مؤنث نَبِیْئَۃٌ- ج نَبِیْئَاتٌ- النَّبِیُّ : واضح راستہ- ٹیڑھی بلند جگہ- ایک جگہ سے دوسری جگہ جانے والا النَّبِیْءِ کی تصغیر نُبَیِّئٌ اور نَبِیٌّ کی نُبَیٌّ-

النَّابِیُٔ- فا- ٹیڑھی بلند جگہ- رَجُلٌ نَابِیٌٔ و سَیْلٌ نَابِیٌٔ :ایسی جگہ سے آنے والا کہ معلوم نہ ہو-

نَبَتَ (ن) نَبْتًا و نَبَاتًا الْمَکَانُ : سبزہ زار ہونا — الْبَقْلُ : سبزی کا اُگنا (— نُبُوْتًا) ثَدْیُ الْجَارِیَۃِ : پستان کا ابھرنا-

نَبَتَ (ن) نَبْتَۃً و نَبَاتًا الْاِنْسَانُ : جوان ہونا اور کہا جاتا ہے "نَبَتَ فُلاَنٌ فِیْ مَنْبَتِ صِدْقٍ" یعنی فلاں نے سچے لوگوں میں پرورش پائی-

اَنْبَتَ الْمَکَانُ : سبزی والی ہونا — الْبَقْلُ : سبزی کا اُگنا — الْغُلاَمُ : لڑکے کا جوان ہونا-

اَنْبَتَ اللّٰہُ الْبَقْلَ : سبزی اگانا- صفت مَنْبُوْتٌ- خلاف قیاس-

نَبَّتَ الشَّجَرَ : پودا لگانا — الْحَبَّ : دانہ بونا — الصَّبِیَّ : بچے کی پرورش کرنا-

تَنَبَّتَ الشَّیُٔ : ظاہر ہونا-

النَّبْتُ- مص- سبزی- ج نُبُوْتٌ- واحد نَبْتَۃٌ-

النَّبَاتُ- مص- زمین سے جو کچھ اُگے(پودا یا بیل یا گھاس) واحد نَبَاتَۃٌ- ج نَبَاتَات و اَنْبِتَۃ علم النَّبَاتِ : وہ علم جس میں نباتات کی حقیقت اور ان کے افعال و خواص سے بحث ہو-

النَّبَاتِیُّ- ماہر علم نبات-

النَّابِتُ- نئی اُگی ہوئی سبزی-

النَّابِتَۃُ- النَّابِتُ کا مؤنث- اولاد- چوپاؤں کے بچے- کہا جاتا ہے "اِنَّ بَنِیْ فُلاَنٍ لَنَابِتَۃُ شَرٍّ" فلاں کی اولاد شر و فساد کے باعث ہیں- ج نَوَابِتُ-

النَّوَابِتُ : ناتجربہ کار نوجوان-

النَّبُّوْتُ- درخت کی ٹہنی اور ڈنڈے پر بھی اطلاق ہوتا ہے- ج نَبَابِیْتُ-

التَّنْبِیْتُ- مص- درخت- پودا- درخت خرما کی چھانٹی ہوئی شاخیں- ج تَنَابِیْتُ-

الْمَنْبِتُ- اُگنے کی جگہ-

الْمَنْبَاتُ- بہت روئیدگی والی زمین-

الْیَنْبُوْتُ- خشخاش کا پودا- خرنوب کا درخت ج یَنَابِیْتُ- واحد یَنْبُوْتَۃٌ-

نَبَثَ (ن) نَبْثًا الْبِئْرَ : کنواں کھود کر مٹی نکالنا — التُّرَابَ : کنوئیں وغیرہ سے مٹی نکالنا — عَنِ السِّرِّ او الْاَمْرِ : بھید کی یا معاملہ کی تفتیش کرنا — فُلاَنٌ : غضبناک ہونا اور کہا جاتا ہے "فُلاَنٌ یَنْبُثُ عَنْ عُیُوْبِ النَّاسِ" فلاں لوگوں کے عیوب کو ظاہر کرتا ہے-

اِنْتَبَثَ التُّرَابَ : کنوئیں وغیرہ سے مٹی نکالنا — الشَّیَٔ : لینا-

تَنَابَثَ الْقَوْمُ : باہم بحث کرنا- کہا جاتا ہے "لاَ

يَزَالُوْنَ يَتَنَابَثُوْنَ عَنِ الْأَسْرَارِ و يَتَبَاحَثُوْنَ عَنِ الْأَخْبَارِ" وہ لوگ اسرار و اخبار کے متعلق ہمیشہ بحث کرتے رہے۔

اِسْتَنْبَثَ عَنِ السِّرِ : تحقیق میں کوشش کرنا۔

النَّبَثُ۔ نشان۔ ج اَنْبَاث۔

النَّبِيْث۔ شریر۔ کہا جاتا ہے "هُوَ خَبِيْثٌ نَبِيْثٌ"

النَّبِيْثَة۔ کنوئیں وغیرہ سے نکالی ہوئی مٹی۔ بھید ج نَبَائِث۔ کہا جاتا ہے "ظَهَرَتْ نَبَائِثُهُمْ وَلَمْ تَخْفَ خَبَائِثُهُمْ" ان کے بھید ظاہر ہو گئے اور ان کی خباثتیں پوشیدہ نہیں رہیں۔ نَبِيْثَةُ السَّبُعِ : ضرورت کے وقت کے لیے چھپایا ہوا گوشت۔

الْأُنْبُوْثَة۔ کوڑی چھپول۔ بچّوں کا ایک کھیل کہ مٹی کے نیچے کسی چیز کو چھپا دیتے ہیں جو نکال لیتا ہے وہ جیت جاتا ہے۔

نَبَجَ (ض) نَبِيْجًا۔ سخت آواز و درشت کلام ہونا۔ صفت نَبَّاج۔

نَبَجَت(ن) نَبْجًا الْقَبَجَةُ : چکور کا باہر نکلنا۔

اَنْبَجَ۔ کلام میں گڈمڈ کرنا۔ بلند ٹیلوں پر بیٹھنا۔

اِنْتَبَجَ و تَنَبَّجَ الْعَظْمُ : سوجنا۔

النَّبَجَة۔ ٹیلہ ج نَبَاج۔

النَّبَّاج۔ جھوٹا۔ كَلْبٌ نَبَّاجٌ و نُبَاجِيٌّ : بھونکنے والا کتا۔

النُّبَاج۔ ناکارہ آدمی۔ گوز۔ نُبَاجُ الْكَلْبِ کتے کی آواز۔

النَّبَّاجَة۔ نَبَّاج کا مؤنث۔ چوتڑ۔ دبر۔

النَّابِجَة۔ مصیبت۔

النَّبَاج۔ بلند ٹیلے۔

النَّبَجَان۔ دھمکی۔ وعید۔ ج نِبَاج۔

الْمِنْبَج۔ جھوٹے وعدے کرنے والا۔

النُّبْج۔ کالے تھیلے۔

الْأَنْبَج۔ آم۔

النَّبِيج۔ کتے کی آواز۔

نَبَحَ (ف ض) نَبْحًا و نُبُوْحًا و نَبِيْحًا و نُبَاحًا و نِبَاحًا و تَنْبَاحًا الْكَلْبُ : کتے کا بھونکنا۔ صفت نَابِح ج نَوَابِح و نُبَّح و نُبُوْحٌ۔ کہا جاتا ہے "نَبَحَه الْكَلْبُ و نَبَحَ عَلَيْهِ" اس پر کتا بھونکا۔ نباح کتے کی آواز کے لیے ہے مگر مجازاً ہرن اور بکرے وغیرہ کے لیے بھی استعمال ہوتا ہے۔ و نَبَحَ الشَّاعِرُ: کہا جاتا ہے "نَبَحَتْنِيْ كِلَابُكَ" تمہاری گالیاں مجھے پہنچیں۔

نَبَحَ (ف) نُبَاحًا الْهُدْهُدُ : زیادہ عمر ہونے کی وجہ سے موٹی آواز والا ہونا۔

نَابَحَهُ مُنَابَحَةً الْكَلْبُ : کتے کا کسی پر بھونکنا۔

اَنْبَحَهُ و اِسْتَنْبَحَهُ۔ بھونکانا۔ کہا جاتا ہے "اِسْتَنْبَحَ الْأَضْيَافُ كَلْبَهُمْ" مہمانوں نے ان کے کتوں کو بھونکایا۔ عادت تھی کہ جب مسافر رات کو راستے میں بھٹک جایا کرتا تھا تو کتے کی طرح آواز نکالتا تاکہ آبادی کے کتے بھونکنے لگیں اور ان کی آواز سے اس کو راستہ کا پتہ لگ جائے۔ اور اسی وجہ سے رات کے آنے والے کو مُسْتَنْبِح کہتے تھے۔

النُّبُوْح۔ مص۔ قوم کا شور اور ان کے کتوں کی آوازیں۔ اور یہ نَبْح کی جمع ہے۔

النَّبَّاح۔ تیز بھونکنے والا۔ چھوٹی سفید سیپی جس کو ہار میں ڈالا کرتے تھے۔ واحد نَبَّاحَةٌ۔

كَلْبٌ نَبَّاحِيٌّ۔ بلند آواز سے بھونکنے والا کتا۔

ظَبْيَةٌ نَبْحَاء۔ ممیانے والی ہرنی۔

الْمَنْبُوْح۔ جس کو گالی دی جائے۔

نَبَخَ(ن ض) نُبُوْخًا الْعَجِيْنُ : خمیر اُٹھنا۔

اَنْبَخَ الْعَجَّانُ : خمیر اُٹھانا — الرَّجُلُ : نرم زمین میں کھیتی کرنا۔

النَّبْخ و النَّبَخ۔ آبلہ۔ چھالا۔

النَّبْخَة و النَّبَخَة۔ بردیٰ ایک قسم کی گھاس جس سے کشتی کی درز کو بند کرتے تھے۔ گند مک۔

النَّبَخَة و النُّبْخَة۔ نکتہ۔

النَّابِخَة۔ دور کی زمین۔ تکبر سے بولنے والا۔ ج نَوَابِخ۔

الْأَنْبَخ۔ مرد سخت اندام۔ مٹیالے رنگ والا۔ بست مٹی۔

الْأَرْضُ النَّبْخَاء۔ بلند زمین۔ نرم زمین۔ ج نَبَاخِي۔

النَّبَّاخ و الْأَنْبَخَان مِنَ الْعَجِيْنِ : اُٹھا ہوا خمیر۔

نَبَذَ(ض) نَبْذًا الشَّيْءَ : پھینک دینا۔ الْأَمْرَ : بے کار کر دینا — الْعَهْدَ : توڑنا۔ کہا جاتا ہے "نَبَذَ إِلَى الْعَدُوِّ" اس نے عہد کو دشمن کی طرف ڈال دیا۔

نَبَّذَ و نَبَذَ النَّبِيْذَ : نبیذ بنانا — الْعِنَبُ او التَّمَرُ : نبیذ بننا۔ و نَبَّذَ الشَّيْءَ : ڈال دینا۔ پھینک دینا۔

نَبَذَ(ض) نَبْذًا و نَبَذَانًا عِرْقُهُ : رگ کا حرکت کرنا (نبض میں ایک لغت ہے)

نَابَذَهُ مُنَابَذَةً و نِبَاذًا۔ دشمنی کی وجہ سے جدا ہونا —هُ الْحَرْبَ : اعلان جنگ کرنا۔

هُ فِي الْبَيْعِ : بیع منابذہ کرنا۔ اور اس کی صورت یہ ہوتی تھی کہ مشتری سامان پر کنکری پھینکتا تھا اور یہ کہتا تھا کہ جس پر لگ جائے وہ اتنے میں میری ہے اس کو بیع منابذہ، بیع القاء الحجر اور بیع الحصاۃ کہتے تھے۔

تَنَابَذُوْا۔ باہم اختلاف کرنا۔ دشمنی سے علیحدہ ہونا۔

اِنْتَبَذَ النَّبِيْذَ : نبیذ بنانا — الْعِنَبُ او التَّمَرُ : نبیذ بننا — عَنِ الْقَوْمِ : قوم سے جدا ہونا — فُلَانٌ : گوشہ نشین ہونا۔ کہا جاتا ہے "اِنْتَبَذَ إِلَى نَاحِيَةٍ و اِنْتَبَذَ مَكَانًا" اس نے گوشہ بعید میں اپنے لیے جگہ بنالی۔

النَّبْذ۔ مص۔ تھوڑی سی چیز۔ کہا جاتا ہے "ذَهَبَ مَالُهُ وبَقِيَ نَبْذٌ مِنْهُ" اس کا مال برباد ہو گیا اور تھوڑا سا باقی رہ گیا۔ ج اَنْبَاذ۔ اَنْبَاذُ النَّاسِ اوباش لوگ۔

النَّبْذَة و النُّبْذَة۔ گوشہ۔ کہا جاتا ہے "جَلَسَ نَبْذَةً" وہ ایک گوشہ میں بیٹھ گیا۔ اور کبھی چیز کے ٹکڑے کیلئے بھی استعمال ہوتا ہے۔ ج نُبَذٌ۔

النَّبِيْذ۔ پھینکا ہوا۔ مؤنث نَبِيْذَة۔ انگور یا کھجور کی نچوڑی ہوئی شراب۔ شراب۔ ج اَنْبِذَةٌ۔

النَّبَّاذ۔ نبیذ بیچنے والا۔

الْمَنْبُوْذ۔ مفو۔ حرامی بچہ۔ بچہ جس کو اس کی ماں نے راستہ میں پھینک دیا ہو۔ آج کل کی زبان میں اچھوت کیلئے مستعمل ہے۔

الْمِنْبَذَة۔ تکیہ۔ ج مَنَابِذ۔

نَبَرَ (ض) نَبْرًا۔ الْغُلَامُ : بڑھنا — الْمُغَنِّي : گویئے کا آواز کو پست کے بعد بلند کرنا — الرَّجُلَ : ڈانٹنا —هُ بِلِسَانِهِ : غیبت کرنا — الْحَرْفَ : ہمزہ لگانا — الشَّيْءَ : بلند کرنا۔

الرُّمْحُ عَنْهُ: جلدی سے اُٹھانا۔
اَنْبَرَالْاَنْبَارَ۔ کٹھیلا بنانا۔
اِنْتَبَرَالْجُرْحُ: زخم کا سوجنا — اَلْخَطِیْبُ: خطیب کا منبر پر چڑھنا — اَلْجَسَدُ: جسم کا سوجنا
اِنْتَبَرَتْ یَدُهٗ: ہاتھ میں آبلہ ہونا۔
اَلنَّبْرُ۔ مص۔ بے شرم اور کہا جاتا ہے "طَعَنَ طَعْنًا نَبْرًا" اس نے جلدی سے نیزہ مارا۔
اَلنِّبْرُ۔ ایک قسم کی مکھی یا چیچڑی۔ بہت زیادہ پستہ قد۔ ج نِبَار و اَنْبَار۔
اَلنِّبْرُ و الْاَنْبَار۔ کٹھیلا۔ غلّہ و سامان رکھنے کی کوٹھری۔ ج اَنَابِر و اَنَابِیْر و اَنْبَارَات۔
اَلنَّبْرَةُ۔ نَبر کا اسم مرۃ۔ اوپر کے ہونٹ کا درمیانی گڑھا۔ جس کا ورم۔ پست آواز کے بعد بلند آواز۔ گھبراہٹ کی چیخ۔ چیز کا بلند حصہ۔
اَلنُّبْرَةُ۔ بڑا لقمہ۔ ج نُبَر۔
اَلنَّبِیْرُ۔ پنیر۔ تم کہتے ہو "اَکَلْنَا النَّبِیْرَ" ہم نے پنیر کھایا۔
اَلنَّبِیْرُ۔ مردوانا۔
اَلنَّبُوْرُ۔ چوتڑ۔ دبر۔
اَلنَّبَّارُ۔ چلّانے والا۔ فصیح۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ نَبَّارٌ بِالْکَلَامِ" یعنی مرد فصیح۔
اَلْمِنْبَرُ۔ بلند جگہ۔ جہاں سے واعظ یا خطیب لوگوں کو خطاب کرتا ہے۔ بلند ہونے کی وجہ سے منبر کہا جاتا ہے اور آلہ کی تشبیہ کی بنا پر میم کو کسرہ دیا جاتا ہے۔ ج مَنَابِر۔
قَصَائِدُ مُنَبَّرَةٌ و مَنْبُوْرَةٌ۔ ایسے قصائد جن کا قافیہ ہمزہ ہو۔
اَلنِّبْرَاس۔ چراغ۔ النِّبْرَاس: نیزے کا بھالا۔ بہادر دلیر۔ شیر۔ ج نَبَارِیْس۔ النَّبَارِیْس قریب قریب کنوئیں۔
اَلنِّبْرِیْس۔ ہوشیار ماہر۔
نَبَزَهٗ (ض) نَبْزًا و نَبَّزَهٗ۔ عیب لگانا — هٗ بِکَذَا: برا لقب دینا۔
تَنَابَزُوْا بِالْاَلْقَابِ: ایک دوسرے کو شرم دلانا۔ ایک دوسرے کو برا لقب دینا۔
اَلنَّبَزُ۔ برا لقب۔ ج اَنْبَاز۔
اَلنِّبْزُ۔ حسب اور عادات میں کمینہ۔
اَلنُّبَزَةُ۔ لوگوں کو اکثر برا لقب دینے والا۔

نَبَسَ (ض) نَبْسًا و نُبْسَةً و نَبَّسَ بِالْمَجْلِسِ: بولنا۔ اکثر اس کا استعمال نفی کے ساتھ ہوتا ہے۔ کہا جاتا ہے "مَا نَبَسَ بِکَلِمَةٍ" — السِّرَّ: بھید چھپانا۔ نَبَسَ الرَّجُلُ: حرکت کرنا۔ جلدی کرنا۔
اَنْبَسَ۔ جلدی کرنا۔ ذلت سے خاموش رہنا۔
النُّبُس۔ بولنے والے۔ اپنی ضروریات میں جلدی کرنے والے۔
رَجُلٌ اَنْبَسُ الْوَجْهِ: ترش رو مرد۔ مؤنث نَبْسَاء ج نُبْس۔
نَبَشَ (ن) نَبْشًا۔ الشَّیْئَ الْمَسْتُوْرَ: ظاہر کرنا — الْکَنْزَ مِنَ الْاَرْضِ: کھود کر نکالنا اور اسی سے ہے "نَبْشُ الْقَبْرِ" — الْحَدِیْثَ: نکالنا — السِّرَّ: پھیلانا — عَنِ الْاَسْرَارِ: بھیدوں کو نکال لینا۔ نَبَشَ لِعِیَالِهٖ: کمائی کرنا۔
اِنْتَبَشَ الشَّیْئَ مِنَ الْاَرْضِ: کھود کر نکالنا۔
النِّبْش۔ ایک درخت ہے جس کے پتے صنوبر کے پتوں کے مشابہ ہوتے ہیں اور اس کی لکڑی سرخ رنگ کی بہت سخت ہوتی ہے۔
النَّبِیْشَةُ۔ زمین یا کنواں کھدا ہوا۔
النَّبَّاش۔ اسم مبالغہ۔ کفن چور۔
النِّبَاشَة۔ کفن چور کا پیشہ۔
الْاُنْبُوْش۔ جو کھودا جائے۔ الْاُنْبُوْش و الْاُنْبُوْشَة: جڑ سے اُکھیڑا ہوا درخت۔ ج اَنَابِیْش
اَنَابِیْشُ الْعُنْصَلِ وَ نَحْوِهٖ: جنگلی پیاز کی جڑیں۔
نَبَصَ (ض) نَبِیْصًا فِی الْمَجْلِسِ: بولنا۔ اکثر اس کا استعمال نفی کے ساتھ ہوتا ہے۔ کہا جاتا ہے "مَا نَبَصَ بِکَلِمَةٍ" نبس میں ایک لغت ہے۔ اور نَبَسَ افصح ہے۔ نَبَصَ الشَّعْرَ: بال اُکھیڑنا۔
نَبَصَ (ض) نَبِیْصًا الطَّائِرُ: پرندہ کا آہستہ چہچہانا۔
النَّبْص۔ مص۔ سبزی کی کونپل۔
النَّبْصَة۔ نبص کا اسم مرۃ۔ سَمۃ۔ کہا جاتا ہے "مَا سَمِعْتُ لَهٗ نَبْصَةً" میں نے اس سے ایک کلمہ نہیں سنا۔
نَبَضَ (ض) نَبْضًا و نَبَضَانًا الْعِرْقُ: رگ کا حرکت کرنا۔ نَبَضَتِ الْاَمْعَاءُ: مضطرب ہونا۔ نَبَضَ الْبَرْقُ: بجلی کا آہستہ چمکنا (— نَبْضًا)

الشَّعْرَ: بال اُکھیڑنا۔
نَبَضَ (ن) نُبُوْضًا۔ الْمَاءُ: پانی بہنا یا گہرائی میں جانا۔
نَبَّضَ فِی الْقَوْسِ و اَنْبَضَ الْقَوْسَ و عَنِ الْقَوْسِ و فِی الْقَوْسِ: آواز نکلنے کیلئے تانت کھینچنا۔ اَنْبَضَ الْوَتَرَ و بِالْوَتَرِ: آواز نکلنے کے لیے کھینچنا۔
النَّبْض۔ دل اور شریان کی حرکت جس سے صحت اور مرض کا حال معلوم ہوتا ہے۔ ج اَنْبَاض و النَّبْضَة۔ ایک ضرب نبض کی۔
فُؤَادٌ نَبْضٌ و نَبَضٌ و نَبِضٌ۔ تیز دل۔
النَّابِض۔ فا۔ تیرانداز۔ پٹھا۔ کہا جاتا ہے "نَبَضَ نَابِضُهٗ" اس کا غصہ بھڑکا۔
الْمَنْبِض۔ نبض دیکھنے کی جگہ۔ ج مَنَابِض۔
الْمِنْبَض۔ دھنیے کی کمان۔ ج مَنَابِض۔
نَبَطَ (ض ن) نَبْطًا و نُبُوْطًا الْمَاءُ: زمین یا چشمہ سے اُبلنا۔ نَبَطَ (ض ن) نَبْطًا و نَبَّطَ و اَنْبَطَ و تَنَبَّطَ و اِسْتَنْبَطَ۔ الْبِئْرَ: کنوئیں سے پانی نکالنا۔ نَبَطَ و اَنْبَطَ و اِسْتَنْبَطَ الشَّیْئَ: پوشیدگی کے بعد ظاہر کرنا۔ اَنْبَطَ الْحُکْمَ: اجتہاد سے نکالنا۔ اَنْبَطَ فِیْهِ: اثر کرنا۔ اِسْتَنْبَطَهٗ: ایجاد کرنا۔ و اِسْتَنْبَطَ مِنْ فُلَانٍ خَیْرًا: نکالنا۔ اِسْتَنْبَطَ الْفَقِیْهُ: فقیہ کا اپنی سمجھ سے قرآن و حدیث کے باطنی معنی کو نکالنا۔ اور کہا جاتا ہے "اِسْتَنْبَطَ و اَنْبَطَ رَاْیًا حَسَنًا و مَعْنًی صَائِبًا" اچھی رائے یا درست معنی ظاہر کرنا۔ و اِسْتَنْبَطَ الْعَرَبُ: نبطی ہونا۔
تَنَبَّطَ۔ نبطیوں کے مشابہ ہونا یا نبطیوں کی طرف منسوب ہونا۔
اِنْتَبَطَ الْکَلَامَ: اجتہاد سے نکالنا۔
النَّبَط۔ کنوئیں کا پہلا پانی۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ قَرِیْبُ الثَّرٰی بَعِیْدُ النَّبَطِ" جبکہ وعدہ کرے اور وفا نہ کرے۔ ج اَنْبَاط و نُبُوْط: مرد کی اندرونی حالت۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ لَا یُدْرَکُ نَبَطُهٗ" فلاں کی اندرونی حالت اور اس کے علم کی گہرائی نہیں معلوم کی جا سکتی۔ گھوڑے کی بغل اور پیٹ کی سپیدی۔
النَّبَط۔ ایک عجمی قوم جو عراقین کے درمیان

آباد رہتی تھی۔ پھر اس لفظ کا استعمال عوام الناس کیلئے ہونے لگا اور اسی سے ہے جو کہا جاتا ہے كَلِمَةٌ نَبَطِيَّةٌ یعنی عام کلمہ۔ واحد نَبَطِيٌّ و نَبَاطِيٌّ و نَبَاطٍ۔ ج اَنْبَاط و نَبِيط۔

النُّبْطَة۔ کنوئیں کا پہلا پانی۔ گھوڑے کی بغل اور پیٹ کی سپیدی۔

الاَنْبَطُ مِنَ الْخَيْلِ :بغل اور پیٹ کی سپیدی والا گھوڑا۔ مؤنث نَبْطَاء ج نُبْط۔

نَبَعَ (ن) و نَبِعَ (س) و نَبُعَ (ک) نَبْعًا و نُبُوْعًا و نَبَعَانًا المَاءُ :چشمہ سے نکلنا۔

تَنَبَّعَ المَاءُ : تھوڑا تھوڑا نکلنا۔

النَّبْع۔ مص۔ ایک درخت جس سے تیر و کمان بنائے جاتے ہیں۔ کہا جاتا ہے "قَرَعُوْا النَّبْعَ بِالنَّبْعِ" وہ لوگ باہم ملے اور آپس میں نیزہ بازی کی "وَمَا رَاَيْتُ اَصْلَبَ مِنْهُ نَبْعًا" میں نے اس سے زیادہ کسی کو سخت نہیں دیکھا — عِنْدَ المولدين :پانی کا چشمہ اور عرب کے امثال سے ہے "لَوِ اقْتَدَحَ بِالنَّبْعِ لَاَوْرَى نَارًا" اگر درخت نبع کی لکڑی سے آگ نکالے تو بھڑکا دے یہ مثال جودت رائے کیلئے بیان کی جاتی ہے اسلئے کہ درخت نبع کی لکڑی آگ نہیں پکڑتی۔

النَّبْعَة۔ النَّبْع کا واحد۔ کمان پر بھی اطلاق ہوتا ہے اور کہا جاتا ہے "هُوَ مِنْ نَبْعَةٍ كَرِيْمَةٍ" وہ شریف خاندان سے ہے۔

النَّابِعَة۔ النابع کا مؤنث۔ ج نَوَابِع۔

نَوَابِعُ الْبَعِيْرِ :اونٹ کے پسینہ والے اعضاء۔

النَّبِيْع۔ پسینہ۔

النَّبَاعَة۔ دُبر۔ بچے کی چندیا جب تک کہ نرم ہو اور جب سخت ہوجائے تو اس کو یافوخ کہتے ہیں۔

النَّبْعِيَّة۔ درخت نبع کی بنی ہوئی کمان۔

المَنْبَع۔ چشمہ۔ ج مَنَابِع۔

اليَنْبُوْع۔ چشمہ۔ بہت پانی والا نالہ ج يَنَابِيْع۔ کہا جاتا ہے "فَجَّرَ اللّٰهُ يَنَابِيْعَ الْحِكْمَةِ عَلٰى لِسَانِهٖ" اللہ تعالیٰ نے حکمت و دانائی کے چشمے اس کی زبان پر جاری کردیئے۔

نَبَغَ (ف ن ض) نَبْغًا و نُبُوْغًا الشَّيْءُ :نکلنا اور ظاہر ہونا — المَاءُ : پانی کا چشمہ سے نکلنا الْوِعَاءُ بِالدَّقِيْقِ :چھننا — الشَّرُّ :پھیلنا، ظاہر ہونا — رَاْسُهٗ :سر میں بھوسی ہونا — الرَّجُلُ : عمدہ اشعار کہنا — فِي الْعِلْمِ وَغَيْرِهٖ :فائق ہونا — فِي الدُّنْيَا : آسودہ زندگی والا ہونا اور کہا جاتا ہے "نَبَغَ فِيْهِمُ النِّفَاقُ" ان کے اندر نفاق ظاہر ہوگیا بعد اس کے کہ وہ چھپاتے تھے۔

اَنْبَغَ الْبَلَدَ :شہر میں بہت آنا جانا — النَّاخِلُ : آٹا چھاننا۔

النَّبْغ و النَّبَاغ۔ چکی کا غبار۔

نَبَغَةُ الْقَوْمِ :قوم کے بہترین لوگ۔

النَّابِغَة۔ ج نَوَابِغ۔ فصیح۔ مرد عظیم الشان

النَّوَابِغ : آٹھ فصیح و بلیغ شاعروں کا لقب۔ اور نسبت کے لیے النَّابِغِي۔ النَّوَابِغ :مادہ لومڑیاں۔

النَّابِغَة۔ کلمہ فصیحہ۔

النَّبِيْغ۔ مرد عظیم الشان۔ ج نُبَغَاء۔

النُّبَاغ و النُّبَّاغ و النُّبَاغَة و النُّبَّاغَة۔ آٹا۔ سر کی بھوسی۔ مَحَجَّةٌ نُبَّاغَةٌ :گرد و غبار والا راستہ۔

نَبَقَ (ن) نَبْقًا الشَّيْءُ : نکلنا اور ظاہر ہونا۔ الرَّجُلُ :لکھنا۔

نَبَّقَ الشَّيْءُ :نکلنا اور ظاہر ہونا — الرَّجُلُ لکھنا — الْكِتَابَ : ترتیب سے لکھنا — الشَّجَرَ : ترتیب سے پودے لگانا — النَّخْلُ :خراب ہونا اور کھجوروں کا بیری کے مانند چھوٹا ہونا۔

نَبَقَ و نَبَّقَ و اَنْبَقَ۔ وادی میں ایک قطار میں پودا لگانا۔

اِنْتَبَقَ۔ الْكَلَامَ :نکلوانا۔

النَّبِيْق۔ مص۔ میٹھا آٹا جو درخت خرما کے تنے سے بنایا جاتا ہے۔

النَّبْق و النِّبْق و النَّبِق و النَّبَق۔ بیری واحد نَبِقَةٌ۔

النَّبِيْقَة۔ انگور کے خوشے نکلنے کی جگہ میں گرہ جبکہ بڑی ہوجائے۔ ج نَبَائِق۔

نَبَكَ (ن) نُبُوْكًا و اِنْتَبَكَ الْمَكَانُ :بلند ہونا۔

النَّابِك۔ بلند جگہ۔ کہا جاتا ہے "مَكَانٌ نَابِكٌ و اَرْضٌ نَابِكَةٌ" ج نَوَابِك۔

النَّبْكَة و النَّبَكَة۔ نوک دار ٹیلہ یا چھوٹا ٹیلہ۔ ج نَبْك و نَبَك و نِبَاك و نُبُوْك۔ النَّبَكَة درخت کی جڑ۔

نَبَلَ (ن) نَبْلًا الرَّجُلَ : تیر مارنا یا تیر دینا نَبَلَ بِالسَّهْمِ :تیر مارنا — هٗ بِالطَّعَامِ :تھوڑا تھوڑا دے کر مشغول رکھنا — الرَّجُلُ :تیز چلنا — الْاِبِلَ :اونٹ کو تیز ہانکنا — هٗ :نجابت و شرافت میں غالب ہونا — بِهٖ : نرمی برتنا — عَلَى الْقَوْمِ :تیراندازی کے لیے چن چن کے دینا۔

نَبُلَ (ک) نَبَالَةً۔ نجیب و شریف ہونا۔ صفت نَبْل و نَبِيْل۔ مؤنث نَبْلَة و نَبِيْلَةٌ ج نِبَال و نَبَائِل و نَبْلَات و نَبِيْلَات۔ نَبُلَ عَنْ كَذَا :بڑا ہونا۔

نَبَّلَ الرَّجُلُ :تیر دینا۔ استنجے کے ڈھیلے دینا۔

اَنْبَلَه۔ تیر دینا۔ اَنْبَلَ الْقِدَاحَ :موٹے بدنما تیر بنانا — النَّخْلُ :درخت خرما میں پکی کھجوریں ہونا۔

نَابَلَهٗ مُنَابَلَةً۔ نجابت و شرافت میں مقابلہ کرنا۔

تَنَبَّلَ۔ ذکی ہونا۔ نجیب و شریف ہونا۔ اذکیاء و شرفاء کے مشابہ بننا۔ مرنا — المَالَ عمدہ عمدہ چھانٹ لینا۔ تَنَبَّلَتِ الْخُطُوْبُ : حوادث کا بڑا ہونا۔

تَنَابَلَ الْقَوْمُ : شرافت یا تیر سازی میں مقابلہ کرنا۔

اِنْتَبَلَ۔ مرنا اور بدبودار ہونا — فُلَانًا :قتل کرنا — الْخَطْبُ : حادثہ کا بڑا ہونا — لِلْاَمْرِ : خبردار اور مستعد ہونا — الشَّيْءَ : یکبارگی اور جلدی اٹھانا۔

اِسْتَنْبَلَ المَالَ : عمدہ لینا — الرَّجُلَ : تیر طلب کرنا۔

النَّبْل۔ مص۔ تیر۔ واحد نَبْلَة ج نِبَال و اَنْبَال و نُبْلَان۔ نَبْلُ الدَّهْرِ :حوادث زمانہ۔

النُّبْل۔ ذکاوت۔ نجابت۔ شرافت۔ فضیلت۔ کمال جسم۔ کہا جاتا ہے "اَخَذَ لِلْاَمْرِ نُبْلَتَهٗ" اس نے کام کے پورا کرنے کا سامان لے لیا۔

النَّبَل و النُّبَل۔ بڑے بڑے یا چھوٹے چھوٹے پتھر۔ واحد نَبَلَة و نُبْلَة۔

رَجُلٌ نَبْلٌ۔ مرد شریف۔ مؤنث نَبْلَةٌ۔

النُّبْلَة۔ عطیہ۔ ثواب اور بدلہ۔ چھوٹا لقمہ و نُبْلَةُ كُلِّ شَيْءٍ :عمدہ چیز۔ ج نُبُلَات۔

النَّبَالَة۔ مص۔ ذکاوت۔ نجابت و شرافت و فضیلت۔

النِّبَالَة- تیر سازی کا پیشہ-
النُّبَالَة- کسی چیز کے پورا کرنے کا سامان- کہا جاتا ہے "أَخَذَ لِلْأَمْرِ نُبَالَتَهُ" اس نے کام کے پورا کرنے کا سامان لے لیا-
النَّبَل و النَّبِيْل- شرافت والا- فضیلت والا
النَّبِيْل : بڑے جسم والا- اور کہا جاتا ہے "إِنَّهُ نَبِيْلُ الرَّأيِ" وہ عمدہ رائے والا ہے- ج نِبَال-
النَّبِيْلَة- نَبِيل کا مؤنث- مردار ج نَبَائِل-
النَّابِل- ج نُبَّل و نَبَل و النَّبَال- ج نَبَّالَة : تیر والا- تیر انداز- تیر ساز- تیر اندازی میں ماہر کہتے ہیں "اِخْتَلَطَ الْحَابِلُ بِالنَّابِلِ" مثال ہے اس وقت بولتے ہیں جبکہ کوئی معاملہ گڑبڑ ہو جائے- کہا گیا ہے کہ حابل سے تانا اور نابل سے بانا مراد ہے-
الأَنْبَل- اسم تفضیل- تیر اندازی کا زیادہ جاننے والا-
النِّبَال و النِّبَالَة- دیکھئے- تنبل-
نَبِهَ(س) نَبَهًا- لِلأَمْرِ : سمجھ جانا-
نَبِهَ(س) نُبُهًا مِنْ نَوْمِهِ : نیند سے بیدار ہونا-
نَبُهَ(ن) و نَبِهَ(س) و نَبُهَ(ک) نَبَاهَةً شریف ہونا- مشہور ہونا- صفت نَابِهٌ و نَبَهٌ و نَبِهٌ و نَبِيْهٌ-
نَبَّهَهُ مِنْ نَوْمِهِ : نیند سے بیدار کرنا ـــ هُ عَلَى او إِلَى الْأَمْرِ : واقف کرنا- جتلانا- نَبَّهَ بِاسْمِهِ مشہور کرنا- گمنامی سے نکالنا-
أَنْبَهَ الْحَاجَةَ : بھولنا ـــ هُ مِنَ النَّوْمِ : بیدار کرنا-
تَنَبَّهَ مِنْ نَوْمِهِ : نیند سے بیدار ہونا ـــ عَلَى او لِلأَمْرِ : واقف ہونا- سمجھ جانا-
اِسْتَنْبَهَ مِنْ نَوْمِهِ : نیند سے بیدار ہونا-
النُّبْه- سمجھ-
النَّبَه- مص- کھوئی ہوئی چیز جو بغیر تلاش و جستجو کے مل جائے- کہا جاتا ہے "وَجَدْتُ الضَّالَّةَ نَبَهًا" میں نے گم شدہ چیز کو بغیر تلاش کے پالیا- مشہور- شئے موجود-
النَّبَاهَة- شرافت- سمجھ- شہرت-
النَّابِه و النَّبَه و النَّبِه و النَّبِيْه- شریف- سمجھ دار- شہرت والا- ج نُبَهَاء "أَمْرٌ نَابِهٌ" بڑا کام- کہا جاتا ہے "رَجُلٌ نَبَهٌ" مرد شریف و "قَوْمٌ نَبَهٌ" یعنی شرفاء (مفرد اور جمع کے لیے اس لیے کہ مصدر ہے)
النَّبَاه- اوپر کو نکلا ہوا بلند-
الْمَنْبَهَة- سبب بیداری- کہا جاتا ہے "هٰذَا مَنْبَهَةٌ عَلَى كَذَا" یہ فلاں چیز کو بتلانے والا ہے-
رَجُلٌ مَنْبُوْهُ الْاِسْمِ : مشہور و معروف-
نَبَا يَنْبُوْ نَبْوَةً و نُبُوًّا و نُبِيًّا بَصَرُهُ : نگاہ کا دھندلا ہونا- صفت نَابٍ ـــ الشَّيْءُ : دور ہونا اور پیچھے ہونا (ـــ نَبْوًا و نَبْوَةً) السَّيْفُ عَنِ الضَّرِيْبَةِ تلوار کا اچٹ جانا ـــ جَنْبُهُ عَنِ الْفِرَاشِ : بے چین رہنا ـــ السَّهْمُ عَنِ الْهَدَفِ : تیر کا نشانہ سے خطا کرنا ـــ الطَّبْعُ عَنِ الشَّيْءِ : نفرت کرنا ـــ عَنِ الشَّيْءِ : زائل ہونا ـــ بِيْ فُلَانٌ : ظلم کرنا- کہا جاتا ہے "نَبَتْ بِيْ تِلْكَ الْأَرْضُ" یہ زمین مجھے موافق نہیں آئی ـــ الْمَكَانُ بِفُلَانٍ : ناموافق ہونا ـــ عَلَيْهِ الْأَمْرُ او الصَّاحِبُ : کھرا نہ ہونا- صاف نہ ہونا- نَبَتْ صُوْرَةُ فُلَانٍ : بد صورت ہونا- یہاں تک کہ آنکھ دیکھنے سے انکار کرے-
أَنْبَى السَّيْفَ : تلوار کو کند کرنا-
النَّبْوَة- مص- نَبْوَةُ الزَّمَانِ : زمانہ کی سختی (ـــ و النَّبَاوَة) بلند زمین-
النَّبِيُّ و النُّبُوَّة : پیغامبر و پیغامبری-
(دیکھئے مادہ نبأ) و النَّبِيُّ مِنَ الْأَرْضِ : بلند زمین-
النَّبَاءَة- شرافت و ریاست کی طلب- پیش قدمی-
النَّبْوُ- بلندی و ارتفاع-
النَّابِي- چوکنے والی تلوار یا تیر- موٹا- لڑائی میں پشت پھیرنے والا-
النَّابِيَة- النابی کا مؤنث- کمان-
نَتَّتْ(ض) نَتِيْتًا الْقِدْرُ : ہانڈی کا ابلنا-
نَتَّ(ن) نَتًّا و نَتِيْتًا مِنْخَرُهُ : غصے سے نتھنے پھلانا-
نَتَّتَ الْخَبَرَ : بیان کرنا-
تَنَتَّتَ الرَّجُلُ : صفائی کے بعد گندہ ہونا-
النُّتَّة- چھوٹا سا گڑھا جس میں پانی جمع ہو-
نَتَأَ(ف) نَتْأً و نُتُوْءًا الشَّيْءُ : بغیر جدائی کے اپنی جگہ سے ہٹ جانا- بلند ہونا- پھولنا ـــ الْقَرْحَةُ زخم کا سوجنا ـــ الثَّدْيُ : پستان ابھرنا ـــ الْجَارِيَةُ : بالغ ہونا ـــ عَلَى الْقَوْمِ : ظاہر ہونا-
اِنْتَتَأَ الشَّيْءُ : بلند ہونا-
النَّاتِئ- فا- ہر بلند چیز جیسے مکان وغیرہ- اور اس میں تخفیف ہمزہ بھی جائز ہے تم کہو گے نَاتِي جیسے قَارِئ و قَارِي-
النُّتُوْء- مص (ـــ و النَّتْأَة) ٹیلہ-
نَتَبَ(ن) نُتُوْبًا الشَّيْءُ : بمعنی نَتَأَ-
نَتَجَ(ض) نَتْجًا الْمَاخِضَ مِنَ الْبَهَائِمِ : بچہ جننے میں خبر گیری کرنا- صفت نَاتِجٌ- بهیمة کو مَنْتُوْجَة اور بچے کو نَتِيْجَة کہتے ہیں اور کہا جاتا ہے "نَتَجَهَا وَلَدًا" اس نے بچہ جنوایا- و نَتَجَ الرَّجُلُ الْحَامِلَ : حاملہ عورت نے مرد کے پاس بچہ دیا- نَتَجَ الشَّيْءُ مِنَ الشَّيْءِ : نتیجہ نکلنا-
نَتَجَتْ و نُتِجَتْ نَتَاجًا و أُنْتِجَتِ الْبَهِيْمَةُ وَلَدًا : جننا- و نُتِجَ الْوَلَدُ : جنا جانا اور کہا جاتا ہے "نَتَجَتِ الرِّيْحُ السَّحَابَ" : بارش برسانا-
نُتِجَ الْقَوْمُ : بچہ والی مویشی کا مالک ہونا-
نَتَّجَ- بمعنی نَتَجَ- تشدید تکثیر کے لیے ہے-
أَنْتَجَ الْقَوْمُ : حاملہ اونٹنی اور بکریوں کا مالک ہونا- جننے والی اونٹنی اور بکریوں کا مالک ہونا-
أَنْتَجَتِ الْبَهِيْمَةُ : جننے کے قریب ہونا- صفت نَتُوْجٌ اور مُنْتِجٌ نہیں کہا جاتا- أَنْتَجَ الشَّيْءَ مِنَ الشَّيْءِ نتیجہ نکالنا-
أَنْتَجَتِ الرِّيْحُ السَّحَابَ : بارش برسانا-
تَنَتَّجَتِ الْبَهِيْمَةُ : ولادت کے وقت پیچ و تاب کھانا- اِنْتَتَجَتْ و تَنَاتَجَتِ الْإِبِلُ : بچہ جننا و اِنْتَتَجَتِ النَّاقَةُ غیر معروف جگہ میں بچہ دینا-
اِسْتَنْتَجَ- بچہ جنوانا- نتیجہ نکالنا-
النِّتَاج- جانوروں کے بچہ جننے کی حالت اور کہا جاتا ہے "بِالنَّاقَةِ نِتَاجٌ" یعنی اونٹنی کو حمل ہے-
النَّتِيْجَة- بچہ- نتیجہ- ج نَتَائِج- اور کہا جاتا ہے "غَنَمُ فُلَانٍ نَتَائِجُ" فلاں کی بکریاں ایک عمر کی ہیں-
النَّاتِج- فا- لِلْبَهَائِمِ : جنانے والا-
النَّتُوْج- حاملہ چوپایہ-
الْمَنْتِج- بچہ جننے کا وقت-
الْمَنْتِجَة- دبر-

نَتَحَ (ن ض) نَتْحًا و نُتُوْحًا الْعَرَقُ : پسینہ نکلنا — الدَّسَمُ مِنَ الْإِنَاءِ : چکنائی کا برتن سے رسنا۔ نَتَحَهُ الحَرُّ : پسینہ لانا۔

اِنْتَتَحَ الشَّيْئَ : اُکھیڑنا۔

النَّتْح۔ مص۔ پسینہ۔

النُّتُوْح۔ مص۔ درخت کا گوند۔

زِقٌّ نَتَّاحٌ۔ ٹپکنے والی مشک۔ المَنْتَح۔ جسم سے پسینہ نکلنے کی جگہ۔ ج مَنَاتِح۔

المَنْتَحَة۔ دبر۔

نَتَخَ (ض) نَتْخًا الشَّيْئَ : اُکھیڑنا۔ کہا جاتا ہے "نَتَخَ الْقَلَّاعُ الضِّرْسَ" دانت اُکھیڑنے والے نے داڑھ اُکھیڑلی و نَتَخَتْهُ الْمَنِيَّةُ مِنْ بَيْنِ قَوْمِهِ" موت نے اس کو قوم کے درمیان سے لے لیا۔ نتخ البازی اللحمَ : باز کا چنگل سے جھپٹا مارنا — اِلَيْهِ بِبَصَرِهِ : دیکھنا — الثَّوْبَ بِالذَّهَبِ : سونے سے بُننا — فُلَانًا : اہانت کرنا (— نَتِيْخًا و نَتْخَ) بِالْمَكَانِ : اقامت کرنا۔ نَتَخَ عَلٰى مِلَّةِ كَذَا : ثابت قدم رہنا۔

المِنْتَاخ۔ موچنا۔ تم کہتے ہو "نَتَخْتُ الشَّوْكَةَ مِنْ رِجْلِيْ بِالْمِنْتَاخِ" میں نے کانٹے کو اپنے پیر سے موچنے سے نکال لیا۔

نَتَرَ (ن) نَتْرًا الشَّيْئَ : سختی سے کھینچنا۔ اچک لینا — الْقَوْسَ : کمان کھینچنا — الثَّوْبَ بِالْأَصَابِعِ او الْأَضْرَاسِ : کپڑے کو پھاڑنا، ٹکڑے ٹکڑے کرنا — الْكَلَامَ : درشت کلامی کرنا — هُ بِالرُّمْحِ : سخت نیزہ مارنا۔

نَتِرَ (س) نَتَرًا الشَّيْئُ : فاسد ہونا۔ ضائع ہونا۔

اِنْتَتَرَ۔ کھینچنا۔ کہا جاتا ہے "نَتَرَهُ فَانْتَتَرَ" اس نے اسے سختی سے کھینچا وہ کھنچ گیا اِنْتَتَرَ فِيْ مَشْيِهِ چلتے ہوئے ٹیک لگانا۔

النَّتْر۔ مص۔ کام میں کمزوری و سستی۔ سختی۔ کہا جاتا ہے "قَابَلْتُهُ بِنَتْرٍ" میں نے اس کا سختی سے مقابلہ کیا" و اطْعَنُوْا النَّتْرَ" زور سے نیزہ مارو۔

النَّتْرَة۔ نتر کا اسم مرۃ۔ پار ہو جانے والی ضرب نیزہ۔ ج نَتَرَات۔

النَّاتِرَة : تانت ٹوٹی ہوئی کمان۔ ج نَوَاتِر کہا جاتا ہے كَلَّمْتُهُ مُنَاتَرَةً میں نے اس سے بلند آواز سے گفتگو کی۔

نَتَشَ (ض) نَتْشًا الشَّوْكَةَ و نَحْوَهَا : نکالنا — الشَّعْرَ : بال اُکھیڑنا — اللَّحْمَ و نَحْوَهُ : گوشت وغیرہ کو دانت سے نوچنا — الْجَرَادُ الْأَرْضَ : زمین کی سبزی کھا جانا — الرَّجُلُ لِعِيَالِهِ : کمائی کرنا — هُ بِالْعَصَا : لاٹھی مارنا — الْحَجَرَ بِرِجْلِهِ : پتھر کو پاؤں سے ہٹا دینا۔ اور کہا جاتا ہے "مَا نَتَشْتُ مِنْ فُلَانٍ شَيْئًا" میں نے فلاں سے کچھ نہیں حاصل کیا اور کچھ نہیں لیا۔

نَتَشَ (ض) نَتْشًا و تَنْتَاشًا الرَّجُلَ : پیٹھ پیچھے عیب جوئی کرنا۔

اَنْتَشَ النَّبَاتُ : نباتات کا زمین سے ظاہر ہونا (قبل اس کے کہ پہچانی جاسکے کہ کیا ہے)

النَّتَش۔ ابتدائی روئیدگی۔ ناخن کی جڑ کی سفیدی۔

المِنْتَاش۔ موچنا۔

تَنَاتِيْشُ الدَّيْنِ : قرض کا بقایا۔

نَتَضَ (ن) نُتُوْضًا الْجِلْدُ : داد وغیرہ جیسے مرض سے چھلکے والا ہونا۔ کہا جاتا ہے اِنْتَضَتِ السِّنُّ السِّنَّ۔

نَتَعَ (ن ض) نُتُوْعًا الدَّمُ مِنَ الْجُرْحِ او الْمَاءُ مِنَ الْعَيْنِ : خون کا زخم سے یا پانی کا چشمہ سے تھوڑا تھوڑا نکلنا۔ صفت نَاتِع۔

اَنْتَعَ الرَّجُلُ : سخت پسینہ آنا — الْقَيْئُ : بہت قے ہونا۔

نَتَغَ (ن ض) نَتْغًا الرَّجُلَ : عیب لگانا۔ غیبت کرنا۔ تہمت رکھنا۔

اَنْتَغَ۔ ہنسی اڑانا — هُ : غیبت کرنا۔

المِنْتَغ۔ وہ شخص جس کی عادت لوگوں کی غیبت کرنے کی ہو۔

نَتَفَ (ض) نَتْفًا و نَتَّفَ و اِنْتَتَفَ الشَّعْرَ او الرِّيْشَ و نَحْوَهُ : بال یا پر نوچنا۔ اُکھیڑنا نَتَفَ فِي الْقَوْسِ : آہستہ کھینچنا۔

اَنْتَفَ الْكَلَا : اُکھیڑے جانے کے قابل ہونا۔

اِنْتَتَفَ و تَنَتَّفَ و تَنَاتَفَ الشَّعْرُ او الرِّيْشُ : بال یا پر اُکھیڑا جانا۔

النُّتْفَة۔ گھاس وغیرہ جو انگلیوں سے اُکھیڑی جائے۔ اور کہا جاتا ہے "اَعْطَاهُ نُتْفَةً مِنَ الطَّعَامِ وَغَيْرِهِ" یعنی اس نے اسے تھوڑا سا کھانا دیا۔ اور ایسا ہی "اَفَادَهُ نُتْفَةً مِنْ عِلْمٍ" اس نے اسے تھوڑا سا علم سکھلایا۔ ج نُتَف۔

النُّتَفَة۔ وہ شخص جو علم وغیرہ کو پوری طرح سے حاصل نہ کرسکے۔

النُّتَاف و النُّتَافَة۔ جو اُکھیڑتے ہوئے گرے۔

النَّتِيْف و النَّتِيْفَة۔ اُکھیڑا ہوا۔ کہا جاتا ہے "غُرَابٌ نَتِيْفُ الْجَنَاحِ" پر و بال نچا ہوا کوا۔

النَّتُوْف۔ داڑھی کے بال اُکھیڑنے کا شائق۔

المِنْتَاف۔ موچنا۔ چمٹی۔

نَتَقَ (ن ض) نَتْقًا الْجِرَابَ : توشہ دان کو جھاڑنا — الجِلْدَ : کھال اتارنا — الشَّيْئَ : پھاڑنا۔ ہلانا۔ بلند کرنا۔ پھیلانا۔ نَتَقَتِ الْمَرْأَةُ او النَّاقَةُ : بہت بچوں والی ہونا۔ صفت نَاتِق و مِنْتَاق۔ عوام النَّتْق و النِّتَاق کو تے کے معنی میں استعمال کرتے ہیں اور اس سے افعال بناتے ہیں۔

نَتَقَ (ن ض) نُتُوْقًا۔ موٹا ہونا۔

نَتَقَتْ (ض) نَتْقًا و نُتُوْقًا الدَّابَّةُ رَاكِبَهَا و بِرَاكِبِهَا : چوپایہ کا اپنے سوار کو تھکا دینا۔

اَنْتَقَ۔ توشہ دان جھاڑنا۔ بہت بچوں والی عورت سے نکاح کرنا۔ اپنا گھر غیر کے گھر کے مقابل بنانا۔

اِنْتَتَقَ الشَّيْئُ : کھنچ جانا — الجِرَابُ : توشہ دان جھاڑا جانا۔

النَّاتِق۔ فا۔ آگ دینے والا چقماق۔ گھوڑا جو اپنے سوار کو تھکا دے۔ ماہ رمضان۔ کہا جاتا ہے "بَنٰى دَارَهُ بِنَتَاقِ دَارِيْ" اس نے اپنا گھر میرے گھر کے سامنے بنایا۔

نَتَكَ (ض) نَتْكًا الشَّعْرَ : بال اُکھیڑنا۔

نَتَلَ (ض) نَتْلًا الشَّيْئَ : آگے کھینچنا۔ فُلَانًا : ڈانٹنا — الجِرَابَ : توشہ دان جھاڑنا یا سب کچھ نکال دینا (— نَتْلًا و نُتُوْلًا و نَتَلَانًا) مِنْ بَيْنِ اَصْحَابِهِ : آگے بڑھ جانا۔

اِنْتَتَلَ۔ سبقت کرنا۔

تَنَاتَلَ النَّبْتُ : پیچیدہ ہونا اور بعض کا بعض سے بڑا ہونا۔

اِسْتَنْتَلَ مِنْ بَيْنِ اَصْحَابِهِ : پیش قدمی کرنا — لِلْاَمْرِ : تیاری کرنا — الْقَوْمُ عَلَى الْمَاءِ : پانی پر پہلے پہنچ جانا۔

النَتْل والنَتَل۔ شتر مرغ کا انڈا جو پانی بھر کر جاڑے کے زمانہ میں دُور دُور میدانوں میں زمین کے اندر دبا دیا جاتا ہے تاکہ گرمی کے زمانہ میں جب پانی کی ضرورت پڑے تو کام آئے۔ رَجُلٌ نَتْلٌ: مرد پستہ قد۔

النَتِيْلَة۔ وسیلہ۔

نَتَنَ (ض) و نَتِن (س) نَتْنًا و نَتُنَ (ک) نَتَانَةً و نَتُوْنَةً و أَنْتَنَ۔ بدبودار ہونا۔ صفت نَتِنٌ و نَتِيْن و مُنْتِن و مِنْتِن اور نَتِن کی مؤنث نَتْنٰی جیسے زَمِن کی زَمْنٰی۔

نَتَّنَ الشَّیَٔ: بدبودار کرنا۔

النَيْتُوْن۔ ایک بدبودار درخت۔

المِنْتِيْن۔ بدبودار۔ ج مَنَاتِيْن۔ کہا جاتا ہے "رِجَالٌ او آبَاطٌ مَنَاتِيْن" بدبودار لوگ۔ یا بدبودار بغل۔

المَنَاتِن۔ بدبو کی جگہیں۔ واحد مَنْتَن۔

نَتَا يَنْتُوْ نُتُوًّا العَضْوُ: سوجنا۔ صفت نَاتٍ۔

أَنْتٰی اِنْتَاءً۔ پیچھے ہٹنا ۔۔۔ ہٗ: صورت و سیرت میں مشابہ ہونا۔

تَنَتّٰی عَلَيْهِ: کسی پر چڑھ بیٹھنا۔

اِسْتَنْتٰی اِسْتِنْتَاءً الدُّمَّلُ: پھوڑے کا پکنا اور پھوٹنے کا وقت قریب ہونا۔

نَثَّ (ن ض) نَثًّا الْخبرَ: پھیلانا ۔۔۔ الجُرْحَ: زخم پر تیل لگانا۔

نَثَّ (ض) نَثًّا و نَثِيْثًا الزِّقُّ: مشک کا ٹپکنا ۔۔۔ الرَجُلُ: موٹاپے کی وجہ سے پسینہ والا ہونا ۔۔۔ العَظْمُ: ہڈی سے گودا بہنا۔

تَنَاثَّ القَوْمُ الْأَخْبَارَ: ایک دوسرے کو خبر بتلانا۔

النَثُّ۔ مص۔ نمناک دیوار۔

النِثَاث۔ زخم پر لگانے کا تیل۔

النَثِيْثَة۔ مشک سے ٹپکا ہوا۔

النَثَّاث والمِنَثُّ۔ بھید یا بات کو بہت پھیلانے والا۔

النُثَّاث۔ غیبت کرنے والے۔ واحد نَاثٌّ۔

المِنَثَّة۔ اون کا ٹکڑا جس سے زخم پر تیل لگائیں۔ ج مَنَاثٌّ و مِنَثَّات۔

نَثِتَ (س) نَثَتًا اللَّحْمُ: گوشت کا بدبودار ہونا۔

نَثَجَ (ض) نَثْجًا بِطْنَهٗ بِالسِّكِيْن: پیٹ پھاڑنا۔ ۔۔۔ مَافِی بَطْنِهٖ: آنتوں کو خالی کر دینا۔

اِسْتَنْثَجَ۔ اَحدالعِدلَيْن: ڈھیلا پڑ جانا۔

اَلنِثْج۔ بزدل۔ بے برکت۔

المِنْثَجَة۔ دبر۔

نَثِدَ (س) نُثُوْدًا الرَجُلُ: ٹھہرنا ۔۔۔ الْكَمْأَةُ: سانپ کی چھتری کا اگنا۔

نَثَرَ (ن ض) نَثْرًا و نِثَارًا الشَّیَٔ: بکھیرنا۔ نثر میں گفتگو کرنا ۔۔۔ الدِّرْعَ عَنْهُ: زرہ کو اتار دینا اور کہا جاتا ہے "نَثَرَتِ المَرْأَةُ بَطْنَهَا" یعنی اس کے بچے بہت ہوئے "وَاَخَذَ فُلَانٌ دِرْعًا فَنَثَرَهَا عَلٰی نَفْسِهٖ" فلاں نے زرہ لی اور اپنے اوپر ڈال لی۔

نَثَرَت (ض) نَثِيْرًا الدَّابَّةُ: چھینکنا اور کہا گیا ہے کہ نثیر جانوروں کیلئے ہے جیسے عُطَاس آدمیوں کے لئے۔

اَنْثَرَ۔ ناک جھاڑنا ۔۔۔ ہٗ: ناک کے بل گرانا۔

نَثَّرَ۔ الشَّیَٔ: بکھیرنا۔

تَنَثَّرَ و تَنَاثَرَ و اِنْتَثَرَ۔ الشَّیْءُ: بکھرنا۔ کہا جاتا ہے "تَنَاثَرَ القَوْمُ" قوم کے لوگ بیمار ہوئے اور مرے۔

اِنْتَثَرَ و اِسْتَنْثَرَ۔ ناک میں پانی ڈال کر جھاڑنا۔

النَثْر۔ مص۔ ضد نظم۔

النَثْرَةُ۔ نثر کا اسم مرۃ۔ کلام نثر کا ایک ٹکڑا۔ نتھنا اور اس کا ارد گرد۔ چھینک۔ کشادہ زرہ۔ دونوں طرف کی مونچھوں کے درمیان کا گڑھا۔

النَثِر والمِنْثَر والنَيْثُرَان۔ بہت بولنے والا۔ بھیدوں کا بہت ظاہر کرنے والا۔

رَجُلٌ نَثُوْرٌ او اِمْرَأَةٌ نَثُوْرَةٌ۔ بہت صاحب اولاد مرد یا عورت۔

النَثِيْر۔ بکھیرا ہوا۔ کلام نثر۔ کہا جاتا ہے "كَاَنَّ لَفَظَهٗ نَثِيرُ الدُّرِّ و الدُّرُّ النَثِيْرُ" گویا اس کے الفاظ بکھرے ہوئے موتی ہیں۔

النُثَارَة و النُثَار و النَثَر۔ بکھری ہوئی چیزیں۔

النِثَار۔ مص۔ شادی کے موقعہ پر جو بکھیرا جائے۔

النَاثِر۔ فا۔ نثر بولنے والا یا لکھنے والا۔ نَخْلَةٌ نَاثِرٌ: کچی کھجوریں گرانے والا درخت۔

المُنْثَّر۔ مفم۔ ہیچ و ناکارہ آدمی۔

المِنْثَار۔ کچی کھجوریں گرانے والا درخت۔

المَنْثُوْر۔ مفم۔ مِنَ الْكَلَام: ضد منظوم

المَنْثُوْر: ایک تیز خوشبو والا پھول دار پودہ۔ واحد مَنْثُوْرَة۔

نَثَطَه (ن) نَثْطًا ۔۔۔ فُلَانًا: بوجھل کرنا۔ اَلْكَمْأَةُ: سانپ کی چھتری کا زمین سے نکلنا (۔۔۔ نَثْطًا و نُثُوْطًا) ساکن ہونا' قرار پانا۔

نَثَّطَهٗ۔ آرام دینا۔

اَنْثَعَ۔ بہت قے کرنا ۔۔۔ القَیْءُ او الدمُ: قے یا خون نکلنا۔

نَثَلَ (ن) نَثْلًا الْفَرَسُ و كُلُّ ذِی حَافِرٍ: لید کرنا۔

نَثَلَ (ن ض) و اِنْتَثَلَ الْبِئْرَ: کنوئیں سے مٹی نکالنا ۔۔۔ الجِرَابَ: توشہ دان خالی کرنا ۔۔۔ الكِنَانَة: ترکش سے تیروں کو نکالنا اور بکھیر دینا۔ نَثَلَ الدِّرْعَ عَنْهُ: زرہ کو اتار پھینکنا ۔۔۔ اللَّحْمَ فِی الْقِدْرِ: گوشت کو ہانڈی میں ٹکڑے ٹکڑے کرکے ڈالنا ۔۔۔ عَلٰی فُلَانٍ دِرْعَهٗ: زرہ پہنانا۔ اور کہا جاتا ہے "نُثِلَتْ حَفْرَتُهٗ" یعنی اس کی قبر کھودی گئی۔

اَنْثَلَ البِئْرَ: کنوئیں سے مٹی نکالنا۔

تَنَاثَلَ القَوْمُ اِلَيْهِ: اکٹھے ٹوٹ پڑنا۔

اِسْتَنْثَلَ الْكِنَانَةَ: ترکش سے تیروں کو نکال کر بکھیرنا۔

النَثَل۔ کھودا ہوا۔ کہا جاتا ہے "بِئْرُكَ نَثَلٌ" تمہارا کنواں کھدا ہوا ہے۔

النَثْلَة نَثَلَ کا اسم مرۃ۔ دونوں مونچھوں کے درمیان کا گڑھا۔ کشادہ زرہ۔

النَثِيْل۔ لید۔

النُثَالَة و النَثِيْلَة۔ کنوئیں سے نکالی ہوئی مٹی۔ بقیہ النَثِيْلَة: موٹا گوشت۔

المِنْثَلَة۔ زنبیل۔

نَثَمَ (ض) نَثْمًا و اِنْتَثَم۔ فحش بکنا۔

نَثَا يَنْثُوْ نَثْوًا الْحَدِيْثَ: بیان کرنا۔ پھیلانا ۔۔۔ الشَّیَٔ: متفرق کرنا ۔۔۔ فُلَانًا: غیبت کرنا عَلَيْهِ قَوْلًا: کسی کی جانب سے خبر دینا۔

تَنَاثَی القَوْمُ الْحَدِيْثَ: آپس میں ایک

دوسرے سے کہنا — الشَّيْءَ: ایک دوسرے کو یاد دلانا۔
النَّاثِي۔ فا۔ غیبت کرنے والا۔
النُّثْوَة۔ لوگوں کی عیب جوئی۔
النَّثَا۔ کسی کے متعلق اچھی یا بُری خبر۔
نَثَى يَنْثِي نَثْيًا الخَبَرَ: بیان کرنا یا پھیلانا۔
اَنْثَى مِنَ الشَّيْءِ: ناک بھوں چڑھانا۔ فُلَانًا: غیبت کرنا۔
نَجَّ (ض) نَجًّا و نَجِيْجًا الرَّجُلُ: جلدی کرنا۔ صفت نَجُوج — القَرْحَةَ: زخم سے مواد بہانا۔
نَجَّ (ن) نَجًّا الشَّيْءَ مِنْ فِيْهِ: منہ سے پھینکنا۔
نَجَأَهُ (ف) نَجْأً و تَنَجَّأَهُ و انْتَجَأَهُ نظر بد لگانا۔
رَجُلٌ نَجُؤُ العَيْنِ و نَجُوْؤُهَا و نَجِئُهَا و نَجِيْئُهَا۔ بہت تیز نظر لگانے والا۔
نَجْأَةُ السَّائِلِ: مانگنے والے کی حریصانہ نظر۔
نَجُبَ (ک) نَجَابَةً الوَلَدُ: شریف الاصل ہونا۔ قول و فعل میں لائق ستائش ہونا۔ صفت نَجِيْبٌ۔
نَجَبَ (ض ن) نَجْبًا و نَجَّبَ و انْتَجَبَ الشَّجَرَةَ: درخت سے چھال اتارنا۔ و انْتَجَبَ الشَّيْءَ: چننا۔ برگزیدہ کرنا۔
اَنْجَبَ۔ شریف الاصل ہونا — الرَّجُلُ: شریف بچوں کا باپ ہونا۔ بزدل بیٹے کا باپ ہونا۔ اور کہا جاتا ہے "اَنْجَبَ بِهِ اَبَوَاهُ" اس کے والدین نے شریف بچہ جنا۔
اِسْتَنْجَبَ۔ شرفا کو طلب کرنا۔
النَّجَبُ و النُّجَبَة۔ سخی۔ شریف۔ فیاض۔
النَّجَبُ مِنَ الشَّجَرِ: چھال یا جڑ کی چھال۔
النَّجَابَة۔ شرافت۔
النَّجِيْبُ۔ شریف۔ شریف خاندان۔ ج اَنْجَاب و نُجَبَاء و نُجُب مؤنث نَجِيْبٌ و نَجِيْبَةٌ۔ ج نَجَائِب۔ نَجَائِبُ الشَّيْءِ و نَوَاجِبُهُ: کسی چیز کا مغز جس پر چھلکا نہ ہو۔ خالص۔
المِنْجَاب (مذکر مؤنث) ج مَنَاجِيْب والمُنْجِب ج مَنَاجِب۔ مؤنث مُنْجِبَة: شریف اولاد والا ہونا۔ المِنْجَاب: ست و کمزور بغیر پر و پیکان کے تیر۔ کریلنی۔
المَنْجُوْب۔ کشادہ برتن۔
نَجَثَ (ن) نَجْثًا و تَنَجَّثَ عَنِ الْاَمْرِ: کھود کرید کرنا۔ تفتیش کرنا — الشَّيْءَ: نکالنا۔ نَجَثَ القَوْمَ: قوم سے فریاد کرنا۔
تَنَاجَثَ القَوْمُ الْاَخْبَارَ: ایک دوسرے کے سامنے ظاہر کرنا۔
اِنْتَجَثَ و اسْتَنْجَثَ الشَّيْءَ: نکالنا۔ اِسْتَنْجَثَ لِلشَّيْءِ: درپے ہونا۔
النَّجْثُ و النُّجُثُ۔ دل کا غلاف۔ زرہ۔ مکان۔ ج اَنْجَاث۔
رَجُلٌ نَجِثٌ۔ خبروں کی تلاش و جستجو رکھنے والا۔
النَّجَّاثُ۔ امور کی کھود کرید کرنے والا۔
النَّجِيْثُ۔ مخفی بھید۔ نشانہ۔ ست۔
النَّجِيْثَةُ۔ بُری خبر جو ظاہر ہو جائے۔ کنوئیں اور جوہڑ کی مٹی۔
نَجَحَ (ف) نَجْحًا و نُجْحًا و نَجَاحًا الْاَمْرُ: آسان و سہل ہونا۔ نَجَحَتْ حَاجَةُ فُلَانٍ و نَجَحَ فُلَانٌ بِحَاجَتِهِ: کامیاب و فتح مند ہونا۔
نَجَّحَهُ۔ کامیاب کرانا۔
اَنْجَحَ۔ کامیاب و فتح مند ہونا — اللّٰهُ حَاجَتَهُ: حاجت پوری ہونا۔ صفت مُنْجِح ج مَنَاجِح و مَنَاجِيْح و اَنْجَحَ فُلَانٌ بِالْبَاطِلِ: باطل پر غالب ہونا و اَنْجَحَ الْبَاطِلَ بِفُلَانٍ: باطل کا غالب ہونا۔
تَنَجَّحَ الْحَاجَةَ: وعدہ کرنے والے سے پورا کرنے کو کہنا۔
تَنَاجَحَتْ عَلَيْهِ اَحْلَامُهُ و مَسَاعِيْهِ: پے بہ پے درست ہونا۔
اِسْتَنْجَحَ فُلَانًا حَاجَتَهُ: حاجت پوری کرنے کو کہنا۔
النَّجَاحُ و النُّجْحُ۔ مص۔ کامیابی۔
النَّجَاحَة۔ صبر۔
النَّاجِحُ۔ فا۔ سَيْرٌ نَاجِحٌ: سخت اور تیز چال۔
النَّجِيْحُ۔ درست رائے۔ کہا جاتا ہے "رَاْيٌ نَجِيْحٌ" وہ شخص جس کی رائے درست ہو اور اس کے امور کامیاب ہوتے ہوں۔ صابر۔ مؤنث نَجِيْحَةٌ۔ کہا جاتا ہے "نَفْسٌ نَجِيْحَةٌ۔ سَيْرٌ نَجِيْحٌ": تیز چال۔ مَكَانٌ نَجِيْحٌ: قریب جگہ۔
نَجَخَ (ف) نَجْخًا۔ فخر کرنا — النَّوْءُ: نچھتر کا جوش میں آنا — السَّيْلُ: یکبارگی زور سے آنا۔
البَعِيْرُ: بدہضمی والا ہونا۔ صفت نَجِخٌ البِئْرَ: کنواں کھودنا۔
تَنَاجَخَ الْمَوْجُ: موج کا ایک دوسرے سے ٹکرانا۔ تَنَاجَخَا: باہم فخر کرنا۔
النَّاجِخُ۔ فا۔ کھانسنے والا۔ نَاجِخُ الْبَحْرِ: سمندر کا شور۔
النَّاجِخُ و النَّجُوْخُ۔ شور کرنے والا سمندر۔
سَيْلٌ نَاجِخٌ: بہت تیز بہاؤ کا سیلاب جو زمین کو کھود دے۔
نَاجِخَةُ الْمَاءِ و نَجِيْخَتُهُ۔ پانی کی آواز۔
النَّجَاخ۔ کھانسنے والے کی آواز۔
نَجَخَاتُ الْمَاءِ: پانی کی بوچھاریں۔
النَّجِيْخَة۔ مکھن جو دودھ کے برتن میں کناروں پر چپک جائے۔
اِمْرَاَةٌ نَجَّاخَةٌ۔ وہ عورت جس کی اندام نہانی سے جماع کے وقت آواز نکلے اور بقول بعض وہ عورت جو جماع سے آسودہ نہ ہو۔
نَجَدَهُ (ن) نَجْدًا۔ مدد کرنا۔ غالب ہونا۔
نَجَدَ (ن) نُجُوْدًا الْاَمْرُ: واضح ہونا — البَدَنُ عَرَقًا: بدن سے پسینہ بہنا — الشَّيْءُ مِنَ الْاَرْضِ: نکلنا۔
نَجِدَ (س) نَجَدًا الرَّجُلُ: کام یا گھبراہٹ سے پسینہ آنا۔ صفت نَجِدٌ۔ تھکنا۔ بلید ہونا۔
نُجِدَ نَجْدًا الرَّجُلُ: غمگین ہونا۔ صفت مَنْجُوْدٌ و نَجِيْد۔
نَجُدَ (ک) نَجْدَةً و نَجَادَةً دلیر ہونا دوسروں کو عاجز کر دینے والے امور کا پورا کرنے والا ہونا — نُجُوْدًا واضح ہونا۔ ظاہر ہونا۔ صفت نَاجِد و نَجُد۔
نَجَّدَ الْبَيْتَ: مکان کو آراستہ کرنا — النَّجَّادُ الْفُرُشَ: فرش ساز کا فرش کو بنانا اور سینا

— الدَّهْرُ فُلَانًا : تجربہ کار بنانا — الرَّجُلُ : دوڑنا۔

نَاجَدَہ مُنَاجَدَۃً۔ مدد کرنا۔ مقابلہ کرنا۔ جنگ کے لیے نکلنا۔

اَنْجَدَہٗ۔ مدد کرنا۔ اَنْجَدَ الرَّجُلُ : پسینہ والا ہونا۔ نجد میں آنا یا نجد کی طرف سفر کرنا۔ اپنے اہل وعیال سے قریب ہونا — البِنَاءُ : عمارت کا بلند ہونا — الدَّعْوَۃَ : قبول کرنا۔ اَنْجَدَتِ السَّمَاءُ : بادل سے صاف ہونا۔

تَنَجَّدَ الشَّیْءُ : بلند ہونا۔

اِسْتَنْجَدَ۔ دلیر ہونا — فُلَانًا وَبِہٖ : مدد طلب کرنا — عَلَیْہِ : خوفزدہ ہونے کے بعد دلیری کرنا۔

نَجْد۔ مع۔ ملک نجد۔

النَّجْد۔ بلند زمین۔ ج اَنْجُد و نُجُد و نِجَاد و نُجُوْد و اَنْجَاد و اَنْجِدَۃ۔ کہا جاتا ہے "هُوَ طَلَّاعُ اَنْجُدٍ و اَنْجِدَۃٍ و نِجَاد و طَلَّاعُ النِّجَادِ" وہ مشکل امور پر غالب آنے والا ہے اور اسی معنی میں ہے "طَلَّاعُ الثَّنَایَا" گھاٹیوں کو عبور کر جانے والا۔ النَّجْدُ : مکان کی آراستگی کا سامان۔ ج نِجَاد و نُجُوْد۔ النَّجْدُ : ماہر رہنما۔ درختوں سے خالی جگہ۔ کرب وغم۔ پستان' بلند راستہ۔

رَجُلٌ نَجْدٌ و نَجِدٌ و نَجُدٌ۔ دلیر مرد۔ دوسروں کو عاجز کر دینے والے امور کا پورا کرنے والا۔ دعوت کو بہت جلدی قبول کرنے والا۔ ج اَنْجَاد۔

النَّجَد۔ پسینہ۔ گھر کا سامان۔ بچھونا۔ پردہ وغیرہ۔ ج اَنْجَاد۔

النَّجْدَۃ۔ مع - اسم مرۃ۔ بہادری و دلیری۔ طاقت و سختی۔ کہا جاتا ہے "لَاقَی فُلَانٌ نَجْدَۃً" فلاں سختی میں پڑ گیا۔ مقاتلہ۔ گھبراہٹ۔ ج نَجَدَات۔

النِّجَاد۔ پرتلہ۔ کہا جاتا ہے "هُوَ طَوِیْلُ النِّجَادِ" وہ لمبے پرتلے والا ہے۔ کنایہ ہے طویل القامت ہونے سے۔

النِّجَادَۃ۔ فرش سازی کا پیشہ۔

النَّجِیْد۔ بہادر۔ ایسے امور کو انجام دینے والا جو دوسروں کو عاجز کر دیں۔ شیر۔ غمگین۔ ج نُجُد و نُجَدَاء۔

النَّاجِد۔ فا۔ مؤنث نَاجِدَۃ ج نَوَاجِد۔

النَّجَّاد۔ فرش ساز۔

نُجُوْدُ الْبَیْتِ : مکان کو آراستہ کرنے کیلئے دیواروں کے پردے۔

النَّجُوْد مِنَ الْاِبِلِ و الْاُتُنِ : لمبی گردن والا۔ چلنے میں آگے رہنے والا — مِنَ النِّسَاءِ : عقلمند عورت۔ شریف عورت۔ ج نُجُد۔

النَّاجُوْد۔ شراب۔ شراب کا برتن۔ خون' زعفران۔ ج نَوَاجِیْد۔

المِنْجَد۔ عورتوں کا ایک زیور جس کو گردن میں ڈالتی ہیں اور سینے کے نیچے تک ہوتا ہے۔ چھوٹا پہاڑ ج مَنَاجِد۔

اَلْمِنْجَدَۃ۔ اون وغیرہ دھننے کا لکڑی کا اوزار' جانوروں کو ہانکنے کیلئے چھوٹی سی چھڑی۔ ج مَنَاجِد۔

رَجُلٌ مِنْجَاد۔ بہت مدد کرنے والا مرد۔

المَنْجُوْد۔ مفع۔ مغموم۔ ہلاک ہونے والا۔

نَجذَہٗ (ض) نَجْذًا۔ داڑھوں سے کاٹنا۔ اصرار کرنا۔

نَجَّذَہٗ۔ تجربہ کرنا۔ آزمانا۔ نَجَّذَتْہُ وَالتَّجَارِبُ : تجربہ کار بنانا — ہٗ البَلَایَا : مصیبتوں کا لاحق ہونا۔

النَّاجِذ۔ فا۔ نَوَاجِذ کا واحد بمعنی داڑھ۔ کہا جاتا ہے "عَضَّ عَلٰی نَاجِذِہٖ" وہ بالغ ہو گیا' کمالِ عقل کو پہنچ گیا۔ اس لیے کہ نواجذ بلوغ و کمالِ عقل کے بعد نکلتی ہیں۔ "وَضَحِكَ حَتّٰی بَدَتْ نَوَاجِذُہٗ" وہ کھلکھلا کے ہنس پڑا۔ "وَاَبْدَتِ الْحَرْبُ نَاجِذَیْهَا" لڑائی تیز ہو گئی وَعَضَّ الرَّجُلُ عَلٰی نَاجِذَیْہِ۔ یعنی اُس نے صبر کیا۔

المَنَاجِذ جمع جُلْذ مِن غَیْرِ لَفْظِہٖ۔ بمعنی چھچھوندر۔

نَجَرَ (ن) نَجْرًا الْیَوْمُ دن کا گرم ہونا۔ المَاءَ : پانی کو گرم پتھر سے داغ کرنا — الرَّجُلَ : مار کر ہٹانا — الخَشَبَ : لکڑی کو چھیل کر ہموار کرنا — الشَّیْءَ : ارادہ کرنا — الْاِبِلَ : اُونٹ کو ہانکنا۔

نَجِرَ (س) نَجَرًا۔ سخت پیاسا ہونا۔

اَنْجَرَ فُلَانًا : دودھ' گھی' آٹے سے بنا ہوا کھانا پیش کرنا۔

النَّجْر۔ مع - اصل۔ حسب۔ رنگ۔ گرمی۔

النَّجَر۔ سخت پیاس جو اُونٹ وغیرہ کو لاحق ہوتی ہے اور بجھتی نہیں۔

النَّاجِر۔ گرمی کے مہینوں میں سے ہر ایک مہینہ۔

النِّجَار و النُّجَار۔ اصل۔ حسب۔ رنگ۔

النِّجَارَۃ۔ بڑھئی کا پیشہ۔

النُّجَارَۃ۔ لکڑی کا چھیلن۔ رندہ کرتے وقت جو گرے۔

النَّجَّار۔ بڑھئی۔

النَّجِیْرَۃ۔ لکڑی کی چھت۔ دودھ' گھی' آٹے سے بنا ہوا کھانا۔ گرم پتھر سے داغ کیا ہوا پانی۔ بدلہ۔ کہا جاتا ہے "لَاَنْجُرَنَّ نَجِیْرَتَكَ" میں تم کو بدلہ دوں گا جس کے تم مستحق ہو۔

النَّجْرَان۔ لکڑی کی چول جس پر دروازہ گھومتا ہے۔ پیاسا۔ اور یمن اور حوران کے دو شہروں کا نام نَجْرَان ہے۔

اِبِلٌ نَجِرَۃٌ و نَجْرَیٰ و نَجَارَیٰ۔ پیاسے اُونٹ۔

الاَنْجَرُ و الاَنْجَرۃ۔ لنگر۔ ج اَنَاجِر (دخیل)

المَنْجَر۔ مقصد جو راستہ سے ہٹا ہوا نہ ہو۔

المِنْجَرَۃ۔ پانی داغ کرنے کا گرم پتھر۔

المِنْجَر۔ اُونٹوں کو بہت تیز ہانکنے والا۔ رندہ۔

المَنْجُوْر۔ مفع۔ کنوئیں سے پانی نکالنے کی چرخی۔

النَّوْجَر۔ ایک قسم کا آلہ جس سے زمین کھودی جاتی ہے۔

نَجَزَ (ن) نَجْزًا الْحَاجَۃَ : حاجت پوری کرنا — بِالْوَعْدِ : وعدہ میں جلدی کرنا — الوَعْدُ : حاضر ہونا۔ جلدی ہونا۔ پورا ہونا۔

نَجَزَ و نَجِزَ (س) نَجَزًا الشَّیْءُ : ختم ہونا۔ فنا ہونا۔

الْكَلَامُ : کلام کا منقطع ہونا۔

نَجَّزَ الْحَاجَۃَ : حاجت پوری کرنا۔

اَنْجَزَ الْحَاجَۃَ : حاجت پوری کرنا —

الوَعْدَ: وعدہ وفا کرنا۔ اور اسی سے مثل ہے "اَنْجَزَ حُرٌّ مَا وَعَدَ" شریف آدمی جو وعدہ کرتا ہے پورا کرتا ہے اور کبھی وعدہ کو پورا کرنے کیلئے بولا جاتا ہے — عَلَى الْقَتِيْلِ: فوراً مار ڈالنا۔

نَاجَزَہ۔ مقابلہ پر نکلنا۔ مقاتلہ کرنا۔

تَنَجَّزَ الشَّرَابَ: پینے میں اصرار کرنا (— و اِسْتَنْجَزَ) الحَاجَةَ او الوَعْدَ: حاجت یا وعدہ پورا کرنے کو کہنا۔

تَنَاجَزُوْا۔ باہم مقابلہ کرنا۔ باہم مقاتلہ کرنا۔

النَّجْز و النَّجَاز۔ حصول۔ وفائے عہد۔ اور کہا جاتا ہے "اَنْتَ عَلَى نَجْزِ حَاجَتِكَ" تم اپنی حاجت کی تکمیل کے قریب ہو۔

النَّجِيْز و النَّاجِز۔ حاضر۔ موجود۔ نقد۔ کہا جاتا ہے "بِعْتُهُ نَاجِزًا بِنَاجِزٍ" میں نے اس کو دست بدست بیچا اور میں نے موجود کی موجود سے بیع کی وَلَا يُبَاعُ غَائِبٌ بِنَاجِزٍ غائب کی موجود سے بیع نہ کی جائے و "وَعْدٌ نَاجِزٌ و نَجِيْزٌ" وعدہ جو پورا کر دیا جائے۔

نَجِسَ (س) نَجَسًا و نَجُسَ (ک) نَجَاسَةً۔ گندا ہونا۔ ناپاک ہونا۔ صفت نَجَسٌ و نِجْسٌ و نَجِسٌ و نَجُسٌ و نَجَسٌ ج اَنْجَاس۔

نَجَّسَہٗ و اَنْجَسَہٗ۔ ناپاک کرنا۔ نَجَّسَ الصَّبِيَّ وَلَہٗ: نظر بد وغیرہ سے بچنے کے لیے تعویذ وغیرہ لٹکانا۔

تَنَجَّسَ۔ ناپاک ہونا — الثَّوْبُ: گندگی سے آلودہ ہونا۔ نجاست سے نکلنا۔

الاَنْجَاس۔ نظر بد وغیرہ سے بچانے کے لیے تعویذ گنڈا وغیرہ۔

دَاءٌ نَجِسٌ و نَاجِسٌ و نَجِيْسٌ لاعلاج مرض۔

النَّجِس۔ تعویذ کرنے والے۔

نَجَشَ (ن) نَجْشًا الشَّيْءَ: کھود کرید کرنا۔ نکالنا۔ بکھیرنے کے بعد جمع کرنا — الصَّيْدَ: شکار کو ایک جگہ سے دوسری جگہ کے لیے بھڑکانا — النَّارَ: آگ روشن کرنا۔ جلانا — الْحَدِيْثَ: بات پھیلانا — فِي الْبَيْعِ: مبیعہ کی تعریف کر کے بائع کی موافقت کرنا۔ اور بقول بعض بغیر ارادۂ خریداری دوسروں کو پھنسانے کے لیے قیمت بڑھانا یا خریدار کو ایک چیز سے دوسری چیز کی طرف رغبت دلانا۔ اسم النَّجْش (— نَجْشًا و نَجَاشَةً) تیز چلنا۔

تَنَاجَشَ الْقَوْمُ فِي الْبَيْعِ وَغَيْرِهٖ: دوسرے سے بڑھ کر بولی دینا۔

اِسْتَنْجَشَہٗ۔ الشَّيْءَ: نکالنا — الصَّيْدَ: شکار کو بھڑکانا۔

النِّجَاش۔ تسمہ جس کو دو چمڑوں کے درمیان رکھ کر سی دیتے ہیں۔

النَّاجِش و النَّجَّاش و النَّجِيْش۔ شکاری

النَّاجِش و النَّجَاشِيُّ و المِنْجَاش۔ شکار کو شکاری کی طرف بھگانے والا۔ المِنْجَاش: بڑا عیب جو۔

النَّجَاشِي و النِّجَاشِي و النَّجَاشِيُّ و النِّجَاشِيُّ شاہ حبشہ کا لقب۔

رَجُلٌ نَجُوْش و مِنْجَش۔ شکار کو بھڑکانے والا۔ المِنْجَش: بڑا نکتہ چیں و عیب جو۔

قَوْلٌ مَنْجُوْش۔ گھڑی ہوئی جھوٹی بات۔

نَجَعَ (ف) نُجُوْعًا و نَجَعَ الطَّعَامُ فِي الْإِنْسَانِ: فائدہ مند ہونا۔ نفع پہنچانا۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا طَعَامٌ يَنْجَعُ عَنْهُ وَبِهٖ" یہ ایسا کھانا ہے جو فائدہ مند ہے اور اسی سے موٹاپا حاصل ہوتا ہے — فِيْهِ الدَّوَاءُ او الطَّعَامُ او الْكَلَامُ: اثر کرنا۔

نَجَعَ الْبَلَدَ: شہر میں آنا — الْقَوْمُ الْكَلَأَ: چراگاہ کی تلاش میں جانا — الْإِبِلَ النَّجُوْعَ و بِالنَّجُوْعِ: آٹا ملا ہوا پانی پلانا۔ نُجِعَ الصَّبِيُّ لَبَنَ الشَّاةِ او بِلَبَنِ الشَّاةِ: خوراک دیا جانا۔ پرورش کیا جانا۔

اَنْجَعَ الطَّعَامُ وَغَيْرُہٗ: کھانے وغیرہ کا مفید ہونا — الرَّجُلُ: کامیاب ہونا — الرَّاعِي الْفَصِيْلَ: چرواہے کا اونٹ کے بچے کو دودھ پلوانا۔

تَنَجَّعَ و انْتَجَعَ و اِسْتَنْجَعَ الْقَوْمُ الْكَلَأَ: چراگاہ کی تلاش میں جانا۔ تَنَجَّعَ و اِنْتَجَعَ و اِسْتَنْجَعَ فُلَانًا: بخشش طلب کرنے کیلئے کسی کے پاس آنا۔ تَنَجَّعَ بِالدَّمِ: خون سے لتھڑنا۔ اُسْتُنْجِعَ بِهٖ و عَنْهُ: ہضم ہونا۔ اور موٹا ہونا۔

اَلنَّجَع۔ بالوں کا بنا ہوا خیمہ۔ ج نُجُوْع۔

النُّجْعَة۔ چراگاہ کی تلاش۔ یہ نُجُوْع کا اسم ہے۔ کہا جاتا ہے "خَرَجُوْا لِلنُّجْعَةِ" لوگ چراگاہ کی تلاش میں نکلے و "فُلَانٌ نُجْعَتِيْ" فلاں میری جائے امید ہے۔ ج نُجَعٌ۔

النَّاجِع۔ چراگاہ کی تلاش کرنے والا۔ ج نَاجِعَة و نَوَاجِع۔ مَاءٌ نَاجِعٌ: خوشگوار پانی۔

النُّجَاع۔ شجاع کا تابع ہے۔ کہا جاتا ہے "شُجَاعٌ نُجَاعٌ" بہت دلیر۔

النَّجُوْع۔ آٹا ملا ہوا پانی جو اونٹ کو پلایا جاتا ہے۔ نَجُوْعُ الصَّبِيِّ۔ دودھ۔ مَاءٌ نَجُوْعٌ: خوشگوار صاف پانی۔

النَّجِيْع۔ فائدہ مند — مِنَ الطَّعَامِ او الشَّرَابِ: نافع بدن کھانا یا پانی — مِنَ الدَّمِ: سیاہی مائل خون۔ مَاءٌ نَجِيْعٌ: خوشگوار پانی۔

المَنْجَع و المُنْتَجَع و المُسْتَنْجَع وہ مقام جہاں گھاس کے لیے لوگ جائیں۔

نَجَفَ (ن) نَجْفًا النَّجِيْفَ: تراشنا۔ صفت مفعول نَجِيْف و مَنْجُوْف — الشَّجَرَةَ: درخت کو جڑ سے کاٹنا — الشَّاةَ: بکری کا سارا دودھ دوہ لینا۔

نَجَفَ لِفُلَانٍ نُجْفَةً مِنَ اللَّبَنِ: کسی کے لیے تھوڑا سا دودھ علیحدہ کرنا۔ نَجَفَتِ الرِّيْحُ الْكَثِيْبَ او الرَّمْلَ: ہوا کا ریت کے تودہ یا ریت کو اڑا دینا۔

اِنْتَجَفَ و اِسْتَنْجَفَ الشَّيْءَ: نکالنا۔ الرِّيْحُ السَّحَابَ: ہوا کا بادل کو پانی سے خالی کر دینا — الشَّاةَ: بکری کا سارا اور دودھ دوہ لینا۔

النَّجَف ج نِجَاف و النَّجَفَة۔ ٹیلہ۔ وادی میں وہ جگہ جہاں پانی نہ چڑھے۔

النِّجَاف۔ دروازہ کے اوپر کا پتھر۔ نِجَافُ الغَارِ: غار کے اوپر آگے کو نکلا ہوا پتھر۔

النَّجِيْف۔ چوڑے پھل والا تیر۔ ج نُجُف۔

المِنْجَف۔ زنبیل۔ ٹوکری۔

المَنْجُوْف۔ مفعو۔ چوڑے پھل والا تیر۔ اندر سے چوڑا برتن یا قبر۔

النُّجْفَة۔ تھوڑی چیز۔

نَجَلَ (ن) نَجْلًا الشَّيْءَ: ظاہر کرنا —

الْاَرْضَ : زمین جوتنا۔ نَجَلَهٗ اَبُوْهُ و نَجَلَ بِهٖ : پیدا کرنا۔ نَجَلَتِ الْاَرْضُ : زمین کا سرسبز ہونا۔ نَجَلَ فُلَانًا : ٹھوکر مارنا یہاں تک کہ لڑھک جائے۔

النَّاسَ : شرارت کرنا۔ کہا جاتا ہے "مَنْ نَجَلَ النَّاسَ نَجَلُوْهُ" جو لوگوں کو عیب لگاتا ہے لوگ اسے عیب لگاتے ہیں۔ جو لوگوں کو گالی دیتا ہے لوگ اسے گالی دیتے ہیں و نَجَلَ الْجِلْدَ عَنِ الْمَذْبُوْحِ : دونوں پچھلی ٹانگوں کے درمیان کھال کاٹ کر سر کی طرف سے کھینچ لینا۔ کھال کو مَنْجُوْل کہتے ہیں۔

نَجَل (ض) نَجْلاً الشَّيْءَ وبِالشَّيْءِ : پھینکنا۔ ہٗ بِالرُّمْحِ : نیزہ مارنا — الصَّبِيُّ اللَّوْحَ : بچّہ کا تختی کو مٹانا — الرَّجُلُ : تیز چلنا۔

نَجِلَ (س) نَجَلاً الرَّجُلُ : بڑی اور خوبصورت آنکھوں والا ہونا۔ صفت اَنْجَل ج نُجْل و نِجَال : آنکھ کی صفت۔ نَجْلَاء ج نُجْل۔

اَنْجَلَ الدَّابَّةَ : نَجِيْل (ایک قسم کی ترش گھاس) چرنے کے لئے چھوڑنا۔

تَنَاجَلَ الْقَوْمُ : جھگڑا کرنا۔ نسل پیدا کرنا۔

اِنْتَجَلَ الْاَمْرُ : ظاہر ہونا اور گزرنا۔

اِسْتَنْجَلَ الْمَكَانُ : کسی جگہ سے پانی کا بکثرت رسنا — فُلَانٌ النَّزَّ (زمین سے) سوتا نکالنا۔

النَّجْل۔ مص اولاد۔ نسل۔ اور کہا جاتا ہے "هُوَ كَرِيْمُ النَّجْلِ" وہ کریم الاصل و شریف الطبع ہے والد۔ ج اَنْجَال۔ النَّجْلُ : عمل۔ بڑی جماعت۔ سڑک۔ بہنے والا پانی۔ زمین سے رسنے والا پانی ج نِجَال و اَنْجَال۔

النَّاجِل۔ فا۔ شریف النسل (انسان یا حیوان) مؤنث نَاجِلَة۔ ج نَاجِلَات و نَوَاجِل۔

النَّوَاجِل : نجیل (ایک قسم کی ترش گھاس) کے چرنے والے اُونٹ۔

الْاَنْجَل۔ کشادہ لمبا چوڑا۔ ج نُجُلٌ و نِجَالٌ مؤنث نَجْلَاء ج نُجْل۔ کہا جاتا ہے "طَعَنَهٗ طَعْنَةً نَجْلَاءَ" اس نے اسے کشادہ زخم کرنے والا نیزہ مارا۔

النَّجِيْل۔ ایک قسم کی ترش گھاس۔ اسی گھاس کی ٹوٹی ہوئی پتیاں۔ ج نُجُل۔

الْمِنْجَل۔ درانتی۔ ج مَنَاجِل۔ الْمِنْجَل : گنجان کھیتی۔ بہت اولاد والا۔ ماہر اُونٹ ہانکنے والا۔ اور کہا جاتا ہے "سِنَانٌ مِنْجَل" چوڑا زخم کرنے والا بھالا۔

نَجَمَ (ن) نُجُوْمًا الشَّيْءُ : ظاہر ہونا۔ کہا جاتا ہے "نَجَمَتِ الْكَوَاكِبُ" ستارے طلوع ہوئے۔ و نَجَمَ النَّبْتُ : سبزی اگی۔ و نَجَمَ السِّنُّ او الْقَرْنُ : دانت یا سینگ نکل آئے۔ و "نَجَمَ فِيْ بَنِيْ فُلَانٍ شَاعِرٌ او فَارِس" : بنوفلاں میں بے مثال شاعر یا شہسوار ظاہر ہوا — كَذَا عَنْ كَذَا : فلاں چیز سے ایسا نتیجہ برآمد ہوا — فُلَانٌ الدَّيْنَ : قسطوں میں ادا کرنا — السَّهْمُ او الرُّمْحُ : تیر یا نیزے کا پار ہو جانا۔

نَجَّمَ۔ احوالِ عالم معلوم کرنے کے لیے ستاروں کو دیکھنا — الدَّيْنَ : قرض کو قسطوں میں ادا کرنا — عَلَيْهِ الدِّيَةَ : دیت کی قسط مقرر کرنا۔

اَنْجَمَ الشَّيْءُ : ظاہر ہونا۔ اَنْجَمَتِ السَّمَاءُ : آسمان پر تاروں کا کھل جانا۔ اَنْجَمَ الشِّتَاءُ او الْبَرْدُ : جاڑے اور سردی کا ختم ہونا — الرَّجُلُ عَنِ الْاَمْرِ : چھوڑنا۔ اَنْجَمَتِ الْحَرْبُ : لڑائی کا ختم ہونا۔

اِنْتَجَمَ الْبَرْدُ و الشِّتَاءُ۔ جاڑے یا سردی کا گزر جانا۔ ختم ہونا۔

تَنَجَّمَ۔ احوالِ عالم معلوم کرنے کے لیے ستاروں کو دیکھنا۔

النَّجْم۔ ج نُجُوْمٌ و اَنْجُم و اَنْجَامٌ و نُجُم۔ ستارہ۔ اور ثریا پر بھی اطلاق ہوتا ہے۔ ادائیگی قرض کا مقررہ وقت۔ وقت مقررہ پر ادا کی ہوئی قسط۔ کہا جاتا ہے "جَعَلْتُ مَالِيْ عَلَيْهِ نُجُوْمًا مُنَجَّمَةً يُؤَدِّي كُلَّ نَجْمٍ مِنْهَا فِيْ وَقْتِ كَذَا" میں نے اس پر قسط مقرر کر دی کہ ہر قسط فلاں وقت میں ادا کرے۔

النَّجْم۔ بیل۔ بغیر تنہ کے نباتات۔ اصل کہا جاتا ہے "هٰذَا الْحَدِيْثُ لا نَجْمَ لَهٗ" اس بات کے لئے کوئی اصل نہیں۔

النَّجْمَة۔ ستارہ۔ اور یہ نجم سے خاص ہے کلمة (— والنَّجَمة) دو گھاسوں کے نام۔ النَّجَمَة : ایک بیل ہے جو زمین پر پھیلتی ہے۔ اور کہا گیا ہے کہ "ثَيِّل" اور "نَجَمَة" اور "عِكْرِش" ایک ہی چیز کے نام ہیں ذُو النَّجْمَةِ : گدھا۔

النَّجِيْم مِنَ النَّبَاتِ : تازہ گھاس۔

النَّجَّام و الْمُنَجِّم و الْمُتَنَجِّمْ۔ نجومی۔

الْمَنْجَم۔ نکلنے کی جگہ۔ معدن۔ واضح راستہ۔

الْمِنْجَم۔ ترازو کی لوہے کی ڈنڈی۔

نَجْنَجَ نَجْنَجَةً فِيْ رَايِهٖ : متحیر ہونا۔ مضطرب ہونا — عَيْنُهٗ : دھنسی ہوئی آنکھ ہونا — الْاِبِلَ : اُونٹ کو چراگاہ سے روکنا۔ پانی سے واپس کرنا — فُلَانًا عَنْهُ : منع کرنا — الشَّيْءَ حرکت دینا — الْاَمْرَ : پختہ ارادہ نہ کرنا۔

تَنَجْنَجَ الرَّجُلُ : متحیر ہونا — الشَّيْءُ : ہلنا۔

نَجه (ف) نَجْهًا و انتجه و تَنَجَّهَ الرَّجُلَ : بُری طرح سے ہٹانا۔ بُری صورت سے پیش آنا۔

نَجه عَلَى الْقَوْمِ : ظاہر ہونا — الْبَلَدَ : شہر میں داخل ہونا اور ناپسند کرنا۔

نَجَا يَنْجُوْ نَجَاةً و نَجَاءً و نَجْوًا و نَجَايَةً مِنْ كَذَا : نجات پانا۔ رہائی پانا۔

نَجَا يَنْجُوْ نَجَاءً۔ تیز چل کر آگے بڑھنا (— نَجْوًا) الشَّجَرَةَ : درخت کاٹنا — الصَّبِيُّ : بچّے کا پاخانہ کرنا — فُلَانًا : رہائی دینا۔ چھڑانا — الدَّوَاءَ : دوا پینا — النَّجْوُ مِنَ الْبَطْنِ : پاخانہ نکلنا (— نَجْوًا و نَجًا) الْجِلْدَ عَنِ الذَّبِيْحَةِ : کھال اتارنا (— نَجْوًا و نَجْوٰى و نَاجٰى مُنَاجَاةً و نِجَاءً ا) الرَّجُلَ : سرگوشی کرنا۔ اسم النَّجْوٰى۔

نَجّٰى تَنْجِيَةً الرَّجُلَ مِنْ كَذَا : رہائی دلانا۔ بلند زمین میں چھوڑنا۔

اَنْجٰى الرَّجُلُ : رہائی دلانا — الرَّجُلُ : پاخانہ کرنا — فُلَانًا غُصْنًا : کسی کیلئے ٹہنی کاٹنا — الْجِلْدَ : کھال اتارنا — النَّخْلَةُ : پکی کھجوروں والا ہونا — الرَّجُلُ : پسینہ نکلنا اور کہا جاتا ہے "شَرِبَ دَوَاءً فَمَا اَنْجَاه" اس نے دوا پی فائدہ نہیں ہوا۔

تَنَجّٰی۔ بلند زمین ڈھونڈنا۔
تَنَاجَی تَنَاجِیًا الْقَوْمُ: سرگوشی کرنا۔
اِنْتَجَی الْقَوْمُ: سرگوشی کرنا — الرَّجُلَ: سرگوشی کے لیے خاص کرنا۔ رازدار بنانا۔
اِسْتَنْجَی مِنْ کَذَا: رہائی پانا — الشَّجَرَۃَ: درخت کو جڑ سے کاٹنا — الشَّیَٔ مِنْ فُلَانٍ چھڑوانا — الرَّجُلُ: پائخانہ کرنے کے بعد دھونا یا ڈھیلے سے پونچھنا — الثَّمَرَ: پھل چننا — القَوْمُ: تر کھجوریں حاصل کرنا یا کھانا — الرَّجُلُ: تیز چلنا۔ شکست کھانا۔
النَّاجِی۔ فا۔ مؤنث۔ نَاجِیَۃٌ ج نَوَاجٍ و نَاجِیَاتٌ۔ النَّاجِیَۃ: تیز رفتار اُونٹنی۔ کہا جاتا ہے "قَطَعَ الْمَکَانَ بِنَوَاجٍ سَرِیْعَۃِ الْاِیْغَالِ" اس نے جگہ کو تیز رفتار اُونٹنیوں سے طے کیا۔
النَّجَا لاٹھی۔ لکڑی۔ ہودج کی لکڑی۔ کھال۔
النَّجْو و النَّجَا و النَّجَاۃ و النَّجَاء۔ رہائی۔ کہا جاتا ہے "النَّجَاءَ كَ النَّجَاءَ كَ و النَّجَاكَ و النَّجَاكَ" یعنی جلدی کر۔ جلدی کر۔ اور یہ باب اغراء سے ہے اور فعل محذوف سے منصوب ہے اور اس کی تقدیر "اِلْزَمِ النَّجَاءَ" ہے اور کاف حرف خطاب ہے۔
النَّجْو۔ مص۔ پائخانہ یا گوز۔ دو آدمیوں کے درمیان بھید۔ ج نِجَاءٌ۔ بادل جو پانی برسا چکا ہو ج نُجُوٌّ۔
النَّجْوٰی۔ اسم ہے مناجات کا۔ بھید۔ سرگوشی کرنے والے اور یہ وصف بالمصدر ہے اس میں واحد جمع برابر ہیں۔ کہا جاتا ہے "هُمْ نَجْوٰی النَّجْوٰی": خراج۔ محصول۔ ج نَجَاوٰی۔
النَّجَاۃ۔ مص۔ رہائی۔ بلند زمین۔ حسد۔ لالچ۔ سانپ کی چھتری۔ کشتی۔ ج نَجًا۔
اَلنَّجْوَۃُ۔ اسم مرۃ۔ بلند زمین۔ ج نِجَاءٌ۔ کہا جاتا ہے "اِنَّهٗ مِنَ الْاَمْرِ بِنَجْوَۃٍ" وہ اس کام سے پاک صاف ہے۔
النَّجَاوَۃ۔ زمین کی گنجائش۔
النَّجِیّ۔ بھید۔ جس سے رازداری کی بات کی جائے۔ بات کرنے والا۔ حدی پڑھنے والے کی آواز۔ بلند آواز سے جانور کو ہانکنے والا۔ تیز۔ کہا جاتا ہے "بَعِیْرٌ نَجِیٌّ" تیز رفتار اُونٹ۔ اور کہا جاتا ہے "بَاتَتْ فِیْ صَدْرِهٖ نَجِیَّۃٌ قَدْ اَسْهَرَتْهُ" اس کے سینے میں غم رہا جس نے اسے بیدار رکھا۔
الْمَنْجٰی۔ نجات کی جگہ۔ بلند زمین۔ ج مَنَاجٍ۔
الْمَنْجَاۃ باعث نجات۔ ج مَنَاجٍ۔ کہا جاتا ہے "الصِّدْقُ مَنْجَاۃٌ" سچائی باعث نجات ہے۔
نَحَّ (ض) نَحِیْحًا الرَّجُلُ: سینہ میں آواز گڑگڑانا۔
نَحَّ (ن) نَحًّا الْجَمَلَ: تیز چلنے پر اکسانا۔
النَّحَاحَۃ۔ سخاوت۔ بخل (ضد)
النَّحِیْح۔ مص بخیل۔ کہا جاتا ہے فُلَانٌ شَحِیْحٌ نَحِیْحٌ فلاں حریص و بخیل ہے۔
نَحَبَ (ف ض) نَحْبًا و نَحِیْبًا الرَّجُلُ: رونے میں آواز بلند کرنا (— نَحْبًا) بِکَذَا: شرط لگانا۔
نَحَبَ (ض) نَحْبًا و نُحَابًا الْبَعِیْرُ: کھانسنا۔
نَحَبَ (ن) نَحْبًا و نَحَّبَ الرَّجُلُ: نذر ماننا۔
نَحَبَ و نَحَّبَ الْقَوْمُ فِیْ سَیْرِهِمْ: جلدی سے چلنا۔ نَحَّبَ عَلَی الشَّیْءِ: مشغول ہونا۔ ٹوٹ پڑنا۔
نَاحَبَهٗ مُنَاحَبَۃً۔ مفاخرت کرنا — هٗ عَلٰی کَذَا: شرط لگانا — هٗ اِلٰی فُلَانٍ: فیصلہ کے لیے جانا۔
تَنَاحَبَ الْقَوْمُ: جنگ وغیرہ کیلئے وقت معین کرنا۔
اِنْتَحَبَ۔ بہت رونا۔ زور سے لمبے لمبے سانس لینا۔ پھوٹ کر رونا۔
النَّحْب۔ مص۔ سخت گریہ۔ کھانسی۔ سختی۔ موت۔ مدت۔ وقت۔ بڑا خطرہ۔ ہمت۔ نفس۔ نیند۔ موٹاپا۔ بڑے جسم کا اُونٹ۔ حاجت۔ دلیل۔ جوا۔ تیز چال۔ یا آہستہ چال۔ نذر۔ کہا جاتا ہے "قَضٰی فُلَانٌ نَحْبَهٗ" فلاں نے اپنی نذر پوری کردی۔ یعنی مرگیا گویا کہ موت اس کے ذمہ نذر تھی۔
النُّحْبَۃ۔ قرعہ۔
الْمُنْتَحِب۔ فا۔ سَیْرٌ مُنْتَحِبٌ: تیز چال۔
نَحَتَ (ض ن) و نَحِتَ (س) نَحْتًا الْعُوْدَ: لکڑی چھیلنا — الحَجَرَ: پتھر کو ہموار کرنا — الخَشَبَۃَ: لکڑی چھیل کر ہموار کرنا — هٗ: پچھاڑنا — السَّفَرُ الْبَعِیْرَ: دُبلا کرنا — الْجَبَلَ: پہاڑ کھودنا — الْکَلِمَۃَ: دو یا زائد کلمات سے ایک کلمہ بنانا جیسے صَهْصَلَقَ۔ صهل و صلق سے بَسْمَلَۃٌ۔ بسم اللّٰہ الرحمٰن الرحیم سے۔ حَوْقَلَۃٌ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰهِ سے۔ فَذْلَکَۃٌ فَذٰلِکَ کَذَا و کَذَا سے نَحَتَهٗ بِالْعَصَا: لاٹھی مارنا — هٗ بِلِسَانِهٖ: غیبت کرنا۔ ملامت کرنا۔ گالی دینا — عِرْضَهٗ: طعن کرنا۔ بے آبروئی کرنا — اَثْلَتَهٗ و فِی اَثْلَتِهٖ: مذمت کرنا۔ حسب میں طعن کرنا اور کہا جاتا ہے "نُحِتَ فُلَانٌ عَلَی الْکَرَمِ" یعنی فلاں شخص فیاض پیدا کیا گیا ہے۔
نَحَتَ (ف) نَحِیْتًا۔ پیچش ہونا۔
اِنْتَحَتَ مِنَ الْخَشَبَۃِ مَا یَجْعَلُهٗ فِی النَّارِ: آگ میں ڈالنے کیلئے کھپٹیاں کاٹنا و اِنْتَحَتَ الْخَشَبَۃُ: لکڑی کا کھپٹیاں ہونا۔
النَّحْت مص۔ (— و النُّحَات و النَّحِیْتَۃ) طبیعت۔ کہا جاتا ہے "هُوَ کَرِیْمُ النَّحِیْتَۃِ" وہ کریم الطبع ہے۔ النَّحِیْتَۃُ: پیچش۔
النُّحَاتَۃ۔ تراشہ۔ چھیلن۔ وہ ریزے جو کاٹنے سے گریں۔
النَّحَّات۔ سنگ تراش۔ بہت چھیلنے والا۔
النَّحِیْت۔ مص۔ چھیلا ہوا۔ گریہ و زاری۔ پیچش۔ دُبلا اُونٹ۔ ردی چیز۔ کنگھی، قوم میں اجنبی — مِنَ الْحَوَافِرِ: کنارے گھسا ہوا کھر۔
الْمِنْحَت ج مَنَاحِت و الْمِنْحَات ج مَنَاحِیْت لکڑی تراشنے کا آلہ۔ بسولہ۔ کہا جاتا ہے "هُوَ مِنْ مَنْحَتِ صِدْقٍ" وہ خالص اصل سے ہے "وَهُمْ کِرَامُ الْمَنَابِتِ وَ الْمَنَاحِتِ" وہ لوگ فیاض و اصل خاندان سے ہیں۔
نَحَرَ (ف) نَحْرًا و تَنْحَارًا۔ الْبَهِیْمَۃَ: سینہ پر مارنا۔ ذبح کرنا — فُلَانًا: مقابلہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "نَحَرَ بَیْتِیْ بَیْتَهٗ" میرا گھر اس کے گھر کے مقابل ہے و "نَحَرَ الْاُمُوْرَ عِلْمًا" یعنی اس نے معاملات کو مضبوط طریقے سے کیا۔ الصَّلٰوۃَ: اول وقت میں نماز پڑھنا — الْمُصَلِّیْ فِی

الصَّلَاةِ : سینہ نکال کر کھڑا ہونا۔

نَاحَرَهُ مُنَاحَرَةً۔ جھگڑا کرنا۔

تَنَاحَرَ الْقَوْمُ عَلٰی کَذَا : جھگڑا کرنا۔ تَنَاحَرَتِ الدَّارَان : ایک دوسرے کے مقابل ہونا — الْقَوْمُ عَنِ الطَّرِیْقِ : راستہ سے تجاوز کرنا۔ ہٹ جانا — عَلَى الطَّرِیْقِ وِغَیْرِہٖ : پے درپے آنا۔

اِنْتَحَرَ الرَّجُلُ : خودکشی کرنا — الْقَوْمُ عَلَى الْأَمْرِ : جھگڑا کرنا۔ اِنْتَحَرَ السَّحَابُ : بہت پانی لے کر اٹھنا — ہٗ بِالْعَصَا : مارنا۔

النَّحْر۔ مم۔ سینہ کا بالائی حصہ۔ ج نُحُوْرٌ۔ کہا جاتا ہے "قَعَدَ فِیْ نَحْرِ فُلَانٍ" یعنی اس نے فلاں کا مقابلہ کیا۔ "نَحْرُ النَّهَارِ او الشَّهْرِ" دن یا مہینے کا ابتدائی حصہ۔ یَوْمُ النَّحْرِ : ماہِ ذی الحجہ کا دسواں دن۔

النِّحْر۔ حاذق۔ ماہر۔ سمجھ دار۔ دانا بینا۔

النَّاحِر۔ فا۔ النَّاحِرَانِ : سینہ کی دو رگوں کا نام۔

النَّاحِرَة۔ النَّاحِر کا مؤنث۔ مہینہ کا پہلا دن یا آخری دن یا آخری رات۔ ج نَوَاحِر و نَاحِرَات۔ النَّاحِرَتَان : سینہ کی دو رگوں کا نام۔

النَّحُوْر : ذبح کرنے والا۔

النِّحْرِیْر۔ حاذق۔ سمجھ دار۔ عقلمند۔ ج نَحَارِیْر۔

النَّحِیْر۔ ذبح کیا ہوا۔ ج نَحْرٰی و نُحَرَاء و نَحَائِر۔

النَّحِیْرَة۔ نَحِیْر کا مؤنث۔ طبیعت — مِنَ الشَّهْرِ : مہینے کا پہلا دن یا آخری دن یا آخری رات۔ ج نَحَائِر۔

الْمَنْحَر۔ حلق میں ذبح کرنے کی جگہ۔ مقام ذبح۔

الْمُنْتَحَر۔ کشادہ راستہ۔

الْمِنْحَار۔ کریم۔ فیاض۔ بہت ذبح کرنے والا۔ مہمان نواز۔ کہا جاتا ہے "إِنَّهٗ لِمِنْحَارٌ بَوَائِكَهَا" وہ موٹے اونٹوں کو بہت ذبح کرنے والا ہے یعنی بڑا مہمان نواز ہے۔

الْمَنْحُوْر۔ سینہ کا بالائی حصہ۔ ج مَنَاحِیْر۔

نَحَزَهٗ (ف) نَحْزًا۔ دفع کرنا۔ ہٹانا۔ چبھونا۔ ہاون میں کوٹنا — بِرِجْلِهٖ : ٹھوکر مارنا — فِیْ صَدْرِہٖ :

نُحِزَ و نَحُزَ (ک) و نَحِزَ (س) نَحَزًا و نُحَّزَ الْبَعِیْرُ : پھیپھڑے کی بیماری والا ہونا۔ صفت نَحِزٌ و نَاحِزٌ و نَحِیْزٌ و مَنْحُوْزٌ۔

نَحِزَ (س) نَحْزًا۔ الرَّجُلُ : کھانسنا۔

اَنْحَزَ الْقَوْمُ : پھیپھڑے کی بیماری والے اونٹوں کا مالک ہونا۔

النُّحَاز۔ اونٹوں کی ایک بیماری جو پھیپھڑے میں ہوتی ہے جس کی وجہ سے بہت کھانستے ہیں (— والنِّحَاز اصل۔ کہا جاتا ہے "هُوَ کَرِیْمُ النِّحَازِ" وہ کریم الاصل ہے۔

النَّحِیْزَة۔ طبیعت۔ کہا جاتا ہے "هُوَ کَرِیْمُ النَّحِیْزَةِ" وہ کریم الطبع ہے۔ سخت راستہ۔ بڑے راستہ سے نکلا ہوا چھوٹا راستہ۔ ج نَحَائِز۔

الْمِنْحَاز۔ ہاون۔ اوکھلی۔

نَحَسَ (ف) نَحْسًا و نَحُسَ (ک) نَحَاسَةً و نُحُوْسَةً طَالِعُ الْإِنْسَانِ : بدقسمت ہونا۔ منحوس ہونا۔ صفت نَحْسٌ و نَحِسٌ و مَنْحُوْسٌ اور کہا جاتا ہے "یَوْمٌ نَحْسٌ و نَحِسٌ و نَاحِسٌ و نَحِیْسٌ و اَیَّامٌ نَوَاحِس و نَحْسَات و نَحِسَات" نامبارک دن۔

نَحَسَهٗ (ف) نَحْسًا ظلم کرنا۔

اَنْحَسَتِ النَّارُ : آگ کا زیادہ دھوئیں والی ہونا۔

نَحَّسَ الْأَخْبَارَ : تجسس کرنا۔ سن گن لینا۔

تَنَحَّسَ الرَّجُلُ : بھوکا ہونا — لِشُرْبِ الدَّوَاءِ : دوا پینے کے لیے بھوکا رہنا (واِسْتَنْحَسَ) الْأَخْبَارَ وَعَنْهَا : تجسس کرنا اور حقیقت دریافت کرنا۔

تَنَاحَسَ و اِنْتَحَسَ فُلَانٌ : اوندھا گرنا۔

عَامٌ نَاحِسٌ۔ خشک سال ج نَوَاحِس۔

النَّحْس۔ مم نامبارک۔ منحوس۔ کہا جاتا ہے یَوْمٌ نَحْسٌ و اَیَّامٌ نَحْسٌ : نامبارک دن ج نُحُوس و اَنْحُس۔ النَّحْس : مشقت و تکلیف۔ ایسا معاملہ جس کا کوئی حل نظر نہ آئے۔ ٹھنڈی پچھوائی ہوا۔ اطرافِ آسمان میں غبار۔ النَّحْسَان : زحل اور مریخ السَّعْدَان : مشتری اور زہرہ۔

النُّحَس۔ مہینہ کی انیسویں، بیسویں، اکیسویں رات جن کو ظلم بھی کہتے ہیں۔

النَّحَاس۔ بتثلیث النون : تانبا۔ آگ۔ دھواں بغیر شعلہ کے۔ طبیعت۔ کہا جاتا ہے "هُوَ کَرِیْمُ النُّحَاسِ" وہ فیاض طبیعت کا ہے۔ ہر چیز کا اصل۔ چنگاری جو لوہے وغیرہ کو کوٹتے وقت جھڑے۔

النَّحَّاس۔ ٹھٹھیرا۔ تانبے کا کام کرنے والا۔

الْمَنَاحِس۔ نامبارک و منحوس چیزیں۔ باعث نحوست امور۔

النِّحَاشَة۔ جلی ہوئی روئی۔

نَحَصَتْ (ف) نُحُوْصًا النَّاقَةُ : اونٹنی کا بہت موٹا ہونا۔ یا موٹائی کی وجہ سے حاملہ نہ ہونا۔ صفت نَحُوْص و نَحِیْص۔ ج نحص و نَحَائِص۔

النُّحْص۔ دامن کوہ۔ الْمِنْحَاص : دبلی پتلی لمبی عورت۔

نَحَضَ (ف ض) نَحْضًا اللَّحْمَ : گوشت اتارنا — فُلَانًا : اصرار سے سوال کرنا — الْعَظْمَ : ہڈی سے سب گوشت اتار لینا — السِّنَانَ : بھالا تیز کرنا — ہٗ الدَّهْرُ : نقصان پہنچانا۔

نَحَضَ (ف) نُحُوْضًا و نُحِضَ و اُنْتُحِضَ دبلا ہونا۔ کم گوشت والا ہونا۔ صفت نَحِیْض و مَنْحُوْضٌ۔

نَحُضَ (ک) نحاضةً۔ موٹا ہونا۔ زیادہ گوشت والا ہونا۔ صفت نَحِیْضٌ و مَنْحُوْضٌ۔

اِنْتَحَضَ الشَّیْءَ : بمعنی نَحَضَ الشَّیْءَ۔

النَّحْضَ۔ مم۔ موٹا گوشت۔ ج نِحَاض و نُحُوْض۔

النَّحْضَة۔ گوشت یا موٹے گوشت کا بڑا ٹکڑا۔

نَحَطَ (ض) نَحْطًا و نَحِیْطًا الْفَرَسُ : گھوڑے کا تھکن سے ہنہنانا (— نَحِیْطًا) لمبے لمبے سانس لینا (— نَحْطًا) السَّائِلَ : مانگنے والے کو سوال کے وقت جھڑک دینا۔

النَّاحِط۔ فا۔ سخت کھانسی والا۔

النَّحْطُ و النُّحَاطُ و النَّحِيْطُ- سینے میں رونے کی دبی ہوئی آواز-

النَّحْطَةُ- اسم مرة- اونٹ اور گھوڑوں کی ایک بیماری جو سینے میں ہوتی ہے اور جس سے بہت کم بچتے ہیں-

الْمُنْحَطَةُ و الْمَنْحُوْطَةُ- سینہ کی بیماری والا اونٹ یا گھوڑا-

النَّحَّاطُ- متکبر- مغرور-

نَحِفَ (س) و نَحُفَ (ک) نَحَافَةً لاغر ہونا یا خِلْقَةً دُبلا ہونا- صفت نَحِفٌ ج نَحِفُوْنَ وَ نَحِيْفٌ ج نُحَفَاءُ و نِحَاف- و مَنْحُوْف-

اَنْحَفَهُ- لاغر کرنا- دُبلا کرنا-

نَحَلَ (ف ن) و نَحِلَ (س) و نَحُلَ (ک) و نُحُوْلاً- بیماری یا تھکن سے دُبلا ہونا-

نَحَلَ (ف) نَحْلاً الرَّجُلَ : دینا ---- الْمَرْأَةَ : مہر دینا- اسم النِّحْلَةُ (---- نَحْلاً) الْقَوْلَ : غلط بات منسوب کرنا ---- زَيْدًا : گالی دینا ---- هُ الْمَرَضُ : لاغر کرنا-

نُحِلَ الشَّاعِرُ قَصِيْدَةً : دوسرے کا قصیدہ منسوب کیا جانا-

اَنْحَلَ و نَحَّلَ فُلاَنًا مَاءً : دینا ---- هُ مَالاً : دینے کے لیے خاص کرنا- اَنْحَلَهُ الْهَمُّ او الْمَرَضُ : غم یا بیماری کا کسی کو لاغر کرنا-

اِنْتَحَلَ و تَنَحَّلَ مَذْهَبَ كَذَا او قَبِيْلَةَ كَذَا : منسوب ہونا- اِنْتَحَلَ و تَنَحَّلَ الشِّعْرَ او الْقَوْلَ : دوسرے کے شعر یا قول کو اپنی طرف منسوب کرنا-

النَّحْلُ- شہد کی مکھیاں- واحد نَحْلَةٌ- النَّحْلُ : لاغر و دبلا- عطیہ- بخشش- نیا چاند- کہا جاتا ہے "اَهِلَّةٌ نُحْلٌ"

اَلنُّحْلُ و النُّحْلَى و النُّحْلاَنُ- عطیہ- ہبہ-

النِّحْلَةُ و النُّحْلَةُ- عطیہ- ہبہ- عورت کو مہر دینا- دعوی- مذہب- دین- ج نِحَل- و نُحَل- کہا جاتا ہے "مَانِحْلَتُكَ" یعنی تمہارا دین کیا ہے-

النُّحْلُ- النُّحْلَةُ- لاغری-

النَّاحِلُ- فا- باریک- کہا جاتا ہے "سَيْفٌ نَاحِلٌ" یعنی باریک تلوار- "وَجَمَلٌ نَاحِلٌ" یعنی لاغر اونٹ- ج نُحُوْل (جیسے شاہد و شہود)

النَّاحِلَةُ- النَّاحِلُ کا مؤنث- ج نَوَاحِلُ-

النَّوَاحِلُ : وہ تلواریں جن کی دھاریں کثرتِ استعمال سے پتلی ہو گئی ہوں-

النَّحِيْلُ- دبلا- ج نَحْلَى-

نَحَمَ (ض) نَحْمًا و نَحِيْمًا و نَحَمَانًا الرَّجُلُ : کھنکھارنا- الْاَسَدُ : شیر کا گونجنا-

اِنْتَحَمَ عَلَى كَذَا و كَذَا : پختہ ارادہ کرنا-

النُّحَامُ- سرخ رنگ اور لمبی گردن اور ٹیڑھی چونچ والی مرغابی- واحد نُحَامَةٌ-

النَّحْمَةُ- کھانسی-

النَّحِيْمُ- پیٹ کی گڑگڑاہٹ-

رَجُلٌ نَحِمٌ- پیٹ کی گڑگڑاہٹ والا مرد-

النَّحَّامُ- بہت پیٹ کی گڑگڑاہٹ والا- شیر- بخیل-

نَحْنُ- ہم- جمع متکلم کی ضمیر-

نَحْنَحَ و تَنَحْنَحَ الرَّجُلُ : گلا صاف کرنا- کھنکھارنا- سینے سے آواز نکالنا- نَحْنَحَ فُلاَنًا : بری طرح سے ہٹانا- کہا جاتا ہے "مَا اَنَا بِنَحْنَحِ النَّفْسِ عَنْ كَذَا" میرا جی اس سے خوش نہیں-

النَّحْنَحَةُ- بخیل و کمینے-

نَحَا يَنْحُو نَحْوًا الشَّيْئَ : قصد کرنا- نَحَا نَحْوَ فُلاَنٍ پیروی کرنا- نَحَا بَصَرَهُ اِلَيْهِ : کسی کی طرف نگاہ پھیرنا ---- الرَّجُلُ : اپنی دو جانبوں میں سے ایک جانب جھکا ہوا ہونا ---- فُلاَنًا عَنْهُ : پھیرنا- ہٹانا ---- الشَّيْئَ : جھکانا-

نَحَّى تَنْحِيَةً الرَّجُلَ عَنْ مَوْضِعِهِ : ہٹانا- معزول کرنا- علیحدہ کرنا-

نَاحَاهُ مُنَاحَاةً- باہم ایک دوسرے کی جانب ہونا-

اَنْحَى اِنْحَاءً- اعتماد کرنا- کسی جانب جھکنا ---- عَلَى فُلاَنٍ ضَرْبًا : متوجہ ہونا ---- بَصَرَهُ عَنْهُ : نگاہ پھیر لینا ---- عَلَيْهِ : اعتماد کرنا-

اِنْتَحَى اِنْتِحَاءً الشَّيْئَ او الرَّجُلَ : قصد کرنا ---- لَهُ : اعتماد کرنا اور جھکنا ---- الْبَعِيْرُ عَلَى شِقِّهِ الْاَيْسَرِ : اونٹ کا بائیں جانب جھکنا-

تَنَحَّى عَنْ مَوْضِعِهِ : جدا ہونا ---- لِلشَّيْئِ : اعتماد کرنا ---- الرَّجُلُ : کلام میں اعراب استعمال کرنا-

النَّحْوُ- جانب- جہت- راستہ- مثل- مقدار- قصد و ارادہ- اور بطور ظرف و اسم مستعمل ہوتا ہے ج اَنْحَاءٌ- و عِلْمُ النَّحْوِ : وہ علم جس میں کلمات عرب کے احوال مثل اعراب و بناء و ترکیب و افراد سے بحث کی جائے اور اس علم کا نام علم نحو اس وجہ سے ہے کہ متکلم عرب کے طریقے پر چلتا ہے- ج اَنْحَاءٌ و نُحُوٌّ اور تصغیر نُحَيَّةٌ جیسے دَلْوٌ و دُلَيَّةٌ-

النَّحْوِيُّ- علم نحو کا جاننے والا- ج نَحْوِيُّوْنَ-

النَّاحِي- فا- نحو کا جاننے والا- ج نُحَاةٌ-

النَّاحِيَةُ- جانب و جہت- ج نَاحِيَاتٌ و نَوَاحٍ و اَنْحِيَةٌ-

نَحَى يَنْحَى و يَنْحِيْ نَحْيًا- اللَّبَنَ : دودھ بلونا- متھنا- مسکہ نکالنا ---- الشَّيْئَ : زائل کرنا ---- بَصَرَهُ اِلَيْهِ : نگاہ پھیرنا-

نَحَاهُ يَنْحِيْهِ نَحْيًا- ایک گوشہ میں کرنا-

اَنْحَى لَهُ السِّلاَحَ : ہتھیار سے مارنا ---- عَلَيْهِ بِالسَّيْفِ : تلوار کے ساتھ متوجہ ہونا- کہا جاتا ہے اَنْحَى عَلَيْهِ بِاللَّوَائِمِ وہ اس پر ملامت کے ساتھ متوجہ ہوا-

نَحَّاهُ تَنْحِيَةً- زائل کرنا- جھکانا-

تَنَحَّى تَنَحِّيًا- زائل ہونا- جھکنا-

اِنْتَحَى فِي الْاَمْرِ : کوشش کرنا ---- فِي الشَّيْئِ : اعتماد کرنا-

النَّحْيُ و النِّحْيُ و النُّحْيُ- گھی کی مشک- دودھ بلونے کا برتن- چوڑے پھل کا تیر- ج اَنْحَاءٌ و نِحَاءٌ و نُحِيٌّ-

النَّحِيَّةُ- ارادہ- نشانہ- کہا جاتا ہے "فُلاَنٌ نَحِيَّةُ الشَّدَائِدِ" فلاں سختیوں کا نشانہ ہے-

الْمَنْحَاةُ- پانی بہنے کی پیچ دار جگہ- پانی لانے والے اونٹ کا راستہ- ج مَنَاحٍ- اَهْلُ الْمَنْحَاةِ : بیگانے لوگ-

نَخَّ (ن) نَخًّا- تیز چلنا ---- الْاِبِلَ : اونٹ کو تیز ہانکنا ---- الْاِبِلَ و بِالْاِبِلِ : اونٹ بٹھانے کے لیے اِخْ اِخْ یا نِخْ نِخْ کہنا-

النَّخُّ- مع- لمبا فرش- ج اَنْخَاخٌ-

النَّخَّةُ- اسم مرة- ہلکی بارش- کام کرنے والے

بیل۔ باندی غلام۔ خبر جس کا سچ یا جھوٹ معلوم نہ ہو۔

النَّجِعَة۔ کام کرنے والے بیل۔

النُّخُّ والنُّخَاخَة۔ گودا۔ مغز۔

نَخَبَ (ن) نَخْبًا الشَّیْءَ: کھینچنا۔ عمدہ حصہ لینا۔ نَخَبَتِ النَّمْلَةُ: چیونٹی کا کاٹنا —— الصَّقْرُ الصَّیْدَ: باز کا شکار کے دل کو نکال لینا۔

نَخِبَ (س) نَخَبًا۔ بزدل ہونا۔ صفت نَخِبٌ ونَخْبٌ ونَخِبٌ وأَنْخَبُ۔

أَنْخَبَ الرَّجُلُ: بزدل بچہ پیدا کرنا۔ بہادر بچہ پیدا کرنا۔

اِنْتَخَبَ الشَّیْءَ: کھینچ کر نکالنا۔ چننا۔

اَلنَّخَبُ۔ مص۔ بزدلی۔ دل کی کمزوری۔ بزدل۔ جام صحت۔ اور عوام کہتے ہیں "شَرِبَ سِرَّهُ او عَلٰى صِحَّتِهٖ" (—— والنَّخْبَة) دُبر۔

النَّخْبَةُ: بزدل۔

النُّخْبَة والنُّخَبَة۔ چنا ہوا۔ ج نُخَب۔

النُّخْبَةُ۔ منتخب لوگ۔ دوست کے جام صحت کا پینا۔ پلانا۔ ج نُخَبات۔ النُّخَبات: بزدل لوگ۔

النَّخِیب ج نُخُب والمَنْخُوب والمِنْخُوب بزدل۔ بے دل۔ المَنْخُوب: دُبلا کم گوشت والا والمِنْخُوب: لمبا۔

النِّخَاب۔ دل کی جھلی۔

المَنْخَبَة۔ حلقۂ دبر۔

المِنْخَاب۔ کمزور۔ ناکارہ۔ ج مَنَاخِیب۔

نَخَتَ (ن) نَخْتًا الطَّائِرُ الشَّیْءَ: پرندہ کا چونچ مارنا —— القَوْلَ: انتہا تک پہنچانا —— الشَّجَرَ: درخت کو جڑ سے اکھیڑنا۔

نَخَجَ (ض) نَخْجًا السَّیْلُ فِي سَنَدِ الوَادِي: سیلاب کا وادی کے بلند کناروں سے ٹکرانا۔ الدَّلْوَ وبِالدَّلْوِ فِي البِئْرِ: ڈول کو بھر جانے کیلئے کنوئیں میں ہلانا —— الجَارِيَةَ: جماع کرنا۔

اِسْتَنْخَجَ الرَّجُلُ: سختی کے بعد نرم ہونا۔

النَّخِیجَة۔ باریک مکھن جو مشک سے رس کر نکلے۔

تَنَخَّذَ۔ ناخدا ہونا۔ جہاز کا کپتان ہونا۔

نَاخُذَاةٌ۔ جہاز کا کپتان۔ ج نَوَاخِذَة۔

نَخَرَ (ض ن) نَخْرًا و نَخِیرًا الإِنْسَانُ او الدَّابَّةُ خراٹے لینا۔

نَخَرَ (ف) نَخْرًا الحَالِبُ النَّاقَةَ: دوہنے کے لیے نتھنوں میں انگلی ڈال کر کھجلانا۔

نَخِرَ (س) نَخَرًا العُوْدُ او العَظْمُ و نَخُرَ: لکڑی یا ہڈی کا بوسیدہ ہونا۔ ریزہ ریزہ ہونا۔ صفت نَاخِرَةٌ ونَخِرٌ۔

نَخَّرَهُ۔ بوسیدہ کرنا۔ گفتگو کرنا۔

النَّخْرَة مِنَ الرِّیحِ: ہوا کا تیز بہاؤ (—— والنُّخْرَةُ) ناک کا اگلا حصہ۔ ج نُخَر۔

النَّاخِر۔ فا۔ بوسیدہ۔ ریزہ ریزہ۔ حملہ کرنے والا سور۔ گدھا۔ اور بقول بعض گھوڑا۔ ج نُخَّر۔ کہا جاتا ہے "مَا بِالدَّارِ نَاخِرٌ" گھر میں کوئی نہیں۔

النَّاخِرَة۔ النَّاخِر کا مؤنث۔ بوسیدہ ہڈیاں گھوڑے یا گدھے۔

النَّخَّار۔ بہت خراٹے لینے والا۔

النِّخْوَار۔ بزدل۔ کمزور۔ شریف۔ مغرور ج نَخَاوِرَةٌ۔

المَنْخَر والمِنْخَر والمَنْخِر والمِنْخِر والمُنْخُر والمَنْخُور۔ ناک۔ نتھنا۔ ج مَنَاخِر و مَنَاخِیر۔

النَّخُور۔ اونٹنی کہ جب تک نتھنوں میں انگلی ڈال کر نہ کھجلائیں دودھ نہ دے۔

النَّخْوَرِيّ۔ چوڑے منہ والا۔ بڑے پیٹ والا۔

اِمْرَأَةٌ مِنْخَار۔ وہ عورت جو جماع کے وقت بہت خراٹے لے گویا دیوانی ہے۔

نَخْرَبَ الشَّجَرَةَ: درخت میں سوراخ کرنا۔

النُّخْرُوب۔ سوراخ۔ پتھر کا شگاف۔ ج نَخَارِیب۔ نَخَارِیبُ النَّحْلِ: شہد کے چھتے کے خانے۔

نَخَزَهُ (ف) نَخْزًا۔ بِالحَدِیدَةِ: مارنا —— هُ بِکَلِمَةٍ: تکلیف پہنچانا۔

نَخَسَ (ف ن) نَخْسًا الدَّابَّةَ: جانور کے پہلو یا پچھلے حصہ پر لکڑی وغیرہ چبھو کر اکسانا —— بِفُلَانٍ: بھڑکانا۔ برانگیختہ کرنا —— البَکْرَةَ: چرخی میں پچڑ لگانا۔

نُخِسَ لَحْمُهُ: کم ہونا —— البَعِیرُ: اونٹ کی دم کے قریب خارش ہونا۔ صفت مَنْخُوس۔

تَنَاخَسَتِ الغَنَمُ: بھیڑ بکری کا سردی کی وجہ سے ایک دوسرے سے گرمی حاصل کرنا۔

الغُدْرَانُ: تالابوں کا ایک دوسرے میں پانی پہنچانا۔

النَّاخِس۔ فا۔ اونٹ کی دم کے قریب خارش (—— والنَّخُوس) جوان پہاڑی بکرا۔

النَّخِیس۔ چرخی کہ اس کا سوراخ چوڑا ہو گیا ہو تو پچڑ لگا کر تنگ کر دیا جائے۔

النَّخِیسَة۔ بھیڑ بکری کا ملا ہوا دودھ۔ مکھن۔

النِّخَاس۔ چرخی کے سوراخ کو تنگ کرنے کا پچڑ۔ نِخَاسَا البَیْتِ: گھر یا خیمہ کے ستون۔

النِّخَاسَة۔ بمعنی نِخَاس (—— والنَّخَاسَة) غلاموں یا جانوروں کی بیع۔

النَّخَّاس۔ بہت چبھونے والا۔ غلاموں اور جانوروں کی تجارت کرنے والا۔

المِنْخَس۔ آنکس۔ مہمیز۔ ج مَنَاخِس۔ کہا جاتا ہے "هُوَ ابْنُ نَخْسَةٍ" وہ حرامی بچہ ہے۔

نَخَشَهُ (ن) نَخْشًا۔ برانگیختہ کرنا۔ تکلیف دینا —— الشَّیْءَ: حرکت دینا —— الدَّابَّةَ: جانور کو تیز ہانکنا —— العُوْدَ: لکڑی چھیلنا۔

نَخِشَ (ف) نَخَشًا ونُخِشَ۔ دبلا ہونا۔

نَخِشَ (س) نَخَشًا الشَّیْءُ: کسی چیز کا نچلا حصہ بوسیدہ ہونا۔

النَّخْش اِلٰی کَذَا: حرکت کرنا۔

تَنَخَّشَ۔ مص۔ مال کا ایک ٹکڑا۔

نَخَصَ (ف ن) نَخْصًا الرَّجُلُ: لاغر ہونا۔ جھریوں والا ہونا۔

نَخَصَهُ و اَنْخَصَهُ الکِبَرُ او المَرَضُ: لاغر کرنا۔ جھریوں والا ہونا۔

نَخِصَ (س) نَخَصًا و اِنْتَخَصَ لَحْمُهُ: کم گوشت ہونا۔

عَجُوزٌ نَاخِصٌ۔ جھریوں والی بڑھیا۔

نَخَطَ (ن) نَخْطًا اِلَیْهِمْ: اچانک آنا۔

المُخَاطَ مِنْ اَنْفِهِ: ناک سے رینٹ صاف کرنا۔

نَخَطَ (ن) نَخِیطًا لِفُلَانٍ: گالی دینا۔ عیب ظاہر کرنا —— عَلَیْهِ: تکبر کرنا۔

اِنْتَخَطَهُ۔ مشابہ ہونا۔ اِنْتَخَطَ المُخَاطَ مِنْ

اَنْفِهِ :ناک صاف کرنا۔
النخط و النخط۔ لوگ۔ کہا جاتا ہے "مَا اَدْرِیْ اَیُّ النَّخطِ ھُوَ" میں نہیں جانتا کہ وہ کون آدمی ہے۔
النُّخط :حرام مغز۔ بچہ دانی کی جھلی کا پانی۔
النُّخط۔ بہادری کی وجہ سے نیزہ سے کھیلنے والے لوگ۔
نَخَعَ (ف) نَخعًا الذَّبِیْحَةَ :ذبح کرنے میں چھری کو حرام مغز تک پہنچانا ـــــ الْاَمْرَ عِلْمًا : اچھی طرح سے آگاہ ہونا ـــــ ہٗ الطَّاعَةَ او النَّصِیْحَةَ : فرمانبرداری یا نصیحت یا خالص طریقے سے کرنا ـــــ الرَّجُلُ :سینے یا ناک سے کسی چیز کو گرانا (ـــــ نُخُوْعًا) لَهٗ بِحَقِّهٖ :اقرار کرنا۔
نَخِعَ (س) نَخعًا العُوْدُ او النَّبَاتُ :لکڑی یا نباتات سے پانی نکلنا ـــــ فُلَانٌ بِحَقِّیْ :اقرار کرنا۔
تَنَخَّعَ الرَّجُلُ :کھنکھارنا (ـــــ اِنْتَخَعَ) السَّحَابُ : سارا پانی برسا دینا۔ وانْتَخَعَ الرَّجُلُ عَنْ اَرْضِهٖ :دور رہنا۔
النُّخاع۔ بتثلیث النون : حرام مغز۔ ج نُخُعٌ۔
النُّخاعَة۔ کھنکھار۔ بلغم۔
النُّخُوع۔مص۔ حق کا اقرار۔
الاَنْخَع۔ اسم تفضیل۔ بمعنی اذل و اقہر۔ بہت زیادہ ہلاک کرنے والا۔
المَنْخَع۔ گردن اور سر کا اندرونی جوڑ۔ حرام مغز کٹنے کی جگہ۔
نَخَفَ (ف ن) نَخفًا و نَخِیْفًا۔ چھینکتے ہوئے آواز نکالنا (اور یہ بکری کے لیے خاص ہے)
اَنْخَفَ۔ چھینکتے ہوئے بہت آواز نکالنا۔
النَّخفَة۔ پہاڑ کی چوٹی میں پست زمین۔
النِّخاف۔ چرمی موزہ۔ ج اَنْخِفَة۔
نَخَلَ (ن) نَخلًا الدَّقِیْقَ : آٹا چھاننا۔ بھوسی دور کرنا ـــــ الشَّیْئَ : چننا۔ صاف کرنا۔ النَّصِیْحَةَ اَوِ الوُدَّ لِفُلَانٍ :سچی خیر خواہی یا خالص دوستی کرنا۔ (ـــــ و نَخَّلَ) السَّحَابُ الثَّلْجَ : بادل کا پھر برسانا۔ برف گرانا۔

تَنَخَّلَ و انْتَخَلَ الشَّیْئَ :چننا۔ عمدہ لینا۔
النَّخل و النَّخِیْل۔ کھجور کا درخت۔ واحد نَخلَةٌ و نَخِیْلَةٌ۔
النُّخالَة۔ بھوسی جو چھلنی میں رہ جائے۔ غلہ جو چھانا جائے۔
النَّخِیْلَة۔ طبیعت۔ خالص خیر خواہی۔ ج نَخائل۔ کہا جاتا ہے "لَا یَقْبَلُ اللّٰهُ اِلَّا نَخَائِلَ الْقُلُوْبِ" اللہ تعالیٰ صرف خالص نیتوں کو قبول فرماتے ہیں۔
النَّاخِل۔ فا۔ کہا جاتا ہے "اِنَّهٗ نَاخِلُ الصَّدْرِ" وہ خیر خواہ ہے و "نَصِیْحَةٌ نَاخِلَةٌ" سچی خیر خواہی۔
النَّخَّال۔ بہت کھجور کے درختوں والا۔ آٹا چھاننے والا۔
المُنْخُل و المُنْخَل۔ چھلنی۔ ج مَنَاخِل۔
نَخَمَ (ن) نَخمًا۔ کھیلنا۔ عمدہ گانا۔ صفت نَاخِم۔
نَخِمَ (س) نَخَمًا و نَخمًا و تَنَخَّمَ۔ کھنکھارنا۔ ناک صاف کرنا۔
نَخِمَ (س) نَخمًا الرَّجُلُ : تھکنا۔
النُّخامَة۔ کھنکار۔ رینٹ۔ بلغم۔
النَّخمَة۔ اسم مرۃ۔ کھنکھار۔ رینٹ۔ خوبصورتی و زیبائی۔ بہادری۔ طمانچہ۔
نَخْنَخَ البَعِیْرَ : اونٹ کو بٹھانا ـــــ نَخْنَخَ فُلَانًا : ڈانٹنا۔ ہٹانا۔ نَخْنَخَ الرَّجُلُ : تیز چلنا۔ نَخْنَخَ بِالاِبِلِ اِخْ اِخْ کہہ کر ڈانٹنا تاکہ بیٹھ جائے۔
تَنَخْنَخَ البَعِیْرُ :اونٹ کا بیٹھنا۔
نَخَا یَنْخُو نَخْوَةً الرَّجُلُ : تعریف کرنا۔
نُخِیَ نَخْوَةً الرَّجُلُ :فخر کرنا۔ بڑا بننا۔
اَنْخَی اِنْخَاءً۔ کبر و غرور زیادہ ہونا۔
اِنْتَخَی اِنْتِخَاءً عَلَیْنَا :بڑا بننا۔ تکبر کرنا ـــــ مِنْ کَذَا : ننگ جاننا۔
النَّخْوَة۔مص۔ دلیری۔ مروت۔ بڑائی۔ کبر و غرور۔ فخر۔
نَدَّ (ض) نَدًّا و نَدِیْدًا و نُدُوْدًا و نِدَادًا البَعِیْرُ : اونٹ کا بدک کر بھاگ جانا۔ کہا جاتا ہے نَدَّتِ الْکَلِمَةُ :شاذ ہونا۔ کم مستعمل ہونا۔
نَدَّدَ الاِبِلَ : اونٹوں کو متفرق کرنا ـــــ بِالشَّیْئِ :بدنام کرنا ـــــ بِفُلَانٍ :عیوب ظاہر کرنا۔ قبیح بات سنانا ـــــ صَوْتَهٗ :آواز بلند کرنا۔

اَنَدَّ الاِبِلَ :اونٹوں کو متفرق کرنا۔
نَادَّهٗ مُنَادَّةً۔ مخالفت کرنا۔
تَنَادَّ القَوْمُ :باہم مخالفت کرنا۔ ایک دوسرے سے بدکنا۔ متفرق ہونا۔ تَنَادَّتِ الاِبِلُ :اونٹوں کا بدک کر بھاگ جانا۔
النَّادُّ۔ فا۔ اور کہا جاتا ہے "لَیْسَ لَهُمْ نَادٌّ" ان کیلئے رزق نہیں۔ ج نُدَّاد۔
النَّدّ۔ ٹیلہ۔ بلند پشتہ۔
النِّدّ۔ مثل۔ کہا جاتا ہے "مَالَهٗ نِدٌّ" اس کی کوئی نظیر نہیں۔ ج اَنْدَادٌ۔
النَّدِیْد۔ مثل و نظیر۔ ج نُدَدَاءُ۔ مؤنث نَدِیْدَةٌ۔ ج نَدَائِدُ۔ کہا جاتا ہے مَالَهٗ نَدِیْدٌ اس کی کوئی نظیر نہیں۔
التَّنَادّ۔ مص "یَوْمُ التَّنَادِّ و یَوْمُ التَّنَادِ" دال کی تخفیف کے ساتھ بمعنی یوم قیامت۔ کہا جاتا ہے "ذَهَبُوْا اَنَادِیْدَ و تَنَادِیْدَ" وہ لوگ ہر طرف پراگندہ ہوگئے۔
نَدَأَهٗ (ف) نَدْأً۔ خوف دلانا۔ نَدَأَ اللَّحْمَ : گوشت کو آگ میں دبانا ـــــ المَلَّةَ :بھوبھل بنانا ـــــ عَلَیْهِمْ :ظاہر ہونا۔ سامنے آنا۔
النَّدِیْئُ۔ آگ میں دبایا ہوا گوشت۔
النَّدِیْئُ و النَّدْأَةُ و النُّدْأَة۔ آفتاب کے طلوع و غروب کے وقت بادلوں کی سرخی۔ قوس قزح۔
النَّدْأَة و النُّدْأَة : آفتاب کا دائرہ۔ چاند کا ہالہ۔ مال مویشیوں کی زیادتی و بہتات۔
النَّدْأَةُ و النُّدْأَة۔ متفرق گھاس کا ایک حصہ۔ ج نُدَاءٌ۔
نَدَبَ (ن) نَدْبًا الْمَیِّتَ :میت پر رونا۔ میت کی خوبیاں شمار کرنا ـــــ فُلَانًا اِلَی الْاَمْرِ او لِلْاَمْرِ : بلانا۔ برانگیختہ کرنا ـــــ ہٗ اِلَی الْحَرْبِ :لڑائی کی جانب متوجہ کرنا۔ صفت فاعلی نَادِبٌ۔ صفت مفعولی مَنْدُوْب اور امر کو مَنْدُوْبٌ اِلَیْهِ کہتے ہیں اور اسم النُّدْبَة۔
نَدِبَ (س) نَدَبًا و نُدُوْبًا و نُدُوْبَةً الظَّهْرُ :پیٹھ پر زخم کا نشان ہونا۔ صفت ندیب (ـــــ نَدَبًا و اَنْدَبَ) الْجُرْحُ :نشان زخم سخت ہونا۔ اَنْدَبَ فُلَانٌ نَفْسَهٗ و بِنَفْسِهٖ : خطرے میں ڈالنا۔ اَنْدَبَ الْجُرْحُ فُلَانًا : نشان ڈالنا ـــــ

بِظُهْرِهٖ وفِيْ ظُهْرِهٖ :نشان چھوڑنا۔
نَدُبَ (ک) نَدَابَةً الرَّجُلُ : زیرک ہونا۔ ہوشیار و چست ہونا۔
اِنْتَدَبَ لِفُلَانٍ : تردید کرنا۔ کہا جاتا ہے "تَكَلَّمَ فَانْتَدَبَ لَهٗ فُلَانٌ" اس نے گفتگو کی اور فلاں نے اس کی تردید کی۔ اِنْتَدَبَهٗ لِاَمْرٍ :بلاوے پر جواب دینا اور کہتے ہیں "خُذْ مَا انْتَدَبَ" یعنی لو جو آسان ہو۔
النَّدْب۔ مص۔ فضائل کی طرف سبقت کرنے والا۔ شریف دانا۔ مرد کم حاجت۔ ج نُدُوْب و نُدَبَاء۔ فَرَسٌ نَدْبٌ :تیز گھوڑا۔
النَّدَب۔ مص۔ نشان زخم۔ ج نُدُوْب۔ گھوڑدوڑ یا تیر بازی کی شرط کہ جو غالب ہو لے لے۔ تیز تیر پھینکنے والی کمان۔ کہا جاتا ہے "رَمَيْنَا نَدَبًا" یعنی تیز تیز پھینکنے والی کمان چلائی۔ ج اَنْدَاب۔
النَّدْبَة۔ اسم مرۃ۔ مؤنث النَّدْب (—— و النَّدَبَة) نشان زخم جو جسم پر باقی رہ جائے۔ ج نَدْبٌ جج نُدُوْب و اَنْدَاب۔
النُّدْبَة۔ میت کے محاسن و فضائل بیان کرنا اور کہا جاتا ہے کہ "عَرَبِيٌّ نُدْبَةٌ" یعنی فصیح عربی
المَنْدَب۔ میت پر رونا۔ ج مَنَادِب۔
المِنْدَبِي۔ مرد کم حاجت۔
نَدَحَ (ف) نَدْحًا الشَّيْءَ :کشادہ کرنا۔
نَادَحَهٗ۔ کسی سے کسی چیز کے زیادہ ہونے میں مقابلہ کرنا۔
تَنَدَّحَت و اِنْتَدَحَتِ الْغَنَمُ فِيْ مَرَابِضِهَا او مَسَارِحِهَا : بکریوں کا بیٹھنے کی جگہ یا چراگاہ میں منتشر ہونا۔ متفرق ہونا۔ و تَنَدَّحَت پری شکم سے پھولنا۔
النَّدْح و النُّدْح۔ کشادگی۔ کثرت۔ پہاڑ کا کنارہ جو تمہارے مقابل ہو۔ ج اَنْدَاح۔
النَّدْح و النُّدْح و النَّدْحَة و النُّدْحَة۔ کشادہ زمین۔
النِّدْح۔ بوجھ۔ چیز جس کو تم دور سے دیکھو۔
المَنْدُوْحَة و المُنْتَدَح۔ کشادگی۔ گنجائش۔ کہا جاتا ہے "لَكَ عَنْ هٰذَا الْاَمْرِ مَنْدُوْحَةٌ او مُنْتَدَحٌ" تم کو اس کام میں آزادی ہے اور تم کو اس کا چھوڑنا ممکن ہے "وَلَكَ مُنْتَدَحٌ فِي الْبِلَادِ" تمہارے لیے ملکوں میں گنجائش ہے —— اَرْضٌ مَنْدُوْحَةٌ :دور کی کشادہ زمین۔
المَنَادِح۔ دور کی کشادہ زمین۔
نَدَخَهٗ (ف) نَدْخًا۔ ٹکرا دینا۔ سمندر کا مسافر کہتا ہے "اَنْدَخْنَا الْمَرْكَبَ سَاحِلَ كَذَا" ہم نے جہاز کو فلاں ساحل سے ٹکرا دیا۔
تَنَدَّخَ الرَّجُلُ :بڑ ہانکنا۔
الْاَنْدَخ۔ بیوقوف غبی کم بولنے والا۔
المِنْدَخ۔ بری بات کہنے اور سننے میں لاپرواہ۔
نَدَرَ (ن) نَدْرًا و نُدُوْرًا۔ الشَّيْءُ :نادر ہونا۔ کسی چیز میں سے گر کر نمایاں ہونا —— مِنْ مَوْضِعِهٖ : زائل ہونا —— فُلَانٌ مِنْ قَوْمِهٖ : نکل جانا —— الشَّجَرَةُ : پتیاں نکلنا یا سبز ہونا —— الشَّيْءَ : تجربہ کرنا —— النَّبَاتُ :پتوں والی ہونا —— الرَّجُلُ : مرنا —— الرَّجُلُ فِيْ فَضْلٍ او عِلْمٍ :فضیلت یا علم میں بڑھ جانا۔
نَدُرَ (ک) نَدَارَةً الْكَلَامُ :فصیح ہونا۔ عمدہ ہونا۔ عجیب و غریب ہونا۔
اَنْدَرَ۔ نادر قول یا فعل کرنا —— الشَّيْءَ :گرانا —— الْعَظْمَ : جگہ سے ہٹانا۔
تَنَادَرَ عَلَيْنَا : نوادر بیان کرنا۔ و تَنَادَرُوا الشَّيْءَ :گرانا۔
اِسْتَنْدَرَهٗ۔ نادر سمجھنا —— الْقَوْمُ اَثَرَهٗ : پیچھے جانا۔
النَّدْر۔ نادر۔ کہا جاتا ہے "شَيْءٌ نَدْرٌ" نادر چیز یہ وصف بالمصدر ہے۔
النَّدْرَة۔ چاندی یا سونے کا ٹکڑا جو کان میں پایا جائے (—— و النُّدْرَة) کمی۔ کمیابی۔ کہا جاتا ہے "لَا يَكُوْنُ ذٰلِكَ اِلَّا نَدْرَةً وَفِي النَّدْرَةِ" یعنی یہ بہت کم ہے۔
النَّادِر۔ فا —— مِنَ الْكَلِمِ : کمیاب۔ شاذ و مخالف قیاس —— مِنَ الْجَبَلِ :پہاڑ کا نکلا ہوا حصہ۔
النَّادِرَة۔ النَّادِر کا مؤنث۔ ج نَوَادِر۔ نَوَادِرُ الْكَلَامِ :عجیب کلام۔ شاذ۔ فصیح و عمدہ۔ اور کہا جاتا ہے "هُوَ نَادِرَةُ الزَّمَانِ" وہ یکتائے زمانہ ہے۔
النَّدْرَى۔ نادر کمیاب اور اسی سے ہے جو کہا جاتا ہے "لَقِيْتُهٗ نَدْرَى وَفِيْ نَدْرَى وَالنَّدْرَى وَفِي النَّدْرَى" یعنی میں نے اس سے گاہے ماہے ملاقات کی۔
الْاَنْدَر۔ گیہوں کا کھلیان۔ کھلیان۔ ج اَنَادِر۔
الْاَنْدَرِيُّ۔ موٹی سی۔
نَدَسَهٗ (ن) نَدْسًا بِالرُّمْحِ :نیزہ مارنا۔
—— هٗ بِكَلِمَةٍ : کسی کے متعلق کوئی کلمہ کہہ دینا۔ نَدَسَ بِهِ الْاَرْضَ :زمین پر پٹک دینا —— هٗ عَنِ الطَّرِيْقِ : راستہ سے ہٹانا —— عَلَيْهِ الظَّنَّ : بدگمانی کرنا —— الْاَرْضَ بِرِجْلِهٖ : زمین پر پاؤں پٹکنا۔
نَدِسَ (س) نَدَسًا الْغُلَامُ : سمجھدار و زیرک ہونا۔ صفت نَدُسٌ و نَدِسٌ و نَدْسٌ۔
نَادَسَهٗ۔ ایک دوسرے کو نیزہ مارنا۔
تَنَدَّسَ۔ گر پڑنا۔ پچھڑنا۔ کہا جاتا ہے "نَدَسَ بِهِ الْاَرْضَ فَتَنَدَّسَ" اس نے اس کو زمین پر پٹک دیا اور وہ گر گیا —— مَاءُ الْبِئْرِ :کنوئیں کے پانی کا بہنا —— الرَّجُلُ الْاَخْبَارَ و عَنِ الْاَخْبَارِ : خبروں کی جستجو کرنا تاکہ دوسروں سے مخفی خبر معلوم ہو جائے۔
تَنَادَسَ الْقَوْمُ :ایک دوسرے کو برا بھلا کہنا۔
النَّدْس۔ مص۔ پست آواز کو تیز سننے والا۔ سمجھ دار۔
النَّدَس۔ سمجھ و زیرکی۔
رِمَاحٌ نَوَادِس۔ لگنے والے نیزے۔ زخم کرنے والے نیزے۔
المِنْدَاس مِنَ النِّسَاءِ : ہلکی پھلکی سمجھ دار عورت۔
المَنْدُوْسَة۔ گبریلا۔
نَدَشَ (ض) نَدْشًا و نَدَشًا عَنِ الشَّيْءِ :کھود کرید کرنا —— الْقُطْنَ :روئی دھنتا۔
نَدَصَ (ن) نَدْصًا و نُدُوْصًا الشَّيْءُ مِنَ الشَّيْءِ : نکل جانا —— الرَّجُلُ : جلدی سے نکلنا —— عَلَى الْقَوْمِ : مکروہ چیز کے ساتھ ظاہر ہونا —— الْقَوْمَ : لوگوں کے ساتھ شرارت کرنا (—— نُدُوْصًا) عَيْنُهٗ : گلا گھونٹے ہوئے کی مانند آنکھیں باہر کو نکل پڑنا۔
نَدِصَتْ (س) نَدَصًا الْبَثْرَةُ : پھنسی کے دبانے کی وجہ سے خون نکلنا۔

اَنْدَصَ واِسْتَنْدَصَ حَقَّهٗ مِنْ فُلَانٍ : حق وصول کرنا۔حاصل کرنا۔

المِنْدَاص۔ قوم کے ساتھ ہمیشہ بدی و شرارت کرنے والا۔ج مَنَادِیْص۔

اِمْرَأَةٌ مِنْدَاصٌ و نُدَصَةٌ۔ بیوقوف بدزبان عورت۔خفیف العقل عورت۔

نَدَغَهٗ (ف) نَدْغًا انگلی چبھونا ——— ہٗ بِالرُّمْحِ اوِ الکَلَامِ : نیزہ مارنا۔ بُرا کہنا ——— الرَّجُلُ : غمگین کرنا۔ نَدَغَتْهُ الْعَقْرَبُ : بچھو کا ڈسنا۔

نُدِغَ الصَّبِیُّ : گدگدایا جانا۔

نَدَّغَ الْعَجِیْنَ : گوندھے ہوئے آٹے پر خشک آٹا ڈالنا۔

نَادَغَهٗ۔باہم عشق بازی کرنا۔

اَنْدَغَ بِهٖ : بُرا سلوک کرنا۔

اِنْتَدَغَ۔ آہستہ ہنسنا۔

النَدْغ والنِدْغ۔ جنگلی صعتر۔النَدْغ شہد۔

النُدْغَة والمِنْدَغَة۔ ناخن کی جڑ کی سفیدی۔

المِنْدَغ۔ نیزہ باز۔ کلام سے تکلیف پہنچانے والا۔

نَدَفَ(ض)نَدْفًا الْقُطْنَ : روئی دھنتا۔ ——— بِالْعُوْدِ او المِزْهَرِ : بربط یا سارنگی بجانا ——— الطَّعَامَ : کھانا ——— الدَّابَّةَ : چوپایہ کو تیز ہانکنا۔ نَدَفَتِ السَّمَاءُ بِالثَّلْجِ : آسمان کا برف برسانا۔

نَدَفَتْ (ض) نَدْفًا و نَدِیْفًا و نَدَفَانًا الدَّابَّةُ : رفتار میں تیزی سے دونوں اگلی ٹانگوں کو پھرانا۔

اَنْدَفَ۔ بربط کی آواز کی طرف مائل ہونا۔ الدابَّةَ : چوپایہ کو تیز ہانکنا ——— الْکَلْبَ : کتے کو ہلانا۔

نَدَّفَ تَنْدِیْفًا الْقُطْنَ : روئی دھنتا۔

النُدْفَه۔ تھوڑا سا دودھ۔

النَدَّاف۔ دھنیا۔ بربط نواز۔ بہت کھانے والا۔

النِدَافَة۔ روئی دھننے کا پیشہ۔

النَدِیْف مِنَ الْقُطْنِ : دھنی ہوئی روئی۔

المِنْدَف والمِنْدَفَة۔ روئی دھننے کی کمان۔

نَدَل (ن) نَدْلًا الشَّیْئَ : جلدی سے اچک لینا۔ خطل کرنا ——— الدَّلْوَ مِنَ الْبِئْرِ : کنوئیں سے ڈول کھینچنا ——— بِسَلْحِهٖ : پائخانہ کرنا۔

نَدِلَتْ(س) نَدَلًا یَدُهٗ : ہاتھ کا میلا کچیلا ہونا۔

تَنَدَّلَ و تَمَنْدَلَ۔ بالمِنْدِیْلِ : رومال سے پونچھنا۔ سر پر رومال لپیٹنا۔

اِنْتَدَلَ المَالَ : برداشت کرنا۔

النَدَل۔مص۔میل کچیل۔

النُدُل۔ کھانا کھلانے والے خدام۔

المَنْدَل۔ چرمی موزہ۔ عود۔ ج مَنَادِل۔

المِنْدَل والمِنْدِیْل والمَنْدِیْل رومال۔ ج مَنَادِل و مَنَادِیْل۔ المِنْدَلِ : اُچک لینے والا۔ وہ شخص جو دونوں ہاتھوں سے چلو لے۔

النَوْدَل۔ بہتان۔

نَدِمَ(س) نَدَمًا و نَدَامَةً و تَنَدَّمَ عَلٰی مَا فَعَلَ : پشیمان کرنا۔

اَنْدَمَهٗ۔ پشیمان کرنا۔

نَادَمَهٗ نِدَامًا و مُنَادَمَةً عَلَی الشَّرَابِ ہم نشین ہونا۔

تَنَادَمَ القَوْمُ عَلَی الشَرَابِ : ہم نشینی کرنا۔

اِنْتَدَمَ الْاَمْرُ : آسان ہونا۔ کہا جاتا ہے "خُذْ مَا اِنْتَدَمَ" لو جو آسان ہو۔

النَادِم۔ پشیمان۔ شرمندہ۔ ج نَادِمُوْن و نُدَّام۔

النَدْمَان۔ پشیمان و شرمندہ۔ ج نَدَامٰی و نَدْمَان (مثل مفرد) مؤنث نَدْمَانَةٌ و نَدْمٰی۔ النَدْمَان : مجلس شراب کا ہم نشین۔

النَدْم۔ تیز طبیعت۔ زیرک۔

النَدَم۔مص۔نشان۔

النَدِیْم والنَدِیْمَة۔ مجلس شراب کا ساتھی۔ رفیق و ساتھی۔ ج نِدَامٌ و نُدَمَاء و نَدْمَان۔

المَنْدَم۔ پشیمانی۔

المَنْدَمَة۔ باعث پشیمانی۔

نَدَه (ف) نَدْهًا الرَّجُلُ : آواز دینا ——— الرَّجُلُ : ڈانٹنا۔ چلا کر دھتکارنا ——— الإِبِلَ : اکٹھا ہانکنا۔

اِنْتَدَهَ و اِسْتَنْدَهَ الْاَمْرُ : درست ہونا۔

النَدْهَة والنُدْهَة۔ بہت مویشی۔ النَدْهَة : آواز۔

النَوَادِه۔ دھمکیاں۔

نَدَا یَنْدُو نَدْوًا۔ القَوْمُ : جمع ہونا اور مجلس میں حاضر ہونا ——— القَوْمَ : مجلس میں جمع کرنا۔ کہا جاتا ہے "مَا یَنْدُوْهُم النَادِی" مجلس میں ان کیلئے گنجائش نہیں ——— الرَّجُلُ : بخشش کرنا۔ جدا ہونا ——— الشَّیْئُ : متفرق ہونا۔

نَدِیَ یَنْدَیٰ نَدًی و نَدَاوَةً و نُدُوَّةً الشَّیْئُ : تر ہونا ——— الْاَرْضُ : تری پہنچنا ——— الصَّوْتُ دور کی ہونا۔ اور کہا جاتا ہے "مَا نَدِیْتُ بِشَیْئٍ مِنْ فُلَانٍ" میں نے فلاں سے کچھ حاصل نہیں کیا۔ و "رَمَیْتُ بَصَرِی فَلَمْ یَنْدَلِیْ شَیْئٌ" میں نے نگاہ ڈالی میرے لیے کوئی چیز متحرک نہیں ہوئی "وَمَا نَدِیَنِیْ مِنْ فُلَانٍ شَیْئٌ اَکْرَهُهٗ" فلاں سے مجھ کو ایسی چیز نہیں پہنچی جس کو میں ناپسند کرتا ہوں و "لَمْ یَنْدَ مِنْهُمْ نَادٍ" یعنی ان میں سے کوئی باقی نہیں رہا۔

نَدَّی تَنْدِیَةً الشَّیْئَ : تر کرنا ——— الفَرَسَ : گھوڑے کو ہلانا۔ پسینہ آنے تک دوڑانا۔

نَادَی مُنَادَاةً و نِدَاءً الرَّجُلَ و بِالرَّجُلِ پکارنا ——— فُلَانًا : مجلس میں ہم نشین ہونا۔ مفاخرت کرنا۔ نَادَیٰ بِسِرِّهٖ : بھید ظاہر کرنا ——— الشَّیْئَ : دیکھنا اور جاننا ——— فُلَانًا : مشورہ کرنا ——— النَبْتُ : نباتات کا ظاہر ہونا اور گنجان ہونا۔ کہا جاتا ہے "نَادَی الطَّرِیْقُ لِفُلَانٍ و نَادَاهُ" یعنی فلاں کیلئے راستہ ظاہر ہو گیا۔

اَنْدٰی اِنْدَاءً الرَّجُلُ : بہت داد و دہش والا ہونا۔ سخی ہونا۔ صاحب فضل ہونا ——— الشَّیْئَ : تر کرنا ——— الکَلَامُ : بد انجامی کے خوف سے کہنے والے یا سننے والے کو پسینہ لانا۔

تَنَدَّی الرَّجُلُ : سخی ہونا۔ مہربان ہونا۔ سیراب ہونا۔ کہا جاتا ہے "شَرِبَ حَتّٰی تَنَدَّی" اس نے پیا یہاں تک کہ سیراب ہو گیا ——— الْمَکَانُ : گیلا ہونا۔

تَنَادَی القَوْمُ : ایک دوسرے کو پکارنا (——— واِنْتَدَی) القَوْمُ : مجلس میں جمع ہونا۔ واِنْتَدَی الرَّجُلُ : مجلس میں حاضر ہونا۔ کہا جاتا ہے "مَا اِنْتَدَیْتُ مِنْهُ شَیْئًا" میں نے اس سے کوئی خیر حاصل نہیں کی۔

النَدَیٰ۔مص۔ بارش۔ سبز گھاس۔ شبنم۔ تری۔ بخور کے مانند ایک چیز جس سے خوشبودار کرتے ہیں۔ انتہا۔ بخشش۔ فضل و خیر۔ چربی۔ ج اَنْدَاء

وَأَنْدِيَةٌ۔
اَلنِّدَاءُ و النُّدَاءُ۔پکار۔آواز۔
النَّدْوَة۔ اسم مرة۔ جماعت۔ مجلس۔
دَارُالنَّدْوَة : مجلس مشورہ۔ النَّدْوَة : بخشش۔ مشورہ۔
النُّدْوَة۔اونٹوں کے پانی پینے کی جگہ۔
النَّدِيُّ و النَّدِيِّ۔ گیلا۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ نَدِيُّ الْكَفِّ و نَدِيُّ الْكَفِّ" فلاں فیاض و سخی ہے مؤنث نَدِيَةٌ و نَدِيَّةٌ۔النَّدِي : مجلس۔اور کہا جاتا ہے "هُوَنَدِيُّ الصَّوْتِ" وہ بلند آواز ہے۔
النَّدْيَان۔گیلا۔
النَّادِي۔فا۔ مجلس جب تک کہ لوگ اس میں موجود رہیں۔ج أَنْدِيَة و نَوَادٍ و ج أَنْدِيَات۔
النَّادِيَة۔النَّادِي کا مؤنث ج نَادِيَات و نَوَادٍ
نَادِيَاتُ الشَّيْءِ : چیز کے اوائل۔ و نَوَادِي الدَّهْرِ حوادث زمانہ۔ النَّوَادِي : گوشے۔ متفرق اونٹنیاں نَخْلٌ نَادِيَةٌ : پانی سے دور کھجور کے درخت۔
الأَنْدَى۔ اسم تفضیل۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ أَنْدَى مِنْ فُلَانٍ" فلاں فلاں سے زیادہ فیاض ہے "وَهُوَ أَنْدَى صَوْتًا مِنْهُ" وہ اس سے زیادہ بلند آواز ہے۔
التَّنَادِي مص يَوْمُ التَّنَادِ :یوم قیامت۔
التَّنْدِيَة۔مص تَنْدِيَةُ الْخَيْلِ :گھوڑوں کو چھریرا بنانا اور دوڑانا یہاں تک کہ پسینہ آجائے اور ڈھیلاپن جاتا رہے۔
المُنَدَّى۔ گھوڑوں کو چھریرا بنانے اور دوڑانے کی جگہ۔
المُنْدِيَة۔ ایسا کلمہ جو حیا کی وجہ سے پیشانی کو پسینہ آلود کردے۔ج مُنْدِيَات۔
المُنْتَدَى۔ مجلس۔
نَذَّ (ن) نَذِيذًا۔ رینٹ یا کھنکھار نکلنا۔ پیشاب کرنا۔
النَّذِيذ۔مص۔ رینٹ۔ کھنکھار۔ تھوک۔
نَذَخَ (ف) نَذْخًا و أَنْذَخَ الْبَعِيرُ :اونٹ کا تیز دوڑنا۔
النَّوْذَخ۔ بزدل۔
نَذَرَ (ن ض) نَذْرًا و نُذُورًا۔ نذر ماننا۔ غیر واجب کو اپنے اوپر واجب کرنا جیسے کہا جاتا ہے "نَذَرَ مَالَهُ" و "نَذَرَ عَلَى نَفْسِهِ لِلّٰهِ مِنَ الْمَالِ كَذَا۔" و نَذَرَ الْجَيْشُ فُلَانًا : فوج کا کسی کو دیدبان بنانا۔ الْأَبُ الْوَلَدَ: خادم کلیسا بنانا۔
نَذِرَ (س) نَذَرًا بِهِ :جاننا اور چوکنا ہونا اور تیاری کرنا۔ کہا جاتا ہے "نَذِرُوا بِالْعَدُوِّ" وہ دشمن سے واقف ہو کر چوکنا ہوگئے۔
أَنْذَرَهُ بِالْأَمْرِ إِنْذَارًا و نَذِيرًا و نُذْرًا و نُذُرًا و نُذُرًا۔ جتلانا اور انجام سے ڈرانا۔ (چار آخر کے مصدر غیر قیاسی ہیں۔)
تَنَاذَرَ الْقَوْمُ :ایک دوسرے کو ڈرانا۔ تَنَاذَرُوا الْعَدُوَّ :دشمن سے ایک دوسرے کو خوف دلانا۔
اِنْتَذَرَ عَلَى نَفْسِهِ كَذَا :واجب کرنا۔
النَّذْر۔ مص ۔ تاوانِ زخم۔ کہا جاتا ہے "قَضَى بِالنَّذْرِ" اس نے تاوان زخم ادا کیا۔ ہر وہ چیز جو اللہ کے لیے مانی جائے۔ج نُذُور۔
النُّذْرَى و النُّذْر و النِّذَارَة۔ڈرانا۔
النَّاذِر۔ فا۔ "فُلَانٌ نَاذِرٌ إِلَيَّ بِعَيْنِهِ و مُنْذِرٌ" فلاں میری طرف تیز نظر سے گھور رہا ہے۔
النَّذِير۔ مص ۔ اسم بمعنی انذار۔ ڈرانے والا قاصد۔ بڑھاپا۔ اس لیے کہ قرب موت سے ڈراتا ہے۔ج نُذُر۔
النَّذِيرَة۔ نذر میں جو دیا جائے۔ دیدبان۔ ڈرانا۔ ج نَذَائِر۔
المُنْذِر۔فا۔ ڈرانے والا۔ أَبُو الْمُنْذِرِ :مرغ کی کنیت۔ اِبْنُ الْمُنْذِرِ :حیرہ کے ایک بادشاہ کی کنیت جس کا نام نعمان تھا۔
المَنَاذِرَة۔شاہان حیرہ۔
المُتَنَاذِر۔فا۔ شیر۔
نَذَعَ (ف) نَذْعًا الْمَاءُ و الْعَرَقُ :پانی ٹپکنا۔ پسینہ نکلنا۔
النِّذْعَة۔پانی وغیرہ کا قطرہ۔
نَذُلَ (ک) نَذَالَةً و نُذُولَةً۔ خسیس و حقیر ہونا۔ دین یا حسب میں کمتر درجہ کا ہونا۔ صفت نَذْلٌ ج أَنْذَال و نُذُول و نَذِيل۔ج نُذَلَاءُ و نِذَال۔
النَّرْجِس و النِّرْجِس۔ نرگس۔ واحد نَرْجِسَة (دخیل)
النَّارَجِيل و النَّارْجِيل۔ ناریل واحد نَارَجِيلَةٌ اور اسی سے ہے النَّارَجِيلَة بمعنی گڑگڑی حقہ۔ عوام أَرْكِيلَة کہتے ہیں۔
النَّرْد۔ کھجور کے پتوں کا بنا ہوا تھیلا جس کا نچلا حصہ چوڑا ہوتا ہے۔ ایک قسم کا کھیل جس کو اردشیر بن بابک شاہ ایران نے ایجاد کیا تھا۔
النَّرْدِين و النَّارْدِين۔ ایک خوشبودار پودہ۔ سنبل رومی۔
النَّرَنْج و النَّارَنْج۔لیموں۔
نَزَّ (ض) نَزًّا و نَزِيزًا و أَنَزَّ الْمَكَانُ : بہت چشموں والی جگہ ہونا۔ کثرت سے پانی رسنے والی جگہ ہونا۔ کثرت سے سوتا ہونا۔ نَزَّ الْوَتَرُ : تیر پھینکتے وقت تانت کا حرکت کرنا۔ نَزَّ فُلَانٌ عَنِّي : دور ہونا اور اکیلا ہونا (—— نَزِيزًا) الظَّبْيُ : ہرن کا دوڑنا۔ آواز نکالنا۔ أَنَزَّ الشَّيْءُ : سخت ہونا۔
نَزَّزَ فُلَانًا عَنْ كَذَا :پاک کرنا۔ دور کرنا۔
نَزَّزَتِ الظَّبْيَةُ وَلَدَهَا :پرورش کرنا۔
نَازَّهُ مُنَازَّةً۔ خطاب میں باہم مقابلہ کرنا۔
النِّزُّ و النَّزُّ۔ زمین سے رس کر بہنے والا پانی۔ سوتا۔ج نُزُوز۔ النَّزُّ و النِّزُّ :خوش طبع۔ تیز فہم۔ جو ایک جگہ قرار سے نہ رہے۔ اور کہا جاتا ہے مَكَانٌ نَزٌّ رس کر پانی بہنے کی جگہ و "رَجُلٌ نِزُّ شَرٍّ" برائی کے ساتھ لازم رہنے والا مرد۔
النَّزَّة۔اسم مرة۔ زبردست خواہش۔
أَرْضٌ نَزَّةٌ رس کر پانی بہنے کی زمین۔ نَاقَةٌ نَزَّةٌ سبک اونٹنی۔
النِّزَاز۔ جھگڑا کرنا۔ مقابلہ کے طور پر کسی چیز کی رغبت کرنا۔ باہم چمٹنا۔ اور کہا جاتا ہے "هُوَ نِزَازُ شَرٍّ" وہ برائی کے ساتھ لازم رہنے والا ہے۔
النَّزَّاز۔اسم مبالغہ۔
النَّزِيز۔مص۔ ہلکا پھلکا۔ کثیر الحرکت خوش طبع۔ خواہش مند۔ کہا جاتا ہے "هُوَ نَزِيزُ شَرٍّ" وہ برائی کے ساتھ لازم رہنے والا ہے۔
المِنَزّ۔ بہت حرکت کرنے والا۔ گہوارہ۔ کہا جاتا ہے "الصَّبِيُّ فِي الْمِنَزِّ" بچہ گہوارے میں ہے۔
نَزَأَ (ف) نَزْءًا و نُزُوءًا بَيْنَ الْقَوْمِ :برانگیختہ کرنا اور فساد ڈالنا (—— نَزْءًا) عَلَى فُلَانٍ :حملہ کرنا —— فُلَانًا عَلَيْهِ :اکسانا۔ برانگیختہ کرنا —— عَنْ كَذَا :روکرنا۔ ہٹادینا۔

نُزِيَ بِكَذَا : شیفتہ ہونا۔ صفت مفعولی مَنْزُوْءٌ بِهٖ۔

رَجُلٌ نَزَّاءٌ۔ بہت شیفتہ و فریفتہ۔

النَزِئُ۔ چھوٹی مشک۔

نَزَبَ (ض) نَزْبًا و نُزَابًا و نَزِيْبًا۔ الظَّبْيُ : ہرن کا آواز نکالنا۔

تَنَازَبُوْا بِالْاَلْقَابِ : ایک دوسرے کو برا لقب دینا۔

النَزْب۔ لقب۔ ج اَنْزَاب۔

النَيْزَب۔ نر ہرن۔ بیل۔

نَزَجَ (ن) نَزْجًا الْغُلَامُ : لڑکے کا ناچنا۔

نَزَحَ (ف) نَزْحًا و نُزُوْحًا۔ دور ہونا۔

نَزَحَتِ الْبِئْرُ : کنوئیں میں بہت کم پانی ہونا یا ختم ہونا۔ صفت نَازِح و نَزُوْحٌ و نُزُحٌ۔ کہا جاتا ہے "مَاءٌ لَا يَنْزَح" پانی جو ختم نہ ہو (—— و اَنْزَحَ) الْبِئْرَ : پانی نکالنا یہاں تک کہ بہت کم ہو جائے یا ختم ہو جائے۔

—— القَوْمُ : کم پانی کے کنوئیں والے ہونا۔

نُزِحَ بِفُلَانٍ : اپنے وطن سے بہت دور چلا جانا۔

اِنْتَزَحَ عَنْ دِيَارِهٖ : اپنے وطن سے دور ہونا۔

تَنَازَحَ۔ دور ہونا۔

النَزْح۔ گدلا پانی۔ کنواں جس کا زیادہ یا تمام پانی نکال دیا گیا ہو۔ ج اَنْزَاح۔

النَازِح و النَزِيْح و النَزُوْح۔ دور۔

المُنْتَزَح۔ دوری۔ کہا جاتا ہے "هُوَ بِمُنْتَزَحٍ مِنْ كَذَا" وہ اس سے دوری پر ہے۔

قَوْمٌ مَنَازِيْح۔ اپنے وطن سے دور لوگ۔

المِنْزَحَة۔ ڈول یا اس کے مانند کوئی چیز جس سے پانی نکالیں۔ ج مَنَازِح۔

نَزَرَهٗ (ن) نَزْرًا۔ سوال کرنے میں اصرار کرنا۔ جلدی کرنا۔ نَزَرَ الشَّيْءَ : کم سمجھنا —— فُلَانًا : حکم دینا۔ حقیر سمجھنا۔ کسی کے پاس جو کچھ ہو اس کو تھوڑا تھوڑا کر کے وصول کرنا —— الشَّرَابُ فُلَانًا : مست کر دینا۔

نَزُرَ (ک) نَزْرًا و نُزْرَةً و نَزَارًا و نَزَارَةً و نُزُوْرَةً۔ کم ہونا (—— نَزَارَةً) الرَّجُلُ : بے برکت ہونا —— النَّاقَةُ : کم دودھ والی ہونا۔

نَزَّرَ و اَنْزَرَ۔ العَطَاءَ : کم دینا۔

تَنَزَّرَ الشَّيْءُ : کم ہونا۔ تَنَزَّرَ مِنَ الشَّيْءِ : کم لینا۔

النَزْر و النَزِيْر۔ بہت کم۔ نَزِيْر کی جمع نُزُر۔ رَجُلٌ نَزْرٌ : بے برکت مرد۔ النَزْر : اونٹنی کے تھن کا ورم۔ اور کہا جاتا ہے "مَا جِئْتَ اِلَّا نَزْرًا" تم بہت تاخیر سے آئے۔

النَزِرَة و النَزُوْر۔ مِنَ النِّسَاءِ : کم بچہ یا کم دودھ والی عورت۔ النَزُوْر : کم بولنے والا۔ ہر تھوڑی چیز۔ ج نُزُر۔

المَنْزُوْر۔ بہت کم۔ اور کہا جاتا ہے "اَعْطَاهُ عَطَاءً مَنْزُوْرًا" اس نے اس کو ایسا عطیہ دیا جس میں بہت اصرار کرنا پڑا "وَ عَطَاءٌ غَيْرُ مَنْزُوْرٍ" اور ایسا عطیہ جس میں اصرار کرنا نہ پڑے۔

نَزَعَ (ض) نَزْعًا الشَّيْءَ مِنْ مَكَانِهٖ : اکھیڑنا —— الْاَمِيْرُ الْعَامِلَ : معزول کرنا —— بِالسَّهْمِ : تیر پھینکنا —— فِي الْقَوْسِ : کمان کھینچنا —— عَنِ الْقَوْسِ : کمان سے پھینکنا —— الدَّلْوَ و بِالدَّلْوِ : کھینچنا۔ ڈول نکالنا —— يَدَهٗ : گریبان سے نکالنا —— الشَّمْسُ : آفتاب کا مغرب کی طرف جانا —— الْمَرِيْضُ : بیمار کا قریب الموت ہونا۔

نَزَعَ (ض) نُزُوْعًا عَنْ كَذَا : رکنا۔ باز رہنا —— الوَلَدُ اَبَاهُ و اِلٰى اَبِيْهِ : مشابہ ہونا۔

نَزَعَ (ف) نَزْعًا مَعْنًى جَيِّدًا : عمدہ معنی نکالنا۔

نَزَعَ (ف) نِزَاعًا و نُزُوْعًا اِلٰى اَهْلِهٖ : مشتاق ہونا (—— نِزَاعًا) اِلَى الشَّيْءِ : جانا۔ کہا جاتا ہے "لَهٗ نَزْعَةٌ اِلٰى كَذَا" اس کو فلاں چیز کی طرف میلان ہے۔

—— بِفُلَانٍ اِلٰى كَذَا : بلانا : دعوت دینا۔

نَزِعَ (س) نَزَعًا۔ کنپٹیوں پر سے گنجا ہونا۔ صفت اَنْزَع۔ مؤنث نَزْعَاءُ (مگر یہ مستعمل نہیں بلکہ اَنْزَع کی مؤنث زَعْرَاءُ ہے)

نَازَعَ نِزَاعًا الْمَرِيْضُ : بیمار کا قریب الموت ہونا۔ نَازَعَهٗ نِزَاعًا و مُنَازَعَةً جھگڑا کرنا۔ نَازَعَهُ الثَّوْبَ : کپڑے سے کھینچنا۔ اور اسی سے ہے "اَرْضِيْ تَنَازِعُ اَرْضَكُمْ" یعنی میری زمین تمہاری زمین سے متصل ہے۔ نَازَعَ اِلٰى اَهْلِهٖ : مشتاق ہونا —— فُلَانًا : مصافحہ کرنا —— الْكَاسَ : پیالہ دینا۔

نَزَّعَ الشَّيْءَ مِنْ مَكَانِهٖ : اکھیڑنا۔

اَنْزَعَ الرَّجُلُ : کنپٹیوں پر سے گنجا ہونا۔

تَنَزَّعَ اِلَيْهِ : دوڑ کر جانا۔

تَنَازَعَ الْقَوْمُ : اختلاف کرنا۔ تَنَازَعُوْا الشَّيْءَ : باہم کھینچنا —— الْكَاسَ : پیالہ دینا —— فِي الشَّيْءِ : جھگڑا کرنا۔

اِنْتَزَعَ الشَّيْءُ : اکھڑنا —— الشَّيْءَ : اکھیڑنا۔ رکنا۔ باز رہنا۔ اِنْتَزَعَ بِالشِّعْرِ او الْآيَةِ : شعر یا آیت کو بطور شاہد و مثال کے پیش کرنا اور کوئی شخص عمدہ معنی پیش کرے تو کہا جاتا ہے "لَقَدِ انْتَزَعَ مَعْنًى جَيِّدًا۔"

اِسْتَنْزَعَهٗ عَنِ الشَّيْءِ : رک جانے کو کہنا۔ کہا جاتا ہے "رَآهُ مُكِبًّا عَلَى الشَّرِّ فَاسْتَنْزَعَهٗ" اس نے اس کو برائی میں منہمک دیکھا تو اس سے باز رہنے کو کہا۔

النَزْع و النِزَاعُ و المُنَازَعَة و نَزْعُ الحيوةِ : قرب موت کی حالت۔

النِزَاع النَزَاعَة و المُنَازَعَة۔ جھگڑا خصومت۔

النَزَعَة۔ نَازِع کی جمع۔ تیر پھینکنے والے اور عرب کے امثال میں سے ہے "عَادَ السَّهْمُ اِلَى النَزَعَةِ" یعنی حق، حق دار کو مل گیا۔ النَزَعَة : کنپٹیوں پر بال جھڑ جانے کی جگہ۔ ج نَزَعَات۔

النَزَعَة : پہاڑی راستہ۔

النَازِع۔ فا۔ مسافر۔ ج نَزَعَةٌ و نُزَّاعٌ و نُزَّعٌ مؤنث نَازِعَةٌ۔ ج نَوَازِع و نَازِعَات۔ کہا جاتا ہے "شَاةٌ نَازِع" یعنی وہ بکری جو بکرے کی طالب ہو۔

النَزِيْع۔ مسافر۔ دور۔ کہا جاتا ہے "مَكَانٌ نَزِيْعٌ" دور کی جگہ۔ کم گہرا کنواں۔ وطن کا مشتاق۔ لونڈی بچہ۔ شریف۔ اور ایسا ہی "فَرَسٌ نَزِيْع" اصیل گھوڑا۔ ج نُزَّاعٌ۔ نُزَّاعُ الْقَبَائِل : اجنبی لوگ جو دوسرے قبائل کے پڑوس میں رہیں۔

النَزِيْعُ : اکھیڑا ہوا۔ تَمْرٌ نَزِيْعٌ : توڑا ہوا پھل۔ مؤنث نَزِيْعَةٌ ج نَزَائِع۔

النَزِيْعَة مِنَ النِّسَاءِ : وہ عورت جس کی شادی دوسری قوم میں کی گئی ہو۔ وہ عورت جو اپنے

وطن کی مشتاق ہو ـــ مِنَ النَّجَائِبِ: وہ اصیل اونٹنیاں جو دوسرے ملک میں لے جائی گئی ہوں ج نَزَائِع۔ النَّزَائِعُ: چوپائی ہوا ـــ مِنَ الْإِبِلِ وَالْخَيْلِ: مسافروں سے چھینے ہوئے اونٹ یا گھوڑے۔

النَّزُوْعُ۔ وطن کا مشتاق۔ بِئْرٌ نَزُوْعٌ: کم گہرا کنواں۔ فَلَاةٌ نَزُوْعٌ: دور کا بیابان۔ ج نُزُعٌ و نِزَاعٌ۔

النُّزَاعَةُ۔ ہاتھ سے اکھیڑ کر پھینکی ہوئی چیز۔

الْأَنْزَعُ۔ کنپٹیوں سے گنجا۔ مؤنث نَزْعَاءُ۔

الْمَنْزَعُ۔ کھینچنے کی جگہ۔ ج مَنَازِعُ۔

الْمِنْزَعُ۔ سخت کھینچنے والا۔ دور پھینکا ہوا تیر۔

الْمِنْزَعَةُ۔ جھگڑا۔ شہد اٹھانے کی چوڑی لکڑی۔

الْمَنْزَعَةُ والْمِنْزَعَةُ۔ ہمت۔ کہا جاتا ہے فُلَانٌ بَعِيْدُ الْمَنْزَعَةِ فلاں بڑی ہمت والا ہے۔ انجام کار و تدبیر کہ جس کی طرف آدمی رجوع کرے اور کہا جاتا ہے "شَرَابٌ طَيِّبُ الْمَنْزَعَةِ" لذیذ شراب۔

نَزَغَهُ (ف) نَزْغًا۔ انگلی چبھونا یا نیزہ مارنا۔ تھوڑی سی حرکت دینا۔ عیب لگانا۔ غیبت کرنا ـــ بِكَلِمَةٍ: طعن و تشنیع کرنا۔

نَزَغَ (ف ض) نَزْغًا بَيْنَ الْقَوْمِ: فساد ڈالنا اور کہا جاتا ہے "نَزَغَ الشَّيْطَانُ بَيْنَهُمْ" شیطان نے بعض پر بعض کو ورغلا دیا و "نَزَغَهُ الشَّيْطَانُ إِلَى الْمَعَاصِيْ" شیطان نے اس کو گناہوں پر اکسایا۔

النَّزْغُ۔ مص ـــ اکسانے والا کلام۔ نَزْغُ الشَّيْطَانِ شیطانی وسوسے۔ وہ چیزیں جن سے انسان گناہوں میں آلودہ ہو جائے۔

النَّزْغَةُ۔ نَزَغَ کا اسم مرۃ۔ طعن و تشنیع۔ ج نَزَغَاتٌ۔

النَّزَّاغُ والْمِنْزَغُ والْمِنْزَغَةُ قوم کے درمیان فساد ڈالنے والا۔

النَّازِغَةُ۔ نَازِغ کا مؤنث۔ ج نَوَازِغُ

النَّوَازِغُ۔ فساد ڈالنے والیاں۔

النَّزِيْغَةُ۔ برا کلمہ۔

نَزَفَ (ض) نَزْفًا۔ مَاءَ الْبِئْرِ: کنوئیں سے سارا پانی نکال ڈالنا ـــ الْبِئْرُ: کنوئیں کا پانی نکالا جانا ـــ دَمَ فُلَانٍ: پچھنا یا فصد سے خون نکالنا ـــ عَبْرَتَهُ: آنسو ختم کرنا ـــ الدَّمُ فُلَانًا: بہت خون نکل جانا۔

نُزِفَ مَاءُ الْبِئْرِ: کنوئیں سے سارا پانی نکالا جانا ـــ الرَّجُلُ: بے عقل ہونا یا بدمست ہونا ـــ فِي الْخُصُوْمَةِ: حجت و دلیل سے خاموش ہو جانا ـــ ونُزِفَ الرَّجُلُ دَمًا: نکسیر چل کے سارا خون نکل جانا۔

نَزِفَتْ (س) نَزْفًا عَبْرَتُهُ: آنسو خشک ہونا۔

أَنْزَفَ الْبِئْرَ: کنوئیں سے سارا پانی نکال لینا۔ الْعَبَرات: آنسو ختم کر دینا۔ أَنْزَفَتِ الْبِئْرُ: کنوئیں سے سارا پانی نکل جانا۔ أَنْزَفَ الرَّجُلُ: نادار ہونا۔ بدمست ہونا۔ بے عقل ہونا۔ جھگڑے میں حجت منقطع ہونا۔

اِسْتَنْزَفَ۔ الدَّمْعَ او الْمَاءَ: سب نکال لینا۔

النَّزْفُ۔ مص ـــ نَزْفُ الدَّمِ: خون کا بہنا۔

النُّزْفُ۔ کنوئیں کا پانی نکالنا۔ بہت خون نکل جانے سے کمزوری۔

النَّازِفُ۔ فا۔ عِرْقٌ نَازِفٌ: رگ جس سے خون جاری نہ ہو۔ ج نُزَّف۔

النُّزْفَةُ۔ تھوڑا سا پانی وغیرہ۔ ج نُزَف۔

النَّزُوْفُ۔ کنواں جس کا سارا پانی ہاتھ سے نکال لیا گیا ہو۔

نَزَافِ۔ اسم فعل بمعنے امر۔ کہا جاتا ہے "نَزَافِ مَاءَ الْبِئْرِ" یعنی کنوئیں کا سارا پانی نکال لو۔

النَّزِيْفُ والنَّزُوْفُ۔ کثرت سے خون نکل جانے کی وجہ سے کمزور۔ پیاس سے خشک زبان والا۔ النَّزِيْفُ: بدمست۔ بخار زدہ۔ بِئْرٌ نَزِيْفٌ: کم پانی والا کنواں۔ الْمَنْزُوْفُ: بے عقل۔

الْمِنْزَفَةُ۔ جس سے پانی نکالا جائے۔ ڈھینکلی۔

نَزِقَ (س) نَزَقًا و نُزُوْقًا الرَّجُلُ: غصہ کی وجہ سے خفیف العقل ہونا۔ طیش میں آنا۔ صفت نَزِقٌ۔ مؤنث نَزِقَةٌ (ـــ نَزَقًا) الْإِنَاءُ: برتن کا لبالب ہونا۔

نَزِقَ (س) و نَزَقَ (ض ن) نَزْقًا و نُزُوْقًا الْفَرَسُ: گھوڑے کا کودنا۔ اچھلنا۔

نَزَقَ (ض) نَزْقًا الْإِنَاءَ: برتن کو لبالب کرنا۔

نَزَّقَ و أَنْزَقَ الْفَرَسَ: گھوڑے کو کودانا۔ أَنْزَقَ الرَّجُلُ فِي الضَّحِكِ: بہت زیادہ ہنسنا۔ ـــ فُلَانٌ: عقل کے بعد خفیف العقل ہونا ـــ النَّعِيْمُ فُلَانًا: نیکی پر برانگیختہ کرنا۔

نَازَقَهُ نِزَاقًا و مُنَازَقَةً۔ قریب ہونا۔ گالی دینا۔

تَنَازَقَا۔ ایک دوسرے کو گالی دینا۔

النَّزَقُ۔ مص۔ سبکی۔ جہالت و حماقت کی وجہ سے جلد بازی۔ مَكَانٌ نَزَقٌ: قریب جگہ۔

النَّزْقَةُ۔ اسم مرۃ۔ دوڑ کی ابتدا میں اچھل کود۔

النَّيْزَقُ۔ نَيْزَك میں لغت ہے بمعنی چھوٹا نیزہ ج نَيَازِق۔

النِّزَاقُ والنَّزِقَةُ۔ مِنَ النُّوْقِ: سرکش اونٹنی۔

النِّزَاقُ: تیز رفتار اونٹنی۔

الْمُنَازِقُ۔ بہت باتیں کرنے والا۔

نَزَكَهُ (ن) نَزْكًا۔ نیزہ مارنا۔ عیب لگانا۔ برا کہنا۔ ناحق جھوٹ باندھنا۔

النَّزَّاكُ والنَّزِكُ۔ بہت عیب لگانے والا۔

النِّزِيْكَاتُ۔ شریر لوگ۔

النَّيْزَكُ۔ چھوٹا نیزہ۔ ج نَيَازِك۔ النَّيَازِكُ ٹوٹے ہوئے ستارے۔

نَزَلَ (ض) نُزُوْلًا مِنْ عُلْوٍ إِلَى أَسْفَلَ: اترنا ـــ بِهِ: اتارنا ـــ بِهِ الْأَمْرُ: واقع ہونا ـــ فُلَانٌ عَنِ الْحَقِّ: چھوڑ دینا (ـــ نِزَالَةً) مسافرت کرنا۔ کہا جاتا ہے "مَا زِلْتُ أَنْزِلُ" میں ہمیشہ سفر کرتا رہا (ـــ نُزُوْلًا و مَنْزَلًا و مَنْزِلًا) الْقَوْمَ و بِالْقَوْمِ و عَلَى الْقَوْمِ: قوم کے پاس اترنا۔

نَزِلَ (س) نَزْلَةً الرَّجُلُ: زکام میں مبتلا ہونا (ـــ نَزَلًا) الزَّرْعُ: کھیتی کا بڑھنا ـــ الْمَكَانُ: سختی کی وجہ سے تھوڑی بارش میں بھی بہنے والی جگہ ہونا۔

نَزَّلَهُ۔ اتارنا۔ نَزَّلَ الشَّيْءَ: مرتب کرنا ـــ الشَّيْءَ مَكَانَ الشَّيْءِ: قائم مقام کرنا ـــ اللّٰهُ كَلَامَهُ عَلَى أَنْبِيَائِهِ: تدریجاً وحی نازل کرنا ـــ الْقَوْمَ: منازل میں اتارنا ـــ الْحَاسِبُ الرَّقَمَ: رقم لکھنا۔

أَنْزَلَ إِنْزَالًا و مُنْزَلًا الشَّيْءَ: اتارنا۔ أَنْزَلَ الضَّيْفَ: مہمان اتارنا ـــ اللّٰهُ الْكَلَامَ: یکبارگی وحی نازل کرنا۔ اور کہا جاتا ہے "أَنْزَلَ

حَاجَتَهُ عَلٰى كَرِيْمٍ" اس نے اپنی حاجت کریم کے سامنے پیش کی۔ یعنی پوری کرنے کی درخواست کی۔

نَازَلَهُ نِزَالاً و مُنَازَلَةً فِي الْحَرْبِ :مقابلہ میں اترنا اور جنگ کرنا اور کہا جاتا ہے "حَارَبُوْا بِالنِّزَالِ" دونوں فریق نے اونٹوں سے اتر کر گھوڑوں پر سوار ہو کر جنگ کی۔

تَنَازَلَ الْقَوْمُ : اونٹوں سے اتر کر گھوڑوں پر سوار ہو کر جنگ کرنا۔ میدان جنگ میں اتر کر جنگ کرنا — الْقَوْمُ فِي السَّفَرِ : کبھی اس کے پاس کبھی اس کے پاس کھانا۔ اور مولدین کے استعمال میں تَنَازَلَ الرَّجُلُ کے معنی درجے سے اترنے کے ہیں۔

تَنَزَّلَ۔ آہستہ آہستہ اترنا — عَنِ الْحَقِّ : حق چھوڑ دینا۔ تَنَزَّلَ فُلاَنًا : اُتارنا۔

اِسْتَنْزَلَهُ۔ اُتارنا۔ اِسْتَنْزَلَهُ عَنْ رَايِهِ او حَقِّهِ : رائے سے یا حق سے نیچے اترنے کے لیے کہنا۔ اُسْتُنْزِلَ فُلاَنٌ : مرتبہ سے اتارا جانا۔

النُّزْل و النُّزُل۔ کھانا جو مہمان کے سامنے پیش کیا جائے۔ ج اَنْزَال۔ النُّزُل : بابرکت کھانا۔ المَنْزِلُ : اترنے والے لوگ۔

النُّزْل و النُّزُل و النَّزَال۔ کھیتی کی بالیدگی اور ستھرائی۔ داد و دہش و فضل۔ النَّزَل : بارش رَجُلٌ ذُوْنُزْلٍ : بہت داد و دہش والا۔ بابرکت ج اَنْزَال۔ اَنْزَالُ الْقَوْمِ : قوم کی روزیاں۔

النِّزْل۔ جمع شدہ۔ ج نُزُوْل۔

النَّزِل۔ جگہ جہاں بہت اتریں۔ سخت جگہ جہاں سیلاب جلدی آئے۔ کہا جاتا ہے مَكَانٌ نَزِلٌ

النَّزْلَة۔ نَزَلَ کا اسم مرة۔ اور کہا جاتا ہے "لَقَدْ رَآهُ نَزْلَةً اُخْرٰى" اس نے اس کو یقیناً دوسری مرتبہ دیکھا۔ زکام ' نزلہ۔ اَرْضٌ نَزِلَةٌ : عمدہ کھیتی والی زمین۔ اور کہا جاتا ہے "تَرَكْتُهُمْ عَلٰى نَزَلاَتِهِمْ و نَزِلاَتِهِمْ" میں نے ان کو درست حالت میں چھوڑا۔

النِّزَالَة۔ سخت زمین ہونے کی وجہ سے تھوڑی سی بارش میں بہہ پڑنا۔

النَّزَالَة۔ سفر۔ مہمانی۔ کہا جاتا ہے "كُنَّا فِيْ نِزَالَةِ فُلاَنٍ" ہم فلاں کی مہمانی میں تھے۔ و "فُلاَنٌ مِنْ نِزَالَةِ سُوْءٍ" فلاں لئیم باپ سے ہے۔

النَّازِلَة۔ النَّازِل کا مؤنث۔ سخت مصیبت ج نَازِلاَت و نَوَازِل۔

النَّزَّال۔ بہت اُترنے والا۔ بہت مقابلہ کرنے والا۔

النَّزِيْل۔ مہمان۔ بابرکت۔ کھانا۔ کہا جاتا ہے "ثَوْبٌ نَزِيْلٌ" کامل کپڑا و "فُلاَنٌ نَزِيْلِي" فلاں میرے ساتھ گھر میں اترنے والا ہے۔ ج نُزَلاَء۔

التَّنْزِيْل۔ مص۔ ترتیب۔ اوپر سے نیچے اترنا۔

المَنْزِل۔ اترنے کی جگہ۔ مکان۔ چشمہ۔ ج مَنَازِل۔

المَنْزِلَة۔ اترنے کی جگہ۔ گھر۔ مرتبہ۔ کہا جاتا ہے "لَهُ مَنْزِلَةٌ عِنْدَ الْاَمِيْرِ" اس کو امیر کے پاس مرتبہ حاصل ہے و "هُوَ رَفِيْعُ الْمَنْزِلَةِ" وہ بلند مرتبہ والا ہے۔

نَزْنَزَ الرَّجُلُ : سرہلانا — الْاُمُّ صَبِيَّهَا : ماں کا بچے کو دانا۔ نچانا۔

نَزَهَ (ن) نَزْهًا الْاِبِلَ : اونٹ کو پانی سے دور رکھنا۔

نَزِهَ (س) و نَزُهَ (ک) نَزَاهَةً و نزاهيةً برائی سے دور ہونا۔ پاک دامن ہونا — الْمَكَانُ : صحت افزا ہونا۔

نَزَّهَهُ۔ بری بات سے دور کرنا۔ "نَزَّهَ نَفْسَهُ عَنِ الْقَبِيْحِ" : اپنے آپ کو گناہ سے پاک رکھنا۔ نَزَّهَ اللّٰهَ عَنِ السُّوْءِ :اللہ تعالیٰ کی تقدیس بیان کرنا۔

تَنَزَّهَ عَنْ كَذَا : دور رہنا۔ محفوظ ہونا۔ کہا جاتا ہے "يَتَنَزَّهُ عَنِ الْمَطَامِعِ و عَنْ مَلاَئِمِ الْاَخْلاَقِ" وہ لالچ اور برے اخلاق سے برتر ہے۔ فُلاَنٌ : سیر کو نکلنا۔

اِسْتَنْزَهَ عَنْ كَذَا : دور ہونا — فُلاَنٌ : سیر و تفریح کو جانا۔

النَّزْه و النَّزِه و النَّزِيْه۔ پاک دامن۔ برائیوں سے دور۔ ج نُزَهَاء و اَنْزَاه و نِزَاه۔ مکان نَزْهٌ و نَزِهٌ و نَزِيْهٌ : لوگوں سے دور جگہ۔ صحت افزا مقام۔

النُّزْهَة۔ اسم ہے تَنَزَّهَ سے بمعنی سیر و تفریح ج نُزَهٌ۔ اور کہا جاتا ہے "هُوَ بِنُزْهَةٍ مِنَ الْمَاءِ او عَنِ الْمَاءِ" وہ پانی سے دور ہے۔

النَّزَهُ و النَّزَاهَة۔ برائی سے دور۔

النَّازِه۔ فا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ نَازِهُ النَّفْسِ" وہ پاک دامن ہے۔

المُتَنَزَّه۔ سیر و تفریح کی جگہ۔

نَزَا يَنْزُو نَزْوًا و نُزُوًّا و نَزَوَانًا۔ کودنا۔ عَلَيْهِ : کسی پر گرنا اور روندنا — الذَّكَرُ عَلَى الْاُنْثٰى : جفتی کرنا۔ اور اسم النِّزَاء و النُّزَاء اور اس کا استعمال چوپایوں کے لئے ہے۔ نَزَا بِهِ قَلْبُهُ اِلٰى كَذَا : شیفتہ و فریفتہ ہونا۔ نَزَتِ الْحُمُرُ : گدھوں کا اچھلنا کودنا۔ نَزَا الطَّعَامُ : غلہ کا گراں ہونا (— نَزَوَانًا) بچ کر نکل بھاگنا۔

نُزِيَ نَزْوًا الرَّجُلُ : سارا خون نکل جانا۔ کہا جاتا ہے "اَصَابَهُ جُرْحٌ فَنُزِيَ مِنْهُ فَمَاتَ" اس کو زخم لگا جس کی وجہ سے سارا خون نکل گیا اور وہ مر گیا۔

نَزَّاهُ تَنْزِيَةً و تَنْزِيًا و اَنْزَاهُ اِنْزَاءً۔ کودانا جفتی کرانا۔

تَنَزّٰى تَنَزِّيًا اِلَى الشَّرِّ : برائی کی طرف جلدی کرنا۔

اِنْتَزٰى اِنْتِزَاءً۔ برائی کی طرف جلدی کرنا۔ کہا جاتا ہے "اِنْتَزٰى عَلٰى اَرْضٍ كَذَا فَاَخَذَهَا" اس نے فلاں زمین کی طرف سبقت کی اور اسے لے لیا۔

النَّزْوَة۔ کودائی۔ ہر چھوٹی چیز۔

النَّازِيَه۔ النَّازِي کا مؤنث۔ تیزی و تیز روی۔ کم گہرا پیالہ۔ اَكَمَةٌ نَازِيَةٌ۔ اردگرد سے بلند ٹیلہ۔

النَّزِيُّ و النَّزَّاء و المُنْتَزِي۔ بہت اچھل کود والا۔

النَّزِيَّة۔ النَّزِيُّ کا مؤنث۔ بادل۔ کم گہرا پیالہ النَّزِيَّة : اچانک شوق۔ اچانک مصیبت۔ کلہاڑی کی دھار۔

النَّزَوَان۔ تیزی و جوش۔

نَسَّ (ض ن) نَسًّا و نَسِيْسًا النَّاقَةَ : ہانکنا اور ڈانٹنا۔ کہا جاتا ہے "كَانَ يَنُسُّ اَصْحَابَهُمْ" یعنی اپنے ساتھیوں کے پیچھے چل رہا تھا (— نَسًّا و تَنْسَاسًا) الْقَوْمُ : پانی پر پہنچنا۔

نَسِيْسًا و نُسُوْسًا) اَلْخُبْزُ او اللَّحْمُ۔ روٹی یا گوشت کا خشک ہونا — فُلاَنٌ : جلدی سے ہر کام پر گزرنے والا ہونا۔

نَسَّ (ض) نُسُوْسًا الْحَطَبُ: لکڑی سے جلنے میں دوسری جانب پانی نکلنا — لِفُلَانٍ: حقیقت حال سے واقف ہونا۔

نَسَّسَ الْمَاشِيَةَ: جانور کو چلانا — الصَّبِيَّ: بچے کو پیشاب یا پائخانہ کرانے کے لیے اِس اِس کہنا۔

اَنَسَّ الدَّابَّةَ: چوپایہ کو پیاسا کرنا۔

تَنَسَّسَ مِنْهُ الْاَخْبَارَ: سُن گن لینا۔ خبردار ہونے کی کوشش کرنا۔

النَّاسُّ۔ فا۔ خُبْزٌ نَاسٌّ: خشک روٹی۔

النَّسِيْسُ۔ مص۔ ہانکا ہوا۔ سخت بھوک۔ پوری کوشش۔ لکڑی کے جھاگ جو جلنے کی حالت میں دوسرے سرے پر نکلے۔ ج نُسُس (— و النَّسِيْسَةُ) طبیعت۔ النَّسِيْسُ: جسم میں بقیہ روح۔ کہا جاتا ہے "بَلَغَ مِنْهُ نَسِيْسَهٗ و نَسِيْسَتَهٗ" یعنی مرنے لگا النَّسِيْسَةُ: چغل خوری۔ تری جو جلتی لکڑی کے پچھلے سرے پر ظاہر ہو۔ ج نَسَائِس۔

النُّسْنُس۔ ردی جڑیں۔

التَّنْسَاس۔ مص۔ تیز چال۔

الْمِنَسَّة و الْمِنْسَاس۔ لاٹھی۔

نَسَأَ (ف) نَسْأً الدَّابَّةَ: چوپایہ کو ڈانٹنا اور ہانکنا۔ حوض سے ہٹانا — اللَّبَنَ بِالْمَاءِ: دودھ میں پانی ملانا — هٗ: لسی پلانا۔ نَسَأَتِ الْمَاشِيَةُ: موٹائی ظاہر ہونا (— نَسْأً و مَنْسَأَةً) الشَّيْءَ: مؤخر کرنا۔ کہا جاتا ہے "نَسَأَ اللّٰهُ اَجَلَه و فِيْ اَجَلِهٖ" مہلت دینا۔ عمر دراز کرنا — فُلَانًا: نگہبانی کرنا۔ حفاظت کرنا — هُ الْبَيْعَ و فِي الْبَيْعِ: بیچنا اور ادائیگی قیمت کی مہلت دینا (— نَسَاءً) عَنْ فُلَانٍ دَيْنَهٗ ادائیگی قرض کے لیے مہلت دینا۔

اَنْسَأَ اِنْسَاءً الشَّيْءَ: مؤخر کرنا۔ کہا جاتا ہے "اَنْسَأَ اللّٰهُ اَجَلَهٗ و فِيْ اَجَلِهٖ" عمر دراز کرنا — هُ الْبَيْعَ و فِي الْبَيْعِ: بیچنا اور ادائیگی قیمت کی مہلت دینا — عَنْهُ: پیچھے ہونا۔ دور رہنا۔

نَسَّأَ تَنْسِئَةً: ڈانٹ کر ہانکنا۔

اِنْتَسَأَ عَنْهُ: پیچھے ہونا۔ اِنْتَسَأَتِ الْاِبِلُ فِي الْمَرْعٰى: اونٹوں کا چراگاہ میں دور رہنا۔

اِسْتَنْسَأَ غَرِيْمَهٗ: قرض خواہ سے ادائیگی قرض کی مہلت مانگنا۔

النَّاسِئ۔ فا۔ موٹا (حیوان یا انسان) ج نَسَأَة۔

النَّسَاء۔ درازی عمر۔

النَّسْءُ۔ مص۔ لسی۔ بہت پانی والا دودھ۔ عقل زائل کرنے والی شراب۔ موٹاپا یا موٹاپے کی ابتدا۔

النِّسْءُ۔ گھل مل کر رہنے والا آدمی۔

النُّسْأَة و النَّسِيْئَة۔ تاخیر۔ کہا جاتا ہے بَاعَهٗ بِنَسِيْئَةٍ اس نے ادھار بیچا۔

النَّسِيْءُ۔ تاخیر۔ بہت پانی ملا ہوا دودھ۔

الْمِنْسَأَة و الْمَنْسَأَة و الْمِنْسَاة و الْمَنْسَاة چرواہے کا ڈنڈا۔ کہا جاتا ہے "اِنَّ لِيْ عَنْكَ لَمُنْتَسَأً" میرے لیے تمہاری طرف سے گنجائش ہے۔

نَسَبَ (ن ض) نَسَبًا و نِسْبَةً الرَّجُلَ: نسب بیان کرنا۔ دریافت کرنا۔ نَسَبَهٗ اِلٰى فُلَانٍ: نسبت کرنا (— نَسَبًا و نَسِيْبًا و نِسْبَةً) الشَّاعِرُ بِالْمَرْأَةِ: تشبیب کہنا۔ غزل میں عورتوں کے اوصاف بیان کرنا۔

نَاسَبَهٗ مُنَاسَبَةً۔ مشابہ ہونا۔ مناسب ہونا۔ نسب میں شریک ہونا۔

تَنَسَّبَ الرَّجُلُ اِلَيْكَ: ہم نسب ہونے کا دعوی کرنا۔ اور اسی سے مثل ہے "اَلْقَرِيْبُ مَنْ تَقَرَّبَ لَا مَنْ تَنَسَّبَ" قریب وہ ہے جو دوستی سے قربت کرے نہ وہ جو محض دعوی ہم نسبی کرے۔

تَنَاسَبًا۔ باہم مشابہ ہونا۔ تَنَاسَبَ الْقَوْمُ اِلٰى اَحْسَابِهِمْ: منسوب ہونا۔

اِنْتَسَبَ الرَّجُلُ: نسب ظاہر کرنا۔ نسب ذکر کرنا — اِلٰى اَبِيْهِ: منسوب ہونا۔

اِسْتَنْسَبَ۔ نسب بیان کرنا — الرَّجُلَ: نسب بیان کرنے کو کہنا۔

النَّسَب۔ مص۔ قرابت۔ رشتہ داری۔ ج اَنْسَاب۔

النِّسْبَة و النُّسْبَة۔ قرابت۔ دو چیزوں کے درمیان ربط و تعلق۔ اعداد کے درمیان نسبت مثلاً کہا جائے کہ چار کو آٹھ کے ساتھ وہی نسبت ہے جو پانچ کو دس کے ساتھ۔ اور کہا جاتا ہے "بِالنِّسْبَةِ اِلٰى كَذَا" یعنی فلاں چیز کے لحاظ سے۔

النَّسِيْب۔ مص۔ مناسب۔ رشتہ دار۔ صاحب نسب۔ لطیف شعر عورتوں کے متعلق اور مبالغہ کے لیے "نَسِيْبٌ نَاسِبٌ" کہا جاتا ہے جیسا "شِعْرٌ شَاعِرٌ" (اور فاعل اس موقعہ پر مفعول کے معنی میں ہے) ج اَنْسِبَاء و نُسَبَاء (جیسے شریف و شرفاء)

النَّسَابَة۔ رشتہ داری۔

النَّسَّاب۔ ج نَسَّابُوْنَ والنَّسَّابَة ج نَسَّابَات۔ نسب کا علم رکھنے والا۔

الْاَنْسَب۔ اسم تفضیل۔ اور کہا جاتا ہے "هٰذَا الشِّعْرُ اَنْسَبُ مِنْ ذَاكَ" یہ شعر اس سے زیادہ لطیف ہے۔

الْمُنَاسِب۔ فا۔ رشتہ دار۔ مشابہ۔

الْمَنْسُوْب۔ مفع۔ شعر منسوب: عشقیہ شعر خَطٌّ مَنْسُوْبٌ: مطابق قاعدہ۔ ج مَنَاسِيْب۔

نَيْسَبَ بَيْنَهُمَا: چغل خوری کیلئے دوڑ دھوپ کرنا۔

النَّيْسَب۔ چیونٹیوں کی قطار۔ چیونٹیوں کا یا سانپ کا راستہ (— و النَّيْسَبَان) سیدھا واضح راستہ۔

النَّاسُوْت۔ طبیعت انسانی۔ ناس میں واو تا کی زیادتی ہوئی ہے جیسے ملکوت میں۔

نَسَجَ (ن ض) الثَّوْبَ: کپڑا بننا — الْكَلَامَ: خلاصہ کرنا۔ آراستہ کرنا — الشَّاعِرُ الشِّعْرَ: نظم کرنا۔

الْغَيْثُ النَّبَاتَ: بارش کا نباتات کو بڑھا کر گنجان کرنا۔ نَسَجَتِ الرِّيْحُ التُّرَابَ او الْمَاءَ: لہریں پیدا کرنا۔ نَسَجَتِ النَّاقَةُ فِيْ سَيْرِهَا: اونٹنی کا جلدی جلدی قدم اٹھانا۔

اِنْتَسَجَ۔ بنا جانا۔

النَّسْج۔ مص۔ کہا جاتا ہے "ثَوْبٌ نَسْجُ الْيَمَنِ" کپڑا یمن کا بنا ہوا۔

النِّسَاجَة۔ بننے کا پیشہ۔

النَّسَّاج۔ بننے والا۔ کلام کو آراستہ کرنے والا۔ جھوٹا۔

النَّسِيْج۔ بنا ہوا۔ ج نُسُج۔ کہا جاتا ہے "هُوَ نَسِيْجُ وَحْدِهٖ" وہ صفات محمودہ میں بے نظیر و لاثانی ہے۔ النُّسْج: جائے نمازیں۔

النَّسِيخَةُ۔نسیج کا مؤنث۔ج نَسَائِج۔
المَنْسَج والمِنْسَج۔بننے کا کرگہ۔المَنْسِج والمَنْسَج مِنَ الدَّابَّةِ: چوپایہ کی گردن کی جڑ سے مونڈھوں تک اٹھی ہوئی جگہ۔
المِنْسَج والمِنْسَاج۔کرگہ۔
نَسِخَ(س)نَسْخًا۔لالچ کرنا۔
نَسَخَ(ف)نَسْخًا التُّرَابَ: مٹی کا بکھیرنا۔
النَسْخ والنُسَاخ۔کھجوروں کا کوڑا کرکٹ۔
المِنْسَاخ۔غبار اڑانے کا آلہ۔
نَسَخَ(ف)نَسْخًا الشَّيْءَ: زائل کرنا۔باطل کرنا۔مٹانا ـــ الْكِتَابَ: نقل کرنا۔
نَاسَخَهُ مُنَاسَخَةً۔ایک دوسرے کو محو کرنا۔
تَنَاسَخَا۔ایک دوسرے کو محو کرنا۔تَنَاسَخُوا الشَّيْءَ ہاتھوں ہاتھ لینا۔ایک دوسرے کے پیچھے آنا۔تَنَاسَخَتِ الْأَزْمِنَةُ" پے در پے آنا۔تَنَاسَخَ الْوَرَثَةُ: تقسیم میراث سے پہلے بعض وارثوں کا مرجانا۔
اِنْتَسَخَ الشَّيْءَ: زائل کرنا ـــ الْكِتَابَ: نقل کرنا ـــ الشَّيْءُ الشَّيْءَ: کسی چیز کا کسی چیز کے قائم مقام ہونا۔
اِسْتَنْسَخَ الشَّيْءَ: بمعنی نسخ۔لکھنے کو کہنا۔
بَلْدَةٌ نَسِيخَةٌ و نُسَخِيَّةٌ۔دور کا شہر۔
النُّسْخَةُ۔کتاب نقل کی ہوئی۔کتاب جس سے نقل کی جائے۔ج نُسَخ۔کہا جاتا ہے "كَتَبَ الْقَاضِي نُسْخَتَيْنِ بِحُكْمِهِ" قاضی نے اپنے فیصلے کی دو کاپیاں کیں۔
النَّاسِخُ۔فا۔کتابوں کا نقل کرنے والا۔
التَّنَاسُخُ۔مص۔آواگون۔روح کا ایک بدن سے دوسرے بدن میں منتقل اور اس کو تقمّص ہونا بھی کہا جاتا ہے۔اور جو لوگ اس کا اعتقاد رکھتے ہیں وہ "تناسخیہ" کہلاتے ہیں۔تَنَاسَخُ الْأَزْمِنَةِ و الْقُرُوْنِ: زمانہ کا یکے بعد دیگرے آنا۔
نَسَرَهُ (ن) نَسْرًا۔عَنْهُ: اُتارنا۔اُدھیڑنا۔الجُرْحُ اللَّحْمَ: شگاف کردینا ـــ الرَّجُلَ: تہمت لگانا۔بدگوئی کرنا۔
نَسَرَهُ (ض ن) نَسْرًا۔الْبَازِي: باز کا چونچ سے نوچنا۔
نَسَّرَ الْحَبْلَ: رسّی کا بل کھول دینا۔توڑدینا۔

تَنَسَّرَ۔گدھوں کا شکار کرنا ـــ الحَبْلُ: رسّی کا ٹوٹنا ـــ الجُرْحُ: زخم کا ٹوٹ جانا اور پیپ وغیرہ بہ جانا ـــ الثَّوْبُ و نَحْوُهُ: کپڑے کا گھس گھس کے پھٹنا۔تَنَسَّرَت النِعْمَةُ عَنْ فُلَانٍ: متفرق ہونا۔
اِنْتَسَرَ طَرَفُ الْحَبْلِ: رسّی کے کنارے کا ٹکڑے ٹکڑے ہونا۔
اِسْتَنْسَرَ الطَّائِرُ: قوت میں گدھ جیسا ہونا اور اسی سے مثل ہے "اِنَّ الْبُغَاثَ بِأَرْضِنَا يَسْتَنْسِرُ بغاث" (ایک چھوٹے سے پرندہ کا نام) ہماری زمین میں گدھ ہوجاتا ہے یعنی کمزور قوی ہوجاتا ہے۔
النِسْرُ۔ بتثليث النون والفتح اشهر وافصح گدھ۔اس کی کنیت اَبُو الْأَبْرَدِ و اَبُو الْإِصْبَعِ و اَبُو مَالِكٍ و اَبُو المِنْهَالِ و اَبُو يَحْيَى ہے۔اور مادہ گدھ کی کنیت "اُمُّ قَشْعَم" ج نُسُوْرٌ و اَنْسُرٌ و نِسَار۔
النَّسْرُ۔گھوڑے کے سم کے اندرونی حصہ میں غدود ج نُسُوْر۔النَسْرَانِ: دو ستارے جن میں سے ایک کو نسر طائر اور دوسرے کو نسر واقع کہتے ہیں۔
النَّاسُوْرُ۔ناسور۔زخم جس سے ہمیشہ مواد بہتا رہے۔ج نَوَاسِيْر۔
النَّسَارِيَّةُ۔عقاب۔
المِنْسَرُ والمَنْسِرُ۔شکاری پرندہ کی چونچ
المِنْسَرُ والمَنْسِرُ: لشکر کا ایک حصہ جو بڑے لشکر کے آگے آگے چلے۔تیس سے چالیس تک یا چالیس سے پچاس یا ساٹھ تک یا سو سے دو سو تک گھوڑوں کا گلہ۔ج مَنَاسِر۔
النِسْرِيْنُ۔گل سیوتی۔واحد نِسْرِيْنَةٌ۔
نَسَطَ(ن)نَسْطًا الثَّوْبَ: کپڑے کو تر کرکے نچوڑنا۔
النُسُط۔وہ لوگ جو پیدائش کے دشوار ہونے کے وقت بچے کو باہر نکال لیں۔
نَسَعَت(ف) نَسْعًا و نُسُوْعًا و نَسَعَتِ الْأَسْنَانُ: ڈھیلے مسوڑھوں والا ہونا۔نَسَعَ فُلَانٌ فِي الْأَرْضِ: جانا ـــ نُسُوْعًا الشَّيْءُ: لمبا ہونا۔
اَنْسَعَ الرَّجُلُ: پڑوسیوں کیلئے ایذا رساں ہونا۔

باد شمالی میں داخل ہونا۔
اِنْتَسَعَتِ الْإِبِلُ: اُونٹوں کا چراگاہ میں متفرق ہونا۔
النَّاسِعُ۔فا۔لمبی گردن۔
النِسْعُ۔ہاتھ کا جوڑ۔کجاوہ کسنے کی چوڑی رسّی یا تسمہ۔اس کے ایک ٹکڑے کو النِسْعَة کہتے ہیں۔ج نُسْعٌ و نِسَعٌ و نُسُوْعٌ و اَنْسَاعٌ۔و اَنْسَاعُ الطَّرِيْقِ: راستے کے وہ گڑھے جو چوپایوں کی ٹانگوں سے پڑجائیں۔
النِسْعُ و الرِيْحُ النِسْعِيَّةُ و المِنْسَعُ باد شمالی۔
النُسُوْعُ۔مص۔لمبائی۔
المِنْسَعَةُ۔زمین جس کی پیداوار لمبی لمبی ہو۔
نَسَغَ(ف) نَسْغًا اللَّبَنَ بِالْمَاءِ: دودھ میں پانی ملانا۔نَسَغَهُ بِالسَّوْطِ: چابک مارنا۔ـهُ بِكَذَا: تہمت لگانا ـــ هُ بِكَلِمَةٍ: طعن و تشنیع کرنا۔
ـــ الخُبْزَةَ: روٹی پر لوہے سے یا کسی اور چیز سے گودنا۔نَسَغَتِ الْوَاشِمَةُ بِالْإِبْرَةِ: گودنے والی عورت کا سوئی چبھونا ـــ فِي الْأَرْضِ: جانا۔نَسَغَتْ و نَسِغَتِ الْأَسْنَانُ: دانتوں کا ہلنا۔دانتوں کی جڑوں کا ڈھیلا ہوجانا۔نَسَغَتِ الشَّجَرَةُ: درخت کا کاٹنے کے بعد پھر اُگنا۔و نَسَغَهُ: نیزہ مارنا۔
اَنْسَغَتِ الشَّجَرَةُ: درخت کا کاٹنے کے بعد پھر اُگنا ـــ الفَسِيْلَةُ: درخت کے پودے کا نرم حصہ کو نکالنا ـــ هُ: نیزہ مارنا ـــ هُ بِالسَّوْطِ: چابک مارنا۔
اِنْتَسَغَتِ الإِبِلُ: اونٹوں کا چراگاہ میں متفرق ہونا ـــ الرَّجُلُ: سوچ بچار کرنا۔
النَّاسِغُ۔فا۔رَجُلٌ نَاسِغٌ: نیزہ بازی میں ماہر ج نُسَّغ۔
النُسْغُ۔درخت کٹنے کے بعد جو نمی نکلے۔
النَّسِيْغُ۔پسینہ۔
المِنْسَغَةُ۔سوئیوں کا مجموعہ جس سے گودنے والی عورت گودتی ہے یا پرندہ کے پروں کا یا لوہے کی تیلیوں کا مجموعہ جس سے نانبائی روٹی پر نشان کرتا ہے۔
نَسَفَ(ض)نَسْفًا الْبِنَاءَ: عمارت کو بنیاد سے

ڈھانا — اَلْجِبَالَ: پہاڑوں کو گرا دینا — الشَّیْئَ: چھانا — الْحَبَّ بِالْمِنْسَفِ: غلّہ کو چھاج سے پھٹکنا (— وَانْتَسَفَتِ) الرِّیْحُ التُّرَابَ: ہوا کا مٹی کو اکھیڑنا اور اڑانا۔

نَسَفَهُ (ن) نَسْفًا و نُسُوْفًا۔ دانت سے کاٹنا۔

نَسَفَ الْإِنَاءُ: بھر کر بہہ پڑنا۔

اِنْتَسَفَ الْبِنَاءَ: عمارت کو بنیاد سے ڈھانا — الشَّیْئَ: اکھیڑنا۔ اِنْتَسَفُوا الْكَلَامَ بَيْنَهُمْ: کم کرنا اور پوشیدہ کرنا — الْكَلَامَ: خوف کی وجہ سے ناتمام کہنا اور چپکے چپکے کہنا — الرِّیْحُ الشَّیْئَ: ہوا کا کسی چیز کو اکھیڑنا اور اڑانا۔

اُنْتُسِفَ لَوْنُهُ: رنگ متغیر ہونا —

تَنَسَّفَ فِي الصِّرَاعِ: کشتی میں پچھاڑ دینا۔

تَنَاسَفَا الْكَلَامَ: باہم باتیں چپکے چپکے کہنا۔

النُّسْفَه بتثلیث النون و النَّسَفَة: پاؤں رگڑنے کا جھانواں۔ ج نِسَف و نُسَف و نُسُف و نِسَاف۔

النَّسِيْفَة۔ پاؤں رگڑنے کا جھانواں۔

النُّسَافَة۔ غلّہ کا پچھوڑن۔ دودھ کے جھاگ۔ زمین سے جو غبار اٹھے۔

النَّسِيْف۔ بعید۔ گدھے کے دانت کاٹنے کا نشان۔ كَلَامٌ نَسِيْفٌ: پوشیدہ گفتگو۔ شَيْئٌ نَسِيْفٌ: چھانی ہوئی چیز۔

النَّسُوْف۔ اونٹ جو گھاس کو جڑ سے اکھیڑ لے۔ ج مَنَاسِيْف: عَقَبَةٌ نَسُوْفٌ: لمبی دشوار گزار گھاٹی۔

النَّسَّاف و النُّسَّاف۔ ایک پرندہ ہے جس کی چونچ لمبی ہوتی ہے اور اس کے اوپر سینگ کے مانند اٹھا ہوا ہوتا ہے۔ ج نَسَاسِيْف۔

النَّسْفَانِ مِنَ الْآنِيَةِ: لبالب چھلکتا ہوا برتن۔

الْمِنْسَفُ و الْمَنْسِفُ۔ گدھے کی تھوتھنی۔ ج مَنَاسِف۔ الْمِنْسَف: چھاج۔ سوپ۔

الْمِنْسَفَة۔ چھلنی۔ عمارت کے ڈھانے کا ایک آلہ۔

نَسَقَ (ن) نَسْقًا الدُّرَّ و نَحْوَهُ: موتی پرونا — الْكَلَامَ: کلام کو ترتیب دینا۔

نَسَّقَ الشَّیْئَ: ترتیب وار رکھنا۔

نَاسَقَ بَيْنَهُمَا: دونوں کو ترتیب سے کرنا۔

اَنْسَقَ الرَّجُلُ: سجع کہنا۔

اِنْتَسَقَتْ و تَنَاسَقَتْ و تَنَسَّقَتِ الْأَشْيَاءُ: منظم ہونا۔ بالترتیب ہونا۔ کہا جاتا ہے تَنَاسَقَ كَلَامُهُ اس کا کلام بالترتیب ہے۔ صفت مُتَنَاسِق۔

النَّسَق۔ بالترتیب۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ الْقَوْمُ و جَاءَتِ الْخَيْلُ نَسَقًا" لوگ بالترتیب آئے۔ گھوڑے ترتیب کے ساتھ آئے۔ "وَغَرَسْتُ النَّخْلَ نَسَقًا" میں نے کھجور کے درختوں کو ہموار ایک قطار میں لگایا۔ "وهٰذَا دُرٌّ نَسَقٌ و كَلَامٌ نَسَقٌ و ثَغْرٌ نَسَقٌ" حروف النسق و النسق: حروف عطف۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا نَسَقٌ عَلٰى هٰذَا" یعنی یہ اس کے اوپر معطوف ہے۔

النَّسِيْق۔ بالترتیب۔ منظم۔

نَسَكَ (ن) نَسْكًا و نُسْكًا و نُسُكًا و نُسُوْكًا و نَسَكَةً و مَنْسَكًا الرَّجُلُ: زاہد و عابد ہونا — لِلّٰهِ: نفلی عبادت کرنا۔ خدا کے نام پر ذبح کرنا — (— نَسْكًا) الثَّوْبَ: کپڑے کو دھو کر پاک کرنا۔ — الْبَيْتَ: گھر میں آنا — إِلٰى طَرِيْقَةٍ جَمِيْلَةٍ: مداومت کرنا۔

نَسُكَ (ک) نَسَاكَةً۔ زاہد و عابد ہونا۔

تَنَسَّكَ۔ زاہد و عابد بننا۔

النُّسک بتثلیث النون و النُّسُک عبادت۔ اللہ تعالیٰ کا ہر ایک حق۔ النَّسک۔ مانوس جگہ۔

النُّسک و النُّسُک۔ نذر جو اللہ کیلئے پیش کی جائے۔ ذبیحہ۔ و النُّسک: چاندی سونے کا ٹکڑا۔ جرمانے کا ذبیحہ۔ کہا جاتا ہے "مَنْ فَعَلَ كَذَا و كَذَا فَعَلَيْهِ نُسُک" جس شخص نے ایسا اور ایسا کیا اس پر ایک ذبیحہ ہے۔

النَّسِيْک۔ سونا۔ چاندی۔

النَّسِيْكَة۔ ذبیحہ۔ چاندی سونے وغیرہ کا ٹکڑا۔ ج نَسَائِک۔

النَّاسِک۔ فا۔ عابد' زاہد۔ ج نُسَّاک۔ عُشْبٌ نَاسِکٌ: بہت سبز گھاس۔ اَرْضٌ نَاسِكَةٌ: تازہ بارش والی سرسبز زمین۔

الْمَنْسَک۔ مانوس جگہ (— و الْمَنْسِک) قربانی کی رسم۔ قربانی کی جگہ۔ قربانی ج مَنَاسِک و مَنَاسِكُ الْحَجِّ: افعال و ارکان حج۔

الْمَنْسُوْک۔ مفع۔ ثَوْبٌ مَنْسُوْكٌ: پانی سے دھو کر پاک کیا ہوا کپڑا۔ فَرَسٌ مَنْسُوْكَةٌ: چھوٹے چھوٹے نرم بالوں والا گھوڑا۔ اَرْضٌ مَنْسُوْكَةٌ: کھاد ڈالی ہوئی زمین۔

نَسَلَ (ن) نَسْلًا الصُّوْفَ او الرِّيْشَ: جھاڑنا اور گرانا — الْوَلَدَ و بِالْوَلَدِ: جننا — الرَّجُلُ: بہت اولاد والا ہونا۔

نَسَلَ (ن) نُسُوْلًا الرِّيْشُ او الصُّوْفُ: پر یا اون کا جھڑنا اور گرنا۔

نَسَلَ (ض ن) نَسْلًا و نَسَلًا و نَسَلَانًا فِي مَشْيِهِ: تیز چلنا۔

اَنْسَلَ الصُّوْفَ او الرِّيْشَ: اون یا پر گرانا۔ الصُّوْفُ: اون گرنا — الْوَالِدُ الْوَلَدَ: پیدا کرنا — فِي عَدْوِهِ: تیز دوڑنا — الْقَوْمَ: آگے بڑھ جانا — الدَّابَّةُ: جانور کے بال گرنے کا زمانہ قریب ہونا۔

تَنَاسَلَ الْقَوْمُ: بعض کا بعض سے پیدا ہونا — بَنُوْ فُلَانٍ: بہت اولاد والے ہونا۔

النَّسْل۔ مص۔ خلق۔ اولاد۔ ذریت۔ ج اَنْسَال۔

النَّسَل۔ مص۔ دودھ جو تھن سے خود نکلے۔ سبز انجیر کا دودھ۔

النُّسَال۔ گرے ہوئے پر یا بال یا اون۔ واحد نُسَالَةٌ۔

النَّسِيْل۔ گرے ہوئے پر یا بال یا اون۔ موم سے جدا شدہ شہد۔

النَّسِيْلَة۔ نَسِيْل کا واحد۔ اولاد۔ عق۔ موم سے جدا شدہ شہد۔

النَّسُوْلَة مِنَ الْمَوَاشِي: مویشی جو نسل بڑھانے کے لیے محفوظ کیا جائے۔ بہت نسل والا۔

النَّاسِل۔ فا۔ تیز رفتار۔ ج نَسَل۔

النَّسُوْل و النَّسَّال۔ تیز دوڑنے والا۔

نَسَمَ (ض) نَسْمًا الْبَعِيْرُ الْأَرْضَ بِخُفِّهِ: اونٹ کا ٹھوکر مار کر زمین میں نشان ڈالنا۔

نَسَمَتْ (ض) نَسْمًا و نَسِيْمًا و نَسَمَانًا الرِّيْحُ: ہوا کا آہستہ چلنا (— نَسْمًا و نَسِمَ (س) نَسَمًا) الشَّيْئُ متغیر ہونا۔ نَسِمَ الْبَعِيْرُ: سوراخ دار کھر والا ہونا۔

نَسُمَ (ک) نَسَامَةً الْمَكَانُ: پانی کا رسنا۔

نَسَمَ فِي الْأَمْرِ: شروع کرنا — النَّسَمَةَ: زندہ کرنا' آزاد کرنا — الْأَسِيْرَ: قیدی کو رہا کرنا۔

نَاسَمَهُ مُنَاسَمَةً و نِسَامًا۔ چپکے چپکے بات کہنا۔

تَنَسَّمَ الرَّجُلُ: سانس لینا۔ تَنَسَّمَتِ الرِّيْحُ: ہوا کا آہستہ چلنا — الْجَمْرُ: چنگاری کا بھڑکنا۔ تَنَسَّمَ الْمَكَانُ بِالطِّيْبِ: خوشبو سے مہک اٹھنا۔ فُلَانٌ الْخَبَرَ او الْعِلْمَ: آہستہ آہستہ دریافت کرنا۔ کہا جاتا ہے "تَنَسَّمْتُ مِنْهُ عِلْمًا" میں نے اس سے علم حاصل کیا — الرِّيْحَ: بو سونگھنا۔ بو محسوس کرنا — الْوَلَدَ: جنین کے جسم کا تیار ہونا اور روح پڑ جانا۔

النَّاسِمُ۔ فا۔ قریب الموت مریض۔

النَّسَمُ۔ مص۔ زندگی کا سانس۔ آہستہ چلنے والی ہوا۔ ج اَنْسَام۔ النَّسَمُ: ناک۔ نسمہ۔ بمعنی روح کی جمع۔ مٹا ہوا راستہ۔ دودھ یا چکنائی کی بو۔

النَّسَمَةُ۔ حمام وغیرہ کے راستے۔

النَّسَمَةُ۔ زندگی کا سانس۔ ہر جاندار انسان ہو یا حیوان۔ لونڈی۔ غلام۔ ج نَسَمٌ و نَسَمَات

النَّسَمَةُ: سانس کا چڑھنا۔ کہا جاتا ہے "اَصَابَهُ نَسَمَةٌ" یعنی اس کا سانس چڑھ گیا۔

النَّسِيْمُ۔ مص۔ روح۔ پسینہ۔ نرم ہوا۔ ج نِسَام اور بھاری بھرکم آدمی کے لیے کہا جاتا ہے "هُوَ ثَقِيْلُ الظِّلِّ بَارِدُ النَّسِيْمِ۔"

النَّيْسَمُ۔ نرم ہوا۔ مٹا ہوا راستہ۔

الْأَنَاسِمُ۔ لوگ (یہ نَسَم کی جمع الجمع ہے) کہا جاتا ہے "مَا فِي الْأَنَاسِمِ مِثْلُهُ" یعنی لوگوں میں اس کے مانند کوئی نہیں۔

الْمَنْسِمُ۔ لِلْإِبِلِ: اونٹ کے کھر کا کنارہ۔ ج مَنَاسِم۔ الْمَنْسِمُ: علامت۔ راستہ۔ مذہب۔ طریقہ۔ کہا جاتا ہے "اِلَى اَيْنَ مَنْسِمُكَ" تمہاری توجہ کس طرف ہے۔

نَسْنَسَ الطَّائِرُ: پرندہ کا تیز اڑنا۔ نَسْنَسَتِ الرِّيْحُ: ہوا کا چلنا۔ نَسْنَسَ الْبَعِيْرَ: اونٹ کو ڈانٹنا اور ہانکنا — الرَّجُلُ: کمزور ہونا۔

النَّسْنَاسُ۔ شکل انسانی پر ایک خیالی جانور — عِنْدَ الْعَامَّةِ: بندروں کی ایک قسم۔ لنگور۔

نَسْنَاسُ الْإِنْسَانِ وَغَيْرِهِ: مشقت اور صبر۔

النِّسْنَاسُ۔ سخت بھوک۔

نَسَا يَنْسُوْ نَسْوَةً الرَّجُلُ: کام چھوڑ دینا۔

اَنْسَاهُ اِنْسَاءً الشَّيْءَ: چھوڑنے کا حکم دینا۔

النَّسَا۔ ایک رگ جو سرین سے ٹخنے تک ہوتی ہے۔ مثنی نَسَوَان و نَسَيَان ج اَنْسَاء۔

النَّسْوَةُ۔ مص۔ دودھ کا ایک گھونٹ۔

النِّسْوَةُ والنُّسْوَةُ والنِّسَاءُ والنِّسْوَانُ والنِّسْوُنَ والنِّسْنِيْنَ۔ عورتیں (یہ سب الفاظ مَرْاَةٌ کی جمع ہیں) اور نِسْوَة اور نُسْوَة کی طرف نسبت کے لیے نِسْوِيٌّ و نُسْوِيٌّ اور تصغیر نُسَيَّةٌ اور نُسَيَّاتٌ بھی کہا جاتا ہے۔

الْمَنْسُوُّ۔ عرق النساء کی بیماری میں مبتلا۔

نَسِيَ يَنْسَى نَسًى۔ مبتلائے عرق النساء ہونا۔ صفت مذکر نَسٍ و اَنْسَى۔ صفت مؤنث نَسِيَةٌ و نَسْيَاء۔

نَسَى يَنْسِي نَسْيًا الرَّجُلَ: نسا نامی رگ پر مارنا۔

نَسِيَ يَنْسَى نَسْيًا و نِسْيَانًا و نِسَايَةً و نَسْوَةً الشَّيْءَ: بھولنا۔

نَسَّى و اَنْسَى الرَّجُلَ الشَّيْءَ: فراموش کرانا۔

تَنَاسَى۔ اپنے آپ کو بھولا ہوا ظاہر کرنا۔

النَّسْيُ والنِّسْيُ۔ بھولی ہوئی چیز۔ معمولی چیزیں جن کو ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل ہونے والے چھوڑ جائیں۔

النَّسْيَانُ و النَّسَّاءُ۔ بہت بھولنے والا۔

النَّسِيُّ۔ بہت بھولنے والا۔ اپنی قوم میں شمار نہ ہونے والا۔

الْاَنْسَى۔ پنڈلی کے نچلے حصہ کی ایک رگ۔

الْمَنْسِيُّ۔ مفع۔ بھولی ہوئی چیز۔ مبتلاء عرق النساء۔

الْمِنْسَاةُ۔ لاٹھی (اس کی اصل مِنْسَاَةٌ ہمزہ کے ساتھ ہے)

نَشَّ (ن) نَشًّا الدَّابَّةَ: چوپایہ کو ہانکنا — الْمِسْكَ و نَحْوَهُ: مشک باریک کرنا۔ کوٹنا۔ الشَّيْءَ: ملانا۔

نَشَّ (ض) نَشًّا و نَشِيْشًا الْمَاءُ فِي الْكُوْزِ الْجَدِيْدِ: سکورے میں پانی کا آواز کرنا — اللَّحْمُ: ہانڈی میں یا سیخ پر آواز نکلنا — الْغَدِيْرُ: تالاب کا پانی اترنے لگنا — النَّبِيْذُ: جوش مارنا — الرُّطَبُ: خشک ہونا۔ نَشَّتِ اللَّحْمَةُ: گوشت کے ٹکڑے سے پانی ٹپکنا۔

النَّشُّ۔ مص۔ ہر چیز کا نصف۔

النَّشَّاشُ۔ اسم مبالغہ۔ و اَرْضٌ نَشَّاشَةٌ: نمناک زمین جس میں کچھ نہ اگے۔

النَّشِيْشُ۔ مص۔ پانی کے جوش کی آواز۔ اَرْضٌ نَشِيْشَةٌ: شور زمین جس میں کچھ نہ اگے۔

الْمِنَشَّةُ۔ مور چھل۔ چوری۔

نَشَاَ (ف) و نَشُوَ (ک) نَشْأً او نُشُوْءًا او نَشَاَةً و نَشَاءً و نَشَاءَةً الشَّيْءُ: نو پید ہونا۔ زندہ ہونا — الطِّفْلُ: جوانی کو پہنچنا۔ کہا جاتا ہے نَشَاْتُ فِي بَنِيْ فُلَانٍ: میری پرورش بنی فلاں میں ہوئی اور میں جوانی کو پہنچا۔ اور اسم النَّشْءُ۔

نَشَاَتِ السَّحَابَةُ: گھٹا اٹھنا۔

اَنْشَاَهُ اِنْشَاءً۔ پرورش کرنا۔ اَنْشَاَ اللّٰهُ السَّحَابَةَ: گھٹا اٹھانا — الشَّيْءَ: نو پید کرنا — اَللّٰهُ الشَّيْءَ: پیدا کرنا — اَللّٰهُ الْخَلْقَ: شروع کرنا۔ اَنْشَاَ الْحَدِيْثَ او الْكَلَامَ: وضع کرنا۔ ابتدا کرنا۔ اور اسی سے ہے "عِلْمُ الْاِنْشَاءِ" — "زَيْدٌ": عمدہ شعر بنانا یا بہترین خطبہ دینا — فُلَانٌ دَارًا: تعمیر شروع کرنا۔ اَنْشَاَ فُلَانٌ يَضْرِبُ: مارنے لگنا (اس صورت میں یہ افعال مقاربہ میں سے ہے)

مِنَ الْمَكَانِ: نکلنا۔ کہا جاتا ہے مِنْ اَيْنَ اَنْشَاْتَ یعنی تم کہاں سے نکلے۔

نَشَّاَهُ تَنْشِئَةً۔ پرورش کرنا۔ نَشَّاَ اللّٰهُ السَّحَابَةَ: گھٹا چڑھانا۔

تَنَشَّاَ تَنَشُّؤًا۔ اِلَى حَاجَتِهِ: اپنی حاجت کے لیے جانا۔

اِسْتَنْشَاَ اِسْتِنْشَاءً الْاَخْبَارَ: خبروں کی حقیقت دریافت کرنا — الْعَلَمَ فِي الْمَفَازَةِ: بلند کرنا — فُلَانًا قَصِيْدَةً او خُطْبَةً: قصیدہ یا خطبہ کی فرمائش کرنا۔

النَّشْءُ۔ مص۔ نسل۔ کہا جاتا ہے "هُوَ نَشْءُ سُوْءٍ او مِنْ نَشْءِ سُوْءٍ" وہ بری نسل سے ہے۔ چھوٹے چھوٹے اونٹ۔ نَاشِئٌ اسم فاعل کی جمع۔ چڑھا ہوا بادل یا بادل کا وہ حصہ جو پہلے ظاہر ہو۔ ج نَشَأٌ۔

النَّشِیُّ۔ بادل کا وہ حصہ جو پہلے ظاہر ہو۔
النَّشَاۃ والنَّشِیئَۃ۔ نباتات کی نازک کونپلیں۔ النَّشِیئَۃ: بمعنی النَّاشِئَۃ۔
النَّاشِیُٔ۔ فا۔ جوانی کے قریب پہنچا ہوا لڑکا یا لڑکی۔ ج نَشْءٌ و نَشَأٌ و نَاشِئَۃٌ (خلافِ قیاس) ہر وہ چیز جو رات کو ظاہر ہو۔ ج نَوَاشِیُٔ۔
النَّاشِئَۃ۔ نَاشِیُٔ کا مؤنث۔ دن کا ابتدائی حصہ۔ رات کے ابتدائی اوقات۔ سونے کے بعد اُٹھنا۔ نوجوان لڑکی۔ ج نَوَاشِیُٔ۔
المَنْشَأُ۔ پیدا ہونے کی جگہ۔ کہا جاتا ہے "مَوْلِدِیْ وَمَنْشَأِیْ فِیْ بَنِیْ فُلَانٍ"۔
المُنْشَأُ و المُسْتَنْشَأُ۔ بلند جھنڈا۔ بلند نشان راہ۔
نَشِبَ (س) نَشَبًا و نُشُوْبًا و نُشْبَۃً الشَّیُٔ فِی الشَّیْءِ: چمٹنا ــ الْعَظْمُ فِیْ حَلْقِہٖ: حلق میں ہڈی چبھنا۔ کہا جاتا ہے "نَشِبَ فُلَانٌ مَنْشَبَ سُوْءٍ" فلاں ایسی چیز میں پھنس گیا جس سے رہائی ممکن نہیں "وَمَا نَشِبْتُ اَفْعَلُ کَذَا": یعنی میں ہمیشہ ایسا کرتا رہا "وَلَمْ یَنْشَبْ اَنْ مَاتَ" یعنی وہ فوراً ہی مرگیا (ــ نُشُوْبًا) الْحَرْبُ بَیْنَ الْقَوْمِ: گھمسان کی جنگ ہونا ــ الْاَمْرُ فُلَانًا: لازم ہونا ــ فِیْہِ: خریدنا۔
نَشَّبَہٗ و اَنْشَبَہٗ فِیْ کَذَا: چمٹانا۔ چسپاں کرنا۔ کہا جاتا ہے "اَنْشَبَ الْبَازِیُ مَخَالِبَہٗ فِی الْاَخِیْذَۃِ" باز نے چنگل شکار میں گھسا دیا۔ اَنْشَبَ الصَّائِدُ: شکاری نے شکار کو جال میں پھنسالیا۔
الرِّیْحُ: ہوا کا تیز ہونا اور کنکری وغیرہ اڑانا۔
نَاشَبَہٗ مُنَاشَبَۃً الْحَرْبَ: کھلم کھلا جنگ کرنا۔
تَنَشَّبَ فِیْہِ: چمٹنا۔ کہا جاتا ہے "تَنَشَّبَ فِیْ قَلْبِہٖ حُبُّ فُلَانٍ" اس کے دل میں فلاں کی محبت پیوست ہوگئی۔
اِنْتَشَبَ فِیْہِ: چمٹنا ــ الْحَطَبَ: لکڑی جمع کرنا۔
تَنَاشَبُوْا۔ بعض کا بعض کے ساتھ چمٹنا۔ کہا جاتا ہے "تَنَاشَبُوْا حَوْلَ الرَّسُوْلِ" لوگوں نے رسول کے اردگرد بھیڑ لگائی۔
النَّشَبُ۔ مص۔ (ــ و النَّشَبَۃ) جائیداد غیر منقولہ۔ مال و مویشی۔ النَّشَبُ۔ ایک درخت کا نام جس سے کمانیں بنائی جاتی ہیں۔
النُّشْبَۃ۔ مص۔ (ــ و النُّشَبَۃ) کام میں پھنس کر رہائی نہ پانے والا مرد۔
نُشْبَۃ۔ بھیڑیا کا علمِ جنس۔
النُّشَّابُ۔ تیر۔ واحد نُشَّابَۃٌ۔ ج نَشَاشِیْبُ۔
النَّاشِبُ۔ فا۔ تیروں والا۔ تیرانداز۔
النَّاشِبَۃ۔ نَاشِب کا مؤنث۔ تیرانداز لوگ۔
النَّشِبُ۔ چمٹنے والا۔
النَّشَّابُ۔ بہت چمٹنے والا۔ تیرساز و تیرانداز۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ نَشَّابٌ" تیرانداز مرد۔ قَوْمٌ نَشَّابَۃٌ: تیرانداز لوگ۔
المَنْشَبُ۔ چمٹنے کی جگہ۔
المَنْشَبَۃ۔ مال مویشی۔ کہا جاتا ہے بُرْدٌ مُنَشَّبٌ۔ تیر کی مانند نقش و نگار والی چادر۔
نَشَجَ (ض) نَشْجًا و نَشِیْجًا الْبَاکِیْ: روتے روتے ہچکی لگنا۔ نَشَجَتِ الْقِدْرُ: ہانڈی کا کھد کھدانا نَشَجَ الضِّفْدَعُ: مینڈک کا ٹراتے وقت آواز دہرانا ــ الْمُطْرِبُ: گویے کا دو طرز کے سروں کے درمیان فصل کرنا اور کھینچنا۔
النَّشَجُ۔ پانی بہنے کی جگہ۔ ج اَنْشَاجٌ۔
النَّشِیْجُ۔ مص۔ آواز۔
عَبْرَۃٌ نَشُوْجٌ۔ آنسو کہ جس کے ساتھ آواز بھی ہو۔
نَشَحَ (ف) نَشْحًا و نُشُوْحًا الرَّجُلُ: سیرابی سے کم پینا۔ سیر ہو کر پینا۔
النَّشُوْحُ۔ تھوڑا پانی۔
النُّشْحُ۔ مست لوگ۔ واحد نَشُوْحٌ۔
النَّشَّاحُ مِنَ الْاٰنِیَۃِ: بھر کر چھلکنے والا برتن۔
نَشَدَ (ن ض) نَشْدًا و نَشْدَانًا و نِشْدَۃً الضَّالَّۃَ: گم شدہ کو ڈھونڈھنا۔ تلاش کرنا۔ گم شدہ کی تشہیر کرنا ــ فُلَانًا: پہچاننا ــ ہٗ اللّٰہَ و بِاللّٰہِ: قسم دینا ــ نَشْدًا الرَّجُلَ: کسی سے اَنْشُدُکَ اللّٰہَ کہنا۔ اور کہا جاتا ہے "نَشَدْتُکَ اللّٰہَ اِلَّا فَعَلْتَ" اس سے مقصد یہ ہے کہ میں نے تم سے کوئی چیز طلب نہیں کی سوائے اس کے کہ تم یہ کرو و "نَشَدَہٗ عَھْدَہٗ او وَعْدَہٗ" اس نے اس کو وعدہ یاد دلایا۔
اَنْشَدَ الضَّالَّۃَ: گم شدہ کے متعلق پوچھ پاچھ کرنا۔ گم شدہ کی تشہیر کرنا۔ اَنْشَدَہُ الشِّعْرَ: شعر پڑھنا۔ اَنْشَدَ بِالْقَوْمِ: ہجو کرنا ــ زَیْدًا و لِزَیْدٍ: جواب دینا۔ کہا جاتا ہے "نَشَدْتُہٗ فَاَنْشَدَنِیْ او اَنْشَدَنِیْ" میں نے اس سے پوچھا اس نے جواب دیا۔
نَاشَدَہٗ مُنَاشَدَۃً و نِشَادًا۔ قسم کھلانا۔ نَاشَدَہٗ الْاَمْرَ و فِی الْاَمْرِ: متوجہ کرنا۔
تَنَشَّدَ الْاَخْبَارَ: اطلاع دینا۔
تَنَاشَدُوْا الْاَشْعَارَ: ایک دوسرے کے سامنے شعر پڑھنا۔
اِسْتَنْشَدَہٗ الشِّعْرَ: شعر پڑھنے کو کہنا۔ کہا جاتا ہے نَشْدَکَ و نِشْدَکَ اللّٰہَ اِلَّا فَعَلْتَ یعنی میں تم کو اللہ کی قسم دیتا ہوں اور اللہ کی قسم دے کر تم سے کہتا ہوں کہ تم یہ کرو۔
النَّاشِدُ۔ فا۔ طلب کرنے والا۔ تشہیر کرنے والا۔
النَّاشِدُوْنَ: گم شدہ کو تلاش کرکے مالک تک پہنچانے والے۔
النِّشْدَۃ۔ مص۔ آواز۔
النَّشِیْدُ۔ آواز کی بلندی (ــ و النَّشِیْدَۃ ج نَشَائِدُ و الْاُنْشُوْدَۃ۔ ج اَنَاشِیْدُ: شعر جس کو ایک دوسرے کے سامنے پڑھیں۔ نَشِیْدُ الْاَنْشَادِ بائبل کی ایک کتاب۔
النَّشَّادُ۔ گم شدہ کو تلاش کرنے والا۔
النَّشَادِرُ و النُّوْشَادِرُ۔ نوسادر (دخیل)
نَشَرَ (ض ن) نَشْرًا الثَّوْبَ: پھیلانا ــ الْخَبَرَ: افشا کرنا ــ الشَّیْءَ: بکھیرنا ــ الْخَشَبَ: چیرنا ــ عَنِ الْمَجْنُوْنِ او الْمَرِیْضِ: منتر پھونکنا۔ نَشَرَتِ الرِّیْحُ: بادل والے دن میں ہوا کا چلنا۔
نَشَرَ (ن) نُشُوْرًا۔ الشَّجَرُ: پتے نکالنا۔
نَشَرَتْ اَوْرَاقُ الشَّجَرَۃِ: پتوں کا بڑھنا اور پھیلنا ــ الْاَرْضُ: ابر بہاری کے بعد سرسبز ہونا۔
نَشَرَ (ن) نَشْرًا و نُشُوْرًا اللّٰہُ الْمَوْتٰی: زندہ کرنا۔ نَشَرَ و نُشِرَ الْمَوْتٰی: زندہ ہونا۔ صفت نَاشِرُوْنَ۔
نَشِرَتْ (س) نَشَرًا الْمَوَاشِیْ: رات میں

چرنے کیلئے پھیلنا۔ خارش والے ہونا۔
نَشَرَ الثَّوْبَ و نَحْوَهُ: کپڑا پھیلانا — عَنِ الْمَرِيْضِ او الْمَجْنُوْنِ: بیمار یا دیوانہ پر منتر پھونکنا۔
اَنْشَرَ اللّٰهُ الْمَيِّتَ: مردہ کو زندہ کرنا — الْاَرْضَ: زمین کو پانی ڈال کر قابل زراعت بنانا — الرَّجُلُ: مذی نکالنا۔
تَنَشَّرَ الشَّيْئُ: پھیلنا۔
اِنْتَشَرَ الشَّيْئُ: پھیلنا — النَّهَارُ: دن چڑھنا — الْخَبَرُ: خبر کا فاش ہونا — الْاِبِلُ: اونٹوں کا متفرق ہونا — الرَّجُلُ: سفر شروع کرنا۔
تَنَاشَرُوا الثِّيَابَ: کپڑوں کو باہم مل کے پھیلانا۔
اِسْتَنْشَرَ الْخَبَرَ: خبر پھیلانے کو کہنا۔
اَلنَّشْرُ: مص۔ عمدہ خوشبو یا بو۔ کہا جاتا ہے "لَهُ نَشْرٌ طَيِّبٌ" اس کی اچھی خوشبو ہے۔ اگنے کی ابتدا۔ خارش۔
النَّشْرو النَّشَر۔ بغیر سردار کے منتشر لوگ۔ کہا جاتا ہے "جَاءُوْا نَشَرًا او نَشْرًا" لوگ متفرق ہو کر آئے۔ النَّشَر: پھیلا ہوا۔ کہا جاتا ہے "اَللّٰهُمَّ اِضْمُمْ نَشَرِی" اے اللہ میرے متفرق امور کو جمع کر دے۔
النَّشْر والنُّشُوْر: مص يَوْمُ النَّشْرِ و يَوْمُ النُّشُوْرِ قیامت کا دن۔
النَّشْرَة۔ نَشْر کا اسم مرۃ۔ بادِ نسیم، اشتہار۔ (مولدة) ج نَشَرَات۔
النُّشْرَة۔ افسوں۔ منتر۔
النُّشَارَة۔ لکڑی کا برادہ جو آرہ کرتے وقت گرے۔
النَّاشِرَة۔ النَّاشِر کا مؤنث۔ نَوَاشِر کا واحد۔ نَوَاشِر ہاتھ کے رگ پٹھے کو کہتے ہیں۔
النُّشُوْر مِنَ الرِّيَاحِ: بادل اٹھانے والی ہوائیں۔ ج نُشُر۔
النَّشِيْر۔ ازار۔ تہہ بند۔ کاٹ کر جمع کی ہوئی کھیتی۔
التَّنَاشِيْر۔ بچوں کے سرمشق (جمع ہے اس کا واحد نہیں)
المِنْشَار۔ آرہ۔ ج مَنَاشِيْر۔ المِنْشَار: پنجہ دار لکڑی جس سے گیہوں وغیرہ کو بھوسے سے علیحدہ کرتے ہیں۔ ایک سمندری مچھلی جس کو اَبُوْ مِنْشَار بھی کہتے ہیں۔
المَنْشُوْر۔ مفع۔ کھلا ہوا شاہی فرمان۔
المَنْشَر۔ مصدر میمی۔ کپڑا وغیرہ پھیلانے کی جگہ۔
المَنْشُوْرَة۔ المَنْشُوْر کا مؤنث۔ سخی و شریف عورت۔
المِنْشَوَار۔ جانوروں کا اصطبل۔
نَشَزَ (ض ن) نَشْزًا فِیْ او عَنْ مَكَانِهِ: بلند ہونا — الرَّجُلُ: بیٹھے ہوئے سے اٹھنا۔ اونچی جگہ میں جھانکنا — الْقَوْمُ فِیْ مَجْلِسِهِمْ: ساتھیوں کے لیے سمٹنا۔ اٹھ کھڑا ہونا۔ نَشَزَتْ نَفْسُهُ: گھبراہٹ سے دل دھڑکنا۔
نَشَزَت (ن ض) نُشُوْزًا الْمَرْأَةُ بِزَوْجِهَا و مِنْهُ و عَلَيْهِ: بیوی کا نافرمان ہونا۔ نفرت کرنا۔ بغض رکھنا۔ صفت نَاشِز و نَاشِزَة ج نَوَاشِز۔ نَشَزَ بَعْلُهَا عَلَيْهَا و مِنْهَا: شوہر کا ظلم کرنا۔ سختی کرنا۔ تکلیف دینا — بِالْقَوْمِ فِی الْخُصُوْمَةِ: قوم کے ساتھ جھگڑا کرنے کیلئے اُٹھ کھڑا ہونا۔
نَشَزَ (ض) نَشْزًا بِقَرْنِهِ: سینگ سے اٹھا کر پھینک دینا۔
اَنْشَزَ الشَّيْئَ: جگہ سے نمایاں کر دینا۔ بلند کرنا۔ اللّٰهُ عِظَامَ الْمَيِّتِ: مردوں کی ہڈیوں کو اٹھا کر ایک دوسرے کے ساتھ جوڑنا۔
النَّشْز۔ مص — ج نُشُوْز و النَّشَز ج نِشَاز و اَنْشَاز: بلند جگہ — مِنَ الرِّجَالِ: قوی۔ مضبوط۔ بڑے ڈیل ڈول کا موٹا۔
النَّشَاز۔ بلند جگہ۔
النَّاشِز۔ فا۔ جگہ سے ابھرا ہوا۔ نمایاں۔ عِرْقٌ نَاشِزٌ: مرض وغیرہ کی وجہ سے ابھری ہوئی اور دھڑکنے والی رگ۔
النَّشِيْزَة و النَّشْزَة مِنَ الدَّوَابِّ: سواری جس کی پیٹھ پر زین یا سوار ٹھہر نہ سکے۔
نَشَصَ (ض ن) نُشُوْصًا السَّحَابُ: بادل کا بلند ہونا — النَّفْسُ: دھڑکنا — الصُّوْفُ او الشَّعْرُ: اون یا بال کا نکلنا اور کھال سے چمٹا ہوا ہونا۔ نَشَصَتِ السِّنُّ: لمبا ہونا۔ نَشَصَ الشَّيْئَ: نکالنا — فُلَانًا: نیزہ مارنا — عَنْ بَلَدِهِ: شہر و مسکن سے علیحدہ ہونا۔ نَشَصَتِ الْمَرْأَةُ عَنْ زَوْجِهَا: عورت کا نافرمان ہونا۔ بغض رکھنا۔ صفت نَاشِص۔
اَنْشَصَهُ عَنْ بَلَدِهِ او بَيْتِهِ: شہر سے یا گھر سے نکال دینا۔
نَشَّصَهُ۔ بلند کرنا۔
تَنَشَّصَ لِكَذَا: اٹھنا اور تیاری کرنا۔
اِنْتَشَصَ الشَّجَرَةَ: درخت کو جڑ سے اکھیڑنا۔
اِسْتَنْشَصَتِ الرِّيْحُ السَّحَابَ: ہوا کا بادل کو اٹھانا۔
النِّشَاص و النَّشَاص۔ بلند تہ بتہ بادل۔ لشکر۔ ج نُشُص و نَشَائِص۔
النَّشُوْص و النَّشِيْص۔ کھڑا کیا ہوا نیزہ۔ بلند کوہان والی اونٹنی۔
نَشِطَ (س) نَشَاطًا۔ ہشاش بشاش ہونا — فِیْ عَمَلِهِ او اِلٰی عَمَلِهِ: پھرتیلا و چست ہونا۔ صفت نَاشِطٌ و نَشِيْطٌ۔ نَشِطَتِ الدَّابَّةُ: موٹا ہونا۔
نَشَطَ (ض) نَشْطًا مِنَ الْمَكَانِ: نکلنا۔ مِنْ بَلَدٍ اِلٰی بَلَدٍ: عبور کرنا۔ کہا جاتا ہے "نَشَطَ بِهِمُ الطَّرِيْقُ" راستہ ان لوگوں کو دائیں بائیں لے گیا۔
نَشَطَ (ن) نَشْطًا الْحَبْلَ: رسی میں گرہ دینا — الْعُقْدَةَ: گرہ کو مضبوط کرنا — الدَّلْوَ مِنَ الْبِئْرِ: بغیر چرخی کے ڈول نکالنا — زَيْدًا: نیزہ مارنا۔ نَشَطَتْهُ الْحَيَّةُ: سانپ کا ڈسنا۔
نَشَّطَ الْحَبْلَ: رسی میں گرہ دینا — فُ اِلٰی او فِی الْعَمَلِ: چست بنانا۔ جرأت دلانا۔
اَنْشَطَهُ۔ چست بنانا۔ اَنْشَطَ الرَّجُلُ: چست لوگوں یا جانوروں والا ہونا۔ اَنْشَطَتِ الْحَيَّةُ: سانپ کا ڈسنا۔ اَنْشَطَ الْحَبْلَ: رسی میں گرہ دینا — الْعُقْدَةَ او الْعِقَالَ: گرہ کھولنا — الْبَعِيْرَ مِنْ عِقَالِهِ: اونٹ کو رہا کرنا۔ چھوڑنا — الْكَلَا الدَّابَّةَ: موٹا کرنا۔
تَنَشَّطَ۔ ہشاش بشاش ہونا — لِلْعَمَلِ تیار ہونا اور چست ہو کر متوجہ ہونا۔ "تَنَشَّطَتِ

النَّاقَةُ فِي سَيْرِهَا": تیز دوڑنا- تَنَشَّطَ الْمَفَازَةَ: بیابان کو عبور کرنا-

اِنْتَشَطَ الْحَبْلَ: رسّی کو کھلنے کیلئے کھینچنا — الْحَبْلُ: رسّی کا کھلنا — النَّشِيْطَةَ: بلا قصد و ارادہ کے ہاتھ لگے ہوئے اونٹوں کو ہانکنا — السَّمَكَةَ: مچھلی کے سفنے اُتارنا — الشَّيْءَ: چھیننا، مضبوط کرنا — فُلَانًا اِلٰى كَذَا: کھینچنا یا بلند کرنا- اِنْتَشَطَتِ الْحَيَّةُ: فُلَانًا: سانپ کا ڈسنا-

اِسْتَنْشَطَ الْجِلْدُ: کھال کا سکڑنا- جھری دار ہونا-

النَّشْطُ- مع جلدی اور تیزی کے ساتھ ڈنگ مارنا-

النَّاشِطُ فا- چست- پھرتیلا- جنگلی بیل جو ایک جگہ سے دوسری جگہ پھرے- طَرِيْقٌ نَاشِطٌ: بڑی سڑک سے دائیں نکلا ہوا راستہ-

النَّاشِطَةُ- النَّاشِطُ کا مؤنث ج نَاشِطَاتٌ و نَوَاشِطُ- والنَّوَاشِطُ مِنَ الْمَسَائِلِ: بڑے مسئلے سے نکلے ہوئے مسائل واحد اس کا نَاشِط ہے-

النَّشِيْطُ- چست پھرتیلا- چست اہل و عیال والا یا چست جانوروں والا- ج نِشَاطٌ و نَشَاطَى-

النَّشُوْطُ- ایک قسم کی مچھلی- بِئْرٌ نَشُوْطٌ: گہرا کنواں-

بِئْرٌ اَنْشَاطٌ و اِنْشَاطٌ- کم گہرا کنواں جس سے ڈول ایک ہی دفعہ کے کھینچنے میں نکل آئے-

النَّشِيْطَةُ: النَّشِيْطُ کا مؤنث- مال غنیمت جو غازیوں کو راستہ میں ہاتھ لگ جائے- اونٹ جو بلا قصد و ارادہ کے ہاتھ لگ جائیں اور ہانکے جائیں-

الْاُنْشُوْطَةُ- گرہ جس کا کھولنا آسان ہو- کہا جاتا ہے "مَاعِقَالُكَ بِاُنْشُوْطَةٍ" یعنی تمہاری دوستی کمزور نہیں ہے- ج اَنَاشِيْطُ-

الْمِنْشَطُ- بہت چست-

الْمَنْشَطُ- خوش دلی- کہا جاتا ہے "اِفْعَلُوْا ذٰلِكَ عَلَى الْمَنْشَطِ وَ الْمَكْرَهِ" اس کو خوش دلی اور ناراضی کے باوجود کرو-

نَشَطَ (ن) نُشُوْطًا النَّبَاتُ: نباتات کا نمودار ہونا-

نَشَعَ (ف) نَشْعًا الرَّجُلُ: سسکی لینا- الشَّيْءَ: سختی سے کھینچنا — الطِّيْبَ: خوشبو سونگھنا — فُلَانًا الدَّوَاءَ: دوا منہ میں ٹپکانا — هُ الْكَلَامَ: تلقین کرنا- سوجھانا-

نَشَعَ (ف) نُشُوْعًا: قریب الموت ہو کر صحت پانا-

نُشِعَ نَشْعًا بِكَذَا: مشتاق ہونا- فریفتہ ہونا- صفت مَنْشُوْعٌ بِهٖ-

اَنْشَعَهُ الدَّوَاءَ: منہ میں دوا ٹپکانا — هُ الْكَلَامَ: تلقین کرنا- سوجھانا-

اِنْتَشَعَ: ناک میں دوا ٹپکانا — الشَّيْءَ: سختی سے کھینچنا-

النَّشُوْعُ- ناک میں ڈالنے کی دوا- دوا جو مریض کے منہ میں ٹپکائی جائے- ہر وہ چیز جو سانس کو پھلا دے-

النَّاشِعُ- ابھرا ہوا-

النَّشِعُ- خراب مزے کا پانی-

النُّشَاعَةُ- ہاتھ سے نکال کر پھینکی ہوئی چیز-

الْمِنْشَعُ و الْمِنْشَعَةُ- منہ یا ناک میں ٹپکانے کی دوا کا برتن-

نَشَغَ (ف) نَشْغًا الْمَاءُ: پانی بہنا — هُ بِالرُّمْحِ: نیزہ مارنا — هُ الْكَلَامَ: تلقین کرنا- سکھانا — الصَّبِيَّ: بچے کے منہ میں دوا ٹپکانا — الْمَاءَ: اوک سے پانی پینا — الرَّجُلُ: سسکی لینا یہاں تک کہ بیہوشی طاری ہو جائے-

نُشِغَ الصَّبِيُّ: بچے کے منہ میں دوا ٹپکایا جانا — بِالشَّيْءِ: مشتاق ہونا- فریفتہ ہونا- صفت مَنْشُوْغٌ بِهٖ-

اَنْشَغَ عَنْهُ: علیحدہ ہونا — هُ الْكَلَامَ: تلقین کرنا- سکھانا-

تَنَشَّغَ- سسکی لینا یہاں تک کہ بیہوشی طاری ہو جائے (— و نَاشَغَ و انْتَشَغَ) الْكَلَامَ: سیکھنا اور حاصل کرنا-

النَّاشِغُ- فا- ج نُشَّغٌ مؤنث نَاشِغَةٌ- ج نَوَاشِغُ و نَاشِغَاتٌ- النَّوَاشِغُ: وادی میں بہنے کی نالیاں-

النَّشْغَةُ- لمبی لمبی سانسوں میں سے ایک سانس- موت کے وقت کی بہت ہلکی ہچکی- ج نَشَغَاتٌ-

النَّشُوْغُ- ناک میں ڈالنے کی دوا- بچہ یا مریض کے منہ میں ٹپکانے کی دوا-

الْمِنْشَغُ و الْمِنْشَغَةُ- منہ یا ناک میں دوا ٹپکانے کا برتن-

نَشِفَ (س) و نَشَفَ (ن) نَشْفًا الثَّوْبُ الْعَرَقَ او الْحَوْضُ الْمَاءَ: کپڑے کا پسینہ کو یا حوض کا پانی کو جذب کر لینا — الْمَاءُ فِي الْاَرْضِ: جذب ہونا- نَشَفَتِ الْبِئْرُ: کنوئیں کا پانی ختم ہونا-

نَشَفَ (ض) نَشْفًا الْمَاءَ: پانی کو چیتھڑے وغیرہ سے خشک کر دینا-

نَشَّفَ الْمَاءَ: پانی کو چیتھڑے وغیرہ سے خشک کر دینا- نَشَّفَتِ النَّاقَةُ: زمانہ ولادت کے قرب کی وجہ سے کبھی تھن کا بھرا ہونا اور کبھی خشک ہونا- صفت مُنَشِّفٌ- جھاگ والے دودھ والی ہونا-

اَنْشَفَهُ- جھاگ والا دودھ پلانا-

تَنَشَّفَ الثَّوْبُ الْعَرَقَ: کپڑے کا پسینہ کو جذب کرنا — الرَّجُلُ: چیتھڑے وغیرہ سے جسم پونچھنا-

اِنْتَشَفَ- جھاگ والا دودھ پینا — الْوَسَخَ و نَحْوَهُ: میل وغیرہ صاف کرنا-

النَّشْفُ- پانی کا جذب ہونا-

النِّشْفَةُ و النُّشْفَةُ- تھوڑی چیز جو برتن میں باقی رہ جائے- النُّشْفَةُ- وہ چیز جو گرم گرم ہانڈی سے نکالی جائے اور کھائی جائے-

النَّشْفَةُ- بتثلیث النون و النَّشَفَةُ جھانواں- ج نَشْفٌ و نِشْفٌ و نُشَفٌ و نِشَافٌ-

النُّشْفَةُ و النَّشَافَةُ- پانی پونچھنے کا کپڑا- جھاڑن-

النُّشْفَةُ و النُّشَافَةُ- دودھ دوہتے وقت کے جھاگ- النُّشَافَةُ: جذب شدہ پانی- وہ چیز جو گرم گرم ہانڈی سے نکالی جائے-

اَرْضٌ نَشِفَةٌ- پانی جذب کرنے والی زمین-

الْمِنْشَفَةُ- رومال- تولیہ (مولدہ) ج مَنَاشِفُ-

النَّشَّافُ- وہ شخص جو روٹی کو دیگ کے سرے پر سے تر کر کے تنہا کھائے-

نَشِقَ (س) نَشْقًا و نَشَقًا الرِّيْحَ: بو سونگھنا- — فِي الْحِبَالَةِ: پھندے میں پھنسنا-

اَنْشَقَهُ الْمِسْکَ وَنَحْوَہٗ : مشک وغیرہ سونگھانا — الظَّبْیَ فِی الْحِبَالَةِ : ہرن کو جال میں پھنسانا۔ اور کہا جاتا ہے "اَنْشَقَتْهُ الْحِبَالَةُ" اس کو جال نے پھنسا لیا — ہٗ النَّشُوْقَ : نسوار سونگھانا۔

تَنَشَّقَ وَ اِنْتَشَقَ وَ اِسْتَنْشَقَ الْمَاءَ فِیْ اَنْفِهٖ : ناک میں پانی ڈالنا۔ تَنَشَّقَ وَ اِسْتَنْشَقَ الرِّیْحَ اَوِ النَّشُوْقَ : بو یا نسوار سونگھنا۔

النُّشْقَةُ۔ بکری وغیرہ کی گردن کا پٹہ۔ ج نُشَق۔

النَّشِق۔ وہ شخص جو کسی کام میں پھنس جائے اور رہائی نہ پاسکے۔

النَّشْق وَ النَّشَق۔ سونگھنا۔ کہا جاتا ہے "رَائِحَةٌ مَکْرُوْهَةُ النَّشَق"

النَّشُوْق۔ نسوار۔ ناک میں ڈالنے کی دوا۔ ہر دوا جو سونگھی جائے۔

الْمَنْشَق۔ ناک۔ ج مَنَاشِق۔

الْمَنْشَقَة۔ وہ ڈبیہ وغیرہ جس میں نسوار رکھیں۔

نَشَلَ (ن) نُشُوْلًا الرَّجُلُ : دبلا ہونا۔ نَشَلَتِ الْفَخِذُ : کم گوشت والی ہونا۔ صفت نَاشِلَةٌ۔

نَشَلَ (ض ن) نَشْلًا الشَّیْءَ : جلدی سے اچک لینا۔ چھین لینا — الْخَاتَمَ : انگوٹھی اُتارنا نَشَلَتِ الْحَیَّةُ الرَّجُلَ : سانپ کا ڈسنا — اللَّحْمَ : گوشت بغیر مسالہ کے پکانا۔ بغیر چمچہ کے ہاتھ سے نکالنا۔

اَنْشَلَ وَ اِنْتَشَلَ اللَّحْمَ مِنَ الْقِدْرِ : گوشت کو ہانڈی سے نکالنا — مَا عَلَی الْعَظْمِ بِفِیْهِ : دانت سے چھڑا کر کھانا۔

النَّشِل۔ مص بغیر مسالہ کے پکا ہوا گوشت۔

النَّشَّال۔ اکثر بغیر مسالہ کے گوشت پکانے والا۔ روٹی کو دیگ کے سرے سے تر کرکے تنہا کھانے والا۔ گرہ کٹ۔ جیب کترا۔

النَّشِیْل۔ کنوئیں کا پہلا پانی۔ تازہ دودھ۔ پتلی تلوار۔ بغیر چمچہ کے ہاتھ سے نکالا ہوا گوشت۔ بغیر مسالہ کے پکا ہوا گوشت۔

الْمَنْشَلَة۔ انگلی کا وہ حصہ جو انگوٹھی کے نیچے رہے۔

الْمِنْشَلُ وَ الْمِنْشَال۔ کنڈی دار سیخ جس سے گوشت نکالیں۔ ج مَنَاشِل۔

نَشِمَ (س) نَشَمًا الثَّوْرُ : بیل کا سیاہ و سفید داغوں والا ہونا۔ صفت نَشِمٌ۔

نَشَّمَ اللَّحْمُ : گوشت کا بگڑ جانا۔ بودار ہو جانا — الْاَرْضُ : زمین سے پانی کا رسنا — فِیْ فُلَانٍ : بدگوئی کرنا — فِی الشَّرِّ : برائی میں مشغول ہونا — اللّٰهُ ذِکْرَ فُلَانٍ : بلند کرنا۔ شہرت دینا — وَ تَنَشَّمَ فِی الْاَمْرِ : شروع کرنا۔ تَنَشَّمَ مِنْهُ عِلْمًا : حاصل کرنا۔ استفادہ کرنا۔

النَّشَم۔ مص۔ ایک درخت کا نام جس سے کمان بناتے ہیں۔ کہا جاتا ہے "یَدِیْ نَشِمَةٌ مِنَ الْجُبْنِ وَ نَحْوِهٖ" یعنی میرا ہاتھ بودار ہے۔

الْمَنْشَم وَ الْمَنْشِم۔ ایک قسم کی خوشبو جس کا کوٹنا دشوار ہے۔ مَنْشِم : ایک عطر فروش عورت کا نام کہ جب اس سے عطر لے کر لگاتے تھے تو لڑائی بہت زیادہ تیز ہو جایا کرتی تھی۔ اسی وجہ سے یہ مثل مشہور ہے "اَشْاَمُ مِنْ عِطْرِ مَنْشِمٍ" :

الْمَنْشِم : حَبُّ بَلَسَان۔

نَشْنَشَ نَشْنَشَةً الْجِلْدَ : کھال اُتارنا۔ الشَّیْءَ : زور سے ہٹانا — الثَّوْرَ : بیل کو ہانکنا وھتکارنا — الثَّوْبَ : کپڑے اُتارنا — الْوِعَاءَ : برتن کو جھاڑنا۔ بکھیرنا — السَّلَبَ : لینا۔ نَشْنَشَتِ الْقِدْرُ : ہانڈی کا اُبال میں آواز نکالنا۔ نَشْنَشَ الرَّجُلُ : کام میں جلدی کرنا — اللَّحْمَ : گوشت کو جلدی کھانا — الْجَارِیَةَ : جماع کرنا۔

تَنَشْنَشَ مطاوع نَشْنَشَ — الشَّجَرَ : درخت سے چھال اُتارنا۔

النَّشْنَشَة۔ مص۔ زرہ۔ کاغذ۔ نئے کپڑے وغیرہ کی کھڑکھڑاہٹ۔

النَّشْنَاش وَ النَّشْنَش وَ النَّشْنَشِیّ : عمل یا حرکات میں ہلکا پھلکا۔ اَرْضٌ نَشْنَاشَةٌ : زمین شور۔

نَشِیَ یَنْشَی نَشْوَةً وَ نِشْوَةً وَ نُشْوَةً وَ تَنَشَّی وَ اِنْتَشَی وَ اِسْتَنْشَی الرِّیْحَ : سونگھنا نَشِیَ بِالشَّیْءِ : بار بار کرنا۔

نَشِیَ یَنْشَی نَشْوًا وَ نَشْوَةً وَ نِشْوَةً وَ نُشْوَةً وَ نَشَّی وَ تَنَشَّی وَ اِنْتَشَی۔ مست ہونا۔ نشہ والا ہونا۔ کہا جاتا ہے "نَشِیَ مِنَ الشَّرَابِ" : وہ شراب سے مست ہوا۔

نَشِیَ وَ اِسْتَنْشَی الْخَبَرَ : خبر دریافت کرنا۔

النَّشَا۔ عمدہ خوشبو۔ بو۔ ج اَنْشَاء (— وَ النَّشَاء) نشاستہ۔

النَّشَاة۔ خشک درخت۔ ج نَشًا۔

النَّشْوَة۔ اسم مرۃ۔ مستی یا ابتدائے مستی۔ بو۔

النِّشْوَة۔ تازہ خبر۔

النِّشْیَة۔ بو۔ ج نَشَایَا۔

النَّشْوَان۔ مست۔ مؤنث۔ نَشْوَی۔ ج نَشَاوَی۔

النَّشْیَان۔ پہلے پہل خبر کو معلوم کرنے والا۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ نَشْیَانٌ لِلْاَخْبَارِ اَوْ بِالْاَخْبَارِ"

نَصَّ (ن) نَصًّا الشَّیْءَ : بلند کرنا۔ نمایاں کرنا۔ حرکت دینا — الْحَدِیْثَ : حدیث کی سند بیان کرنا — الرَّجُلَ : پوری طرح سے دریافت کرنا — النَّاقَةَ : اونٹنی کو تیز دوڑانا — الْمَتَاعَ : سامان تہ بتہ رکھنا — الْعَرُوْسَ : دلہن کو حجلہ عروسی میں بٹھانا — فُلَانٌ عُنُقَهٗ : گردن اٹھانا — الشَّیْءُ : ظاہر ہونا۔

نَصَّ (ض) نَصِیْصًا الشِّوَاءُ عَلَی النَّارِ : بھوننے کے وقت آواز نکلنا۔ نَصَّتِ الْقِدْرُ : ہانڈی کا جوش مارنا۔

نَصْنَصَ وَ نَاصَّ مُنَاصَّةً غَرِیْمَهٗ : قرض دار سے جھگڑا کرنا اور اصرار سے طلب کرنا۔ نَصَّصَ الْمَتَاعَ : سامان تہ بتہ رکھنا۔ نَصَّصَ فُلَانٌ : تصریح کرنے میں مبالغہ کرنا۔

اِنْتَصَّ الشَّیْءُ : بلند ہونا۔ سیدھا ہونا۔ اِنْتَصَّ الرُّمْحُ : کھڑا ہونا۔ سکڑنا۔ اِنْتَصَّتِ الْعَرُوْسُ : دلہن کا حجلہ عروسی میں بیٹھنا۔

تَنَاصَّ الْقَوْمُ : ہجوم کرنا۔

النَّصّ۔ مص۔ مصرح کلام۔ ج نُصُوْص۔ وَ النَّصُّ مِنْ کُلِّ شَیْءٍ : انجام۔ انتہا۔ النَّصُّ مِنَ الْکَلَامِ : ایسا کلام جس میں تاویل کی گنجائش نہ ہو۔

النَّصَّة۔ اسم مرۃ۔ مادہ چڑیا۔

النُّصَّة۔ ماتھے پر لٹکے ہوئے بال۔ ج نُصَص و

نِصَاص۔
التَّصِيص۔ مص۔ نَصِيصُ الْقَوْمِ: لوگوں کی تعداد۔
الْمَنَصَّة۔ حجلہ عروسی۔ دلہن کیلئے آراستہ کیا ہوا کمرہ۔
الْمِنَصَّة۔ دلہن کے بٹھانے کی کرسی۔ پیوند لگے ہوئے کپڑے۔ پاؤں سے روندے ہوئے فرش۔ ج مَنَاصٌّ۔ اور کہا جاتا ہے "وُضِعَ فُلَانٌ عَلَى الْمِنَصَّةِ" یعنی فلاں کی بے عزتی کی گئی۔
النَّصَّاص۔ ناک کو حرکت دینے والا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ نَصَّاصُ الْأَنْفِ"
الْمَنْصُوْص۔ مفع۔ تصریح شدہ۔ معین۔
نَصَاهُ (ف) نَصْواً۔ پیشانی کے بال پکڑنا۔ الرَّجُلَ: ڈانٹنا۔ دفع کرنا۔
نَصَبَهُ (ض ن) نَصْبًا الْمَرَضُ او الهَمُّ: تھکانا۔ تکلیف دینا۔ نَصَبَ الشَّئَ: بلند کرنا۔ کھڑا کرنا۔ گاڑنا — الشَّجَرَةَ: پودہ لگانا — لَهُ الْحَرْبَ: کسی سے لڑائی کی بنیاد رکھنا — لَهُ الشَّرَّ: برائی ظاہر کرنا۔ لَهُ رَأْيًا: رائے دینا — لِفُلَانٍ: دشمنی کرنا۔ — الْكَلِمَةَ: کلمہ کو زبر دینا یا زبر کے ساتھ پڑھنا — الْأَمِيْرُ فُلَانًا: کسی کو عہدہ پر مقرر کرنا۔
نَصِبَ (س) نَصَبًا تھکنا — فِي الْأَمْرِ: کوشش کرنا۔
نَصَّبَ الشَّئَ: رکھنا۔ بلند کرنا۔ کہا جاتا ہے "نَصَّبَتِ الْخَيْلُ آذَانَهَا" گھوڑوں نے اپنے کان کھڑے کیے — الْأَمِيْرُ فُلَانًا: کسی کو عہدہ پر مقرر کرنا۔
أَنْصَبَهُ۔ تھکانا۔ حصہ مقرر کرنا — هُ الْمَرَضُ: تکلیف دینا۔ أَنْصَبَ الْحَدِيْثَ: سند بیان کرنا — السِّكِّيْنَ: چھری کا دستہ لگانا۔
نَاصَبَهُ مُنَاصَبَةً۔ دشمنی کرنا۔ مقابلہ کرنا — هُ الْحَرْبَ او العَدَاوَةَ: لڑائی کا اعلان کرنا، دشمنی ظاہر کرنا۔
إِنْتَصَبَ۔ کھڑا ہونا۔ بلند ہونا — الْحَرْفُ: حرف پر زبر ہونا — الطَّاهِي: پکانے والے کا ہانڈی چڑھانا۔
تَنَصَّبَ۔ کھڑا ہونا — الْغُبَارُ و نَحْوُهُ: بلند ہونا۔
تَنَاصَبُوْا الشَّئَ: باہم تقسیم کرنا۔
النَّصْب۔ مص۔ کھڑا کیا ہوا جھنڈا۔ بلا۔ مرض۔ نتیجہ — عِنْدَ النُّحَاةِ: ایک حرکت اعرابی کا نام اور اسی کے مقابلہ میں بنائی حرکت کو فتح کہتے ہیں۔ نَصْبُ الْعَرَبِ: ایک قسم کا راگ جو حدی کے مشابہ ہے۔
النِّصْب۔ حصہ (نصیب میں ایک لغت)
النُّصْب و النُّصُب۔ کھڑی کی ہوئی چیز۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا نُصْبُ عَيْنِيْ" یعنی یہ میری نگاہ کے سامنے ہے۔ بت۔ ج أَنْصَاب۔ مرض۔ بلا و مصیبت۔ النُّصْب: حصہ: ہر وہ چیز جو علامت مقرر کی جائے۔ نِصَاب کی جمع۔
الْأَنْصَاب۔ پتھر جو کعبہ کے اردگرد کھڑے کئے گئے تھے اور وہاں جانور غیر اللہ کے نام کا ذبح کرتے تھے۔
النَّصَب۔ مص۔ کھڑی کی ہوئی علامت۔ ج أَنْصَاب۔
النَّصِب۔ بیمار۔ مبتلاء درد۔
النَّصْبَة۔ نَصَب کا اسم مرة۔ نصب کی علامت گاڑنے کے لیے پودہ۔
النِّصْبَة۔ گاڑنے کی نوعیت۔
النُّصْبَة۔ ستون وغیرہ جو راستہ بتانے کے لیے کھڑا کیا جائے۔ ج نُصَب۔
النِّصَاب۔ اصل۔ مرجع۔ سورج غروب ہونے کی جگہ۔ ہر چیز کی ابتدا۔ چھری کا دستہ۔ مال کی وہ مقدار جس پر زکوٰۃ واجب ہو۔ ج نُصُب۔
النَّصِيْب۔ حصہ۔ حوض۔ نصب کیا ہوا پھندا ج أَنْصِبَة و أَنْصِبَاء و نُصُب۔
النَّصِيْبَة۔ حوض کے اردگرد کا پتھر۔ ج نَصَائِب۔
النَّاصِب۔ فا۔ تیز رفتار۔ هَمٌّ نَاصِبٌ: تھکا دینے والا غم — عِنْدَ النُّحَاةِ: نصب دینے والا عامل ج نَوَاصِب۔
النَّصَّاب۔ ہر کام میں خود گھسنے والا۔
الْأَنَاصِيب و التَّنَاصِيب۔ راستہ پر کھڑے کیے ہوئے نشانات۔
الْأَنْصَب۔ سیدھے سینگوں والا۔ مؤنث نَصْبَاء۔ و نَاقَةٌ نَصْبَاء: ابھرے ہوئے سینہ والی
اونٹنی۔
الْمَنْصِب۔ اصل۔ مرجع۔ حسب و شرافت اور اسی سے ہے مَنْصِب بمعنے عہدۂ حکومت ج مَنَاصِب۔ کہا جاتا ہے "لِفُلَانٍ مَنْصِب" یعنی فلاں کے لیے علو مرتبہ ہے۔
الْمِنْصَب۔ دیگدان آہنی۔ ج مَنَاصِب۔
الْمَنْصَبَة۔ رنج و کلفت۔ کہا جاتا ہے "عَيْشٌ ذُوْ مَنْصَبَةٍ" رنج و کلفت والی زندگی۔
الْمُنَصَّب۔ مفع۔ أَسْنَانٌ مُنَصَّبَةٌ: خوبصورت ترتیب وار دانت۔
الْمَنْصُوْب۔ مفع۔ وہ کلمات جن پر نصب ہو۔
الْمَنْصُوْبَة۔ الْمَنْصُوْب کا مؤنث۔ حیلہ۔ کہا جاتا ہے "سَوَّىٰ لَهُ مَنْصُوْبَةً" اس نے اس کے لیے حیلہ سوچا۔
نَصَتَ (ض) نَصْتًا و أَنْصَتَ و إِنْتَصَتَ لَهُ: بات سننے کے لیے خاموش رہنا۔ أَنْصَتَهُ: خاموش کرنا۔
تَنَصَّتَ۔ خاموش رہنے اور سننے کی کوشش کرنا۔
إِسْتَنْصَتَ۔ خاموش کھڑا ہونا — هُ خاموش رہنے کی درخواست کرنا۔
النُّصْتَة۔ خاموشی۔
نَصَحَ (ف) نَصْحًا و نُصْحًا و نَصَاحَةً و نِصَاحَةً و نَصَاحِيَةً۔ فُلَانًا و بِفُلَانٍ: نصیحت کرنا۔ مخلص ہونا۔ صفت نَاصِحٌ ج نُصَّاحٌ و نُصَّحٌ۔ کہا جاتا ہے "لَا أُرِيْدُ مِنْكَ نُصْحًا وَلَا اِنْتِصَاحًا" یعنی میں نہیں چاہتا کہ تم مجھ کو نصیحت کرو اور نہ مجھے ناصح سمجھو۔
نَصَحَ (ف) نَصْحًا و نُصُوْحًا الشَّئُ: خالص ہونا۔ صاف ہونا — تَوْبَتَهُ: پختہ توبہ کرنا — الْعَمَلَ: خالص طریقہ سے کرنا — الْعَسَلَ: شہد صاف کرنا — الثَّوْبَ: کپڑا سینا — الْغَيْثُ الْبَلَدَ: اچھی طرح سے سیراب کر کے سبزہ زار کر دینا۔
نَاصَحَهُ مُنَاصَحَةً۔ ایک دوسرے کو نصیحت کرنا — نَفْسَهُ بِالتَّوْبَةِ: خالص توبہ کرنا۔
أَنْصَحَ الرَّاعِيُ الْإِبِلَ: سیراب کرنا۔
تَنَصَّحَ۔ بہت نصیحت کرنا۔ نصیحت کرنے

والوں کے مشابہ ہونا — الثَّوبَ: کپڑا سینا۔

اِنْتَصَحَ۔ نصیحت قبول کرنا — فُلَانًا خیر خواہ سمجھنا۔

اِسْتَنْصَحَهٗ۔ خیر خواہ سمجھنا۔

النِّصَاحُ۔ دھاگہ۔ سلک۔ ج نُصُحٌ و نِصَاحَةٌ۔

النِّصَاحَات۔ چمڑے اسلئے کہ بعض کو بعض سے ملا کر سیتے ہیں۔ پھندے۔ واحد نِصَاحَة۔

النَّاصِحُ۔ خالص شہد وغیرہ۔ اور کہا جاتا ہے "رَجُلٌ نَاصِحُ الْجَيْبِ" یعنی صاف دل مرد۔

النَّاصِحُ و النَّصَّاحُ و النَّاصِحِيُّ۔ درزی۔

النَّصِيحُ۔ خیر خواہ۔ نصیحت کرنے والا۔ ج نُصَحَاء۔

النَّصُوحُ۔ نصیحت کرنے والا (مذکر و مؤنث)

تَوْبَةٌ نَصُوحٌ: خالص توبہ۔

النَّصِيحَةُ۔ اسم مصدر۔ اخلاص۔ خیر و صلاح کی طرف بلانا اور شر و فساد سے روکنا۔ ج نَصَائِحُ۔

غُيُوثٌ نَوَاصِحُ۔ لگاتار بارشیں۔

اَلْمِنْصَحُ و المِنْصَحَةُ۔ سوئی۔

الْمُتَنَصَّحُ۔ مفع۔ ثَوْبٌ مُتَنَصَّحٌ۔ پیوند لگا ہوا یا سلا ہوا کپڑا۔ اور کہا جاتا ہے "اِنَّ فِيْ ثَوْبِهٖ مُتَنَصَّحًا" اس کے کپڑے میں سینے کی جگہ ہے۔

نَصَرَهٗ (ن) نَصْرًا۔ مدد کرنا — هٗ مِنْ و عَلٰی عَدُوِّهٖ: دشمن سے نجات دلانا۔ کسی کے برخلاف مدد دینا۔ نَصَرَ الْغَيْثُ الْاَرْضَ: عالمگیر بارش ہونا۔

فُلَانًا: دینا۔

نُصِرَتِ الْاَرْضُ: بارش ہونا۔

نَصَّرَهٗ۔ نصرانی بنانا۔

نَاصَرَهٗ مُنَاصَرَةً۔ ایک دوسرے کی مدد کرنا۔

تَنَصَّرَ۔ نصرانی ہونا۔ تَنَصَّرَ لَهٗ: مدد کی کوشش کرنا۔

تَنَاصَرَ الْقَوْمُ: باہم مدد کرنا۔ کہا جاتا ہے "تَنَاصَرَتِ الْاَخْبَار" یعنی خبروں نے ایک دوسرے کی تصدیق کی۔

اِنْتَصَرَ۔ مدد کرنے میں غالب ہونا۔ کامیاب ہونا۔ ظالم سے بچنا — مِنْ عَدُوِّهٖ: دشمن سے بدلہ لینا — عَلٰی خَصْمِهٖ: غالب ہونا۔

اِسْتَنْصَرَهٗ۔ مدد طلب کرنا۔ اِسْتَنْصَرَ بِهٖ: فریاد کرنا — فُلَانًا عَلٰی فُلَانٍ: کسی کے برخلاف مدد کرنے کی درخواست کرنا۔

النَّصْرُ۔ مص۔ مددگار۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ نَصْرٌ و قَوْمٌ نَصْرٌ" بمعنے رَجُلٌ نَاصِرٌ و قَوْمٌ نَاصِرُوْنَ۔ جمع نَاصِرٌ کی جیسے رَكْبٌ جمع رَاكِبٌ کی۔ النَّصْرُ: بارش۔

النَّصْرَةُ۔ نصر کا اسم مرۃ۔ کامل بارش۔

النُّصْرَةُ۔ مدد اور بہترین اعانت۔ کامل بارش۔

النَّصْرَانِيُّ۔ شہر ناصرہ کی طرف منسوب۔ وہ لوگ جو حضرت عیسٰی علی نبینا وعلیہ الصلوٰۃ والسلام کے تبع ہیں۔ ج نَصَارٰی مؤنث نَصْرَانِيَّة۔

النَّصْرَانِيَّة۔ نصاریٰ کا دین۔

النَّصْرَان۔ نصرانی۔ مؤنث نَصْرَانَة۔

النَّاصِرُ۔ فا۔ ج نَاصِرُوْنَ و نُصَّار و نَصْر و اَنْصَار و الْاَنْصَار عَلَى الْاِطْلَاقِ: نبی کریم ﷺ کے مددگار جو باشندگانِ مدینہ طیبہ تھے۔ اور نسبت کے لیے اَنْصَارِيٌّ کہا جاتا ہے۔ النَّاصِرُ: وادی کی طرف بہنے کی نالی۔ ج نَوَاصِر۔ کہا جاتا ہے "مَدَّتِ الْوَادِيَ النَّوَاصِرُ" وادی کو نالیوں نے بڑھا دیا۔

النَّاصِرَةُ النَّاصِر کا مؤنث۔ و نَاصِرہ ایک شہر کا نام جو حضرت عیسٰی علی نبینا وعلیہ الصلوٰۃ والسلام کی جائے پیدائش تھی اور نسبت کیلئے نَاصِرِيٌّ۔

النَّصُوْرُ و النُّصَر۔ مددگار۔

النَّصِيْرُ۔ مددگار۔ ج نُصَرَاء و اَنْصَار۔

النَّصِيْرَةُ۔ النَّصِيْر کا مؤنث۔ عطیہ۔ ج نَصَائِر۔

النُّصَيْرِيَّة۔ غالی شیعوں کا ایک فرقہ جو شام کے شمال میں رہتے ہیں اور اپنے اعتقادات کو لوگوں سے چھپاتے ہیں۔ واحد نُصَيْرِيٌّ۔

النَّاصُوْرُ۔ ناسور۔ ج نَوَاصِيْر۔

النَّصَّار۔ بہت مدد کرنے والا۔

الْاَنْصَر۔ غیر مختون۔

الْمَنْصُوْر۔ مفع۔ اَرْضٌ مَنْصُوْرَةٌ: بارش شدہ زمین۔

نَصَعَ (ف) نُصُوْعًا و نَصَاعَةً الشَّيْءُ: خالص ہونا (— نُصُوْعًا) الْاَمْرُ: واضح ہونا۔ ظاہر ہونا۔ کہا جاتا ہے "نَصَعَ الْحَقُّ" یعنی حق ظاہر ہو گیا — اللَّوْنُ: بہت سفید ہونا — الشَّارِبُ۔ پیاسے کا پیاس بجھانا — الْاُمُّ بِهٖ: جننا۔ کہا جاتا ہے "قَبَّحَ اللّٰهُ اُمًّا نَصَعَتْ بِهٖ" اللہ اس ماں کا برا کرے جس نے اس کو جنا ہے (— و اَنْصَعَ) بِالْحَقِّ: حق کا اقرار کر کے ادا کرنا۔ اَنْصَعَ لِلشَّرِّ: برائی کے درپے ہونا۔

النَّصْعُ و النِّصْعُ و النُّصُعُ۔ بہت سفید چمڑا یا کپڑا۔

النِّصَعُ۔ چمڑے کا فرش جس پر مجرم کو قتل کیا جاتا تھا۔

النَّاصِعُ و النَّصِيْعُ۔ خالص۔ صاف۔ کہا جاتا ہے "اَصْفَرُ نَاصِعٌ اَبْيَضُ نَاصِعٌ حَقٌّ نَاصِعٌ" خالص حق۔ حَسَبٌ نَاصِعٌ: خالص حسب۔ کہا جاتا ہے اَحْمَرُ نَصَّاعٌ یعنی خالص سرخ۔ حُمْرَةٌ نَصَاعَةٌ: خالص سرخی۔

الْمَنَاصِعُ۔ قضاء حاجت کے مقامات۔ واحد مَنْصَع۔

نَصَفَهٗ (ن ض) نَصْفًا۔ آدھے تک پہنچنا۔ کہا جاتا ہے "نَصَفْتُ عُمْرِيْ" میں اپنی آدھی عمر کو پہنچا۔ و "نَصَفْتُ الْكِتَابَ" میں آدھی کتاب تک پہنچا۔ نَصَفَ النَّهَارُ وَ غَيْرُهٗ: دن کا آدھے تک پہنچنا (— نَصْفًا و نَصَافًا و نِصَافًا و نَصَافَةً و نِصَافَةً) الرَّجُلَ: خدمت کرنا۔

نَصَفَ (ن) نَصْفًا و نَصَافَةً و نِصَافَةً الشَّيْءَ: آدھا لینا — الْقَوْمَ: آدھا وصول کرنا۔ — الشَّيْءَ بَيْنَ الرَّجُلَيْنِ: آدھا آدھا تقسیم کرنا۔ — الْقَدَحَ: پیالہ سے آدھا پینا (نَصَفَ (ن) نُصُوْفًا) النَّخْلُ: کچھ سرخ کچھ سبز کھجوروں والا ہونا۔

نَصَّفَ الشَّيْءَ: آدھا آدھا کرنا۔ آدھا لینا۔ النَّهَارُ: دن کا آدھا ہونا — رَاْسُ فُلَانٍ: سر کا آدھا سفید آدھا سیاہ ہونا — الرَّجُلُ: ادھیڑ عمر والا ہونا — الْجَارِيَةَ: اوڑھنی اوڑھانا — النَّخْلُ: کچھ سرخ کچھ سبز کھجوروں والا ہونا۔

اَنْصَفَ الشَّيْءُ: آدھے تک پہنچنا — الشَّيْءَ: آدھا لینا — الرَّجُلُ: انصاف ور ہونا — الْمُسَافِرُ: آدھے دن چلنا — الْخَصْمَيْنِ: انصاف سے فیصلہ کرنا — مِنْ

فُلَانٍ: پورا حق وصول کرنا —— فُلَانًا: خدمت کرنا —— المَاءُ الْإِنَاءَ: آدھے تک بھرنا۔ اور کہا جاتا ہے "أَنْصَفْتُ الْمَاءُ الْإِنَاءَ": آدھے تک برتن کو پانی سے بھردیا۔

نَاصَفَهُ مُنَاصَفَةً۔ آدھا آدھا بانٹنا۔ نَاصَفَهُ الْمَالَ: آدھا مال دینا۔

تَنَصَّفَ الْأَمِيْرَ: انصاف کرنے کی درخواست کرنا۔ الشَّيْبُ فُلَانًا: تمام بال سفید ہونا —— الرَّجُلَ: خدمت کرنا —— فُلَانٌ فُلَانًا: خدمت کرانا۔ بھلائی طلب کرنا۔ مطیع ہونا —— الشَّيْءَ: آدھا لینا۔ اور کہا جاتا ہے "تَنَصَّفْنَاكَ بَيْنَنَا" یعنی ہم نے تم کو اپنے درمیان کرلیا۔

إِنْتَصَفَ النَّهَارُ وَغَيْرُهُ: دن کا آدھے تک پہنچنا —— سَهْمُهُ فِي الصَّيْدِ: تیر کا شکار کے جسم میں آدھا داخل ہونا —— الشَّيْءَ: آدھا لینا۔

تَنَصَّفَ و اِنْتَصَفَ مِنْ فُلَانٍ: انصاف چاہنا۔ حق لینا۔ بدلہ لینا۔ تَنَصَّفَتْ و اِنْتَصَفَتِ الْجَارِيَةُ: اوڑھنی اوڑھنا۔

تَنَاصَفَ الْقَوْمُ: ایک دوسرے سے انصاف کرنا۔

اِسْتَنْصَفَ۔ انصاف کرنا —— مِنْ فُلَانٍ: پورا حق وصول کرنا۔

النِّصْفُ۔ بتثلیث النون: کسی چیز کا آدھا ج أَنْصَاف۔

النَّصَفُ۔ درمیانی عمر والا۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ نَصَفٌ" ج نَصَفُوْن و أَنْصَاف و اِمْرَأَةٌ نَصَفٌ ج نُصُفٌ و نُصْفٌ و أَنْصَاف۔ اور کہا جاتا ہے "إِنَّ فُلَانَةً لَعَلَى نَصَفِهَا" یعنی فلاں عورت آدھی جوانی پر ہے (—— و النَّصَفَة) انصاف وعدل۔

النِّصْفُ وَقَدْ تَثَلَّثَ النُّوْنُ: انصاف رَجُلٌ نِصْفٌ: درمیانی عمر یا قد والا۔ اور اسی طرح کہا جاتا ہے "اِمْرَأَةٌ نِصْفٌ و رِجَالٌ او نِسَاءٌ نِصْفٌ" واحد ہی کالفظ کر مؤنث واحد جمع سب میں مستعمل ہے۔

النَّصِيْفُ۔ آدھا۔ ہر وہ چیز جو سر کو چھپائے جیسے اوڑھنی اور عمامہ وغیرہ —— مِنَ الْبُرْدِ: دو رنگوں والی چادر۔

النَّاصِفُ۔ فا۔ خادم ج نَصَفٌ و نَصَفَةٌ و نُصَّافٌ۔

النَّاصِفَةُ: النَّاصِف کا مؤنث۔ نَاصِفَةُ الْمَاءِ: نالی۔ ج نَوَاصِف۔

النَّصْفَانِ مِنَ الْآنِيَةِ وَنَحْوِهَا: نصف تک بھرا ہوا برتن۔ مؤنث نَصْفَى۔

الْأَنْصَفُ۔ بہت انصاف کرنے والا اور یہ أَنْصَف سے اسم تفضیل خلاف قیاس ہے۔

الْمَنْصَفُ و الْمَنْصِفُ مِنَ الطَّرِيْقِ: راستے کا آدھا۔

الْمِنْصَفُ و الْمَنْصَفُ۔ خادم۔ مؤنث۔ مَنْصَفَةٌ ج مَنَاصِف۔

الْمُنَصَّفُ۔ مفع۔ شراب جس کو پکا کر آدھا کردیا گیا ہو۔

مُنْتَصَفُ الشَّيْءِ و مَنْصَفُهُ: ہر چیز کا درمیان۔

الْمُتَنَاصِفُ مِنَ الرِّجَالِ: سڈول بدن کا مرد۔ مَكَانٌ مُتَنَاصِفٌ: برابر برابر اجزاء والی جگہ۔

نَصَلَ (ن) نَصْلًا السَّهْمَ: تیر میں پیکان لگانا —— السَّهْمُ: پیکان لگنا۔

نَصَلَ (ن) نَصْلًا و نُصُوْلًا مِنْ كَذَا نکلنا۔ کہا جاتا ہے "نَصَلَ السَّهْمُ مِنْ نَصْلِهِ" تیر پیکان سے نکل گیا۔ "و نَصَلَتِ الْخَيْلُ مِنَ الْغُبَارِ" گھوڑے غبار سے نکل گئے و "نَصَلَ الطَّرِيْقُ مِنْ مَوْضِعِ كَذَا" راستہ فلاں جگہ سے نکل گیا۔ نَصَلَتِ اللِّحْيَةُ: داڑھی سے خضاب کا رنگ زائل ہونا —— اللَّسعةُ او الحُمَةُ: ڈنک کا اثر اتر جانا۔ و نَصَلَ بِحَقِّي صَاغِرًا: نکالنا —— مِنْ بَيْنِ الْجِبَالِ: ظاہر ہونا —— النَّاقَةُ: اونٹوں سے آگے بڑھ جانا۔

نَصَّلَ و أَنْصَلَ السَّهْمَ: تیر میں پیکان لگانا۔ وَأَنْصَلَ السَّهْمَ: پیکان جدا کرنا۔ أَنْصَلَ الشَّيْءَ مِنَ الشَّيْءِ: نکالنا۔

تَنَصَّلَ الشَّيْءَ: نکالنا۔ پسند کرنا —— الرَّجُلَ: کسی کی ساری چیزیں لے لینا۔ تَنَصَّلَ إِلَى فُلَانٍ مِنَ الْجِنَايَةِ: کسی کے پاس اپنے آپ کو بری کرنا —— مِنْ كَذَا: نکلنا —— اللِّحْيَةَ: داڑھی سے خضاب کا رنگ زائل ہونا —— كَمَدُ فُلَانٍ: رنج و غم زائل ہونا۔

إِنْتَصَلَ السَّهْمُ: پیکان نکلنا۔

تَنَاصَلَ۔ نکلنا۔

اِسْتَنْصَلَهُ۔ نکالنا۔ اِسْتَنْصَلَتِ الرِّيْحُ الْيَبِيْسَ: جڑ سے اکھیڑنا۔

النَّصْلُ۔ مع۔ پیکان۔ چاقو کا پھل۔ اور بسا اوقات تلوار کو بھی نَصْل کہتے ہیں۔ ج نِصَال و أَنْصُل و نُصُوْل و نَصْلُ الرَّأْسِ: سر کا بالائی حصہ۔ اور کہا جاتا ہے "مِغْوَلٌ نَصْلٌ" کدال جس کا دستہ نکلا ہوا ہو۔ النَّصْلَانِ: پیکان اور بھالا۔

النَّصْلَةُ۔ ایک پیکان۔

النَّصِيْلُ۔ کلہاڑا۔ سر کا بالائی حصہ۔ تالو۔ ٹھڈی کے نیچے گردن اور سر کا جوڑ۔ بھوسہ اور مٹی سے صاف گیہوں۔ وادی کی ایک شاخ۔ نَصِيْلُ الْحَجَرِ: پتھر کی سطح۔ ج نُصُل۔ النَّصِيْلُ و النَّصَل و الْمِنْصَال: لمبا پتھر جس سے کوٹنے کا کام لیا جائے۔

الْمُنْصُلُ و الْمُنْصَلُ تلوار۔ ج مَنَاصِل۔ مُنْصِلُ الْأَسِنَّةِ و مُنْصِلُ الْإِلِّ۔ نام ماہِ رجب کا۔

النَّصْمَةُ۔ تصویر جس کی تعظیم کی جائے۔

نَصْنَصَ الْبَعِيْرُ: اٹھنے کے لیے دونوں زانو زمین میں لگانا —— الشَّيْءَ: ہلانا —— فِي مَشْيِهِ: چلنے میں جھومنا۔

حَيَّةٌ نَصْنَاصٌ۔ بہت حرکت کرنے والا سانپ۔

نَصَا يَنْصُوْ نَصْوًا و أَنْصَى الرَّجُلَ: پیشانی کے بال پکڑنا۔ نَصَتِ الْمَاشِطَةُ الْمَرْأَةَ: پیشانی کے بالوں میں کنگھی کرنا۔ نَصَا فُلَانٌ الثَّوْبَ: اتارنا۔ دور کرنا۔

نَاصَى نِصَاءً و مُنَاصَاةً الرَّجُلَ: ایک دوسرے کے پیشانی کے بال پکڑنا۔ نَاصَى الشَّيْءُ الشَّيْءَ: متصل ہونا۔

تَنَصَّى الرَّجُلُ الْقَوْمَ: قوم کی بہترین عورت سے شادی کرنا۔ تَنَصَّتِ الْمَرْأَةُ: پیشانی کے بالوں میں کنگھی کرنا۔ تَنَصَّى الشَّيْءُ بِالشَّيْءِ: متصل ہونا۔

تَنَاصَى الْقَوْمُ: جھگڑے میں ایک دوسرے

پیشانی کے بالوں کو پکڑنا — الاَغْصَانُ و نَحْوُھَا : ٹہنیوں کا ہوا چلنے کے وقت قریب ہونے کی وجہ سے ایک دوسرے سے الجھنا۔

النَضْو۔ مص۔ پیٹ کا درد۔

النَاصِیَة۔ پیشانی یا پیشانی کے بال جبکہ لمبے ہوں۔ ج نَوَاصٍ و نَاصِیَات۔ اور کہا جاتا ہے "اَذَلَّ فُلَانٌ نَاصِیَةَ فُلَانٍ" یعنی فلاں نے فلاں کی اہانت کی۔ نَوَاصِیُ النَّاسِ : قوم کے بڑے بڑے لوگ۔ عمائد۔

المُنْتَصَی۔ دو وادیوں کے ملنے کی جگہ۔ دو وادیوں کے بالائی حصّہ کے ملنے کی جگہ۔

اَنْصَی اِنْصَاءً المَکَانُ : (پانی) : بہت نصی والی ہونا (دیکھئے لفظ نَصِیٌّ)

اِنْتَصَی اِنْتِصَاءً الشَّعْرُ : بال کا طویل ہونا۔ — الْجَبَلُ او الْاَرْضُ : پہاڑ یا زمین کا بلند ہونا — الشَّیْءَ : چننا۔

النَصِیّ۔ ایک عمدہ قسم کا چارہ۔ واحد نَصِیَّةٌ ج اَنْصَاء جج اَنَاصٍ۔ النَصِیّ : گردن کی ہڈی ج اَنْصِیَة۔

النَصِیَّة۔ بمعنے نَصِیٌّ — مِنَ الْقَوْمِ او الْاِبِلِ وَغَیْرِھَا : برگزیدہ و عمدہ۔ کہا جاتا ہے "ھٰذِہٖ نَصِیَّتِیْ" یہ میرا عمدہ مال ہے۔ النَصِیَّة : بقیہ۔ ج نَصِیٌّ و جج اَنْصَاء و اَنَاصٍ۔

نَضَّ (ض) نَضًّا و نَضِیْضًا المَاءُ تھوڑا تھوڑا بہنا یا رسنا۔ نَضَّ مَالُهٗ : سامان کے بعد نقدی ہونا — الشَّیْءَ : ظاہر کرنا — الطَّائِرُ جَنَاحَیْهِ : پرندہ کا بازوؤں کو ہلانا — العُوْدُ : لکڑی سے جلنے میں دوسرے سرے پر پانی نکلنا — القِرْبَةُ مِنْ شِدَّةِ المَلا : مشک کا زیادہ بھر جانے سے پھٹنا۔

نَضَّ (ض) نَضِیْضًا الْاَمْرُ : ممکن ہونا۔ کہا جاتا ہے "مَا نَضَّ بِیَدِیْ مِنْهُ شَیْءٌ" یعنی مجھ کو اس سے کچھ حاصل نہیں ہوا۔ "وَخُذْ مَا نَضَّ لَكَ مِنْ دَیْنٍ او ثَمَنٍ" قرض یا قیمت سے جو کچھ آسانی سے جلدی وصول ہوسکے لو۔

نَضْنَضَ الرَّجُلُ : بہت درہم و دینار والا ہونا — الشَّیْءَ : ہلانا۔

اَنَضَّ و تَنَضَّضَ الْحَاجَةَ : پورا کرنا۔

تَنَضَّضَ و اِسْتَنَضَّ حَقَّهٗ مِنْ فُلَانٍ : تھوڑا تھوڑا کر کے وصول کرنا۔ تَنَضَّضَ فُلَانًا : برانگیختہ کرنا۔ اکسانا۔ اِسْتَنَضَّ الْمَعْرُوْفَ اَوِ الْخَبَرَ : تھوڑا تھوڑا کر کے فائدہ حاصل کرنا۔

النَضّ۔ مص۔ درہم و دینار۔ کہا جاتا ہے "اِسْتَخْلَصَهٗ مِنْهُ نَضًّا" اس نے اس سے نقد حاصل کیا۔ اَمرِ مکروہ۔ کہا جاتا ہے "اَتٰی بِاَمْرٍ نَضٍّ" اس نے امر مکروہ کیا۔ رَجُلٌ نَضُّ اللَّحْمِ : کم گوشت والا آدمی۔

النَاضّ۔ فا۔ درہم و دینار۔ کہا جاتا ہے "اَمْرٌ نَاضٌّ" یعنی امر ممکن "وَمَاءٌ نَاضٌّ" دیر تک باقی رہنے والا پانی۔

النِضَاض۔ تھوڑا تھوڑا فائدہ حاصل کرنا۔

النُضَاضَةُ مِنَ المَاءِ وَغَیْرِهٖ : بقیہ۔ تھوڑی سی چیز۔ نُضَاضَةُ الرَّجُلِ : مرد کا آخری بچہ۔ کہا جاتا ہے "ھُوَ نُضَاضَةُ اَبَوَیْهِ" وہ اپنے ماں باپ کا آخری لڑکا ہے۔

النَضَّاض۔ اسم مبالغہ مؤنث نَضَّاضَة۔

بِئْرٌ نَضُوْض۔ کنواں جس سے پانی تھوڑا تھوڑا نکلے۔

النَضِیْض۔ مص۔ تھوڑا سا پانی وغیرہ ج نِضَاضٌ اور کہا جاتا ہے رَجُلٌ نَضِیْضُ اللَّحْمِ : کم گوشت والا مرد۔ "وَجَاءَ الْقَوْمُ بِاَقْصٰی نَضِیْضِھِمْ" قوم اپنی انتہائی جماعت تک کو لائی۔

النَضِیْضَة۔ تھوڑی بارش۔ ج اَنِضَّة و نَضَائِض اور کہا جاتا ہے "جَاءُوْا بِاَقْصٰی نَضِیْضَتِھِمْ" لوگ آخری جماعت تک لائے "وَاِبِلٌ نَضِیْضَةٌ و نَضَائِضُ" پیاسے اونٹ جو سیراب نہ ہوں۔

النَضَائِض : گرم پتھر پر گوشت بھوننے کی آواز۔ واحد نَضِیْضَةٌ۔

نَضَبَ (ن) نَضْبًا المَاءُ : جاری ہونا۔ بہنا۔ نَضَبَ عُمْرُهٗ : ختم ہونا۔

نَضَبَ (ن ض) نُضُوْبًا المَاءُ : پانی کا زمین میں اترنا۔ خشک ہونا — عَنِ الشَّیْءِ : کشادہ ہونا۔ کہا جاتا ہے نَضَبَ عَنْهُ الْبَحْرُ : یعنی پانی خشک ہوگیا — الْخَیْرُ : کم ہونا — عَیْنُهٗ : آنکھ کا دھنس جانا۔ نَضَبَتِ الْمَفَازَةُ : بیابان کا دور ہونا۔

نَضَبَ الْقَوْمُ : دور ہونا — فُلَانٌ : مرنا۔ اور کہا جاتا ہے "نَضَبَ مَاءُ وَجْهِهٖ" یعنی وہ بے شرم ہوا — فُلَانٌ الثَّوْبَ : کپڑا اتارنا۔

نَضَّبَ المَاءُ : پانی کا زمین میں جذب ہونا۔ نَضَّبَتِ النَّاقَةُ : اونٹنی کا دودھ کم ہونا۔

اَنْضَبَ الْقَوْسَ : کمان سے آواز نکلنے کے لئے تانت کو کھینچنا۔

النَاضِب۔ فا۔ غَدِیْرٌ نَاضِبٌ : خشک شدہ تالاب۔ مَکَانٌ نَاضِبٌ : دور کی جگہ ج نُضَّب۔

التَنْضَب۔ ایک خاردار درخت جس کی لکڑی سفید ہوتی ہے اور دیکھنے میں خشک معلوم ہوتی ہے اگرچہ تر ہی کیوں نہ ہو اور اس درخت پر گرگٹ بہت رہتے ہیں۔ ج تَنَاضِب۔

نَضِجَ (س) نَضْجًا الثَّمَرُ او اللَّحْمُ : پھل یا گوشت کا پکنا۔ صفت نَاضِج و نَضِیْج (— و نضجت) النَّاقَةُ بِوَلَدِھَا : اونٹنی کا وقت ولادت گزار دینا اور بچہ نہ دینا۔

اَنْضَجَ الثَّمَرَ او اللَّحْمَ : پھل یا گوشت پکانا۔

اِسْتَنْضَجَ الْکُرَاعَ اَیْ یَدَ الشَّاةِ : بکری کے پائے پکانا۔

النُضْج و النَضْج۔ پختگی۔ کہا جاتا ہے "ھُوَ نَضِیْجُ الرَّأْیِ" یعنی وہ مضبوط رائے والا ہے وَاَمْرٌ مُنْضَجٌ مضبوط معاملہ۔

المِنْضَاج۔ گوشت بھوننے کی سیخ۔

نَضَحَ (ف ض) نَضْحًا الْبَیْتَ بِالْمَاءِ : پانی چھڑکنا — عَلَیْهِ الْمَاءَ پانی چھڑکنا — الْجِلْدَ : کھال تر کرنا — عَطْشَهٗ : پیاس بجھانا۔ آسودگی سے کم پینا — الْبَعِیْرُ الْمَاءَ : کھیت میں ڈالنے کے لیے نہر یا کنوئیں سے لانا — فُلَانًا بِالنَّبْلِ تیراندازی کرنا۔ نَضَحَ عَنْ نَفْسِهٖ : مدافعت کرنا۔

نَضَحَ الزَّرْعُ : کھیتی کا دانہ دار ہونا — الشَّجَرُ : پتے نکلنے کے لیے پھٹنا — النَخْلَ : پانی لانے والی اونٹنی سے پانی لا کر سیراب کرنا۔

نَضَحَ (ف) نَضْحًا و تَنْضَاحًا الْاِنَاءُ برتن کا ٹپکنا — الفَرَسُ : پسینہ والا ہونا۔ نَضَحَتِ الْعَیْنُ : آنسو بہانا — السَّمَاءُ الْقَوْمَ : برسانا۔

اَنْضَحَ الزَّرْعُ او الشَّجَرُ : بمعنی نضح — عِرْضَ فُلَانٍ : آلودہ کرنا۔ خراب کرنا۔

نَاضَحَ مُنَاضَحَةً عَنْ كَذَا :مدافعت کرنا۔
اِنْتَضَحَ الْمَاءُ عَلَيْهِ :پانی چھڑکا جانا (— و اِسْتَنْضَحَ الْمُتَوَضِّئُ) وضوء کے بعد شرمگاہ پر پانی چھڑکنا۔
تَنَضَّحَتِ و انْتَضَحَتِ الْعَيْنُ : آنسو بہانا۔
اِنْتَضَحَ مِنْ كَذَا :بیزار ہونا۔
النَّضْحُ۔مص۔پانی وغیرہ کا چھڑکاؤ۔پانی جس سے کھیت سیراب کیا جائے۔النَّضَحُ : ہر وہ چیز جو پانی کی طرح رقیق ہو۔ج نُضُوْحٌ و اَنْضِحَةٌ۔
النَّضَحُ۔حوض۔ج نُضُوْحٌ و اَنْضَاحٌ۔
النَّضِيْحُ۔حوض۔پسینہ۔ج نُضُحٌ۔
النَّاضِحُ۔فا۔اُونٹ جس پر پانی سیراب کرنے کیلئے لایا جائے۔مؤنث۔نَاضِحَةٌ۔ج نَوَاضِحُ بارش۔پانی چھڑک کر سیراب کی ہوئی جگہ۔
النَّضَّاحُ۔اسم مبالغہ۔کھجوروں کو سیراب کرنے والا۔سیراب کرنے والے اُونٹوں کو ہانکنے والا۔مؤنث نَضَّاحَةٌ قَوْسٌ نَضَّاحَةٌ بِالنَّبْلِ : اچھی طرح تیر پھینکنے والی کمان۔
النَّضُوحُ۔ایک قسم کی خوشبو۔قِرْبَةٌ نَضُوْحٌ مشک جس سے پانی رستا ہو۔قَوْسٌ نَضُوْحٌ و نُضَيْحَةٌ اچھی طرح تیر پھینکنے والی کمان۔
التَّنْضَاحُ۔پسینہ۔
الْمِنْضَحَةُ و الْمَنْضَحَةُ۔پانی چھڑکنے کا آلہ۔ہزارہ۔
نَضَخَهُ (ف) نَضْخًا۔چھڑکنا۔تر کرنا۔اور کہا جاتا ہے "نَضَخَ النَّبْلَ و بِالنَّبْلِ فِي الْعَدُوِّ" اس نے دشمنوں میں تیر کی بوچھاڑ کی۔
نَضَخَ (ف) نَضْخًا و نَضَخَانًا الْمَاءُ :پانی کا چشمہ سے ابلنا۔
نَاضَخَهُ مُنَاضَخَةً و نِضَاخًا۔ایک دوسرے پر چھڑکنا۔
اِنْضَخَّ و اِنْضَاخَّ عَلَيْهِ الْمَاءُ پانی کا گرنا۔
اِنْتَضَخَ الْمَاءُ پانی چھڑکا جانا۔
النَّضْخُ۔مص۔خوشبو کا نشان جو کپڑے میں باقی رہ جائے۔
النَّضْخَةُ۔بوچھار۔
النَّضَّاخُ۔موسلا دھار بارش۔عَيْنٌ نَضَّاخَةٌ : اُبلنے والا پانی۔

الْمِنْضَخَةُ۔پانی چھڑکنے کا آلہ۔ج مَنَاضِخُ عوام اسے مَرَشَّةٌ یا رَشَّاشَةٌ کہتے ہیں۔
نَضَدَ (ض) نَضْدًا و نَضَّدَ الْمَتَاعَ سامان ترتیب سے رکھنا یا ڈھیر لگانا۔صفت مفعولی مَنْضُوْدٌ و نَضِيْدٌ و مُنَضَّدٌ اور کہا جاتا ہے رَأْيٌ مُنَضَّدٌ یعنی مضبوط رائے۔
تَنَضَّدَتِ الْاَسْنَانُ وَنَحْوُهَا : دانتوں کا ترتیب سے ہونا۔
اِنْتَضَدَ الْقَوْمُ بِمَكَانِ كَذَا : جمع ہونا۔اور ٹھہرنا۔
النَّضَدُ۔ترتیب سے رکھا ہوا ڈھیر لگایا ہوا سامان خانہ۔تخت۔تہ بتہ بادل۔عزت و شرافت۔کہا جاتا ہے "لِبَنِي فُلَانٍ نَضَدٌ" فلاں کے بیٹوں کے لیے شرافت ہے۔شریف ج اَنْضَادٌ۔اَنْضَادُ الْقَوْمِ : لوگوں کی جماعت اور ان کی تعداد۔اَنْضَادُ الرَّجُلِ : مرد کے شریف چچا اور ماموں۔اَنْضَادُ الْجِبَالِ او السَّحَابِ : تہ بتہ پہاڑ یا بادل (— و النَّضُوْدُ) موٹی اُونٹنی۔ج اَنْضَادٌ و نُضُدٌ۔
النَّضِيْدَةُ۔بھری ہوئی چیز۔تکیہ۔ج نَضَائِدُ۔
الْمِنْضَدَةُ۔گھر کے سامان وغیرہ رکھنے کا ٹیبل۔
نَضَرَ (ن) و نَضِرَ (س) و نَضُرَ (ک) نَضْرًا و نَضْرَةً و نَضَرًا و نُضُوْرًا و نَضَارَةً الْوَجْهُ او اللَّوْنُ او الشَّجَرُ وغيرها : شگفتہ ہونا۔نرم و نازک ہونا۔سرسبز و شاداب ہونا۔صفت نَاضِرٌ و نَضِرٌ و نَضِيْرٌ۔
نَضَرَهُ (ن) نَضْرًا و نَضَّرَهُ اللهُ :ترو تازہ بنانا۔
اَنْضَرَ۔ترو تازہ ہونا — الشَّجَرُ : درخت کا سبز ہونا۔اَنْضَرَهُ اللهُ :ترو تازہ بنانا۔
اِسْتَنْضَرَ الشَّيْءَ :ترو تازہ پانا یا سمجھنا۔
النَّضْرُ۔ج اَنْضَارٌ و اَنْضُرٌ و النُّضَارُ و النَّضِيْرُ و الْاَنْضَرُ۔چاندی۔سونا۔عموماً سونے کے لیے مستعمل ہے۔النُّضَارُ : ہر چیز کا خالص۔سونے کا خالص جوہر۔
النُّضَارُ و النِّضَارُ۔جھاؤ کا درخت اور بقول بعض سیدھی ٹہنیوں والا لمبا جھاؤ کا درخت برتن بنانے کے لیے بہترین لکڑی۔کہا جاتا ہے "قَدَحُ نُضَارٍ" یعنی عمدہ لکڑی کا بنا ہوا پیالہ۔
النَّاضِرُ۔خوبصورت۔نرم و نازک۔کچھڑ۔

النَّاضِرُ مِنْ كُلِّ لَوْنٍ : گہرا رنگ۔کہا جاتا ہے اَحْمَرُ نَاضِرٌ و اَخْضَرُ نَاضِرٌ۔
النَّضْرَةُ۔نرمی و نازکی۔خوبصورتی و رونق۔دولت مندی۔پگھلایا ہوا سونا۔کہا جاتا ہے "تَعْرِفُ فِي وُجُوهِهِمْ نَضْرَةَ النَّعِيمِ" یعنی ان کے چہروں میں نعمت کی رونق معلوم ہوتی ہے۔
بِضْرُ الرَّجُلِ :مرد کی بیوی۔
نَضَفَ (ض ن) نَضْفًا و نَضِفَ (س) نَضَفًا و انْتَضَفَ الْفَصِيْلُ مَا فِي ضَرْعِ اُمِّهِ : اُونٹ کے بچے کا تمام دودھ پی جانا۔
نَضَفَهُ (ن) نَضْفًا۔خدمت کرنا۔نَضَفَ الْحِمَارُ :گدھے کا گوز کرنا۔
اَنْضَفَ الْجَمَلُ : اُونٹ کا دلکی چلنا — الرَّجُلُ :ہمیشہ جنگلی پودینہ کھانا — الْجَمَلَ : اُونٹ کو دلکی چلانا۔
النَّضَفُ۔مص۔جنگلی پودینہ۔
النَّضَفَانُ۔دلکی چال۔
النَّضِفُ و النَّضِيْفُ۔ناپاک۔
النَّاضِفُ۔فا (— و الْمِنْضَفُ) بہت گوز کرنے والا۔ج مَنَاضِفُ۔
نَضَلَهُ (ن) نَضْلًا۔تیر اندازی میں سبقت کرنا۔تیر اندازی ہی میں غالب ہونا۔
نَضِلَ (س) نَضَلًا الْبَعِيْرُ :اُونٹ کا دبلا ہونا۔تھکنا۔
نَاضَلَهُ نِضَالًا و نِيضَالًا و مُنَاضَلَةً تیر اندازی میں مقابلہ کرنا۔نَاضَلَ عَنْهُ : کسی کی جانب سے مدافعت کرنا۔کسی کی حمایت کرنا۔
اَنْضَلَهُ۔لاغر کرنا۔تھکانا۔
تَنَضَّلَهُ۔نکالنا۔
اِنْتَضَلَهُ۔نکالنا۔کہا جاتا ہے "اِنْتَضَلَ سَهْمًا مِنْ كِنَانَتِهِ" اس نے تیر کو ترکش سے نکالا۔
اِنْتَضَلَ رَجُلًا مِنَ الْقَوْمِ او سَهْمًا مِنَ الْكِنَانَةِ : انتخاب کرنا۔چننا۔اِنْتَضَلَتِ الْاِبِلُ فِي السَّيْرِ :چلنے میں اگلی ٹانگوں کو آگے پھینکنا۔
اِنْتَضَلَ و تَنَاضَلَ الْقَوْمُ : تیر اندازی میں مقابلہ کرنا۔باہم فخر کرنا۔
النَّاضِلُ۔فا۔تیر اندازی میں غالب۔ج نُضَّالٌ۔
النِّئْضِلُ۔مصیبت۔بلاد سختی۔

نَضْنَضَ الرَّجُلُ : بہت روپے پیسے والا ہونا —لِسَانَهٗ : حرکت دینا —هٗ : مبتلاء رنج کرنا۔

النَضْنَاض والنَضْنَاضَة۔ مِنَ الْحَيَّاتِ : زبان ہلانے والا سانپ۔ ایک جگہ میں نہ رہنے والا سانپ۔ فی الفور ہلاک کرنے والا سانپ۔

نَضَا يَنْضُوْ نَضْوًا۔ السَّيْفُ مِنْ غِمْدِهٖ : تلوار کو میان سے سونتنا — الثَّوْبَ عَنْهُ : کپڑا اتارنا — الرَّجُلُ مِنْ ثَوْبِهٖ : ننگا کرنا — الْبِلَادَ : طے کرنا۔ نَضَا الْجُرْحُ : زخم کی سوجن اترنا — المَاءُ پانی کا جذب ہونا — السَّيْفُ : تلوار کا پار ہونا (— نَضْوًا و نُضِيًّا) الفَرَسُ الْخَيْلَ : آگے بڑھ جانا (— نَضْوًا و نُضُوًّا) الخِضَابُ : رنگ اتر جانا۔

اَنْضٰى اِنْضَاءً البَعِيْرَ : اُونٹ کو دبلا کرنا۔ الثَّوْبَ : کپڑا بوسیدہ کرنا — فُلَانًا : دبلا جانور دینا۔

نَضّٰى تَنْضِيَةً۔ ثَوْبَهٗ عَنْهُ : کسی کا کپڑا اُتارنا۔

تَنَضّٰى البَعِيْرَ : اُونٹ کو دبلا کرنا۔

اِنْتَضٰى اِنْتِضَاءً السَّيْفَ : تلوار کو میان سے سونتنا — الثَّوْبَ : کپڑا بوسیدہ کرنا۔

النِضْو۔ دبلا جانور مؤنث نِضْوَةٌ۔ بوسیدہ کپڑا۔ کثرت تیراندازی کی وجہ سے خراب شدہ تیر۔ باریک تیر۔ لگام کا لوہا۔ ج اَنْضَاء۔

النُضَاوَة۔ مِنَ الْخِضَابِ : چھڑایا ہوا خضاب۔ کہا جاتا ہے "اَعْطِنِي نُضَاوَةَ حِنَّائِكَ" عضو سے حنا کے چھڑائے ہوئے کو مجھے دو۔

النَضِي۔ دبلا جانور۔ بغیر پیکان اور پر کے تیر — مِنَ السَّهْمِ : پر اور پیکان کے درمیان کا حصہ ج اَنْضِيَة۔

نَضٰى يَنْضِيْ نَضْيًا السَّيْفَ : تلوار سونتنا — الثَّوْبَ : کپڑا اتارنا (— واَنْضٰى واِنْتَضٰى) الثَّوْبَ : کپڑا بوسیدہ کرنا۔ پرانا کرنا۔

نَطَّ (ن) نَطًّا الشَّيَ : باندھنا۔ کھینچنا۔

نَطَّ (ض) نَطًّا۔ بکواس کرنا — فِي الْاَرْضِ دور جانا (— نَطِيْطًا) بھاگنا۔ پھاندنا۔ اچھلنا۔

النَطَّاط۔ بک بک کرنے والا۔ بہت سفر کرنے والا۔ کودنے والا۔ لغو دعوی کرنے والا۔

النَّطِيْط۔ مص۔ مَكَانٌ نَطِيْطٌ۔ دور کی جگہ

اَرْضٌ نَطِيْطَةٌ : دور والی زمین۔

عَقَبَةٌ نَطَّاءُ دور کی گھاٹی۔

الاَنَّط۔ دور کا سفر۔ ج نُطُط۔

نَطَبَهٗ (ن) نَطْبًا و اَنْطَبَهٗ۔ انگلی سے کان پر مارنا۔

نَاطَبَهٗ مُنَاطَبَة۔ برانگیختہ کرنا۔ اکسانا۔ جھگڑا کرنا۔

اَنْطَبَ اُذُنَهٗ : انگلی سے کان پر مارنا۔

النَاطِبَة۔ چھننے کا سوراخ۔ ج نَوَاطِب۔

النِطَاب۔ سر۔ گردن کی رگ۔

المِنْطَب والمِنْطَبَة۔ چھننا۔

المَنْطَبَة۔ بیوقوف۔

نَطَحَهٗ (ف ض) نَطْحًا الثَّوْرُ و نَحْوُهٗ : بیل کا سینگوں سے مارنا۔ نَطَحَ فُلَانًا : دفع کرنا۔ ہٹانا۔

نَاطَحَهٗ نِطَاحًا و مُنَاطَحَةً۔ سینگوں سے مارنا۔

اِنْتَطَحَ و تَنَاطَحَ الْكَبْشَانِ : مینڈھوں کا ایک دوسرے کو سینگ مارنا۔ تَنَاطَحَتِ الْاَمْوَاجُ او السُّيُوْلُ : موج یا سیلاب کا آپس میں ٹکرانا۔

النَاطِح۔ فا۔ پرندیا وحشی جانور جو سامنے سے آئے اور یہ "قَعِيْد" کے خلاف ہے۔ کہا جاتا ہے "مَالَهٗ نَاطِحٌ وَلَا خَابِطٌ" یعنی اس کے پاس کچھ نہیں۔ نَاطِح سے مراد بھیڑ، بکری، بیل اور خَابِط سے اُونٹ النَّاطِحُ : منازل قمر میں سے دو ستاروں کا نام۔

النَطْح۔ مص۔ منازل قمر میں سے دو ستاروں کا نام۔

النَوَاطِح۔ سختیاں۔

النَطْحَة۔ نَطْح کا اسم مرة۔ لڑائی۔

النَطِيْح۔ سینگ مارا ہوا۔ سینگ مارنے سے مرا ہوا۔ منحوس۔ گھوڑا جس کی پیشانی میں دو دائرے ہوں۔ مؤنث نَطِيْحَةٌ۔ ج نَطْحٰى و نَطَائِح۔

النَطَّاح۔ بہت سینگ مارنے والا۔ سینگ مارنے کا عادی۔

نَطَرَ (ن) نَطْرًا و نِطَارَةً۔ الكَرْمَ او الزَّرْعَ انگور یا کھیت کی نگہبانی کرنا۔ باغبانی کرنا۔

النِطَارَة۔ مص۔ باغبانی کا پیشہ۔

النَاطِر والنَاطُوْر۔ باغبان۔ انگور یا کھیت کا نگہبان۔ ج نُطَّار و نَطَرَةٌ و نَوَاطِيْرُ و نُطَرَاء۔

النُّطَّار۔ اُچکا (جو کھیت میں پرندوں اور جانوروں کو ڈرانے کیلئے کھڑا کیا جاتا ہے)

نَطْرُوْنَ۔ بورہ ارمنی۔

نَطِسَ (س) نَطَسًا۔ عالم ہونا۔ ماہر ہونا۔

تَنَطَّسَ۔ گفتگو اور لباس وغیرہ میں احتیاط کرنا۔ امور میں غور و فکر کرنا اور خوب تحقیقات کرنا۔ کہا جاتا ہے "تَنَطَّسَ الْاَخْبَارَ و عَنِ الْاَخْبَارِ" یعنی اس نے تحقیقات کی۔

النَطْس والنَطِس والنَطُس۔ عالم گفتگو اور لباس وغیرہ میں احتیاط کرنے والا۔

النَطِيْس والنِطَاسِي والنَّطَاسِي عالم۔ ماہر طبیب۔

النُطُس۔ ماہر اطباء۔

النُطَسَة۔ بہت احتیاط کرنے والا۔

النَاطِس۔ جاسوس۔

نُطِعَ نَطْعًا و اُنْتُطِعَ و اِسْتُنْطِعَ لَوْنُهٗ : رنگ متغیر ہونا۔

تَنَطَّعَ فِي الْكَلَامِ : غلو کرنا۔ تالو سے بولنا۔ — فِيْ شَهَوَاتِهٖ : مبالغہ کرنا — فِيْ عَمَلِهٖ : ماہر ہونا — الرَّجُلُ : چمڑے کے دسترخوان پر کھانا رکھنا۔ خوب سیر ہو کے کھانا۔

النَطْع والنِطْع والنَطَع والنِطَع۔ چمڑے کا فرش جو مجرم کو قتل کرنے کے لیے بچھایا جائے ج اَنْطَاع و نُطُوْع۔

النِطْع والنِطَع۔ تالو کا اگلا حصہ جس میں شکن جیسا ہوتا ہے۔ ج نُطُوْع۔ اور اسی سے حرف نِطْعِيَّہ ت و ط ہیں۔

النُطُع۔ گفتگو میں بتکلف فصاحت ظاہر کرنے والا۔

النَاطِع۔ خالص رنگ۔ کہا جاتا ہے بیاض ناطع۔

نِطَاعُ القَوْمِ : قوم کی زمین۔ قوم کا علاقہ۔ کہا جاتا ہے "وَطِئْنَا نِطَاعَ بَنِيْ فُلَانٍ" ہم نے بنی فلاں کے علاقے کو طے کیا۔

النَطَّاع۔ کلام میں بہت غلو کرنے والا۔ جلد ساز۔ ہوشیاری سے کھانے کو دسترخوان پر چننے والا۔ ج نَطَّاعُوْن۔

النُطَاعَة۔ لقمہ جس کا نصف حصہ کھایا جائے اور نصف دسترخوان پر چھوڑ دیا جائے۔

نَطَفَ (ن ض) نَطْفًا و تَنْطَافًا و نَطَفَانًا و نِطَافَةً- الْمَاءُ تھوڑا تھوڑا پانی بہنا — الْقِرْبَةُ: مشک کا ٹپکنا — الْمَاءَ پانی بہانا۔
نَطَفَهٗ و نَطَّفَهٗ و اَنْطَفَهٗ- بدکاری کی تہمت لگانا- عیب لگانا- نَطَّفَ الْمَرْأَةَ: عورت کے کان میں بالی پہنانا۔
نَطِفَ (س) و نَطُفَ نَطَفًا و نَطَافَةً و نُطُوْفَةً- عیب دار ہونا- عیب و بدکاری کا الزام لگایا جانا- نَطِفَ الشَّیْئُ: فاسد ہونا- خراب ہونا- نَطِفَ الرَّجُلُ: بدہضمی والا ہونا۔
تَنَطَّفَ- الرَّجُلُ: عیب دار ہونا — مِنْ کَذَا پرہیز کرنا- نفرت کرنا- تَنَطَّفَتِ الْمَرْأَةُ: عورت کا بالی پہننا۔
النَّطَف- مص- عیب- برائی- فساد-
النُّطْفَة- صاف پانی- تھوڑا یا زیادہ- سمندر- مرد یا عورت کا نطفہ- ج نِطَاف و نُطَف (— و النُّطَافَة) تھوڑا پانی جو ڈول یا مشک میں باقی رہ جائے- النُّطَافَة: ہر وہ چیز جو کسی چیز سے ٹپکے۔
النُّطْفَتَان- دو سمندر (بحر روم و بحر چین یا بحر مشرق و بحر مغرب)
النُّطْفَة و النَّطَفَة- بالی- آبدار موتی ج نُطَف۔
النَّطِف- پلید- شکی آدمی۔
النَّطُوْف- بارش والی- کہا جاتا ہے "لَيْلَةٌ نَطُوْفٌ" صبح تک بارش والی رات۔
النَّاطِف- ریوڑی- گٹہ۔
النَّاطِفِيُّ- ریوڑی بیچنے والا۔
نَطَقَ (ض) نَطْقًا و مَنْطِقًا و نُطُوْقًا- بولنا — الْكِتَابُ: واضح بیان کرنا۔
نَطَّقَهٗ- گفتگو کرانا- کسی کو پٹکا باندھنا- کسی کی کمر میں پٹکا باندھنا- نَطَّقَ الْمَاءُ الْاَكَمَةَ وَ غَيْرَهَا: پانی کا ٹیلے کے وسط تک پہنچنا۔
نَاطَقَهٗ- گفتگو کرنا۔
اَنْطَقَهٗ- گفتگو کرانا۔
تَنَاطَقَا الرَّجُلَانِ: باہم گفتگو کرنا۔
تَنَطَّقَ و اِنْتَطَقَ و تَمَنْطَقَ- کمر میں پٹکا باندھنا — الْمَرْأَةُ: عورت کا کمر پر پٹکا باندھنا- — الْاَرْضُ بِالْجِبَالِ: پہاڑوں سے گھرا ہوا ہونا اِنْتَطَقَ بِقَوْمِهٖ: طاقتور و قوی ہونا۔

الرَّجُلُ: گفتگو کرنا- علم منطق حاصل کرنا — فَرَسَهٗ: بغیر سوار ہوئے کھینچنا۔
اِسْتَنْطَقَهٗ- گفتگو کرنا- بولنے کو کہنا۔
النُّطْق- مص- اس کا استعمال نطق خارجی یا ظاہری یعنی گفتگو پر بھی ہوتا ہے اور نطق داخلی یا باطنی یعنی فہم و ادراک کلیات پر بھی۔
النَّطْقَة- نطق کا اسم مرۃ- کہا جاتا ہے "نَطَقَ نَطْقَةً وَاحِدَةً" وہ ایک ہی بول بولا۔
النَّطِق- بولنے والا۔
النِّطَاق- کمربند- پیٹی- کہا جاتا ہے "عَقَدَ فُلَانٌ حُبُكَ النِّطَاقِ" یعنی فلاں شخص جانے کے لئے یا کام کرنے کے لیے مستعد ہوا- النِّطَاق: کپڑے کا ایک ٹکڑا جس کو عورتیں کمر پر باندھتی ہیں اور اس کا بالائی حصہ نچلے حصہ پر اور نچلا حصہ زمین تک لٹکتا رہتا ہے- ج نُطُق۔
نِطَاقُ الْجَوْزَاءِ- جوزا کے درمیان کے تین ستارے جن کو عرب نظم بھی کہتے تھے اور یہ انتظام و التیام کے لیے ضرب المثل ہیں۔
النِّطَاقَة- پرچہ- پرزہ- اس وجہ سے کہ وہ لکھے ہوئے کو بتلاتا ہے۔
النَّاطِق- فا- عرب کا قول "اَلْاِنْسَانُ حَيَوَانٌ نَاطِقٌ" یعنی انسان عاقل ہے- كِتَابٌ نَاطِقٌ واضح کتاب۔
النَّاطِقَة- النَّاطِق کا مؤنث- کہا- النَّفْس النَّاطِقَة: نفس انسانی۔
الْمَنْطِق- مص- گفتگو- اور کبھی انسان کے علاوہ کیلئے بھی بولا جاتا ہے- کہا جاتا ہے- سَمِعْتُ مَنْطِقَ الطَّيْرِ- علم المنطق: ایک علم عملی کا نام جس کو میزان بھی کہتے ہیں- اور یہ وہ علم ہے جو ذہن کو خطاء فی الفکر سے بچائے۔
الْمَنْطِقِي- علم منطق جاننے والا۔
الْمِنْطَق و الْمِنْطَقَة- پٹکا جو کمر پر باندھا جائے۔ ج مَنَاطِق- اور مِنْطَقَة سے فعل کا اشتقاق کیا ہے- کہتے ہیں تَمَنْطَقَ: بمعنی پٹکا باندھنا جیسے مِدْرَعَةٌ سے تَمَدْرَعَ اور مِنْدِيْلٌ سے تَمَنْدَلَ- تَمَنْطَقَ: علم منطق حاصل کرنا- اور اسی سے بعض کا قول ہے "مَنْ تَمَنْطَقَ فَقَدْ تَزَنْدَقَ" جس نے علم منطق سیکھا وہ زندیق ہوگیا- مِنْطَقَةُ

الْجَوْزَاءِ تین ستاروں کے نام- اور مِنْطَقَةُ الْعَوَّاءِ: ایک دوسرے ستارے کا نام ہے-
الْمِنْطِيْق و النِّطِّيْق- بلیغ-
الْمُنَطَّق- مع پٹکا باندھنے کی جگہ- الْمُنَطَّقَة مِنَ الْمَعْز: کمر میں سفیدی والی بکری-
الْمُنْتَطِق- عالی مرتبہ- گرامی قدر- اور کہا جاتا ہے "جَاءَ مُنْتَطِقًا حِصَانَهٗ" یعنی وہ بغیر سوار ہوئے گھوڑے کو کوتل بنا کر آیا-
الْمَنْطُوْق عِنْدَ الْاُصُوْلِيِّيْنَ: مفہوم مخالف کے خلاف-
نَطَلَ (ن) نَطْلًا الْخَمْرَ: نچوڑنا (— و نَطَّلَ) رَاسَ الْعَلِيْلِ بِالنَّطُوْلِ: تریڑا کرنا- آہستہ آہستہ دوا میں جوش دیا ہوا نیم گرم پانی گرانا-
اِنْتَطَلَ مِنَ الزِّقِّ: مشک سے تھوڑا پانی گرانا یا لینا-
النَّطْل- مص- انگور کا چھلکا- تھوڑا دودھ- (— و النِّطْل) بھگوئے ہوئے خشک انگور خود بخود شراب نکلنے کے بعد جو نچوڑا جائے- النِّطْل: شراب کا بقیہ-
النُّطْلَة و النَّاطِل- شراب یا پانی یا دودھ وغیرہ کا گھونٹ- النَّاطِل: فضلہ جو پیمانہ میں باقی رہ جائے- کہا جاتا ہے "مَا ظَفِرْتُ مِنْهُ بِنَاطِلٍ" میں نے اس سے کچھ حاصل نہیں کیا-
النَّاطِل و النَّاطَل و النَّيْطَل و التَّأْطِل شراب، دودھ وغیرہ ناپنے کا کوزہ- النَّيْطَلُ و النَّطْلَاءُ مصیبت- و النَّيْطَل: ہلاکت- موت- ڈول- ج نَيَاطِل-
الْاَنْطِلَة- مصیبتیں-
النَّطُوْل- پانی جس میں دوا جوش دیں اور عضو ماؤف کو اس سے دھاریں-
الْمَنَاطِل- شراب کشی کے آلات-
نَطْنَطَ الشَّيْئَ: کھینچنا — الرَّجُلُ: لمبے سفر والا ہونا — و اِتَنْطَنَطَ) دور ہونا-
النَّطْنَط و النُّطْنُط و النَّطْنَاط- لمبے قد والا- ج نَطَانِط و نَطَانِيْط-
نَطَا يَنْطُوْ نَطْوًا- الْحَبْلَ: رسی کھینچنا — الْغَزْلَ: کاتے ہوئے سوت کا بانا کرنا — الْمَنْزِلُ: دور ہونا — عَنْ فُلَانٍ: چپ ہو جانا-

ناطى مُناطاةً الرَّجُلُ : باہم نزاع کرنا۔
أنطى - دینا۔
تناطى القَوْمُ : ایک دوسرے سے بڑھنے کی کوشش کرنا۔ تناطوا الکَلامَ : آپس میں گفتگو کرنا۔
النَّطْو - دوری۔
النَّطِى - دُور۔ کہا جاتا ہے "طَرِيْقٌ نَطِيٌّ" دُور کا راستہ (— والمَنْطُوُّ مِنَ الغَزْلِ : کاتے ہوئے سوت کا تانا کیا ہوا۔
النَّطَاة - کچی کھجور کا غلاف یا ڈنٹھل ج أنطاء۔
نَظَرَ(ن)و نَظِرَ(س) نَظَرًا و مَنْظَرًا و مَنْظَرَةً و تَنْظَارًا و نَظَرَانًا - ہٗ و اِلَیْہِ : دیکھنا۔ غور سے دیکھنا۔ (نَظَر (ن) نَظَرًا) فِي الأمْرِ : سوچنا۔ فکر کرنا۔ اندازہ کرنا — الشَّيْءَ : انتظار کرنا — بَيْنَ النَّاسِ : حکم کرنا اور فیصلہ کرنا — لِلْقَوْمِ : رحم کرنا اور مدد دینا — فُلانًا : متوجہ ہونا۔ دیر کرنا — فُلانًا الدَّيْنَ : مہلت دینا۔ (انظر میں ایک لغت ہے) — الشَّيْءَ : مہلت سے بیچنا — فُلانٌ : کاہن ہونا اور کہا جاتا ہے "اُنْظُرْلِي فُلانًا" میرے لیے فلاں کو طلب کرو۔ و دَارِي تَنْظُرُ دَارَهٗ" میرا گھر اس کے گھر کے مقابل ہے "وَنَظَرَ الدَّهْرُ اِلَى بَنِيْ فُلانٍ" زمانے نے بنی فلاں کو ہلاک کر دیا۔
نَاظَرَهٗ مُنَاظَرَةً - مشابہ ہونا۔ بحث کرنا۔ نَاظَرَ الْجَيْشُ الْاَلْفَيْنِ : قریب پہنچنا — فُلانًا بِفُلانٍ او الشَّيْءَ بالشَّيْءِ : مشابہ بنانا اور کہا جاتا ہے "دَارِي تُنَاظِرُ دَارَهٗ" میرا گھر اس کے گھر کے مقابل ہے۔
اَنْظَرَهٗ الدَّيْنَ : ادائیگی قرض کیلئے مہلت دینا۔ اَنْظَرَ فُلانًا لِفُلانٍ : مشابہ بنانا — الرَّجُلَ : سوچنے کا موقعہ دینا۔ مہلت سے بیچنا۔
تَنَظَّرَهٗ - آنکھ سے بغور دیکھنا۔ دیر کرنا۔ مہلت دینا۔ تَنَظَّرَ فُلانًا : انتظار کی ہوئی چیز کی امید رکھنا۔
تَنَاظَرَا فِي الْاَمْرِ : باہم کام میں مشقت اٹھانا۔ بحث کرنا۔ تَنَاظَرَ الدَّارَانِ : ایک دوسرے کے مقابل ہونا۔ تَنَاظَرَ الْقَوْمُ : ایک دوسرے کو دیکھنا۔

اِنْتَظَرَهٗ - انتظار کرنا۔ امید رکھنا۔ توقع رکھنا۔ دیر لگانا۔
اِسْتَنْظَرَهٗ - انتظار کرنا۔ مہلت طلب کرنا۔
النَّظَرُ - مص - نگاہ - دانائی۔ عِلْمُ النَّظَرِ والْاِسْتِدْلَالِ : علم کلام۔ اور کہا جاتا ہے "فِيْ هٰذَا الْاَمْرِ نَظَرٌ" عدم نسور کی وجہ سے یہ امر محل غور ہے۔ "و بَيْنَنَا نَظَرٌ" ہمارے درمیان اتنی قربت ہے کہ نگاہ پہنچ سکے "و نَظَرًا اِلَى كَذَا و بِالنَّظَرِ اِلَى كَذَا" یعنی فلاں کے لحاظ سے۔ النَّظَرُ : ہمسائے۔
النِّظْرُ - مشابہ۔ مانند۔
النَّظْرَةُ - نظر کا اسم مرۃ۔ ایک نگاہ۔ ہیبت۔ بری ہیبت و عیب۔ رحمت۔ مہربانی۔ کہا جاتا ہے "نَظَرَهٗ بِعَيْنِ النَّظْرَةِ" اس نے اس کو مہربانی کی نگاہ سے دیکھا۔
النَّظِرَةُ - مہلت۔ معاملہ میں تاخیر۔
النَّظَرِيُّ - نظر کی جانب منسوب۔ استدلالی علوم کی تقسیم میں نظری کا اطلاق اس علم پر ہوتا ہے جو عمل سے تعلق نہ رکھتا ہو اور اس کے مقابل کو عملی کہتے ہیں۔
النَّظَرِيَّةُ فِي الْهَنْدَسَةِ : وہ قضیہ جو صحت ثبوت کیلئے دلیل کا محتاج ہو۔ ج نَظَرِيَّات۔
النِّظَارُ و النِّظَارَةُ - فراست۔ دانائی۔
النَّاظِرُ - فا - آنکھ کی پتلی۔ و النَّاظِرُ عِنْدَ الْمُوَلَّدِيْنَ : کسی ادارہ کا ناظم۔ جیسے نَاظِرِ خَارِجِيَّه و نَاظِرِ مالیہ۔ ج نُظَّار۔ النَّاظِرُ : پیشانی سے ناک کے نتھنوں تک کی ہڈی۔ وہ امین آدمی جس کو بادشاہ کسی مقام کے لوگوں کے معاملات کی تحقیقات کے لیے بھیجے۔ اور کہا جاتا ہے "هُوَ شَدِيْدُ النَّاظِرِ" یعنی وہ تہمت سے بری ہے اس لیے کہ آنکھ ملاکر بات کرتا ہے۔ النَّاظِرَانِ : ناک کے دونوں پہلوؤں کی دو رگیں۔
نَظَارِ - اسم فعل۔ بروزن نَزَالِ و تَرَاكِ۔ بمعنی انتظر۔
النَّاظِرُ و النَّاظُوْرُ - انگور یا کھیتی کا محافظ۔ النَّاظُوْرُ : سردار قوم۔
النَّاظِرَةُ - النَّاظِرُ کا مؤنث۔ آنکھ ج نَوَاظِر النَّوَاظِرُ : سر کی رگیں جو آنکھ سے ملی ہوئی ہیں۔

النَّظَّارُ - تیز دیکھنے والا۔ کہا جاتا ہے "فَرَسٌ نَظَّارٌ" چالاک تیز خاطر بلند اطراف گھوڑا۔
النَّظَّارَةُ - ناظرین۔ موقعہ جنگ کے تماشائی
النَّظَّارَةُ عِنْدَ الْمُوَلَّدِيْنَ : دُوربین۔
النَّظُوْرُ و النَّظُوْرَةُ و النَّظِيْرَةُ و النَّاظُوْرَةُ قوم کا سردار (مذکر و مؤنث واحد جمع) النَّظُوْرُ : مہمات سے غفلت نہ برتنے والا۔
النَّظِيْرُ - مثل و مانند۔ اور کہا جاتا ہے "فُلانٌ نَظِيْرُ فُلانٍ" یعنی فلاں فلاں کے مطابق ہے۔ ج نُظَرَاء۔ مؤنث نَظِيْرَة ج نَظَائِر۔ نَظَائِرُ الْقَوْمِ : قوم کے شرفا و افاضل۔
نَظِيْرَةُ الْقَوْمِ او الْجَيْشِ و نُظُوْرَتُهُمْ : دیدبان۔
الْمَنْظَرُ - دیکھنے کی جگہ چاہے خوش نام ہو یا بدنما۔ اور کہا جاتا ہے "فُلانٌ فِيْ مَنْظَرِيْ و مُسْتَمَعِيْ" فلاں ایسی جگہ میں ہے کہ میں اس کو دیکھ سکتا ہوں اور اس کی باتیں سن سکتا ہوں۔ "وكُنْتُ عَنْ هٰذَا الْمَقَامِ بِمَنْظَرٍ" یعنی میں اس مقام سے علیحدہ تھا ج مَنَاظِر الْمَنَاظِرُ : بلند زمینیں۔ عِلْمُ الْمَنَاظِرِ : وہ علم جس سے اشیاء کی مقدار باعتبار قرب و بعد کے پہچان سکیں۔
الْمَنْظَرَةُ - مص - دیکھنے کی جگہ چاہے خوش نما ہو یا بدنما۔ دیکھنے بھالنے کی بلند جگہ۔ الْمَنْظَرَةُ : قوم جو کسی چیز کی طرف دیکھنے والی ہو۔
الْمَنْظَرِيُّ و الْمَنْظَرَانِيُّ - خوش نما۔
الْمُنَاظِرُ - فا - مثل۔
الْمِنْظَارُ - آئینہ - ج مَنَاظِيْر۔
الْمَنْظُوْرُ - مفعو - وہ شخص جس کی خیر کی امید رکھی جائے۔ نظر بد لگا ہوا۔
الْمَنْظُوْرَةُ - الْمَنْظُوْرُ کا مؤنث۔ مصیبت اِمْرَأَةٌ مَنْظُوْرَةٌ : عیب دار عورت۔
نَظُفَ (ک) نَظَافَةً الشَّيْءُ : صاف ستھرا ہونا۔ بارونق و حسین ہونا۔ صفت مذکر نَظِيْفٌ صفت مؤنث نَظِيْفَةٌ ج نُظَفَاء۔ کہا جاتا ہے "فُلانٌ نَظِيْفُ السَّرَاوِيْلِ" فلاں پاک دامن ہے و نَظِيْفُ الْاَخْلَاقِ : مہذب۔
نَظَّفَ الشَّيْءَ : صاف کرنا۔ پاک کرنا۔
تَنَظَّفَ الشَّيْءُ : صاف ستھرا ہونا۔ الرَّجُلُ :

بتکلف صاف ستھرا بننا۔ برائیوں سے دور ہونا۔
اِنْتَظَفَ الفَصِیْلُ مَا فِیْ ضَرْعِ اُمِّهٖ : اُونٹ کے بچے کا تھن سے سارا دودھ پی لینا۔
اِسْتَنْظَفَ صاف ستھرا طلب کرنا ۔۔۔ الوَالِی الخِرَاجَ : پورا وصول کر لینا ۔۔۔ فُلَانٌ الشَّیْئَ : سب لے لینا ۔۔۔ الفَصِیْلُ مَا فِیْ ضَرْعِ اُمِّهٖ : اُونٹ کے بچے کا تھن سے سارا دودھ پی لینا۔
نَظَمَ (ض) نَظْمًا و نِظَامًا اللُّؤْلُؤَ و نَحْوَهٗ : موتی پرونا : آراستہ کرنا۔ موزوں کرنا ۔۔۔ الشَّیْئَ اِلَی الشَّیْئِ : ترتیب دینا۔ کسی چیز کو کسی چیز سے جوڑنا ۔۔۔ الْاَمْرَ : برپا کرنا۔ قائم کرنا۔
نَظَّمَ اللُّؤْلُؤَ و الشِّعْرَ : بمعنی نظم (پرونا۔ موزوں کرنا)
نَظَّمَتْ و اَنْظَمَتِ السَّمَكَةُ اَو الدَّجَاجَةُ : مچھلی یا مرغی کا انڈے والی ہونا۔
تَنَظَّمَ و اِنْتَظَمَ و تَنَاظَمَ اللُّؤْلُؤُ و نَحْوُهٗ موتی کا پرو دیا جانا۔ ترتیب وار ہونا۔ تَنَظَّمَ و اِنْتَظَمَ الْاَمْرُ : درست ہونا۔ و اِنْتَظَمَ الصَّیْدَ : شکار کو چھید کر پار کر دینا۔ تَنَاظَمَتِ الصُّخُوْرُ : پتھر کی چٹانوں کا ایک ساتھ ملا ہوا ہونا۔
النَّظْم۔ مص۔ ٹڈی دل یا ٹڈیوں کی ایک قطار۔ ترتیب دیا ہوا موزوں کلام اور اس کے مقابل کو نثر کہتے ہیں۔ النَّظْمُ : بعض ستاروں پر اطلاق ہوتا ہے جیسے ثریا۔ نِطَاقُ الْجَوْزَاءِ و الدَّبَرَانِ۔
النِّظَام۔ مص۔ موتیوں کی لڑی کا دھاگا۔ ج نُظُمٌ و اَنْظِمَةٌ و اَنَاظِیْم۔ النِّظَام : طریقہ و عادت۔ کہا جاتا ہے "مَا زَالَ عَلٰی نِظَامٍ وَاحِدٍ" وہ ہمیشہ ایک طریقہ پر رہا۔ نِظَامُ الْاَمْرِ : سرمایہ۔ معاملہ۔
النِّظَامُ مِنَ الرَّمْلِ : ریت پر جما ہوا اور رتہ لگا ہوا۔
النِّظَامُ مِنَ الجَرَادِ و النَّخْلِ و نَحْوِهَا : ایک قطار ٹڈیوں یا درخت خرما کی۔
النِّظَامَانِ و الْاِنْظَامَانِ و الْاُنْظُوْمَتَانِ مِنَ السَّمَكَةِ او الضَّبَّةِ : دُم سے کان تک کی دو دھاریاں۔ ج اَنَاظِیْم۔
الاَنْظَام۔ مچھلی یا گوہ کے انڈوں کی قطار۔ لڑی کا دھاگا ۔۔۔ مِنَ الرَّمْلِ : ریت پر جما ہوا اور رتہ لگا ہوا۔
النَّظَّام۔ بہت پروتے والا۔

التَّنْظِیْم۔ موزوں شعر وغیرہ۔ پہاڑی راستہ جس میں چشمے قریب قریب ہوں۔
المَنْظُوْم۔ مفہ۔ شعر۔ اور یہ منثور کے خلاف ہے۔
المَنْظِم۔ ترتیب دینے کی جگہ۔ ج مَنَاظِم۔
النَّعّ۔ کمزور مرد۔
النُّعَاع۔ ملائم و نازک گھاس۔ واحد نُعَاعَةٌ۔
نَعَبَ (ف ض) نَعْبًا و نُعَابًا و نَعِیْبًا و نَعَبَانًا و تَنْعَابًا الْغُرَابُ : کوّے کا کاؤں کاؤں کرنا۔ جدائی کا خوف دلانا ۔۔۔ المُؤَذِّنُ : گردن لمبی کر کے اذان دینا۔
نَعَبَت (ف) نَعْبًا الْاِبِلُ : اُونٹ کا چلنے میں گردن لمبی کرنا۔
النَّعْب۔ مص۔ رِیْحٌ نَعْبٌ : تیز ہوا۔
نَاقَةٌ نَاعِبَةٌ ج نَوَاعِب و نُعُوْبٌ۔ ج نُعُب و نَعَّابَة۔ تیز رفتار اُونٹنی۔
النَّعَّاب۔ اسم مبالغہ۔ کوّے کا بچہ۔
المِنْعَب و المُنْعِب۔ تیز رفتار اُونٹنی۔ تیز رفتار گھوڑا جو چلنے میں گردن بلند کرے۔ چلانے والا۔ بیوقوف۔
نَعَتَهٗ (ف) نَعْتًا۔ تعریف کرنا۔ بیان کرنا (اور اکثر اس کا استعمال صفات حسنہ کیلئے ہوتا ہے) نَعَتَ الْكَلِمَةَ : کلمہ کیلئے صفت لانا۔
نَعِتَ (س) نَعَتًا۔ بتکلف عمدہ صفات دکھانا۔
نَعُتَ (ک) نَعَاتَةً الرَّجُلُ : خلقۃ عمدہ صفات والا ہونا ۔۔۔ الفَرَسُ : گھوڑے کا تیز رفتار ہونا۔
اَنْعَتَ الرَّجُلُ : خوب صورت چہرہ والا ہونا۔ عمدہ خصلتوں والا ہونا۔
اِنْتَعَتَهٗ۔ تعریف کرنا۔ اِنْتَعَتَتِ الْمَرْاَةُ ۔۔۔ بِالْجَمَالِ : متصف ہونا۔
تَنَعَّتَ الشَّیْئَ : تعریف کرنا۔ بیان کرنا۔
اِسْتَنْعَتَهٗ الشَّیْئَ : بیان کرنے کو کہنا۔
النَّعْت۔ مص۔ تعریف ج نُعُوْت۔
النَّعْت و النَّعْتَة و النَّعِیْت و النَّعِیْتَة و المُنْتَعِت مِنَ الْخَیْلِ : گھوڑ دوڑ میں سبقت لے جانے والا اصیل گھوڑا جس کی سب تعریف کریں اور کہا جاتا ہے "شَیْئٌ نَعْتٌ" عمدہ چیز۔ کہا جاتا ہے "هُوَ نُعْتَةٌ" یعنی وہ بلندی مرتبہ یا حسن و جمال میں انتہا پر ہے۔

نَعَثَ (ف) نَعْثًا و اِنْتَعَثَ الشَّیْئَ : لینا۔
اَنْعَثَ فِیْ مَالِهٖ : فضول خرچی کرنا ۔۔۔ الرَّجُلُ : سفر کے لیے سامان لینا ۔۔۔ القَوْمُ : کام میں جدوجہد کرنا۔
نَعْثَلَ الشَّیْئَ : جمع کرنا ۔۔۔ الفَرَسُ فِیْ جَرْیِهٖ : تیزی دوڑ کی وجہ سے گھوڑے کا بیٹھ بیٹھ جانا۔
النَّعْثَل۔ بیوقوف بڈھا۔ نر بجو۔
النَّعْثَلَة۔ بیوقوفی۔ بڈھے کی چال۔
نَعِجَ (س) و نَعَجَ (ن) نَعَجًا و نُعُوْجًا اللَّوْنُ : خالص سفید رنگ ہونا۔ نَعَجَتِ النَّاقَةُ فِیْ سَیْرِهَا : اُونٹنی کا تیز دوڑنا (نَعِجَ (س) نَعَجًا) البَعِیْرُ : اُونٹ کا موٹا ہونا ۔۔۔ الرَّجُلُ : بھیڑ کا گوشت کھا کر بدہضمی ہونا۔ صفت نَعِجٌ۔
اَنْعَجَ القَوْمُ : موٹے اُونٹوں والا ہونا۔
النَّعْجَة۔ بھیڑ۔ ج نِعَاجٌ و نَعَجَاتٌ۔ و نِعَاجُ الرَّمْلِ : گائے۔
النَّاعِجَةُ مِنَ النِّسَاءِ او النُّوْقِ : سفید عورت یا اُونٹنی۔ نَاقَةٌ نَاعِجَةٌ : تیز رفتار اُونٹنی کہ جس پر بیٹھ کر جنگلی بھیڑوں کا شکار کریں۔ اَرْضٌ نَاعِجَةٌ : ہموار نرم زمین۔ ج نَوَاعِج۔
النَّعَج۔ مص۔ خالص سپیدی۔
نَعَرَ (ف ض) نَعِیْرًا و نُعَارًا الرَّجُلُ : خراٹے لینا ۔۔۔ العِرْقُ بِالدَّمِ : جوش کے ساتھ خون نکلنا یا نکلنے میں آواز ہونا۔ اور کہا جاتا ہے "نَعَرَ فُلَانٌ فِیْ قَفَا الْاِفْلَاسِ" یعنی مستغنی ہوا۔
نَعَرَ (ف) نَعْرًا فِی الْبِلَادِ : جانا ۔۔۔ القَوْمُ : جوش و خروش ظاہر کرنا اور اکٹھا ہونا ۔۔۔ اِلٰی فُلَانٍ : آنا۔ کہا جاتا ہے "مِنْ اَیْنَ نَعَرْتَ اِلَیْنَا" تم کہاں سے ہمارے پاس آئے۔ نَعَرَ فِی الْاَمْرِ : اٹھنا اور کوشش کرنا ۔۔۔ الرَّجُلُ : مخالفت کرنا اور انکار کرنا۔
نَعِرَ (س) نَعَرًا الحِمَارُ او الفَرَسُ : ناک میں مکھی داخل ہونے کی وجہ سے مضطرب ہونا۔ صفت نَعِرٌ۔
نَعَّرَ السَّهْمَ : سیدھائی معلوم کرنے کیلئے ناخن پر گھمانا۔

أَنْعَرَ الْأَرَاكُ : درخت پیلو کا پھل دار ہونا۔
النُّعْرَة۔ نعر کا اسم مرۃ۔ خراٹا۔ ج نَعَرَات۔
نَعْرَةُ النَّجْمِ : ہوا کا جھونکا۔ اور ثریا کے طلوع کے وقت سخت گرمی۔
النَّعَرَة و النُّعَرَة۔ تکبر۔ غرور۔ مہتم بالشان کام۔
النُّعَرَة و النَّعَرَة۔ ناک کا اندرونی بالائی حصہ۔
النُّعَرَة : ہوا جو ناک میں داخل ہو کر حرکت پیدا کرے۔ پیلو کا پھل (ایک قسم کی بڑی نیلی مکھی جو گھوڑوں اور گدھوں کی ناک میں داخل ہو کر تکلیف پہنچاتی ہے۔ ج نُعَرٌ و نُعَرَاتٌ۔
النَّاعِر۔ فا۔ کہا جاتا ہے كُلَّمَا نَعَرَ بِهِمْ نَاعِرٌ اتَّبَعُوْهُ "جب کبھی کوئی چیخنے والا چیختا ہے اس کے پیچھے ہو جاتے ہیں۔ مقصد یہ ہے کہ وہ ہڑبونگ کے پیچھے ہو جاتے ہیں۔
النَّعِر۔ وہ شخص جو ایک جگہ پر قائم نہ رہے مؤنث نَعِرَةٌ۔
النَّعِيْر۔ مص۔ لڑائی وغیرہ کی چیخ وپکار۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ نَعِيْرُ الْهَمِّ" فلاں بلند ہمت ہے۔
النَّعَّار۔ نافرمان۔ فتنہ انگیز۔ چیخنے والا۔ شور مچانے والا۔ مؤنث نَعَّارَةٌ۔ اِمْرَأَةٌ نَعَّارَةٌ : شور مچانے والی۔ بدزبان عورت۔ النَّعَّار : ایک قسم کا پرندہ۔
النَّعَّار و النَّعُوْر و النَّاعُوْر۔ رگ یا زخم جس سے خون جوش سے نکلے۔ النَّاعُوْر : چکی کا پلو۔
النَّعُوْر مِنَ الرِّيَاحِ : گرمی میں ناگہاں ٹھنڈی ہوا یا سردی میں گرم ہوا۔ نِيَّةٌ نَعُوْرٌ : دور کی نیت۔
النَّعَّارَة عِنْدَ الْمُوَلَّدِيْنَ۔ دستے والا مٹی کا آب خورہ۔ عوام عین کی تخفیف سے بولتے ہیں۔
النَّاعُوْر و النَّاعُوْرَة۔ رہٹ۔ ج نَوَاعِيْر۔
نَعَسَ (ف ن) نُعَاسًا الرَّجُلُ : اونگھنا صفت مذکر نَاعِسٌ ج نُعَّس۔ صفت مؤنث نَاعِسَةٌ ج نَاعِسَات و نَوَاعِس۔ نَعَسَ جِسْمُهٗ اَوْ رَأْيُهٗ : جسم یا رائے کا نرم و کمزور ہونا۔ نَعَسَتِ السُّوْقُ : بازار کا ماند پڑنا۔
اَنْعَسَهٗ۔ سلانا ـــ فُلَانٌ : سست بیٹوں والا ہونا۔
تَنَاعَسَ۔ بتکلف سونا۔ اپنے آپ کو سوتا ہوا ظاہر کرنا ـــ الْبَرْقُ : بجلی کا سست پڑنا۔
تَنَاعَسَتِ السُّوْقُ : بازار کا ماند پڑنا۔
النُّعَاس۔ حواس کی سستی۔ اونگھ۔ ابتدائی نیند۔
النَّعْسَان۔ اونگھنے والا۔ مؤنث نَعْسَى (اس کا استعمال عموماً اشعار میں مستحسن ہے)
اِمْرَأَةٌ نَعَاسَةٌ و نَعُوْسٌ۔ اونگھنے والی عورت۔ نَاقَةٌ نَعُوْسٌ : دودھار اونٹنی۔
نَعَشَهٗ (ف) نَعْشًا اللّٰهُ : بلند کرنا۔ اٹھانا۔ ہلاکت سے بچانا۔ فقیری کے بعد دولت والا بنانا ـــ الرَّبِيْعُ النَّاسَ : خوش حال کرنا ـــ الْمَيِّتَ : بھلائی سے یاد کرنا ـــ طَرْفَهٗ : نگاہ اٹھا کر دیکھنا ـــ الشَّجَرَةَ : جھکے ہوئے درخت کو اٹھانا۔
نُعِشَ۔ تابوت پر اٹھایا جانا۔ صفت مَنْعُوْشٌ ـــ فُلَانٌ : پھسلنے کے بعد اٹھایا جانا۔
نَعَّشَهٗ و اَنْعَشَهُ اللّٰهُ : بلند کرنا اور اٹھانا۔ نَعَّشَ فُلَانٌ فُلَانًا : نَعَشَكَ اللّٰهُ مِنْ عَثْرَتِكَ۔ کہنا۔
اِنْتَعَشَ۔ سستی کے بعد چست ہونا۔ سر اٹھانا ـــ مِنْ سَقْطَتِهٖ : گرنے کے بعد اٹھنا۔
اِسْتَنْعَشَ۔ سستی کے بعد چست ہونا۔
النَّعْش۔ مص۔ بقا۔ محافہ کے مانند چارپائی جس پر بادشاہ کو بیمار ہونے کے بعد اٹھاتے تھے۔ تابوت۔ مردہ کا تخت۔ بَنَاتُ نَعْشِ الْكُبْرٰى : سات ستارے جو قطب شمالی کی جہت میں ہیں اور انہیں کے قریب سات اور ستارے ہیں جن کو بَنَاتُ نَعْشِ الصُّغْرٰى کہتے ہیں۔
نَعَصَ (ف) نَعْصًا الشَّيْءَ : حرکت دینا ـــ الْجَرَادُ الْاَرْضَ : چپٹ کر جانا۔
نَعِصَ (س) نَعَصًا۔ جھکنا۔
اِنْتَعَصَ۔ ہلنا ـــ الرَّجُلُ : گرنے کے بعد اٹھنا۔ غضبناک ہونا۔
النَّاعِصَة۔ مددگار۔ اعوان وانصار۔
اَنْعَطَ الْآكِلُ : آدھا لقمہ کھانا آدھا ڈال دینا۔
النُّعُط۔ کھانے اور دادودہش میں بدتمیز لوگ۔ واحد نَاعِطٌ۔
نَاعَفَهٗ مُنَاعَفَةً۔ باہم دو راستوں میں مقابلہ کرنا کہ ہر ایک آگے بڑھ جانا چاہتا ہو۔ الطَّرِيْقَ : راستہ میں مقابلہ کرنا۔
اَنْعَفَ۔ بلند جگہ پر بیٹھنا۔
اِنْتَعَفَ۔ بلند جگہ پر چڑھنا ـــ لِفُلَانٍ : درپے ہونا ـــ الشَّيْءَ : غیر کے لیے چھوڑ دینا۔ الرَّاكِبُ : ظاہر ہونا۔
النَّعْف۔ پہاڑ سے نیچے اور وادی سے بلند ہموار جگہ ـــ مِنَ الرَّمْلَةِ : ریت کا اگلا و پتلا حصہ۔ ج نِعَاف۔
النَّعَفَة۔ پشت پاؤں پر جوتے کا تسمہ۔
النَّعَفَة۔ گیسو۔ شملہ۔ گوشت میں فاسد گرہ۔ کجاوہ کے تسمے جو ادھر ادھر حرکت کریں۔
اُذُنٌ نَاعِفَةٌ و نُعُوْفٌ و مُنْتَعِفَةٌ لٹکتا ہوا کان۔
الْمَنَاعِفُ مِنَ الْجِبَالِ : پہاڑوں کی چوٹیاں۔
الْمُنْتَعَف۔ نرم اور سخت زمین کے درمیان کی حد۔
نَعَقَ (ف ض) نَعْقًا و نَعِيْقًا و نُعَاقًا و نَعَقَانًا الْغُرَابُ : کوے کا کاؤں کاؤں کرنا۔ الْمُؤَذِّنُ : مؤذن کا بلند آواز سے اذان دینا۔ الرَّاعِيْ بِغَنَمِهٖ : چرواہے کا بکریوں کو آواز دینا اور ڈانٹنا۔
النَّعَّاق۔ بہت کائیں کائیں کرنے والا۔
النَّاعِقَان۔ جوزاء کے دو ستارے۔
نَعَلَ (ف) نَعْلًا الْقَوْمَ : جوتے دینا۔ (نَعَلَ و نَعَّلَ و اَنْعَلَ) الدَّابَّةَ : نعل لگانا۔
نَعِلَ (س) نَعَلًا۔ جوتہ پہننا۔
تَنَعَّلَ و اِنْتَعَلَ۔ جوتہ پہننا ـــ الثَّوْبَ روندنا۔ اور کہا جاتا ہے "اِنْتَعَلَ الْاَرْضَ" اس نے پیدل سفر کیا۔
النَّعْل۔ مص۔ جوتہ۔ ہر وہ چیز جس سے قدم کو بچایا جائے (مؤنث) تصغیر نُعَيْلَة۔ نَعْلُ الدَّابَّةِ : گھوڑے کا نعل ج نِعَال و اَنْعُل۔ النَّعْل میان کے نچلے حصہ میں چاندی یا لوہے کا بنا ہوا۔ سخت زمین جس میں کچھ نہ اُگے۔ ج نِعَال۔ کہا جاتا ہے "اِخْضَرَّتْ نِعَالُ الْقَوْمِ" یعنی قوم کی زمین سرسبز ہوگئی۔
النَّعْلَة۔ ہر وہ جس سے قدم کو زمین سے بچایا جائے اور یہ نَعْل سے خاص ہے۔
النَّاعِل۔ فا۔ بہت جوتے والا۔ گور خر۔ رَجُلٌ نَاعِلٌ : جوتا پہنا ہوا مرد۔ حَافِرٌ نَاعِلٌ : سخت کھر
النَّعَّال۔ نعل بند۔
الْمَنْعَل و الْمَنْعَلَة۔ سخت زمین۔ کہا جاتا ہے

"مَكَانٌ مُنْعَلٌ وَاَرْضٌ مُنْعَلَةٌ"۔
المُنْعَل۔ جوتے والا۔ فَرَسٌ مُنْعَلٌ : مضبوط نعل لگا ہوا گھوڑا۔ کہا جاتا ہے "رَمَاهُ بِالْمُنْعَلاَتِ" اس نے اس پر مصیبتیں ڈالیں۔
نَعَمَ (ف ن) و نَعِمَ (س) نَعْمَةً و مَنْعَمًا الرَّجُلُ : خوش حال ہونا — عَيْشُهُ : آسودہ و کشادہ ہونا اور کہا جاتا ہے "هٰذَا مَنْزِلٌ يَنْعَمُهُمْ" یہ ایسی منزل ہے جوان کے موافق ہے "وَنَعِمْتُ بِهٰذَا عَيْنًا" یعنی میں اس سے خوش ہوا "وَنَعِمَكَ اللّٰهُ عَيْنًا وَنَعِمَ اللّٰهُ بِكَ عَيْنًا" یعنی تمہاری آنکھ ٹھنڈی کرے اور تم سے تمہارے محبوب کی آنکھ ٹھنڈی کرے۔
نَعِمَ (س) نَعَمًا الْعُوْدُ۔ لکڑی کا سرسبز و تر و تازہ ہونا۔
نَعُمَ (ک) نُعُوْمَةً۔ نرم و نازک ہونا۔ ملائم ہونا۔ صفت نَاعِمٌ۔
نِعْمَ۔ افعال مدح میں سے ہے اور غیر منصرف ہے۔ تم کہتے ہو نِعْمَ الرَّجُلُ زَيْدٌ و نِعْمَ رَجُلاً زَيْدٌ اور تثنی اور جمع کا استعمال نادر ہے۔ کہا جاتا ہے نِعْمَا نِعْمُوْا و نِعْمَتَا و نِعْمن اور کبھی اس کے آخر میں ما لاحق ہوتا اس وقت صلہ سے مستغنی ہوتا ہے جب کہ کوئی قرینہ ہو۔ مثلاً تم کہو گے "دَقَقْتُهُ وَقًّا نِعِمَّا" (کسرعین سے اور کبھی مفتوح بھی ہوتا ہے) معنی میں نِعْمَ مَا دَقَقْتُهُ کے اور عرب کا قول "اِنْ فَعَلْتَ فَبِهَا وَنِعْمَتْ" تاء ساکنہ سے جس کی تقدیر نِعْمَتِ الفِعْلَةُ ہے۔
نَعَّمَ الشَّيْءَ : نرم و نازک بنانا — الرَّجُلَ : آسودہ حال کر دینا۔ کسی سے نعم کہنا — القَوْمُ لوگوں کے پاس پاؤں آنا۔
اَنْعَمَ۔ الشَّيْءَ : نرم و نازک بنانا — فُلاَنًا : آسودہ حال بنانا۔ کہا جاتا ہے "اَنْعَمَ اللّٰهُ صَبَاحَكَ" یعنی اللہ تعالیٰ تمہاری صبح اچھی کرے۔ اور یہ امر کے موقعہ پر کہا جاتا ہے "اَنْعِمْ صَبَاحًا" اور کثرت استعمال کی وجہ سے ہمزہ اور نون حذف کر دیا جاتا ہے تو کہا جاتا ہے "عِمْ صَبَاحًا وَعِمْ مَسَاءً اَنْعَمَ اللّٰهُ النِّعْمَةَ عَلَيْهِ وَاَنْعَمَهُ بِالنِّعْمَةِ" نعمت پہنچانا۔ انعم اللہ بک عینا : تمہاری آنکھیں ٹھنڈی کرنا یا تمہاری وجہ سے دوسرے کی آنکھیں ٹھنڈی کرنا اَنْعَمَ الرَّجُلُ : زیادہ کرنا۔ نعمت کو پہنچنا — القَوْمُ : لوگوں کے پاس ننگے پاؤں آنا۔ اَنْعَمَ صَدِيْقَهُ : ننگے پاؤں ہو کر رخصت کرنا۔ اَنْعَمَ فِي الْاَمْرِ : مبالغہ کرنا۔ اچھی طرح سے کرنا — اَنْعَمَ النَّظَرَ فِي الْمَسْأَلَةِ : غور کرنا۔ اَنْعَمَ لَهُ : کسی سے نعم کہنا اور کہا جاتا ہے "هٰذَا مَنْزِلٌ يُنْعِمُ" یہ ایسی منزل ہے جو بہت برکت والی اور موافق ہے۔
نَاعَمَ مُنَاعَمَةً الرَّجُلُ : آسودہ حال ہونا۔ الرَّجُلَ۔ آسودہ حال بنانا — الْحَبْلَ وَغَيْرَهُ : رسی کو مضبوط کرنا۔
تَنَعَّمَ الرَّجُلُ : ناز و نعمت کی زندگی بسر کرنا۔ ننگے پاؤں چلنا — قَدَمَيْهِ : مشغول کرنا — فُلاَنًا بِالْمَكَانِ : ڈھونڈنا — الدَّابَّةَ : خوب اچھی طرح ہانکنا اور کہا جاتا ہے "اَتَيْتُ اَرْضَهُمْ فَتَنَعَّمَتْنِيْ" یعنی میں ان کی زمین میں پہنچا اور وہ میرے لیے موافق ہوئی۔
تَنَاعَمَ۔ خوش عیش ہونا۔
نَعَمْ کلمہ ایجاب ہے اور اس میں چار لغت اور ہیں۔
نَعِمْ و نِعِمْ و نَعَامْ و نَحَمْ اور یہ چار معانی میں آتا ہے۔
(۱) خبر کے بعد واقع ہو تو حرف تصدیق ہے جیسے قَامَ زَيْدٌ کے جواب میں نَعَمْ ہو تو اس کے معنے قَامَ کے ہوں گے۔
(۲) امر اور نہی کے بعد واقع ہو تو حرف وعد ہو گا جیسے "اِضْرِبْ زَيْدًا" کے جواب میں "نَعَمْ اَعِدُكَ بِضَرْبِهِ" کے معنے میں ہو گا۔
(۳) اور استفہام کے بعد واقع ہو تو حرف اعلام ہو گا جیسے اَقَامَ زَيْدٌ کے جواب میں نَعَمْ اُعْلِمُكَ بِقِيَامِهِ کے معنے میں ہو گا۔
(۴) اور جب صدر کلام میں واقع ہو تو فائدہ تاکید کا ہوتا ہے جیسے نَعَمْ اِنَّ رَبِّيْ قَادِرٌ۔
النُّعْم۔ خوش حالی۔ تن آسانی۔ ج اَنْعُمٌ تم کہتے ہو "هٰذَا يَوْمُ نُعْمٍ" یعنی یہ عیش و طرب کا دن ہے۔
النَّعَم۔ اونٹ۔ چوپایہ پر بھی اطلاق ہوتا ہے ج اَنْعَامٌ ج اَنَاعِيْمُ۔
النَّعْمَة۔ اسم مرة۔ آسودگی۔ نَعْمَةُ الْعَيْشِ : زندگی کی آسودگی۔
النِّعْمَة۔ احسان۔ رزق وغیرہ کا انعام جو تمہارے اوپر ہو۔ خوشی۔ خوشگوار حالت۔ ج نِعَمٌ و اَنْعُمٌ و نِعْمَات و نِعَمَات و نِعِمَات۔ کہا جاتا ہے فُلاَنٌ وَاسِعُ النِّعْمَةِ : فلاں بہت مالدار ہے۔
النُّعْمَاءُ ج اَلْعُمْ و النُّعْمٰى۔ بابرکت ہاتھ۔ و النُّعْمٰى : آرام۔ خوش عیشی، مال۔ کہا جاتا ہے "سَاَفْعَلُهُ نَعْمَ عَيْنٍ و نُعْمَ عَيْنٍ و نَعْمَةَ عَيْنٍ و نُعْمَةَ عَيْنٍ و نُعْمٰى عَيْنٍ و نَعِيْمَ عَيْنٍ و نَعَامَ عَيْنٍ و نِعَامَ عَيْنٍ و نُعَامَ عَيْنٍ و نُعَامٰى عَيْنٍ" یعنی عنقریب تمہارے اکرام کے لیے میں ایسا کروں گا اور کہا جاتا ہے "نُعَامَاكَ اَنْ تَفْعَلَ كَذَا" تمہارے لیے آخری امر یہ ہے کہ تم ایسا کرو۔
النُّعْمَة۔ خوشی۔ نُعْمَةُ الْعَيْنِ : آنکھ کی ٹھنڈک۔
النَّعَامَة۔ شتر مرغ (مذکر و مؤنث) ج نَعَام و نَعَامَات و نَعَائِم اور نر کو ظلیم اور شتر مرغ کے گلہ کو بَنَاتُ الْهَيْسَقِ کہتے ہیں۔ شتر مرغ کے پر خوبصورت ہوتے ہیں جس کو زینت کے لئے استعمال کرتے ہیں۔ بھاگنے اور عبادت میں اس کی مثال دی جاتی ہے۔ النَّعَامَة : نفس۔ تاریکی۔ خوشی۔ اکرام۔ جہالت۔ واضح راستہ۔ کنوئیں میں اٹھا ہوا پتھر۔ راستہ کا نشان۔ پہاڑ پر سائبان کی مانند بنی ہوئی عمارت۔ دماغ کھوپڑی۔ لوگوں کی جماعت۔ اِبْنُ النَّعَامَة : پنڈلی کی ہڈی۔ قدم یا تلوا۔ اور کہا جاتا ہے "نَفَرَتْ نَعَامَتُهُ" یعنی مر گیا یا کوچ کر گیا۔ "وَجَاءَ كَالنَّعَامَةِ" یعنی محروم لوٹا "وَرَكِبَ جَنَاحَيِ النَّعَامَةِ" یعنی اس نے اپنے معاملہ میں کوشش کی "وَشَالَتْ نَعَامَتُهُ" یعنی مر گیا "وَشَالَتْ نَعَامَةُ الْقَوْمِ" یعنی متفرق ہو گئے اور انہوں نے اپنے منازل کو خالی کر دیا "وَاِنَّهُ لَخَفِيْفُ النَّعَامَةِ" یعنی وہ ضعیف العقل ہے "وَاَصَمُّ مِنْ نَعَامَةٍ" وہ شتر مرغ سے زیادہ بہرا ہے اس لیے کہ شتر مرغ جب بھاگتا ہے تو کسی جانب نہیں مڑتا۔
النَّعَام اسم جمع ہے مفرد اس کا النَّعَامَة ہے۔ بیابان۔ النَّعَامُ الصَّادِرُ : چار ستاروں کے نام

النَّعَامُ الْوَارِد : دوسرے چار ستاروں کے نام اور یہ سب منازل قمر میں سے ہیں۔

النَّعَائِم۔ منازل قمر میں سے ایک منزل کا نام۔ جس کی صورت شتر مرغ جیسی ہے اور یہ آٹھ ستارے ہیں۔

النُّعُوْمَة۔مص۔ نرمی و نازکی۔ملائمت۔

النُّعْمَان۔ حیرہ کے ہر بادشاہ کا لقب' خون شَقَائِقُ النُّعْمَانِ : گل لالہ۔ واحد شَقِيْقَةُ النُّعْمَانِ۔

الْإِنْعَام۔مص۔انعام۔ج انعامات۔

الْإِنْعَامَة۔انعام۔عطیہ۔

النَّاعِمُ۔ فا ––– مِنَ الثِّيَابِ : ملائم کپڑا ––– مِنَ الْعَيْشِ : آسودہ زندگی ––– مِنَ النَّبَاتِ : سیدھا ہموار۔

النَّاعِمَة۔ النَّاعم کا مؤنث۔ آسودہ زندگی والی۔باغ۔

النَّعِيْم۔ آسودہ حالی۔ آرام۔ مال۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ نَعِيْمُ الْبَالِ" یعنی سکون قلب والا مرد۔ نَعِيْمُ اللّٰهِ :اللہ کا فضل۔

المِنْعَم۔ جھاڑو۔

المِنْعَام۔ بڑا فیاض۔

كَلَامٌ مُنَعَّمٌ۔ نرم کلام۔

المُنَاعِم و المُتَنَاعِم مِنَ النَّبَاتِ : سیدھی ہموار نباتات۔

المُنَعَّم و المُنَاعَمُ و المُتَنَعِّم و المُتَنَاعِم خوش حال۔مالدار۔

نَعْنَعَ لِسَانُ فُلَانٍ :زبان میں ہکلاپن ہونا۔

تَنَعْنَعَ الشَّيْئُ : مضطرب ہونا۔جھکنا ––– عَنْهُ : دور ہونا۔

النَّعْنَع و النُّعْنَاع۔ پودینہ۔ واحد نَعْنَعَة و نُعْنَاعَةٌ۔

النَّعْنَعَة۔ پوتا۔

نَعَا يَنْعُوْ نُعَاءً السِّنَّوْرُ : بلی کا میاؤں میاؤں کرنا۔

النَّعْو۔ ناک کے نیچے کا دائرہ۔ اونٹ کے اوپر والے ہونٹ کی پھٹن۔ کھر کے پچھلے حصے کی کشادگی۔ تازہ کھجور۔

نَعَى يَنْعَى نَعْيًا و نَعِيًّا و نُعْيَانًا لَنَا وَإِلَيْنَا فُلَانًا : موت کی اطلاع دینا۔ کہا جاتا ہے "نَعَاهُ بِمَوْتِ فُلَانٍ" اس نے اس کو فلاں کی موت کی اطلاع دی ––– نَعَى الْقَوْمَ : میت کے دفن کیلئے بلانا۔ نَعَيْتُهُ الشَّيئَ : خبر دینا ––– عَلَى الْقَوْمِ شَهَوَاتِهِمْ : عیب گیری کرنا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ يَنْعَى عَلَى فُلَانٍ ذُنُوْبَهُ" یعنی وہ فلاں کے گناہوں کو ظاہر کرتا ہے اور شہرت دیتا ہے۔ "وفُلَانٌ يَنْعَى فُلَانًا" فلاں فلاں سے قصاص طلب کرتا ہے۔ "وفُلَانٌ يَنْعَى عَلَى نَفْسِهِ بِالْفَوَاحِشِ" یعنی فلاں اپنے آپ کے متعلق ارتکاب فواحش کی شہرت دیتا ہے۔

أَنْعَى عَلَيْهِ شَيْئًا قَبِيْحًا : کسی کے متعلق بری بات طعنہ کے طور پر کہنا۔أَنْعَيْتُهُ الشَّيئَ :خبر دینا۔

تَنَاعَى الْقَوْمُ : قتل اور طلب قصاص پر برانگیختہ کرنے کیلئے مقتولین کی خبر موت کو بیان کرنا۔

اِسْتَنْعَى الْقَوْمُ : قتل اور طلب قصاص پر برانگیختہ کرنے کے لیے مقتولین کی خبر موت کو بیان کرنا۔ متفرق و منتشر ہونا۔ اِسْتَنْعَى ذِكْرُ فُلَانٍ : پھیلنا ––– حُبُّ الْخَمِرَ بِهِ مدت تک رہنا ––– الرَّاعِي الْغَنَمَ : چرواہے کا آگے ہو کر اپنے پیچھے بکریوں کو بلانا۔

النَّعْيَته۔نعی کا اسم مرۃ۔ج نَعَيَات۔

النَّاعِي۔ فا۔ خبر مرگ لانے والا۔ طعن تشنیع کرنے والا۔ج نَاعُوْن و نُعَاة و نُعْيَان۔

النَّعِي۔مص۔خبر مرگ لانے والا۔۔جس کی وفات کی خبر دی جائے۔

نَعَاءِ مبنی علی الکسر :اسم فعل بمعنی اِنْعَ کہا جاتا ہے نَعَاءِ فُلَانًا :یعنی فلاں کی موت کا پیغام پہنچاؤ۔

المَنْعَى و المَنْعَاة۔ خبر مرگ۔ج مَنَاعٍ۔

نَغَبَ(ف ن)نَغْبًا الرِّيْقَ : تھوک نگلنا۔

نَغَبَ(ن) نَغْبًا الرَّجُلُ فِي الشُّرْبِ : گھونٹ گھونٹ پینا۔

نَغَبَ(ف)نَغْبًا الطَّائِرُ :پرندہ کا پانی پینا۔

النَّغْبة و النُّغبة۔ گھونٹ ج نُغَب۔ النُّغْبة : برا کام۔

النَّغْبَن۔بیوقوف۔

النَّغْبَقَة و النُّغْبُوْقَة۔جانور کے پیٹ کی آواز۔

النُّغْبُوْق۔ایک قسم کا پرندہ۔

النُّغْبُوْل۔ایک قسم کا پرندہ۔ایک نباتات۔

نَغَتَ(ف)نَغْتًا الشَّعْرَ :بال کھینچنا۔

النَّغَث۔دائمی سخت مصیبت۔

نَغَرَت(ف ض)و نَغِرَت(س)نَغِيْرًا و نَغَرَانًا الْقِدْرُ :ہانڈی کا ابلنا۔

نَغَرَ و نَغِرَ نَغَرًا و نَغَرَانًا الرَّجُلُ عَلَى فُلَانٍ : غضبناک ہونا۔ کہا جاتا ہے "نَغِرَ عَلَيْهِ جَوْفُهُ" اس کا جوف اس پر بھڑک اٹھا۔ صفت مذکر نَغِر صفت مؤنث نَغِرَةٌ ––– النَّاقَةَ : اونٹنی کو آواز دینا۔بلانا۔

نَغِرَ (س) نَغَرًا مِنَ الْمَاءِ :بہت پانی پینا ––– الرَّجُلُ : کینہ رکھنا۔

نَغَّرَ الصَّبِيَّ : بچے کو گدگدانا۔ بِالنَّاقَةِ : اونٹنی کو آواز دینا۔بلانا۔

تَنَغَّرَ الرَّجُلُ : غضب کی وجہ سے جوف کا بھڑک اٹھنا ––– عَنْ فُلَانٍ : دگرگوں ہونا یا غضبناک ہونا۔

أَنْغَرَتِ الْبَيْضَةُ :انڈے کا گندا ہونا۔

تَنَاغَرَ الرَّجُلُ :ناواقف بننا۔

النَّغَر۔مص۔کھاری پانی کا چشمہ۔

النُّغَر۔بلبل۔چڑیا کے بچے۔ج نِغْرَان۔

النَّغَّار۔ بہت غضبناک۔ جُرْحٌ نَغَّارٌ : بہت خون بہانے والا زخم۔

المُنْغِر۔ بکری جس کے دودھ کے ساتھ خون آئے۔

المِنْغَار۔ بکری جس کے دودھ کے ساتھ خون آنے کی عادت ہو۔

نَغَزَ(ف)نَغْزًا الصَّبِيَّ :بچے کو گدگدانا۔بَيْنَ الْقَوْمِ :ایک دوسرے پر برانگیختہ کرنا۔

النَّغَّاز۔فتنہ انگیز۔چغلی لانے والا۔

نَغَشَ(ف)نَغْشًا و نَغَشَانًا۔ہلنا اور بے قرار ہونا۔کہا جاتا ہے "هُوَ يَنْغَشُ إِلَى فُلَانٍ" وہ فلاں کی طرف مائل ہے۔ "وشُفِيَ فُلَانٌ فَتَنَغَّشَ" یعنی طاری ہونے کے بعد حرکت کی۔

تَنَغَّشَ وَانْتَغَشَ الشَّيْئُ : ہلنا اور بے قرار ہونا۔ کہا جاتا ہے "اِنْتَغَشَ و تَنَغَّشَ الْمَكَانُ بِأَهْلِهِ وَالرَّأْسُ بِالْقُمَّلِ" جگہ اپنے لوگوں اور سرجوں سے بھر گیا۔

النَّغْضَةُ۔ نغض کا اسم مرۃ۔
النُّغَاش و النُّغَّاش و النُّغَاشِيُّ۔ بہت پستہ قد۔
النُّغَاش: رذیل لوگ۔ عیار لوگ۔
نَغِصَ (س) نَغَصًا الْبَعِيْرُ: سیراب نہ ہونا — الرَّجُلُ: مراد پوری نہ ہونا۔
نَغَصَهُ (ف) نَغْصًا۔ پانی کا حصہ روک دینا یا پوری طرح سے پینے نہ دینا۔
نَغَّصَ و أَنْغَصَ اللّٰهُ عَلَيْهِ الْعَيْشَ و نَغَّصَ عَيْشَهُ: زندگی مکدر کر دینا۔ و نَغَّصَ فُلَانًا: زندگی مکدر کر دینا۔ أَنْغَصَ فُلَانًا رَعِيَّةً: کسی کے جانوروں کو چرنے سے روک دینا۔
نُغِّصَ تَنْغِيْصًا۔ خوشگواری کامل نہ ہونا۔
تَنَغَّصَ الْعَيْشُ: مکدر ہونا۔
تَنَاغَصَتِ الْإِبِلُ: ہجوم کرنا۔
النُّغْصَة۔ مراد پوری کرنے سے مانع ج نُغَص۔
نَغَضَ (ن ض) نَغْضًا و نُغُوْضًا و نَغَضَانًا: کپکپی کے ساتھ ہلنا اور بے قرار ہونا۔ نَغَضُوْا إِلَى الْعَدُوِّ: مقابلے کے لیے اٹھنا — الشَّيْءَ وبِالشَّيْءِ: ہلانا۔ نَغَضَ نَغْضًا الشَّيْءُ: بہت ہونا — السَّحَابُ: گھٹاٹوپ بادل چڑھنا۔
نَغَّضَ الشَّيْءَ: ہلانا۔
أَنْغَضَ الشَّيْءَ: ہلنا اور بے قرار ہونا۔ رَأْسَهُ: سر کو تعجب یا استہزاء سے ہلانا۔
تَنَغَّضَ الشَّيْءُ: ہلنا اور بے قرار ہونا۔
النَّغْض۔ مص۔ سر ہلانے والا۔ چلنے میں کانپنے والا۔
النَّاغِض۔ فا۔ ج نُغُض۔ النَّاغِضُ مِنَ الْإِنْسَانِ: گردن کی جڑ جہاں سے سر کی حرکت ہوتی ہے۔ غَيْمٌ نَاغِضٌ: ایک دوسرے کے پیچھے چلنے والا بادل (— و النُّغْض) مِنَ الْكَتِفِ: مونڈھے کے کنارے کی پتلی ہڈی۔
النَّغَّاض مِنَ السَّحَابِ: ایک دوسرے کے پیچھے چلنے والا بادل۔ رَجُلٌ نَغَّاضُ الْبَطْنِ: بڑے پیٹ والا جس کے پیٹ پر موٹاپے کی وجہ سے شکن ہو۔
النَّغُوْض۔ بڑے کوہان والی اونٹنی۔
نَغِفَ (س) نَغَفًا الْبَعِيْرُ: اونٹ کی ناک میں کیڑا ہونا۔

النَّغَف۔ مص۔ اونٹ اور بکری کے ناک کے کیڑے۔ واحد نَغَفَةٌ۔ النَّغَف: خشک رینٹ جو ناک سے نکلے۔
نَغَقَ (ف ض) نُغَاقًا و نَغِيْقًا الْغُرَابُ: کوے کا کاؤں کاؤں کرنا۔
النَّغَّاق۔ بہت کاؤں کاؤں کرنے والا۔
نَغِلَ (س) نَغَلًا الْجِلْدُ: کھال کا دباغت میں خراب ہونا — الْجُرْحُ: فاسد ہونا: زخم میں کچھ خرابی باقی رہ جانا۔ نَغِلَتْ نِيَّتُهُ: نیت بری ہونا۔ نَغِلَ قَلْبُهُ عَلَيَّ: کینہ رکھنا — بَيْنَهُمْ: فساد ڈالنا۔ چغل خوری کرنا — وَجْهُ الْأَرْضِ: سوکھا پڑنے کی وجہ سے سطح زمین کا خشک ہونا۔
نَغُلَ (ک) نُغُولة المولود: نسبت بگڑنا۔
النِّغْلَة اسم مصدر ہے۔
أَنْغَلَ الْجِلْدُ: دباغت میں خراب کرنا۔ اسم النُّغْلَة۔
النَّغْل۔ گھوڑے اور گدھی سے پیدا شدہ جانور۔
النَّغَل۔ مص۔ لوگوں کے درمیان فساد انگیزی۔ چغل خوری۔
النَّغَلَة۔ چغل خوری۔
النَّغْلُ و النَّغِلُ مؤنث نَغْلَةٌ و نَغِلَةٌ و النَّغِيْلُ بگڑا ہوا۔ حرامی بچہ۔
النَّغِيْلَة۔ ایک قسم کا کیڑا جو چمڑے کو خراب کر دیتا ہے۔
نَغَمَ (ض ن) و نَغِمَ (س) نَغْمًا و نَغَمًا و تَنَغَّمَ الرَّجُلُ: گانے میں سر نکالنا۔ نَغَمَ فِي الشَّرَابِ: تھوڑا سا پینا اور کہا جاتا ہے "سَكَتَ فَمَا نَغَمَ بِحَرْفٍ" وہ خاموش رہا ایک حرف نہیں بولا۔
نَاغَمَهُ مُنَاغَمَةً۔ بہت آہستہ گفتگو کرنا۔
النَّغْم و النَّغَم۔ گانے میں سر۔ ج أَنْغَام۔ جج أَنَاغِيْم اور اسی سے أَنْغَامُ الْمُوْسِيْقِي ہے۔ آہستہ گفتگو۔
النَّغَّام۔ بہت سر نکالنے والا۔
النَّغْمَة و النَّغَمَة۔ نغم کا واحد۔ پڑھنے میں اچھی آواز۔ ج نَغَمَات۔
النُّغْمَة۔ گھونٹ۔ ج نُغَم۔
رَجُلٌ نَغُوْمٌ۔ اچھی آواز والا مرد۔
نَغَا يَنْغُوْ نَغْوًا و نَغَى يَنْغِيْ نَغْيًا و أَنْغَى إِلَيْهِ: قابل سمجھ بات کرنا۔ کہا جاتا ہے "سَكَتَ فُلَانٌ فَمَا نَغَى بِحَرْفٍ" فلاں خاموش رہا ایک حرف نہیں بولا۔
نَاغَى الصَّبِيَّ: بچے سے دل پسند بات کرنا۔ الْمَرْأَةَ: عشق بازی کرنا — الرَّجُلَ: مقابلہ کرنا۔ غالب ہونے کی کوشش کرنا۔ قریب ہونا — الْمَوْجُ السَّحَابَ: موج کا بادل کی طرف اٹھنا۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا الْجَبَلُ يُنَاغِي السَّمَاءَ: یہ پہاڑ اونچائی کی وجہ سے آسمان کے قریب ہے۔
تَنَاغَى الْقَوْمُ: باہم مقابلہ کرنا۔ ایک دوسرے پر غلبہ کی کوشش کرنا۔
النَّاغِيَة۔ کلمہ۔
النَّغْوَة و النَّغْيَة۔ سریلی آواز۔ اچھی گفتگو
النَّغْيَةُ: خبر جو ابھی تحقیق نہ کی گئی ہو۔ کہا جاتا ہے "سَمِعْتُ نَغْيَةً مِنْ كَذَا" میں نے فلاں چیز کی افواہ سنی ہے۔
نَفَّ (ن) نَفًّا الْأَرْضَ: بونا۔
نَفَّ (س) نَفًّا السَّوِيْقَ: ستو پھانکنا۔
النَّفِيُّ۔ جس پر ستو چھانا جائے۔ ج نَفَانِيُّ۔
النَّفِيَّة و النُّفْيَة و النُّفَى۔ کھجور کے پتوں سے بنا ہوا گراں دستر خوان۔
النَّفِيْف۔ اونٹ کے پالان کا تنگ۔
النُّفَأ۔ نباتات کے متفرق قطعات۔ چھوٹے باغ یا اکٹھے بعض درخت جو بڑی بڑی گھاس سے بلند ہو گئے ہوں۔ واحد نُفَأَةٌ۔
نَفَتَتْ (ض) نَفْتًا و نَفَتَانًا و نَفِيْتًا و نَافَتَتِ الْقِدْرُ: ہانڈی کا بہت زور سے ابلنا۔ صفت نفوت۔ نفت و نَافَتَ الرَّجُلُ: غضبناک ہونا۔ غصہ سے پھولنا۔ و نَفَتَ الدَّقِيْقُ نَفْتًا: آٹے کا پانی ڈالنے سے پھولنا۔
النَّفِيْتَة۔ آٹا جس پر پانی یا دودھ ڈالا جائے۔
نَفَثَ (ن ض) نَفْثًا و نَفَثَانًا الْبُصَاقَ مِنْ فِيْهِ: منہ سے تھوک پھینکنا — الْجُرْحُ الدَّمَ: زخم کا خون بہانا — الرَّجُلُ: تھوکنا۔ نَفَثَتِ الْحَيَّةُ السَّمَّ: سانپ کا زہر نکالنا۔ نَفَثَ الْمَصْدُوْرُ: درد سینہ والے کا تھوک کھنکار وغیرہ پھینکنا۔

الْقَلَمَ: لکھنا — فُلَانًا: کسی پر جادو کرنا۔ کہا جاتا ہے "نَفَثَ اللّٰهُ الشَّيَ فِي قَلْبِهِ" اللہ نے اس کے دل میں ڈالا۔ و نُفِثَ فِي رُوْعِي او قَلْبِي كَذَا" مجھے فلاں چیز کا الہام ہوا۔ "و فُلَانٌ يَنْفُثُ عَلَى غَضَبًا" فلاں مجھ پر غصہ کی وجہ سے طیش میں ہے۔

نَافَثَهُ مُنَافَثَةً۔ چپکے چپکے بات کرنا۔

النَّفْث۔ مص۔ بلغم۔ نَفْثُ الشَّيْطَانِ: غزل کے اشعار۔

النَّفْثَة۔ نَفْث کا اسم مرۃ۔ ج نَفَثَات۔ کہا جاتا ہے "مَا اَحْسَنَ نَفَثَاتَ فُلَانٍ" یعنی فلاں کے اشعار کس قدر اچھے ہیں۔

النُّفَاثَة۔ تھوک وغیرہ جو درد سینہ والا پھینکے۔

النَّافِث و النَّفَّاث۔ جادوگر۔ مؤنث نَافِثَةٌ و نَفَّاثَةٌ۔

دَمٌ نَفِيْثٌ۔ زخم سے بہا ہوا خون۔

المَنْفُوْث۔ مص۔ رَجُلٌ مَنْفُوْثٌ: جادو کیا ہوا مرد۔

نَفَجَ(ن) نَفْجًا و نَفَجَانًا و نُفُوْجًا الْاَرْنَبُ او الْيَرْبُوْعُ: خرگوش یا جنگلی چوہے کا دوڑ کر نکل بھاگنا۔ نَفَجَتِ الرِّيْحُ: ہوا کا تیز چلنا — الطَّرِيْقُ بِالْقَوْمِ: راستہ میں قوم کا اچانک ظاہر ہونا۔

نَفَجَ نَفْجًا الْاِنْسَانُ: غیر واقعی صفات پر فخر کرنا — الْفُرُّوْجَةُ: مرغی کے بچے کا انڈے سے نکلنا — الْاَرْنَبَ وَغَيْرَهَا: خرگوش کو بھڑکا کر نکالنا — الشَّيَ: بلند کرنا — السِّقَاءَ: مشکیزہ بھرنا۔

اَنْفَجَ الْاَرْنَبَ: خرگوش کو بھڑکا کر نکالنا — الْحَالِبُ: دوھنے کے وقت برتن کو تھن سے جدا کرنا۔

تَنَفَّجَ و اِنْتَفَجَ بلند ہونا — الرَّجُلُ: غیر واقعی صفات پر فخر کرنا۔ ڈینگ مارنا۔ تَنَفَّجَتِ الرِّيْحُ عَلَى الْقَوْمِ: غفلت کی حالت میں تیز ہوا کا چلنا۔ اِنْتَفَجَ الْاَرْنَبُ: خرگوش کا دوڑنا۔ کودنا۔ کہا جاتا ہے "اِنْتَفَجَتْ مِنْهُ الْاَرْنَبُ" "اِنْتَفَجَ الْاَرْنَبَ وَغَيْرَهَا" خرگوش کو بھڑکا کر نکالنا۔

اِسْتَنْفَجَ الشَّيَ: نکالنا۔ ظاہر کرنا۔ کہا جاتا ہے "مَا الَّذِي اِسْتَنْفَجَ غَضَبَكَ" یعنی کس چیز نے تمہیں غصہ دلایا۔

النَّافِج۔ فا۔ صَوْتٌ نَافِجٌ: سخت و بلند آواز۔

النَّافِجَة۔ النَّافِج کا مؤنث۔ بہت بارش والا۔ بادل۔ ہوا جو پہلے زور سے چلے۔ آخری پسلی۔ بیٹی۔ اس وجہ سے کہ وہ اپنے مہر سے باپ کے مال کو بڑھاتی ہے۔ مشک کا نافہ۔ مشک رکھنے کا برتن۔ ج نَوَافِج۔

النَّفَّاج۔ غیر واقعی صفات پر فخر و غرور کرنے والا۔ ڈینگ مارنے والا۔

النِّفَاجَة۔ چو. خا۔

النَّفِيْجَة۔ کمان۔ ج نَفَائِج۔

النَّفِيْج۔ اجنبی شخص جو کسی قوم میں شامل ہو اور نہ مصلح ہو نہ مفسد۔ ج نُفُج۔ النُّفُج: بوجھل اور سست لوگ۔ اور کہا جاتا ہے "هُوَ نَفِجُ الْحَقِيْبَةِ" وہ موٹے سرین والا ہے "و اِمْرَاَةٌ نَفِجُ الْحَقِيْبَةِ" موٹے سرین والی عورت۔

الْاُنْفُجَانِي۔ قول میں افراط کرنے والا۔

المَنَافِج۔ چھوٹے تکیہ کے مانند ایک چیز جس سے عورتیں اپنے سرین کو بڑا ظاہر کرتی ہیں۔

بَعِيْرٌ مُنْتَفِجٌ۔ کوکھ باہر نکلا ہوا اونٹ۔

المَنْفُوْج۔ کشادہ پہلوؤں والا اونٹ۔

نَفَحَ(ف) نَفْحًا و نَفَحَانًا و نُفُوْحًا و نُفَاحًا الطِّيْبُ: خوشبو پھیلنا۔ نفحت الرِّيْحُ: ہوا کا چلنا۔ ابتدائی ہوا کا چلنا۔ نَفَحَ الْعِرْقُ: رگ سے خون نکلنا۔ نَفَحَتِ الدَّابَّةُ الرَّجُلَ: کھر کے کنارے سے مارنا۔ نَفَحَ فُلَانًا بِالسَّيْفِ: آہستہ تلوار سے مارنا۔ نَفَحَهُ بِكَذَا: دینا۔ نَفَحَ لِمَّتَهُ: کنگھا کرنا — الشَّيَ: دفع کرنا۔ ہٹانا۔

نَافَحَهُ مُنَافَحَةً۔ جھگڑا کرنا۔ نَافَحَ عَنْ فُلَانٍ: کسی کی جانب سے مدافعت کرنا۔

اِنْتَفَحَ بِفُلَانٍ: سامنے آنا۔ اِنْتَفَحَ اِلَى مَوْضِعِ كَذَا: واپس آنا۔

النَّفْح۔ مص۔ النَّفْحُ مِنَ الرِّيَاحِ: سردی میں ہوا کا چلنا اور گرمی میں ہوا کے چلنے کو اللفح کہتے ہیں۔

النَّفْحَة۔ نفح کا اسم مرۃ۔ نَفْحَةُ الدَّمِ: خون کا فوارہ۔ نَفْحَةُ الرِّيْحِ: ہوا کا جھونکا۔ نَفْحَةُ الطِّيْبِ: خوشبو کی بھڑک — مِنَ الْاَلْبَانِ: خالص دودھ۔ النَّفْحَةُ: عطیہ۔ ج نَفَحَات۔ کہا جاتا ہے۔ نِيَّةٌ نَفْحٌ: بلند ارادہ۔

الاُنْقُوْعَة۔ ہر ایسی جگہ جہاں پانی بہہ کر آئے "اُنْقُوْعَةُ الْمِيْزَاب" پرنالے میں پانی بہنے کی جگہ۔

المُسْتَنْقَع۔ پانی جمع ہونے کی جگہ۔ تالاب کی وہ جگہ جہاں پانی میں گھس کر آدمی غسل کرے۔

المَنْقَع۔ سمندر۔ پانی جمع ہونے کی جگہ۔ پانی سے سیرابی۔ ج مَنَاقِع۔

المِنْقَع۔ برتن جس میں کوئی چیز بھگوئی جائے۔

المُنْقَع۔ مٹکا۔ پتھر کا چھوٹا برتن۔ ہر وہ چیز جو بھگوئی جائے۔ خالص دودھ کہ جس کو ٹھنڈا کریں اور رکھیں۔ سَمٌّ مُنْقَعٌ: زہر جس میں اور زہر ملا کر قوت بڑھا دی گئی ہو۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ مُنْقَعٌ" فلاں کی رائے سے تسلی ہوتی ہے۔

المُنْقُع۔ چھوٹی ہانڈی جس میں دودھ، کھجور ڈالتے ہیں اور بچہ کو کھلاتے ہیں۔

المِنْقَعَة۔ خشک انگور وغیرہ بھگونے کا برتن (— و المَنْقَعَة) بمعنے مُنْقُع۔

نَقَفَ(ن)نَقْفًا هَامَةَ الرَّجُلِ :کھوپڑی توڑ دینا — فُلَانًا: ہلکی ضرب مارنا — الفَرخُ البَيْضَةَ: پرندہ کے بچے کا انڈے میں سوراخ کر کے نکلنا۔ الرُّمَّانَةَ :انار چھیل کر دانے نکالنا — الحَنْظَلَ و نَحْوَهُ: اندرائن توڑ کر دانہ نکالنا۔ صفت فاعلی ناقف اور صفت مفعولی نَقِيْفٌ و مَنْقُوْف — الشَّرَابَ: صاف کرنا اور بقول بعض ملانا — عَنِ الشَّيْءِ: کھود کرید کرنا۔ نَقَفَهُ بِظُفْرِهِ: ناخن سے مارنا۔

نَاقَفَهُ مُنَاقَفَةً و نِقَافًا: سر پر تلوار مارنا۔

اَنْقَفَ الجَرَادُ الوَادِي: انڈوں سے بھر دینا — فُلَانًا العَظْمَ: ہڈی سے مغز نکالنے کیلئے دینا — و تَنَقَّفَ الحَنْظَلَ) دانہ نکالنے کیلئے اندرائن توڑنا۔

اِنْتَقَفَ الشَّيْءَ: نکالنا — الحَنْظَلَ: دانہ نکالنے کے لیے اندرائن توڑنا۔

رَجُلٌ نِقَافٌ۔ دور اندیش مرد۔ کہا جاتا ہے "جَاءَا فِيْ نِقَافٍ وَاحِدٍ" وہ دونوں برابر برابر آئے کوئی آگے پیچھے نہیں تھا اور نِقَاف اصل میں ان دو بچوں کو کہتے ہیں جو ایک ہی انڈے سے نکلیں۔ اور کہا جاتا ہے "اليَوْمَ قِحَافٌ وَغَدًا نِقَافٌ" آج شراب نوشی کا دن ہے اور کل معاملہ ہے۔

النِّقْف و النَّقَف۔ بچہ جس وقت کہ انڈے سے نکلے۔

النَّقَفَة۔ پہاڑ کی چوٹی یا ٹیلہ پر چھوٹا سا گڑھا۔

النَّقَّاف۔ اصرار کے ساتھ سوال کرنے والا۔ سوال کرنے میں حریص۔ لکڑی کا بہت چھیلنے والا۔ رَجُلٌ نَقَّافٌ :مرد دور اندیش۔

النَّقَّافَة۔ سوال کرنے میں حریص۔

النَّقِيْف۔ تنہ جس کو دیمک نے کھا لیا ہو ج نُقُفٌ۔

المِنْقَاف۔ پرندے کی چونچ۔ ایک قسم کی کوڑی۔

المَنْقُوْف۔ مفر۔ زرد رو۔ دبلا پتلا۔ کمزور جِذْعٌ مَنْقُوْفٌ: دیمک خوردہ تنہ۔ عَيْنَانِ مَنْقُوْفَتَانِ: سرخ آنکھیں۔

نَقَلَ(ن)نَقْلًا الشَّيْءَ :ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل کرنا — خُفَّ البَعِيْرِ او الثَّوْبَ او النَّعْلَ: پیوند لگانا اور درست کرنا — الكَلَامَ عَنْ قَائِلِهِ: روایت کرنا — الكِتَابَ: نقل کرنا — الكِتَابَ اِلٰى لُغَةِ كَذَا: ترجمہ کرنا۔

نَقَّلَ الشَّيْءَ: زیادہ منتقل کرنا — الخُفَّ و الثَّوْبَ: پیوند لگانا اور درست کرنا۔ تشدید مبالغہ کیلئے ہے۔ نَقَّلَتِ الشَّجَّةُ العَظْمَ: زخم کا ہڈی کو توڑنا — فُلَانٌ الضَّيْفَ: مہمان کو نُقل کھلانا (دیکھئے نُقل)

نَاقَلَ الفَرَسُ: جلدی جلدی ٹانگیں اٹھانا۔ دوڑنے میں پتھروں سے بچنا۔ نَاقَلْتُهُ الحَدِيْثَ: میں نے اس سے اور اس نے مجھ سے روایت کی۔ نَاقَلَهُ الاَقْدَاحَ: ایک دوسرے سے لینا دینا۔ نَاقَلْتُ فُلَانًا: پینے میں کسی کے ساتھ جھگڑا کرنا۔ نَاقَلَ الشَّاعِرُ الشَّاعِرَ: ایک شاعر کا دوسرے شاعر سے مقابلہ کرنا۔

اَنْقَلَ الخُفَّ او النَّعْلَ :درست کرنا۔

تَنَقَّلَ مِنْ مَكَانٍ اِلٰى آخَرَ: منتقل ہونا۔ زیادہ منتقل ہونا — الرَّجُلَ: نُقل کھانا۔ (دیکھئے نُقل)

تَنَاقَلُوْا الحَدِيْثَ فِيْمَا بَيْنَهُمْ: بعض کا بعض سے نقل کرنا۔

اِنْتَقَلَ مِنْ مَكَانٍ اِلٰى آخَرَ: منتقل ہونا۔ فُلَانٌ اِلٰى رَحْمَةِ اللّٰهِ او اِلٰى رِضْوَانِهِ: مرنا۔ اِنْتَقَلَ الفَرَسُ: چلنے میں پچھلے پاؤں کو اگلے پاؤں کی جگہ میں رکھنا۔

النَّاقِلُ۔ فا۔ ج نَاقِلُوْنَ و نَقَلَةٌ۔

النَّاقِلَة۔ النَّاقِل کا مؤنث ج نَوَاقِل۔ و نَوَاقِلُ الدَّهْرِ: حوادث زمانہ۔ جو ایک حال سے دوسرے حال کی طرف بدلیں۔ النَّاقِلَةُ مِنَ النَّاسِ: وہ لوگ جن کی عادت ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل ہونے کی ہو۔ نَوَاقِلُ العَرَبِ: وہ لوگ جو ایک قبیلہ سے دوسرے قبیلہ کی طرف منتقل ہوں اور اسی کی طرف اپنی نسبت کریں۔

النِّقَال۔ مصدر نَاقَلَ۔ چوڑے چھوٹے نیزے کے پھل واحد نَقْلَةٌ۔ النِّقَال: اُونٹ کا بغیر کسی کے خود پینا۔ کہا جاتا ہے "شَرِبَتِ الاِبِلُ نِقَالًا" اونٹ نے خود بخود پانی پیا۔

النَّقَّال۔ اسم مبالغہ۔ وہ شخص جو چیزوں کو ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل کرے۔ فَرَسٌ نَقَّالٌ: تیز رفتار گھوڑا۔

النَّقَل۔ مص۔ پرانا جوتا یا موزہ۔ کہا جاتا ہے "نَعْلٌ نَقَلٌ و خُفٌّ نَقَلٌ" النَّقْل و النُّقْل وہ چیز جو شراب کے ساتھ استعمال کی جائے جیسے پستہ، سیب وغیرہ۔ ج نُقُوْل و نُقُوْلَات مختصر راستہ۔

النَّقْل عِنْدَ اَهْلِ العَرَبِيَّةِ: ایک لفظ کو ایک معنی کے لیے وضع کر لینے کے بعد دوسرے معنی کے لیے وضع کرنا۔

النِقْل- پُراناجوتایاچمڑی موزہ-

النَقَل- پُراناجوتا یا چمڑی موزہ- ج اَنْقَال ونِقَال- النَقَل :شوروشغب کے ساتھ جواب- تیر کا پَر جوایک تیر سے نکال کردوسرے میں لگایا جائے- کہاجاتا ہے "لَاتَرِشْ سَهْمِي بِنَقَلٍ "تباہ شدہ مکان کا ملبہ- چھوٹے چھوٹے پتھر- مختصر راستہ-

مَكَانٌ نَقِلٌ- چھوٹے چھوٹے پتھروالی جگہ-

رَجُلٌ نَقِلٌ- حاضرجواب- سخت جھگڑالو-

النَقْلَة- نقل کااسم مرۃ-نِقَال کاواحد-

النُقْلَة-اسم ہے بمعنے انتقال-چغلی-ج نُقَلٌ-

النِقْلَة-نَقَل کااسم نوع-عورت جس کوکبرسنی کی وجہ سے پیغام نہ دیاجائے-ج نِقَلٌ-

النَقِيل- مسافر (مذکر و مؤنث) کہا جاتا ہے "رَجُلٌ نَقِيلٌ وامْرَأَةٌ نَقِيلٌ" مسافرمرد' مسافر عورت- سیلاب جو بارش شدہ زمین سے خشک زمین میں آئے- کہا جاتا ہے "هٰذَا فَرَسٌ ذُو نَقِيلٍ" یہ گھوڑا تیز رفتار ہے النَقِيل : مختصر راستہ-جوتے-

النَقِيلَة- مسافرعورت- جوتہ یا چمڑی موزہ کا پیوند-ج نَقَائِل ونَقِيل-

فَرَسٌ مُنَاقِلٌ ونَقَّال ومِنْقَلٌ تیزرفتارگھوڑا-

المُنْقَل- پہاڑی راستہ- مختصرراستہ-پُراناجوتا یاپُراناچمڑی موزہ-

المَنْقَلَة- سفرکے منازل میں سے ایک منزل- ٹکڑا جو اُونٹ کے کھر میں لگایا جائے- اَرْضٌ مَنْقَلَةٌ :چھوٹے چھوٹے پتھروں والی زمین-

المِنْقَلَة- نقل مکانی کا آلہ- ج مَنَاقِل والمِنْقَلَةُ عِنْدَ الْمولدين :ایک قسم کاکھیل ہے جوایک لمبی لکڑی سے بناتے ہیں اوراس میں چودہ گڑھے دوصف میں بناتے ہیں اور ہر گڑھے میں سات سات کنکریاں ڈالتے ہیں اورپھراس کو گھماتے ہیں-

نَقَمَ (ض) و نَقِمَ (س) نَقْمًا و تِنِقَّامًا مِنْ فُلَانٍ : سزا دینا — الْاَمْرَ عَلٰى فُلَانٍ او مِنْ فُلَانٍ : عیب لگانا- بہت مکروہ جاننا- کہا جاتا ہے "نَقِمَ فُلَانٌ وِتْرَهُ" یعنی بدلہ لیا- "وَمَا تَنْقِمُ مِنَّا" نہیں طعن وتشنیع کرتے ہو تم(— نَقْمًا) الشَّيَ :جلدی کھانا-

نَقَّمَ تَنْقِيمًا-بہت زیادہ مکروہ جاننا-

اِنْتَقمَ مِنْهُ :سزادینا-

اَلنَقَم-معہ-راستہ کاوسط-

النَقْمَة والنِقْمَة والنَقِمَةُ- اسم ہے انتقام کا- سزا-بدلہ-ج نِقَمٌ ونِقِمٌ ونَقِمَاتٌ-

النَقِيمَة- بدل ہے نَقِيبَةٌ سے- کہا جاتا ہے "فُلَانٌ مَيْمُوْنُ النَّقِيمَةِ" فلاں پاک نفس ہے-

نَقْنَق الضِفْدَعُ :مینڈک کاٹرٹر کرنا- نَقْنَقَتِ الْعَيْنُ :آنکھ کادھنس جانا-

النِقْنِق-نرشترمرغ-ج نَقَانِق-

نَقَهَ (ف) نُقُوْهًا و نَقِهَ (س) نَقَهًا- فُلَانٌ مِنْ مَرَضِهِ : صحت یاب ہونا اور ضعف باقی رہنا- صفت نَاقِهٌ ج نُقَّهٌ (— نَقْهًا و نُقُوْهًا و نَقَهَانًا) الْحَدِيْثَ : سمجھنا- صفت نَقِهٌ و نَاقِهٌ- کہاجاتا ہے "فُلَانٌ لَايَفْقَهُ وَلَا يَنْقَهُ" فلاں نہیں سمجھتا ہے-

اَنْقَهَهُ اللّٰهُ مِنْ مَرَضِهِ : مرض سے عافیت دینا — فُلَانًا الْحَدِيْثَ : سمجھانا- اور کہا جاتا ہے "اَنْقِهلِي سَمْعَكَ" یعنی میری طرف کان لگا-

اِنْتَقَهَ مِنَ الْحَدِيْثِ : تسلی پانا — مِنْ مَرَضِهِ :مرض سے صحت یاب ہونااورضعف باقی رہنا-

اِسْتَنْقَهَ- پوچھنا —الْحَدِيْثَ : سمجھنا-

النَقْهَة-نَقَهَ کااسم مرۃ-کہاجاتا ہے "لَهُ فِيْ كُلِّ عَامٍ مَرْضَةٌ ونَقْهَةٌ" اس کیلئے ہرسال میں ایک دفعہ مرض ایک دفعہ صحت ہے-

نَقَايَنْقُو نَقْوًا-الْعَظْمَ :ہڈی سے گودانکالنا-

نَقِيَ يَنْقٰى نَقَاوَةً و نَقَاءً و نَقَاءَةً و نُقَاوَةً و نَقَايَةً- صاف ستھرا ہونا- خوبصورت ہونا- خالص ہونا- صفت نَقِيٌّ-

نَقَّاهُ تَنْقِيَةً وَاَنْقَاهُ اِنْقَاءً- صاف ستھرا کرنا- چننا-

نَقّٰى و اَنْقٰى الطَّعَامَ : غلہ کا کوڑا کرکٹ نکالنا-

اَنْقٰى الْبُرُّ :موٹادانہ ہونا-اَنْقَتِ الْاِبِلُ وَغَيْرُهَا : موٹا ہونا- گودے دار ہونا- صفت مُنْقِيَةٌ ج مُنْقِيَات- وَاَنْقٰى الْعُوْدُ :لکڑی کاتر ہونا-

اِنْتَقَاهُ اِنْتِقَاءً- چننا- اِنْتَقَى الْعَظْمَ :ہڈی سے گودانکالنا-

تَنَقَّاهُ تَنَقِّيًا- چننا- تَنَقَّى الْعَظْمَ :ہڈی سے گودا نکالنا-

نَقَاوَةُ الشَّيْءِ ونُقَاوَتُهُ ونُقَايَتُهُ ونَقَاتُهُ- عمدہ حصہ- خلاصہ- نُقَاوَةٌ کی جمع نُقَاوٰى و نُقَاءٌ اور نُقَايَةٌ کی جمع نَقَايَا و نُقَاءٌ-

نَقَاةُ الطَّعَامِ ونُقَاتُهُ ونَقَايَتُهُ ونُقَايَتُهُ :غلہ کا کوڑا کرکٹ- النَقَاة : ریت کا ٹیلہ جس پر کچھ نہ اُگے-

النُقَاوَة-ایک قسم کی نباتات جس سے کپڑے دھوئے جاتے ہیں-ج نَقَاوٰى-

النَقَا- ریت کا محدب ٹیلہ- مثنی نَقَوَان و نَقَيَان ج اَنْقَاء ونُقِيٌّ ونُقْيَان-بنات النَقَا ایک قسم کا کیڑا جو ریت میں رہتا ہے اور اس کو شَحْمَةُ النَقَا بھی کہاجاتا ہے-

النَقَا والنَقْوُ والنِقْوِ- گودے دار ہڈی ج اَنْقَاء-

النَقْوَة-چیزکاعمدہ حصہ-

النِقَةُ- ثقہ کا تابع ہے- کہاجاتا ہے "ثِقَةٌ نِقَةٌ" اوراس کی اصل نِقْوٌ ہے لام کلمہ کوحذف کردیاگیا ہے اوراس کے عوض میں تالایاگیا ہے-

النَقِيّ- صاف ستھرا- ج نِقَاء واَنْقِيَاء و نُقَوَاء-

الاَنْقٰى- اسم تفضیل- مؤنث نُقْوٰى- رَجُلٌ اَنْقٰى :باریک لمبی ہڈیوں والا مرد- مؤنث نَقْوَاءُ فَخِذٌ نَقْوَاءُ :باریک ہڈی کم گوشت والی ران-

نَقٰى يَنْقِي نَقْيًا العَظْمَ :ہڈی سے گودانکالنا-

نَقِيَهُ يَنْقَاهُ نَقَاءً- ملاقات کرنا-

النِقْي-ہڈی کامغز- موٹاپی کی وجہ سے آنکھ کی چربی-ج اَنْقَاء-

النَقْيَةُ- کلمہ- کہا جاتا ہے "سَمِعْتُ نَقْيَةَ حَقٍّ" میں نے کلمہ حق سنا-

النَقِيّ- صاف ستھرا- ج نِقَاء واَنْقِيَاء ونُقَوَاء-

النَقِيَّة-النَقِيُّ کامؤنث-کلمہ-ج نقایا-

المُنَقِيُّ والمُنَقّٰى-راستہ-

نَكَّ (ن) نَكًّا- عَلَى الْغَرِيْمِ : قرضدارپرسختی برتنا —الْعَمَلَ :درست کرنا-

نَكَأَ (ف) نَكَئَ الْقَرْحَةَ :زخم کواچھاہونے سے پہلے چھیل ڈالنا — الْعَدُوَّ و فِي الْعَدُوِّ :

قتل و خونریزی کرنا — فُلَانًا حَقَّهُ: کسی کا حق پورا کرنا۔

اِنْتَكَا اِنْتِكَاءً حَقَّهُ مِنْ فُلَانٍ: حق وصول کرنا۔ قبضہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ زَكَاةٌ نَكَاةٌ" وہ ماوجب کو جلدی ادا کرتا ہے ٹالتا نہیں۔

نَكَبَ (ن) نَكْبًا و نُكُوْبًا عَنْهُ: تجاوز کرنا۔ ہٹ جانا (— نَكْبًا) الشَّيْءَ و بِهٖ: ڈال دینا۔ الإنَاءَ: برتن سے سب کچھ بہا دینا — الكِنَانَةَ: ترکش سے سب کچھ بکھیر دینا۔ نَكَبَتِ الحِجَارَةُ رِجْلَهُ: پتھر کا پیر کو زخمی کرنا (— نَكْبًا و نَكَبًا) الدَّهْرُ فُلَانًا: مصیبت پہنچانا۔ نَكَبَتْ نُكُوْبًا الرِّيْحُ ہوا کا بے رخ چلنا۔

نَكَبَ (ن) نِكَابَةً و نُكُوْبًا فُلَانٌ عَنْ قَوْمِهٖ: مددگار قابل بھروسہ ہونا۔

نَكِبَ (س) نَكَبًا عَنِ الطَّرِيْقِ: راستہ سے ہٹ جانا — البَعِيْرُ: نکب بیماری والا ہونا (دیکھئے بیماری نکب۔) — الرَّجُلُ: بیمار کندھے والا ہونا۔

نُكِبَ۔ مصیبت زدہ ہونا۔

نَكَّبَ۔ عَنِ الطَّرِيْقِ: راستہ سے ہٹ جانا، الگ ہونا — الشَّيْءَ: الگ کرنا۔ اور کہا جاتا ہے "نَكَّبَهُ الطَّرِيْقَ و نَكَّبَ بِهِ الطَّرِيْقَ و نَكَّبَ بِهٖ عَنِ الطَّرِيْقِ" یعنی اس نے اسے راستہ سے ہٹا دیا۔

نَاكَبَهُ۔ مونڈھے کے مقابل ہونا۔

تَنَكَّبَ عَنْهُ: الگ ہونا۔ بچنا۔ گوشہ گیر ہونا۔ کندھا پھیر کر دوسرے کی جانب متوجہ ہونا — عَلَى الشَّيْءِ: ٹیک لگانا — كِنَانَتَهُ او قَوْسَهُ: ترکش یا کمان کو کندھے پر ڈالنا اور کہا جاتا ہے "تَنَكَّبْ عَنْ وَجْهِي" میرے سامنے سے ہٹ جاؤ۔

اِنْتَكَبَ الرَّجُلُ كِنَانَتَهُ او قَوْسَهُ: ترکش یا کمان کو کندھے پر ڈالنا۔

النَّكْبُ۔ مص۔ مصیبت۔ ج نُكُوْبٌ۔

النَّكِبُ۔ وہ شخص جس کا پاؤں پتھر لگنے سے زخمی ہو۔

النَّكَبُ۔ مص۔ کسی چیز میں تھوڑی سی کجی۔ ایک بیماری جو اونٹوں کے مونڈھے میں ہوتی ہے جس سے وہ لنگڑا ہو جاتا ہے اور کچھ ٹیڑھا چلنے لگتا ہے۔

الأَنْكَبُ۔ جس کے پاس کمان نہ ہو۔ نکب کی بیماری والا اونٹ۔ جس کا ایک مونڈھا دوسرے سے بلند ہو۔ مرد ستم گار۔ جفا کار۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ أَنْكَبُ عَنِ الحَقِّ و نَاكِبٌ عَنْهُ" حق سے اعراض کرنے والا مرد۔

النَّكْبَاءُ۔ الأَنْكَبُ کا مؤنث۔ رِيْحٌ نَكْبَاءُ: خلاف رخ چلنے والی یا دو ہواؤں کے درمیان چلنے والی ہوا۔ ج نُكْبٌ و نَكْبَاوَات۔ نُكْبُ رِيَاحٍ چار ہیں۔ ۱۔ الأَزْيَبُ۔ صبا اور جنوب کے درمیان۔ ۲۔ الصَّابِيَةُ۔ صبا اور شمال کے درمیان اور اس کو نُكَيْبَاءُ بھی کہتے ہیں اور یہ تصغیر تعظیم کیلئے ہے اس لیے کہ عرب اس کو بہت ٹھنڈی سمجھتے تھے۔ ۳۔ الجِرْبِيَاءُ شمال اور دبور کے درمیان۔ اور الهَيْفُ جنوب اور دبور کے درمیان۔

النَّكْبَةُ۔ نَكَبَ کا اسم مرۃ۔ مصیبت۔ ج نَكَبَات۔

النُّكْبَةُ۔ غلہ کی غیر معین مقدار۔ ج نُكَب۔

النَّكِيْبُ۔ کھر کا گرد اگرد۔

المِنْكَابُ۔ مرد ستم گار و جفا کار۔ کہا جاتا ہے رَجُلٌ مِنْكَابٌ عَنِ الحَقِّ حق سے روگردانی کرنے والا مرد۔

المَنْكِبُ۔ مونڈھا۔ ج مَنَاكِبُ۔ کہا جاتا ہے "تَشَابَهَتْ مِنْهُمُ المَنَاكِبُ والرُّؤُوْسُ" وہ سب مساوی ہیں کوئی ان میں بڑھا ہوا نہیں اور کہا جاتا ہے "هَزَّ مَنْكِبَهُ لِكَذَا" وہ فلاں چیز سے خوش ہوا۔ "وفُلَانٌ مَعِيَ عَلَى حَدِّ مَنْكِبٍ" فلاں مجھ سے کنارہ کش ہے۔ المَنْكِبُ: پہلو۔ گوشہ۔ کہا جاتا ہے "سِرْنَا فِي مَنْكِبٍ مِنَ الأَرْضِ اَوِ الجَبَلِ" ہم زمین یا پہاڑ کے پہلو میں چلے۔ المَنْكِبُ مِنَ القَوْمِ: چودھری مددگار — مِنَ الأَرْضِ: راستہ۔ بلند جگہ۔ کہا جاتا ہے "اِمْشُوْا فِي مَنَاكِبِهَا" اس کی بلند جگہوں میں چلو۔ مَنْكِبُ الجَوْزَا و مَنْكِبُ ذِي العَنَانِ و مَنْكِبُ الفَرَسِ: ستاروں کے نام۔

المَنَاكِبُ۔ مَنْكِب کی جمع — فِي رِيْشِ الطَّائِرِ: پرندہ کے بڑے پروں کے بعد چار پر (جمع ہے اس کا واحد نہیں)

المَنْكُوْبُ۔ مفع۔ مصیبت زدہ (— النَّكِيْبُ) جس کا پاؤں پتھر لگنے سے زخمی ہو۔

نَكَتَ (ن) نَكْتًا الأَرْضَ بِقَضِيْبٍ او بِإِصْبَعِهٖ: سوچ کی حالت میں چھڑی یا انگلی سے زمین کو کریدنا — النَّاسَ بِالحَصَى: زمین پر کنکری پھینکنا — الفَرَسُ: گھوڑے کا اچھلنا۔ کہا جاتا ہے "مَرَّ الفَرَسُ يَنْكُتُ" گھوڑا اچھلتا ہوا گزرا — العَظْمَ: ہڈی سے گودا نکالنا — فُلَانًا: سر کے بل گرانا۔ اور اسی سے ہے "لَأَنْكُتَنَّ بِكَ الأَرْضَ" میں تجھ کو زمین پر سر کے بل گرا دوں گا — كِنَانَتَهُ: ترکش سے بکھیر دینا۔

نَكَّتَ الرُّطَبُ: پکنا شروع ہونا — فِي قَوْلِهٖ: نکتہ چینی کرنا۔

اِنْتَكَتَ۔ سر کے بل گرنا۔ کہا جاتا ہے "نَكَتَهُ فَانْتَكَتَ" اس نے اسے سر کے بل گرایا وہ گر گیا۔

النُّكْتَةُ۔ داغ۔ زمین میں کریدنے کا اثر۔ ج نُكَتٌ و نِكَاتٌ۔ النُّكْتَةُ: آئینہ یا تلوار میں دھبہ، مشکل مسئلہ جو دقت نظر سے حاصل ہو۔ لطیفہ۔

النَّكَّاتُ۔ بڑا نکتہ چیں۔ بڑا آہو گیر۔ وہ شخص جو اپنے کلام میں لطائف بیان کرے۔

النَّكِيْتُ۔ مطعون۔ وہ شخص جسے طعن تشنیع کیا گیا ہو۔

المَنْكُوْتُ۔ مفع۔ سر کے بل گرا ہوا۔

نَكَثَ (ن ض) نَكْثًا العَهْدَ او البَيْعَ: عہد کو توڑنا۔ بیع کو فسخ کرنا — الحَبْلَ او الكِسَاءَ: رسی یا کمبل ادھیڑنا — المِسْوَاكَ: مسواک کی کوچی بنانا۔

تَنَاكَثُوْا عُهُوْدَهُمْ: آپس میں معاہدہ توڑ دینا۔

اِنْتَكَثَ۔ الحَبْلُ وَغَيْرُهٗ: رسی وغیرہ کو ادھیڑا جانا — السِّوَاكُ: کوچی بنا — فُلَانٌ مِنْ حَاجَةٍ اِلٰى اُخْرٰى: ایک کام سے ہٹ کر دوسرے میں لگنا۔

النُّكَاثُ۔ پھنسیاں جو اونٹ کے منہ میں نکلتی ہیں۔

النُکَاثَة۔ رسّی کا ادھڑا ہوا کنارہ۔

النِکْث۔ دوبارہ کاتنے کیلئے اُدھیڑا ہوا کمبل یا خیمہ۔ ج اَنْکَاث۔ کہا جاتا ہے "حَبْلٌ نِکْثٌ وَاَنْکَاثٌ" اُدھیڑی ہوئی رسّی۔

النَکِیْث۔ ادھیڑا ہوا۔ مؤنث نَکِیْثَةٌ۔

النَکِیْثَة۔ نفس۔ طبیعت۔ قوت۔ پوری طاقت۔ مشکل کام جس میں لوگ اپنے عہد کو توڑ دیں۔ اور کہا جاتا ہے "قَالَ قَوْلاً لاَ نَکِیْثَةَ فِیْهِ" اس نے ایسی بات کہی جس میں خلاف وعدگی نہیں "وَصَرَفَ فِیْهِ نَکِیْثَتَهٗ" اس نے اس میں پوری طاقت صرف کی۔ "وَ وَقَعُوْا فِی النَّکِیْثَةِ" وہ مشکل کام میں پڑ گئے۔ "وَهُوَ ذُوْنَکِیْثَةٍ حَسَنَةٍ" وہ اچھی طبیعت والا ہے۔ ج نَکَائِث۔

النَکَّاث۔ بنے ہوئے کو پرانا ہونے کے بعد ادھیڑنے والا۔ کہا جاتا ہے "بَعِیْرٌ مُنْتَکِثٌ" لاغر و بلا اُونٹ۔

نَکَحَ (ف ض) نِکَاحًا و نَکْحًا المَرْأَةَ: عورت سے شادی کرنا۔ نَکَحَتِ الْمَرْأَةُ: عورت کا شادی کرنا۔ صفت نَاکِحٌ و نَاکِحَةٌ۔ نَکَحَ الْمَطَرُ الْاَرْضَ: بارش کا زمین میں جذب ہونا — الدَّوَاءُ فُلاَنًا: دوا کا کسی کے اندر اثر کرنا — النُّعَاسُ عَیْنَهٗ: آنکھوں میں نیند کا غالب ہونا۔

اَنْکَحَهُ الْمَرْأَةَ: شادی کرانا۔

تَنَاکَحُوْا۔ ایک دوسرے سے شادی کرنا۔ تَنَاکَحَتِ الْاَشْجَارُ: درختوں کا آپس میں گتھ جانا۔

اِسْتَنْکَحَ الرَّجُلُ الْمَرْأَةَ: شادی کرنا۔ فِیْ بَنِی فُلاَنٍ: نکاح کرنا — النَّوْمُ عُیُوْنَهُمْ: نیند کا غالب آنا۔

المَنَاکِح۔ عورتیں۔

نَکَخَ (ف) نَکْخًا فُلاَنًا فِی حَلْقِهٖ: حلق میں مکا مارنا۔ نیزہ مارنا۔

نَکَدَ (ن) نَکْدًا فُلاَنًا حَاجَتَهٗ: محروم کر دینا، تھوڑا سا دینا۔ نَکَدَ الغُرَابُ: کوّے کا بہت کاؤں کاؤں کرنا — القَوْمُ الرَّجُلَ: کثرت سوال سے تنگ دست بنا دینا۔ نُکِدَ الرَّجُلُ: بہت سوال والا اور کم داد و دہش والا ہونا۔

نَکِدَ (س) نَکَدًا الْعَیْشُ: تنگ ہونا — الرَّجُلُ: تنگ گزران والا ہونا۔ نَکِدَتِ الْبِئْرُ: کنوئیں میں کم پانی ہونا۔

نَکَّدَ۔ عَیْشَهٗ: زندگی کو تنگ بنا دینا — فُلاَنًا: مکدر زندگی والا کر دینا۔

نَاکَدَهٗ۔ سختی برتنا۔

اَنْکَدَهٗ۔ کم داد و دہش والا پانا۔

تَنَکَّدَ۔ عَیْشُهٗ: مکدر ہونا۔

تَنَاکَدَا۔ باہم سختی برتنا۔

النَّاکِد فا۔ نَاقَةٌ نَاکِدٌ: کم دودھ والی اُونٹنی، وہ اُونٹنی جس کے بچّے زندہ نہ رہتے ہوں۔ ج نُکُدٌ — رَجُلٌ نَکِدٌ و نَکَدٌ و نَکْدٌ دشوار خو۔ کم داد و دہش والا۔ ج اَنْکَادٌ و مَنَاکِید۔

اَرَضُوْنَ نِکَادٌ۔ کم نباتات والی زمین۔

النُکْد۔ بے دودھ والی اُونٹنیاں۔ بہت دودھ والی اُونٹنیاں (ضد) واحد نَکْدَاءُ۔

النُکْد و النَکْد۔ کم داد و دہش۔ مَاءٌ نُکْدٌ: کم پانی۔

الاَنْکَد۔ مرد دُشوار خو۔ کم داد و دہش والا۔ مؤنث نَکْدَاءُ ج نُکْدٌ۔ کہا جاتا ہے: جَاءَ مُنْکِدًا: وہ آیا اس حال میں کہ اس کا آنا اچھا نہیں اور یا یہ کہ خالی خولی آیا۔

عَطَاءٌ مُنَکَّدٌ و مَنْکُوْدٌ۔ تھوڑا عطیہ۔ رَجُلٌ مَنْکُوْدٌ: وہ مرد جس سے سوال میں اصرار کیا جائے۔

نَکِرَ (س) نَکَرًا و نُکْرًا و نُکُوْرًا و نَکِیْرًا الْاَمْرَ: ناواقف ہونا — الرَّجُلَ: نہ پہچاننا۔

نَکُرَ (ک) نَکَارَةً الْاَمْرُ: دُشوار ہونا۔

نَکَّرَهٗ۔ دگرگوں کر دینا۔ نَکَّرَ الْاِسْمَ: نکرہ بنانا۔

نَاکَرَهٗ مُنَاکَرَةً۔ مقابلہ کرنا۔ لڑائی کرنا۔ دھوکا دینا۔

اَنْکَرَهٗ۔ جاہل ہونا۔ اَنْکَرَ حَقَّهٗ: حق کا انکار کرنا۔ اَنْکَرَ عَلَیْهِ فِعْلَهٗ: عیب لگانا اور منع کرنا۔

تَنَکَّرَ الرَّجُلُ: اچھی حالت سے بدحال ہونا، دگرگوں ہونا — فُلاَنٌ: بدخلق ہونا — لِفُلاَنٍ: اجنبی ہونا۔

تَنَاکَرَ۔ دانستہ ناواقف بننا — الْاَمْرَ: ناواقف ہونا — القَوْمَ: آپس میں دشمنی کرنا اور ایک دوسرے کا انکار کرنا۔

اِسْتَنْکَرَ الْاَمْرَ: ناواقف ہونا — اَمْرًا بِجَهْلِهٖ: غیر معلوم چیز کو پوچھنا۔

النَکَارَة۔ مص۔ چالاکی۔ تیز فہمی۔ جہالت۔

النَکْر۔ مص۔ چالاکی و تیز فہمی۔

النُکْر۔ مص۔ چالاکی و تیز فہمی۔ بُرا کام۔ بہت بُرا کام۔

رَجُلٌ نَکِرٌ و نَکُرٌ و نُکُرٌ۔ چالاک تیز فہم۔ ج اَنْکَار۔ اِمْرَأَةٌ نَکْرٌ: چالاک و سمجھ دار عورت۔

النُکُر۔ ناشناختہ۔ سخت کام۔

النَکْرَاء۔ چالاکی و تیز فہمی۔ ناشناختہ مصیبت۔ کہا جاتا ہے "فُلاَنٌ ذُوْ نَکْرَاء" فلاں چالاک و عقلمند ہے "وَاَصَابَتْهُمْ مِنَ الدَّهْرِ نَکْرَاءُ" زمانے کی سختی ان پر واقع ہوئی۔

نُکَرَاءُ الدَّهْرِ: زمانے کی سختی۔

النَکِرَة۔ انکار۔ ضد معرفہ۔ خون یا پیپ کا پھوڑا۔ ج نَکِرَات۔

النَکِرَة۔ اسم ہے انکار کا جیسے نَفَقَةٌ اِنْفَاقٌ کا۔

النَکِیْر۔ دگرگونی۔ اَمْرٌ نَکِیْرٌ: سخت کام۔ حِصْنٌ نَکِیْرٌ: مضبوط قلعہ۔

المُنْکَر۔ مفو۔ خلافِ مرضی خدا قول ہو یا فعل اور اس کا ضد معروف ہے۔ ج مُنْکَرَات و مَنَاکِر اور کہا جاتا ہے "رَجُلٌ مُنْکَرٌ" چالاک تیز فہم مرد۔ ج مُنْکَرُوْن و مَنَاکِیْر۔

المَنْکُوْر۔ مفو۔ مجہول۔ ج مَنَاکِیْر۔

اَلْمَنَاکِیْر۔ خلافِ مرضی خدا اُمور۔ کہا جاتا ہے "هُمْ یَرْکَبُوْنَ الْمَنَاکِیْرَ وَالْمُنْکَرَات" یعنی وہ لوگ اُمورِ غیر پسندیدہ میں مبتلا ہیں۔

المُنْکَرُ عِنْدَ النُّحَاةِ: اسم نکرہ۔ ضد معرفہ۔

نَکَزَتْ (ن) نَکْزًا۔ الْحَیَّةُ فُلاَنًا: سانپ کا ڈسنا — فُلاَنًا: مار کر ہٹانا — الشَّیْءَ: چھونا — الدَّابَّةَ بِعَقِبِهٖ: ایڑ لگا کر ہانکنا (— نَکْزًا و نُکُوْزًا) المَاءُ: پانی کا نیچے اتر جانا — الْبَحْرُ: خشک ہونا — الْبِئْرُ: کنوئیں میں پانی کم ہونا یا ختم ہونا۔

نَکِزَت (س) نَکَزًا البِئْرُ: کنوئیں میں پانی کم ہونا یا ختم ہونا۔ نَکِزَ الْبَحْرُ: گھٹنا۔

اَنْکَزَ الْبِئْرَ: کنوئیں کا پانی ختم کر دینا۔

النَّاكِزُ- فا- بِئْرٌ نَاكِزٌ: کنواں جس کا پانی ختم ہو گیا ہو-ج نَوَاكِز-
النِكْز- رذیل لوگ- ہڈی میں باقی ماندہ مغز(— والمُنْكِز) خالی- کہا جاتا ہے "جَاءَ نِكْزًا و مُنْكِزًا" یعنی وہ خالی خولی آیا-
بِئْرٌ نَكِزٌ- کم پانی والا کنواں-
النَكَّاز- اسم مبالغہ- ایک بہت ہی خبیث قسم کا سانپ جو مُنہ سے نہیں کاٹتا بلکہ ناک سے پھنکار مار کر ہلاک کرتا ہے اور اتنا باریک ہوتا ہے کہ اس کے سر اور دم میں تمیز نہیں ہوتی ج نَكَاكِيز و نَكَّازَات-
البِئْرُ النَكُوز- کنواں جس کا پانی ختم ہو گیا ہو ج نُكُزٌ- کہا جاتا ہے فُلاَنٌ بِمَنْكَزَةٍ مِنَ الْعَيْشِ: فلاں تنگ زندگی میں ہے-
نَكَسَهُ (ن) نَكْسًا- اوندھا کر دینا- نَكَسَ رَاسَهُ: ذلت سے سر جھکانا — الطَّعَامُ وَغَيْرُهُ دَاءَ الْمَرِيْضِ: کھانے وغیرہ کا مریض کے مرض کو لوٹا دینا — الخِضَابَ: بار بار لگانا- کہا جاتا ہے "نَكَسْتُ فُلاَنًا فِي ذٰلِكَ الْاَمْرِ" میں نے فلاں کو اس معاملہ میں پھر پھنسا دیا-
نُكِسَ الْمَرِيْضُ: دوبارہ بیمار ہونا — الرَّجُلُ: ضعیف و عاجز ہونا — الرَّجُلُ عَنْ نُظَرَائِهِ: اپنے ہم جولیوں سے کوتاہی کرنا-
نَكَّسَهُ تَنْكِيْسًا اوندھا کرنا- نَكَّسَ الفَرَسُ: گھوڑوں سے نہ مل سکنا- صفت- مُنَكِّس-
تَنَكَّسَ- اوندھا ہونا-
اِنْتَكَسَ- سر کے بل گرانا — الْمَرِيْضُ: صحت یابی کے بعد دوبارہ بیمار ہونا-
النَّاكِس- فا- سر جھکانے والا مرد ج نَوَاكِس (شاذ)
النُكَاس- صحت یابی کے بعد مرض کا عود کرنا-
النُكْس- صحت یابی کے بعد مریض کا عود کرنا- گرنے کے بعد ابھی سیدھا نہیں ہوا تھا کہ پہلی دفعہ کے گرنے سے زیادہ زور سے گرنا- اور کہا جاتا ہے تَعْسًا لِفُلاَنٍ و نُكْسًا او وَنَكْسًا- کلمات بددعا ہیں یعنی فلاں کے لیے ہلاکت و سرنگونی ہو-
النِكْس- تیر کہ جس کا سرا ٹوٹ گیا ہو اور اس کے اوپر کے حصے کو نیچے کر دیا گیا ہو- کمان کہ جس میں شاخ کے سرے کو نچلا حصہ بنائیں (اور یہ کمان میں عیب ہے) کمزور و پیچ و بے برکت مرد- پست قد- کرم و سخاوت میں کوتاہی کرنے والا- ج اَنْكَاس-
النُكْس- بہت بوڑھے لوگ- واحد نَاكِسٌ-
المُنَكِّس- فا- آہستہ چلنے والا گھوڑا جو اپنے سر کو نہ اٹھائے' وہ گھوڑا جو گھوڑوں سے نہ مل سکے-
المَنْكُوس- مفع- دوبارہ بیمار ہونے والا- مِنَ الْاَوْلاَدِ: پیدائش میں جس کے پیر پہلے نکلیں قَوْسٌ مَنْكُوسَةٌ: کمان کہ جس میں ٹہنی کے سرے کو نچلا حصہ بنائیں-
نَكَشَ (ن ض) نَكْشًا البِئْرَ: کنوئیں کی کیچڑ تک نکال دینا — الشَّيْءَ: فنا کر دینا — الشَّيْءَ و مِنَ الشَّيْءِ: فارغ ہو جانا-
اِنْتَكَشَ البِئْرَ: کنوئیں کو کیچڑ تک صاف کر دینا-
المِنْكَش- معاملات میں خوب غور کرنے والا-
المِنْكَاش- کنواں صاف کرنے کا آلہ- ج مَنَاكِيْش-
المَنْكُوش- مفع- سَفَطٌ مَنْكُوشٌ: ٹوکرا جس میں سب کچھ نکال لیا گیا ہو-
نَكَصَ (ن ض) نَكْصًا و نُكُوصًا و مَنْكَصًا عَنِ الْاَمْرِ: رُک جانا- صفت نَاكِصٌ نَكَصَ عَلٰى عَقِبَيْهِ: پہلے کام سے ہٹ جانا (اس کا استعمال عموماً خیر سے رجوع کے موقع پر ہوتا ہے اور شر سے نادر طور پر)
نَكَّصَهُ- ہٹا دینا-
اِنْتَكَصَ الرَّجُلُ: پچھلے پاؤں لوٹنا-
المَنْكَص- مص- ہٹنے کی جگہ-
نَكَظَ (ن) نَكْظًا- بہت بھوکا ہونا- فُلاَنًا عَنْ حَاجَتِهِ: جلدی کرانا-
نَكِظَ (س) نَكَظًا- اپنی ضرورت میں جلدی کرنا —لِلْخُرُوْجِ: نکلنے کے لیے جلدی کرنا-
الرَّحِيْلُ: قریب ہونا-
نَكَّظَهُ عَنْ حَاجَتِهِ: جلدی کرانا- نَكَّظَ حَاجَتَهُ: دشوار کرنا-
اَنْكَظَهُ عَنْ حَاجَتِهِ: جلدی کرانا-
تَنَكَّظَ الرَّجُلُ: سفر میں بدحال ہونا — عَلٰى فُلاَنٍ: بخل کرنا — الْاَمْرُ عَلَيْهِ: پیچیدہ ہونا-
النَكَظُ والنُكْظُ والنَكْظَةُ والنُكْظَةُ والمَنْكَظَةُ- کوشش- سفر کی سختی- جلدی-
نَكَعَهُ (ف) نَكْعًا عَنِ الْاَمْرِ: جلدی کرانا یا رد کرنا — فُلاَنًا: پاؤں کی پشت سے مارنا — فُلاَنًا حَقَّهُ: حق روک دینا (— نَكْعًا و تَنْكَاعًا) المَاشِيَةَ: مویشی کے تھن پر مار کر دودھ نکالنا — فُلاَنٌ عَنِ الْحَاجَةِ: سستی کرنا- اور مَا نَكَعَ بمعنے مَا زَالَ افعال ناقصہ میں سے ہے "وَمَا اَدْرِي اَيْنَ نَكَعَ" میں نہیں جانتا کہاں گیا-
نَكِعَ (س) نَكَعًا- چھلی ہوئی ناک والا ہونا-
نَكَّعَهُ عَنْ حَاجَتِهِ: ہٹا دینا- جلد بازی سے زندگی کو مکدر کر دینا-
اَنْكَعَهُ- رد کرنا- دفع کرنا- تھکانا- عَنِ الْاَمْرِ: جلدی کرانا- ہٹانا- اَنْكَعْتُ فُلاَنًا بُغْيَتَهُ: کسی کا مطلوب باوجود طلب کے فوت ہونا- کہا جاتا ہے "تَكَلَّمَ فَاَنْكَعَهُ" اس نے گفتگو کر کے اسے خاموش کر دیا "و شَرِبَ فَاَنْكَعَهُ" اس نے پیا یہاں تک کہ اس کی طبیعت مکدر ہو گئی-
النَكِع- مرد سرخ فام- چھلی ہوئی ناک والا- کہا جاتا ہے "اَحْمَرُ نَكِعٌ" یعنی بہت سرخی والا-
النُكَع- سرخ رنگ- مرد سیاہ- سرخی مائل-
نَكَعَةُ الْاَنْفِ: ناک کا کنارہ-
النُكَعَة- مرد سُرخ فام جس کی ناک چھل گئی ہو- بیوقوف کہ جب کہیں بیٹھ جائے تو ٹلے نہیں-
النُكْعَة- ناک کا کنارہ- ایک سرخ رنگ کے درخت کا پھل- درخت قتاد کا گوند- مرد کی سرخی ملی ہوئی سیاہی-
الاَنْكَع- مرد سرخ فام جس کی ناک چھل گئی ہو-
المُنْكَع- پیچھے کو لوٹنے والا- اَنْفٌ مُنْكَعٌ: چپٹی ناک-
نَكَفَ (ن) نَكْفًا عَنْ كَذَا: ناک بھوں چڑھانا- باز رہنا- الگ ہونا- صفت نَاكِفٌ-
فُلاَنٌ الْغَيْثُ: بارش منقطع ہونا- کہا جاتا ہے "هٰذَا غَيْثٌ لاَ يَنْكُفُهُ اَحَدٌ" یہ ایسی بارش ہے

جس کے متعلق کوئی نہیں جانتا کہ اس کی انتہا کہاں ہے "وَغَیْثٌ لَا یُنْکَفُ" منقطع نہ ہونے والی بارش۔ "وَهٰذَا جَیْشٌ او بَحْرٌ لَا یُنْکَفُ" یہ لشکر غیر محدود ہے یا یہ سمندر اتھاہ ہے۔ نَکَفَ الدَّمْعَ: رخساروں پر سے انگلیوں سے پونچھنا۔

نَکِفَ (س) نَکَفًا مِنْهُ او عَنْهُ: ناک بھوں چڑھانا۔ باز رہنا۔ بیزار ہونا۔ نَکِفَتِ الْیَدُ: درد رسیدہ ہونا — الرَّجُلُ: حلق کے درد کی وجہ سے جبڑے کے غدود کا گر جانا۔

نَاکَفَهُ الْکَلَامَ مُنَاکَفَةً۔ ترکی بہ ترکی جواب دینا۔

اَنْکَفَهُ۔ ننگ و عار سے پاک کرنا۔ اَنْکَفَ اللّٰهَ: تنزیہ وتقدیس کرنا۔

نُکِفَتِ الْاِبِلُ: اُونٹ کی ٹھوڑی کے نیچے غدود ظاہر ہونا۔

تَنَاکَفُوْا الْکَلَامَ: باہم باری باری گفتگو کرنا۔

اِنْتَکَفَ الْغَیْثَ: منقطع کرنا — الْقَوْمُ: ایک ملک سے دوسرے ملک میں جانا — اِلَیْهِ: مائل ہونا۔ کہا جاتا ہے "اِنْتَکَفْتُ لَهٗ فَضَرَبْتُهٗ" میں اس کے اوپر جھک پڑا اور میں نے اس کو مارا۔ — الحَبْلَ: رسّی کا ادھڑنا — الرَّجُلُ: بیزار ہونا — العَرَقَ عَنْ جَبِیْنِهٖ: پیشانی سے پسینہ پونچھنا۔

اِسْتَنْکَفَ الرَّجُلُ: تکبر کرنا — مِنْ کَذَا: ننگ و عار یا غرور کی وجہ سے باز رہنا ___

النُّکَاف۔ اُونٹوں کے حلق کا مرض جس سے فوراً موت واقع ہو جاتی ہے۔

النَّکَف۔ مص۔ کان کی لو کے قریب ٹھوڑی کی جڑ میں چھوٹے چھوٹے غدود۔ واحد نَکَفَةٌ۔

رَجُلٌ نِکْفٌ۔ مرد جس سے ناک بھوں چڑھائی جائے۔

النَّکَفَتَان و النُّکْفَتَان۔ داڑھی۔ بچّہ کے دائیں بائیں کے جبڑے۔ ج نَکَفَات۔

النَّکَفَة۔ کان کا درد۔

المَنْکُوْف۔ مفع۔ نکاف زدہ اُونٹ (دیکھئے نُکَاف)

نَکَلَ (ض ن) نُکُوْلًا و نَکِلَ (س) نَکَلًا عَنْ کَذَا او مِنْ کَذَا: پیچھے ہٹنا اور بزدلی کرنا۔ کہا جاتا ہے "نَکَلَ عَنِ الْعَدُوِّ وَ عَنِ الْیَمِیْنِ وَعَنِ الْجَوَابِ" وہ دشمن سے پیچھے ہٹ گیا اور قسم و جواب سے باز رہا۔

نَکَلَ (ن) نَکْلَةً بِفُلَانٍ: عبرتناک سزا دینا۔

نَکِلَ (س) نَکْلًا۔ سزا قبول کرنا۔

نَکَّلَ بِهٖ: مصیبت ڈالنا۔ عبرتناک سزا دینا۔ نَکَّلَهٗ عَنِ الشَّیْءِ: باز رکھنا۔ یکسو کرنا۔

اَنْکَلَهٗ عَنْهُ: ہٹانا۔ دفع کرنا۔

النَّاکِل۔ فا۔ بزدل کمزور۔

الْنَکَال۔ عقوبت۔ سزا۔ عبرتناک سزا۔

النِّکْل۔ مضبوط بیڑی۔ ج اَنْکَال و نُکُوْل۔ لگام کا لوہا۔ مہار "فُلَانٌ نِکْلُ شَرٍّ" فلاں برائی کے لیے قید ہے۔ یعنی دشمنوں کے لیے تازیانہ ہے۔

النَّکَل۔ قوی مرد۔ ہمسر پر غالب آنے والا۔ مضبوط سدھا ہوا گھوڑا۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ نَکَلُ شَرٍّ" فلاں دشمنوں کے لیے تازیانہ ہے۔

النُّکْلَة۔ عبرتناک سزا۔ کہا جاتا ہے "رَمَاهُ بِنُکْلَةٍ" اس نے اس کو عبرتناک سزا دی۔

المُنْکَل۔ عبرتناک سزا۔

المِنْکَل۔ سزا دینے کا سامان۔

النَّکْمَةُ۔ سخت مصیبت۔

نَکْنَکَ نَکْنَکَةً۔ الْاَمْرَ: درست کرنا — عَلٰی غَرِیْمِهٖ: سختی کرنا۔

نَکَهَ (ف ض) نَکْهًا لِفُلَانٍ و عَلَیْهِ: کسی کی ناک پر سانس لینا۔ نَکَهَتِ الشَّمْسُ: آفتاب کا بخت گرم ہونا۔

نَکِهَهٗ و نَکَهَهٗ (س ف) نَکْهًا۔ کسی کا منہ سونگھنا۔

نُکِهَ الرَّجُلُ: بدہضمی کی وجہ سے منہ کی بُو کا بدل جانا۔

اِسْتَنْکَهَهٗ۔ کسی کے منہ کی بو سونگھنا۔ کسی کے منہ کی بو سونگھنے کا حکم دینا۔ کہا جاتا ہے "اِسْتَنْکَهْتُ الرَّجُلَ فَنَکَهَ فِیْ وَجْهِیْ" میں نے مرد کے منہ کی بو کو سونگھنا چاہا اس نے میرے منہ کے سامنے سانس لیا۔

النَّکْهَة۔ نَکَهَ کا اسم مرۃ۔ منہ کی بو۔

نَکٰی یَنْکِیْ نِکَایَةً الْعَدُوَّ و فِی الْعَدُوِّ: قتل کر کے یا زخمی کر کے غالب آنا۔ صفت فاعلی نَاکٍ اور صفت مفعولی مَنْکِیٌّ — الْقَرْحَةَ: زخم کو اچھے ہونے سے پہلے چھیل ڈالنا۔

نُکِیَ یُنْکٰی نَکًی۔ شکست کھانا۔ مغلوب ہونا۔ مقہور ہونا۔

النُّلْنُل۔ کمزور بڈھا۔

نَمَّ (ن ض) نَمًّا الْحَدِیْثَ: چغل خوری کرنا — الْحَدِیْثُ: ظاہر ہونا — بَیْنَ النَّاسِ: بھڑکانا — الْکَلَامَ: جھوٹ سے آراستہ کرنا — الشَّیْءُ: خوشبو پھیلنا۔ نَمَّتِ الرِّیْحُ: ہوا کا بُو کو لانا۔

النَّامُّ۔ فا۔ ج نُمَّام۔

النَّامَّة۔ النَّامّ کا مؤنث۔ حس۔ حرکت۔ زندگی۔ کہا جاتا ہے "اَسْکَتَ اللّٰهُ نَامَّتَهٗ" یعنی اللہ اسے موت دے۔

النَّمُّ۔ مص۔ چغل خور۔ ج نَمُّوْن و اَنِمَّاءُ و نُمٌّ۔

النَّمَّام۔ چغل خور۔ ایک خوشبودار قسم کی نباتات۔ واحد نَمَّامَةٌ۔

النَّمَّة۔ نَمَّ کا اسم مرۃ۔ نَمٌّ کا مؤنث۔ سیاہی میں سفیدی یا سفیدی میں سیاہ داغ۔ اور کہا جاتا ہے "سَمِعْتُ نَمَّتَهٗ" میں نے اس کی حرکت سنی۔

النِّمَّة۔ نَمَّ کا اسم نوع۔ جوں۔

النِّمِیُّ۔ خیانت۔ عیب۔ دشمنی۔ طبیعت۔ انسان کا جوہر یا اصل۔ نِمِیُّ الرَّجُلِ: مرد کی طبیعت۔ کہا جاتا ہے "مَا فِی الدَّارِ نِمِیٌّ" گھر میں کوئی نہیں۔

النُّمِّیَّة۔ نُمّی کا واحد۔ فاختہ۔ طبیعت۔

النَّمُوْم۔ چغل خور۔

النَّمِیْم و النَّمِیْمَة۔ چغل خوری۔ حرکت۔ لکھنے کی آواز۔ لکھائی۔ گفتگو کی نرم آواز۔ ج نَمَائِم۔

النَّمَم۔ چغل خوری۔

المِنَمّ۔ چغل خور۔

النَّمْءُ و النَّمَأُ۔ چھوٹی چھوٹی جوئیں۔

نَمَرَ (ن) نَمْرًا فِی الْجَبَلِ: پہاڑ پر چڑھنا۔

نَمِرَ (س) نَمَرًا الرَّجُلُ: غضبناک و بدخلق ہونا — السَّحَابُ: بادل کا چیتے کے رنگ کا ہونا۔

نَمَّرَ و تَنَمَّرَ۔ غضبناک ہونا۔ بدخلق ہونا۔

نَمَّرَ وَجْهَهٗ تَنْمِیْرًا۔ ترش رُو کر دینا۔

أَنْمَرَ- صاف پانی پانا-

تَنَمَّرَ- عادت یا رنگ میں چیتے کے مشابہ ہونا —— بِفُلَانٍ: بگڑنا- خفا ہونا- دھمکی دینا- دھمکی دینے میں آواز بلند کرنا-

النَّامِرَةُ و النَّامُوْرَةُ- بھیڑیا وغیرہ شکار کرنے کیلئے ایک حلقہ دار لوہا جس میں گوشت لگا کر شکار کرتے ہیں-

النَّامُوْرُ- خون-

النَّمِرُ و النِّمْرُ و النَّمْرُ- چیتا- اور اس کی کنیت أَبُو الْأَبْرَدِ اور أَبُو الْأَسْوَدِ ہے اور ان کے علاوہ اور بھی کنیتیں ہیں- ج أَنْمُرٌ و أَنْمَارٌ و نُمُرٌ و نِمَارٌ و نِمَارَةٌ و نُمُوْرٌ و نُمُوْرَةٌ و نُمْرٌ- کہا جاتا ہے "لَبِسَ فُلَانٌ لِفُلَانٍ جِلْدَ النَّمِرِ" فلاں فلاں سے بگڑ گیا اور خفا ہوا-

النَّمِرُ- صاف پانی- خالص حسب- بہت مِنَ الْمَاءِ: زود ہضم پانی شیریں ہو یا نہ ہو- ج أَنْمَارٌ-

النُّمْرَةُ- داغ- کہا جاتا ہے "بِهِ نُمْرَةٌ مِنْ غَيْرِ لَوْنِهِ" ج نُمَرٌ-

النَّمِرَةُ- النَّمِر کا مؤنث- مادہ چیتا- بادل کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے جو قریب قریب ہوں-

النَّمِرَةُ- بھیڑیئے کو شکار کرنے کے لیے حلقہ دار لوہا جس میں گوشت لگا کر شکار کرتے ہیں- چتکبرا رنگ- دھاری دار چادر- اون کی چادر جس میں سیاہ و سفید دھاریاں ہوں- ج نِمَارٌ-

النَّمِيْرُ- صاف پانی- خالص حسب- کہا جاتا ہے مَاءٌ نَمِيْرٌ و حَسَبٌ نَمِيْرٌ: بہت —— مِنَ الْمَاءِ: پانی جو گوارا ہو چاہے میٹھا ہو یا نہ ہو-

الْأَنْمَرُ- سیاہ و سفید داغ والا —— مِنَ الْخَيْلِ و النَّعَمِ: داغ دار اور ان بادلوں کو بھی کہتے ہیں جو مختلف رنگ کے ہوں- مؤنث نَمْرَاءُ ج نُمْرٌ اور کہا جاتا ہے "أَسَدٌ أَنْمَرُ" وہ شیر جس میں ٹمیالا پن اور سیاہی ہو-

طَيْرٌ مُنَمَّرٌ- کالے کالے نقطے والا پرند-

النُّمْرُقُ و النُّمْرُقَةُ و النَّمْرَقُ و النَّمْرَقَةُ و النِّمْرِقُ و النِّمْرِقَةُ- چھوٹا تکیہ- زین کے نیچے ڈالنے کا گدیلا- النِّمْرِقَةُ: پھٹے پھٹے بادل-

نَمَسَ (ض) نَمْسًا السِّرَّ: بھید چھپانا —— الرَّجُلَ: چپکے چپکے بات کرنا —— بَيْنَ الْقَوْمِ: فساد ڈالنا- بھڑکانا-

نَمِسَ (س) نَمَسًا السَّمْنُ و كُلُّ طِيْبٍ و دُهْنٍ: گھی، خوشبو اور تیل کا خراب ہونا- بگڑنا- صفت نَمِسٌ-

نَمَّسَ عَلَيْهِ الْأَمْرَ: ملتبس کرنا- خلط ملط کرنا —— الشَّعْرُ: بالوں کا تیل لگنے سے میلا کچیلا ہونا —— السَّمْنُ او الْجُبْنُ: گھی یا پنیر کا بدبودار ہونا- صفت مُنَمِّسٌ-

نَامَسَ مُنَامَسَةً الصَّائِدُ: شکاری کا گھات میں بیٹھنا —— فُلَانًا: چپکے چپکے بات کرنا-

أَنْمَسَ بَيْنَ الْقَوْمِ: فساد ڈالنا- بھڑکانا-

تَنَمَّسَ الْأَمْرُ: ملتبس ہونا- خلط ملط ہونا —— الصَّائِدُ: شکاری کا گھات میں بیٹھنے کی جگہ بنانا-

اِنَّمَسَ اِنِّمَاسًا الرَّجُلُ: چھپنا —— فِي الشَّيْءِ: داخل ہونا-

النَّامُوْسُ- رازدار- کہا جاتا ہے "فُلَانٌ نَامُوْسُ الْأَمِيْرِ" فلاں امیر کا رازدار ہے- وحی- حاذق- جھوٹا- چغل خور- شکاری کے گھات کی جگہ، راہب کی کوٹھری- جال- مکر و فریب- حیلہ نہانی- چیونٹی کی شکل کا ایک ٹمیالا جانور- شیر کی جھاڑی ج نَوَامِيْسُ- النَّامُوْسُ الْأَكْبَرُ: حضرت جبرئیل علیہ السلام کا لقب (دخیل)

النَّامُوْسَةُ- شیر کی جھاڑی- مچھر-

النَّامُوْسِيَّةُ- مچھردانی (دخیل)

النِّمْسُ- چھوٹی چھوٹی ٹانگوں اور لمبی دم کا بلی کے برابر ایک جانور جو سانپ اور چوہے وغیرہ کا شکار کرتا ہے اور اس کی بہت قسمیں ہیں- ج نُمُوْسٌ-

النَّمَسُ- گھی و خوشبو کی خرابی- دودھ یا چکنائی کی بو-

النَّمَسَةُ- بدبو-

النَّمَّاسُ- چغل خور-

الْأَنْمَسُ- ٹمیالا- مؤنث نَمْسَاءُ- ج نُمْسٌ-

الْمُنَامِسُ- چپکے چپکے بات کرنے والا- گھات کی جگہ میں داخل ہونے والا-

نَمْسَةُ- ملک آسٹریا- (دخیل)

نَمْسَاوِيٌّ- آسٹریا کا باشندہ (دخیل)

نَمَشَ (ن) نَمْشًا- چغل خوری کرنا- جھوٹ بولنا —— الْكَلَامَ: جھوٹی بات بنانا —— الْجَرَادُ الْأَرْضَ: کھا کے سب صاف کرنا- مِنَ الْأَرْضِ بیہودہ لوگوں کی طرح کچھ اٹھانا-

نَمَشَهُ (ض) نَمْشًا- منقش کرنا-

نَمِشَ (س) نَمَشًا- داغ دار ہونا- دھاری دار ہونا- صفت أَنْمَشُ و نَمِشٌ-

نَمَّشَ فِي أُذُنِهِ: کان میں چپکے چپکے بات کہنا-

أَنْمَشَ الرَّجُلُ: چغل خوری کرنا- اور کہا جاتا ہے "أَنْمَشَ بَيْنَهُمْ" یعنی اس نے ان کے درمیان فساد ڈالا-

النَّمْشُ- مص- چکنی چپڑی گفتگو-

النَّمَشُ- مص- داغ- دھاری- نقش و نگار کے خطوط-

النَّمِشُ- داغ دار- دھاری دار- سَيْفٌ نَمِشٌ- دھاری دار تلوار- وَجْهٌ نَمِشٌ: داغ دار چہرہ-

الْأَنْمَشُ- داغ دار- مؤنث نَمْشَاءُ- ج نُمْشٌ عَنْزٌ نَمْشَاءُ: داغ دار بکری-

رَجُلٌ مُنْمِشٌ- فساد آمیز مرد-

نَمَصَ (ن) نَمْصًا- الشَّعْرَ او النَّبْتَ: بال یا نباتات اکھیڑنا-

نَمَّصَ تَنْمِيْصًا و تَنَمَّصَ الشَّعْرَ: بال اکھیڑنا-

أَنْمَصَ النَّبْتُ: جانور کے چرنے کے بعد دوبارہ اگنا-

تَنَمَّصَتِ الْمَاشِيَةُ: مویشی کا ابتدائی روئیدگی کو چرنا —— الْمَرْأَةُ: اکھیڑنے کیلئے پیشانی کے بال کو پکڑنا-

النِّمَاصُ- سوئی کا دھاگا-

النُّمَاصُ- مینہ- ج نُمُصٌ و أَنْمِصَةٌ-

النَّمَصُ- روئیں کی طرح نرم و ملائم بال- چھوٹے چھوٹے پر- ابتدائی نباتات- ایک قسم کی نرم گھاس جس سے سرپوش وغیرہ بناتے ہیں-

النَّمِيْصُ- اکھیڑا ہوا —— مِنَ النَّبْتِ وہ گھاس جس کو جانور چر سکیں- یا وہ گھاس جو چرنے کے بعد پھر نکل آئے-

الْمِنْمَصُ و الْمِنْمَاصُ- موچنا-

نَمَّطَ تَنْمِيْطًا بِفُلَانٍ الشَّيْئَ وعَلَى الشَّيْئِ : —راہنمائی کرنا۔
اَنْمَطَ لَهُ الْعَطَاءَ : کم دینا۔
النَمَط۔ ایک قسم کی چادر۔ ٹوکرے کے مانند ایک برتن۔ طریقہ۔ روش۔ نوع۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا مِنْ نَمَطِ هٰذَا" یہ اس کی قسم سے ہے "وَمَاعِنْدَهٗ نَمَطٌ مِنَ الْعِلْمِ" اسے کسی قسم کا علم نہیں۔
النَمَط۔ ایک قسم کا اُونی کپڑا جو ہودج پر ڈالا جاتا ہے۔ ج اَنْمَاط و نِمَاط اور نسبت کے لیے اَنْمَاطِيٌّ و نَمَطِيٌّ۔ النَمَط۔ لوگوں کی جماعت کہ ان کا معاملہ ایک ہو۔
الأنْمَط۔ طریقہ۔
النَمْغَة۔ پہاڑ کی چوٹی۔ مال کی کثرت۔ قوم کا بہترین حصہ۔ نومولود بچّہ کے سر کا وہ حصہ جو حرکت کرتا رہتا ہے۔
النَّمَاغَة۔ سر کا بالائی حصہ۔ نومولود بچّہ کے سر کا وہ حصہ جو سخت ہونے سے پہلے حرکت کرتا رہتا ہے۔
نَمَقَ (ن) نَمْقًا عَيْنَ فُلَانٍ : آنکھ پر طمانچہ مارنا —الْكِتَابَ : لکھنا۔
نَمَّقَ الْكِتَابَ : کتاب کو خوبصورت لکھنا — الْجِلْدَ : کھال کو منقش کرنا۔
اَنْمَقَتِ النَّخْلَةُ : درخت خرما میں بے گٹھلی کے کھجور رہنا۔
النَّمَق۔ کتاب۔ نَمَقُ الطَّرِيْقِ : راستہ کا وسط۔
النَّمَقَة۔ بدبو۔
ثَوْبٌ نَمِيْقٌ و مُنَمَّقٌ۔ منقوش کپڑا۔ وَعْدٌ او قَوْلٌ مُنَمَّقٌ : بناوٹی وعدہ یا گفتگو۔
نَمَلَ (ن) نَمْلًا و نَمِلَ (س) نَمَلًا و اَنْمَلَ چغل خوری کرنا۔ نَمَلَ و نَمِلَ فِي الشَّجَرِ : درخت پر چڑھنا۔
نَمِلَتْ (س) نَمَلًا يَدُهٗ : ہاتھ کا سُن ہونا۔
تَنَمَّلَ الْقَوْمُ : حرکت کرنا اور بعض کا بعض میں داخل ہونا۔
النَّامِل۔ فا۔ چغل خور۔
النَّامِلَة۔ النَّامِل کا مؤنث عام راستہ۔
النَّمْل و النُّمُل۔ چیونٹی۔ واحد نَمْلَةٌ و نَمُلَةٌ (مذکر و مؤنث) ج نِمَال۔ النَّمْلُ : پہلو کی پھنسیاں۔
النَّمِل۔ چغل خور۔ بہت چیونٹیوں والی جگہ۔ کہا جاتا ہے "مَكَانٌ نَمِلٌ و اَرْضٌ نَمِلَةٌ" اور کہا جاتا ہے "فَرَسٌ نَمِلٌ او نَمِلُ الْقَوَائِمِ" گھوڑا جو کلیلیں کرنے کی وجہ سے ایک جگہ قائم نہ رہے و "رَجُلٌ نَمِلٌ او نَمِلُ الْاَصَابِعِ" ہر کام میں پھرتیلا مرد۔
النَّمْلَة۔ جھوٹ۔ جانور کے کھر کی پھٹن۔ پہلو کی پھنسیاں۔ ایک قسم کی پھنسی جس میں سوزش ہوتی ہے اور جو جگہ بدلتی رہتی ہے۔
النُّمْلَة۔ حوض کا بقیہ پانی۔ کہا جاتا ہے "فَرَسٌ ذُو نُمْلَةٍ" بہت حرکت کرنے والا گھوڑا۔
النَّمْلَة۔ بتثلیث النُّوْنِ : چغل خوری۔
النَّمَلَانُ۔ کسی چیز پر اوپر سے جھانکنا۔
النَّمَّال۔ چغل خور۔
النَّمِيْلَة۔ چغل خوری۔
الأنْمَلَة۔ تسع لغات بتثلیث الهمزه والميم : سرانگشت۔ اور بقول بعض انگلی کا اوپر کا پورا۔ ج اَنَامِل و اَنْمُلَات (بتثلیث الحرفَيْنِ)
النَّمْلٰى و المُنَمِّلَة مِنَ النِّسَاءِ : ایک جگہ پر قرار نہ لینے والی عورت۔
المِنْمَل و المُنْمِل۔ چغل خور۔
المُنَمَّل و المُنَمْمَل۔ لکھا ہوا۔ گنجان لکھا ہوا۔
المَنْمُوْل۔ زبان۔ طَعَامٌ مَنْمُوْلٌ : کھانا جس میں چیونٹیاں پڑ گئی ہوں۔
نَأْمَلَ نَأْمَلَةً۔ بیڑی پڑے ہوئے کی طرح چلنا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ يُنَأْمِلُ فِي قَيْدِهٖ"
نَمْنَمَهٗ۔ آراستہ کرنا۔ مزین کرنا۔ منقش کرنا۔ نَمْنَمَتِ الرِّيْحُ الرَّمْلَ او الْمَاءَ : دھاری ڈالنا۔ لہر ڈالنا۔ نَمْنَمَ كِتَابَهٗ : گنجان ڈالنا۔
النِّمْنِم و النِّمْنِيْم۔ ریت پر کی دھاری۔ لہر۔
النِّمْنِمُ و النُّمْنُم۔ جوانوں کے ناخن پر کی سپیدی۔ واحد نِمْنِمَة و نُمْنُمَة۔
المُنَمْنَم۔ مفع۔ ثَوْبٌ نَمْنَمٌ : منقش کپڑا۔ نَبْتٌ مُنَمْنَمٌ : گنجان نباتات۔ كِتَابٌ مُنَمْنَمٌ : منقش کتاب نَاقَةٌ مُنَمْنَمَةٌ : موٹی اُونٹنی۔
نَمِهَ (س) نَمَهًا۔ حیرانی جیسی لاحق ہونا۔ صفت نَامِهٌ و نَمِهٌ۔
نَمَا يَنْمُوْ نُمُوًّا۔ زیادہ ہونا۔ بڑھنا۔ بلند ہونا — الْخِضَابُ : سرخی یا سیاہی زائد ہونا — الْحَدِيْثَ اِلٰى فُلَانٍ : نسبت کرنا۔
النُّمُوُّ۔ بڑھاؤ۔ زیادتی۔
النَّمُوَّة۔ زیادتی۔
النَّمُوْذَج والْاُنْمُوْذَج : نمونہ۔ ج نَمُوْذَجَاتٌ و اُنْمُوْذَجَات۔
نَمٰى يَنْمِي نَمْيًا و نُمِيًّا و نَمَاءً و نَمِيَّةً الْمَالُ وَغَيْرُهٗ : زیادہ ہونا۔ بہت ہونا — السِّعْرُ : بھاؤ گراں ہونا — الْحِبْرُ فِي الْكِتَابِ : روشنائی کا لکھنے کے بعد چمک اُٹھنا — الْخِضَابُ فِي الْيَدِ او الشَّعْرِ : سیاہی زیادہ ہونا — الشَّيْئَ عَلَى الشَّيْئِ : کسی چیز سے بلند کرنا — النَّارَ : آگ کو خوب بھڑکانا — الرَّجُلُ : موٹا ہونا — الْمَاءُ : پانی کا چڑھنا — اَلْحَدِيْثُ اِلٰى فُلَانٍ : کسی کی جانب نسبت کرنا — الرَّجُلُ اِلٰى اَبِيْهِ : نسبت کرنا۔ نَمَتِ الْاِبِلُ : موٹا ہونا۔ گرمی میں گھاس کی تلاش میں دور تک جانا — الصَّيْدَ : شکار کا زخم لگ جانے کے بعد نگاہ سے او جھل ہونا اور مرجانا۔
نَمّٰى تَنْمِيَةً الشَّيْئَ : بڑھانا — النَّارَ : آگ کو خوب بھڑکانا — اَلْحَدِيْثَ اِلٰى فُلَانٍ : نسبت کرنا۔ فساد انگیزی کے لحاظ سے پہنچانا۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ يُنَمِّيْ اَحَادِيْثَ النَّاسِ" فلاں لوگوں کی باتوں کو فساد انگیزی کے لیے پہنچاتا ہے۔
اَنْمٰى اِنْمَاءً الشَّيْئَ : زیادہ کرنا۔ بڑھانا۔
اَنْمٰى : بڑھنا — اَلْحَدِيْثَ : چغل خوری کے لحاظ سے پھیلانا — الصَّيْدَ : شکار کا زخم لگ جانے کے بعد نگاہ سے او جھل ہو کے مرجانا اور اس کے مقابل میں "اَصْمٰى" ہے جس کے معنی یہ ہیں کہ تیر لگنے کے بعد فوراً مرجائے اور اسی سے عرب کا قول ہے "كُلْ مَا اَصْمَيْتَ وَدَعْ مَا اَنْمَيْتَ" — اَنْمَى الرَّاعِي الْاِبِلَ : چرواہے کا اونٹوں کو دور تک لے جانا۔ اَنْمَاهَا الْكَلَا : گھاس کا اونٹوں کو موٹا کرنا۔ اَنْمَى الْكَرْمُ : انگور کی بیل میں گچھے دار شاخ ہونا۔ اَنْمَيْتُ لِفُلَانٍ : کسی کی معمولی غلطی کو چھوڑ دینا تاکہ بڑی غلطی میں مبتلا ہو جائے اور پھر اس کیلئے کوئی عذر باقی نہ رہے۔

تَنمّی تَنمِیًا الشَّیْئُ : ایک جگہ سے دوسری جگہ جانا اور بلند ہونا۔
اِنْتَمٰی اِنْتِمَاءً فُلَانٌ اِلٰی اَبِیْہِ : منسوب ہونا — اَلْبَازِی : ایک جگہ سے دوسری جگہ بلند ہونا۔ وَانْتَمٰی فُلَانٌ فَوْقَ الْوِسَادَۃِ : بلند ہونا۔
اَلنَّامِی۔ فا۔ نجات پانے والا۔
اَلنَّامِیَۃُ۔ النَّامِی کا مؤنث۔ بڑھنے کی طاقت' مخلوق — مِنَ الْاِبِلِ : موٹے اونٹ۔ نَامِیَۃُ الْکَرْمِ : پچھے دار شاخ۔ ج النَّوَامِی۔
اَلنُّمَاۃُ : چھوٹی جوں۔ ج نُمٰی۔
نَهَأَ یَنْهَأُ نَهْأً الْاِنَاءَ : بھرنا اور کہا جاتا ہے شَرِبَ فُلَانٌ حَتّٰی نَهَأَ : فلاں نے پیا یہاں تک کہ سیر ہوگیا۔
نَهِئَ یَنْهَأُ وَنَهُؤَ یَنْهُؤُ نَهْأً وَنَهًا وَنَهَاءَۃً وَنُهُوْءًا وَنَهَاوَۃً اللَّحْمُ : گوشت کا کچا رہنا۔ صفت نَهِیْئٌ۔
اَنْهَأَ اِنْهَاءً اللَّحْمَ : گوشت کچا رکھنا — الْاَمْرَ : مضبوط نہ کرنا۔
اَلنَّاهِئُ۔ شکم سیر۔ سیراب۔
اَلنُّهُوْءَۃُ۔ پختگی۔
نَهَبَ (ف ن) وَنَهِبَ (س) نَهْبًا الْغَنِیْمَۃَ : مالِ غنیمت لوٹنا — الْقَوْمُ فُلَانًا : سخت سست کہنا۔
نَهَبَہُ الْکَلْبُ : کتے کا ایڑی پر کاٹ لینا۔
نَاهَبَہٗ مُنَاهَبَۃً۔ دوڑنے میں مقابلہ کرنا۔
نَاهَبَ الْقَوْمُ فُلَانًا : سخت سست کہنا — الْغَنِیْمَۃَ : مالِ غنیمت لوٹنا۔
اَنْهَبَ الرَّجُلُ مَالَہٗ : لوٹنے کا موقع دینا۔
اَنْهَبَہُ الْمَالَ : لٹا دینا۔
تَنَاهَبَتِ الْاِبِلُ الْاَرْضَ : ٹانگوں کے نیچے کرنا۔ تَنَاهَبَ الْفَرَسَانِ : باہم لوٹنا اور دوڑنے میں مسابقت کرنا۔
اِنْتَهَبَ الْفَرَسُ الشَّوْطَ : غالب ہونا۔ کہا جاتا ہے "جَوَادٌ یَنْتَهِبُ الْغَایَۃَ : گھوڑا جو غایت تک سابق ہوتا ہے" "وَانْتَهَبَ النَّهْبَ" مالِ غنیمت کو لینا۔
اَلنَّهْبُ۔ مص۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا زَمَانُ النَّهْبِ" یہ لوٹ کا وقت ہے۔ غنیمت۔ ہر وہ چیز جو لوٹی جائے۔ ج نِهَابٌ۔ اَلنَّهْبُ : ایک قسم کی دوڑ۔
اَلنُّهْبَۃُ وَالنُّهْبٰی وَالنُّهَیْبٰی وَالنُّهَّیْبٰی : لوٹ : لوٹی ہوئی چیز۔
اَلنَّهَّابُ۔ بہت لوٹنے والا۔
اَلْمِنْهَبُ۔ دوڑ میں فوقیت لے جانے والا گھوڑا۔
اَلْمُنْتَهَبُ۔ مصدر میمی بمعنی انتہاب۔ لوٹ کی جگہ۔
اَلْمَنْهُوْبُ۔ مفع۔ فوری مطلوب۔
اَلنَّهَابِرُ وَالنَّهَابِیْرُ۔ ہلاکتیں۔ زمین یا ریت کی بلند جگہیں۔ اور بقول بعض ٹیلوں کے درمیان گڑھے۔ واحد نُهْبُرَۃٌ و نُهْبُوْرٌ و نُهْبُوْرَۃٌ۔
اَلنَّهَابِرُ : جہنم اور کہا جاتا ہے "غَشِیَ بِہِ النَّهَابِیْرَ" اس نے اس کو سخت کام پر برانگیختہ کیا۔
اَلنَّهْبَرَۃُ۔ لمبی لاغر عورت یا قریب بہ ہلاکت۔
اَلنُّهْبُوْغُ۔ ایک قسم کا پرندہ۔ ایک قسم کی لمبی تیز رفتار کشتی جس کو دوبنج بھی کہتے ہیں۔ جو معرب ہے دونی کا۔
نَهْبَلَ۔ الرَّجُلُ : عمر رسیدہ ہونا۔ لنگڑا ہونا اور لنگڑے بجو کی طرح چلنا۔
اَلنَّهْبَلُ۔ عمر رسیدہ۔ کہا جاتا ہے "شَیْخٌ نَهْبَلٌ وَعَجُوْزٌ نَهْبَلَۃٌ" عمر رسیدہ بڈھا۔ عمر رسیدہ بڑھیا۔
اَلنَّهْبَلَۃُ۔ گرانباری کی چال۔ موٹی اونٹنی۔
نَهَتَ (ض) نَهَاتًا وَنَهِیْتًا الْاَسَدُ وَالْحِمَارُ وَالرَّجُلُ : شیر کا گونجنا۔ گدھے کا رینکنا۔ مرد کا آواز کرنا۔ نالہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "رَأَیْتُہٗ یَنْهِتُ کَمَا یَنْهِتُ الْقِرْدُ" میں نے اس کو دیکھا کہ وہ اس طرح آواز نکال رہا تھا جیسے بندر نکالتا ہے۔
اَلنَّاهِتُ۔ فا۔ حلق۔
اَلنَّهَّاتُ۔ رینکنے والا — وَالْمِنْهَتُ شیر۔
نَهْتَرَ فُلَانٌ عَلَیْنَا : جھوٹ باندھنا۔
نَهَجَ (ض) وَنَهِجَ (س) نَهَجًا الرَّجُلُ : ہانپنا۔ دمہ والا ہونا۔
نَهَجَ (ف ن) نَهْجًا الثَّوْبُ : کپڑے کا بوسیدہ ہونا۔ صفت نَهِجٌ۔
نَهَجَ (ف) نَهْجًا الثَّوْبَ : کپڑے کو پرانا کرنا۔ بوسیدہ کرنا — الْاَمْرَ : واضح کرنا۔ ظاہر کرنا — الطَّرِیْقَ : راستہ میں چلنا۔
نَهَجَ (ف) نَهْجًا وَنُهُوْجًا الطَّرِیْقُ اَوِ الْاَمْرُ : راستہ کا یا معاملہ کا واضح ہونا۔
اَنْهَجَ الطَّرِیْقُ اَوِ الْاَمْرُ : راستہ یا معاملہ کا واضح ہونا ظاہر ہونا — الطَّرِیْقَ اَوِ الْاَمْرَ : راستہ یا معاملہ کو واضح کرنا۔ ظاہر کرنا — الدَّابَّۃَ : چوپایہ پر سوار ہو کر سانس چڑھانا — فُلَانًا : سانس چڑھانا — الثَّوْبَ : کپڑے کو پرانا کرنا بوسیدہ کرنا — الثَّوْبُ : کپڑا پرانا ہونا یا کھٹنی شروع ہونا۔
اِنْتَهَجَ الرَّجُلُ : چلنا۔ اور بقول بعض واضح راستہ تلاش کرنا — الطَّرِیْقَ : راستہ کو ظاہر کرنا۔
اِسْتَنْهَجَ۔ الطَّرِیْقُ : راستہ کا واضح ہونا۔ فُلَانٌ سَبِیْلَ فُلَانٍ : پیروی کرنا۔
طَرِیْقٌ نَاهِجَۃٌ۔ واضح راستہ۔
اَلنَّهْجُ۔ مص۔ واضح راستہ۔ کہا جاتا ہے "طَرِیْقٌ نَهْجٌ وَ طُرُقٌ نَهْجَۃٌ وَ نَهْجَاتٌ وَ نُهُجٌ وَ نُهُوْجٌ"
نَهْجُ الْبَلَاغَۃِ۔ بلاغت کے واضح طریقے۔ ایک کتاب کا نام جس میں سیدنا علی رضی اللہ عنہ کے خطبات' اقوال' مکاتیب' نصائح جمع کیے گئے ہیں۔
اَلنَّهَجُ وَالنَّهِیْجُ۔ ہانپنا۔
اَلْمَنْهَجُ وَالْمَنْهِجُ وَالْمِنْهَاجُ : کشادہ راستہ ج مَنَاهِجُ۔
اَلْمُنْهِجُ۔ جلدی بوسیدہ ہونے والا کپڑا۔
نَهَدَ (ف ن) نُهُوْدًا الثَّدْیُ : پستان کا ابھرنا
نَهَدَتِ الْمَرْأَۃُ : ابھرے ہوئے پستان والی ہونا۔ صفت نَاهِدٌ و نَاهِدَۃٌ — الْقِرْبَۃُ : مشک کا بھرنے کے قریب ہونا — نَهْدًا وَنَهَدًا لِلْعَدُوِّ وَاِلَی الْعَدُوِّ : دشمن پر جلدی حملہ کرنا — الْهَدِیَّۃَ : ہدیہ کو بڑا سمجھنا یا بڑا کرنا۔
نَهَدَ (ف) نَهْدًا۔ اٹھنا — اِلَیْہِ : کھڑا ہونا۔ جیسے "دَخَلَ الْمَسْجِدَ فَنَهَدَ النَّاسُ یَسْأَلُوْنَہٗ" یعنی وہ مسجد میں داخل ہوا تو لوگ کھڑے ہو کر اس سے پوچھنے لگے۔
نَهُدَ (ک) نُهُوْدَۃً الْفَرَسُ : گھوڑے کا عمدہ اور مضبوط ہونا۔
نَهَّدَتِ الْمَرْأَۃُ : ابھرے ہوئے پستان والی ہونا۔ صفت مُنَهِّدٌ۔

نَاهَدَهُ مُنَاهَدَةً۔لڑائی میں کسی کا مقابلہ کرنا۔
اَنْهَدَ الْعَطِيَّةَ : عطیہ کو بڑھانا — اَلْحَوْضَ او الْاِنَاءَ : حوض یا برتن کو بھرنا یہاں تک کہ چھلکنے لگے۔ اَنْهَدَتِ الْمَرْاَةُ : ابھرے ہوئے پستان والی ہونا — فُلَانًا :اٹھانا۔
تَنَهَّدَ الرَّجُلُ : ٹھنڈی سانس لینا۔
تَنَاهَدَ الْقَوْمُ : برابر برابر نفقہ نکالنا تاکہ اس سے مشترک طور پر غلہ خریدیں اور جو نفقہ نکالا جائے اس کو النِّهْد کہتے ہیں۔ تَنَاهَدَ الْقَوْمُ الشَّيْئَ : آپس میں لین دین کرنا۔ تَنَاهَدُوا فِي الْحَرْبِ :لڑائی میں ایک دوسرے پر حملہ کرنا۔
اِسْتَنْهَدَهُ لڑائی میں اٹھنے کیلئے بلانا۔
النَّاهِد۔ فا۔ ج نُهَدَاء و نُهَّادٌ۔ ابھرے ہوئے پستان والی عورت۔ ج نَوَاهِد۔ النَّاهِد۔ شیر۔ غُلَامٌ نَاهِدٌ : قریب البلوغ لڑکا۔
النِّهَادُ۔ مقدار۔ اندازہ۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا نِهَادُ مِائَةٍ" یہ مقدار سو کے ہے۔
النَّهْد۔ مص۔ بلند چیز۔ شیر۔ کریم۔ عمدہ مضبوط گھوڑا۔ مسکہ۔ پستان۔ ج نُهُود۔
النِّهْد۔ نفقہ جو شرکاء سفر برابر برابر نکالیں۔ کہا جاتا ہے "طَرَحَ نِهْدَهُ مَعَ الْقَوْمِ" یعنی اس نے ان کی مدد کی۔
النَّهْدَاءُ۔ ریت کا بلند ٹیلہ۔
حَوْضٌ او اِنَاءٌ نَهْدَانُ۔ بھرا ہوا حوض یا برتن جو ابھی چھلکتا نہ ہو۔
النَّهِيْد۔ گاڑھا مسکہ۔
النَّهِيْدَة۔ گاڑھا مسکہ۔ ایک قسم کا کھانا جو اندرائن کے بیج کے مغز کو آٹے سے ملا کر تیار کیا جاتا ہے۔
الْمَنْهُوْد اِلَيْهِ : جس کا قصد کیا جائے جس کی طرف اٹھا جائے۔
الْمُنَاهَدَة۔ مص۔ جھگڑا کرنا۔
نَهَرَ (ف) نَهْرًا الدَّمُ : خون کا زور سے بہنا — الْمَاءُ :پانی کا بہنا اور نہر بنالینا — النَّهْرَ :نہر کھودنا۔ نہر جاری کرنا — السَّائِلَ : سائل کو ڈانٹنا — وَنَهِرَ (س) نَهَرًا الْحَافِرُ : کھودنے والے کا پانی تک پہنچنا۔ کہا جاتا ہے "حَفَرْتُ الْبِئْرَ حَتّٰى نَهِرْتُ" میں نے کنواں کھودا یہاں تک کہ پانی تک پہنچ گیا۔
اَنْهَرَ النَّهْرَ : نہر کو وسیع کرنا۔ چوڑا کرنا (اور یہ نیزہ کے زخم کیلئے بھی آتا ہے) — الدَّمَ : خون نکالنا۔ بہانا — الدَّمُ : خون کا بہنا — الْعِرْقُ : رگ سے خون نہ رکنا — فُلَانٌ : بھلائی کو نہ پہنچنا — فِي الْعَدْوِ : تاخیر کرنا۔ سستی کرنا — الرَّجُلُ : دن کرنا — الْبَطْنُ : پیٹ چلنا — الْحَافِرُ : کھودنے والے کا پانی تک پہنچنا۔
اِنْتَهَرَ السَّائِلَ : سائل کو ڈانٹنا — الْعِرْقُ : رگ سے خون نہ رکنا — بَطْنُهُ : پیٹ چلنا۔
اِسْتَنْهَرَ النَّهْرُ : نہر کا اپنے بہنے کے لیے مضبوط جگہ بنانا — الشَّيْئُ : وسیع و کشادہ ہونا اور ہر وہ چیز جو بہت ہو اور بہہ پڑے اس کیلئے اِسْتَنْهَرَ کا استعمال کرتے ہیں۔
النَّاهِر۔ فا۔ سفید انگور۔
النَّهَار۔ دن۔ نہار شرعی صبح سے لے کر مغرب تک۔ ج اَنْهُر و نُهُر۔
النَّهَارِيّ۔ کھانا جو دن کے ابتدائی حصہ میں کھایا جائے۔ ناشتہ۔
النَّهْر۔ ندی۔ دریا۔ ج اَنْهُر و اَنْهَار و نُهُر و نُهُوْر۔
النَّهَر گنجائش۔ وسعت۔ نہر میں ایک لغت ہے۔
النَّهِر۔ سفید انگور۔ کہا جاتا ہے "نَهْرٌ نَهِرٌ" کشادہ نہر۔ "نَهَارٌ نَهِرٌ" روشن دن "مَاءٌ نَهِرٌ" بہت پانی۔
النَّهِيْر۔ بہت۔
النَّهِيْرَة۔ بہت دودھ والی اونٹنی۔
الْاَنْهَر۔ اسم تفضیل۔ نہار اَنْهَر :بہت روشن دن۔
الْاَنْهَرَان مِنْ مَنَازِلِ الْقَمَرِ : چاند کے منازل میں عَوَّاء اور سَمَاک نامی دو ستارے۔
النَّاهُوْر۔ بادل۔
الْمَنْهَر۔ پانی بہنے کی جگہ جس کو خود پانی نے بنالیا ہو۔ قلعہ سے پانی باہر نکلنے کی نالی۔
الْمَنْهَرَة۔ لوگوں کے گھروں کے درمیان کوڑا کرکٹ ڈالنے کی جگہ۔ کہا جاتا ہے "اَمَامَ دَارِهِمْ مَنْهَرَةٌ" ان کے گھروں کے سامنے کوڑا کرکٹ ڈالنے کی جگہ ہے۔
نَهَزَهُ (ف) نَهْزًا۔ دفع کرنا اور مارنا۔ نَهَزَ رَاسَهُ : سر ہلانا — الشَّيْئَ : قریب ہونا — فُلَانٌ : کچھ لینے کیلئے اٹھنا — الْفَصِيْلُ ضَرْعَ اُمِّهِ اونٹ کے بچے کا ماں کے تھن پر ٹکر مارنا — الدَّابَّةُ چوپایہ کا سینہ نکال کر چلنا — الدَّابَّةُ بِرَاسِهَا : چوپایہ کا اپنے آپ سے دفع کرنا۔ اور جب دودھ چھڑانے کے قریب ہو تو کہا جاتا ہے "نَهَزَ لِلْفِطَامِ" صفت مذکر نَاهِزٌ اور صفت مؤنث نَاهِزَةٌ : نَهَزَ بِالدَّلْوِ فِي الْبِئْرِ :ڈول کو کنوئیں میں بھر جانے کے لیے ہلانا — الدَّلْوَ مِنَ الْبِئْرِ : ڈول کو کنوئیں سے نکالنا — نَهَزَ الرَّجُلُ :قے کرنے کے لیے گردن اٹھانا اور سینہ نکالنا — قَيْحًا : پیپ پھینکنا اور کہا جاتا ہے "نَهَزَتْنِيْ اِلَيْكَ حَاجَةٌ" مجھے ضرورت تمہارے پاس لے آئی۔
نَاهَزَهُ مُنَاهَزَةً۔ قریب ہونا۔ کہا جاتا ہے "نَاهَزَ الْخَمْسِيْنَ" اس کی عمر پچاس کے قریب ہے "وَنَاهَزَ لِلْفِطَامِ" وہ دودھ چھڑانے کے قریب پہنچا — الصَّيْدَ : سبقت کرنا — الْفُرْصَةَ : غنیمت جاننا۔ نَاهَزْتُهُمُ الْفُرَصَ : فرصت پانا۔
اَنْهَزَهُ۔ دفع کرنا۔ اٹھانا۔
تَنَاهَزَا۔ سبقت کرنا۔ کہا جاتا ہے "تَنَاهَزُوا الْفُرَصَ" انہوں نے فرصت کو غنیمت جاننے کی وجہ سے سبقت کی۔
اِنْتَهَزَ الْفُرْصَةَ : غنیمت جاننا اور سبقت کرتے ہوئے اٹھنا — الشَّيْئَ : قبول کرنا اور لینے کی جلدی کرنا — فِي الضَّحْكِ : بہت زور سے ہنسنا۔
النَّاهِز۔ فا نَاهِزُ الْقَوْمِ : قوم کا سردار۔ قوم کا چودھری۔
النُّهَاز و النِّهَاز۔ قدر۔ اندازہ۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا نُهَازُ ذَاكَ" یہ اس کے مقدار ہے۔
النَّهْز۔ مص۔ ہاتھ میں لینا۔ لینے کیلئے اٹھنا۔ اور کہا جاتا ہے "نَهْزُهُ كَذَا" یعنی اس کی مقدار اتنی ہے۔
النَّهْز۔ شیر۔
النَّهَّاز۔ اسم مبالغہ۔ چلنے میں سینہ نکالنے والا گدھا۔
النُّهْزَة۔ فرصت۔ ج نُهَز۔ کہا جاتا ہے "هُوَ

نُهزۃُ الْمُختلِس" وہ ہر ایک کا شکار ہے۔
اَلْمُنْهَز مِنَ الْبِئْرِ: کنوئیں کا متن۔
اَلْمُنَاهَزَۃ۔ مص۔ مسابقت۔
نَهَسَ (ف) و نَهِسَ (س) نَهْسًا اللَّحْمَ: گوشت کو اگلے دانتوں سے نوچنا۔ نَهَسَتِ الْحَيَّۃُ فُلَانًا: سانپ کا ڈسنا۔ نَهَسَ الْكَلْبُ فُلَانًا: کتے کا کسی کو نوچ لینا۔
اِنْتَهَسَ اللَّحْمَ: گوشت کو اگلے دانتوں سے نوچنا — فُلَانًا: غیبت کرنا۔
اَلنُّهَسُ و النُّهَسُ۔ لٹورے کے مانند ایک پرندہ جو ہمیشہ اپنی دُم ہلاتا رہتا ہے اور چڑیوں کا شکار کرتا ہے۔ ج نِهْسَان۔
اَلنَّهَّاسُ و النَّهُوْسُ و الْمَنْهَسُ و الْمِنْهَسُ بہت دانت سے کاٹنے والا۔ شیر۔ بھیڑیا۔
اَلْمَنْهَسُ: کاٹنے کی جگہ۔ کہا جاتا ہے "اَرْضٌ كَثِيْرَۃُ الْمَنَاهِسِ" بہت چراگاہ والی زمین۔
اَلنَّهِيْسُ۔ کم گوشت والا۔ دُبلا۔ اَلْمَنْهُوْسُ۔ مفع۔ کم گوشت والا۔ رَجُلٌ مَنْهُوْسُ الْقَدَمَيْنِ: دبلے پتلے قدم کا مرد۔
نَهْسَرَ نَهْسَرَۃً۔ اللَّحْمَ: گوشت کاٹنا — الطَّعَامَ: کھانا۔
اَلنَّهْسَرُ۔ بھیڑیا۔ یا بجو سے بھیڑیے کا بچہ۔ ہلکا پھلکا۔ تیز رفتار۔ گوشت کا بہت حریص۔
نَهَشَهٗ (ف ض) نَهْشًا۔ اگلے دانتوں سے نوچنا۔ دانت سے کاٹ کر نشان ڈالنا — الْحَيَّۃُ: سانپ کا ڈسنا۔ نَهَشَهُ الدَّهْرُ: مشقت میں ڈالنا۔
نُهِشَتْ و انْتَهَشَتْ اَعْضَاؤُنَا: لاغر ہونا۔
اَلنَّهَاوِشُ۔ مظالم۔ عرب والوں کے قول نَهْشَۃٌ سے جبکہ مشقت میں ڈال دیں۔ کہا جاتا ہے "هُوَ نَهِشُ الْيَدَيْنِ او القَوَائِمِ": وہ ہاتھ پاؤں کا پھرتیلا ہے۔
اَلْمَنْهُوْشُ۔ مفع۔ مشقت میں پڑا ہوا۔ دبلا۔
نَهْشَلَ الرَّجُلُ: بڑی عمر کا ہونا — فُلَانًا: دانت سے کاٹنا — الشَّيْءَ: سخت بھوکے کی مانند کھانا۔
اَلنَّهْشَلُ۔ بھیڑیا۔ شکرا۔ بہت بڑھا۔ بڑھاپے کی وجہ سے کانپنے والا۔ مؤنث نَهْشَلَۃٌ۔
نَهَضَ (ف) نَهْضًا و نُهُوْضًا۔ کھڑا ہونا — عَنْ مَكَانِهٖ: اٹھنا — اِلٰی عَدُوِّهٖ: جلدی سے حملہ کرنا — النَّبْتُ: نباتات کا سیدھا کھڑا ہونا — لِلْاَمْرِ: مستعد ہونا — الطَّائِرُ: پرندہ کا اڑنے کیلئے بازو پھیلانا (— نَهْضًا) فُلَانًا: ظلم کرنا — الشَّيْبُ فِي الشَّبَابِ: جلدی بڑھاپا شروع ہو جانا۔
نَاهَضَ قِرْنَهٗ مُنَاهَضَۃً۔ مقابلہ کرنا۔
اَنْهَضَهٗ۔ اٹھانا۔ کھڑا کرنے کیلئے ہلانا۔ اَنْهَضَتِ الرِّيْحُ السَّحَابَ: ہوا کا بادلوں کو چلانا اور اٹھانا — الْقِرْبَۃَ: مشک کو چھلکنے تک بھرنا۔ اَنْهَضَهٗ بِالشَّيْءِ: ٹیک لگا کے اٹھنا۔
تَنَاهَضُوْا فِي الْحَرْبِ: جنگ میں ایک دوسرے پر حملہ کرنا۔
اِنْتَهَضَ۔ کھڑا ہونا — فُلَانًا لِلْاَمْرِ: مستعد کرنا۔ کھڑا کرنا — الْقَوْمُ: مقاتلہ کے لیے کھڑا ہونا۔
اِسْتَنْهَضَهٗ لِكَذَا: کسی کام کیلئے اٹھنے کو کہنا۔
اَلنَّاهِضُ۔ فا۔ اُڑنے کے لائق پرندہ کا بچہ۔ گھوڑے کے بازو کے اوپر کا گوشت۔ کہا جاتا ہے "عَامِلٌ نَاهِضٌ" کر گزرنے والا "وَمَكَانٌ نَاهِضٌ" بلند جگہ۔
نَاهِضَۃُ الرَّجُلِ: مرد کے باپ کی اولاد۔ اور اس کے خدام وغیرہ۔ ج نَوَاهِضُ۔ اَلنَّوَاهِضُ بڑے ڈیل ڈول اور سخت بدن والے اونٹ۔
اَلنِّهَاضُ مِنَ الطُّرُقِ: راستہ کی بلندیاں اور گھاٹیاں۔ اَلنِّهَاضُ: جلدی۔
اَلنَّهْضُ۔ مص — مِنَ الْبَعِيْرِ: اونٹ کے مونڈھے اور کندھے کے درمیان کا حصہ۔ ج اَنْهُضٌ۔ اَلنَّهْضُ: ظلم و زبردستی۔ سخت زمین۔
اَلنَّهْضَۃُ۔ نَهَضَ کا اسم مرۃ۔ طاقت و قوت۔ زمین کی چڑھائی کہ جس میں انسان یا چوپایہ پست زمین سے چڑھتے ہوئے تھک جائے۔ ج نِهَاضٌ۔ کہا جاتا ہے "كَانَ مِنْهُ نَهْضَۃٌ اِلٰی كَذَا" اس کی حرکت فلاں جانب ہے "وَهُوَ كَثِيْرُ النَّهَضَاتِ" وہ بہت حرکت والا ہے۔
اَلنَّهَّاضُ۔ بہت اٹھنے والا۔ کوّا۔ مَكَانٌ نَهَّاضٌ: بلند جگہ۔
اَلنَّهْضَلُ۔ عمر رسیدہ آدمی یا گدھ یا باز۔
نَهَطَهٗ (ف) نَهْطًا بِالرُّمْحِ: نیزہ مارنا۔
نَهَعَ (ف) نُهُوْعًا۔ قے کرنا اور کچھ نہ نکلنا۔
نَهَفَ (ف) نَهْفًا الرَّجُلُ: متحیر ہونا۔
نَهَقَ (ف ن ض) و نَهِقَ (س) نَهْقًا و نَهِيْقًا و نُهَاقًا و تَنْهَاقًا الْحِمَارُ: گدھے کا رینکنا۔ صفت نَاهِقٌ۔
تَنَاهَقَتِ الْحُمُرُ: گدھوں کا رینکنا۔
اَلنَّاهِقَانِ۔ کہردار جانور کے جبڑے کی دو ابھری ہوئی ہڈیاں اور ران کو النَّوَاهِقُ بھی کہتے ہیں۔
نَاهِقُ الْحِمَارِ و نَوَاهِقُهٗ: گدھے کے گلے سے آواز نکلنے کی جگہ اور بقول بعض نَوَاهِقُ اُن کو کہتے ہیں جو جانور کی ناک کے آخری حصہ کو گھیرے ہوئے ہیں۔ واحد نَاهِقَۃٌ۔
اَلنَّهْقُ۔ مص۔ پرندہ کی ایک قسم (— و النَّهَقُ) ایک قسم کی نباتات۔ واحد نَهْقَۃٌ و نَهَقَۃٌ۔
نَهَكَهٗ (ف) نَهْكًا و نَهَاكَۃً۔ غالب ہونا۔ نَهَكَ الثَّوْبَ: پہن کر بوسیدہ کرنا — مِنَ الطَّعَامِ و فِيْهِ: کھانے میں مبالغہ کرنا — عِرْضَ فُلَانٍ: آبروریزی میں مبالغہ کرنا — الضَّرْعَ: تھن سے دودھ نکال لینا۔ نَهَكَتِ الْاِبِلُ مَاءَ الْحَوْضِ: سارا پی جانا — الْحُمّٰی فُلَانًا: لاغر کر دینا۔ مشقت میں مبتلا کر دینا — الشَّرَابُ فُلَانًا: دبلا کرنا۔
اَلْوَدْهَاءُ مِنَ النِّسَاءِ : خوبصورت سفید عورت۔

وَدَی یَدِی وَدْیًا وَدِیَةً الْقَاتِلُ الْقَتِیْلَ : خون بہا دینا ____ الْاَمْرَ : قریب کرنا (____ وَدْیًا) الشَّیْءُ : بہنا۔ اور اسی سے وادی کا اشتقاق ہے اس لیے کہ اس میں پانی بہتا ہے۔ اور وَدَی یَدِی سے امر کے صیغے یہ ہیں۔ دِ۔ دِیَا۔ دُوْا۔ دِیْ۔ دِیَا۔

دِیْنَ۔

اَوْدَیٰ اِیْدَاءً۔ ہلاک ہونا ـــــ بِهِ الْمَوْتُ : ہلاک کرنا۔ واَوْدَیٰ بِالشَّیْئِ : لے جانا۔

اِتَّدَیٰ اِتِّدَاءً۔ دیت لینا (اس کی اصل اِوْتَدَیٰ ہے)

اِسْتَوْدَیٰ اِسْتِیْدَاءً بِحَقِّهِ : حق کا اقرار کرنا۔

الدِیَةُ۔ مص۔ خون بہا۔ ج دِیَات (اس کی اصل وَدْیٌ ہے) تاء واوَ محذوفہ کے عوض میں ہے جیسے عِدَةٌ و زِنَةٌ میں۔

الوَدَیٰ۔ ہلاکت۔

الوَادِی۔ فا۔ پہاڑوں یا ٹیلوں کے درمیان کی کشادگی جو سیلاب کے لیے گزرگاہ ہو۔ ج اَوْدِیَة واَوَادِیَةٌ واَوْدَاءٌ و اَوْدَاةٌ۔ طریقہ۔ مذہب۔ کہا جاتا ہے "هُمَا مِنْ وَاوٍ وَاحِدٍ" وہ دونوں ایک معنے یا ایک لفظ سے ہیں "وَسَالَ بِهِمُ الْوَادِی" وادی ان کو بہا لے گئی یعنی وہ ہلاک ہوگئے "وَاَنْتَ فِی وَادٍ وَنَحْنُ فِی وَادٍ" اختلاف مقاصد کے موقع پر بولا جاتا ہے۔

الوَدِیُّ۔ کھجور کے چھوٹے پودے واحد وَدِیَّةٌ۔

التَوْدِیَة۔ پست قد مرد۔ لکڑی جو اونٹنی کے تھنوں پر باندھی جاتی ہے۔ ج التَوَادِی۔

المُوْدِی۔ فا۔ شیر۔

وَذَأَ یَذَأُ وَذْأً فُلاَنًا : ڈانٹنا۔ حقیر سمجھنا۔ عیب لگانا۔ وَذَأَتِ الْعَیْنُ عَنِ الشَّیْئِ : چندھیا جانا۔

اِتَّذَأَ۔ جھڑکی برداشت کرنا۔

الوَذْءُ : مص۔ نامناسب و مکروہ بات۔

الوَذْأَةُ۔ عیب۔ علت۔

وَذَحَ یَذِحُ وَذْحًا۔ تیز چلنا۔

وَذِحَت تَوْذَحُ وتَیْذَحُ وذَحًا الشَّاةُ : اُون میں مینگنی لگی ہوئی والی ہونا ـــــ الرَّجُلُ : مرد کی رانوں کے اندرونی حصہ میں جلا ہوا ہونا۔

الوَذَح۔ بھیڑ بکری کے اون میں لگی ہوئی مینگنی اور پیشاب واحد وَذَحَةٌ ج وُذْحٌ۔

الاَوْذَح۔ کمینہ و لئیم۔

وَذَرَهُ یَذِرُهُ وَذْرًا۔ کاٹنا۔ وَذَرَ الْجَرْحَ : زخم کو چیرنا ـــــ الشَّیْئَ : چھوڑنا۔ اس آخری معنی میں مضارع اور امر کے علاوہ کوئی دوسرا صیغہ مستعمل نہیں۔ تم کہو گے ذَرْهُ بمعنے دَعْهُ واُتْرُكْهُ ویَذَرُهُ بمعنی یَدَعُهُ ویترکهٗ اور اس کے لیے ماضی مصدر اور اسم فاعل تَرَكَ وَالتَرْک والتَارِک بولا جائے گا (ـــــ و وَذَّرَ تَوْذِیْرًا)

الوَذْرَة : گوشت کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کاٹنا۔

الوَذْرَة مِنَ اللَّحْمِ : چھوٹا ٹکڑا ج وَذْرٌ و وَذَرٌ

الوَذْرَتَانِ : دو ہونٹ۔

الوَذِرَة۔ بہت گوشت والا بازو۔ بدبودار عورت اور بقول بعض موٹے ہونٹ والی عورت۔

الوُذَارَة۔ درزی کے کپڑوں کا کاٹ چھانٹ۔

وَذَعَ یَذَعُ وَذْعًا الْمَاءُ : پانی بہنا۔

الوَاذِع۔ فا۔ چشمہ۔ سنگلاخ پر بہنے والا پانی۔

وَذَفَ یَذِفُ وَذْفًا الشَّحْمُ وَغَیْرُهٗ : چربی بہنا۔ (ـــــ وَذْفًا و وَذَفَانًا و وَذَّفَ و تَوَذَّفَ) اکڑتے ہوئے ناز سے چلنا۔

تَوَذَّلَ الْقَوْمُ مِنَ الْجِزَّارِ : گوشت کا ٹکڑا لینا۔

اِمْرَأَةٌ وَذِلَةٌ و وَذَلَةٌ۔ چست و چالاک اور اچھے قد والی عورت۔

الوَذَالَة۔ گوشت کا ٹکڑا جس کو قصائی تقسیم سے پہلے جدا کر دے۔

الوَذِیْلَة۔ صیقل کیا ہوا چاندی کا ٹکڑا۔ آئینہ ج وَذِیْلٌ و وَذَائِل۔ الوَذِیْلَةُ : کوہان یا دُم کے گوشت کا ٹکڑا ـــــ مِنَ النِّسَاءِ : اچھے قد والی عورت۔

وَذِمَتْ تَوْذَمُ وَذْمًا الدَّلْوُ : ڈول کا تسمہ ٹوٹنا۔ صفت وَذِمَةٌ ـــــ الوَذَمُ نَفْسُهٗ : خود تسمہ ٹوٹنا۔

وَذَمَهٗ۔ کاٹنا۔ وَذَّمَ الْكَلْبَ : کتے کے گلے میں پٹہ ڈالنا ـــــ عَلَی الْخَمْسِیْنَ : زیادہ ہونا ـــــ الیَمِیْنَ : واجب کرنا الدَلْوَ۔ ڈول کا تسمہ بنانا اَوْذَمَ الدَّلْوَ : ڈول میں تسمہ باندھنا یا تسمہ بنانا ـــــ النَّذْرَ : نذر واجب کرنا ـــــ عَلَی الْخَمْسِیْنَ : زیادہ ہونا۔

الوَذَم۔ مص۔ زیادتی۔ مَسَّہ ج وُذُوم و اَوْذَام و اَوْذُم و جج اَوَاذِم۔ الوَذَمُ : ڈول کا تسمہ۔ واحد وَذَمَة۔

اِمْرَأَةٌ وَذْمَاءُ۔ بانجھ عورت اور ایسا ہی فَرَسٌ وَذْمَاء۔

الوَذْمَة۔ اوجھ و آنتیں۔ ج وِذَامٌ۔

الوَذِیْمَة۔ مال جو فی سبیل اللہ دیا جائے وَذِیْمَةُ الْكَلْبِ : کتے کے گلے کا پٹہ ج وَذَائِم۔

تَوَذَّنَهٗ تَوَذُّنًا۔ پھیرنا۔ تَوَذَّنَ الشَّیْئُ فُلاَنًا : عمدہ معلوم ہونا۔ پسند آنا۔

وَذْوَذَ الرَّجُلُ : تیز چلنا۔ دوڑنا۔ کہا جاتا ہے "مَرَّ الذِّئْبُ یُوَذْوِذُ" بھیڑیا دوڑتا ہوا گزرا۔

رَجُلٌ وَذْوَاذٌ۔ تیز رفتار مرد۔

وَذَیٰ یَذِیْ وَذْیًا وَجْهَهٗ : چہرہ پر خراش لگانا۔

الوَذَاة۔ رنج و سختی کا سبب۔

الوَذْیَة : اسم مرۃ۔ درد۔ مرض۔ عیب۔ تھوڑا پانی۔

الوَرْأة۔ زمین کا گڑھا (ـــــ و الوَرّ) سرین۔

وَرَأَ یَرَأُ و یَوْرَأُ وَرْأً الشَّیْئَ : دفع کرنا ـــــ مِنَ الطَّعَامِ : شکم سیر ہونا اور کہا جاتا ہے "مَاوُرِئْتُ وَمَا اُوْرِئْتُ وَمَاوُرِئْتُ بِهٖ" میں نے اس کو نہیں جانا۔

تَوَرَّأَتْ عَلَیْهِ الْاَرْضُ : گر کر ہموار ہونا۔

الوَرَاء۔ پوتا۔ وَرَاءُ الْاِنْسَانِ : پیچھے۔ اور کبھی آگے کے معنی میں آتا ہے۔ مذکر و مؤنث ہے اور اس کی تصغیر وُرَیِّئَةٌ و وُرَیْءٌ ہے۔ کہا جاتا ہے "هُوَ وُرَیِّئَةَ الْحَائِطِ او وُرَیْئَهٗ" وہ دیوار کے پیچھے ہے۔ یہ کلمہ ظرف مکان ہے۔ اور سوئی کے معنے میں بھی آتا ہے جیسے مَنِ ابْتَغٰی وَرَاءَ ذٰلِكَ جو شخص اس کے سوا طلب کرے۔

وَرِبَ یَوْرَبُ وَرَبًا الْعِرْقُ : خراب ہونا۔ صفت وَرِبٌ۔

وَرَّبَ عَنِ الشَّیْئِ : معارضات سے توریہ کرنا۔

وَارَبَ وِرَابًا و مُوَارَبَةً الرَّجُلَ : فریب دینا۔ مکاری کرنا۔

الوَرْبُ۔ جنگلی جانوروں کا بھٹ۔ چوہے یا بچھو کے سوراخ کا دہانہ۔ دو پسلیوں کا درمیانی حصہ۔ عضو۔ انگوٹھا اور انگشت شہادت کا درمیانی حصہ کھولنے کی حالت میں۔ چوتڑ۔ ج اَوْرَاب۔

الوِرْب۔ اِرْب ایک میں لغت ہے بمعنی عضو۔

الوَرْبَة۔ چوتڑ۔ کوکھ کا گڑھا۔

الوِرَاب۔ جھکاؤ۔ پیچیدگی۔

وَرِثَ یَرِثُ وِرْثًا و وَرْثًا و وَرَثًا و اِرْثًا و اِرْثَةً و رِثَةً و تُرَاثًا۔ فُلاَنًا : وارث ہونا۔ کہا جاتا ہے "وَرِثَ الْمَالَ والْمَجْدَ عَنْ فُلاَنٍ" فلاں کے مال و مجد

کاوارث ہوا۔

وَرَّثَ الرَّجُلَ مَالاً: میراث قرار دینا ـــــ هُ مِنْ فُلاَنٍ: وارث بنانا ـــــ الرَّجُلُ فُلاَنًا: اپنا وارث بنانا ـــــ النَّارَ: آگ کو بھڑکنے کیلئے حرکت دینا۔

اَوْرَثَهُ اِيْرَاثًا۔ وارث بنانا ـــــ فُلاَنًا مَالاً: میراث قرار دینا ـــــ هُ السَّقَمَ: مبتلائے بیماری کرنا ـــــ هُ الشَّیْئَ: پیچھے لانا۔ اَوْرَثَهُ الْحُزْنُ هَمًّا: باعث وسبب ہونا۔ اَوْرَثَ الْمَطَرُ النَّبَاتَ نِعْمَةً: باعث و سبب ہونا ـــــ وَلَدَهُ: تنہا وارث بنانا۔

تَوَارَثَ الْقَوْمُ: ایک دوسرے کا وارث ہونا۔ تَوَارَثُوا الْمَالَ او الْمَجْدَ: زمانہ قدیم سے ایک دوسرے کا وارث ہونا۔ کہا جاتا ہے "تَوَارَثُوا الْمَجْدَ كَابِرًا عَنْ كَابِرٍ" انہوں نے اپنے باپ دادا سے بزرگی پائی "وَالْمَجْدُ مُتَوَارَثٌ بَيْنَهُمْ" بزرگی ان کے درمیان میراث میں ہے "وَهُمْ فِي اِرْثِ مَجْدٍ" ان لوگوں کے لیے بزرگی کی میراث ہے "وَتَوَارَثَتْنِي الْحَوَادِثُ" میرے اوپر حوادث پے بہ پے واقع ہوئے۔

الْوَرْثُ۔ تازہ چیز۔

الْاِرْثُ والْوِرْثُ والْوِرَاثَة والتُّرَاثُ مصادر۔ میت کا ترکہ۔

الْوَارِثُ۔ ج وَرَثَةٌ ووُرَّاثٌ۔

الْمِيْرَاثُ۔ میت کا ترکہ۔ ج مَوَارِيْثُ۔

الْمَوْرُوْثُ۔ مفع۔ ترکہ چھوڑنے والا۔ میراث۔

وَرِخَ يَوْرَخُ وَرَخًا و تَوَرَّخَ الْعَجِيْنُ: گندھے ہوئے آٹے کا ڈھیلا ہونا۔

وَرَّخَ الْكِتَابَ: ایک لغت ہے اَرَّخَهُ میں۔

اَوْرَخَ الْعَجِيْنَ: گندھے ہوئے آٹے کو نرم کرنا۔

تَوَرَّخَتْ تَوَرُّخًا واسْتَوْرَخَتْ اِسْتِيْرَاخًا الْاَرْضُ: تر ہونا۔

التَّارِيْخُ۔ دیکھئے مادہ ارخ۔

مَكَانٌ وَرِخٌ۔ گنجان گھاس والی جگہ۔

الْوَرِيْخَةُ۔ نرم زمین۔ ڈھیلا گندھا ہوا آٹا ج وَرَائِخُ۔

وَرَدَ يَرِدُ وُرُوْدًا الْمَاءَ: پانی پر آنا۔ صفت وارد ـــــ الْمَاءَ وَغَيْرَهُ: متوجہ ہونا۔ قریب آنا۔ پہنچنا۔ اسم۔ الوِرْد ـــــ الرَّجُلُ: حاضر ہونا: وَرَدَتِ الْحُمّٰى: باری سے آنا ـــــ الشَّجَرَةُ پھول والا ہونا اور "وَرَدْتُ الْبَلَدَ" (میں اس شہر میں پہنچا) و وَرَدَ عَلَيَّ كِتَابٌ (میرے پاس خط آیا) مجاز ہیں۔

وُرِدَ الرَّجُلُ: بخار زدہ ہونا۔ وُرِدَ عَلَيْهِ بِفُلاَنٍ: لایا جانا۔

وَرُدَ يَوْرُدُ وُرُوْدَةً وايْرَادًا الْفَرَسُ: گھوڑے کا سرخ زردی مائل ہونا۔

وَرَّدَ الشَّجَرُ: درخت میں پھول نکلنا۔ وَرَّدَتِ الْمَرْاَةُ: رخسارے سرخ کرنا۔ وَرَّدَ الثَّوْبَ: کپڑے کو گلابی رنگنا۔

وَارَدَ مُوَارَدَةً الرَّجُلَ: کسی کے پاس آنا۔ ـــــ الشَّاعِرُ الشَّاعِرَ: دوسرے شاعر کے شعر کے مانند بغیر سنے ہوئے شعر کہنا۔

اَوْرَدَهُ اِيْرَادًا۔ گھاٹ پر لانا۔ پھر مطلقاً حاضر کرنے کے معنے میں مستعمل ہونے لگا ـــــ هُ الْمَاءَ: پانی پر لانا۔ اَوْرَدَ الْكَلاَمَ: تصریح کرنا ـــــ الشَّيْئَ: ذکر کرنا ـــــ الْخَبَرَ: بیان کرنا۔

تَوَرَّدَ گھاٹ پر آنے کو کہنا ـــــ الْمَاءَ: پانی پر آنا ـــــ الْخَيْلُ الْبَلْدَةَ: آہستہ آہستہ داخل ہونا ـــــ الْخَدُّ: رخسارہ کا سرخ ہونا۔ گلگوں ہونا۔

تَوَارَدَ الْقَوْمُ اِلَى الْمَكَانِ: یکے بعد دیگرے آنا۔ تَوَارَدُوا الْمَاءَ: پانی پر اکٹھا پہنچنا۔ تَوَارَدَ الشَّاعِرَانِ: بغیر سنے ہوئے لفظ اور معنی میں متفق ہونا۔

اِسْتَوْرَدَ الْمَاءَ: پانی پر پہنچنا ـــــ هُ: گھاٹ پر لے جانا ـــــ الضَّلاَلَةَ: مبتلائے گمراہی ہونا ـــــ فُلاَنًا الضَّلاَلَةَ: مبتلائے گمراہی کرنا۔

الْوَرْدُ ج وُرْدٌ و وِرَادٌ و اَوْرَادٌ: زعفران۔ شیر۔ بہادر۔ دلیر ـــــ مِنَ الْخَيْلِ: سرخی زردی مائل گھوڑا ـــــ ج وُرُوْدٌ: درخت کی کلی۔ گلاب۔ واحد وَرْدَةٌ۔ وَرْدٌ ذَفْرَاءُ: ایک قسم کا پھول۔

الْوِرْدُ۔ بخار۔ پانی پر پہنچنا۔ وظیفہ۔ ج اَوْرَادٌ پیاس۔ پانی کا حصہ۔ وہ پانی جس پر لوگ پہنچیں۔ پانی پر پہنچنے والے لوگ یا اونٹ۔ لشکر۔ پرندوں کی ڈار۔

بِنْتُ وَرْدَانَ۔ گبریلا۔ ج بَنَاتُ وَرْدَانَ۔

الْوُرْدَةُ۔ گھوڑے کا سرخ رنگ۔

الْوَرْدِيُّ۔ گلابی رنگ والی چیز۔ مؤنث وَرْدِيَّةٌ۔

الْوَرُوْدُ۔ تیز رفتار اونٹ۔

الْوَرِيْدُ۔ گردن کی رگ۔ اور اس کو حَبْلُ الْوَرِيْدِ بھی کہتے ہیں "وتین" اس کے مترادف ہے۔ اور یہ دو ہوا کرتی ہیں۔ ج اَوْرِدَةٌ و وُرُدٌ و وُرُوْدٌ۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ مُنْتَفِخُ الْوَرِيْدِ" یعنی غضبناک بد خلق مرد۔

الْوَارِدُ۔ فا۔ ج وَارِدُوْنَ و وُرَّادٌ و وُرُوْدٌ و وَارِدَةٌ۔ الْوَارِدُ: دلیر بہادر۔ راستہ۔ لمبے لٹکے ہوئے بال وغیرہ۔ کہا جاتا ہے "فُلاَنٌ وَارِدُ الْاَرْنَبَةِ" یعنی لمبی ناک والا۔ اور ہر طویل کو "وَارِدٌ" کہتے ہیں۔

الْوَارِدَةُ۔ وَارِد کا مؤنث۔ راستہ۔ پانی پر جانے والی قوم۔

الْمَوْرِدُ۔ گھاٹ۔ پانی کی طرف کا راستہ ج مَوَارِدُ۔

الْمَوْرِدَةُ۔ پانی کی طرف کا راستہ۔ ہلاکت۔

الْمُوَرَّدُ۔ مفع۔ کہا جاتا ہے "رَجَعَ مُوَرَّدَ الْقَذَالِ" وہ اس حال میں واپس ہوا کہ اس کی گدی طمانچوں سے سرخ تھی۔

وَرِسَ يَوْرَسُ وَرَسًا الصَّخْرُ: چٹان کا کائی سے سبز اور پھسلن والا ہونا۔

وَرَسَ (ض) وُرُوْسًا النَّبْتُ: نباتات کا سبز ہونا۔

وَرَّسَ الثَّوْبَ: کپڑے کو ورس سے رنگنا۔

اَوْرَسَ الشَّجَرُ: پتوں والا ہونا ـــــ الْمَكَانُ: ورس والی ہونا۔

الْوَرْسُ۔ ایک قسم کی گھاس تل کے مانند ہے جس سے رنگائی کا کام لیتے ہیں۔

الْوَارِسُ والْوَرِسُ۔ سرخ۔ وَارِسُ الْحُمْرَةِ: بہت سرخ۔

الْوَرْسِيُّ والْوَرِيْسُ والْمُوَرَّسُ۔ ورس سے رنگا ہوا۔

وَرِشَ يَرِشُ وَرْشًا۔ لالچ کرنا اور دنی کاموں

کے پیچھے پڑنا ـــــ شَیْئًا مِنَ الطَّعَامِ : حرص سے کھانا ـــــ ہٗ بِفُلَانٍ : بھڑکانا ـــــ عَلَی الْقَوْمِ : بغیر بلائے ہوئے کھانے کے وقت پہنچ جانا۔ کہا جاتا ہے "لَا تَرِشْ عَلَیَّ" میری گفتگو کو قطع مت کرو۔

وَرِشَ یَوْرَشُ وَرَشًا۔ چست و چالاک اور خوش ہونا۔ صفت وَرِشٌ۔ مؤنث وَرِشَۃٌ۔ ج وَرِشَاتٌ۔

وَرَّشَ تَوْرِیْشًا بَیْنَ الْقَوْمِ : بھڑکانا۔ اکسانا۔ اور واؤ کو ہمزہ سے بدل کر اَرَّشَ تَارِیْشًا بھی کہا جاتا ہے۔

الوَرْش۔ مص۔ ایک قسم کا کھانا جو دودھ سے تیار کیا جاتا ہے۔

الوَرْش۔ مص۔ پیٹ کا درد۔

الوَرَشَان۔ قمری۔ مؤنث وَرَشَانَۃٌ ج وِرْشَان و وَرَاشِیْن۔

وَرَصَتْ تَرِصُ وَرْصًا و وَرَّصَتْ و اَوْرَصَتِ الدَّجَاجَۃُ : یکبارگی انڈے دینا۔

الوَرْص۔ پاخانہ۔ ج اَوْرَاص۔

وَرَّضَ۔ چراگاہ تلاش کرنا۔

وَرَّطَہٗ وَاَوْرَطَہٗ۔ ہلاکت میں ڈالنا۔ اَوْرَطَ الشَّیْئَ : چھپانا۔ وَرَّطَ اِبِلَہٗ فِی اِبِلٍ اُخْرٰی : دوسرے اونٹوں میں اپنے اونٹوں کو رلا ملا دینا۔

وَارَطَہٗ وِرَاطًا و مُوَارَطَۃً۔ فریب دینا۔

تَوَرَّطَتِ الْمَاشِیَۃُ : کیچڑ کی جگہ میں پھنسنا۔ یا ایسی جگہ میں پھنسنا جہاں سے رہائی نہ ہو سکے۔

تَوَرَّطَ الرَّجُلُ : کیچڑ میں پھنسنا یا مشکل میں پھنسنا۔ ہلاک ہونا۔

اِسْتَوْرَطَ فِی اَمْرٍ : ایسی مشکل میں پھنسنا جس سے رہائی نہ ہو سکے۔ ہلاک ہونا۔ کہا جاتا ہے "اِسْتَوْرَطَ فِی حِبَالَتِیْ" وہ میرے جال میں پھنس گیا۔

الوَرْطَۃ۔ کیچڑ۔ سخت کیچڑ جس میں بکری پھنس جائے اور چھوٹ نہ سکے۔ پست زمین جس میں کوئی راستہ نہ ہو۔ کنواں۔ تنگ گڑھا۔ ہلاکت۔ ہر مشکل کام جس سے رہائی دشوار ہو۔ دبر۔ ج وَرَطَات و وِرَاطٌ۔

الوِرَاط۔ دھوکا فریب۔

وَرِعَ یَرِعُ و یَوْرَعُ و وَرَعَ یَرَعُ و وَرُعَ یَوْرُعُ وَرَعًا و وَرْعًا و وُرُوْعًا و وُرُوْعًا۔ پرہیزگار ہونا۔ گناہوں سے دور رہنا۔ شبہات اور معاصی سے بچنا۔ صفت وَرِعٌ۔

وَرِعَ یَرِعُ وَرَاعَۃً عَنْ کَذَا : رکنا۔ وَرَعَ یَرَعُ و وَرُعَ یَوْرُعُ وَرَعَۃً و وَرَاعَۃً و وُرْعَۃً و وَرَاعًا و وُرُوْعًا و وُرْعًا و وُرْعًا۔ کمزور ہونا۔ بزدل ہونا۔ حقیر ہونا۔

وَرُعَ یَوْرُعُ وَرَاعَۃً و وُرْعًا و وُرُوْعًا۔ معمولی مال والا ہونا۔

وَرَّعَ الْفَرَسَ : گھوڑے کو لگام سے روکنا ـــــ الْاِبِلَ عَنِ الْمَاءِ : اونٹوں کو پانی پر سے واپس لانا (ـــــ و اَوْرَعَ) فُلَانًا عَنْ کَذَا : روکنا ـــــ بَیْنَہُمَا روک بن جانا۔ کہا جاتا ہے "مَا وَرَّعَ اَنْ فَعَلَ کَذَا و کَذَا" وہ ایسا اور ایسا کرنے سے نہیں رکا۔

وَارَعَہٗ مُوَارَعَۃً۔ گفتگو کرنا۔ مشورہ کرنا۔

تَوَرَّعَ مِنْ اَوْ عَنْ کَذَا : پرہیز کرنا۔

الوَرَع۔ مص۔ پرہیزگاری۔ رَجُلٌ وَرَعٌ : بزدل۔ کمزور۔ نکما۔ ج اَوْرَاع (ـــــ و الرِّعَۃُ و الرِّیْعَۃُ) گناہ اور شبہات سے بچنا۔

الرِّعَۃ۔ حالت۔ تم کہتے ہو "فُلَانٌ حَسَنُ الرِّعَۃِ اَوْ سَیِّئُ الرِّعَۃِ" فلاں کی حالت اچھی یا بری ہے۔

الوَرِع۔ پرہیزگار۔

الوَرِیْع۔ روکنے والا۔

وَرَفَ یَرِفُ وَرْفًا و وَرِیْفًا و وُرُوْفًا و رِفَۃً الظِّلُّ : سایہ کا دراز و کشادہ ہونا ـــــ النَّبَاتُ : نباتات کا سرسبز ہونا اور لہلہانا۔ صفت وَارِفٌ۔

وَرَّفَ الْاَرْضَ : زمین کو تقسیم کرنا ـــــ النَّبَاتُ النَّاضِرَ : تازہ نباتات کو چوسنا (ـــــ و اَوْرَفَ) الظِّلُّ : سایہ کا دراز و کشادہ ہونا۔

الوَرْف۔ مص۔ جگر کے اطراف کا پتلا حصہ۔

وَرْفُ الشَّجَرِ و وَرْفُہٗ۔ درخت کی خوشنمائی۔

الرِّفَۃ۔ مص۔ سرسبز پودہ۔

الرِّفَّۃ۔ خشک گھاس۔

وَرَقَ یَرِقُ وَرْقًا الشَّجَرُ : پتے دار ہونا۔ الشَّجَرَ۔ درخت سے پتے لینا۔

وَرَّقَ الشَّجَرُ : پتے دار ہونا ـــــ الشَّجَرَ : درخت سے پتے لینا۔

اَوْرَقَ الشَّجَرُ : پتے دار ہونا ـــــ الرَّجُلُ : بہت مال و دولت والا ہونا ـــــ الطَّالِبُ : محروم رہنا ـــــ الصَّائِدُ : شکار نہ کرنا ـــــ الغَازِی : بغیر مال غنیمت کے لوٹنا۔ مال غنیمت حاصل کرنا۔

تَوَرَّقَ الظَّبْیُ : ہرن کا پتے کھانا۔

اِیْرَاقٌ و اَوْرَاقٌ یَوْرَاقُّ اِیْرِیْقَاقًا الْعِنَبُ : انگور کا رنگ پکڑنا۔ صفت مُوْرَاقٌ۔

الوَرْق و الوِرْق و الوُرْق و الوَرِق۔ چاندی کا سکہ۔ ج اَوْرَاق و وِرَاق۔

الوَرَق۔ چاندی کا سکہ۔ ج اَوْرَاق۔ وَرَقُ الشَّجَرِ درخت کا پتا۔ وَرَقُ الْکِتَابِ : کتاب کا ورق۔ واحد الوَرَقَہ ج وَرَقَات و اوراق۔

الوَرَق : زمین پر پڑا ہوا خون وغیرہ کا گول ٹکڑا۔ ہر زندہ حیوان۔ مال و روپیہ پیسہ یا مویشی وَرَقُ الشَّبَابِ : جوانی کی ترو تازگی۔ اور ورق جمال و خوبی اور حسن ہیئت کیلئے بطور استعارہ کے بولا جاتا ہے۔

الرِّقَۃ۔ چاندی کا سکہ ج رِقُوْن۔ نمی نامی گھاس کی ابتدائی روئیدگی جبکہ سبز ہو جائے۔ زمین جو گرمی کے زمانے میں بارش ہونے کی وجہ سے سبزہ زار ہو جائے۔

الوَرَقَۃ فِی الْقَوْسِ : کمان کا عیب۔

الوُرْقَۃ۔ میلا رنگ۔

الوَرَاق۔ گھاس کی وجہ سے زمین کی سبزگونی۔

الوِرَاق۔ پتے نکلنے کا زمانہ۔

الوِرَاقَۃ۔ کاغذ سازی کا پیشہ۔

الوَرَّاق۔ روپے پیسے والا۔ کاغذ کا بیچنے والا۔ کاغذ بنانے والا۔ کاتب۔

الوَارِق و الوَرِق و الوَرِیْق مِنَ الشَّجَرِ : پتوں والا درخت۔ بہت پتوں والا۔ خوبصورت پتوں والا۔ شَجَرَۃٌ وَارِقَۃٌ و وَرِقَۃٌ و وَرِیْقَۃٌ : سبز اور خوبصورت بہت پتوں والا درخت۔

الاَوْرَق۔ خاکستری رنگ والا۔ راکھ۔ عَامٌ اَوْرَق : بے بارش کا سال۔ زَمَانٌ اَوْرَق : قحط کا زمانہ۔ مؤنث وَرْقَاء۔ ج وُرْقٌ۔

الوَرْقَاء۔ اَوْرَق کا مؤنث۔ مادہ بھیڑیا۔ ایک

درخت کا نام جس کے پتے گول' چوڑے اور نازک ہوتے ہیں۔ کبوتر و فاختہ یا وہ جس کا رنگ سبزی مائل ہو۔ ج وَرَاق و وَرَاقی۔ کہا جاتا ہے اَلتِّجَارَةُ مَوْرَقَةٌ لِلْمَالِ : یعنی تجارت مال کے بڑھانے کا ذریعہ ہے۔

اَلْمُوَرِّق۔ فا۔ کاغذی۔ کاغذ کا بنانے والا۔

وَرَكَ يَرِكُ وَرْكًا۔ سرین پر سہارا لینا ____ الرَّجُلَ : سرین پر مارنا ____ الشَّیَ : سرین کے مقابل کرنا (____ وُرُوْكًا) الرَّاكِبُ : اترنے یا آرام لینے کیلئے سرین کو موڑنا ____ بِالْمَكَانِ : اقامت کرنا ____ عَلَی الْاَمْرِ : قادر ہونا۔

وَرِكَ يَرِكُ وُرُوْكًا۔ سرین کو زمین پر رکھ کر لیٹنا۔

وَرِكَتْ تَوْرَكُ وَرَكًا۔ الْوَرِكُ : سرین کا بڑا ہونا۔

وَرَّكَ الْحَبْلَ اَوِ الرَّجُلَ : سرین کے مقابل کرنا۔

____ عَلَی الْاَمْرِ : قادر ہونا ____ الشَّیَ : واجب کرنا۔

____ الرَّاكِبُ : دو زانو بیٹھنے والے کی طرح ٹانگوں کو موڑنا اور دونوں سرین کو زمین میں رکھنا ____ الذَّنْبَ عَلَيْهِ : گناہ کا الزام لگا دینا ____ الْيَمِيْنَ : قسم کھلانے والے کی نیت کے علاوہ نیت کرنا۔

وَارَكَ مُوَارَكَةً الْجَبَلَ : پہاڑ سے گزر جانا۔

تَوَرَّكَ سرین پر سہارا لینا ____ الشَّیَ : سرین پر بٹھانا ____ الرَّاكِبُ : اترنے یا آرام لینے کیلئے ٹانگ کو موڑنا ____ عَنِ الْاَمْرِ : دیر کرنا ____ بِالْمَكَانِ : اقامت کرنا ____ عَلَی الْاَمْرِ : قادر ہونا۔ لِلرَّجُلِ : کسی کی ٹانگ کو باندھ دینا۔ کہا جاتا ہے تَوَرَّكَ لَهٗ فَصَرَعَهٗ اس نے اس کی ٹانگ کو باندھ دیا اور پچھاڑ دیا۔

تَوَارَكَ۔ سرین پر ٹیک لگانا۔

اَلْوَرِک والوِرْک والوَرْک۔ چوتڑ۔ سرین (مؤنث) ج اَوْرَاک۔ الوِرْک : کمان کا کنارہ یا تانت باندھنے کی جگہ۔ کہا جاتا ہے "قَعَدَ الْمَلَّاحُ عَلٰی وَرِكِ السَّفِيْنَةِ" ملاح کشتی کے پچھلے حصہ پر بیٹھا۔ "وَهُمْ عَلَیَّ وَرْكٌ وَاحِدٌ" وہ میرے خلاف اکٹھے ہو گئے۔

اَلْوَرْكِیْ۔ خبر کی اصلیت۔ کہا جاتا ہے "اِنَّ عِنْدَهٗ لَوَرْكِی الْخَبَرِ" اس کے نزدیک خبر کی اصلیت ہے۔

اَلْوَارِک والوِرَاک ج وُرُک والمَوْرِک والمَوْرِكَة مِنَ الرَّجُلِ : کجاوہ کا وہ حصہ جہاں سوار تھک کر ٹانگ پھیلا دے۔

اَلْاَوْرَک۔ بڑے سرین والا۔ مؤنث وَرْكَاء ج وُرْک۔

اَلْمُوَرَّک۔ مفع۔ کہا جاتا ہے "اِنَّهٗ لَمُوَرَّكٌ فِی هٰذَا الْاَمْرِ" وہ اس معاملہ میں بے گناہ ہے۔

اَلْمِوْرَک والمِوْرَكَة۔ کجاوہ کا اگلا حصہ المِوْرَكَة : تکیہ کے مانند ایک چیز جس کو سوار اپنے سرین کے نیچے رکھتا ہے۔

اَلْوَرَل۔ گوہ کی مانند ایک جانور ہے جو اس سے کچھ بڑا ہوتا ہے اور اس کی دم لمبی اور باریک ہوتی ہے۔ ج وِرْلَان اَوْرَال اَوْرُل۔ مؤنث وَرَلَةٌ۔

وَرِمَ يَرِمُ وَرَمًا وَتَوَرَّمَ الْجِلْدُ : سوجنا۔ صفت وَارِم ____ اَنْفُ فُلَانٍ : غضبناک ہونا۔ النَّبْتُ : لمبا اور موٹا ہونا۔

وَرَّمَ الْجِلْدَ : سوجن پیدا کرنا ____ اَنْفَ فُلَانٍ : غضبناک کرنا ____ بِاَنْفِهٖ : تکبر کرنا۔

اَوْرَمَ اِيْرَامًا۔ غضبناک کرنے والی باتیں سنانا۔ کہا جاتا ہے "فَعَلَ بِهٖ مَا اَوْرَمَهٗ" یعنی اس نے اس کے ساتھ وہ فعل کیا جس نے اسے غمگین کر دیا اور غضبناک بنا دیا۔

اَلْوَرَم۔ مص۔ سوجن۔ ج اَوْرَامٌ۔

اَلْاَوْرَم۔ لوگ یا بہت سے لوگ۔ کہا جاتا ہے "مَا اَدْرِیْ اَیُّ الْاَوْرَمِ هُوَ" میں نہیں جانتا وہ کون ہے۔

اَلْمَوْرِم۔ ڈاڑھ نکلنے کی جگہ۔

اَلْمُوَرَّم۔ مفع۔ بڑے ڈیل ڈول کا مرد۔

وَارَنَهٗ مُوَارَنَةً۔ رُو در رُو ہونا۔ مقابل ہونا۔

تَوَرَّنَ۔ بہت تیل ملنا۔ لاڈ پیار سے پالنا۔

اَلْوَرَنْک۔ مچھلی کی ایک قسم۔

وَرِهَ يَوْرَهُ وَرَهًا۔ بیوقوف ہونا۔ صفت اَوْرَه۔ مؤنث وَرْهَاء۔ وَرِهَتِ الرِّيْحُ : ہوا کا تیز چلنا۔

وَرِهَتْ تَرِهُ وَرْهًا الْمَرْاَةُ : عورت میں بہت چربی ہونا۔

تَوَرَّهَ فُلَانٌ فِی عَمَلِ هٰذَا الشَّیْءِ : ماہر نہ ہونا۔

اَلْوَرِهُ مِنَ السَّحَابِ : بہت بارش والا بادل۔

اَلْوَارِه۔ کشادہ۔ فراخ۔

وَزْ وَزَ النَّظَرَ : نظر تیز کرنا ____ فِی الْكَلَامِ : جلدی جلدی بولنا۔

اَلْوَزْوَار۔ ایک پرندہ جس کی ٹانگیں چھوٹی اور چونچ لمبی اور کالی ہوتی ہے اور اس کے سر کے بالائی حصہ پر سرخی اور گلے میں حلقہ ہوتا ہے جس کا رنگ زردی مائل ہوتا ہے اور سارا بدن سبز نیلگوں مائل اور اس کی دم میں دو لمبے پر ہوتے ہیں۔

اَلْوَزْوَرِیّ۔ کمزور نگاہ والا۔

اَلْمُوَزْوِر۔ فا۔ گانے والا۔

وَرَی يَرِی وَرْيًا الرَّجُلَ : پھیپھڑے پر مارنا۔ القَيْحُ جَوْفَهٗ : خراب کرنا اور گلا دینا۔ اِسْم الْوَرَی وَرَتْ وَرْيًا وَرِيَةً النَّارُ : آگ کا بھڑکنا ____ الْاِبِلُ : اونٹ کا موٹا اور زیادہ چربی اور گودے والا ہونا۔

وَرَی وَوَرِیَ يَرِیْ وَرْيًا وَوُرِيًّا وَرِيَةً الزَّنْدُ : چقماق کا آگ نکالنا۔ صفت وَارٍ۔

وَرِیَ يَرِی وَرْيًا۔ الْمُخُّ : گودے کا ٹھوس ہونا۔

وُرِیَ الرَّجُلُ : پھیپھڑے میں پیپ والا ہونا۔ صفت مَوْرُوْدٌ مَوْرِیٌّ۔

وَرَّی تَوْرِيَةً الشَّیَ : پوشیدہ کرنا ____ عَنْ كَذَا : اصل بات چھپا کا دوسری بات ظاہر کرنا ____ الْخَبَرَ و عَنِ الْخَبَرِ : پس پشت ڈالنا اور چھپانا ____ عَنْ فُلَانٍ بَصَرَهٗ : نگاہ ہٹا لینا۔

وَرَّی النَّارَ : آگ نکالنا (____ واَوْرَی) الزَّنْدَ : چقماق سے آگ نکالنا۔

وَارَی مُوَارَاةً الشَّیَ : چھپانا۔

تَوَرَّی تَوَرِّيًا و تَوَارَی تَوَارِيًا عَنْهُ : چھپنا۔

اِسْتَوْرَی الزَّنْدَ : آگ نکالنا۔ کہا جاتا ہے اِسْتَوْرَيْتُهٗ رَاْيَهٗ میں نے اس کی رائے دریافت کی۔

الوَزْیٰ۔ مص۔ جوفِ بدن کی پیپ۔ پھیپھڑوں کا زخم۔

الوَرَیٰ۔ اسم ہے وَرْی کا۔ مخلوق۔ اَبُو الوَرْی زمانے کی کنیت۔

الوَرَاء۔ وَرَا کا مادہ دیکھئے۔

الزَّنْدُ الْوَارِی و الوَرِیُّ۔ آگ دینے والا چقماق۔ الوَارِی و الوَرِیُّ: موٹی چربی۔ و الوَرِیُّ مہمان۔ پڑوسی۔ لَحْمٌ وَرِیٌّ: موٹا گوشت۔

رِیَةُ النَّارِ و وَرْیَتُهَا: آگ سلگانے کیلئے چیتھڑا وغیرہ۔

الوَزُّ۔ اِوَزٌّ میں ایک لغت۔ بط۔ مؤنث وَزَّةٌ۔ ج وَزَّاتٌ۔

اَرْضٌ مُوَزَّةٌ۔ بہت بط والی زمین۔

وَزَأَ يَوْزَأُ وَزْأً اللَّحْمَ: گوشت خشک کرنا ـــ الْقَوْمَ: بعض کا بعض کو ہٹانا۔ وَزَأَهُم: بعض کو بعض سے ہٹانا۔

وَزَّأَ تَوْزِئَةً وَتَوْزِيئًا الْقِرْبَةَ: مشک بھرنا ـــ الفَرَسُ بِرَاكِبِهِ: گھوڑے کا سوار کو گرانا۔ وَزَّأَ فُلَانًا: سخت قسم کھلانا۔

وَزَّأَ فُلَانًا: سخت قسم کھلانا۔

تَوَزَّأَ الوِعَاءُ: برتن کا بھر جانا ـــ الرَّجُلُ خوشحالی میں بھرپور ہونا۔

وَزَبَ يَزِبُ وُزُوبًا الْمَاءُ وَنَحْوُهُ: پانی وغیرہ کا بہنا۔

اَوْزَبَ اِيْزَابًا فِي الْاَرْضِ: جانا۔

الوَزَّاب۔ شاطر چور۔

المِيزَاب و المِئْزَاب۔ پرنالہ ج مَيَازِيبُ و مَآزِيبُ اور بقول بعض مَوَازِيبُ۔

وَزَرَ يَوْزِرُ وَزْرًا و وِزْرًا الشَّيْءَ: اٹھانا ـــ الرَّجُلُ: بوجھل چیزوں کو پیٹھ پر اٹھانا (ـــ وَزْرًا) الرَّجُلَ: غالب ہونا ـــ الثُّلْمَةَ: رخنہ بند کرنا۔

وَزَرَ يَزِرُ و وَزِرَ يَوْزَرُ و وُزِرَ وَزْرًا و وِزْرًا و وِزْرَةً۔ گنہگار ہونا۔ وُزِرَ فُلَانٌ: گناہ سے منسوب کیا جانا۔

وَزَرَ يَزِرُ وَزَارَةً لِلْمَلِكِ: وزیر بننا۔

اَوْزَرَ اِيْزَارًا الشَّيْءَ: محفوظ کرنا۔ چھپانا۔ لے جانا ـــ الرَّجُلَ: جائے پناہ دینا۔

وَازَرَهُ مُوَازَرَةً۔ وزیر بننا ـــ هُ عَلَى الْاَمْرِ مدد دینا۔ تقویت دینا (یہ آزَرَهُ کا مقلوب ہے)

تَوَزَّرَ لَهُ ـــ وزیر بننا۔

اِتَّزَرَ۔ چھوٹا سا کمبل اوڑھنا ـــ بِثَوْبِهِ چھوٹے سے کمبل کی مانند پہننا۔ گناہ کرنا۔

اِسْتَوْزَرَهُ۔ وزیر بنانا۔ اِسْتَوْزَرَ الشَّيْءَ: لے جانا۔

الوِزْر۔ مص۔ گناہ۔ گرانی۔ بھاری بوجھ۔ کپڑوں کی گٹھری۔ ج اَوْزَار۔ اَوْزَارُ الْحَرْبِ: سامان جنگ۔ کہا جاتا ہے "وَضَعَتِ الْحَرْبُ اَوْزَارَهَا" یعنی جنگ ختم ہو گئی اسلئے کہ اس وقت ہتھیار رکھ دیتے ہیں۔

الوَزَر۔ جائے پناہ۔ بلند پہاڑ۔

الوِزْرَة۔ چھوٹا کمبل ج وِزْرَات و وِزَرَات و وِزْرَات۔

الوِزَارَة و الوَزَارَة۔ وزیر کا مرتبہ۔

الوَزِيْر۔ امورِ سلطنت میں بادشاہ کا معین و مددگار۔ مددگار۔ ج وُزَرَاء و اَوْزَار۔

المَوْزُوْر۔ مفع۔ گنہگار۔ گناہ سے متہم۔

وَزَعَ يَزَعُ و يَزِعُ وَزْعًا فُلَانًا و بِفُلَانٍ: روکنا۔ منع کرنا۔ وَزَعَ الْجَيْشَ: ترتیب سے صفوں میں رکھنا۔ کہا جاتا ہے "رَاَيْتُهُ يَزَعُ الْجَيْشَ" میں نے اس کو دیکھا کہ وہ لشکر کی ترتیب سے صف بندی کر رہا تھا (ـــ وُزُوْعًا) فُلَانًا بِفُلَانٍ: بھڑکانا۔

وَزَّعَ الْمَالَ بَيْنَهُمْ: پراگندہ کرنا ـــ المَالَ عَلَيْهِمْ: تقسیم کرنا۔

اَوْزَعَ الْمَالَ: تقسیم کرنا ـــ هُ بِكَذَا: بھڑکانا اَوْزَعَ بَيْنَهُمَا: تفریق کرنا۔ اصلاح کرنا ـــ هُ الشَّيْءَ: الہام کرنا۔ و اُوْزِعَ الشَّيْءَ: الہام کیا جانا۔ و اُوْزِعَ بِهِ: بھڑکایا جانا۔ صفت مُوْزَعٌ۔

تَوَزَّعَ۔ پراگندہ ہونا ـــ الْقَوْمُ الْمَالَ: ـــ آپس میں تقسیم کرنا۔ کہا جاتا ہے "تَوَزَّعَتْهُ الْاَفْكَارُ" اس نے کبھی ایک کی فکر کی کبھی دوسرے کی۔ و تَوَزَّعُوْا ضُيُوْفَهُمْ انہوں نے مہمانوں کو آپس میں تقسیم کر لیا۔

اِتَّزَعَ۔ باز رہنا۔ رکنا۔

اِسْتَوْزَعَ۔ اللّٰهَ شُكْرَهُ: شکر کی توفیق چاہنا۔

الوَازِع۔ فا۔ ڈانٹنے والا۔ کتا۔ فوج کا سردار ج وَزَعَة و وُزَّاعٌ۔

الوَزَعَة۔ وَازِع کی جمع۔ بادشاہ کے مددگار و محافظ۔ اللّٰہ تعالیٰ کے محارم سے باز رکھنے والے حکام۔

الاَوْزَاع۔ جماعتیں (اس کا واحد نہیں)

المُتَّزِع۔ فا۔ سخت جان۔

وَزَغَ يَزِغُ وَزْغًا و اَوْزَغَ بِبَوْلِهِ: تھوڑا تھوڑا کر کے پیشاب کرنا۔ اور اسی سے ہے اَوْزَغَتِ الطَّعْنَةُ بِالدَّمِ۔ نیزہ کے زخم سے تھوڑا تھوڑا خون نکلا۔

وَزَّغَ الْجَنِيْنُ: صورت بن کر حرکت کرنا۔

الوَزَغ۔ کپکپی۔ بزدل مرد۔

الوَزَغَة۔ چھپکلی۔ ج وَزَغٌ و وِزَاغٌ و اَوْزَاغٌ و وِزْغَانٌ و اِزْغَان۔ الاَوْزَاغ: کمزور لوگ۔

وَزَفَ يَزِفُ وَزْفًا و وَزِيْفًا و وَزَّفَ تَوْزِيْفًا و اَوْزَفَ اِيْزَافًا جلدی کرنا (ـــ وَزْفًا) فُلَانًا: جلدی کرانا۔

وَازَفَ مُوَازَفَةً و تَوَازَفَ تَوَازُفًا ـــ الْقَوْمُ: بعض کا بعض سے قریب ہونا۔

وَزَمَ يَزِمُ وَزْمًا فُلَانًا بِفِيْهِ: منہ سے آہستہ سے کاٹنا ـــ الشَّيْءَ: سوراخ کرنا ـــ الدَّيْنَ قرض ادا کرنا (ـــ و وَزَّمَ) نَفْسَهُ: دن میں ایک مرتبہ کھانا۔

وُزِمَ وَزْمَةً فِيْ مَالِهِ: کچھ جاتا رہنا۔

تَوَزَّمَ۔ بہت روندنے والا ہونا۔

الوَزَم۔ مص۔ مقدار۔ اپنے وقت پر آنے والا معاملہ (ـــ و الوَزِيْم و الوَزِيْمَةُ) سبزی کا گٹھا۔ گوشت جس کو عقاب اپنے گھونسلے میں جمع کرتا ہے۔ الوَزِيْم: گوشت کا ٹکڑا خشک کیا ہوا۔ بڑا چوہا۔ رَجُلٌ وَزِيْمٌ: گٹھے ہوئے گوشت کا مرد۔

الوَزْمَة۔ مص۔ مقدار۔ دن میں ایک مرتبہ کی خوراک۔

الوِزَام۔ جلدی۔

الوَزَّام۔ بہت گوشت اور عضلہ والا۔

وَزَنَ يَزِنُ وَزْنًا وَزِنَةً الشَّيْءَ: تولنا ـــ لَهُ الدَّرَاهِمَ وَغَيْرَهَا۔ تول کر دینا ـــ الشِّعْرَ: شعر کی تقطیع کرنا۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا يَزِنُ رَطْلًا" یعنی یہ ایک رطل کے برابر ہے۔

وَزَنَ يَوْزُنُ وَزَانَةً الشَّيءُ : بوجھل ہونا۔ صفت وَازِنٌ — الرَّجُلُ : عقلمند و سنجیدہ رائے ہونا۔

وَزَّنَ و أَوْزَنَ نَفْسَهُ عَلٰى كَذَا : دل لگانا۔

وَازَنَهُ وِزَانًا و مُوَازَنَةً۔ مقابل ہونا۔ وزن میں برابر کرنا۔ عمل کا بدلہ دینا — بَيْنَ الشَّيْئَيْنِ : وزن معلوم کرنے کیلئے مقابلہ کرنا۔

تَوَازَنَ الشَّيْئَانِ : باہم برابر ہونا۔

اِتَّزَنَ۔ تلنا — الدَّرَاهِمَ : پرکھنا — العِدْلُ : گٹھری کا دوسرے کے برابر ہونا — الشَّيءَ : وزن سے لینا۔

الوَزْن۔ مص۔ مثقال۔ ج أَوْزَان۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا دِرْهَمٌ وَزْنٌ" وزن کیا ہوا ہے۔ "وَهٰذَا رَجُلٌ رَاجِحُ الْوَزْنِ" یہ شخص پختہ رائے اور کامل العقل ہے۔ کہا جاتا ہے "هُوَ وِزَانُ الشَّيءِ او وَزْنَ الشَّيءِ او زِنَةَ الشَّيءِ او بِوِزَانِهِ او بِوِزَانَتِهِ" : وہ اس کے سامنے ہے یا وزن میں اس کے برابر ہے "وَهُوَ وَزْنَ الْجَبَلِ" وہ پہاڑ کی جانب میں ہے۔

الوَزْنَة۔ وزن کا اسم مرۃ۔ پختہ رائے۔ کامل العقل عورت۔ کہا جاتا ہے "مَا اَكَلْتُهُ فِي الْيَوْمِ اِلَّا وَزْنَةً وَاحِدَةً" دن میں اس کی خوراک صرف ایک ہی مرتبہ ہے۔

الوِزْنَة۔ وَزَن کا اسم نوع۔

الوَازِن۔ فا۔ کہا جاتا ہے "دِرْهَمٌ وَازِنٌ" درہم کامل۔

الأَوْزَن۔ اسم تفضیل۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا الْقَوْلُ اَوْزَنُ مِنْ غَيْرِهٖ" یہ قول دوسرے سے زیادہ قوی ہے "وَهُوَ اَوْزَنُ الْقَوْمِ" وہ قوم میں زیادہ وجاہت والا ہے۔

الوَزِيْن۔ اندرائن کے پسے ہوئے دانے۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ وَزِيْنُ الرَّاْيِ" فلاں سنجیدہ رائے ہے۔

المَوْزُوْنَة۔ پست قد عقلمند عورت۔

المِيْزَان۔ ترازو۔ ج مَوَازِيْن۔ المِيْزَان۔ مقدار۔ انصاف۔ کہا جاتا ہے "اِسْتَقَامَ مِيْزَانُ النَّهَارِ" دن آدھا ہوگیا۔

وَزْوَزَ وَزْوَزَةً۔ جسم کو حرکت دیتے ہوئے قریب قریب قدم رکھ کر چلنا۔ ہلکا ہونا اور جلدی کودنا۔

الوَزْوَاز۔ جسم کو حرکت دیتے ہوئے قریب قریب قدم رکھ کر چلنے والا — و الوَزَاوِزَة) اوچھا پستہ قد مرد۔ ایک پرندہ۔

المُوَزْوِز۔ فا۔ گانے والا۔

وَزَى يَزِيْ وَزْيًا الشَّيءُ : جمع ہونا۔ سکڑنا۔ الأَمْرُ فُلَانًا : غصہ دلانا۔

وَازَاهُ مُوَازَاةً۔ مقابل ہونا۔

أَوْزَى اِيْزَاءً۔ ظَهْرَهُ اِلَى الْحَائِطِ : ٹیک لگانا — لِدَارِهِ : دیواروں کو مٹی سے لیپنا — الشَّيءَ : اُٹھانا اور ٹیک لگانا — اِلٰى فُلَانٍ : پناہ لینا۔

أَوْزَيْتُهُ اِلَيْهِ : پناہ لینے پر مجبور کرنا۔

تَوَازَى تَوَازِيًا الشَّيْئَانِ : ایک دوسرے کے مقابل ہونا۔

اِسْتَوْزَى اِسْتِيْزَاءً فِي الْجَبَلِ : پہاڑ پر چڑھنا۔

الوَزَى۔ پستہ قد گٹھے بدن کا مرد۔

المُسْتَوْزِي۔ فا۔ خود رائے۔ سیدھا کھڑا ہونے والا بلند۔

وَسَبَ يَسِبُ وَسْبًا و أَوْسَبَ اِيْسَابًا الْمَكَانُ : بہت گھاس والی ہونا۔ أَوْسَبَ الْكَبْشُ : بہت اون والا ہونا۔

وَسِبَ يَوْسَبُ وَسَبًا الثَّوْبُ : کپڑا میلا ہونا۔

الوِسْب۔ گھاس۔

الوَسَب۔ مص۔ میل۔

المِيْسَاب۔ ادھ کچری کھجور۔

وَسَجَتْ تَسِجُ وَسْجًا و وَسِيْجًا و وَسَجَانًا الإِبِلُ : تیز چلنا۔ صفت وَاسِجَةٌ۔

أَوْسَجَ البَعِيْرَ : تیز چلانا۔

الوَسَّاج و الوَسُوْج مِنَ الإِبِلِ : تیز رفتار ج وُسُجٌ۔ اور کہا جاتا ہے "اِبِلٌ وُسُجٌ" تیز رفتار اونٹ۔

الوَسْج و الوَسَجَان و الوَسِيْج۔ اونٹ کی تیز چال۔

وَسِخَ يَوْسَخُ و يَاسَخُ و يَيْسَخُ وَسَخًا الشَّيءُ میلا ہونا۔ صفت وَسِخٌ۔

وَسَّخَ و أَوْسَخَ الشَّيءَ : میلا کرنا۔

تَوَسَّخَ و اِتَّسَخَ و اِسْتَوْسَخَ۔ میلا ہونا۔

الوَسَخ۔ میل کچیل۔ ج أَوْسَاخ۔

وَسَّدَهُ الوِسَادَةَ : کسی کو تکیہ دینا۔ وَسَّدَ اِلَيْهِ الأَمْرَ : کسی کام کو کسی کے ذمہ کر دینا۔

أَوْسَدَ فِي السَّيْرِ : تیز چلنا — الْكَلْبَ بِالصَّيْدِ : کتے کو شکار پر اکسانا۔

تَوَسَّدَ الْوِسَادَةَ : سر کے نیچے تکیہ رکھنا — ذِرَاعَهُ : ہاتھ کو تکیہ کی طرح رکھ کر سونا۔

الوَسَاد و الوِسَاد و الوُسَاد — تکیہ ج وُسُد۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ عَرِيْضُ الْوِسَادِ" یعنی غبی۔ اور "اِنَّ وِسَادَكَ لَعَرِيْضٌ" کنایہ ہے کثرت نوم سے۔

الوَسَادَة و الوِسَادَة و الوُسَادَة۔ تکیہ ج وَسَادَات و وِسَادَات و وُسَادَات و وَسَائِد۔

وَسَطَ يَسِطُ وَسْطًا و سِطَةً المَكَانَ أَوِ الْقَوْمَ : بیچ میں بیٹھنا۔ صفت وَاسِط (— وَسَاطَةً) الْقَوْمَ و فِيْهِمْ : قوم میں حق و عدل میں متوسط ہونا۔

وَسُطَ يَوْسُطُ وَسَاطَةً۔ شریف ہونا۔ صاحب حسب ہونا۔

وَسَطَ يَسِطُ وَسَاطَةً و سِطَةً و وَسَّطَ فِيْ حَسَبِهٖ : شریف و صاحب حسب ہونا۔

وَسَّطَهُ۔ ثالث بنانا۔ بیچ میں کرنا۔ وَسَّطَ الشَّيءَ : دو ٹکڑے کرنا۔

أَوْسَطَ اِيْسَاطًا الْقَوْمَ : بیچ میں داخل ہونا۔

تَوَسَّطَ الْقَوْمَ او المَكَانَ : بیچ میں بیٹھنا — بَيْنَهُمْ : ثالث و مصلح بننا — الرَّجُلُ : درمیانی چیز لینا۔

الوَسَط (واحد جمع مذکر و مؤنث کے لیے) معتدل۔ مثلاً کہا جاتا ہے "شَيءٌ وَسَطٌ" یعنی عمدہ اور ردی چیزوں کی درمیانی چیز ج أَوْسَاط۔ وَسَطُ الشَّيءِ : دونوں اطراف کے درمیان جیسے وَسَطُ الْحَبْلِ و وَسَطُ الدَّارِ۔ رَجُلٌ وَسَطٌ : صاحب حسب مرد۔ اور کہا جاتا ہے "هُوَ فِيْ وَسَطِ الْقَوْمِ و فِيْ وَسَطِهِمْ" یعنی وہ قوم کے درمیان میں ہے۔ اور بعضوں نے کہا ہے کہ ہر وہ موقع جہاں پر لفظ وسط کے عوض بین رکھ سکتے ہوں وہ ساکن الاوسط ہوتا ہے ورنہ متحرک الاوسط اور اسی لحاظ سے کہتے ہیں "وَسْطَ الْقَوْمِ" اور

"وَسَطَ الْحَبْلِ"
الْوَاسِط۔ فا۔ دروازہ۔ پالان کا اگلا حصہ۔
الْوَاسِطَة۔ واسط کا مؤنث۔ پالان کا اگلا حصہ۔ ہار کے بیچ کا عمدہ جوہر۔ ذریعہ۔ سبب۔ کہا جاتا ہے "كَانَ بِوَاسِطَةِ كَذَا" وہ فلاں کے ذریعہ سے تھا۔ ثالث۔ اور کہا جاتا ہے "فُلَانٌ فِي وَاسِطَةِ قَوْمِهٖ" فلاں اپنی قوم میں سب سے اچھا ہے۔
الْوَسَاطَة۔ مص۔ ثالثی۔
الْوَسِيط۔ دو جھگڑا کرنے والوں کے درمیان ثالث ج وُسَطَاءُ مؤنث وَسِيطَة اور کہا جاتا ہے "هُوَ وَسِيطٌ فِيهِمْ" وہ بلند مرتبہ اور شریف النسب ہے۔
الْأَوْسَط۔ متوسط۔ معتدل ج أَوَاسِط
أَوْسَطُ الشَّيْءِ: دونوں اطراف کا درمیان۔
الْعِلْمُ الْأَوْسَط: علم ریاضی۔ اور اس کو حکمت وسطی بھی کہتے ہیں۔
الْوُسْطٰى۔ أَوْسَط کا مؤنث ج وُسَط مِنَ الْأَصَابِعِ: بیچ کی انگلی۔
الْوَسُوط۔ درمیانی۔ بالوں کا خیمہ یا چھوٹا خیمہ۔
وُسُوْطُ الشَّمْسِ: آفتاب کا آسمان کے بیچ میں آنا۔
مُوَسَّطُ الْبَيْت: گھر کا درمیانی حصہ۔
الْمُتَوَسِّط۔ فا۔ اَلْبَحْرُ الْمُتَوَسِّط: وہ سمندر جو یورپ، ایشیا اور افریقہ کے درمیان ہے اور جس کو بحر ابیض اور بحر روم بھی کہتے ہیں۔
وَسِعَ يَسَعُ وَيَسِعُ سَعَةً وَسِعَةً الْمَكَانُ: کشادہ ہونا۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا الْإِنَاءُ يَسَعُ عِشْرِيْنَ كَيْلًا" یعنی اس برتن میں بیس کیل کی گنجائش ہے۔ "وَوَسِعَتْ رَحْمَةُ اللّٰهِ كُلَّ شَيْءٍ وَلِكُلِّ شَيْءٍ وَعَلٰى كُلِّ شَيْءٍ" اللہ تعالیٰ کی رحمت سب چیزوں کا احاطہ کیے ہوئے ہے "وَمَا أَسَعُ هٰذَا" میں اس کی طاقت نہیں رکھتا۔ "لَا يَسَعُكَ أَنْ تَفْعَلَ هٰذَا" تمہارے لیے جائز نہیں کہ تم یہ کرو۔ تم اس کے کرنے پر قادر نہیں ہو "وَوَسِعَ الْقَوْمَ فَضْلُهٗ" اس کا فضل ساری قوم کو عام ہے "وَوَسِعَ الْمَالُ الدَّيْنَ" یعنی مال بہت ہے یہاں تک کہ سارے قرض کی ادائیگی کے لیے کافی ہے۔
وَسَعَ يَوْسَعُ وَسْعًا اللّٰهُ عَلَيْهِمْ رِزْقَهٗ: بکثرت دینا۔ کشادہ کرنا۔ اور کہا جاتا ہے "وَسَعَ عَلَيْهِ" جبکہ غنی کردے۔
وَسُعَ يَوْسُعُ سَعَةً وَوَسَاعَةً الْمَكَانُ کشادہ ہونا — الْفَرَسُ: کشادہ قدم ہونا۔
أَوْسَعَ مالدار ہونا — الْمَوْضِعَ: کشادہ پانا — النَّفَقَةَ: بہت خرچ کرنا — وَوَسَّعَ کشادہ کرنا — اللّٰهُ عَلَيْهِ: مالدار بنانا۔ وَأَوْسَعَهُ الشَّيْءَ: کسی چیز کو گنجائش کا بنانا۔
تَوَسَّعَ کشادہ ہونا — الْقَوْمُ فِي الْمَكَانِ کشادگی کرنا — الرَّجُلُ فِي النَّفَقَةِ: زیادہ خرچ کرنا۔
اِتَّسَعَ۔ کشادہ ہونا — الرَّجُلُ: صاحب وسعت و مالدار ہونا — النَّهَارُ: طویل و دراز ہونا۔
اِسْتَوْسَعَ۔ کشادہ ہونا — الشَّيْءَ: کشادہ پانا یا طلب کرنا۔
الْوَاسِع۔ فا۔ کشادہ — فِي الْأَسْمَاءِ الْحُسْنٰى اللہ تعالیٰ کے اسماء حسنی میں سے ہے جس کے معنی ہیں بہت دینے والا یا ہر چیز پر احاطہ کرنے والا۔
الْوُسْع والْوَسْع الْوِسْع۔ طاقت۔ کہا جاتا ہے "لَيْسَ فِي وُسْعِهٖ أَنْ يَفْعَلَ كَذَا" یعنی اس کے کرنے پر وہ قادر نہیں۔
السَّعَة والْوُسْعَة والتَّوْسِعَة: گنجائش
السَّعَة: تونگری۔ غنی۔ طاقت۔ قدرت۔
الْوَسِيع۔ کشادہ — مِنَ الْخَيْلِ: کشادہ قدم گھوڑا۔
الْوَسَاعُ مِنَ الْخَيْلِ: عمدہ یا کشادہ قدم گھوڑا۔
وَسَّفَ تَوْسِيفًا۔ الشَّيْءَ: چھیلنا۔
تَوَسَّفَ الشَّيْءُ: چھلنا — الْبَعِيْرُ: موٹا ہونا اور پرانے بال گر کر نئے بال نکلنا — أَوْبَارُ الْإِبِلِ اونٹ کے اون کا جھڑ جانا۔
وَسَقَ يَسِقُ وَسْقًا الشَّيْءَ: جمع کر کے اٹھانا — الْبَعِيْرَ: اونٹ پر ایک وسق (ساٹھ صاع) لادنا۔ أَوْسَقَتِ النَّاقَةُ وَغَيْرُهَا: اونٹنی کا حاملہ ہونا۔ صفت وَاسِق ج وَاسِقَات و وُسَاق اور مَوَاسِق و مَوَاسِيق خلافِ قیاس جمع ہیں۔
وَسَقَتِ الْعَيْنُ الْمَاءَ: آنکھ میں پانی ہونا۔ کہا جاتا ہے "لَا أَفْعَلُ ذٰلِكَ مَا وَسَقَتْ عَيْنِي الْمَاءَ" میں اس کو نہیں کروں گا جب تک میری آنکھوں میں پانی ہے۔ وَسَقَتِ النَّخْلَةُ: پھل دار ہونا — وَسِيقًا الْبَعِيْرَ: ہانکنا۔
وَسَّقَ الْحِنْطَةَ: ساٹھ ساٹھ صاع کا گیہوں کا ڈھیر لگانا۔
أَوْسَقَ إِيْسَاقًا الدَّابَّةَ: لادنا۔ أَوْسَقَتِ النَّخْلَةُ: بہت پھل دار ہونا۔
وَاسَقَهٗ مُوَاسَقَةً۔ برابری کرنا۔ مقابلہ کرنا۔
اِتَّسَقَ الْأَمْرُ: مرتب ہونا — الْإِبِلُ: اونٹوں کا اکٹھا ہونا — الْقَمَرُ: چاند کا پورا ہونا۔
اِسْتَوْسَقَ اِسْتِيْسَاقًا۔ اکٹھا ہونا۔ الْأَمْرُ: مرتب ہونا — لَهُ الْأَمْرُ: ممکن ہونا۔
الْوَسْق۔ مص۔ ساٹھ صاع۔ اور بقول بعض ایک اونٹ کا بوجھ ج أَوْسَاق۔ الْوَسْقُ۔ درخت خرما کا بوجھ۔ ج أَوْسَاق و وُسُوْق۔
الْوَسِيق۔ مص۔ دھتکار۔ بارش۔
الْوَسِيقَةُ مِنَ الْإِبِلِ: اونٹوں کا گلہ۔ ج وَسَائِق۔ الْوَسِيقَة: حاملہ۔ کہا جاتا ہے نَاقَةٌ وَسِيقَةٌ: حاملہ اونٹنی۔
الْمُتَّسِقُ عِنْدَ أَهْلِ الْعَرُوْضِ: اوزان شعر میں ایک وزن۔ جس کا نام متدارک بھی ہے۔
الْمُتَّسِق: چاند کا نام۔
الْمِيْسَاقُ مِنَ الْحَمَامِ: بڑے بازوؤں والا کبوتر ج مَيَاسِيْق و مَآسِيْق۔ الْمِيْسَاق: پرندہ جو اڑنے میں پھڑ پھڑائے۔
وَسَلَ يَسِلُ وَسِيْلَةً و وَسَّلَ و تَوَسَّلَ إِلَى اللّٰهِ بِعَمَلٍ او وَسِيْلَةٍ۔ تقرب حاصل کرنا۔ صفت وَاسِل۔
الْوَاسِلَة و الْوَسِيْلَة۔ تقرب حاصل کرنے کا ذریعہ ج وَسِيْل و وَسَائِل و وُسُل الْوَاسِلَةُ والْوَسِيْلَةُ: مرتبہ۔ درجہ۔
وَسَمَهٗ يَسِمُهٗ وَسْمًا و سِمَةً۔ داغ لگانا۔
وَسَمَ الْوَسْمِيُّ الْأَرْضَ: بہار کی پہلی بارش ہونا۔

وَسُمَ يَوْسُمُ وَسَامًا و وَسَامَةً الْغُلَامُ: خوبصورت چہرے والا ہونا — الوَجْهُ: خوبصورت ہونا۔
وَسَّمَ۔ حج کے موقعہ پر مکہ میں حاضر ہونا۔
وَاسَمَهُ مُوَاسَمَةً۔ خوبصورتی میں مقابلہ کرنا۔
تَوَسَّمَ الشَّيءَ: فراست سے معلوم کرنا۔ علامت طلب کرنا۔ پہچاننا۔ تَوَسَّمَ فِيهِ الْخَيْرَ: بھلائی معلوم کرنا — الرَّجُلُ: موسم بہار کی گھاس کو تلاش کرنا۔ تَوَسَّمَ بِالْوَسِمَةِ: وسمہ لگانا۔
اِتَّسَمَ۔ اپنی علامت بنانا۔
اَلْوَسْمُ۔ مص۔ ایک درخت ہے جس کے پتوں کو بطور خضاب کے استعمال کرتے ہیں۔ علامت داغ کا نشان۔ ج وُسُوْم
السِّمَةُ۔ مص۔ علامت۔ داغ کا نشان۔ ج سِمَات۔
الوَسْمِيّ۔ موسم بہار کی پہلی بارش۔
الوِسَام۔ جانوروں کا داغ۔ تمغہ ج اَوْسِمَةٌ۔
الوَسْمَة والوَسِمَة۔ نیل کے پتے یا ایک قسم کی نباتات جس کے پتوں سے خضاب کرتے ہیں۔
اَلْوَسِيْم۔ خوبصورت چہرے والا ج وُسَمَاء ووِسَام مؤنث وَسِيْمَةٌ ج وسِيْمَات و وِسَام۔
الوَسَامَة۔ مص۔ خوبصورتی کا اثر۔ حسن و جمال۔
الْأَوْسَم۔ خوبصورت۔
المَوْسِم۔ لوگوں کے جمع ہونے کی جگہ۔ اکثر استعمال حج کے موقع کیلئے ہوتا ہے اور عید کے لیے بھی بولا جاتا ہے۔ ج مَوَاسِم۔
المِيْسَم۔ داغ لگانے کا آلہ۔ داغ کا نشان ج مَيَاسِم۔ المِيْسَم: حسن و جمال۔
المَوَاسِيْم۔ داغ لگائے ہوئے اونٹ۔
وَسِنَ يَوْسَنُ وَسَنًا و سِنَةً۔ اونگھنا۔ بیدار ہونا (ضد) صفت مذکر وَسِنٌ و وَسْنَان و مِيْسَان۔ صفت مؤنث وسِنَةٌ و وَسْنَى و مِيْسَان۔ وسِنَ فُلَانٌ: کنوئیں کی بدبو سے غشی طاری ہونا۔
اَوْسَنَهُ الْبِئْرُ: غشی طاری کرنا۔
تَوَسَّنَهُ۔ نیند کے وقت آنا۔
اِسْتَوْسَنَ۔ اونگھنا۔
الوَسَن۔ مص۔ ضرورت۔ حاجت۔ ج اَوْسَان۔
السِّنَة۔ مص۔ اونگھ۔ غنودگی۔ کہا جاتا ہے "هُوَ فِيْ سِنَةٍ" وہ غفلت میں ہے۔
الوَسْنَة۔ مص۔ نیند کی کمی۔ اونگھ۔
الوَسَنِيّ۔ بہت اونگھنے والا۔
المَوْسُوْن۔ کاہل۔ مؤنث مَوْسُوْنَة۔
وَسْوَسَ وِسْوَاسًا و وَسْوَسَةً الشَّيْطَانُ لَهُ وَإِلَيْهِ: وسوسہ ڈالنا — الرَّجُلُ: خرابی عقل کی وجہ سے بے تکی باتیں کرنا۔ وسوسہ والا ہونا۔ صفت مُوَسْوِسٌ۔ آہستہ بولنا — الحُلِيُّ او القَصَبُ جھنکار ہونا یا آواز نکلنا — الرَّجُلَ: کسی سے آہستہ گفتگو کرنا۔
وُسْوِسَ بِهِ: کلام میں گڑبڑی ہونا۔
الوَسْوَاس۔ وسوس کا اسم۔ شیطان۔ ایک مرض ہے جو غلبہ سوداء کی وجہ سے پیدا ہو جاتا ہے۔ دل میں جو برائی یا بے نفع بات گزرے اس پر بھی اطلاق ہوتا ہے۔ ج وَسَاوِس۔
وَسَى يَسِيْ وَسْيًا رَاْسَهُ: مونڈنا۔
وَاسَى الرَّجُلَ مُوَاسَاة۔ آسَاهُ مُوَاسَاةً میں ایک لغت ہے بمعنے مدد دینا۔
اَوْسَى اِيْسَاءً ا۔ الرَّاسَ: مونڈنا۔ الشَّيءَ: کاٹنا۔
المُوْسَى۔ استرہ۔ ج مَوَاسٍ۔
الوَشْب۔ سخت قسم کی کھجور وغیرہ۔
الوِشْب۔ اَوْشَاب کا واحد بمعنے اخلاط ناس طرح طرح کے لوگ۔
وَشَجَتْ تَشِجُ وَشْجًا الْأَغْصَانُ: ٹہنیوں کا ایک دوسرے میں گتھی ہوئی ہونا۔ کہا جاتا ہے "وَشَجَتْ بِكَ قَرَابَتُهُ" تمہارے ساتھ اس کی قرابت مل گئی۔ "وَوَشَجَتْ فِيْ قَلْبِهِ اُمُوْرٌ وَهُمُوْمٌ" اس کے دل میں مختلف قسم کے امور اور غم لاحق ہیں (— وَوَشَّجَ مَحْمَلَهُ) کچھ گرنے سے بچانے کیلئے تسمہ سے باندھنا۔ وَشَّجَ اللّٰهُ قَرَابَتَهُ بِكُمْ: اللہ اس کی قرابت کو تم سے ملا دے۔ وَشَّجَ اللّٰهُ بَيْنَ الْقَوْمِ: اللہ نے لوگوں کو آپس میں ملا دیا۔
تَوَشَّجَتْ و تَوَاشَجَتْ عُرُوْقُ الشَّجَرِ و نَحْوِهَا پیچیدہ ہونا۔
الوَاشِج۔ فا پیچیدہ۔ مؤنث وَاشِجَةٌ
الوَاشِجَة: باہم پیوستہ قرابت۔
الوَشِيْج۔ قرابت و رشتہ داری کی باہم پیوستگی۔ نیزوں کا درخت۔ نیزوں کیلئے بھی بولا جاتا ہے کہتے ہیں تَطَاعَنُوْا بِالْوَشِيْجِ۔
الوَشِيْجَة۔ درخت کے ریشہ کی رسی جس کو بن کر دو لکڑیوں میں پھنسا دیتے ہیں اور اس پر گیہوں وغیرہ ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل کرتے ہیں۔ ج وَشَائِج۔ کہا جاتا ہے "هُمْ وَشِيْجَةُ الْقَوْمِ" وہ لوگ قوم میں اجنبی ہیں۔
الوَشِيْجَة کان کی رگ۔ ج وشَائِج۔
وَشَّحَهُ۔ حمیل پہنانا۔
تَوَشَّحَ و اِتَّشَحَ۔ حمیل پہننا۔ تَوَشَّحَ بِسَيْفِهِ تلوار گردن میں لٹکانا — بِثَوْبِهِ: کپڑا پہننا یا بغل کے نیچے سے نکال کر کندھے پر ڈالنا — الجَبَلَ: پہاڑ پر چلنا۔
الوِشَاح۔ تلوار۔ کمان۔ ذُوالوِشَاح: حضرت عمرؓ کی تلوار کا نام۔ (الوُشَاح) حمیل۔ جڑاؤ پٹی۔ ج وُشُحٌ و اَوْشِحَةٌ و وَشَائِح۔
الوِشَاحَة۔ تلوار۔
الوَشْحَاء۔ کالی بکری جس کی گردن اور سینہ سفید ہو۔
المُوَشَّح۔ اشعار کی ایک قسم جو خاص اوزان اور قوافی پر نظم کیے جاتے ہیں مگر اس میں ناظم ایک ہی قافیہ کا پابند نہیں ہوتا اور یہ اندلسی شعراء کا اختراع ہے۔
المُوَشَّحَة مِنَ الطَّيْرِ او الظِّبَاءِ: پرندہ یا ہرن جس کے دونوں پہلوؤں پر دو سفید دھاریاں ہوں۔
وَشَرَ يَشِرُ وَشْرًا اَسْنَانَهُ: دانتوں کو تیز اور باریک کرنا — الخَشَبَةَ بِالْمِنْشَارِ: لکڑی کو آرہ سے چیرنا۔
اِتَّشَرَ واسْتَوْشَرَ۔ دانت تیز اور باریک

کرنے کو کہنا۔
المِیْشَار۔ آرہ۔
المَوْشُوْر۔ مفو —— فِیْ عِلْمِ الطَّبِیْعِیَّاتِ: علمِ طبیعیات کی اصطلاح میں اُس بلوری جسم کو کہتے ہیں جس کے تین ضلعے ہوں۔ ج مَوَاشِیْر۔
وَشِزَ یَشِزُ وَشْزًا۔ جلدی کرنا۔
تَوَشَّزَ لِلشَّرِّ: آمادہ برائی ہونا۔
الوَشْز والوَشَز۔ جلدی۔ بلند مکان جس کی پناہ لی جائے۔ سختی زندگانی ج اَوْشَاز۔
الوَشِیْزَة۔ بہت بھرا ہوا تکیہ ج وَشَائِز۔
وَشَظَ یَشِظُ وَشْظًا العَظْمَ: ہڈی کا ٹکڑا توڑنا —— الفَاسَ: کلہاڑے میں پچڑ لگا کر سوراخ تنگ کرنا —— القَوْمُ اِلَیْنَا: کم لوگوں کا آکر ملنا۔
الوَشِیْظ۔ تابع۔ حلیف۔ قوم میں اجنبی آدمی ملا ہوا۔ خسیس۔ مختلف النسل لوگ۔ ج اَوْشَاظ (والوَشِیْظَة) لکڑی کا ٹکڑا جس سے پیالہ کو جوڑیں۔ کہا جاتا ہے "هُمْ وَشِیْظَةٌ فِیْ قَوْمِهِمْ" وہ لوگ اپنی قوم میں فرومایہ ہیں۔ اور ایسا ہی "هُوَ وَشِیْظَةٌ فِیْهِمْ" ج وَشَائِظ۔
وَشَعَ یَشَعُ وَشْعًا الشَّیْءَ: ملانا۔ القُطْنَ: روئی کو لپیٹنا (—— وَشْعًا وَوُشُوْعًا) الجَبَلَ وفیہ: پہاڑ پر چڑھنا —— البَقْلَةَ: پھولدار ہونا —— هُ الشَّیْءُ: بلند ہونا۔
وَشَّعَ القُطْنَ: روئی دھننے کے بعد لپیٹنا —— الثَّوْبَ: کپڑے پر نقش و نگار کرنا —— الشَّیْبُ رَاْسَهُ: سر میں سفیدی چھا جانا —— الشَّیْءَ فِی الشَّیْءِ: داخل ہونا۔ وَشَّعُوْا عَلٰی کَرْمِهِمْ او بُسْتَانِهِمْ: باغ میں باڑ لگانا۔
اَوْشَعَ البَقْلُ او الشَّجَرُ: سبزی یا درخت کا پھول دار ہونا۔
تَوَشَّعَ الشَّیْءُ: پراگندہ ہونا —— فِی الجَبَلِ: پہاڑ میں دائیں بائیں جانا —— الشَّیْبُ رَاْسَهُ: سر میں سفیدی چھا جانا۔ تَوَشَّعُوْا الضُّیُوْفَ: ہر ایک کا مہمانوں کی ایک جماعت کو اپنے گھر لے جانا۔ تَوَشَّعَ بِهِ: بہت ہونا —— بِالکَذِبِ: جھوٹ سے مزین ہونا —— الغَنَمُ فِی الجَبَلِ: بکریوں کا چرنے کے لیے پہاڑ پر چڑھنا۔
الوَشْع۔ مص۔ سبزیوں کے شگوفے۔ پہاڑ میں تھوڑی سی نباتات ج وُشُوْع۔
الوَشْع۔ مکڑی کا جالا۔
الوُشُوْع۔ پہاڑ میں متفرق نباتات۔ حلق میں ٹپکانے کی دوا۔
الوَشِیْع۔ کپڑے کا نقش و نگار، باغ کے اردگرد کی باڑ۔ مکان کی چھت یا چٹائی وغیرہ جو چھت کے قائم مقام ہو۔ خشک ہو کر گرا ہوا درخت۔ سردار لشکر کا خیمہ جہاں سے وہ فوج کی نقل و حرکت کو دیکھ سکے۔ کنوئیں کے سرے کی موٹی سی لکڑی جس پر کھڑے ہو کر پانی کھینچیں۔
الوَشِیْعَة۔ رنگ برنگ کے سوت لپیٹنے کی لکڑی، بننے والے کی نال، ہر پیچیدہ چیز۔ غبار کی دھاری ج وَشِیْع و وَشَائِع۔
المُوَشَّع۔ مفو۔ بُرْدٌ مُوَشَّعٌ: منقش دھاری دار چادر۔
وَشَغَ یَشِغُ وَشْغًا بِبَوْلِهِ: پیشاب کرنا۔
وَشَغَ الثَّوْبَ بِالدَّمِ: کپڑے پر خون لت پت کر کے دھاری دار کر دینا۔
اَوْشَغَ اِیْشَاغًا العَطِیَّةَ: کم دینا —— بِبَوْلِهِ: پیشاب کرنا۔
تَوَشَّغَ بِالسُّوْءِ: آلودہ ہونا۔
الوَشْغ والوَشِیْغ۔ تھوڑا۔
الوُشُوْغ۔ منہ میں ٹپکانے کی دوا۔
وَشَقَهُ یَشِقُهُ وَشْقًا۔ خراش کرنا —— هُ بِالرُّمْحِ: نیزہ مارنا۔ وَشَقَ اللَّحْمَ: گوشت کے پارچے کاٹ کر خشک کرنا —— الرَّجُلُ: جلدی کرنا۔
وَشَّقَ الشَّیْءَ: ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔
اَوْشَقَ الشَّیْءُ فِی الشَّیْءِ: چمٹنا۔
تَوَاشَقَ وَاتَّشَقَ القَوْمُ العَدُوَّ بِاَسْیَافِهِمْ دشمن کو تلواروں سے ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔
وَاتَّشَقَ فُلَانٌ اللَّحْمَ: گوشت کے پارچے کاٹ کر خشک کرنا۔
الوَاشِق۔ فا۔ تھوڑا دودھ۔ جلدی سے گزرنے والی چیز جیسے عمر اور زمانہ۔ بَاشِق میں ایک لغت۔
الوَشْق۔ مص۔ متفرق چراگاہ۔
الوَشَق۔ ایک جانور کا نام جس کی کھال سے عمدہ پوستین تیار ہوتی ہے۔
الوَشِیْق والوَشِیْقَة۔ خشک کیا ہوا گوشت کا پارچہ ج وَشَائِق۔
المِیْشَاق۔ کنگھی کا دندانہ۔ ج مَوَاشِیْق۔
وَشُكَ یَوْشُكُ وَشْكًا وَوَشَاكَةً وَوَشُكَ الاَمْرُ: جلدی ہونا۔ صفت وَشِیْک۔
اَوْشَكَ۔ جلدی چلنا اور قریب ہونا اور اسی سے ہے اَوْشَكَ اَنْ یَمُوْتَ وہ مرنے کے قریب ہی تھا۔ اور یہ افعالِ مقاربہ میں سے ہے۔ مضارع کا استعمال ماضی سے زیادہ ہے اور اسم فاعل کا استعمال بہت کم ہے اور اس کی خبر پر اکثر اَنْ آتا ہے۔
وَاشَكَ مُوَاشَكَةً۔ جلدی چلنا۔
الوَشْك والوُشْك والوَشْكَان والوِشْكَان والوُشْكَان۔ جلدی۔ اور کہا جاتا ہے "وَشْكَانَ مَا یَكُوْنُ ذٰلِكَ" یعنی یہ جلدی ہوا۔ یا یہ کس قدر جلدی ہونے کو ہے۔ اور یہ اسم فعل ہے۔
الوِشَاک۔ جلدی۔
الوَشِیْک (مذکر و مؤنث) جلد باز۔ قریب۔ کہا جاتا ہے "خَرَجَ وَشِیْكًا" وہ جلدی نکلا۔
وَشَلَ یَشِلُ وَشْلًا وَوَشَلَانًا المَاءُ: پانی کا بہنا۔ ٹپکنا (—— وُشُوْلًا) کمزور ہونا۔ محتاج ہونا —— اِلَیْهِ: عاجزی ظاہر کرنا۔
اَوْشَلَ المَاءَ: پانی کم پانا —— حَظَّهُ: کم کرنا۔
الوَشَل۔ تھوڑا پانی جو پہاڑ یا چٹان سے ٹپکے۔ تھوڑا آنسو۔ بہت پانی یا آنسو (ضد) ج اَوْشَال۔
الوَشْل: ہیبت۔ خوف۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ القَوْمُ اَوْشَالًا" قوم ایک دوسرے کے پیچھے آئی۔
عُیُوْنٌ وَشَلَةٌ۔ کم پانی والے چشمے۔
الوَاشِل۔ فا —— مِنَ الجِبَالِ: پہاڑ جس سے ہمیشہ پانی ٹپکے۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ وَاشِلُ الرَّاْیِ" فلاں کمزور رائے والا ہے۔ "وَهُوَ وَاشِلُ الحَظِّ" وہ ناقص حصہ والا ہے۔
نَاقَةٌ وَشُوْلٌ۔ زیادہ دودھ والی۔ کم دودھ والی اونٹنی۔
الوُشُوْل۔ دولت کی کمی۔ نقصان۔
وَشَمَ یَشِمُ وَشْمًا وَوَشَّمَ الیَدَ: ہاتھ میں

گودنا۔ وَشَمَ الْغُصْنُ : ٹہنی میں پتے ظاہر ہونا۔

اَوْشَمَ اِیْشَامًا الْمَکَانُ : ہریالی ہونا۔ الکَرْمُ : انگور کا رنگ پکڑنا — الشَّیْبُ فِیْ رَاْسِہٖ بڑھاپے کی سفیدی پھیلنا — البَرْقُ : بجلی کا آہستہ چمکنا — السَّمَاءُ : بجلی کوندنا — فِیْ عِرْضِ فُلَانٍ : گالی دینا۔ عیب لگانا — فِی الْاَمْرِ : غور و فکر کرنا۔ اَوْشَمَتِ الْجَارِیَۃُ : پستان کا ابھار شروع ہونا اور کہا جاتا ہے "اَوْشَمَ یَفْعَلُ کَذَا" وہ ایسا کرنے لگا۔

اِسْتَوْشَمَ اِسْتِیْشَامًا۔ گودنے کیلئے کہنا۔

الوَشْم۔ مص۔ گودائی۔ گودنے کا اثر۔ نباتات کی پہلی روئیدگی۔ ج وُشُوْم و وِشَام۔

الوَشْمَۃُ۔ وَشَمَ کا اسم مرۃ۔ بارش کا قطرہ۔ کہا جاتا ہے "مَاعَصَاہُ وَشْمَۃً" اس نے اس کی ذرا بھی نافرمانی نہیں کی۔

الوَشِیْمَۃ۔ دشمنی، برائی۔

تَوَشَّنَ الْمَاءُ : پانی کم ہونا۔

الوَشْن۔ بلند زمین۔ موٹا اونٹ۔

الْاَوْشَن۔ دوسرے کے دسترخوان پر کھانا کھانے والا۔

وَشْوَشَ وَشْوَشَۃً فُلَانًا : آہستہ گفتگو کرنا — ہُ الشَّیْءَ : دھیرے سے دینا۔

تَوَشْوَشَ الْقَوْمُ : ایک دوسرے سے آہستہ آہستہ گفتگو کرنا۔

الوَشْوَش و الوَشْوَاش۔ ہلکا۔ جلد باز۔ رَجُلٌ وَشْوَشِیُّ الذِّرَاعِ : کام کرنے میں پھرتیلا مرد۔

وَشٰی یَشِیْ وَشْیًا وَشِیَۃً وَوَشَّی الثَّوْبَ : منقش کرنا — الکَلَامَ : جھوٹ بولنا۔ وَشَّاہُ ثَوْبًا : کپڑا پہنانا۔

وَشٰی یَشِیْ وَشْیًا وَشَایَۃً بِہٖ اِلَی الْمَلِکِ : چغل خوری کرنا — بَنُو فُلَانٍ : بکثرت ہونا۔

اَوْشٰی اِیْشَاءً الْمَکَانُ : ابتدائی نباتات ظاہر ہونا — الرَّجُلُ : بہت مویشی والا ہونا — المَعْدِنُ : کان میں تھوڑا سا سونا پایا جانا — النَّخْلَۃُ : پہلا پھل نکالنا — الشَّیْءَ : نکالنا۔ جاننا — الفَرَسَ : گھوڑے کو اکسانا — الدَّوَاءُ الْمَرِیْضَ : دوا کا مریض کو تندرست کرنا — فِی الدَّرَاہِمِ : کچھ لینا۔

تَوَشّٰی۔ نقش و نگار ہونا — الشَّیْبُ فِیْ رَاْسِہٖ : سر میں سفیدی کا پھیلنا۔

اِیْتَشٰی اِیْتِشَاءً الْعَظْمُ : ٹوٹی ہوئی ہڈی درست ہونا۔

اِسْتَوْشَی الْفَرَسَ : گھوڑے کو اکسانا — الْحَدِیْثَ : بحث کرنا اور جمع کرنا — الرَّجُلَ : مانگنا اور ہاتھ میں جو کچھ ہو اُسے نکال لینا — اَلْمَعْدَنُ تھوڑا سا سونا پایا جانا۔

الوَشْی۔ مص۔ کپڑے کا نقش و نگار۔ منقش کپڑے۔ ج وِشَاء۔ وَشْیُ السَّیْفِ : تلوار کا جوہر۔

الوَشَاء۔ اونٹوں کی کثرت۔

الوَاشِی۔ فا۔ چغل خور۔ بہت اولاد والا۔ یا بہت مویشی والا۔ جلاہا۔ ج وَاشُوْنَ و وُشَاۃ۔

الوُشَاہ : سونے کا سکہ بنانے والا۔

الوَشَّاء۔ وَاشِی کا اسم مبالغہ۔ منقش کپڑے بیچنے والا۔

الشِّیَۃ۔ مص۔ داغ۔ نشان۔ علامت ج شِیَات۔

الْاَشْیَۃ۔ داغوں والا۔ کہا جاتا ہے "ثَوْرٌ اَشْیَۃٌ" جیسے کہا جاتا ہے "فَرَسٌ اَبْلَقُ" اور نسبت کے لیے وَشَوِیّ۔

وَصَّ یَوُصُّ وَصًّا الْعَمَلَ : مضبوط بنانا۔

وَصْوَصَتْ تَوَصْوِیْصًا الْمَرْاَۃُ : منہ کا پردہ تنگ کرنا۔

وَصِئَ یَوْصَاُ وَصَأً الثَّوْبُ : کپڑا میلا ہونا۔

وَصَبَ یَصِبُ وُصُوْبًا ہمیشہ رہنا۔ ثابت ہونا — الدَّیْنُ : قرض واجب ہونا — عَلَی الْاَمْرِ : مداومت کرنا۔ خوش اسلوبی سے کرنا۔

وَصِبَ یَوْصَبُ وَصَبًا و وَصَّبَ و تَوَصَّبَ۔ مریض ہونا۔ صفت وَصِبٌ ج وَصَابٰی و وِصَاب۔ تَوَصَّبَ : درد محسوس کرنا۔

اَوْصَبَ۔ مریض ہونا — اللّٰہُ فُلَانًا : مریض کرنا — الرَّجُلُ : بیمار اولاد والا ہونا — الشَّیْءُ : ہمیشہ رہنا۔ ثابت ہونا (— و وَاصَبَ) ہمیشگی مداومت کرنا۔

الوَصَب۔ بیماری۔ دائمی درد۔ جسم کی لاغری اور کبھی سستی اور تھکن کیلئے بھی بولا جاتا ہے

الوَصَب : بنصر اور سبابہ کے درمیان کا حصہ۔ ج اَوْصَاف۔

الوَاصِب۔ فا۔ دائم۔

الوَاصِبَۃ۔ واصب کا مؤنث۔ بہت دور تک پھیلا ہوا بیابان۔

المُوَصَّب۔ بہت دردوں والا۔

وَصَدَ یَصِدُ وَصْدًا ثابت ہونا۔ بِالْمَکَانِ : اقامت کرنا — الثَّوْبَ : کپڑا بننا۔

وَصَّدَ الثَّوْبَ : کپڑا بننا — الْکَلْبَ بِالصَّیْدِ کتے کو شکار پر بھڑکانا — فُلَانًا : خوف دلانا۔

اَوْصَدَ الْبَابَ : دروازہ بند کرنا — الْقِدْرَ : ہانڈی ڈھانکنا — عَلٰی فُلَانٍ : تنگی ڈالنا — الْکَلْبَ بِالصَّیْدِ : کتے کو شکار پر اکسانا۔ بھڑکانا (— واسْتَوْصَدَ) پہاڑ میں مویشیوں کے لیے باڑہ بنانا۔

الوَصَّاد۔ جلاہا۔

الوِصَاد۔ اَوْصَدَ الْبَابَ و اَوْصَدَ الْقِدْرَ کا اسم بمعنے بندش و ڈھکائی۔

الوَصِیْد۔ چوکھٹ۔ گھر کے سامنے کا صحن، غار، پہاڑ۔ قریب قریب جڑوں والی نباتات۔ دوبارہ ختنہ کیا ہوا۔ تنگ اور بند کیا ہوا ج وُصُد (— الوَصِیْدَۃ) پہاڑ میں مویشیوں کے لیے پتھروں کا باڑہ ج وَصَائِد۔

المُوْصَد۔ پردہ۔

الوَصْر۔ عہد ج اَوَاصِر (— والوَصِیْرَۃ و الْاَوْصَرُ) عہد نامہ، چک۔ دستاویز۔ اور بقول بعض یہ الفاظ معرب ہیں۔

وَصَعَ یَصَعُ وَصْعًا الشَّیْءَ : غائب کرنا۔ چھپانا۔

الوَصَع۔ مص۔ چڑیا سے چھوٹا ایک پرندہ۔ یا ممولا۔ ج وِصْعَان۔

الوَصِیْع۔ چڑیا یا چڑیا کے بچوں کی چہچہاہٹ۔

وَصَفَ یَصِفُ وَصْفًا وَصِفَۃً الشَّیْءَ : بیان کرنا۔ تعریف کرنا (— وُصُوْفًا) الفَرَسُ : گھوڑے کا عمدہ چال چلنا — وَصْفَۃَ الطَّبِیْبُ لِلْمَرِیْضِ : نسخہ تجویز کرنا۔

وَصُفَ یَوْصُفُ وَصَافَۃً الْغُلَامُ : لڑکے کا

خدمت کے قابل ہونا اور اچھی طرح سے خدمت کرنا۔ صفت وَصِيْفٌ اور اسم الْإِيْصَافُ والوَصَافَة۔

وَاصَفَهُ۔ حالت بیان کرکے بیچ کرنا۔

اَوْصَفَ اِيْصَافًا۔ خدمت کے قابل ہونا۔

اِتَّصَفَ الشَّئُ : قابل بیان ہونا۔ الرَّجُلُ : عمدہ صفات سے مشہور ہونا — بِالصِّفَاتِ الْحَمِيْدَةِ : آراستہ ہونا۔

تَوَصَّفَ وَصِيْفًا او وَصِيْفَةً : خادم بنانا۔

تَوَاصَفَ الْقَوْمُ الشَّئَ : ایک کا دوسرے سے بیان کرنا۔

اِسْتَوْصَفَ فُلاَنًا الشَّئَ : بیان کرنے کو کہنا۔ الطَّبِيْبَ : نسخہ تجویز کرانا — الْغُلاَمُ : لڑکے کا قابل خدمت ہونا۔

الصِّفَة۔ مص۔ نعت۔ خوبی۔ ہر وہ چیز جو موصوف کے ساتھ قائم ہو جیسے علم و جمال وغیرہ۔ علامت جس سے موصوف پہچانا جائے۔

الصِّفَاتِيَّة۔ ایک فرقہ جو اللہ تعالیٰ کی صفات کا انکار کرتا ہے۔ واحد صِفَاتِيٌّ۔

الوَصفِيَّة۔ صفت کی حالت۔

الوَصِيْف۔ لڑکا جو خدمت کرنے کے قابل ہوگیا ہو ج وُصَفَاء۔ مؤنث وَصِيْفَةٌ ج وَصَائِف۔

الوَصَّاف۔ وصف شناس۔ طبیب۔

وَصَلَ يَصِلُ وَصْلاً وَصِلَةً وَصُلَةً الشَّئَ بِالشَّئِ : جوڑنا۔ جمع کرنا — هُ بِاَلْفِ دِيْنَارٍ احسان کرنا (— وَصْلاً وَصِلَةً) فُلاَنًا : تعلق رکھنا — زَيْدًا : نیکی کرنا۔ دینا۔ وَصَلَ رَحِمَهُ : رشتہ داروں سے صلہ رحمی کرنا۔ مہربانی کرنا۔ نرمی برتنا (— وُصُوْلاً وَوُصْلَةً وَصِلَةً) اِلَى الْمَكَانِ : پہنچنا۔ کہا جاتا ہے "وَصَلَنِي الْخَبَرُ ووَصَلَ اِلَيَّ الْخَبَرُ" مجھے خبر پہنچی "وَضَرَبَهُ ضَرْبَةً لاَ تُوْصَل" اس نے ایسی مار ماری کہ جس کا علاج نہیں۔

وَاصَلَهُ وِصَالاً و مُوَاصَلَةً تعلق رکھنا وَاصَلَ الشَّئَ وفِي الشَّئِ : ہمیشگی کرنا۔ لگاتار کرنا۔

وَصَّلَ الشَّئَ بِالشَّئِ : جوڑنا (— وَاَوْصَلَ) فُلاَنًا اِلَى كَذَا : پہنچانا۔

تَوَصَّلَ اِلَى كَذَا : پہنچنا — اِلَى فُلاَنٍ : پہنچنے کے لیے حیلہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "تَوَصَّلَ اِلَيْهِ بِوُصْلَةٍ و سَبَبٍ" اس نے اس کے پاس پہنچنے کیلئے تعلق اور سبب کو حیلہ بنایا۔

تَوَاصَلَ الرَّجُلاَنِ : ایک دوسرے سے تعلق رکھنا۔

اِتَّصَلَ بِالشَّئِ : جڑنا — اِلَيْهِ : پہنچنا — بِي خَبَرُ فُلاَنٍ : جاننا — فُلاَنٌ بِالْوَزِيْرِ : خدمت میں رہنا — اِلَى بَنِي فُلاَنٍ : منسوب ہونا۔

اِسْتَوْصَلَ۔ میل ملاپ ڈھونڈنا۔

الوَصْل۔ مص۔ لَيْلَةُ الْوَصْلِ : قمری مہینے کی آخری رات۔ حَرْفُ الْوَصْلِ عِنْدَ اَهْلِ الْقَوَافِي : اہل عروض کی اصطلاح میں روی متحرک کے بعد کے حروف واؤ۔ یا۔ اور الف اور ہاء۔ اور کہا جاتا ہے "هٰذَا وَصْلُ هٰذَا" یہ اس کے مثل ہے۔

الوُصْل والوِصْل۔ ہر عضو علیحدہ علیحدہ ج اَوْصَال۔

الوُصْلَة۔ مص۔ تعلق۔ دو چیزوں کو ملانے والی چیز۔ ہم سفر جماعت۔ دور کی زمین۔ ج وُصَل۔

الصِّلَة۔ مص۔ عطیہ۔ احسان۔ انعام۔ ج صِلاَت۔

الوُصُوْل۔ بہت میل ملاپ رکھنے والا۔ بہت دینے والا۔

الوُصُوْل مع — عِنْدَ الْمُوَلِّدِيْن : رسید۔ ج وُصُوْلاَت۔

وَصِيْلُ الرَّجُلِ ہمیشہ ساتھ رہنے والا۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا رَجُلٌ وَصِيْلُ هٰذَا" یہ اس کے مثل ہے۔

الوَصِيْلَة۔ وَصِيْل کا مؤنث۔ عمارت۔ ارزانی۔ کسی چیز کو جوڑنے والی چیز۔ ہم سفر گروہ۔ دھاگے کا گولا۔ دور کی کشادہ زمین ج وَصَائِل۔

الوَصِيْلَة : یمن کا ایک دھاری دار کپڑا ج وَصِيْلَ و وَصَائِل الوَصِيْلَة : اونٹنی جو لگاتار دس سال تک بچے دے۔ بکری جو سات سال تک جڑواں مادہ بچے دے۔

المَوْصِل۔ ملنے کی جگہ۔ رسّی وغیرہ کی گرہ۔ موت مَوْصِلُ الْبَعِيْرِ : چوتڑ اور ان کا درمیانی حصہ۔ المَوْصِل : عراق اور جزیرہ کے درمیان ایک شہر کا نام۔

المَوْصِلاَنِ۔ شہر موصل اور جزیرہ۔

المَوْصُوْل۔ مفع۔ بھڑ کی شکل کا ایک جانور۔

المُسْتَوْصِل۔ فا۔ المُسْتَوْصِلَة مِنَ النِّسَاءِ اپنے بال میں دوسرے کے بال کو لگوانے والی عورت۔

وَصَمَ يَصِمُ وَصْمًا الْعُوْدَ اَو الْعَظْمَ : لکڑی یا ہڈی میں شگاف ڈالنا — الشَّئَ : عیب لگانا۔ جلدی سے باندھنا۔

وَصَّمَ الرَّجُلُ : سستی و کاہلی اور اعضا شکنی والا ہونا — فُلاَنًا : دردناک کرنا۔ سست و کاہل کرنا۔ وَصَّمَتِ الْحُمّٰى فُلاَنًا : دردناک کرنا۔

تَوَصَّم۔ تکلیف اٹھانا۔

تَوَاصَمَ الْقَوْمُ : ایک دوسرے کو عیب لگانا۔

الوَصَم۔ مرض۔

الوَصْم۔ مص۔ لکڑی کی گانٹھ۔ عیب و عار۔ ج وُصُوْم۔

الوَصْمَة۔ عیب و عار۔ جسم کی سستی۔

الوَصِيْم۔ خنصر اور بنصر کے درمیان کشادگی۔

المَوْصُوْم۔ مفع۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ مَوْصُوْمُ الْحَسَبِ" عیب دار مرد۔

وَصْوَصَ عَيْنَهُ : نظر جمانے کیلئے آنکھ چھوٹی کرنا۔ پردے کے سوراخ سے دیکھنا — الجرؤُ پلے کا آنکھیں کھولنا۔ وَصْوَصَتِ الْجَارِيَةُ : برقع سے سوائے آنکھوں کے دکھائی نہ دینا۔

الوَصْوَص والوَصْوَاص۔ آنکھ کے برابر پردہ وغیرہ کا سوراخ۔ چھوٹا برقع ج وَصَاوِص و وَصَاوِيْص۔ الوَصَاوِص : سطح زمین کے پتھر۔

وَصَى يَصِي وَصْيًا عالی مرتبہ ہونے کے بعد خسیس ہونا — الشَّئُ بِهٖ : متصل ہونا — الشَّئَ بِآخَرَ : ملانا (— وَصْيًا و وَصَايَةً) المَكَانُ : متصل نباتات والی ہونا — النَّبْتُ : بہت ہونا اور متصل متصل ہونا۔

وَصّٰى تَوْصِيَةً فُلاَنًا بِكَذَا : کسی کام کا عہد لینا۔ کسی کام کا اشارہ کرنا — اِلَيْهِ بِالصَّلاَةِ : حکم دینا۔ کہا جاتا ہے "وَصَّاهُ بِفُلاَنٍ اَنْ يُحْسِنَ

اِلَیْہِ" فلاں کے ساتھ اس کو احسان کرنے کا حکم دیا۔ "ووَصَّیْتُ لَهٗ بَعْدَ مَوْتِیْ" میں نے اس کو اپنے مرنے کے بعد مالک بنایا۔ وَصّٰی اِلٰی فُلَانٍ : مرنے کے بعد اپنے مال واولاد پر وصی بنانا ——فُلَانًا بِوَلَدِہٖ : مہربان بنانا۔

اَوْصٰی اِیْصَاءً فُلَانًا بِکَذَا : کسی کام کا عہد لینا۔ حکم دینا ——لَهٗ بِکَذَا : کسی کیلئے کسی چیز کی وصیت کرنا —— اِلَیْہِ : وصیت جاری کرنے والا مقرر کرنا۔

وَاصَی الْبَلَدُ الْبَلَدَ : ایک شہر کا دوسرے شہر کے متصل ہونا۔

تَوَاصٰی تَوَاصِیًا الْقَوْمُ : ایک دوسرے کو وصیت کرنا۔

اِسْتَوْصٰی اِسْتِیْصَاءً بِفُلَانٍ : وصیت کو قبول کرنا۔

الوَصِیَّة۔ اِیْصَاء کا اسم ہے جس چیز کی وصیت کی جائے اس پر بھی اطلاق ہوتا ہے۔ کہا جاتا ہے "هٰذِہٖ وَصِیَّتُهٗ" یہ اس کی وصیت ہے ج وَصَایَا۔ وَصَایَا اللّٰہِ : اللہ تعالیٰ کے احکام جو اس نے اپنے بندوں پر واجب کیے ہیں۔

الوَصِیَّة : کھجور کی ٹہنی جس سے گٹھا باندھتے ہیں۔ ج وَصِیٌّ۔

الوَصَاة۔ ج وَصًی والوَصَایَة والوِصَایَة وصیت کھجور کی ٹہنی جس سے گٹھا باندھتے ہیں۔

الوَصِیّ (مذکر و مؤنث) وصیت کرنے والا۔ جس کو وصیت کی جائے۔ ج اَوْصِیَاء۔

الوَاصِی۔ پیچیدہ گھاس۔ اَرْضٌ وَاصِیَةٌ پیچیدہ گھاس والی زمین۔

وَضُؤَ یَوْضُؤُ وُضُوْءًا ووَضَاءَةً الشَّیْءُ : پاکیزہ وخوبصورت ہونا۔

وَضَاَہٗ یَضَؤُہٗ وَضْأً۔ پاکیزگی و خوبروئی میں غالب ہونا۔

وَضَّاَ تَوْضِئَةً۔ بِالْمَاءِ : پاکیزہ کرنا۔ دھونا۔

وَاضَاَہٗ۔ پاکیزگی وخوبصورتی میں مقابلہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "وَاضَاَہٗ فَوَضَاَہٗ" اس نے اس سے پاکیزگی وخوبصورتی میں مقابلہ کیا اور غالب رہا۔

تَوَضَّاَ بِالْمَاءِ لِلصَّلَاۃِ : وضو کرنا ——الْغُلَامُ وَالْجَارِیَۃُ : بالغ ہونا۔

الوَضُوْء۔ وضو کا پانی۔

الوَضِیْءُ ج وِضَاء و اَوْضِیَاء والوَاضِیْ ج وَضَاۃٌ والوُضَّاء ج وُضَّاءُوْن و وَضَاضِیْ : پاکیزہ وخوبصورت۔

الْاَوْضَأُ : زیادہ خوبصورت وپاکیزہ۔

المِیْضَاۃ والمِیْضَاءَۃ۔ وضو کرنے کی جگہ۔ لوٹا۔

المُتَوَضَّأ۔ وضو کرنے کی جگہ۔ پائخانہ کے لیے بھی بولا جاتا ہے۔

وَضَحَ یَضِحُ ضَحَةً وَضِحَةً و وُضُوْحًا و تَوَضَّحَ واتَّضَحَ الْاَمْرُ او الکَلَامُ : واضح ہونا۔ ظاہر ہونا۔ صفت وَاضِح و وَضَّاح۔

وُضِحَ یُوْضَحُ وَضَحًا۔ برص کے داغوں والا ہونا۔

اَوْضَحَ الْاَمْرُ : ظاہر ہونا۔ واضح ہونا —— الْاَمْرَ : ظاہر کرنا۔ واضح کرنا۔ اَوْضَحَتِ الشَّجَّۃُ فِی الرَّاسِ زخم کا ہڈی کو ظاہر کر دینا۔ اَوْضَحَ فِیْ رَاسِہٖ : زخم کرنا۔ کہا جاتا ہے "مِنْ اَیْنَ اَوْضَحْتَ" تم کہاں سے آئے۔

وَضَّحَ الْاَمْرَ : واضح کرنا۔ ظاہر کرنا۔

اِسْتَوْضَحَ اِسْتِیْضَاحًا عَنِ الْاَمْرِ : بحث کرنا —— ہُ الْاَمْرَ او الکَلَامَ : وضاحت کرانا —— الشَّیْءَ وعَنِ الشَّیْءِ : آنکھوں پر ہاتھ رکھ کر دیکھنا —— الشَّمْسَ : نگاہ تنگ کر کے گھورنا۔

الوَضَح۔ مص۔ روشنی وسپیدی صبح۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ فِیْ وَضَحِ الصُّبْحِ" وہ سفیدی صبح کے وقت آیا۔ الوَضَحُ : چاندنی۔ گھوڑے کی پیشانی یا ٹانگوں کی سپیدی۔ بڑھاپے کی سپیدی۔ برص کی سپیدی کھرا درہم۔ کہا جاتا ہے "دَرَاهِمُ وَضَحٌ" مؤنث یا تثنیہ جمع نہیں لاتے جیسے "اِمْرَاَۃٌ صَوْمٌ" میں مؤنث یا تثنیہ یا جمع نہیں لاتے۔ الوَضَح : دودھ۔ چھوٹی چھوٹی گھاس۔ چاندی کا زیور۔ پازیب۔ ج اَوْضَاح وَضَحُ الطَّرِیْقِ : شاہراہ۔ وَضَحُ الْقَدَمِ : تلوے کی سپیدی۔ اَوْضَاحٌ مِنَ النَّاسِ : مختلف قبائل کی جماعتیں (اس کیلئے واحد نہیں)

الوَضَحَۃ۔ گدھی۔

الوَاضِح۔ فا۔ ظاہر۔ نمایاں۔ وَاضِحُ الحَسَبِ : پاک صاف حسب والا۔ الوَاضِحُ مِنَ الْاِبِلِ : سفید اُونٹ جس کی سفیدی بہت زیادہ نہ ہو۔

الوَاضِحَۃ۔ واضح کا مؤنث ج وَاضِحات و اَوَاضِح۔ الوَاضِحَۃُ : دانت جو ہنستے وقت ظاہر ہوں۔

الوَضَّاح۔ سفید رنگ والا۔ خوبصورت چہرہ والا۔ بہت مسکرانے والا۔ دن۔ النَّسَبُ الْوَضَّاحُ : پاک صاف نسب۔ بِکْرُ الْوَضَّاحِ : صبح کی نماز۔

الوَضِیْحَۃ۔ مویشی۔ ج وَضَائِح۔

المُتَوَضِّح۔ فا۔ ظاہر ہونے والا۔ شاہراہ پر چلنے والا —— مِنَ الْاِبِلِ : سفید اُونٹ جس کی سفیدی بہت زیادہ نہ ہو۔

وَضَخَ یَضِخُ وَضْخًا الدَّلْوَ : ڈول کو پانی سے آدھا بھرنا۔

اَوْضَخَ الدَّلْوَ : ڈول کو پانی سے آدھا بھرنا۔

اَوْضَخَتِ الْبِئْرُ : کنوئیں کا کم پانی والا ہونا۔

اَوْضَخَ بِالدَّلْوِ : کم پانی کھینچنا۔

وَاضَخَہٗ وِضَاخًا و مُوَاضَخَۃً۔ پانی کھینچنے یا دوڑنے یا چلنے میں مقابلہ کرنا۔

تَوَاضَخَ الْقَوْمُ : پانی کھینچنے یا دوڑنے یا چلنے میں مقابلہ کرنا۔

الوَضُوْخ۔ پانی جو نصف ڈول تک ہو۔ پانی کھینچنے کی چیز۔

وَضِرَ یَوْضَرُ وَضَرًا۔ میلا کچیلا ہونا۔ چکناہٹ سے میلا ہونا۔ صفت مذکر وَضِر۔ صفت مؤنث وَضِرَۃٌ و وَضْرٰی۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ وَضِرُ الْاَخْلَاقِ و فِیْ اَخْلَاقِہٖ وَضَرٌ" فلاں گندے اخلاق والا ہے۔

وَضَّرَہٗ۔ میلا کچیلا کرنا۔ کہا جاتا ہے "کَانَ نَقِیَّ الْعِرْضِ فَوَضَّرَہٗ بِالدَّنَاءَۃِ" وہ پاکیزہ آبرو والا تھا اور دناءت سے اس نے میلا کر دیا۔

الوَضَر۔ مص۔ چکناہٹ کی وجہ سے میل کچیل، پیالہ وغیرہ کا دھوون۔ پیالے میں کھانے کا اثر۔ ج اَوْضَار۔

الوَضْرٰی۔ دبا —— والوَضْرَاء) پہاڑ سے باہر نکلی ہوئی چٹان۔

وَضَعَهٗ يَضَعُهٗ وَضْعًا۔ کمینہ بنانا۔ ذلیل کرنا۔
وَضَعَ عُنُقَهٗ: گردن پر مارنا — اَلْحَدِيْثَ: بات گھڑنا — اَلْكِتَابَ: تالیف کرنا۔
— السِّلَاحَ فِي الْعَدُوِّ: مقاتلہ کرنا — يَدَهٗ عَنْ فُلَانٍ: روکنا — الْجَنَابَةَ عَنْ فُلَانٍ: ناپاکی دور کرنا — عَصَاهُ: اقامت کرنا۔
وَضَعَتِ الْمَرْأَةُ خِمَارَهَا: بے اوڑھنی کے ہونا۔ صفت وَاضِع۔ وَضَعَ الشَّيْءَ بَيْنَ يَدَيْهِ: سامنے چھوڑ دینا — يَدَهٗ فِي الطَّعَامِ کھانا — الْجِزْيَةَ اَوِ الْحَرْبَ: ساقط کرنا۔

وَضَعَ يَضَعُ وَضْعًا و مَوْضِعًا و مَوْضُوْعًا الشَّيْءَ: رکھنا — الشَّيْءَ مِنْ يَدِهٖ: گرانا — مِنْ فُلَانٍ مرتبہ سے گھٹانا — عَنْ غَرِيْمِهٖ: قرض دار سے کچھ چھوڑ دینا (— وَضْعًا و مَوْضُوْعًا) الْبَعِيْرُ: سرجھکا کر تیز چلنا۔

وَضَعَ يَضَعُ وَضْعًا وَضَعَةً وَضِعَةً و وُضُوْعًا نَفْسَهٗ: اپنے آپ کو ذلیل کرنا۔

وَضَعَتْ وَضْعًا و وُضْعًا و تُضْعًا الْمَرْأَةُ حَمْلَهَا: جننا۔ صفت وَاضِع۔

وَضِعَ يَوْضَعُ و وُضِعَ ضَعَةً و وَضِيْعَةً فِي تِجَارَتِهٖ: نقصان اٹھانا۔ صفت مَوْضُوْعٌ فِيْهَا۔

وَضُعَ يَوْضُعُ ضَعَةً و ضِعَةً و وَضَاعَةً لئیم ہونا۔ ردی ہونا۔ خسیس ہونا۔

وَضَّعَ الشَّيْءَ: جوڑنا — الْجُبَّةَ: روئی بھر کر سینا۔ وَضَّعَتِ النَّعَامَةُ بَيْضَهَا: شتر مرغ کا انڈوں کو تہ بتہ رکھنا — الرَّجُلَ: ذلیل کرنا۔

اَوْضَعَ الْبَعِيْرُ: اُونٹ کا تیز دوڑنا — الْبَعِيْرَ اُونٹ کو تیز دوڑانا — اَوْضَعَ فِي تِجَارَتِهٖ: تجارت میں نقصان اٹھانا۔

وَاضَعَهٗ وِضَاعًا و مُوَاضَعَةً۔ شرط لگانا۔
ہٗ فِي الْاَمْرِ: کسی معاملہ میں موافقت کرنا۔
وَاضَعَهُ الْبَيْعَ: بیع کو چھوڑنا۔ وَاضَعَه الرِّهَانَ: شرط باطل کرنا۔ اور تم کہتے ہو "هَلُمَّ اُوَاضِعْكَ الرَّاْيَ" یعنی آؤ تم مجھ کو اور میں تم کو اپنی رائے سے مطلع کروں۔

اِتَّضَعَ۔ ذلیل ہونا۔ عاجز ہونا۔ لئیم ہونا۔ حسب میں کم رتبہ ہونا — الْبَعِيْرَ رَاكِبُهٗ: اُونٹ کے سر کو جھکا کر سوار ہونا۔

تَوَاضَعَ۔ ذلیل ہونا۔ عاجز ہونا۔ خاکسار ہونا۔ تَوَاضَعَتِ الْاَرْضُ: پست ہونا۔ تَوَاضَعَ الْقَوْمُ عَلٰى كَذَا: متفق ہونا — مَا بَيْنَنَا: دور ہونا۔

اِسْتَوْضَعَ اِسْتِيْضَاعًا مِنْهُ: گھٹانے کے لیے کہنا — ہٗ فِي دَيْنِهٖ: قرض میں نرمی طلب کرنا۔

الْوَضْع۔ مص۔ جگہ۔ ج اَوْضَاع۔

الْوَضْعَة و الْوِضْعَة۔ جگہ۔ مرکز۔

الْوَاضِع۔ فا۔ امْرَأَةٌ وَاضِعٌ: بے اوڑھنی کے عورت۔ نَاقَةٌ وَاضِعٌ: ترش نباتات میں رہ کر چرنے والی اُونٹنی۔

الْوَضِيْع۔ خسیس، ردی، امانت۔ کہا جاتا ہے "وَضَعْتُ عِنْدَهٗ وَضِيْعَةً" میں نے اس کے پاس امانت رکھی۔

الْوَضِيْعَة۔ قیمت کی کمی۔ امانت۔ ترش نباتات۔ عشر یا خراج وغیرہ جو بادشاہ وصول کرے۔ منہ بولا بیٹا۔ لشکر کی ایک جماعت جو کسی مقام پر مقرر کی جائے اور وہ جنگ نہ کرے۔ ایسی کتاب جس میں حکمت کی باتیں لکھی جائیں۔ ایک قسم کا کھانا جس میں گیہوں کوٹ کر گھی ملا کر کھاتے ہیں ج وَضَائِع
الْوَضَائِعُ: مسافروں کا اسباب۔

التَّوْضِيْع۔ مص۔ کہا جاتا ہے "فِي كَلَامِهٖ تَوْضِيْعٌ" اس کے کلام میں زنانہ پن ہے۔

الْمَوْضَعُ و الْمَوْضِع۔ مص۔ رکھنے کی جگہ ج مَوَاضِع۔

الْمَوْضِعَة۔ موضع میں ایک لغت ہے اور کہا جاتا ہے "لَهٗ فِي قَلْبِي مَوْضِعَةٌ و مَوْقِعَةٌ" اس کی میرے دل میں محبت ہے۔

الْمُوَضَّع۔ مفع۔ توڑا ہوا۔ ٹکڑے ٹکڑے کیا ہوا۔

الْمَوْضُوْعُ۔ مص۔ مفع۔ مَوْضُوْعُ الْعِلْمِ: جس کے عوارض ذاتیہ سے بحث کی جائے۔ جیسے علم طب میں جسم انسان مِنْ حَيْثُ الصِّحة والمرض موضوع الکلام: گفتگو کا مرکزی نقطہ جس پر کلام جاری ہو۔ ج مَوَاضِيْع و مَوْضُوْعَات۔ الْاَحَادِيْثُ الْمَوْضُوْعَة: گھڑی ہوئی باتیں۔

وَضَفَ يَضِفُ وَضْفًا الْبَعِيْرُ: اُونٹ کا تیز چلنا۔

وَضَمَ يَضِمُ وَضْمًا اللَّحْمَ: گوشت کو تختہ پر رکھنا۔

وَضَمَ يَضِمُ وُضُوْمًا الْقَوْمُ: اکٹھا ہونا۔ قریب قریب ہونا۔ بَنُو فُلَانٍ عَلٰى بَنِي فُلَانٍ: فلاں کی اولاد فلاں کی اولاد کے پاس آئی۔

اَوْضَمَ اِيْضَامًا اللَّحْمَ وَلِلَّحْمِ: گوشت کو تختہ پر رکھنا — الشَّجَرَ: ایک دوسرے کے اوپر کرنا۔

اِسْتَوْضَمَهٗ اِسْتِيْضَامًا۔ ظلم کرنا۔

الْوَضَمُ۔ گوشت کاٹنے کا قصائی کا تختہ۔ ج اَوْضَام و اَوْضِمَةٌ۔ کہا جاتا ہے "تَرَكَهُمْ لَحْمًا عَلٰى وَضَمٍ" اس نے ان پر مصائب ڈال کر ذلیل کر دیا اور رو در رو منہ بنا دیا۔

الْوَضَم۔ لکڑی یا چٹائی جس پر گوشت کو مٹی سے بچانے کیلئے رکھا جائے۔ دستر خوان۔

الْوَضِيْم۔ انگشت شہادت اور بنصر کے درمیان کا حصہ۔

الْوَضِيْمَة۔ میت کا کھانا (— و الْوَضْمَة) دو سو کے قریب لوگوں کی جماعت۔

الْمِيْضَمَة۔ گوشت کے تختہ کے رکھنے کی جگہ ج مَوَاضِم۔

وَضَنَ يَضِنُ وَضْنًا الشَّيْءَ: تہہ بہ تہہ رکھنا۔ ایک کو دوسرے پر موڑنا۔ دگنا کرنا۔ النِّسْعَ: بننا۔

تَوَضَّنَ لَهٗ: ذلیل و عاجز ہونا۔ محبوب ہونا۔

اِتَّضَنَ بِهٖ: متصل ہونا۔

الْوَضِيْن۔ تہ بتہ کیا ہوا۔ چوڑا استر۔ بال یا تسموں سے بنا ہوا۔ اور بقول بعض ہودہ کا تنگ ج وُضُنٌ۔

الْمَوْضُوْنَة۔ باریک بنی ہوئی زرہ یا جواہر سے بنی ہوئی زرہ۔

الْمِيْضَنَة۔ کھجور کے پتوں کا بنا ہوا ٹوکرا۔ ج مَوَاضِن۔

الْمِيْضَانَة۔ زنبیل۔ ج مَوَاضِيْن۔

وَطَّ يَوُطُّ وَطًّا الْوَطْوَاطُ: چمگادڑ کا آواز کرنا — الْمَحْمِلُ: چرچرانا۔

وَطِئَ يَطَأُ وَطْأً الشَّيْءَ بِرِجْلِهٖ: پیر سے روندنا — الْفَرَسَ: گھوڑے پر سوار ہونا — اَرْضَ عَدُوِّهٖ: دشمن کے ملک میں داخل ہونا۔

وَطَأَ يَطَأُ وَطْأً الشَّيْئَ :تیار کرنا- آسان کرنا-
وَطُؤَ يَوْطُؤُ وَطَاءَةً و وُطُوْءَةً المَوْضِعُ :نرم ہونا-
وَطَّأَ تَوْطِئَةً الشَّيْئَ بِرِجْلِهٖ : پیر سے روندنا — الفِرَاشَ : بچھونا نرم کرنا — الْأَمْرَ : درست کرنا- آسان کرنا — المَوْضِعَ :نرم بنانا — الشِّعْرَ وفِيْهِ :لفظاً ومعنیاً قافیہ دہرانا-
اَوْطَأَ اِيْطَاءً فُلَانًا الْأَرْضَ و بِالْأَرْضِ : روندوانا- اَوْطَأَهٗ فَرَسَهٗ : سوار کرانا- اَوْطَأَهٗ عَلَى الْأَمْرِ : موافقت کرنا- اَوْطَأَ الشِّعْرَ و فِي الشِّعْرِ :لفظاً ومعنیً قافیہ دہرانا-
وَاطَأَ مُوَاطَأَةً فُلَانًا عَلَى الْأَمْرِ : موافقت کرنا — فِي الشِّعْرِ :لفظاً ومعنیً قافیہ دہرانا-
تَوَطَّأَ فُلَانًا بِرِجْلِهٖ :چلنا- روندنا — هٗ عَلَى الْأَمْرِ : موافقت کرنا — القَوْمُ عَلَى الْأَمْرِ : ایک دوسرے کے موافق ہونا-
اِتَّطَأَ اِتِّطَاءً وَ اِيْتَطَأَ اِيْتِطَاءً الشَّيْئُ : آسان ہونا- تیار ہونا — الْأَمْرُ :درست ہونا اور انتہا کو پہنچنا-
اِسْتَوْطَأَ الشَّيْئَ :نرم پانا-
الوَطْءُ مص-(— و الوَطَاءُ)پست و نرم زمین-
الوِطَاءُ و الوَطَاءُ- فرش-
الوَطْأَة- وطأ کا اسم مرۃ- قدم کی جگہ- بھینچ یا دباؤ-
الوَطَاءَة و الوُطُوْءَة- مص - نرمی' آسانی- کہا جاتا ہے "اَنَا اُحِبُّ وَطَاءَةَ الْعَيْشِ" میں خوش عیشی کو پسند کرتا ہوں-
الوَاطِئَة و الوَطْأَة- راستہ میں گزرنے والے لوگ- الوَاطِئَة :گری ہوئی کھجوریں-
الوَطِيْئُ- پست- نرم آسان- ہموار- روندا ہوا-
الوَطِيْئَة- وَطِيْئ کا مونث- کھجور جس کی گٹھلی نکال کر دودھ میں گوندھیں- نرم عصیدہ (آٹا گھی ملا ہوا ایک کھانا) شکر پنیر ملا ہوا-
المَوْطَأُ و المَوْطِئُ- قدم کی جگہ-
المِيْطَأُ- پست و نرم زمین-
المُوَطَّأُ- مفعو- کہا جاتا ہے "رَجُلٌ مُوَطَّأُ الْأَكْنَافِ" نرم اخلاق والا' فیاض مہمان نواز مرد- "وَهُوَ مُوَطَّأُ الْعَقِبِ" وہ ایسا شخص ہے جس کے پیچھے بہت لوگ چلتے ہیں-

الوَطْب- دودھ کی مشک ج اَوْطُب و وِطَاب و اَوْطَاب و جج اَوَاطِب- کہا جاتا ہے صَفِرَتْ وِطَابُهٗ یعنی مرگیا یا قتل کیا گیا- الوَطْب بڑی پستان- سخت دل والا مرد-
الوَطْبَاء- بڑی پستان والی عورت-
وَطَحَهٗ يَطَحُهٗ وَطْحًا و طِحَةً- ہاتھوں سے زور سے ہٹانا-
تَوَاطَحَ القَوْمُ :ایک دوسرے کے ساتھ برائی یا جنگ کرنا- تَوَاطَحَتِ الْإِبِلُ عَلَى الْحَوْضِ : اونٹوں کا حوض پر ہجوم کرنا-
الوَطْح- مص- کھر یا چنگل میں لگی ہوئی مٹی وغیرہ-
وَطَدَ يَطِدُ وَطْدًا الشَّيْئَ : مضبوط کرنا- پائیدار کرنا- بوجھل کرنا- صفت مفعولی وَطِيْد و مَوْطُوْد — الْأَرْضَ : سخت ہونے کے لیے کوٹنا — الشَّيْئَ اِلَيْهِ : ملانا — لَهٗ مَنْزِلَةً : تیار کرنا — هٗ اِلَى الْأَرْضِ : جھکانا دبانا — الشَّيْئُ :ثابت و قائم ہونا- چلنا — الصَّخْرَ عَلَى الغَارِ :تہ بتہ رکھنا-
وَطَّدَ الشَّيْئَ :بمعنے وَطَدَهٗ-
تَوَطَّدَ- مضبوط و ثابت ہونا- کہا جاتا ہے "وَطَّدَهٗ فَتَوَطَّدَ" اس نے اس کو مضبوط کیا پس وہ ہو گیا "وَتَوَطَّدَتْ لَهٗ عِنْدَهُمْ مَنْزِلَةٌ" ان کے نزدیک اس کا مرتبہ قائم ہو گیا-
الوَاطِد و الوَطِيْد و المَوْطُوْد- مضبوط و ثابت-
الْأَوْطَاد- بہت سے پہاڑ-
الوَطِيْدَة- عمارت کی بنیاد- پایہ دیگدان ج وَطَائِد- کہا جاتا ہے "اَنْتَ مِنْ وَطَائِدِ الْحَقِّ" تو سچائی کا ستون ہے- "وَلَهٗ عِنْدَهٗ وَطِيْدَةٌ" اس کے نزدیک اس کا مرتبہ ہے-
المِيْطَدَة- دُرمٹ-
المُتَوَاطِد- مضبوط- جما ہوا- سخت- ایک دوسرے کے پیچھے-
الوَطَر- حاجت- مقصود- ج اَوْطَار- کہا جاتا ہے "قَضٰى مِنْهُ وَطَرَهٗ و اَوْطَارَهٗ" اس نے اپنی حاجت پوری کرلی-
وَطَسَهٗ يَطِسُهٗ وَطْسًا- چرمی موزہ وغیرہ سے ٹھوکر مارنا — الشَّيْئَ :توڑنا- کوٹنا-

تَوَاطَسَ- المَوْجُ : موجوں کا باہم ٹکرانا- القَوْمُ عَلَيَّ :بھیڑ کرنا-
الوَطَّاس- چرواہا-
الوَطِيْس- تنور اور جو اس کے مشابہ ہو- میدانِ جنگ- کہا جاتا ہے حَمِيَ الْوَطِيْسُ یعنی جنگ سخت ہوگئی- ج اَوْطِسَةٌ و وُطُسٌ-
الوَطِيْسَة- معاملہ کی سختی-
وَطَشَهٗ يَطِشُهٗ وَطْشًا- مارنا — هٗ عَنْ فُلَانٍ :ہٹانا- دور کرنا — الْحَدِيْثَ او الخَبَرَ- کچھ بیان کرنا — الكَلَامَ :وضاحت نہ کرنا- کہا جاتا ہے "مَا وَطَشَ لَنَا بِشَيْئٍ" اس نے ہمیں کچھ نہیں دیا-
وَطَّشَ الْحَدِيْثَ : کچھ بیان کرنا — لَهٗ : گفتگو یا رائے یا عمل کو تیار کرنا — هٗ : تھوڑا سا دینا — القَوْمَ عَنْهُ :ہٹانا — فِيْهِ :اثر کرنا- کہا جاتا ہے "ضَرَبُوْهُ فَمَا وَطَّشَ اِلَيْهِمْ" لوگوں نے اسے مارا اور اس نے ہاتھ نہیں اٹھایا- سَاَلُوْهُ فَمَا وَطَّشَ اِلَيْهِمْ بِشَيْئٍ لوگوں نے اس سے مانگا اور اس نے کچھ نہیں دیا-
وَطِفَ يَوْطَفُ وَطَفًا- گھنی ابروؤں اور لمبی پلکوں والا ہونا- صفت اَوْطَفُ- مؤنث وَطْفَاء ج وُطْفٌ- وَطِفَ المَطَرُ :زور سے برسنا-
وَطَفَ يَطِفُ وَطْفًا- شکار وغیرہ کو بھگانا اور اس کے پیچھے پڑنا-
الوَطَف- مص- اور کہا جاتا ہے "فِي السَّحَابَةِ وَطَفٌ" جبکہ بادل لٹکے ہوئے ہوں-
ظَلَامٌ اَوْطَفُ- سخت تاریکی- سَحَابٌ اَوْطَفُ : زمین سے قریب بادل- عَامٌ اَوْطَفُ فراخ سالی : عَيْشٌ اَوْطَفُ : خوشحال زندگی- سَحَابَةٌ وَطْفَاءُ :پانی سے بوجھل ہو کر لٹکا ہوا بادل-
الوَطْفَة- تھوڑے بال-
الوِطَاق- خیمہ- ج وِطَاقَات-
وَطَمَهٗ يَطِمُهٗ وَطْمًا- روندنا- وَطَمَ السِّتْرَ :پردہ لٹکانا-
وَطِمَ يَوْطَمُ وَطَمًا و وُطِمَ الرَّجُلُ :پاخانہ روکنا-
وَطَنَ يَطِنُ وَطْنًا و اَوْطَنَ اِيْطَانًا بِالمَكَانِ :

اقامت کرنا۔

وَطَّنَ و اَوْطَنَ و تَوَطَّنَ واِتَّطَنَ واِسْتَوْطَنَ الْبَلَدَ۔ وطن بنانا۔ وَطَّنَ نَفْسَهٗ عَلَى الْاَمْرِ و لِلْاَمْرِ: آمادہ کرنا۔ برانگیختہ کرنا۔ تَوَطَّنَتْ نَفْسُهٗ عَلٰى كَذَا: اس کانفس فلاں پر برانگیختہ کیا گیا۔

وَاطَنَهٗ عَلَى الْاَمْرِ: کسی کے ساتھ کوئی کام کرنے کو دل میں پوشیدہ کرنا۔

اَلْوَطَنُ۔ جائے سکونت۔ اقامت گاہ۔ مویشی باندھنے کی جگہ۔ ج اَوْطَان۔

اَلْمَوْطِنُ۔ وطن۔ میدان جنگ۔ ج مَوَاطِن۔

اَلْمِيْطَانُ۔ غایت۔ انتہا۔ گھوڑ دوڑ کے میدان میں جہاں سے گھوڑے چھوڑے جائیں۔ اور آخری جگہ کو مِيْتَاءُ و مِيْدَاءُ کہتے ہیں۔

وَطْوَطَ۔ کمزور ہونا۔ جلدی بولنا۔

اَلْوَطْوَاطُ۔ چمگادڑ۔ ایک قسم کی پہاڑی ابابیل ج وَطَاوِط و وَطَاوِيط۔ اَلْوَطْوَاطُ: کمزور عقل والا آدمی۔ جلدی بولنے والا۔

اَلْوَطْوَاطَةُ۔ جلدی بولنے والی۔ چیخنے چلانے والی۔

وَطَّى تَوْطِيَةً الشَّيْءَ: پست کرنا۔ مرتبہ گھٹانا۔

تَوَطّٰى۔ پست ہونا۔ مرتبہ گھٹنا۔ وَطَّأَ و تَوَطَّأَ میں ایک لغت ہے۔

وَظَبَ يَظِبُ وُظُوْبًا الْاَمْرَ و عَلَى الْاَمْرِ: ہمیشگی کرنا۔ صفت وَاظِبٌ (۔۔۔ وَظْبًا) الشَّيْءَ: روندنا۔

وَاظَبَ مُوَاظَبَةً عَلَى الْاَمْرِ: مداومت کرنا۔ ۂ عَلٰى خِدْمَةِ فُلَانٍ: برانگیختہ کرنا۔ اُکسانا۔

تَوَاظَبَتْ عَلَيْهِ الرِّيَاحُ: لگاتار پے در پے آنا۔

اَلْمِيْظَبُ۔ گول تیز پتھر۔

اَلْمَوْظُوْبُ۔ مفعو۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ مَوْظُوْبٌ" ایسا مرد جس کے مال پر بار بار تباہی آئی ہو۔

وَظِرَ يَوْظَرُ وَظَرًا۔ موٹا و پُرگوشت ہونا۔ صفت وَظِرٌ۔

وَظَفَ يَظِفُ وَظْفًا الْبَعِيْرَ: پاؤں کی رسی چھوٹی کرنا۔ پنڈلی پر مارنا ۔۔۔ الْقَوْمَ: پیروی کرنا۔ ۔۔۔ الشَّيْءَ عَلٰى نَفْسِهٖ: لازم کرنا۔ مقرر کرنا۔

وَظَّفَ۔ روزینہ مقرر کرنا۔ وظیفہ مقرر کرنا۔ وَظَّفَ عَلَيْهِ عَمَلًا: کام مقرر کرنا۔ کہا جاتا ہے "وَظَّفَ لَهُ الرِّزْقَ وَلِدَابَّتِهِ الْعَلَفَ" اس نے اس کے لئے روزی اور چوپائے کے لیے چارہ مقرر کیا و وَظَّفَ عَلَى الصَّبِيِّ كُلَّ يَوْمٍ حِفْظَ اٰيَاتٍ مِنْ كِتَابِ اللّٰهِ اس نے بچے پر ہر روز چند آیتیں یاد کرنے کے لیے مقرر کیں۔

وَاظَفَهٗ۔ موافقت کرنا۔ ہمیشہ ساتھ رہنا۔

اِسْتَوْظَفَ الشَّيْءَ: پورا لے لینا۔

اَلْوَظِيْفُ۔ گھوڑے یا اونٹ وغیرہ کی پنڈلی کا پتلا حصہ ج وُظُفٌ و اَوْظِفَةٌ۔ اَلْوَظِيْفُ: سخت زمین پر چلنے پر قادر مرد۔ کہا جاتا ہے "جَاءَتِ الْاِبِلُ عَلٰى وَظِيْفٍ وَاحِدٍ" اونٹ ایک دوسرے کے پیچھے گویا کہ ایک قطار میں آئے۔

اَلْوَظِيْفَةُ۔ عمل معین۔ روزینہ۔ رزق وغیرہ عہد و شرط ج وَظَائِف و وُظُفٌ۔ اور بسا اوقات منصب اور خدمت کیلئے بھی استعمال کیا جاتا ہے اور کہا جاتا ہے "لِلدُّنْيَا وَظَائِفُ" یعنی دنیا بدلتی سدلتی رہتی ہے۔

اَلْوَعُّ۔ گیدڑ۔ گیدڑ کی آواز کی نقل۔ بچے کے رونے کی آواز۔

وَعَبَ يَعِبُ وَعْبًا الشَّيْءَ: سب لے لینا۔

اَوْعَبَ اِيْعَابًا الشَّيْءَ: سب لے لینا۔ جمع کرنا ۔۔۔ الْاَمْرَ: فارغ ہونا ۔۔۔ الرَّجُلَ: پوری زبان کاٹ لینا ۔۔۔ الشَّيْءَ فِي الشَّيْءِ: پورا داخل کردینا ۔۔۔ فِيْ مَالِهٖ: فضول خرچی کرنا ۔۔۔ الْقَوْمُ: پوری قوم کا نکل جانا۔

اِسْتَوْعَبَ اِسْتِيْعَابًا الشَّيْءَ: سب لے لینا۔ جڑ سے اُکھیڑنا ۔۔۔ الْحَدِيْثَ: پوری بات حاصل کرنا ۔۔۔ الْمَكَانُ او الْوِعَاءُ الشَّيْءَ: گنجائش ہونا۔

اَلْوَعْبُ۔ کشادہ راستہ۔ ج وِعَابٌ۔

اَلْوَعِيْبُ۔ کشادہ۔ کہا جاتا ہے "بَيْتٌ وَعِيْبٌ و وِعَاءٌ وَعِيْبٌ" فراخ مکان۔ فراخ برتن۔

اَلْمُوْعَبُ۔ کشادہ کیا ہوا۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا اَوْعَبُ لِكَذَا" یہ فلاں چیز کے حاصل کرنے کے لائق ہے۔

وَعِثَ يَوْعَثُ وَعْثًا و وَعُثَ يَوْعُثُ وُعُوْثَةً الطَّرِيْقُ: راستہ دشوار گزار ہونا ۔۔۔ الْاَمْرُ: گڑبڑ ہونا۔ خراب ہونا۔ صفت وَعْثٌ و وَعِثٌ و مُوْعَثٌ و اَوْعَثُ۔

وَعِثَتْ تَوْعَثُ وَعَثًا يَدُهٗ: ہاتھ ٹوٹنا صفت وَعْثَةٌ۔

وَعَّثَهٗ تَوْعِيْثًا عَنِ الْاَمْرِ: باز رکھنا۔ روکنا۔

اَوْعَثَ۔ سخت دشوار گزار راستہ میں پڑنا ۔۔۔ الرَّجُلُ: خلط ملط کرنا۔ دشوار گزار راستہ میں چلنا ۔۔۔ فِيْ مَالِهٖ: فضول خرچی کرنا۔ الْمُتَكَلِّمُ گفتگو سے عاجز ہونا ۔۔۔ الْاَمْرَ: بگاڑنا۔ فاسد کرنا ۔۔۔ فُلَانًا: دشوار گزار راستہ میں چلنے پر برانگیختہ کرنا۔

اَلْوَعْثُ۔ مص۔ توڑی ہوئی ہڈی۔ لاغری۔ سخت دشوار۔ دشوار گزار راستہ۔ ہر مشکل کام ج وُعْثٌ و وُعُوْثٌ۔

اَلْوَعْثَاءُ۔ مشقت۔ تھکن۔ ہر بری خصلت۔ کہا جاتا ہے "رَكِبَ الْوَعْثَاءَ" یعنی گناہ کا ارتکاب کیا۔

اَلْوُعُوْثُ۔ سختی و برائی۔

اَلْمَوْعُوْثُ۔ ناقص حسب والا۔

وَعَدَ يَعِدُ وَعْدًا و عِدَةً و مَوْعِدًا و مَوْعِدَةً و مَوْعُوْدًا و مَوْعُوْدَةً فُلَانًا الْاَمْرَ و بِالْاَمْرِ: وعدہ کرنا۔ وَعَدَتِ الْاَرْضُ: عمدہ فصل ہونے کی اُمید ہونا (۔۔۔ وَعِيْدًا) الرَّجُلُ: دھمکی دینا ۔۔۔ الْفَحْلُ: بڑبڑانا۔

اَوْعَدَ اِيْعَادًا۔ وعدہ کرنا۔ دھمکی دینا۔

وَاعَدَهٗ مُوَاعَدَةً۔ ایک دوسرے سے وعدہ کرنا ۔۔۔ ۂ الْمَوْضِعَ او الْوَقْتَ: وعدہ پورا کرنے کیلئے جگہ یا وقت مقرر کرنا۔

تَوَاعَدَ و اِتَّعَدَ الْقَوْمُ: ایک دوسرے سے وعدہ کرنا۔

تَوَعَّدَهٗ۔ دھمکی دینا۔

اِتَّعَدَ اِتِّعَادًا۔ وعدہ قبول کرنا اور بھروسہ کرنا ۔۔۔ ۂ: دھمکی دینا۔

اِيْتَعَدَ يَاتَعِدُ فَهُوَ مُوْتَعِدٌ۔ اِتَّعَدَ میں ایک ضعیف لغت ہے۔

اِسْتَوْعَدَهٗ۔ وعدہ کرانا۔

اَلْوَعْدُ۔ مص۔ بعضوں کے نزدیک اس کی جمع نہیں آتی اور بعض کے نزدیک اس کی جمع وُعُوْد آتی ہے۔

العِدَةُ-وعدہ-

المَوْعِد- مص - وعدہ- وعدہ کا وقت- وعدہ کی جگہ-عہد-ج مَوَاعِد-

المِيْعَاد- وعدہ کا وقت- وعدہ کی جگہ- بمعنے مُوَاعَدَة ج مَوَاعِيْد-

اَمْوعُوْد- مفع - اَلْيَوْمُ الْمَوْعُوْد : قیامت کا دن-

وَعَزَ يَعِزُ وَعْزًا فُلَانًا :روکنا-ہٹانا (— وَعْرًا و وُعُوْرًا و وَعِرَ يَوْعَرُ و يَعِرُ و وَعُرَ يَوْعُرُ و عَارَةً و وُعُوْرَةً) المَكَانُ : سخت ہونا- دشوار گزار ہونا- صفت وَعْرٌ و وَعُرَ الشَّئُ :کم ہونا- صفت وَعْرٌ- کہا جاتا ہے "رَجُلٌ وَعْرُ الْمَعْرُوْفِ" مروکم احسان وکم خیر-

وَعَّرَ المَكَانَ : سخت بنانا — الرَّجُلَ : روکنا-ہٹانا — المُتَكَلِّمَ :بات کاٹ دینا-

اَوْعَرَ اِيْعَارًا بِهِ الطَّرِيْقُ : راستہ دشوار ہونا- سخت جگہ میں پہنچانا — الرَّجُلُ : سخت زمین میں پڑنا- کم مال والا ہونا — الشَّئَ :کم کرنا (— و اِسْتَوْعَرَ) المَكَانَ او الطَّرِيْقَ :دشوار و سخت پانا-

تَوَعَّرَ المَكَانُ : سخت ہونا — الْاَمْرُ عَلَيَّ : سخت ومشکل ہونا — الرَّجُلُ : سختی کرنا — فِي الْكَلَامِ سرگشتہ و متحیر ہونا — هُ فِي الكَلَامِ : حیران بنانا-

الوَاعِر- فا- دشوار (— و الوَعْر) ج اَوْعُرُ و وُعُوْر و اَوْعَار و وُعُوْرَة- و الوَعِيْر ج اَوْعَار-

الاَوْعَر- سخت جگہ- کہا جاتا ہے "مَكَانٌ وَعْرٌ او طَرِيْقٌ وَعْرٌ او مَطْلَبٌ وَعْرٌ" سخت جگہ یا راستہ یا مطلب-الوَعْرُ: خوفناک متوحش جگہ-

الوَعْرِيَّ مِنَ الكَلَامِ : قلیل الاستعمال جو ثقیل اور ذوق پر گراں ہو-

وَعِزَ يَعِزُ وَعْزًا و وَعَّزَ تَوْعِيْزًا و اَوْعَزَ اِيْعَازًا اِلَيْهِ فِي كَذَا اَنْ يَّفْعَلَهُ او يَتْرُكَهُ : آگے بڑھ کر فعل یا ترک فعل کا اشارہ کرنا-

وَعَسَ يَعِسُ وَعْسًا الشَّئَ : روندنا هُ الدَّهْرُ : تجربہ کار بنانا-

اَوْعَسَ اِيْعَاسًا القَوْمُ : ریگستان میں چلنا- رات میں چلنا- اَوْعَسَتِ الْاِبِلُ : اُونٹ کا چلنے میں گردن لمبی اور قدم کشادہ کرنا-

وَاعَسَهُ- رات کے وقت چلنے میں مقابلہ کرنا-

وَاعَسَتِ الْاِبِلُ : چلنے میں گردن لمبی اور قدم کشادہ کرنا-

الوَعْس- مص- نشان- ریت جس میں چلنا دشوار ہو- درخت کا نام جس کی لکڑی سے بربط اور رباب وغیرہ بناتے ہیں-ج اَوْعَاس-

الوَعْسَة- ریت جس میں قدم دھنس جائیں اور چلنا دشوار ہو-

الاَوْعَس- وہ جگہ جہاں نرم ریت ہو اور چلنا دشوار ہو-ج وُعْسٌ و اَوْعُس وجج اَوَاعِس-

الوَعْسَاء- نرم ریت کا ٹیلہ جس میں عمدہ سبزیاں پیدا ہوں-

المَوْعِس- ریت جس میں چلنا دشوار ہو-

المِيْعَاس- نرم ریت- زمین جس پر کوئی نہ کوئی چلا ہو- راستہ-ج مَوَاعِيْس

المُوْعَس- چلا ہوا راستہ-

الوعاط- سرخ یا زرد گلاب-

وَعَظَه يَعِظُهُ وَعْظًا و عِظَةً- نصیحت کرنا- توبہ کرانے والی اور اصلاح اخلاق پر برانگیختہ کرنے والی باتیں یاد دلانا-

اِتَّعَظَ- نصیحت قبول کرنا- نصیحت پر عمل کرنا-

الوَعْظَةُ- وَعَظَ کا اسم مرة- وعظ و نصیحت ج وَعَظَات-

العِظَة- وعظ و نصیحت ج عِظَات-

الوَاعِظ-فا- ج وَاعِظُوْن و وُعَّاظ-

الوَعَّاظ- واعظ کا اسم مبالغہ-

المَوْعِظَة- وعظ کا اسم ہے- وعظ و نصیحت ج مَوَاعِظ-

وَعَفَ يَوْعَفُ وُعُوْفًا البَصَرُ : نگاہ کا کمزور ہونا-

الوَعْف- سخت زمین جس میں پانی ٹھہر جائے ج وِعَاف-

وَعَقَ يَعِقُ وَعْقًا و وُعَاقًا و وَعِيْقًا الفَرَسُ : گھوڑے کے چلتے ہوئے پیٹ میں گڑگڑاہٹ ہونا-

وَعِقَ يَعِقُ وَعْقًا عَلَيْهِ :جلدی کرنا-

وَعُقَ يَوْعُقُ وَعْقَةً و تَوَعَّقَ و اِسْتَوْعَقَ کمینہ خصلت والا ہونا- صفت وَعْقٌ و وَعِقٌ و وَعْقَةٌ و وَعِقَةٌ-

وَعَّقَهُ- مخالفت کرنا- روکنا- بدخوئی کی طرف نسبت کرنا- فاسد کرنا- کہا جاتا ہے "وَعَّقَهُ الطَّمْعُ او الْجَهْلُ" اس کو لالچ یا جہالت نے خراب کردیا- کہا جاتا ہے "مَا اَوْعَقَهُ" وہ کس قدر جلد باز ہے-

الوَعْقَة- اسم مرة- بدخلقی- درشت خوئی- کہا جاتا ہے "بِهِ وَعْقَةٌ" اس کے ساتھ بدخلقی ہے یعنی وہ بدخلق ہے-

الوُعَاق و الوَعِيْق- چلنے کے وقت گھوڑے کے پیٹ کی آواز- ہر چیز کی آواز-

وَعَكَ يَعِكُ وَعْكًا و وَعْكَةً الْحَرُّ :گرمی تیز ہونا- وَاعَكَتْهُ الْحُمّٰى : تیز بخار چڑھنا- صفت مفعولی مَوْعُوْك — الرَّجُلُ : تھکن یا مرض کی وجہ سے تکلیف پہنچنا (— وَعْكًا) الشَّئَ :توڑنا (— و اَوْعَكَ) الشَّئَ فِي التُّرَابِ : مٹی میں لوٹ پوٹ کرانا- اَوْعَكَتِ الْاِبِلُ عِنْدَ الْحَوْضِ :بھیڑ کرنا-

تَوَعَّكَ- بخار چڑھنا-

الوَعْك- مص (— و الوَعِك و المَوْعُوْك) بخار والا-

الوَعْكَة- مص- وَعَكَ کا اسم مرة- ہوا کا رُکنا اور گرمی کا بڑھنا- دوڑنے میں سخت گرنا- میدان جنگ- مرض- وَعْكَةُ الْحُمّٰى :بخار کی تیزی- وَعْكَةُ الْاَمْرِ : معاملہ کی سختی- وَعْكَةُ الْاِبِلِ : اُونٹوں کے گلے-

المَوْعُوْك- مفع- بخار والا-

وَعَلَ يَعِلُ وَعْلًا الرَّجُلُ :اوپر سے جھانکنا-

تَوَعَّلَ الْجَبَلَ :پہاڑ پر چڑھنا-

اِسْتَوْعَلَ اِلَيْهِ : پناہ لینا- اِسْتَوْعَلَتِ الْاَوْعَالُ :پہاڑی بکریوں کا پہاڑ کی چوٹی پر چڑھنا-

الوَعْل و الوَعِل و الوُعِل- پہاڑی بکرا- ج اَوْعَال و وُعُوْلٌ و وُعُلٌ و وَعِلَة و مَوْعَلَة : آخر کے دو اسم جمع ہیں- مؤنث وَعِلَة ج وَعِلَات و وِعَال الوَعْل : شریف- جائے پناہ- ج اَوْعَال و وُعُوْلٌ کہا جاتا ہے "مَا لَكَ عَنْهُ وَعْلٌ" تجھے اس سے کوئی چارہ نہیں "وَهُمْ

عَلَيْنَا وَغْلٌ وَاحِدٌ" وہ سب ہمارے خلاف عداوت میں متفق ہیں۔

الوَغْلَة۔ پہاڑ میں بلند جگہ ـــ مِنَ الْقَمِيْصِ قمیص کا تکمہ۔ وَغْلَةُ الْإِبْرِيْقِ :لوٹے کا دستہ۔

الْمُسْتَوْعِل۔ پہاڑ کی چوٹی پر پہاڑی بکرے کی جائے پناہ ج مَسْتَوْعِلَات۔

وَعَمَ و وَعِمَ يَعِمُ وَعْمًا الدِّيَارَ :خوش باش کہنا اور اسی سے ہے "عِمْ صَبَاحًا وَعِمْ مَسَاءً" وَعَمَ بِالْخَيْرِ :نیکی کی خبر دینا۔

الوَعْم۔ مص۔ پہاڑ میں نشان جو بقیہ رنگ کے مخالف ہو ج وِعَام۔

تَوَعَّنَ الشَّيْءَ :پورا لے لینا۔ تَوَعَّنَتِ الدَّابَّةُ چوپائے کا انتہائی موٹا ہونا۔

الْوَعْنُ وَالْوَعْنَةُ۔ سخت زمین۔ زمین میں سفید جگہ جہاں کچھ نہ اُگے ج وِعَان۔ الوَعْنُ :جائے پناہ۔

وَعْوَعَ وَعْوَعَةً و وَعْوَاعًا الْكَلْبُ او ابْنُ آوَى :بھونکنا ـــ الْقَوْمُ :شور مچانا ـــ الْقَوْمُ : قوم کو جھڑ جھڑا دینا۔

الوَعْوَاع۔ مص۔ لوگوں کی جماعت جو شور مچاتی ہو۔ بیہودہ گو۔ گیدڑ یا کتے کی آواز دیدبان۔

الوَعْوَع۔ گیدڑ۔ لومڑی۔ بلیغ خطیب۔ بیابان۔ دیدبان ج وَعَاوِع۔ الوَعَاوِع : دلاور لوگ۔

الوَعْوَعِي :خوش طبع تیز خاطر۔

وَعَى يَعِي وَعْيًا الشَّيْءَ : جمع کرنا ـــ الْحَدِيْثَ : قبول کرنا۔ غور کرنا۔ یاد کرنا ـــ الْأُذُنُ : سننا ـــ الْقَيْحُ فِي الْجُرْحِ : پیپ کا زخم میں جمع ہونا ـــ الْجُرْحُ : زخم سے پیپ بہنا ـــ الْعَظْمُ : ہڈی کا ٹوٹنے کے بعد درست ہونا۔

أَوْعَى إِيْعَاءً الْكَلَامَ أَوِ الشَّيْءَ :یاد کرنا۔ جمع کرنا ـــ الزَّادَ وَ نَحْوَهُ : برتن میں رکھنا ـــ الرَّجُلَ وَ عَلَيْهِ : بخل کرنا (ـــ وَاسْتَوْعَى اِسْتِيْعَاءً) الشَّيْءَ سارا لینا۔

الوَعْي۔ مص۔ پیپ (ـــ والوَعَى) شور۔ اور کہا جاتا ہے "مَالِي عَنْهُ وَعْيٌ" مجھے اس سے کوئی چارہ نہیں۔ "فَرَسٌ وَعًى" مضبوط و قوی گھوڑا۔

الوِعَاءُ والوُعَاءُ۔ برتن ج أَوْعِيَة و ج ج أَوَاعٍ۔

الوَاعِي۔ فا۔ وَاعِي الْيَتِيْمِ :یتیم کا والی و نگہبان۔

الوَاعِيَة۔ وَاعِي کا مؤنث۔ آواز۔ چیخ۔ کہا جاتا ہے هُوَ أَوْعَى مِنْ فُلَانٍ : وہ فلاں سے زیادہ یاد کرنے والا اور زیادہ سمجھدار ہے۔ "وَهُوَ أَوْعَى مِنْ نَمْلَةٍ" وہ چیونٹی سے زیادہ جمع کرنے والا ہے۔

الوَعِيُّ۔ یاد کرنے والا۔ فقیہ۔

مَوْعِيُّ الرُّسْغِ :مضبوط کلائی والا۔

وَغَبَ يَوْغَبُ وَغَابَةً و وُغُوْبَةً الْجَمَلُ اُونٹ کا موٹا ہونا۔

الوَغْب۔ ردی سامان۔ موٹا اُونٹ۔ کمزور جسم والا۔ کمینہ۔ رذیل۔ ج أَوْغَاب و وِغَاب۔ مؤنث وَغْبَة (ـــ والوَغْبَة) بیوقوف۔

وَغَدَ يَغِدُ وَغْدًا الْقَوْمَ :خدمت کرنا۔

وَغُدَ يَوْغُدُ وَغَادَةً۔ ضعیف العقل و کمینہ ہونا۔

وَاغَدَهُ مُوَاغَدَةً۔ کسی کے فعل کی نقل کرنا۔

وَاغَدَ فُلَانًا فِي السَّيْرِ :رفتار میں مقابلہ کرنا۔

الوَغْد۔ ضعیف العقل۔ بیوقوف۔ کمینہ۔ بچہ۔ قوم کا خادم۔ غلام۔ ج أَوْغَاد و وُغْدَان و وِغْدَان۔ مؤنث وَغْدَةٌ۔ الوَغْد :جوئے کا ایک تیر جس کا کوئی حصہ نہیں۔ شکار۔

وَغَرَ يَغِرُ وَغْرًا الْيَوْمُ :سخت گرم ہونا۔ وَغَرَتْهُ الشَّمْسُ : تیز دھوپ پڑنا (ـــ و وَغِرَ يَوْغَرُ و يَيْغَرُ وَغَرًا) صَدْرُهُ عَلَى فُلَانٍ :غصہ سے بھڑک اٹھنا۔

وَغَّرَهُ تَوْغِيْرًا عَلَيْهِ :کینہ رکھنے پر برانگیختہ کرنا۔

أَوْغَرَهُ إِيْغَارًا۔ غضبناک کرنا۔ أَوْغَرَ صَدْرَهُ غصہ سے بھڑکانا ـــ الْمَاءَ : پانی گرم کرنا ـــ هُ إِلَى كَذَا : پناہ لینے پر مجبور کرنا ـــ الْخِنْزِيْرَ : سور کے بالوں کو گرم پانی سے صاف کر کے ذبح کرنا۔ "أَوْغَرَ الْمَلِكُ لِرَجُلٍ أَرْضًا وَأَوْغَرَهُ أَرْضًا" بغیر خراج کے زمین دینا ـــ الْقَوْمُ :گرمی کے وقت میں داخل ہونا۔ أَوْغَرُوْا بَيْنَهُمْ مِيْغَرًا" باہم وقت مقرر کرنا۔

تَوَغَّرَ۔ غصہ سے بھڑک اٹھنا۔

الوَغْر والوَغَر۔ مص۔ کینہ۔ دشمنی۔ وَغْرُ الْجَيْشِ لشکر کا شور۔

الوَغْرَة۔ اسم مرۃ۔ گرمی کی بھڑک۔ کہا جاتا ہے لَقِيْتُهُ فِي وَغْرَةِ الْهَاجِرَةِ" میں نے اس سے دوپہر کی گرمی میں ملاقات کی۔

الوَغِيْرُ۔ گرم پتھر پر بھنا ہوا گوشت (والوَغِيْرَة) گرم پتھروں سے گرم کیا ہوا دودھ۔

الْمِيْغَر۔ وقت معینہ۔ وعدہ۔

وَغَصَ تَوْغِيْصًا فِي الْإِنَاءِ :برتن میں بھرنا۔

وَغَفَ يَغِفُ وَغْفًا و وُغُوْفًا الْبَصَرُ : نگاہ کمزور ہونا ـــ الرَّجُلُ :جلدی چلنا اور دوڑنا۔

أَوْغَفَ إِيْغَافًا الرَّجُلُ :جلدی چلنا اور دوڑنا۔ کمزور نگاہ والا ہونا۔ بقدر کفایت کھانا کھانا۔

الْكَلْبُ : کتے کا ہانپنا ـــ الطَّائِرُ : پرندہ کا جلدی جلدی پر پھڑپھڑانا۔

الوَغِيْق۔ چلنے میں جانور کے پیٹ کی آواز۔

وَغَلَ يَغِلُ وُغُوْلًا فِي الشَّيْءِ : داخل ہو کر چھپنا، جانا اور دور جانا (ـــ وَغْلًا وَ وُغُوْلًا و وَغَلَانًا) عَلَى الْقَوْمِ :بغیر بلائے ہوئے شراب کی مجلس میں آکر پینا۔

أَوْغَلَ إِيْغَالًا فُلَانًا فِي كَذَا :داخل کرنا ـــ فِي السَّيْرِ : تیز چلنا ـــ فِي الْعِلْمِ و نَحْوِهِ : پوری طرح جد وجہد کرنا الْقَوْمُ :دشمن کے ملک میں دور تک گھستے ہوئے چلا جانا (ـــ و توغل) فِي الْبِلَادِ :جانا اور دور تک جانا۔

الوَغْل۔ مص۔ ست فرومایہ کوتاہی کرنے والا بغیر بلائے ہوئے کھانے پینے میں آنے والا۔ جائے پناہ۔ ایک قسم کا دانہ جو کبوتر کھاتے ہیں۔ گنجان درخت ج أَوْغَال (ـــ والوَغِل) جھوٹا نسب کا دعوی کرنے والا۔ بد خوراک۔

الوَغَّال۔ وصف بیان کرنے میں مبالغہ کرنے والا۔ گراں فروش۔

الْمُوْغِل۔ جلدی داخل ہونے والا۔

وَغَمَهُ يَغِمُهُ وَغْمًا۔ مغلوب کرنا۔ وَغَمَ بِالْخَبَرِ خبر کو بغیر تحقیق کے بیان کرنا۔ وَغَمَ إِلَى الشَّيْءِ :خیال جانا۔

وَغِمَ يَوْغَمُ وَغْمًا عَلَيْهِ :کینہ رکھنا۔

أَوْغَمَهُ۔ کینہ ور بنانا۔

تَوَغَّمَ عَلَيْهِ :غضبناک ہونا (ـــ وتَوَاغَمَ) الْأَبْطَالُ فِي الْحَرْبِ : سخت جنگ کرنا۔ اور بقول بعض آڑی ترچھی نظر سے دیکھنا۔

الوَغْم۔ مص۔ دل میں بیٹھا ہوا کینہ۔ لڑائی و

مقاتلہ۔ نفس۔ بیوقوف۔ کھانے میں سے جو گر جائے ج اَوْغَام۔ رَجُلٌ وَغْمٌ : کینہ ور۔
تَوَغَّنَ تَوَغُّنًا۔ جنگ میں پیش قدمی کرنا۔ عَلَی الْمَعَاصِي : اصرار کرنا۔
الوَغْنَة۔ کشادہ مٹکا۔
الوَغْی والوَغٰی۔ شور و آواز۔ لڑائی۔
وَفَدَ یَفِدُ وَفْدًا و وُفُوْدًا و وِفَادَةً و اِفَادَةً اِلٰی او عَلَی الْاَمِیْرِ : قاصد بن کر آنا۔ صفت وَافِد۔ ج وَفْدٌ و وُفُوْدٌ و وُفَّادٌ و وُفَّدٌ و اَوْفَادٌ۔
اَوْفَدَ اِیْفَادًا بلند ہونا — عَلَیْهِ : اوپر سے جھانکنا۔ تَوَفَّدَتِ الْاِبِلُ او الطَّیْرُ : ایک دوسرے سے آگے نکل جانا۔
تَوَافَدَ الْقَوْمُ عَلَیْهِ : اکٹھے وارد ہونا۔
اِسْتَوْفَدَ فِی قِعْدَتِهٖ : غیر مطمئن بیٹھنا۔ (لغت ہے اِسْتَوْفَزَ میں) — هُ : وفد بھیجنا۔
الوَفْد۔ مص۔ وَافِد کی جمع۔ وہ لوگ جو اکٹھے کسی شہر میں جائیں۔ وہ لوگ جو کسی مشترکہ غرض کے لیے بادشاہ یا حاکم کے پاس جائیں۔ الوَفْدُ : ریت کے ٹیلہ کی چوٹی۔ ج وُفُوْد و اَوْفَاد۔
الوَافِد۔ فا — مِنَ الْاِبِلِ و نَحْوِهَا : سب سے آگے رہنے والا۔ رخسارے کا وہ حصّہ جو کھانا چباتے وقت اُبھر جاتا ہے۔
الوُفَّاد۔ بہت وفد والا۔
وَفَرَ یَفِرُ وَفْرًا و فِرَةً لَهُ الْمَالَ : زیادہ کرنا۔ پورا کرنا — عِرْضَ فُلَانٍ : حفاظت کرنا اور گالی نہ دینا۔ کہا جاتا ہے "وَفِّرْهُ عِرْضَهٗ" جب کہ تم تعریف کرو اور عیب جوئی نہ کرو — عَطَاءَكَ : رضامندی کے ساتھ واپس کر دینا یا کم سمجھ کر واپس کرنا — الثَّوْبَ : کپڑے کو کشادہ قطع کرنا) — وَفْرًا و وُفُوْرًا و فِرَةً و وَفُرَ یَوْفُرُ وَفَارَةً) الْمَالُ او الْمَتَاعُ : مال یا سامان بکثرت ہونا۔
وَفَّرَ تَوْفِیْرًا الشَّیْءَ : زیادہ کرنا — لِفُلَانٍ عِرْضَهٗ : حفاظت کرنا۔ گالی نہ دینا — الْمَالَ : کمی نہ کرنا — حِصَّةً مِنَ الْمَالِ : باقی رکھنا۔ عَلَیْهِ حَقَّهٗ : پورا حق دینا — الثَّوْبَ : کپڑا کشادہ قطع کرنا — لِفُلَانٍ طَعَامَهٗ : پوری خوراک دینا — اللّٰهُ حَظَّهٗ مِنْ کَذَا : کامل کرنا۔
اَوْفَرَ فُلَانٌ الشَّیْءَ : زیادہ کرنا۔ بڑھانا۔ پورا کرنا۔
تَوَفَّرَ عَلٰی کَذَا : ہمّت صرف کرنا — عَلٰی صَاحِبِهٖ : حرمت و عزت کا پاس و لحاظ کرنا۔
تَوَافَرَ و اِتَّفَرَ الشَّیْءُ : زیادہ ہونا۔
اِسْتَوْفَرَ الشَّیْءَ : پورا کرنا — الْحَقَّ : پورا حق لینا۔
الوَفْر۔ مص۔ تونگری — مِنَ الْمَالِ او الْمَتَاعِ بہتات۔ کثرت۔ یا صرف مال و متاع ہی کے لیے نہیں بلکہ ہر چیز کیلئے عام ہے۔ ج وُفُوْرٌ۔
الوَفْرَة۔ اسم مرۃ۔ کثرت۔ بہتات۔ کانوں تک لٹکے ہوئے بال ج وِفَار۔
الوَافِر۔ فا۔ علم عروض کی ایک بحر۔
الوَافِرَة۔ وافر کا مؤنث۔ دنبہ کی بڑی چکّی۔
الاَوْفَر۔ کامل۔ تام۔ مکمل۔
الوَفْرَاء۔ بھرا ہوا۔ مَزَادَةٌ وَفْرَاءُ : پوری کھال والا توشہ دان۔ اُذُنٌ وَفْرَاءُ : بڑا کان۔ اَرْضٌ وَفْرَاءُ بہت گھاس و نباتات والی زمین۔
قَوْمٌ مُتَوَافِرُوْنَ۔ بہت لوگ۔
المُوَفَّر۔ مفع۔ الْمُوَفَّرُ الشَّعْرِ : بہت اور لمبے بالوں والا۔ اور کہا جاتا ہے "تَرَکْتُهٗ عَلٰی اَحْسَنِ مُوَفَّرٍ" میں نے اس کو اچھی حالت میں چھوڑا۔
المَوْفُوْر۔ مفع۔ مکمل چیز۔
اَوْفَزَهٗ اِیْفَازًا۔ جلدی کرانا۔
وَافَزَهٗ۔ جلدی کرنا۔
تَوَفَّزَ لِلْاَمْرِ : آمادہ ہونا۔ اور کہا جاتا ہے "اَخَذَ یَتَوَفَّزُ عَلٰی فِرَاشِهٖ" وہ بچھونے پر لوٹنے پوٹنے لگا۔
اِسْتَوْفَزَ اِسْتِیْفَازًا فِی قِعْدَتِهٖ : غیر مطمئن بیٹھنا اور اٹھنے کے لیے تیار رہنا۔
الوَفْز و الوَفَز۔ جلدی ج اَوْفَاز و وِفَاز۔ مَکَانٌ وَفْزٌ : بلند جگہ۔ کہا جاتا ہے "نَحْنُ عَلٰی وَفْزٍ او وِفَازٍ او اَوْفَازٍ" ہم جلدی میں ہیں یا سفر کیلئے تیار ہیں۔
اَوْفَضَ اِیْفَاضًا۔ تیز چلنا اور دوڑنا — هُ : دھتکارنا — الْاِبِلَ : اونٹوں کو جدا جدا کرنا — لِلرَّجُلِ : بیٹھنے کے لیے فرش بچھانا۔
اِسْتَوْفَضَ اِسْتِیْفَاضًا۔ تیز چلنا اور دوڑنا۔ — الْاِبِلُ : اونٹوں کا متفرق ہونا — جلدی کرانا۔ دھتکارنا۔ جلاوطن کرنا۔
الوَفْض و الوَفَض۔ مص۔ جلدی ج اَوْفَاض۔ الوِفَاض۔ چکی کے نیچے رکھنے کا چمڑا۔ وہ جگہ جہاں پانی ٹھہر جائے ج وُفُض۔
الوَفْضَة۔ اسم مرۃ۔ ترکش کے مانند چمڑے کا ایک برتن جس کا نچلا حصّہ ہموار ہوتا ہے، چرواہے کا تھیلا۔ اوپر کے ہونٹ پر مونچھوں کے درمیان کا گڑھا۔ ج وِفَاض۔
الاَوْفَاض۔ لوگوں کی مختلف جماعتیں۔
نَاقَةٌ اَو نَعَامَةٌ مِیْفَاضٌ : تیز رفتار اونٹنی یا شتر مرغ۔
الوَفْع۔ بلند عمارت یا بلند جگہ۔ ج اَوْفَاع۔
غُلَامٌ وَفَعٌ ج وِفْعَانٌ و وَفَعَةٌ و وَافِعَةٌ نوجوان لڑکا۔
الوَفِیْعَة۔ قلم صاف کرنے کا چیتھڑا۔ الوَفِیْعَة و الوَفْعَة۔ کھجور کے پتوں کی بنی ہوئی ٹوکری۔
الوَفِیْعَة و الوَفْعَة و الوِفَاع : شیشی کی ڈاٹ۔
وَفِقَ یَفِقُ وَفْقًا الْاَمْرَ : موافق پانا — الْاَمْرُ : موافق ہونا۔
وَفَّقَ الْاَمْرَ : موافق کرنا — هُ اللّٰهُ : درست کرنا — هُ اللّٰهُ لِلْخَیْرِ : الہام کرنا — بَیْنَ الْقَوْمِ اصلاح کرنا۔ وُفِّقْتُ لَهٗ : اس نے مجھے پالیا اُس نے مجھ سے ملاقات کی۔
وَافَقَهٗ وِفَاقًا و مُوَافَقَةً۔ پانا — هُ فِی او عَلَی الشَّیْءِ : موافق ہونا — بَیْنَ الشَّیْئَیْنِ دو چیزوں کو جوڑنا۔
اَوْفَقَ الْقَوْمُ لَهٗ : قریب ہونا اور سب کا متفق ہونا۔ اور کہا جاتا ہے "اُوْفِقَ لِزَیْدٍ لِقَاءُنَا" زید سے ہم لوگوں کی ملاقات اچانک ہوگئی۔
اَوْفَقَ السَّهْمَ و بِالسَّهْمِ : تیر چلانے کیلئے فوق کو تانت پر رکھنا (دیکھئے لفظ فوق) یہ اَفْوَقَ کا مقلوب ہے اور اصل کا استعمال بہت نادر ہے۔
تَوَفَّقَ۔ کوشش کامیاب ہونا۔ توفیق پانا۔
تَوَافَقَ الْقَوْمُ فِی الْاَمْرِ : ایک دوسرے کے موافق ہونا۔ ایک دوسرے کے قریب ہونا۔ ایک دوسرے کی مدد کرنا۔
اِتَّفَقَ الرَّجُلَانِ عَلَی الشَّیْءِ وَ فِیْهِ : اتفاق کرنا۔ قریب ہونا۔ متحد ہونا۔ اِتَّفَقَ مَعَهٗ : موافقت کرنا۔

الْاَمْرُ :واقع ہونا۔

اِسْتَوْفَقَ اِسْتِيفَاقًا اللّٰهَ :اللہ سے توفیق مانگنا۔

الْوَفْقُ۔ مص - دو چیزوں کی مطابقت۔ قدر کفایت۔ کہا جاتا ہے "كَسْبَهٗ وَفْقَ عِيَالِهٖ" اس کی کمائی اس کے اہل وعیال کے لیے کافی ہے کچھ بچتا نہیں۔ "وَجَاءَ الْقَوْمُ وَفْقًا" قوم اتفاق کر کے آئی "وَاَتَيْتُهٗ وَفْقَ طَلَعَتِ الشَّمْسُ" میں اس کے پاس طلوع آفتاب کے وقت آیا۔

التَّوْفِيْقُ۔ مص - تَوْفِيْقُ الْهِلَالِ و تَوَفَاقُهٗ و تَيْفَاقُهٗ و تِيْفَاقُهٗ و تَوَفُّقُهٗ و مِيْفَاقُهٗ : نئے چاند کے نکلنے کا وقت۔

الْوَفِيْقُ۔ ہمراہی۔ ساتھی۔

الْمُوَفِّقُ۔ مص۔ کہا جاتا ہے "اِنَّ فُلَانًا مُوَفَّقٌ" فلاں نیک آدمی ہے۔

وَفَلَ يَفِلُ وَفْلًا الشَّيْءَ :چھیلنا۔

وَفَّلَ تَوْفِيْلًا الشَّيْءَ :زیادہ کرنا۔ بڑھانا۔ چھیلنا۔

الْوَفْلُ۔ مص۔ تھوڑی چیز۔

تَوَفَّنَ الشَّيْءُ :کم ہونا۔

الْوَفْنَةُ۔ کمی۔

وَفَهَ يَفِهُ وَفْهًا النَّصْرَانِيُّ :خادم گرجا ہونا۔

الْوَافِهُ۔ گرجا کا ناظم ونگران۔ سرپنچ۔

الْوِفَاهَةُ۔ گرجا کے ناظم کی تنخواہ۔

الْوَفْهِيَّةُ۔ گرجا کے ناظم کا رتبہ۔

وَفَى يَفِي وَفَاءً بِالْوَعْدِ او الْعَهْدِ : پورا کرنا۔ محافظت کرنا — النَّذْرَ : نذر پوری کرنا — الشَّيْءَ : طویل ہونا اور اسی سے ہے "مَاتَ فُلَانٌ وَاَنْتَ بِوَفَاءٍ" فلاں مرگیا اور تیری عمر دراز ہو — رِيْشُ الْجَنَاحِ : بازو کے پروں کا پورا ہونا (— وُفِيًّا) الشَّيْءُ : کامل ہونا اور بہت ہونا — الدِّرْهَمُ الْمِثْقَالَ : برابر ہونا۔ ہم وزن ہونا۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا الشَّيْءُ لَا يَفِي بِذَالِكَ" یہ چیز اُس کے برابر نہیں ہے۔

وَفَّى تَوْفِيَةً الرَّجُلَ حَقَّهٗ : پورا حق دینا۔

اَوْفَى اِيْفَاءً بِالْوَعْدِ : پورا کرنا — النَّذْرَ نذر پوری کرنا — الْكَيْلَ : پورا ناپنا — فُلَانًا حَقَّهٗ : پورا حق دینا — الْمَكَانَ : آنا — عَلَى الْمَكَانِ : اوپر سے جھانکنا — عَلَى الْمِائَةِ : سو سے زائد ہونا — عَلَى الشَّيْءِ و فِي الشَّيْءِ : اوپر سے جھانکنا۔

وَافَى مُوَافَاةً فُلَانًا حَقَّهٗ : پورا حق دینا — الرَّجُلَ : آنا۔ اچانک آنا۔ وَافَاهُ الْحِمَامُ او الْكِتَابُ :موت کا آنا یا خط کا آنا۔

تَوَافَى تَوَافِيًا الْقَوْمُ :ساری قوم کا آنا۔

تَوَفَّى تَوَفِّيًا۔ پورا ہونا — حَقَّهٗ : پورا حق لینا۔ کہا جاتا ہے "تَوَفَّيْتُ مِنْ فُلَانٍ مَالِيْ عَلَيْهِ" جو کچھ میرا حق فلاں پر تھا اس کو میں نے پورا لے لیا — الْمُدَّةَ : مدت کو پہنچنا — الشَّيْءَ : کامل بنانا — عَدَدَ الْقَوْمِ : پورا شمار کرنا۔ تَوَفَّاهُ اللّٰهُ موت دینا۔ تُوُفِّيَ فُلَانٌ : فلاں مرگیا۔ اللہ کو مُتَوَفِّي اور بندے کو مُتَوَفّٰى کہیں گے۔

اِسْتَوْفَى اِسْتِيفَاءً حَقَّهٗ : کامل و پورا حق لینا۔

الْوَفَاءُ۔ مص۔ کہا جاتا ہے "مَاتَ عَنْ وَفَاءٍ" وہ مر گیا اور حقوق واجبہ کے پورا کرنے کے لائق مال چھوڑ گیا "وَمَاتَ وَاَنْتَ بِوَفَاءٍ" وہ مرگیا اور تیری عمر دراز ہو۔

الْوَفَى و الْمِيْفَى و الْمِيْفَاةُ۔ زمین کا بلند حصہ۔ الْمِيْفَى :تنور کا ڈھکنا۔ اینٹوں کے پکانے کا آوا۔

الْوَفَاةُ۔ موت۔ ج وَفَيَات۔

الْوَفِيُّ۔ پورا۔ کامل۔ بہت وفا کرنے والا۔ حق دینے والا۔ حق لینے والا۔ ج اَوْفِيَاء۔

الْوَافِي۔ فا۔ مؤنث وَافِيَةٌ۔ ایک درہم اور چار دانق — عِنْدَ الشُّعَرَاءِ : وہ شعر جس کے اجزاء پورے ہوں۔

الْمِيْفَاءُ۔ وفا کرنے والا۔

وَقَبَ يَقِبُ وَقْبًا الرَّجُلُ : متوجہ ہونا۔ آنا۔ گڑھے میں داخل ہونا۔

وَقَبَتْ وَقْبًا و وُقُوْبًا الشَّمْسُ : آفتاب کا غروب ہونا — الظَّلَامُ : تاریکی پھیلنا — الْقَمَرُ : چاند کا گہن میں آنا — الرَّجُلُ : دھنسی ہوئی آنکھوں والا ہونا — عَيْنَاهُ : آنکھوں کا دھنس جانا۔

اَوْقَبَ اِيْقَابًا۔ بھوکا ہونا — الشَّيْءَ : پتھر کے گڑھے میں داخل کرنا — النَّخْلُ : درخت خرما کے گچھوں کا بدبودار ہونا۔

الْوَقْبُ۔ مص - پتھر کا گڑھا جس میں پانی جمع ہو جائے۔ روشن دان۔ جسم کا ہر گڑھا۔ جیسے آنکھ کا ج وُقُوْب و وِقَاب۔ الْوَقْبُ : بیوقوف۔ کمینہ ج اَوْقَاب۔ الْاَوْقَاب : گھر کا سامان۔

الْوَقْبَانُ۔ بیوقوف۔ ج وَقْبَى۔

الْوَقْبَةُ۔ پتھر کی چٹان یا جسم میں گڑھا۔ بڑا روشن دان جس میں سایہ ہو۔ ثرید وغیرہ سے جو ٹپکے۔

رَكِيَّةٌ وَقْبَاءُ۔ گہرے پانی کا کنواں۔

الْقِبَةُ۔ اوجھ کا وہ حصہ جو پرت پرت ہوتا ہے۔

الْوَقِبِيُّ۔ بیوقوفوں کی صحبت کا حریص۔

الْمِيْقَبُ۔ کوڑی۔

الْمِيْقَابُ۔ بہت شراب پینے والا۔ اور کہا جاتا ہے "اِنَّهُمْ يَسِيْرُوْنَ سَيْرَ الْمِيْقَابِ" وہ لوگ دن رات لگاتار سفر کرتے ہیں۔

وَقَتَ يَقِتُ وَقْتًا الْاَمْرَ :وقت مقرر کرنا۔

وَقَّتَ الْاَمْرَ : وقت مقرر کرنا۔ کام کی مدت بیان کرنا۔ اور کہا جاتا ہے "وَقَّتَ الْاَمْرَ لِيَوْمِ كَذَا" اُس نے کام فلاں دن کے لیے مقرر کیا۔

الْوَقْتُ۔ مص - زمانہ کی مقدار ج اَوْقَات اَوْقَاتُ السَّنَةِ : سال کی فصلیں۔ وَقْتٌ مَوْقُوْتٌ و مُوَقَّتٌ :مقرر کردہ وقت۔

الْمَوْقِتُ۔ تعیین۔ تعیین کا زمانہ۔ تعیین کی جگہ۔

الْمِيْقَاتُ۔ وقت۔ وعدہ جس کے لیے وقت مقرر کیا گیا ہو۔ اور کبھی اس مقام کیلئے بھی استعارہ کیا جاتا ہے جس میں اجتماع کے لیے وقت مقرر کیا گیا ہو۔ ج مَوَاقِيْت۔

الْمُوَقِّتُ۔ اوقات اور چاند کا اندازہ رکھنے والا۔

وَقَحَ يَقِحُ قِحَةً و قَحَةً و وَقِحَ يَوْقَحُ وَقَحًا وَقُحَ يَوْقُحُ وَقَاحَةً و وُقُوْحَةً۔ بے حیا ہونا۔ بے شرم ہونا۔ قبیح افعال پر جری ہونا۔ صفت وَقِحٌ — حَافِرُ الدَّابَّةِ : چوپایہ کے کھر کا سخت ہونا۔

وَقَّحَ الْحَوْضَ : حوض کو مٹی اور پتھر سے درست کرنا — حَافِرَ الدَّابَّةِ : پگھلی ہوئی چربی لگا کر چوپایہ کے کھر کو سخت کرنا۔

اَوْقَحَ و اِسْتَوْقَحَ الْحَافِرُ : کھر کا سخت ہونا۔

تَوَاقَحَ۔ بے حیائی ظاہر کرنا۔

الْوَقَاحُ (مذکر و مؤنث) بے شرم ج وُقُحٌ و وُقْحٌ۔ حَافِرٌ وَقَاحٌ : سخت کھر۔

رَجُلٌ وَقِيْحُ الْوَجْهِ : بے شرم مرد۔

الْمُوَقَّحُ۔ مفع۔ مبتلائے مصائب۔ بَعِيْرٌ مُوَقَّحٌ :

کام کی وجہ سے تھکا ہوا اونٹ۔

وَقَدَ يَقِدُ وَقْدًا و وَقَدًا و وُقُوْدًا و وَقَدَانًا و قِدَةً و اِتَّقَدَ۔ روشن ہونا — النَّارُ : آگ جلنا۔ بھڑکنا۔ مشتعل ہونا۔ کہا جاتا ہے "وَقَدَتْ بِكَ زَنَادِيْ" تیری وجہ سے میری چقماق نے آگ دی۔ یعنی تیری وجہ سے میری کامیابی ہوئی۔ وَقَّدَ وَ اَوْقَدَ و تَوَقَّدَ و اِسْتَوْقَدَ۔ النَّارَ۔ آگ بھڑکانا۔ مشتعل کرنا۔ تَوَقَّدَتِ النَّارُ و اِسْتَوْقَدَتْ آگ بھڑکنا۔ تَوَقَّدَ الْكَوْكَبُ : ستارہ کا روشن ہونا۔ چمکنا۔ کہا جاتا ہے اَبْعَدَ اللّٰهُ دَارَهٗ وَ اَوْقَدَ نَارًا اَثَرَهٗ اللہ اس کے گھر کو دور کردے اور آگ میں اس کے اثر کو جلادے یعنی اس کو واپس نہ کرے۔

الوَقْدُ و الوَقَدُ۔ مص۔ آگ۔

الوَقْدَةُ۔ وَقَدَ کا اسم مرۃ۔ سخت گرمی کا زمانہ کہ دس دن یا نصف مہینہ ہے۔

القِدَةُ۔ مص۔ جس کی تم پیروی کرو۔ اس معنی کے لحاظ سے اس کی اصل قِدْوٌ ہے تا واؤ کے بدلہ میں ہے۔

الوِقَادُ و الوَقِيدُ و الوَقُوْدُ۔ ایندھن جس سے آگ سلگائی جائے۔

الوَقَّادُ۔ اسم مبالغہ۔ كَوْكَبٌ وَقَّادٌ : بہت روشن ستارہ۔ رَجُلٌ وَقَّادٌ۔ تیز طبع روشن خاطر مرد۔

المَوْقِدُ ج مَوَاقِدُ و المُسْتَوْقَدُ : چولہا۔ زَنْدٌ مِيْقَادٌ۔ جلدی روشن ہونے والا چقماق۔

المُتَوَقِّدُ۔ فا۔ روشن۔ تیز طبع۔

وَقَذَهٗ يَقِذُهٗ وَقْذًا۔ پچھاڑنا۔ مہلک ضرب لگانا۔ صفت مفعول وَقِيْذٌ و مَوْقُوْذٌ — هُ النُّعَاسُ : غلبۂ نیند کی وجہ سے متوالا ہونا (— وَ اَوْقَذَ) فُلَانًا : بیمار چھوڑنا۔

الوَقِيْذُ۔ مہلک بیماری میں مبتلا۔ بوجھل سست۔ وَقِيْذُ الْجَوَانِحِ : غمگین دل والا۔ مؤنث وَقِيْذَةٌ ج وَقَائِذُ۔ الوَقَائِذُ : بجھے ہوئے پتھر۔

المَوْقِذُ۔ بدن کے اطراف۔ جیسے ٹخنہ۔ گھٹنا۔ کندھا۔ ج مَوَاقِذُ۔

وَقَرَ يَقِرُ وَقْرًا العَظْمَ : ہڈی کا پھاڑنا۔ وُقِرَ الْعَظْمُ : ہڈی کا پھٹنا۔ صفت مفعول مَوْقُوْرٌ و وَقِيْرٌ (— قِرَةً و وَقَارَةً و وَقْرًا و وُقِرَ يُوْقَرُ وَ قَارَةً و وَقَارًا) الرَّجُلُ : سنجیدہ و صاحب وقار ہونا۔ ثابت رہنا۔ وَقِرَ يَقِرُ وَقْرًا و وُقُوْرًا و قِرَةً فِيْ بَيْتِهٖ : وقار کے ساتھ بیٹھنا۔ وَقِرَتْ تَقِرُ و وَقِرَتْ تَوْقَرُ وَقْرًا و وُقِرَتْ اُذُنُهٗ : بوجھل ہونا یا بہرا ہونا۔ صفت مَوْقُوْرَةٌ۔

وَقَّرَ الشَّيْخَ : تعظیم کرنا — فُلَانًا : زخمی کرنا — الدَّابَّةَ : آرام دینا — لِلشَّيْئِ : نشان بنانا۔ کہا جاتا ہے "وَقَّرَتْنِي الْاَسْفَارُ" سفر نے مجھ کو مشتاق بنادیا۔

اَوْقَرَ اِيْقَارًا و قِرَةً (شاذ) الدَّابَّةَ : چوپایہ پر بھاری بوجھ لادنا۔ اَوْقَرَتِ النَّخْلَةُ و اُوْقِرَتْ سُت پھل دار ہونا۔ صفت مُوْقِرٌ و مُوْقِرَةٌ و مُوْقَرَةٌ الدَّيْنُ فُلَانًا : قرض کا گراں بار کرنا۔

تَوَقَّرَ و اِتَّقَرَ۔ باوقار ہونا۔ بردبار ہونا۔

اِسْتَوْقَرَتْ اِسْتِيْقَارًا الْاِبِلُ : اونٹ کا موٹا ہونا۔ بھاری بوجھ اٹھانا۔ اِسْتَوْقَرَ وَقْرَهٗ طَعَامًا : بوجھ بھر کھانا لینا۔

الوَقْرُ۔ مص۔ پنڈلی کا شگاف۔ پتھر یا ہڈی وغیرہ میں گڑھا یا شگاف۔ ج وُقُوْرٌ۔ کہا جاتا ہے "فِيْ صَدْرِهٖ وَقْرٌ" اس کے دل میں کینہ ہے۔

الوِقْرُ۔ بھاری بوجھ۔ پانی سے بوجھل بادل ج اَوْقَارٌ۔

الوَقْرَةُ۔ اسم مرۃ۔ پتھر یا ہڈی کا گڑھا یا شگاف۔ وَقْرَةُ الدَّهْرِ : زمانہ کی سختی ج وَقَرَاتٌ الوَقَرَاتُ : نشانیاں۔

القِرَةُ۔ مص۔ بوجھ۔ بکریوں کا ریوڑ۔ اہل و عیال۔ بہت بوڑھا۔ بیماری کا وقت۔ ج قِرَاتٌ۔

الوَقْرِيُّ۔ بکری بھیڑوں کا چرواہا۔ یا ان کا جمع کرنے والا۔ گدھوں کا مالک۔

الوَقَارُ۔ سنجیدگی۔ بردباری۔ عظمت (— و الوَقُوْرُ) مِنَ الرِّجَالِ : سنجیدہ و صاحب وقار مرد۔

الوَقُوْرُ (مذکر و مؤنث) صاحب وقار۔ ج وُقُرٌ۔

الوَقِيْرُ۔ پھٹی ہوئی ہڈی۔ بھیڑوں کا ریوڑ۔ لوگوں کی جماعت۔ ذلیل بے عزت (— و الوَقِيْرَةُ) پتھر کی چٹان کا بڑا گڑھا جس میں پانی جمع ہو جائے اُذُنٌ وَقِيْرَةٌ : بہرا کان یا بوجھل کان۔

المُوَقَّرُ۔ مفع۔ تجربہ کار۔ عقل مند جس کو زمانہ نے تجربہ کار بنادیا ہو۔

المُوَقَّرُ۔ پہاڑ کے پہلو میں نرم جگہ۔

المِيْقَارُ مِنَ النَّخْلِ : بہت پھل دار ج مَوَاقِيْرُ۔

وَقَسَ يَقِسُ وَقْسًا الْجَرَبُ فِيْ بَدَنِهٖ : کھجلی پھیلنا — الفَاحِشَةَ : بری بات کا ذکر کرنا — هُ بِالْمَكْرُوْهِ : تہمت لگانا — الجِلْدَ : کھال چھیلنا۔ وُقِسَ الْاِبِلُ : کھجلی لگانا۔

الْاَوْقَاسُ۔ مختلف لوگوں کی جماعت۔

وَقَشَ يَقِشُ وَقْشًا الرَّسْمَ : نشان کاٹنا — مِنْ فُلَانٍ : عطیہ پانا (— وَ اَوْقَشَ لَهٗ بِشَيْئٍ) کچھ تھوڑا سا دینا۔

تَوَقَّشَ۔ ہلنا۔

الوَقْشُ و الوَقْشَةُ و الوَقَشَةُ۔ آواز۔ حرکت۔

الوَقْشُ : عیب۔

الوَقْشُ و الوَقَشُ۔ آگ سلگانے کیلئے چھوٹی چھوٹی لکڑیاں۔

الْاَوْقَاشُ۔ مختلف قسم کے لوگوں کا گروہ۔

وَقَصَ يَقِصُ وَقْصًا عُنُقَهٗ : گردن توڑ دینا وَقَصَتِ الْعُنُقُ : گردن کا ٹوٹ جانا — بِهِ الدَّابَّةُ : گرا کر گردن توڑنا۔ وَقَصَ الشَّيْئَ : عیب لگانا۔ گھٹانا — رَاْسَهٗ : نیچے سے دبانا۔

وُقِصَ الرَّجُلُ : ٹوٹی ہوئی گردن والا ہونا۔ صفت مَوْقُوْصٌ۔

وَقِصَ يَوْقَصُ وَقَصًا پیدائشی چھوٹی گردن والا ہونا۔ صفت اَوْقَصُ مؤنث وَقْصَاءُ ج وُقْصٌ اور کبھی گردن کی صفت میں بھی استعمال ہوتا ہے۔ کہا جاتا ہے "عُنُقٌ اَوْقَصُ و عُنُقٌ وَقْصَاءُ"

وَقَّصَ عُنُقَهٗ : گردن توڑ دینا — عَلَى النَّارِ : چھوٹی چھوٹی لکڑیاں ڈالنا۔

اَوْقَصَهٗ۔ اَوْقَصُ بنادینا (دیکھئے اَوْقَص)

تَوَقَّصَ الْبَعِيْرُ : اونٹ کا چلنے میں زور سے قدم ڈالنا۔

تَوَاقَصَ۔ کوتاہ گردن کی مشابہت کرنا۔

الوَقْصُ۔ مص۔ عیب — فِي الْعَرُوْضِ : علم عروض کی اصطلاح میں حرف ثانی متحرک کا گرا دینا جو زحاف کی ایک قسم ہے۔

الوَقَصُ۔ مص۔ آگ سلگانے کی چھوٹی چھوٹی

لکڑیاں ج اَوْقَاص۔ کہا جاتا ہے "اَتَانَا اَوْقَاصٌ مِنْ بَنِیْ فُلاَنٍ" ہمارے پاس بنو فلاں کے قبائل کے کچھ لوگ آئے۔

الوَقَّاص۔ پرندوں کے شکار کا جال۔ ج وَقَاصِیْص۔ کہا جاتا ہے "خُذْاَ وُقْصَ الطَّرِیْقَیْنِ" دو راستوں میں سے قریب کا راستہ اختیار کرو۔

الوَقِیْصَة۔ گردن کی جڑ کی ہڈی کا سرا۔ ج وَقَائِص۔

المَوْقُوْص۔ مفع — فِیْ الْعَرُوْضِ: اصطلاح شعراء میں وہ وزن جس میں حرف ثانی متحرک گرا دیا گیا ہو۔

وَقَظَهٗ یَقِظُهٗ وَقْظًا پچھاڑنا۔ مار کر کے ست کر دینا۔ وُقِظَ فِیْ رَاسِهٖ: بوجھ محسوس کرنا۔ کہا جاتا ہے "اَكَلْتُ طَعَامًا وَقَظَنِیْ" میں نے کھانا کھایا اور اس نے مجھے ست بنا دیا اور سلا دیا۔

وَقَّظَ الصَّخْرُ: چٹان کا گڑھے والا ہونا۔

اِسْتَوْقَظَ اِسْتِیْقَاظًا الْمَكَانُ: لوگوں یا جانوروں کے روندنے کی وجہ سے گڑھے والی ہونا۔

الوَقْظ و الوَقِیْظَةُ۔ گڑھا جس میں بارش کا پانی جمع ہو جائے ج اَوْقَاظ۔

الوَقِیْظ۔ گڑھا جس میں بارش کا پانی جمع ہو جائے ج وِقَاظ و وِقطان و اِقَاظ — مار یا مرض یا شکم سیری کی وجہ سے ست۔ بے خوابی کی وجہ سے کسل مند ج وَقْظی و وقَاظی مؤنث وقیظ (مذکر کی مانند)

وَقَظَهٗ یَقِظُهٗ وَقْظًا۔ مہلک ضرب مارنا۔ وَقَظَ عَلَی الْاَمْرِ: ہمیشگی کرنا۔

الوَقِیْظ۔ وہ شخص جو اُٹھنے پر قادر نہ ہو۔

وَقَعَ یَقَعُ وُقُوْعًا الشَّیْئُ مِنْ یَدِیْ: گرنا۔ الحَقُّ: ثابت ہونا — الْقَوْلُ عَلَیْهِمْ: واجب ہونا — الْاِبِلُ: اونٹ کا بیٹھنا — الدَّوَابُّ: جانوروں کا بیٹھنا — رَبِیْعٌ بِالْاَرْضِ: موسم خریف میں پہلی بار بارش ہونا اور اس کے لیے سَقَطَ کا لفظ نہیں بولا جاتا — الطَّیْرُ عَلٰی شَجَرٍ او اَرْضٍ: پرندہ کا درخت یا زمین پر اُترنا۔ صفت وُقُوْع و وُقَّع — فِی الشَّرَكِ: جال میں پھنسنا — فِیْ اَرْضٍ فُلاَةٍ: داخل ہونا — الرَّجُلُ فِیْ عَمَلِهٖ: کام میں نرمی اختیار کرنا — فِی الْعَمَلِ شروع کرنا — الكَلاَمُ فِیْ نَفْسِهٖ: اثر کرنا — الْاَمْرُ: حاصل ہونا۔ کہا جاتا ہے "وَقَعَ لَهٗ وَاقِعٌ" اس کو ایک حادثہ پیش آیا (— وُقُوْعًا و وَقِیْعَةً) فِیْ فُلاَنٍ: گالی دینا۔ عیب نکالنا۔ غیبت کرنا۔ (— وَقْعًا) اِلٰی كَذَا: جلدی جانا — مِنْ كَذَا و عَنْ كَذَا: باز رہنا۔ الگ ہونا — النَّصْلَ بِالمِیْقَعَةِ: تیز کرنا۔ صفت مفعولی وَقِیْعٌ — الْبَعِیْرَ: دونوں رانوں کے کناروں پر گول داغ لگانا (— وَقْعًا و وَقْعَةً) بِالْعَدُوِّ: دشمن کے مقاتلہ میں مبالغہ کرنا اور کہا جاتا ہے "وَقَعَ عِنْدَ فُلاَنٍ مَوْقَعًا حَسَنًا" اس نے فلاں کے نزدیک حصہ اور مرتبہ پایا "و وَقَعَ الْاَمْرُ مِنْهُ مَوْقَعًا حَسَنًا او سَیِّئًا" اس سے کام اچھے یا برے موقع میں واقع ہوا۔ "وفُلاَنٌ لَیَسِفُّ وَلاَ یَقَعُ" فلاں کام کے قریب ہوتا ہے اور عمل نہیں کرتا "وَهٰذِهٖ نَعْلٌ لاَ تَقَعُ عَلٰی رِجْلِیْ" یہ جوتا میرے پیر کے مناسب نہیں۔

وُقِعَ فِیْ یَدِهٖ: نادم و پشیمان ہونا (مانند سُقِطَ فِیْ یَدِهٖ کے)

وَقِعَ یَوْقَعُ وَقَعًا۔ ننگے پیر ہونا۔ سخت زمین یا پتھروں کی وجہ سے قدم کا دردمند ہونا۔ صفت وَقِعٌ۔

وَقَّعَ الْوَبْرُ ظَهْرَ الْبَعِیْرِ: نشان ڈالنا — المَطَرُ الْاَرْضَ: کہیں کہیں اگانا — العَهْدَ او الفَرْمَانَ: شاہی مہر لگانا — الْكِتَابَ او الصِكَّ خط یا چیک پر دستخط کرنا — الكَاتِبُ فِی الْكِتَابِ زوائد کو حذف کر دینا — الْاِبِلُ: اونٹ کا بیٹھنا — وَقَّعَ ظَنَّهٗ عَلَی الشَّیْئِ: اندازہ کرنا — عَلٰی فُلاَنٍ: گمان کرنا — الصَّیْقَلُ عَلَی السَّیْفِ تیز کرنے کے لیے متوجہ ہونا — الحِجَارَةُ حَافِرَةً: کھر کے سرے کو ٹکڑے ٹکڑے کر دینا — القَوْمُ: آخر رات میں آرام لینے کے لیے اُتر پڑنا۔

وَاقَعَهٗ وِقَاعًا و مُوَاقَعَةً۔ جنگ کرنا۔ وَاقَعَ الْاُمُوْرَ: امور کے قریب ہونا اور ان کو سرانجام دینا۔

اَوْقَعَهٗ اِیْقَاعًا۔ واقع کرنا۔ اَوْقَعَ بِالْعَدُوِّ: دشمن کے مقابلہ میں مبالغہ کرنا — بِهِ الشَّرَّ: بدی میں پھنسا دینا — الدَّهْرُ بِهٖ: زمانہ کا سختیاں ڈالنا — الرَّوْضَةُ: پانی روک لینا — المُغَنِّی: سُر ٹھیک کرنا۔

تَوَقَّعَ الْاَمْرَ: حاصل ہونے کی امید لگانا۔

تَوَاقَعَ الاَعْدَاءُ: دشمنوں کا باہم جنگ کرنا۔ ایک دوسرے پر حملہ کرنا۔

اِسْتَوْقَعَ الْاَمْرَ: حاصل ہونے کی امید رکھنا۔ خوف کھانا — السَّیْفُ: تلوار کا تیز کرنے کے قابل ہونا۔

الوَقْعُ۔ مص۔ کسی چیز کی ضرب کی آواز۔ تم کہتے ہو "سَمِعْتُ وَقْعَ حَافِرِ الدَّابَّةِ و وَقْعَ الْمَطَرِ" میں نے چوپایہ کے کھر کی اور بارش کی آواز سنی۔ پہاڑ کی بلند جگہ۔ بارش کی امید دلانے والے بادل۔ چھوٹی کنکریاں واحد وَقْعَةٌ۔ کہا جاتا ہے "لِفُلاَنٍ وَقْعٌ عِنْدَ الْاَمِیْرِ" امیر کے نزدیک فلاں کی قدر و منزلت ہے۔

الوَقَع۔ مص۔ چھوٹی کنکریاں واحد وَقَعَةٌ۔

الوَقِع۔ بارش کی امید دلانے والا بادل۔

الوَقْعَة۔ وقع کا اسم مرۃ۔ لڑائی کی دھکا پیل۔ آخری رات کی نیند۔ دن میں ایک بار کی قضاء حاجت۔ وَقَعَ الطَّائِرُ سے اسم جب کہ وہ اُڑتے اُڑتے نیچے اُترے۔ وَقْعَةُ السَّیْفِ: تلوار کا پڑنا۔ ج وَقَعَات۔

الوِقْعَة۔ وقع کا اسم نوع۔

التَّوْقِیْع۔ مص۔ کسی چیز کا وہم و گمان کرنا۔ آخر رات میں اُترنا۔ کتاب سے فراغت کے بعد ضمیمہ لگانا۔ تَوْقِیْعُ السُّلْطَانِ: شاہی مہر۔ ج تَوَاقِیْع۔

الْاِیْقَاع۔ مص۔ سروں کی موزونیت۔

الوَاقِع۔ فا۔ طَائِرٌ وَاقِعٌ: درخت پر یا گھونسلے میں رہنے والا پرندہ ج وُقَّعٌ و وُقُوْعٌ کہا جاتا ہے رَجُلٌ وَاقِعُ الطَّیْرِ: نرم طبیعت مرد۔ النَّسْرُ الْوَاقِعِ: بنات النعش کے قریب ایک ستارہ۔

الوَاقِعَة۔ وَاقِع کا مؤنث۔ لڑائی کی دھکا پیل۔ مصائب زمانہ میں سے ایک مصیبت۔ قیامت رَجُلٌ وَاقِعَةٌ۔ بہادر مرد۔

وَقَّاع- بروزن قَطَّام- دونوں رانوں کے کناروں پر گول داغ-
الوَقَاعَة- زمین کی سختی جس کی وجہ سے پانی جذب نہ ہوسکے-
وِقَاعَةُ السِّتْرِ: پردہ لٹکانے میں زمین پر پڑنے کی جگہ-
الوَقِيع- تیز کیا ہوا پھل- پتھروں سے رگڑ کھایا ہوا کھر- سخت جگہ جو پانی کو جذب نہ کرے ج وُقُع-
الوَقِيعَة- لڑائی اور مقاتلہ کا تصادم- لوگوں کی غیبت- گڑھا جس میں پانی جمع ہوجائے ج وِقَاعٌ و وَقَائِع- وَقِيعَةُ الطَّائِرِ: وہ جگہ جہاں پرندہ کے اُترنے کی عادت ہو- وَقَائِعُ الْعَرَب: عرب کی لڑائیاں-
الوَقَّاع و الوَقَّاعَة- لوگوں کی غیبت کرنے والا-
المَوْقِع- گرنے کی جگہ ج مَوَاقِع- مَوَاقِعُ الْقَطْرِ: بارش ہونے کی جگہ- مَوَاقِعُ الْقِتَالِ: جنگ کی جگہ-
مَوْقَعَةُ الطَّائِرِ: پرندے کے اُترنے کی جگہ ج مَوَاقِع-
المِيْقَعَة- ہتھوڑا- دھوبی کا تختہ جس پر کپڑے دھوتا ہے- چھری وغیرہ پر سان رکھنے کا لمبا پتھر- مِيْقَعَةُ الطَّائِرِ: پرندے کے اُترنے کی جگہ اور اس کی اُلفت کی جگہ ج مَوَاقِع-
المُوَقِّع- فا- آہستہ قدم رکھنے والا- مہر شاہی کا محافظ- شاہی فرمان لکھنے والا-
المُوَقَّع- مفع- مصائب زدہ- رہ چلتا راستہ- تیز کی ہوئی چھری-
المَوْقُوْع- مفع- پتھروں سے رگڑ کھاکر ٹکڑے ٹکڑے ہونے والا- قَدَمٌ مَوْقُوْعَةٌ: سخت قدم-
وَقَفَ يَقِفُ وَقْفًا و وُقُوْفًا- ٹھہرنا- چپ چاپ کھڑا ہونا — فِي الْمَسْاَلَةِ: شک کرنا القَارِئُ عَلَى الْكَلِمَةِ: وقف پڑھنا- کلمہ کے آخری حرف کو ساکن پڑھنا- وَقَفَ عَلَى الْاَمْرِ سمجھنا- مطلع ہونا(— وَقْفًا) الدَّابَّةَ: ٹھہرانا کھڑا کرنا — ہٗ عَنِ الشَّئِ: منع کرنا — الدَّارَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ: وقف کرنا- کہا جاتا ہے "وَقَفَهَا لَهٗ عَلَيْهِ" اس نے اس کو اس کے لیے وقف کیا "وَقَفَ الْاَمْرَ عَلٰى حُضُوْرِ فُلَانٍ" اس نے معاملہ کو فلاں کی موجودگی پر ملتوی کیا — ہٗ عَلَى الذَّنْبِ خبردار کرنا — القِدْرَ بِالْمِيْقَافِ: ہانڈی کے جوش کو ڈوئی سے کم کرنا — عَلَيْهِ: معائنہ کرنا(— وِقِيْفٰى) النَّصْرَانِيُّ: گرجا کی خدمت کرنا-
وَقَّفَهٗ- کھڑا کرنا — التُّرْسَ: ڈھال کے گرد اگر د لوہے وغیرہ کا حلقہ بنانا — المَرْاَةَ عورت کو کنگن پہنانا — السَّرْجَ: زین کی اس طرح مرمت کرنا کہ پیٹھ کو زخمی نہ کرے- الْحَدِيْثَ: بیان کرنا — الْقَارِئَ: وقف کے مواقع بتانا — الجَيْشَ: ایک دوسرے کے پیچھے کھڑا ہونا- وَقَّفَتِ المَرْاَةُ يَدَيْهَا بِالحِنَّاءِ عورت کا ہاتھوں کو نقطے دار رنگنا- وَقَّفَ الدَّابَّةَ: ٹھہرانا- کھڑا کرنا — فُلَانًا عَلٰى ذَنْبِهٖ: خبردار کرنا-
وَاقَفَهٗ مُوَاقَفَةً و وِقَافًا فِى الْحَرْبِ او الْخُصُوْمَةِ: ایک دوسرے کے مقابل کھڑا ہونا- — ہٗ عَلٰى كَذَا: ثابت قدم رہنے کو کہنا-
اَوْقَفَهٗ- کھڑا کرنا- اَوْقَفَ الدَّارَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ: وقف کرنا — الجَارِيَةَ: لڑکی کو کنگن پہنانا — عَنِ الْاَمْرِ: باز رہنا اور چھوڑ دینا-
تَوَقَّفَ فِي الْمَكَانِ: ٹھہرنا — عَلَى الْاَمْرِ: قائم ودائم رہنا — عَنْ كَذَا: رکنا- باز رہنا-
تَوَاقَفَ الْقَوْمُ فِي الْحَرْبِ: ایک دوسرے کے مقابل کھڑا ہونا-
اِسْتَوْقَفَهٗ- کھڑا ہونے کو کہنا-
